المنجد
عربی---اردو
مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

عربی اور اردو کی جامع ترین لغت

مرتب:

لوئیس معلوف

ترجمہ

مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

تکمیل و نظر ثانی:

قاری عبدالستار

فاضل مدینہ یونیورسٹی

تقدیم:

محمد اسحاق بھٹی

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

خوبصورت اور معیاری مطبوعات

کتاب و سنت

کی

نشر و اشاعت

کے لیے

کوشاں

اشاعت —— 2009

اهتمام طباعت

ابوبکر قدوسی

قدوسیہ اسلامک پریس

Ph: 42-37351124 , 37230585
E-mail: *maktaba_quddusia@yahoo.com*
Website: www.quddusia.com

رحمان مارکیٹ ⊙ غزنی سٹریٹ ⊙ اردو بازار ⊙ لاہور پاکستان

حرفِ چند

آج سے تقریباً ۳۵ سال قبل جب والد محترم حضرت مولانا عبدالخالق قدوسی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتبہ قدوسیہ کا آغاز کیا تو اس کی بنیاد عربی کتب کے کاروبار سے رکھی۔ انہوں نے محدود پیمانے پر عربی کتب کی خرید وفروخت شروع کی اور ان کی شہادت (۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء) تک الحمدللہ مکتبہ قدوسیہ پورے پاکستان میں عربی کتب کی فراہمی اور طباعت کا ایک اہم ادارہ بن چکا تھا۔ عربی کی نادر ونایاب کتب کے حصول کے لیے شائقین دور دراز سے تشریف لاتے۔ اسی طرح طباعت کے میدان میں بھی مکتبہ قدوسیہ نے عربی کی کئی ایک بلند پایہ کتب شائع کیں۔ عربی زبان وادب کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ کچھ عرصہ قبل مصباح اللغات بہت عمدہ معیار پر اور خوبصورت کمپوزنگ کے ساتھ شائع کی گئی' جب کہ چار جلدوں پر مشتمل ایک بہت اہم کتاب ''تاریخ ادب عربی'' بھی جلد شائع ہو رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری ایک اور کاوش المنجد (عربی۔اردو) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مولانا ابوالفضل بلیاوی نے جب مصباح اللغات مرتب کی تو اس کی بنیاد دراصل المنجد ہی تھی' مولانا ابوالفضل نے المنجد کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں بعض اضافے کر دیئے تھے۔ جب کہ کثیر تعداد میں المنجد کے الفاظ حذف کر دیئے تھے اور اس کو مصباح اللغات کا نام دیا تھا۔ ہماری خواہش تھی کہ المنجد کو اس کی اصل حالت میں ترجمہ کے ساتھ شائع کیا جائے۔ چنانچہ ہم نے مصباح اللغات میں ان حذف شدہ الفاظ کو نئے سرے سے ترجمہ کروا کر شامل کر دیا ہے جب کہ ان کے اضافہ جات کو خارج کر دیا ہے۔ یوں المنجد اپنی اصل شکل میں مکمل ہو گئی ہے۔ مولانا عبدالستار صاحب فاضل ریاض یونیورسٹی نے اس مشکل کام کو بہت محنت اور خلوص سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

المنجد کی طباعت اور معیار کے متعلق بہتر فیصلہ تو قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ البتہ ہم نے بساط بھر کوشش ہے کہ ظاہری اور معنوی اعتبار سے اس کو مفید سے مفید تر بنایا جائے۔ عربی الفاظ کو نمایاں کرنے کے لئے سرخ رنگ کی روشنائی استعمال کی گئی جب کہ اردو کے لیے سیاہ۔ علاوہ ازیں المنجد کے آخری ایڈیشن میں جدید عربی کے جو الفاظ ہیں' ان کا ترجمہ بھی شامل کر دیا گیا ہے' جو اس نسخے کی اہمیت کو دوچند کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ اہل عرب کے ہاں روزمرہ کے محاورے اور ضرب الامثال کا مختصر اور جامع ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اپنی حد تک ہم نے کوشش کی ہے کہ تصحیح کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے مختلف ماہرین فن کی خدمات حاصل کی گئیں جنہوں نے بار بار کتاب کی خواندگی کی۔ اس کے باوجود جو

کمی کوتاہی رہ گئی ہو' قارئین اس کی نشاندہی فرما کر ہمیں شکریہ کا موقع دیں۔تاکہ آئندہ طباعت مزید بہتر ہو سکے۔

ہم محترم ومکرم جناب مولانا محمد اسحاق بھٹی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری درخواست پر اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر اس بظاہر خشک موضوع پر علمی' تحقیقی اور جامع مقدمہ لکھا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن حکیم کی زبان کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔آمین!

ابوبکر قدوسی

اپریل ۲۰۰۱ء

تقدیم

''لغت'' عربی کا لفظ ہے اور مذکر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے معنے ہیں زبان، بولی، آواز، فرہنگ، وہ کتاب جس میں الفاظ کے معنے درج ہوں اور مشکل الفاظ کے استعمال کا طریقہ بتایا گیا ہو۔ وہ صدا جس کی وساطت سے ایک شخص دوسرے شخص کے سامنے اپنا مقصد بیان کرتا اور اپنی ضرورت کا اظہار کرتا ہے۔

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور ان کتابوں میں مشکل الفاظ کے معنے بتائے گئے ہیں۔ اردو زبان کے بھی بہت سے لغت موجود ہیں، جن میں اس زبان کے ماہرین نے دقیق اور مشکل الفاظ کے معانی درج کیے ہیں اور ان کے محل استعمال اور طریق بیان کی وضاحت کی ہے۔ انگریزی کتب لغت بھی معرض تصنیف میں آئی ہیں۔ اس موضوع کی بعض کتابیں وہ ہیں جن میں انگریزی الفاظ کے معنے انگریزی میں بتائے گئے ہیں، بعض میں اردو میں اور بعض میں عربی میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح عربی کتب لغت کثیر تعداد میں ضبط تحریر میں لائی گئی ہیں۔ عربی سے عربی میں بھی، عربی سے اردو میں بھی، عربی سے فارسی اور انگریزی وغیرہ زبانوں میں بھی۔! پھر عربی لغت کی کتابیں صرف اہل عرب ہی نے نہیں لکھیں، غیر عربوں نے بھی اس زبان میں مہارت پیدا کی اور بہت سی کتب لغت تصنیف کی ہیں بلکہ عربی لغت نویسوں میں غیر مسلم بھی شامل ہیں جن کی بعض کتابیں ہمارے ہاں مشہور و متداول ہیں اور ہم ان سے استفادہ کرتے ہیں۔ غیر مسلموں کی کتابوں میں ایک کتاب ''المنجد'' ہے جو عربی سے عربی کے لغت کی کتاب ہے، پہلی دفعہ ۱۹۰۸ میں چھپی تھی۔ اب تک پینتیس چھتیس دفعہ چھپ چکی ہے۔ اس کے مصنف کا نام لوئیس معلوف ہے۔ یہ مشہور مستشرق پادری تھا یعنی فادر لوئیس معلوف۔ ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں فوت ہوا۔

کلام و تکلم کا آغاز کب ہوا؟

سوال یہ ہے کہ اظہار مقصد و مدعا کا سلسلہ کب سے جاری ہے اور کلام و تکلم کا آغاز کس طرح ہوا؟ اس کی ابتدا کب ہوئی اور کس زبان میں ہوئی؟

بعض کتابوں میں مرقوم ہے کہ بات چیت اور گفتگو کا سلسلہ تخلیق آدم سے بھی قبل سے جاری تھا اور جن اور ملائکہ ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ ان کی کوئی زبان تو ہوگی جس میں وہ محو تکلم ہوتے تھے، لیکن انسانی بیان و کلام کی ابتدا اس وقت سے ہوئی، جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ حضرت آدم کا اولین مقام جنت تھا۔ وہیں اللہ کی طرف سے انھیں قوت گویائی سے نوازا گیا اور انھیں اس وقت کی موجود اشیا کے ناموں سے آگاہ کیا گیا۔ قرآن اس کا ذکر ان الفاظ میں کرتا ہے۔

وعلم ادم الاسمآء کلھا- (البقرہ:۳۱)
یعنی اللہ نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھا دیے-
یہی لغت و نطق کی تاریخ ہے اور یہیں سے اس کا آغاز ہوتا ہے- سوال یہ ہے کہ حضرت آدم کو اللہ نے کن چیزوں کے نام سکھائے؟

جواب دیا جاتا ہے کہ آسمان' زمین' دریا' درخت' پہاڑ' پتھر' پانی' نباتات' حیوانات وغیرہ ان سب چیزوں کے نام بتا دیے' جو اس وقت موجود تھیں اور استعمال میں آ سکتی تھیں- فرشتوں کو اللہ نے ان چیزوں کے ناموں سے مطلع نہیں کیا تھا' حالاں کہ یہ چیزیں موجود تھیں' اس لیے کہ فرشتوں کو ان کی ضرورت نہ تھی- آدم کو چوں کہ دنیا میں رہنا تھا اور اس کی اولاد کا سلسلہ آگے بڑھنا اور پھلنا تھا' اس لیے ان کے لیے اکل و شرب کی بھی ضرورت تھی' لباس کی بھی ضرورت تھی اور حالات کے مطابق دیگر بہت سی اشیا کی حاجت تھی- یعنی انھیں ان تمام چیزوں کے ناموں سے مطلع کر دیا گیا اور پھر وہ اطلاع آگے چلتی رہی- یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواری کے جانوروں' مویشیوں اور برتنوں کے نام بھی انھیں بتا دیے گئے تھے-

سب سے پہلی زبان

روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے جو زبان سطح وجود پر ابھری اور جس سے دنیا کے اولین انسان حضرت آدم آشنا ہوئے' وہ عربی زبان تھی- لیکن عربی کے ساتھ حضرت آدم کو کسی اور زبان سے شناسا کیا گیا یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ بات ہے-

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی زبان عربی تھی' لیکن جب انھوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع فرمایا تھا تو عربی زبان ان سے چھین لی گئی اور وہ سریانی زبان بولنے لگے- اس کے بعد اللہ نے ان کی توبہ قبول فرما لی اور غلطی معاف کر دی تو عربی زبان انھیں دوبارہ عطا فرما دی گئی اور وہ جنت سے دنیا میں آئے تو ان کی زبان عربی تھی اور وہ عربی میں گفتگو کرتے تھے-

عربی زبان کی اہمیت

عربی زبان کے بارے میں متعدد صحابہ کرام سے متعدد روایات مروی ہیں- ایک روایت میں بتایا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

احبوا العرب لثلاث

۱- فانی عربی -

۲- والقرآن عربی -

۳۔ ولسان اھل الجنة عربی ۔

تم عربی سے تین امور کی بنا پر محبت کرو۔
ایک اس لیے کہ میں عربی ہوں۔
دوسرے اس لیے کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔
تیسرے اس لیے کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں میت سے فرشتوں کے سوال و جواب کا سلسلہ عربی زبان میں ہوگا۔

ایک روایت سے پتا چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے انبیا علیہم السلام پر جن کتب وصحائف کا نزول ہوا' وہ عربی زبان میں تھیں' لیکن ان انبیا علیہم السلام کی زبان انہی قوموں کی تھی' جن قوموں کی طرف انھیں مبعوث فرمایا گیا تھا۔ پھر ان انبیا نے ان عربی کتب وصحف کا ترجمہ اپنی اپنی امتوں کی زبان میں کیا۔

معانی ومطالب میں عربی زبان کی وسعت

عربی زبان الفاظ ومعانی کے لحاظ سے نہایت وسیع زبان ہے اور فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے دنیا کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم عرب کے شاعر اور ادیب جس فخر اور غرور کے ساتھ اس زبان میں اپنی مہارت کا تذکرہ کرتے ہیں دوسرے زبانوں کے پرانے ماہر و ادیب اس انداز سے شاید نہیں کرتے ہوں گے۔

عربی زبان کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک لفظ میں کئی کئی معنے پنہاں ہیں اور اس باب میں اس کا دامن نہایت کشادہ ہے۔ مثلاً تلوار کر لیجیے' عربی میں اس کے لیے بہت سے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ اسی طرح شیر' نیزہ' اونٹ' بکری وغیرہ کے لیے بے شمار الفاظ مستعمل ہیں اور عرب ادبا وشعرا الفاظ کی اس بے پناہ کثرت پر انتہائی مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہیں۔

صلات اور حروف روابط

عربی زبان میں ایک بہت بڑا مسئلہ صلات اور حروف روابط کا ہے۔ کس فعل کا کیا صلہ ہونا چاہیے اور وہ صلہ کن حروف کے ساتھ آنا چاہیے' یہ مسئلہ بے حد اہمیت کا حامل ہے اور انتہائی دشوار بھی ہے۔ اگر رفع کا صلہ ''ب'' ہے تو کیا معنے ہوں گے' علی' الی' من' اور فی ہے تو کیا ہوں گے۔! اس میں بسا اوقات عربی کے بڑے بڑے ادیب ٹھوکر کھا جاتے ہیں' بلکہ بعض دفعہ بعض اہل زبان بھی لغزش کا شکار ہو جاتے ہیں۔۔۔عربی کے لغت نویسوں نے اس مشکل کو پوری طرح پیش نگاہ رکھا ہے اور بتایا ہے کہ کس فعل کا کس موقعے پر کیا صلہ آئے گا اور کیا معنے دے گا۔ لیکن اس باب میں سب سے بہتر اور قابل اعتماد بلکہ کہنا چاہیے کہ حرف آخر قرآن مجید ہے۔ اگر عربی کے کسی ادیب کو اس کتاب ہدی سے پورا شغف ہے اور اس میں وہ درک رکھتا ہے تو اسے صلات کی پوری مشق ہو جاتی ہے اور حروف روابط کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

عربی شعر کا معاملہ

پھر شعر میں الفاظ کا استعمال ایک بہت بڑا فن ہے---شعر ہر اعتبار سے صحیح ہے' ردیف' قافیہ' الفاظ سب معاملہ ٹھیک ہے' لیکن ماہرین فن اس میں بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں-اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو-

خنسا عرب کی بہت بڑی شاعرہ تھی اور مرثیہ گوئی میں اس دور کا کوئی شاعر اس کا مقابلہ نہ کرسکتا تھا' وہ علاقہ نجد کی رہنے والی تھی اور اس کا اصل نام تماضر تھا-چوں کہ بے حد چست' تیز طرار' ذہین اور خوب روتھی' اس لیے خنسا کے لقب سے مشہور ہوئی' جس کے معنے ہرنی کے ہیں-اس نے زمانہ جاہلیت بھی پایا اور زمانہ اسلام بھی-!اس کا سلسلۂ نسب ساتویں پشت سے عرب کے نامور شاعر امراء القیس سے ملتا ہے-شاعری کے فن میں اس کی مہارت سے متعلق بعض دلچسپ باتیں تاریخ کی کتابوں میں مرقوم ہیں-

دورِ جاہلیت میں اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ مختلف مقامات پر شعروشاعری کی مجلسیں آراستہ ہوتی تھیں-ان مجلسوں میں مرد اور عورتیں برابر کی سطح پر حصہ لیتے تھے-خنسا بھی ان میں شامل ہوتی تھی اور اس کے خیمے پر ایک جھنڈا نصب کیا جاتا تھا' جس پر جلی حروف سے لکھا ہوتا تھا-

الخنساء-- ارثی العرب-
(خنساء-عرب کی سب سے بڑی مرثیہ گو)

تمام عرب شعرا نہایت شوق اور دلجمعی سے اس کا کلام سنتے تھے-نابغہ ذبیانی جس کا اصل نام زیاد بن معاویہ تھا' بڑی توجہ سے اس کے اشعار سنتا تھا-ایک مجلس میں خنساء بھی موجود تھی اور حضرت حسان بن ثابت بھی تشریف فرما تھے-نابغہ ذبیائی نے خنساء کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اگر میں نے ابوبصیر(اعشیٰ) کے اشعار نہ سنے ہوتے تو تمھیں موجودہ دور کے تمام شعرا سے بہتر قرار دیتا-

حضرت حسان کو دورِ جاہلیت میں بھی عرب کا بہت بڑا شاعر گردانا جاتا تھا اور زمانہ اسلام میں بھی انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی مدح میں جو اشعار کہے' تاریخ اسلامی میں وہ اپنی مثال آپ ہیں-

انھوں نے نابغہ ذبیانی کی زبان سے خنساء کے اشعار کی تعریف سنی تو طیش میں آگئے اور بولے:

''میں خنساء سے بہتر شعر کہتا ہوں-''

نابغہ ذبیائی نے یہ الفاظ سن کر حسان سے تو کچھ نہیں کہا البتہ خنساء کی طرف دیکھا-

خنساء نے حسان سے کہا: ''آپ اپنے قصیدے کے جس شعر کو سب سے اچھا سمجھتے ہیں' وہ سنایے-''

حسان نے فوراً شعر پڑھا-

ان الجفنات یلمعن فی الضحی
واسیافنا یقطرن من نجدة دما

یعنی ہمارے پاس بڑے بڑے شفاف برتن ہیں جو چاشت کے وقت چمکتے ہیں اور ہماری تلواریں بلندی سے خون ٹپکاتی ہیں-

اس شعر میں انھوں نے اپنے قبیلے کی سخاوت کا اظہار بھی کیا ہے اور بہادری وجنگ ہوئی کا بھی-!

شعر سن کر خنساء نے کہا: "یہ شعر سات مقامات پر بلندی سے گر گیا---" اب وہ ان مقامات کی نشان دہی کرتی ہے-

۱- "جفنات" کا لفظ دس سے کم پر بولا جاتا ہے- اس کے بجائے مناسب لفظ "جفان" تھا-

۲- "غر" کے معنے پیشانی کی سفیدی کے ہیں- اس کی جگہ لفظ "بیض" ہوتا تو زیادہ بہتر تھا-

۳- "یلمعن" عارضی چمک کو کہا جاتا ہے- یہاں "یشرقن" لایا جاتا تو بہت مناسب رہتا-

۴- "الضحی" کی نسبت "الدجی" زیادہ موزوں تھا' کیوں کہ روشنی سیاہی میں زیادہ اہمیت کی حامل ہوتی ہے-

۵- "اسیاف" کا اطلاق جمع قلت پر ہوتا ہے' اس کے بجائے "سیوف" استعمال کرنا چاہیے تھا-

۶- "یقطرن" میں وہ خوبی نہیں پائی جاتی جو "یسلن" میں پائی جاتی ہے' لہٰذا "یقطرن" کی جگہ "یسلن" زیادہ مناسب تھا-

۷- "دم کی جگہ "دماء" ہونا چاہیے تھا' اس لیے کہ اس میں کثرت کے معنے پائے جاتے ہیں-

حضرت حسان نے خنساء کے یہ اعتراضات سنے اور خاموش رہے- اس کا مطلب یہ ہے کہ حسان نے خنساء کے اعتراضات کو اہمیت دی اور خنساء کے نزدیک شعر اس طرح ہونا چاہیے تھا-

لنا الجفان البیض یشرقن فی الدجی

وسیوفنا یسلن من نجدة دماء

عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ عہد قدیم میں عرب عورتیں بھی عربی زبان کے مختلف گوشوں پر گہری نظر رکھتی تھیں اور اس سے خوب آگاہ تھیں کہ کون سا لفظ کس موقعے اور مقام پر زیادہ مناسب اور موزوں رہتا ہے- یہ زبان پر ان کے عبور کا ثبوت اور اس کی نزاکتوں سے کامل آگاہی کی دلیل ہے-

ہر زبان کے لغت کی کتابیں لکھی گئی ہیں' جو زبان بولی جاتی ہے' اس کے نشیب وفراز کو سمجھنے اور مشکل الفاظ کو فہم کی گرفت میں لانے کے لیے لغات کی بہر حال ضرورت رہتی ہے- بعض دفعہ کسی لفظ کے معنی کا علم ہوتا ہے' لیکن اس کو مناسب اور صحیح انداز سے استعمال میں لانے میں مشکل پیش آجاتی ہے' اس مشکل سے نکلنے کے لیے کتاب لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے-

عربی کتب لغت کی کثرت

عربی لغت کی سب سے زیادہ کتابیں لکھی گئی ہیں اور ایک ایک کتاب کئی کئی جلدوں میں لکھی گئی ہے- اس طرح ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی ہے- اس کا اندازہ صاحب بن عباد کے اس واقعہ سے کیجیے کہ ان کو کسی حکمران

نے اپنے یہاں آنے کے لیے درخواست کی تو انھوں نے جواب دیا کہ میں اپنے مقام سکونت سے آپ کے ہاں کس طرح آ سکتا ہوں۔ مجھے ساٹھ اونٹ تو فقط لغت کی کتابیں لادنے کے لیے درکار ہوں گے۔

یہ صرف ایک شخص کی بات ہے کہ اس کے پاس کتب لغت کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ انھیں کسی جگہ منتقل کرنے کے لیے ساٹھ اونٹوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً ایسے اہل علم بھی ہوں گے جن کے پاس اس سے بھی زیادہ کتابیں ہوں گی۔

عربوں کا فطری ذوق

یہاں یہ بھی عرض کر دیں کہ قدیم دور کے جن عرب شاعروں اور اصحاب فصاحت و بلاغت کا کلام ہم پڑھتے اور سنتے ہیں، وہ کسی کے شاگرد نہیں تھے اور ان میں سے کسی نے کسی استاذ کے سامنے اس طرح زانوئے شاگردی تہہ نہیں کیا تھا، جس طرح ہم کرتے ہیں۔ امراء القیس کس کا شاگرد تھا؟ نابغہ ذبیانی کس کے حلقہ تلمذ میں رہا تھا؟ خنسا نے کس سے استفادہ کیا تھا؟ حسان بن ثابت نے کس سے اصلاح لی تھی؟

کلثوم بن عمرو عتابی، سری بن احمد کندی اور اس طرح کے بہت سے شعرا و ادبا تھے، مگر کچھ پتا نہیں ان لوگوں نے یہ علم کس سے سیکھا تھا۔ خود نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ انا افصح العرب (میں تمام باشندگان عرب سے زیادہ فصیح ہوں) پھر قبیلہ قریش کی زبان نہایت نکھری ہوئی اور صاف تھی۔ قبائل عرب میں سے بنو قیس، بنو تمیم، بنو اسد اور بنو ہذیل وغیرہ قبائل کی زبان نہایت فصیح تھی اور یہ نعمت انھیں ان کے فطری ذوق کی بدولت حاصل ہوئی تھی۔

عرب میں تحریر و کتابت کا آغاز

اب سوال یہ ہے کہ اہل عرب نے تحریر و کتابت کا سلسلہ کب شروع کیا اور کس طرح کیا اور اول اول عربی رسم الخط کی طرح کس نے ڈالی؟

اس سوال کا جواب محمد بن اسحاق ندیم وراق (وفات تقریباً ۳۹۰ھ) نے اپنی مشہور تصنیف ''الفہرست'' میں دیا ہے اور ہم یہاں اسی سے استفادہ کر رہے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

اس میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط کی بنیاد کس نے رکھی۔ ہشام کلبی کا بیان ہے کہ اس کا اولیں موجد عرب عاربہ کا ایک گروہ ہے[1]، جنھوں نے عدنان بن اد کے ہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے نام یہ تھے:

---

[1] یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں اور وہ ہیں (۱) عرب عاربہ (۲) عرب متعربہ اور (۳) عرب مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عربوں کو کہا جاتا ہے اور وہ نو قبیلے ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبیلے یہ ہیں: عاد، ثمود، امیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار۔

عرب متعربہ اور عرب مستعربہ کا اطلاق ان لوگوں پر ہوتا ہے جو خالص عرب نہیں ہیں، ان میں دوسری قوموں کا اختلاط پایا جاتا ہے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں، جن کی اصل زبان سریانی تھی۔ پھر انھوں نے یمن کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ یمن میں انھوں نے بنو اسماعیل سے عربی زبان سیکھی اور وہی ان کی زبان قرار پائی۔

ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفض، قریسات۔[1]

کتابت وتحریر کا آغاز انھوں نے اپنے ناموں کے مطابق کیا۔ یعنی وہ حروف لکھنا شروع کیے جو ان کے ناموں میں پائے جاتے ہیں۔ بعدازاں وہ ان حروف سے آشنا ہوئے جو ان کے ناموں میں موجود نہ تھے، مثلاً ثا، خا، ذال، ظا، شین، غین۔ ان حروف کو انھوں نے ''روادف'' کے نام سے موسوم کیا۔

ابن ہشام کی روایت کے مطابق، یہ لوگ (ابوجاد، ہواز، حطی وغیرہ) شاہان مدین سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے زمانے میں ''یوم الظلہ'' میں ہلاک ہوئے۔

اس کی صورت یہ ہوئی کہ پہلے تو سات دن حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اتنی سخت گرمی میں مبتلا رہی کہ ان کے لیے اس کا برداشت کرنا ممکن نہ رہا۔ جہاں جاتے ہیں، گرمی کی شدت میں مبتلا ہیں۔ سات دن یہ کیفیت طاری رہی۔ اس کے بعد یکا یک آسمان سے سیاہ بادل نمودار ہوا اور سردی کا ریلا آیا، جس سے لوگ بے حد خوش ہوئے اور اس سیاہ بادل کے نیچے جمع ہو گئے۔ پھر اس بادل میں سے آگ کے شعلے برسنے لگے اور ان شعلوں نے نہایت تیزی کے ساتھ وہاں کے باشندوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والے تمام لوگ ان شعلوں میں بھسم ہو گئے۔ قرآن نے اس دن کو ''یوم الظلہ'' (سائبان کے دن) سے تعبیر کیا ہے، اس لیے کہ منکرین حق پر سیاہ بادل، سائبان کی طرح تن گیا تھا۔ صرف وہی لوگ اس عذاب سے محفوظ رہے تھے، جنھوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کے احکام پر عمل کیا تھا۔ یوم الظلہ کو ابوجاد، ہواز، حطی، کلمون، صعفض اور قریسات بھی ہلاک ہو گئے تھے۔

کلمون کی بہن نے ان کی ہلاکت پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ مرثیہ کہا تھا۔

کلمون ہدّ رکنی هلكه وسط المحله
سيد القوم اتاه الحتف ثارا وسط ظله
جعلت نارا عليهم دارهم كالمضمحله

یعنی ''اے کلمون! میرا اسہارا ختم ہوا، اس لیے کہ تو آبادی کے عین وسط میں ہلاک ہو گیا۔

قوم کے سردار کو موت نے آ دبوچا، جب کہ وہ سائبان کے نیچے اقامت گزیں تھا۔

اس سائبان نے ان کے گھروں پر آگ برسا دی اور گھر تباہ ہو گئے۔''

گذشتہ سے پیوستہ

عرب مستعربہ، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، انھیں بنی سعد بن عدنان بن اد کہا جاتا ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام اصل عرب نہ تھے، نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی، ان کی شادی بنو جرہم میں ہوئی تو انھوں نے عربی زبان سیکھی، اس لیے ان کی اولاد جو ارض حجاز سے تعلق رکھتی ہے، عرب مستعربہ ہوئی۔

[1] ہمارے ہاں ان ناموں کا تلفظ یہ ہے: ابجد، ہوز، حطی، کلمن، صعفص، قریسات۔

[2] حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو جب ان برائیوں سے روکا، جن کا وہ ارتکاب کرتی تھی تو ان لوگوں نے ان کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اگر تم سچے ہو اور واقعی تمھیں اللہ نے اپنا پیغمبر بنا کر بھیجا ہے تو ہم پر آسمان سے عذاب کی شکل میں کوئی ٹکڑا برسا دو۔ چنانچہ فاخذهم عذاب يوم الظلة (شعراء:۱۸۹) ''سائے کے دن کے عذاب نے ان کو آ پکڑا''

الفہرست کے مصنف محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے یہ نام ابن ابی سعد کی تحریر میں اس شکل وصورت اور اس اعراب کے ساتھ پڑھے ہیں۔

ابجا، ہاوز، حاطی، کلمان، صاع فض، قرست۔

کہتے ہیں، یہ آخری قافلہ تھا جو عدنان بن اڈ وغیرہ کے ہاں آ کر ٹھہرا۔ جب ان لوگوں نے اپنے آپ کو عربوں کے قابل میں ڈھال لیا تو عربی انداز کتابت وضع کیا۔ واللہ اعلم

کعب احبار کا کہنا ہے کہ پہلے شخص جنھوں نے عربی، فارسی اور ہر قسم کے اسالیب کتابت کو وضع کیا، آدم علیہ السلام ہیں۔ انھوں نے اپنی موت سے تین سو سال قبل ان اسالیب کتابت کو مٹی پر لکھا اور آگ پر پکایا۔ جب دنیا طوفان کی زد میں آئی تو انداز تحریر کے یہ نمونے محفوظ رہے، چنانچہ ہر قوم نے اپنے اپنے رسم الخط کو پہچانا اور اختیار کیا اور اسی انداز سے لکھنا شروع کر دیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کا فرمان ہے کہ سب سے پہلے جن لوگوں نے عربی رسم الخط وضع کیا، وہ قبیلہ بولان کے تین شخص ہیں۔ انھوں نے انبار کو اپنا مسکن بنایا اور اکٹھے ہو کر حروف مقطعہ اور موصولہ وضع کیے۔ ان کے نام مرامر بن مرہ، اسلم بن سدرہ اور عامر بن جدرہ ہیں۔ ایک قول کے مطابق مروہ اور جدلہ ہیں۔ مرامر نے شکل وصورت کو، اسلم نے فصل ووصل کو اور عامر نے نقطوں کو وضع کیا۔

اہل حیرہ سے پوچھا گیا: ''تم نے عربی کس سے سیکھی۔؟ انھوں نے جواب دیا۔ ''اہل انبار سے!'' نیز کہا جاتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام چوبیس برس کے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عربی مبین بولنا سکھائی۔

محمد بن اسحاق کا کہنا ہے کہ جو چیز واقعیت وحقیقت سے قریب تر اور قابل قبول ہے اور جسے ثقہ لوگوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ عربی جن قبائل کی زبان تھی، وہ تھے حمیر، طسم، جدلیس، ارم اور حویل۔ یہ عرب عاربہ تھے۔ حضرت اسماعیل نے جب قبیلہ جرہم میں سکونت اختیار کی اور بڑے ہوئے تو اسی قبیلے میں، جو خاندان معاویہ بن مضاض جرہمی کی ایک شاخ تھا، شادی کی۔ چنانچہ یہ لوگ ان کی اولاد کے ننھیال ٹھہرے۔ اس رشتہ وتعلق کی بنا پر حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اس قبیلے کی زبان سیکھی۔ اس کے بعد مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے ضروریات پیش آتی اور ظاہر ہوتی رہیں، حالات کے مطابق ان کی اولاد نے بات سے بات نکالی اور بہت سی چیزوں کے نام وضع کر لیے۔ پھر اس طرح جب دائرہ کلام زیادہ وسیع ہو گیا تو قبیلۂ عدنان میں عمدہ اور فصیح شعر کہنے کا رواج ہوا، جو آہستہ آہستہ مزید ترقی کر گیا۔

عرب کا ہر قبیلہ اپنی الگ بولی رکھتا تھا، جسے لوگ سیکھتے اور رواج دیتے تھے، لیکن زبان بنیادی طور پر سب کی ایک ہی رہی۔

اس بات کی تصدیق مکحول کی روایت سے ہوتی ہے جو وہ مختلف راویوں سے بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، پہلا گروہ، جس نے عربی خط وضع کیا نفیس، نضر، تیما اور دومہ پر مشتمل ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھے۔ انھوں نے اسے تفصیلی شکل میں وضع کیا اور قادور اور نبت بن ہمیسع بن قادور نے اسے پھیلایا اور عام کیا۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ انبار کے چند افراد نے جو قبیلہ ایاد قدیم سے تعلق رکھتے تھے، حروف الف، ب، ت، ث وضع کیے اور عربوں

نے اسی سے سب کچھ سیکھا۔
محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ میں نے عمر بن شیبہ کی کتاب مکہ میں خود اس کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ مجھے علمائے مصر کے ایک گروہ نے بتایا کہ جس نے عربی کے خط جزم کو اختیار کیا وہ بنو مخلد بن نضر بن کنانہ کا ایک شخص ہے۔ اسی کی پیروی میں عربوں نے لکھنا شروع کیا۔
ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ جو شخص علم کتابت کو قریش مکہ میں لایا وہ ابوقیس بن عبد مناف بن زہرہ ہے۔ ایک قول کے مطابق حرب بن امیہ ہے۔
یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب قریش نے (جدید تعمیر کے لیے) کعبہ کو گرایا تو اس کے ایک رکن کے نیچے سے ان کو ایک پتھر دستیاب ہوا جس پر یہ تحریر ثبت تھی۔

السلف بن عبقر يقرأ على ربه السلام من رأس ثلاثة الاف سنة
یعنی تیسرے ہزار سال کے آغاز میں سلف بن عبقر اپنے رب کو سلام بھیجتا ہے۔
خزانہ مامون میں چمڑے پر لکھا ہوا عبد المطلب بن ہاشم کا ایک نوشتہ موجود تھا، جس پر یہ الفاظ مرقوم تھے:

حق عبدالمطلب بن هاشم من اهل مكة على فلان بن فلان الحميرى من اهل وزل صنعا عليه الف درهم فضة كيلا با لحديدة و متى دعاه ادبها اجابه شهدالله و الملكان۔

کہ اہل مکہ میں سے فلاں بن فلاں حمیری پر جو وزل صنعا سے تعلق رکھتا ہے، عبد المطلب بن ہاشم کا چاندی کا ہزار درہم بوزن حدیدہ واجب الادا ہے، جب بھی اس سے اس کا مطالبہ کیا جائے گا، وہ اسے ماننے پر مجبور ہوگا۔ اللہ اور اس کے فرشتے اس پر گواہ ہیں۔
یہ خط عورتوں کے خط کی مانند ہے۔
اس کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں بھی لکھنا جانتی تھیں۔
قصبہ سور میں، مربین کے قبرستان میں ایک عرب کاتب اسید بن ابوالعیص مدفون تھا، قبرستان کے کنارے ایک مسجد تھی۔ سیلاب کی وجہ سے اس میں شگاف پڑ گیا تو وہاں سے ایک پتھر برآمد ہوا جس پر یہ الفاظ کندہ تھے۔

انا اسيد بن ابي العيص ترحم الله على بنى عبد مناف
میں اسید بن ابوالعیص ہوں، اللہ بنی عبد مناف پر رحم کرے۔
اب سوال یہ ہے کہ عرب اس نام (یعنی عرب) سے کیوں موسوم ہوئے؟
الفہرست میں مرقوم ہے کہ ابن ابوسعد لکھتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں کو ان کے ننھیال کے ساتھ جو قبیلہ جرہم سے تعلق رکھتے تھے، دیکھا تو پوچھا۔
''اسماعیل! یہ کون لوگ ہیں؟''
انھوں نے جواب دیا: ''میرے بیٹے اور ان کے ننھال جرہم''

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو قدیم سریانی زبان میں باتیں کر رہے تھے' کہا: "اعرب له" یعنی ان کو ایک دوسرے میں جذب کر دو اور ملا دو۔

یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

اس سے آگے الفہرست میں خط حمیری اور مختلف علاقوں کے رسم الخط اور اندازِ کتابت کا ذکر کیا گیا ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ متعدد علاقوں کے اسالیب کتابت کے نمونے بھی درج کتاب کیے گئے ہیں۔

کتاب کی خصوصیت

زیر مطالعہ کتاب عربی زبان کے ہزاروں الفاظ پر مشتمل ہے اور اپنے انداز کی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کی بہت بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کرنے کا طریقہ نہایت آسان ہے۔ مثلاً آپ فعل مضارع کے جمع کے لفظ یَسْتَخْرِجُوْنَ کے معنے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کا مادہ تلاش کیجیے جو تین حروف خ رج (خَرَجَ) ہے۔

اسی طرح آپ کو لفظ یَسْتَبْدِلُوْنَ کی تلاش ہے تو پہلے ب دل (بدل) پر نظر ڈالیے' پھر آگے بڑھتے بڑھتے "یَسْتَبْدِلُوْنَ" آ جایے۔

اس طرح ثلاثی' رباعی' خماسی وغیرہ کے تمام ابواب آپ کے سامنے آ جائیں گے اور مسئلہ آسانی سے حل ہو جائے گا۔

عربی لغت کی کتابوں کے مختلف طریقوں میں آسان ترین طریقہ یہی ہے جو اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب مرتب کی گئی ہے۔ جیسے آ' اَبّ' اَبَّبَ' اَبَتَ' اَبَثَ' اَبْجَدُ' اَبَدَ' اَبَرَ--- اِیاد' ایلہ تک' اس کے آگے ب' پھر ت اور آخر میں ی۔

یہ نہایت آسان ترتیب ہے اور اس طرح ہر شخص بخوبی کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

میرے محترم عزیز ابوبکر قدوسی نے اپنے اشاعتی ادارے مکتبہ قدوسیہ کی طرف سے اس کتاب کی اردو زبان میں اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ان کی یہ کوشش حد درجہ لائق تحسین ہے۔ یقیناً اہل علم اس کو سراہیں گے اور یہ کتاب ان کے تحقیقی کاموں میں ممد و معاون ہوگی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ان کے کاروبار میں برکت فرمائے اور یہ قرآن و حدیث کی جو نشر و اشاعت کر رہے ہیں' اسے قبولیت سے نوازے۔

محمد اسحٰق بھٹی

المنجد کے رموز واشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سَمِعَ یَسْمَعُ
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضَرَبَ یَضْرِبُ	(ک)	سے مراد باب کَرُمَ یَکْرُمُ
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ینصر	(ح)	سے مراد باب حَسِبَ یَحْسِبُ
جج	سے مراد جَمْعُ الْجَمْعِ	(ف)	سے مراد باب فَتَحَ یَفْتَحُ		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کریں

بعض قیاسی احکام

عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیے جاتے ہیں:

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں اس طرح شریک ہونا کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہوں۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ. تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ. حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقیناً پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیئونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔
(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ عراق میں پہنچا۔ (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَعْلَ اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اخرج = نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمار = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) صیونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الفَرع سردار قابل ملامت ہوا۔ (۲۸)
(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے اَتْمَرَ النخلُ کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)
(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتدا: جیسے کَلَّمَ اس نے کلام کی (مجرد کلم زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خیم وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوسَ اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)
(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجرُ درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)
(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ وہ بہت گھوما (۲۹)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرد: جیسے سافر بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعل: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ اس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تموَّل وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فعل: جیسے علمته فتعَلَّمَ. میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تبَارَکَ اللّٰهُ. اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک. اونٹ کا بیٹھنا)(۵)

(۲) تشارک: جیسے تشاتَما. دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخیل: جیسے تمَارَضَ: اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدتُهٗ فتباعَدَ. میں نے اسے دور کیا سو وہ دور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتدا: جیسے اِنطَلَقَ. وہ گیا (مجرد طلَقَ)(۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنکَسَرَ. وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت فعل: جیسے کَسَرتُه فانکسر. میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفعَلَ: جیسے اَغلَقَ الباب فانغلق. اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ. باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں آتا اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِحتَجَرَ الفَارُ. چوہے نے بل بنایا۔(۶)

(۲) تخیر: جیسے اِکتَالَ الشَّعِیرَ. اس نے اپنے لیے جو ناپے(۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل. اسنے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمَّ. میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِکتَدَّ فلانًا. اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب

(۷) موافقت تفاعل: جیسے اختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمته. میں نے اس سے کھانا طلب کیا(۲۵)

(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب. کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمته. میں نے اسکو کرم سے متصف پایا۔ (۴)

(۴) حسبان: جیسے اِستَحسَنتُهٗ. میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۳۱)

(۵) تحول: جیسے اِستَحجَرَ الطین. مٹی پتھر بن گئی(۱۲)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)

(۷) تکلف: جیسے اِستَجرَأ. اس نے جرأت دکھلائی۔(۳۰)

(۸) قصر: جیسے اِستَرجَعَ. اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیهِ رَاجِعُونَ کہا۔(۲۶)

(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمتُه فَاستَقَامَ. میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِستَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِستَجَابَ(۳۱)

(۱۱) ابتدا: جیسے اِستَعَانَ. زیرناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسوَدَّ اللیلُ. رات بہت تاریک ہو گئی(۲۹)

فائدہ. اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحمَرَّ ابیضَّ اِحوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفعِیعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحدَودَبَ. بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحلَولی التَّمرُ بمعنی حلا(۳۱)

باب اِفعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجلَوَّذَ. وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحمَارَّ. بہت سرخ ہوا۔(۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(١) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُهٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔ (٣٠)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں (١) مصدر (٢) اسم مرۃ (٣) اسم نوع (٤) ظرف مکان و ظرف زمان (٥) اسم آلہ (٦) اسم فاعل (٧) اسم مفعول (٨) صفت مشبہ (٩) اسم تفضیل (١٠) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(١) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعَة، تجارة، حیاكة

(٢) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے اٰباء، شراد، جماع

(٣) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعلان ہے جیسے غَلَیَان، جولَان، حفقان

(٤) جس کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع، زُکام، دوار

(٥) اس کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل، و ذمیل

(٦) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ، خُوار، زَئِیر، نَئِیم

(٧) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ، زُرْقَة، خُضْرة

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(١) فعل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة نَبَاهَة، فَصَاحَةٌ

(٢) فعل لازمی کا مصدر فَعَل کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ

(٣) فعل لازمی کا مصدر فُعُول کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُهُوْضٌ

(٤) فِعل اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم، نَصْر

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعلة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة، قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعلة کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنْبِئَة و طَأ تو طِئَة، هنَّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلی تحلیه، زکی تزکیة اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَمَ تقویمًا، سَوَّدَ تسویدا

فَاعَل کا مصدر فعال و مفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَة کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَةً، یَامَنَ مُیَامَنَة اور بَاوَمَ مُیَاوَمَةً و یَواطَأ ذہے۔

اَفعَل کا مصدر اِفْعَال ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَام اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں، وہ الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات، اماتة، اغاث اغاثة، اشار اشارة

تَفَعَّل کا مصدر تَفَعُّل اور تَفَاعَل کا تَفَاعُل ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یاء سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنّی، تَأنِّیًا، تغاضی تَغَاضِیًا۔

اِفْتَعَل کا مصدر اِفْتِعَال، اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال، اِفْعَوعَلَ کا افعیعال اور اِفْعَلّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلَاقًا، اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَل کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے اِستَقَامَ اِسْتِقَامَةً۔

فَعْلَل کا مصدر فَعْلَلَة اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا۔

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاً اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلَّال ہے جیسے

تدحرج تدحرجًا. اجرنجم اجرنجامًا. إقشعرّ إقشعرارًا فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا.

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مستثنیٰ ہیں۔ مَجِئی، مرجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِق مَقِیْلٌ
مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا "عین" کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ، مَوعِدٌ، مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر، مصطَبَر، مزدحم

اسم مرۃ واسم نوع

اس مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتفتُّ التفاتةً، انطلقتُ انطلاقةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدةً، قاتلته مقاتلةً لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبةً اجابة فقط.
اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فعلة کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد، مشی مِشْيَةَ المُختال۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة، قبیح المعاشرة.

ظرف مکان وظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔
ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنصَر مَفْتَحٌ، مَسمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفعِل کے وزن پر جیسے مَجلِس مَنزِل
اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشرِقٌ، مَغرِبٌ، مَطلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرفِقٌ، مَفرِقٌ، مَسکِنٌ، مَنسِکٌ، مَنبِتٌ، مَسقِطٌ.
مثال سے ظرف زمان ومکان ہمیشہ مفعل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطوى، مرمى
اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اُدخَلَ سے مُدخَل، اَخرَجَ سے مُخرَج، اَخدَعَ سے مُخدَع
کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلة کا وزن مقرر ہے جیسے مقبرة جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مأبلة جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكنَسَةٌ اور یہ مِفعَل اوزان بھی قیاسی ہیں
مُنخُلٌ، مُدهُنٌ، مكحلة، مدقٌ، مُسعُطٌ، مُنصُلٌ، مُشطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کی مانند ہیں۔ ان کا اس سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم، سِكِّين، فَاسٌ وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے ضارِبٌ، ناصِرٌ
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجتَنِبٌ، مُستَخرِجٌ
اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضرُوبٌ، مَفتُوحٌ
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب

مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ: (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے ابواب سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفع سے یَافِعٌ. اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّہُ سے مَحْبُوْبٌ. اَجَنَّہُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّہُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَہُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّہُ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ، كَرِيْمٌ، لَيِّنٌ، سَهل، صَعْبٌ، لقيان، غضبَان، كسول، عطشى، رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اعرج، ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فُعْلٰی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً. اشد استِخراجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد"، میں احمد، حمد سے اور "حاتم اعطی من عمرو"، میں اعطی سے اور "هذا السفر اَخْصَرُ من ذَاكَ"، میں اَخْصَرُ، اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادية انوا منه"، میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْيَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں:

فعَّال جیسے عَلَّامٌ. نصَّار. فَعَّالَة جیسے عُلَّامَةُ و فهامة. فِعيل جیسے صِدِّيق و سكِّير. مفعيل جیسے مِسْكِيْنَ و مِعْطِيْرُ. مِفْعَالُ جیسے مكسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجْعَةُ. فَعَلٌ جیسے شَرَهٌ، وَحِرٌ. فَعِيْلٌ جیسے رَحِيْمٌ وَ عَظِيْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے كَذُوْبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ. مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ، اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تاء تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامة، فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصير، امراة نصيرة". "جاء نصير و نصيرة".

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت میں ہو گی جیسے "زيد قتيل". و اتت المراة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے يحيیٰ البتول، مريم البتول اور

موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول و تلک رسولة. وجاء رسل و رسولة

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے عذری' فضلی' کُبریٰ' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگر چہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم' زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اخت' ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مزلق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں:

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' هیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں **الریح مؤنثة لا علامة فیها و کذلک سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں: ابط' ابهام' ازار' بلد' جراد' حال' هانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحی' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فهر' قدر' قفا' قمیص' کبد السان' مسک' ملح' منجنیق' موسی' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب' ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا. رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصا سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قهقرآن' خوزلیان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقهریان' خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہوتا کہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاءان. قُرّاء سے قُرّاءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم سے سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے لیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحدہ کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واؤ ماقبل مضموم اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بمسلمین"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحة باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو معدی کرب، ذوو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون، عالمون، علیون، اهلون، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، منون

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات. اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات، مسلمة سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات، شجرة سے شجرات، امراة، شاة، قلة، اَمَةٌ، مِلّة شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات.

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات.

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، امهات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ عجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات

اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل بطارکۃ، کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلۃ، فَعلَۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات. رَحمَۃٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعلۃ، فُعلۃ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا، ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرۃٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجرۃٌ سے حُجَرَات، حُجرَات، حُجُرَات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَۃٌ سے جَوزَات، بیعۃ سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رمیات اور رقوۃ سے رقوات، رقوات لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جرواشاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمّۃ سے ضمّات. عزّۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد. بَعْثٌ سے بُعثٌ.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت، جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:

اَفعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالُ. اَفْعُل جیسے نھر سے انھر. اَفعِلَۃ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃُ. فِعْلَۃ جیسے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ.

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم، قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیوخُ لاَ تَکُونُوا کالفِتیَۃِ. احفظُوا اَنْفُسَکُمْ

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النھایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃٌ کی جمع جیسے غُلبَۃٌ کی جمع غُلَب. صورۃ کی جمع صور صُرۃٌ کی جمع صُرَرٌ

(۲) فِعَل فِعْلَۃٌ کی جمع جیسے قِطعَۃٌ کی جمع قِطَع لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل کی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی. لحیۃ کی جمع لحی.

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل، حندس کی جمع حنادس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خندریس کی جمع خنداریس.

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) اَفَاعِل افعل (بتثلیث الھزہ) کی جمع اَفَاعِل اِصبع کی جمع اصابع، انملۃ کی جمع انامل، اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اواجیز.

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس. عصفور کی جمع عصافیر.

(۹) مفاعل مفعل اور مفعلۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع. مکنسۃ کی جمع مکانس.

(۱۰) مفاعیل مفاعیل اور مفعیل مفعول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح. مسکین کی جمع مساکین. مقدور کی جمع مقادیر.

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل، قوم، ربط، جیش.

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے، ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومی. رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی. مجوسیوں میں ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لیے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رفقة کی جمع رِفق، نجم کی جمع نجم اور وم کی جمع اروام.

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل، (۲) اسم مفعول، (۳) صفت مشبہ، (۴) اسم تفضیل، (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة، عالم، عالمة، لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمایٰ. لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مَصّان، موتان، ندمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلیٰ کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانة، غضبان سے غضبیٰ اور غضبانة.

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء.

(۳) اسم تفضیل کے لئے مونث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کرمیٰ. اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واوَ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلیٰ سے حلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجلٌ فَهَّامَةٌ اِمْرَاةٌ فَهَّامَةٌ.

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ امراةٌ مِفْضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراةٌ مِعْطِیرٌ اور مسکینه شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ.

(۵) فُعْلَةٌ اور فُعَلَةٌ جیسے رجل ضُحْكَةٌ امراة ضحكة اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحكة. بہت ہنسنے والا همزة. بہت عیب لگانے والا لُمَزَة. بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غُلامٌ قتیل، امراة قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوة شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعيدة، عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراة عقیم، یُحیی العِظَام و هی رَمِیْمٌ.

جو صفات کہ طبقہ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فَهِیَ مُرضِعَةٌ.

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء فعلان فعلیٰ کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر. ازرق کی زُرق، اعرج کی عرج، اعمی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں غِید، بِیض، هِیف، اِغید،

اِبیض، اھیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فِعلان فعلیٰ کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالیٰ یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ، رماۃ، غزاۃ کی اصل ان کی دُعَوۃُ رُمَیۃٌ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، درد یا تَشَتُّت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعی شتیت کی جمع شتیٰ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکیٰ۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ، فَعَلَۃٌ، فُعَّل، فَوَاعِلُ، فُعَلاءَ اور اِفْعِلاءَ۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبۃ، ظالم کی جمع ظَلَمَۃ۔ فَعَلَۃٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ، باعۃ، حاکۃ، صاغۃ کہ اصل میں سوقۃ، بیعۃ، حیکۃ، صوغۃ تھے۔

(۲) فعل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدُ سَاجِد کی جمع نُوَّمُ نائم کی جمع جُوَّعُ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذِل عاذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر، عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر، اکابر۔

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کرمیات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغر، کُبر۔

صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواریات۔ افاضل کی جمع افاضلون۔

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیٌّ اور مَلِکٌ میں مَلَکِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاھرۃ سے قاھری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو الف مقصورہ اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَؤمٰی سے موموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلّی اور دِفِرِیٌّ کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، دفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفی سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌّ

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتھاء سے انتھائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی، سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِيٌّ. ماضٍ سے ماضِيٌّ اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس سے صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قَاضَوِيٌّ، ماضوِيٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلي سے مستعليٌّ، معتدي سے معتديٌّ.

/ اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنفي خلیل سے خلیلي اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِيٌّ سے غَنَوِيٌّ. عَلِيٌّ سے عَلَوِيٌّ.

اور اگر فعیلۃ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینۃ سے مدني، فریضۃ سے فرضي بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعي، سلیقي.

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلۃ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلي اور عزیزۃ کی عزیزي.

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہوگا جیسے عقیل سے عقیلي. قصي سے قُصَوِيٌّ. قُلَيلَةٌ سے قُلَيلِيٌّ. اُمَيمَۃٌ سے اُمَيمِيٌّ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قَلَنسِيٌّ اور ترقوۃ سے ترقي کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوي دلو سے دلوي.

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعي کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعي ہی کہا جائے گا اور اسکندریۃ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندري.

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حيّ تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حي سے حَيَوِيٌّ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طي سے طَوَوِيٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوي، اخ سے اخوي.

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختي و بنتي اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوي بنوي اور لفظ ابن کی نسبت میں ابني اور بنوي کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا يَدَوِيٌّ دَمَوِيٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے يديٌّ. دميٌّ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسے کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمويٌّ اور بنويٌّ کہنا جائز ہے اور ابنيٌّ و اسميٌّ بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوي، لغۃ سے لغوي اور زنۃ سے وزني اور صلۃ سے وصلي.

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقي، مسلمین سے مسلمي.

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثني اور ثنوي. عشرین سے عشري، اربعین سے اربعي.

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل وصنادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر، مناجذ، نساء نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطري، مناجذي، نسائي.

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکي. ملوک سے ملوکي اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباري انصار سے انصاري، اھواز سے اھوازي.

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اول جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلي و معدي جب کہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکي و معدي کربي.

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئي

دير القمر سے ويراني' عبدالاشهل سے اشهلي' ابوبکر سے بكري عبد مناف سے منافی کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے یک طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عين إبل سے عين' ابلي وادی آش سے وادي آشي' عين حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطيٌّ' ذرحيا سے ذريٌّ۔

حروف تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

انف كبير	سے	أنافِيٌّ	حروراء	سے	حَرُورِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوحانِيٌّ
أُمَيّه	"	أَمَوِيٌّ	حرمين	"	حِرمِيٌّ	رے	"	رَازِيٌّ
بادِيَةٌ	"	بَدَوِيٌّ	حضر موت	"	حَضرَمِيٌّ	رباب	"	رُبِّيٌّ
بحرين	"	بحرَانِيٌّ	خُزينة	"	خُزَينِيٌّ	سهل	"	سهلِيٌّ
بهراء	"	بَهرَانِيٌّ	دَهر	"	دُهرِيٌّ	سليقة	"	سَلِيقِيٌّ
تهامة	"	تهامِيٌّ يا تهَام	دَير	"	دَيرانِيٌّ	سليمة الازد	"	سُلَيمِيٌّ
تيم اللات	"	تيمَلِيٌّ	داريًا	"	دَارَانِيٌّ	سُلَيمُ	"	سُلَمِيٌّ
ثقيف	"	ثَقَفِيٌّ	رب	"	رَبَّانِيٌّ	شام	"	شامٍ
جمة عظيمةٌ	"	جُمَّاني	رقبة عظيمة	"	رقبانِيٌّ	شعر كثير	"	شعرانيٌّ
جذيمة	"	جذمِيٌّ	رامهرمز	"	رامِيٌّ	صدر كبير	"	صدرانِيٌّ
جلولاء	"	جَلُوَلِيٌّ	ردينه	"	رُدِينِيٌّ	صنعاء	"	صنعانِيٌّ
بني الحبلى	"	حُبَلِيٌّ	روح	"	رُوحَانِيٌّ	طبيعة	"	طبيعِيٌّ
عميرة كلب	"	عُمَيْرِيٌّ	فراهيد	"	فُرهُودِيٌّ	مروا الشهجاني	"	مَرْوَزِيٌّ
بني عبيدةَ	"	عَبَدِيٌّ	قويم	"	قُوَمِيٌّ	امرؤ القيس	"	مَرْقِسِيٌّ
عبد شمس	"	عَبشَمِيٌّ	قريش	"	قُرَشِيٌّ	هجر	"	هَاجِرِيٌّ
عبدالدار	"	عَبْدَرِيٌّ	كنت	"	كُنتِيٌّ	هذيل	"	هُذَلِيٌّ
عبد قيس	"	عَبقَسِيٌّ	لحية عظيمة	"	لُحيانِيٌّ	انباط	"	نُبَاطِيٌّ يا نباطِ
عبدالله	"	عبدلِيٌّ	مُليح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ	ناصره	"	نَصْرَانِيٌّ
						يمن	"	يَمَانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فعيل کے وزن پر آتا ہے جیسے كلب سے كليب. عبد سے عُبَيد. رُجَل سے رجيل ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَيلِل کے وزن پر جیسے جَعفَر سے جُعَيفِر. سفرجل سے سفيرج لہٰذا اگر مدہ ہو تو فُعَيليل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَيطيس مضراب سے مُضَيرِيب اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائد تا ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثمير' بشرىٰ کا بشيرى' سمراء کی سميراء. سكران. سكيران. غصبيان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اريضة. شمس سے شميسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں

کریں گے مثلاً خمس جب کہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بویب اور ناب کی تصغیر نییب ہوگی۔ اس لیے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو اور یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر. بیت سے بییت.

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد. ضارب سے ضویرب.

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَيٌّ، دلو سے دُلَيٌّ. عجوز سے عُجَيِّز. کتاب سے کُتَيِّب.

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَيِّل یا جُدَيول، ادور سے اُدیر یا اُدیور.

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَير سے نُصَيِّر. جَمِيل سے جُمَيِّل.

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفیر اور سلطان سے سُلَيْطِينٌ.

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے هُوَ اُحَيْلَى من العسل.

اسماء محذوفة الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَيٌّ، اُخَيٌّ، دُمَيٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بنی ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنة عدة کی تصغیر و زینة وَعَيدة ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَيَّة بُنَيَّة آئے گی۔

مثنیٰ اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان، مومنون کی مویمنون، مومنات کی مویمنات.

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفة کی اریغفة ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غُلَيِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریتہ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درهم کی جمع دراهم کی دریهمات

اور مرکب اضافی کی تصغیر اسی طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبدالله کی تصغیر عبیدالله ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب. حضر موت کی تصغیر حضیر موت، نفطویه کی تصغیر نفیطویه، خمسة عشر کی خمیسة عشر، بعلبک کی بعیلبک.

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ:

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابیحر، بحر کی۔ انیسیان، انسان کی۔ رویجل، رجل کی، اصیلال، اصیل کی۔ عشیشیة عشیة کی۔ اُصَيبِيَة. صبية. اغيلمة غلمة کی۔ اسی طرح قويس. ذُريع. حريب. نعيل. عريس. ذويد کہ ان سب میں قیاس کی مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد:

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء، ابناء اکرام اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل، لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واضع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی، و اذن لی.

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بؤس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں

اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل ائذن" اور "هذا الذی اؤتمنت علیه" اور ہمزہ متوسطہ متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال.

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال، رمال، مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی.

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائه بقائه.

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شَیْءٌ فَیْءٌ.

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَیُؤٌ لَکَأٌ ظَمِیٌٔ.

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشأة اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فئةٌ لُؤلُؤَةٌ.

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خطیئة بَرِیئة قراءة، صلاءةٌ، مروءَةٌ، سُوءَةٌ.

ابدال کے قواعد:

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَل سے قُوتِلَ.

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ. ایسر. مُؤسِرٌ.

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے مِوزان سے میزان. موعاد سے میعاد.

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں، جیسے قال، باع، باب، ناب.

لیکن اس قاعدے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واو یاء فاکلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائدہ سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ، یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے طی، میت مرمی کہ اصل میں طوی، میوت. مرموی تھے۔

واو یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء.

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف جمع کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز. قلادة سے قلائد، صحیفة سے صحائف.

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واو یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں، جیسے اتقی، اتسر.

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں، جیسے ادّان اذدکر، ازدان کہ اصل میں ادتان، اذتکر، ارزتان تھے۔ اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اذکر اور ادکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد، ضاد، طاء، ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے اصطبر، اضطرب، اطرد، اظطلم. اظطلم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظا کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَم اور اِظّلَم دونوں کہہ سکتے ہیں۔

❋ ❋ ❋

اَلْاَلِفُ. الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرفِ لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ، قَامَ، بَاعَ مُتَحَرِّکَہ اوراِس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرأْتَ؟ اَمَا قَرأْتَ؟ اَفلَم تَقْرَأْ؟ اَفِي الْبَيْتِ اَخُوْكَ؟

(۲) نداء قریب: جیسے اَزَيْدُ اَقْبِل (ای زیداً)

(۳) تسویہ: جیسے لَا اُبَالِي اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ۔ حرفِ ندا ہے بعید کے لیے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آبَ. اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَلاَبُّ: عیسائیوں کے نزدیک اقنوم اول جس کو باپ

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَةً و إبَابَةً. اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔

اَبَّ (ض ن) اَبِيْبًا وَأَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَةً آمادہ و تیار ہونا۔ وَ اَبَّ اَبَّةً: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا۔

يده اِلَی السَّيْفِ: سونتنے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

اَبَّبَ. چیخنا۔ چلانا۔

اِفْتَخَرَ وَ تَعَظَّمَ: کہے ہیں۔

اَلاَبَانِي الاَبّ: گھاس تروخشک، مویشی کا چارہ

اَلاِبَانُ الاِبَاب: پانی، سیراب۔

تَاَبَّبَ. بِه: تعجب کرنا اور خوش ہونا۔

تَاَبَّبَ بِه: تعجب کرنا، خوش ہونا، فخر و غرور کرنا۔

اَبَأَه يَابَأَه. بِالسَّهْمِ: تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا واُبُوتًا النَّهارُ: سخت گرم ہوا۔ صفت اَبْتٌ وَأَبِتٌ و آبِتٌ.

تَاَبَّتَ. الجمرُ: بھڑکنا۔

اَبْتَةُ. الْغَضَب: غصّہ کی تیزی۔

اَبْجَدْ. حروفِ تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں: ابجد، ھوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ، حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے

اَلاَبْجَدِيَّةُ: ان الفاظ کو بولتے ہیں جن میں حروف تہجی کو حساب

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا. الشَاعِرُ: غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا. الحَيَوَانُ: جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا. جنگلی ہونا عليه: غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ. ابدی ہونا، جنگلی ہونا المَكَانُ: مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ. زمانہ جمع آباد و اُبود. ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا، کہا جاتا ہے لَا آتِيه اَبَدَ الَابدِيْن والْآبِدِيْنَ واَبَدَالَابد واَبد الْآباد واَبَد الدهر الخ 'میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

أَبَدًا. ظرفِ زمان ہے۔ مستقبل میں نفی واثبات کی تاکید کے لیے آتا ہے جیسے 'لَاَ افْعَلُهُ أَبَدًا میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا۔ [افْعَله أبَدًا] میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاَبَدِيّ. جس کی انتہاء نہ ہو۔

اَلْاَبَدِيّةُ. دوام جس کے لیے انتہا نہ ہو۔ نرت۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا واِبَارًا. اَلْعَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا ہ: غیبت کرنا، خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ الزَّرْعَ: اصلاح کرنا اور گابھا دینا

اِئْتَبَرَ. البِئْرَ: کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَةُ. سوئی، ڈنک، چغلی اِبْرَةُ القَرْنِ:

اَلْاَبَّارُ. سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

جَمَل" کا لحاظ کرتے ہوئے جمع کیا گیا۔ ان کو ہم کتاب اَبْجَدِيه بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان کا نقشہ بمع نمبر درج ذیل ہے:

ا،۱	ح،۸	ص،۶۰	ت،۴۰۰
ب،۲	ط،۹	ع،۷۰	ث،۵۰۰
ج،۳	ی،۱۰	ف،۸۰	خ،۶۰۰
د،۴	ک،۲۰	ض،۹۰	ذ،۷۰۰
ه،۵	ل،۳۰	ق،۱۰۰	ض،۸۰۰
و،۶	م،۴۰	ر،۲۰۰	ظ،۹۰۰
ز،۷	ن،۵۰	ش،۳۰۰	غ،۱۰۰۰

اَلاَبَّارُ: سوئی بنانے اور فروخت کرنے والا، پسو۔

شُغْلُ الاِبْرَةِ: سوئی کے ساتھ معروف طریقہ

کے مطابق بننا۔
اِبْرَۃٌ مِغْتَطِبِیَّۃٌ قطب نما
اَلْمِنْبَرُ درختوں میں قلم لگانے کی چھری۔
اَلْاِبْرِیْزُ وَالْاِبْرِیْزِی خالص سونا (یونانی)
اَلْاَبْرِیْسم ریشم (فارسی)
اِبْرِیْل لاطینی شمسی سال کا چوتھا ماہ۔
اِبَّان کسی چیز کی ابتداء' کسی چیز کا وقت کہا جاتا ہے۔
هُوَفِیْ اِبَّانِ شَبَابِهٖ یعنی وہ نوجوانی کی ابتداء میں ہے۔
اَلْاِبْرِیْزُ وَالْاِبْرِیْزِیُّ.. مِنَ الذَّهَبِ: خالص سونا۔
اَلْاِبْرِیْسِمُ وَالْاِبْرِیْسَمُ ریشم۔
اَلْاِبْرِیْقُ لوٹا۔ ج اَبَارِیْق چھاگل (معرب)
صفت آبِزٌ وَاَبَّازٌ وَاَبُوْزٌ بِصَاحِبِهٖ اَبْزًا: ظلم کرنا۔
اَبَّشَه(ن) اَبْشًا وَاَبَّشَةً جمع کرنا
تَاَبَّشَ. اَلْقَوْمُ اکٹھا ہونا۔
اُلْاُبَاشَةُ. مِنَ النَّاسِ: مخلوط جماعت۔
اَبَضَ(ن) اَبْضًا. اَلْبَعِيْرَ اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا۔
تَاَبَّضَ الْبَعِيْرَ: اباض نامی رسّی سے باندھنا (دیکھئے اِلْاِبَاضُ) اَلْبَعِيْرُ: اباض نامی رسّی سے بندھا ہوا ہونا۔
اَلْاَبْضُ. ج آبَاض. وَالْمَأْبِضُ ج مَآبِض زانو کا اندرونی حصہ۔ بند دست۔
اَلْاِبَاضُ اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسّی۔
تَاَبَّطَ الشَّیْءَ: بغل میں لینا۔
اِلْاِبْط بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط۔ اِبْطُ الْجَبَلِ دامن کوہ۔
اِلْاِبَاطُ بغل میں لی ہوئی چیز۔
اَبِقَ(س) وَاَبَقَ(ن ض) اِبَاقًا وَاَبْقًا وَأَبَقًا. الْعَبْدُ: بھاگنا۔ صفت۔ اٰبِقٌ ج اُبَّقٌ وَاُبَّاقٌ.
تَاَبَّقَ. چھپنا۔ الشَّیْءَ: انکار کرنا۔ اوپرا

أَبَلَ(س) اَبَلًا وَاَبَلَ(ن) اَبَالَةً اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا۔ صفت أَبَل و آبِل ج أُبَّال.
اَبَلَ(ن) اَبَالَةً راہب بننا۔
اَبَّلَ بہت اونٹوں کا مالک ہونا
اِلْاِبِلَ چھانٹ کر جمع کرنا۔
تَاَبَّلَ. اِلْاِبِلَ چھانٹ کر جمع کرنا۔
اِلْاِبِلُ وَالْاِبْل اونٹ (مفرد کے لیے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال.
اَلْاُبُلَّةُ قبیلہ۔ کہا جاتا ہے [جَاءَ فی اُبُلَّته] وہ اپنے قبیلہ میں آیا۔
اَلْاَبِیْلُ ج آبال وأُبْل وَالْاَبِیْلِیْ و الْاَیْبُلِیْ راہب۔
اَلْاِبَالَةُ. جماعت۔ مال کا بہترین انتظام۔ حسن سیاست۔ اَلْاَبَابِیْل فرقے۔ ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَیْرٌ اَبَابِیْل غول کے غول پرندے۔
اَلْمَابَلَةُ بہت اونٹوں والی زمین۔
اِبْلِیْسُ. شیطان کا عِلم جنس ج اَبَالِس و اَبالسة.
اَبَنه(ن ض) اَبْنًا. بِشَیْءٍ: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الدَّمُ فِی الْجُرْحِ کالا ہو جانا۔
اَلْاُبْنَة عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن' اُبَن انقدم پاؤں کی کینیں۔
اَبَّنَهُ. عیب لگانا۔ شرم دلانا۔ مردہ کے اوصاف و محاسن شمار کرنا وتَاَبَّنَهُ. پیچھے پڑنا۔ انتظار کرنا۔
اِبَّانُ. الشَّیْءِ: کسی چیز کی ابتداء۔ کسی چیز کا وقت۔
اَلْاُبْنَةُ. عیب، کینہ، لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن
اِبَانَةُ. الرَّجُلِ ہمارے ساتھی۔
اَلْاِبْن بیٹا۔
اَلْأَبَنُوْسُ وَالابنوس ایک قیمتی سخت کالی لکڑی کا درخت جو گرم شہروں میں پیدا ہوتا ہے۔ (یونانی لفظ)
الاَبْنُوْس وَالْآبْنُوس ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی۔

اَبَهَ(ف) اَبْهًا. لَهُ: تاڑ جانا۔ لَایُؤْبَهُ لَهُ: اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی۔
اَبَّهَهُ: خبردار کرنا۔ سمجھانا۔
تَاَبَّهَ. عَلَیْهِ: تکبر کرنا۔ بڑا بننا۔ عَنْ كذا: اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا۔
اَلْاُبَّهَةُ وَالْاُبْهَةُ بڑائی۔ غرور۔ نخوت۔
اَبَا(ن) اِبَاوَةً وَاُبُوَّةً وَاُبُوًّا باپ ہونا۔ اَلْیَتِیْمَ پرورش کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ [ابوته وامّمته] یعنی اُس کے لیے ماں باپ بن گیا۔
اَبَّی. فُلَانًا: کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اُوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
تَاَبَّی. فُلَانًا باپ بنانا۔
اَلْآبُ عیسائیوں کے نزدیک تین معبودان میں سے اول اقنوم جس کو باپ کہتے ہیں۔
اَلْاَبُ. باپ۔ وہ شخص جو کسی چیز کے لیے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو، اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو سے اور حالتِ نصبی میں الف سے اور حالتِ جری میں یا سے آتا ہے۔ تم کہتے ہو۔ [جَاءَ اَبُوْكَ] رَاَیْتُ اَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِاَبِیْكَ اور منادی کی صورت میں یَا اَبِیْ اور یَااَبَتِ ج آباء واَبُوْن.
اَبُو الیَقْظَان: مرغ۔ کہا جاتا ہے [لاَ اَبَ لكَ ولا اباكَ ولا اَبلَكَ] یہ جملے خبریہ ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔ مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور [بِاَبِی اَنْتَ] کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے اُوپر فدا ہو۔
اَبَی (ف ض) اِبَاءً وَاِبَائَةً وتَاَبّی. الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ انکار کرنا۔ صفت ابٍ ج آبون و أُباة وأُبَّاءٌ.
اَبِیَ عَلَیْهِ وتَاَبّی: باز رہنا۔ خوددار ہونا۔
اَبَاه اِیْبَاءً. الشَّیْءَ: خوددار بنانا۔
اَلْاَبِیّ. نفرت کرنے والا۔ رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا۔
بِاَبِیْ اَنْتَ میرا آپ پر قربان ہو ج آباء و ابون واحد مونث اُبِیَّة: یقال: نَفْسٌ اَبِیَّةٌ یعنی بولا جاتا ہے رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے

والی جان-

رجلٌ اَبّاء. خوددار مرد۔

تَأتَّبَ وائتَتَبَ: بے آستین والی قمیص پہننا۔

الإتب: بے آستین والی قمیص۔ ج اتوبٌ وَاُتُب و اِتاب و آتاب.

اَتَابك. امیر، سردار۔ اِس لفظ کا اطلاق اولادِ سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔

اَتَابَك: امیر' سردار: اس لفظ کا اطلاق اولاد. سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا-(ترکی لفظ)

الإتَاد: دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسّی۔ ج آتِدَه و اُتُد.

الأُتْرُجُّ والأُتُرُنْج. لیموں۔ لیموں کا درخت۔

اَتَل (ض) اَتْلًا و اَتَلانًا و اَتَلالًا. غصہ کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا مِنَ الطَّعَام: شکم سیر ہونا۔

اَتَم (ن) اَتمًا. دوچیزوں کو جمع کرنا۔ بِالْمَكَان: اقامت کرنا۔ تاخیر کرنا۔

المَأتَم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ عموما اس کا استعمال اس مجمع کے لیے ہوتا ہے جو اظہار غم کے لیے ہو۔ ج مآتِم.

الاَتَان: گدھی۔ ج اُتُن واُتْن و آتُن و اِستَاتَن. گدھی خریدنا۔ اور [كَانَ حِمَارًا فاسْتَاتَن] کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب عزت تھا، ذلیل ہوگیا۔

الاَتُّون: حمام کا آتشدان۔ چونا بنانے کی بھٹی۔ ج اُتُنْ واَتَاتِين.

اَتَا (ن) اَتْوًا واِتَاءً. الشَّجَرُ: پھل ظاہر ہونا۔ بہت پھل دار ہونا بِهِ وَ عَلَيْهِ: چغل خوری کرنا۔

اَتَوْتُهُ اِتَاوَةً: رشوت دینا۔

اِتَاء. الْاَرْض: زمین کی پیداوار۔

الاتَاوَةُ: خراج۔ رشوت۔ ج اَتَاوَى.

اَتى (ض) اِتيانًا واَتيًا واِيتَانةً ومَاتاةً. آتا. المَكَانَ: حاضر ہونا۔ الشَّيءَ: کرنا عَلَى الشَّيْءِ: پورا کرنا۔ نافذ کرنا۔ الرَّجُلَ: مرد کے پاس سے گزرنا عَلَيْهِ الدهْرُ: ہلاک کرنا۔

اَتّی تَاتِيَةً وتَاَتِّيًا. الماءَ: پانی بہنے کے لئے راستہ نکال دینا۔

آتَاهُ مُؤَاتَاةً. عَلَى الشَّيءِ: موافقت کرنا۔

آتی اِیتَاءً. فُلانًا الشَّيءَ: دینا۔ اِلَيْهِ الشَّيءَ: بھیجنا اَلرَّجُلَ: بدلہ دینا۔

تَاَتَّى. الْاَمْرُ: تیار ہونا آسان ہونا لِلْاَمْرِ: نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا مَعْرُوفَه: درپے ہونا۔

اِسْتَأْتَى. الرَّجُلَ: آنے کی درخواست کرنا۔ سُست سمجھنا۔

اَلاَتِيّ والاَتَاوِيّ. اجنبی۔ مسافر۔ سیل۔

اَتِي واَتَاوِيّ: اچانک آنے والا سیلاب۔

المَأتَى والمَأتَاةُ. جہت۔ سمت۔ کہا جاتا ہے [اَتَى الْاَمْرَ مِن ماتاهُ اَومَاتَاتِهِ اس نے معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔

اث (س ن ض) اَثَاثًا واُثوثًا و اَثَاثَةً. النَّبَاتُ والشَّعْرُ: گنجان ہونا۔ صفت (اَثٌ وَاَثِيث) ج اثاث۔

اَثَّثَ. الفِرَاشَ: بچھانا۔

تَاَثَّثَ. مال پانا۔

الْاَثَاثُ. سامان خانہ۔ سال۔

اَثَر (ن ض) اَثرًا واَثَارَةً واُثرَةً. الْحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ صفت مفعول (مَاثُوْرٌ) ـــهُ: اکرام وتعظیم کرنا۔

اَثِرَ (س) اَثَرًا. يَفْعَلُ كَذَا: کرنے لگا۔ لِلْاَمْرِ: پورے انہماک سے مشغول ہونا۔ عَلَيْهِ: پکا ارادہ کرنا عَلَيْهِمْ: اپنے لیے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔

اَثَّرَ فِيْهِ: اثر کرنا۔

آثَرَهُ اِيْثَارًا: اکرام کرنا۔ چننا۔ فضلیت دینا۔

اَثَرَ كَذَا بِكَذَا: پیچھے لگانا۔

تَاَثَّرَ واَئتَثَرَ. فُلَانًا: نقش قدم کی پیروی کرنا ـهُ وَ بِهِ: اثر قبول کرنا۔

اِسْتَاثَرَ. بِالشَّيءِ عَلَى الْغَيْرِ: اپنے لیے مخصوص کرلینا۔ ـــ اللّهُ بِهِ: وفات دینا۔

الأثَرُ: نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت۔ ج آثار و اُثُوْرٌ. عِلْمُ الْآثَارِ: پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے [خَرَجَ فِي (اَثره) وَ فِي (اِثْرِه) وہ اس کے بعد نکلا' وَعَلَى الْاَثَرِ یعنی فوراً۔

الاَثَرِيٌّ. ماہر آثار قدیمہ۔

اَلأُثُر والأَثْر. زخم کا نشان۔ آثار و اُثور.

اَلْاَثْر. تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور.

اَلْاُثْرَةُ. ج اُثَرٌ والْاَثَارَةُ. بقیہ علم۔ خاندانی وموروثی شرافت۔

اَلْاَثْرَةُ. پسندیدگی۔ ترجیح۔ خود غرضی۔

الاَثِيْر. تلوار کا جوہر۔ معزز۔ ج اُثَرَاء.

فَرَسٌ. اَثِيْرٌ: کھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔

الْاَثِيْر. قدماء کے نزدیک بمعنی نواں آسمان۔ اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی اور آواز دور تک جاتی ہے۔

حَدِيْثٌ مَاثُورٌ. وہ بات جو قرناً بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے۔ اور اسی سے ہے [اَلسَّيْفُ الْمَاثُوْرُ] خاندانی تلوار۔

المَأثُرَةُ اَلتمَأثَرَةُ. عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مَآثِرُ.

اَثَفَهُ (ن) اَثْفًا. پیچھے جانا، طلب کرنا۔

اَثَّفَ تَاثِيْفًا. القدر: پائے پر رکھنا۔

تَاَثَّفَ. الرَّجُلُ المَكَانَ: جم کے رہنا۔۔۔

الْقَومُ الْاَمْرَ وَ عَلَيْهِ:

اَلْاُثْفِيَّةُ. دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج۔ اَثَافِي. ثَالِثَةُ. الْاَثَافِيّ: پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں [کہا جاتا ہے] رَمَاهُ اللّهُ بِثَالِثَةِ الْاَثَافِيّ اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔

اَثَل (ن) اُثُوْلًا واَثُلَ (ک) اَثَالَةً. جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِيْلٌ و مُؤَثَّلٌ.

أَثَّلَ. المَالَ: زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔ المَرْءَ تعظیم کرنا المَجْدَ: مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔

تَاَثَّلَ. جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا المَالَ: کما کر بڑھانا۔ البِئْرَ: کھودنا۔

اَلاَثْلُ: جھاؤ کا درخت جو کہ ریت والے علاقے پانی کے قریب زیادہ پیدا ہوتا ہے عام طور پر زینت کے لئے بویا جاتا ہے کبھی کبھی اس سے چھوٹے بڑے پیالے بنائے جاتے ہیں۔ واحد اثلة ج آثال وواثلاث و اثول۔ [نحتَ اثلته] اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔

الاَثْلَةُ والاُثْلَةُ. گھریلو سامان۔ اصل سامان۔

الاَثْلَةُ والاَثَالُ والاُثَالُ: موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔

اَثِم (س) اِثْمًا واَثَمًا وآثَامًا و مَاْثَمًا: گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِیم ج اُثَمَاءُ وَآثِم ج اُثَمَةٌ.

اَثَم (ن ض) اَثْمًا. اللهُ فُلَانًا كَذَا: گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔

اَثَّمَهُ: گناہ کی طرف منسوب کرنا۔

آثَمَهُ: مبتلائے گناہ کرنا۔

تَاَثَّمَ: گناہ سے بچنا۔

الإِثْمُ. ج آثام والمَأْثَمَة و المَاثَم. ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔

اَلاُثْنُولُوجِیَا: انسانی اجناس کا نام ان کی خصوصیات ان کے اخلاق اور ان کی گروپ بندی کا علم۔(یونانی لفظ)

اَثَا (ن) اَثْوًا واِثَاوَةً واَثْیٌ (ض) اَثْیًا واِثَایَةً. بِهِ: چغل خوری کرنا۔

تَاَثَّوا و تآثَوا: بادشاہ کے پاس مقدمہ لے جانا۔

المَاثِیَةُ والمَاثَاةُ: چغل خوری۔

اَجَّ (ن) اَجِیجًا: بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ و اَجُوجٌ. اُجُوجًا. الماءُ: کھاری ہونا۔

اَجَّجَ. النَّارَ: بھڑکانا عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔

آجَّ. المَاءُ: کھاری ہونا۔ تَاَجَّجَ وتآجَّ وائتجَّ: بھڑکنا۔ اِئتَجَّ الحَرُّ. تیز گرم ہونا۔

الاُجَاجُ: بہت کھاری پانی۔

الاَجَّةُ: گرمی کی شدت ج اِجاج والاَجِیجُ: شور۔ چلنے کی آہٹ۔

اَجَدَہ و آجدہ واَجَّدَہ: قوی کرنا۔ مضبوط کرنا ناقةٌ اُجُدٌ: مضبوط اونٹنی۔

الإِجَادُ: چھوٹا طوق۔

المُؤَجَّد: مضبوط کیا ہوا۔ بناءٌ مُؤَجَّد: مضبوط عمارت۔ ثوبٌ مُؤْجَدُ النَّسِیجِ: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اَجَرَ (ض ن) اَجْرًا واِجارَةً وآجَرَ اِیجَارًا الرَّجُلَ عَلَی کَذَا: بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔

اَجَرَ(ن ض) اَجْرًا وآجاراً و اُجُوراً. العَظْمُ: جڑ جانا العَظْمَ: جوڑنا۔

اَجَّرَ. الطِّینَ: پکانا۔

آجَرَ مُؤَاجَرَةً. الرَّجُلَ: مزدور بنانا۔

اِیْجَارًا. الدَّاءَ فُلاناً و مِنْ فُلَانٍ: کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُؤْجِرٌ بکَسْرِ الجِیمِ ہے مُؤَاجِر نہیں۔

اِئْتَجَرَ: صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔ عَلَیْهِ بکَذَا: اُجرت پر مزدور ہونا۔

اِسْتَأْجَرَ. الدَّارَ: کرایہ پر لینا الرَّجُلَ: مزدور رکھنا۔

الاَجْرُ. ثواب۔ج اُجُورٌ وآجار.

الآجُرَّة: اینٹ۔ج الآجُرِّ.

الاُجْرة. ج اُجَر والاِجَارَةُ: کرایہ۔ مزدوری۔

الاَجِیرُ: مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ.

اِجّاص: آلو بخارا۔ زرد آلو۔

اِجّاصٌ: ناسپاتی ' املوث' آلوبخارا' واحد: اَجاصته

اَجَلَ (ن) اَجْلًا. عَلَیْهِ شرًّا: کسی کے خلاف شر اٹھانا۔

اَجِلَ (س) اَجَلًا. پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت اَجِل و اَجِیْلٌ.

اَجَّلَ. الشَّیءَ: مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔ الرَّجُلَ: درد گردن کا علاج کرنا۔

تَاَجَّلَ: پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔

اِسْتَاجَلَ: مدت معین کرانا۔

اَجَلْ: ہاں۔

الاَجَل: مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال.

الاَجْل: سبب۔ کہا جاتا ہے [مِنْ اجْلِكَ فعلْتُ هذا] تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔

الإِجْل: گردن کا درد۔ الاِجْل: نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجالٌ.

الآجِلُ وَالآجِلة: دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔

اَجَمَ (ض) اَجْمًا: اَجِیمًا و تَاَجَّمَ. النَّهارُ: سخت گرم ہونا۔ تَاَجَّمَ عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ تَاَجَّمَ الاَسَدُ: جھاڑی میں داخل ہونا۔

الاَجَمَةُ: گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ج اَجَم و اُجُم واَجمات جج آجام.

الاُجُم. قلعہ۔ج آجام.

اَجَنَ (ن ض) اَجْنًا و اُجُونًا واَجِنَ (س) اَجَنًا. الماءُ: رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن واَجِنٌ.

اَجَنَ (ن) اَجْنًا. الثَّوبَ: کپڑے کو دھونے کے لیے کوٹنا۔

الإِجَّانَةُ: کپڑے دھونے کا ٹب ج اَجَاجِین. تھالہ۔

المِئجَنَةُ وَ المِئجَنُ: دھوبی کی موگری۔ ج مآجِن.

اَحَّ (ن) اَحًّا: کھانسنا۔

الاُحَاحُ: پیاس۔ والاَحِیحُ والاَحِیحَةُ: غصہ۔

اَحَدَ و وَحَّدَ. المُتَعَدِّدَ: ایک کر دینا۔

العدد: ایک بڑھادینا۔
اتَّحَدَ: بہ اکٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ وائتحد: اکیلا ہونا۔
استاحَدَ: اکیلا ہونا۔
الْاَحد: ایک، اکیلا، یکتا۔ مؤنث اِحدیٰ. کہا جاتا ہے، فلانٌ احدُ الْاَحدین فلاں بے مثل ہے۔ اِحدَی الاَحد: بڑا عجیب معاملہ۔
اُحادُ: ایک ایک۔ کہا جاتا ہے، جاؤا اُحادَ او اُحادَ اُحادَ یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے
الْاَحد: اتوار کا دن۔ یک شنبہ۔ ج آحاد۔ اُحد۔
الْاحدیۃُ: یکتائی۔
اَحِنَ (س) اَحْنًا. پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔
آحنَ مُؤاحنۃَ الرَّجُلَ: کسی سے دشمنی رکھنا۔
الْاِحنۃ: کینہ ج اِحن۔
الْاُخْبوطُ والْاُخطُبُوْط. جگنو کی قسم کا ایک کیڑا۔
اَخذ(ن) اَخذًا وتَخاذًا. لینا۔ ہ وَ بہ: پکڑنا۔ ہُ بذَنْبہ: سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔ علی یدہ: کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شاربہ: چھانٹنا۔ کرنا۔ عنہُ: نقل کرنا۔ سیکھنا۔ علی نفسہ: نگرانی کرنا۔ فِیہِ الْخمْرُ: اثر کرنا۔ یَفْعلُ: کرنے لگنا۔ فِی کذَا: شروع کرنا۔ اِخذَہُ و باخذِہ: طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا۔
اَخّذَہُ: جادو کرنا۔
آخذَہُ مُواخذۃً: ملامت کرنا۔ عتاب کرنا۔
ہُ عَلی ذَنْبہ وبذَنْبہ: سزا دینا۔
اِتَّخذَ: کر دینا۔ بنا دینا۔ عاجز ہونا۔
اِتَّخذَہُ وتَخِذَہُ(س) تَخْذاً. صدیقًا: دوست بنالینا۔
اِسْتاخذَ: درد کی وجہ سے سر جھکانا۔
الْاُخذ: آشوب چشم۔

الْاُخذۃ: افسوں، منتر، درندوں کے شکار کے لیے گڑھا۔
الْاَخذَۃ. بے حسی یا اعضاء کی پیوست۔
الْاِخاذۃ. پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخاذات واخاذ اخاذ کی جمع اُخذ و اُخذ۔
الْاَخِیْذ: قیدی۔ ج اُخذی.
الْاَخِیْذۃ: لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال، غصب کیا ہوا مال۔
المَاْخذ: راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخذ.
اَلْمآخذ: پھندے، جال۔
مآخذُ الْکتاب علمی تحقیق کے مراجع۔
اَخّرَ تاخِیْرًا. ہُ عنہُ: پیچھے کرنا۔
تَاَخّرَ وَ اِسْتاخر. پیچھے رہنا۔
الْآخَر: غیر۔ ج آخرون مؤنث اُخرٰی و اُخْراۃ ج اُخرو اُخریات. بطور کنایہ بولتے ہیں ابْعد اللّٰہ الْآخرَ یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
الْاُخر: پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے اِشقّ الثّوبَ اُخراً وَمِنْ اُخر اُس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
الْاَخَر: دیری۔ کہا جاتا ہے جاء اَخرۃً و باخرۃٍ وہ آخر میں آیا۔
الْآخِر: پچھلا۔ ج۔ آخرون مؤنث اُخری ج اُخْرَیات. کہا جاتا ہے لَا افْعلہ آخر الدھر و اُخری اللیالیْ یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
اُخْرِیَاتُ الجُنینۃ: باغ کا آخری حصہ۔
الْآخِرۃ والْاُخری. دارالبقا اور نسبت کے لیے اُخْروِیٌّ.
الْمُؤْخر والْمُؤخِرۃ. ج مآخر والآخرۃ. من الْعیْنِ: کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤخِرۃُ الرَّحْل و مُؤخّرتُہ وآخرتُہ. کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
الْمِئْخارُ من النخل: کھجور کا درخت جس کا پھل جاڑے کے آخیر تک باقی رہے۔ ج مآخیر۔
مُؤخَّرُ الشّیءِ: چیز کا پچھلا حصہ
الْمُتاخّرُ وہ شخص جو کہ اپنے کلچر تہذیب و تمدن میں رسم و رواج کے چھوڑنے میں اہم لوگوں کے ساتھ نہ چلے۔
الْآخور اصطبل (گھوڑوں کو باندھنے کا مقام) (فارسی)
اخط زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔
اَخل انگوریوں کی ایک جنس جو پھول خوشبودار سبز و سفید پیدا کرتی ہیں۔

اَخا(ن) اُخوۃ. ہُ: بھائی یا دوست بننا۔
اَخیَ. لِلدّابۃ: اخیّہ بنانا (دیکھئے لفظ آخِیہ)
اَخی اِخاءً و مُؤاخاۃ واِخاوۃ. ہُ: بھائی یا دوست بننا۔
تَاَخّی. ہُ: بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا۔
توخّی: قصد کرنا۔
تآخیا: باہم بھائی بھائی ہونا۔
الْاَخ والْاَخّ والاخو والْاَخْو: بھائی۔ ساتھی۔ دوست۔ تثنیہ۔ اَخوان ج اِخْوۃ واُخوۃ واِخْوانٌ و اُخوانٌ واَخْوُن وآخاء. اور بقول بعض الاخوان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور الْاِخْوۃُ اس اَخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے۔ اور نسبت کے لیے اَخوِیّ واخیُّ.
الْاُخْتُ: بہن۔ ج اَخوات.
الْآخِیۃُ والْآخِیَّۃ: رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اُوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں۔ ج اَوَاخِیّ واَخایا واَوَاخ. کہا جاتا ہے شدَّ اللّٰہُ بیْنکما اواخی الْاِخاء اللہ تعالی تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔
اَخیُون ناگ پھنی۔
اَخیُون ایک انگوری جو سانپ سری کے نام

سے معروف ہے۔ طب میں اس کو غلیظ بلغم اور پیشاب آور کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ (یونانی لفظ)۔

اَدَّ (ض ن) اَدًّا. ہُ الْوَیْلُ: مصیبت کا اچانک آنا۔ الْاَمْرُ: بھاری اور دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: سفر کرنا۔

تَاَدَّدَ. الْاَمْرُ: سخت وہولناک ہونا۔ صفت اَدِیْدٌ.

اَلْاَدِیْدُ: شور۔

اَلْاِدُّ وَالْاِدَّۃُ. سخت ودشوار کام۔ مصیبت ج اِدَادٌ و اِدَدٌ.

اَدُبَ (ک) اَدَبًا: زیرک ودانش مند ہونا۔ صاحب ادب ہونا۔ صفت اَدِیْبٌ ج اُدَبَاءُ.

اَدَبَ (ض) اَدْبًا. و آدَبَ اِیْدَابًا. دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ اَدَبَہٗ و آدَبَہٗ دعوت میں بلانا۔ کہاجاتا ہے [اَدَبَہُمْ عَلَی الْاَمْرِ] اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کردیا۔

اَدَّبَ: مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔

تَاَدَّبَ. مہذب وشائستہ بننا۔ ادب سیکھنا۔ عَنْ فُلَانٍ: کسی کے اخلاق پر اُٹھنا۔ بہ: اقتدا کرنا۔

اِسْتَادَبَ. ادب سیکھنا۔

اَلْاَدَبُ. اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ زیرکی۔ خوش طبعی۔ ج آداب نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم ومعارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آداب مجلس۔ آداب درس وغیرہ، علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔

اَلْاُدْبَۃُ وَالْمَادَبَۃُ وَالْمَادُبَۃُ: کھانا جو دعوت کے لیے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب. صفت آدِبٌ.

اَدَمَ (ض) اَدْمًا. الْخُبْزَ: سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَادُوْمٌ. اَدِیْمٌ.

وآدَمَ اِیْدَامًا. بَیْنَ مُتَخَاصِمِیْنَ: صلح کرنا۔ اُلفت واتفاق پیدا کرنا۔

اَدَمَ (ن) اَدْمًا. اَہْلَہٗ: اپنے لوگوں کے لیے نمونہ بننا۔

اَدِمَ (س) اَدَمًا واَدُمَ (ک) اُدْمَۃً. گندم گوں ہونا۔

اِئْتَدَمَ. سالن سے روٹی کھانا۔

اَلْاِدَامُ. ہر موافق ومناسب چیز۔ سالن۔ ج آدَام و اُدُم.

اَلْاُدْمُ. ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جاسکے۔

اَلْاَدَمَۃُ والْاَدَمُ. چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ، کہاجاتا ہے [فُلَانٌ اِدَامُ قَوْمِہٖ و اَدَمُ بَنِیْ اَبِیْہِ واَدَمَۃُ قَوْمِہٖ] فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔

آدَمُ. سیدنا ابو البشر آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا اسم گرامی۔ افرادِ جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم. نسبت کے لیے آدَمِیٌّ.

اَلْآدَمُ. گندم گوں۔ مؤنث اَدْمَاء ج اُدْم.

اَلْاَدَّامُ. چمڑے کی تجارت کرنے والا۔

اَلْاَدِیْمُ. پکایا ہوا چمڑا۔ اَدِیْمُ النَّہَارِ: دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے: ظَلَّ اَدِیْمَ النَّہَارِ صَائِمًا: وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیْمُ الضُّحٰی: چاشت کی ابتداء۔ اَدِیْمُ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی۔ والْاَدِیْمُ مِنَ السَّمَاءِ اَوِ الْاَرْضِ. آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اَدَم و اُدُم و آدِمَۃٌ و آدَامٌ.

اَلْاُدْمَۃُ. قرابت۔ وسیلہ۔

اَدَا (ن) اُدُوًّا. الثَّمَرُ: پکنا۔ اللَّبَنُ: گاڑھا ہونا اَدْوًا. اللَّبَنَ: بلونا۔ الرَّجُلَ: دھوکا وفریب دینا۔

تَاَدَّی وَتَآدَی. آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لیے اسباب مہیا کرنا۔

اَلْاَدَاۃُ. آلہ۔ ج اَدَوَات.

اَلْاِدَاوَۃُ. چمڑہ کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوَی.

اَدَی (ض) اَدْیًا واَدَّی تَادِیَۃً. الشَّیْءَ: پہنچانا۔ ادا کرنا۔

آدَی اِیْدَاءً. تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَلَیْہِ: مدد کرنا۔

تَاَدَّی. لَہٗ مِنْ حَقِّہٖ: ادا کرنا۔ اِلَیْہِ الْخَبَرُ: پہنچنا۔

اِسْتَادَی. فُلَانًا الْمَالَ: لینا۔ عَلَیْہِ: مدد چاہنا۔

اَلْاَدَاءُ. ادائیگی۔ پہنچانا۔

اِذْ. زمانہ ماضی کے لیے ظرف ہے اور اس کے بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی جملہ کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے مَتَی جَاءَ کُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تعلمون یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیءُ تَعْلَمُوْنَ. اور کبھی مفاجاۃ کے لیے آتا ہے جیسے بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے [ضَرَبْتُ اِبْنِی اِذْ اَسَاءَ] میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا. زمانہ مستقبل کے لیے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے [اِذَا اجْتَہَدْتَ نَجَحْتَ] جب تم کوشش کروگے تو کامیاب ہوگے۔ اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے [خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ] میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذَارُ وَ اَذَار. ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اَلْاَذَرْیُوْنَ. سورج مکھی۔

اِذْمَا. حرف شرط ہے بمعنی اِن۔ اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ.

اِذَنْ وَ اِذًا: حرف جزا حرف جواب اور حرف مکافاۃ ہے۔ اگر فعل کو نصب دے تو نون کے ساتھ لکھا جائے گا ورنہ الف کے ساتھ۔ یہ حرف یا توسببیت کے پیدا کرنے پر دلالت کرے گا فعل کے ساتھ متصل ہونے کی صورت میں فعل مضارع کو نصب دے گا۔ قسم اور لا نافیہ کے بغیر فعل مضارع سے متصل نہ ہوگا۔ اگر وہ حال میں حاصل شدہ سبب پر تنبیہ کرے تو اس وقت عامل نہ ہوگا۔ جیسے اذا ھذا ھوا

الصواب-

اَذَارُ آذار کتیس (۳۱) دنوں کا ماہ جس کو شمسی عیسوی سال میں مارچ بولا جاتا ہے- (سریانی لفظ ہے)

الْاَذْرِیُوْنَ ایک پھول کا نام جس کا رنگ مالٹا جیسا جسے ہوتا ہے باغوں میں کثرت کے ساتھ لگایا جاتا ہے-

اَذِنَ (س) اَذَنًا. اِلَیْهِ وَلَهٗ کان لگانا- سننا- کہا جاتا ہے [حَدَّثْتُهٗ فَاَذِنَ لِیْ اَحْسَنَ الْاَذْنِ] میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی-

اِذْنًا واِذِیْنًا. لَهٗ فِی الشَّیْءِ: اجازت دینا- مباح کرنا اِذْنًا واَذَنًا واَذَانًا واَذَانَةً بِالشَّیْءِ: جاننا-

اَذَنَهٗ (ن) اَذْنًا کان پر مارنا- گوشمالی کرنا-

اُذِنَ. کسی کے کان میں درد ہونا-

آذَنَ اِیْذَانًا. فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ: جتلانا- آگاہ کرنا الرَّجُلَ: کان پر مارنا الْعُشْبُ: خشک ہونے لگنا وَاَذَّنَ تَاْذِیْنًا. بِالصَّلَاةِ: اذان دینا-

اَذَّنَ الْوَلَدَ: کان گرم کرنا-

تَاَذَّنَ. قسم کھانا الْاَمْرَ: آگاہ کرنا- جتلانا- بِالشَّرِّ: ڈرانا- الْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ: امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا-

اِسْتَاْذَنَ هٗ: اجازت طلب کرنا- عَلَیْهِ: اندر آنے کی اجازت مانگنا-

الْاِذْنُ. اجازت علم، کہا جاتا ہے فَعَلَهٗ بِاِذْنِیْ اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا-

اُلاذْن والْاُذُن: کان (مؤنث) ج آذَانٌ تصغیر اُذَیْنَة. آذَانُ الْفَارِ و الْجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و الْفِیْلِ: مختلف حیوانات کے کان

اُذُنُ الْكُوْزِ: ٹونٹی- کہا جاتا ہے فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْآذَانِ فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے [هِیَ اُذُنٌ هُمَا اُذُنٌ هُمْ اُذُنٌ] اور کہا جاتا ہے [جَاءَ نَا شِرًا اُذُنَیْهِ] وہ لالچ کرتا ہوا آیا وَجَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْهِ وہ غافل ہو کر آیا-

الْاِذْنَة: خواہش-

الْاَذَان: خبردار کرنا-

الْاَذَنُ والْاُذَانِیُّ: بڑے کان والا-

الْاَذِیْن والْمُؤَذِّنُ اذان دینے والا-

الْاَذِیْنُ: سردار- لیڈر- کفیل-

الْمِئْذَنَة: اذان دینے کی جگہ- منارہ- ج مَآذِن.

اَذِیَ (س) اَذًی وآذَاةً تکلیف پانا- صفت آذٍ.

آذَی اِیْذَاءً. الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا-

تَاَذَّی. تکلیف اٹھانا-

الْاَذَی والْاَذِیَّة والْاَذَاة. تکلیف، رنجش

الْاَذِیُّ: تکلیف زدہ-

الاَذِیُّ. سخت تکلیف پہنچانے والا- سخت تکلیف پانے والا-

الْآذِیُّ: موج دریا- ج اَوَاذِیُّ.

اَرِبَ (س) اَرَبًا. ماہر ہونا- صفت اَرِبٌ اَرِیْبٌ. مؤنث اَرِیْبَة. اَرِبَ بِالشَّیْءِ: مشتاق ہونا- ماہر و دانا ہونا اِلَیْهِ: محتاج ہونا- الرَّجُلُ: کسی کے اعضا کا گر جانا عَلَیْهِ: قوی ہونا-

اَرَبَ (ض) اَرْبًا. الْعُقْدَةَ: مضبوط گرہ لگانا الرَّجُلَ: عضو پر مارنا-

اَرُبَ (ک) اَرَابَةً واِرْبًا. عقل مند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ واَرِبٌ.

اَرَّبَ. الشَّیْءَ: مضبوط کرنا اَلشَّاةَ: ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا-

آرَبَهٗ مُؤَارَبَةً. فریب دینا، دھوکا دینا-

آرَبَ اِیْرَابًا. عَلَیْهِمْ: کامیاب ہونا-

تَاَرَّبَ: بتکلف زیرک بننا الْاَمْرُ: دشوار ہونا-

اِسْتَارَبَ: مغالطہ دینا- دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا- قرض لینا-

الْاَرَبُ: حاجت، ضرورت، انتہاء- ج آرَابٌ.

الْاِرْبُ: عضو- کہا جاتا ہے [قَطَعْتُ الذَّبِیْحَةَ اِرْبًا اِرْبًا] یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا- ضرورت- ج آرَاب. والْاِرْبَة. چالاکی- حیلہ-

الْاَرْبُ: انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ-

الْاُرَبُ. چالاکی- پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے-

الْاُرْبَة: گرہ- کتے کے گلے کا پٹہ ج اُرَب.

الْاُرْبِیَّة: ران کی جڑ-

الْاُرْبِیَان. جھینگا مچھلی-

الْمَارَب والْمَارَبَة بتثلیث راءَ مَآرِبَة: حاجت ج مَآرِب.

اِرْث: دیکھئے مادئہ ورث.

اَرَّثَ: بھڑکانا. بَیْنَهُمْ: فساد کی آگ بھڑکانا-

تَاَرَّثَتْ: النَّارُ: بھڑکنا-

الْاُرْثَة والْاِرَاثُ: ایندھن-

اَرِجَ (س) اَرَجًا واَرِیْجًا وتَاَرَّجَ: خوشبو دینا، مہکنا- صفت اَرِجٌ. اَرِجَ النَّاسُ: رونے میں آواز بلند کرنا-

اَرَجَ (ض) اَرْجًا. اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ: حق میں باطل کی آمیزش کرنا-

اَرَّجَ. الْقَوْمَ وَبَیْنَهُمْ: اکسانا، ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا- صفت اَرَّاجٌ النَّارَ: روشن کرنا-

اَلْاُرْجُوَان: ایک پھولدار درخت کا نام- سرخ رنگ- سرخ رنگ کے کپڑے-

ارجون (علم کیمیا) ایک قسم کی گیس ہے جو کہ ہواء میں قلیل مقدار میں پائی جاتی ہے بجلی کے چراغ چلانے میں کام آتی ہے- اس کی علامت (۸) ہے-

اَرَّخَ تَارِیْخًا وآرَخَ مُؤَارَخَةً. الْكِتَابَ: تاریخ لکھنا-

التَّارِیْخ: وقت کا بیان کرنا. تَارِیْخُ الشَّیْءِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت- ج تَوَارِیْخ.

عِلْمُ التَّارِیْخِ. ایسا علم جس میں حوادث

وواقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔
الأرخبیل: ایک جگہ پر ملے جلے جزیروں کا مجموعہ۔
ارخوجیولوجیا یا ارکیولوجیا: پرانی تعمیرات اور آثار قدیمہ کا علم
الإردبُ: ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (۲۴) صاع غلہ آتا ہے۔
ارزَ (ن ض ف) ارْزًا و اُرُوزًا: سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے | فلانٌ یارزُ الی وطنه | فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔ اللیلُ: ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیْز و آرز وآرُوز۔ اور کہتے ہیں | بِتْنَا لَیْلَةً آرِزَةً یا رُزْمَنْ فِیْهَا لشدَّةِ بَرْدِها | ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جارہا تھا۔ وَارَزَتْ اَصَابِعُهُ مِنَ الْبَرْدِ اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں | وَ شَجرةٌ آرِزَةٌ | وہ درخت جو جڑ پکڑے۔
اَرِیْزُ. القَوم: قوم کا سردار۔
الْاَرْز. صنوبر کا درخت۔
الأرْزِیَّةُ: صنوبر کی ایک اعلیٰ قسم جس کی لکڑی انتہائی قیمتی ہوتی ہے پہاڑوں اور سرد علاقوں میں پیدا ہوتا ہے۔ مشرق وسطی میں اس کا کوئی وجود نہیں۔
الْاُرُز و الْاَرُز و الْآرُزُّ والرُزُّ. چاول۔ دھان۔
الإِسْتقراطِی. عزت دار طبقہ کا ایک فرد۔
الإِسْتقراطِيَّةُ عزت دار طبقہ۔
اَرَشَ (ن) اَرْشًا. ہ: بھڑکانا۔ دیت دینا۔
اَرشیمندریت عیسائی مذہب کا اعلیٰ عہدہ دار۔
اَرَّشَ. بَیْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اکسانا۔ الحرْب او النّار: بھڑکانا۔
الْاَرْش دیت۔ رشوت۔ ج اُرُوش۔
اَرِضَ(ن) اَرْضًا وَارُضَ(ک) اَرَاضَةً. المَکَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت اَرِیْضٌ.

ارضتْ (س) ارضا وارِضتْ. الخشبةُ: دیمک خوردہ ہونا۔
اَرَّض. الکلامَ وغیرہ. آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔
تَاَرَّض. بالمکان: اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا لکذا: در پے ہونا۔
اسْتارَض. السَّحابُ: زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔
الْاَرْضُ. زمین۔ ج اَرْضُوْن و اُرُوض واراض و آرَاض. زکام۔ جوڑی بخار۔ کہا جاتا ہے | اتانا ابنُ ارض | ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا | ارضُ النّعلِ | جوتہ کی تلی۔
الْاَرَضةُ. ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے دیمک۔ ج اَرَض
الارضی شوکی لذیذ انگوری جس کی چقندر بولا جاتا ہے۔
الْاَرْطی. ایک درخت جس کا پھل عناب کی مانند سرخ ہوتا ہے۔
ارطماسا جس کو شیح بھی عربی میں بولا جاتا ہے، دمشق کے علاقہ کا ایک گھاس جو جنگل میں پیدا ہوتا ہے۔
ارْطنیا: کلدستوں میں استعمال ہونے والا ایک پودا
الْاُرْغُن و الْارْغنون. آرگن۔ ایک قسم کا باجہ۔
الارغل: آلہ موسیقی مشرقی علاقے میں استعمال ہوتا ہے۔ کانا کے دو ٹکٹوں میں جوڑ لگا کر سوراخ بنائے جاتے ہیں ان سوراخوں پر انگلیاں رکھ کر آواز پیدا کی جاتی ہے۔
ارِق (س) ارقًا و ائترق. رات میں نیند نہ آنا۔ صفت ارِق و آرِق وارِق وارُق. آخر کا کلمہ اُس شخص کے لیے ہے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔
ارَّقه تاریقا وآرقه ایراقا۔ بیدار رکھنا۔
الیرقان والأرقان والارقان والارقان والأرقان والأراف. یرقان. بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہو جاتا ہے۔

الارَف: درختوں اور پودوں کا رس چوسنے والا کیڑا۔
ارَك (ن ض) اُرُوکا. الجملُ: پیلو کے پتے کھانا۔
الاریقی گلابی رنگ کا ایک پودا۔
ارِك (س) ارَکا وارِك. الجملُ: پیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔ ارِك و ارِك الجرحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔
الاراك درخت پیلو۔ واحد اراكة ج اُرُك و ارائك.
اِنْتَوَیٰ واِتَّوَیٰ: پناہ لینا لَهٗ: ترس کھانا۔
المَاوَیٰ والمأوَاة: ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
اِبْنُ آوَیٰ: گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابو زُهْرَه کہتے ہیں۔ ج بنات آوَیٰ.
الْآیَةُ: علامت مِنَ الْکِتَابِ: آیت
الْآیَةُ: عبرت۔ آیٌ و آیَاتٌ.
آیَةُ الرَّجُلِ: وجود۔ کہا جاتا ہے ''خَرَجَ الْقَوْمُ بِآیَتِهِمْ'' قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔
اَیْ. حرفِ نداء ہے جیسے ''اَیْ زَیْدُ'' حرفِ تفسیر جیسے ''رَاَیْتُ غَضَنْفَرًا اَیْ اَسَدًا''
اِیْ: ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے ''اِیْ وَاللّٰهِ''

اَیّ اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔
(۱) شرط کے لیے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "أَيًّا تَضْرِبْ أَضْرِبْ" جس کو تو مارے گا میں ماروں گا۔
(۲) استفہام کے لیے جیسے "أَيُّكُمْ اَتَى" تم میں سے کون آیا؟
(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ عَلیٰ اَیُّهُمْ اَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔
(۴) مال کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زَیْدٌ رَجُلٌ اَیُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف باللہ منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے یَا اَیُّهَا الرَّجُلُ۔
اِیَّا: وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِیَّاكَ اَعْنِیْ"
اَیَا: بعید کے لیے حرف ندا ہے اور کبھی ہمزہ کو ھ سے بدل کر ھیا بولتے ہیں۔
آدَ یَئِیْدُ اَیْدًا وَ آدًا. مضبوط و سخت ہونا۔
اَیَّدَهٗ تَاْیِیْدًا وَ آیَدَهٗ مُؤَایَدَةً: قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَیِّد و مُؤْیِد) صفت مفعولی مُؤَیَّد و مُؤْیَد (تَاَیَّدَ:) قوی ہونا۔
اَلْاَدُو الْاَیْدُ: قوت۔
اَلْاِیَاد: ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لیے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسمانی۔ مضبوط پہاڑ۔ اِیَادُ الْجَیْشِ: فوج کا دایاں و بایاں بازو۔
اَلْاَیِّدُ: قوی۔
المؤَیِّدُ: بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِدُ مُؤَایِد۔
اَیَّار: ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)
اِیْبِیْکَا: پیٹ کی صفائی کے لئے دوائی استعمال کی جاتی ہے۔
اِیْدِیُوْ لُوجِیَا: تصورات اور افکار میں بحث کرنے والا فن۔ ایک خاص مذہب جو افکار کو ہی بنیاد تصور کرتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَیِسَ(س) اِیَاسًا. مِنْهُ ناامید ہونا۔ صفت (آیِس)
اَیَّسَهٗ وَ آیَسَهٗ اِیْئَاسًا ناامید کر دینا۔
اَلْآئِسَة: پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔
آضَ یَئِیْضُ اَیْضًا: لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَهٗ اَیْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔ ایضاً پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔ ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِهٖ بَیَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔
اَلْاَیْقُوْنَة: مجسمہ اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ اَلنُّصْمَةُ ہے۔
اَیِكَ(س) اَیْكًا وَاسْتَایَكَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔
اَلْاَیْكُ: گنجان درخت۔ واحد (اَیْكَة)
اَلْاَیِكُ: پھل دار۔
اِیْل. عبرانی میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ معنی قوی قدیر۔
اَلْاُیَّل وَ الْاَیِّل وَ الْاِیَّل. بارہ سنگھا ج اَیَائِل.
اَیْلُوْل: ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)
آمَ یَئِیْمُ اَیْمَةً وَ اُیُوْمًا وَ اَیْمًا. الرَّجُلُ مِنْ زَوْجَتِهٖ اَوِ الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا: رانڈ و بیوہ ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (اَیِّم) ج اَیَائِم وَاَیَامٰی وَاَیِّمُوْن وَاَیِّمَات.
اَیَّمَه: رانڈ بیوہ کرنا۔
تَاَیَّمَ: عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔
اَلْاَیْم: سانپ۔ نر اژدہا۔ ج ایوم.
اَیْمُ اللّٰه: اللہ کی قسم۔
اَلْآمَة: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ مَاْیَمَةٌ مَیْتَمَةٌ" لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے
آنَ یَئِیْنُ اَیْنًا: وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "آنَ لَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔
اَلْاَیْنُ: تھکن۔ ماندگی۔
اَلْآنَ وَ الْاَوَان مادہ اون دیکھو۔
اَیَّانَ اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَیَّانَ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔ اسم استفہام جیسے "اَیَّانَ تَرْجِعُ" تو کب واپس ہو گا؟ اور متی کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔
اَیْنَ: اسم ظرف ہے بمعنی کہاں جیسے "اَیْنَ یُوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "اَیْنَ اَوْ اَیْنَمَا تَقِفْ اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہو گا میں کھڑا ہوں گا۔
اَیُون بجلی کے مجموعات میں سے ایک ذرہ جب اس بجلی میں کمی ہو جائے تو ایون موجب ہوتا ہے اور جب زیادتی ہو جائے تو ایون سالب (منفی) ہوتا ہے۔
اِیْه: کچھ اور کہو۔ یا کرو۔ یا سناؤ۔
ایا وَاِیَاءٌ وَاَیَاةٌ وَاِیَاةٌ. الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔ والایاة: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لیے مستعمل ہے۔
اَلْبَاءُ دُوسرا حرف ابتدائی حروف میں سے۔
اس کا مخرج دونوں ہونٹوں کا ملنا ہے۔
حساب جمل میں اس کا نمبر (۲) ہے۔

(۱) الصاق: جیسے "اَمسَكْتُ بِالغُلامِ" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔
(۲) اِستعانة: جیسے "کَتَبْتُ بِالقَلَمِ" میں نے قلم سے لکھا۔
(۳) مصاحبت: "اِذْھَبْ بِسَلامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ۔
(۴) ظرفیت: جیسے "سَارَ بِاللَّیلِ" وہ رات میں چلا۔
(۵) بدل: جیسے "بَاعَ الکُفرَ بِالایمانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔
(۶) تعدیہ: جیسے "ذَھَبْتُ بِهٖ اِلَی البَیتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔
(۷) قسم: جیسے "باللّٰه" اللہ کی قسم۔
(۸) سببیت: "لَقِیتُ بِزَیدٍ الاَھوالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔
(۹) تاکید اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔

کان منفی کی خبر میں جیسے "وَمَا کَانَ بِمُنکَرٍ" یہ منکر نہیں۔ لیس کی خبر میں جیسے "لَیسَ زَیدٌ بِقَائِمٍ" زید کھڑا نہیں ہے۔ ما مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں ہے۔

اور افعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِهٖ اَحْسِنْ بِهٖ" اور نفس و عین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الوَزِیرُ بِنَفسِهٖ" وزیر خود آیا۔

اور کفی کے فاعل پر جیسے "کَفیٰ بِاللّٰهِ شَهِیدًا"

اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفیٰ بِالمَرءِ کَذِبًا اَنْ یُحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ" اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے "بِحَسْبِكَ دِرْھَمٌ" بجائے "حَسْبُكَ دِرْھَمٌ" کے۔

اور اِذا فجائیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَیدٍ فِی الطَّرِیقِ"۔

اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فَمَا رَجَعَتْ بِخَائِبَةٍ رِکَابٌ"۔

اور کبھی عن و علیٰ و الیٰ کے معنی میں آتا ہے۔

اَلْبَابَا: پوپ ج بَابَوَات نسبت کے لیے (بابوی)

بَابَا: ہٗ وَ بِهٖ بہٖ بھی سے بابی و انتَ و امی کہنا۔ الولدُ بابا کہنا۔

البُؤبُؤ: اصل درمیانی حصہ۔ آنکھ کی پتلی۔ عالم۔ خوش طرح سردار۔

بابل فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دار السلطنت تھا۔ جس کو نمرود نے بسایا تھا۔

البابلی جادوگر۔ شراب۔ زہر۔

البابور: اسٹیمر۔ اس کی عربی باخرہ ہے

البَابُونَج والبَابُونِج بابونہ۔

بَاتُولُوجیا علم طب کی ایک قسم جس میں بیماریوں کی تشخیص، علامات اور اسباب کی بحث ہوتی۔

بَأجَ (ف) بأجًا وبأجٌ چلانا۔

البَأجُ والبَاجُ: قسم۔ شکل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَلنَّاسُ بَأجٌ وَاحِدٌ" لوگ ایک روش طریقہ پر ہیں۔ والباج ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے۔

الباجوج ج بوابیج جوتیوں کی ایک قسم (فارسی لفظ، فرانسیسی لفظ)

البادزھر زہر باد (ایک بیماری کا نام)

البَاذِنجان والبَاذَنجان بینگن۔

بَأرَ (ف) بَأرًا وابتأر بھودنا الشیٔ: چھپانا۔ ذخیرہ کرنا الخیر: پوشیدہ طور پر کرنا۔ أبأر فلانًا کسی کے لیے کنواں بنانا۔

البِئرُ کنواں۔ ج آبار وأبآر وبِئار و أبؤُر (کلمہ مؤنث ہے)

البُؤرة گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔

اَلْبَارَامُون۔ البیرمون عیسائیوں کا یوم عید (یونانی)

البَارنَامَج والبَرنَامَج بجٹ۔ فہرست حدیث کے راویوں اور اسنادِ کتب کی فہرست۔

البارود بارود۔

البَارُودَة بندوق۔ ج بوارید

البارون نفسی ممتاز شخصیت کا لقب جس کو یورپ میں اراضی تحفہ حکومت وقت دیا کرتی

تھی۔(فرانسیسی)

البَاز. ج بِئزان و بُؤوز و اَبْؤز و (اَلبَازُ و البَازِی)ج اَبْواز و بِوَاز و بِیْزان و بُزاۃ: باز.

البَازْدَار. بازوغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا۔ ج بَزَادِرَۃ.

البَازَار. بازار۔

البَازْرکان. سوداگر۔

اَلْبَازقْلِیط: عیسائیوں کے نزدیک روح مقدس اقنوم ثالث جس کا ترجمہ فریاد طلب کیا گیا۔ (یونانی)

باریوم: سفید دھات جس کی علامت Ba ہے۔

البَازْهَر. دیکھئے۔ بادزھر.

بَؤُسَ (ک) بَاسًا. مضبوط و بہادر ہونا۔ صفت (بَئِس و بَئِیْس)

بَئِسَ (س) بُؤسًا و بَئِیْسًا و بُؤُوسًا و بُؤسی. سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائِس)ج بُؤس.

بِئسَ. فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لیے مستعمل ہے اور بَئِسَ الرَّجُلُ سے بنا ہے۔

اَبْاَس. مصیبتیں پڑنا: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔

تَبَائَس. بتکلف مفلس بننا۔

اِبْتَأَسَ. ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔ اور اسی سے ہے "لا تَبْتَئِسْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ" جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔

البَأْس. بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لَا بَأسَ بِهٖ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَأسَ عَلَیْكَ: تمہارے اُوپر کوئی خوف نہیں۔ لَا بَأسَ فِیْهِ: اس میں کوئی حرج نہیں۔ لَا بَأسَ اَنْ تَعْرِفُوْا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔

البُؤْس. ج اَبْؤُس و (البَاسَاء و البُؤسی) شدت و محتاجی۔ والبَاسَاء: لڑائی۔ بھوک۔

بَنَاتُ بِئسٍ: مصیبتیں۔

بِئسَ. و بَئِسَ العَذَابُ: سخت عذاب۔

اَلْبَاسِلِیق. کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔

بَاش. رئیس. باش کاتب۔ ہیڈ کلرک۔

البَاشَا. پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج باشادات و بَاشَات.

البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔

تَبَأَّط. لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔

بَاقَهٗ (ن) بُؤُوْقًا و اِنْبَاق. عَلَیْهِ الْوَیْلُ: اچانک آنا۔

البَاقَة: گلدستہ۔

بَؤُلَ (ک) بَوْؤُوْلَة و بَالَة. کمزور اور ذلیل ہونا۔ صفت (بَئِیْلٌ)

بَالَطو: گلاج اس کی عربی معطف ہے۔

بَابُوتُولُوجِیَا: جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔

بَان: لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔

البَال. وھیل مچھلی۔

البَالَة: عِنْدَ التَّجَارِ: کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح عربی اَمَالَة ہے۔

البَالُو. ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے۔(جدید)

اَلبَالُوْن. غبارہ۔ اس کی فصیح عربی مُنْطَاد ہے۔(جدید)

بَانطَلُون: پتلون شروال کی طرح انگریزی پاجامہ۔

اَلْبَامِیَا. بھنڈی ترکاری۔(جدید)

بَاهَ (ف) بَاهًا. سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَاهَ لِلْاَمْرِ اَوْ بِالْاَمْرِ" اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

اَلْبَاوبَاب: موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

بَاٰیَ (ف) بَأْوًا. عَلَیْهِمْ: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔

بَای: مالدار، یا صاحب گھر (ترکی زبان میں) ایشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادۃ کو بولتے ہیں۔

البَبْر والبَبَر. شیر ببر۔ ج بُبُور.

البَبْغَاء والبَبَّغَاء والبَبَغَاء. طوطا۔ ج بَبْغَاوَات

بَتَأَ(ف) بَتْأً. بِالْمَکَان: اقامت کرنا۔

بَتَّه(ن ض) بَتًّا و اَبَتَّه اِبْتَاتًا: کاٹنا۔ اَلْاَمْرَ: نافذ کرنا۔ النِّیَّةَ: پختہ ارادہ کرنا۔

بَتَّتَه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا۔ الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا۔

تَبَتَّتَ. ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔

اِنْبَتَّ: کٹ جانا۔

البَاتُّ. کاٹنے والا۔ دُبلا۔ بَیْعٌ بَاتٌّ: لازمی بیع

الْبَتَّة: بَتَّ کا اسم مرۃ۔ الْبَتَّةَ وَبَتَّةً وبتاتًا: یقینًا. کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ اَلْبَتَّةَ" میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔

البَتَّات و لبَتِّی. موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔

البَتِیَّة: لکڑی کا پڑاپیا۔ ج بَتَاتِیّ.

البَتِّیْ: اُونی رومال۔

بَتَرَهٗ(ن) بَتْرًا. کاٹنا۔

بَتِر(س) بَتَرًا و اِنْبَتَرَ. کٹ جانا۔

اَبْتَرَهُ. اللّٰهُ: بےاولاد کردینا۔

البَاتِر والبَتَار والبَتَّار. شمشیر براں۔ ج بَوَاتِر.

الْاَبْتَر. کٹا ہوا۔ دُم کٹا مِنَ الْحَیَّاتِ: چھوٹا یا زہریلا سانپ۔ لاولد۔ الْاَبْتَرَان: غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بَتْرَاء. والبَتْرَاءُ مِنَ الخُطَبِ: وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔

اَلْبِتْرُول: زمین کی معدنیات میں سے ایک اعلیٰ قسم کا پٹرول

بَتِعَ (س) بَتَعًا. مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَبْتَع) مؤنث بَتْعَاءُ ج بُتْعٌ.

الْاَبْتَع. پُر گوشت گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا کُلُّهُمْ اَبْتَعُوْن" وہ سب کے سب آئے۔

بَتَکَه (ن ض) بَتْکًا و بَتَّکَهٗ ۔کاٹنا۔

تبتك وانبتك: کٹنا۔
البتکة: ٹکڑا۔ ج بتك۔
الباتك والبتوك: کاٹنے والا۔ تلوار۔
بتل (ن ض) بتلًا و بتّل. الشیءَ: کاٹ کر جدا کرنا۔
بتّل و تبتّل: دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
انبتل: کٹنا۔
عطاء (بتل): بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البتول: غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔
البتولة والبتولیّة: تجرد کی حالت۔
البتیل: دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصے کی نالی۔ خصر بتیل: تلی کمر۔ ج بتل۔
ابتولا: معقول آمدن والے خوبصورت عمدہ لکڑی والے درخت جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔
بثّ (ن ض) بثًّا وبثّث. الخبرَ: خبر پھیلانا۔
بثّ وباثّ وابثّ. فلانًا الخبرَ: آگاہ کرنا۔ بتانا۔
تباثّ. القومُ الاسرارَ: ایک دوسرے کو راز بتانا۔
انبثّ: پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اُڑنا۔
البثّ: پراگندگیِ حال۔ سخت غم۔
بثبث: الخبرَ: پھیلانا۔ الغبارَ: اُڑانا۔
بثَر (ض) وبثِر (س) وبثُر (ک) بثرًا وبثرًا وبثورًا وتبثّر. وجهُه: چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بثِر و بثیر)
الباثر: فا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی۔ حاسد۔
البثیر. بہت. کہا جاتا ہے "کثیر بثیر"
المبثور: بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔
بثِع (س) بثعًا. الشفةُ خاصّةً: کثرتِ خون سے سرخ ہونا۔
الأبثع: وہ شخص جس کے ہونٹ کثرتِ خون سے سرخ ہوگئے ہوں۔ مؤنث بثعاء ج بثع.

بثق (ن) بثقًا و تبثاقًا و بثقَ النهرَ: پانی اچھی طرح بہنے کے لیے دریا کے بند کو توڑ دینا۔
انبثق: الماءُ: بہہ پڑنا۔ بالکلام: تیز بولنا۔
البجّ: پرندے کا بچہ۔
بجّه (ن) بجًّا: پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بجّ الکلاءُ الناقةَ: موٹا کرنا۔
الأبجّ: کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بجّاء کہا جاتا ہے "عینٌ بجّاءُ" کشادہ آنکھ۔
بجبج: الصبیَّ: بچے کو بہلانا۔
تبجبج: اللحمُ: ڈھیلا ہونا۔
بجِح (س) بجحًا. به: خوش ہونا۔
البجباج: موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔
رملٌ بجباجٌ: جمع شدہ ریت
تبجّح: فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البجّاح: بہت فخر کرنے والا۔
بجد (ن) بجودًا وبجّد. بالمکان: اقامت کرنا۔
البجد. من الناس: جماعت من الخیل: سو اور سو سے زائد گھوڑے۔
بُجدةُ الامرِ و بَجدَته و بُجُدته. حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے "عنده بُجدةُ الامرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وهو ابنُ بجدةِ الامرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البجاد: دھاری دار کپڑا۔ ج بُجد.
بجِر (س) بجرًا. الرجلُ: موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بجِر و ابجر)
تبجّر: النبیذَ: پینے میں زیادتی کرنا۔
الباجر: فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بجرة.
البُجر. ج اباجر واباجیر و (البُجری) ج بجاریّ. برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لقیتُ منه البجاریَّ" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔

البُحُور بحورِ علماء عروض کی اصطلاح میں شعروں کا وزن۔
بجس (ن ض) بجسًا و بجّس. الماءَ: پانی جاری کرنا۔ الجرحَ: زخم چیرنا۔
بجس وانبجس وتبجّس. الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔
البجس والبجیس: بہنے والا۔ عینٌ بجیسٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ ماءٌ بجیسٌ: بہتا ہوا پانی۔
بجعه (ف) بجعًا. تلوار سے کاٹنا۔
البجع: ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعة.
بجَل (ن) وبجِل (س) بجلًا و بجولًا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجل)
بجُل (ک) بجالةً و بجولًا: معزز ہونا۔ صفت (بجیل)
ابجله الشیءُ: کافی ہونا۔
بَجَل: حرفِ جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب۔ تم کہتے ہو "بجلك" یعنی تمہارے لیے کافی ہے۔
بجم (ض) بجمًا وبجومًا: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔
بجّم: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔
بحّ (س) بحًّا وبححًا و بحوحًا و بحاحًا و بحوحةً و بحاحةً: گلوگرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابحّ) مؤنث بحّاء. ج بُحّ.
ابحّه و بحبحه: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔
البُحّة: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔
بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔
تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ "تبحبحتِ العربُ فی لغاتها" توسع کرنا۔

بُحْبُوحَةُ الدار: وسط۔ درمیان۔
اَلْعَیْش: فراخی زندگانی۔
بَحُتَ(ک) بُحُوحَتَۃً: خالص ہونا۔
بَاحَتَہ. الوُدَّ: خالص دوستی کرنا فُلَانًا: بتانا۔
اَلْبَحْت: محض خالص۔ شَرَابٌ بَحْتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مِسْکٌ بَحْتٌ: خالص مشک۔ عَرَبِیٌّ بَحْتٌ: خالص نسب والا عربی مؤنث بَحْتَۃٌ. بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔
اَلْبُحْتُر و البُحْتُرِی: پست قد گٹھے بدن والا۔
بَحَثَ(ف) بَحْثًا. فِي الْاَرْضِ: کھودنا۔ اور اسی سے مثل ہے "کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے
بَاحَثَہٗ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔
تَبَاحَثُوْا: باہم گفتگو کرنا۔
بَحْثَر الشَّیٔ بَحْثَرَۃً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔
ف تَبَحْثَرَ. بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔
بَحِرَ(س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت(بَحِرٌ)
بَحَرَ (ف) بَحْرًا. الْاَرْضَ: شق کرنا النَّاقَۃَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی(بحیرۃ) بَحَائِر و بُحُر.
البَاحِر. مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔
البَاحُوْر والبَاحُوْرَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ اَلْبَاحُوْرُ: چاند۔
اَلْبُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوت مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
اَلْبَحْرَیْن: ایک شہر کا نام نسبت کے لیے (بحرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخْ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لیے مستعمل ہے اور تاکید کے لیے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ وا۔ آفرین شاباش۔
بَخْبَخَ. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔
بَخْبَخ و تَبَخْبَخَ. اَلْحَرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَہ(ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَہٗ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
اَلْبَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لیے فصیح لفظ اَلْحَظُّ ہے)
اَلْبَخِیْت وَالْمَبْخُوتِ: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَۃً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
اَلْبَخْتَرِیَّۃُ والتَّبَخْتُرِیَّۃُ: متکبرانہ چال۔
بَخَرَت (ف) بَخْرًا. اَلْقِدْرُ: بھاپ نکلنا۔
بَخِرَ(س) بَخَرًا. اَلْفَمُ: گندہ ذہن ہونا۔ صفت(اَبْخَر)
تَبَخَّرَ. دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
اَلْبُخَارُ: بھاپ ج اَبْخِرَۃ
البَاخِرَۃ. اسٹیمر۔
اَلْبُخُور: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبْخِرَۃ و بُخُورات.
بَخُوْرُ مَرْیَم وبَخُوْرُ الْاَکْرَاد و بَخُوْرُ البر و بَخُوْرُ السُّوْدَان و بَخُوْرُ البَرْبَر. مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
اَلْمِبْخَرَۃ. عود سوز۔
بَخَزَ(ن) بَخْزًا. عَیْنَہٗ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَہ (ف) بَخْسًا. گھٹانا اور اسی سے ہے "لَاتَبْخَسْ اَخَاکَ حَقَّہٗ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَس عَلَیْهِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔
اَلْبَخْس. س ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے۔ "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔
البَخْس. وہ زمین جو بغیر سیراب کیے ہوئے پیداوار اگائے۔
اَلْبَخْسِیُّ. مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
الْاَبَاخِس. انگلیاں۔
بَخَشَ یَبْخُشُ سوراخ کرنا۔
اَبْخَش. سوراخ۔ اَبْخَشِیش. مٹھائی، عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں (یہ سب الفاظ غیر فصیح عربی زبان کے ہیں)
بَخَصَ (ف) بَخْصًا. عَیْنَہٗ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا. الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَص) مؤنث بَخْصَاء ج بُخْصٌ.
تَبَخَّصَ. تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا۔
اَبْخَصَ: نچلے ابرو کے نیچے گوشت اس وقت ظاہر ہو جب غور سے دیکھے حیرانگی یا انکار کے وقت، قدم کا گوشت، انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبْخُوْصُ. اَلْقَدَمَیْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ (ف) بَخْعًا. نفسه: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلکان میں ڈالنا۔ الشَّاۃَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا لَہٗ نُصْحَہ: خالص خیر خواہی کرنا الرَّکِیَّۃَ: کنواں پانی نکلتے تک کھودنا "فُلَانًا خَبَرَہٗ" تصدیق کرنا۔
بَخِعَ (س) بُخُوْعًا و بَخَاعَۃً. بالحقِ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ. عَیْنَہٗ: کانی کرنا پھوڑنا۔
رَجُلٌ (اَبْخَق وبَاخِق و بَخِیْق و مَبْخُوق) کانا مرد۔
عَیْنٌ (بَخْقَاء وبَاخِقَۃ وبَخِیْقَۃ ومَبْخُوْقَۃ) کانی آنکھ۔

بَخِقَتْ (س) بَخَقًا. عَيْنه: بُری طرح کانی ہونا۔
بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخلا بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِیْل ج بخلاء عَلَیْه و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔
صفت باخِل ج بُخْل.
بَخَّلَه: بخل کی جانب منسوب کرنا۔
اَبْخَلَه. بخیل پانا۔
البَخَال والبَخَّال والمُبَخَّل والبَخَل بہت کنجوس۔
المَبْخَلَة. باعث بخل۔ اور اسی سے ہے،، اَلْوَلَد مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَیْه: ٹانگیں پھیلانا الرَّجُلَ عَنِ الشَّیءِ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدَّ (س) بَدَدًا. زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ. الشَّیَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجل: تھکنا۔
بَادَّ مُبَادَّةً وبِدَادًا. مبادلہ کے طور پر بیچنا۔ القوم فی السَفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ. الشَّیَ بَیْنَهُم: ہر ایک کا حصہ دینا۔ یَدَهُ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تَبَدَّدَ. متفرق ہونا۔ القوم الشَّیَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِستَبَدَّ. بکَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔ اَلْاَمر بِفُلَانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔
البَدّ والبَدِیْد. مثل و نظیر۔
البُدُّ. چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو،، لَا بُدَّ مِنْ هٰذَا یہ لازمی ہے۔ بدلہ
والبُدَّة والبُدَاد. حصہ۔
ذَهَبُوْا (اَبَادِیْد تَبَادِیْد) یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔ وطَیْرٌ اَبَادِیْد وتَبَادِیْد متفرق پرندے۔
اَلْمُسْتَبِدَّ. کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔

بَدَأَ (ف) بَدْئًا وابْتَدَأَ و تَبَدَّأَ. الشَّیَ وَ بِهِ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَ الشَّیَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ وأَبْدَأَ. الله الخلقَ: پیدا کرنا۔
صفت (بَادِیْ)
بَدَّأَهُ. شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔
البَدْء والبَدْأَة والبَدَائَة والبَدِءَة: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے، اَفْعَلُهُ بدئًا وبدءَ بَدْءٍ واوَّلَ بَدْءٍ وبَادِئَ بَدْءٍ وبَدْأَةَ ذِیْ بَدْءٍ یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔
والبَدَائَة: کسی جگہ کے لیے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو، اِکْتَرَیْت الفرسَ لِلْبَدَأَةِ والرَّجْعَةَ میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لیے کرایہ پر لیا۔ بدوٌ کی جمع اَبْدَاء وبُدُوْءٌ.
اَلْمَبْدَأ. اصل۔ سبب ج مَبَادِئ.
اَلْمُبْتَدَاءُ. پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔
اَللاِبْتِدَائِی: پہلا کہا جاتا ہے۔ اَلْمَحْکَمَةُ الاِبْتِدَائِیَّة: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِیْم الابتدَائِی: ابتدائی تعلیم۔ اَلشَّهَادَةُ الاِبْتِدَائِیَّة: پرائمری سند۔
اَبْدَأَ الرَّجُل: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فَلَانٌ مَا یُبْدِئُ وَمَا یُعِیْد یعنی فلان آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو اعادہ کر سکتا ہے۔
بَذَحَ (ف) بَذْحًا. هُ بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ بالسِرِّ: ظاہر کرنا۔
تَبَاذَحُوْا. بِالشَّیَ: باہم مل کر پھینکنا۔
البَذْح. ج بُذُوْح وبِذَاح و (البَدَاح) ج بُدُح و (البُدْحَة:) وسیع زمین۔
بَذَخَ (ف ض) و بَذُخَ (ک) بَذَخًا و بَذَاخَة: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَذِیْخ) ج بُذَخاء.
تَبَذَّخ. عَلَیْهِ: بڑا بننا۔
بَدَر (ن) بُدُوْرًا. اِلَی الشَّیَ: جلدی کرنا ہ الی الشَّیَ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔

بَادَرَ مُبَادَرَة وبِدَارًا. اِلَی الشَّیَ: جلدی کرنا۔ الشَّیَ: وقوع سے پہلے کرنا۔ بَادَرَ فُلَانًا الشَّیَ وإِلَیْهِ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ. القَوْم: جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ وابْتَدَرَ. اَلْقَوْم اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لیے بڑھنا۔
اَلْبَادِر. جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج بَوَادِر.
اَلْبَادِرَة. تیزی یا تیزی کے وقت
بَدَعَ (ف) بَدْعًا. الشَّیَ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔
بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَةً وبُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔
بَدِعَ (س) بَدَعًا. موٹا ہونا۔ صفت (بَدِیْع)
بَدَّعَهُ. بدعت کی نسبت کرنا۔
اَبْدَعَ. کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا بِهِ: چھوڑ دینا (وابْتَدَعَ) الشَّیَ: ایجاد کرنا الرَّجُل: بدعت نکالنا۔
تَبَدَّعَ. بدعتی ہونا۔
اِستَبْدَعَ. الشَّیَ: عجیب و نادر سمجھنا۔
اَلبِدْع. انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِدْعٌ فِی الْاَمْرِ فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع وبُدُوْع.
اَلْبِدْعَة: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرونِ ثلاثہ مشہور لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع.
البَدِیْع: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے الله بَدِیْع السَّمٰوات وَالْاَرْضِ اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔
بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بالشَّرِّ او بِالْاَقْذَارِ: آلودہ ہونا۔
بَدَغَ (ف) بَدْغًا. الْجَوزَ اَو اللوزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدَلَ(ن) بَدْلاً و اَبْدَلَ و بَدَّلَ. الشَّئَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ(س) بَدَلاً ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَّلَ و اَبْدَلَ. الشَّئَ مِنه: بدلہ میں لینا وَبَدَلَ الشَّئَ شيئًا. آخر. بدل دینا. کہا جاتا ہے' بَدَّلَ الله الخوف اَمْنًا اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَهٗ. بِكَذَا: بدلہ دینا۔

تَبَدُّلاً و تَبَادَلاً. ثَوْبَيْهِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔

تَبَدَّلَهٗ واسْتَبْدَلَهٗ. بِكَذَا: بدلہ میں لینا جیسے' تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِاُنْسِهَا وَحْشًا مکان کی اُنسیت وحشت سے بدل گئی۔

اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والبَدِيْلُ: بدلہ۔ جانشیں۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ ج اَبْدال و بُدَلاء البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد۔ اور اسی سے ہے۔ رُبَّ بَدَلٍ شر مِنْ بَدَل بہت سے عوض ہڈی کے درد سے برے ہیں۔ اَلْاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

اَلْبَدَّال کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔

بَدَنَ(ن) بَدْنًا وبُدُونًا وبَدُنَ (ک) بَدَانَةً وبَدَانًا. موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن: بَادِنَة) ج بُدَّن و (بَدِين) ج بُدْن.

بَدَّنَه: زرہ پہنانا۔ وبَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔

البَدَن: جسم۔ ج ابدان۔ چھوٹی زرہ ج بُدُون.

البَدَنَة: وہ گائے یا اُونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقعہ پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنات. و بُدُن.

المِبْدَان والمُبَدَّن. موٹے جسم والا۔

تناور۔

بَدَهَ(ف) بَدْهًا و بَادَهَ. الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بادِہ) مؤنث (بَادِهَةٌ) ج بَوادِه.

تَبَادَهُوا: الشِعْرَ او الخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَهَ. اَلْخُطْبَةَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِه و مِبْدَه)

البُدَاهَة والبَدَاهَة: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے' لَحِقَهٗ فِي بَدَاهَةِ جَرْيِهٖ وہ ڈوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔

البَدِيْهِيُّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لیے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو۔

بَدَا(ن) بُدُوًّا و بَدَاءً و بَدْوًا و بَدَاءَةً: ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُوْن و بُدًى و بُدَّىٰ له فِي اَمْرٍ: خیال سوجھنا۔

بَدَا(ن) بَدَاوَةً و بِدَاوَةً و تَبَدَّى: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (البَدْوِيّ وتَبَدَّى:) ظاہر ہونا۔

تَبَادَى: بدوی صفت ہونا۔

البَدْو والبَادِيَة والبَدَاوة: صحراء جنگل۔ ج بَادِيَات وبَوادٍ والبَدْو: خانہ بدوش عربی قبائل۔ اور بدو کی طرف نسبت کے لیے (بَدْوِيٌّ و بَدَوِيٌّ) مؤنث بَدْوِيَّةٌ ج بَدَاوِيُّ.

البَدْوَة: وادی کا کنارہ۔

البَدَاة: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بَدَوات.

بَذَّ(س) بَذَذًا و بَذَاذًا و بَذَاذَةً و بُذُوْذَةً: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذٌّ و بَاذٌّ) مؤنث (بَذٌّ وبَذَّةٌ وبَاذَّةٌ)

بَذَّه(ن) بَذًّا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔

بَاذَّهٗ: سبقت کرنا۔

البَذّ والبَذِيْذ: مثل اور کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ بَذِيْذٌ یگانہ روزگار مرد۔

بَذَأَ (ف) بَذْأً. الشَّئَ: ناپسند کرنا الشَّخْصَ وَ عَلَى الشَّخْصِ: حقارت کرنا مذمت کرنا۔

بَذَأَ(ف) وبَذِئَ(س) وبَذُؤَ(ک) بَذَاءَةً: فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَذِئٌ)

اَرْضٌ بَذِيْئَةٌ وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔

اَبْذَأَ. فحش گوئی کرنا۔

بَاذَأَه. جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔

بَذَحَهٗ(فَ) بَذْحًا. چیرنا الجِلْدَ عَنِ العرق: کھال ہٹانا۔

تَبَذَّحَ. السَّحَابُ: برسنا۔

البَذْح. پھٹن۔ ج بُذُوح: کہا جاتا ہے۔ فِي رِجْلِهٖ بُذُوْحٌ اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔

البَذَح: رانوں کی خراش۔

بَذِخَ(س) بَذَخًا و بَذَخَ(ف) بَذْخًا و بَذُخَ(ک) بَذَاخَةً و تَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ) ج بَوَاذِخ و(بَذِيخ) ج بُذَخَاء.

بَاذَخَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

بَذَّرَ. المَالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بَذْرٌ وتِبْذار و تِبْذارَة)

تَبَذَّرَ وانْبَذَرَ: متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ الماء: رنگ بدل کر پیلا پڑ جانا۔

بَذْرَقَ. اَلْمَالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔

بَذَعَه(ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔ بَذَعَ الإنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔

اَبْذَعَه: ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

البَذْع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔

بَذَلَ(ن ض) بَذْلاً. الشَّئَ: دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے' بَذَلَ نَفْسَه دُوْن اَوْعَنْ فُلَانٍ اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل وبَذُوْل) اور صفت مفعولی (مَبْذُول) بَذَلَ جُهْدَهٗ: پوری کوشش کرنا۔

تَبَذَّلَ وَابْتَذَلَ: چھچھورا ہونا۔ وقار کے
خلاف کرنا۔
بَذُمَ(ک) بَذَامَۃ: کسی رائے پر پختگی کے
ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
البُذْم: دوراندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے کی
عمدگی۔ مروت۔
اَلْمِبْذَم: مضبوط اونٹنی۔
بَذَا(ن) بَذْوًا وَابْذَیٰ اِبْذَاءً عَلَیْہِ: فحش
بکنا۔
بَذُوَ(ک) بَذَاءً و بَذَاءَۃً: فحش گو ہونا۔
صفت (بَذِیٌّ)ج اَبْذِیاءمؤنث (بَذِیَّۃٌ)
البَذَاء: بیہودہ کلام۔
بَرَّ(ن) بِرًّا و مَبَرَّۃً. والِدَہٗ: اطاعت
کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت
(بَرٌّ)ج اَبْرار و (بَارٌّ)ج بَرَرَۃ.
بَرَّ(س ض) بِرًّا و بَرَارَۃً و بُرُوْرًا. فِی
قَوْلِہٖ: سچ بولنا خَالِقَہٗ: اطاعت کرنا بَرَّتِ
الیَمِیْن: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاۃُ:
نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللہُ الصَّلٰوۃَ: نماز کو
قبول کرنا۔
بَرَّرَہٗ: نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا
کرنا۔
بَارَّہٗ: حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا عَلَیْہِ: غالب ہونا۔
...ن ہونا اللہُ حَجَّتَہٗ: قبول کرنا اَلیَمِیْن
تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔
تَبَرَّرَہٗ: اطاعت کرنا۔
العَرَبِ اَبَرُّھُمْ کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا
...ب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے
...ت دور ہو۔
البُرّیٰ: اچھی بات۔
المَبَرَّۃ: جو نیکی پر اُبھارے۔ عطیہ۔ ج
مَبَرَّات و مَبَار
المَبْرُوْر. مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ۔ جھوٹ
خیانت سے خالی۔
اَلْبَرِیْر: درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِیْرَۃ
بَرَأَہٗ(ف) بَرْءًا و بُرُوْءًا: نیست سے
ہست کرنا۔
بَرِیَ(س) بُرُوْءًا و بَرَاءً اوبَرَاءَۃً. مِنَ
العَیْبِ والدَّیْنِ: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔
بَرِئَ(س) و بَرَأَ(ف) وبَرُؤَ(ک)
بَرْءًا و بُرُوْءًا. مِنَ الْمَرَضِ: شفایاب ہونا۔
چنگا ہونا۔
بَرَّأَہٗ تَبْرِئَۃً بری کرنا۔ پاک کرنا مِن
التُّھْمَۃِ: دور کرنا۔
اَبْرَأَ. المَرِیْضَ: شفا دینا ہٗ مِنَ الدَّیْنِ:
بری کردینا الرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں
داخل ہونا۔
بَارَأَ. شَرِیْکَہٗ: شریک سے جدائی اختیار کر
لینا۔
تَبَرَّأَ. مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بیزار ہونا۔
تَبَارَأَ. الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک
دوسرے سے جدا ہونا۔
اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برائت طلب کرنا۔
اَلْبَرِی والبَرِیُّ: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت
سے پاک۔ ج بَرِیْئُوْن و بُرَآء و بِرَاء و
اَبْرَاء واَبرِیاء. مؤنث بَرِیْئَۃ و بَرِیَّۃ ج
بَرِیْئَات و بَرِیَّات و بَرَایَا.
البَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ اِبْن البَرَاءِ: مہینے
کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے' اَنَا بَرَاءٌ مِنْ
کَذا: میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع
نہیں اور نہ اس کے لیے مؤنث ہے)
البُرْأَۃ: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَآء
البَرَاءَۃ: بری کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ۔ ج
بَرَاءَات.
البَارِیءُ: پیدا کرنے والا۔ صحت یاب جس کی
لاغری باقی ہو۔
البَرِیَّۃ: مخلوق۔ ج بَرَایَا.
البُرَائِل والبُرَائِلِیُّ: پرندہ کی گردن کے پر۔
البُرَائِلِیُّ: مرغ۔
بَرْأَلَ وتَبَرْأَلَ واِبْرَأَلَّ. الطَّائِرُ: پرندہ کا
لڑنے کے لیے گردن کے پر کھڑے کرنا۔
البَرْنَج: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَانِج
بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبَار)
تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔
البَرْبَرِیّ: قوم بربر کا ایک فرد۔
البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا
اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر
بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر و بَرَابِرَۃ.
بَرْبَصَ. الاَرْضَ: سینچنا۔
البَرْبَط: بربط (باجہ)
بَرَتَ(ض) بَرْتًا. الشَّیءَ: کاٹنا۔
بَرِتَ(س) بَرَتًا: حیران ہونا۔
البِرْت والمِبْرَت: چینی۔ شکر سفید
البَرْت: کلہاڑا۔
البُرْت والبُرَیْت: ماہر راہبر۔ ج اَبْرَات.
البُرْتقان: نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد
(بُرْتقانۃ)
البُرْثُن: ج مِنَ السِّبَاعِ وَالطَّیْرِ: پنجہ۔
چنگل ج بَرَاثِن.
بَرِجَ(س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجَت
عَیْنُہٗ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت
ہونا۔ صفت (اَبْرَج) اور آنکھ کی صفت
(بَرْجَاء)ج بُرْج.
بَرَجَ. الشَّیءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔
بَرَّجَ واَبْرَجَ: برج بنانا۔
تَبَرَّجَتِ. المَرْأَۃُ: اجنبیوں کے سامنے
آراستہ ہو کر نکلنا۔
اَلْبَرَج: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج
اَبْرَاج.
البُرْج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج
بُرُوج واَبْرَاج واَبْرِجَۃ. اَلْبُرْج: آسمانی
برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن
کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزاء۔ سرطان۔
اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔
دلو اور حوت۔
فَلَکُ البُرُوج: وہ دائرہ جس کو سورج آسمان
میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل
ہے۔
ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ موجودہ دور کے
علماء اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔

البارح: ماہر کشتی بان۔
البارجة: بڑی جنگی کشتی۔ ج بوارج۔ کہتے ہیں، ما فلانٌ الّا بارجة قد جمع فیہ کلّ الشرِ یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ سفینةٌ بارجة کھلی ہوئی کشتی۔
تباریج النبات: نباتات کے پھول۔
الابریج: دودھ بلونے کا آلہ۔
البرجاس: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ جلائے جاتے تھے۔
البرجد: موٹا دھاری دار کمبل۔
البرجیس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
البرجمة ج براجم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔
البراجم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ اِنَّ الشقیَّ وافد البراجم امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پاکر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔
برِح (س) براحًا وبرحًا۔ المکانَ ومنهُ: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے، مابرح ولا برِحت غنیًا بمعنی مازال ولازلت۔ برح الخفاء: ظاہر ہونا۔
برَح (ن) برحًا۔ الرجُلُ: غضبناک ہونا (بُروحًا) الصید: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بارح و بروح وبریح)
برّح بهِ الامر: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ الله عنک: تکلیف دور کرنا۔
ابرحهٗ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بارح المکانَ: چھوڑ دینا۔
البَرح: ج ابراح و (التبریح والبُرَحاءُ) سختی۔ تکلیف۔ برائی۔
البَرَح: دہشت انگیز معاملہ۔
امرٌ (برحٌ): تکلیف دہ معاملہ۔
البارحْ والبارحةُ گذشتہ رات۔ البارحةُ الاولٰی: گذشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے هذه فعلةٌ بارحةٌ یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔
برحیٰ: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مرحیٰ اس کے خلاف ہے۔
البارحْ: گرم ہوا۔ ج بوارح۔
ابن بُریح: کوا۔
ب بَرَدَ (ن) بردًا و بَرُدَ (ک) برُودةً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (برْد و بارد وبرود وبراد) بُردت الارض: اولے پڑنا۔ بُرد القوم: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ برد الحق علیه اوله: ثابت ہونا۔ برد فلانٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے، جدّ فی الامر ثم برد: اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔
برد (ن) بردًا: الحدید: ریتی سے رگڑنا۔ الخبز: روٹی پر پانی ڈالنا العین: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔
بردهٗ (ن) بردًا او بَرَّدهٗ: ٹھنڈا کرنا الوجع: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا الحق: ثابت کرنا۔ واجب کرنا بردنا الله و برد علینا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔
ابرد: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا الیه البرید: قاصد بھیجنا الشیءَ: ٹھنڈا کرنا۔
تبرّد: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے نزل فی الماءِ یتبرد وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے پانی میں اترا۔
تبارد: کسی کام میں سست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
ابترد: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

استبردهٗ: ٹھنڈا پانا۔ استبرد علیه لسانه: اس نے اس پر زبان درازی کی۔
البَرْد: سردی۔ نیند۔
البَرَد: اولہ۔
البَرَدة: ایک اولہ۔ بدہضمی۔
البِرذَون: ٹٹو۔ گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج براذین۔
برز (ن) بُروزًا: میدان کی طرف نکلنا۔
برُز (ن) وبرِز (س) برزًا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بارز)
ابرزهٗ: نکالنا۔ الکتاب: شائع کرنا۔
الرجل: ارادۂ سفر کرنا۔
البرزخ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ ج برازخ۔ برازخ الایمان: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک ویقین کے درمیان کی حالت۔
تبرزق۔ القوم: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
البرازیق: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔ واحد برزیق۔
برِس (س) برسًا: مقروض پر سختی کرنا۔
برّس۔ الارض: نرم بنانا۔
البُرس والبِرس: روئی۔
البرسیان: ایک قسم کی کھجور۔
البرسکوب: وہ عینک جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود دیکھا جاتا ہے۔
برسمهٗ: برسام میں مبتلا کر دینا۔
البرسام: ایک ہذیانی بیماری۔
بُرسم: برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مبرسم)
برش (س) برشًا وابرشّ: سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (ابرش ومبرش) مکان۔ ابرش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سنةٌ برشاءُ: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
البرشه والبرش: سفید داغ۔

البَرِيش: سفید داغوں والا۔
بَرْشَم بَرْشَمَةً و بِرْشَامًا. الرَّجُل: غم کی وجہ سے خاموش ہونا اِلَيْهِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
البُرْشُم: برقع۔
بَرْشَنَ. الرسالة: گوند سے چپکانا۔
البَرْشان: گوند۔ لیئی۔
بَرِصَ (س) بَرَصًا. برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت اَبْرَص) مؤنث بَرْصَاء ج بُرْصٌ.
اَرْضٌ بَرْصَاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین حَيَّةٌ بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔
اَبْرَصَهُ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرَّصَ. الارْضَ: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
البَرَص. ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سَامّ اَبْرَص. چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں هذان سَامَّا ابْرَص اور جمع کی صورت میں هٰؤلاءِ سَوامّ اَبْرَص وَاَبَارِص بولتے ہیں۔
الاَبْرَص: چاند۔
بَرَضَ (ن) بَرْضًا. اَلْمَاء مِنَ الْعَيْنِ: تھوڑا نکلنا۔
بَرَضَ (ن) بُرُوضًا. النَّبات: اکھوا نکلنا۔
بَرَّضَ وَاَبْرَضَ. المَكَان: بہت اکھوا والی ہونا۔
تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔
الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا الماء: چوسنا الارْض: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البَرْضُ. تھوڑا ج اَبْرَاض و بُرُوض وابراض کہا جاتا ہے هذا بَرْضٌ مِنْ عِدَّةٍ یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
اَلبُرْضَة: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البَارِض: اکھوا۔

عَيْنٌ (بَرُوضٌ) تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البُرَاض والبُرَاضَة: تھوڑا۔
المَبْرُوض: کثرتِ داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔
المُبَرْطِس والمُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال المُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البِرْطَاش. پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاُسْكُفَّة ہے۔
بَرْطَلَهُ بَرْطَلَةً: رشوت دینا تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔
اَلْبُرْطُل: ٹوپی۔
اَلبِرْطِيل: رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِيل
بَرْطَمَ: اللیل: تاریک ہونا الرَّجُل: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (وتبرطم) غصہ سے پھولنا۔
البِرْطَام والبُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔
بَرَعَ (ن) وَبَرِعَ (س) وَبَرُعَ (ک) بَرَاعَةً وبُرُوْعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت بارِع)
بَرَعَهُ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
بَرَعَ الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَبَرَّعَ بِالْعَطَاءِ: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
اَلبَرِيْع: عقل و جمال میں کامل بَرُوْعٌ
بَرِيْعٌ: دور سے چمکنے والی بجلی۔
بَرْعَم بَرْعَمَةً وتَبَرْعَمَ. الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔
البُرْعُم والبُرْعُمَة: ج بَرَاعِم و البُرْعُوم والبُرْعُوْمَة) ج بَرَاعِيم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
البَرْغ: لعاب۔
بَرْغَثَ. المَكَان: بہت پسوؤں والا ہونا۔
البُرْغُوث: پسو۔ ج بَرَاغِيث.
بُرْغُوث البَحْر: جھینگا۔
البَرْغَل والبِرْغَل: سخت چھنی ہوئی گندم۔
البَرْغَش: مچھر۔ واحد بَرْغَشَةٌ)
البرغی والبُرْغِيُّ پیچ والی کیل۔ ج براغی
فصیح عربی لولب ہے۔

البِرْفِير. ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَقَ (ن) بَرْقًا و بُرُوْقًا وبَرَقَانًا وبَرِيْقًا. البَرْق: ظاہر ہونا الشَّيْء: چمکنا۔ روشن ہونا السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
الرَّجُلَ: دھمکانا۔
بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا وبَرَّقَتْ وَاَبْرَقَتْ. المَرْاَة: آراستہ ہونا۔
بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
بَرَّقَهُ. آراستہ کرنا بَرَّقَ عَيْنَيْه و بِعَيْنَيْه: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
اَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا بسَيْفِه: چمکانا عن وَجْهِه: ہٹانا اَبْرَقَتِ السَّمَاء: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
اَلبَرْق: بجلی ج بُرُوْق کہا جاتا ہے بَرْقٌ خُلَّبٌ و بَرْق خُلَّبٍ و برق الخُلَّبِ بے بارش کی بجلی۔
البَارِقَة: بجلی والا بادل۔ تلواریں سَحَابَةٌ بَرَّاقَة: بجلی والی بدلی۔
البَرْقَة: دہشت۔ خوف۔
البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج اَبْرَاق و بُرْقَان.
البُرَق: گوہ۔
رَجُلٌ (بَرُوق:) بزدل۔
البُرْقَة: بَرْقَاء و (الاَبْرَق) ج اَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر اُبَيْرِق) ہے الاَبْرَق: سیاہ سفید رنگ والا۔
البُرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اُس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔
التَّبَارِيق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔
مَبْرَق. الصُّبْح: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔

ج مبارك و مباريق.
برقح برقحة و تبرقح. وجهه: بدصورت ہونا۔
برقشه برقشة مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا۔ الثوب۔ آلودہ ہونا۔
فِي الْكَلَام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔
تبرقش مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔
البرقش ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔
ابو براقش ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔
البرقوش پرانا جوتا۔
برقط: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا۔ الکلام: بے ترتیب بولنا۔
برقعها: برقع اوڑھنا۔
تبرقعت: برقع اوڑھنا۔
البرقع: برقع۔
برقل جھوٹ بولنا۔
البرقلة قول جو عمل سے خالی ہو۔
البرقیل ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔
البروق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔
البرقوق شفتالو۔
برك (ن) بروكا وتبراكا وبرك واستبرك. البعير: بیٹھنا۔ برك بالمكان: اقامت کرنا۔
برك. فيه: برکت کی دعا کرنا۔
بارك. الرجل: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بارك الله لك وفيك وعليك وبارك لك: برکت دینا۔ بولتے ہیں بارك على الانبياء وآلهم یعنی ان کی عزت وعظمت جو تونے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ۔ اور بورك فيك اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

ابرك۔ اونٹ کو بٹھانا۔
تبرك. بہ: برکت حاصل کرنا۔
تبارك. بہ: نیک شگون لینا۔ الله۔ مقدس ہونا۔
ابترك. القوم: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ ابتركوا في العدو: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا۔ فلانا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا۔ في عرضه وعليه: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔
استبرك: برکت کی فال لینا۔
البرك سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارك) مؤنث (باركة) ج بروك.
البركة زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو
البركة اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج برك۔ دودھ دینے والی بکری۔ ج بركات
البركة ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پیسنے والے کی اجرت۔ ج برك وابراك وبركان.
البريك اونٹ۔
الباروك: بزدل۔ کابوس۔
البراك: پانی لینے والا۔ پیسنے والا۔
المبرك: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے، ليس بفلان مبرك جمل یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔
البروكة: مادہ سیپی۔
بركية: لمبے پتوں سیدھے تنے والا پودا۔
البركار والبيكار پرکار (جدید)
البركان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)
بركعه: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بركع لفرس چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔
بركع وتبركع. الرجل: چوتڑ کے بل گرنا۔
البركع: پست قد مرد۔
البرلمان: پارلیمنٹ نظام۔
برم (ن) برما و برم. الحبل: دو لڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مبروم وبريم).

الامر: مضبوط کرنا۔
برم (س) برما: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ بحجته: دلیل کا نہ ملنا۔
ابرم. لحبل بمعنی برم الحبل ــه: زچ کرنا۔ علیه في الجدال: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔
تبرم: زچ ہونا۔
انبرم. لحبل: رسی کا بٹ جانا۔
البرم درخت غصاہ کا پھل (دیکھئے غصاہ)
بخیل لئیم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام.
البرمة: پتھر کی ہانڈی۔ ج برم و برام.
البرم: بد اخلاق لوگ۔
البرام: چیچڑی۔ ج ابرمه.
البرام: رسی بٹنے والا۔
البريم والبرام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسی۔ البريم: لشکر۔
البريم: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
المبرم: تکلہ۔ ج مبارم.
السوار من الذهب المبروم: اصل سونے کے کنگن۔
المبرم: مفع قضاء۔ مبرم: اٹل فیصلہ۔
البرما: حلوی کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)
البرناه ج. میزانیہ بجٹ (جدید)
البرناسیين: شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا (فرانسیسی لفظ)
برنسه: برنس پہنانا۔
تبرنس: برنس پہننا۔
البرنس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
البرنيطة: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)
البرنية: مٹی کا برتن۔ ج برانی.
بره (س) برها: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (ابره) مؤنث (برهاء)

جُ بُرَہ.
اَبْرَہَ. دلیل لانا۔
اَلبُرْهَة والبَرْهَة عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ جُ بُرَہ و بُرْهات.
اَلبَرَاهِمَة ہندوؤں کی ایک ذات مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ. الشَّيْءَ وَعَلَيْهِ وَعَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلبُرْهَان: دلیل۔ جُ بَرَاهِين.
اَلبُرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لیے فصیح لفظ کفاف اور اِطار ہے۔
اَلبُرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلبُرُوتِسْتَانِي: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔
اَلبُرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ
اَلبُرُولِتَارِيَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلبُرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بہنے والے مادے کی شکل میں علامہ BR
اَمْبُرُومز (الصُّفر): پیتل
اَبْرُومِيْز: ہواء کی پیائش کا آلہ
بَرَا (ن) بَرْوًا وَاَبْرَیٰ اِبْرَاءً. النَّاقَةَ: اُونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلبُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرَی و بُرَات و بُرِيْن وبرين. کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنيا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔
بَرَیٰ (ض) بَرْيًا وَابْتَرَیٰ. السَّهْمَ وَ الْقَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِيٌّ و مَبْرِيٌّ)
الشَّخْصَ: دُبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَیٰ. الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا
اِمْرَأَةَ: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَیٰ. مٹی لگنا۔
تَبَارَيَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَبَرَّیٰ. لِمَعْرُوفِهِ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَیٰ: تراشا جانا۔ لَهُ: پیش آنا۔
اَلبَرَیٰ: مٹی۔
اَلبَارِي. فا. پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ القَوْسَ بَارِيْهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
اَلبُرَايَة والبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
اَلبَرِيَّة: مخلوق۔ جُ بَرَايَا.
اَلْاِبْرِيَة والتِبْرِيَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
اَلبَرَّاءَة والمِبْرَاءُ والمِبْرَاة: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهُ (ن) بَزًّا و بِزِّيزَیٰ. چھیننا۔ غالب ہونا الشَّيْءَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ. مِنْهُ الشَّيْءَ: زبردستی چھین لینا۔
اَلبَزّ: کتاں یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز.
اَلبِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
اَلبَزَّاز. پارچہ فروش۔
اَلبِزَازَة: پارچہ فروشی۔
اَلبَزَابُوْرَط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لیے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا. فخر کرنے میں مقابلہ کرنا عَلَیَّ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهُ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) جُ بُزْخ.
تَبَازَخَ. عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔ تَبَازَخَتِ الْمَرأَة: بڑے سرین والی

ہونا۔
بَزَّخَ. لَهُ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا. الحُبُوبَ: بونا۔ بیج چھینٹنا (وَبَزَّرَ) القِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الْاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ كَلَامَهُ وَتَوبَلَهُ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملانا۔
اَلبِزْر. بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) جُ بُزُوْر. مسالہ۔ جُ اَبْزَار. جمع الجمع اَبَازِيْر کہتے ہیں "مِثْلِي لَايَخْفَیٰ عَلَيْهِ اَبَازِيرُكَ" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری گپیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَزْر: رینٹ۔
اَلْمَرْأَةُ (اَلبُزْرَاءُ) بہت اولاد والی عورت۔
اَلبَزَّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلْبَيْزَر: سیل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (وَالمِبْزَر:) دھوبی کی موگری۔
اَلْبَيْزَار: باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ جُ بَيَازِرَة (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً. الغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِيع) مؤنث (بَزِيْعَة)
تَبَزَّعَ. الْغُلَام: چست و پھرتیلا ہونا۔
الشَّرّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
اَلبُزَاع: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (وَالبَزِيْع) من الْغِلْمَان: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلْبَزِيْع: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوغًا. الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الْحَاجِم: نشتر لگانا۔ دَمَهُ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِيْع: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُجُوْمٌ (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلْمِبْزَغ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا. تھوکنا۔ الْاَرْضَ: بونا۔
اَلبُزَاق: تھوک۔
اَلبَزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد بَزَّاقَة.
بَزَلَ (ن) بَزْلًا و بَزَّلَ. الشَّيْءَ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَاب: صاف کرنا۔ بَزَلَ الْاَمْرَ:

کسی کام کو کر گزرنا۔ رایٔکوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔

بَزَلَ(ن) بُزولاً۔ البعیرُ اونٹ کا جوان ہونا نابُ البعیرِ کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِلٌ ج بَوازِل و بُزَّل و بُزُل.

تبزّل وابتزل نغورا خ ہونا۔

تبزّل وابتزل: الخمرُ شراب کے برتن میں سوراخ کرنا الجسدُ: جسم سے خون ٹپکنا۔ السِّقاءُ مشک کا ٹپکنا

اِستبزل: الشَّیَ: کھولنا الخمرَ: صاف کرنا۔

البَزْل: سختی۔

لُبزل: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔

البِزال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

البُزال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔

البازِل: اُونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں رُمِیَ بِاَشهبَ بازِلٍ وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔ الابزلاً بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے اِمرأۃٌ بزلاءُ الرأی عمدہ رائے والی عورت۔ وخُطّۃٌ بزلاءُ صاف وواضح طریق کار۔

المِبزل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

بزم (ن ض) بزمًا علیہ: اگلے دانتوں سے کاٹنا الشیءِ: اُٹھانا فلانًا ثوبَہ: چھین لینا الناقۃَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا الوترَ القوسِ: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔

البزیم: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لیے پتے یا چھلکا۔

بزا (ن) بزوًا علیہ: درازدستی کرنا ابزاہ وابزاہ وابزی بہ) غالب آنا بزا وبزی بیزی بزا وابزی ابزاء) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (ابزی) مؤنث بزواء۔

تبازی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔

البزو: مثل و نظیر۔

البزیّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے " هو بزیّی " وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔

البزاۃ: ڈینگ۔

الباز والبازی: باز۔

بَسَّ (ن) بَسًّا وابَسَّ۔ الابلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بسّ المالَ فی البلادِ" ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بسّ السویقَ": گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا القومَ عنہُ دھتکارنا۔ "وابسّ بالناقۃِ": دوہنے کے لیے چمکارنا۔

اِنبسّ: زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔

البَسّ والبِسّ: بلا۔ کوشش۔ ج بِساس

البسیس: تھوڑا کھانا۔

البسیسۃ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔

البسوس: اُونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس

بسْ بسْ وبُسْ بُسْ: بکریوں، اُونٹوں، بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لیے کلمہ۔

البسوس: جساس بن مرہ البکری کی خالہ جس کی وجہ سے بنی بکر اور بنی تغلب کے درمیان مشہور جنگیں ہوئیں اور اس کا نام منحوس سمجھا جاتا ہے۔

بَسْبَسَ: بالغنمِ اَو الابلِ: بس بس کہہ کے بلانا بِہ: کسی سے جس کہنا۔

البَسبَس: بیابان، بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسابِس۔ تُرّہاتُ البسابس والتُرّہاتُ البسابس: جھوٹی اور باطل باتیں۔

البُستان: باغ۔ ج بساتین (جدید)

البُستانی: باغ والا۔ باغبان۔ البستانی من النبات: لگائے ہوئے پودے۔

بَستَرِینۃ: سال کے آخر میں عیسائیوں کے ہاں جو تحائف پیش کیے جاتے ہیں۔

بَسَرہ (ن) بَسرًا جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (وابتسر) القرحۃَ نچوڑ کر باندھنا الحاجۃَ بے وقت طلب کرنا النخلۃَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا النبات: تر گھاس چرانا وابسر النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَر (ن) بَسْرًا وبُسُورًا: ترش رو ہونا۔ صفت (باسر) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔

تبسّر وابتسر۔ الحاجۃَ بے وقت طلب کرنا۔ ابتسر بالامرِ: شروع کرنا الشیَ: تازہ لینا۔ اُبْسِرَ لونُہ بدل جانا۔

البَسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وجہٌ بسرٌ" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسرۃ ج بِسار۔ البُسرۃ: طلوع کے وقت کا آفتاب۔

الباسور ج بواسیر: بواسیر کی بیماری۔

المبسور: بواسیر کی بیماری والا۔

المُبسِرات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ (ن) بَسطًا الثوبَ: پھیلانا الرجلَ: کسی کا دل بڑھانا الیدَ: ہاتھ کشادہ کرنا العذرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا المکانُ القومَ: وسیع ہونا فلانًا علیہ: فضیلت دینا السیفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَساطۃً: بسیط ہونا۔ پر مذاق ہونا۔

بَسَّطَ۔ الثوبَ: پھیلانا۔

باسَطَہ: سے کھل کر باتیں کرنا۔

تبسّط وانبسط: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

الباسط: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ فا.

الباسطۃ: دور کی مسافت۔

یدٌ (بسطٌ وبُسُطٌ): کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسطۃ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بسطۃ العیش: فراخی زندگانی۔

البساط: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط.

البِساط: کشادہ زمین۔
البَسِیط. مفرد۔ کشادہ زمین۔ پر مذاق۔
بَسِیطُ الوجہ: کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔
اِنبِسِیط: خلاف مرکب، شعروں کا ایک وزن، جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن، فاعلن، مستفعلن، فعلن۔
بَسِیطُ الیَدَیْنِ: فیاض۔ سخی۔ ج بُسَطاء۔
اَلبَسِیطَة: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔
اسطرما: گوشت ہانڈی۔
بَسَقَ (ن) بَسْقًا. تھوکنا۔
بَسَقَ (ن) بُسُوقًا. النَخلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) اَصْحابَهُ وَعَلَى اَصْحَابِهِ: فضیلت میں بڑھ جانا فِی عِلْمِهِ: ماہر ہونا۔
بَسَّقَهُ: لمبا کرنا۔
تَبَسَّقَ: لمبا ہونا۔
البَاسِقَةُ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج بَواسِق و بَواسِقُ السَّحَابِ: ابتدائی بادل۔
اَلبِسکُوتی: خشک روٹی یا خشک حلوی۔
اَلبِسِیکُولُوجیا: علم نفس یا علم فلسفہ
بَسُلَ (ک) بَسَالًا وبَسَالَةً: بہادر ہونا صفت (بَسُولٌ وباسِلٌ) ج بُسَّلٌ و بُسَلاء و بُسْلٌ
بَسَلَ (ن) بُسُولًا. الرَّجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسِلٌ و بَسِیلٌ) النَبِیذُ: نبیذ کا تیز ہونا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
بَسَلَهُ (ن) بَسْلًا. ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا عَنْ حَاجَتِهِ: منع کرنا۔ روکنا۔
اَبْسَلَهُ: ہلاکت کے لیے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا اللهُ الشَّیَّ: حرام کرنا ۔ لِکَذَا: پیش کرنا اَبْسَلَ نَفْسَهُ لِلْمَوْتِ: مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔
بَسَّلَهُ: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ وَابْتَسَلَ) نَفْسَهُ لِلْمَوْتِ: اپنے آپ کو موت کے لیے پیش کر دینا۔

بَاسَلَهُ: لڑائی میں حملہ کرنا۔
تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔
اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لیے جنگ میں کود پڑنا۔
البَسْلُ: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "هذا بسلٌ عَلَیْكَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بَسْلاً لَهُ" اس کے لیے خرابی ہو۔
اَلبَاسِلُ: شیر۔ ج بَوَاسِلُ۔ اور کہا جاتا ہے "یَوْمٌ بَاسِلٌ" سخت دن ۔ "وغضبٌ بَاسِلٌ" تیز غصہ۔
البَسَالَةُ: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔
اَلبَسِلَى: ایک قسم کی نباتات۔
البَسِیلُ: حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔
بسم (ض) بَسْمًا وتَبَسَّمَ وابْتَسَمَ: مسکرانا۔ صفت (باسم و مُبْتَسِمٌ)
المَبْسِمُ: دانت۔ ج مَباسِمُ۔
البَسَّامُ والمِبْسَامُ: بہت مسکرانے والا۔
بَسْمَلَ. بسم اللہ کہنا۔
بَسْمَلَةٌ: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم باپ، بیٹا اور روح مقدس کے نام سے ابتداء کرنا۔ اور مسلمانوں کے نزدیک بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا۔
اَبْسَنَ. خوش رنگ و خوش وضع ہونا۔
بَشَّ (س) بَشًّا وبَشَاشَةً: ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رو ہونا لِلشَّیِ: کسی چیز کو دیکھ کر بشاشت ظاہر کرنا بِالصَّدِیقِ: دوست کو دیکھ کر خوش ہونا ۔ صفت (بَشٌّ وبَاشٌ و بَشُوشٌ وبَشَاشٌ)
اَبَشَّتِ: الْاَرْضُ: نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔
بَشْبَشَ. الرَّجُلُ. بشاشت ظاہر کرنا۔
تَبَشْبَشَ. بِهِ: کسی سے کشادہ روئی سے پیش آنا۔
البُشْتُخْتَة. چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا الجِلْدَ. چمڑا چھیل دینا
الشَّارِبَ: مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر کر دینا الجَرَادُ الْاَرْضَ: ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔
بَشَرَ (ض) وبَشِرَ (س) وابْشَرَ و اِسْتَبْشَرَ بِهِ: خوش ہونا۔ اَبْشَرَتِ الْاَرْضُ: اکھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "بَشَّرَنی بِوَجْهٍ حَسَنٍ" وہ مجھ سے کشادہ روئی سے ملا۔
بَشَّرَهُ: خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔
اَبْشَرَ: فلانًا: خوشخبری دینا۔ خوش ہونا۔ قرآن میں ہے ﴿ وَاَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِی كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴾ الْاَمْرُ وَجْهَهُ: حسین پُر رونق بنا دینا الشَّیَّ: چھیلنا۔
بَاشَرَ. الْاَمْرَ: کسی کام کو خود کرنا۔ بَاشَرَهُ النَّعِیمُ: نعمتوں میں پلنا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔
تَبَاشَرُوا. بِالْاَمْرِ: ایک دوسرے کو خوش خبری دینا۔
البِشْرُ: چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔
البَشِیرُ: خوش خبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء۔
البَشَارَةُ: حسن و جمال۔
البُشَارَةُ: کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
اَلبِشَارَةُ: خوشخبری۔ ج بشارات و بشائر. بَشَائِرُ الْوَجْهِ: چہرہ کی خوبیاں بَشَائِرُ الصُّبْحِ: آغاز صبح۔
البُشَارُ: کمینہ آدمی۔
البَشَرُ: انسان (مذکر، مؤنث، واحد، جمع) اَبُو الْبَشَرِ: حضرت آدم نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کی کنیت۔
ابنُ البَشَرِ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب عیسائیوں کے نزدیک۔
البَشَرَةُ: کھال کا اوپر کا حصہ، ساگ گھاس۔ ج بَشَرٌ۔
التَبَاشِیرُ: خوش خبری۔ ہر چیز کی ابتداء۔
البُشْرَی: خوشخبری۔
المُبَشِّرَاتُ: بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔
بشع (س) بشعا و بشاعة. الشَّیُّ: بدمزہ ہونا الْمَرْءُ: زشت رو ہونا فُلَانٌ

بالأمر: ضیق میں ہونا۔

تمشّع: بے مزہ ہونا، بد صورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔

استبشعَهُ: بے مزہ سمجھنا۔

بَشَقَهُ (ض) وبَشِقَهُ (س) بَشْقًا بالعَصاء: لاٹھی سے مارنا۔

الباشق ایک شکاری پرندہ۔ ج بواشق

بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔ الخبرَ: گھڑنا الثوبَ: دور دور سینا فی عَمَلِهٖ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

ابتشكَ: جھوٹ بولنا الکلام: گھڑ لینا۔

البشّاكُ: بڑا جھوٹا۔

بَشِمَ (س) بَشَمًا. مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا

مِنَ الشَّیٔ: اکتاجانا۔ صفت (بَشِمٌ)

البَشام: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشامَة ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ البَشام کہتے ہیں۔

بَصَّ (ض) بَصِیصًا و بَصًّا. چمکنا۔ روشن ہونا الماءُ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِیْ بیَسِیْرٍ" اس نے مجھے تھوڑا دیا۔

بَصَّصَ: الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا

الأرضُ: اکھوا نکلنا الشَّجَرَةَ: کونپل نکلنا۔

البَصّاصَة: آنکھ۔

البَصِیص: چمک۔ کپکپی۔ اور اسی سے ہے "اَفْلَتَ وله بَصِیصٌ"

بَصْبَصَ بَصْبَصَةً. بمعنی بَصَّصَ.

(تَبَصْبَصَ) الکَلْبُ: دُم ہلانا فُلانٌ: چاپلوسی کرنا۔

بَصُرَ (ک) بَصِرَ (س) بَصَرًا و بَصارَةً ہٗ و بِهٖ: جاننا۔ دیکھنا۔

بَصَرَ (ن) بَصْرًا الشَّیٔ: کاٹنا۔

بَصَّرَهٗ. الأمرَ: پہنچوانا۔ معلوم کرانا۔

وبَصَّرَ: بصرہ میں آنا الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

باصرَ. الشَّیٔ دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔

اَبْصَرَہٗ: دیکھنا۔ بینا بنانا الرَّجُلُ: بصرہ میں آنا ۔ اَبْصَرَ الطریقُ: واضح و نمایاں ہونا۔

تَبَصَّرَ: الشَّیٔ: غور سے دیکھنا فِی الشَّیٔ: سوچنا، غور کرنا۔

تَباصَرُوا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَبْصَرَ الأمْرُ: ظاہر ہونا الأمْرَ: ظاہر کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا فِیْهِ: سوچنا۔ غور کرنا۔

البَصَر: دیکھنے کی قوت۔ آنکھ۔ علم۔ ج ابصار کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ بین سَمْعِ الْأرْضِ وبَصَرِهَا" میں اس کے پاس اس وقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔

البَصْرَة: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ و فرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے۔

البَصْرتان: بصرہ و کوفہ. والبَصْرَة: سخت زمین۔ لیس دار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں۔ ج بِصار.

البَصِیْر: دانا۔ بینا۔ ج بُصَراء.

البَصِیْرَة: عقل۔ زیرکی۔ دانائی۔ عبرت۔ شاہد۔ حجت۔ کہا جاتا ہے "جوارحه بَصِیْرَةٌ عَلَیْهِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں۔ و فِرَاسَةٌ ذَاتُ بَصِیْرَةٍ" سچی فراست۔

الباصِرَة: آنکھ ۔ ج بَواصِر. کہتے ہیں "خَیْرُ الْعَشاءِ بَواصِرُہٗ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔

المَبْصَر و المَبْصَرَة: واضح روشن دلیل۔

المُبْصِر: نگہبان۔ کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلیٰ بُسْتانِیْ مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لیے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَہٗ (ف) بَصْعًا. جمع کرنا الماءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

البَصْع: رات کا کچھ حصہ۔

بے وقوف ۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

البَصِیْع پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔ ج بُصْع.

الأَبْصَع بے وقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّیْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مؤنث (بَصْعاء) ج اَبْصَعُوْنَ و بُصْعٌ اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔

بَصَقَ (ن) بَصْقًا. تھوکنا الشاۃ: حاملہ بکری کو دوہنا۔

البُصاق: تھوک۔ اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔

باصِقَة: آگ برسانے والے لڑائی کے ہتھیار۔

بَصَّلَهٗ و تَبَصَّلَهٗ. مِنْ ثِیابِهٖ: ننگا کرنا۔

تَبَصَّلَ القِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔

البَصَل: پیاز۔ واحد بَصَلَة. البَصَلَة: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا کَاَنَّهُمْ الاَصَلُ وعَلیٰ رُؤُوْسِهِمُ البَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل: جمع اَصَلَة کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَصَلُ لفارِ: جنگلی پیاز۔ عوام اس کو بُصَیْلَة کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن) بَصْمًا. القُماشَ: سامان پر علامت لگانا۔

البُصْم: خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔

ثَوْبٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا غف کپڑا۔

رَجُلٌ ذُوْبُصْمٍ: موٹا مرد۔

البُصْمَة: علامت۔

اَلْبَصْما جلوا کی ایک قسم

بَصا (ن) بَصْوًا. غَرِیْمَهٗ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔

البَصْوَة: چنگاری۔ انگارہ۔

بَضَّ (ض س) بَضاضَةً و بُضُوضَةً: موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا۔ صفت (بَضٌّ وبَاضٌّ وبَضِیْضٌ) مؤنث بَضَّةٌ وبَاضَّةٌ وبَضِیْضَةٌ.

بَضَّ (ض) بَضًّا وبُضُوضًا وبَضِیْضًا.

الماءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا الحجرُ: پانی رسنا
بخیل کے لیے کہا جاتا ہے "فُلانٌ مایبضُّ
حَجَرُہ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا
جا سکتا العینُ: آنسو نکلنا کہا جاتا ہے "فُلانٌ
مَاتبضُّ عَیْنُہٗ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو
نہیں نکلتا۔ یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والا
ہے "اَوْتَارَ العُوْدِ" بجانے کے لیے چھیڑنا۔
لَہٗ: دینا۔
بَضَضًا وبُضَاضَۃً: تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی
دینا۔
اَبَضَّ. لَہٗ: تھوڑی سی چیز دینا۔
بَضَّضَ تَبْضِیْضًا: نازو نعمت کی زندگی بسر
کرنا۔
اِبْتَضَّ. القَوْمَ: ساری قوم کو تباہ کر دینا۔
تَبَضَّضَ. فُلَانًا: سب کچھ لے لینا۔ حَقَّہٗ
مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔
بِئْرٌ (بَضُوْضٌ) کم پانی والا کنواں۔ ج
بِضَاضٌ۔
البَضَضُ والبُضَاضَۃُ: تھوڑا پانی۔
البَضُّ: موٹاپی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی
کھال والا۔ مؤنث بَضَّۃ. البَضُّ والبَضَّۃُ:
کھٹا دودھ۔
البَضِیضَۃُ: جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو کہا
جاتا ہے "اَخرَجتُ لَہٗ بَضِیضَتِیْ" میں نے
اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دیدیں۔
بَضَعَ (ف) بَضْعًا وبَضَعَ. الشَّیْءَ: کاٹنا۔
چیرنا۔ نشتر لگانا۔
بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا. الکَلَامَ: سمجھنا
الکَلَامُ: واضح ہونا مِنْ فُلَانٍ: اکتا جانا۔ تنگ
دل ہونا۔
اَبْضَعَہٗ. الکَلَامَ: واضح طور سے بیان کرنا۔
اَبْضَعَ الشَّیْءَ: سرمایہ بنانا المرأۃَ: نکاح کرنا۔
الماءُ فُلَانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ واسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا الشَّیْءَ:
سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ العَرَقُ: پسینہ کا تھوڑا
تھوڑا بہنا۔ اِسْتَبْضَعَ الرَّجُلَ الشَّیْءَ: کسی
کے لیے سرمایہ بنانا۔

اَلبَاضِعُ: لوگوں کے سامان کو اٹھانے والا
شمشیر براں۔
اَلمِبْضَعُ: نشتر۔ ج مَبَاضِعُ.
اَلَہٗ بَضعٌ مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔
البِضعَۃُ والبَضعَۃُ: گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضع
وبَضع وبِضَاع وبَضَعَات.
البِضعُ والبَضعُ: رات کا کچھ حصہ۔ تین
سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے "بِضعُ سِنِیْنَ
وَبِضعَ عَشرَۃَ مِنَ النِّسَاءِ وَبِضعٌ
وَعِشرُوْنَ اِمْرَأَۃً" اور مذکر کے لیے بِضعَۃَ
عشرِ مِنَ الرِّجالِ و بِضعَۃُ وعِشرُوْنَ
اور بِضع کی تقدیم واجب ہے اس لیے عِشرُوْنَ
وبِضعُ: کہنا جائز ہوں۔
البِضَاعَۃُ: سرمایہ۔ پونجی۔ ج بَضَائِع.
بَضَمَ (ن) بَضْمًا. الزَّرْعُ: موٹے دانہ
والا ہونا۔
البُضمُ: خوشہ۔ نفس۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ
کَرِیْمُ البُضْمِ" وہ کریم النفس ہے۔
بَطَّ (ن) بَطًّا. الجُرحَ: زخم کو چیرنا۔
شگاف کرنا۔
بَطِطَ: عاجز ہونا۔ تھکنا۔
البَطُّ: واحد (البَطَّۃ) بطخ (نر و مادہ
دونوں کے لئے) ج بُطُوط و بِطَاط.
البَطَّۃُ: بطخ کے شکل کی شیشی۔
المِبَطُّ ج مَبَاطّ و (المِبَطَّۃ) نشتر۔
شگاف دینے کا اوزار۔
البَطاطا: آلو (جدید)
بَطبَطَ. البَطُّ: آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا
الرَّجُلُ: کمزور رائے والا ہونا۔
بَطُؤَ (ک) بُطْأً وبِطَاءً وبُطُوْءًا
واَبطأ: دیر کرنا۔ صفت (بَطِیٌّ) مؤنث بَطِیئَۃ
ج بِطَاء
اَبْطَأَ وبَطَأَ. عَلَیْہِ وَبِالأَمْرِ: دیر کرنا۔
مؤخر کرنا۔
بَاطَأَہٗ: ٹال مٹول کرنا۔
تَبَطَّأَ و تَبَاطَأَ. فِی سَیرِہٖ: پیچھے رہنا۔
اِستَبطَأَہٗ: دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا۔

اَلمَبْطَأَۃُ: باعث دیری۔
بَطَحَہٗ (ف) بَطْحًا: بچھانا۔ منہ کے بل
گرانا۔
بَطَّحَ. البَیْتَ: سنگریزی بچھا کر ہموار کرنا۔
تَبَطَّحَ وانبَطَحَ واستَبطَحَ. الوَادِی:
پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنبَطَحَ الرَّجُلُ: منہ کے
بل گرنا۔
البَاطِحُ: فا. منہ کے بل گرنے والا۔
البَطحَاء ج بِطَاح وبَطَائِح وبَطحَاوَات
و (الاَبطَح ج اَبَاطِح. والبَطِیْحَۃ) ج
بَطَائِح و (البِطْح:) کشادہ نالہ جس میں
ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔
البُطحَۃ: قدو قامت۔ مسافت۔
البُطحَۃ: خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے
"ھٰذِہٖ بُطحَۃ صِدْقٍ"
البُطَاحُ: ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے
اور برسام کے مشابہ ہوتی ہیاور اسی سے ہے
(البُطَاحِیُّ)
بَطَخَہ (ف) بَطخًا: چاٹنا۔
اَبْطَخَ: بہت خربوزے والا ہونا۔ البِطِّیْخ:
خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّیْخَۃ.
اَلبِطِّیْخُ الاَصْفر: زرداء/گرما۔ ایک لذیذ اور
ٹھنڈا پھل۔
المَبْطَخَۃ: خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخ
بَطَرَہٗ (ن ض) بَطْرًا: چیرنا۔ شگاف دینا۔
صفت مفعولی (مَبْطُوْر وبَطِیْر)
بَطِرَ (س) بَطَرًا: زیادتی نعمت کی وجہ سے
حیران ہونا۔ اترانا الحقَّ: تکبر سے قبول نہ کرنا
الشَّیْءَ: ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے
قابل نہ ہو النِّعمَۃَ: جہالت یا تکبر سے حقیر
سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِر)
اَبْطَرَہٗ: دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے
ہیں "اَبْطَرَہٗ ذَرْعَہ" اس پر اس کی طاقت سے
زیادہ لاد دیا۔ ذَرعَہ اَبطَرَہٗ کی ضمیر مفعولی
سے بدل اشتمال ہے۔
بَطَرًا: رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ
بَطَرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَيطَرَ الدَّابَّةَ: جانور کا علاج کرنا۔ نعل بندی کرنا۔ صفت (مُبَيطِر و بَطِير و بيطار) ج بَيَاطِرة.

البَيطَرَةُ: سالوتری کا پیشہ۔

اَلْبَطَارِيَةُ: توپوں کا مجموعہ جو کہ دشمن پر گولہ باری کرنے کے لئے نصیب کیا جاتا ہے۔

البِطْرِيرُ: زبان دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مؤنث بطريرة.

البَطْرَشِيلُ والبَطْرَشِين: ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔

البِطْرِيقُ: رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِق وبطاريق و بطارِقَة.

اَلْبِطْرِيْقُ: پرندوں کی ایک قسم جو کہ شمالی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں جس کے پیٹھ کے پر سیاہ اور سینے کے پر سفید ہوتے ہیں۔

البُطَارِق: لمبا۔

البَطْرَك والبَطْرِيَرك والبَطْرِيَك: پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِكَة و بَطَارِيك.

بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا. بِهِ: سختی سے پکڑنا عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش وبَطَّاش وبَطِش) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَبْطِشُ فِي العِلمِ بِبَاعٍ بَسِيطٍ" یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کرلیتا ہے۔

بَاطَشَهُ: ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔

اَلْاَبْطَع: وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گرگئے ہوں۔

البِطَاقَةُ: خط، پرچہ، پرزہ۔ بطاقة الثَّوب: کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائق.

بَطَل (ن) بُطلًا وبُطُولًا و بُطْلَانًا: فاسد ہونا۔ بیکار ہونا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (بَطَالَة) فِي كَلَامِهِ: تمسخر کرنا۔ الفَاعِلُ مِنَ العَمَلِ: بیکار ہونا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَةً و بُطُولَةً: دلیر ہونا، بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج اَبْطَال: مؤنث بَطَلَة. ج بَطَلات.

بَطَّلَهُ: باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ: لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) الشَّيءَ: ضائع کردینا۔ باطل کرنا الرَّجُلَ: تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ: بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوا بَيْنَهُمْ" انہوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل اُمور کیے۔

البِطَالَة: بیکاری۔ کام سے فراغت۔

البَطَالَة: بہادری۔

البَاطِل: فا۔ ناحق۔ ج اباطيل شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة.

البُطْل: باطل۔ جھوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بُطْلًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

الاَبْطَالة والاُبْطُولَة: باطل۔

البُطْم والبُطُم: بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ف) بُطُونًا و بَطْنًا: پوشیدہ ہونا صفت (باطن)

بَطَنَ (ن) بَطْنًا. الوَادِيَ: داخل ہونا۔ وَلَهُ: پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الاَمْرَ: کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (بُطُونًا وبَطَانَة) بِفُلَانٍ وَمِنْهُ: کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَنًا وبَطُنَ (ک) بَطَانَةً: بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ وبَطِيْنٌ ومِبْطَانٌ).

بُطِنَ بَطْنًا: مبتلائے درد شکم ہونا۔ صفت مَبْطُوْن.

بَطَّنَ واَبْطَنَ. الثَوبَ: استر لگانا۔ الدَّابَّةَ: تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشَّيءَ: پوشیدہ کرنا۔

بَاطَنَهُ: سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ: المَكَانُ: دُور ہونا۔

تَبَطَّنَ واسْتَبْطَنَ: الشَّيءَ: اندر داخل ہونا الاَمْرَ: معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن: پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الاَرْض: زمین کا پست حصہ۔ مِنَ القَوْمِ: گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُوْن وَاَبْطُن و بُطْنان کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدُّجَاجَةُ ذَابِطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ "وَصَاحَتْ عَصَا فِيرِ بَطْنِهِ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن: پیٹ کی بیماری۔

البَطِن: حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَة: دُبر۔

البِطْنَة: زیادتی خوارک کی وجہ سے بہت زیاد شکم پُری۔

البِطَان ج اَبْطِنَة و بُطُن: تنگ، جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لیے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ عَرِيْضُ البِطَان" فلاں غنی آسودہ حال ہے "والتَقَتْ حَلْقَتَا البِطَان" معاملہ سنگین ہوگیا اور مصیبت سخت ہوگئی۔

بِطَانَة. الثَّوْب: کپڑے کا استر۔ الرَّجُل: اہل وعیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن: راز دار۔

مِنَ القَدَم: تلوا۔ ج اَبطِنَة وبُطْنَان.

البَاطِنَة: بھید۔

البَطِيْن: دور۔ کہا جاتا ہے "شَأْوٌ بَطِين" مسافت بعیدہ "كِيْسٌ بَطِيْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِيْن: بڑے پیٹ والا۔

المُبَطَّن: پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة: ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِيَة: بڑا پیالہ۔ شراب کے لیے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِ.

بَظَّ (ن) بَظًّا. العُوْدَ: بجانے کے لیے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

اَبَظَّ: الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔ صفت (بَظِيظ)

البَظُّ. فَظُّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَعَّ (ن ض) بَعًّا. الماءَ: کثرت سے بہانا۔

البَعَاع: سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى السَّحَابُ بَعَاعَه"

بادل نے سارا پانی برسا دیا۔ "اَلْقَی بَعَاعَه عَلَیْه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔
اَلْبَعْبَعَة: جلدی جلدی بولے جانا۔
بَعَثَهٗ(ف) بَعْثًا و تَبْعَاثًا: تنہا بھیجنا به: دوسرے کے ساتھ بھیجنا ہٗ: برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بَعَثَه مِنْ نَوْمِه" اس نے اس کو نیند سے بیدار کیا۔ "وَبَعَثَه عَلَی الشَّیْئِ" اس نے اس کو فلاں کام کرنے پر اکسایا المَیِّتَ: دوبارہ زندہ کرنا۔ اور اسی سے "یَوْمُ الْبَعْثِ" ہے بمعنی روزِ قیامت۔
بَعِثَ(س) بَعَثًا: نیند سے بیدار ہونا۔
تَبَعَّثَ. الشَّیْئُ: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا الشِعْرُ مِنْهُ: شعر کی آمد ہونا۔
تَبَاعَثُوا. عَلَی الشَّیْئِ: ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْبَعَثَ: بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا فِی السَّیْرِ: جلدی کرنا۔
اِبْتَعَثَهٗ: بھیجنا۔
اَلْبَعْث والبَعَث: فوج: ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُث و بُعُوث.
اَلْبَعْث والبَعِث: جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اُٹھا اٹھادے۔
اَلْبَاعُوثُ ج بَوَاعِیث عیسائیوں کی عید فصح کے دوسرے دن نماز۔
اَلْبَاعُوث: عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)
اَلْبَاعِث والبَاعِثَة: سبب ج بَوَاعِث.
اَلْبَعِیْث والمَبْعُوْث: بھیجا ہوا۔ اُٹھایا ہوا۔
بَعْثَرَهٗ بَعْثَرَةً: بکھیرنا المَتَاعَ: اُلٹنا پلٹنا۔
تَبَعْثَرَ: اُلٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے "تَبَعْثَرَتْ نَفْسِی" یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔
بَعَجَ (ف) بَعْجًا. البَطْنَ: پھاڑنا۔ صفت (بَاعِجٌ) صفت مفعولی (مَبْعُوْجٌ وَ بَعِیْجٌ: بعیج مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج بَعْجَی الْاَرْضَ آبارًا: بہت کنوئیں کھودنا المَطَرُ الْاَرْضَ بَعَجَ فِیْهَا: شدتِ وقوع کی

وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا بَطْنه لَه: خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔
تَبَعَّجَ وانْبَعَجَ. السَّحَابُ: برس کر کھل جانا السَّیْلُ: سیلاب کا تیزی کے ساتھ بڑھنا علَیَّ بالکلام: بہت زیادہ باتیں کرنا۔
اَلْبَاعِجَة: وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج.
بَعُدَ(ک) بُعْدًا وبَعِدَ(س) بَعَدًا: دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بُعَد و (بَعِد) مفرد و جمع دونوں کے لیے و (بَعِید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدان
اَبْعَدَ: دُور ہونا۔ (اَبْعَدَهٗ وبَعَّدَهٗ وَبَاعَدَهٗ:) دور کرنا۔
تَبَاعَدُوْا: ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَبَعَّدَ: دور ہونا۔
تَبَاعَدَ وابْتَعَدَ واِسْتَبْعَدَ. عَنْهُ: دُور ہونا۔
اِسْتَبْعَدَ الشَّیْئَ: دُور پانا یا سمجھنا۔
اَلْبُعْد والبَعْد والبُعْدَة: دوری۔ رائے و دور اندیشی۔ بُعْدَ اللهُ: بددعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔
اَلْبُعَاد: بعید کی مانند صفت ہے۔ دور۔
بَعْدُ: ظرف زماں ہے بمعنی پیچھے۔ اور اس کے لیے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادہ اضافت کی صورت میں مبنی برضمہ ہوتا ہے اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ بَعْدُ و بَعْدًا وَ مِنْ بَعْدُ.
اَلْاَبْعَدُ: بہت دور۔ خیانت کرنے والا۔ ج اَبَاعِد.
بُعْد نُقْطَتَیْن عَلَی کُرَة: دونوں نقطوں کے پاس سے گزرنے بڑے دائرے کے دو قوسوں میں سے چھوٹا۔
رَجُلٌ (مِبْعَدٌ) بہت دور دور کا سفر کرنے والا۔
بَعِرَ (س) بَعَرًا. الجَمَلُ: نو ۹ (سالہ یا چہار) ۴ (سالہ اُونٹ ہونا۔
بَعَرَ (ف) بَعْرًا: مینگنی کرنا۔
بَعَّرَ المِعیٰ واَبْعَرَهٗ وتَبَعَّرَهٗ: ساری مینگنی

نکال دینا۔
اَلْبَعْر والبَعَر. ج اَبْعَار: مینگنی۔ واحد (بَعْرَة) ج بَعَرَات.
اَلْبَعِیْر: نو (۹) سالہ یا چہار (۴) سالہ اُونٹ یا اُونٹنی ج بُعْرَان واَبْعِرَه و جج اَبَاعِر و اَبَاعِیر.
اَلْمَبْعَر والمِبْعَر: مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔
بَعْزَقَهٗ بَعْزَقَةً: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
بُعِضَ. الرَّجُلُ: مچھروں سے تکلیف اُٹھانا۔ صفت (مَبْعُوض)
بَعَّضَهٗ: حصے بنانا۔ جزء جزء کرنا۔
تَبَعَّضَ: جزء جزء ہونا۔
اَبْعَضَ. المَکَانُ: مچھر والی ہونا، بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِض و مَبْعوض)
بَعْضُ. الشَّیْئُ: کسی چیز کا ایک جزء۔ اور کبھی ایک فرد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللیَالِی" یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض.
اَلْبَعُوْض: مچھر۔ واحد (بَعُوْضَةٌ)
بَعَطَ (ف) بَعْطًا. فِی الجَهْلِ وَالشَّوْمِ: مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا الحَیْوانَ: ذبح کرنا۔
اَبْعَطَ. فُلَانٌ: حد سے بڑھ جانا الرَّجُلَ: طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا فِی الْجَهْلِ: زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا. المَطَرُ الْاَرْضَ: تریڑے سے پڑ کر در اڑ ڈال دینا۔
(بَعْقًا) الْجَمَلَ: اُونٹ ذبح کرنا البِئْرَ: کنواں کھودنا۔
بَعَّقَ. الزِّقَ: مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ وانْبَعَقَ وابْتَعَقَ. فِی الْکَلَامِ: تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا السَّحَابُ: زور سے برسنا۔
اَلْبُعَاق: زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔
مَبْعَق. المَفَازَة: بیابان میں کشادہ جگہ۔
بَعِكَ (س) بَعَکًا. الجِسْمُ: بدن کا خشک

اور کھردرا ہونا۔

بَعَلَ (ن) بَعَالَةً وبُعُولَةً. الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ: شوہر ہونا۔ بَعَلَتِ الْمَرْأَةُ: شوہر والی ہونا۔

بَعِلَ (س) بَعَلًا. بِاَمْرِهٖ: متحیر ہونا۔ صفت (بَعِل) مؤنث بَعِلَة.

تَبَعَّلَتِ. الْمَرْأَةُ: شوہر کی اطاعت کرنا۔

بَاعَلَ. القَومُ قوماً: آپس میں شادی بیاہ کرنا۔

اِسْتَبْعَلَ: المَكَانُ: بارانی ہونا۔ الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ: شوہر ہونا۔

البَعْلِ. ج بُعُول وبِعَال و بُعُولة: شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلَة بھی کہتے ہیں۔ البَعْلُ: مالک۔ سردار۔ کہتے ہیں۔ "من بَعْلُ هٰذِهِ النَّاقَةِ" اس اُونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بُت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔

البَعْلُ مِنَ الاَرْضِ: بارانی زمین۔

بَعْلَبَكُّ: مُلک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے بَعْلَبَكِّيٌّ وبعلِيٌّ.

البَعِيم: ایک بُت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی ورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بَعِيمٌ: شعر نہ ہہ سکنے والا امرد۔

بَغَا يَبْغِیْ ويَبْغُو بَغْوًا وبَغِیَ يَبْغٰی بَغْيًا: ناہ کرنا۔ خطا کرنا ہٗ بِالعَيْنِ: نظر بد لگانا عَلَيْهِمُ الشَّرَّ: کسی کے ساتھ برائی کرنا الشَّئَ: منگنی لینا۔

بَغَّ (ن) بغًّا. الدَّمُ: خون کا جوش میں آنا۔

بَغْبَغَ بَغْبَغَةً. البِسَاطَ: بچھونا روندنا۔

المُبَغْبِغ: گفتگو میں گڑبڑی کرنے والا۔ بہت بلدباز۔

بَغَتَ (ف) بَغْتًا و بَاغَتَةً اچانک آنا۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَتَاتِ العَدُوِّ" یں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔

بَغِثَ (س) بَغَثًا: سبزی مائل سفید ہونا۔ گرد آلود ہونا۔ صفت (اَبْغَث) مؤنث بغثاء

الاَبْغَثُ: ایک آبی پرندہ۔ ج بُغْث و اَبَاغِث. الاَبْغَث: شیر۔

البُغْثَة: سبزی مائل سفیدی۔

البَغْثَاء. مِنَ النَّاسِ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلْنَا فِي البَغْثَاءِ" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہو گئے۔

البُغَاث: بتثلیث الباء: سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اُڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بغثان، عرب کے قول "اِنَّ البُغَاثَ بِاَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔

اَلْبَغِيث: گیہوں۔

بَغْثَرَ. اَلْقَوْمُ: جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَهٗ: جدا جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔

بُغْثِرَتْ نَفْسُه و تَبَغْثَرَتْ: جی متلانا۔

البَغْثَر: بیوقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اُونٹ۔

بَغْدَاد: عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدينة السَّلام اور زوراء اور دارالسَّلام بھی کہتے تھے۔

تَبَغْدَدَ: بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔

بَغِرَ (س) بَغْرًا و بَغَرًا: پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِير و بُغير) ج بَغَارَىٰ و بُغَارَىٰ

بَغَرَتْ (ن) بُغُورًا. السَّمَاءُ: برسانا النَّجْمُ: ستارہ گرنا۔

بُغِرَتِ. الاَرْضُ: بارش ہونا۔

البَغَر: پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (والبَغْر) سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَرَّقُوْا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے۔

البَغْرَة: پانی کی قوت۔

بَغَزَهٗ (ف) بَغْزًا: لاٹھی سے مارنا۔

البَغْز: سرعت حرکت۔ چستی۔

البَاغِز: چست۔ فسق و فجور میں منہمک۔

البَاغِزِيَّةُ: حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔

البُوْغَاز: آبنائے۔ ج بَوَاغِز.

بَغَشَت (ف) بَغْشًا. السَّمَاءُ: ہلکی بارش برسانا الصبیُّ اِلٰی اُمِّهٖ: روانسا ہو کر متوجہ ہونا۔

بُغِشَتِ. الاَرْضُ: ہلکی بارش پڑنا۔

البَغْشَةُ: ہلکی بارش۔

بَغَضَ و بَغُضَ (ن ک) وبَغِضَ (س) بَغَاضَةً: دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا (مَااَبْغَضَنِي لَهٗ وَمَا اَبْغَضَهٗ اِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم "ما اَبْغَضَنِيْ لَهٗ" کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس کے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب مَا اَبْغَضَهٗ اِلَيَّ: کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔

بَغَّضَهٗ. اِلَيْهِ: نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔

اَبْغَضَهٗ: دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔

تَبَغَّضَ. اِلَيْهِ: دشمنی کرنا۔

تَبَاغَضُوْا: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔

البُغْض: نفرت۔ دشمنی۔

اَلْبِغْضَةُ والبَغْضَاءُ والبَغَاضَة: سخت دشمنی۔ البِغْضَة: دشمنی کرنے والے لوگ۔

البَغِيض: سخت دشمنی رکھنے والا۔

بَغَلَهُم (ف) بَغْلًا: باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔

بَغَّلَ: بمعنی بَغَلَ فِي المَشْيِ: تھک جانا۔ عاجز ہونا۔

البَغْل: خچر۔ ج بِغَال وَاَبْغَال. مؤنث بَغْلَة ج بَغَلات وبِغَال.

البَغَّال: خچر والا۔ یا خچر ہانکنے والا۔

بَغَمَتْ (ف ن ض) بُغُومًا و بُغَامًا و تَبَغَّمَت. الظَّبْيَةُ: بہت نرم آواز نکالنا۔ صفت (بَاغِمَة وبَغُوم) بَغَم الرَّجُلُ صَاحِبَهٗ: مبہم گفتگو کرنا۔

بَاغَمَهٗ: نرم آواز سے گفتگو کرنا۔

البُغَام: ہرن کی آواز۔

البُغْمَة: عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم.

بَغَا(ن) بَغْوًا. الشَّیْئَ: غور سے دیکھنا عَلَیْهِ: تعدی کرنا۔ زیادتی کرنا۔ صفت (بَغُوٌّ)
البَغْوَة: کچا پھل مِنَ النَّبَاتِ: شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔
یَغُونِیَا: ایک پھول دار پودے کا نام
بَغَی(ض) بُغَاءً و بَغْیًا وبُغًی و بُغْیَةً و بِغْیَةً. الشَّیْئَ: طلب کرنا الرَّجُلُ: حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا عَلَیْهِ: دراز دستی کرنا۔ ظلم کرنا۔ صفت (باغ) ج بُغَاة وبغیان السَّمَاءُ: سخت برسانا الْاَمَةُ: زنا کرنا الْجُرْحَ: سوجنا، خراب ہونا پیپ سے بھرنا۔
اِبْتَغَی وتَبَغَّی. الشَّیْئَ: طلب کرنا۔
اَبْغَاهُ الشَّیْئَ: طالب بنانا۔ طلب کرنے میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِیْ ضَالَّتِی" میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔
بَاغَتِ الْاَمَةُ بِغَاءً و مُبَاغَاةً: زنا کرنا۔
تَبَاغَی: القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔
اِنْبَغَی: سہل ہونا۔ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَایَنْبَغِی لَكَ اَنْ تَفْعَلَ ذٰلِكَ" تمہارے لیے مناسب نہیں کہ ایسا کرو۔ (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)
اِسْتَبْغَی: الشَّیْئَ: طلب کرنا القَوْمَ: طلب کرنے میں مدد چاہنا۔
اَلْبَغْیُ: ظلم۔ جنایت۔ گناہ۔ بہت بارش۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "بَرِئَ جُرْحُهُ عَلیٰ بَغْیٍ:" یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔
البُغْیَةُ والبِغْیَةُ والبِغْیَّةُ والبُغَاء: مرغوب ومطلوب۔ البُغْیَة حاجت۔
البَغِیُّ: بدکار وزناکار عورت۔ ج بَغَایَا. بَغَایَا الجَیْشِ: فوج کے ہراول دستے۔
المَبْغَی والمَبْغَاة: طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَغَیْتُ المَالَ مِنْ مَبْغَاتِه" میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتَیْتُ الْاَمْرَ مِنْ مَأْتَاتِهِ" میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہیے۔

بَقَّ(ن) بَقًّا. الماءَ مِن فِیهِ: پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا لَنَا الْعَطَاءَ: بخشش وسیع کرنا مَالَهُ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا الْجِرَابَ: پھاڑنا (بَقًّا وبُقُوقًا) النَّبْتُ: اُگنا السَّمَاءُ: لگاتار کثرت سے بارش ہونا الْمَرْاَةُ: بہت اولاد والی ہونا البَیْتُ: بہت کھٹمل والا ہونا۔ (بَقَاقًا وَبَقًّا واَبَقَّ) عَلَی القَوْمِ: بہت بک بک کرنا۔
بَقَّقَ. مَالَه: متفرق کرنا۔ (وَاَبَقَّ) البَیْتُ: بہت کھٹمل ہونا۔ وَاَبَقَّ ولدُ فُلَانٍ: بہت ہونا۔ اَبَقَّتِ الْمَرْاَةُ: بہت اولاد والی ہونا السَّمَاءُ: لگاتار بہت بارش ہونا۔
البَقُّ: کھٹمل۔ پسو۔
البَقَاق: گھر کا ردی سامان۔ رَجُلٌ بَقَاقٌ وَبَقَاقَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔
بَقْبَقَ بَقْبَقَةً. الکُوزُ فِی الْمَاءِ: بق بق کی آواز نکلنا القِدْرُ: اُبلنا الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔
البَقْبَاق: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقْلَاقٌ بَقْبَاقٌ" بہت بکواس کرنے والا۔
البُقْجَة: کپڑے وغیرہ کی گٹھری۔ (جدید)
البَقْدُونَس: ایک قسم کی نباتات۔
بَقَرَ(ف) بَقْرًا: پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔
بَقِرَ(س) بَقَرًا: نگاہ کا پتھرا جانا۔
اَبْقَرَ. الْمَرْاَةَ عَنْ جَنِیْنِهَا: پیٹ چیر کر بچہ نکالنا۔
اِبْتَقَرَ: پھٹنا۔ کھل جانا۔ وسیع ہونا۔
تَبَقَّرَ. الرَّجُلُ: علم یا مال میں زیادتی والا ہونا۔
البَقَر: گائے۔ بیل (اسم جنس)، واحد (بَقَرَةٌ) ج بَقَرَات و بَقَر و بُقُر وَاَبْقُر و اَبْقَار وَاَبَاقِر وَاَبَاقِیر. بَقَرُ الوَحْشِ اَوِ البَقَرِ الوَحْشِیِّ: نیل گائے۔ جُوْعُ البَقَرِ: سخت بھوک۔ عُیُونُ البقر: ایک قسم کا انگور۔ بَقَرُ الْمَاءِ: گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔
البُقَر والبُقَارَی: جھوٹ۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ بِالصُّقَرِ وَالبُقَرِ اَوِ الصُّقَارَی وَالبُقَارَی" فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا۔ یعنی مصیبت کا سبب بنا۔
البُقَیْرَی: بچوں کا ایک کھیل۔
البَقَّار: گائے والا۔ گائے کا چرواہا۔
البَاقِر والبَاقُور والبَقُّور: گایوں کا ریوڑ۔ یہ اسماء جمع ہیں۔
فِتْنَةٌ (بَاقِرَةٌ): محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔
البَقِیرَة والبَقِیر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیص۔ نَاقَةٌ بَقِیرَةٌ: اونٹنی جس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا گیا ہو۔
البَقْس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بقسہ)
البَقْسِمَاط: کیک کی ایک قسم (فارسی لفظ)
بَقَطَ(ن) بَقْطًا. مَتَاعَهُ: سفر کے لیے جمع کرنا۔ متفرق کرنا فُلَانًا بُسْتَانَه: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا۔
بَقَّطَ. فِی الجَبَلِ: چڑھنا۔ الشَّیْئَ: متفرق کرنا۔
تَبَقَّطَ: الشَّیْئَ: تھوڑا تھوڑا لینا الْخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
البَقَط: توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔
البُقْطَة: زمین کا ایک حصہ۔
بَقِعَ(س) بَقَعًا. الطَّیْرُ: مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع) مؤنث بقعاء ج بُقْع فُلَانٌ بِالشَّیْئِ: اکتفا کرنا الْاَرْضَ مِنْهُ: خالی ہونا۔
بَقَعَ(ف) بَقْعًا وبَقَعَ: جانا۔ تم کہتے ہو "ما اَدْرِی اَیْنَ بَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
بَقَّعَ الثَّوْبَ: رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔
تَبَقَّعَ: داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَتِ الثِّیَابُ: کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔
اِنْبَقَعَ: تیز جانا۔

أَبْتَقِعَ. لَوْنُه: خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا (اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ افصح ہے)
البُقعَة والبَقعَة: زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقَاع و بُقَع. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ البُقعَةِ عِنْدَ الْاَمِیْرِ." فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ وَالبقعَةُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
البَقِیْع: وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ اِبْنُ بَقِیْع: کتا۔
البَاقِعَة: الباقع کا مؤنث۔ ہوشیار وزیرک مرد جس کو فریب نہ دیا جاسکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے "مَا فُلَانٌ اِلَّا بَاقِعَةٌ مِنَ البَوَاقِع" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔
الْاَبْقَعُ: سیاہ سفید داغوں والا۔ مؤنث بقعاء۔ ج بُقع: کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقْعَان. سَنَةٌ بَقْعَاء: سال جس میں سرسبزی وخشک سالی دونوں ہوں۔
الْاُبَیْقِع: کم بارش والا سال۔
بَقَلَ (ن) بَقْلًا وبُقُولًا وَاَبْقَلَ: ظاہر ہونا نَابُ الْبَعِیْر: نکلنا المَکَانُ: سبزی اگنا۔ صفت (بَاقِل و بَقْل وبَقِیل). وَجْهُ الْغُلَامِ: سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ لِبَعِیْرِهٖ بَقْلًا: ساگ پات جمع کرنا۔ وَاَبْقَلَ الْقَوْمُ: سبزی پانا، قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔
بَقَّلَ: وجهُ الغلام: سبزہ آغاز ہونا۔
تَبَقَّلَ وابتَقَلَ: سبزے کی تلاش میں جانا المَاشِیةُ: سبزہ چرنا۔
البَقْلُ: سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و اَبْقَال
البَقْلَة: البَقْل کا واحد (بَقْلَةُ الْحُمَقَاء وَ بَقْلَةُ الزُّهَرَاء وَ بَقْلَةُ اللَّیِّنَةِ) خرفہ کا ساگ۔
البَقْلَةَ البَارِدَة: عشق پیچہ۔
بَقْلَةُ الْاَنْصَار: کرم کلا۔
البَاقِلَاء والبَاقِلیّ والبَاقِلی: لوبیا۔ اَرْضٌ (بَقِلَة و بَقِیْلَة و بَقَّالَة وَ مَبْقَلَة) سبزی والی زمین۔
البَقَّال: سبزی فروش۔
المَبْقَلَة: سبزی کی جگہ۔

البُوقَال والبَاقُول: بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِیل.
اَلْبَقْلَاوِیْ: حلوی کی ایک قسم
بَقَّم. الثَّوْبَ: کپڑے کو بقم سے رنگنا۔
البَقَّم: ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔
البُقَّم: دھتورا۔
البُقَامَة: مِنَ الصُّوف: اون جو دھننے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔
بَقَا (ن) بَقَاوَةً و بَقْیٌ (ض) بَقْیًا. فُلَانًا بِعَیْنِهٖ: دیکھنا۔ نظر ڈالنا ہٗ: انتظار کرنا۔
بَقِیَ (س) بَقَاءً و بَقْیٌ (ض) بَقْیًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔
اَبْقیٰ. عَلَیْهِ: رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (وبَقَّیٰ وتَبَقَّیٰ واسْتَبْقَیٰ) ہٗ: ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ اِسْتَبْقَیٰ مِنْه: کچھ باقی رکھنا۔
تَبَقَّیٰ: باقی رہنا۔
البَاقِی: فا. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
البَاقِیَة: الباقی کا مؤنث ۔ ج الباقیات والبَوَاقِی.
البَقْوَی والبُقْوَیٰ والبُقْیَا والبَقِیَّة: باقی ماندہ۔ ج بَقَایَا: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَقِیَّةُ قَومِه" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔
المَبْقَیٰ: بقا. زندگانی۔ ج المبَاقِی.
بَکَّهٗ (ن) بَکًّا: مزاحمت کرنا۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ فسخ کرنا الدَّابَّةَ: چلا کر تھکانا۔
بَكَّ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔
تَبَاكَّ. الْقَومُ: ہجوم کرنا الشَّیْءُ: توبر تو ہونا۔
البَاكُّ: فا. بیوقوف۔
بَکَّةُ: مکّہ مکرمہ۔
بَکْبَكَ و تَبَکْبَكَ. الْقَوْمُ عَلَیْهِ: ہجوم کرنا جَمَعَ (بَکْبَاك:) بہت بڑی جماعت۔ رَجُلٌ بَکْبَاكٌ: سخت مزاج مرد۔

بَکَأَتْ (ف) وبَکُؤَتْ (ک) بُکُوأً و بَکَاءَةً و بَکأً و بُکَاءً. النَاقَةُ: کم دودھ والی ہونا البِئْرُ: کم پانی والا ہونا العَیْنُ: کم آنسو والی ہونا۔ صفت (بَکِیٌّ وَ بَکِیئَةٌ وَبَکِی وبَکِیَّةٌ) ج بِکَاء و بَکَایَا. اَیْدٍ بِکَاء: کم داد ودہش والے ہاتھ۔+
بَکِیَ (س) بَکأً: اپنی حاجت سے محروم رہنا۔ اَبکَأَ. الدَّرَّ: کم پانا۔
بَکَتَهٗ (ن) بَکْتًا: تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بکته حَتَّیٰ اَسْکَتَه" وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کردیا۔
بَکَّتَهٗ: بمعنی بَکَتَه: زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔ جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے تَبْکِیْتُ الضَّمِیْرِ.
بَکْتِیرِیَا: انتہائی باریک ثومة (جراثیم) اس کو دوربین کے ساتھ دیکھا جاسکتا ہے۔
اَلْبکترِیُولُوجیَا: جراثیم کا علم اس علم کا طب میں بیماریوں کی تحقیق میں بڑا فائدہ ہے۔
بکِر (س) بَکَرًا. اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔
بَکَرَ (ن) بُکُوْرًا. آگے بڑھنا عَلَیْهِ وَاِلَیْهِ: صبح کے وقت آنا فِی الشَّیْءِ: صبح سویرے کرنا۔
اَبْکَرَ وبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔ بَکَّرَه —عَلَیْهِمْ: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَکَّرَ الْمُصَلِّی: اوّل وقت میں نماز کے لیے آنا۔
بَاکَرَه:— صبح کے وقت آنا۔
تَبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔
اِبْتَکَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔
البَاکِر: فا: اَتَاهُ بَ اکِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
البِکْرِ: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اول۔ ج اَبْکَار. البِکْر: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الضَّرْبَةُ البِکْر: تلوار کا وار جو قاتل ہو۔ کَرْمٌ بِکْرٌ: پہلا دانہ

انگور کا۔ نارٌ بِکْرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خلٌّ بِکْرٌ: تیز سرکہ۔
اَلدُّرَّةُ الْبِکْرُ: دُرِ ناسفتہ۔
اَلبَکْرُ۔ جوان اونٹ۔ ج اَبْکُرٌ و بُکْرَان وبِکَارٌ و بِکَارَةٌ۔ مؤنث بَکْرَةٌ ج بِکَار۔
اَلبُکْرَةُ۔ صبح۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُه بُکْرَةً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
اَلبَکْرَةُ والبَکَرَةُ: وزنی سامان اُتارنے چڑھانے کی چرخی۔ ج بَکْرٌ و بَکَرَات۔ کہا جاتا ہے "وَالبَکَرَاتُ شَرُّهُنَّ الصَّائِمَةُ" چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں۔
اَلبَکْرَةُ: جماعت۔ اور اسی سے ہے "جَاءُوْا عَلٰى بَكْرَةِ اَبِيْهِمْ" وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔
اَلبَکَارَةُ: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
اَلبِکْرِيَّةُ والبُکُوْرِيَّةُ: البکر کا اسم۔
اَلبَاکُوْرَةُ: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاکِیْر و بَاکُوْرَات۔
اَلبَکِیْر والبَاکُوْر والبَکُوْر۔ ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتدا کی بارش۔
اَلبَکِیْرَةُ: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَکَائِر۔
اَلمُبْکِرُ: فا۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔
اَلمِبْکَار۔ پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ: جلدی اگانے والی زمین۔ ج مَبَاکِیْر۔
بَکَسَه (ن) بَکْسًا۔ مغلوب کرنا۔
بَکَعَه (ف) بَکْعًا۔ بدن کے مختلف حصّوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِي اَیْنَ بَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔ و بَکَعَ الشَّیْءَ: بخش دینا۔
بَکَّعَهُ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (اَبْکَعُ) ہاتھ کٹا مرد۔
بَکَلَ (ن) بَکْلًا و بَکَّلَ۔ الشَّیْءَ: ملانا الرَّجُلُ: آٹا، ستو، گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔

تَبَکَّلَ۔ فِي الْکَلَامِ: گڑبڑ گفتگو کرنا ہٗ و عَلَیْهِ: گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا۔ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا الرَّجُلُ: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا فِیمَشْیَتِهٖ: ناز سے چلنا۔
اِبْتَکَلَ۔ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا۔
اَلبِکْلَةُ: حال۔ ہیئت۔ شکل و صورت۔ طبیعت۔ ج بِکَل۔
اَلبَکَالَةُ والبَکِیْلَةُ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا، ستو، گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
اَلبَکِیْلَةُ: غنیمت۔
بَکَالُوْرِیَا: ثانوی کی آخری کلاس کی سند (یونانی)
اَلْکَلِیْك: حکومت کے لئے خاص سامان اور زمین۔ (یونانی)
بَکِمَ (س) بَکَمًا و بَکَامَةً: گونگا ہونا۔ صفت (اَبکَم) ج بُکْم و (بَکِیْم) ج بُکْمَان۔
بَکُمَ (ک) بَکَامَةً: جان بوجھ کر خاموش ہونا۔
تَبَکَّمَ۔ الْکَلَامُ عَلَیْهِ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
بَکٰی (ض) بُکَاءً و بُکًی۔ رونا۔ صفت (بَاكٍ) ج بُکَاة۔ مؤنث بَاکِیَة ج بَاکِیَات و بَوَاكٍ۔
بَکّٰی و بَکٰی۔ المَیِّتَ: میت پر رونا۔
بَکّٰی واَبْکٰی واسْتَبْکٰی۔ الرَّجُلَ رلانا۔
تَبَاکٰی: رونے کی صورت بنانا۔ بتکلف رونا۔
اَلبَکَّاءُ والبَکِیُّ: بہت رونے والا۔
اَلتَّبْکَاءُ والتِّبْکَاءُ: گریہ یا کثرت گریہ۔
اَلمَبْکٰی: رونے کی جگہ ج مَبَاكٍ۔
بَلْ۔ حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کیلئے آتا ہے جیسے "مَا ذَهَبَ زَیْدٌ بَلْ عَمْرٌو" میں حکم عمر کے لیے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔
بَلَّهُ (ن) بَلًّا و بِلَّةً و بَلَلًا۔ بِالْمَاءِ: تر کرنا۔ بَلَّ یَدَهُ: دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلًا و بَلَالًا۔ بِکَذَا: فتح مند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا، جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِهٖ یَدِیْ" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہنچے۔
بَلَّ (ض) بَلَلًا و بَلًّا و بُلُوْلًا۔ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔ چنگا ہونا (بَلًّا فِي الْاَرْضِ) جانا (بُلُوْلًا) الرِّیْحُ: سرد ہوا کا چلنا۔
اَبَلَّ۔ الشَّجَرُ: پھلدار ہونا العُوْدُ: لکڑی میں تری کا ہونا۔ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔ اَبَلَّهُ فِي الْاَرْضِ: لے جانا۔
بَلَّلَ۔ الثَّوْبَ: تر کرنا۔
تَبَلَّلَ وَابْتَلَّ۔ تر ہونا وَاسْتَبَلَّ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا۔
اَلبِلُّ: صحت و شفا۔ مباح۔ اور اسی سے عباسؓ کا قول ہے "لَا اُحِلُّهَا لِمُغْتَسِلٍ وَهِيَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌّ" میں اس کو نہانے والے کے لیے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کیلئے حلال و مباح ہے۔ چالاک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِلُّ اَبْلَالٍ" وہ بڑا چالاک ہے۔
اَلبُلَّةُ: جوانی کی تروتازگی۔
اَلبِلَّةُ: تری۔ رزق۔ خیر۔
اَلبَلَال وَالبِلَال وَالبُلَال: تری، پانی، دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کر دے۔
اَلبُلَالَةُ: اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔
اَلبَلَل: بیج۔
اَلبَلِیْلُ والبَلِیْلَةُ۔ نمی کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
اَلبَلِیْلَةُ: صحت۔
ذُوبِلّٰی وبِلّٰی و بِلِّیَان: دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِذِي بِلّٰی" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔
اَلْاَبَلُّ: بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔ مونث بَلَّاء۔ ج بُلٌّ۔ اور کہا جاتا ہے "لَا شَیْءَ اَبَلُّ لِلْجِسْمِ مِنْکَذَا" جسم کے لیے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاةٌ بَلَّاءُ: چکنا پتھر۔
اَلبَلَّان: حمام میں نہلانے والا۔ مؤنث بَلَّانَةٌ۔ والبَلَّان ج بَلَّانَات: حمام۔

البَلَلَةُ: بیت و حال۔ کہا جاتا ہے "طویت السِّقَاء عَلٰی بُلُلَتِهِ و بُلَلَتِه" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ "وطویت فلانا عَلٰی بَلَلَتِهِ و بُلُلَتِهِ و بَلَّتِه و بُلَّتِهِ و بُلَالَتِهِ": باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔
المِبَلّ: بروزن مِفْعَل: مستقل۔ کہا جاتا ہے "خَصْم مِبَلّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔
اَلْبَلَان: وہ کانٹے دار پودا جو زمین میں پھیل کر ناقابل کاشت بنا دیتا ہے۔
البَالُول: تھوڑا پانی۔
بَلْبَل بَلْبَلَةً و بِلْبَالاً. القَوْمَ: بھڑکا دینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کر دینا الاَلْسِنَةَ: مخلوط کرنا۔ الاَمْتِعَةَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا الآرَاءَ: خراب کرنا بگاڑنا۔
تَبَلْبَل: بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
البُلْبُل. بلبل ج بَلَابِل. بُلْبُلُ الاِبْرِیْقِ: لوٹے کی ٹونٹی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لیے فصیح لفظ "دُوَّامَة" (لٹو) ہے۔
بَلَتَ(ض) بَلْتًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔
بَلَتَ (ن) بَلْتًا وَ بَلِتَ (س) بَلَتًا وَانْبَلَتَ: کٹنا۔
اَبْلَتَهُ: یَمِیْنًا: قسم دلانا۔ اَبْلَت الرَّجُلُ: گفتگو سے رک جانا۔
البَلِیْت وَالبِلِّیْت: مختصر کلام کرنے والا۔ فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔
المُبَلَّت: آراستہ کلام۔
البَلْتَع: ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔
البَلْتَعِیّ: زبان آور۔ فصیح۔
البَلِیْث: دو سالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔
بَلَجَ(ن) بُلُوْجًا وَاَبْلَجَ وَتَبَلَّجَ وَانْبَلَجَ وَابْتَلَجَ. الصُّبْحُ: روشن ہونا۔
بَلِجَ (س) بَلَجًا. صَدْرُهُ: مطمئن ہونا الحَقُّ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (اَبْلَج) مؤنث بَلْجَاءُ وَالاَبْلَج: علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا۔

تَبَلَّجَ. اِلَیْهِ: ہنسنا۔ خوش ہونا۔
اِبْلَاجٌ وَابْلَاجٌ اِبْلِیْجَاجًا: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
البُلْجَةُ وَالبَلْجَةُ: سپیدۂ صبح (والبَلَج) ابروؤں کے درمیان کشادگی۔
بَلْحَة بالحمام قبح ہے۔
البَلْجُ والبَلِیْجُ: کشادہ رو۔
بَلَحَ(ف) بَلْحًا. الثَّرَی: خشک ہونا۔ البِئْرُ: پانی ختم ہونا۔ صفت (بَلُوح) الرَّجُلُ بِالاَمْرِ: انکار کرنا الغَرِیْمُ: مفلس ہونا الرَّجُلُ بِشَهَادَتِهِ: چھپانا۔ (بُلُوحًا و بَلَّحَ و تَبَلَّحَ) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَلَّحَ و بَلَّحَ عَلَیَّ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔
اَبْلَحَ. النَّخْلُ: کچی کھجوروں والا ہونا۔
بَالَحَ. القَوْمَ: حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہو جانا۔
تَبَالَحَا: باہم انکار کرنا۔
البَالِح: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج بَوَالِح.
اَلْبَلَح: کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں، پھر اس کے بعد خلال پھر بلح پھر بسر پھر رطب پھر تمر۔
البُلَح: ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج بلحان.
بَلِیْحَا: پھولوں کی پیداوار اور عطر والا پودا جو کہ زیادہ تر مصر میں بویا جاتا ہے۔
بَلِخَ (س) بَلَخًا و تَبَلَّخَ. تکبر کرنا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (اَبْلَخ) مؤنث بَلْخَاء و (بَلِخ و بَلَخ)
البَلْخ والبَلَاخ: ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔
بَلَدَ (ن) بُلُوْدًا. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ شہر بنانا۔ صفت (بَالِد) ج بَلَدَة.
بَلِدَ (س) بَلَدًا: کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (اَبْلَد)
بَلُدَ(ک) بَلَادَةً: سست و کند خاطر ہونا۔

صفت (بَلِیْد و اَبْلَد)
بَلَّدَ: کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔ الفَرَسُ: آگے نہ بڑھنا السَّحَابَةُ: نہ برسنا۔ الرَّجُلُ: بخل کرنا ۂ فِی اِصْطِلَاحِ البَعْضِ: مسکونہ جگہ کی آب و ہوا کا عادی بنانا۔ اور اسی سے ہے "حَدِیْقَةُ التَّبْلِیْدِ" وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب و ہوا کا عادی بنایا جائے۔
اَبْلَدَ: القَوْمُ: شہر میں ہمیشہ رہنا۔ اَبْلَدَهُ البَلَدَ: شہر میں ہمیشہ رکھنا۔
تَبَلَّدَ: سست و کند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا الصُّبْحُ: روشن ہونا۔ القَوْمُ: غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔
المَبْلُوْد: متحیر۔
البَلْدَة والبَلَدُ. ج بِلَاد و بُلْدَان: ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ البَلَد قبر۔ والبَلْدَة سینہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَاسِعُ البَلْدَة" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر۔ ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بَلْدَتَهُ عَلٰی بَلْدَتِه" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔
البَلْدَان: بصرہ و کوفہ۔
البِلَّوْر والبَلُّوْر: ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید و شفاف جوہر۔
تَبَلَّرَ و تَبَلْوَرَ: بلور کے مشابہ ہونا۔
الاِبْلِیْز وَطِیْنُ الاِبْلِیْز: مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لا کر چھوڑ جاتا ہے۔
اَبْلَسَ: بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ: مایوس ہونا فِی اَمْرِهِ: متحیر ہونا۔ صفت (بَلِس و مُبْلِس)
فُلَانٌ: غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔
اَبْلَسَهُ: متحیر کر دینا۔
البَلَس: بے خیر آدمی۔
البَلَاس: ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس
البَلَّاس: ٹاٹ بیچنے والا۔

اَبْلِيسُ: شیطان کا علم جنس۔ ج اَبَالِيس وَاَبَالِسَة.

اَلْبِلَاسْتِيكُ: لکڑی یا کاغذ یا لوہے پر اشخاص یا مقامات کو تصاویر بنانا' بلاسٹک جس سے ڈھال کر اوزار اور برتن بنائے جاتے ہیں۔

بَلْسِمَ: مکروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔

بُلْسِمَ و تَبَلْسَمَ: گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ و بَلْسَمَ: مکروہ چہرہ والا بنا دینا۔

اَلْبَلْسَم: گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔

اَلْبِلْسَام: برسام (ایک بیماری کا نام)

اَلْبُلْسُن: مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

اَلْبَلَسَان: ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تلسی کے مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

اَلْبَلَشُون: بگلا۔

بَلَصَ فُلَانًا مِنْ مَالِهِ: لے لینا۔

بَالَصَهُ: کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔

تَبَلَّصَ الشَّيْءَ: پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔

تَبَلَّصَتِ الْغَنَمُ: کم دودھ والی ہونا۔

اَلْبَلَصُوص: ایک قسم کا پرندہ۔ ج بَلَنْصَى.

بَلَطَ (ن) بَلْطًا و بَلَّطَ وابْلَطَ الدَّارَ: پتھروں کا فرش لگانا۔ "وبَلَطَ الرَّجُلُ" چلنے میں تھکنا۔ بَلَطَ اُذُنَهُ: گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا هَفَا صَبِيُّكَ فَبَلِّطْ لَهُ" جب تمہارا بچہ بہکے تو اس کی گوشمالی کرو۔

اَبْلَطَ اللِّصُّ الرَّجُلَ: سب کچھ چرا لینا۔ (و اُبْلِطَ) محتاج و فقیر ہونا۔

بَالَطَ و تَبَالَطَ الْقَوْمُ: تلوار سے لڑنا۔ وَبَالَطَهُ: چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بَالَطَ فِي اُمُورِهِ: مبالغہ کرنا۔

اَلْبَلَاطُ: ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش لگانے کے کام میں آتے ہیں اور اسی سے بَلَاطُ الْمَلِكِ ہے بمعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔

اَلْبَلُّوط: ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔

بَلُّوطُ الْاَرْضِ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوطُ الْمَلِكِ: اخروٹ، و شاہ بلوط: ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط، پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

اَلْبَلْطِيُّ: ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ: اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا۔ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔

اَلْبَلْطَة: کلہاڑیوں کی ایک قسم

تَبَلْطَحَ: چوڑا ہونا۔

بَلِعَ (ف) بَلْعًا و ابْتَلَعَ الشَّيْءَ: نگلنا۔

بَلَّعَهُ وَاَبْلَعَهُ: نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلِّعْهُ رِيقَهُ" اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔ (بلّع و تبلّع) الشَّيْبُ فِي رَاسِهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

وَتَبَلَّعَهُ: گھونٹ لینا۔

اَلْبُلْعَة: چکی کا سوراخ۔ ج بُلَع.

اَلْبُلَعَة: بہت کھانے والا مرد۔

اَلْبَلُوع: بہت نگلنے والا۔

اَلْمَبْلَع: حلق۔

اَلْمِبْلَع: بہت کھانے والا

اَلْبَالُوعَة وَالْبَلَّاعَة وَالْبَلُّوعَة ج بَوَالِيع و بَلَالِيع: موری۔ بدرو۔

بَلْعَمَ: اللُّقْمَةَ: نگلنا۔

اَلْبُلْعُم وَالْبُلْعُوم: حلق۔ ج بَلَاعِم.

اَلْبَلْعَم: بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔

بَلَغَهُ (ن) بُلُوغًا: پہنچنا الثَّمَرُ: پکنا الْغُلَامُ: بالغ ہونا۔ صفت (بالغ) مؤنث (بَالِغَة و بَالِغ) الْعِلَّةُ: تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنِّي [illegible]" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ الرَّجُلُ: مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَةً: بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِيغ) ج بُلَغَاء.

بَلَّغَهُ وَاَبْلَغَهُ اِلَيْهِ: پہنچانا۔ بَلَّغَ عَنْهُ الرِّسَالَةَ اِلَى الْقَوْمِ: پیغام رسانی کرنا۔ بَلَّغَ الْفَارِسُ: تیز دوڑنے کے لیے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ بِالشَّيْءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔ بِهِ الْعِلَّةُ: تیز ہونا۔

تَبَالَغَ فِيهِ الْمَرَضُ: سخت ہونا اور انتہا کو پہنچنا الرَّجُلُ فِي الْكَلَامِ: بتکلف بلاغت سے کام لینا الدِّبَاغُ فِي الْجِلْدِ: دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔

اَلْبِلْغُ وَالْبَلْغُ: بلیغ۔ خوش بیان۔ انتہا کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْمَقُ بِلْغٌ" وہ انتہائی بیوقوف ہے۔ "هِيَ حَمْقَاءُ بِلْغَةٌ" ایسا ہی۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْرُ اللّٰهِ بَلْغٌ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے۔ "وَجَيْشٌ بَلْغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔ رَجُلٌ (بِلْغٌ مِلْغٌ) خبیث مرد۔

اَلْبِلْغَة: انتہائی بیوقوفی۔

اَلْبُلْغَة وَالْبَلَاغُ وَالتَّبَلُّغُ: گزارہ کی مقدار۔

اَلْبَلَاغ: پیغام کسی چیز تک پہنچنا۔ کفایت۔ کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے۔ ج بَلَاغَات. اَلْبَلَاغَات: چغل خوریاں۔

اَلْبَالِغ: سن بلوغ کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ بَالِغٌ و جَارِيَةٌ بَالِغٌ و بَالِغَةٌ" و "اَمْرٌ بَالِغٌ" نافذ حکم۔

اَلْبَالِغَاء: جانور کے پائے۔

اَلْبَلَاغِي وَالْبَلَاغِيُّ: مافی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا۔

اَلْاَبْلَغ: ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہنچا دیا گیا ہو۔

اَلْمَبْلَغ: روپے پیسے کی مقدار۔ کسی چیز کی حد و انتہا۔ ج مَبَالِغ.

اَلْبَلْغَم: قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ

میں سے ایک خلط کا نام۔
بَلَقَ (ن) بُلُوقًا: جلدی کرنا (وَاَبْلَقَ) الْبَابَ: چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا۔ بَلَقَ الْجَارِيَةَ: بکارت زائل کرنا۔
بَلِقَ (س) وَبَلُقَ (ک) بَلَقًا و اَبْلَقَ و اِبْلَقَّ وابْلاقَ وابْلَوْلَقَ۔ سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (اَبْلَق) مؤنث بَلْقَاء۔ ج بُلْق۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا۔ متحیر ہونا۔ ششدر ہونا۔
اِنْبَلَقَ: الْبَابُ: بالکل کھلنا۔
اِبْتَلَقَ: چمکنا۔
الْبَلَقُ: سنگ مرمر۔ بڑا خیمہ۔ بالوں کا خیمہ (والبُلْقَة) سیاہی وسفیدی۔
الْاَبْلَقُ الْفَرْدُ: سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ الاَبْلَقَ الْعَقُوقَ" یعنی اُس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا۔ اس لیے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔
الْبَلُوقُ والْبَلُوقَةُ: جنگل۔ زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اُگے۔ ج بَلالِيق۔
الْمُبَلَّق: سیاہ سفید داغوں والا۔
بَلْقَعَ: الْمَكَانُ: خالی ہونا۔ صفت (بَلْقَع) کہا جاتا ہے "دَارٌ بَلْقَع" خالی مکان۔
الْبَلْقَعُ والْبَلْقَعَةُ۔ خالی زمین۔ ج بَلاقِع (البلقع والمرأة البَلْقَعَة) ہر خیر سے خالی عورت۔
الْبَلْقَعِيُّ: صاف۔ کہا جاتا ہے "سهم او سنان بلقعي" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ۔
بَلَمَ: الرَّجُلَ: بُرائی بیان کرنا۔
اُبْلِمَتْ: شَفَتُهُ: سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ صفت (اَبْلَم) الْبَلْمَةُ: ہونٹ کی سوجن۔
الْبَلَم: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
بَلِهَ (س) بَلَهًا و بَلاهَةً ضعیف العقل ہونا۔ کمزور رائے والا ہونا۔ صفت (اَبْلَه) مؤنث بَلْهَاء ج بُلْه۔

ابْلَهَ. الرَّجُلَ: بیوقوف پانا۔
تَبَلَّهَ: بیوقوف ہونا۔ حجت میں عاجز ہونا۔ الطَّرِيقَ: بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا۔ گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا۔
بَالَهَهُ: فریب دینا۔
تَبَالَهَ: بتکلف بیوقوف بننا۔
بَلْهَ: چھوڑ دے (اسم فعل ہے)
بُلَهْنِيَةُ: الْعَيْشِ: زندگی کی فراخی و آسودگی۔
بَلْهَس۔ تیز چلنا۔
بَلَا (ن) بَلْوًا و بَلاءً. الرَّجُلَ: آزمانا۔ تجربہ کرنا۔ امتحان لینا۔
بَلِيَ (س) بِلًى و بَلاءً. الثَّوبُ: بوسیدہ ہونا۔ صفت (بالٍ و بَلِيٌّ)
بَلَّى تَبْلِيَةً و اَبْلَى اِبْلاءً. الثَّوبَ: بوسیدہ کرنا۔
بَالَى مُبَالاةً و بِلاءً و بَالَةً و بَالًا. الاَمْرَ و بِالاَمْرِ: پرواکرنا۔
بَالاهُ: مقابلہ پر فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو گھٹانا۔
اَبْلَى. فُلانًا عُذْرَهُ: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا۔ ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا فِي الْحَرْبِ بَلاءً حَسَنًا: میدان جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔ ہٗ يَمِينًا: قابل اطمینان قسم کھانا۔
تَبَالاهُ: آزمائش کرنا۔
اِبْتَلَى. قسم کھلانا ہٗ آزمائش کرنا۔ الشَّيْءَ: پہچاننا۔
اِسْتَبْلَى. ہٗ: آزمائش کرنا۔
اِبْلَوْلَى. الْعُشْبُ: دراز ہونا۔
الْبَلْوَى والبَلْوَة والبِلْيَةُ والبَلِيَّة مصیبت۔ آزمائش۔ ج بَلايَا۔
الْبَلاءُ. غم جو جسم کو گھلا دے۔ آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔
الْبِلْوُ والْبِلْيُ: پرانا، بوسیدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِلْوُ اَسْفَارٍ وَبِلْيُهَا" وہ سفر اور تجربہ میں پرانا ہوا ہے۔ یعنی بڑا تجربہ کار ہے

"وَبِلْوُ شَرٍّ وَبِلْيُهُ" وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے۔ ج اَبْلاء۔
الْبَلِيَّةُ. وہ اُونٹنی جس کو اس کے مالک کی قبر پر زمانہ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مر جاتی تھی۔
الْمُبَلِّيَاتُ: میت کے تابوت کے اِردگرد نوحہ کرنے والی عورتیں۔
بَلَى: حرف تصدیق ہے۔ بمعنی ہاں۔ اکثر استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔ اور ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے مثبت ہو یا منفی۔ جیسے "اَقَامَ زَيْدٌ" کیا زید کھڑا ہوا۔ اس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔ "اَمَا قَامَ زَيْدٌ" کیا زید نہیں کھڑا ہوا۔ اُس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب یہ ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔
الْبَمُّ. مِنَ الْعُودِ: بربط کا موٹا تار۔ بربط کی موٹی آواز۔ ج بُمُوم (جدید)
بَنَّ (ض) بَنًّا وَاَبَنَّ. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ اَبَنَّتِ السَّحَابَةُ: کئی روز تک برسنا۔
بَنَّنَ: الشَّاةَ: بکری کو موٹا کرنے کیلئے باندھنا۔
تَبَنَّنَ: جلدی نہ کرنا۔
الْبَنَانُ: پورے۔ انگلیوں کے اطراف۔ انگلیاں۔
الْبَنَانَةُ البنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا پورا۔ ج بَنَانَات
الْبُنَانَةُ: سرسبز باغ۔
الْبُنُّ. ایک درخت کا دانہ ہے جس سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔
مَكَانٌ (بِنٌّ) بدبودار جگہ۔ الْبِنُّ: چربی۔ فربہی۔
الْبِنَّةُ: خواہ اچھی ہو یا بُری۔
الْبَنِينُ: موٹا۔ دُوراندیش عاقل۔
بَنَّتَ. عَنْهُ: خبر دریافت کرنا ہٗ بِكَذَا: خاموش کر دینا۔
الْبَلاغِيَاتُ: چغل خوریاں۔

الفرس الابلق: چتکبرا گھوڑا
اَلْبِتوغراف: فوٹوگراف مشین
بَنج (ن) بَنجًا: اصل کی طرف لوٹنا۔
بَنَّجَهُ: بھنگ پلا کر سلا دینا۔
البَنج: بھنگ۔
البِنج: اصل۔ جڑ۔
البَنجِکشت: لونگ۔ (جدید)
البَنجرة: توپ کا دہانہ ج بَناجِر (جدید)
البَند: بڑا جھنڈا۔ حیلہ۔ کتاب کی فصل یا فقرہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بنود۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ کَثیر البُنود" فلاں بہت حیلوں والا ہے (جدید)
البَنْدر: بندگارہ۔ سمندر کے کنارے کا شہر۔ شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنادِر (جدید) (اَلشَّاہ بَندَر) سوداگروں کا رئیس۔
بَندَق۔ اِلَیهِ: تیز نظر ڈالنا۔
البُندُق: بندوق کی گولی۔ ایک درخت کا نام۔ واحد بُندُقَة: بندق درخت کا پھل۔
البُندُقِیَّة: بارود۔
البنذیرة: بڑا ڈھول
اَلبَنذِیرَة: جھنڈا
اَلْبنزین: تیل کی ایک قسم جو تیز جلتا ہے جلدی دھواں دیتا ہے پٹرول سے نکالا جاتا ہے گاڑیوں میں بطور ایندھن اور کپڑوں کی صفائی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
بَنِسَ (س) بَنَسًا وَاَبْنَسَ: برائی سے گریز کرنا۔
بَنَّسَ: عَنه: پیچھے ہٹنا۔
البِنصِر: چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی انگلی۔ ج بَناصِر (مؤنث) خِنصِر۔
البَنفسج: بنفشہ (البَنَفش)
بُنطَلُون: پتلون جو کہ شلوار کی طرح انگریز لگ پہنتے ہیں۔
بَنَق (ن) بَنقًا وَاَبنَق وبَنَّق۔ اِلَیهِ: پہنچنا۔
بَنَّق الکَلام: جمع کرنا۔ درست کرنا۔
الکَذِب: گھڑنا۔ بالمَکان: اقامت کرنا
الشَّیْءَ: کسی چیز کا قلادہ ڈالنا۔ الظَّهرَهُ بالسَّوط: زخمی کرنا۔ القَمیص: گریبان لگانا۔
البَنِیقَةُ والبَنِقَةُ: گریبان۔
طَرِیقٌ (مُبَنَّق) کشادہ راستہ۔
البُنقُوس: خربوزہ کا شگوفہ ج بَناقِیس۔
بَنَّکَتِ الجارِیَتانِ: قبیلہ سے باہر ہو کر دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی خبر بتانا۔
تَبَنَّکَ۔ بالمَکانِ وَفیهِ: اقامت کرنا۔
فِیْ عِزِّهِ: جاگزیں ہونا۔
البُنک: جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی بُنکٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔
البَنک: بینک۔ ج بُنُوک (اس کی عربی مصرف ہے۔)
بَنکِرِیاس یا لَوزَةُ المِعدَة: معدہ کے پیچھے ایک غدہ جو کہ غذا کو جوس بنا کر زندگی کا سامان مہیا کرتا ہے۔
بَنٰی (ض) بَنیًا و بِناءً و بُنیانًا و بِنیَةً و بِنایَةً۔ البَیتَ: تعمیر کرنا۔ الاَرضَ: آباد کرنا۔ مکانات بنانا۔ علٰی اَهلِه و بها: پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔ الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔ الطَّعامُ بَدَنَه: موٹا کرنا الکَلِمَةَ: مبنی بنانا۔ عَلٰی کَلامِهِ: کسی کے کلام کی نقل کرنا۔
بَنَّاهُ تَبْنِیَة: بنانا۔ تشدید کثرت کیلئے ہے۔
اَبْنَاهُ: عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔
بَاناهُ: تعمیر میں مقابلہ کرنا۔
تَبَنّٰی: هُ: بیٹا بنانا۔ الرَّجُلَ: بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے "اِذا جَلَسَتْ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔
اِبْتَنٰی: بَیْتًا: بنانا۔ الرَّجُلَ: بیٹوں والا ہونا
الرَّجُلَ: احسان و سلوک کرنا۔
عَلٰی اَهلِهِ وَبِها: پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔
اِستَبنٰی۔ المَنزِلَ: گرا کر بنانا۔ الرَّجُلَ: دلہن لانا۔
البِناء: عمارت۔ ج اَبنِیَة و جج اَبنِیات۔ اور کہا جاتا ہے "بِناءً عَلَیهِ" نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہ ہے۔
البِنایَة: مص۔ شرف۔
البُنیَة والبِنیَة: عمارت۔ ج بُنًی و بِنًی
والبِنیَة: ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ صَحیحُ البِنیَةِ" فلاں صحیح الفطرت ہے بِنیَةُ الکَلِمَة: صیغہ اور مادہ۔
البُنیان: مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے "کَاَنَّهُم بُنیانٌ مَرصُوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔
البانی: فا۔ ج بُناة۔ مؤنث بانِیَةٌ ج بَوانِی۔
البَوانی: سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے "بَنَی البَیتَ عَلٰی بَوانِیه" اس نے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔
البَنّا: معمار۔ ج بَنّاؤُون۔
الاِبْن: بیٹا۔ ج بَنُون واَبناء۔ تصغیر بُنَیٌّ اور نسبت کیلئے اِبنِیّ اور بنویّ (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے) مؤنث ابنة۔ اِبنُ السَّبِیلِ: مسافر۔ اِبنُ جَلا: مشہور آدمی۔ اِبنُ لَیلِها: بڑے کام والا۔ اِبنُ ذُکاء: صبح اِبنُ الطَّود: آواز بازگشت۔ "هُوَ ابنُ یَومِهِ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "هُوَ ابنُ بَطنِهِ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
الاِبنَم: بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
البِنت: ج بَنات: بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بِنتِی و بَنَوِیّ۔ بِنتُ الشَّفَة: کلمہ الاَرض: کنکری الیَمَن: قهوه العَین: آنسو العُنقُود اَو الکَرم: شراب۔ بَناتُ الدَّهر: وبَناتُ طَبَق: سختیاں۔ بَناتُ اللَّیلِ و بَناتُ الصَّدر: افکار۔ بَناتُ الاَرضِ: چھوٹی چھوٹی ندیاں۔

الجَثّ والجُثّ: مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجثّ: موم۔

الجُثَّة: جسم انسانی۔ لاش۔ ج جُثث.

الجَثِيث. من النخل: کھجور کا پودہ۔ واحد (جثيثه)

المِجَثَّة والمِجْثَاث: کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار

اِجْثَالَّ. الطيرُ: پر جھاڑنا۔ النبتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔

جَثَلَتْهُ (ض) جَثْلاً. الريحُ: اڑا لے جانا۔ بکھیر دینا۔

جَثِل (س) وجَثُل (ک) جَثَالَةً وجُثُولَةً. الشجرُ والشعرُ: گنجان و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل وجَثِيل)

الجَثْلَة: چیونٹی۔ ج جَثْل.

الجُثَال: چنڈول۔

الجُثَالَة: بکھرے ہوئے پتے۔

الجَثْلِيق والجَاثَلِيق: لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَة (جدید)

جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا وجُثُومًا. الليلُ: آدھی رات ہونا الرجلُ او الطائر والحيوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جاثِم) ج جُثَّم.

الجَاثُوم والجُثَام: کابوس۔

رجل (جُثَمَة وجَثَّامَة وجُثَم وجَثُوم: بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔

الجَثْمَة: ٹیلہ۔ پشتہ۔

الجُثْمَة: راکھ وغیرہ کا تودہ۔

الجُثْمَان: بدن۔ شخص۔

المَجْثَم: بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم.

المُجَثَّمَة: وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔

جَثَا (ن) جُثُوًّا وجَثَى (ض) جَثْيًا وجُثِيًّا: زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جاثٍ) ج جُثِيّ وجِثِيّ مؤنث جاثِيَة.

جَاثَى. ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔

اَجْثَى. ہ: زانو کے بل بٹھانا۔

تَجَاثَوا: باہم زانو پر بیٹھنا۔

الجَثْوَة والجُثْوَة والجِثْوَة: پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثًى وجِثًى: شعلہ

جُثْوة. الرجل: بدن۔

جَحْجَحَ. الشَّيءَ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا۔

عن الامر: ہٹ جانا۔ رک جانا۔

الجَحْجَح والجَحْجَاحُ: فیاضی کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح وجَحَاجِيح وجَحَاجِحَة.

جَحَدَه (ف) جَحْدًا وجُحُودًا: کفر کرنا۔ جھٹلانا ہ حقَّه وجَحَدَ بحقِّهِ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جَاحِد).

جَحِدَ (س) جَحَدًا. الشَّيءُ: کم ہونا النبتُ: چھوٹا رہ جانا الارضُ: خشک ہونا

الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحْد وجَحِد واَجْحَد کہا جاتا ہے "عامٌ جَحِد" کم بارش والا سال۔ "ارض جَحِدۃ" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاۃ: لام جو ما نافیہ اور کان کے بعد تاکید نفی کے لیے آئے جیسے "وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ القرىٰ" خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

جَحْدَرَہٗ: پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تَجَحْدَرَ. الطائرُ: پر تول کر اُڑنا۔

الجَحْدَر: پست قد۔

جَحْدَلَہٗ: پچھاڑنا

جَحَرَ(ف) جَحْرًا وتَجَحَّر وانجَحَرَ. الضبُّ او السبعُ: سوراخ میں داخل ہونا۔ حَجرت لعین: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو۔ "جَحَرَ الخيرُ عنَّا" خیر ہم تک نہ پہونچی۔

اَجْحَر وجَحَرَ. السبعَ: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ واَجْحَرتِ السماءُ: بارش نہ ہونا۔ اجحرَ القومُ: قحط و سختی میں پڑنا: تنگی ڈالنا ٥ الیٰ کذا: مجبور کرنا۔

اِجْتَحَر: سوراخ بنانا۔

تَجَحَّرتِ. العينُ: اندر کو دھنسنا۔ اور اسی سے ہے عین (جَحْراء) گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجَحْر: گہرا گڑھا۔

الجَحْرَۃ والجَحَرۃ: خشک سال۔

الجُحْر: سوراخ۔ بل۔ ج اَجْحَار وجِحَرۃ واَجْحِرۃ.

الجَاحِر: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پاسکے۔

الجَوَاحِر: وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔

المَجْحَر: چھپنے کی جگہ، جائے پناہ۔ ج مَجَاحِر.

حَجَسَ و حَجَشَ(ف) جَحْسًا و جَحْشًا. الجلد: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جَاحَسَ وجَاحَشَ. عن نفسه وعن غيره: مدافعت کرنا ٥: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔

الجَحْش: گدھے کا بچہ۔ تشبیہًا گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش وجِحْشَان وجِحَشۃ.

الجَحْشۃ: گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجَحْوَش: چھوٹا بچہ۔

المَجْحُوش: وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت(س) جُحُوْظًا. عينه: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ رجل (جَاحِظ العينين): اُبھری ہوئی آنکھ والا مرد۔

جَحَّظ. اليه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجَاحِظتَان: دونوں آنکھوں کے ڈھیلے۔

جَحَفَ(ف) جَحْفًا: چھیلنا۔ بہالے جانا۔ برباد کر دینا ٥ برجلِه: لات مارنا۔ جَحفَ معه وله على غَيْرِه: مائل ہونا له الطعَام: کھانا نکالنا۔

جُحِف. الرجلُ: مبتلائے ہیضہ ہونا۔

اَجْحَفَ. السَّيْلُ: بہالے جانا الدهرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا فلانٌ بِعَبْدِہٖ: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا اِجْحَاف کا استعمال بطورِ استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جَاحَفَہٗ: مزاحمت کرنا۔ جاحف عنہ: مدافعت کرنا۔

تجَاحَفُوْا: لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔ بالكرۃ: بلے سے باہم دگر گیند چھیننا۔

اِجْتَحَفَہٗ: چھیننا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ماءَ البئر: تمام پانی نکال دینا السيلُ الوادیَ: کھود کر بہالے جانا۔

الجَحْفۃ والجُحْفَۃ: حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السيلُ والموت (الجُحاف): ہمہ گیر و تباہ کن۔ الجُحاف: ہیضہ کے اسہال۔

المَجْحُوف: مبتلائے ہیضہ۔

الجِحَاف: جنگ۔ لڑائی۔

المُجْحِفَۃ: مصیبت۔

جَحْفَلَہٗ جَحْفَلَۃً: پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تَجَحْفَلُوْا: جمع ہونا۔

الجَحْفَل: بڑا لشکر۔ ج جَحَافِل. رجل جَحْفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجَحْفَلَۃ: کھر دار جانور کا ہونٹ۔

جَحَلَہٗ(ف) جَحْلًا وجَحَّلَہٗ: پچھاڑنا۔

الجَحَل. ج جُحُول وجِحْلان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ج جِحَال: بڑی مشک۔ اور کہا جاتا ہے "رجل جَحَل" موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحَال: زہر۔

الجَيْحَل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز۔

جَحَمَ(ف) جَحْمًا. النارَ: بھڑکانا العينَ: کھولنا ٥ عن الامر: روکنا۔

جَحِمَت (س) جَحَمًا وجَحُمَتْ(ک) جُحُومًا. النارُ: بھڑکنا۔

جَحَّمَہٗ. بعينه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

اَجْحَمَ. عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔

اَجْحَمتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔

تَجَحَّمَ: تنگ ہونا۔ جلنا

الجَاحِم: فا. بھڑکتی ہوئی چنگاری۔ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ۔ اور کہا جاتا ہے "نارٌ جاحِمَۃٌ" تیز آگ۔ "عَيْنٌ جَاحِمَۃٌ" اُٹھی کی اُٹھی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِيْم: دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔

جُحْمَۃُ. النارِ: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم

الجُحَام: آنکھوں کی سوجن۔

الاَجْحَم: بہت سرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْمَاء. ج جُحْم وجُحُم وجَحْمىٰ.

الجَحَّام: بخیل۔
الجَحْمَرِش: بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جَحَامِر۔ تصغیر جُحَيْمِر
الجَحْمَش والجَحْمُوش: بہت بوڑھی عورت۔
جَحْمَرِش: دودھ والی خرگوش
جَحِنَ (س) جَحَنًا. الصبيُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور رہنا۔ صفت (جَحِن)
جَحَنَ (ف) جَحْنًا واَجْحَنَ وجَحَّنَ: فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔
اَجْحَنَهٗ: بری خوراک دینا۔
الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔
جَحَا (ن) جَحْوًا: چلنا بالمکان: اقامت کرنا۔
اِجْتَحَاه: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الجَحْوَة: ایک قدم۔
جَخَّ (ض) جَخًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا برجله: خاک اُڑانا۔
جَخَرَ (ف) جَخْرًا. البئر: کشادہ کرنا۔
جَخِرَ (س) جَخَرًا. جوف البئر: کشادہ ہونا۔
اَجْخَرَ وَجَخَّرَ. البئر: کشادہ کرنا۔
تَجَخَّرَ. الحوضُ: پانی کے خشک ہو جانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔
الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔
جَخَفَ (ن ض) و جَخِفَ (س) جَخْفًا و جَخِيْفًا: اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَخَّاف)
الجَخِيف. س: بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس وروح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلك فى جخيفى" میرے دل میں یہ واقع ہوا۔
جَخَا (ن) جَخْوًا. الكوزَ: سرنگوں کرنا۔ اُوندھا کرنا۔

جَخَّى وتَجَخَّى. الكوزُ: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا الشيخ: خمیدہ کمر ہونا۔ جَخَّى الليلُ: گذر جانا۔
جَدَّ (ض) جِدًّا. فى اعين القوم: عالی مرتبہ ہونا۔
جَدَّ (ض) جِدَّةً. الثوبُ: نیا ہونا۔ (جَدًّا) الشيء: کاٹنا (ض ن) جِدًّا کوشش کرنا فی الامر: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا به الامرُ: سخت ہونا۔
جَدَّ (س) جَدَدًا. الثدیُ او الضرعُ: خشک ہونا۔ صفت (اَجَد) اور ناقہ کی صفت (جَدَّاء) ہے۔ اور کہا جاتا ہے "سَنَةٌ جَدَّاء" قحط کا سال۔
جَدَّ (س) جَدًّا وجُدًّا: نصیب والا ہونا۔ صفت (مَجْدُوْد) کہا جاتا ہے "جُدِدْتَ يا فلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ واَجَدَّ. الشَّیءَ: نیا کرنا۔ اَجَدَّ ثَوْبًا: نیا پہننا۔ اَجَدَّ الامرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا فی الامر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا۔
اَجَدَّ الطريقُ: سخت وہموار ہونا الرجلُ: سخت وہموار زمین پر چلنا۔
جَادَّهٗ مُجَادَّةً. فى الامر: کسی سے تحقیق کرنا۔
اِسْتَجَدَّ. الشیُّ: نیا ہونا الشَّیَّ: نیا کرنا یا نیا پانا الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجدُّ. س. دادا۔ نانا۔ ج اَجْدَاد وجدُود وجُدُوْدَة. مؤنث جَدَّة. ج جَدَّات.
الَجدُّ: نصیبہ۔ بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "عَثَرَ جَدُّهٗ او تَعِسَ جَدُّه" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔
الجِدُّ. مص: کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ و "فلانٌ عالمٌ جِدُّ عَالِم:" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ "وعَظِيْمٌ جِدًّا:" بہت ہی بڑا۔ جدًّا: کا نصب مصدریت کی وجہ سے ہے۔
الجُدُّ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ذُوْجُد فى كذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے۔ بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (والجُدِّى) بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد: ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَار" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج اَجْدَاد.
الجِدَّة: دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ وجِدَّةُ الثَّوْبِ: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّة: علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "رکب جُدَّةَ الْاَمْرِ او جُدَّةً مِنَ الْاَمْرِ" اس نے رائے قائم کی۔ ج جُدَد.
ناقة (جَدَّاء) خشک تھن والی اونٹنی۔ سنة جَدَّاء: قحط کا سال۔
الجَادّ: کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
الجَادَّة. الجادّ کا مؤنث۔ سڑک کا درمیان۔ ج جَوَادّ.
الجَدَاد والجِدَاد: کھجور توڑنا۔
جُدَادَة. النخل وغيره: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔
الجُدَّاد: اُلجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجَدِيْد: نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج جُدُد.
الجَدِيْد والمَجْدُود: نصیبہ ور۔ کٹا ہوا۔
الجَدِيْدَان والْاَجَدَّان: دن رات تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اَجَدّ نہیں کہتے۔
المُجَدَّد. مفع مِنَ الْاَكْسِيَة: مختلف دھاریوں والا۔
جَدَبَ (ن ض) جَدْبًا وجَدُبَ (ک) جُدُوْبَةً وتَجَدَّبَ. المكانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت (جَدْبٌ واَجْدَبُ وجَدِيبٌ وجَدُوبٌ

ومجذُوبٌ)
جَذَبَ فلانًا: عیب لگانا۔
اَجْذَبَ. المکانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔القومُ: قحط زدہ ہونا۔الارضَ: خشک پانا۔فلانًا: مہمان داری نہ پانا۔
جَذَّبَہٗ: کمزور کرنا۔
تَجَذَّبَ: عیب دار ہونا۔
الجَذب. مص: خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے"مکان جَذب" قحط زدہ مقام۔ مؤنث جَذبَۃٌ ج جُذُوب. کہا جاتا ہے"اَرَضُوْن جُذُوبٌ واَرَضُونَ جَذبٌ" قحط زدہ زمینیں۔
الجَدُوب والجَدِيب: قحط زدہ۔اَرْضٌ (جَدْبَاء) قحط زدہ زمین۔
المِجْدَاب. من الآراضِي: بنجر زمین۔ج مَجَادِب.
الاَجَادِب: وہ زمینیں جس میں پیداوار نہ ہو۔
مکانٌ مَجْدُوب) قحط زدہ۔
الجَدَث: قبر۔ج اَجْدَاث واَجْدُث.
الجُدْجُد: سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ج جَداجد.
جَدَحَ (ف) جَدْحًا واجدَحَ واجتَدَحَ. السَّوِيقَ: گھولنا۔ جَدَحَ السَّوِيقَ فی اللبن: ملانا۔ کہتے ہیں"جَدَحَ جُوَيْنٌ من سویق غیرہ" دوسرے کے ستو کو جُوَین نے گھولا حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔
جَدَّحَہٗ: ملانا۔
المِجْدَح: ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔
المِجْدَاح: سمندر کا کنارہ۔ ج مَجَادِح.
مَجَادِيح. السماءِ: بچھتر۔ واحد۔ مَجْدَح: کہا جاتا ہے"اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ مَجَادِيحَ الغَيْثِ" آسمان نے بارش کے لیے بچھتروں کو آزاد چھوڑ دیا۔
جَدَرَ (ن) جُدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ: چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُور و مُجَدَّر)
جَدَرَہٗ (ن) جَدْرًا: لائق ومناسب بنانا
الجدارَ: دیواروں سے گھیرنا۔الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔
جَدَرَ وجَدُرَ (ک ن) جَدَارَۃً واَجْدَرَ. النبتُ: کونپل نکلنا۔
جَدُرَ (ک) جَدَارَۃً. بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جدیر) کہا جاتا ہے"هو جَدِيرٌ بکذا ولکذا" ج جُدَیرُوْن وجُدَرَاء. مؤنث جَدِيرَۃ. ج۔ جَدِيرات و جَدائِر.
جَدَّرَ واجتَدَرَ. الحَائِطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔
الجُدَر والجَدَر: پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔
الجَدِر. بِالشَّیء وله: لائق۔ مناسب ج جَدِرُوْن.
الجَدْر. ج جُدْرَان و (الجِدَار) ج جُدُر وجُدْر: دیوار۔
الجَدْر والجدر: ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور. واحد (جدرۃ وجدرَۃ)
الجُدَرِیُّ والجَدَرِیُّ: چیچک۔
المِجْدَار: دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کے لیے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔
المَجْدَرَۃ: لائق۔ کہا جاتا ہے"اَنَّہ مَجْدَرَۃ لان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔(مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں ہے) ارض مَجْدَرَۃ: بہت چیچک والی سرزمین۔
المَجْدُوْر: چیچک زدہ۔ کم گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے"انه مجدور ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
جَدَعَ (ف) جَدْعًا. الانفَ ومَاشاکله: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے"لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قَصِيرٌ اَنْفَهٗ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جَدَعَ فلانًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔
الرجلَ عیالَہٗ: نان نفقہ روک لینا۔
(وجَدَّعَ واَجْدَعَ) الولدَ: بُری خوراک دینا۔
جَدِعَ (س) جَدَعًا: بری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع). الرجلُ: کان ناک کا کٹ جانا۔ صفت (اَجْدَع) مؤنث جَدْعاءُ ج جُدْع.
جَدَّعَہٗ: کسی سے"جدعالك" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کر دے اور تجھ سے خیر کو منقطع کر دے۔
جَادَعَہٗ مُجَادَعَۃً وجِدَاعًا: گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تَجَادَعَا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ اسی سے عرب کا قول ہے"تَرَکْتُ البلادَ تتجادَعُ اَفاعِیْهَا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔
الجَدْعَۃ: کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔
جَدَاعِ بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے"واَجْحَفَتْ بِهِم جَدَاعِ" ان کو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔
المِجْدَع: عضو کاٹنے کا اوزار۔
الجُدَاع: موت۔
جَدَفَ (ض) جُدُوْفًا. الطیرُ: کٹے ہوئے پَروں سے اُڑنا۔الظبیُ: چھوٹے قدم سے چلنا الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَدَفَ (ض) جَدْفًا. الشَّیءَ: کاٹنا۔ المَلاحُ السفینۃَ: چپو سے چلانا۔السَّماءُ بالثلج: برف گرانا۔
جَدَّفَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے"لاتُجَدِّفُوا بِنِعَمِ الله" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو۔المَلاحُ: چپو سے ڈونگی چلانا۔علی الله: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا۔
جُدِّفَ. علیه: تنگی میں مبتلا کیا جانا۔ اور اسی

سے ہے"وانه لَمُجدَّف علیه العَیْش" وہ تنگ دست ہے۔

اَجْدَفَ. القومُ: چلانا۔ شور مچانا۔

الجَدْفَة: شوروشغب۔

رَجُلٌ (مَجْدُوْفُ) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا"مَجْدُوْفُ الْإِزارِ وَالقَمِیص" چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔

المِجْدَاف: چپو۔مِجدافَا الطَّیْرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَادِیف

التَجْدِیْف: کلمہ کفر۔ ج تَجَادِیف.

الجُدَافی والجَدَافاء: غنیمت۔

الجَدَف: قبر۔ ج اَجْدَاف.

جَدَلَ (ن ض) جَدْلًا. الحبل بٹنا۔

جَدِلَ (س) جَدَلًا. الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔

وجَدَل (ن) جَدْلًا. الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا۔الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔

جَدَلَهُ (ض ن) جَدْلًا وجَدَّلَهُ: زمین پر پٹک دینا۔جدَّل الشعر: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔

جادَلَهُ مُجادَلَةً وجِدَالًا: جھگڑا کرنا۔

تَجَادَلَا: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

تَجَدَّلَ. اِنْجَدَلَ: زمین پر پٹکا جانا۔

الجَدْل. س: سخت۔ ٹھوس۔ عضو۔ ج جُدُول. قبر۔

جَدْلاءُ ج جُدل۔ محکم

اَلْجَدَلُ عِنْدَ الْمُنطِقِیِّین: وہ قیاس جس میں مقدمات مشہورہ ہوں یاان کو تسلیم کرلیا گیا ہو۔ مثلاً فلاں رات کو گھومتا ہے لہٰذا چور ہے۔

الجَدَل: جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔

الجَدْلة: ہاون کا دستہ۔

الجَدَالَة: زمین۔جَدالة الخَلق: گٹھے ہوئے بدن والا۔

الجَدِیْل: بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل. جُدُل الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوفدار ہڈی۔

الجَدِیْلَة: طریقہ۔ کہا جاتا ہے"عملی علی جَدِیْلَتِه" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ۔ گوشہ۔ کنارہ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔

الاَجْدَلِیّ والاَجْدل شکرا۔ ج جَادِل.

درْعٌ جَدْلَاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدْل.

الجَدَّال والجدل والمجْدَل والمِجْدَال: بہت جھگڑالو۔ الجَدَّال: کابک بیچنے والا۔

المَجْدَل: محل. ج مَجَادِل

المَجْدَل: لوگوں کی جماعت۔

المَجْدُوْل: بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔

اَلْجَدْوَلُ: فہرست' لسٹ' اور کہا جاتا ہے۔ اِسْتَقَامَ جَدْوَلُ الْقَوْم جب ان کا نظام مضبوط ہو۔

الجَدْوَل والجِدْوَل: نالہ۔

جَدَمَهُ (ن) جَدْمًا: کاٹنا۔ جَدَمَتِ النخلَةُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جَادِم)

اِنْجَدَمَ: کٹ جانا۔

الجَدَمَة: پست قد۔

والجُدَامَة: وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔

اَلجَدَم: پست طبقہ کے لوگ۔

جَدَا (ن) جَدْوًا. علیه: عطیہ دینا۔

واجْتَدیٰ اِسْتَجْدیٰ. فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔

اَجْدیٰ اِجْداءً: عطیہ پانا۔فلانًا: عطیہ دینا الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں"مایُجْدِی عنك هذا" تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا۔

اِجْتَدَاه: عطیہ دینا۔

الجَدَا: عام بارش۔ والجداءُ: نفع عطیہ۔

الجَادِی: مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔

الجَادِی: زعفران۔

الجَدْوَیٰ: عطیہ۔

الاَجْدیٰ: زیادہ نافع۔

الجَدیٰ: سخی۔

الجَدْوَة: گلہ۔ ریوڑ۔

جَدیٰ (ض) جَدْیًا: عطیہ طلب کرنا۔

اَجْدیٰ اِجْداءً. الجرحُ: بہنا۔

الجَدْی: پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ وجِداء وجِدْیَان: قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو"جَدْیُ الفَرْقَد" بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔

الجَدْیَة: زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدی و جَدَیات.

الجَادِیاء: زعفران۔

جَذَّهُ (ن) جَذًّا: کاٹنا۔ توڑنا۔جَذَّ فی سیرہ: تیز چلنا۔

جَذَّذَ: قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔

اِنْجَذَّ: کٹنا۔ ٹوٹنا۔

تَجَذَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

الجُذَاذ والجَذَاذ والجِذَاذ: توڑ ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔

الجَذَاذَة: ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جَذَاذَته عَلَیْه کَذَا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔

الجُذَاذَات: ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے"عندی جُذَاذَاتٌ مِنَ الفِضَّةِ" میرے پاس چاندی کے ریزے ہیں۔

الجِذّ: کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو"أثَرْتُ اِلَی الصَنم فکَسَّرْته اَجْذَاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

الجُذَّة: ٹکڑا۔

الاَجَذّ: ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذَّاء.

جَذَبَهُ (ض) جَذْبًا. واجْتَذَبَهُ. الیه: کھینچنا۔جذَبَ الشهرُ: اکثر حصہ گذر جانا۔

جَذَبَتِ النَاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔المُهر عن امه: دودھ چھڑانا۔

جَاذَبَهُ. الشیء: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا۔

تجَاذَبَا. الشَّیَٔ: کسی چیز کے بارے میں

باہم کشمکش کرنا۔
تَجَذَّبَ. اللبنَ پینا۔
اِنجذَبَ: کھنچ جانا۔ اِنجذَبَ فی السیرِ: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنجذَبَ بھم السَّیرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجَاذِب. فا. کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جواذب وجذاب.
الجَذْبَة: دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے "بینه وبین المنزل جذبة" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب: موت کے لیے عَلَم۔
الجَاذِبِیَّة: کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَة: چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کمپا۔
جَذَرَ(ن) جَذْرًا: کاٹنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔
جَذَّرَ. العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہ واَجْذَرَہ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الجَذْر: جڑ سے اُکھڑنا۔
الجِذْر والجَذْر: جڑ۔ جَذْرُ النبات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُوْر: مربع کا جذر۔ جذر البقرة: گائے کے سینگ۔
الجَذْرِیَّة: وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو۔
المَجْذُور: عدد کا مربع۔
اَلْجَذْرُ: عدد اپنے آپ میں ضرب دینا مثلاً 10X10 =100 حاصل ہوتے ہیں- 100 (سو) 10 کا مجذور ہے-
الجَوْذَر والجُؤْذَر والجُوْذَر: نیل گائے کا بچہ۔ ج جَوَاذِر وجَآذِر.
المُجَذَّر: بہت پست قد۔
جَذَعَ(ف) جَذْعًا. الدابةَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا بین البعیرین: ایک رسّی میں باندھنا۔
الجَذَع. من البَهَائم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذَاع و جُذْعَان اور اسی سے ہے "جُذْعَان الجِبَال" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی هٰذَا الامرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نو آموز ہے۔
"واَعَدتُ الْاَمْرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے۔ "ذهبوا (جِذَعَ مِذَعَ) مبنی بر فتحہ: یعنی متفرق ہو گئے۔
الجِذْع: درخت کا تنہ۔ ج جُذُوْع واَجْذَاع. جِذْعُ الْاِنْسَان: دھڑ۔ سر اور ہاتھوں اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المُجْذَع والمُجَذَّع: بے اصل وبے ثبات۔
جَذَفَ(ض) جَذْفًا واَجْذَفَ. الطائرُ: تیز اُڑنا۔ "جَذَفَتْ واَجْذَفَتِ المرأةُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ. القاربَ: چپو سے چلانا۔ الشَّیْءَ کاٹنا۔
تَجَذَّفَ. فی مشیه: تیز چلنا۔
المِجْذَاف: کشتی چلانے کا چپو۔
المَجْذُوف: کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذِلَ(س) جَذَلًا واجْتَذَلَ: خوش ہونا۔ صفت (جَذِل و جَذْلَان) ج جُذلان مؤنث جَذِلَة وجَذْلیٰ.
جَذَلَ(ن) جُذُولا واِسْتَجْذَلَ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اَجْذَلَه: خوش کرنا۔
تَجَاذَلَ. القومُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
الجِذْل. من الشجرة: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ ٹھنٹھ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ الشَّیْءُ اِلیٰ جِذْلِهِ" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن رگڑنے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ جُذَیْل اس کی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "انا جُذَیلها المُحَكَّك" میں تجربہ کار وواقف کار ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "هو جِذْلُ مالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذَال واَجْذَال وجُذُوْل وجُذُوْلَة.
الجَاذِل. فا. شادماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ "سقاءٌ جَاذِلٌ": دودھ کو بدمزہ کر دینے والی مشک۔
جَذَمَ(ض) جَذْمًا وجَذَّمَہٗ: جلدی سے کاٹنا۔
جَذِمَ جَذَمًا: کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ: کوڑھی ہونا۔ صفت (اَجْذَم ومَجْذُوم ومُجَذَّم).
اَجْذَمَ عن الشَّیْءِ: باز رہنا علیه: پختہ ارادہ کرنا فی سیره: تیز چلنا یده: کاٹنا۔
اِنْجَذَمَ وتَجَذَّمَ: کٹ جانا۔
الجِذْم والجَذْم: اصل۔ جڑ۔ ج جُذُوم واَجْذَام.
الجَذْمَة والجِذْمَة: ہاتھ میں کٹنے کی جگہ۔
الجِذْمَة: ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔
الجُذْمَة: ٹنڈا پن۔
الاَجْذَم: ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مؤنث جذمیٰ وجذماء اور کہا جاتا ہے "هو اَجْذَمُ الحجة" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہے نہ زور بیان۔
الجُذَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجْذَام والمِجْذَامَة: اُمور میں جلدی فیصلہ کرنے والا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔
جَذَا(ن) جَذْوًا وجُذُوًّا واَجْذیٰ. علی الشیءِ: اچھی طرح کھڑا ہونا۔
تَجَاذیٰ. الحجرَ: اُٹھانا۔
الجِذَاة: بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جِذَاء
الجُذْوَة والجَذْوَة والجِذْوَة: بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُذیً وجِذیً وجِذَاء کہا جاتا ہے "فلان جُذْوَةُ شر" فلاں شر کا بانی اور اسے ہوا دینے والا ہے۔
جَذیٰ(ض) جَذْیًا واَجْذیٰ. فلانا عنه: منع کرنا۔
تَجَاذیٰ تَجَاذِیًا: کھسک جانا۔
الجِذْی والجِذْیَة. مِن الشجرة: جڑ۔
جَرَّہٗ (ن) جَرًّا وجَرَّبَة: کھینچنا۔ جَرَّ الابلَ: آہستہ ہانکنا الکلمةَ: زیر لگانا علیٰ نفسه

جَرِيْرَةً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جَرَّةً وجَرَّرَبَهُ: سختی سے کھینچنا۔
جَارَّہُ رَسَنَه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَّہ الدَّيْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔
اِنجَرَّ: کھینچنا۔
جَرَّ واِجتَرَّ البعيرُ: جگالی کرنا۔
اَجَرَّ البَعِيْرُ: جگالی کرنا الفَصِيلَ: دودھ پینے سے روکنے کے لیے زبان چیر دینا لسانَه: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّہُ رَسَنَه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اجرَّہ الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔
اِجتَرَّ واجدَرَّ الشيء: کھینچنا۔
اِستَجَرَّ الشيء: کھینچنا المالَ: تھوڑا تھوڑا لینا لِفُلَانِ: مطیع وفرمانبردار ہونا۔
الجَرُّ. س: اور اسی سے ہے "كان ذلك عام كذا وَهَلُمَّ جرًّا اِلى اليَوم" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔ جَرُّ الجَبَل: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔ اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔
الجِرَّةُ: کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔ (والجَرُّ) جگالی۔
الجَرَّةُ: جَرَّ کا اسم مرۃ. گھڑا۔ ج جَرّ وجرار.
الجَرَّةُ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
الجُرَّةُ: گلہ بونے کے لیے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لیے لکڑی کا پھندا ج جُرَ. کہا جاتا ہے۔ فعلت. ذلك من (جرَّاكَ وجُرائكَ وجَرَاكَ وجَرَائِك) میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِرِّيّ: ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے ہیں۔
الجِرِّيَّة والجِرِّيْئَة: پرندے کا پوٹا۔
الجَارُوْر: پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ في اصطلاح المولدين: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔
بئر (جَرُوْر:) گہرا کنواں فرسٌ جَرُوْرٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا، امرأة جرور: لنجی عورت۔
الجَرِيْرَةُ: گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلك من جريرتك" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
الجَرَّار: بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار: بہت بڑا لشکر عوام چھوٹی صندوقچی کے لیے لفظ جرّار کو استعمال کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔
الجَرَّارَة: زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔
المَجَرّ: پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔
المَجَرَّة: کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانه" کہتے ہیں۔
جَرُوَ (ک) جرائَةً وجُرْأَةً وجُرَةً وجَرَائِيَةً. عليه: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِی) ج اَجْرَاء واَجْرِياء.
جَرَّأَہ تَجْرِيئًا: جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔
اِجتَرأ: دلیر ہو جانا۔
اِستَجرَأ بتکلف جرأت دکھلانا۔
الجَرِيئَة: درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج الجَرائی.
الجِرِّيْئَة: پوٹا۔ حلق۔
جَرِبَ (س) جَرَبًا: خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب وجَرْبان واَجْرب) ج جراب وجَرْبى واَجارب وجُرْب. جَرِبَ السيفُ: زنگ آلود ہونا۔
جَرَّبَہُ تَجْرِيبًا وتَجرِبَةً: آزمانا۔
اَجْرَبَ. القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔
الجَرَب: عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔
الجَرْبَاء: اجرب کا مؤنث۔ قحط زدہ زمین۔ ستاروں بھرا آسمان۔
الجِراب: تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَة وجُرُبٌ وجُرْبٌ.
الجُرَاب: خالی کشتی۔
الجَرَبَّة: سخت وقوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور نکمے اہل وعیال۔
الجِرْبِيَاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک
الجِرِبَّان والجُرُبَّان. من السيف: میان پر تلہ۔ دھار من القميص: گریبان۔
المُجَرَّب: آزمودہ۔ دراهم مجرَّبة: کھرے دراہم۔
اَلجَرَّةُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنے والی قوم۔
جَرْبَارَةٌ: پھولوں کی ایک قسم۔
جَرْبِيَّةٌ: پھولوں کی ایک قسم۔
الجَوْرَب: پاتابہ (فارسية) ج جَوَارِب وجَوَارِبَة.
جَوْرَبَه: پاتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَب: پاتابہ پہننا۔
الجِرِّيْث: ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔
تَجَرْثَمَ واجْرَنْثَمَ: اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آرہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کے رہ جانا۔
الجُرْثُوم والجُرْثُومَة. من الشيء: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَراثِيم.
جُرْثُومة النمل: چیونٹیوں کی بستی۔ اور عصری زبان میں "جراثیم" (Grms) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِج (س) جَرَجًا. الخاتمُ في اصبعه: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جَرِج) الرجل: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَج: سخت زمین۔
الجُرْجة: توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج.
جَرْجَرَ. الجملُ: بلبلانا۔ الماء في حلقه: گڑگڑ کرنا۔ (وتَجَرْجَر) الماءَ: غٹ غٹ پینا۔

الجَرجَر: غلّہ کی دائیں کرنے کا آہنی آلہ۔ حلق. جَرَاجِر.
الجَرْجَرُ وَالجِرْجِرُ: لوبیا۔ چنا۔
الجَرْجَارَة: چلی۔
الجِرْجِير: ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔
جَرَحَ(ف) جَرْحًا: زخمی کرنا ہ بلسانه: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشهادةَ" اس نے گواہی کو باطل کر دیا الرجلُ: کمانا۔ صفت (جارح) اور اسی سے ہے "مَالَهُ جارِحةٌ" اس کے لیے کوئی کمانے والا نہیں۔
جَرِحَ(س) جَرَحًا: زخمی ہونا۔
جَرَّحَهُ: بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشهادةَ: رد کرنا۔
اِجْتَرَحَ. الشَّيءَ: کمانا۔ الإِثْمَ: ارتکاب کرنا۔
اِسْتَجْرَحَ. الشيءُ: فاسد ہونا۔
الجُرْح: زخم ج جُرُوْح وأَجْرَاح.
الجُرْحَة: جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔
الجِرَاحَة: زخم۔ ج جِرَاح وجِرَاحات: جراح کا پیشہ۔ گناہ۔
الجَرَّاح والجِرَاحِيّ: زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔
الجَارِحَة جارح کا مؤنث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصاً ہاتھ ج جَوَارِح. جَوَارِحُ النَّهار: کنایہ ہے مصائب سے۔ اور اسی سے ہے "نَعُوذُ باللّٰهِ مِنْ طَوَارِقِ الليلِ وجَوَارِحِ النَّهارِ" ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجَوَارِحُ مِنَ الطَّيْرِ" شکاری پرندے۔
المَجْرُوْح. ج مَجَارِيْح و (الجَرِيْح ج جَرْحَى) زخمی۔
جَرَدَ(ن) جَرْدًا وجَرَّدَ. العودَ: چھیلنا الجلدَ: بال اُتارنا السيفَ: ننگی کرنا القحطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَّدَهُ مِنْ ثوبه وجَرَّدَهُ ثَوْبَهُ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الكِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجَرِيْدَةَ: چھپنک دینا۔
جَرِدَ(س) جَرَدًا: چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا المكانُ: ٹڈی زدہ ہونا الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔
جُرِدَتِ. الارضُ: ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہو جانا۔
تَجَرَّدَ: ننگا ہونا الامر: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا الفرسُ: گھوڑدوڑ میں آگے بڑھ جانا۔
اِنْجَرَدَ: ننگا ہونا بنا السير: بغیر دوسری طرف التفات کیے ہوئے چلتے رہنا الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔
اِجْتَرَدَ. القطنَ: دھننا۔
الجَرْد. مص مكان جَرْدٌ: بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرْد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔ مال کا بقیہ: ج جُرُوْد.
الجَرَد والجَرِد: بغیر نباتات والی جگہ۔
الجَرَد: بال کا چھوٹا ہونا۔
الجُرْدَة: برہنگی۔
الجَرْدَة: پرانا بوسیدہ کپڑا۔
الجَرَاد: ٹڈی۔ واحد. جَرَادَة
الجُرَادَة: لکڑی کا چھلکا۔
الجَرِيْد: کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کر لی گئی ہو۔ واحد جَرِيْدَة
الجَرِيْدَة: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ مال کا بقیہ۔ رجسٹر۔ اخبار۔ ج جَرَائِد.
الاَجْرَد: بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال۔ چھوٹے بالوں والا۔ مؤنث جَرْدَاء. ج جُرْد. الاَجْرد من الخيل: گھڑ دوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لبن اَجْرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَخْرَة جَرْدَاء: صاف چکنی چٹان۔ خَمْرَةٌ جَرْدَاءُ: شراب صافی۔
والجرد: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ اور کہا جاتا ہے " ما رَأَيْتُه مُنْذُ أَجْرَ دَيْنِ" میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا" شَهْرٌ اَجْرَدُ" پورا مہینہ۔
سَنَةٌ جَارُوْد وجَارُوْدَة: سخت قحط والا سال۔
التَّجْرِيْد: نحویوں کے نزدیک کلمات کو لفظی عامل سے خالی کرنا جیسے زید قام اور صرفیوں کے نزدیک زائد حروف سے خالی کرنا جیسے قام زید۔
التَّجْرِيْدَة: فوج کا دستہ۔
المِجْرَد: دانتوں کے صاف کرنے کا برش۔ روئی دھننے کا آلہ۔
الجَرَّاد: تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھائی کرنے والا۔ قلعی گر۔
المُنْجَرِد: چھوٹے بالوں والا۔
الجَرْدَق والجَرْدَقَة: روٹی۔ ج جَرَادِق.
الجَرْدَم: سبز سر والی سیاہ ٹڈی نر۔ بہت بولنے والا۔
جَرَذَ(ن) جَرْذًا. الجرحُ: نو بان زخم کا بستہ ہو کر سوجنا۔
جَرَّذَ. الشجرةَ: ٹہنیں اُتارنا۔
اَجْرَذَهُ: نکالنا۔ علیحدہ کرنا ہ اليه: مجبور کرنا۔
الجَرَذ: جانور کے کوچ کا ورم۔
الجُرَذ: ایک قسم کا چوہا۔ ج جِرْذَان. کہا جاتا ہے" تَفَرَّقَتْ جِرْذَانُ بَيْتِهِ" اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔
ارض (جَرِذَة): بہت چوہوں والی زمین۔
المُجَرَّذ: آزمودہ کار۔
الاَجْرَذ: وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دُور دُور۔
جَرَزَ(ن) جَرْزًا: کاٹنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا ہ الزمانُ: ہلاک کرنا ہ بالشتم: گالی دینا۔ کہا جاتا ہے۔ " جَرَزَ ماعَلَى المائِدَةِ" دستر خوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔
جَرُزَ(ک) جَرَازَةً: پٹھو ہونا۔
جَرِزَتْ(س) جَرَزًا. الارضُ: بنجر ہونا۔ صفت (جَارِزَة) ج جَوَارِز.

جارزہٗ جرازًا ومُجارزۃً: گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔
اَجرَزَ. البعیرُ: لاغر ہونا المکانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مِجْراز)
تجارَزَ. القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
الارض (الجَرْز والجَرَز والجُرُز: بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو۔ ج اَجْراز کہا جاتا ہے "اَرْضٌ جَرْزٌ واَرضٌ اَجْزازٌ واَرْضُوْنَ اَجْرَاز"
اَلجِرْز: عورتوں کا ایک لباس۔
الجُرْز: لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج اَجْرَاز وجِرَزَۃ. کہا جاتا ہے "طَوتِ الحَیَّۃُ اَجْرَازَھا" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "وطَویٰ فلانٌ اَجْرَازَہٗ" فلاں نے سستی کی۔
الجَرْز: خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اُونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔
الجَرْزَہ: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہُ بِجَرْزَۃٍ" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
الجُرْزَۃ: گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرَز.
الجُرَاز: شمشیر براں۔
الجَرُوْز: بہت کھانے والا جو دستر خوان کو صاف کردے۔
المَجْرُوْز. من الامکنۃ: نبات بریدہ جگہ۔
جَرَسَ (ض) جَرْسًا: بولنا۔ آواز سنانا الکلامَ: ترنم سے پڑھنا الشیءَ: زبان سے چاٹنا۔
اَجْرَسَ: الطَّائرُ: اُڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا الحادِیُ: حدی گانا الجرسَ: بجانا (والجرسَ) الحلیُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔
جَرَّسَہٗ. الدھرُ: تجربہ کار بنانا۔ جَرَّس بھم: بدنام کرنا۔
تَجَرَّسَ: بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
اِجْتَرَسَ. المالَ: کمانا۔
الجَرْس والجِرْس: آواز۔ آہستہ آواز۔
الجِرس: اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ خَیر جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج اَجْرَاس.
الجَرَس: گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج اَجْرَاس.
ذات الاَجْرَاس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔
الجَارِسَۃ: گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جَوارِس
الجَوَارِس: شہد کی مکھیاں۔
الجُرْسَۃ: آزمودہ کاری۔
المُجَرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "ناقۃ مجرَّسۃ" سدھائی ہوئی اُونٹنی۔
جُرَاسِیْسٌ: سفید یا بنفشی پھولوں والا پودا زیادہ تر زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
جَرَش (ن) جَرْشًا. الحَبَّ والقمحَ: دلنا۔ (وجَرَّشَ) الراسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔
اِجْتَرَشَ. لعیالہ: کمائی کرنا الشَّیءَ: اُچک لینا۔
الجَارُوْش والجَارُوْشۃ: غلّہ دلنے کی چکی۔ ج جَوَارِیش.
الجَرْش. مس: سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز۔
والجِرْش والجُرْش والجُرُش. مِنَ اللیل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مضی جرش من اللیل" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ ج اَجْرَاش وجُرُوش.
جَرَاشَۃُ. الحَبِّ: دلا ہوا غلّہ۔ سر کی بھوسی۔
الجَوَارِش: جوارش۔ (دوا)
الجَرِیْش والمَجْرُوْش: دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا. بریقہ: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا رِیْقَہ: یکبار کی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَجْرَض علیك رِیْقَہ غَیْظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے۔
جَرَضَہ (ن) جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "ھو یجْرض نفسہ" وہ مرنے والا ہے۔
اَجْرَضَہٗ. بریقہ: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَرِیْض: تھوک جس سے پھندا لگ جائے۔ اور اسی سے مثل ہے "حالَ الجَرِیضُ دُوْنَ القَرِیْض" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الجَرِیْض: غمگین۔ ج جَرْضیٰ: اور کہا جاتا ہے "فلَت فلانٌ جَرِیْضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے۔
الجِرَّاض والجِرْیَاض والجِرْآض: بہت غمگین۔
الجُرْضُم والجُراضِم والجِرْضَمُّ: بہت کھانے والا۔ ناقۃ (جِرْضِمٌ وجِرْضَمٌ) موٹی تازی اُونٹنی۔
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرِعَ (س) جَرْعًا واجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا. الماءَ: یکبارگی پی لینا۔
جَرَّعَہٗ. الماءَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تَجَرَّعَ. الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا الغیظَ: غصہ پی جانا۔
اَجْرَعَتِ. النَّاقۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِیْع)
الجُرْعَۃ والجَرْعَۃ والجِرْعَۃ: گھونٹ۔
الجَرْعۃ. ج جَرَع وجِرْعَان و (الجَرْعاء) ج جَرْعَاوَات و (الاَجْرَع) ج اَجَارِع: ہموار ریتلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔
جَرَفَ (ن) جَرْفًا وجَرَّفَ وتَجَرَّفَ واجْتَرَفَ. الشَّیءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا الطینَ: کھرچ لے جانا۔
اَجْرَفَ: الرَّاعِیُ اِبلَہٗ: اونٹ چرانا۔ اَلْجُرْفُ: چارہ
اَجْرَفَ. المکانُ: سیلاب زدہ ہونا۔
الجَرْف. مس۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ۔ سرسبزی۔ وہ داغ جو اُونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔
الجُرُف. ج جِرَفَۃ و (الجُرْف) ج

اَجْرُف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو۔ اور اسی سے ہے "فلان یَبنی علی جُرُفِ هارٍ لَایَدرِیْ مالَیْلٌ مِن نَهارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں۔
الجُراف. من السیل: تمام چیزوں کو بہا لے جانے والا سیلاب۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُراف" تمام کھانا کھا جانے والا مرد۔
(والجِراب) ایک قسم کا پیمانہ۔
الجارِف. فا. طاعون. عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)
الجَارُوْف: بہت کھانے والا۔ تیز بہا لے جانے والا۔ منحوس۔ مؤنث جارُوْفَة.
الجُرّاف: بہت تیز بہا لے جانے والا۔
المُجرَّف والمُجترَف: وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔
المِجرَف والمِجرَفَة: بیلچہ۔ پھاوڑہ۔
جَرْفَسَهُ: پچھاڑنا الشَّیْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
جَرِل (س) جَرَلًا. المكانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔
الجَرَل: سخت اور پتھریلی زمین ج اَجْرال.
الجَرْوَل: پتھریلی زمین۔ ج جَراوِل.
الجِریَال والجِریَالة: شراب یا اس کا رنگ۔
جَرَم (ض) جَرْمًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ پورا کرنا الناقة: اُون کترنا (جَرْمًا وجَرامًا وجِرامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔
جَرَم (ن) جَرْمًا واجْتَرَمَ. لاهله: کمانا۔
جَرَم (ض) جَرِیمةً واَجْرَمَ واجْتَرَمَ. الیه وعلیه: گناہ کرنا۔
جَرِم (س) جَرَمًا: گری ہوئی کھجوریں کھانا۔
لونُه: صاف ہونا۔
جَرُم (ک) جَرِیمةً: عظیم الجرم ہونا۔ بڑا گناہ کرنا۔
جَرَّمَه: کاٹنا۔

جَرَّمَهُ وتَجَرَّمَ. علیه: گناہ کی تہمت لگانا۔
تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "عامٌ مُجرَّم" پورا سال۔
الجُرْم. مص. (والجُرْم) گناہ۔ ج جُرُوم واَجْرَام. اور کہا جاتا ہے "لَاجَرَمَ ولا جُرْمَ" یعنی ضروری یقیناً۔ اور کبھی قسم کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "لا جَرَمَ لا فْعَلَنَّ كَذَا" میں بخدا ایسا کروں گا۔
الجَرْم. س. ڈونگی۔ گرم ملک۔ ج جُرُوم.
الجَرُوْم: گرم ممالک۔ اس کے مقابلہ میں "الصُرود" ہے یعنی سرد ممالک۔
الجِرْم: جسم۔ رنگ۔ باصطلاح فلسفہ ستارہ و آسمان۔ ج اجرامٌ وجُرُمٌ وجُرُوم.
الجَرَام والجُرَام والجَرِیم: خشک کھجور۔ چھوہارہ۔
الجَرِیم: بڑے جسم والا۔ گنہگار۔ مؤنث جَرِیمَة ج جرام.
الجَرِیمَة: جرم۔ گناہ۔ گٹھلی۔ شجر جَرِیمة: کٹا ہوا درخت۔ الجَرِیمَة: آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ جَرِیمَةُ اهله" وہ اپنے اہل کے لیے کمانے والا ہے "والعقاب جَرِیمَةُ فَرخِهَا" عقاب اپنے بچوں کی خوراک لانے والا ہے۔
جَرْمَزَ واجْرَمَّزَ. الرَجُلُ: سمٹنا۔ لوٹنا۔ بھاگنا۔ جواب میں غلطی کرنا۔
الجَرامِیز من الحیوان: جانور کی ٹانگیں۔ کہا جاتا ہے۔ "ضَمَّ الثورُ جَرامِیزَه" بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں۔ "واَخَذَه بجرامیزه" اس نے سب لے لیا۔
الجُرْمُوق: موزہ۔ وہ چیز جو موزہ کے اوپر اس کی حفاظت کے لیے پہنی جاتی ہے۔ عوام اس کو "کالوش" کہتے ہیں۔
جَرَن (ن) جُرُونًا. الثوبُ: بوسیدہ و نرم ہونا علی الامر: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَرَنَتْ یدُه علی العَمَلِ" اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہو گیا۔
جَرْنًا. الحَبَّ: پیسنا۔

اَجْرَنَ. الحبَّ: کھلیان میں جمع کرنا۔
اِجْتَرَنَ: کھلیان بنانا۔
الجَارِن: سانپ کا بچہ۔ مٹے ہوئے نشان والا راستہ من المتاع: استعمال شدہ بوسیدہ سامان۔ سِقَاءٌ جَارِن: سخت چمڑے والی مشک۔ دِرعٌ جَارِنَة: نرم زرہ۔ ج جَوَارِن و جَارِنَات.
الجُرْن: پانی وغیرہ کے لیے کھدا ہوا پتھر۔ ج اَجْرَان وجِرَان. (والجَرِین) ج جُرُن: کھلیان کھجور وغیرہ خشک کرنے کی جگہ۔
الجِرَان. من البعیر: اُونٹ کی گردن کا اگلا حصہ۔ ج جُرُن واَجْرِنَة اور کہا جاتا ہے "اَلْقیٰ البعیرُ جِرانَهُ" یعنی اُونٹ بیٹھ گیا۔ "والقی فُلَانٌ علی هذا الامْرِ جِرانه" یعنی فلاں نے اس مقصد پر اپنی نظر جما دی۔ "وَ ضَرَبَ الاِسْلَامُ بِجِرَانِه" اسلام نے جڑ پکڑ لی۔ "وضَرَبَ اللیلُ بِجِرَانِه" رات آ گئی "والقی عَلَیْه جِرَانَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔
المِجْرَن: کھلیان۔ رجل مِجْرَن: بہت کھانے والا مرد۔
المُجَرَّن. من السیاط: نرم اور چکنا کوڑا۔
جَرَّهَ تَجْرِیهًا. الامْرَ: ظاہر و آشکارا کرنا۔
تَجَرَّهَ. الامْرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔
الجَرَاهِیَة: ظاہر و آشکارا۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ جَرَاهِیَةَ القومِ" میں نے قوم کی چیخ پکار سنی۔
جَرْهَدَ واجْرَهَدَّ. فی السیر: تیز چلنا۔
الجَرْهَد والجُرَهُد: پھرتیلا چلنے والا۔
اَجْرَتْ اِجْرَاءً. الكلبةُ: پلوں والی ہونا۔
الجُرْو. بتثلیث الجیم: ہر چھوٹی چیز یہاں تک کہ انار اور خربزہ بھی۔ اور عموماً کتے اور شیر کے بچہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج جِرَاء واَجْرٍ و جمع اَجْرِیَة.
الجِرْوَة: بتثلیث الجیم: جرو کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَلَی الامْرِ جِرْوَتَه" اس نے اس کام میں صبر و استقلال سے کام لیا۔

"وضرب جروته عنه" اس نے صبر کر لیا۔

کلبة (مُجْرٍ ومُجْرِيَة) پلّوں والی کتیا۔

جَرَىٰ (ض) جَرْيًا وجَرَيَانًا وجِرْيَةً. الماءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "نَهرٌ سَرِيعُ الجِرْيَةِ" تیز بہنے والی ندی الفرسُ: دوڑنا الامرُ: واقع ہونا الی الشئِ: قصدو ارادہ کرنا۔

اَجْرَى الْكَلِمَةَ: کلمہ کو منصرف بنانا۔

جَرَّىٰ واَجْرَىٰ. الماءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔

اَجْرَىٰ له الحِسابَ: کسی کا حساب درج رجسٹر کرنا علیه الحساب: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔

جَرَّىٰ فلانا: وکیل بنا کر بھیجنا۔ اَجْرَىٰ الامر: نافذ کرنا۔ جاری کرنا۔ اَجْرَىٰ الامر الی فلان: سپرد کرنا یا نسبت کرنا۔ اَجْرَىٰ الی الشَيء: قصد وارادہ کرنا۔ اجری علیه الرزقَ: جاری کرنا۔ معین کرنا۔

اَجْرَىٰ القِصَاصَ: قصاص لینا۔ اجری الکلمةَ: منصرف کردینا۔

جَارَاه: کسی کے ساتھ چلنا (تجارَيا) ساتھ ساتھ دوڑنا۔ چلنا۔ کہا جاتا ہے "الدينُ والرهنُ يتجاريَان" قرض اور رہن ایک ہی طرح کے ہیں۔ جارَىٰ فی الامر: موافقت کرنا۔

اِستَجْرَىٰ فلانًا: کسی سے دوڑنے یا چلنے کے لئے کہنا۔ وکیل بنانا۔

الجَرِي: وکیل۔ پیغامبر۔ مزدور۔ ضامن۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَرِيٌّ لَهُ" وہ اس کا ضامن ہے ج اَجْرِيَاء۔ کہا جاتا ہے "من جَرَاكَ او من جَرَائك" یعنی تمہاری وجہ سے۔

الجَرَايَة: وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ الجِراء والجَراء: جوانی۔ کہا جاتا ہے "جارية بيِّنة الجَرَايَة" اچھی جوان لڑکی۔

الجرَاية والجِرَايَة: وکالت۔

الاِجْرِيَّا والاِجْرِيَّاء: کام کا طریقہ۔ خلق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "جَرَىٰ عَلَىٰ اَجْرِيَّاه واَجْرِيَّانه" وہ اپنی فطرت پر چلا۔

الجِرِّيُّ والجِرِّيت: ایک قسم کی مچھلی۔ مار ماہی۔ بام۔

الجِرِّيَّة: پوٹا۔

اَلْجَارِي: ترکی رسم الخط کی ایک قسم جو کہ خط نسخی دیوانی اور تعلیق سے لیا گیا۔

الجَارِي. فا "نهر جارٍ" وہ دریا جو خشک نہ ہو۔

الجَارِيَةُ: الجاري کا مؤنث۔ بچی۔ باندی۔ آفتاب۔ کشتی۔ سانپ۔ ج جاريَات و جَوارٍ.

المَجْرَىٰ: پانی بہنے کی جگہ۔ گذر گاہ۔ ج مَجَارٍ.

المَاجَرَيَات: واقعات وحوادث۔ جَرَىٰ مَاجَرَىٰ سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "كانت بَيْنَهُمْ مُناظرات ومَاجَرَيات يطول شرحها"

جَزَّ (ن) جَزًّا وجِزَّةً واجْتَزَّ. الصوفَ او العشبَ او النخلَ: کاٹنا۔

جَزَّ واَجَزَّ واِستَجَزَّ. الغنمُ او البُرُّ او النخلةُ: کترنے یا کاٹنے کا وقت قریب آنا۔

اَجَزَّ التمرُ: خشک ہونا۔ اَجَزَّ القومُ: کتری ہوئی بھیڑوں والی یا کٹی ہوئی کھیتی والی ہونا۔

الجِزَّة: کتری ہوئی اُون. ج جِزَزٌ و جَزَائز.

الجَزَز: غیر مستعمل اُون۔

الجُزَازُ والجُزَازَة: اُون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے۔ جُزَازٌ من الليل: رات کا ایک حصہ۔

الجَزَاز والجِزاز: کھیت کی کٹائی۔ کترنے یا کاٹنے کا وقت۔

الجَزُوزَة. من الغنم: بھیڑ جو کتری جائے ج جُزُز.

الجَزِيز: کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

الجَزِيزَة: اُون کا گچھا۔

الجَزَّاز: کترنے یا کاٹنے والا۔

المِجَزّ: کترنی۔ قینچی۔

جَزَأَ (ف) جَزْءًا. الشئَ: اجزاء میں تقسیم کرنا۔ ایک جزء لینا۔ (وتجزّأ واجتزأ) بالشيء: اکتفاء کرنا۔

جَزَّأَ تجزئةً وتجزيئًا. الشئَ: تقسیم کرنا۔ (جزّأه واجزأه) بالشيء: قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے "جَزَأَ الماشية بالرُّطب عن الماء" جانور کو تر گھاس کھلائی اور پانی پلانے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اَجزَأ عنه: مستغنی ہونا۔

تَجزّأ: تقسیم ہونا۔

الجَزْء: بعض۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "لك في هذا غِناءٌ و جَزْءٌ" تمہارے لیے اتنا بس ہے۔

الجُزْء: چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْزَاء اور اسی معنی میں جَزْء و جزاء بھی ہے۔

الجُزْئِي: جز کی جانب منسوب۔ کلی کی ضد۔

الجُزْئيَّة: ضد کلیت۔ ج جزئیات.

الجُزْأة: چھری۔ ستالی وغیرہ کا دستہ۔

المَجزأ والمَجْزأة والمُجزأ والمُجزأة: کسی چیز کا اتنا حصہ جو کافی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَجزأ مَجزأ فلان ومُجزاه ومَجْزأته ومُجزأته" وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔

الجَزِئ والمُجْزِئ. من الطعام: آسودہ کرنے والا۔

الجَوَازِي: نیل گائے جو صرف گھاس چرتی ہے اور زیادہ پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

جَزَحَ (ف) جَزْحًا. لَهُ من المال: حصہ دینا الرجلُ: اپنے کام کے لیے جانا الظباءُ: اپنی جھاڑی میں داخل ہونا۔

الجَزْح. عطیه۔

الجُزْدَان: جزودان. بستہ۔ تھیلی۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا وجَزَرًا وجِزَارًا واجْتَزَرَ. الشاةَ: ذبح کرنا۔ جَزَرَ النخلةَ جَزْرًا: کاٹنا۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا. البحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا الماءُ: خشک یا کم ہو جانا۔

اَجْزَرَ. النخلُ: کاٹنے کا وقت آنا۔ الشیخ: مرنے کا وقت آنا۔ فلانًا: ذبح کرنے کے لیے بکری دینا۔
تَجَازَرًا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
تَجَزَّرُوْهم واجْتَزَرُوْهم. فی القتال: میدانِ جنگ میں دشمن کو درندوں کی خوراک بنا دینا۔
الجَزْر. مص۔: ذبح کرنا۔ بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اُتار۔
الجَزَر: ہر وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو۔ واحد جَزَرَة. ذبیحه. جزر السباع: وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے۔ "ترکوهم جَزَرًا" یعنی انہوں نے ان کو صحرا میں قتل کر دیا۔ الجَزَر: وہ زمین جہاں سے مد (جوار) لوٹے۔ و (الجزر) گاجر۔
الجَزَّار والجزير: ذبح کرنے والا۔
الجَزُوْر: ذبح کے لیے اُونٹنی یا بکری۔ ج جُزُر و جَزُوْرَات وجَزَائِر.
الجُزَارَة: ذبح کیے ہوئے جانور کے اطراف (یعنی سری پائے) اس لیے کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کرنے کی اُجرت میں لیتا ہے۔ وہ چیز جس کو ذبح کرنے والا ذبح کی اُجرت میں لے۔
الجِزَارَة: ذبح کرنے کا پیشہ۔
الجَزِيْرَة. ج جَزَائِر وجُزُر وجُزْر: زمین کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف پانی ہو، دو آبہ کے ممالک جزیرة العرب: مُلک عرب۔ (اور یہ فی الحقیقت جزیرہ نما ہے۔
الجزائِر: شمالی افریقہ میں ایک مُلک کا نام۔
الجزائِر الخالدات: بحر محیط (اٹلانٹک) کے مغربی حصہ میں چھ جزیرے۔
المَجْزِر: مذبح. بوچڑ خانہ۔ عوام اس کو مَسْلخ: کہتے ہیں۔
جَزَعَ (ف) جَزْعًا. الوادی: پار کرنا۔ مِنْ مَالهٖ جَزْعَة: ایک حصہ دینا۔
جَزِعَ (س) جَزَعًا وجُزُوْعًا. منه: بے صبری کرنا۔ علیه: ڈرنا۔ صفت (جَزِعٌ وجَازِعٌ وجَزُعٌ وجَزَاعٌ وجُزُوْعٌ)
جَزَّعَهٗ: تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔
جَزَّعَ الشیَٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الحوضُ: تھوڑے پانی والا ہونا۔
اَجْزَعَهٗ: گھیرا دینا۔ (اَجْزَعَ منه جِزْعَةً: ایک حصہ باقی چھوڑ دینا۔
اِنْجَزَعَ وتَجَزَّعَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا۔
اِجْتَزَعَه: کاٹنا۔ توڑنا۔
الجَازِع. فا. ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کر کے اس پر کوئی چیز رکھیں۔ مؤنث جازِعَة.
الجَزْع. مص. مہرہ جس میں سفیدی و سیاہی ہوتی ہے۔ واحد جَزْعَة.
الجِزْع: لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ جِزْعُ الوادی: وادی کا موڑ ج جُزُوْع.
الجُزْع والجَزْع: رہٹ کا دُھرا۔
الجِزْعَة والجُزْعَة: تھوڑی چیز۔ بقیہ۔ ج جِزَع. الجُزْعَة: چھری کا دستہ۔
الجَزِيْعَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ ج جَزَائِع.
المِجْزَاع: بہت بے صبر۔ ج مَجَازِيْع.
المُجَزَّع والمُجْزِع. من الرُّطَب: نیم پختہ کھجور۔ وہ چیز جس میں سفیدی و سیاہی ہو۔ حوض مجزَّع: تھوڑے پانی والا حوض۔
جَزَفَ (ن) جَزْفًا واجْتَزَفَ. الشَّیَٔ: اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔ و (المجزاف) بتثلیث الجیم و (الجَزِيْف) اٹکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے "بیع جَزِيْف وبیع جُزَاف"
جَازَفَه مُجَازَفَة: اٹکل سے خرید و فروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے "جَازَفَ فِی کلامه:" اس نے بے تکی باتیں کیں۔ جَازَفَ بنفسهٖ: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔
الجَزْفَة: چوپایوں کا گلہ۔
الجَزَّاف. شکاری۔
الجَزُوْف. من الحوامل: حد ولادت سے گزرنے والی۔
المِجْزَفَة: مچھلی کا جال۔
جَزُلَ (ک) جَزَالَةً. الشیئة: بڑا ہونا۔ موٹا ہونا۔ المنطقُ: فصیح ہونا۔ صفت (جَزْل) ج جِزَال و (جَزِيْل) ج اَجْزَال وجِزَال
الرَّجُلُ: صائب الرائے ہونا۔
جَزَلَ (ض) جَزْلًا. الشَیَٔ: دو ٹکڑے کرنا القتبُ غَارِبَ البَعِیرِ: کاٹا دینا۔ زخمی کر دینا۔
اَجْزَلَ. العَطَاءَ وفی العَطَاء ومن العَطَاء لفلان وعلیه: بہت دینا۔
اِسْتَجْزَلَهٗ: کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ اِسْتَجْزَلَ رَایَه: کسی کو صائب الرائے پانا۔
الجَزْل. مص: موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ۔
الجِزْل: خشک لکڑی۔
الجَزَال والجِزَال: کھجور کے پھل اُتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هذا زَمَن الجِزَال" یہ کھجور کے پھل اُتارنے کا زمانہ ہے۔
الجَزَّال والجَزِيْل: بہت بڑی۔
الجَوْزَل: کبوتر کا بچہ۔ ج جَوَازِل.
جَزَمَه (ض) جَزْمًا: کاٹنا۔ جَزَمَ الحرف: ساکن کرنا۔ الفعلَ: جزم دینا یا حرفِ علت یا تثنیہ و جمع سے نون گرا دینا الیَمِیْنَ: پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "حلف یمینًا جَزْمًا" الامر: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "امرته امرًا جَزْمًا" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ "وهذا حکم جزمٌ" یہ لازمی و قطعی حکم ہے۔ جَزَمَ الی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ جَزَمَ علیه الشیَٔ: واجب کرنا۔ الرَّجُلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ (واجْتَزَمَ) النَّخْلَةَ: پھلوں کا اندازہ کرنا۔ وجَزَّمَ عنه: بزدل ہونا، عاجز ہونا۔ علیه: خاموش ہونا۔ القربة: بھرنا۔
تَجَزَّمَ. العودُ: پھٹنا۔
اِنْجَزَمَ. العظمُ: ٹوٹنا۔ الحرفُ: ساکن

ہونا۔

الجزم. س: کہا جاتا ہے "قلم جزم" برابر قط والا۔ و"امر جزم" وقت سے پہلے آنے والا معاملہ۔

الجزم: حصہ۔

الجازم. فا. جزم کا عمل کرنے والا۔ جیسے لَمْ. سِقَاءٌ جَازِم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازم: سیراب اونٹ۔ ج جَوَازِم.

الجَزْمة: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔

الجزمة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔

سِقَاءٌ او اِنَاءٌ (مِجْزَم) بھری ہوئی مشک یا برتن۔

جَزَیٰ (ض) جَزَاءً. الرجلَ بکذا وعلیٰ کَذَا: بدلہ دینا۔ جزیٰ فلانًا حقه: ادا کرنا۔ جزاه الشَّیْءُ: کافی ہونا۔ (واَجْزَیٰ) الامرُ منه او عنه: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو "یُجْزِی هذا من او عن ذاك" یہ اس کے قائم مقام ہے۔

جَازَاه مُجَازَاةً وجِزَاءً: بدلہ دینا۔

تَجَازَیٰ تَجَازِیًا. دینه وبدینه علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔

اِجْتَزَاه: بدلہ مانگنا۔

الجزاء والجَزَاء والجَازیة والمُجَازَاة: کسی چیز کا بدلہ۔ الجَازیة کی جمع الجوازی. کہا جاتا ہے "جزتك الجوازِی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔

الجِزْیَة: زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جِزًی و جِزًیٌ و جِزَاء.

الاَجْزَیٰ: بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین اَجْزَیٰ من المهزُوْل" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔

جَسَّهٗ (ن) جَسًّا واجْتَسَّه: معلوم کرنے کے لیے ہاتھ سے چھونا۔ الارضَ: روندنا۔ ہ بعینیه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔

جَسَّ وتَجَسَّسَ واِجْتَسَّ. الاخبارَ او الامورَ: تفتیش کرنا۔

الجَسِیْس. ج جِسَّة و (الجاسوس) ج جواسیس والجَسَّاس:) جاسوس۔ برائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔

جَوَاسُّ. الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جَاسَّة)

اَلْجَاسُوْسِیَّةُ: سی۔آئی۔ڈی اپنے ملک کے مفاد میں دشمن کی خفیہ خبریں اور پروگرام معلوم کرنے کا ادارہ۔

المَجَسُّ والمُجَسَّة: چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المَجَسّ او المَجَسَّة" فلاں تنگ دل ہے۔ المَجَسَّة: نبض. کہا جاتا ہے "مَجَسَّته حارة" اس کی نبض گرم ہے ج مَجَاسّ

المِجَسَّة: چھونے کا آلہ۔ ج مَجَاسّ و مِجَسَّات.

جَسَأَتْ (ف) جَسْئًا وجُسُوْءً او جُسْأَةً. الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جَاسِئَة وجَسْئَاء)

الجَسْ: سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔

الجَاسِیَة. من النبات ونحوه: خشک

جَسِدَ (س) جَسَدًا. الدمُ به: چپکنا۔ (جَسِد و جَاسِد)

جَسَّدَهٗ: زعفران سے رنگنا۔

تَجَسَّدَ: تن آور ہونا۔

الجَسَد: بدن انسانی۔ زعفران۔ خشک خون ج اَجْسَاد نسبت کے لیے (جَسَدی و جُسْدَانی)

تَجَسَّدَ: جسم والا ہونا۔

الجَسَاد: زعفران۔

الجُسَاد: پیٹ کا درد۔

الجَسِیْد: خشک خون۔

المِجْسَد: کرتہ جو بدن سے متصل ہو۔ بنیان

جَسَرَ (ن) جَسَارَةً و جُسُوْرًا. علی الامر: اقدام کرنا (و تجاسر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔

جَسَرَ (ن) جَسْرًا: پل بنانا (و اجتسر) المفازة: عبور کرنا۔

جَسَّرَهٗ: بہادر بنانا۔

الجَسْر والجِسْر: پل۔ ج جُسُوْر و اَجْسُر. الجَسْر من الابل: بڑا اونٹ۔ من الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث جَسْرة.

الجَاسِر ج جُسَّار وجَاسِرُوْن و (الجَسُوْر) ج جُسُر و جُسْر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مؤنث جَاسِرَة و جَسُوْر. ج جَوَاسِر.

الجَسَرَة: دلیری۔ بہادری۔

الجَسَّار: بہت دلیری کرنے والا۔

جَسَعَ (ف) جُسُوْعًا. عن العطاء: باز رہنا۔ رک جانا۔

الجَاسِع. من السفر: لمبا سفر۔

جَسُمَ (ک) جَسَامَةً: تناور ہونا۔ صفت (جُسَام وجَسِیْم) ج جِسَام مؤنث (جَسِیْمَة و جُسَامَة)

جَسَّمَهٗ: تن آور و موٹا کرنا۔

تَجَسَّمَ: تناور و موٹا ہونا۔

تَجَسَّمَ فی عینی کَذَا: خیال میں آنا الامرَ: کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا الرملَ: ریگستان کے بڑے حصے کو طے کر لینا فلانًا من بین القوم: انتخاب کرنا الارضَ: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجسَّم فُلَانٌ مِنَ الکَرَم" فلاں بڑا فیاض ہے، گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔

الجِسْم: بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض، عمق ہو۔ ج اَجْسَام واَجْسُم وجُسُوْم. نسبت کے لیے جِسْمِیّ وجِسْمَانِیّ)

الجُسْمَان: بدن۔

الجُسَم: بڑے بڑے امور۔

الاَجْسَم: تناور اور بڑا۔

المُجَسَّم: وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو عرض و عمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر وہ چیز جس میں طول، عرض، عمق ہو۔

جَسَا (ن) جَسْوًا و جُسُوًّا: بمعنی جَسَأ.

جَاسَاه مُجَاسَاةً: دشمنی کرنا۔

جَشَّه (ن) جَشًّا: کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ المکانَ: جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔ ٥ بالعصاء: لاٹھی سے مارنا دَمْعَه: بہانا القومُ: کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔
اَجَشَّ. الشيءَ: کوٹنا۔ توڑنا البُرَّ: موٹا پیسنا۔ صفت مفعولی (جَشِيْش و مَجشُوْش)
اَجَشَّ واِجتَشَّ. المکانُ: گنجان گھاس والی ہونا۔
الجَشُّ. س-مَوْضعٌ جَشٌّ: سخت پتھریلی جگہ۔
الجُشُّ: پہاڑ۔ ج جِشاش.
الجَشَّة والجُشَّة: لوگوں کا ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھدی آواز۔
الاَجَشُّ: بھدی آواز والا آدمی۔ مؤنث جَشَّاء.
المِجَش والمِجَشَّة: چکی۔
جَشَأ نَفْسُه (ف) جُشُوْءًا وجُشأً و جَشَأً: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا المکانُ: خوب پیداوار ہونا من المکان: نکلنا البحرُ: جوش میں آنا۔
جَشَّأ تَجشِئَةً وتَجَشَّأ تَجَشُّؤًا: ڈکار لینا۔
اِجتَشَأ. البلادَ واجتَشَأته البلادُ: ناموافق ہونا۔
الجُشَاء: ڈکار۔ واحد جُشَأَة و جُشَأَة.
جَشُبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشْبًا و جَشُبَ (ک) جَشَابَةً. الطعامُ: موٹا و بدمزہ ہونا۔ صفت (جَشْبٌ و جَشِبٌ و جَشِيْبٌ و مِجْشَابٌ و مَجشُوْبٌ) و جَشُب الرَجُلُ: بدغذا ہونا۔
المِجْشَب: موٹے جسم والا بہادر۔
جَشَر (ن) جَشْرًا و جَشَّر. المواشي: چرانے کے لیے لے جانا۔ وجَشَّر الاناءَ: خالی کرنا۔
جَشَر (ن) جُشُوْرًا. المصبحُ: پوپھٹنا الرَجُلُ: سفر کرنا۔

جَشِر (س) جَشَرًا و جُشر: کھانسنا۔ آواز بیٹھنا۔ صفت (اَجشَر) مؤنث جَشْراء. ج جُشْر.
الجَشَر والجُشَار: مویشی جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں رات گذاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔
الجُشَارِيّ: چرواہا۔
المِجْشَر: حوض۔ ج مَجاشِر.
الجَشِير: چمڑے کا تیر دان۔
الجُشار: کھانسی۔
الجُشْرَة: سینہ کی سختی۔ خشک کھانسی۔
جَشِع (س) جَشَعًا و تَجَشَّع: بدترین قسم کا لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُوْن وجشَاعیٰ و جُشَعاء وجِشَاع.
تَجاشَعَا. الماءَ: باہم تنگی کرنا اور پیاسا رہنا۔
جَشِمَ (س) جَشْمًا وجَشَامَةً وتَجَشَّم الامرَ: مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَشِمْتُ اليك عرق القربة" تمہاری وجہ سے بڑی مصیبت جھیلی۔ وتَجَشَّم الرملَ: ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ "وتَجَشَّم فلانًا من بين القوم: اس نے قوم سے فلاں کا انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔
جَشَّمَهٗ واَجْشَمَهٗ. الامرَ: کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا۔ "مهما تجشَّمني فاني جاشِم" جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔
الجَشَم والجُشْم: بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا جاتا ہے "القى عليّ جشمه" اس نے میرے اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا من البعير: سینہ۔
المُجَشَّم والجَشِيْم: موٹا۔ بھاری۔
الجَوْشَن: سینہ۔ زرہ۔ جوشن الليل: آدھی رات۔
جَصَّ (ض) جَصًّا و جَصِيصًا: بسختی

بندھ جانے کی وجہ سے کراہنا۔
جَصَّص. البناءَ: گچ کرنا الجروُ: آنکھیں کھولنا العنقودُ: پھوٹنا على العدو: حملہ کرنا۔
اِجتَصَّ و تَجاصَّ. القومُ: قریب قریب اکٹھا ہونا۔
الجِصّ و الجَصّ: گچ۔ چونہ۔
الجَصَّاص: گچ والا یا گچ بیچنے والا۔
الجَصَّاصَة: گچ بنانے کا کارخانہ۔
الجَصِيص: فریاد و نالہ۔
الجَصِيصَة: پاس پاس رہنے والا گروہ۔
جَعَصَّ (ن) جَصًّا. عليه بالسيف: حملہ کرنا۔
جَعَبَه (ف ض) جَعْبًا و جَعَّبَه تَجعِيبًا و جَعْبَاهُ جَعْبَاةً وجَعْبَاءً: الٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔ جَعَبَ (الجَعْبَة) ترکش بنانا۔
تَجَعَّبَ وانجَعَبَ وتَجَعْبیٰ: پچھڑ جانا۔
تَجَعْبیٰ الجيشُ: کثرت کے ساتھ جمع ہونا۔
الجَعْبَة: ترکش۔ ج جِعَاب.
الاَجعَب: بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں مست ہو۔ مؤنث جَعْبَاء. ج جُعْب.
الجَعْبَاء: دُبر۔
الجَعَّاب: ترکش بنانے والا۔
الجِعَابَة: ترکش بنانے کا پیشہ۔
الجُعْبُوْب: پست قد بد شکل۔ ج جعابيب
الجُعبيّ والجَعِبَّاة: حلقہ، دُبر۔
المُجَعَّب: ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔
جَعْجَعَ البعيرَ: بٹھانے یا اٹھانے کے لیے حرکت دینا۔ بٹھانا البعيرُ: بیٹھنا بالغريم: سختی سے مطالبہ کرنا غیر مطمئن المکان: حالت میں بیٹھنا۔
تَجَعْجَع: درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔
الجَعْجَعَة س۔ اکٹھے ہونے والے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اسمع جعجعة ولا ارى طِحْنا" چکی کی آواز سنتا ہوں اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس

شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔

الجَعْجَاع: تنگ اور سخت جگہ۔ معرکہ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔

جَعُدَ(ک) جَعَادَةً و جُعُوْدَةً. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔

جَعَّدَ الشعر گھنگھریالے بنانا۔

تَجَعَّدَ. الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔ و تجعّدَ الشيءَ: سکڑنا۔

الجَعْدَ. من الشعر: گھنگھریالا۔ کہا جاتا ہے "هو جَعْدُ اليد" وہ بخیل ہے۔ وجعد القفا" جس کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعَاد. ترابٌ جَعْدٌ: نمناک مٹی۔ وجه جَعْدٌ: کم ملاحت والا گول چہرہ۔ زُبَدٌ جَعْدٌ: تہہ بر تہہ مکھن۔ (ابو جَعْدَہ و ابو جَعَادَة ابو جُعَادَة:) بھیڑیے کی کنیت۔

اَلْجَعْدَةُ موسم بہار کی خوشبودار انگوری جو کہ جلدی خشک ہو جاتی ہے۔

جَعَرَ(ف) جَعْرًا وانْجَعَرَ. السبعُ: پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّرَ: کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسّی باندھنا۔

الجَعْر. مص. درندے کا پاخانہ۔ ج جُعُور

الجِعَار: رسّی جس کو کنوئیں میں اُترنے کے وقت کمر سے باندھ لیں اور اس کا دوسرا کنارہ کسی کھونٹے سے تاکہ گرنے سے محفوظ رہیں۔ جانور کی رانوں کے داغ۔

جَعَارِ بروزن قطامِ و (ابو جَعار و اُم جَعَارِ:) بجو۔

اَبُو جِعْرَان: گبریلا۔

اُمّ جَعْرَان: بڑا گدھ۔

الجَاعِرتان: دونوں ران کے وہ حصّے جہاں پر دُم ہلانے میں پہنچتی ہے۔

الجَعْرَاء والمَجْعَر: دبر۔

جَعَسَ(ف) جَعْسًا. الرَجُلُ: پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّسَ: گھن کھانا۔ فحش بکنا۔

جَعِظَ(س) جَعَظًا: غضبناک و بد خلق ہونا۔ صفت جَعْظ و جَعِظ.

جَعَظَه(ف) جَعْظًا و اجعظه: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

جَعَفَه(ن) جعْفًا و اجعفه: پچھاڑنا۔

جَعَفَ واجْتعفَ. الشجرةَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

اِنجَعَفَت. الشجرة: جڑ سے اُکھڑ جانا۔

سيلٌ (جَاعِفٌ و جُعَاف) تمام چیزوں کو بہا لے جانے والا سیلاب۔

الجَعْف. مص. تھوڑی روزی جس سے کچھ نہ بچ سکے۔

الجَعْفَر: نالہ۔ ندی۔ بہت دودھ والی اُونٹنی۔

جَعْفَلَ جَعْفَلَةً: زین سے زمین پر گرا دینا۔

جَعَلَ(ف) جَعْلًا: بنانا۔ پیدا کرنا۔ جیسے "جعل الله الظلمات" رکھنا۔ تبدیل کرنا۔ جیسے "جعل الحسَن قبيحا" گمان کرنا جیسے "جعل الحقَّ باطلا:" اس نے حق کو باطل گمان کیا۔ مقرر کرنا جیسے "جعله حاكمًا" اس نے اسے حاکم مقرر کیا له كَذَا على كَذَا: شرط باندھنا۔ شروع کرنا۔ جیسے "جعل يكتب" وہ لکھنے لگا۔ اور دینے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ جیسے "اجْعَلْ لِيْ لِسَانَ صِدْقٍ" مجھ کو نیک نامی دے۔

جَعِلَ(س) جَعَلًا. الماءُ: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہو جانا الغلامُ: موٹائی کے ساتھ پست قد ہونا۔ الرجُلُ: جھگڑالو ہونا۔

جَاعَلَهُ مُجَاعَلَةً: رشوت دینا۔

اَجْعَلَ. له: مزدوری مقرر کرنا۔ الماء: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہونا اَجْعَلَه جُعْلًا: مزدوری دینا۔

تَجَاعَلُوْا. الشيءَ: آپس میں کر لینا۔

اِجْتَعَلَهُ: گھڑنا۔ الشَيْءَ: بنانا۔ لینا۔ تم کہتے ہو "جَعَلَهُ الشيْ فَاجْتَعَلَه" اس نے اس کو ایک چیز دی اور اس نے لے لی۔

الجُعَل: گبریلا کی ایک قسم۔ ج جِعْلان.

الجُعَل: سیاہ فام بد صورت مرد۔ یا جھگڑالو۔ نگہبان۔ مَاءٌ (جَعْل و جَعِل) وہ پانی جس میں کیڑے بہت ہوں۔

الجعَال. ج جُعُل و (الجُعْل) ج اَجْعَال و (الجعَالة) بتثليث الجيم و (الجعِيلة) ج جَعَائِل: اُجرت۔ مزدوری۔ جنگ کرنے والے کا وظیفہ۔

الجِعَال: چولہے سے دیگ اُتارنے کا چیتھڑا۔ صافی۔

جَعَمَه (ف) جَعْمًا: جانور کے مُنہ پر تھوتھنی چڑھانا۔

جَعَمَ و جَعِمَ(س ف) جَعْمًا: کھانے کی خواہش نہ ہونا۔ کھانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَعِمَ الى اللحم" وہ گوشت کھانے کا بہت خواہش مند ہے۔ جَعِمَ و تَجَعَّمَ. في الشيْ: طمع کرنا۔ صفت (جَعْمٌ و جَعِم)

اَجْعَمَ. الشجرَ: درخت کے سارے پتے چر لینا۔ الشيْ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

الجعْم: بھوک۔

الجَيْعَم: بھوکا جو ہر چیز کو دیکھ کر کھانے کی خواہش کرے۔

المَجْعَم: جائے پناہ۔

الجُعْمُوْس: گوبر۔

جَعَا(ن) جَعْوًا. البعر ونحوه: ڈھیر لگانا۔

الجعَة: جو کی شراب۔

الجَعْو. مص: ہاتھوں سے جمع کیا ہوا ڈھیر۔ کیچڑ۔ چوتڑ۔

الجغرَافية: جغرافیہ۔

جَفَّ(ض) جَفَافًا و جُفُوْفًا: خشک ہونا صفت (جَافٌ و جَفِيف) کہا جاتا ہے۔ "جفَّ لبده" یعنی اس نے اقامت اختیار کر لی اور سفر کرنا چھوڑ دیا۔

جَفَّ (ن) جَفًّا. المالَ: جمع کر کے لے کے چل دینا۔

جَفَّفَه تَجْفِيفًا وتَجْفافًا: خشک کرنا۔

جَفَّفَ الفرسَ: پاکھر پہنانا۔

تَجَفَّفَ: خشک ہونا۔

اِجْتَفَّ. مافی الاناء: برتن کا سب کچھ کھا جانا۔

الجَفُّ والجَفَّة والجُفُّ والجُفَّة: لوگوں کی جماعت۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ جُفَّة" ساری قوم آئی۔

الجُفُّ: کھوکھلی نالی والی چیز۔ بوڑھا۔ کہا جاتا ہے "هو جُفُّ مالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔

الجُفَّة: بڑا ڈول۔

الجَفَف: سخت و خشک زمین۔

الجَفِيف: خشک گھاس۔

الجُفَاف: سوکھی ہوئی چیز۔

التِجْفَاف والتَجْفَاف: برگستون۔ پاکھر۔ ج تجافيف.

جَفَأَ (ف) جَفْأً. النَّهرُ: جھاگ پھینکنا القدر: أبلنا القدرُ: اُنڈیل دینا۔ جَفَأَ الرجلَ وجَفَأَ به الارض: پٹک دینا۔

اَجْفَأَ. به: پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا الناقة: چلا کر تھکا دینا الباب: بند کر دینا۔

اَجْفَاف و تَجَفَّات. البلادُ: بے برکت ہونا۔

جفت (ترکی لفظ) جوڑا یادو والی دونالی بندوق کا نام۔

اِجْتَفَأَ. الشیءَ: اُکھیڑ کر پھینکنا۔

جفتلك (ترکی لفظ) جس کا معنی۔ زرعی زمین یا مزارعین کا سامان۔

الجُفَاء: سیلاب کی خس و خاشاک۔ بیکار۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے۔ "ذَهَبَ جُفَاءً" رائیگاں گیا۔

جَفْجَفَ. الابلَ: تیزی سے ہانکنا کہ ایک دوسرے کے اُوپر چڑھنے لگیں۔

تَجَفْجَفَ. الطائرُ: انڈے سینا۔ الثوبُ: خشک ہونا اور کچھ نمی باقی رہ جانا۔

الجَفْجَف: بلند زمین۔ پست زمین۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔

الجَفْجَفَة: نئے کپڑے کی آواز۔ جَفْجَفَة الموكب: سواروں یا پیادوں کے چلنے کی آواز۔

الجَفَاجِف: ہیئت و لباس۔

جَفَخَ (ف ض) جَفْخًا: تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ صفت (جَفَّاخ)

جَافَخَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

جَفَرَ (ن) جَفْرًا و تَجَفَّرَ واِسْتَجْفَرَ. ولدُ الشاة: بڑا ہونا اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ الشیءُ: کشادہ ہونا۔ جَفَرَ من المرض: صحت یاب ہونا۔ جفر ماکان فيه: چھوڑنا۔ جفر صاحبَهُ: قطع تعلق کرنا۔

الجَفْر. س: کشادہ کنواں۔ ج جِفَاء. کہا جاتا ہے "فلان مُنْهَدِمُ الجَفْر" فلاں بے عقل ہے "وفَعَلْتُ ذلك مِنْ جَفْرِ او جَفَر كذا" میں نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ علم الجفر: عِلمِ جفر ایک عِلم ہے جس میں اسرار حروف سے بحث کی جاتی ہے۔

الجُفْرة. من الشیءِ: وسط۔ درمیان۔ من الارض: گول کشادہ زمین۔

الجَفِير: لکڑی کا ترکش جس میں چمڑا نہ ہو یا چمڑے کا جس میں لکڑی نہ ہو۔

الجُفُرِّی: شگوفہ خرما کا غلاف۔

المَجْفَرَة: بے تعلقی کا سبب۔

جَفِسَ (س) جَفَسًا و جِفَاسَة: بدہضمی ہونا۔

الجفس والجَفْس والجَفِيس: کمزور۔ لئیم۔ کمینہ۔

جَفَظَ (ن) جَفْظًا. الاناءَ: بھرنا۔

اِجْفَاظَ واِجْفَاظَّ اِجْفِئْظَاظًا. المقتولُ: پھول جانا۔ صفت (جَفِيظ)

جَفَعَهُ (ف) جَفْعًا: پچھاڑنا۔

جَفَلَ (ن) جَفْلًا. الطَائِرَ: ہشکانا۔ کہا جاتا ہے۔ جفل القَنَّاصُ الوحش عن مراعيها" شکاری نے وحشی جانوروں کو ان کی چراگاہوں سے ہشکا دیا البحرُ السمكَ: کنارہ پر ڈال دینا الريحُ السحابَ: اُڑا لے جانا ٥: پچھاڑ دینا الطينَ: بیلچہ سے کھرچ لینا المتاعَ: بعض کو بعض پر رکھنا الفيلُ: لید کرنا۔

جَفَلَ (ن ض) جُفُولًا و جَفَلًا واجْفَلَ البعيرُ: بدکنا، بھاگنا، صفت جَافِل و جَفَّال النعامةُ: بھاگنا الريحُ: تیز چلنا۔ (وانْجَفَلَ و تَجَفَّلَ) القومُ: تیز بھاگنا۔

جَفَّلَهُ: بدکانا۔ بھگانا۔

تَجَفَّلَ الديكُ: کلغی کو پھڑکانا۔

الجَفْلُ س: بادل جو پانی برسا کر کھل جائے۔ شتر مرغ جو ہر چیز سے بدکے۔ ہاتھی کی لید۔ کشتی ج جفول.

الجَفْلَة. من الشجر: بہت پتوں والا درخت۔

الجُفْلَة: اُون کا ٹکڑا۔

الجُفَال: دودھ کی جھاگ۔ بہت اُون۔ سیلاب کا خس و خاشاک۔

الجُفَالَة. من القدر: ہانڈی کی جھاگ۔

ريح (جَفُول) ج جُفُل و (مُجْفِل و مَجْفَال و مِجْفَالَة: تیز ہوا جو بادل کو اُڑا لے جائے۔

الجَفَلَی: دعوت عامہ۔ کہا جاتا ہے "دُعِيَ فلان فی النقری لافی الجفلی:" وہ دعوت خصوصی میں بلایا گیا نہ دعوتِ عمومی میں۔

الجَفِيل: بہت۔ زراعت کا اتنا بڑھا ہوا حصہ جو کاٹ دیا جائے۔

الاِجْفِيل: بزدل۔

الجَفْلَق: بہت موٹی بڑھیا۔

جَفَنَ (ن) جَفْنًا. الناقة: ذبح کر کے بڑے پیالوں میں کھلانا۔ نفسه: برائیوں سے روکنا (و تَجَفَّنَ) الكرمُ: جڑ پکڑنا۔

الجَفْن. س: اُوپر نیچے کا پپوٹہ۔ نیام۔ ج اَجْفَان و جُفُون واَجْفُن. الجَفْنُ: انگور کی جڑ یا ٹہنیاں۔ واحد جَفْنة.

الجَفْنَة: بڑا پیالہ۔ وہ برتن جس میں شراب بنائی جائے۔ چھوٹا کنواں ج جفن و جِفَان و جَفَنَات.

جَفَا يَجْفُو جَفَاءً وجَفَائَةً: ایک جگہ پر نہ

ٹھہرنا عَلَیہِ کَذَا: گراں ہونا الثوبُ: موٹا ہونا۔ جنبهُ عن الفراش: قرار نہ پانا۔

جَفَا (ن) جفوًا وجفاءً رجفًا. صاحبه: اعراض کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا۔

تجافیٰ عن مکانه: قرار نہ پانا۔

جفّاہٗ بداخلاق بنا دینا۔

جافیٰ الرجلَ بدسلوکی سے پیش آنا۔ دُور رکھنا۔

اَجفیٰ الخیلَ: سخت محنت لینا اور کھانے نہ دینا۔ فلانًا بہ دُور کرنا۔

تَجافیٰ: علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَجافیٰ السَرجَ عن ظَهرِ الفرس" زین گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ گئی۔ "تجافیٰ جَنبُه عنِ الفِراشِ" اس کا پہلو بچھونے سے دُور رہا۔

اِجتفیٰ الشَیءَ: جگہ سے ہٹانا۔ دُور کرنا۔

اِستَجفیٰ اِستِجفاءً الشَیءَ: بدسلوک سمجھنا و بدوری چاہنا۔

الجفوۃ والجفوۃ: اُجڈپن۔ بدسلوکی۔

الجافی: موٹا۔ جا فِی الخ ق: اُجڈ بداخلاق ج جفاۃ: مؤنث جافیۃ۔ ج جافیات و جوافٍ

جفیٰ (ض) جفیًا۔ الرَّجلَ: پچھاڑ دینا۔ (واجتفیٰ) النباتَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

جقّ (ن) جقًّا۔ الطائرُ: بیٹ کرنا۔

الجقّۃ: بڑھیا اونٹنی۔

جَکِر (س) جکرًا واَجکرَ: بیچنے میں اصرار کرنا۔

الجکرۃ: حاجت۔

الجکجکۃ: لوہے پر لوہا گرنے کی جھنکار۔

جلَّ (ض) جَلالًا وجَلالَۃً: بڑے مرتبہ والا ہونا۔ تم کہتے ہو "جلَّ فلان فی عینی" فلاں میری نظر میں عظیم المرتبہ ہو گیا۔ جسم میں بڑا ہونا۔ عمر میں بڑا ہونا۔ صفت (جلیل) ج اَجلاء۔ واَجلّۃ وجِلّۃ و (جُلّ وجِلّ وجلالٌ وجُلالٌ)

جلَّ و تَجالَ عن کذا: بچنے کو بالا و برتر سمجھنا۔ تجالَ علیہِ: بڑا بننا۔ (جلّ جَلًّا و جَلَلَ).

الفرسَ: جھول ڈالنا۔

جلَّ (ن ض) جُلولًا و جَلًا: اپنے وطن سے دوسرے شہر کو چلا جانا۔ صفت (جالّ ج جالّۃ.

جلَّ (ن ض) جَلًّا و جِلّۃً و اِجتلّ البعرَ: مینگنی چننا الشَیءَ: بڑے حصہ کو لینا۔

جلّلَ الشیءُ: عام ہونا الشیءَ: ڈھانپ لینا۔ اور اسی سے ہے "جلّلَ المطرُ الارضَ" بارش نے زمین کو ڈھانپ لیا۔

الرجلَ: تعظیم کرنا۔

اَجلّہٗ اِجلالًا: تعظیم کرنا۔ عن العیب: پاک کرنا الرَجُلُ: قوی ہونا۔ کمزور ہونا۔

عَمرٌو زیدًا: بہت دینا۔ کہا جاتا ہے "اتیت فلانا فما اجلّنی وما ادقّنی" میں فلاں کے پاس آیا تو اس نے مجھے زیادہ دیا نہ تھوڑا۔

تَجلّلَ: بڑا ہونا بالثوب: اوڑھنا۔ تجلّلہ: غالب ہونا۔

الجَلّ: س: چنبیلی۔ سفید۔ سرخ۔ زرد۔ گلاب کا پھول۔ واحد جَلّۃ. بادبان۔ ج۔ جُلول.

الجُلّ والجَلّ: جھول۔ ج جلال و اَجلال. جُلّ الشَیءِ: چیز کا بڑا حصہ۔ جُلّ البیتِ: وہ جگہ جہاں خیمہ نصب کیا جائے۔

والجُلّ: موٹا۔ بھاری۔ کہا جاتا ہے "فعله من جُلّكَ" اس نے اس کو تیری وجہ سے کیا۔

الجِلّ: بہت۔ کہا جاتا ہے "مالہٗ دِقّ ولاجِلّ" اس کے پاس نہ کم ہے نہ بہت من المتاع: فرش بچھونا۔ چادر وغیرہ۔ رجل جِلٌّ: مرد بزرگ۔

اَمرٌ (جَلَل): بڑا معاملہ۔ آسان معاملہ۔ کہا جاتا ہے "فعلته من جَلَلك و من اَجلالك و من تجلّتك" میں نے تمہاری وجہ یا تمہاری تعظیم کی وجہ سے یہ کیا۔

الجُلّۃ: بتثلیث الجیم مینگنی۔ اور کہا جاتا ہے "قوم جلّۃ" بڑے لوگ۔ یہ جلیل کی جمع ہے۔

الجُلّۃ: بڑا ٹوکرا۔ ج جلال و جُلَل.

الجالّۃ: وہ لوگ جو اپنے وطن سے چلے گئے ہوں۔

الجُلّیٰ. الاجلّ کا مؤنث۔ بڑا معاملہ۔ امر عظیم الشان ج جُلَل.

التجلّۃ: عظمت و بزرگی۔

المَجلّۃ: رسالہ۔ کاپی۔

المُجلّل. فا. سحاب مُجلّل: عام بارش والا بادل۔ امرٌ مُجلّل: عام معاملہ۔

جلأہٗ (ف) جلأً وجلأً وجلاءۃً: پچھاڑ دینا۔ پٹک دینا۔ جلأہٗ بالثوب: پھینکنا۔

جلبہٗ (ن ض) جلبًا وجلبًا: ہانک کر لانا۔

الرَجُلَ: جانا۔ الجرحُ: اچھا ہونا۔

(واَجلبَ) القومَ: جمع کرنا۔ جلبہٗ واَجلبہٗ: دھمکانا۔ جلبَ واَجلبَ لاهله: کمانا۔ جلبَ واَجلبَ علی الفرس: چلا کر آگے بڑھنے پر اکسانا۔ جلبَ واَجلبَ الدمُ: خشک ہونا۔ جلبَ واَجلبَ القومُ: شور و غوغا کرنا۔

جَلِبَ (س) جلبًا: اکٹھا ہونا۔

جلبَ (ن) جلبًا علیہِ: گناہ کرنا۔

جلّبَ القومُ: چیخنا چلانا۔ علی الفرسِ: ڈانٹنا (واَجلبَ) القومُ: ہر طرف سے جنگ کے لئے اکٹھا ہونا۔

اِنجلبَ: جانا۔

اِجتلبہٗ: لانا۔

اَلجُلبۃُ: کسی انگوری کا تنا جو کہ دست آور (جلاب) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اِستَجلبہٗ: کسی چیز کو حاصل کرنا۔ یا سبب بن جانا۔

الجَلب: س۔ گناہ۔ جرم۔

الجَلَب س۔: مال جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جائیں۔ ج اَجلاب (والجَلبۃ) شور و غوغا۔

الجَلب: بے پانی کا بادل۔ بادل جو پہاڑ کی طرح دکھائی دے۔ رات کی تاریکی۔ جُلبُ الرّحل و جلبۃُ: کجاوہ کی لکڑیاں۔

الجُلبَۃ: کھرنڈ۔ پتھر جو تہ بتہ ہوں جس میں جانوروں کے لیے راستہ باقی نہ رہے۔ گھاس کے متفرق قطعے۔ سبز کانٹے دار درخت۔ بادل کا ٹکڑا۔ چمڑا جو پالان پر لگایا جائے۔ جُلبَۃُ الشتاء: سردی کی شدت۔ ج جُلَب.

الجَلِیب: لایا ہوا۔ کھینچا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ "عَبدٌ جَلیبٌ" زر خرید غلام۔ ج "جَلبیٰ وجُلباء وامرأۃ جَلیب وجَلیبَۃ" کہیں سے لائی ہوئی عورت۔ ج جَلبیٰ وجَلائب.

الجَلوبَۃ: اُونٹ جس پر سامان کو لادا جائے۔

الجَلّاب: غلاموں کو تجارت کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانے والا۔

الجُلّاب والجُلاب: گلاب اور شکر یا شہد کا بناہوا شربت۔ گلاب کا عرق۔

الجُلُبّان: مٹر۔ چمڑے کا تھیلا۔ اور کہا جاتا ہے "رجل جُلُبّان وجَلَبّان" شور مچانے والا مرد۔

الجَلّاب والمُجلِب: بد خلق بیہودہ گو۔ شور مچانے والا۔

الجُلبانُ: گھاس کی طرح انگوری اس کی کئی اقسام دانے اور چارہ کے لئے ہوتی ہیں اور کچھ پھولوں کے لئے ہوتی ہیں۔

المَجلَبَۃ: کسی چیز کے حاصل کرنے کا سبب۔ باعث۔

جَلبَبَہٗ: چادر یا قمیص پہنانا۔

تَجَلبَبَ: چادر یا قمیص پہننا۔

الجِلباب والجِلِبّاب: چادر یا قمیص ج۔ جَلابیب.

جَلتَہ (ض) جَلتًا واجتَلَتَہٗ: مارنا۔

جَلجَلَ. الرَّجُلُ: زور سے بولنا السحابُ: گرجنا۔ جَلجَلَہٗ: حرکت دینا۔

جَلجَلَ الوتر: مضبوط بٹنا۔ البَعیرَ: جھانجھ لٹکانا۔

تَجَلجَلَت. قواعدُ البیت: ہل جانا۔

تجَلجَل فی الارض: گھسنا الامرُ فی نفسہ: دِل میں کسی خیال کا آنا۔

الجَلاجِل: گھونگھرو۔ واحد (جُلجُل)

جَلاجِل النفس: وہ خیالات جو دِل میں آئیں۔ تم کہتے ہو "بَثَثتُہٗ جَلاجل نفسی" میں نے اس سے اپنے دِل کی بات کہہ دی۔

الجُلجُل والجُلاجِل: پھرتیلا۔ چابک دست۔

الجَلجَلۃ. مص۔ بادل کی گرج۔ گھنٹی کی آواز۔

الجُلجُلان: دھینے کے دانے۔ تل کا دانہ۔

جُلجُلان الشیء: بڑی چیز۔ جُلجُلان القلب: سویداء قلب۔ کہتے ہیں۔ "خرج من جُلجُلان القلب الی قمع الاذن" یعنی دِل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔

المُجَلجِل: بڑا سردار یا وہ شخص جس کی آواز دور تک جائے۔ گرجنے والا بادل۔ بے عیب ظریف۔ وعددٌ مُجلجل: بڑی تعداد۔

جَلَحَتْ (ف) جَلحًا. الماشیۃ الشجر: اُوپر کے حصّے کو چر جانا۔

جَلِح (س) جَلَحًا: سر کے دونوں جانب سے گرے ہوئے بالوں والا ہونا۔ صفت (اَجلَح) ج جُلح واجْلاح وجُلحان مؤنث جَلحاء الثورُ: بے سینگ والا ہونا الارضُ: زمین کی گھاس کا چر لیا جانا۔

القریٰ: حفاظتی قلعوں کا باقی نہ رہنا۔

جُلِحَت. الشجرۃ: اُوپر سے کھایا جانا الارضُ: گھاس کا چر جانا۔

جَلَّحَ. علی الشَّیءِ: سخت پیش قدمی کرنا فی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ السبع علی القوم: حملہ کرنا۔ جَلَّحَتِ الماشیۃُ الشجرَ: اُوپر سے چرنا۔

جَالَحَہٗ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔ جالح بالشیء: کھلم کھلا کرنا۔

الجَلَحۃ: سر کے دونوں جانب بال گرنے کی جگہ۔

الجُلاح: سخت سیلاب۔

اَرضٌ (جَلحاء) بغیر درخت والی زمین۔

بقرۃ جَلحاء: بے سینگ والی گائے۔ قریۃ جلحاء: بے قلعہ والی آبادی۔ سُطوح جَلحاء: بغیر پردہ کی دیوار والی چھتیں۔

سَنَۃٌ (حالِحَۃ) خشک سال۔ ج جَوالح.

الجَوالِح: وہ چیز جو بانس کے اندر سے روئی کی مانند نکل کر اڑتی ہے۔ برف کے ٹکڑے جو ایک دوسرے پر گریں۔

المُجالِح. فا. شیرہ والمِجلاح والمُجلِّحۃ) جاڑے میں دودھ دینے والی اُونٹنی۔ ج المَجالِیح: قحط جس میں مویشی وغیرہ برباد ہو جائیں۔

المُجلِّح: بہت کھانے والا۔

جَلَخَ (ف) جَلخًا. السیلُ الوادی: بھر دینا۔ دونوں طرف کے کناروں کو کاٹ دینا الشیءَ: کھینچنا۔ دراز کرنا بہ: پچھاڑنا جَلَخہ بالسیف: گوشت میں سے کچھ کاٹ لینا (وجَلَّخَ) الموسیٰ: تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ (مولد).

اِجلَخَّ. الشیخ: کمزور ہونا اور اعضاء کا ڈھیلا پڑ جانا۔

مَجلَخ: چھری کو تیز اور پیتل کو صیقل کرنے کا آلہ۔

الجُلاخ بڑا سیلاب۔ گہری وادی۔

جَلدَہ (ض) جَلدًا بالسیاط: کوڑے مارنا ہ علی الامر: مجبور کرنا۔ بالارض: پچھاڑنا۔

جلدت الحیۃ: ڈسنا۔

جَلُدَ (ک) جَلَدًا و جَلادۃً وجُلودۃً ومَجلودًا: صبر واستقلال وقوت دکھلانا۔

جَلِدَ (س) جَلَدًا و جُلد واُجلِدَ. المکانُ: پالا پڑنا۔ صفت مفعولی (مَجلود)

جَلَّدَ. الکتابَ: جلد باندھنا الجزور: کھال اُتارنا۔

جَالَدَہٗ. بالسیف: تلوار سے مارنا۔

اَجلَدَہٗ. الیہ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔

تَجَلَّدَ: صبر واستقلال ظاہر کرنا۔

تَجالَدُوا واجتَلَدُوا. بالسیوف: تلوار سے مارنا۔ اِجتَلَدَ الاناءَ: سارا پی جانا۔

الجَلذ. س۔ مضبوط۔ قوی۔ ج اجلاد. مؤنث جَلدَة. وَاَجْلادُ الانسان و (تجالیده) جسم واعضاء تم کہتے ہو "ما اشبه اجلادُ فلان با جلادابیه" فلاں کے اعضاء اس کے باپ کے اعضاء سے کس قدر مشابہ ہیں۔

الجَلَد. س۔ آسمان یا نیلا گنبد۔ کھال (والجَلَدَة) سخت زمین۔

الجلد کھال۔ ج اَجْلاد وجُلُود و (الجلدَة) کھال کا ٹکڑا یا کھال کی قسم۔ ج جِلَدٌ. کہا جاتا ہے "هم من جِلدَتِنا" وہ لوگ اپنے ہی مشابہ ہیں۔

الجَلِیْد: قوت والا۔ صابر۔ چالاک۔ ج جُلَداء وجِلاد وجلد. الجَلِیْد: پالا۔

الجِلاد: بڑے بڑے سخت کھجور کے درخت۔ بہت دودھ والی اُونٹنیاں۔

الجَلّاد: کوڑے سے مارنے والا۔ تلوار سے مارنے والا۔ سزا دینے والا۔ کھال بیچنے والا۔

المِجْلد والمِجْلاد: چمڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے منہ پر مارا کرتی ہے۔ کوڑا۔ ج مَجَالد و مَجَالِیْد.

المِجْلَدَة: کوڑا۔

اعظمٌ (مُجَلّد) صرف کھال لگی ہڈی۔

فرس مجلّد: کوڑا مارنے سے نہ چونکنے والا گھوڑا۔

اِجْلَوَّذَ اِجْلِوَّاذًا: تیز جانا۔ اللیلُ: لمبی ہونا یا ختم ہونا۔ بهم السیرُ: تیزی کے ساتھ چلنا المطرُ: زمانہ بارش کے اختتام کے بعد تک برستا رہنا۔

الجُلَذ: چھچھوندر۔ ج مناجذ. من غیر لفظها.

الجُلَذِیّ والجُلاذِیّ: گرجا کا خادم۔ راہب۔ کاریگر۔ ج جَلاذِیّ. الجُلذیَ و الجلَوْذ: قوی موٹا اونٹ۔

جَلَزَ (ض) جَلْزًا. الراسَ: پٹی باندھنا الشیء الی الشیء: ملانا (وجَلَّزَ) السکین: دستہ باندھنا۔ وجَلَز الرَجُلُ: تیز جانا۔

تَجَلَّزَ. الامر: آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا۔

جَلْوَزَ. بین یدی الامیر: امیر کے سامنے آنے جانے میں چستی دکھلانا۔

جَلَزُ. السنان: بھالے کے نیچے کا گول حلقہ۔

الجِلاز: کوڑے کے کنارے پر بندھا ہوا تسمہ۔ ج جَلائِز.

الجَلْوَزَة: آمدورفت میں چستی۔

الجِلْوَاز: سپاہی۔ بادشاہ کے سامنے تیز تیز چلنے والا۔ ج جَلاوِزَة.

الجِلَّوْز: بڑے جسم والا بہادر۔ چلغوزہ۔

المَجْلُوْز: مضبوط۔ کہا جاتا ہے "فلان مجلوز العمل" فلاں کام میں مشاق ہے۔

جَلَسَ (ض) جُلُوْسًا ومَجْلَسًا: بیٹھنا۔ صفت جالس ج جُلوس و جُلّاس.

جَالَسَهُ مُجَالَسَةً: ساتھ بیٹھنا۔

جَلَّسَهُ واَجْلَسَهُ: بٹھانا۔

تجَالَسُوْا. فی المحاکم: عدالتوں میں بیٹھنا اور بحث کرنا۔

اِسْتَجْلَسَه: بیٹھنے کو کہنا۔

الجَلْسَة: الجلوس کا اسم مرة. ایک بیٹھک۔

الجِلْسَة: بیٹھنے والے کی ہیئت۔

الجَلْس: بڑی اور سخت چٹان۔ بلند زمین

جَملٌ جَلْس: مضبوط اُونٹ۔ ناقة جَلْس: مضبوط اُونٹنی۔ شهد جَلْسٌ: گاڑھا شہد۔

الجَلِیْس. ج جُلَساء و جُلّاس. (الجلس والجلّیس) ہم نشین۔

الجُلَسَة: بہت بیٹھنے والا۔

المَجْلِس: بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھنے والے لوگ کچہری۔

مَجْلِسُ النُوّاب: پارلیمنٹ۔ مجلس الشوریٰ: مشورہ کمیٹی۔ مَجْلِس الشُیُوخ: ایوان بالا۔ اَلمَجْلِس البَلَدِی: کارپوریشن کمیٹی

المَجْلَسَة: بیٹھنے کی جگہ۔

جَلَطَ (ض) جَلْطًا: قسم کھانا اور جھوٹ بولنا الراسَ: مونڈنا السیفَ: سونتنا

الجلدَ: کھال اُتارنا۔ بسلحه: بیٹ کرنا۔

اِنْجَلَطَ. البعیرُ: تیز چلنا الشیُّ: پرانا ہونا۔ گھس ہونا۔

جَالَطَه: باہم مکر کرنا۔

اِجتَلَطَه: اُچک لینا ما فی الاناء: سب پی جانا۔

الجُلْطَة: خون بستہ یا دہی کی تھوڑی مقدار۔

امرأة (جَلْوْط) بے حیا عورت۔

جَلِعَ (س) جَلَعًا: لبوں کے نہ ملنے کی وجہ سے کھلے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت (جَلِع و اَجْلع) مؤنث جَلِعَة جَلْعَاء.

جَلعَت (ف) جُلُوْعًا. المرأةُ: بے حیا ہونا۔ صفت (جَالِع وجَالِعَة)

جَالَعَ. القومُ: جھگڑا کرنا۔ فحش باتیں کرنا۔

اِنْجَلَعَ. الشیُّ: کھلنا۔

الجَالِع: کھلے ہوئے چہرے والی عورت بے حیا۔

الجَلَعَة: ہنسنے کے وقت دانت کھلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لَطِیْفُ الجَلَعَة"

الجَلْعَم: بے حیا۔

اِجْلَعَبَّ واِجْلَعَدَّ: بستر پر دراز ہو جانا۔

الجَلْعَد: سخت و مضبوط۔

الجُلاعِد. مِنَ الابل: مضبوط اُونٹ۔ ج جَلاعِد.

جَلَعَه (ف) جَلْعًا. بالسیف: ٹکڑے کر دینا۔

جَالَعَ: تلوار سے مقابلہ کرنا۔

جَلَفَه (ن) جَلْفًا: کھرچنا۔ کہا جاتا ہے "جَلَفَ الطِیْنَ عن الحجر" اس نے مٹی کو پتھر سے کھرچ دیا۔ الظُفر: جڑ سے اُکھیڑنا ہ بالسیف: گوشت میں سے ٹکڑا کاٹ لینا الدهرُ: تباہ کر دینا۔

جَلِفَ (س) جَلَفًا وجَلافَةً: اُجڈ ہونا۔

جَلَّفَ. الویلُ اموالَهُمْ: تباہ کرنا۔

تَجَلَّفَ: لاغر و کمزور ہونا۔

اِجْتَلَفَهُ: جڑ سے اُکھیڑنا۔ الدهرُ: تباہ کرنا۔

الجِلف: اکھڑ اور اجڈ۔ بیوقوف۔ خالی مٹکا۔

برتن۔ بغیر سر کے دھڑ۔ روٹی کا کنارہ۔ ج اَجلاف و جُلوف.
الجَلِیف: بکھرا ہوا۔ اکھڑ اور اجڈ۔ ظالم۔ مؤنث جَلِیفَة کہا جاتا ہے "اَصابَتهُم جَلِیفَة عظمیة" ان کو سخت قحط سالی لاحق ہوئی جس نے اُن کے مال کو تباہ کر دیا۔ ج جَلائِف و جُلُف و جُلف. الجَلائِف: طغیانیاں۔
الجُلفَة: چمڑے وغیرہ کا تراشہ۔
الجِلفَة: خشک روٹی کا ٹکڑا۔ ج جِلَف
الجُلفَة و الجَلفَة. من القلم: زبانِ قلم۔
الجُلاف: گارا۔ کیچڑ۔
الجَلافِیّ: بڑا ڈول۔
المُجَلِّف: وہ شخص جس کا مال قحط سالی میں تباہ ہوا ہو۔ وہ چیز جس کا کچھ حصہ باقی ہو۔
جَلفَط و جَلفَظ. السفِینَة: کشتی کے درز بند کرنا۔ عوام قَلفَط استعمال کرتے ہیں۔
الجِلفاط و الجِلفاظ: کشتی کے درز بند کرنے والا۔
جَلَق (ض) جَلقا. الرأسَ: مونڈنا القوم بالمنجنیق: آلۂ سنگ انداز سے دشمن پر حملہ کرنا۔
تَجَلَّق: ہنسنے میں دانت نکالنا۔
الجُلاقَة: گوشت کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رجل جلاقة" وبلا مرد۔
الجُوالِق و الجَوالِق: اُون یا بالوں کی گون۔ ج جَوالِیْق. (معرب)
جِلَّق و جِلِق: دمشق یا اس کے حوالی کے مرغزار۔
الجِلکی و الجُلکی: ایک قسم کی مچھلی مار ماہی کے مشابہ۔
جَلَمَهٗ (ض) جَلمًا و اجتَلَمَهٗ: کاٹنا۔
الصوف: کترنا الجزورَ: ہڈیوں پر سے گوشت اُتارنا۔
الجَلَم و الجَلَمان: اُون کترنے کی قینچی جَلَمان پر تثنیہ اور مفرد دونوں کا اعراب آتا ہے۔ جیسے شَرَیتُ الجَلَمَین وشریت الجَلَمانَ.

الجَلَم: بکرا۔ بکری کا بچہ۔ ج جِلام.
الجَلَم: ایک قسم کا شکاری پرندہ۔
الجَلَمَة و الجُلمَة و الجَلَمَة: سب ز پوری چیز۔ تم کہتے ہو "اخذت الشيء بجَلمته" میں نے پوری چیز لے لی۔ "وهذه جَلمةُ الجزور" یہ ذبح کیے ہوئے جانور کا سارا گوشت ہے۔
الجُلامَة: کتری ہوئی اُون۔
الجَیلَم: چودھویں رات کا چاند۔
الجُلمُد و الجُلمُود: اونٹوں کا بڑا گلہ۔
جَلمَق. القوس: کمان پر تانت چڑھانا۔
الجلماق: پٹھا جس سے تانت بنائی جاتی ہے۔
الجَلمَق: قباچ جلامِق.
الجُلنار: گل انار۔
الجَلَنجَبِین: گل قند۔
جَلَهَ (ف) جَلهًا. الشَّیَٔ: ظاہر کرنا۔ دُور کرنا المرءَ: باز رکھنا العِمامَة: پیشانی سے بلند کرنا۔
جَلِهَ (س) جَلَهًا: سر کے اگلے حصہ کے بال کا اُڑ جانا۔ صفت (اَجلَه)
الجَلهَة. من الوادی: وادی کا کنارہ۔ وادی کے سامنے والی جہت۔ ج جِلاه.
بیت (مَجلُوه) بغیر دروازہ اور پردہ کے مکان۔
الجُلاهِق: غَلّه گولی۔ اور بقول بعض غلیل (فارسیہ)
جَلا (ن) جَلاءً: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا عن بلده و منه: نکلنا الشیٔ: بلند ہونا۔
جَلا (ن) جَلوًا و جَلاءً. الامرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔ الرجلَ عن بلده: جلاوطن کرنا النحلَ: شہد نکالنے کے لیے دھواں کرنا عنه الهَمَّ: زائل کرنا۔ دُور کرنا السیفَ: صیقل کرنا البَصر بالکحل: روشن کرنا۔
(جلوة بتثلیث الجیم وجلاءً واجتلیٰ) العروسَ علیٰ زوجها: بناؤ سنگار کر کے پیش کرنا۔

جَلا (ن) وَجَلّی. الزوجُ عروسهٗ هدیة: شب زفاف میں ہدیہ دینا۔
جَلِیَ (س) جَلًی: سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا اُڑ جانا۔ صفت (اَجلیٰ) مؤنث جَلواء. الجبهة. جَلواء: کشادہ پیشانی۔
جَلّیٰ. فلانًا وعن فلان الامرَ: کسی کی مصیبت کو دُور کر دینا۔ جَلّیٰ بنظره: نظر ڈالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "جلّی البازی" باز نے سر اٹھا کر شکار کو دیکھا عن ضمیره: مافی الضمیر ظاہر کرنا۔
جالیٰ فلانا بامر: دُوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔ کھلم کھلا کرنا۔
اَجلیٰ عن بلده: نکلنا۔ اَجلاه عن بلده: نکالنا الرجُلُ منزلَه: خوف کی وجہ سے چھوڑ دینا۔ تم کہتے ہو "اَجلَوا عن القتیل" مقتول کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔
تَجلّی تَجلّیًا. الشیُٔ: اچھی طرح ظاہر ہونا لمکان: چڑھنا الشّیَٔ: گردن بلند کر کے دیکھنا۔
تجالیٰ. القومُ: ہر ایک کا حال دوسرے پر ظاہر ہونا۔
انجلیٰ: ظاہر ہونا۔ تم کہتے ہو اِنجَلی الهَمُّ عن قلبی، غم میرے دِل سے دُور ہو گیا۔
اجتلیٰ. الشّیَٔ: دیکھنا العِمامَة: عمامہ کو پیشانی سے بلند کرنا النحل: شہد نکالنے کے لیے دھواں کرنا۔
اِستجلیٰ. الشّیَٔ: ظاہر کرنے کو کہنا العروسُ: آراستہ ہو کر خاوند کے سامنے ظاہر ہونا۔
اِجلَولیٰ اِجلِیلاءً. الرَجُلُ: ایک شہر سے دوسرے شہر کو جانا۔
الجَلا: سر کے بالوں کے گرنے کی ابتداء۔ ایک قسم کا سرمہ۔ ظہور وضوح۔
اِبنُ جَلا: کھلی ہوئی چیز۔ صبح۔ چاند۔
الجَلاء. سر۔ کھلا ہوا معاملہ۔ کہا جاتا ہے۔ "اقمت جلاءَ یومی"، میں نے پورے دن اقامت کی۔

الجلاء: سرمہ۔

الجِلْوة: شبِ زفاف کا ہدیہ جو شوہر دے۔

الجَالِيَة: الجالی کا مؤنث۔ مسافر لوگ جنھوں نے اپنے وطن کو چھوڑ دیا ہو۔ ذمی۔ جزیہ جو ذمیوں سے وصول کیا جائے۔ پھر اس کا استعمال ہر قسم کے خراج پر ہونے لگا۔ ج جوالٍ مفرد جالٍ۔

الجَلِيّ: واضح۔ روشن۔ صیقل کیا ہوا۔ مؤنث جَلِيَّة. عينٌ جَلِيَّةٌ: دیدۂ بینا۔

جَلِيَّة. الامر: کھلا ہوا معاملہ۔ یقینی خبر۔

الَاجلىٰ: روشن۔ واضح۔ نمایاں۔ خوبصورت چہرہ والا۔ وہ شخص جس کے سر کے اگلے بال اُڑ گئے ہوں۔ مؤنث جَلْوَا. جبهة جَلْوَاء" کشادہ پیشانی وسَمَاءٌ جَلْوَاء: آسمان بے ابر۔ تم کہتے ہو۔ "فعلته مِنْ اَجْلاكَ" میں نے اُس کو تمہاری وجہ سے کیا۔

ابن اَجْلىٰ: صبح۔

المَجْلىٰ: سر کا اگلا حصہ جس سے بال گر گئے ہوں۔ ج مَجَالٍ

المَجْلُوُّ: جس کی طرف دیکھا جائے۔

جلی (ض) جَلْيًا. السيفَ: صیقل کرنا۔

جَلىٰ. الامرَ: ظاہر کرنا الفرسُ: میدان میں آگے بڑھنا۔

الجلي: چھت کا روشن دان۔

المُجَلِّي: میدان میں آگے رہنے والا۔

اَلْجَلاَبيز: ایک قسم کا کھانا جو کہ بچھڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔

اَلْجَلْيَانُ: خوابِ یوحنا کا سفر۔

الجلْيان: کشف و اظہار۔

جَمَّ (ن ض) جُمُوْمًا. الماءُ: کثرت سے جمع ہونا العظمُ: زیادہ گوشت والی ہونا۔ البئرُ: زیادہ پانی والا ہونا۔ صفت (جَمُوْم)

الفراقُ: قریب ہونا القومُ: آرام پانا اور زیادہ ہونا۔ (جَمًّا وجَمامًا و جُمَامًا و جِمَامًا. الكيلَ: لبالب بھر کر ناپنا الماءَ: جمع ہونے دینا المِكْيَالَ: چوٹی تک بھرنا۔ (واَجَمَّ واُجِمَّ) الفرس: کوتل چھوڑ دینا۔

جَمَّمَ. المكيالَ: چوٹی تک بھرنا (وتَجَمَّمَ) النبتُ: گنجان ہونا۔ بکثرت بڑھنا۔ صفت (جَمِيْم) ج اَجِمَّاء.

اَجَمَّ. الامرُ: قریب ہونا الفراقُ: وقت آنا الماءَ: جمع ہونے دینا۔ الفرسَ: کوتل چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے۔ "اَجْمِمْ نفسكَ يومًا او يومين" اپنے آپ کو دو ایک روز آرام پہنچاؤ اور کام نہ کرو۔

استَجَمَّ. الماءُ: بکثرت جمع ہونا الارضُ: اُگنا البئرَ: بھر جانے کے لیے چھوڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّي لَاَستَجِم قَلْبِي بشيٌ من اللهو" میں اپنے دِل کو کھیل کود سے بہلاؤں گا۔

الجمّ. س۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوا جَمًّا غفيراً وجَمَّ الغفير وجَمَّ الغَفِيْرة. والَجَمَّ الغَفِيْرة" یعنی پوری جماعت۔ شریف و رذیل سبھی بکثرت آئے۔ الجَمُّ من الماء: پانی کا بڑا حصہ۔ ج جِمَام وجُمُوم.

الجَمام. بتثليث الجيم و(الجَمَم) وہ حصہ جو پیمانے کے بھرنے کے بعد سرے پر ہو۔ کہا جاتا ہے "جَمام القَدْح ماءً" یعنی پانی سے بھرا ہوا پیالہ۔ الجمم: بڑی تعداد۔

الجَمَام: تھکن کے بعد گھوڑے کا آرام لینا۔

الجَمَّة: بہت پانی والا کنواں۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "استقِ من جَمَّة البئر" زیادہ پانی والے کنوئیں سے پانی نکال۔ ج جِمام.

الجَمَّة والجُمَّة: اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "جاؤوا في جمَّة كثيرة" وہ لوگ بڑی تعداد میں آئے۔ والجُمَّة: سر کے بالوں کی کثرت۔ لو سے نیچے تک کے بال۔ ج جُمَم.

الجَمَّام والجَمَّان: لبالب بھرا ہوا پیمانہ۔

الاَجَمّ: بے سینگ والا مینڈھا۔ مؤنث جَمَّاء ج جُمّ
بغیر نیزہ کے لڑنے والا۔ الحصن الاجمّ: بغیر کنگرہ والا قلعہ۔ بنيان الاجمّ: بغیر کنگرہ والی عمارت۔

الجَمَّاء: بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِمْرَأة جَمَّاء العظامِ" بہت فربہ عورت۔ اَرْض جمَّاء: ہموار زمین۔ کہتے ہیں جاءُوْ اجَمَّاء الغفِيْر وجَمَّاءُ الغفِيْرة والجَمَّاء الغفِيْرة وجَمَّاء غَفِيرةً وبجَمَّاء الغفير الجمه" یعنی سب لوگ آئے۔

المَجَمّ والجَمَم: سینہ۔ کہا جاتا ہے "هو رَحْبُ الجَمَمِ" وہ فراخ دل ہے۔

الجَمَّانِي والمُجَمَّم: وہ شخص جس کے سر میں بال بہت ہوں۔

جَمِئَ (س) جَمَأً. عَلَيْه: غضبناک ہونا۔

تَجَمَّأَ. في ثيابه: لپٹنا القومُ: اکٹھا ہونا۔

الجَمأ والجَمَاء: شخص۔

جَمْجَمَ جَمْجَمة وتَجَمْجَم. الكلامَ: غیر واضح گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَجَمْجَم عن الامر: یعنی پیچھے ہٹ گیا۔ "وجَمْجَم شَيئًا في صَدْرِه" اس نے اپنے سینہ میں پوشیدہ رکھا۔

الجُمْجُمة: کھوپڑی۔ لکڑی کا پیالہ۔ کنواں جو زمین شور میں کھودا جائے۔ ج جَمَاجِم.

الجَماجم: سردار لوگ۔

اجَمَحَ (ف) جَمْحًا و جِمَاحًا و جُمُوْحًا. الفرس: سرکشی کرنا۔ سوار کے قابو میں نہ آنا۔ صفت مذکر و مؤنث (جامِح) ج جوامح اور اسی سے ہے "جَمَحَتِ المرأةُ زوجها" جبکہ شوہر کو چھوڑ دے اور اپنے میکہ چلی جائے۔ وجَمَحَ الرَّجُلُ: خود سر ہونا۔ خود رائے ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "جَمَحَتِ المَفَازَةُ بالقوم" بیابان نے قوم کو ہلاک کر دیا و "جَمَحَ بِفُلانٍ مُرادُه" یعنی اس نے اپنی مراد کو نہیں پایا۔

الجُمّاح: جنگ کے شکست خوردہ لوگ۔ بے پھل کا تیر۔ ج جمامح وجماميح.

فرس (جَمُوْح) سرکش گھوڑا۔ رَجُل جَمُوْح: خود سر مرد۔

جَمَخَ (ن) جَمْخًا: تکبر کرنا۔ صفت (جَامِخ) ج جُمَّخ و (جَمُوْخ وجَمِيْخ)

جَامَخَهٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
جَمَدَ (ن) جَمْدًا و جُمُوْدًا. اَلماءُ: جم جانا الدمُ: خشک ہونا جَمَدَتْ يَدَهٗ: بخیل ہونا۔ عَيْنُهٗ: آنسو کا بند ہو جانا۔ صفت (جَماد و جَمُوْدٌ وجَمِيْدٌ) العين مؤنث (جَمُوْد)
اَجْمَدَ: بخیل ہونا۔ بے فیض ہونا۔ ماہ جمادی میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَجْمَدَ حَقَّهٗ عَلَيْهِ" اس نے اپنا حق اس پر ثابت کیا۔
اَجْمَدَهٗ وجَمَّدَهٗ: جمانا۔
جَامَدَهٗ مُجَامَدَةً: پڑوسی ہونا۔ کہا جاتا ہے "هو مجامدى" اس کے گھر کی دیوار میرے گھر سے متصل ہے۔
الجَمَدُ والجَمْدُ: جما ہوا پانی۔ برف (والجُمد والجُمُد) سخت اور بلند زمین۔
الجَمادُ ج جُمُدٌ: زمین۔ سَنَةٌ جَمادٌ: بے بارش کا سال۔ اَرْضٌ جَمادٌ: زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ نَاقَةٌ جَمادٌ: سست رفتار اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ جَمادُ الكَفِّ" فلاں بخیل ہے "والجَمادُ ج جَمَادَاتٌ و (الجَامِد) ج جَوَامِدُ: وہ چیز جس میں زندگی نہ ہو جیسے پتھر وغیرہ والفِعْلُ الجَامِدُ: وہ فعل جس کی گردان نہ آتی ہو۔ جیسے لَيْسَ وعسىٰ و"جَمادِلَه" مبنی بر کسرہ بخیل کے لیے بددعا ہے یعنی ہمیشہ اسی حال پر رہے۔
جُمادىٰ الاولى والآخرة: ہجری سال کا پانچواں و چھٹا مہینہ۔ ج جُمَادَيَات. عين جُمادىٰ: وہ آنکھ جس سے آنسو نکلتے ہی نہ ہوں۔
الجَمَّادُ: برف بیچنے والا۔ سَيْفٌ جَمَّادٌ: شمشیر براں۔
المُجْمِد: بہت بخیل۔ جوے کا امین۔ قوم کا امین۔
جَمَرَ (ض) جَمْرًا و جَمَّرَ واَجْمَرَ واسْتَجْمَرَ. القوم على امرٍ: اکٹھا ہونا۔ جمرهٗ: چنگاری دینا۔ جمر القوم على امر: جمع کرنا۔ جمَّر النخلة: درخت خرما کا جُمَّار کاٹنا (دیکھو جُمَّارُ) اللحم: انگارے پر رکھنا الامرُ القومَ: اکٹھے ہونے پر مجبور کرنا المرأة شعرها: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔
اَجْمَرَ: تیز چلنا۔ اور اسی سے ہے "اَجْمَرَ بَيْنَ يَدَيْهِ" وہ اس کے سامنے تیز چلا الثوبَ: دھونی دینا النارَ: تیار کرنا۔ الامرُ القومَ: کسی امر کا عام ہونا۔ المرأة: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔
تَجَمَّرَ. الجيشُ: دشمن کے ملک میں گھر جانا اور نہ لوٹنا۔ بالمِجمرة: دھونی دینا۔ القبائل: اکٹھا ہونا۔
اِجْتَمر واستجمر. بالمِجْمرةِ: دھونی دینا۔
الجَمْرة. الجمر کا واحد۔ انگارہ۔ کنکری۔ تمام وہ لوگ جو آپس میں بالکل متحد ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان جمرة" فلان کی اولاد متحد ہے۔
الجَمار: جماعت۔ متفق لوگ۔
جمارىً وجمارىٰ بالتنوين وبدونه: بمعنی کل۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ جمارىٰ" سب لوگ آئے۔ جاء القومُ (جُمارًا) سب لوگ آئے۔
الجُمَّار والجَامُور: درخت خرما کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے۔
الجَمِير: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اِبْنُ جَمِيْر: تاریک رات۔ جَمِيْر الشَعْر: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔ الجَمِيْرَة: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔
المِجْمَرةُ والمِجْمَرُ: انگیٹھی۔ عود سوز۔ ج مَجَامِر.
حافر. (مُجمِر و مُجْمَر) سخت کھر۔
جَمَزَ (ض) جَمْزًا: تیز دوڑنا۔ صفت (جَمَّاز) جمزهٗ: ٹھٹھا کرنا۔
الجَمَزىٰ: تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "يَعْدُو الجمزىٰ" وہ تیز دوڑتا ہے۔ "حِمارٌ جَمَزىٰ" تیز رفتار گدھا۔
الجُمْزة: پھلی جس میں دانہ ہوتا ہے۔
الجُمَّيز والجُمَّيزىٰ: گولر کا درخت۔
جَمُسَ وجَمَسَ (ک ن) جموسًا. السمنُ: جم جانا۔
الجَامِسُ. فا. نَبَاتٌ جامِسٌ: پژمردہ گھاس۔ دم (جَمِيْس) خشک خون۔
الجَمَسْتُ: ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
الجَامُوْس: بھینس۔ ج جواميس.
جَمَشَ (ن ض) جَمْشًا. الراسَ: مونڈنا اور اسی سے ہے مکان (جميش) نباتات سے خالی جگہ۔ جَمَشَ الناقة: انگلیوں سے دوہنا۔
جَمَّشَهٗ مُحبّت سے چٹکی لینا۔ پیار و محبت کا کھیل کھیلنا۔
الجَمْشُ. مص. آہستہ آواز۔
الجَمُوْش والجَمِيْش: بال صاف کرنے کی مرکب دوا۔
جَمَعَ (ف) جَمْعًا. المتفرق: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُمِعَت الجُمعة" جمعہ کی نماز قائم کی گئی۔
جَمَّعَ: جمع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) المسلمُ جمعہ کی نماز میں حاضر ہونا۔
جَامَعَهٗ جَامَعَةً و جِمَاعًا. علىٰ كَذَا: اتفاق کرنا۔ موافقت کرنا۔ جَامَعَهَا: ہم بستری کرنا۔
اَجْمَعَ. القومُ علىٰ كذا: اتفاق کرنا ما كان متفرقًا: اکٹھا کرنا۔ الامرَ وعلى الامر: پختہ ارادہ کرنا الابلَ: اکٹھے ہانکنا۔
اِجْتَمعَ الغلامُ: جوان و قوی ہونا۔ (اس کا استعمال عورتوں کے لیے نہیں ہے (وتجمّع) القومُ: اکٹھا ہونا الشَّیُ المتفرق: متفرق چیز کا اکٹھا ہو جانا۔
اِنْجَمَعَ. الشيء: اکٹھا ہونا۔
اِسْتَجْمَعَ. له الامرُ: منشا کے مطابق ہونا۔ القومُ: سب کا چلا جانا۔ البقلُ: خشک ہونا الفرسُ جَرْيًا: پوری طاقت سے دوڑنا۔
الجَمْعُ. مص. لوگوں کی جماعت۔ ج

جُمُوع. یَوْم الجَمْع: قیامت کا دن۔

جمع. الکف: مٹھی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُه بجُمْعِ کَفِّی" میں نے اس کو گھونسے سے مارا۔ مٹھی بھر چیز۔ ج اجماع۔

الجُمُعَة: ہفتہ۔ کہتے ہیں "استأجر الاجیرَ مُجَامَعَةً" اس نے مزدور کو ہفتہ واری پر رکھا۔ اجتماع۔ دوستی۔ جُمْعًا مِنْ تمر: مٹھی بھر کھجور۔ (والجُمُعَة) ہفتہ کا ساتواں دن ج جُمَعٌ و جُمُعَات۔

الجَمَاعَة: آدمیوں کا گروہ۔ ج جماعات

الجَماعات والجماعات: چنگی وغیرہ کا رجسٹر۔

الجِمَاع. جماع الشیء: کسی چیز کی جمع۔ کہا جاتا ہے "جماع الخِباءِ الاَخبیة" خباء کی جمع اَخبیَة ہے۔ "والخمر جماع الاثم" شراب ہر قسم کے گناہوں کا جامع ہے۔ قِدرٌ جماع: بڑی ہانڈی، بڑی دیگ۔

الجَامِع. فا. جامع مَسجد. ج جوامع (الکلام الجامع) کلام جس کے الفاظ کم اور معنی بہت ہوں۔ ج جَوامِع۔

الجامع: لیوم روز جمعہ۔ قِدرٌ جَامِعٌ: دیگ۔

اَبُو جَامِع: دسترخوان کی کنیت۔

الجامِعة. الجامع کا مؤنث۔ تعلق۔ طوق۔

قدر جامعة: بڑی دیگ۔

اَلْجامِعَة: یونیورسٹی جو کہ اپنے ماتحت کئی ذیلی ادارے رکھتی ہے جن میں علوم و فنون پڑھائے جاتے ہیں۔

اَلْجَمِیْع: لوگوں کی جماعت۔ جمع شدہ۔ لشکر۔ اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "جاؤوا جمیعهم" سب لوگ آئے۔ اور کہا جاتا ہے "رأیٌ جمیعٌ" ٹھیک رائے۔

الجَمِیعَة: اجتماع۔ ج جمائع۔

اَلْجَامِعَة: کتاب مقدس کے اسفار میں سے ایک۔

اَجْمَع: الفاظ تاکید میں سے ہے۔ اس لفظ سے ہر اس چیز کی تاکید لاتے ہیں جس کا افتراق حسی یا حکمی طور پر جائز ہو۔ کہا جاتا ہے "جاؤا اجمعهم وباجمعهم" سب لوگ آئے۔ مؤنث جمعاء ج اجمعون۔

المجتمَع. فا: کہا جاتا ہے "رجلٌ مجتمعٌ" جوان "ومشی مجتمعًا" ہاتھ پیر ہلاتے ہوئے وہ تیز تیز چلا۔

المَجْمَع: جمع کرنے یا جمع ہونے کی جگہ۔ اکیڈمی۔ کہا جاتا ہے "اخذت محبته بمجامع قلبی" اس کی محبت میرے دل پر چھا گئی۔

ارض (مَجْمَعة ومُجمعه ومُجَمِّعة) وہ زمین جس میں قافلہ اکٹھا ہو جائے اور بھٹکنے کے خوف سے علیحدہ نہ ہو۔

اَلْمَجْمَع. وہ تالیف جس کو علما نصاریٰ نے دینی امور کے لئے منظور کیا۔

اَلْمَجْمَعُ العِلمی: علمی، ادبی اور فنی جماعت جس کو اکیڈمی کے نام سے موسوم کر لیتے ہیں۔

امرٌ (مُجْمَعٌ) قطعی معاملہ۔

المَجْمُوع. مفع: ہر کتاب جس میں مختلف چیزیں جمع کی گئی ہوں۔ جیسے اشعار قصص وغیرہ۔ ج مجامیع اور نحویوں کے نزدیک جمع پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

اَلْجَماعِیَّة: اجتماعی نظریہ جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ قومی مشکلات کا حل یہ ہے کہ آمدن کے تمام وسائل قوم کے درمیان مشترکہ ہوں۔ (فارسی)

الجَامِكِیَة. ج جامكیات و (الجَوْمك) ج جوامك: شاہی نوکروں فوجیوں کی تنخواہ۔

جمل (ن) جَمْلًا. الشیء: جمع کرنا (واجتمل) الشحمَ: پگھلانا۔

جَمُل (ک) جَمالًا: خوبصورت ہونا۔ خوش خلق ہونا۔ صفت (جمیل) مؤنث (جمیلة)

جَمَّلَهُ: خوبصورت بنانا۔ جَمَّل الشحم: پگھلانا۔ الجیشَ: دیر تک روکے رکھنا۔

جَامَلَه: اچھا معاملہ کرنا۔ تواضع سمرقندی کرنا۔

اَجْمَل الشَّیَٔ: جمع کرنا یا مجملًا ذکر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اجمل الحساب والکلام ثم فصّله وبیّنه" اس نے حساب اور کلام کو مجملًا کہا پھر اس کی تفصیل کی۔ الشیءَ: خوبصورت بنانا۔ زیادہ کرنا۔ الشحمَ: پگھلانا۔ فی العمل: عمدگی سے کام کرنا۔ فی الطلب: تلاش میں اعتدال اختیار کرنا۔ القومُ: لوگوں کے پاس اونٹوں کی کثرت ہونا۔

تَجَمَّلَ: آراستہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ مصائب زمانہ پر صبر کرنا اور ذلت ظاہر نہ ہونے دینا۔ حیاء کی وجہ سے مصیبت میں پگھلی ہوئی چربی کھانا۔ فی الکلام: لطف و مہربانی سے باتیں کرنا۔

اِسْتَجْمَل. البعیرُ: اُونٹ کا جوان ہونا۔ الشیءَ: خوبصورت سمجھنا۔

الجَمَل: اُونٹ۔ ج جمال و اَجْمال وجُمْل وجمالة. بتثلیث الجیم و جج جمالات. بتثلیث الجیم وجمائل اور جمل کا اطلاق اونٹ اور اونٹنی پر شاذ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "شربت لبن جملی" میں نے اپنی اونٹنی کا دودھ پیا۔ جمل الیهود: گرگٹ۔ جمل الماء: ایک آبی پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔ جمل البحر: ویل مچھلی۔ کہا جاتا ہے "اتخذ اللیلَ جملًا" وہ ساری رات چلا۔

الجَمَل والجُمُل والجُمَل والجُمْل والجُمَالة: موٹی رسی۔

الجُمَّل: حساب حروف ابجد کا حساب جو تاریخ ولادت یا وفات وغیرہ نکالنے میں کام آتا ہے اور اس کو حساب الابجدیہ بھی کہتے ہیں۔

الجامل (فا) اونٹوں کا ریوڑ مع چرواہوں کے۔ اونٹوں کا مالک۔

الجَمَّال: اونٹوں کا مالک یا ساربان ج جَمَّالَة۔

الجُمَّال: خوبصورت۔ یا زیادہ خوبصورت۔

الجَمال (س) خوبصورتی۔ کہتے ہیں "جمالك ان لا تفعل كذا" تمہارے لیے مناسب ہے تم ایسا نہ کرو۔

الجُمْلَة. مجموعة: جو مسند اور مسند الیہ

سے مرکب ہو۔ ج جُمَل.
الجُمَل: لوگوں کی جماعت۔
الجَمِیْل: احسان۔ نیکی۔ پگھلی ہوئی چربی۔
الجَمْلاءُ: خوبصورت عورت (اس لفظ کے لیے اَفْعَل کا صیغہ نہیں (جیسے دِیْمَة هَطْلاءُ میں اَهْطَل کا صیغہ نہیں)
الجُمَان: موتی۔ واحد جُمانة.
اَلْجِمْنَاسْتِیْك: ہر قسم کی جسمانی ورزش جو کہ جسم کو طاقت ور بنادے۔
ذَوَاتُ الْجَنَاحَیْن: کیڑوں کی اقسام۔
ان میں سے ایک پروں کی سیدھی بناوٹ والے اور دوسرے ٹیڑھی بناوٹ والے۔ سیدھے پروں والے ان کے پر آرام کے وقت قریب قریب ہوجاتے ہیں۔ ان میں سے کچھ کے پاؤں ہوتے ہیں جن کے ذریعے دوڑ سکتے ہیں۔ جیسے مکڑی۔
کچھ ان میں س ے چھپے ہوئے پروں والے ہوتے ہیں رات کے بعد صبح کو اڑنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ کچھ حشرات چار پروں والے ہوتے ہیں۔
جَمْهَرَ جَمْهَرَةً. الشیء: جمع کرنا۔ اکثر حصہ لینا عَلَیْهِ الخبر: تھوڑی سے خبر دینا اور مُراد کو چھپا لینا (وتَجَمْهَر) القومُ: اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَجَمْهَر عَلَیْنَا" اس نے ہمارے اُوپر دست درازی کی اور حقارت کی۔
الجُمْهُوْر: ریت کا تودہ۔ قوم کے بڑے اور اشراف لوگ۔ قوم کی جماعت۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ج جَمَاهِیْر.
الجُمْهُوْرِیُّ: جمہور کی جانب منسوب نشہ آور شراب۔
الجُمْهُوْرِیَّة: ریپبلک۔ وہ سلطنت یا قوم جو اپنا صدر ایک معین مدت کے لیے بناتی ہے۔
المُجَمْهَرات: زمانہء جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے سات قصیدے جن کا مرتبہ سبع معلقات کے بعد ہے۔
الجَمَا والجُما: ابھرا ہوا پتھر۔ جسم کا ابھرا ہوا حصہ جیسے پستان۔

جَمَی (ض) جَمْیًا. الماءُ: بہت ہونا۔
تَجَمَّیَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔
جَمَاءُ وجُمَاء وجَمَاءَة. الشیء: چیز کی دبازت۔
جَنَّ (ن) جَنًّا وجُنُوْنًا: دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ صفت (مَجْنُون) ج مَجَانِین عنه: چھپنا الارضَ: پھول اُگانا۔ النبتُ: لمبا ہونا اور گھ جانا: الذُّبابُ: بہت بھنبھنانا۔ کہا جاتا ہے "جُنَّ الذُّبَابُ بالروضِ" ہریالی کو دیکھ کر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں۔
اَجَنَّ. عنه: چھپنا۔ اَجَنَّه اللّیلُ: چھپانا۔ ڈھانپ لینا۔ اَجَنَّ المَیّتَ: کفن دینا، دفن کرنا۔ (اَجَنَّه وجَنَّنَه) دیوانہ بنادینا۔
تَجَنَّنَ واِسْتَجَنَّ: دیوانہ ہونا۔
تَجَانَّ وتَجَانَنَ: بتکلف دیوانہ بننا۔
اِجْتَنَّ. الشَّیءَ: چھپانا (واِسْتَجَنَّ) چھپنا۔ واِسْتَجَنَّ فُلَانًا: کسی کو طرب کی طرف بلانا۔ (مَا اَجَنَّه) وہ کتنا مجنوں ہے فعل تعجب ہے اور شاذ ہے اس لیے کہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعلی معنی میں ہوتا ہے۔
الجِنَّة والجِنُّ من الشباب: آغاز جوانی من النَبت: کلی۔ پھول۔ جِنُّ اللیل: رات کی تاریکی۔ جِنُّ الناس: لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "لاجِنَّ بهٰذا الامر" یعنی اس معاملہ میں کوئی پوشیدگی نہیں۔
الجانُّ (فا) جِنّ کا اسم جمع۔ ج جِنَّان.
الجان: ایک قسم کا سفید سانپ۔
الجَنَّة: باغ بہشت۔ ج جِنان و جَنَّات.
الجُنَّة: پردہ ج جُنَن (والمِجَنَّ والمِجَنَّة) ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ ڈھال۔ ج مَجَانّ اور کہتے ہیں "قَلَبَ مَجنّه" یعنی وہ بے حیا و خود رائے ہوگیا۔ "وقَلَبَ له ظهر المِجَنّ" یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا۔
الجَنَن: قبر میت۔ کفن۔ ج اَجْنَان.
الجُنَان والجُنَانَة: ڈھال۔
الجَنَان: دل۔ رات یا اس کی شدتِ تاریکی۔

پوشیدہ معاملہ من کل شیء: ہر چیز کا جوف۔ ج اَجْنَان.
الجُنُوْن والجُنَن والجِنَّة: دیوانگی۔
الجَنِیْن: ہر پوشیدہ چیز۔ قبر. مدفون. بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو۔ ج اَجِنَّة واَجْنُن.
المَجَنَّة: جنوں والی زمین۔ دیوانگی۔ کہا جاتا ہے "به مَجَنَّة" وہ دیوانہ ہے۔ چھپنے کی جگہ۔
جَنِئَ (س) جَنَأً: کبڑا ہونا۔ صفت (اَجْنَأ) مؤنث جَنْئَاءُ)
جَنَأَ (ف) جُنُوءًا واَجْنَأ اِجْنَاءً وجَانَأَ مُجَانَأَةً واجْتَنَأَ وتَجَانَأَ تَجَانَئُوا عَلَیْهِ: کسی کو مار سے بچانے کے لیے اس پر چھا جانا۔
جَنَبَه (ن) جَنْبًا: دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔ پہلو پر مارنا۔ تم کہتے ہو "ضربه فَجَنَبَهُ" اس نے اسے مارا اور پہلو پر مارا وجَنَبَهُ الشَّیءَ: کسی سے کوئی چیز دُور کرنا (جَنْبًا ومَجْنَبًا) البعیرَ: کوتل ہانکنا۔ صفت مفعولی (جَنِیْبٌ ومُجَنَّبٌ ومجنُوْبٌ) مؤنث جَنِیْبَة. کہا جاتا ہے "فرس جَنِیب وخیل جنائب (جُنوبًا) الریحُ: جنوبی ہوا چلنا۔
جَنَبَ (ن) جَنْبًا و جَنِبَ (س) جَنَبًا. الیه: مائل ہونا۔ مشتاق مضطرب ہونا۔
جَنُبَ، (ن س ض) جَنَابَةً الرَجُلُ: ناپاک ہونا۔
جُنِبَ: پہلو میں درد والا ہونا۔ نمونیا لاحق ہونا صفت (مَجْنُوب). واَجْنَبَ واُجْنِبَ القومُ: جنوبی ہوا لگنا۔
جَنَّبَ وتَجَنَّبَهُ وتَجَانَبَهُ واِجْتَنَبَهُ: دُور ہونا۔ جَنَّبَهُ الشیء: کسی سے کوئی چیز دُور کرنا۔
جانَبَهُ: پہلو میں چلنا۔ اَجْنَبَهُ: دُور کرنا۔
اَجْنَبَ، الرَجُلُ: دُور ہونا۔
اِسْتَجْنَبَ: ناپاک ہونا۔
الجَنْب ج اَجْنَاب و جُنُوب: پہلو۔ جہت۔ جانب۔ تم کہتے ہو "قَعَدت الی جَنْبِ. فلان والی جانبه وجَنَابه" میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب میں بیٹھا۔

جارُ الجنب: ہمسایہ جو پہلو ہی میں ہو۔
ذات الجَنب: نمونیہ۔
الجَنب. : س۔ کچھ لنگڑاپن۔
الجُنُب: غیر فرماں بردار۔ اجنبی۔ مسافر، دور۔ ناپاک (واحد تثنیہ جمع مذکر و مونث سب کے لیے مستعمل ہے) الجار الجُنب: ہمسایہ جو غیر قوم کا ہو)
الجَنِب: گوشہ نشین۔ اجنبی۔ مسافر۔ بھیڑیا
رجلٌ جَنِبٌ: مہمانوں کے ڈر سے راستہ میں کترا کر چلنے والا۔
الجَنْبَة: گوشہ نشینی۔ جانب۔ الجَنْبَة من النبات: ہر وہ جو درخت سے چھوٹا اور بیل سے بڑا ہو ج جُنَب. جَنْبَتا الانف و جَنبتاه وجَنابَتاه: ناک کے دونوں طرف۔
الجُنبَة: وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
الجَانِب. فا. غیر فرمانبردار۔ مسافر۔ گھوڑا جس کے دونوں قدم کا فاصلہ دور ہو ج جُنَّاب. انسان کا پہلو۔ گوشہ۔ جانب۔ ج جوانب. کہا جاتا ہے "ھو لَیِّن الجَانِب" وہ معیشت کے لحاظ سے نرم ہے۔ "ھُوَ رقیقُ الجَانِبِ" وہ لطیف ہے۔
الجَناب: صحن۔ گوشہ۔ قوم کے محلہ سے جو قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَخصبَ جَناب القوم" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔ و "فُلان خصیبُ الجناب اَوْ جَدِیْبُه" فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ ہے۔ ج اَجْنِبَة.
الجِناب: جَانَبَ کا مصدر۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ طول الجِناب" آسانی سے تابع ہونے والا گھوڑا۔
الجُناب: نمونیہ کی بیماری۔
الجَنُوب: دکھن۔ دکھنی ہوا۔ ج جَنائب.
الجَنِیب: نمونیہ کی بیماری میں مبتلا۔ فرمانبردار۔ ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
الجَنِیبَة: کوتل گھوڑا۔
الجَنَّاب: پہلو میں چلنے والا ساتھی۔
الاَجْنَب. ج جَانِب: غیر فرمانبردار۔ (الاَجْنَبُ والاَجْنَبِیُّ) مسافر۔

المُجْنَب: بہت خیر ہو یا شر۔ کہا جاتا ہے "اِنّ عندنا خیرًا مَجنباً وشراً مَجْنَبًا" ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہتر شر ہے۔
المِجْنَب: پردہ۔ ڈھال۔
المُجَنِّبَة: فوج کا ہراول۔
المُجَنِّبَتان مِن الجیش: فوج کا میمنہ و میسرہ۔
تَجَنَّث. الرَجُلُ: غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا عَلَیْه: محبت کرنا۔ مہربانی کرنا الطائرُ: پر پھیلا کر بیٹھنا۔
الجُنْثِی: عمدہ لوہا۔ تلوار۔ ج جُنْثِیَّة: زرہ ساز۔
جَنَح (ف ن ض) جُنُوحًا. الیه: مائل ہو السفینةُ: کم پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جا اللیلُ: آنا (ض) جَنْحًا الطائرُ: بازو پر مارنا۔
جَنَّحَهُ: بازو بنانا و جانَ: گناہ کی نسبت کرنا۔
اَجْنَح و اِجْتَنَح واسْتَجْنَح -الیه: مائل ہونا۔ جھکنا۔
اَجْنَحَهُ واسْتَجْنَحَهُ: جھکانا۔
تَجَنَّح واجْتَنَح: ایک پہلو پر جھکنا۔
الجِنْح: جانب۔ پناہ۔ کنارہ۔
الجِنح و الجُنح - من اللیل: رات کا ایک حصہ جِنح الطریق: راستہ کا کنارہ۔
الجَناح: پرندے کا بازو من الانسان: ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو۔ پناہ۔ اور اسی سے ہے "انا فی جناح فلان" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ کنارہ۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْنُح واَجْنِحَة کہتے ہیں "رَکِبُوا جَناحی الطائر" لوگ اپنے وطن سے جدا ہو گئے و "رَکِبَ جَنَاحی النَّعامَة" اس نے معاملہ میں کوشش کی اور جلدی کی" و ھو مَقْصُوصُ الجَناحِ" وہ عاجز ہے۔
الجُناح: گناہ۔ اور اسی سے ہے "لا جُناحَ عَلَیْكَ" تمہارا کوئی گناہ نہیں۔ چیز کا ایک حصہ۔
الجَانِح: فا. جانب - ج جوانح

الجَوانح: پسلیاں - واحد الجانِحة)
جَنَّدَ -الجنودَ: فوج جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُنُودٌ مُجَنَّدَة" جمع شدہ لشکر
تَجَنَّدَ: فوجی سپاہی بننا۔ فوج تیار کرنا للامر: فارغ ہونا۔
الجُنْد: لشکر۔ ج اَجْناد وجُنُودْ واحد (جُنْدِی) الجُنْد: شہر۔ ج اَجْنَاد. الشّام: دمشق، حمص، قنسرین، اُردن اور فلسطین۔
الجَنَد: سخت زمین۔ پتھر جو مٹی کے مشابہ ہو۔
الجَنْدار: باڈی گارڈ۔ محافظ فوج۔ ج جَنادِرَة (جدید)
جَنْدَرَ -الکتاب: مٹے ہوئے پر قلم پھیر کر روشن کرنا۔
الجُنْدُب والجُنْدَب: ایک قسم کی ٹڈی۔ عوام اسے جُقُّوط کہتے ہیں۔ ج جَنادِب—
جَنْدَلَهُ: پچھاڑنا۔
الجَنْدَل: بڑی چٹان۔ واحد جَنْدَلَة ج جَنادِل.
جَنَزَهُ (ض) جَنْزًا: چھپانا۔ جمع کرنا۔
جُنِزَ: مرنا اور تابوت میں رکھا جانا۔
جَنَّزَ -المیِّتَ: تابوت میں رکھنا۔
الجَنْز: مٹی کا چھوٹا سا گھر۔
الجَنازَة والجِنازَة: میت۔ میت کا تابوت۔ میت کے دفن میں جانے والے۔ مجلس ماتم۔ شراب کی مشک۔ ج جَنائِز.
الجَنائِزِی: مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا۔
الجِنْزار والجِنْزِیر: تانبے کا زنگار۔ (جدید)
الجَنْزِیر: زنجیر۔
جَنَسَ (ن) جَنْسًا -التمرُ: بالکل پک جانا۔
جَنِسَ (س) جَنَسًا -الماءُ ونحوه: جم جانا
جَنَّسَهُ - بِه: مشابہ ہونا۔
جَانَسَهُ جِنَاسًا ومُجانَسَةً: مشابہ ہونا۔

ہم جنس ہونا۔ اور اسی سے ہے "فلان یُجَانِسُ البهائم" فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے۔ یعنی اسے عقل و تمیز نہیں۔

تَجَانَسَا: ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "و مع التَّجَانُس التّأنس" ہم جنس کے ساتھ اُنسیت ہے۔

الجِنس: ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لیے حیوانیت۔ قسم۔ ج اَجْنَاس۔

المجنَس: جما ہوا پانی۔

الجَنِيس: اپنے جنس کے اندر اصل۔

الجِنسِيَّة: جنس کی حالت یا ماہیت۔

الجِنَاس. فی البدیع: علم بدیع کی اصطلاح میں دو کلموں کا کلاً یا بعضاً مشابہ ہونا۔

جَنَشَ (ن) جَنْشًا. الیه: کودنا۔ متوجہ ہونا مِنه: گھبرانا۔

جَنَّصَ: خوف سے بھاگنا۔ بَصَرَه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ جَنَّصَ الطریقُ بالناسِ: تنگ ہونا۔ جَنَّصَ: مرنا۔

جَنَفَ (ض) جُنُوفًا وجَنِفَ (س) جَنَفًا. عن الطریق: راستہ سے علیحدہ ہونا (واَجْنَفَ) فی وصیته: ظلم کرنا۔ صفت (جَنِفٌ واَجْنَفُ)

جَانَفَ جِنَافًا. اَهْلَه: غصہ کی وجہ سے علیحدہ ہونا۔

تَجَانَفَ. للاِثم: مائل ہونا عن الطریق: الگ ہونا۔

الجَنَف: ظلم۔ حق و انصاف سے تجاوز۔

الاَجْنَف: خمیدہ پشت۔ مؤنث جَنْفَاء ج جُنْف۔

المِجْنَف: طبعاً حق سے اعراض کرنے والا۔

جَنَقَ (ض) جَنْقًا وجَنَّقَ. الحجر: گوپھن سے پھینکنا۔

المَنْجَنِيق: گوپھن۔ فلاخن۔ لڑائی کا ایک آلہ جس سے پتھر پھینکا کرتے تھے۔ ج مَجَانِق ومَجَانِيق و مَنْجَنِيقَات۔

الجُنك: ایک قسم کا باجا۔ ج جُنُوك۔

جَنَى (ض) جَنْيًا وجَنَى. الثمر: درخت سے پھل توڑنا۔ کہا جاتا ہے "جَنَى الثَّمرةَ له وجَنَاهُ اِیَّاها"۔ (جَنْيًا) الذهب: کان سے نکالنا۔ (جِنَاية) گناہ کرنا۔ صفت (جانٍ) ج جُنَاة واَجْنَاء وجُنَّاء. مؤنث جَانِيَة ج جَوَانٍ وجَانِيات

اَجْنَى. الشجر: پکنا۔ اَجْنَتِ الارضُ: زیادہ پھل یا زیادہ پیداوار والی ہونا۔

جَانَى مُجَانَاةً وتَجَنَّى. علیه: ناکردہ گناہ کی نسبت کرنا۔ (تَجَنَّى واِجْتَنَى) الثمرَ: چننا۔ توڑنا۔ "اجتنَى ماءَ المطر" گھاٹ پر آکر پانی پینا۔

الجَنَى: چنا ہوا (پھل ہو یا سونا یا شہد وغیرہ) ج اَجْنَاء واَجْنٍ: ثمر (جَنِيٌّ) تازہ چنا ہوا پھل۔

الجَنَاة: ہر وہ چیز جو چنی جائے۔

الجَنِيَّة: گناہ۔ ریشم کا کیڑا۔

المَجْنَى: مصدر میمی بمعنی چننا۔ چننے کی جگہ جس سے پھل وغیرہ چنا جائے جیسے درخت ج مَجَان۔

الجَهْبذ: پرکھنے والا۔ دانا۔ ج جَهَابِذَة

الجَهْبَر: شیرنی۔

جَهْجَهَ. بالسبع: روکنے کے لیے چیخنا چلانا۔

تَجَهْجَهَ. عنه: باز رہنا۔

المُجَهْجَه: شیر۔

جَهَدَ (ف) جَهْدًا. فی الامر: بہت کوشش کرنا بالرجل: امتحان کرنا۔ جَهَدَهُ المرضُ: لاغر کرنا۔ جَهَدَ اللبنَ: سارا مکھن نکال لینا۔ (واَجْهَدَ) الطعامَ: خواہش کرنا۔ جَهَدَ واَجْهَدَ الدابةَ: طاقت سے زیادہ لادنا۔ اَجْهَدَ المالَ: بکھیرنا۔ فنا کرنا۔

اَجْهَدَ الحقُّ: ظاہر ہونا۔ اَجْهَدَ فیه الشیبُ: اچھی طرح بڑھاپا ظاہر ہونا۔ اَجْهَدَ فی الامرِ: احتیاط کرنا۔ اَجْهَدَ علینا العدوُّ: دشمنی میں پوری کوشش کرنا۔ اَجْهَدَ الامرُ لزید: ممکن ہونا۔

جُهِدَ: پوری کوشش کرنا۔ غمگین ہونا۔ لاغر ہونا۔

جَهِدَ (س) جَهَدًا ۔ عیشُه: زندگی کا مکدر ہونا۔

جَاهَدَ مُجَاهَدَةً وجِهَادًا: پوری طاقت صرف کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاهِدُوْا فی اللّه حَقَّ جِهَادِهٖ" اللہ کے راستہ میں پوری طرح کوشش کرو جیسا کہ کوشش کا حق ہے العَدُوَّ: جنگ کرنا۔

تَجَاهَدَ. واِجْتَهَدَ. فی الامر: کوشش کرنا اور پوری طاقت صرف کرنا۔

اِسْتَجْهَدَ. فی الامر: غور کرنا۔

الجُهْد والجَهْد والمَجْهُود: طاقت۔ استطاعت۔ کہا جاتا ہے "بَذَلَ جُهْدَه ومَجْهُودَهٗ" اس نے اپنی طاقت صرف کی۔ مشقت۔ قرآن میں ہے "اَقْسَمُوْا باللّهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ" انہوں نے بہت زور لگا کر قسم کھائی۔

الجَاهِد: فا۔ بے خوابی والا۔ کہا جاتا ہے "جَهْدٌ جَاهِدٌ" جیسے "لَیْلٌ لائِلٌ" و "شعر شاعِر"

الجَهَاد: سخت زمین جس میں پیداوار نہ ہو ج جُهُد۔

الجِهَاد. مص: دین کی حفاظت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لیے جنگ۔

الجَهْدان: وہ شخص جس کو مشقت لاحق ہو۔

الجَهِيد: جانوروں کی پسندیدہ چراگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَرْعًی جَهِيدٌ"

الجُهَادَى: انتہائی۔ کہا جاتا ہے "جُهَادَاكَ ان تفعل كذا:" تمہاری انتہائی کوشش ہے کہ تم ایسا کرو۔

الجُهَيْدَى: کوشش۔ پوری کوشش۔ کہا جاتا ہے "لابلغنّ جُهَيْدَايَ فی الامر" میں معاملہ میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گا۔

جَهَرَ (ف) جَهْرًا وجِهَارًا وجَهْرَةً. الامر وبالامر: اعلان کرنا بالقول: آواز

بلند کرنا الصوتَ: بلند کرنا الرجلَ: بے پردہ دیکھنا۔ دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا۔ تعظیم کرنا القومَ: دیکھ کر زیادہ سمجھنا الشَّئَ: کسی چیز کو کھول کر اندازہ کرنا الارضَ: بغیر جانے بوجھے چلنا الشَّئُ فُلانًا: ہیبت وجمال سے حیرت میں ڈال دینا الامرُ: ظاہر وآشکارا ہونا السقاءَ: مشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا۔

جَهِرت (س) جَهَرًا. العَيْنُ: سورج سے چندھیا جانا۔

جَهُرَ (ک) جَهَارَةً. الصوتُ: بلند ہونا۔ صفت (جَهِير وجَهِر) الرَّجُلُ: دیکھنے والے کی آنکھ میں بڑا معلوم ہونا۔

جاهَرَهُ مُجَاهَرَةً وجِهَارًا. بالشَّئ: کھلم کھلا ظاہر کرنا بالقرأة: بلند آواز سے پڑھنا القومَ بالامر: غلبہ کی کوشش کرنا۔

اَجْهَرَ. الامرَ وبه: اعلان کرنا بالقرأة: بلند آواز سے پڑھنا الرَّجُلُ: بھینگے بچے یا صاحب جمال بچوں کا باپ ہونا۔

تَجاهَرَ. بالامر: ظاہر کرنا۔

اِجْتَهَرَ. القومَ: تعداد میں بہت سمجھنا۔ الرجلَ: کھلم کھلا دیکھنا اور بڑا سمجھنا البئرَ: صاف کرنا الشَّئُ فلانًا: ہیبت وجمال سے حیرت میں ڈال دینا۔

الجَهْرم. س: چوڑا ٹیلہ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔ تم کہتے ہو "کلمته جَهْرًا وبالجهر" میں نے اس سے کھلم کھلا گفتگو کی۔ "و لَقِيْتُه جَهْرًا" میں نے اس سے رودررو ملاقات کی۔

الجُهْر: ہیبت۔ حسن منظر۔

الجهار. س: تم کہتے ہو "لَقِيْتُه جِهَارًا" میں نے اس سے رودررو ملاقات کی۔

الاَجْهَرُ: سورج کی روشنی سے چندھیانے والا۔ خوبصورت ہیبت والا۔ مؤنث (جَهْراءُ) ج جُهْر.

جَهْوَرُ. الصوت: بلند وقوی آواز والا۔ ج جُهُر.

الجَهِير: خوبصورت۔ بھلائی اور نیکی کے لائق۔ من اللبن: بے پانی کا دودھ۔ کلامٌ جَهِير: بلند گفتگو۔ اِمْرأة جَهِيْرة: بلند آواز والی عورت۔ کہا جاتا ہے "هو عَفِيْفُ السَرِيْرَةِ والجَهِيْرَةِ" وہ ظاہر وباطن کے لحاظ سے پاک دامن ہے۔

الجَهْوَرِیُّ: بلند آواز کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "صَوْت جَهْوَرِیُّ" بلند آواز۔ اور بلند آواز والے کو کہتے ہیں۔ "رجلٌ جَهْوَرِیٌّ"

المِجْهَر والمِجْهَار: وہ شخص جس کی عادت بلند آواز سے گفتگو کرنے کی ہو۔

المُجْهِر: (خوردبین) Microscope

جَهَزَ (ف) جَهْزًا واَجْهَزَ. على الجريح: مار ڈالنا۔

جَهَّزَهُ: تیار کرنا۔ مہیا کرنا المیتَ: کفن دفن کا سامان کرنا العروسَ: جہیز کا سامان تیار کرنا۔

تَجَهَّزَ. للسفر: سامان مہیا کرنا۔

(واِجْهَازَّ) للأمر: آمادہ ہونا۔

الجِهاز والجَهاز. للبيت اوللمسافر اوللعروس: ضروری سامان من جسم الانسان: اعضائے انسانی جن کی کوئی خاص غرض ہو۔ جیسے اعضائے تنفس۔ یا آلاتِ ہضم۔ ج اَجْهِزَة واَجْهِزَات

الجَهْزاء: بلند زمین۔

الجَهِيْز. من الخيل: ہلکا پھلکا۔ موتٌ (جَهِيز ومُجْهِز): ناگہانی موت۔

جُهَيْزة: ایک عورت کا نام ہے۔ ایک مثل ہے "قطعت جهيزة قول كل خطيب" اس کا واقعہ یوں ہے کہ کچھ لوگ دو قبیلوں کے درمیان ایک خون کے معاملہ میں صلح کرانے کے لیے تقریر کر رہے تھے تاکہ اولیاء مقتول کو دیت لینے پر راضی کر دیں کہ اتنے میں جہیزہ نے کہا کہ مقتول کے ولی نے قاتل کو پکڑ لیا اور قتل کر دیا۔ تو لوگوں نے کہا کہ "قطعت جهيزه قول كل خطيب" یعنی اب دیت اور مقدار دیت کے بارے میں گفتگو کی ضرورت نہیں کہ قاتل کے قتل کے بعد دیت نہیں۔

جَهَشَ وجَهِشَ (س) جَهْشًا وجُهُوْشًا وجَهَشَانًا. اليه: روتے ہوئے یا روانسا ہو کر کسی سے فریاد کرنا۔

جَهِشَ (س) جَهَشَانًا -منه: ڈرنا اور بھاگنا۔

اَجْهَشَ. اليه: روتے ہوئے یا روانسا ہو کر فریاد کرنا۔ "اَجْهَشَتِ النَّفسُ" اٹھنا۔

اَجْهَشَهُ: جلدی کرانا۔

الجَهْشَة: آنسو (والجَاهِشة) لوگوں کی جماعت۔

الجَهُوْش: تیز رفتار۔

جَهَضَهُ (ف) جَهْضًا: غالب ہونا۔ عن كذا: دور کرنا۔ منع کرنا۔

اَجْهَضَهُ. عن الامر: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ہ عن مكانه: اٹھانا فلانًا: پھسلانا۔

اَجْهَضَتِ المرأة: حمل گرا دینا۔

جَاهَضَه: باز رکھنا۔ جلدی کرانا۔

الجَاهِض: تیز طبیعت۔ مؤنث (جَاهِضَة) ج جَوَاهِض.

الجَاهِضَة: گدھے کا یک سالہ مادہ بچہ۔

الجُهُوْضَة والجَهَاضَة: تیزی طبیعت

الجِهْض والمُجْهَض والجَهِيض: ساقط شدہ بچہ۔

الجَهَّاضَة: عمر رسیدہ مادہ حیوانات۔

المِجْهَاض. من الاناث: اسقاط کی عادت والی عورت۔ ج مَجَاهِيض.

جَهِل (س) جَهْلًا وجَهَالَةً: نہ جاننا۔ ان پڑھ ہونا علیه: بیوقوف بننا۔ بیوقوف ہونا۔ اُجڈ پن کرنا۔ صفت (جاهل) ج جُهَّل وجُهَّال وجُهَلاء وجُهْل وجُهُل وجَهَلَة. جَهِلَ الحَقَّ: ضائع کرنا۔

جَهِلَت القِدْرُ: بہت ابلنا۔

جَهَّلَهُ: جہل کی نسبت کرنا۔

جَاهَلَهُ: نادانی میں مقابلہ کرنا۔ بد سلوکی کرنا۔ اور اسی سے ہے "رایتُ منهما مُجَاهَلَةً ثُمَّ اِنْقَلَبَتْ مُجَاهَلَةً" میں نے ان دونوں سے

خوش معاملگی دیکھی پھر وہ بد معاملگی ہو گئی۔

تجَاهَلَ: بتکلف نادانی ظاہر کرنا۔

اِستَجْهَلَهُ: جاہل سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ "اِستَجْهَلَتِ الريحُ الغصنَ: ہلانا۔

الجَهلَة: نادانی۔

الْجَاهِلِيَّة: نادانی کی حالت۔ ملک عرب میں اسلام سے پہلے کی بُت پرستی۔ جاہلیت کا اطلاق عرب کے اُن احوال پر ہے جو اسلام سے پہلے تھے۔

الجَهُوْل: ناتجربہ کار جاہل۔ ج جُهَلَاء.

المِجْهَل والمِجْهَلَة: انگاری ہلانے کی لکڑی۔ کریلنی۔

المَجْهَلَة: سبب نادانی۔

المَجْهَل: بغیر نشان کا جنگل۔ ج مَجَاهِل.

المَجَاهِل: نادانیاں۔ واحد جَهْل. اور اسی سے ہے "اِنَّا لَنَصْفَحُ عَنْ مَجَاهِلِ قومِنَا" ہم اپنی قوم کی نادانیوں سے درگزر کرتے ہیں (الفعل المجهول:) فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ ناقة (مَجْهُولَة) بے داغ والی اونٹنی۔

جَهُمَ (ک) جَهَامَةً وجُهُوْمَةً: ترشرو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ صفت (جَهِم)

جَهَمَه وجَهِمَه (ف س) جَهْمًا وتَجَهَّمَهُ وتَجَهَّمَ لَهُ: ترشروئی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "تَجَهَّمَهُ اَمَلُهُ" جبکہ اپنی آرزو میں کامیاب نہ ہو۔

اَجْهَمَ. الجَوُّ: بے بارش کے بادل والا ہونا۔

اِجْتَهَمَ: رات کی آخری چوتھائی کی ابتدا میں داخل ہونا یا چلنا۔

الجُهْمَة والجَهْمَة: رات کے آخری حصّوں کی ابتداء۔ الجَهْمَة: بڑی دیگ۔

الجَهم والجَهُوْم: عاجز وضعیف۔

الجَهْم: شیر۔

الجَهَام: بے بارش کا بادل۔

الجَيْهَمَان: زعفران۔

جَهَن (ن) جُهُوْنًا: قریب ہونا۔

الجَهْن: ترش روئی۔

جارية (جُهَانَة) نوجوان لڑکی۔

جَهَنَّم: دوزخ (غیر منصرف)

جَهِيَ (س) جَهًا. البيتُ: اُجاڑ ہونا۔ ویران ہونا۔ صفت (جَاهٍ)

جَهَّى. الجُرْحَ: کشادہ کرنا۔

جَاهَى مُجَاهَاةً. فلانًا: فخر میں مقابلہ کرنا۔

اَجْهَى اِجْهَاءً. الطريق: واضح ہونا السماءُ: بادل کھل جانا عليه: بخل کرنا الطريقَ: واضح کرنا۔ البيْتَ: بے پردہ بنانا۔ المرأة على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔

الاَجْهَى: گنجا (والمُجْهِى) من البيوت: بغیر چھت والا مکان۔ مؤنث جَهْوَاء. خباء مُجْهٍ: بغیر پردے کا خیمہ۔ سَمَاءٌ جَهْوَاء: کھلا ہوا آسمان۔

جَاب (ن) جَوْبًا وتَجْوَابًا. البلادَ: طے کرنا۔ جَابَ الثوب جوبًا: کاٹنا۔ الصخرة: چٹان کو تراشنا۔

جَابَ (ن) جَوْبًا وجَوَّب. الثوب: گریبان بنانا۔ جَوَّب الشَّئَ: بیچ سے کاٹنا۔

جَاوَبَه مُجَاوَبَةً: گفتگو کرنا' جواب دینا۔

الحَدَث: جوان۔ ج اَحْدَاث وحُدْثان.
الحَدَاثَة. س- حَدَاثَةَ الْاَمرِ: آغاز وابتداء
الحُدْثی: نئی۔
الحُدُوْثَة: آغاز وابتداء
الحِدْثَان: آغاز وابتداء حدثانُ الدهر وحَدَثانه: زمانہ کی سختیاں۔
الاُحْدُوْثَة: بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج اَحَادِیْث.
حُدُوْثُ الْعَالَم: فلاسفہ کے نزدیک دنیا کا حادث ہونا (نئی پیدا کی گئی) اس کے صانع نے اس کو نیا بنایا ہے وہ ازل سے نہیں۔
الحَادِث: نوپید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج

حُوادث. وحَادثات. حَوادِثُ الدهر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدِيْث. ج حِدَاث وحُدَثاء: نیا۔
الحَدِيْث ج اَحَادِيْث وحِدثان وحُدْثان: خبر۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا اَحَادِيْثَ" یعنی وہ لوگ ختم ہوگئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحدیث: نبی کریم ﷺ کے اقوال، افعال واحوال بتانے والا علم۔
الحِدِّيْث: بہت گفتگو کرنے والا۔
الحُدَّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔
الحِدِّيثي: خبر حدیث۔
المُحْدَث. مع کتاب و سنت واجماع کے خلاف نئی بات۔ ج مُحْدَثات. نیا۔
مُتَحدَّث. القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔
حَدَج (ض) حَدْجًا. البعيرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا الاحمالَ: باندھنا الابلَ: داغ لگانا ٥: مارنا۔ حَدَجَهٗ بالسهم تیر اندازی کرنا ٥ بالذنب: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَدَجه ببيع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کردی جس میں گھاٹا ہے۔
حَدَّج و حَدَّج. ببصره: گھورنا۔ تیز دیکھنا۔
اَحْدَج. البعيرُ: اونٹ پر بوجھ لادنا۔ اونٹ پر کجاوہ کسنا۔
الحِدْج: بوجھ۔ ج حُدُج و حُدُوج و اَحْدَاج. (والحِدَاجة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری۔ ج حَدَائج.
الحَدَج: کچا اور سخت اندرائن۔ کچا خربوزہ۔
اَبُوْ حُدَيْج: لقلق پرندہ کی کنیت۔
المِحْدَج: اونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار۔
حَدَرَ و حَدُرَ (ن وک) حَدْرًا و حُدُوْرًا وحَدَارَةً. الرجلُ: مضبوط و موٹا ہونا۔ الجلدُ: سوجنا۔ حَدَرُوْا حَوْلَهٗ وبه: گھیر لینا۔
حَدَر (ن وض) حَدْرًا و حُدُوْرًا نیچے اُترنا۔ الشئ: نیچے اُتارنا اللثام عن حَنَكِه: جھکانا العينُ الدمعَ: آنسو بہانا۔ القرآةَ في القراءةِ: تیزی سے پڑھنا۔ الدواءُ بَطْنَه: اسہال لانا۔
تَحَدَّر وتَحَادَر. اُترنا۔ کہا جاتا ہے "رَايتُ الدَّمْعَ يَتحادَرُ علىٰ لحيته" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔
اِنْحَدَر: نیچے۔ کہا جاتا ہے "اِنْحَدَرْتُ مِنَ الجَبَلِ الَى المدِيْنَة" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اُترا۔ الجلدُ: سوجنا۔
الحَدَر: ڈھلواں جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ آنکھ کا بھینگا پن۔
الحَدُوْر والحَدْرَاء والحَادُوْر: وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ الحَادُوْر: اسہال لانے والی دوا۔ ج حَوَادِير.
الحَدْرَة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ عَيْنٌ حَدْرَةٌ: پُرگوشت آنکھ۔
الحُدْرَة: اونٹوں کا ریوڑ۔
الحَادِر. فا: موٹا خوبصورت جَبَلٌ حَادِرٌ: بلند پہاڑ۔ حَبْلٌ حَادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ حَيٌّ حَادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔
الحَادِر: شیر۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حَادِرَةُ العَيْنَيْنِ" پُرگوشت خوبصورت آنکھوں والی اونٹنی۔
الاَحْدَر. مِنَ الخيل: پُرگوشت گھوڑا۔ مِنَ الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث حَدْرَاء
الحَدُوْرَة والحُدُوْرَة والحَادُوْرَة: آنسوؤں کا بہاؤ۔
الحُنْدُر والحُنْدُوْر والحُنْدُوْرَة والحِنْدَارَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَنَادِر: کہا جاتا ہے "جَعلته علىٰ حُنْدُوْرَةِ عَيْنِي وحِنْدِيْرَةِ عَيْنِي" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الحَيْدَر: شیر۔ پست قد۔
الحَيْدَرَة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بالحَيْدَرَة" اللہ اس کو مصیبت و ہلاکت میں مبتلا کرے۔
حَدَس (ن ض) حَدْسًا. في الامر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشئَ برجله: روندنا۔ زَيْدًا: پچھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاةِ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔ في الارضِ: اٹکل سے چلنا۔ في السير: تیز چلنا۔ حَدَسَ به الارضَ: پٹک دینا۔
تَحَدَّس. الاخبار وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الحَدِيْس والمَحْدُوْس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔
الحَدُوْس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔
الحَدْس. مص: دانائی۔ زیرکی۔
الحَدْسِيَّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الحِدَاس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ بِهِ الحِدَاسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔
المَحْدِس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ المَحْدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔
حَدَق (ض) حَدْقًا. القومَ: گھیر لینا۔ حَدَقَهٗ بِعَيْنِه: کسی کی طرف دیکھنا ٥: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المريضُ حُدُوْقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔
اَحْدَق. القومُ بِهٖ: گھیر لینا۔ اَحْدَقَتِ الرَّوْضَةُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔
حَدَّق. اليه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا حَدَّق بِهٖ: چاروں طرف سے گھیر لینا۔
تَحَادَقُوْا: ایک دوسرے کو گھیر لینا۔
اِحْدَوْدَق. القومُ بِهٖ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
الحَدَقَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَدَق و حَدَقات واَحْدَاق وحِدَاق. کہا جاتا ہے "هُمْ في مِثلِ حَدقةِ البَعِيْر" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے۔ "وهم رُمَاةُ الحَدَقِ" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں۔ وتكلَّمْتُ على حَدَقِ

القَوم: میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو
کی۔
الحَدَق: بینگن۔
الحَدِیقة: باغ جس کی چار دیواری ہو۔ ج
حَدَائِق۔
حَدَلَ (ض) حَدْلًا وحُدُولًا. عَلَیْه: کسی
پر ظلم کرنے کے لیے مائل ہونا۔
حَدِلَ (س) حَدَلًا: بہ نسبت دوسرے
کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا۔
الرجلُ: کنکھیوں سے دیکھنا۔ صفت اَحْدَل
مؤنث حَدْلَاء ج حُدْلٌ (شاذ) و (حَدِلَ)
ج حَدَالیٰ. حَدِل عَلَیْه: ظلم کرنا۔
حَادَلَهٗ: پھسلانا۔
تَحَادَلَ: کمان پر جھکنا۔
الحِدْل: ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا درد۔
الحَدْل. س۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَحَدْلٌ" وہ
غیر عادل ہے۔
الحُدَال: چکنا و ہموار۔
مُحْدَلَةُ الطُّرُق: شوارع کو درست کرنے والی
گاڑی۔
الحَوْدَلَة. پشتہ۔ ٹیلہ۔
حَدَمَهٗ (ض) حَدْمًا. تیز گرم کرنا۔ الدمَ:
گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ. النهارُ: سخت گرمی والا ہونا۔
الشرابُ: تیزی بڑھ جانا۔ اِحْتَدَمَتْ
القدرُ: سخت جوش والی ہونا۔
اِحْتَدَمَ وتَحَدَّمَ. الرجلُ: غصہ سے
بھڑک اٹھنا۔ سخت غضبناک ہونا۔ اِحْتَدَمَ
الدمُ: گہرا سرخ ہونا۔ عَلَیْه غیظًا: غصہ
سے دانت پیسنا۔
الحَدَمَة. آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَام. غصہ۔ غضب۔
حَدَا حَدْوًا وحِدَاءً وحُدَاءً حدی پڑھنے
میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَ
حُدَاءَهٗ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے۔
الابلَ وبالابلِ: گا کر ہانکنا۔ صفت (حَادٍ)
ج حُدَاة. الریحُ السحابَ: ہانکنا۔ چلانا۔
حَداه علی کَذَا: برانگیختہ کرنا (واحتدی)
اللیلُ النهارَ: پیچھے آنا۔
الحَادِی وحَادِی النَجم. دو ستاروں کے
نام اور لفظ حادی عشر، میں حادی واحد کا مقلوب
ہے۔
الحَدَّاء. حادی کا مبالغہ۔ اور حادی اس کو کہتے
ہیں جو اونٹوں کو گا کر ہانکے۔
الحَدْوَاء. شمالی ہوا۔
الحوادِی. ہر چیز کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الاُحْدُوَّة والاُحْدِیَة. اونٹوں کے ہانکنے کا
گیت۔
حَدِیَ (س) حَدًی. بالمکان: کسی جگہ
میں جم کے رہنا۔
تَحَدّیٰ. الرجلَ: مقابلہ کرنا۔
(وحَدَّیٰ) الشَّیَ: کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیَّا. جھگڑا۔ مقابلہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هو
حُدَیَّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا
ہے "وانا حُدَیَّاك فی هذا الامر" میں
اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں۔
حَذَّهٗ (ن) حَذًّا. جلدی سے کاٹنا۔
الحَذَذ. ہاتھ یا دُم کا ہلکا پن۔ وحَذَذُ
القَلْب: تیزی خاطر۔ تیز فہمی۔
الاَحَذ. ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ دبلا۔ امر
اَحَذُّ: امر منکر۔ سخت امر۔ بے مثل۔
قلبٌ اَحَذُّ: ذکی۔ مؤنث۔ حَذَّاء. کہا جاتا
ہے "نَاقَةٌ حَذَّاء" تیز رفتار "وقصِیْدَةٌ
حَذَّاءُ" مشہور قصیدہ۔ "وحاجةٌ حَذَّاءُ"
جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت۔
"و عَزِیْمَةٌ حَذَّاء" پختہ ارادہ۔ ج حُذٌّ.
الحُذَّة. گوشت کا ٹکڑا۔
حَذِرَ (س) حَذَرًا و حِذْرًا و مَحْذُرَةً
الرجلَ ومن الرجل: بچنا۔ پرہیز کرنا۔
چوکنا رہنا۔ صفت (حَذِرٌ و حَذُرٌ) ج
حَذِرُوْنَ و حَذَارَیٰ.
حَذَّرَهٗ. خوف دلانا۔ متنبہ کرنا۔ چوکنا کرنا۔
حَاذَرَهٗ. ایک دوسرے سے پرہیز کرنا۔
ڈرتے رہنا۔ (وتَحذَّر منه (احْتَذَرَهٗ) پرہیز
کرنا۔ بچتے رہنا۔
اِحْذَارَّ. غضبناک و منقبض ہونا۔
الحَاذِر. فا. مستعد و تیار۔
الحَاذُوْرَة. بہت چوکنا۔
حَذَارِ. اسم فعل بمعنی بچو۔ کہا جاتا ہے
"حَذَارِ یك زَیْدًا" یعنی زید سے بار بار بچو۔
الحُذَارِبات. ڈرانے والے۔
الحِذْرِبان. چوکنا رہنے والا۔
الحُذْرُن. باطل۔
الحَزِیْر. ڈرانے والا۔ کہا جاتا ہے "انا
حَذِیْرك مُنه" میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں۔
المَحْذُور. وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُوْرَة. گھبراہٹ۔ بلا و مصیبت کہ
جس سے پرہیز کیا جائے۔ جنگ۔
حَذَفَ (ض) حَذْفًا. گرانا۔ کاٹنا ہ
بالعَصَا او الحَجر: لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔
حذف فی مَشْیَتِه: قریب قریب قدم
رکھنا۔
حَذَّفَ الشَّیَ: اچھی طرح سے کرنا۔ (گویا
کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے ان کو
علیحدہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے سارے عیوب
سے پاک صاف ہو گیا) شَعْرَه: زلف نکالنا۔
ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَهٗ بالعصاء: مارنا یا پھینک کر مارنا۔
الحَذَف. س۔ چھوٹی بھیڑیں۔ حَذَفُ
الزَرْع: کھیتی کے پتے۔
الحَذَف. ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفَة
الحُذَف. پست قد عورت۔
الحُذَافَة. مِنَ الشَّیَ: تھوڑا تراشہ۔
الحِذْفار والحُذْفُوْر ج حَذَافِیْر:
جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادہ جنگ لوگ۔ کہا
جاتا ہے "اُشْدُدْ حَذافِیْرَك" یعنی آمادہ ہو
جاؤ۔ و "اَخَذَهٗ اوناله بحِذْفاره و بحُذْ
فُوْرِه وبحَذَافِیْرِه" اس نے اس کو بتمامہ
لے لیا۔
حَذِقَ (ض) حَذِقَ (س) حَذْقًا و حِذْقًا
وحَذَاقًا و حِذَاقًا و حَذَاقَةً وحِذَاقَةً. ماہر

ہونا۔ صفت (حَاذِق) ج حُذَّاق و حِذَاق.
الکتابَ: پوری پڑھ لینا۔ العملَ: ماہر ہونا۔
حذَقَ (ض) حُذُوْقًا. الخلُّ: بہت کھٹا ہونا۔
حذَق (ض) حَذْقًا. الشّئَ: کاٹنا الخلُّ فاهُ: چرپراہٹ لگنا۔
حَذَّقَه. ماہر بنانا۔
تَحذَّق. ماہر ہونا۔ وتَحذَّق عَلَيْه: مہارت ظاہر کرنا۔
اِنْحذَق. کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقْتُ الحبْلَ فَانْحذَقَ" میں نے رسّی کو کاٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحِذْقَة. ٹکڑا۔ ج حِذَق و حُذَاق. (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحَاذِق فا. ج حُذَّاق و حِذَاق من الخل. بہت تیز سرکہ۔
الحَذِيق. کٹا ہوا۔
الاَحْذَاق. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے۔ "حبلٌ اَحْذَاق" کٹی ہوئی رسّی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوبٌ اَخلاق میں)
الحِذَاق. بچّے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذَاقة. تھوڑا کھانا۔
الحُذَاقِيّ. فصیح زبان والا۔ تیز چھری گدھے کا بچہ۔
حَذِلَتْ (س) حَذَلًا. العينُ: گری ہوئی پلکوں والی ہونا۔ صفت (حَذْلَاء)
اَحْذَلَ. العينَ: پلک گرا دینا۔
تَحذَّل. عَلَيْه: مہربان ہونا۔
الحَذْل. میلان (والحَذَل والحُذْل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذَالَة. ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذْلَق و تَحذْلَق. حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَتحذْلَقُ فی كَلَامِهٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔

حُذْلِقَ. الشّئُ: تیز کیا جانا۔
رجل (حِذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مانے والا، گپی۔
حَذْلَم. جلدی کرنا۔ العودَ: چھیل کر تیز کرنا السقاءَ: بھرنا۔
تحذْلَم: جلدی کرنا، باادب ہونا۔
الحُذْلُوم: ہلکا پھلکا، جلد باز۔
حذَمَه (ض) حَذْمًا. کاٹنا (حَذَمَانًا) فی مشيته: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحَذِم والحِذْيَم والمِحْذَم. مِنَ السيوف: شمشیر براں۔
الحَذَم. باز و کٹے ہوئے پرندہ کی اُڑان۔
حَذَامِ. ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔
الحُذَام. سُست و کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشترى عَبْدًا حُذَامَ المشى" اس نے سُست رفتار غلام خریدا۔
حَذَا (ن) حَذْوًا و حِذَاءَ النَّعْل: نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النعْلَ بالنعْلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذَاه و حَذَا حَذْوَهٗ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ حَذَاهُ و حَذَالَهٗ واَحْذَاه) نَعْلًا: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشرابُ لِسانَه: زبان کو چھیل دینا التراب فی وجوههم: خاک ڈالنا۔ زيدًا شيئًا: کسی کو کچھ دینا۔
حَذَاهُ و حاذَاهُ مُحَاذَاةً وحِذَاءً مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحَاذَيَا. ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان يَتحاذَوْنَ المَاءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحْتَذىٰ. جوتہ پہننا۔ مثال فلان و علی مثاله: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِستَحْذَاهُ. جوتہ طلب کرنا۔
الحِذَاء والحِذَة والحَذْو والحُذْوَة والحِذْوَة: مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "دارى حِذَاءَ دَارِه" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجلَسَ حِذَاءَ ه و بحِذَائه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔
الحِذْوَة والحُذْوَة. عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الحُذَاوَة. بیٹ۔
الحِذَاء. جوتہ۔ اُونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحْذِيَة.
الحَذَّاء. جوتہ بنانے والا۔ ج حَذَّاؤُوْن. کہا جاتا ہے۔ هُو (مُحَا ذاك) وہ تمہارے مقابل ہے۔
حَذِىَ (ض) حَذْيًا. الخلُّ لِسانَه: زبان کو چھیل دینا یدَه: کاٹنا ه بلسانه گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحْذَاه اِحْذَاءً. مال غنیمت کا حصہ دینا
اَحْذَاهُ طَعْنَةً: نیزہ مارنا۔
الحُذْيَا والحُذَيَّا والحُذَايَة و الحَذِيَّة. مال غنیمت کا حصہ۔ والحُذَيَّا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحِذْيَة. ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحْذَاء. لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حَرَّ (س) حَرَارًا. العبْدُ: آزاد ہونا (حُرِّيَة) شریف الاصل ہونا۔ (حَرَّةً) پیاسا ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا و حَرَّةً و حُرُوْرًا حَرَارَةً. گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا. الماءَ: گرم کرنا۔ الارضَ: ہموار کرنا۔
حَرَّرَ. العبدَ: آزاد کرنا۔ الولدَ او الشّئَ: اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے وقف کرنا۔ الکتابَ: خوبصورت و درست لکھنا۔ الوزنَ: غور کر کے ضبط کرنا۔ المعنى: حشو و زوائد سے پاک کرنا۔
اَحَرَّ. النهارُ: گرم ہونا اَحَرَّ صَدْرَه: پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ. العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ. القتالُ: سخت جنگ ہونا۔
الحَرّ. گرمی۔ ج حُرُوْر و اَحَارِر (خلاف قیاس)

الحَرُوْر. گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارۃ. گرمی۔
الحُرِیَّۃ ۔ والحَرُوْرَۃ ۱ والحَرُوْرِیَّۃ. وتُضمُّ الحاء فیھما: آزادی۔
الحُرِّیَّۃ: خالص ہونا۔ حُرِّیَّۃ القوم: قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "ھو مِنْ حُرِّیَّۃ قومِہ" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِیْر. ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا (والمَحْرُوْر. غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِیْرَۃ. ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا، دودھ اور روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرُّ. آزاد، شریف۔ مِن کلِّ شیءٍ: عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ حرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "وطینٌ حُرٌّ" بغیر ریت کے خالص مٹی۔ حُرُّ الدار: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارض: زمین کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوَجْہِ: رخسار کہا جاتا ہے "لَطَمَہٗ علی حُرِّ وَجْھِہ" اس نے اس کے رخسار پر طمانچہ مارا۔ ج اَحْرَار و حِرَار۔ اَحْرارُ البُقُول وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ: کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ عَیْنُ حُرٍّ: ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّۃ. حرّ کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرائِر و حُرَّات۔ اَرْضٌ حُرَّۃٌ: بغیر ریت والی زمین۔ رَمْلَۃٌ حُرَّۃٌ: ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَیْلَۃٌ حُرَّۃٌ اَوْ لَیْلَۃُ حُرَّۃٍ: ہر مہینے کی پہلی رات۔
الحَرَّۃ. سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات و حِرار و اَحَرُّون و حَرُّوْن۔
الحِرَّۃ. پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاہُ اللّٰہ بالحِرَّۃِ تحت القِرَّۃِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کر دے۔
الحَارُّ. گرم مِنَ الاعمال: دشوار کام۔
الحَرّان. بہت پیاسا۔ مونث حَرّیٰ ج حِرَار و حَرَارَیٰ۔
الحَرِیْرِیُّ. ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا۔

المَحْرُوْر. وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی ہو۔
حَرَبَ (ن) حَرْبًا. الرجل: سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعولی (حریب) ج حَرْبٰی و حُرَباء و (محروب)
حُرِبَ. الرجل مالَہٗ: چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا. کتے کے کاٹے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَرِب) یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبیٰ و
حَرِبَ الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور وَاحَرَباہُ کہنا۔
حَرَّبَہٗ. غضبناک بنانا۔ حرَّبَ السنانَ: تیز کرنا۔
حَارَبَہٗ حِرابًا و مُحارَبَۃ. لڑائی کرنا۔
اَحْرَبَ. الحَرْبَ: جنگ بھڑکانا۔ فلانًا: دشمن کے مال کے لوٹنے کیلئے رہنمائی کرنا۔ النحلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحارَبَ واِحْتَرَبَ. القومُ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبیٰ اِحْرِنْباءً. آمادۂ غضب ہونا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں اٹھانا۔ المکانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْب. لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعتْ بینھم حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں اس کی تصغیر حُرَیْب. ج حُرُوْب. رجل حَرْبٌ: بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لمن یُحارِبُنی" میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔ دارُ الحرْب: مشرکین کا ملک۔ اور وہاں کے رہنے والوں کو (الحربیون) کہتے ہیں۔
الحَرْبَۃ. چھوٹا نیزہ۔ ج حِراب. الحَرْبَۃ. نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔ ج حَرَبات و حَرْبات
الحَرّاب. چھوٹے نیزے کو اٹھانے والا ز چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَۃ. ہیئت جنگ۔

الحُرْبَۃ. گون یا بورے کی مانند ایک برتن ز چرواہے کا تھیلا۔
الحِرْباء، والحِرْبائۃ. گرگٹ۔ اس کو تلون مزاج کے لیے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج حرابیّ
الحِرْبا. زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت۔
الحَرَب. مص. ہلاکت ویل۔
وَاحَرَبًا. میت پر افسوس اور نوحہ کرنے کے لئے کلمہ۔ اس کا اعراب (ترکیب)
واو حرف نداء و ندبہ۔ حربا منادی مبنی بالضم اس کے آخر میں ظاہری اعراب نہیں۔
تقریری اعراب مفعول بحذف فعل اندب اور الف آخر میں برائے ندبۃ ہے۔
المِحْرَب والمِحْراب. جنگجو۔ بہادر۔
المِحْراب: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کچھار۔ و مِحْرابُ المَسْجد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحارِیْب. کہا جاتا ہے "انہٗ یکرہ المحارِیب" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
الحِرْبِش والحِرْبِشّ. بڑا سانپ، اژدھا۔
حَرَتَ (ن) حَرْتًا. الشّیءَ: سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا. الرجلُ: بد خلق ہونا۔
الحَرُوْت. مص. جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔
الحَرِیْت. ایک قسم کی مچھلی۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا. الارض: ہل چلانا، کھیتی کرنا۔ صفت (حَارِث) ج حُرّاث. حَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا۔ النارَ: کریدنا۔ الشّیءَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الاَمْرَ: یاد کر کے بھڑک اٹھنا الخُبزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (واَحْرَثَ واحْتَرَثَ) الدّابۃَ: تھکانا۔ دبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حَرِیْثَۃ) ج حَرائِث.
اِحْتَرَثَ الاَرْضَ: کھیتی کرنا۔ المالَ:

کمائی کرنا۔
الحَرْث بس۔ کھیتی۔
الحَارِث. فاج حُرَّاث. الحَارِث. و
ابو الحَارِث شیر کی کنیت۔
الحَرِیثَة کمائی۔ج حَرائِث.
الحِراثَة کھیتی۔ کاشتکاری۔
المِحْرَث ج مَحارِث و (المِحْراث)
ج مَحارِیث ہل۔ کریلنی۔
حَرِج(س) حَرَجًا. الشَّیُٔ: تنگ ہونا
الرجلُ: گنہگار ہونا العینُ: اندر دھنس
جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔
عَلَیْه الشَّیُٔ: حرام ہونا۔ الیه: پناہ لینا
الغبارُ تنگ جگہ میں گھٹنا۔
حَرَج(ن) حَرْجًا. انیابَه: غصہ سے
دانت پیسنا۔
حَرَّجَه تنگ کرنا۔ حَرَّجَ عَلَیْه: کسی سے
یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
اَحْرَجَه گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔
تنگ جگہ کیلئے مجبور کرنا۔ فلانًا الیه: مضطر
کرنا۔ اَحْرَجَ عَلَیْهِ الامرَ: حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ گناہ سے بچنا۔
الحَرَج گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔
مردہ لے جانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے
"لا حَرَجَ عَلَیْكَ" تمہارا کوئی قصور نہیں، یا
تمہارے اُوپر کوئی اعتراض نہیں۔
وحَدِّث عَنِ البَحْرِ ولاحَرَج. سمندر
کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اُوپر مبالغہ
وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔
الحِرْج گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا
حصہ۔ درندوں کے شکار کے لیے پھندا۔
بکریوں کا ریوڑ۔ج اَحْراج و حِراج.
الحَرِج تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ
پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ
شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے
خوف کھائے۔
الحَرَجَه درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا،
اونٹوں کا گلہ۔ج حَرَج و حَرَجات.

الحُرْجَة ڈولچی۔
الحَرِیج تنگ۔
المِحْراج. مِن اللیالی بہت سرد رات۔
المُحَرِّج تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے
"حَلَفَ بالمحرجات" اس نے تنگی میں
مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَة لمبا ہونا۔ دائیں بائیں
دوڑنا۔
الحَرْجَلَة بس۔ لنگڑاپن۔ (والحَرْجَل)
گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جاءُوْا
حَراجلَةً" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحُراجل لمبا۔
حَرْجَمَ. الابلَ اُونٹوں کو ایک دوسرے پر
گرتے ہوئے واپس کرنا۔
اِحْرَنْجَمَ. القومُ او الابلُ اکٹھا ہونا۔
عن الامر ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔
حَرِدَ(س) حَرَدًا و حَرْدًا. عَلَیْه:
غضبناک ہونا۔ صفت (حارِد و حَرِد و
حَرْدان) الوتر: کمان کی تاروں میں سے
بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرْد)
حَرَدَ(ض) حَرْدًا منع کرنا۔ ارادہ کرنا
الخشب: سوراخ کرنا۔ (حُرُوْدًا) قوم
سے علیحدہ واکیلا ہونا۔ صفت (حَرْدٌ و حَرِدٌ)
ج حِرادو (حرید) ج حُرَداء.
حَرَّدَ جھونپڑی میں پناہ لینا۔ الشَّعْرُ: ایک
بال کا تنہا اُگنا ہو کنا۔ حَرَّدَ الحَبلَ: بٹنے
سے گول ہوجانا۔ الشیء: ٹیڑھا کردینا۔
اَحْرَدَهُ الگ کر دینا۔ اکیلا کر دینا۔ اَحْرَدَ
فی المشی: تیز چلنا۔
تَحَرَّدَ. الادیمُ: بالوں سے پاک صاف
ہونا۔
حارَدَتِ. الناقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت
(حَرُوْد مُحارِد) السنةُ: کم بارش والا
ہونا۔ حارَدَ الرجلُ: دیتے رہنے کے بعد بند
کر دینا۔
اِنْحَرَدَ. النجمُ: ٹوٹنا۔
الحَرَد بس۔ اُونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا

ڈھیلا پن۔
الحَرُوْد. کم دودھ والی اُونٹنی۔
الحَرِید دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں
سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَد اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا
ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی
طرح نہ چل سکنے والا۔ج حُرْد.
المِحْراد بے بارش کا سال جمع۔ مَحارِد.
الحَرْدَبَة بکی بے عقلی۔
الحِرْذَوْن بزگوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک
جانور۔
حَرَزَ(ن) حَرْزًا. المالَ حفاظت کرنا،
اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ(س) حَرَزًا پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ(ک) حَرازَةً و حَرازًا. المکانُ:
مضبوط ہونا۔
حَرَّزَ. الشَّیُٔ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔
(واَحْرَزَ) المکانُ الرجلَ: جائے پناہ ہونا
اَحْرَزَ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ
کرنا۔
تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ. منه: بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ محفوظ جگہ میں آجانا۔
الحِرْز. مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ
حَرِیْزٌ و حارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا
جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَه" اس نے اپنا حصہ لے
لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے
جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف
ہونے سے بچائے۔ فی اصطلاح
المعوذین: تعویذ ج اَحْراز.
الحَرَز بس۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو
اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی
ہو۔ج اَحْراز.
الحرِیز جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لا
حَرِیْزَ مِنْ بَیْع" یعنی اگر اس نے خواہش کے
مطابق قیمت دے دی تو میں بیچ دوں گا۔
الحَرِیْزَة. مِنَ الابلِ اُونٹ جن کو خوبی کی
وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ج حَرائِز.

حَرَسَهُ(ن ض) حَرْسًا. حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس)ج حُرَّاس و حَرَسَة و حَرَس و أَحْرَاس. حَارِس السماء و حَارِس السماك نوستاروں کے نام۔

حَرَسَ(ض) حَرْسًا و اِحْتَرَسَ. الشَّیْءَ: رات میں چوری کرنا۔

حَرِسَ(س) حَرْسًا. زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔

أَحْرَسَ. بالمکان: حفاظت کیلئے قیام کرنا۔

تَحَرَّسَ واِحْتَرَسَ. مِنْه: محفوظ رہنا، بچ کر رہنا۔

الحَرْس. س۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَیْه حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ ج أَحْرَاس.

الحَرَس. حفاظت کرنے والے۔ وحَرَسُ المَلِكِ: شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیٌّ)

الحَرَسَان. رات دن۔

الحِرَاسَة. حفاظت۔

الحَرِيسَة. بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس.

الأَحْرَس. پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔

الحِرْسَان. ٹڈی کی ایک قسم۔

الحَرْسَم. گوشہ۔

الحَرْسِم. زہر۔ موت۔

الحَرَاسِن. ایک قسم کی مچھلی۔

الحَرَاسِين. دُبلے اُونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔

حَرَشَ (ض) حَرْشًا و تَحْرَاشًا. الضَّبَّ: شکار کرنا البعیرَ: تیز چلنے کیلئے رسّی سے پیٹھ کو رگڑنا الرجُلَ: خراش لگانا۔

حَرِشَ (س) حَرَشًا. سخت ہونا۔ صفت (أَحْرَش) الرجلُ: دھکا دینا۔

حَرَّشَ. بین القوم و بین الکلاب والسباع: ایک کو دُوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔

تَحَرَّشَ. بِه: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضَّبَّ وبالضَّبِّ: شکار کرنا۔

اِحْتَرَشَ. الشَّیْءَ: جمع کرنا القومُ: اکٹھا ہونا الرجلُ: دھکا دینا اعیاله: کمائی کرنا الضبُّ: شکار کرنا۔

الحَرْش. س۔ اثر دھوکا، فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاش.

الحَرِش. کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الحُرْشَة والحَرَش. کھردراپن۔

الحَرِيش. کنسلائی۔ ج حُرُوش. کن کھجورا۔

الحَرِيش: ایک دریائی جانور۔ گینڈا، ایک قسم کا چتی دار سانپ۔

الحَرِيشَة. ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ له حَرِيشَتِي" میں نے اس کیلئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔

الحَرَّاش. مِنَ الحيات: پرانا سیاہ سانپ۔

الأَحْرَش کھردری گوہ۔ دینار احرش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار۔ ج حُرش.

الحَرْشَف. مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پرندے۔ ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ ثَمَّه غير حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِف.

الحُرْشُف. سخت زمین۔

حَرَصَ (ن) حَرْصًا. الجلدَ: چھیلنا۔ القصَّار الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا۔

حَرَصَ(ض) و حَرِصَ(س) حِرْصًا و اِحْتَرَصَ. علی الشَّیْءَ: لالچ کرنا صفت (حريص) ج حُرَصَاء و حِرَاص و حُرَّاص مؤنث حَرِيصَة ج حِرَاص و حَرَائِص.

حُرِصَ. المرعیٰ: چر کے بالکل صاف کیا جانا۔

حَرَّصَهُ. علی الشَّیْءَ: لالچ دلانا۔

تحَرَّصَ. بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو يتحرَّصُ غَدَاهم و عَشَائهم وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔

الحِرْص س۔ لالچ۔

الحَرْصَة والحَارِصَة والحَرِيْصَة. زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحَارِصة و الحَرِيْصة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔

حَرَضَ (ن ض) حُرُوْضًا و حَرِضَ (س) حَرَضًا و حَرُضَ(ک) حَرَاضَةً. مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت (حَرِضٌ و حَرَضٌ و حَارِضٌ و حَارِضَةٌ) کہا جاتا ہے "ناقة حَرَضٌ" دبلی اُونٹنی۔

حَرَضَ (ض) حَرْضًا. نفسَه: خراب کرنا، بگاڑنا۔

حَرَّضَهُ. علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دُور کرنا۔ الشَّیْءَ: خراب کرنا، بگاڑنا۔

أَحْرَضَهُ گرانا ٥ الحزنُ او المرضُ: بدن کو گھلا دینا ٥ علی الشَّیْءَ: برانگیختہ کرنا الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

حَارَضَ. علی العمل: مداومت کرنا۔ فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔

تَحَارَضُوْا. علی العمل: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

الحَرَض. س۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی حَرَضُ الثوب: کپڑے کا کنارہ۔

الحَرَض: قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بُری گفتگو۔ ج أَحْرَاض و حُرْضَان و حِرَضَة.

الحُرْض والحُرُض. اشنان جس سے

کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔

الحِرضَة گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے۔ ج حِرَض۔

حَرَفَ (ض) حَرْفًا۔ الشَّیَٔ عن وجه: پھیرنا، جھکانا عن الشَّیٔ مائل ہونا۔

لعیاله ادھر ادھر سے کمائی کرنا۔

حَرِفَ۔ فی ماله حَرْفَةً کچھ ضائع ہو جانا۔

حَرَّفَ۔ القولَ قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا القلمَ ترچھا قط لگانا۔

الشَّیَٔ کنارہ بنانا۔ جھکانا۔

حَارَفَهُ معاملہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "فَقَدْ عَلِمُوْا فی الغَزْوِ کَیْفَ نُحَارِفُ" انہوں نے یقینا جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں الرجلَ شر یا خیر کا بدلہ دینا الجرحَ سلائی سے اندازہ کرنا۔

اَحْرَفَ فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لیے مشقت برداشت کرنا۔

الناقةَ لاغر کرنا الرجلَ خیر و شر کا بدلہ دینا۔

تَحَرَّفَ عنه وانْحَرَفَ واحْرَوْرَفَ ایک جانب کو جھکنا۔ تَحَرَّفَ لِعیاله ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔

اِحْتَرَفَ پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا لاهله کمائی کرنا۔

الحَرْفُ ج حِرَفٌ کنارہ، دھار۔ جانب "حَرْفُ الجَبَلِ" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ مِنْ اَمْرِہٖ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔

الحَرْفُ: پانی بہنے کی جگہ۔ حرفُ السَّفِیْنَةِ او النهر: کشتی یا دریا کا کنارہ۔

الحَرْفُ ج حُرُوف واَحْرُف حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے فی النحو وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام حرف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔

الحُرْف رائی۔ واحد (حُرْفه)

اَلحُرْف: حب رشاد۔ واحد حُرْفَةٌ۔

الحُرف محرومی۔ بدبختی۔

الحِرْفَة پیشہ۔

حَرِیْف۔ الرجل ہم پیشہ۔ ج حُرَفاء

الحُرْفة محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔

الحَرافة چرپراہٹ۔

الحِرِّیف چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا بصل حرِّیف" یہ تیز پیاز ہے۔

المُحْتَرِف پیشہ ور۔

المِحْرَف والمِحْرَاف زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

المُحَرَّف وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔

المُحَارَف محروم۔ کم نصیب۔

حَرَقَ (ن) حَرْقًا بالنار جلانا۔ بالمبرد ریتی سے رگڑنا الشَّیَٔ بعض کو بعض سے رگڑنا۔

حَرَقَ (ن ض) حَرْقًا و حَرِیْقًا و حُرُوْقًا۔ نابه علیه دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَحْرِقُ و یَحْرُقُ عَلَیَّ الأَرَّم" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدت غضب کے لیے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔

حَرِقَ (س) حَرْقًا شعرہ کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حرِقٌ) الشعْر۔

حَرِقَ و حُرِقَ پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔

حَرَّقَهُ و اَحْرَقَه۔ بالنار جلانا۔

حَرَّقَ المرعی الابلَ پیاس لگانا۔

تَحَرَّقَ و اِحْتَرَقَ جلنا۔

حَارَقَ مُحَارَقَةً۔ المرأةَ پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔

الحَرَق والحَرْق۔ جلن۔ الحَرَق: دھوبی کے ٹھکنے سے کپڑے کی پھٹن۔

الحُرْق کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔

الحَرِق سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔

الحُرْقة والحَرْقة گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی جَوْفِه حَرْقَةٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔

الحُرَقَة والحَارُوْقَة والحُرَّاقَة شیر بُراں۔

الحُرَاق والحِرَاق ہر چیز کو بگاڑنے والا۔

الحُرَاق بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الحَرِیق آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقَی۔

اَلحَرِیْقَة عامة الناس کے نزدیک: کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا' حرارت۔

الحُرَّاق بہت کھاری پانی۔

حرَّاقة عوام کے نزدیک لقمہ طعام۔

الحَرَّاقَة کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حَرَّاقات عوام کے نزدیک حُرَّاقه اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اٹھ آئے۔

الحُرُوْق والحَرُوْق چقماق کا سوختہ۔

الحَرِیْقَة گرمی (والحَرُوْقَة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

المِحْرَقَة ریتی۔

المُحْرَقَة ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کیلئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج مُحَرَّقات۔

الحَارِقَة پیر کی رگ یا پٹھا۔

عمامة (حُرْقَانِیَة) کتھئی رنگ کا عمامہ۔

الحَرْقَلة زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِل۔

الحَرْقَدَة نرخرہ کی گرہ۔

حَرْقَصَ۔ فی المشی قریب قریب قدم رکھنا۔ الکلامَ جلدی جلدی بولنا۔

الحُرْقُوص پسو کی مانند ایک کیڑا۔ ج حَرَاقِیص۔

الْحِرْقَوْص بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔

الحَرْقَفَة سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَراقف و حَراقیف۔

الحَرْقُوف. دبلا جانور۔
حَرَكَ(ن) حَرْكًا. حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حَرَكَ حَارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ(س) حَرَكًا: کمریا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيك)مؤنث حَرِيكَة.
حَرُكَ(ک) حَرَكًا و حَرَكَةً. ہلنا۔
حَرَّكَهُ. ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ مِنّي الأمرُ:" مجھے معاملہ نے مضطرب کردیا۔
الحَارِك. فا. دونوں کندھوں کے درمیان کا لائی حصہ۔
اَلْحَرَكَةُ الْيَوْمِيَّة(فلکیات) آسمانی گیند کی گردش کا تصور جہان کے محور کے رو گرد جس کا سبب زمین کی گردش اپنے محور کے ارگرد۔
الحَرَاك. حرکت۔
الحَرِك. سبک و تیز خاطر۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ حَرِكٌ" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك. حرکت دینے کا آلہ۔ کریلنی۔
اَلْمُحَرِّكُ ج مُحَرِّكَات: مختلف جہازوں' گاڑیوں کے انجن۔
المَحْرَك. گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْكَشَتْ حَرْكَشَةً. الريحُ الاشجارَ: ہلانا۔
الحَرْكَلَة. سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاكِك و حَرَاكِيك.
الحُرْكُوك. کندھوں کے درمیان کا حصہ۔
حَرْكَلَ. الصَّائِدُ: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَوْكَلَة. ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَه (ض) و حَرِمَهُ (س) حِرْمًا و حَرِيمًا و حِرْمَانًا و حَرِمًا و حِرْمَةً و حَرِيمَةً. الشَّيَّ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)

حَرِمَ (س) حَرَمًا و حَرَامًا و حُرُمًا و حَرُمَ (ک) حُرْمًا و حُرُمًا و حُرُمَةً و حُرْمَةً و حَرَامًا. عَلَيْهِ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ(س) حَرَمًا و حَرَامًا. في القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ. الشَّيَّ: حرام کرنا۔ حَرَّمَ الصلوٰة: نماز کا تحریمہ باندھنا (واَحْرَمَ) ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَّمَه واحرمه في القمار. غالب ہونا۔ واَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔
اَحْرَمَ الشَّيَّ: حرام کرنا۔ احْرَم عن الشيَّ: رکنا، باز رہنا۔
تَحَرَّمَ. منه بِحُرْمَةٍ: کسی کے ذمہ میں آکر محفوظ ہونا۔ تحَرَّمَ بِه: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہاجاتا ہے "تحَرَّمْتَ بطعَامِكَ و مَجالِسكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے، اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لیے جائز تھا وہ ممنوع ہوگیا۔
اِحْتَرَمَهُ. ڈرنا۔ حرمت و عزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشَّيَّ: محروم ہونا۔ "لا تحتَرِم فتحتَرِم" میں دونوں معنی جمع ہوگئے ہیں۔ یعنی ڈرو مت ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ. الشَّيَّ: حرام سمجھنا۔
الحِرْم. س۔ حرام۔ ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم. احرام کا زمانہ۔
الحُرْم. س۔ حج کا احرام۔
الحَرَم. س۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس ۔ ج اَحْرَام. الحَرَمُ الاقصیٰ: بیت المقدس
الحَرَمَان. مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمَان. محرومی۔
الحُرْمَة والحُرُمَة والحُرَمَة. ذمہ، ہیبت، ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرْمَةُ

الرجل: بیوی۔ ج حُرَم و حُرُمات و حُرْمات.
الحَرْمَة. حفاظت۔
الحَرِيم. س۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِيم الرجل: جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم و احْرَام و اَحَارِيم.
الحُرُم ایک شخص کی بیویاں۔ الاَشْهُرُ الحُرُم ربعة: ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم و رجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل و قتال کو حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيْمَة. س۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہو جائے۔
الحَرَام. س۔ ضد حلال۔ ج حُرُم. کہاجاتا ہے "حرامُ اللّه لا افعل هذا" قسم کیلئے جیسے "يمينُ اللّه لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرامٌ و قومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد، احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الشهرُ الحَرَام: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ مکرمہ۔ المسجدُ الحَرَام: مسجد کعبہ۔
الحَرَامِيَّ. حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّم. قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرَّم: جس کے لیے ذمہ ہو۔ جلد محرَّم: بے کمائی ہوئی کھال سَوْطٌ محرَّم: کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔ اَعْرَابِي مُحرَّم: اُجڈ دیہاتی۔
المَحْرَم. حرام۔ ج مَحَارِم. مَحَارِم الليل: رات کے خطرات۔
المُحْرِم. احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انه لَمُحْرِم عنك" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔
المَحْرُوم. خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس

کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کرسکتا ہو۔
المَحْرَمة والمَحْرُمَة. ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحَارِم.
حَرْمَدَ. فی الامر: اصرار کرنا۔
الحِرْمِد والحِرْمَد. رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔
حَرْمَزَهٔ. لعنت کرنا۔
الحَرْمَل. کالادانہ۔
حَرَنَ و حَرُنَ (ن و ک) حُرُونًا و حِرَانًا وحِرَانًا. البَغْلُ: اڑ جانا۔ صفت مذکر ومؤنث (حَرُون) ج حُرُن. و حَرَن فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُن (ک) حُرُونة. بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا العسلُ فی الخلیّة: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے کالنے میں دشواری ہونا۔ و حَرَنَ لقطن: دھنا۔
المِحْرَن. دھننے کی کمان۔
الحَرَا. گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْتُ بَحَرَاهُ" میں اس کے صحن میں اترا۔ آواز۔ رہ۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْرَاء.
الحَرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا اَنْ یکون ذاك"
الحَرَاوَة. رائی وغیرہ کی تیزی۔
الحَرْوَة. گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔
حَرَیٰ (ض) حَرْیًا. الشَّیْءُ: گھٹنا۔ کم ہونا۔
اَحْرَیٰ. الشَّیْءَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
تَحَرَّیٰ. قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا الامرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا بالمَکَان: ٹھہرنا۔
المَحْرَیٰ والمَحْرَاة. لائق سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر محریً او محراة لذلك او بذالك" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔
الحَرِیّ. ج حَرِیُون واَحْرِیاء مؤنث حَرِیَّة ج حَرِیَّات و حرایا (الحری) ج

اَحْرَاء (الحَرَی) لائق سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنَّهٗ لحریٌ او حَرٍ او حَرَیٰ بکذا باَنْ یَّفعل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ (اخیر کلمہ کے تثنیہ وجمع نہیں آتے)
الحَارِیَة. بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہو گیا ہو۔
اَحْرِبِهٖ: فعل تعجب ہے بمعنی کس قدر لائق۔ اس کی ترکیب احر فعل امر بمعنی تعجب اس کے آخر میں ی حرف علت گرا دیا گیا ہے۔ بہ: با حرف زائد ہے اور ھا حالت رفع میں فاعل احر کا۔
الاَحْرَیٰ. زیادہ لائق زیادہ مناسب، زیادہ بہتر۔
رِجَالُ التَّحَرِّی: پولیس کی تفتیشی پارٹی جو کہ جرائم اور مجرمین کے متعلق تفتیش کرتے ہیں۔
حَزَّهٗ (ن) حَزًّا و اِحْتَزَّهٗ. کاٹنا۔ حَزَّ العودَ: شگاف ڈالنا۔
تَحَزَّزَ. شگاف پڑنا۔
حَزَّ واَحَزَّ. علی کرم فلانٍ: بڑھ جانا۔
حَزَّزَ. اَسنانه: کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّهٗ مُحَازَّةً و حِزَازًا. پوری کوشش کرنا۔
الحَزُّ. س۔ وقت۔ سخت گفتگو والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّة)
الحُزَّة. دردِ دل۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ حُزَّةَ اَتَیْتَنِی قَضَیْتُ حَاجَتَكَ" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت
الحَزَاز والحَزَازَة. سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کیلئے قوباء ہے۔
الحَزَازَة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد، گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزَازَات.
الحُزَاز والحُزَّاز. ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔
حُوَازُّ. القَلْبِ: دل کو الم پہنچانے والے

اُمور۔ واحد (حَازَّة)
الحَزِیز. سخت عمل کرنے والا ج حُزُز و حُزَّان و حِزَّان و اَحِزَّة.
الحَزَازُ: بھوسا جو کہ چھلنی کے بعد گرتا ہے۔ ایک بیماری کا نام
الحَزَازِیّ. سخت عمل کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
الحَزَازُ: سفید یا سبز پودا جو کہ پتھروں یا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔
المَحَزّ. کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "قطع فاصاب المَحَزَّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔
المِحَزّ. کاٹنے کا آلہ۔ ج محازّ. سخت گفتگو والا۔
الحَزز. سختی۔
الحُزَّة. ٹیڑھ
الخزات: سرخ یا زرد پھول کا نام
حَزَأ (ف) حَزْأً. الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا المرأة: جماع کرنا۔
اِحْزَوْزَأ. الطائرُ. پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا الابلُ: اکٹھا ہو
حَزَبَهٗ (ن) حَزْبًا. الویلُ الغمُّ: پہنچنا۔ لاحق ہونا، سخت ہونا۔ حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کر کے پڑھنا۔
حَزَّبَ. القومَ: پارٹی پارٹی کر کے جمع کرنا۔
حَازَبَهٗ. کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔
تَحَزَّبَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔ پارٹی پارٹی ہونا۔
الحَازِب. ج حَوَازِب و (الحَزِیب) ج حُزُب و حُزَّبٌ: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نَزَلَتْ بِهٖ حَوَازِبُ الخُطُوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ "وهذا امر حَزِیبٌ" یہ دشوار امر ہے۔
الحِزْب. لوگوں کی جماعت۔ ہتھیار۔ پارٹی۔ حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج اَحْزَاب. ہر وہ قوم جن کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں

ملاقات نہ ہو۔
الحزابي والحزابية. من الرجال بھٹے بدن والا۔ پست قد۔
الحيزبون والحيزبور بھوسٹ بڑھیا۔
حزر(ن ض) حزرًا و محزرة. الشئ: اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حزر قدومه يوم كذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ (وحزر (ک) حزرًا و حزورًا) النبيذ او اللبن کھٹا ہونا۔ صفت (حازر)
الحزرة. ج حزرات و (الحزيرة) من كل شي: عمدہ حصہ۔
الحازرة: حازر کا مؤنث: مضبوط قوی اونٹنی۔ طاقتور لڑکا۔ ج حزاورة کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔
الحزورة. معمه. چیستاں۔ پہیلی (عوام کی لغت ہے۔ فصیح لفظ "الاحجية" ہے۔
المحزور. غضبناک۔
حزيران. ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ۔
حزفر. القوم للقوم: جنگ کیلئے آمادہ ہونا۔ حزفر الاناء: بھرنا المتاع: باندھنا۔
حزق(ض) حزقًا. الوتر او الرباط: خوب کھینچ کر باندھنا الشئ: دبا کر نچوڑنا۔ الحمار: گوز کرنا بالحبل: رسّی سے باندھنا۔
احزقة. منع کرنا۔ روکنا۔
تحزق. سکڑنا۔
الحزق والحزقة والحازقة والحزاقة والحزيقة. آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حزيقة کی جمع حزائق و حزيق و حزق. الحزقة: ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحازوقة. ہچکی۔ (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفواق ہے)
الحزق والحزق والحزقة والحزقة والاحزقة. پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔ (والمتحزق) بدخلق۔ بخیل۔

المحزوق. من ابريق و نحوه: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حزكه(ض) حزكًا لپیٹنا اور دبانا۔ ہ بالحبل گٹھا بنانا اور باندھنا۔
احتزك. بالثوب کپڑے سے کمر کسنا۔
احزأل. الشئ اکٹھا ہونا۔ القلب: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا الحبل: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا البعير في السير: چلنے میں بلند ہونا۔
الحوزل والحوزلة پست قد۔
حزمه(ض) حزمًا و حزمة باندھنا۔
حزم(س) حزمًا سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حزم(ک) حزمًا و حزامة ہوشیاری اور دور اندیشی سے کام لینا۔ صفت (حازم) ج حزمة و حزم و احزام و (حزيم) ج حزماء. (احزم) الفرس: تنگ بنانا۔
تحزم واحتزم. رسّی وغیرہ سے کمر کسنا۔ کہا جاتا ہے "تحزم في الامر" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔
احزوزم احزيزامًا. الشئ: اکٹھا ہونا المكان: سخت و بلند ہونا۔
الحزام ج حزم و (الحزامة) ج حزائم و (المحزم والمحزمة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے۔ "اخذ حزام الطريق" وہ وسط راستہ پر چلا۔
الحزم. س. سخت و بلند زمین ج حزوم
الحزم: کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا، سینہ میں پھندا لگنا۔
الحزمة. لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحزمة. پست قد۔
الحزيم. جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ، کہا جاتا ہے "شددت لهذا الامر حزيمي" میں نے اس معاملہ کیلئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حزوم و احزمة
الاحزم. چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاحزام. پارٹیاں۔
الحيزوم سینہ کا وسط۔ سخت و بلند زمین۔ ج حيازم و حيازيم. "شد الحيازم" کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المحزم من الدابة: تنگ باندھنے کی جگہ۔
حزنه(ن) حزنًا غمگین کرنا۔
حزن(س) حزنًا. له و عليه غمگین ہونا صفت (حزين) ج حزناء و حزان و حزانى و (حزن و حزن و محزون و محزن و حزان و حزنان)
حزن(ک) حزونة. المكان: سخت ہونا۔
احزن. سخت زمین میں چلنا۔ (و حزن) الرجل: غمگین بنانا حزن القارئ: باریک آواز سے پڑھنا۔
تحزن و تحازن و احتزن. غم گین ہونا۔ تحزن عليه و لامره: دردمند ہونا۔
الحزن و الحزن. غم۔ ج احزان.
الحزن. سخت و بلند زمین۔ ج حزن و حزون.
الحزنة. من الارض: سخت زمین۔
الحزنة. سخت پہاڑ۔ ج حزن. الحزن: سختیاں۔
الحزانة اہل و عیال جن کی وجہ سے آدمی فکرمند رہتا ہے۔
الحزين. گلا۔
الحزونة زمین کی سختی۔
حزا(ن) حزوًا و حزى(ض) حزيًا و تحزى الشئ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ الطير: شگون معلوم کرنے کے لئے اڑانا۔
حزا(ن) و حزى. السراب الشئ: نمایاں کر دینا۔
احزى احزاء. الشئ: بلند و نمایاں ہونا بالشئ: جاننا۔
الحازي . فا. وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ

کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "علی الخازی هبطتُ" یعنی میں دانا اور واقف کار کے پاس پہنچا۔
اَلخَزْیُ والخزاءُ: واحد خزاءۃ و خزاۃ. اجوائن کی طرح پودا۔
حَسَّہٗ (ن) حَسًّا. قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ حسّ الدابۃَ: کھریرا کرنا البردُ الزرعَ: جلانا۔ اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے لئے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا واَحَسَّ. الشیَٔ و بالشیٔ: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ وَاَحَسَّ منه خبراً" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسَّ (س ض) حَسًّا و حِسًّا. بالخبر: یقین کرنا لفلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّہٗ. معلوم کرانا۔
تَحَسَّسَ. سننا دیکھنا الخبرَ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا الشیَٔ: حواس سے پہچاننا۔ تَحَسَّسَ منهُ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنْحَسَّتْ. اَسْنانُه: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِحْتَسَّ. الشیَٔ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الحِسّ. مص حرکت: آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ له حِسًّا" میں نے اس آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد۔ حُسُّ الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحَسّ. مص حیلہ۔ شور۔
الحَسَّة والحِسَّة. حالت۔ کہا جاتا ہے "هو فی حِسَّة سوء" وہ بری حالت میں ہے۔
الحَاسَّة. الحاسّ کا مؤنث۔ معلوم کرنے کی قوت۔ ج حَوَاسّ الحَوَاسُّ الخمس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں۔ (سننا، دیکھنا، سونگھنا، چکھنا، چھونا) "حواسُّ الارض خمس" زمین کے لئے پانچ آفتیں۔ سردی، اولے، ہوا، ٹڈی، مویشی۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بالقومِ حواسّ" لوگوں پر سخت سال گزرے۔
الحَسِیس. آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔
حِسَاس الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسِّیّ. وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسہ سے ہو اور اس کا ضد عقلی ہے۔
الحُسَاس. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد (حُسَاسَة) بدبختی۔ بدخلقی۔
حَسَّاسُ گاڑی کی ریس۔
الحُسُوس. سخت قحط کا سال۔
اَلْمَذْهَبُ الحِسِّی: ان لوگوں کا نظریہ جن کا عقیدہ ہے کہ تمام عقلی ملکیات احساس کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔
حُسَاسَات. الحیا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔
المَحْسُوس. حس ظاہری سے معلوم کیا ہوا۔ بدبخت۔ اَرْضٌ مَحْسُوسَةٌ. ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین۔
المِحَسَّة. کھریرا۔
الحَاسُوس جاسوس۔
حَسَبَهٗ (ن) حَسْبًا و حِسَابًا و حِسْبَانًا و حُسْبَانًا و حِسْبَةً و حِسَابَةً. شمار کرنا۔
حَسِبَهٗ (س ح) حِسْبًا و مَحْسَبَةً و مَحْسِبَةً. گمان کرنا۔
حَسُبَ (ک) حَسَبًا و حَسَابَةً. شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیْب) ج حُسَبَاء.
حَسَّبَ. تکیہ دینا المیتَ: کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ (واَحْسَبَه) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اٹھے کہ بس۔ کہا جاتا ہے "اعطی فَاَحْسَبَ" یعنی اس نے دیا اور بہت دیا۔
حَاسَبَه مُحَاسَبَةً و حِسَابًا. حسابات کی جانچ کرنا۔
تَحَسَّبَ. قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا۔ الخبرَ: دریافت کرنا ۵ پہچاننا۔ قصد کرنا۔
تَحَاسَبَا. ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔
اِحْتَسَبَ. الامرَ: گمان کرنا۔ شمار کرنا ما عند فلان: آزمائش کرنا۔ اِحْتَسَبَ علیه الامرَ: امر منکر سے منع کرنا به: قناعت کرنا عنه: رک جانا، باز رہنا۔ احتسب وَلَدًا لهٗ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کے لئے افترط آتا ہے) عند الله خیراً: ثواب کی امید رکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یُحْتَسَبُ به" یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں و "فلانٌ استعطانی فَاَحْتَسَبْتُهٗ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا اور میں نے اس کو کافی دیا۔
الحَاسِب. فا. حساب داں۔ ج حَسَبَة
الحَسْبُ. مص. کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَسْبُكَ درهم" اور باء کی زیادتی سے "بِحَسْبِكَ درهم" بھی کہا جاتا ہے یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے۔ وهذا رجلٌ حَسْبُكَ مِنْ رجلٍ" یہ مرد تمہارے لئے اس مرد سے کافی ہے و "زید صدیقی فَحَسْبِی او فَحَسْبُ" زید میرا دوست ہے اور میرے لئے کافی ہے۔
الحَسَبُ. حَسَبَ کا مصدر۔ عدد۔ اندازہ کہا جاتا ہے "هذا بِحَسَبِ ذاك" یہ اس کے موافق ہے واِعْمَلْ علی حَسَبِ ما اَمَرْتُكَ" یعنی کرو اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ "و حَسَبَمَا ذُکِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا۔ خاندانی شرافت، آباء واجداد کے مفاخر. الحَسَبُ: شمار کیا ہوا۔
الحِسَاب. مص. شمار۔ کافی۔ کہا جاتا ہے "اَعْطاه عَطَاءً حِسَابًا" اس نے اس کو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اتانی حِسَابٌ مِنَ النَّاس" جیسا کہ کہا جاتا ہے "جاءنی عَدَدٌ منهم و یَرْزُقُ الله مَنْ یَّشاءُ بغیرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کمی و تنگی کے رزق دیتا ہے۔ حسابُ الجُمَّل: حروف ابجد کا حساب۔ یَوْمُ

الحِسَاب: قیامت کا دن۔

الحِسَابِیُّ. حساب داں۔

الحِسْبَة. س. میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا۔ ثواب۔ جزا۔ ج حِسَب.

الحَسِیْب. خاندانی شرف والا۔ حساب جانچ کر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا"

الحُسْبَان. حساب۔ چھوٹے تیر۔ واحد (حُسْبَانَة)

کَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا اللہ کافی حساب کرنے والا ہے۔ کفی فعل ماضی' با حرف جارہ زائدہ ہے۔ لفظ اللہ فاعل بمحلا مرفوع ہے۔ حَسِیْبًا تمیز ہے۔

الحُسْبَانَة. کڑک۔ بادل۔ اولے۔ چیونٹی (وَالمِحْسَبَة) چھوٹا تکیہ۔

مُحْتَسِبُ. البَلَدِ: شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لئے جو مقرر ہو۔

حَسْبَلَ. حسبی اللہ کہنا۔

حَسْحَسَ. لَهُ: درد مند ہونا اللحم: گوشت کو انگاروں پر ڈال کر اُلٹنا پلٹنا۔

تَحَسْحَسَ. لِلقِیَامِ: حرکت کرنا اوبارُ الابل: متفرق و پراگندہ ہونا۔ گر جانا۔

حَسَدْتُ (ن ض) حَسَدًا و حَسَادَةً و حَسَّدْتُ. فلانا نعمته و علیٰ نعمته: زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لئے حصول کی تمنا کرنا۔ صفت (حَاسِدٌ) ج حُسَّاد و حَسَدَة و حُسَّد.

اَحْسَدَ. حاسد پانا۔

تَحَاسَدَا. ایک دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرنا۔

الحَسُوْد. وہ شخص جو طبعًا حاسد ہو (مذکر و مؤنث) ج حُسُد.

الحَسَّاد. بہت حسد کرنے والا۔

المَحْسَدَة. باعث حسد۔

حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا. البصرُ: نگاہ کا تھک جانا۔ الشَّیُٔ: کھل جانا الماءُ: نیچے اُتر جانا (حَسْرًا) الرجلُ او الدابةُ: تھکنا۔

حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا. الشَّیُٔ: کھولنا۔ کہا جاتا ہے "حسر کُمه عن ذِرَاعِه" یعنی اس نے آستین چڑھائی۔ "و حَسَرَتِ الجارِیَةُ خِمَارَها عن وجهِها" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرہ سے ہٹا دی۔ صفت مؤنث (حَاسِرٌ) ج حُسَّر و حَوَاسِرُ.

الحُسَّر: میدان جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں الغصن: چھیلنا البیتَ: جھاڑو دینا الدابةَ: چلا کر تھکا دینا۔

حَسِرَ (س) حَسَرًا. تھکنا۔ (حَسَرًا و حَسْرَةً) افسوس کرنا۔

حَسَّرَ. الطیرُ: پروں کا گرنا حَسَّرَهُ: افسوس کرانا۔ افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حقارت کرنا۔

اَحْسَرَ. الدابةَ: چلا کر تھکانا۔

تَحَسَّرَ. علیه: افسوس کرنا الشعرُ او الریش: گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأةُ: برہنہ رُو ہو کر بیٹھنا۔

اِنْحَسَرَ. الشَّیُٔ: کھلنا الطیرُ: پرانے پر گر کر نئے نکلنا۔

اِسْتَحْسَرَ. تھکنا۔

الحَاسِر. فا. بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔

الحَسِر. تھکانے والا۔ افسوس کرنے والا۔

الحَسِیْر. تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنے والا۔ تھکانے والا۔ ج حَسْرٰی.

الحَسْرَان. فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس و حسرت کرنے والا۔

التَّحَاسِیْر. مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (تَحْسِیْر)

المَحْسِر و المَحْسَر. چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَلِیْحُ المنظر و کَرِیْم المَحْسَر" فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم ہے۔ طبیعت۔ ج مَحَاسِر. کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَارِیَةُ المَحَاسِر" بغیر نباتات والی زمین۔

المِحْسَرُ. جھاڑو۔

المَحْسُوْرُ. البَصرِ: تھکی ہوئی نگاہ والا۔

حَسَفَت (ض) حَسْفًا و حَسِیْفًا الحَیَّةُ: پھنکارنا (حَسَفَ (ض) حَسْفًا) السحابَ: چلنا الغنمَ ہانکنا التمرَ: صاف کرنا القرحَ: چھیلنا۔

(حَسْفًا و حُسَافًا) الزَّرْعَ: کاٹنا۔

حَسِفَ (س) حَسَفًا. لَه: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔

اَحْسَفَ. التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔

حَسَّفَ. التمر: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔

حَسَّفَ. التمر: ردی کھجوروں سے صاف کرنا۔

تَحَسَّفَ. الجلدُ: چھلنا ادبارُ الابل: اُونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔

اِنْحَسَفَ. الشَّیُٔ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا۔

الحُسَاف کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔

الحُسَافَة ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے۔ "فلان لا یعطی مِنَ البُرِّ الانسافَتَه و مِنَ التمر الاحُسَافَتَه" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔

حُسَافَةُ النَّاس: رذیل لوگ۔ (الحُسَافَة والحَسِیْفَة) دشمنی۔ غصہ۔ کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَسِیْفَةِ نَفْسِه" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔

حَسِكَ (س) حَسَكًا. علیه: غضبناک ہونا۔ صفت (حَسِكٌ) الدابةُ: چارہ کھانا، دانہ چبانا۔

اَحْسَكَ. الدابةَ: چارہ دینا۔

النبات: کانٹے دار ہونا۔
الحَسَك. س کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (حَسَكة)
الحَسِيْكة. جانور کا دانہ۔ سیپی۔
(والحَسَكة والحُسَاكة) دشمنی۔ کینہ۔
الحَسِيْك. پست قد۔
حَسَلَ (ن) حَسْلًا. الشَّئَ: ذلیل کرنا۔
الدابة: تیز ہانکنا۔
حُسِلَ. بِهٖ: ذلیل کیا جانا۔
حَسَّلَ. بنفسه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔
تَحَسَّلَ واحْتَسَلَ. گوہ کے بچے کا شکار کرنا۔
الحِسْل. گوہ کا بچہ۔ ج حِسَلَة و اَحْسَال و حُسُول و حِسْلَان. کہا جاتا ہے "لَآ آتیك سِنَّ الحِسْلِ" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدة بقاء سن الحسيل ہے۔ ابوحِسْل و ابو حُسَيْل: گوہ۔
الحُسَالَة. چاندی۔ چاندی کے ذرات زجو وغیرہ کی بھوسی۔ (والحَسِيْلَة). قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الحَسِيْل. گائے کے بچے۔ واحد (حَسِيْلَة) گھٹیا چیز۔ ج حُسُل.
المَحْسُوْل. گھٹیا۔ ردی۔
حَسَمَهٗ (ض) حَسْمًا. جڑ سے کاٹنا۔
حَسَم العِرْق رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔ الداءَ: مرض کو دوا سے دور کرنا۔
حَسَمَهُ الشَّئَ: روکنا، منع کرنا۔
اِنْحَسَم. جڑ سے کٹنا۔
الاَحْسَم. باخبر فیصلہ کن مرد۔
الحُسُوْم. نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "اَيَّامٌ حُسُوْمٌ" على الوصف "اَيَّامُ حُسُوْمٍ" على الاضافة یعنی نامبارک و منحوس دن۔

الحُسَام. شمشیر بُراں۔ حُسَام السيف: تلوار کی دھار۔
المَحْسَمَة کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هذا مَحْسَمَةٌ للداء" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔
حَسَنَ و حَسُنَ (ک ن) حُسْنًا. خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَن) ج حِسَان و (حُسَان) ج حُسَانون و (حَاسِن و حَسِيْن) مونث حَسَنَة و حَسْنَاءُ ج حِسَان و حَسَنَات اور مبالغہ کے لئے (حُسَّان) مؤنث حُسَّانَة.
حَسَّنَهٗ. آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
حَاسَنَهٗ مُحَاسَنَةً خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے اِنِّی لُاحَاسِنُ بِكَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔
اَحْسَنَ. نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
الشَّئَ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلان يُحْسِن القرائة" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے الیہ وبہ: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔
تَحَسَّنَ. خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
بکذا: آراستہ ہونا۔ موڈنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّام فتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَهٗ. اچھا جاننا۔
الحُسْن. جمال و خوبصورتی۔ ج مَحَاسِن (خلاف قیاس) المحاسن: بدن کے خوبصورت مواقع حُسْنُ سَاعَةٍ: ایک قسم کی نباتات ہے، جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کیلئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ سِتُّ الحُسْن: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔
الحُسْن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
الحَسَن. س کہنی کے پاس کی ہڈی۔

بلند ٹیلہ۔ الحَسَنَان: سیدنا حسن و سیدنا حسینؓ
الحَسَنَة. نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنَات.
الاَحْسَن. حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنٰی اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُحَيْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اُحَيْسِن زيدًا" احاسِن القوم: قوم کے خوبصورت لوگ۔
الحُسْنٰی. اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَيَات و حُسَن الاسماء الحُسْنٰی: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔
الحُسْنَيَان. فتح مندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "حُسَيْنَاه و حُسَيْنَاءُ هُ اَنْ يفعلَ كذا" اس کیلئے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔
الحَسُّوْن. ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔
المِحْسَان. بہت بھلائی کرنے والا۔
التَّحَاسِيْن. اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "ما اَبْدَعَ تَحَاسِيْنَ الطَّاوُسِ و تَزَايِيْنَه" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادار اور عجیب ہے۔
المَحْسَنَة. سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "هذا طعامٌ مَحْسَنَةٌ للجِسْمِ" یہ خوراک جسم کیلئے باعث حسن ہے۔
الحِسْنَة. پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔
حَسَا (ن) حَسْوًا و تَحَسّٰى واحْتَسٰى المرق: تھوڑا تھوڑا پینا الطائرُ الماءَ: چونچ سے پانی پینا۔
حَسّٰى واَحْسٰى و حَاسٰى. الرجل المرق: تھوڑا تھوڑا پلانا۔
تَحَاسَيَا: ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
الحَسْو والحَسَا والحَسَاء والحَسُوُّ. ہر رقیق چیز جو پی جاسکے۔ اور اسی سے ہے "يَوْمٌ كَحَسْوِ الطَيْر" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک

قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الحَسُوُّ بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا۔
الحَسْوَة. حسا کا اسم مرۃ: گھونٹ۔ ج حَسَوَات.
الحُسْوَة. ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ۔ کہا جاتا ہے "فی الاِناء حُسْوَة" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج اَحْسِیَة واَحْسُوَة وجج اَحاسٍ.
الحَسِیَّة وہ چیز جو پی جاسکے۔
حَسِیَ(ض) حَسْیًا و اِحْتَسیٰ. نرم دلدلی زمین۔
المِحْسَاة پانی کھینچنے کا بیل۔
حَشَّ(ن) حَشًّا. العشبَ کاٹنا النارَ: سلگانا اور کریدنا الحربَ: بھڑکانا الفرسَ: گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَحُشُّكَ و تَروثُنی" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ بُرائی سے پیش آتا ہے المالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا الصیدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیدُ: شل ہونا الولدُ فی بطن الناقة: پیٹ میں خشک ہونا۔
الفرسُ تیز دوڑنا۔
اَحَشَّ. الکلاءُ کاٹنے کا وقت قریب آنا الارضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔
اَحَشَّہٗ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا اَحشتِ الناقةُ او المراۃُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) اَحشَّة عن حاجته: جلدی کرانا۔
اِحْتَشَّ. الحَشِیْشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَحَشَّ. الرجلُ: پیاسا ہونا الغصنُ: لمبی ہونا الیدُ: شل ہونا۔
العظمُ: باریک ہونا۔
الحشیش خشک گھاس۔ واحد (حَشِیْشَة)
الحَشِیْشَة بھنگ۔
حَشِیْشَةُ الِملاك یورپ میں پودا پیدا ہوتا ہے کمل کی تیاری کے واسطے کام آتا ہے۔
الحُشَاشَة والحُشَاش مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حشاشاك ان تفعل کذا": تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَشُّ والحُشُّ والحِشُّ. باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ پائخانہ۔ ج حشوش و حُشون.
الحُش بالضم ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ
الحِشُّ بالکسر: بچہ۔ الحَشُّ بالفتح: چھوٹا مر جھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حشان.
الحُشَّة بُرا قبہ۔
الحِشَاش. گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَحِشَّة.
الحَشَّاش. گھاس کا جمع کرنے والا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُوْن و حَشَّاشه.
الاُحْشُوْش والمَحْشُوْش ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔
المَحَش والمَحْشَة. بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاشّ. المحَشَّة زبر۔
المِحَشّ گھاس کاٹنے کی درانتی۔
(والمِحَشَّة) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلنی۔ المِحَشُّ ذلاور۔
حَشَا(ف) حَشْئًا. النار روشن کرنا۔
ہ بسهمٍ: کسی کے جوف میں تیر مارنا ہ
بسوط: پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔
المِحْشَأ موٹا کمبل۔ ج مَحَاشِئ.
اَحْشَبَہٗ غضبناک کرنا۔
اِحْتَشَبُوْا اکٹھا ہونا۔
الحَوْشَبَة لوگوں کی جماعت۔
الحَوْشَب خرگوش۔ بچھڑا۔ نر لومڑی۔ دُبلا پھولے ہوئے پہلووں والا (ضد)
حَشْحَشُوْا و تحَشْحَشُوا اُٹھنے کیلئے حرکت کرنا۔ حَشْحَشَةً: النار: جلانا۔
تَحشْحَشَ القومُ متفرق ہونا۔
حَشَدَ(ن ض) حَشْدًا. الشیَٔ جمع کرنا۔ (حُشُوْدًا) الزرعُ: پوری طرح اُگنا الناقة تھن میں دودھ جمع کرنا القومُ پکار کا جلدی جواب دینا۔
حَشَّدَ. الشَّیَٔ جمع کرنا۔
اَحْشَدَ و تَحَشَّدَ و تَحاشَدَ و اِحْتَشَدَ القومُ ایک مقصد کیلئے جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَدَ لنا فی الضِیَافَة" اُس نے مہمانی میں دریا دلی سے کام لیا۔ "و اِحْتَشَدَ لِفُلان فی کَذَ" اُس نے فلاں کیلئے تیار کیا۔
الحَشْد. س (والحَشَد) جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندی حَشَد مِنَ الناسِ" میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ ج حُشُود.
الحَاشِد. فا بغیر کوتاہی کے اُونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔ بہت دانوں والا کھجور کا گچھا۔ مستعد و تیار۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حافِدٌ حاشِدٌ" فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنے والا ہے۔
الحَشِدُ وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ ج حُشُد. عین حُشُدٌ: چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔
الحَشُوْد. تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اُونٹنی۔
المَحْشُوْد وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔
المَحَاشِد محفلیں۔ مجلسیں۔
حَشَرَ(ن ض) حَشْرًا. الناسَ جمع کرنا ہ عن و طنه: جلا وطن کرنا۔ حَشَر الجمعَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا العودَ: چھیلنا اور باریک کرنا السنةُ الشدیدةُ المالَ نال یعنی اُونٹوں کو لاغر کر دینا اور ہلاک کر دینا۔
حُشِرَ و اُحْتُشِرَ. فی راسه بڑے سر والا ہونا۔ علیٰ هذا القیاس. حَشِرَ فی بَطْنه بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ حُشِرت

الوُحُوْش: مرنا وہلاک ہونا۔
الحشر. س مِنَ الاذان: باریک کان۔ کہا جاتا ہے۔ "اُذُنٌ حَشْرٌ" واُذُنانِ حَشْرٌ واٰذان حَشْرٌ. ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔ اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔
الحشر مِنَ الاسنّة. باریک نیزہ۔ ج حُشْر. یَوْم الحَشْر: قیامت کا دن۔
الحُشارۃ. معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الحُشارۃ" کی تصحیف ہے۔)
الحَاشِر. فا. ج حَاشِرون و حُشّار.
الحَشَرۃ. چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ ج حَشَر.
الحَشَرۃ. ج حَشَرات: کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور۔
الحُشْر. بھوسی۔
الحَشْوَر. بڑے پیٹ والا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔ لطیف قدوقامت والا۔ کہا جاتا ہے "فرس حَشْوَر" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔
المَحْشَر والمَحْشِر. لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
حَشْرَجَ حَشْرَجَۃً. جاں کندنی کے وقت گھنگرو کا بولنا۔
الحَشْرَج. آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔
حَشَفَ (ض) حَشْفًا. الضرعُ: دودھ خشک ہو جانا۔
اَحْشَفَت. النخلۃُ: ردی کھجور والا ہونا ضَرعُ الناقۃ: سکڑنا۔ سمٹنا۔
حَشَّفَ. عینَہ: آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔
تَحَشَّفَ. پرانا کپڑا پہننا۔
اِسْتَحْشَفَ. اُذُنُ الاِنْسَان: خشک ہو کر سمٹنا ضَرْعُ الاُنثیٰ: سکڑنا۔ سمٹنا۔
الحَشَف. ردی کھجور "اَحَشَفًا وَ سُوْءَ کَیْلَۃ:" ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بری عادتیں جمع ہوں۔ جیسے اُردو میں "کریلا اور نیم چڑھا"۔ خشک پستان۔

الحَشَفَۃ. ڈنٹھل جو کھیت کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔ خشک خمیر۔ گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج حِشاف.
حَشَكَ (ض) حَشْكًا و حُشُوْكًا. الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا السحابُ: بہت پانی والا ہونا النخلۃ: بہت پھلدار ہونا۔ صفت (حَاشِك) الوادی: پانی کو باہر پھینک دینا۔
القومُ: جمع ہونا الریحُ: مختلف جہات سے چلنا الناقۃُ لبنَھا: تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حَشُوْك) الناقۃ: دودھ جمع ہونے کے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (مَحْشُوْکَۃ)
حَشِكَت (س) حَشْكًا. الدابۃُ: جو وغیرہ چبانا۔ حَشِكَ اللبنُ فی الضرع: جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔
اَحْشَكَ. الدابۃ: جو وغیرہ کھلانا۔
تَحَشَّكَ. الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا۔
الحَشْکَۃ. بارش کی بوچھاڑ۔
الحَشَکَۃ. جماعت۔ کہا جاتا ہے "جاءُ وا بَحَشْکَتِھِمْ" لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے۔
الحَشِیْکَۃ. جانوروں کے کھانے کیلئے جو وغیرہ (الریح الحواشك) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حَاشِکَۃ)
الحُشَاکَۃ والحُشَاك. لکڑی جو جانور کے بچّے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔
حَشَل (ن) حشْلًا. الشَّیُ: حقیر وذلیل کرنا۔
الحَشْل. حقیر وذلیل چیز۔
حَشَمَہٗ (ن ض) حَشْمًا. ناپسند بات سنا کر غضبناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔
الشَّیُ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے ما حَشَمَ الصَّیْدَ اِس نے شکار کو نہیں پایا و "مَا حَشَمَ مِن طَعَامِنَا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشَمَ (ض) حُشُوْمًا تھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا منہ: منقبض ہونا۔
حَشِمَ (س) حَشَمًا. غضبناک ہونا۔
حَشَمًا: غضبناک کرنا۔
حَشَّمَہٗ واَحْشَمَہٗ. غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ وحَشَّمَہٗ: تکلیف پہنچانا۔
حَاشَمَہٗ: غضبناک پر برانگیختہ کرنا۔
تَحَشَّمَ. مِن فلان: شرم کرنا۔ مذمت سے بچنا۔
اِحْتَشَمَ. منہ و عنہ: غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔
حَشَمُ. الرجل: نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل و عیال۔ قرابت ج اَحْشَام.
الحَشْمَۃ. غضب۔
الحِشْمَۃ. شرم و حیا۔ انقباض۔ غصہ و غضب۔
الحُشْمَۃ. عورت، قرابت، ذمہ داری۔
الحَشِیْم. کامل حیادار۔ پڑوسی۔ مہمان ج حُشَمَاء.
حَشِنَ (س) حَشَنًا. السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔
اَحْشَنَ. السقاءَ: بدبودار کرنا۔
حَاشَنَہٗ. باہم گالی گلوچ کرنا۔
تَحَشَّنَ. میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔
الحَشَن. س۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔
الحِشْنَۃ. کینہ۔
حَشَا (ن) حَشْوًا. الوِسَادَۃَ بالقُطْن: تکیہ میں روئی بھرنا الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھئے لفظ الحشا
حَاشَاہ. تھوڑی چیز دینا۔
اِحْتَشیٰ اِحْتِشَاءً. بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَتِ الرُّمَانَۃُ بالحَبِّ" انار دانوں سے بھر گیا۔ واحْتَشیٰ مِنَ الطَّعَامِ "۔

کھانے سے آسودہ ہو گیا۔ "اِحْتَشَتِ المرأۃُ الحَشِیَّۃَ وبہا" عورت نے حَشِیَّۃ کا استعمال کیا۔ (دیکھئے لفظ الحَشِیَّۃ)

الحَاشِیَۃ۔ مِنَ الناسِ والإبلِ: چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشَا۔ پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج اَحْشَاء۔ کہا جاتا ہے "اَنَا فِی حَشَا فُلانٍ" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "و فلانٌ خیرهم حَشًا" فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔

الحَشْو۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اُونٹ۔ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ۔ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج المَحَاشِی۔ (خلافِ قیاس)

الحِشْوَۃ والحُشْوَۃ۔ مِنَ البطنِ آنتیں۔ ردی چیز۔ کہا جاتا ہے "ھو مِنْ حُشْوَۃِ بنی فُلانٍ" وہ بنو فلاں کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔

الحَشِیَّۃ۔ توشک۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج حَشَایا۔

الحَشَوِیُّ۔ بک بک کرنے والا۔

المَحْشَی۔ پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

المِحْشَی۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج مَحَاشِی

المُحَشَّاۃ۔ مِنَ البطنِ پیٹ کا وہ نچلا حصہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہنچتا ہے۔

حَشِیَ (س) حَشًی۔ الرجلُ ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ السِقَاءُ مشک کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔

حَشَّی۔ الثوبَ گوٹ لگانا۔ الکتابَ: حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشٍّ) اور مفعولی (مُحَشًّی)

حاشا مُحَاشَاۃً۔ زیدًا مِنَ القومِ استثناء کرنا۔

تَحَشَّی۔ فلانًا استثناء کرنا۔ تَحَشَّی مِنَ الشَّیْءِ: و (تَحَاشَی) عن الشَّیءِ بچنا، دور رہنا۔ وتَحَشَّی فلانٌ مذمت سے بچنا۔

الحَشَی۔ ضیق النفس کی بیماری۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں جیسے کلیجی، تلی، اوجھڑی وغیرہ ج اَحْشَاء۔

حَاشَا۔ کلمہ استثناء جس کے ذریعہ مستثنٰی کو مستثنٰی منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے ضربتُ القومَ حاشا زیدًا یہی وجہ ہے کہ صلّی النَّاسُ حَاشَا زیدًا کہنا مستحسن نہیں، اس لئے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر حاشا فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرفِ جر ہو تو مابعد حاشا پر جر آئے گا۔

الحَاشِیَۃ۔ گوٹ۔ کنارہ۔ اہل و عیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَوَاش۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ رقیقُ الحواشِی" اچھی صحبت کا مرد۔ "وکَلامٌ رقیقُ الحواشِی" نرم گفتگو۔

الحَشِی مؤنث حشیۃ و (الحَشْیَان) مؤنث حَشْیاء ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے والا۔

حَصَّ (ن) حَصًّا۔ الشعرَ مونڈنا۔ الجلیدُ النَبْتَ پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ حَصَّنی مِنَ المالِ کذا مال میں سے حصہ مقرر کرنا۔ الشَّیْءَ گھٹانا۔ کاٹ لینا۔

حَصَّ (س) حَصَصًا گرے ہوئے سر کے بال یا کم بال والا ہونا۔ صفت (اَحَصّ)

حَصْحَصَ۔ الامرُ ظاہر ہونا۔

اَحَصَّ۔ حصہ دینا۔ اَحَصَّہ المکانَ جگہ میں اُتارنا۔

حَاصَّ مُحَاصَّۃً۔ الغرماءُ حصے تقسیم کرنا۔

تَحَاصَّ۔ القومُ الشَّیْءَ آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِنْحَصَّ۔ الشعرُ جھڑنا گرنا۔ اللِّحیۃُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا۔ الذَّنَبُ کٹ جانا۔

الحَصَص۔ سر کے بالوں کی کمی۔ سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّۃ۔ حصہ۔ ج حِصَص۔

الحُصّ۔ زعفران۔ موتی۔ ج حُصُوص و اَحْصَاص۔

الحُصَاص۔ دوڑنے کی تیزی۔ خارش۔ گوز۔

الحُصَاصَۃ۔ انگور کاٹنے کے بعد ٹٹی میں جو باقی رہ جائے۔

الحُصَاصَاء۔ خاک۔

الحَاصَّۃ۔ ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔

الاَحَصّ۔ سر میں کم بالوں والا۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں۔ مِنَ الطیورِ پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں۔ مؤنث حَصَّاء۔ یَوْمٌ اَحَصُّ بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن۔ سَیْفٌ اَحَصُّ بغیر جوہر کے تلوار۔ سَنَۃٌ حَصَّاءُ خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو۔ رِیحٌ حَصَّاءُ بغیر غبار کے صاف ہوا۔

الحَصِیص۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "حَصِیصُهُمْ کذا" ان کی تعداد اتنی ہے۔ گدھے، اُونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِیصَۃ۔ مونڈ کر یا اُکھیڑ کر حصے کئے ہوئے بال۔ کان کے بال۔

حَصِئَ (س) حَصًا و حَصْئًا۔ الرضیعُ: شکم سیر ہو کر دودھ پینا۔ مِنَ الماءِ سیراب ہونا۔

اَحْصَاَ۔ سیراب کرنا۔

حَصَبَ (ن ض) حَصْبًا کنکری سے مارنا و (حَصَّبَ) المکانَ کنکر بچھانا۔

حَصَبَ فی الارضِ جانا۔ عنہ تیز بھاگنا

حَصَبَہ عن کذا دور کرنا۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا و حُصْبًا خسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ صفت (مَحْصُوب)

حَصِبَ الوترُ تانت کا کمان سے اُلٹ جانا۔

اَحْصَبَ. الفرسُ فی عدوہ: کنکری اُڑانا عنہ: اعراض و رُوگردانی کرنا ٥ عن کذا: دُور کرنا۔

تَحَصَّبَ. الحمامُ: دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اُڑنا۔

تَحاصَبُوا. ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا۔

الحَصَب. پتھر۔ سنگریزہ۔ ایندھن۔

الحَصِب. دودھ جس کا مکھن سرد ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔

الحَصْبَة والحَصَبَة والحَصِبَة. (ایک بیماری کا نام) الحَصِبَة: کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ ارضٌ حَصِبَةٌ: بہت کنکری والی زمین۔ لَیْلَة الحَصْبَة: ایام تشریق کے بعد والی رات۔

الحَصْباء. سنگریزہ کنکری۔ واحد (حَصبة)

الحَاصِب. فا. کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ اولہ۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج حَواصِب.

المَحْصَبَة. بہت کنکریوں والی زمین۔

حَصْحَصَ حَصْحَصَةً. الحقُّ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا الرجلُ: قید میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الشَّئَ فی الشَّئِ: مضبوط و مستحکم کرنے کیلئے حرکت دینا التراب وغیرہ: دائیں بائیں ہلانا۔

تَحَصْحَصَ. زمین سے چمٹنا اور برابر ہونا۔ الوبرُ و الزئبرُ: اُون یا روئیں کا جھڑ جانا۔

الحَصْحَاص والحِصْحِصُ. مٹی والحِصْحِصُ: پتھر۔ رجل (حُصْحُصٌ و حُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہنچنے والا۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا و حِصادًا و حَصادًا و اِحْتَصَدَ. الزرعَ: دارنتی سے کاٹنا۔ اسی سے ہے "مَنْ زَرَعَ الشرَّ حَصَد الندامۃَ" جو بُرائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا۔ صفت (حاصِد) ج حَصَدَة و حُصّاد القومَ بالسیف: قتل کرنا۔

حَصِدَ (س) حَصَدًا. الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا الدرعُ: مضبوط بناوٹ کا ہونا۔

اَحْصَدَ. الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب ہونا الحبلَ: بٹنا۔

اِسْتَحْصَدَ. القومُ: جتھا بننا الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا الرجلُ: غضبناک ہونا۔

الحَصّاد. کھیت کاٹنے والا۔

الحِصاد والحَصاد. س. کھیت کاٹنے کا وقت۔ الحَصاد: کٹی ہوئی کھیتی۔ حَصادُ الشجرۃ: درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخذُوا حَصاد الشجر" اُنہوں نے درخت کا پھل لیا۔ حَصادُ البُقولِ البَرِّیَّۃ: دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔

الحَصَد والحَصِیدُ والحَصِیدَة: کھیت کا کٹا ہوا حصہ۔ الحَصِیدَة: کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو دارنتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی۔ ج حَصائد. و حَصائدُ الالْسِنَۃِ: جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔

الاَحْصَد. مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہو۔ مؤنث حَصْداء دِرعٌ حَصْداءُ: تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔ شَجَرَۃٌ حَصْداءُ: بہت پتوں والا درخت۔

المِحْصَد. دارنتی۔

حَصَرَهُ (ن ض) حَصْرًا. تنگی ڈالنا۔ گھیرنا الشَّئَ: پورا لے لینا القومُ: بفلان: تنگی ڈالنا البَعیرَ: اُونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔

حُصِرَ. قبض ہونا۔

حَصِرَ (س) حَصَرًا. بخل کرنا۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا بالسِّر: چھپانا الرجلُ: تنگ دل ہونا عن الشئ: شرم کر کے چھوڑ دینا۔ صفت (حَصِر و حَصُور و حَصِیر)

حاصَرُوا حِصارًا و مُحاصَرَۃً. العدوَّ: محاصرہ کرنا۔ گھیر ڈال کر آمد و رفت روک دینا۔

اَحْصَرَهُ. عن السفر: روکنا ٥ المرضُ او البولُ: مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔

اُحْصِرَ. قبض ہو جانا۔

اِنْحَصَرَ. تنگ ہونا۔

اِحْتَصَرَ. البعیرَ: گدیلا باندھنا۔

اَلْحِصار. گدیلا جو اُونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔

الحُصْر والحُصُر. قبض۔

الحَصِیر. بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "دابۃ عَرِیضُ الحَصِیرین" چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ مونڈھے سے کر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ۔ اور اسی سے ہے۔ "اَثَّرَ حَصِیرُ الحَصِیرِ فی حَصِیرِ الحَصِیرِ" یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُصُر و اَحْصِرَۃ.

اَلْحَصِیرَۃ. بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت ج حَصائر.

المِحْصَرَۃ. للجمل: گدیلا۔

المُحْتَصِر. شیر۔

الحَصِیرِیُّ. چٹائی بیچنے والا۔

الحَصُور. تنگ دل، بخیل۔ خوفزدہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا۔ باوجود طاقت کے عورتوں کی طرف رغبت نہ رکھنے والا۔

الحَصْرَبَة. تنگی، بخل۔

حَصْرَمَ. القوسَ: مضبوطی سے تانت کسنا۔ الحبلَ: مضبوط بٹنا القربۃَ: بھرنا القلمَ: تراشنا۔

تَحَصْرَمَ. بخیل و تنگ دل ہونا۔

الحِصْرِم. کچا سبز انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمَۃ) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔ الحِصْرِم: کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔

حَصُفَ (ک) حَصافَۃً. عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا۔ صفت (حَصِف و حَصِیف)

حَصِفَ (س) حَصَفًا. خشک خارش والا ہونا۔
حَصَفَهُ (ن) حَصْفًا. دُور کرنا۔
اَحْصَفَ. تیز دوڑنا۔ صفت (مُحْصِف و مِحْصِف و مِحْصَاف) اَحْصَفَهُ: دور کرنا۔
الامرَ: مضبوطی سے کرنا النسِيْجَ: گف بنا الحَبْلَ: مضبوط بٹنا: الحرُّ فُلانًا: خشک خارش میں مبتلا کر دینا۔
اِسْتَحْصَفَ. الشَّئُ: مضبوط ہونا۔
القومُ: اکٹھا ہونا الدهر عليه: سخت ہونا الحبلَ: مضبوط بٹنا۔
الحَصِيْف. ہر بے عیب مضبوط چیز۔
الحَصَف. خشک خارش۔
حَصَلَ (ن) حُصُولًا و مَحْصُوْلًا. الشَّئُ: حاصل ہونا۔ ثابت ہونا۔ باقی رہنا۔ کہاجاتا ہے "حَصَلَ عَلَيْهِ مِنْ حَقِّي كَذَا" اس کے اوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا لَه كَذَا: واقع ہونا عنده كَذَا: پایا جانا على الشَّئُ: جمع کرنا اور مالک ہونا لی علیك كَذَا: ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَصِلَتْ (س) حَصَلًا. الدابةُ: جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ. الشَّئَ او العِلمَ: حاصل کرنا۔
الكلامَ: نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا۔
الدَّيْنَ: جمع کرنا۔
تَحَصَّلَ. الشَّئُ: اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔
مِنَ المَسْئَلَةِ كَذَا: کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الحَاصِل. فا. کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی مِن كل شيء: بقیہ عند المُحاسِبِيْن: حاصل ضرب۔ مخزن (مولّدة) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ عَيْنِ الماءِ" پانی کی ٹینکی۔ ج حَوَاصِل.
الحَصِيْل. حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی نباتات۔

الحَصِيْلَة. تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ بقیہ۔ ج حَصَائِل. کہاجاتا ہے "ما حَصِيْلَتكَ وما حَصَائِلكَ" تمہارا حاصل کردہ کیا ہے۔
المَحْصُوْل. حاصل۔ کہا جاتا ہے "هذا مَحْصُوْلُ كَلَامِهٖ" یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "وما لِفُلَانٍ مَحْصُوْلٌ وَلَا مَعْقُوْلٌ" یعنی فلاں کے لئے رائے و تمیز نہیں ہے۔
حَصُنَ (ک) حَصَانَةً. مضبوط و استوار ہونا۔ صفت (حَصِيْن)
حَصُنَتْ حُصْنًا و حِصْنًا و حصانة المرأةُ: پاکدامن ہونا۔ صفت (حَصَان) ج حُصُن و حَصَانَات و (حَاصِنٌ و حَاصِنَة) ج حَوَاصِن و حَاصِنَات. و (حَصْنَاء)
حَصَنَهُ (ن ض) حَصْنًا. مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ و اَحْصَنَ. المكانَ: مضبوط بنانا۔
اَحْصَنَ: المرأةَ: شادی کرنا۔ اَحْصَنَتِ المرأةُ: شادہ شدہ ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت (مُحْصَنَة) بفتح الصاد. اَحْصَنَ الرَّجلُ: شادی شدہ ہونا۔ صفت (مُحْصَن)
تَحَصَّنَ. اپنے لئے قلعہ بنانا۔ تَحَصَّنَتِ المرأةُ: عفیفہ و پاکدامن ہونا الفرسُ: اصیل ہونا۔
الحِصْن. محفوظ و بلند جگہ۔ قلعہ۔ ہتھیار ج حُصُوْن. و اَحْصَان و حِصَنَة.
الحَاصِن والحَاصِنَة. پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں۔ ج حَوَاصِن و حَاصِنَات.
الحَواصِن: حاملہ عورتیں۔
الحَصَان. موتی۔
الحِصَان. اصیل گھوڑا۔ ہر نر گھوڑا۔ ج اَحْصِنَة و حُصُن.
الحَصِيْن. مِنَ الاماكن: مضبوط۔ کہاجاتا ہے "دِرْعٌ حَصِيْنٌ" مضبوط زرہ۔ و "حِصْنٌ حَصِيْنٌ" مضبوط قلعہ۔
اَبُو الحُصَيْن. مُصَغرًا: لومڑی۔
المِحْصَن. زنبیل۔ تالا۔ محل۔

حَصَا (ن) حَصْوًا. ہ: روکنا۔ منع کرنا۔
الحَصْوا. پیٹ کا درد۔
حَصَىٰ (ض) حَصْيًا. الرجلَ: کنکری سے مارنا۔
حُصِيَ. مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت (مَحْصِيٌّ)
حَصِيَت (س) حَصًا. الارض: بہت کنکری والی ہونا۔ صفت (مُحْصَاة)
حَصَّاهُ تَحْصِيَةً. بچانا۔
اَحْصَىٰ. الشَّئَ. شمار کرنا۔ کہاجاتا ہے "هٰذَا الاَمْر لا اُحْصِيْه" یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔
تَحَصَّىٰ. بچنا۔ الحَصَىٰ. کنکری۔ واحد (حَصَاة) ج حَصَيَات و حُصِيٌّ و حِصِيٌّ و طَرْق الحَصَىٰ: کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ والحَصَاة: عدد۔ عقل و رائے۔ کہاجاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاةِ" فلاں عاقل ہے۔
الحَصِيُّ. بڑا عقلمند۔
اَرْضٌ (حَصِيَةٌ) بہت کنکریوں والی زمین۔ نہر۔ (حَصَوِيُّ) بہت کنکری والی ندی۔
حَضَّهُ (ن) حَضًّا و حُضَّضَهُ. على الامر: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَاضَّ. القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
اِحْتَضَّ. نفسَه: اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔
الحَضَض. چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہاجاتا ہے "ما عنده حَضَضٌ ولا بَضَضٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔
الحَضُّ والحِضِّيْضَىٰ والحُضَيْضَىٰ حَضَّ کا اسم مصدر۔
الحُضَّيُّ. دامن کوہ کا پتھر۔
الحَضِيْض. دامن کوہ۔ ج اَحِضَّة و حضض. پست زمین۔ اور علمِ ہیئت کی اصطلاح میں اُس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے

مقابل ہے۔

الحَضِيْضَة. شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخرَجْتُ اِلَيْهِ حَضِيْضَتِي و بَضِيْضَتِي" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کردی۔

الحَضوْضىٰ. دُوری۔ آگ۔

حَضَبَ(ض) حَضْبًا واَحْضَبَ النارَ: ایندھن ڈالنا۔

تَحَضَّبَ. دشوار گزار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔

الحِضْب والحُضْب. کمان کی آواز۔ دامن کوہ۔ ج اَحْضَاب.

حَضَجَ(ن) حَضْجًا. النارَ: جلانا۔ الشَّئَ فی المَاء: ڈبانا بفلان: پچھاڑنا به الارضَ: پٹک دینا۔

حَضَّجَ. الكلامَ: کوتاہی کرنا۔

اِنحَضَجَ. الرجلُ: غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔

الحُضَاج. وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو۔

الحِضَاج. بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگادی گئی ہو۔

المِحْضَج والمِحْضَاج. آگ ہلانے کی کریلنی۔ المِحْضَاج: کپڑا دھونے کی موگری۔

اِمرأة مِحْضَاج. کشادہ پیٹ والی عورت۔

حَضَاجِر. حَضَاجِر: بجو کا علم جنس ہے۔

حَضَرَ(ن) حُضُوْرًا و حَضَارَةً. موجود ہونا۔ (حَضَارَةً) شہر میں مقیم ہونا۔

حَضِرَ(س) و حَضَرَ(ن) حُضُوْرًا المَجْلِسَ: حاضر ہونا عن المكانِ: منتقل ہونا۔ حَضَره الامرُ: دل میں گزرنا ہ الموتُ: موت کا وقت آنا الیه: آنا۔ کہا جاتا ہے۔ "حَضَرَتْ الامر بخير" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ "و حَضَرَت الصّلوٰة" نماز کا وقت آگیا۔

حُضِرَ. موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُوْرٌ) حَضَرَهٗ و حَضَّرَهٗ واَحْضَرَهٗ. حاضر کرنا۔

کہا جاتا ہے "احضرهٗ الشئَ" اس کے پاس چیز کو لایا۔ اَحضرَ الفرسُ: تیز دوڑنا۔

حَاضَرَهٗ محاضرةً وحِضَارًا. ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا۔

حَاضَر الجوابَ: حاضر جواب ہونا۔

تَحَضَّر واحْتَضَرَ. حاضر ہونا۔ تَحَضَّر و اِحتَفَرَ الرجلَ: حاضر کرنا۔ اِحتَضَر الفرسُ: دوڑنا۔ تَحَضَّر البَدْوِيُّ: شہری جیسا بننا۔ تَحَضَّرَهٗ الهَمُّ: غم لاحق ہونا۔

اُحْتُضِرَ. قریب المرگ ہونا۔

اِسْتَحْضَرَ. الشَّئَ: حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا الفرسَ: دوڑانا۔

الحَضَر والحَضَارَة والحَاضِرَة. شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ البَدْو والبَدَاوة والبَادِية کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "هذا مِنَ كلامِ الحَاضِرَةِ ولَمْ ارَالبَوادِي لَفظُوْا به ولَا عَرَفُوه" یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ اُنہوں نے اِس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں۔

الحَضَارَة والحِضَارَة. شہر کی اقامت۔

الحَضَر والحَضْرة. موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔

حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرة العاليه تامر بكذا. جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "كلمته بحضرة فلان" میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔

الحُضْر تیز دوڑ۔ احضر الفرسُ کا اسم ہے۔

الحَضِر والحَضُر. لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرکے حاضر ہونے والا۔

الحَضُر: حاضر جواب۔ الحَضِر: وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔

الحُضْرَة والحِضْرَة والحَضْرَة. پہلو نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ الحَضْرَة" جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو "وجَمعَ الحَضْرَة" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ کر لیا ہے۔

الحَضَار. سفید۔

الحَضَرِيُّ شہری۔

الحَاضِر. فا. شہر کا رہنے والا۔ ج حُضَّر و حُضَّار و حُضُوْر و حَضَرة. الحاضِر: بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لئے کہا جاتا ہے۔)

الحَاضِرَة. حاضر کا مونث۔ ہاتھی کا کان ج حَوَاضِر.

الحَضِيْرَة. لوگوں کی جماعت۔ فوج کا ہراول۔ زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج حَضَائِر و حَضِيْر.

المَحْضَر. حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج مَحَاضِر. المَحْضَر: حاضر ہونے والے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فلان حسن المَحْضَر" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ "وكان ذلك بمحضر مِن فلان" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا۔

المَحْضُوْر. مفع. لبنٌ مَحْضُوْرٌ: بہت آفت والا دودھ۔

المِحْضَار والمِحْضِير. مِنَ الخيل وغيرها: تیز دوڑنے والا۔ ج مَحَاضِير.

المُحْتَضِر. شہری۔ شہر میں آنے والا۔

المُحْتَضَر. قریب المرگ۔ کہتے ہیں "اللبن مُحْتَضَر فَغطِّ اناءك" دودھ کے لئے بہت آفت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپا لو۔

حَضْرَمَ. فی الکلام: اعرابی غلطی کرنا۔ الشَّئَ بَلانا لِحاء الشجرِ: چھال اُتارنا۔ القوسَ: کمان کو مضبوط کسنا۔

الحَضْرَمِيَّة: گفتگو میں لکنت۔

حضر موت کی جانب منسوب۔

المُحضرم. بمعنی المُخضرَم (دیکھئے لفظ المخضرم)

حَضِلَت (س) حَضَلًا. النخلةُ: درخت خرما کے ڈنٹھل کے جو کا خراب ہونا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حِضَانَةً و اِحتَضَنَ. الصبیَّ: گود میں لینا۔ پرورش کرنا۔ سینہ سے لگانا۔ حَضَنه عن کَذا: علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حضَانَة و حضَانًا و حُضُونًا واحْتَضَن. الطیرُ بَیْضَهُ و علی بَیْضِهٖ: انڈے سینا۔

حَضُنَتْ (ک) حِضَانًا. المرأةُ او الشَّاةُ اَو النَّاقَةُ: ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت (حَضُوْن)

اَحْضَن. الرجل و بالرجل: حقارت کرنا

اَحْضَن بِحقِّه: حق مارلینا۔

الحِضْن. گود۔ اتنی مقدار جو گود میں آسکے۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاه حِضْنًا مِنَ التمر" اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں۔ کسی چیز کا کنارہ۔ پہاڑ کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "عَشَّش الطَّائِرُ فِي حِضْنِ الجَبَل" پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا۔ ج اَحْضَان و حُضُون. الحِضْن والحُضْن: بجو کا بھٹ۔

الحُضنة حضنَ الطائر کا اسم مصدر۔

الحَاضِنَة. بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ۔ ج حَوَاضِن. کہا جاتا ہے "حَمَامَةٌ حَاضِنٌ و حَمَامٌ حَوَاضِن."

الحِضَانَة. دایہ گری۔ پرورش۔

الحِضَان. وہ شخص جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو۔

المِحْضَنَة. پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن۔

المُحْتَضَن. گود۔

حَضَا (ن) حَضْوًا. النارَ: کریلنی سے ہلانا۔

المِحْضَأُ والمِحْضَاءُ. آگ ہلانے کی کریلنی۔

المِحضی. مٹی کی بنی ہوئی ا[illegible]۔

حَطَّ (ن) حَطًّا. اُترنا۔ نازل ہونا۔

(حَطًّا و حُطُوْطًا) السعرُ: سستا ہونا

(حَطَّ (ن) حَطَاطًا) البعیر: ایک جانب نکیل کو دبانا (واَحَطَّ) الوجهُ: مہاسا نکلنا

(حَطَّ (ن) حَطًّا واحْتَطَّ احْتِطَاطًا) الشَّیْءَ: چھوڑنا۔ رکھنا الحِمْلَ: جانور کی پیٹھ سے اُتارنا۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَه" اس نے اقامت کی الجلدَ: پالش کرنا۔ لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا۔

انْحَطَّ. اُترنا النَاقَةُ فی سَیْرِها: تیز دوڑنا السعرُ: سستا ہونا۔ کہا جاتا ہے "الاَسْعَار حَاطَّة و مُنْحَطَّة" بھاؤ سستا ہے۔

اِسْتَحَطَّ. نیچے اُترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحطَّ فُلَانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹادینے کو کہا مِنَ الثمن شیئًا: کچھ گھٹانے کو کہنا۔

الحِطَّة والحِطِّیطٰی. اِستحطه وِزْرَه کا اسم ہے۔

الحَطِیْط. چھوٹا۔

الحَطِیْطَة. قیمت کی کمی۔

الحُطَیْطَة. کھانسی۔

الحَطَاط. مہاسہ۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (حَطَاطَة)

الحُطَاط. بدبو۔

الحُطُط. نرم و نازک اجسام۔

الحِطَّان. بکرا۔

الحَطُوط. اصیل تیز رفتار اونٹنی۔

الحَطّ. نرم و چکنی پیٹھ والا۔

المَحَطّ والمَحَطَّة. اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ج. مَحَاطّ و مَحَطَّات.

المَحَطَّة: ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)

المِحَطّ والمِحَطَّة. لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

المَحْطُوْط. مفع ادیم محطوط: پالش کیا ہوا چمڑہ۔ سَیْفٌ مَحْطُوْط. تیز کی ہوئی تلوار۔

حَطَأَ (ف) حَطْأً. الارضَ بِهٖ: پچھاڑنا۔ بِهٖ عن کَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔ بالشَّیْءِ: پھینکنا۔

الحُطَیْئَة. بدصورت پست قد مرد۔

الحِطْءُ. برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "حطءٌ منْ تمر" پیٹھ پر اُٹھانے کے لائق کھجوریں۔

الحَطِیُّ. مِنَ الناس: ذلیل آدمی۔ کہا جاتا ہے "هو حَطِیٌّ بَطِیٌّ" وہ ذلیل ہے۔ بطیء کا لفظ تابع ہے۔

حَطَبَ (ض) حَطْبًا واَحْطَبَ واحْتَطَبَ لکڑی چننا۔ صفت (حَاطِبٌ) کہا جاتا ہے "هو حَاطِبُ لَیْل" وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے۔

حَطَبَة. لکڑی لانا۔

حَطَبَ و اَحْطَبَ. المکانُ: بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (حَطِیْب) مؤنث (حَطِیْبَة)

حَطَبَ. بِهٖ و علیه: چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَطَبَ فی حبله" اس نے اس کی مدد و اعانت کی۔ "و حَطَبَ عَلَیْه بِخَیْر" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔

اَحْطَبَ واسْتَحْطَبَ. الکرمُ: انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا۔

الحَطَب. ایندھن ج اَحْطَاب. ایک ٹکڑے کو حطبَة کہتے ہیں۔

الحَطِب. مؤنث حَطِبَة و (الاحطب) مؤنث حَطْبَاء. ج حُطْب: بہت دبلا

الحَطَّاب. لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔

الحَطُوْبَة. لکڑی کا گٹھا۔

الحَطَّابَة. الحطّاب کا مونث۔ لکڑی چننے والی۔

المِحْطَب. ہنسیا۔

القوسَ: تانت چڑھانا۔

حَطَمَهُ (ض) حَطْمًا و حَطَّمَهُ توڑنا۔

حَطِمَ (س) حَطَمًا. بڑی عمر والا ہونا۔

تَحَطَّمَ وانْحَطَمَ. ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے

"تحطَّم الرجلُ غيظًا" وہ غصہ سے چور ہوگیا۔ "وانحطم الناسُ عليه" لوگوں نے اس پر بھیڑ کی۔
الحُطَم۔ بے رحم چرواہا (والحُطَم) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔
الحِطمة والحُطامة والحُطام سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حُطامُ الدنیا: دنیاوی سازوسامان۔ حُطامُ البَیض: انڈے کا چھلکا۔
الحُطّام والحَطُوم والمِحطَم۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "ریحٌ حَطُوم" بہت تیز ہوا۔
الحَاطُوم۔ ہضم کرنے والی دوا (والحَطمة والحُطَمة) سخت سال۔
الحُطَمة۔ تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اونٹ و بکریاں۔
الحَطِیم۔ کعبہ کے کنارے کی دیوار۔ وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقامِ ابراہیم کے درمیان ہے۔
الحُطَمِیّات۔ زرہیں جو ایک شخص حُطَمة نامی کی جانب منسوب ہیں۔ اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں۔ اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔
حَظَّ(س) حَظًّا و حُظَّ واَحَظَّ۔ نصیب والا ہونا۔ صفت (حَظِّیّ و حَظِیظ و محظُوظ)
الحَظّ۔ حصہ۔ بہرہ۔ نصیب۔ حصہ خیر و فضل۔ کبھی حصہء شر کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ دولت مندی و نیک بختی۔ ج حُظُوظ و حِظاظ و اَحُظّ۔
حَظَبَ(ن) حُظُوبًا و حَظِبَ(س) حَظَبًا۔ الرجلُ: موٹا ہونا۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَظِب) مؤنث حَظِبَة
الحُظُبّ۔ بڑے پیٹ والا پست قد سخت اُجڈ۔ بخیل۔ تنگ خو۔
حَظَرَ(ض) حَظْرًا الشیَ و حظر علیه الشیَ منع کرنا۔ روکنا۔ الشیَ: محفوظ کرنا۔ (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا) المواشی: باڑہ میں بند کرنا۔ (واحتظر) اپنے لیے باڑہ بنانا۔ اِحتظر به بچنا۔
اُحظُر دوسرے کے لیے باڑہ بنانا۔
حَظَّرَ بمعنی حظر۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔
الحَظِر۔ درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں۔ ترکانٹا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فی الحَظِر الرطب" یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں۔ "و اوقَدَ فی الحَظِر الرطب" اس نے چغل خوری کی۔ "وجاءَ بالحَظِر الرَّطْبِ" وہ بہت مال لایا یا بہت جھوٹ بولا۔
الحَظِیرة ج حظائر و (الحَظار والحِظار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور کسی کے درمیان میں حائل ہو۔ باڑہ۔ "وانّه لَنكِدُ الحَظِيرَة" وہ بخیل و بے فیض ہے۔
حَظِیْرَةُ القُدس: جنت۔
المَحظُور۔ روکا ہوا۔ حرام۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "الضَّرُورَات تُبیح المَحظُورَات۔"
حَظْرَبَ۔ القوسَ: سختی سے تانت چڑھانا الحبلَ: مضبوط بٹنا السقاءَ: بھرنا۔
تَحظرَب۔ بھر جانا۔
حَظَلَ(ن ض) حَظْلًا و حَظَلَانًا و حِظْلانًا۔ علیه: حرکت اور تصرف سے روکنا۔ (حَظَلانًا) المشی: ٹھہر ٹھہر کر چلنا اور کہا جاتا ہے "هو یَحظُل حَظَلانًا" وہ غضبناک چال چلتا ہے۔
حَظِلَ(س) حَظَلًا۔ البعیرُ: بہت اندرائن کھانا۔ صفت حَظِل۔ جمع حظالی۔
اَحظَلَ۔ المکانُ: بہت اندرائن والی جگہ ہونا۔
الحَظِل والحَظّال والحَظُول۔ بخل کی وجہ سے اپنے اہل و عیال پر تنگی کرنے والا۔
حَظَا(ن) حَظْوًا۔ آہستہ چلنا۔
حَظِیَ(س) حُظْوَةً و حِظْوَةً و حِظَةً بالرزق: حصہ پانا۔ (واِحتظی) رتبہ والا ہونا۔ نصیب والا ہونا۔
اَحظَاهُ۔ صاحب رتبہ بنانا۔ اَحظَاهُ بالمال: مال کا حصہ دینا۔ اَحظَاهُ علی فلانٍ فضیلت دینا۔
الحَظُوس۔ حصہ۔
الحَظِی صاحب رتبہ۔
الحُظْوَة چھوٹا تیر۔ درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو۔ ج حِظَاءٌ و حَظَوات۔
الحِظَة حصہ۔ مرتبہ۔ ج حِظًا و حِظَاء۔
الحُظْوة والحِظْوة س۔ مرتبہ۔
الحَظِیُّ وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔
الحَظِیَّة۔ الحظی کا مؤنث امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی۔ ج حظایا۔
الحُظَیَّا۔ آہستہ چال۔ کہا جاتا ہے "مشی الحُظَیَّا" وہ آہستہ چال چلا۔
الحُظَیَّة۔ بے پھل کا چھوٹا تیر۔
الحَظی جوں۔ واحد (حَظَاة)
الحِظَی حصہ ج اَحْظ وجج اَحَاظِ۔
حَفَّ(ن) حَفًّا و حِفَافًا۔ الشیَ: چھلکا اُتارنا اللحیةَ: مونڈنا یا کترنا۔ الوجهَ: بال دور کرنا۔
حَفَّ(ن) حَفًّا۔ القومُ الرجلَ و به و حولَه: گھیرنا۔ حَفَّهُ۔ بکذا: احاطہ کر لینا۔ حَفَّتهُ الحاجةُ: ضرورت لاحق ہونا۔
حَفَّتْ (ض) حَفِیفًا۔ الشجرةُ او الحَیَّةُ: سرسراہٹ ہونا۔ حَفَّتِ الارضُ حُفُوفًا۔ خشک ہونا سمعه: بہرا ہونا اللحیةُ: پراگندہ ہونا۔ حَفَّ الرجلُ: تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔
اَحَفَّ اِحفَافًا۔ راسَه: مدت تک تیل نہ لگانا الرجلَ: برائی سے یاد کرنا۔
حَفَّفَ۔ القومُ حولَه و حَفَّفُوهُ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا الرجلُ: مبتلائے مصیبت و کم مال والا ہونا هُ بکذا: احاطہ کرنا۔
اِحتَفَّ۔ القومُ بهِ: احاطہ کرنا۔

النبت: کاٹنا۔ الشیَّ: چھلکا اُتارنا۔ کہا جاتا ہے "اِحتفَّ جمیع مَافی القِدْرِ" اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھالیا۔
اِستَحفَّ. المالَ: سارا لے لینا۔
الحَافُّ. فا. تیز نظر بد لگانے والا۔ سَویق حَافٌّ: خشک ستو۔ خبزٌ حافٌّ: سوکھی روٹی۔ بغیر سالن کے روٹی۔ کہا جاتا ہے "ماله حَافٌّ و لارافٌّ" اس کے لیے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت کرے۔
الحِفَاف. س. جانب۔ نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلَی حَفافه" وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا۔ گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال۔ ج اَحِفَّة. کہا جاتا ہے "کَانَ الطَّعَامُ حِفَافَ ما اَکَلُوْا" کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا۔
الحَفُّ. س. (والحفَفُ) گوشہ۔ نشانِ قدم۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ علیٰ حَفّه او علیٰ حَفَفِه" وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔ "وفلان حَفٌّ علیٰ نَفْسه."
الحَفَف: مال کی کمی۔ کہا جاتا ہے "طعام حَفَف" تھوڑا کھانا۔ و مَعِیشةٌ حَفَفٌ" تنگ زندگی۔
الحَفُّ: رانچھ، دھڑکی۔
الحُفَافَة. گرے ہوئے بال وغیرہ۔ بھوسہ کا بقیہ۔
الحَفَّان. شتر مرغ کے چوزے۔ واحد (حَفَّانة) نوکر چاکر۔ بھرا ہوا برتن۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ حَفَّان" بھرا ہوا برتن۔ و حَفَّان النعام: شتر مرغ کے پَر۔
الحَفَّة. پوری فیاضی۔ بنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اُونٹ کی مقدار خوراک۔ الحَفَّة: گڑھے کے کنارے کی زمین (مولده)
المِحَفَّة. عورتوں کی پالکی۔ تخت رواں۔ اسٹریچر۔
المَحْفُوْف. مع. محتاج۔
الحَفِیف. سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ۔

حَفَأه (ف) حَفْأً. پچھاڑنا۔
الحَفَأ. ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لیے استعمال کرتے تھے۔ واحد حِفَأة.
حَفَتَهٗ (ن) حَفتًا. ہلاک کرنا۔ گردن توڑ دینا۔ حفَتَ الشَّیَّ: کوٹنا۔
الحِفْث والحَفِث. ج اَحْفَاث. و (الحُفَاث) ج حَفَافِیْث: ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحِفْث الحَفِث. الحَفِثة) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں۔
الشَّیُّ: پرندے کے اُڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا۔
حَفَدَ (ض) حَفْدًا و حُفودًا و حَفدانًا واحتَفَدَ فُلانٌ العمل: جلدی کرنا۔ و حَفَدَهٗ: خدمت کرنا۔
اَحْفَدَ. الظلیمُ: تیز دوڑنا۔ دوڑنے پر برانگیختہ کرنا۔
الحَفِید. پوتا۔ ج حُفَداء.
الحَافِد. خادم۔ تابع۔ مددگار۔ پوتا۔ ج حَفَد و حَفَدة. الحفدة: نقش و نگار کرنے والا۔
المَحْفِد. اصل۔ کوہان کی جڑ۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ ج مَحَافِد (والمِحْفَد) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن۔ المِحْفَد: پیمانہ کرنے کا پیالہ۔ کپڑے کا کنارہ۔
المَحْفُوْد. مخدوم۔
المُحْتَفِد. من السیوف: جلدی کاٹنے والی تلوار۔
حَفَرَ (ض) حَفرًا و اِحْتَفَر: گڑھا کھودنا حَفَر الطَّرِیْقَ: چل کر نشان ڈالنا۔ حَفَر الشَّیَّ: تہ تک معلوم کرنا العنز: دُبلی کرنا۔
حَفَر (ض) حَفرًا و حَفِر (س) حَفَرًا و حُفِر. زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا۔
اَحْفَر. الصبیُّ: دودھ کے دانت گرانا۔
ہ بئرًا: کھودنے میں مدد دینا۔

حَافَر. الیَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈنے والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا اور اسی سے مثل ہے "فُلانٌ اَرْوَغُ مِن یَرْبُوعٍ مُحَافِرٍ"
تحفَّر. السیلُ: گڑھے ڈالنا۔
اِسْتَحْفَرَ. النهرُ: کھودنے کا وقت قریب پہنچنا۔
الحَفْر و الحَفَر. کشادہ کنواں۔ دانتوں کی زردی۔ الحَفَر: مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے۔ ج اَحْفَار و جج اَحَافِیر.
الحُفْرَة ج حُفَر و (الحَفِیْرَة) ج حَفَائِر و (الحَفِیْر) گڑھا۔ قبر۔ الحَافِر فا. جانور کا کھر۔ ج حَوَافِر. اور "النَّقْدُ عِنْدَ الحَافِر" کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی جانور کو خریدو تو بغیر دام ادا کیے ہوئے وہاں سے جدا مت ہو۔
الحَافِرَة. الحافر کا مؤنث کھودی ہوئی زمین۔ ابتدائی حالت۔ کہا جاتا ہے "اَلآنَ قَدْ تَعَسَّفَ وَ قَدْ کَانَ نَجِیْبًا فی الحَافِرَةِ" اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتدا میں شریف تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا۔ اور اسی سے ہے "رَجَعَ علی حَافِرَته اوفی حافِرَته" یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا۔ یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہو گیا۔ "رَجَعَ فی حَافِرَته" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ "والتقی القَوْمُ فَاقْتَتَلُوْا عِنْدَ الحَافِرَةِ" یعنی قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی۔
الحِفْرَیٰ. ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔
الحَفَّار. کھودنے والا۔ عموماً گورکن کیلئے مستعمل ہے۔
المِحْفَر و المِحْفَرة و المِحْفَار. کدال۔
المَحْفُوْر. مفع۔ زرد دانتوں والا۔
حَفَزَهٗ (ض) حَفزًا. پیچھے سے دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَفَزَ اللیلُ النهارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا۔ و" حَفَزوا عَلَیْنَا الخَیْلَ

والرِکَابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کر دیا ہٗ: بالرمح: نیزہ مارنا ہٗ عن کَذَا: دور کرانا اور جلدی کرانا المرأةَ: جماع کرنا۔
حَافَزَہٗ: زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا۔
تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ۔ زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کیلئے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِحْتَفَزَ فی مَشْیِہ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔
الحَفَزُ۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینی و بَیْنَكَ حَفَزًا" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔
الحَفُوْزُ۔ مِنَ القِسِیِّ تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔
حَفَسَ(ض) حَفْسًا۔ کھانا۔
تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تلملانا۔
الحِیْفَس والحَیْفَس۔ موٹا جس سے کسی چیز کی اُمید نہ ہو۔ بے وجہ غُصّہ اور راضی ہونے والا۔ الحَیْفَس: غضبناک۔
حَفَشَ(ض) حَفْشًا۔ چھلکا اُتارنا۔
حَفَشَ السیلُ الوادیَ: بھر دینا۔ المَطر الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا فلانًا: دھکا دینا۔
السیلُ: ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔
القومُ علیہ: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔
حَفِشَ(س) حَفَشًا۔ السحابةُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔
حَفَّشَ و تَحَفَّشَ۔ الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔
الحَافِشَة۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات و حَوَافِش۔
الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش و حِفَاش۔ اَحْفَاش البَیْتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاش الارضِ: سیہی۔ جنگلی

چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحِفش: اندام نہانی۔
حَفَصَ(ض) حَفْصًا۔ الشَّیَٔ جمع کرنا۔
الشَّیَٔ من یدہ ڈال دینا۔ گرا دینا۔
الحُفَاصَة جمع کی ہوئی چیز۔
الحَفْص س۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص و حُفُوص۔
الحَفْص بیر وغیرہ کی گٹھلی۔
المِحْفَصَة چمڑے کا تھیلا۔
الحَفْصَة بجو۔ (الحَفْصَة و اُمُّ حَفْصَة) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمُّ حفصة) مرغی۔
حَقَّصَ(ن) حَقْصًا۔ العودَ: موڑنا (و حَقَّصَ) الشَّیَٔ: ہاتھ سے گرانا الارضَ: خشک کرنا القومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا اللّٰہُ عنہ: تخفیف کرنا۔
الحَفَضُ۔ گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا اونٹ۔ بورا جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "انہ لَحَفَضُ عِلْمٍ" وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفَضْ سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے۔ "نِعْمَ حَفَضَ العِلم ھذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے۔ ج اَحْفَاض و حِفَاض۔
حَفِظَ(س) حِفْظًا۔ الشَّیَٔ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب وخستہ ہونے سے بچانا۔
الکتابَ: زبانی یاد کرنا السرَّ: چھپانا۔
المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
حَفَّظَہٗ۔ الکتابَ: یاد کرانا۔
حَافَظَہٗ حِفَاظًا و مُحَافَظَةً۔ علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا عنہ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اِنہ لَذُوْ حِفَاظ و ذُو مَحَافَظَةٍ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔
اَحْفَظَہٗ۔ غصّہ دلانا۔
اِحْتَفَظَ۔ غضبناک ہونا بہ: یاد کرنا۔
الشَّیَٔ و بہ لنفسہ: اپنے لئے خاص کرنا۔
تَحَفَّظَ۔ عنہ و منہ: بچنا بہ الکتابَ:

تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
اِسْتَحْفَظَہٗ۔ مالًا او سِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔
الحِفظ س۔ یاد۔ ہوشیاری۔
الحَفِیْظَة نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچّہ کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔ اھل الحَفَائِظ محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِیْظَة والحِفْظَة۔ قابل حفاظت چیز کے لیے غضب وحمیت۔
الحَافِظ۔ فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَیْنِ" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفَّاظ و حَفَظَة و حَافِظُوْنَ۔
الحَافِظ والحَفِیْظ۔ من الملائکة: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفیظ: محفوظ۔ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الحَافِظَة۔ الحافظ کا مؤنث یادداشت کی قوت۔
المُحْفِظَة۔ غُصّہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات۔ المُحْفِظَات۔ مصیبتیں۔
حَفَلَ(ض) حَفْلًا و حُفُولًا و حَفِیْلًا الماءُ: کثرت سے جمع ہونا القومُ: اکٹھا ہونا الدمعُ: بہت ہونا الوادی بالسیل: لبالب بھرنا السماءُ: بہت برسانا الشَّیَٔ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماحَفَلَہٗ ومَا حَفَلَ بہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
حَفَّلَہٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا الشَّیَٔ: صیقل کرنا الناقة: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔
تَحَفَّلَ۔ اللبنُ: اکٹھا ہونا فلانٌ: آراستہ ہونا المَجْلسُ: مجلس کا بھر جانا۔
اِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا المَجْلِسُ بالنَاس: بھرنا الوادی بالسَیْل: لبالب بھرنا الطریقُ: واضح ہونا الشَّیُٔ: روشن ہونا بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفل بہٖ" اس

نے اس کی پروا نہیں کی۔

الحَافِل. فا. ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمعٌ حَافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقَةٌ او شاةٌ حَافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ و حَوافِلُ۔

الحَافِلَة. الحَافِل کا مؤنث دَارٌ حافِلَة: بھرا گھر۔ سُوقٌ حافلة بھرا ہوا بازار۔

الحَفل. س. جماعت۔ کہا جاتا ہے "عنده حَفلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمع حَفل بڑی جماعت۔

الحَفِيل. بہت۔ جیسے جمع "حَفِيلٌ" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِيلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔

الحَفُول خوبصورت عورت۔ ج حفائل۔

الحُفَال. بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ ردی کھجور۔

الحُفَالَة ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔

حُفالة الطعام کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفَالَةُ اللبن جھاگ۔

الحَفلَة. اسم المرَّة. اور کہا جاتا ہے "اخذللامر حَفلته" اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ وَجَاءُوا بحفلَتِهِم و بِحَفِيلَتِهِم" وہ سب کے سب آئے۔

الحَفلَى عام دعوت۔

المَحفِل مجلس۔ ج مَحَافِل (والمحتَفَل) جمع ہونے کی جگہ۔ مُحتَفَلُ الامر: معاملہ کا بڑا حصہ۔

حَفَن(ن) حَفنًا. الشَّیءَ: لپ بھر لینا لَهُ: لپ بھر دینا۔

اِحتَفَنَ. الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا۔ الشَّیءَ لنفسه: لینا من الشَّیءِ: بہت لینا الرَّجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔

الحَفنَة والحُفنَة. لپ بھر۔ والحُفنَةُ: گڑھا۔ ج حُفَن۔

حَفَا(ن) حفوًا. فلانا: دینا۔ حَفَاه من الشَّیءِ: روکنا۔ منع کرنا۔ حَفَاهُ اللهُ بِهِ: عزت دینا۔ حَفَا البَرقُ آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا شارِبَه خوب اچھی طرح مونڈنا۔

حَفِيَ(س) حَفًا زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حفٍ و حَافٍ) ج حُفَاة الفرسُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا (حِفَاوَة وحَفَاوَة و حِفَايَة و تَحفَايَة و احتفی) بِهِ عزت واکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حَفِيَ عنه خالت بہت پوچھنا۔

حَافَاه مُحَافَاة گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔

اَحفَى اِحفَاءً گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا السُّؤَالَ: بار بار دہرانا ہ اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا اِلَيهِ فِي الوَصِيَة مبالغہ کرنا بِهِ جیب لگانا شَارِبَه: کترنے میں مبالغہ کرنا۔

تَحَفَّى. في الشَّیءِ کوشش کرنا لَهُ بہت اکرام کرنا۔

تحافيا. الى السُّلطان فیصلہ کیلئے جانا۔

اِحتَفَى. ننگے پاؤں چلنا۔ جوتا اتارنا البَقلَ چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا القوم المرعیٰ چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا۔

اِستَحفَى. ہ عن كَذَا کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا۔

الحَفَاء کھر یا پاؤں کی گھسائی۔

الحَفَايَة والحُفُوَة والحِفيَة. بمعنی الحَفَاء.

الحَفِيُّ کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج ُفواء۔

حَقَّ(ن) حَقًّا حق میں غالب ہونا۔

حق الامرَ: ثابت کرنا الخبرَ: حقیقت پر مطلع ہونا العقدةَ: باندھنا الرجلَ نوسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا الطریقَ: وسط راستہ چلنا۔

حَقَّ(ض) حَقًّا. عليه ان يفعل كَذَا: واجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَقَّ لَكَ ان تفعل كذا. و حَقِقتَ اَن تَفعَلَ كَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو۔

حَقَّ(ن ض) حَقًّا و حَقَّةً. الامرُ ثابت وواجب ہونا الحاجةَ بخت پیش آنا۔

حَقَّ(س) حَقَقًا. الفرسُ دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت (اَحَقُّ)

حَقَّقَه. تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔ حقق القول او الظَّن تصدیق کرنا۔

حَاقَّهُ مُحَاقَّةً و حِقَاقًا. في الامر: جھگڑا کرنا۔ اپنے حق دار ہونے کا دعویٰ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَّ لَهُ كَذَا و كذا لا يُحَاقُّه فيه اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔

اَحَقَّ حق کہنا۔ اَحَقَّه: حق میں غالب آنا اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا۔ کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَيهِ القَضَاءَ" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا۔ احق الرَّمیة: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا۔

تَحَقَّقَ. الخبرُ: ثابت ہونا الرجلُ الامر یقین کرنا۔

تَحَاقًّا باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا۔

اِنحَقَّ. الرباطُ بندھ جانا۔

اِحتَقَّ. الفرسُ: دبلا ہونا۔ اِحتَقَّت الطَّعنَة بِهِ: فوراً مار ڈالنا۔ احتقَّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔ النَّاقَةُ: موٹی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحتَقَّهُ اِلَىٰ كَذَا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی۔

اِستَحَقَّهُ. ضروری و واجب ٹھہرانا۔ الدینُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا۔ الناقةُ: موٹی ہونا الرجلُ: مستحق سزا ہونا۔

الحَقُّ. س. سچائی۔ راستی یقین۔ انصاف۔ ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک۔ ہوشیاری۔ فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج حقوق اور کہا

جاتا ہے "هو حق بكذا" وہ اس کے لائق
ہے۔ "ولحقُّ لا آتيك" بغیر تنوین کے
یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں
آؤں گا۔ "وحقا لا آتيك" تنوین کے
ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار: گھر کے
منافع۔
الحِقَّة. س. حق. یہ لفظ حق سے خاص ہے
اس وجہ سے کہ حصہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔
تم کہتے ہو "هذه حَقَّتي" یہ میرا خاص حصہ
ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ على
حِقَّةِ ذٰلِكَ الأمرِ" میں اس امر کی حقیقت پر
مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔
الحُقّ. مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین
کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔
مکڑی کا جالا۔ حُقّ الطیب: خوشبو کی ڈبیہ۔
ج حِقاق.
الحُقَّة. چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج
حُقٌّ و حُقَق و حِقاق.
الحِقُّ. من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر
ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ بار برداری
کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت
بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔
الحِقَّة. حق و واجب۔
الحَقِيق. لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "هو
حَقِيقٌ اَنْ يَفعَلَ كذا" وہ فلاں کام کرنے
کے لائق ہے۔ "هو حقيق بكذا" وہ اس
کے لائق ہے۔ والحَقِيقُ علَى الشَّئِ:
حریص۔ لالچی۔ ج اَحِقَّاء.
الحَقِيقَة. وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا
جاتا ہے "هو حامِي الحقيقة" و هو مِن
حُماةِ الحَقائق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت
کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔
حق. وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل
ہو۔ حَقِيقَةُ الشَّئِ: چیز کا منتہی اور اصل۔ ج
حقائق.
الحاقُّ. فا. وسط۔ کہا جاتا ہے "سقط
علىٰ حاقِّ رَاسِه" اس کے وسط سر پر گرا۔
"وجئته فی حاقِ الشتاء" میں اس کے
پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و" رَكِبَ
حاقَّ الطريق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز
میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شُجاعٌ حاقُّ
الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل
ہے۔ و" اَخَذَني حاقُّ الجُوعِ" مجھے
خالص بھوک لگی۔
الحاقَّة. الحاق کا مؤنث مصیبت۔
قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حاقَّةُ
الرَّجُلِ" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و" هو
شجاعٌ حاقَّةُ الشُّجاعِ" وہ بہادری میں
کامل ہے۔
الاَحَقّ. اسم تفضیل۔ "هو اَحَقُّ مِنْ
فُلان" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ
حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف
خصوصیت کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے
جیسے "زيد احق بماله" زید اپنے مال کا حق
دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔
المُحَقَّق. مف. کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔
ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔
المَحْقُوق. مف. لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے
"هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔
"هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے
کے لائق ہے۔
الحقّانی. حق کی جانب منسوب جیسے ربانی
رب کی جانب منسوب۔
حَقِبَ (س) حَقَبًا و اَحْقَبَ. المطرُ:
رُکنا العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی
ہونا المعدنُ: ختم ہونا نائل فلان: کم اور
منقطع ہونا الامرُ: خراب ہونا اَحْقَبَهُ: پیچھے
سوار کرنا۔
اِحْتَقَبَ. الاثمَ: مرتکب گناہ ہونا۔
زیدًا علی ناقتِه پیچھے سوار کرنا
(واستَحْقَبَ) الشَّئَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا
پالان کے پیچھے باندھنا۔
الحُقُب. ج حِقاب و (الحُقْب) ج
احقاب و اَحْقُب: اسی سال یا اس سے زائد
کا عرصہ۔ زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔
الحَقَب. اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت
اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی
ہے۔
الحِقْبَة. مدت۔ سال۔ ج حِقَب و
حُقُوب.
الحُقْبَة. ہوا۔
الحِقاب. عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور
لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج
حُقُب.
الحَقِيبَة. وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے
پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا
تھیلا ج حقائب.
الحاقِب. وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے
ہو۔
الاَحْقَب. گورخر۔ مؤنث حقباء.
المُحْقَب. لومڑی۔
حَقَدَ (ض) حِقْدًا و حَقْدًا و حَقِيدَةً
وحَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقَّدَ. علیه: کینہ
رکھنا۔ صفت (حاقِد) ج حَقَدَة. حَقِدَ
المطرُ: رُکنا المَعْدَنُ: کان کا ختم ہونا اور
کچھ نہ ملنا الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔
اَحْقَدَهُ. کینہ ور بنانا القومُ: کان میں تلاش
کرنا اور کچھ نہ پانا۔
تَحاقَدَ. القومُ: ایک دوسرے سے کینہ
رکھنا۔
اِحْتَقَدَ. المطرُ: رکنا علی فلانٍ: کینہ
رکھنا۔
الحِقْد. ج اَحْقاد و حُقُود و
(الحَقِيدَة) ج حَقائِد: کینہ۔
الحَقُود. بہت کینہ ور۔
حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقْرِيَةً. ہ : چھوٹا و
ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشَّئُ والرَّجُلُ: ذلیل
ہونا۔ بے قدر ہونا۔
حَقِرَ (س) حَقَرًا و حَقُرَ (ک) حَقارَةً.
ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير و حَيْقَر و حَيْقُر)
حَقَّرَهُ. ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهُ واَحْتَقَرَهُ واَسْتَحْقَرَهُ. چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔
تَحاقَرَ. اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحاقَرَتْ اِلَیْه نفسُه" یعنی ذلیل ہو گیا۔
الحَقارَة والحِقارَة. والحُقارَة و المَحْقَرَة. ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "ھذا الامر مَحْقَرة لك" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔
المُحقَّرات. چھوٹے چھوٹے۔
الحَقطَة. پست قد یا سبک جسم والی عورت۔
الحَیْقُط والحَیْقُطان. تیتر۔ اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَیْقُطانَة.
حقَفَ (ن) حُقُوْفًا. الظبیُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا الشَّیُ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حاقِف)
اِحْقَوْقَفَ. لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الحِقْفُ. دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف و حُقُوْف و حِقَاف و حِقَفَة و جج حقائِف.
المِحْقَف. وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیے۔
حَقِلَ (س) حَقَلًا و حَقْلَةً. البعیرُ او الفرسُ: مٹی کھانے سے دردِ شکم میں مبتلا ہونا۔
حاقَلَهُ مُحاقَلَةً. کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔
اَحْقَلَت. الارضُ: قابل زراعت ہونا۔
اَحْقَلَ الزرعُ: پتے پھوٹنا الرجلُ فی الرکوب: سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔
الحَقْلُ. عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول. واحد. حَقْلَة.
الحَقَلُ. ہو دج۔ (و الحَقْلة) گھوڑے یا اُونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔
الحُقْلَة. مثلثة. الحاء: دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقْلَة: بالفتح. حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔
الحِقْلَة: بالکسر: پیالہ بھر سے کم۔

الحاقِل. فا. کاشتکار۔
المَحْقَلَة. کھیتی۔ ج مَحاقِل.
الحَقِیْلَة والحُقَال. ردی کھجور۔
الحَقِیْمان. کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔
حَقَنَ (ن ض) حَقْنًا. روک لینا۔ اور اسی سے ہے "حَقَنَ بولَه" اس نے پیشاب کو روک لیا۔
دمه: گرانے سے بچانا ماء وجھه: آبرو کی حفاظت کرنا اللبنَ: مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا المریض: حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحْقَنَ. مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔
اِحْتَقَنَ. المریض: پیشاب رکنا۔ حقنه: استعمال کرنا الدمُ: بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقْنَة. ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے۔ ج حُقَن.
الحَقْنَة. پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان.
الحاقِن. فا. پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لا رای لِحَاقِن" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لیے بولتے ہیں۔
الحاقِنَة. ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لا لحقَنَّ حوَاقِنك بذَوَاقِنك" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِین. روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقاهُ اللبن الحَقِیْنَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حقنیٰ.
المِحْقَن والمِحْقَنَة. حقنہ کی پچکاری
المِحْقَن: وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔
المِحقَان. پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحْقَن اور المحقان کو پانی کی ٹنکی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

حَقَا (ن) حَقْوًا. کوکھ پر مارنا۔
حُقِیَ. دردِ کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے دردِ شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوّ و مَحْقِیّ)
تَحَقَّی. دردِ کمر والا ہونا۔
الحَقْو. کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقاء و حُقِیّ. کہا جاتا ہے "لَاذَ بِحَقْوَیْهِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقاء والحَقوة. ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) حَكًّا. الشیَٔ بالشیٔ او علیه رگڑنا۔ گھسنا الشیٔ: چھلکا اُتارنا۔
(واَحَكَّ واحتكَّ) الکلام فی صدره: دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اُتری۔
حَكَّهُ واَحَكَّه اِحكاكًا واحْتَكَّهُ واسْتَحَكَّهُ. راسُه: کھجلانا۔ واِحْتك بالشیٔ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حاكَّ مُحاكَّةً و حِكاكًا. الرجلَ: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَكَّكَ. بہ: درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحككتِ العقربُ بالحیَّة" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحاكًّا. باہم مقابلہ کرنا۔
الحِكُّ. شک (والحِكَاك) خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكُّ او حِكاكُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُكُّ. جہاز رانوں کا قطب نما (مولَّدة)
الحَكَاكات. وسوسے۔ واحد (حَكَّاكة)
الحَكَكُ. رخام کی مانند سفید پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحِكْكَة. نرم پتھروں والی زمین۔

الحُکّك. بُرائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد حاكٌّ)

الحِكّة. حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حكة الانف: ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شک۔

الحَاكّة. دانت۔ کہا جاتا ہے "ما بَقِيَ فی فَمِه حَاكّةٌ" اس کے مُنہ میں دانت نہیں۔

الحُكاك. سوڈا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔

الحُكاكة. وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔

الاَحْكاك. ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَسْتَ مِنْ اَحْكاكِه" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔

الاَحَكُّ. دانتوں سے خالی مُنہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔

الحَكّاكُ. بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔

المِحَكُّ. کسوٹی۔

المُحَكَّك. مع الجِذْلُ المُحَكَّك: خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَيلُها المُحكَّك وعُذَيقُها المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اُونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔

حَكَأَ (ف حَكْأً) واَحْكأَ واحْتكأَ. العقدةَ: باندھنا۔ اِحْتكأتِ العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتكأَ الشَّئُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا۔ پس مجھے شک نہیں۔

الحُكأة والحُكاءة. بڑا گرگٹ۔

حَكَرَهٗ (ض حَكْرًا. گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔

حَكِرَ (س حَكَرًا. اصرار کرنا۔ صفت (حَكِرٌ) بالامر: خودسر ہونا۔

حَاكَرَهٗ مُحَاكَرَةً. جھگڑا کرنا۔

تَحَكَّرَ واِحْتكَرَ. الشَّئَ: مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا۔ و تحكّر علیه: افسوس کرنا۔

الحَكْر. مع (والحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔

الحَكَر والحُكْر. گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔

الحُكْرَةُ. غلّہ کی بندش۔

الحَاكُوْرَة. پائیں باغ (عامیه)

حَكَشَ (ض حَكْشًا. الرجلُ: سمٹنا۔ حَشِيْشَةُ الدِّيْنار: امریکہ اور یورپ میں بکثرۃ پیدا ہونے والا پودہ جس کو شراب بیر کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں۔ الشَّئَ: جمع کرنا۔ الرجلَ: ظلم کرنا۔

حَكَفَ (ض حُكُوْفًا. الرجلُ: کام میں سُست ہونا۔

حَكِلَ (ن حَكْلًا) واَحْكَلَ و اِحْتَكَلَ. الامرُ علیه: دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَحَكَّلَ. جہالت سے اصرار کرنا۔

الحُكْل. وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ كَلامَ الحُكْل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔

الحَكَل. فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔

الحُكْلَة. جہالت کی وجہ سے اصرار۔

حَكَمَ (ن حُكْمًا. لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "حكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہوگیا۔ الفرسَ: گھوڑے کے مُنہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حکمہ) عن كذا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

حَكُمَ (ک حِكْمَةً. دانا ہونا۔

حَكَّمَهٗ. حاکم بنانا۔ حكمه فی الامر: فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا۔ عن كذا: لوٹانا اور منع کرنا۔

حَاكَمَهٗ. جھگڑا کرنا۔ حاكمه الیٰ الحاكِم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔

اَحْكَمَ. الشَّئَ: مضبوطی سے کرنا۔ اَحْكَمَتْهُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ اَحْكَمَ السَّفِيْهَ: کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا۔ عن الامر: رد کرنا، منع کرنا۔ الفرسَ: گھوڑے کے مُنہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھئے الحکمہ)

تَحَكَّمَ. فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔

اِحْتَكَمَ. فی الامر: پنچ منظور کرنا۔ الناسُ الی الحاكم: مقدمہ لے جانا۔ علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا۔ فی الشَّئِ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔ الامرُ: مضبوط ہونا۔

تَحَاكَمُوْا. الی الحاكم: مقدمہ لے جانا۔

اِسْتَحْكَمَ. الامرُ: مضبوط ہونا۔ علیه الكلامُ: مشتبہ ہونا۔

الحُكْم. مص۔ فیصلہ۔ ج اَحْكام۔

الحَكَم. حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ. عمر رسیدہ مرد۔

الحِكْمَة. انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی۔ ج حِكَم۔

الحَكَمَة. لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جڑوں کی جانب ہو۔ من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔

الحُكُوْمَة. مص۔ گورنمنٹ۔

الحَاكِم. قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُكّام و حَاكِمُوْن۔

الحَكِيْم. دانا، عالم۔ ج حُكَمَاء۔ مؤنث حَكِيْمة. قصيدة حكيمة: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحكيم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ

میں سے ہے۔
الاُحْکُومَة. حکم فی الامر کا اسم۔
المَحْکَمَة. کچہری۔ج مَحَاکِم.
المُحکم مبر آزمودہ (والمُحَکَّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَکیٰ(ض) حِکَایَةً. عنه الکلام: نقل کرنا الخبرَ: بیان کرنا فلانًا: مشابہ ہونا الشَّیَٔ: مشابہ بنانا۔ حکی علیه: چغل خوری کرنا العقیدةَ: باندھنا۔
اَحْکیٰ اِحْکَاءً. العقدةَ: باندھنا۔
حَاکیٰ مُحَاکَاةً. ٥ : مشابہ ہونا۔
اِحتکیٰ اِحْتِکَاءً. الامرُ: مضبوط ہونا۔
الحَکِیُّ. چغل خور۔(مذکر و مؤنث)
حَلَّ(ن) حَلًّا. العقدةَ. کھولنا۔
اِنحلّتِ. العقدةُ: کھل جانا۔
حَلَّ(ن ض) حُلُوْلًا. علیه امرُ الله: واجب ہونا۔
حَلَّ(ن ض) حَلًّا و حَلَلًا و حُلُوْلًا المکان و بالمکان: نازل ہونا بِهٖ فی المکان: اُتارنا۔
حَلَّ(ض) حَلًّا. الشَّیَٔ: حلال ہونا۔
الدینُ: ادائیگی کا وقت پہنچنا۔
الیمینُ: قسم پوری ہونا الرجلُ: احرام سے نکلنا۔
حُلَّ. الجامدُ: پگھلایا جانا المکانُ: آباد ہونا۔
حَلَّ(س) حَلَلًا. پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (اَحَلُّ) ج حُلٌّ.
حَلَّلَ تَحْلِیْلًا وتَحِلَّةً وتَحِلًّا. الشَّیَٔ: حلال ٹھہرانا الیمینَ: کفارہ ادا کرنا۔
حَلَّلَهٗ بالمکان: اُتارنا۔
تَحْلِیْلُ الْکَهْرَبَائی: مرکب اجسام کو بجلی والی لہروں کے ساتھ ان کے عناصر کی طرف لوٹانا۔ جیسے پانی کو آکسیجن اور ہیڈروجن کی طرف لوٹانا۔
اَحَلَّ اِحْلَالًا. عہد و میثاق سے آزاد ہونا المُحْرِمُ: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا بنفسه: مستحق سزا ہونا۔ اَحَلَّهٗ بالمکان او المکانَ: اُتارنا الشَّیَٔ: حلال کرنا علیه الامرَ: واجب کرنا الناقةُ علی ولدها: دودھ جاری ہونا۔
اِنْحَلَّ. کھل جانا۔
تَحَلَّلَ. فی یمینه: شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللہ لا فعلن ذلك ان شاء الله یا الا ان یکون کذا من یمینه: کفارہ ادا کر کے آزاد ہو جانا۔ تَحَلَّلَهٗ: حلال کر دینے کو چاہنا۔
اِحْتَلَّ. المکان وبالمکان: اُترنا۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے۔ اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ: وہ قوم کے پاس اُترا۔
اِستَحَلَّ. الشَّیَٔ: حلال سمجھنا یا حلال کر لینا۔
اِسْتَحَلَّهٗ الشَّیَٔ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔
الحَالُّ. فا. ج حُلَّل و حُلُوْل و حُلَّال. و (الحَلَّال) حَالٌّ کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ حَلَّال للعقدِ کافٍ للمہمّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے۔
الحَلُّ. تل کا تیل۔
الحِلُّ. مص. حلال. مکۂ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اُترنے والا۔ جیسے "ما زلتُ حِلًّا بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں۔
والا شهرُ الحِلُّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔
الحِلُّ: نشانہ۔ جس پر تیر اندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔
اَلْحُلُوْلُ. اس سے مراد دو جسموں کا اس طرح متحد ہونا کہ ان میں سے ایک کی طرف اشارہ دوسرے کی طرف اشارہ ہو گیا۔ اسی سے مذہب حلول ہے۔ اس مذہب والوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شی اور ہر چیز میں حلول کر گئے ہیں اور اس کے ساتھ متحد ہو گئے ہیں حتیٰ کہ ہر شے پر اللہ کا اطلاق درست ہے۔
حُلُوْلُ حَیِّزِیّ: اجسام کا حلول مقامات میں'
حُلُوْلُ وَصْفِی: سیاہی کا حلول جسم میں'
حُلُوْل سِرَیَانِی: صورت کا حلول ہیولیٰ میں' یا اعراض نفسانیہ کا حلول نفس میں'
حلول الجواری: دو جسموں میں سے ایک دوسرے کا ظرف ہو جیسے پانی آبخورے میں۔
حلولیه فرقۂ صوفیاء کرام کا ایک فرقہ جو کہ مذہب حلول کے قائل ہیں۔
الحِلُّ و الحُلُّ. احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "فعله فی حُلّه و حُرْمِهٖ" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔
الحَلَّة. حلول کا اسم مرہ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (د والحِلَّةُ) اترنے کی جگہ۔ مجلس۔ جمع ہونے کی جگہ من الشَّیِٔ: جہت و جانب۔ ج حِلَل و حِلَال. اور کہا جاتا ہے "فیه حَلَّة اَوْ حِلَّة" اس میں کمزوری ہے۔
الحِلَّة: اُترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حِیٌّ حَلَال" اُترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔
الحُلَّة. نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّته وبزّته" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل و حِلَال.
الحَلَّال. جرجہ (مولدة)
الحَلَال. ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا۔
والسِحرِ الحَلَال: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔
الحِلَال. ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔
الحَلِیْل. حلال. شوہر (والحَلِیْلَة) بیوی۔ الحلِیْل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا۔ ج اَحِلَّاء مؤنث حَلِیْل و حَلِیْلَة ج حَلَائِل
الاَحَلُّ. ٹانگوں میں کمزوری والا۔ مؤنث حَلَّاء ج حُلٌّ.
الاِحْلَال. انفعال حج سے فراغت۔
الاِحْلِیْل. پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں

دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج حَالِیل.
التَّحِلَّة. قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء
التَّحْلِیْل. بمعنی الاحلیل۔
المَحَلُّ. اُترنا۔ اُترنے کی جگہ۔ ج مَحَالٌّ.
مِحَلُّ. الدَّیْن: ادائیگی قرض کا وقت۔
المُحِلُّ. فا. رجل مُحِلٌّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔
المَحَلَّة. اُترنے کی جگہ (المُحِلَّتان) ہانڈی
المُحَلَّل. سماء مُحَلَّل: اُونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّلٌ: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔ روضة او مکان مِحلال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔
حلَأه (ف) حلأً. بالسیف: تلوار سے مارنا ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا بہ الارض: پچھاڑ دینا۔ حَلَأَ ہٗ الشئَ: دینا۔ حَلَأَ الجلدَ: کھال اُتارنا (حَلَأه واَحْلَأه) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلَأَلَهٗ حَلُوءً: کسی کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا۔
حلِیَٔ (س) حلأً. الادیمُ: کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِئَتِ الشفةُ: ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا۔
حَلَّأَهٗ تَحْلِیئًا و تَحْلِئَةً. عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اُترنے سے روکنا ہ الشئَ: دینا۔
الحُلُوْء والحُلَاءَة. سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔
الحَلأُ والتِحلِیء والتِحلِئَة. چمڑے کے بال۔ یا چمڑے کا میل و سیاہی۔ التحلیء: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلَاء: بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ۔
الحَالِئَة. بہت زہریلا سانپ۔
التِحلِئَة. س۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحلِئة" بوجھل مرد۔
المِحلَأُ والمِحلَأَة. چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حلبًا و حَلَبًا و حِلَابًا الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطُرَهٗ" اس نے زمانے کے امور خیر و شر کو آزمایا (اشطر اُونٹنی کے تھن کے باکھ کو کہتے ہیں) و "حَلَبْت بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔
"وَمَالَه حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کیلئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔
حَلَبْتُ واَحْلَبْتُ. الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبْتُهٗ واَحْلَبْتُهٗ ناقتی: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا واَحْلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔
حَلِبَ (س) حلَبًا. الشعرُ: کالا ہونا۔
حَالَبه. ساتھ مل کر دوہنا (واَحْلَبَه) مدد کرنا۔
تَحَلَّبَ وانْحَلَبَ. العرق او الدمعُ: بہنا عینُه: آنسو بہنا فمه: تھوک ٹپکانا۔
اِحْتَلَبَ واسْتَحْلَبَ. دودھ نکالنا۔
اِحْتَلَبَ الناقۃَ: دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔
الحَلَب. س۔ (والحَلِیْب) دوھا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الکَرْم و حَلَبُ العَصِیْر: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِیْبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ (حَلَبیٰ) رَکَبیٰ او (حَلَبانَة) رَکْبانَةٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔
الحَلْبَة. ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُو یرکضُ فی کلِّ حَلْبةٍ من حَلَبَاتِ المَجْد" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لیے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات و حَلائب.

الحَلَبَتَان. صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)
اَلحَلَب: ایک درخت جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں۔
الحُلْبَة. میتھی۔ زچہ کی خوراک۔
الحُلْبَة. زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔
الحَالِب. فا. ج حَلَبه.
الحَالِبة. تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البئر: کنوئیں کا سوت۔
حَوَالِبُ العَیْن: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔
الحَالِبَان. دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔
الحِلَاب. دودھ دوہنے کا برتن۔
الحَلَّاب. بہت دوہنے والا۔ "یَوْمٌ حَلَّاب" نمناک دن۔
الحَلُوْب والحَلُوْبَة. من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب و حَلَائِب.
الحَلَائِب. جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔
الحُلْبُوْب. کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔
الحِلَبَاب. عشق پیچہ کی بیل۔
الحُلَّبُ والحُلَّبَان والحِلْبَاب والحُلْبُوْبُ. مختلف نباتات کے نام۔
شاة (تِحْلَابَة و تُحْلُبَة و تِحْلِبَة و تُحْلِبَة و تِحْلَبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔
المِحْلَب. دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب.
المَحْلَب. دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔
المُحْلِب. فا. کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اُونٹ بچے

ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوھتا ہے اور نر کو بچے کے لیے لے جاتا ہے۔
المُحلِب مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔
الحِلبِد چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حليدة.
الحَلبَس بہادر۔
الحبلْبَس بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔
الحِلبِيس شیر۔
حَلَتَ(ض) حَلْتًا. الراسَ مونڈنا۔ الصوفَ نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا الدَّينَ ادا کرنا۔ ظهر الخَيلَ چمٹ کے رہنا۔ بسلحه پاخانہ کرنا۔
الحُلاتَة اُون کا اُکھیڑتے وقت گرا ہوا۔
الاَحلت وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔
الحَلِيْت یخ، اولہ، پالا۔
الحَلْيَت والحِلتِيت ہینگ۔
الحِلتِيت ہینگ۔
حَلَجَ(ن ض) حَلْجًا. الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا فی المشی: آہستہ آہستہ چلنا اور دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا القومُ لَيْلَتهُم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القوم يَحْلِجُوْنَ لَيْلتهم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلّاج) اور صفت مفعولی (حَلِيْج و مَحْلُوْج) الحَبْلَ بٹنا الرجلَ بالعَصَا لاٹھی سے مارنا۔
تَحلّج. الحُلوْجُ: بادل کا چمکنا فی صدره کھٹکنا۔
اِحتَلَج. حقّه لینا۔
الحَلجَة والحَلجة مسافت۔
الحِلاجَة دُھننے کا پیشہ۔
الحُلوْج. چمکنے والا بادل۔
الحُلج بہت کھانے والے۔
الحَلِيْجَة دودھ جس میں کھجور ترکی گئی ہو۔
حُلَج.

المِحْلَج والمِحْلاج روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحالِج و مَحالِيج. المَحْلج: لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔
المِحْلَج والمِحْلَجة وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔
حَلْحَلَ. الشَّيءَ حرکت دینا۔ ہٹانا القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔
تَحَلْحَلَ. عن مکانه حرکت کرنا۔ دُور ہونا۔ ہٹ جانا۔
الحُلاحِل. سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل (انہی معانی میں مُحلحَل و مُلَحْلَج بھی ہیں۔)
حَلَزَ(ن) حَلْزًا. الجلدَا والعَوْدَ: چھیلنا۔
تَحلّزَ. الشَّيءُ باقی رہنا القلب دردمند ہونا للأمر تیار ہونا بالمكان اقامت کرنا۔
اِحْتَلَزَ. منه حقه لینا۔
الحِلّز بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حِلّزة)
الحَلزُوْن ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔
الحَلزُونَة. فی عرف الحدادين والنجارين لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل أوخط (حلزونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔
حَلَسَ(ض) حَلْسًا. البعيرَ ٹاٹ سے ڈھانپنا الرجلُ بالشَّيءِ: بہت حریص ہونا السماءُ لگاتار نرم برسنا۔
حَلِسَ(س) حَلَسًا و تَحَلّسَ. بالمكان: کسی جگہ میں جم کے رہنا لِلاَمرِ: کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلّسَ منه بشيء وما تحلّس شيئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
اَحْلَسَ. الرجلُ: مفلس ہونا فلانا في البيع: نقصان پہنچانا ہ: عہد و میثاق کرنا۔
اَحْلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا الارضُ نمر سبز ہونا۔ اَحْلَسه الخوفَ: خوف لازم کرنا۔
حَالَسَهُ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعيرَ ٹاٹ سے ڈھانپنا۔
اَحْلَسَ. سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (اَحلَس مؤنث (حَلْسَاء)
اِسْتَحْلَسَت. الارضُ نمر سبز ہونا۔ النبتُ زمین کو ڈھانپ لینا الليلُ سخت تاریک ہونا الخوفُ فلانًا خوف کا لازم رہنا۔
الحِلْس والحَلَس ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلاس و حُلُوْس و حِلَسَة.
اَحْلاسُ الخيل گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بيته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "وهو حِلْسٌ من اَحْلاسِ البِلَادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "كونوا اَحْلاس بُيُوتِكُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو و "هذا لَيْس مِن اَحْلاس فلان" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ و" رَفَضْت كَذا و نَقَضْتُ اَحْلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس: عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلْسٍ گدھی۔
الحَلَس بمعنی عہد و پیمان۔
الحَلِس بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔
حَلَطَ(ن) حَلْطًا. قسم کھانا فی الامرِ: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔
حَلِطَ(س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ. عليه: غضبناک ہونا منه رنج ہونا۔
اَحْلَطَ. بمعنی حَلِطَ ہ: غضبناک کرنا بالمكان: اقامت۔ فی اليمين: کوشش کرنا۔
حَلَفَ(ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوْفَةً و مَحْلُوْفَاء. بالله:

قسم کھانا۔
اَحْلَفَهُ و حَلَّفَهُ واسْتَحْلَفَهُ. قسم کھلانا۔
حَالَفَهُ مُحالَفَةً. معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنُهُ: غم کالازم ہونا۔
تَحالَفُوْا. باہم عہدو پیمان کرنا۔
الحَلْف والحِلف والاُحْلُوفَة. قسم۔
الحِلف س۔ عہدو پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلاف. کہا جاتا ہے "فلان حِلف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔
الحَلْفاء. ایک بوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حلفة و حَلْفاء.
الحَلْفاء. بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلْف و حُلُف.
ارض (حَلِفَة و مَحْلِفَة) حلفاء گھاس والی زمین۔
الحُلافِيُّ. وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔
الحَلّاف والحَلّافَة. بہت قسمیں کھانے والا۔
الحَلِيْف. عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہاجاتاہے "فلانٌ حَلِيْفُ الجُوْد" فلاں جودو بخشش کا حلیف ہے، یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِيْفُ اللسانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء.
المُحْلِف. شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذا غلامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔
حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلاقًا. الراسَ: مونڈنا۔
حَلَقَ (ن) حَلْقًا. الرجلَ: حلق پر مارنا الحوضَ: بھرنا الشَّئَ: چھیلنا۔ السَّنَةُ القَوْمَ: مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلْقِي) القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا: ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا. حلق کے درد والا ہونا۔
حَلَّقَ. الراسَ: مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا القمرُ: ہالہ پڑنا الشَّئ: حلقہ کی مانند بنانا۔
الاناءُ مِن الشراب: بھرنا۔
الحوضُ: خشک ہونا عَيْنُ الحيوان: دھنس جانا النجمُ: بلند ہونا ضرعُ النَاقَة: دودھ کا خشک ہو جانا۔
اَحْلَقَ. الاناءَ او الحوضَ: بھرنا۔
تَحَلَّقَ. القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا القمرُ: ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ. الراسَ: مونڈنا۔
الحَلْق. س۔ گلا۔ ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلُق. حُلُوق. الارض: نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِي حُلُوْقِ الطَّرِيْق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کیے۔ الحَلْقُ. بدبختی۔
الحَلْقَة. ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقَات. و حلقة القوم: قوم کا دائرہ کہا جاتاہے "سَالَهُ فِي حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض: حوض کا بھرنا۔
حَلَقَةُ. الباب او القوم: دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلْق. بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق. بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔
الحَلاق و حَلاق. بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة: موت۔
الحِلاق. گلا۔
الحُلاق والحوْلَق. گلے کا درد۔
الحَلّاق. نائی، حجام۔
الحُلاقَة. مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَة. نائی کا پیشہ۔
الحَالِق. فا. ج حَلَقَة مِن الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء

مِن حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا و "هوىٰ مِن حالق" وہ اُونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ "ضرع حَالِق". بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلُق و حَوَالِق.
الحَالِقَة. الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق.
الحَالُوْق. موت۔
الحَالُوْقة. مِنَ السيوف او الرجال: تیز۔
الحَوْلَق والحَيْلَق. بلاو مصیبت۔
الحَوْلَقَة. "لاحول ولا قوة الّا بالله" کہنا۔
الحَلِيْق. مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِيق ولِحية حَلِيْق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلقیٰ
المِحْلَق. اُسترہ. سخت کمبل۔
الحِلْقد. بدخو۔
حلْقمه. گلا کاٹنا۔
الحُلْقُوْم. گلا۔ ج حَلاقِيم.
حَلِكَ (س) حُلُوْكَةً و حَلَكًا و حُلُوْكًا واحْلَوْلَكَ واسْتَحْلَكَ. سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِك و حَلِك)
الحَلَك والحُلكة. سخت سیاہی۔
الحَلْكَة والحَلْكَاءُ والحُلْكَاءُ والحَلَكَاء والحُلَكَاءُ والحُلَكیٰ.
الحُلْكُوْك والحُلَكِلك. سخت سیاہ۔
الحَلْكم. سیاہ۔
الحَلْكمه. سیاہی۔
حَلَم (ن) حُلْما و حُلُما. في نومه: خواب دیکھنا۔ کہاجاتاہے "حَلَمهُ و حَلَم به" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبيُّ (واحتلم) بالغ ہونا۔ (حَلْمًا) الجلدَ: کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا. درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حليم) ج حُلَمَاء واَحْلام. مؤنث حَلِيْمَة.
حَلِمَ (س) حَلَمًا. الجلدُ: خراب ہونااور

کپڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم و حَلِیم)

اَحْلَمَتِ. المَرأۃُ حلیم و بردبار بچے جننا۔

حَلَّمَهٗ تَحْلِیمًا و حِلَّامًا. بردبار بنانا۔

حَلَّمَ الجلدَ کیڑے نکالنا الْقِرْبةَ بھرنا۔

تَحَلَّمَ بردبار بننا الحِلم بُردباری سے کام لینا الرجلُ موٹا ہونا۔ تَحَلَّمت القربةُ: پانی سے بھر جانا۔

تَحَالَمَ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔

اِنحَلَمَ واِحتَلَمَ. فی نومه خواب دیکھنا۔

الحِلم صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَ الشیخ لاحِلمَ بَعْدَهٗ" عقل۔

ج اَحْلام و حُلُوم. کہا جاتا ہے "تَامُرُهُمْ اَحْلامُهُمْ بِهٰذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔

الحُلم بر. خواب۔ ج اَحْلام اور کہا جاتا ہے "هٰذه اَحْلام نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔

الحَلَمَة. سر پستان۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم۔

الحَلِیم اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔

حَلا(ن) و حَلُوَ(ک) و حَلِیَ(س) حَلاوَةً و حُلوَانًا میٹھا ہونا الفاکهةُ پختہ ہونا حَلاَلَهُ الشَّیُٔ لذیذ ہونا۔ صفت (حُلو) اور کہا جاتا ہے۔ "حَلِیَ فی عینی و بعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلا منه بخیر خیر و منفعت حاصل کرنا۔

حَلا(ن) وحَلْوًا و حُلوَانًا تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه کَذا او بکذا دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاه حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔

(وحَلَّیَ) الشَّیَٔ (تَحْلِیَة) میٹھا بنانا۔

(حالیٰ) مُحَالاةً الرجلَ خوش طبعی کرنا۔

اَحْلاهٗ اِحْلاءً میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما یُمِرُّ و لا یُحْلی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔

تَحَلَّت. المرأۃُ زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تَحَلّیٰ فلانٌ بِمَا لَیْسَ فِیْهِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔

تَحَلّیٰ واِحْلَوْلیٰ واِسْتَحْلیٰ. الشَّیَٔ: میٹھا پانا۔ واِحْلَوْلیٰ الشَّیُٔ میٹھا ہونا۔

تَحَالیٰ حلاوت ظاہر کرنا۔

الحُلو میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔

الحُلوان دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر، بدلہ۔

الحَلاءَة والحَلاوة والحَلاوَاء والحُلاوی. مِنَ القفاء گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلاوِی.

الحَلْوَاء والحَلْویٰ. حلوا میٹھا میوہ۔ ج حَلاوِی.

الحَلْوَانی حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

الحُلْوُ. مِنَ الرجال دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

الحَلِیُّ لذیذ اور میٹھا۔ ناقةٌ حلیَّة:

حَلَیٰ(ض) حَلْیًا. المرأۃَ: عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ(س) حَلْیًا المرأۃُ زیور پہننا۔ صفت (حالٍ و حالِیَة) ج حَوَالٍ کہا جاتا ہے "شجرة حالیة" پتے والا پھل دار درخت۔ حلی منه بخیر خیر و منفعت پہنچانا۔

حَلّیٰ تَحْلِیَة. المرأۃَ زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ وحَلَّیٰ الشَّیَٔ آراستہ کرنا۔

تَحَلّیٰ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحَلِی پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔

الحَلْیُ ج حُلِیّ و حِلِیّ و (الحِلْیَة ج حِلی و حُلی (خلافِ قیاس) زیور۔

حِلْیة الانسان انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیُّ خشک۔

حَمَّ(ن) حَمًّا. التنورُ گرم کرنا۔ الشحمةَ: پگھلانا الماءَ: گرم کرنا الارتحالَ: جلدی کرانا۔ حَمَّ الله له کَذا مقدر کرنا الامرُ فلانًا غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّهٗ" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔

حُمَّ. الامرُ فیصلہ کیا جانا الشَّیُٔ قریب ہونا الرجلُ بخار زدہ ہونا لهٗ کَذا مقدر کیا جانا۔

حَمَّ(س) حَمَمًا کالا ہونا الماءُ گرم ہونا۔

حَمَّمَ. الغلامُ سبزہ آغاز ہونا الراسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا المکانُ روئیدگی ظاہر ہونا الشَّیَٔ کالا کرنا الماءَ گرم کرنا الرجلَ کوئلے سے منہ کالا کرنا۔ المرأۃَ طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔

اَحَمَّهُ اللّٰهُ: بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشَّیُٔ قریب ہونا المکانُ بہت بخار والی جگہ ہونا الماءَ گرم کرنا الله له کَذا مقدر کرنا الشَّیَٔ کالا کرنا الامرُ فلانًا غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ کالا ہونا۔

اِحْتَمَّ. غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا العینُ بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِسْتَحَمَّ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔

الحَمُّ بر. حَمُّ الظَّهِیرةِ دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ حَمٌّ عن ذٰلِكَ او منه" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔

حُمُّ الشَّیِٔ و (حُمَّه) چیز کا بڑا حصہ۔

الحُمّیٰ بخار۔ ج حُمَّیات.

الحَمَّة گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّة سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدور و فیصل شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّة الفِراق" کہا جاتا ہے "عجلت بنادیکم حُمَّةُ الفراق" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی

کی۔ ج حُمَم و حِمام.
الحُمَم. حُمَّة کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَة)
الحِمَّة. موت۔ پسینہ۔
الحَمام. کبوتر۔ واحد (حَمامة) اور کہا گیا ہے کہ حمامة کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمائِم و حَمامات حَمامُ الزاجل او الزجّال: پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔
ساقُ الحمام و رعیُ الحمام: دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمام: انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحَمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔
الحِمام. موت۔
الحُمام. جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔
الحُماميٰ. ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی۔
الحَمّام. غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمّامات.
الحَمّامي. حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔
الحامَّة. اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ۔
الحَمِیم. قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج اَحِمّاء. گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمائِم. الحَمِیم: گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیمٌ بالحَاجَةِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔
الحَمِیمة. حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اونٹ۔ ج حَمائِم.
الاَحَمُّ. بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمّ.
المِحَمُّ. پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمُّ. قریب۔
المُحامُّ. ثابت۔
المَحموم. بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل به القَضاءُ المَحمومُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔
المُستَحَمّ. غسل کرنے کی جگہ۔
حَمَأَ (ف) حَمأً. البئر: کنوئیں سے کیچڑ نکالنا۔
حَمِیَ (س) حَمأً و حَمأً. الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔ صفت۔ حَمِیٌّ.
اَحْمأَ. البئرَ: کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔
الحَمْء والحَمأ. والحمو والحما بلاهمزة: عورت کا خسر۔ شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔ جیٹھ۔ خسر۔
الحَمأ والحَمأة. کیچڑ۔
حَمَتَهُ (ض) حَمْتًا. الله علیه:
حَمِت (س) حَمتًا. الجوزُ وغیره: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
حَمُتَ (ک) حُمُوتَةً. الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
تَحَمَّتَ. اللونُ او الطَعمُ: رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔
الحَمْت. س۔ یَومٌ حَمْتٌ: سخت گرم دن۔ تمر (حَمْت و حامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔
الحَمِیت. مِنَ اللون او الطعم: خالص و صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے "تمر حمیت و عَسَلٌ حَمِیتٌ" اچھے رنگ والی کھجور۔ خالص شہد۔ غضبٌ حَمِیتٌ: سخت غصہ۔
حَمَّحَت. العینُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔ حَمَّجَ الْوجهُ: چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔ حَمَّجَ اِلَیه: تیز نظر سے دیکھنا عینه: گھور کر دیکھنا۔
الحُمُوج. ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔
حَمْحَمَ و تَحَمْحَمَ. البرذونُ او الفرسُ: ہنہنانا۔ تَحَمْحَمَ: کالا ہونا۔
الحَماحِم. چوڑے پتے کا پودینہ۔ واحد (حَماحِمَة)
الحِمْحِم والحُمْحُم. ایک قسم کا پرندہ گاؤزبان۔ واحد (حِمْحِمة و حُمْحُمَة)
حَمِدَهُ (س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَةً و مَحْمِدَةً. فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ہ علی امر: بدلہ دینا الشَّیُّ: قابل تعریف پانا۔ اور کہا جاتا ہے "حَمِدتُ اِلَیكَ الله" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔
حَمَّدَ. اللهَ: بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔
اَحْمَدَ. قابل تعریف کام کرنا الشَّیُّ: قابل تعریف ہونا الشَّیَ: قابل تعریف پانا ہ: فعل پر راضی ہونا۔ تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔
تَحَمَّدَ. بالشَّیِٔ علی فلان: احسان جتانا۔ اور کہا جاتا ہے "یَتَحَمَّدُ النّاسَ بِفَضْلِهِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔
اِسْتَحْمَدَ. الله الی خلقه. مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا۔
اَلحَمْدُ. س۔ تعریف۔ تعریف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "رجل حَمْد وامْرَأة حَمْدة" تعریف کیا ہوا مرد، تعریف کی ہوئی عورت۔
حَمادِ. له: بمعنی حمدًا له.
الحَماد. غایت۔ انتہائی کوشش۔ کہا جاتا ہے "حُمادُك اَوْحُماداكَ اَنْ تَفعلَ كذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَمّاد والحُمَدَة. بہت تعریف کرنے والا۔
المَحْمَدَة. قابل تعریف کام۔ ج مَحامِد.
المُحَمَّد. بہت عمدہ خصلتوں والا۔ نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی۔
الحَمِید والحَمُود. تعریف کرنے والا۔ تعریف کیا ہوا۔ مؤنث حَمِیدَة.
الحُمَدَة. بہت تعریف کرنے والا۔
حَمَدَةُ. النار: آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمِرَ (س) حَمَرًا. الفرسُ: بدہضمی والا ہونا، یا بدبودار منہ والا ہونا۔ صفت (حَمِرٌ) الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
حَمَّرَ. الجلدَ: بُری دباغت دینا۔ الشَّیَّ: سرخ رنگنا ہ: کسی کو اے گدھے کہنا۔
اَحْمَرَ. سرخ بچہ والا ہونا الدابۃَ: چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔
اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا. سرخ ہونا۔
اِحْمَارَّ اِحْمِیْرَارًا. بتدریج بہت سرخ ہونا۔
اِنْحَمَر. ما علی الجلد: کھرچا جانا۔
الحُمَر. ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (والحُمَّر) ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرۃ و حُمَّرۃ)
الحُمْرَۃ. سرخ رنگ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔ حَشِیْشَۃ الحَمْرۃ: ایک قسم کا زہریلا پودہ۔
الحمار. گدھا۔ اس کی دو قسمیں ہیں اہلی اور جنگلی۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش. والحمار الوحشی کہتے ہیں۔ ج حَمِیْر واَحْمِرَۃ وحُمُر وحُمُور وحُمُرات. مؤنث حِمَارَۃ ج حَمَائِر. حِمارۃ القدم: پشت قدم۔ اُذُن الحمار وقِثّاء الحمار: دو پودوں کے نام۔ حِمَارُ الزَرَدِ: ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔
الحَمَارَّۃ. گرمی کی شدت۔ ج حمارٌّ.
الحَمَّارَۃ. گدھے والے۔ واحد حمّار. جیسے جَمَّال و بَغَّال: دوغلا گھوڑا۔
الاَحْمَر. جس کا رنگ سرخ ہو۔ ج اَحَامِر. سرخ رنگ سے رنگا ہوا۔ ج حُمْر و حُمْران. سونا۔ زعفران۔ گوشت۔ شراب۔ کہتے ہیں۔ "نحن مِنْ اَھلِ الاَسْوَدین لامِنْ أهل الاَحْمَرَیْن" ہم کھجور اور پانی والے ہیں۔ گوشت اور شراب والے نہیں۔ الموت الاحمر: قتل۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے۔
الحَمْراء. الاحمر کا مؤنث۔ سخت سال۔ گرمی کی شدت۔ الحمراء أو القلعۃ الحمراء: غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دورِ حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے۔ الحَمْراء: تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں۔
الاَحْمَرِیُّ. سخت سرخ۔
الحِمِّر. گرمی کی سخت شدت۔ بُرا آدمی۔
غَیْثٌ حَمِّر: تیز بارش۔
الحُمَّرۃ. ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر. کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس۔ ج محامر. المِحْمَر: دوغلا گھوڑا۔
الیَحْمُوْر. سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ اور بقول بعض گورخر۔
حَمَزَ (ض) حَمْزًا. الحروفُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا الشفرۃ: تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حمازۃً. سخت ہونا۔ الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِز. فا. حامز الفؤاد: تیز فہم، عقلمند۔
الحَمِیْز. سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
حَمَسَہٗ (ض ن) حمسًا. غضبناک کرنا اللحمَ: بھونا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا. دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغی: گھمسان کی جنگ ہونا الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حماسۃً و حمسَ (ض) حَمْسًا. دلیر ہونا۔
حَمَّسَہٗ واَحْمَسَہٗ. جوش دلانا۔ غضبناک کرنا الدواءَ ونحوہ: نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ. جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
اِحْتَمَسَ. جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القرنان: باہم جنگ کرنا۔
تحامَسَ. القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحِماس. سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحَماسَۃ. معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الاَحْمَسُ. دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسَا. ج حُمس و اَحامِس.
سنۃ حَمْسَاء: سخت سال۔ سِنُون اَحامِسُ. حُمُسٌ: بہت سے سخت سال۔
الحُمْس: سخت جگہیں۔
الحَمِیْس. دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِیْسَۃ. بھونا ہوا۔
الحَمْسَۃ. ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمس.
حَمَشَہٗ. (ن) حَمْشًا. غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشَّیَّ: جمع کرنا القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمِشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَۃً. السّاقُ: باریک ہونا۔
حَمَشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَۃً و تَحَمَّشَ واحْتَمَشَ واسْتَحْمَشَ. غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمْشًا. الرجلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ واَحْمَش) ج حِماش و حُمْش. کہا جاتا ہے۔ "رجالٌ حِمَاشُ السُّوْق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوْقٌ حِمَاس" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَہٗ. غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ الشَّیَّ: جمع کرنا الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَہٗ. غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِیْش. پگھلائی ہوئی چربی۔

حَمِصَ (ن) حَمْصًا و حُمُوصًا. الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حميص)
الورمُ: ورم کا ختم ہونا الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ. الحبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ. الرجلُ: سمنًا اللحمُ: خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ. الورمُ: کم ہونا منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص. والحِمِّص. چنا۔ واحد (حِمَّصة و حِمِّصَة)
الحَمِيص. بھونا ہوا۔
الحَمِيصَة والمَحْمُوصَة. چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيصَة کی جمع حَمَائِص
المِحْمَصَة. غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوضَةً. کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا. عنه: ناپسند کرنا به: خواہش کرنا۔ (واَحْمَض و حَمَّض)
الجملُ: نمکین و کڑوے پودے چرنا۔
حَمَّضَ واَحْمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمَّص لَنا فی القِرىٰ" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی
حَمَّضَ واَحْمَضَ الشَّیَٔ: کھٹا کرنا الشَّیَٔ عنه: پھیر دینا۔ اَحْمَضَ المکانُ: بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا۔ صفت (مُحْمِض)
تَحَمَّضَ. الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔
الحَامِض. فا. کہا جاتا ہے "هو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔ "ز حَامِض الرئتين" کڑوے سانس والا۔
اَلحَامِض: (ک) ہیڈروجن والی مرکب یہ نمک سے تبدیل ہو جاتا جب ہیڈروجن کسی کان کے ساتھ ملایا جائے۔ حوامض کا ذائقہ سرکہ یا پھٹکری کی طرح ہوتا ہے۔
الحَامِضَة. الحامض کا مؤنث۔ کسی چیز کی خواہش۔ کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔
الحَمْض کڑوا و نمکین پودہ۔ واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض
اَلحَمْض الاستيك: اسٹیک ایسڈ (سرکہ میں) CH_3COOH
زَيْتُ زَاج: پھٹکوی تیل۔ الحمض النتريك- NO_3H نائٹروجن پر آکسائیڈ ڈائنامیٹ کے جوڑنے میں استعمال ہوتی ہے۔
الکبريت گندھک۔ الحمض الکوريد ریک: ہائیڈروکلورک ایسڈ HCL الحمض استرایک: سٹرک ایسڈ $C.H.O$
الحَمْضَة. کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "فؤاد حمض، و نفس حَمْضَة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا النفس۔
الحُمَّاض. ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَّيْضَه بھی کہتے ہیں۔ واحد (حُمَّاضَة)
ترنج۔ حُمَّاض الکباد: ترنج کا اندرونی حصہ۔
الاِحْمَاض. مص۔ دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔ سنجید گی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔
الحَمِيضَة. ج حمض و (المَحْمَض والمُحْمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔
المُسْتَحْمِض. من اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔
حَمَطَهُ (ض) حَمْطًا. چھلکا اُتارنا۔
حَمَّطَ. الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
الشَّیَٔ: چھوٹا کرنا الرجلَ: ہلکا مارنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اذا ضربتَ فلا تُحَمِّط" جب مارو تو ہلکا مت مارو۔
الحَمَاطَة. گلے کی سوزش۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت اور بقول بعض گولر۔ دِل کا نقطہ۔ دِل کا خون۔ ج حَمَاط و حَمَائِط.
حَمْطَرَ. القِرْبَةَ: بھرنا القوسَ: چلہ کھینچنا۔
حَمَظَهُ (ن) حَمْظًا. نچوڑنا۔
حَمِقَ (س) و حَمُقَ (ک) حُمْقًا و حُمُقًا و حَمَاقَةً. بیوقوف ہونا۔ صفت اَحْمَق مؤنث حَمْقَاء۔ ج حُمْق و حُمُق و حَمْقیٰ و حِمَاق و حَمَاقیٰ و حُمَاقیٰ. (ك حماقة) السوقُ: مندا پڑنا۔
حَمَّقَهُ. بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَه. بیوقوف پانا۔ اَحْمَقَتِ المرأة بیوقوف بچے جننا۔ صفت (مُحْمِق و مُحْمِقَة)
حَامَقَه. بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ و تَحَمَّقَ. بتکلف بیوقوف بننا۔
اِنْحَمَقَ. بیوقوف ہونا السوقُ: مندا پڑنا الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ. بیوقوف ہونا: بیوقوف سمجھنا۔
الحُمْق. مص۔ کم عقلی۔ بیوقوفی۔ شراب۔
نَوْمَةُ الحُمَق. ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِق. بیوقوف۔ کم داڑھی والا۔
الحُمَاق والحَمَاق والحَمِيق والحُمَيْقیٰ والحُمَيْقَاء. ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ ہوتی ہے۔
البَقْلَة الحَمْقَاء وبَقْلَةُ الحَمْقَاء. خرفہ کا ساگ۔
الحُمُّوقَة والحُمَّيْقَة والاُحْمُوقَة. بہت بیوقوفی والا۔
المُحْمِقَات. وہ راتیں جن میں اوّل سے آخر تک چاندنی رہے۔
حَمَلَ (ض) حَمْلًا و حُمْلَانًا. الشَّیَٔ علی ظهره: اُٹھانا الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا عَلیٰ نفسه فی السَّیر: چلنے میں مشقت اُٹھانا۔ حَمَلَه عَلیَ الاَمْر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔ حمل عنه: بردبار ہونا الشَّیَٔ علی

الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر لگانا المرأۃ: حاملہ ہونا الشجرۃُ: پھل دار ہونا القرآن: یاد کرنا العلمَ: روایت کرنا۔ نقل کرنا۔
(حملۃ) فی الحرب علیھم: حملہ کرنا
(حَمالۃ) بہ: ضامن ہونا۔
حَمَلَہٗ واَحْمَلَہٗ. الحِملَ: بوجھ اُٹھانے میں مدد کرنا۔
حَمَّلَہٗ تَحْمِیْلًا و حِمَّالًا. الشَّیَٔ: اُٹھوانا۔
تَحَمَّلَہٗ تَحَمُّلًا و تِحِمَّالًا. اُٹھانا الامرَ: برداشت کرنا القومُ: کوچ کرنا الرجلُ: بہادر بننا۔
تَحامَلَ. فی الامر و بالامر: باوجود مشقت کے اپنے ذمہ لینا علیٰ فلان: ظلم کرنا۔ طاقت سے زیادہ کام کو کہنا عنہ: اعراض کرنا۔
اَلَیْہ: متوجہ ہونا الشیخ فی مَشْیِہٖ: چلنے میں گرانبار ہونا علی نفسِہٖ: باوجود مشقت کے برداشت کرنا۔
اِنحَمَلَ. علیہ: آکسایاجانا۔
اِحتَمَلَ. الشَّیَٔ: اُٹھانا الامرَ: کسی امر کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا ماکانَ مِنْہ: چشم پوشی کرنا معاف کرنا الصَّنِیْعَۃ: شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ. غضبناک ہونا لونُہٗ: رنگ بدلنا۔
اِستَحْمَلَ. اُٹھانے کی طاقت رکھنا۔
فلانًا: اُٹھانے کو کہنا۔
الحَمْل. س۔ پیٹ کا بچہ۔ پھل۔ ج حِمال و اَحمال و حُمُول.
الحِمْل. ابوجھ۔ ج اَحْمال و حُمُوْلَۃ.
الحِمْل: ہودج یا ہودہ والے اُونٹ۔ ج حُمُول.
الحَمَل. بکری کا بچہ۔ ج حُمْلان واَحمال.
بہت پانی والا بادل۔ آسمان کے برجوں میں سے ایک برج۔ لسان الحَمَل: بارتنگ (ایک دوا کا نام)

الحَمْلَۃ. س۔ ایک مرتبہ کا بوجھ۔ لڑائی کا حملہ۔
الحُمْلَۃ والحِمْلَۃ. ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
الحَامِلَۃ: نوکرا، جولاہے کا تانا۔
بحری بیڑہ جس پر جنگی جہاز رکھے جاتے ہیں۔
الحَامِل. فا۔ ج حَمَلۃ. حَمَلۃ القرآن: قرآن کے یاد کرنے والے۔ قرآن کی روایت کرنے والے۔ مؤنث حَامِلَۃٌ: اِمْرأۃٌ حامِلٌ و حَامِلَۃٌ: پیٹ والی عورت۔ ج حَوامِل.
الحَامِلَۃ: انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔
الحَوَامِل: قدم۔ ہاتھ اور قدم کے پٹھے۔
الحَمَال. دیت۔ تاوان۔ ج حُمُل.
الحَمَالَۃ. ضمانت۔ دیت۔ تاوان۔
الحِمَالۃ والحَمِیْلَۃ. ج حَمائِل و (المِحْمل) ج مَحَامِل: تلوار کا پڑتلہ۔ کہا جاتا ہے "ھو حَمِیْلَۃ عَلَیْنَا" وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔ الحِمالَۃ: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال. قلی مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ عوام اس کو عتّال کہتے ہیں۔ الحمَّال: جزو دان۔ فصیح لفظ القِمَطر ہے۔
الحَمُوْل. صابر۔ بردبار۔ حَمُولُ البَحْر: دریائی نباتات۔
الحَمُوْلَۃ. بار برداری کا جانور۔ ج حَمُوْلات
الحُمْلان. بار برداری کا جانور جو کسی کو ہبہ کیا جائے۔ مزدور کی اُجرت۔
الحَمِیْل. اُٹھایا ہوا۔ اجنبی۔ ضامن۔ پیٹ کا بچہ۔ تسمہ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ اُٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔ منہ بولا بیٹا۔
الحَامُوْلَۃ. تیز بارش کے وقت سالے میں اُچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوامِیْل
المَحْمِل. وہ چیز جس میں کوئی چیز اُٹھائی جائے۔ ہودہ۔ ج مَحامِل.
المَحْمُوْل. مع المَحْمُول والموضوع عند المنطقیین: اصطلاحِ علمِ منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے

نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں۔ جیسے زیدٌ کریمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول۔
حَمْلَق. آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔
حُمْلاقُ العین و حِمْلاقُھا و حُمْلُوقُھا. پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ ج حَمالِیْق
الحَمْو والحَمَاء والحَمُو والحَمْءُ. خسر۔ خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار۔ یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔ تثنیہ حموان و حمآن ج. احماء.
حمأۃ. الرجل: خوش دامن۔ حمأۃ المرأۃ ساس۔ ج حَمَوات. الحَمَاۃ پنڈلی کا عضلہ۔
حَمْوُ. الشمس: آفتاب کی گرمی۔
حُمُوَّۃ. الالم: درد کی شدت و تیزی۔
حَمیٰ (ض) حَمْیًا و حِمْیَۃً و حِمَایَۃً و مُحْمِیَۃً لشَّیَٔ مِنَ النّاس: روکنا۔ بچانا۔
(حِمْیَۃ) المریضَ ما یَضُرُّہٗ و عما یَضُرُّہٗ: پرہیز کرانا۔
حمِیَ (س) حَمِیَّۃً و مُحْمِیَّۃً. مِنَ الشَّیء: کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔
حَمِیَ (س) حَمْیًا و حُمِیًّا و حُمُوًّا. النارُ: تیز گرم ہونا علیہ: غضبناک ہونا۔
حَامیٰ مُحَامَاۃً و حِمَاءً. عنہ: حمایت کرنا۔ مدافعت کرنا۔ علی الضیف: اچھی طرح میزبانی کرنا۔
اَحْمیٰ اِحْمَاءً. المکانَ: حمی بنانا الحدیدَ: بہت گرم کرنا۔
تَحَمّیٰ و اِحتَمیٰ. المریضُ: رکنا، پرہیز کرنا۔ احتمیٰ منہ: بچنا۔
تحامیٰ. ہ: بچنا۔ پرہیز کرنا۔
اِحْمَوْمیٰ اِحْمِیْمَاءً. کالا ہونا۔

الحِمیٰ چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔
حَمِیَ. الشمس آفتاب کی گرمی۔
الحِمَاء بچائی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو حِمَاءٌ لك" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔
الحِمْیَة بچائی ہوئی چیز۔ پرہیز۔ کہا جاتا ہے "المِعْدَة بیتُ الدَاءِ والحِمْیَة رأسُ الدَواء" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔
الحَمِیَّة نفرت۔ مروّت۔ نخوت۔
الحُمّیٰ بخار۔ ج حُمَّیَات.
الحُمَیّا غصّہ کا ابتدائی جوش۔ کہا جاتا ہے "**لا تکلمه فی حُمَیَّا غضبه**" اس سے غصّہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔ شراب کی تیزی۔ شراب۔ من کل شیء: شدت و تیزی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِیْدُ الحُمَیَّا" وہ بہت خوددار ہے۔
الحُمَة زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات و حُمیٰ.
حُمَةُ البرد بسردی کی شدت۔
الحَامِی. فا. شیر۔ کتا۔ ج حُماة و حَامِیة. نر اُونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہوگئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اُس کے بال کترتے تھے۔
الحَمِیُّ. وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔
الحَامِیَة. الحامی کا مؤنث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لیے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوامِی. الحَامیة: پایہ دیگدان۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے۔
حَنَّ (ض) حَنِیْنًا. خوشی یا غم سے آواز نکالنا القوسُ: کمان سے آواز نکلنا اِلَیْه: مشتاق ہونا (حَنَّة و حَنَانًا) علیه: مہربان ہونا۔ صفت (حَنُوْن)

حَنُوْن) حنّا پھیرنا۔ باز رکھنا۔ تم کہتے ہو "حُنَّ عنی شَرَّكَ" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔
حَنَّنَ. الشجرُ شگوفہ دار ہونا۔
اَحَنَّ. القوسَ: کمان سے آواز نکالنا الرجلُ: غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ. علیه رحم کرنا۔
تَحَانَّ واسْتَحَنَّ. اِلَیْه: مشتاق ہونا۔
اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا طرب کو بڑھا دینا۔
الحَانَّ. فا بہت خوش ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "ما لَهُ حَانَّة ولا آنَّة" اس کے پاس نہ اُونٹنی ہے نہ بکری۔
التَحْنَان رحمت و مہربانی۔
الحِنُّ جنوں کا ایک گروہ۔
الحَنَان. روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے "حنانیك و حنانك یا ربِّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔ "وحَنَانُ الله" اللہ کی پناہ۔
الحَنَّان. مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔
سهم حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان۔ طَرِیْقٌ حَنَّان: واضح راستہ۔
الحِنَّان مہندی۔
حَنَأ (ف) حَنْأ. المكانُ: سرسبز ہونا۔ صفت (حَانِی) اور حَانِیء کا کلمہ اَخْضَر کے لیے بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اَخْضَر حَانِیء جیسے اَسْوَد حَالِك. اَصْفَر فَاقِع
اَبْیَض نَاصِع. اَحْمَر قانِیء.
حَنَّأه تَحْنِیْئًا و تَحْنِئَةً مہندی سے رنگنا۔
تَحَنَّأ. بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنَّاء. مہندی۔ واحد حِنَّائة. ج حُنْآن.
ابو الحِنَّاء. ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔
حَنِبَ (س) حنبا و حَنَّبَ و تَحَنَّبَ الشیخ: کبڑا ہونا۔ حَنبه الکِبَر: جھکا دینا۔
تَحنَّبَ عَلَیْه: مہربان ہونا۔
حَنْبَرَ حَنْبَرَةً. البردُ: سخت ہونا۔

الحَنْبَر پست قد۔
حَنْبَلَ لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔
تَحَنْبَلَ سر جھکانا۔
الحُنْبُل لوبیا۔
الحُنَابِل. مِنَ الاوتار: مضبوط اور موٹی تانت۔
الحَنْبَل. موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔
الحِنْبَال فربہ پُر گوشت۔ بہت بولنے والا۔
الحِنْبَالَة سمندر۔ بہت بولنے والا۔
الحَانُوت. دکان۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حَوَانِیت.
نسبت کے لیے (حَانِیٌّ و حَانَوِیٌّ)
حَنِثَ (س) حِنْثًا باطل کی طرف مائل ہونا فی یمینه: قسم توڑنا۔
اَحْنَثَه قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ. گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا مِن کَذا توبہ کرنا۔
الحِنْث بر۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث. کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ" لڑکا بالغ ہو گیا۔
المَحَانِث. گناہ کے مواقع۔
حَنَجَهُ (ض) حَنْجًا. جھکانا الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَةٌ پیش آنا۔
اَحْنَجَ. الشَّیءَ: جھکانا الخبرَ: پوشیدہ کرنا الکلامَ: رُخ پھیر دینا الشَّیءُ: جھکنا الرجلُ: تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف نظر ڈالنا۔
اِحْتَنَجَ. الشَّیءُ: جھکنا۔
حَنْجَرَتِ. العینُ: اندر کو دھنسنا۔ حنجرة: ذبح کرنا۔
الحَنْجَرة والحُنْجُوْر نرخرہ۔
اَلحُنْجُوْر شیشے کا ایک برتن جس میں مرہم یا سیاہی رکھتی ہے۔
حَنْحَنَ. علیه: خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں حَنْحَنَ البُنْدق او الجَوْز و نحوهما: جبکہ گری خراب ہو جائے۔ فصیح لفظ خِمِت ہے۔
حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ. اللیلُ: تاریک

ہونا۔
الحِنْدِس. سخت تاریک رات۔ تاریکی۔ ج حَنادِس. الحَنادِس: مہینے کی بائیسویں، تیئسویں، چوبیسویں راتیں۔
الحِنْدَقُوق والحَنْدَقُوق والحَنْدَقوقِی والحِنْدقُوقِی. ایک قسم کی نباتات کا نام۔ لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا. اللحم: بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیْذ)
(حَنْذًا و حَنَاذًا) الفرسَ: پسینہ لانے کے لیے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنوذ و حَنِیْذ)
حَنَذَتْهُ الشمسُ: جھلس دینا۔
اَحْنَذَ. شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم ملانا
اللحَم: پکانا۔
اِسْتَحْنَذَ. دھوپ میں لیٹ کر پسینہ لانا۔
الحُنْذَة. سخت گرمی۔
الحَنِیْذ. بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی۔ سر دھونے کی خوشبودار چیز۔
الحِنْذِیْذ. بہت پسینہ والا۔
حَنَرَ (ض) حَنْرًا. الحَنِیْرَة. محراب بنانا، طاق میں خمدار جگہ بنانا۔
الحَنِیْرَة. طاق میں خمدار جگہ۔ کمان، دھنے کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمدار ہو۔ ج حَنِیْر و حَنَائِر.
حَنِسَ (س) حَنَسًا. دلیری سے وسط معرکہ میں ڈٹے رہنا۔
الحُنُس. پرہیزگار لوگ۔
حَنَشَهُ (ض) حَنْشًا. ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ غضبناک کرنا الصیدَ: شکار کرنا۔
حَنَشَتِ الحَیَّةُ فلانًا: ڈسنا۔
اَحْنَشَهُ. شکار کرنا۔ عن الامر: جلدی کرانا۔
الحَنَش. سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔ چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاش و حُنْشَان.
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا واَحْنَطَ. الزرعُ: کٹائی کے قابل ہونا الشجرُ: پھل پکنا۔

حَنِطَ (ض) حَنَطًا. الجلدُ: سرخ ہونا۔
صفت (حَانِط)
حَنَّطَ واَحْنَطَ. المیت: مردہ پر حنوط ملنا۔
تَحَنَّطَ. حنوط استعمال کرنا۔
اِسْتَحْنَطَ. جان دینے کے لیے دلیری کرنا۔
الحَانِط. فا. بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا۔ پکے ہوئے پھلوں والا درخت۔ اَحْمَر حَانِط: بہت سرخ۔
الحِنْطَة. گیہوں۔ ج حِنَط.
حِنْطَة سَوْدَاء سیاہ گندم' جانوروں کی غذا میں استعمال ہوتی ہے اور انسانوں کے لئے اس سے بعض حلوے تیار کیے جاتے ہیں۔
الحِنْطِیُّ. بہت گیہوں کھانے والا۔ پھولا ہوا۔
الاَحْنَط. بڑی اور گھنی داڑھی والا۔
الحِنَاطَة. گندم فروشی۔ مردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔
الحَنَّاط. مُردوں پر حنوط لگانے والا (والحَنَاطِیّ) گیہوں بیچنے والا۔
الحِنَاط والحُنُوط. ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔
الحِنْطِیء. وہ شخص جس کی خوراک گیہوں ہو۔
الحِنْطِیء. پست قد۔
الحِنْطَأ والحِنْطَأْوَة. بڑے پیٹ والا۔ پست قد۔
الحَنْطَرِیْرَة. بادل۔
الحُنْظُبَاء والحُنْظَبَاء نرٹڈی۔ نر گبریلا۔
الحُنْظُوْب. بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔
الحِنْظَاب. پست قد، بدخو۔
الحَنْظَل. اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔
حَنْظَلَتِ. الشجرةُ: کڑوے پھل والا ہونا۔
حَنَفَ. (ض) حَنَفًا جھکنا رجله: پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔

حَنِفَ (س) حَنَفًا و حَنُفَ (ک) حَنَافَةً: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت (اَحْنَف)
حَنَّفَهُ. ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔
تَحَنَّفَ. حنیفی ہونا۔ حنفی ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَافِعِی تَحَنَّفَ" شافعی حنفی ہو گیا الیہ: مائل ہونا۔
الحَنْفَاء ٹیڑھا پاؤں۔ کمان۔ اُسترا۔ گرگٹ۔ کچھوا۔
الحَنِیْف. سیدھا۔ اسلام کے احکام پر چلنے والا۔ سیّدنا ابراہیمؑ کے دین کا متبع۔ موحد۔ کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ ﴿حنیف﴾ کے ساتھ ﴿مسلم﴾ ہے وہاں حاجی مُراد ہے جیسے ﴿ولکن کان حَنِیفًا مُسْلِمًا﴾ اور جہاں بغیر لفظ ﴿مسلم﴾ کے تنہا ﴿حنیف﴾ ہے وہاں ﴿مسلم﴾ مراد ہے جیسے ﴿حَنِیفَ لله﴾ ج حُنَفَاء. ادیانِ باطلہ کو چھوڑ کر دینِ حق کو اختیار کرنے والا۔
الحَنِیْفِی. امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کا تابع۔ ج اَحْنَاف و حَنَفِیَّة.
الحَنَفِیَّةُ: پیچ دار ٹونٹی جس کو پانی کی ضرورت کے وقت استعمال کیا جا سکے۔
الحَنِیْفِیَّة. فی الاسلام اوالدین: اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔
الحِنْفِس. بے حیا، بدزبان عورت۔
الحِنْفِش والحِنْفِیْش. ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ ج حَنَافِش و حَنَافِیْش.
الحنفص. دُبلا پتلا۔
حَنِقَ (س). حَنَقًا. منه و علیه: سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَنِق و حَنِیق) ج حُنُق ابل حُنُق و مَحَانِیق: موٹے اُونٹ۔
اَحْنَقَهُ. غضبناک بنانا۔ اَحْنَقَ الدابة: دبلا

کرنا۔ اَحْنَقَ الرجلُ سخت کینہ رکھنا۔
اِحْتَنَقَ موٹا ہونا۔
الحَنَق والحَنِق سخت غصہ۔
الحَنقط ایک قسم کا پرندیا تیتر۔
حَنَكَ(ن ض) حَنْكًا. الشَّیَ: سمجھنا۔
(واحْتَنَكَ. الفرسَ گھوڑے کے مُنہ میں رسّی لگانا۔)
حَنَك و حَنَّكَ چبا کر نرم بنانا۔
حَنَكَ(ن ض) حَنْكا و حَنكا و حَنَّكَ واَحْنَكَ واِحْتَنَكَ. الدهرُ الرجلَ: ناتجربہ کار بنا دینا۔ صفت (حَنِيك) ج حُنك. حَنَّكَ الصبیَّ مہذب بنانا۔
تَحَنَّكَ پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔
اِحْتَنَكَ. الجرادُ الارضَ: کھا کر صاف کر دینا۔ اِحْتَنَكَهٗ غالب ہونا۔
اِسْتَحْنَكَ کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔
الحَانِك. فا. اَسْوَدُ حَانِك سخت سیاہ۔
الحُنك والحِنك والحُنكة. تجربہ۔
الحَنَك تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَكُ الغُراب: کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے "اَسوَدُ مِنْ حَنَكَ الغُرَابِ" کوے کی چونچ سے کالا۔ ج اَحْنَاك. الحَنَك: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔ چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَكَة)
الحُنك. عقل مند تجربہ کار مرد۔ مؤنث حُنكة.
الحِنَاك. ج حُنك و (المِحْنَك)
المُحَنَّك. تجربہ کار۔
حنكَلَ. فی الشَّیَ: گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔
الحَنْكَلِيس. ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجرِیُّ ہے۔
حَنَا(ن) حَنوًا و حَنی(ض) حِنَايَةً. الشَّیَ: موڑنا۔ حَنَا الحَنِيَّة ای القوسَ: کمان بنانا۔
حَنَا(ن) حُنوًّا واَحْنی. عليه: مائل ہونا۔
حَنّی تَحْنِيَةً. الشَّیَ موڑنا۔
تَحَنّی ٹیڑھا ہونا عليه مہربانی کرنا۔
اِنْحَنی ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔
الحَانِيَة. ج الحَوَانِی و (الحَانَاة والحَانُوت) دُکان۔ مالک دُکان۔ الحَانِيَة: بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔
الحَانوِی والحَانِی سب سے لمبی پسلی۔
الحَانِيَّة. شراب۔ الحانی کا مؤنث۔ شراب بیچنے والے۔
الحِنو والحَنو بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِنو الشی چیز کا پہلو۔ وحِنو السَّرج زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج اَحْنَاء و حُنِیّ و حِنِیّ واَحْنَاءُ الْاُمُوْرِ متشابہات اُمور۔
الحَنِيَّة. کمان. مِنَ البناء: کمان کی مانند خم دار۔ ج حَنَايا و حَنِیّ
الاَحْنی کبڑا۔ مؤنث حَنواء. کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعًا عليك" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔
المَحْنِيَة والمَحْنُوة والمَحْنَاة. ج محانٍ: وادی کا موڑ۔
المُنْحَنی: وادی کا موڑ۔
حَابَ(ن) حَوبًا و حُوبًا و حُوبَةً و حَابًا و حِيَابَةً. بكذا: گنہگار ہونا۔
اَحْوَبَ اِحْوَابًا گناہ کی طرف مائل ہونا۔
تَحَوَّبَ گناہ سے بچنا۔ منه: دردمند ہونا۔ فی دعائه گڑگڑا کر دعا کرنا۔
اِسْتَحْوَبَ دردمند ہونا۔
الحَوب والحُوب. غم، وحشت (الحَوب والحُوب والحَوبَة والحاب والحَابَة) گناہ۔
الحَوبَة: ماں باپ۔ بہن بیٹی۔
الحَوبَة والحِيبَة والحُوبَة ناں کی جانب سے قرابت۔ کہا جاتا ہے "لی فيهم حَوْبَة" میری ان سے ننہالی رشتہ داری ہے۔ حاجت۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِحَوبَةِ سُوءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری۔
الحَوبَة ماں کی ممتا۔ بیوی۔ باندی۔
الحُوبَة. کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "اِنَّما فُلانٌ حُوبَةٌ" فلاں شخص کمزور ہے، نہ اس سے خیر کی اُمید ہے نہ شر کا خوف۔ و "اِنَّ لی حَوبَةً اَعُولُها" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں۔
الاَحْوَب گنہگار۔ مؤنث حَوبَاء.
الحَوبَاء نفس۔ ج حَوبَاءَات.
المُتَحَوِّب والمُحَوِّب. وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے۔
حَاتَ(ن) حَوتًا حَوَتَانًا. الطير او الوحش علی الشَّیَ منڈلانا۔
حَاوَتَهٗ مکر و فریب سے کام لینا۔ دھوکا دینا ٥ عن كذا: مدافعت کرنا۔
الحُوت. مچھلی۔ عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج حِيتَان و اَحْوَات و حِوَتَة آسمان کے ایک برج کا نام۔
الحَوتَاء. موٹی کمر والی عورت۔
اَحَاثَ اِحَاثَةً. الارضَ: زمین کھود کر اُلٹنا پلٹنا الشَّیَ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "تركهم (حَوثَ بَوثَ اوحِيثَ بِيثَ اَوحَاثِ بَاثِ او حَوثًا بَوثًا" یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا۔
الحَوثَاء. جگر اور اس کے آس پاس کے حصے۔ موٹی عورت۔
الحَوث. جگر کی رگ۔
حَاجَ(ن) حَوجًا. محتاج ہونا۔
حَوَّجَ. بِهٖ عن الشَّیَ: کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا۔
اَحْوَجَ. اِلَيْهِ: محتاج ہونا ٥: محتاج بنانا۔
تَحَوَّجَ. حاجت طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ يتحوّج" فلاں حاجت طلب

کرنے کے لیے نکلا۔

اِحْتَاجَ. اِلَیه: محتاج ہونا۔

الحَاج. ایک قسم کا کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔

الحَوْج. س. سلامتی۔ کہا جاتا ہے "حَوْجًا لك" یعنی تمہارے لیے سلامتی ہو۔

الحَوْج. فقرو فاقہ۔

الحَوْجَاء. حاجت، ضرورت۔ اور اسی سے ہے۔ ماکان فی نفسِهٖ حَوْجَاء ولَا لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاء ولَا لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں۔ "و کلمتُهٗ فَمَا رَدَّ حَوْجَاءَ ولَا لَوْجَاء" میں نے اُس سے گفتگو کی اُس نے اچھا یا بُرا کوئی جواب نہیں دیا۔

الحَاجَة. ضرورت۔ سوال۔ ج حَاج و حوَج و حَاجَات و حَوَائِج. اخیری جمع حَائِجه کی تقدیر پر ہے۔ مبالغہ کی غرض سے حاجَةٌ حَائِجَة کہا جاتا ہے۔

المَحَاوِیج. محتاج لوگ۔

حَادَ(ن) حَوْدًا. عنه: ہٹ جانا۔

حَاوَدَته. الحُمیٰ: بخار کا بار بار آنا۔ کہا جاتا ہے "هُو یحاوِدُنا بالزِیَارَةِ" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لیے بار بار آتا ہے۔

حَاذَهٗ(ن) حَوْذًا. حفاظت کرنا۔ علی الشَّیء: نگہبانی کرنا (واَحْوَذَ) الدابةَ: تیز ہانکنا۔ اَحْوَذَ ثوبه: کپڑے سمیٹنا۔ اَحْوَذَ السَّیْرَ: تیز چلنا۔ اَحْوَذَ الشَّاعِرُ قصیدةً: عمدہ قصیدہ کہنا۔

اِسْتَحْوَذَ. علیه: غالب ہونا۔

الحَاذ. ایک قسم کا درخت۔ واحد (الحاذة) ج آحاذ. پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "هو خَفِیْفُ الحَاذ" وہ تھوڑے مال والا ہے۔

الحِوَاذُ. دوری۔ جدائی۔

الحُوْذَان. ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے۔

الاَحْوَذِیُّ. ماہر۔ ہر کام میں چست و پھرتیلا۔

الحُوْذِیُّ. کوچوان۔ گاڑی بان۔ عوام العزبحی کہتے ہیں۔

حَارَ(ن) حَوْرًا و حُؤُوْرًا و مَحَارًا و مَحَارَةً. لوٹنا۔ متغیر ہونا (حورا) الثوب دھونا۔ سفید کرنا۔ حَارَ الشَّیُٔ: مندا پڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَارَ بَعْدَ ماکَارَ" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا۔ (نعوذ بالله منَ الحَوْرِ بَعْدَ الکَوْرِ" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔

حَوِرَت(س) حَوَرًا. العینُ: سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید و سیاہ ہونا۔ صفت (حَوْرَاء)

حَوَّرَ. القرصَ: بیلن سے بیلنا الثوبَ: سفید کرنا ہ اللّٰهُ: محروم کرنا۔

حَاوَرَهٗ مُحَاوَرَةً وحِوَارًا وحَوَارًا. گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔ اَحَارَ اِحَارَةً. الجوابَ: جواب دینا۔ اور اسی سے ہے "لم یُحْرِ جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طَحَنتِ الطاحنةُ فَمَا اَحَارَتْ شیئًا" چکی پیسنے والی نے چکی پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا۔ اَحَارَتِ النَاقَةُ: بچے والی ہونا۔ اَحَارَ البعیرَ: ذبح کرنا۔

تَحَاوَرَ. القومُ: ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔

اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا. سفید ہونا۔ اِحْوَرَّتِ العَیْنُ: بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا۔

اِسْتَحَارَهٗ. گفتگو کرنا۔

الحُوْر. ہلاکت۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ فِیْ حُوْرٍ وبُوْرٍ" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں۔

الحَوْر. گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْدُ الحَوْرِ" یعنی عقلمند۔ ومَا اَصَبْتُ حَوْرًا میں نے کچھ نہیں پایا۔

الحَوَر. س. سفید پتلے چمڑے۔ سرخ رنگا ہوا چمڑہ۔ گائے۔ ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کہرباء تیار ہوتا ہے۔ ج اَحْوَار.

الحُوَار والحِوَار. اُونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ ج اَحْوِرَة و حِیْرَان.

الحَارَة. گول چوک۔ محلّہ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا فِی حَارِ بَنِی فلانٍ" ہم لوگ بنو فلان کے محلہ میں اُترے۔

الحَانِر. فا. لاغر۔ دُبلا پتلا۔

الحَائِرَة. الحَائِر کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ما هُو الاحائرة مِن الحَوَائِر" یعنی اس کے اندر کوئی خیر و برکت نہیں۔

الاَحْوَرِیُّ. سپید۔ نازک۔

الحُوَّارِی. میدہ۔ کھریا مٹی۔ ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے۔

الحَوَارِیُّ. نصیحت کرنے والا۔ خیر خواہ۔ دھوبی۔ رشتہ دار۔ مددگار۔ اور بقول بعض انبیاء (علیهم السلام) کے مددگار اور اسی سے ہے (الحَوارِیُّون) سیّدنا عیسیٰ علی نبینا و علیه الصلوٰة والسلام کے انصار و اعوان۔

الحَوَارِیَّة. الحَوَارِیّ کا مؤنث۔ شہری عورت ج حَوَارِیَّات.

المِحْوَر. وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ المحور فی الهندسة: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے۔

المِحْوَر. روٹی پکانے والے کا بیلن۔ وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے۔ ج مَحَاوِر. کہا جاتا ہے "قِلقت مَحَاوِرُه" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا۔

المَحَارَة. واپسی۔ کمی۔ لوٹنے کی جگہ۔ اُونٹ کا کھر۔ تالو۔ ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو. محارة الاذن: کان کا گڑھا۔

المَحْوَرَة والمَحُوْرَة. جواب۔ خُفٌّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو۔

حَازَ (ن) حَوْزًا و حِیَازَةً واِحْتَازَ اِحْتِیَازًا. الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرحلُ: نرم چلنا۔

حَوَّزَ تَحْوِيْزًا. الابلَ: پانی کی طرف لیلة الحوز میں اُونٹوں کو ہانکنا (دیکھئے لیلة الحوز)

حَاوَزَهٗ مُحَاوَزَةً. باہم زندگی بسر کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔

تَحَوَّزَ. علیحدہ ہونا الحيةُ: کنڈلی مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْه فَما تَحَوَّزَ لَهٗ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ نہیں ہوا۔

تَحَاوَزَ. الفريقَان: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔

اِنْحَازَ اِنْحِيَازًا. عنه: ہٹ جانا الَيْه: مائل ہونا القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا۔ شکست کھانا۔

الحَوْزَةُ: گوشہ، کنارہ، طبیعت۔ حَوْزَةُ المملكةِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ۔

الحَوْز. وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ ليلةُ الحوز: پانی کی طرف اُونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔

الحَوْزِی. اُونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اُترنے والا۔ کالا۔

الحَيِّز والحَيْز. جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا في حيز التواتُر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔

الحَوْزَاء. لڑائی۔

الحُوَيْزَاء. ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔

الاَحْوَزِی. ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کار گزار۔

المِخْرَز ستالی۔ ج مَخَارِز۔

خَرِسَ (س) خَرَسًا: گونگا ہونا۔ خَرْسًا: منکے سے پینا۔

اَخرَسَهُ اللهُ: گونگا کرنا۔ اَخرَسَتِ الارضُ واِستَخرَسَت: ناقابل زراعت ہونا۔

خَرَّسَ. علی النفساءِ: زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔

تَخَارَسَ گونگا بننا۔

تَخَرَّسَت. النفساءُ: زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِي یا نفس لا مُخَرِّسَةَ لكِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔

الخُرْس والخِرَاس: بچہ کی پیدائش کا

کھانا۔
الخُرْسَة والتخرِسَة. زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔
الخَرس والخِرْس. مٹکا۔ ج **خُرُوس**
الخِرس: ناقابل زراعت زمین۔
الخَرَّاس. مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔
الخُرُوْس. زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔
الاَخرَس. گونگا۔ ج **خُرْس و خُرْسَان و اَخارِس** مؤنث **خرساء**. **لَبَن اَخرس**: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "**وَلّانی عُرْضًا اَخرَسَ اَمْرَس**" یعنی اُس نے مجھ سے مُنہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔
الخَرْسَاء. مصیبت۔ بغیر گرج و چمک کے بادل۔ **رَجُلٌ (خَرِس)** رات کو نہ سونے والا مَرد۔
خَرشَهُ (ض) **خَرْشًا و خَرَّشَهُ و خارَشَهُ مُخارَشَةً و خِرَاشًا واِختَرشَهُ**. خراش لگانا ہ **الذبابُ**: کاٹنا۔ **خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ**: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔ **خارَشَ الکلبَ**: برانگیختہ کرنا۔ **خَرَش واِختَرش لِعَیالِه**: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔
اِختَرَشَتِ الجِرَاءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ **خَارَشه الشَّیَٔ واِختَرش منه الشَّیءَ**: زبردستی لے لینا۔
تَخارَشَت. الکلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔
الخَرَش. بھی۔ واحد (**خَرَشَة**) گھر کا ردی سامان۔ ج **خُرُوش**.
الخُرَاشَة. برادہ۔
الخِرْشَاء. سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ **خِرْشَاء العَسَلِ**: موم۔ شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں۔ ج **خَرَاشِیّ**.
المِخرَش والمِخرَاش. مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا۔ عوام اس کو **بَغکوزَة** کہتے ہیں۔
خَرشَبَ. العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔
الخَرْشعَة. پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج **خَرَشع و خَرَاشِع**.
الخَرْشَفَة. گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔ (**والخَرشاف**) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔
الخُرْشُوف. ایک قسم کی نباتات۔
الخُرْشُوْم. وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج **خَرَاشِیم**.
خَرَصَ (ن ض) **خَرْصًا**. جھوٹ بولنا۔ **فی الامرِ**: اٹکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "**خَرَصَ النخلَةَ**" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا۔
خَرُصَ (ن) **خِرَاصَةً. الشَّیُٔ**: درست کرنا۔
خَرِصَ (س) **خَرَصًا**. بھوک و سردی والا ہونا۔ صفت (**خَرِصٌ و خَارِص**)
تَخَرَّصَ واِختَرَصَ. تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔
الخَرْص. اندازہ۔ تم کہتے ہو "**کم خرص ارضك**" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔
الخِرْص والخُرْص. ج **خِرْصَان و خُرْصَان**. سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ج **خِرَاص و اَخْرَاص**: درخت خرما کی شاخ۔
الخُرْص والخُرُص والخُرَص. شہد نکالنے کی لکڑی۔ ج اخراص۔
الخُرْصَة. حصہ۔ زچہ کا کھانا۔
الخَرِیْص. ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ نہر کی ایک جانب۔
الخَرَّاص. جھوٹا۔
المِخرَص. نیزہ۔ ج **مَخَارِص**.
خَرَطَ (ن ض) **خَرْطًا. الورقَ**: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا **الشجرَةَ**: کھینچ کر پتے جھاڑنا **العُوْدَ**: خراد سے ہموار کرنا **الحَدیدَ**: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ **الجواهرَ**: تھیلے میں جمع کرنا **البَازِیَ**: شکار پر چھوڑنا **الرجلَ: فی الامرِ**: کسی کام میں لگانا **الرَّجُلَ**: جھوٹ بولنا **الدَّلْوَ فی البئرِ**: لٹکانا **الابلَ فی الرعی**: چرنے کے لئے چھوڑنا **جاریتَهُ**: جماع کرنا **باِسْتِه**: گوز کرنا **عبده علی النَّاس**: ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا۔
خَرَطَهُ (ن) **و خَرَّطَهُ. الدواءُ**: اسہال لانا۔
خَرِطَت (س) **خَرَطًا و اَخرَطَت. الشاةُ و الناقَةُ**: بکری یا اُونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا **خَرِط بالطَّعَام**: پھندا لگنا۔
تَخَرَّطَ. فی الامور: دلیری و خودسری کرنا۔
اِنْخَرَطَ. الجسمُ: لاغر ہونا۔ **اِنْخَرطَت الخَرزَة فی السِّلك**: پرویا جانا۔ **اِنْخَرَط فی المَکانِ**: جلدی سے داخل ہونا **مِن**: نکلنا **الصقر**: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ **بطنُ الانسانِ**: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے۔ "**اِنْخَرطَ عَلَیْنَا بالقبیح**" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔
اِختَرطَ. السیفَ: سونتنا **العنقودَ**: انگور کے گچھے کو مُنہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔
اِستَخرَطَ. فی البکاءِ: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔
الخَراط. خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔
الخَرط. سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جوان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔
الخَرُوْط. مُنہ زور جانور۔ ج **خُرُط**. بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔
الخِرَاطَة. خراد کے کام کا پیشہ۔
الخُرَاطَة. برادہ۔
الخَرِیطَة. تھیلا۔ مُلک کا نقشہ۔ اٹیلس۔ **خَرِیطَه** کو **خَارطه** بھی کہتے ہیں اور عربی **مُصَوَّر** یا **مُخطَّط** ہے۔
الخُرطَانُ۔ انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔

المَخرُوط. وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مَخارِیط.
المِخرَطَة. خراد کرنے کا اوزار۔ ج مَخارِط.
المَخرُوط. مؤ۔ کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو
بئر مخروطة: تنگ مُنہ کا کنواں۔
الخِرطِیط. منقش پروں والا پروانہ۔ ج خَراطِیط.
الخُرطُوم والخُرطُم. سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سرداران قوم۔
خَرطَمَه. سونڈ پر مارنا۔
اِخرَنطَمَ. ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
الَخرَطُون: زمین کے اندر بسنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بنانے میں فائدہ مند ہے۔
خرَعَه (ف) خَرعًا. پھاڑنا۔
خَرِعَ (س) خَرَعًا. الشَّیُ: ٹوٹنا۔
وانخرعَ و تخرَّعَ. الرَّجُلُ: سست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔
انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خَرُعَ (ک) خَراعَةً و خُرْعًا و خُرُوعًا. ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَرِعٌ و خَرِیعٌ.
خَرَّعَ. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِختَرَعَ. الشَّیءَ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے۔
فلانًا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
الدابةَ: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الخراعة. مص۔ بے باکی۔
الخِروَع. ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خِروَعَة.
الخُراع. اُونٹنی کی دیوانگی۔ اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الخُرُوع والخَرِیع والخِروَع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خَرائع و خُرُوع. عَیشٌ خَرُوع. آسودہ زندگی۔ رَجلٌ خَرِیعٌ: کمزور مرد۔ ناقة خریع و مَخرُوعَة: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ک) خَرَفًا. بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفة).
خَرَفَ (ن) خَرْفًا و خِرَافًا و خَرافًا و مَخرفًا. الثمرَ: چننا۔
خُرِفَتِ. الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخرُوفَة) البَهائِمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اگانا۔
خَرَّفَه. خرف (فسادِ عقل) کی جانب نسبت کرنا۔
خَارَفَهُ مُخارَفَةً و خِرافًا. موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
اَخرَفَهُ. بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخرَفَتِ الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا۔ الثمرَ: پھل توڑنے کا وقت آپہنچا۔
اِختَرَفَ. الثمرَ: چننا۔ بمکان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الخَراف والخِراف. پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الخَرافَة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الخَرُوف. بکری کا بچہ۔ ج خِراف و اَخرِفَة و خِرفان.
الخَرُوفَة. بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الخُرفَة. چنا ہوا میوہ۔
الخَرِیف. موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے خَرِیفِیٌّ و خَرْفِیٌّ و خَرَفِیٌّ. چنی ہوئی کھجور۔
الخَرِیفَة. درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الخُرافَة. باطل بات۔ ج خُرافات. چنا ہوا پھل۔
المَخرَف. چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
المَخرَفَة. درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخارِف. بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخارِف. مِن الرجال: محروم۔
خَرفَشَ. الشَّیءَ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خَرَقَ (ن ض) خَرقًا. الثوبَ: پھاڑنا فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا المفازةَ: طے کر کے انتہا تک پہنچنا العادةَ: عادت کے خلاف کرنا البناءَ و فی البناء: روشندان کھولنا الریحُ: تیز چلنا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
خَرَقَ (ن) خُرُوقًا. فی البیت: لگاتار قیام کرنا۔
خَرِقَ (س) خَرَقًا. خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) فی البیت: لگاتار قیام کرنا الغزالُ او الطائر: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔
خَرِقَ (س) خَرُقَ (ک) خَراقَةً. بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اَخرَق) مؤنث خَرقاء.
خَرَّقَهُ. پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرَّجُلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اَخرَقَهُ. دہشت زدہ کرنا۔
تَخَرَّقَ واِنخَرَقَ واِخرَورَقَ. پھٹنا وتَخَرَّقَ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ تَخَرَّقَ فِی الکَرَم: بے حد فیاضی کرنا۔ تَخَرَّقَت وانخَرَقَتِ الریحُ: تیز چلنا۔
اِختَرَقَ. الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔

الخَرْق. س۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق.

الخِرْق. ج اَخْراق و خُرّاق و خُرُوْق و (الخِرِّیق) فیاض۔ سخی۔

الخُرق والخَرق والخُرْقَة. رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ حمق۔ نومَةُ الخُرق: چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومة الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے۔

الخِرْقَة. کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق. چیتھڑا۔ دھجی۔

الخارِق. فا. وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خوارِق.

الخرِیْق والخَرُوْق. ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخرِیق: نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرْقاء. اَخْرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

المَخْرَق. بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخارِق. مَخارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے مُنہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخْرَقَة. جھوٹ۔

المِخْراق. خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخارِیق. المخارِیق: وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُنْخرِق: تیز رفتار۔

المُخْتَرَق. گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِیاح: ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِیُ المُخْتَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

خَرَمَهٗ (ن) خَرْمًا. شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخرزَةَ: توڑنا ہ: ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا الاِبْرَةَ: ناکہ توڑ دینا عن الطریق: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْه الخَوارِمُ" یعنی وہ مر گیا۔ و "ماخَرَمْتُ مِنهُ شیئًا:" میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

خرِمَ (س) خَرَمًا. نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرم)

خَرُمَ (ک) خَرامَةً. شوخ و بیباک ہونا۔ صفت (خارِم و خرِیْم)

خرَّمَ. الخَرْزَةَ: سوراخ کرنا۔

تخرَّمَ. ٹوٹنا۔

تَخرَّمَهٗ واخْتَرمَهٗ. ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخْترمَه المرضُ: لاغر کرنا۔

تَخرَّمَته و اِخْترمَته المنیَّةُ: اس کو موت نے لے لیا۔

اُخْتُرِمَ. عنًّا: مرنا۔

اِنْخَرَمَ. انفُه: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرمَ ذٰلِكَ القَرْنُ" یہ زمانہ ختم ہوگیا۔

الخَرْم. س۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم.

الخُرْمان. جھوٹ۔

الخَرَمَة. ناک میں چھدنے کی جگہ۔

الخَرْماء. چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء: بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔

الخَورَمَة. انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصّہ۔

الاَخْرَم. مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔

الاَخْرَمان: اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔

المَخْرِم. پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخارِم. مخارِمُ اللیل: رات کے ابتدائی حصّے۔

خَرْمَشَ. الکتابَ: مٹانا۔ بگاڑنا۔

خَرْنَفَهٗ. بالسیف: تلوار سے مارنا۔

الخِرْنِق. جوان خرگوش۔ ج خَرانِق.

الخَوَرْنَق. بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔

خَزَّ (ن) خَزًّا. الحائطَ: دیوار پر کانٹے رکھنا خزَّ التمرُ یَخِزُ: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خازٌ واخْتزَّه) بالرمح: نیزہ مارنا کہا جاتا ہے "خزَّهٗ واخْتزَّهٗ ببَصَرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔

الخَزُّ. ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوْز.

الخُزَز. نر خرگوش۔ ج خِزّان واَخِزَّة.

الخَزِیْز. بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخَزّاز. ریشم فروش۔

المَخزَّة. خرگوشوں کی جگہ۔

خزِبَ (س) خَزَبًا و تَخزَّبَ. الجلدُ: بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب)

الشاةُ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (اَخزَبة و خَزْباء)

الخَیْزَب والخَیْزَبان. نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَیْزَبة و خَیْزَبانة) کہتے ہیں۔

الخَیْزَبان: شتر مرغ کا نر بچہ۔

الخُزَیْبَة. سونے کی کان۔

الخِزْباز والخازِباز. مبني علی الکسْرة: ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خزَرَ (ن) خَزْرًا. کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خازِر)

خزِرَتْ (س) خَزَرًا. عینُه: تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْراء ج خُزْرٌ. خزرَ الرجُلُ: بھاگنا۔

خزَّرَ. الشَّیْءَ: تنگ کرنا۔

تَخازَرَ. نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔

الخَزَر. آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْر الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔

الخُزْرَة والخُزَرَة. پیٹھ کا درد۔

الخُزْرَة. بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔

الخَیْزُران. بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔

واحد (خَیْزُرَانَۃ) ج خیازِر.
الخَیْزُوْر. نرکل۔
الخَوْزَرَیٰ والخَیْزَرَیٰ. ایک قسم کی چال نازوانداز کے ساتھ۔
خَزْرَف. فی مشیته: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ. الشَّیَ: کاٹنا۔ عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خزع منه شیئًا: لینا۔ تَخَزَّعُوا الشَّیَ: باہم تقسیم کرنا۔
خَزَّعَ. الشیء: کاٹنا۔ ــ الشَّیَ بینهم: تقسیم کرنا۔
اِنْخَزَعَ. الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
اِخْتَزَعَهٗ. لینا ــہ عن القوم: جدا کر لینا۔
الخُزَاع. موت۔
الخزْعة. ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔
الخِزْعة. گوشت کا ٹکڑا۔
الخُزَاعة. ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔
الخَوْزَع. بڑھیا۔
الخَوْزَعَة. ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔
الخَزُوْع. وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اڑا لے۔
الخَزَعْبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِیْل. خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔
الخُزَعْبَلَة. خوش طبعی ومذاق۔
خَزْعَلَ. فی مشیه: لنگڑانا۔ الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔
الخَزْعَل. بجو۔
الخُزَعَالَة. خوش طبعی وکھیل کود۔
خَزَفَ (ض) خَزْفًا. فی مشیه: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ الثوبَ: پھاڑنا۔ الشَّیء: چیرنا۔
الخَزَف. واحد (خزفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزَّاف والخَزَفِیّ. مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَهٗ (ض) خَزْقًا. آہستہ نیزہ مارنا۔ خَزَقَهٗ بالسهم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا۔ الشَّیَ فی الارض: گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ. چھدنا۔
اِخْتَزَقَ. السیفُ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔
الخَازِق. فا. نیزے کا پھل۔
الخَازُوْق. تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِیق. مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَق" بنایا ہے۔
المِخْزَقَة. چھوٹا نیزہ۔
خَزِكَ (س) خَزَكًا. اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا. شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل و مَخْزُوْل)
خَزَلَ (ض) خَزْلًا. الشَّیَ: کاٹنا ہ عن حاجته: روکنا۔
تَخَزَّلَ. کٹنا۔ بوجھل چلنا السَّحَابُ:
الاِخْتِزَالُ: علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار: (۲۰/۵، ۱/۲ ـ ۱۵/۲۵، ۲۰/۶)
اختصار (شارٹ) جلدی کی خاطر لکھنا۔
اِنْخَزَلَ. گرانباری سے چلنا فی کَلَامِه: رک جانا عن الجواب: لاپروائی کرنا مِنَ المکان: علیحدہ ہونا۔
اِخْتَزَلَ. الشَّیَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔ ہ: عیب لگانا برایه: علیحدہ رائے رکھنا ہ عَنْ قَوْمِه: علیحدہ کرنا الوَدِیْعَةَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزْلَة. شکستگی پشت۔
الخُزَلَة. مراد سے روکنے والا۔
الخَوْزَلیٰ والخَیْزَلیٰ. ایک قسم کی چال جس میں نازوانداز ہو۔
خَزَمَ (ض) خَزْمًا. اللآلی: پرونا۔ (وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جعل فی انفِه الخِزَامَة" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کر لیا۔
خازَمَهٗ مُخَازَمَةً. الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ. الشوكُ فی رجله: چبھنا۔
تَخَازَمَ. الجیشانِ: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخَزَم. ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامیٰ والخُزَام. ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَة. باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم.
الخُزُوْمَة. گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔
الاَخْزَم. نر سانپ۔
شراك (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزَنَ (س) خَزْنًا واخْتَزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا السِّرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزَنَ (ن) خَزْنًا و خُزُوْنًا و خَزِنَ (س) خَزَنًا و خَزُنَ (ک) خَزَانَةً. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِیْن)
اَخْزَنَ. محتاجی کے بعد مالدار ہوا۔
اِسْتَخْزَنَ. المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔
الخِزَانَة والخَزِیْنَة. ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن. الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن. فا. ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الاَمِیْر: خزانچی۔ ج خَزَنَة و خُزَّان.
الخَازِن: زبان۔
الخَزْنَة والخَزِیْنَة. خزانہ. ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخُزَّان. زبان۔
المَخْزَن. ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن. مَخَازِنُ الطریق. مقصود کی

طرف قریب ترین راستہ۔
خزاہ (ن) خزوًا. غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔
خزَ الدابۃ: سدھانا۔
خزی (س) خِزیًا و خزًی. ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَزِیَۃً و خزًی منہ خزایَۃً و خزًی: شرم کرنا۔ صفت (خزٍ) مؤنث خزیَۃ و (خزیان) مؤنث خزیاء ج خزایا۔
خزیٰ (ض) خزیًا. ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رُسوا کرنا۔ بہت زیادہ رُسوا ہونا۔
خازاہ مُخازاۃً. شرمندگی میں ڈالنا۔
اَخزاہ اِخزاءً. شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اخزاہُ اللّٰہُ ما اشعرہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قاتلَہُ اللّٰہُ ما اشجعَہُ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
اِستخزیٰ. شرم محسوس کرنا۔
الخِزیُ. ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔
الخِزیۃُ والخَزیَۃ. بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔
المَخزاۃ. باعث رسوائی و شرمندگی۔
خسَّ (س) خَسَاسَۃً و خُسوسَۃً و خِسَّۃً. رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خسیس) ج خِساس و اخسّۃ.
خسَّ (ن) خسًّا و خسَسَ. نصیبَہٗ: حصہ کم کرنا۔
اَخسَّ. گھٹیا کام کرنا ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اخسَّ حظّہٗ: حصہ کم کرنا۔
تخاسُّوا. الشیءَ: کسی چیز کو آپس میں لینا، دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔
اِستخسَّہٗ. رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
الخَسُّ. خس. خسُّ الحِمارِ و خسُّ البقرِ: دو جنگلی گھاس کے نام۔
الخِسّاس. ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخُساسَۃ. تھوڑا مال۔
الخَسیسَۃ. الخسیس کا مؤنث۔ ج خسائس و خسائس الامور: حقیر باتیں۔ شیءٌ (خُساس و مَخسوس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخُسّان. ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔
خسأ (ف) خسأً. الکلبَ: دھتکارنا۔ (خسأً و خُسوءًا) البصرُ: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (وخسِیَ (س) خسأً و انخسأ) الکلبُ: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔
خاسأ مُخاسأۃً و تخاسأ و تخاسؤا. القومُ: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخَسیءُ. گھٹیا اون وغیرہ۔
الخاسِیءُ. فا من الخنازیر والکلاب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخَسیج. خیمہ۔ اون کا بنا ہوا کمبل۔
خسِرَ (س) خسرًا و خسَرًا و خُسُرًا و خسارًا وخسارۃً و خسرانًا. نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خاسر و خسیر و خیسری)
خسَرَ (ض) خسرًا و خسرانًا. المیزانَ: کم کرنا۔ گھٹانا المالَ: ضائع کرنا۔
خسّرہٗ واخسرہٗ. نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اخسر الرجلُ: نقصان میں پڑنا۔ اخسر المیزانَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخاسِر. فا. کرۃ خاسرۃ: غیر مفید حملہ۔
الخَنسر والخَنسریُّ. وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خناسرۃ.
خسع خسعًا. عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خاسعُ القومِ و خسیعتُہم. قوم کا خسیس ترین فرد۔
خسَفَ (ض) خُسوفًا. المکانُ: دھنس جانا القمرُ: گہن لگنا العینُ: آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا السقفُ: گر... الشیءُ: کم ہونا الرجلُ: دُبلا ہونا۔ خسفَ فی الارض و خُسف بہ: زمین میں دھنس... (خسفًا) الشیءَ: کاٹنا العینَ: پھوڑنا اللّٰہُ الارضَ: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللّٰہُ الارضَ بفلانٍ: زمین میں دھنسا دینا۔ البئرَ: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خسفَ الشیءَ فخسفَ ھو: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی و متعدی)
اَخسفت وانخسفت. عینُہٗ: اندھی ہونا الارضُ: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا البئرُ: گر جانا۔
الخَسف. مص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سامَہ خسفًا و خُسفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔
الخَسف: کنوئیں کا سوت۔
الخاسِف. فا. دھنسی ہوئی آنکھ۔ دُبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج خُسّف.
الخَسف والخُسف. اخروٹ واحد (خسفۃ) کہا جاتا ہے "باتوا علی الخسف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شربنا علی الخسف" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔
الخَسیف. ج اخسِفۃ و خُسُف و (الخسوف) ج خُسُف. من الآبار: کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخسیفُ من العیون: دھنسی ہوئی آنکھ من النوق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ من السحاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔
خسق (ض) خسقًا و خسوقًا. السھمُ: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔
الخسّاق. بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھو ذو خسقات فی البیع" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا

ہے۔ کبھی فتح کرتا ہے۔

خَسَلَهٗ (ن) خَسْلًا. رذیل کرنا۔ دُور کرنا۔

الخِسَالَة والخُسَالَة. ہر چیز کا ردی حصہ۔

الخَسِیْل. فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال و خَسَائِل.

الخُسَّل والخُسَّال. کمینے و کمزور لوگ۔

المُخَسَّل والمَخْسُوْل. رذیل۔ حقیر۔

خَاسَیٰ مُخَاسَاةً واخْسَیٰ اِخْسَاءً خَسَّیٰ تَخْسِیَةً ہ: اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخسا. طاق۔ ج الاخَاسِی (خلاف قیاس) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْ زَکًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِیّ. اُون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فیه: داخل ہونا السحابُ: تھوڑی بارش برسنا زیدًا: نیزہ مارنا البعیرَ: اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنْخَشَّ. فیه: داخل ہونا بَیْنَ القَوْمِ: گھل مل جانا۔

الخُشّ. من: تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ. ٹیلہ۔

الخَاشّ. فا. الخُشّ کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشَاش. کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خِشَاشَة) غضب۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ خِشَاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ خِشَاشَا الشَّیْءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة.

الخُشَاش. ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشَّاء. گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشَّاوَات و خَشَاشِیّ

الخُشَّاء. کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ. دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخُشَش والخُشَیْش. ہرن کا بچہ جو چلنے

لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا. الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا الشَّیْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا السَّیْفَ: صیقل کرنا (واختشب) الشِّعْرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِخْتَشَبَ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشَّیْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تخشَّبَ. چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ. لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ فی عَیْشِهٖ: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب. موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبَان.

الخَشِب والاَخْشَب. موٹا کھردرا۔

عَیْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب. لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة

الخَشْبَاء. سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِیْب. مِنَ السُّیُوْفِ: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز مِنَ القِسِیِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خشب و خشائِب.

المَخْشُوْب. مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخْشَاب. موٹا۔ پست قد۔

الخَشْبَلُ. سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق. کتاں۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ. السِّلَاحُ اَوِ الحُلِیُّ: جھنکار ہونا فُلَانٌ بَیْنَ الشَّجَرِ و بَیْنَ القَوْمِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الخَشْخَاش. پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا. دستر خوان پر ردی چیز چھوڑنا الشَّیْءَ: کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا. بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشَار والخُشَارَة. ہر چیز کا ردی حصہ۔ دستر خوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خَاشِرَة. النَّاس: رذیل لوگ۔ واحد (الخَاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً. ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ. الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَم. شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشَارِمَة.

الخُشَارِم. موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوْعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعَة و خَاشِعُوْن بِبَصَرِهٖ: پست کرنا بَصَرُهٗ: نگاہ کا پست ہونا الصَّوْتُ: آواز کا پست ہونا الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا الوَرَقُ: پتے مرجھانا الاَرْضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اِخْشَعَهٗ. کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ. فروتنی کرنا۔ (وتخاشع) فروتنی دکھانا۔

اِخْتَشَعَ. کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخَاشِع. فا. مَكَانٌ خَاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ: وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدَارٌ خَاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخَشْعَة. بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَة. پست ٹیلہ۔ ج خُشَع.

خَشَفَ (ن ض) خُشُوْفًا و خَشَفَانًا.

مُلک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ: جمنا البردُ: تیز ہونا (وانخشف) فِی الشَّی: داخل ہونا۔

خَشَفَ(ض) خَشَافَةً. بالقَوْم: ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (خَشْفًا و خَشَفَةً) الجَلِیْدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا فی السَّیْرِ: تیز چلنا۔

خَشِفَ(س) خَشَفًا. البعیرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اَخشَف) مؤنث خَشفَاء. ج خُشْف.

خَشَّفَ. راستہ بتلانا۔

خَاشَفَ. الی الشرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فِی ذِمَّتِهٖ" اس نے بد عہدی کرنے میں جلدی کی۔

خَاشَفَ السَّهْمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔

اَخْشَفَتِ. الظَّبْيَةُ: بچہ والی ہونا۔

الخَاشِف. فا. سَیْفٌ خَاشِفٌ: تیز تلوار۔ مَاءٌ (خَاشِفٌ و خَشِفٌ) جما ہوا پانی۔

الخَشْف. بتثلیث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَةٌ (والخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخَشْف والخَشَفَة والخشفة. آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخَشْف: ذلت۔

الخِشْف والخُشْف گھٹیا قسم کا اُون۔

الخَشُوْف. معاملات میں دخل دینے والا مِنَ الرِّجَال: رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز مِنَ السُّیُوْف: تیز تلوار۔

الخُشَّاف چمگادڑ۔

المَخْشَف وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَف. راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَهٗ(ن) ہ خَشْلًا و خَشَّلَهٗ. حقیر بنانا۔ خَشَلَ الشَّرابَ صاف کرنا۔

خَشِلَ(س). خَشَلًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّل ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْل والخَشَل. ردی۔ الخَشْل: ہر جوف دار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے۔ رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ وخَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔

خَشَمَهٗ(ض) خَشْمًا. ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ(س) خَشَمًا و خُشُوْمًا. چوڑی ناک والا ہونا الانفُ: بدبودار ہونا۔

خَشِمَ(س) خَشْمًا و خَشَّمَ واَخْشَمَ و تَخَشَّمَ. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ خَشَّمَهٗ الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخْشَم. چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنْفٌ اَخْشَمُ: بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاءُ ج خُشْم.

الخَیْشُوْم. ناک کی جڑ۔ ج خَیَاشِیْم.

الخَیَاشِیْم: ناک کے اندر کی رگیں۔

خَیَاشِیْمُ الجبالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشْرَفَتْ خَیَاشِیْمُ الجِبَالِ"

الخُشَام شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُوْمٌ) مست مرد۔

خَشُنَ(ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُوْنَةً و مَخْشَنَةً. سخت و کھردرا ہونا صفت (خَشِنٌ) ج خِشَان.

خَشَّنَهٗ. سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهٗ. سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّنَ. سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ. الشَّیْءَ کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ. سخت کھردرا ہونا۔ عَلَیْهِ صَدْرُهٗ غضبناک ہونا۔

الخَشِیْن سخت طبیعت والا۔

الاَخْشَن. سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاءُ ج خُشْن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخْشَنُ بڑے حل والا۔ و "هُوَ اَخْشَنُ الجَانِبِ" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "کَتِیْبَةٌ خَشْنَاءُ" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِیَهٗ(س) خَشْیًا و خِشْیًا و خَشْیَةً و خَشَاةً و خَشْیَانًا و مَخْشِیَةً و مَخْشَاةً. ڈرنا۔

خَشَّاهُ تَخْشِیَةً و خَشَّاءً. ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلَانًا: کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِی والخَاشِی والخَشْیَان و الخَشِیُّ. ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِیَةٌ وخَشِیَة وخَشْیَانَةٌ وخَشِیًّا. ج خَشَایَا.

الخَشِی والخَشِیُّ مِنَ النَّبَاتِ: خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذا المَکَانُ اَخْشٰی مِنْ ذَاکَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خَصَّ(ن) خَصًّا وخُصُوْصًا وخُصُوْصَةً و خُصُوْصِیَّةً وتَخِصَّةً وخِصِّیَّةً وخِصِّیْصٰی وخِصِّیْصَاءَ. فلانًا بالشَّیءِ: خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهٗ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (خُصُوْصًا) الشَّیءُ: خاص ہونا الشَّیءَ لِنَفْسِهٖ: اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ(س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَاصَاءُ: محتاج ہونا۔

خَصَّصَ. الشَّیءَ: خاص کرنا ہ بالشَّیءِ: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا الغُلَامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اِخْتَصَّ. محتاج ہونا بالشَّیءِ: خاص ہونا ہ بالشَّیءِ: خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اللّٰهُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ. بالشَّیءِ: خاص ہونا۔

تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ. الشَّیءَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصّ. بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اخصاص وخصوص وخِصاص. شهر (خِصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخاصّ. فا. عام کی ضد۔ یکتا۔

الخاصّة. عامّة کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خاصّةُ المَلِكِ: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خاصّةُ النَّباتِ: نباتات کی قوّت و اثر۔ ج خواصّ (والخواصّ والخُصّان والخِصّان) مِنَ القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا يَفْعَلُ هٰذا خِصّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخاصِّيَّة. خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خاصِيّات و خصائص.

الأخصّ. افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي اَطْبائِهِ اَخَصُّ مِنْ هٰذَيْنِ"

الخُصاصة. انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصاص.

الخَصُوص والخُصُوص. علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ و خُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَصْقُلَ الخاطِرَ ويُنَشِّطَ الفاتِرَ كقائلةِ الهَواجِرِ وخُصوصًا فی شَهْرَی ناجِر.

الخَصاص. س. دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمرُ مِنْ خَصاصِ الغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہوگیا۔ "ولَمَحْتُهُ مِنْ خَصاصِ البابِ" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصاصة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصاصةَ فلانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔

خُوَيْصَّةُ. الانسانِ: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خَصِبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصبا المكانُ: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِيب ومُخْصِب ومِخْصاب)

اَخْصَبَ المكانُ: سرسبز ہونا۔ اللهُ المكانَ: سرسبز کرنا۔ الشاةُ: سرسبزی میں پہنچنا۔ القومُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصْب. شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصْبَة)

الخِصْب. سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اَخْصاب. کہا جاتا ہے "بلد خِصْبٌ واَخْصابٌ" جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَصِيبٌ واَرْضُونَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصْبَةٌ وخَصْبَة"

الخِصاب. بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصابة)

(رجل خَصِيب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا. اليومُ: ٹھنڈ ہونا۔ الرَّجُلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطراف اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

اَخْصَرَ. القُرُّ اَنامِلَه: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔

خاصَرَ مُخاصرةً. ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

اِخْتَصَرَ. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الكلامَ: مختصر کرنا۔ الطَّرِيقَ: قریب کا راستہ چلنا۔ فی الشَّيْءِ: زائد چیزیں حذف کرنا۔ الرَّجُلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بالعَصا: ٹیک لگانا۔

تَخاصَرَ. اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا۔ القومُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ. اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ بالمِخْصَرة. لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر. کمر۔ خَصْرُ القَدَمِ: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُور.

الخَصَر. سردی۔

الخَصِر. ٹھنڈا۔

الخِصار. ازار۔

الخاصِرة. من الانسانِ: پہلو۔ ج خَواصِر. پہلو کا درد۔

المِخْصَرة. ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی ز چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخاصِر. مَخاصِرُ الطَّرِيقِ: اقرب ترین راستہ۔

المُخَصَّر. باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رجُلٌ (مَخْصُورٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔

اَخْصَر. مختصر. اِخْتَصَرَ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ. النعلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّيءَ علی الشَّيءِ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُونَ اَقْدامَ القَوْمِ بِاَقْدامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

خُصِفَ. پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔

خَصَّفَ. بد خلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّيْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔

الخِصْف. س. جوتا۔

الخَصَف. سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔

الخَصَفَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصاف.

الخَصَف والخَصَفَة. چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَة. جوتے وغیرہ کا سوراخ۔

الخَصّاف. بڑا جھوٹا۔ موچی۔

الخَصِيف. راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ

جو دہی پر ڈالا جائے۔ (والاَخْصَف) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔

الاَخْصَفُ شتر مرغ۔ مؤنث خَصْفاء.

شاۃ (مَخْصُوفَۃ) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔

خَصَل(ن) خَصْلًا. الشَّیءَ کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خَصَل(ن) خَصْلًا و خِصَالًا) القومَ فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔

خَصَّلَہ ٹکڑے کرنا الشَّجرَ چھانٹنا۔

خَاصَلَہٗ خِصَالًا و مُخَاصَلَۃً تیر اندازی میں شرط لگانا۔

اَخْصَل. الرَّامِی نشانہ پر ٹھیک لگانا۔

تَخَاصَلَ. القومُ تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔

الخَصَل مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "اَحْرَزَ خَصْلَہ واَصَابَ خَصْلَہ" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُول.

الخَصْلَۃ عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (والخُصْلَۃ) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خُصَل

الخُصَل لٹکنے ہوئے درخت کا کنارہ۔

الخُصْلَۃ بالوں کا گچھا، گوشت کا عضو۔

الخَصِیْلَۃ بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِیْل و خَصَائِل کہا جاتا ہے "اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُہ واضْطَرَبَتْ خَصَائِلُہ" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھر تھرانے لگا۔

المِخْصَل شمشیر بُراں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)

المِخْصَال ارنی۔

خَصَمَ(ض) خَصْمًا جھگڑے میں غالب آنا۔

خَاصَمَہٗ خِصَامًا و مُخَاصَمَۃً جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُومَۃ) ہے۔

اَخْصَمَ جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔

تَخَاصَم واخْتَصَمَ. القومُ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

الخَصْم مص۔ مد مقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُما وھُمْ وھِیَ خَصْمِیْ" ج خُصُوم و خِصَام واَخْصَام"

الخُصْم جانب۔ گوشہ۔ ج اَخْصَام و خُصُوم.

الخَصِیْم جھگڑالو۔ ج اَخْصَام و خُصَمَاء و خُصْمَان.

الخَصِم ج اَخْصَام و خَصِمُوْن

(الخَصُوْم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مد مقابل۔

خَصَی(ض) خِصَاءً خصی کرنا۔

الخَصِی فوطوں میں درد والا۔

الخَصِیُّ وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خِصْیَۃ و خِصْیَان.

الخُصْیَۃ فوطہ۔ ج خُصیً خُصْیَۃ البَحْر و خُصَی الثَّعلَب و خُصْیَۃ الدِّیْك و خُصْیَۃ الکَلْب مختلف نباتات کے نام۔

خَضَّضَ. الجَارِیَۃ سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔

خَاضَّہٗ مُخَاضَّۃً بیع بالعوض کرنا۔

الخَضَض سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بیہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خَضَض"

الخَضَاض کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔

رجلٌ خَضَاض و خَضَاضَۃ بیوقوف مرد۔ مکان (خَضِیْض) پانی سے تر جگہ۔

خَضَبَ(ض) خَضْبًا و خَضَب. الشَّیءَ رنگین کرنا۔

خَضَبَ(ض) و خَضِبَ(س) خُضُوبًا و خُضِب و اَخْضَبَ الشجرُ او المکانُ سر سبز ہونا۔

تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ. بالحناءِ رنگین ہونا۔ صفت (خَضِیْب) ج خُضُب و (مَخْضُوب و مُخَضَّب)

اِخْضَوْضَبَ اِخْضِیْضَابًا. الشجرُ: سر سبز ہونا۔

الخَاضِب شتر مرغ جس کے بیخ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں۔

الخَضَب گوزیوں میں سبز مادہ جو کہ کلورین کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربون آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔

الخَضْب مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خُضُوب.

الخِضَاب رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔

الخُضَبَۃ بہت خضاب لگانے والی عورت۔

الخُضُوب بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔

الخَضِیْب رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کَفٌّ خَضِیْب وامْرَأَۃٌ خَضِیْب" رنگی ہوئی ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خُضُب. الکَفُّ الخَضِیْب ایک ستارے کا نام۔

المِخْضَب کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔

خَضْخَضَ خَضْخَضَۃً. الماءَ و نحوہ: ہلانا۔

تَخَضْخَضَ ہلنا۔

الخَضَاخِض. مِنَ الاَمَاکِن جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (والخُضْخُض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔

خَضَدَ(ض) خَضْدًا. العودَ بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا۔ الشجرَ کانٹے کاٹنا الرَّجُلُ ککڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔

خَضَّدَ کاٹنا۔

تَخَضَّدَ وانْخَضَدَ. العودُ ٹوٹنا۔

اِنْخضدت الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔
الخَضد. کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔
خَضد البدن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خضد السَّفر: تکانِ سفر (والخضاد) اعضاء کا درد۔
الخَضِد والمَخْضُوْد. اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد۔
الاَخضد والمُتخضِّد. دوہرا ہونے والا۔
المِخْضَد. بہت کھانے والا۔
خَضِرَ (س) خَضَرًا. سبز ہونا الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَر (ن) خَضْرًا. النخلَ: کاٹنا۔
اَخْضَر. الریُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔
خَضَّر. الشیئَ: سبز کرنا۔
خَاضَرَہٗ مُخاضرۃً. درخت کے اُوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔
اِخْضَرَّ واِخْضَوْضَر. سبز ہونا۔ واِخْضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔
اِخْتَضَر. الفاکِھۃَ: وقت سے پہلے کچا کھانا العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا الجَارِیَۃَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔ اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔
الخِضْر والخضِر. اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیّدنا موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔
الخَضِر. سبز۔ ٹہنی۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔
الخَضَار. نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔
الخَضِیْر. سبز۔ سبز ترکاری۔
الخُضْرَۃ. سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و نازکی۔ کہا جاتا ہے۔ "غُصْنٌ فِیْہِ خُضْرَۃٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضُر و "خُضْرَۃ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرۃ فِی اَلْوَانِ الابلِ والخَیْلِ: مٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو فِی اَلْوَانِ النّاسِ: گندم گونی۔
الخَضَّار. سبزی فروش۔
الخُضارۃ سبز ترکاریاں۔ خَضارۃ: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الخُضاریُّ والخُضیریُّ. ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضارِیٌّ.
الخَضْراءُ: اخضر کا مؤنث۔ القُبَّۃ الخَضْراء: آسمان۔ و خَضْراءُ القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضْراوَات.
الخَضْراوات: ترکاریاں۔ میوے۔
الاَخْضَران. گھاس و درخت۔
الاَخَاضِر. سونا۔ گوشت و شراب۔
الاُخَیْضِر. مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَۃ. سبزہ زار۔
خَضْرَمَ. الاُذنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم. بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (والخضارِم) ج خِضْرِمُوْن وخَضارِم وخضارمۃ:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی زگوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم. غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضْرَمٌ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا و خَضَعًا و خُضْعَانًا. عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سر فگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضع. لَہٗ: تابع و فرمانبردار ہونا النجمُ: مائل بغروب ہونا الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء.
خَضَّعَہٗ. عاجز کرنا اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَخْضَعَ. عاجز ہونا۔ عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِی اِلَیْکَ الحاجۃُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنادیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَہٗ. نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واِخْضَوْضَعَ. بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ. عاجز ہونا الصَّقرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا فی سَیْرِہٖ: تیز چلنا۔
الخَضَع. مص۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الاَخْضَع. ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَۃ. ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع.
الخَضَعَۃ والخَضْعَۃ. تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّیَاطِ خَضْعَۃً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِیْعَۃ. آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَیْضَعَۃ. لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَیْضَع مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خُضَافًا وخَضْفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِیْفٌ وخَضُوْف وخَضَّاف)
الخَضَف. چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔

الاخضف.

خَضِلَ (س) خَضَلًا واَخْضَل واِخْضَلَّ و اِخضَوضَل. تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِل و خاضِل) کہا جاتا ہے "عَيْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شَوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔

خَضَّلَ واَخْضَلَ. الشیء: تر کرنا۔

اِخْضَالَّ واِخْضَلَّ. تر ہونا۔

الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل والخَضَل. صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضْلَة)

الخُضْلَة. تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔

الخَضِيْلَة. سرسبز و شاداب باغ۔

المُخْضَل والمُخْضَلُّ. آسودہ زندگی والا۔

خَضَم (ض) وخَضِمَ (س) خَضْمًا. الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔

اَخْضَم. لَهٗ فی العَطَاء: زیادہ دینا۔

الخِضَمُّ. بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَيْفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔

الخُضَام والخُضَامَة. وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔

الخَضِيْمَة. سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔

الخُضُمَّة. درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔

المُخْضَم والمُخْضَّم. آسودہ زندگی والا۔

خَطَّ (ن) خطًّا. بالقلم: لکھنا۔

الخِطَّةَ لنفسہ: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔

الشَّیَ: قلم وغیرہ سے لکھنا علی الشیء: نشان لگانا۔ علامت لگانا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا عذارہٗ: رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ: کھودنا الرِيَاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا فی الارض: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَهٗ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَخُطُّ فِي الْاَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطعَامَ و فِيْ الطعَام: تھوڑا کھانا فِيْ نَوْمِهٖ: خراٹے لینا۔

خَطَّطَ. لکیریں کھینچنا الخطوطَ نقش کرنا البلادَ: حدود مقرر کرنا۔

اِخْتطَّ. الوجهُ اوغیرہٗ: دھاری دار ہونا الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخَاطُّ. فا. جادوگر۔

الخَطُّ. تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خَطُّ الاِسْتِوَاءِ: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط. وخُطُوْطُ الكَفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ والخَطُّ. راستہ۔ سڑک۔ محلہ۔

الخِطُّ والخِطَّة. وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کر لے۔ ج خِطَط.

الخُطَّة. کام۔ کہا جاتا ہے "تِلْكَ خُطَّةٌ لَيْسَتْ مِنْ بَالِيْ" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفي رَاْسِهٖ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط. کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبْنِي خُطَطَ المَكَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطِّيُّ. نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَة

الخَطُوْط. زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخَطَّاط. بہت لکھنے والا۔

المِخَطُّ. کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخَطَّط. دھاری دار۔ خوبصورت۔

خطِی (س) خطأً. غلطی کرنا فی دینہ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (خطأ وخِطَاء) گناہ کرنا۔ صفت (خاطی) ج خَطَأَة مؤنث خاطِئَة ج خواطِئ

خطأت (ف) خطأً. القدرُ بزبدھا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَ تَخْطِيْئًا وتَخْطِئَة. غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخْطَأَ اِخْطَاءً وخاطِئَة. غلطی کرنا الطریقَ: چوک جانا الرجلَ: غلطی میں ڈالنا الرامی الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا فی عملہ: راہِ راست سے ہٹ جانا۔

تخطأَ وتَخَطَاطَأ. غلطی کرنا۔ تخطأ وتخاطاہ: غلطی میں ڈالنا السهمُ الرميةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تخطأ لہٗ فی المسئلة وبِهَا: کسی کی غلطی ڈھونڈنے کے درپے ہونا۔

الخِطْءُ. گناہ۔

الخِطْءُ والخَطَأُ والخِطَاء. گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء. بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِيْئَة. گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايَا وخَطِيْئَات.

خطبَ (ن) خُطْبَة وخُطْبًا وخطابة. وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خطب القومَ وفی القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَة. واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خطبًا وخِطْبَة وخِطِّيْبَى الفتاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خاطب) کہا جاتا

ہے "خطب الفتاۃَ علیٰ فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ(س) خَطَبًا. الشَّیُٔ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَہٗ خِطَابًا و مُخَاطَبَۃً و تَخَاطُبًا. باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خاطَبَہٗ فِي فُلان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَبَ. الصیدُ فُلانًا: قریب ہونا الحَنْظَلَۃُ: رنگین ہونا الحنظلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ. الفَتَاۃَ: منگنی کرنا القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَی المِنْبرِ: خطبہ دینا۔

الخَطْب. س۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب.

الخِطَاب. گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمدللہ کے بعد اَمَّا بَعْد کہنا۔

الخُطْبَۃ. تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَۃُ الکِتَاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَۃ: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْب. منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُو خِطْبُهَا وهِیَ خِطْبُهٗ" ج۔ اَخْطَاب.

الخِطْبَۃ. س۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب. منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَۃ. بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخطّاب کا مؤنث۔

اَلْخَطَّابِیَّۃُ: شیعۃ رافضۃ میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔

الخَطِیْب. منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیْبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء.

الخِطِّیْب. عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّیْبُوْن

الخِطِّیْبٰی. عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخْطَب. شکرا. مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندراین۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکْتَبُ اور شِعْرٌ سے اَشْعَر. کہا جاتا ہے "کَانَ اَخْطَبَ اَهْلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا و خَطِیْرًا. فِيْ مَشْیَتِہٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا بِسَیْفِہٖ اور رُمْحِہٖ: فخر و غرور سے ہلانا بِیَدِہٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (خَطْرًا و خطرانًا و خَطِیْرًا) الجملُ بِذَنَبِہٖ: بار بار اُٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ(ن ض) خُطُوْرًا. الامرُ لہٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحوادثُ: پیش آنا۔ خطر الامرُ بِبَالِہٖ و علیٰ و فِي بَالِہٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُوْرَۃً. عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیْرٌ) ج خُطُرٌ.

خَاطَرَ مُخَاطَرَۃً. بِنَفْسِہٖ: خطرہ میں ڈالنا ہ علیٰ کَذَا: شرط لگانا۔

اَخْطَرَ. الشَّیُٔ فی او علیٰ او بِبَالِہٖ: یاد دلانا ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا المالَ: مال کو شرط پر رکھنا المَرِیْضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)

تَخَطَّرَ. پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَانِی شَرُّ فُلان" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخَاطَرَ. القومُ علی الشَّیِٔ: شرط لگانا۔

الخَطْر. غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (والخطر) اُونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخِطْر. بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اُونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اخْطَار.

الخَطَر. قریب بہلاکت ج اَخْطَار. کہا جاتا ہے "رَکِبُوْا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِيْ ظِلِّ عَیْشٍ خَطِیْرٍ مَالُہٗ خَطَر. شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار. جج خُطُر.

الخَطْرَۃ. ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَا لَقِیْتُہٗ اِلَّا خَطْرَۃً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِر. فا. اَمر یا تدبیر جو دِل میں گزرے خیال اور کبھی دِل اور نفس پر بھی مجازاً اُطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي خَاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلانٌ سَرِیْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِي خَاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر.

الخَطَّار. الخاطِر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر.

الخَطَّارَۃ. اُونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِر. عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ خَطِیْرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِر. خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب والخُطَارِب. افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَف و تَخَطْرَف. چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خَطْرِیْف و خُطْرُف) خَطْرَفَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا. الشَّیَٔ: اُچک لینا

البرق البصر: چندھا کر دینا السمع: چوری سے سننا۔
خطِف (س) وخطَف (ض) خطفانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خطیف وخیطف)
خطّف۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اخطفَهُ۔ خطا کرنا۔ المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تخطّف واختطف۔ الشَّیَٔ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخطف والخطَف۔ لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن۔
الخطفة۔ جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اُتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخاطِف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خواطف۔
اَخطفُ۔ الحشیٰ: دُبلا۔
الخاطوف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخطّاف۔ الخاطف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخطّاف: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خطاطیف و خطاطیف السباع: درندوں کے چنگل۔
الخطفیٰ والخیطفیٰ۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھو یمشی الخطفیٰ" وہ تیز چلتا ہے۔
الخطیفة۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خطِل (س) خطلًا واخطل۔ فی کلامه: بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فی منطقه او رأیه: غلطی کرنا۔ جیسے "اِصالةُ الرای صانتنی من الخطلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تخطّل۔ فی المشی: نازانداز سے چلنا۔

الخاطِل۔ باطل۔
الخطَل۔ مص۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اریٰ فی مشیته خطلا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخطِل۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سھمٌ خطِل: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثوبٌ خطِل: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اخطال اور کہا جاتا ہے "رجلٌ خطِلُ الیدین" سخت ہاتھوں والا امرد و "رُمحٌ خطِل" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخطِل: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "احوسُ فی الھیجاءِ بالرمحِ خطِل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خطِل بالمعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاخطل۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خطلاء ج خُطل۔
الخیطل۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خطمَهُ (ض) خطمًا وخطمَهُ۔ بالخِطام: نکیل لگانا۔ خطمَهُ بالکلام: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خطمَ الرجلَ: ناک پر مارنا۔ (خطمًا وخطامًا) القوسَ بالوتر: کمان پر تانت چڑھانا۔
اختطم۔ الخِطام: نکیل لگانا۔
المَخطِم والمخطَم۔ ناک۔
الخطم۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ مِنَ الدابّة: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ امرٌ عظیم: پہاڑ کی چوٹی۔
الخِطام۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطم۔
الخاطم۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ خاطمُ امرِ بنی فلانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخطّام۔ اسم مبالغہ۔ مِسکٌ خطّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الاخطم۔ لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خطماء ج خُطم۔
الخطمی۔ ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خطمیّة)
خطا (ن) خطوًا۔ قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔
خطّا واخطیٰ۔ الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خطّی عنهُ الشَّیَٔ: زائل کیا جانا۔
تخطّی تخطّیًا واختطی اختطاءً۔ ہ الیٰ کذا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الخُطوة۔ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشخہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ "قرّبَ اللّٰہُ علیكَ الخُطوةَ": اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں۔ ج خُطیً وخُطوات وخُطَوات وخطْوات۔
الخَطوة۔ بمعنی خُطوة۔ خطا کا اسم مرة فی المساحة: چھ قدم۔
الخطیة۔ گناہ۔
خطا خطوًا خُطُوًّا۔ لحمُه: گٹھا ہونا۔ اخطی۔ الرجلُ: موٹا ہونا۔ اخطاہ: موٹا کرنا۔
الخطی۔ گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔
خفّ (ض) خفًّا وخِفّةً وخفّةً۔ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ المطرُ: کم ہونا (خفًّا وخفّةً وخُفوفًا) الی العدوّ: جلدی کرنا القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔
خفّف۔ الشَّیَٔ: ہلکا کرنا الحرفَ: مشدد نہ کرنا الثوبَ: باریک بنانا۔
اخفّ۔ کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا الرجلَ: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔
تخفّف۔ چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تخافّ۔ ہلکا پھلکا ہونا۔
استخفّهُ۔ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و

صواب سے ہٹانا ہ الغناءُطرب و نشاط میں ڈالنا ہ الطَّربُ:

اِستَخَفَّ بہٖتحقیر جاننا۔

اَلخِفُّہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خرجَ فِی خِفٍّ مِنْ اَصْحَابہٖ‘‘وُہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الخُفُّ للبعِیْرِ والنَعامِاُونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اخفاف وخِفَاف کہا جاتا ہے "خفٌّ ضَاحِكٌ‘‘ پھٹاہوا موزہ۔ الخُفُّقدم کاوہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الخِفَّۃہلکاپن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الخَفِیْف ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خفِیْفُ الرُّوْحِ‘‘وُہ لطیف اچھی صحبت والا ہے و"خفِیْفُ القَلْبِ‘‘ذکی و "خفِیْفُ العَقْلِ‘‘بیوقوف و "خفِیْفُ الظَّھْرِ‘‘کم اولاد والا و "خفِیْفُ الیَدِ‘‘پھرتیلا و "خفِیْفُ العَارِضَیْنِ‘‘داڑھی میں کم بال والا۔ ج اخِفَّاء وخِفَاف واَخْفَاف. الخفِیْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الخُفَافذکی، تیز فہم۔

الخَفَّافچرمی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُّوفجو۔

خَفَأَ(ف) خفأً. الشَّیْءَاُکھیڑ کر زمین پر پٹکنا البیتَڈھا کر گرادینا القِرْبَۃَمشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔

خَفَتَ(ن) خُفُوْتًا. الصوتُ پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِیْتٌ). (خُفَاتًا) اچانک مرنا۔ (و خَفتًا و خَافَت وتَخَافَت بکَلامِہٖ وبِصَوْتِہٖ) پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا بالقِرَائَۃِآہستہ پڑھنا۔ خَافَتَہٗ پست گفتگو کرنا۔ تخافَتَ تکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا۔

الخُفْت ایک قسم کی نباتات۔

الخَفْتَانچلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس (دخیل)

الخافتُ بے پانی کا بادل۔ زرعٌ خافتٌ: کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔

خفِجَ(س) خفَجًا. البعیرُفجج کی بیماری لاحق ہونا۔

الخَفِیْجکمزور۔ سست۔

الاَخْفَجُفجج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اخفج ٹیڑھا ستون۔

الخَفَجٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔

خَفْخَفَ خَفْخفَۃً. الخِنْزِیْرُ او الضَّبُعُ آواز کرنا الرجُلُ قَمِیصَہ الجَدِیْدَ او القِرْطَاسَ حرکت دینے سے آواز نکلنا۔

المَذَمَّة. مص. برائی۔ حق و حرمت۔ اور اسی سے ہے "هُوَ يَحْفَظُ مَذَمَّتَه" وہ اپنے حق کی حفاظت کرتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "قَضٰى مَذَمَّتَهٗ اَوْ مَذِمَّتَه" اس نے مذمت و برائی کے خوف سے اس کے ساتھ احسان کیا۔ "وَاَذْهِبْ مَذَمَّتَه بِشَيْءٍ" اس کو کچھ دو کہ اس کا حق ہے۔

المُذَمَّم. مذموم۔

ذَمَا (ف) ذَمْءُ الامرُ عليه: دشوار ہونا۔

ذَمْذَم الرجلُ: تھوڑا عطیہ دینا۔

ذَمَرَه (ن) ذَمْرًا. دھمکی دینا۔ ذَمَرَهٗ عَلَی الْاَمْرِ: ملامت کے ساتھ کسی کام پر برانگیختہ کرنا الاَسَدُ: گونجنا۔ دھاڑنا۔

ذَمَّرَ الشَّيْءَ: اندازہ کرنا الرَّجُلَ: کسی کے مونڈھے کو چھونا۔

تَذَمَّرَ. فوت شدہ چیز پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يَتَذَمَّرُ عَلٰى رَبِّه" وہ اپنے رب پر بگڑتا تھا عَلٰى فُلَانٍ: بگڑنا اور دھمکی دینا۔ (وتَذَامَرَ) القَوْمُ. ایک دوسرے کو جنگ پر برانگیختہ کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

الذَمِر و الذِمْر و الذِمِرُّ و الذِمِّيْر. بہادر۔ ج اَذْمَار.

الذِمَار. ہر وہ چیز جس کی حمایت و حفاظت ضروری ہو۔ حرم۔ اپنے لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْنَعُ ذِمَارًا مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے و "هُوَ حَامِي الذِمَارِ" وہ قابل نگہداشت چیز کی حمایت و حفاظت کرنے والا ہے۔

ذَمَارِ. جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے اسم فعل ہے۔

الذَمَارَة. شجاعت۔ بہادری۔

الذَيْمُرِيُّ. تیز طبیعت۔

المُذَمَّر. مث. کندھا۔ گردن اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الاَمْرُ المُذَمَّرَ" معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔

ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذُمُوْلًا و ذَمِيْلًا و ذَمَلَانًا. البعيرُ: اونٹ کا آہستہ چلنا۔

ذَمَّلَ البعيرَ: اونٹ کو آہستہ چلانا۔

ناقة (ذَمُوْل) آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج ذُمُل.

الاَذْدَل. برص والا۔

ذَمِه (س) ذَمَهًا. الحرُّ: گرمی سخت ہونا الرجلَ بالحرِّ: سخت گرمی لگنا۔

ذَمِيَ (س) ذَمًا و ذَمَاءً. ہلنا۔

ذَمَى (ض) ذَمَاءً. لمبی بیماری والا ہونا۔ قریب الموت ہونا۔ بدبو نکلنا (ذَمَيَانًا) جلدی کرنا (ذَمَتْهُ الرِيْحُ تَذْمِيْهِ ذَمْيًا) تکلیف دینا۔

اَذْمَى اِذْمَاءً. فُلَانًا: مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

اِسْتَذْمَى. ما عِنْدَه: جو کچھ کسی کے پاس ہو ڈھونڈ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَمْي. بدبو۔

الذَمَاء. بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَبِّ" وہ بجو سے زیادہ سخت جان ہے۔ اس وجہ سے کہ بجو کی روح بڑی دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض) ذَنِيْنًا و ذَنًّا. المُخَاطُ: رینٹ بہنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه لَيَذِنُّ" یعنی وہ بڑھاپے یا مرض کی وجہ سے ضعیف ہے۔ و "مَا زَالَ يَذِنُّ فِي تِلْكَ الحَاجَةِ حَتّٰى اَنْجَحَهَا" ہمیشہ اس حاجت میں لگا رہا یہاں تک کہ اس کو کامیاب کر لیا۔

ذَنَّ (س) ذَنًّا و ذَنَنًا. رینٹ بہنے والا ہونا۔

ذَنَّ (ض) ذَنِيْنًا. البَرْدُ: سخت سردی ہونا۔

الذَنَن. گندگی۔

الاَذَنّ. وہ شخص جس کے دونوں نتھنوں سے رینٹ بہہ رہی ہو۔ مؤنث ذَنَّاء. ج ذُنٌّ اور اَنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ كَانَ اَذَنَّ مثال ہے۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے ضعفاء قوم سے بیزار ہو۔

الذُنَان و الذَنِيْن. بہنے والی رینٹ۔

الذُنَانَة. حاجت۔ کمزور چیز کا بقیہ۔

ذنبه (ض ن) ذنبا و پیچھے لگے رہنا۔

ذَنَّبَ. العِمامَةَ: شملہ لٹکانا الکتابَ: تتمہ لگانا الضَبَّ: بجو کی دُم پکڑ لینا الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا (الضبُّ: بجو کا سوراخ سے صرف دُم باہر نکالنا۔

اَذْنَبَ. الرجلُ: گنہگار ہونا۔

تَذَنَّبَ. علیہ: زیادتی کرنا الرَجُلُ: شملہ لٹکانا الطریقَ: راستہ اختیار کرنا۔

تَذانَبَ. السَحابُ: بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَذْنَبَه. پیچھے جانا۔ گنہگار پانا یا سمجھنا الاَمْرُ: کامل ہونا۔

الذَنْب. گناہ۔ ج ذُنُوب و جج ذُنُوبات.

الذَنَب. مِنَ الحَیَوان: دم۔ ج اَذْناب.

اَذْنابُ النَاسِ: معمولی لوگ۔ ذَنَبُ العَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔ ذَنَبُ السَوْطِ: کوڑے کا کنارہ۔ ذَنَبُ الثَعْلَبِ وذَنَبُ الفرسِ وذَنَبُ الخَیْلِ: مختلف نباتات کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بذَنَبِه" اس نے اقامت کرلی۔ ورَکِبَ ذَنَبَ البَعِیْرِ وہ ناقص حصہ پر راضی ہوگیا۔ ورکب ذَنَبَ الرِیْحِ وہ آگے بڑھ گیا اور کوئی اس کو نہ پاسکا۔ و "بَیْنِی وبَیْنَهٗ ذَنَبُ الضَبِّ"، میرے اور اس کے درمیان دشمنی ہے۔

الذِناب. اونٹ کی دُم باندھنے کی رسی۔

ذِنابُ الشَیْءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔ ج ذَنائِب.

الذِنابَة. قرابت۔ (والذُنابَة والذَنَبة) مِنَ الوادِي. وادی کے بہنے کی انتہائی جگہ۔

الذَنَبَة: دم۔ ذَنَباتُ النَاسِ وذُناباتُهم: لوگوں میں معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الذُنابَى. پرندہ کی دم۔

الذَنُوب. مِنَ الخَیْلِ: لمبی اور زیادہ بالوں کی دُم والا گھوڑا۔ ج ذَنائِبُ و ذِناب وأَذْنِبَة. الذَنُوبُ: قبر۔ دنبہ کی چکی کا گوشت۔

ضَبٌّ (اَذْنَبُ) لمبی دُم والی گوہ۔

الذِنِبي والذُنبِی. دم۔

المِذْنَب. لمبی دم۔ پتلا نالہ۔ کہا جاتا ہے "سالَتِ المَذانِبُ" نالے بہ پڑے (والمِذْنَبَة) چمچہ۔

المُذَنِّب. دُم دار۔ اور اسی سے ہے "نَجْمٌ مُذَنِّب"، دُم دار تارہ۔

المُذانِب. مِنَ الابلِ والخَیْلِ: سب سے آخر میں چلنے والا اونٹ یا گھوڑا۔

نَجْمٌ مُذَنَّبٌ. دم دار ستارہ۔ اس ستارے کا دم کئی سالوں کے بعد ظہور ہوتا ہے۔ ۱۹۱۰ء میں ظاہر ہوا تھا اب ۱۹۸۸ء میں ظاہر ہوگا۔

ذہ وذِہ. اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے اور اس پر "ھا" تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں ھٰذِہْ و ھٰذِہ.

ذَهَبَ (ف) ذَهابًا وذُهُوْبًا ومَذْهَبًا. جانا۔ گزرنا۔ مرنا۔ الاَمْرُ: ختم ہونا علی الشَيْءِ: بھول جانا بہ: لے جانا۔ ساتھ جانا۔ جگہ سے ہٹانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بِهِ الخُیَلاءُ"، اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرادیا۔

فی المَسْئَلَة اِلیٰ کَذَا: فلاں رائے اختیار کرنا۔

ذَهِبَ (س) ذَهَبًا. سونے کی کان میں بہت سا سونا پاکر حیران ہونا۔

اَذْهَبَ وذَهَّبَ. سونے کی قلعی کرنا۔ صفت مفعولی (ذَهِیْبٌ ومُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَه واَذْهَبَ بِه: لے جانا۔ جگہ سے ہٹانا۔

الذَهَب. س۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهابٌ وَ ذُهُوْب و ذُهْبان. ایک ٹکڑے کو (ذَهَبَة) کہتے ہیں۔ الذَهَبُ: انڈے کی زردی۔ ج ذِهاب و اذهاب و جج اَذاهِیب.

الذِهْبَة. ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِهاب واَذْهاب و جج اَذاهِیب.

الذَهُوْب. جانے والا۔

المَذْهَب. مص۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذاهِب "تمذهب بالمَذْهَبْ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذَهَّبات. زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَهِرَ (س) ذَهَرًا. فوہ: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْهَر) مؤنث ذَهْراء. ج ذُهْر.

ذَهَلَ (ف) ذَهْلًا و ذُهُوْلًا. الشَيْءَ و عَنْهُ: بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔

ذَهِلَ (س) ذُهُوْلًا. ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْهَلَ. غافل کردینا۔

الذُهْل والذَهْل. مِنَ اللَیْلِ: رات کا ایک حصہ۔

المَذْهَل. ہکا بکا ہونے کی جگہ۔

الذُهْلُوْل. مِنَ الخَیْلِ او الرِجالِ: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهالِیل.

ذَهَنَ (ف) ذَهْنًا. الاَمْرَ: سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (واَذْهَنَ واسْتَذْهَنَ) الرَجُلَ عَنِ الاَمْرِ: فراموش کردینا۔

ذَهِنَ (س) ذَهَنًا. الشَيْءَ: سمجھنا۔

ذَهُنَ (ک) ذَهانَةً. اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُهِنَ. ذہن کا زائل ہونا۔

ذاهَنَهٗ. زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یُذاهِنُ النَاسَ یُفاطِنُهُمْ"، وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اَقْرَبُ المَوارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِهْن. سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "ما بِرِجْلِي ذِهْنٌ"، میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذهان.

الذِهن. سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْهان. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اهل الاذهان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔
رجل "ذَهِن و ذِهْنٌ" ذکی اور سمجھ دار مرد۔
ذَهَا (ن) ذَهْوًا. تکبر کرنا۔
ذُوْ. صاحب مالک۔ تثنیہ ذَوَان. ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُه ذَاصباحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِه" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُوالیَد اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وَکَانَ ذٰلِكَ مِنْ ذِیْ قَبْل" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔
ذَوُوْالاَرْحَام: رشتہ دار۔ اقربا۔ الذَوُوْن والاَذْوَاء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْيَزَن. ذُوْنَوَاس. ذُوْرِيَاش. وغیرہ۔
ذَاتٌ. ذُوْ کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان. ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ او ذَاتَ لَيْلَة اَوْذَاتَ مَرَّةٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ ذَاتَ الْعُوَيْم" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ اليَمِيْن" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِيْتُه اَوَّلَ ذَاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَّدْرِ: فکر یا بھید۔ ذَاتُ اليَمِيْنِ: داہنی جانب۔ ذَاتُ البَيْنِ: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔
ذَاتُ شَفَةٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُه فَمَا رَدَّ عَلَيَّ ذَاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔
ذَاتُ اليَدِ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ يَدِهِ" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتْ الدَجاجَةُ ذَاتَ بَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاء: نمونیا۔ ذَاتُ الرئة وذَاتُ الصَدْرِ و ذَاتُ الكَبِد: بیماریوں کے نام۔
الذات. وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشَيْءِ: نفس شیٔ. عین شیٔ. جوهر شیٔ. اِسْمُ الشَيْءِ. عِنْدَ النُحاةِ: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔ الذَوات عِنْد المُوَلَّدِيْن: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔
الذَاتِی. ذات کی جانب منسوب۔
ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا. الثَلجُ او السَّمَنُ: برف یا گھی پگھلنا دَمْعُهُ: آنسو بہنا الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا الرَجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِي عَلَيْهِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِي يَدِي مِنْهُ خَيْر" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرجُل" لاغر ہو گیا۔
ذَوَّبَ. السَمَنَ: گھی پگھلانا الغُلامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَةً. السَمَنَ: گھی پگھلانا حَاجَتَه: حاجت پوری کرنا القَوْمُ اَمْرَهُمْ: درست کرنا عَلَى العَدُوِّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَذَابَه. پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا الشَيْءَ: باقی رکھنا حَاجَتَهُ: پوری کرنا۔
الذَاب. عیب۔
الذَوْب. س. خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَهَب: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذا الكَلامُ ذَوْبُ الرُوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَوبَة. ذَابَ کا اسم مرۃ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے مَناقَة (ذَوْبٌ) موٹی اونٹنی۔
الاَذْوَاب والاِذْوَابَة. مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلىٰ مِنَ الذَوْب بالاِذْوَابَة" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المذْوَب. سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔
المذْوَبة. چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوْجًا. جلدی کرنا الماء: پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوْحًا. سخت چال چلنا۔
(وذَوَّحَ) الاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔
ذَادَه (ن) ذَوْدًا او ذِيادًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِه: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَة.
اَذَادَ اِذَادَة وَاَذْوَدَهُ اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَوَّاد. بہت دفع کرنے والا۔
المَذَاد. چراگاہ۔
المِذْوَد. مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔
رجال (مَذاوِدُ ومَذاوِيْدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔
اَلذَوْدُ: اونٹ جن کی تعداد تین سے لے کر تیس (۳۰) تک۔ مؤنث کے لئے اس کا واحد کوئی نہیں یا یہ خود واحد ہے اس کی جمع اَذْوَاد ہے۔
ذَاطَهُ (ن) ذَوطًا. سخت گلا گھونٹنا۔ الاِناءَ: بھرنا۔
ذَوِطَ (س) ذَوَطًا. چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)
الذَوْطَة. زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج ذِوَاط.
الذَوط. ادنی درجہ کے لوگ۔
ذَاعَ (ن) ذَوْعًا. مَالَهُ: سب کچھ پراگندہ

کر دینا۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. القَوْمُ بِمَا فِیْ الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا۔ الرَّجُلُ بِمَالِهٖ: لے جانا۔

ذَافَ (ن) ذَوْفًا. کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّیْءَ: چکھنا۔ العَذَابَ. عذاب برداشت کرنا الرَّجُلَ وَمَا عِنْدَ الرَّجُلِ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ذاق ذواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ. الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ. القَوْمُ الشَّیْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انہوں نے نیزوں کو سنبھالا۔

اِسْتَذَاقَه. آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهٗ الاَمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا یَسْتَذِیْقُ لِیَ الشِّعْرُ اِلَّا فِیْ فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْق والذَّائِقَة. چکھنے کی قوت۔

الذَّوْق والذَّوَاق. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے

الذَّوَاق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقه طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

المَذَاق. مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وَهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

ذَوَیٰ (ض) وذَوِیَ (س) ذُوِیًّا. النَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

اَذْوَیٰ اِذْوَاءً. پژمردہ کرنا۔

الذَّوَیٰ. بکری کے چھوٹے بچے۔

الذَّوَاة. خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

ذِی اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔

ذَیْتَ ذَیْتَ اَوْ ذَیْتَ و ذَیْتَ. بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهٗ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و۔ فَعَلْتُ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَیًّا ذَیًّا و ذَیَّة ذَیَّة) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَیْجًا. الماءَ: پانی پینا۔

ذَایَجَهٗ مُذَایَجَةً. کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَیَّخَت. النَّخْلَةُ: گابھا نہ لگنا۔

اَذَاخَ اِذَاخَةً. بِالمَکَانِ: گرد اگرد گھومنا بنی فلان: ذلیل کرنا۔

الذِّیْخ. دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِیْخَة. عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْیَاخ و ذُیُوخ. و ذِیَخَة.

ذَارَهٗ یَذَارُهٗ ذَیْرًا. ناپسند کرنا۔

الذِّیْرَة. مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَیْعًا و ذُیُوْعًا و ذَیْعُوْعَةً و ذَیَعَانًا. الخَبَرُ: پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِیْ جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔

اَذَاعَ اِذَاعَةً. الخَبَرَ وبالخَبَرِ: پھیلانا السِّرَّ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا القَوْمُ مَا فِی الحَوْضِ او بِمَا فِیْهِ: سارا پی لینا بِالشَّیْءِ: لے جانا۔

اِنْذَاعَ. الخَبَرُ: پھیلنا۔

المِذْیَاع. راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَایِیْع. تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْیَاعٌ و لِلْاَسْبَابِ مِضْیَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

الذَّیْفَان والذِّیْفَان. مہلک زہر۔

ذَالَ (ض) ذَیْلًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا رانوں پر ادھر ادھر مارنا الجَارِیَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الشَّیْءُ: ادنیٰ ہونا۔ حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا فُلَانٌ اِلیٰ فُلَانٍ: گستاخی کرنا۔

ذَیَّلَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا کرنا۔ الکِتَابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔

اَذَالَ اِذَالَةً واَذْیَلَ اِذْیَالًا. الثَّوْبَ: دامن والا ہونا الرَّجُلُ ثَوْبَهٗ: کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَهٗ: خرچ کرنا اہانت کرنا ۵: فَرَسَهٗ و غُلَامَهٗ: لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

المَرْأَةُ قِنَاعَهَا: عورت کا برقع کو لٹکانا۔

الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَذَیَّلَ. فِی الکَلَامِ: گستاخی کرنا۔ الجَارِیَةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا الفَرَسُ فِیْ اسْتِنَانِهٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔

تَذَایَلَ. حَالُهٗ: پست و فروتر ہونا۔

الذَّیْل. چیز کا آخری حصہ۔ ذَیْلُ الثَّوْبِ: دامن۔ ذَیْلُ الرِّیْحِ: ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَیْلُ الفَرَسِ: دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ ذَیْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْیَال و ذُیُوْل و اَذْیُل.

اَذْیَالُ النَّاسِ و ذُیُوْلُهُمْ: آخر کے لوگ۔

الذَّائِل. فا. دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ: لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَیْلُه" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَال او مُذَیَّل) لمبے دامن کا کپڑا۔

المُذَالَة. باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْیَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مُذَالَةٌ: لمبی زرہ۔

اَرْضٌ (مُتَذَیِّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔

المِذْیَال. لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)

ذَامَهٗ (ض) ذَیْمًا و ذَامًا. عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِیْم و مَذْیُوْم)

الذَّام والذَّیْم. عیب۔ مذمت۔

الذِّیْن. عیب۔

ر: الراء: بنیادی حروف میں سے دسواں ہے- یہ حروف الذولقیہ میں سے ہے- حساب جمل میں اس کا نمبر ۲۰۰ ہے-

رَأَبَ (ف) رَأْبًا. الصَدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا الشَئَ: جمع کر کے نرم باندھنا بَیْنَهُم: صلح کرانا۔

رَأَبَتِ الاَرْضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔

اَرْأَبَ اِرْآبًا. الصَدْعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔

الرَأب. مص۔ پھٹن۔ شگاف۔ سردار۔ ج رِئَابٌ. کہا جاتا ہے "کَفَی بِفُلَانِ رَأبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اِس جملہ مین مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُؤْبَة. لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤْبَات. کہا جاتا ہے "هُوَ رِئَاب بَنِی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے۔

اَلْمَرْأَبُ: کاروں موٹر سائیکلوں وغیرہ کو درست کرنے کی جگہ (ورکشاپ)

الرَآّب والمِرْآب. درست کرنے والا۔

رَأبَل رَأبلَةً. ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔

تَرَأبَلَ. القَوْمُ: چور بنا علَیْهِ: لوٹ ڈالنا۔

الرِئبَال والرِیبْیَال. شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیْل ورَآبِلَة ورَیَابِیْل.

الرِئبَال. اکلوتا لڑکا۔

الرَاتِیْنَج. صنوبر کا گوند۔

رَؤُدَ (ک) رُؤُدْوَةً. الغُصْنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَؤُد)

تَرَّادَت. الرِیْحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔

تَرَأَدَ الرَجُلُ: اُٹھنے میں کانپنا (وارْتَأَد) الغُلَامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا الغُصْنُ: جھکنا العُنُقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأّدو تَرَاءَد) الضُحی: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔

رَأدورَائِد. الضُحیٰ: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرأد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

اَلرَّادِیُولاَ: کتان کی قسم سے ایک پودا۔

الرِئْد. ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هٰذا رِئْدِی" یہ میرا ہم عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج اَرآد.

الرَأْد والرَأْدَة والرُؤْد والرُؤْدَة. خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُؤد: نرمی سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔

رَأرَأَ. پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رأرَأ بِعَینَیْهِ: آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رأرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأَة ورَأراء ورأراءَة

الظِبَاءُ: ہرنیوں کا دُم ہلانا السَحابُ او اَلسَرابُ: بادل یا سراب کا چمکنا الرَجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف را زیادہ بولنا۔

رَؤُسَ یرْؤُسُ رِئَاسَةً. رئیس ہونا۔

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً. القَوْمَ: سردار قوم ہونا (رَأَسَهُ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا السَیْلُ الغُثاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا۔

رُئِسَ. دردِ سر والا ہونا۔

رَأّسَهُ. سردار بنانا۔

تَرَأّسَ و ارْتَأسَ. سردار ہونا۔

اِرْتَأسه: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔

اِرْتَأسَ الشَئَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔

الرَأس سر۔ ج اَرْؤُس ورُؤُوْس و رُؤْس و آرَاس. اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الغَنَم. الرأس: چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رأسُ الشَهْرِ او العام: مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رَأسا" اس نے اس کام کو ابتداء کیا۔ و "وَلَدَتْ ثَلَاثَةَ رَاسًا عَلیٰ رَاس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔ و "رُمِیْتُ مِنْكَ فِی الرَاس" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و "هٰذَا قِسْمٌ بِرَأسِه" یہ مستقل ایک

قسم ہے۔ و "اَنتَ علیٰ رَأسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔
رِیَاسُ. السَّیفِ: تلوار کا قبضہ۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ علیٰ رِئَاسِ اَمرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔
الرَّائِس. فا. حاکم۔ ج رُؤُاس.
الرَّئِیس والرَّیِّس. سردار قوم۔ چودھری۔ ج رُؤَساء.
الرِّئِّیس. مستحکم سرداری والا۔
الرَّوَائِس. وادیوں کی بلندیاں۔ اگلے بادل۔ واحد رَئِیسَة.
الرَّأَّاس. سری بیچنے والا۔
الاَرْأَس. بڑے سر والا۔ مؤنث رَأْسَاء.
الرُّوَاسِیُّ. بڑے سر والا۔
المِرْآس. مِنَ الخَیلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔ گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔
المُرَائِس. جنگ سے جی چرانے والا۔
المَرْؤُوْس. رعیت، محکوم۔ بڑے سر والا (والرَّئِیس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو۔
رَأَفَ (ف) رَأْفَةً ورَؤُفَ (ک) رَآفَةً ورَئِفَ (س) رَأْفًا و تَرَأَّفَ. بہ: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ ورَؤُفٌ و رَأْفٌ ورَئِفٌ ورَائِفٌ)
تَرَاءَفُوْا. آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَّفَهٗ واسْتَرْأَفَهٗ. مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّأْف. شراب۔
اِسْتَرْأَلَ. الرَّأْلُ: شتر مرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْل. شتر مرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة. ج رِئَال وارْؤُل ورِئْلان. رِئَالَة. کہا جاتا ہے "خَوَّدَ رَأْلُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔
الرُّؤَال. گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔
الرَّائِل والرَّاؤُول. دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت نعامَةٌ (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شتر مرغ۔
المُرَائِل. جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا. الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔ القَدَحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا و رِئْمَانًا. الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا الشَّیْءَ: محبت کرنا۔ الفت کرنا النَّاقَةُ و لَدَهَا: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ ورَائِمَةٌ رَؤُوْمٌ) ج رَوَائِم. کہتے ہیں "ہو رَؤُوْمٌ للضَّیْمِ" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔
اَرْأَمَ اِرْآمًا. الجرحَ: زخم کو علاج کر کے اچھا کرنا الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔
ہ عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَهٗ. وتَرَأَّمَ عَلَیْهِ: مہربان ہونا۔
الرِّئْم. سفید ہرن۔ ج اَرْآم وآرَام. مؤنث رِئْمَة.
الرُّؤَام. لعاب۔
الرَّوَائِم. دیگ دان کے پائے۔
رَأَی یَرَیٰ رَأْیًا ورُؤْیَةً ورَاءَةً. ورِئْیَانًا. بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ یَرَیٰ کی اصل یَرْأَی ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور اَمر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "یا تُرَیٰ ویاہَلْ تُرَیٰ" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔
رَآءَ. الشَّیْءَ: دیکھنا۔
رَأَیٰ (ف) رَأْیًا. الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
الزَّنْدُ: آگ نکلنا الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔
رَأَّیْتُه تَرْئِیَةً. خلاف حقیقت دکھانا۔
رَائَیْتُه مُرَاءَاةً ورِئَاءً. خلاف حقیقت دکھانا ورَائَیْتُه مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔
اَرْأَی اِرْئَاءً. عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا الحَامِلُ مِنْ غَیْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ والسَّبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِیَةٌ)
اَرَاہُ یُرِیْہِ اِرَاءَةً وَاِرَاءً. الشَّیْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِیَة. کہا جاتا ہے "اَرِنِی بِرَأْیِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَیٰ اللہُ بِفُلَانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔
تَرَأَّیٰ وتَرَاءَیٰ. فِی المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّیٰ و تَرَاءَیٰ لَہٗ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتَرَاءَیٰ النَّاسُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَائَیْنَا فِی الاَمْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأَّیٰ بِرَأْیِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ و "تَرَاءَیٰ لِیْ اَنَّ الاَمْرَ کَیْتَ کَیْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَرَائَیْنَا الہِلَالَ" ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔
اِرْتَأَیٰ. الاَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَرْأَیٰ. ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَیْتُہٗ واسْتَرَیْتُہٗ"
اِسْتَرْأَیٰ بِالمِرْآةِ: آئینہ سے دیکھنا۔
الرَّأْی. رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَأْیِی کَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاء وارْآء.
الرِّیُّ والرُّیُّ والرُّوَاء والرِّیُّ. منظر اور حسن منظر۔
الرُّؤْیَا. خواب ج رُؤًی. کہا جاتا ہے "جَاءَ حِیْنَ جَنَّ رُؤْیًا اَوْ رَأْیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔
الرُّؤْیَة. آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًی.
الرِّیَة. دیکھنا۔
الرِّئَاء. مص. حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا

جاتا ہے "فَعَلَ ذَلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ اَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِيَة بنظر یا حسن منظر۔

الرَّءَّاء بہت دیکھنے والا۔

الرِّئَة۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَات ورِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)

رَئِيُّ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِيُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔

هُوَ (اَرْاَی) بِكَذَا وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْآة آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرْأَى یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأَى والمَرْأَة. منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ و تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهِ مَرْآتُه اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّيْ مَرْأًى و مَسْمَعٌ او بِمَرْأًى و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ (ن) رَبًّا. القومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا الاَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبو دار بنانا۔

بالمكان: اقامت کرنا (رَبًّا ورُبًّا)

الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔

(رَبًّا ورَبَّبَ تَرْبِيبًا وتَرِبَّةً وارْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔

ورَبَّبَ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبو دار بنانا۔

اَرَبَّ. بالمَكان: اقامت کرنا مِنْه: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔

تَرَبَّبَ. القومَ: اکٹھا ہونا۔

الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُم" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔

اُرْتُبَّ. العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔

الرَّبُّ. مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّي و رَبَّانِي و رُبُوْبِيٌّ)

الرَّبَّانِي: عارف باللہ۔ عالم۔

اَلرَّبَّانِي: ملاحوں کا چیئرمین

الرَّبَّةُ: رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔

الرِّبَّةُ: بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّة ورِبَاب.

الرُّبُّ: پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب.

رُبَّ ورُبَّةَ و رُبَّمَا ورُبَّتَمَا: حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيْلُ مُقْبِلٌ ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيْلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ: سوتیلا باپ۔

الرَّابَّةُ: سوتیلی ماں۔

الرَّبَب: بہت پانی۔ میٹھا پانی۔

الرَّبَاب: سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَة)

الرِّبَاب: عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔

الرِّبَابَة: الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتَ اَمْرَنَا اَفَضْتُ اِلَيْكَ رِبَابَتِي"

الرُّبَّى: بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔

الرُّبُوْبَة والرُّبُوْبِيَّة: الرب کا اسم۔

الرُّبَّاب: جماعت۔

الرُّبَّان: ملاحوں کا سردار۔

الرَّبِيْب والرُّبُوْب: سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّة. الربيب: مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔

الرَّبِيْبَة: دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج۔ رَبَائِب.

المَرْبُوْب: پرورش کیا ہوا۔ غلام، بندہ۔

المَرَبُّ: جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔

(المِرْبَاب: بہت پیداوار والی زمین۔

المُرَبَّب: جس کے اوپر انعام کیا جائے۔

المَرَبَّة: مملکت۔

رَبَأَ (ف) رَبْأً: چڑھنا۔ بلند ہونا۔

عَلَى جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا فِي الاَمْرِ: غور و فکر کرنا القَوْمَ و لِلْقَوْمِ: دیدبان بننا الشَّيْءَ: بلند کرنا المَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّي اَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذَالِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "وما رَبَأْتُ رَبْأَهُ" تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ وارْبَأْهُ یعنی اس کی حفاظت کرو۔

رَبَّاہ تربئۃً. لے جانا۔
رَابَأہ مُرابَأۃً. چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتبأ اِرْتباءً. بِھم: دیدبان بننا۔
المِرْبأۃ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا علی الجَبَل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأ الشَّمْسَ مَتَی تَغرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَبِیُٔ والرَّبِیْئَۃُ. فوج کا دیدبان۔ ج رَبَایَا. کہا جاتا ہے "بَثُّوارَبَا یَاھُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَأُ والمِرْبَأُ والمَرْبَأۃ والمُرتَبَأ. دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَأ: سیڑھی۔
رَبَتَ (ن) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِیْتًا. پرورش کرنا۔ رَبَّتَ الصَّبِیَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا. الشَّیُٔ: بند ہونا۔
رَبَثَہُ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَہُ. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ. ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ وارْبَثَّ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا۔ اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِّبِّیْثَیٰ. مانع۔ روک۔
الرَبِیْثَۃ. مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث.
الرَبِیْث والمَرْبُوْث. رُکا ہوا۔
رَبُجَ (ک) ورَبِجَ. (س) رَبَاجَۃً. کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ. متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبجان. ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِی تِجارَتِہٖ: نفع اٹھانا۔
رَبَّحَہٗ. نفع کرانا۔
رَابَحَہٗ مُرابَحَۃً وأرْبَحَہٗ. عَلیٰ سِلْعَتِہٖ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَاقۃ: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واِسْتَرْبَحَ. نفع طلب کرنا۔
الرابِح. فا. مَالٌ رابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِّبْح. ج اَرْبَاح (الرِبَح والرَبَاح) نفع۔ الرُبَح: اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَبَاح. شراب۔
الرَبَاحِی. کافور کی ایک قسم۔
الرُبَاح والرُبَّاح. نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیْح.
مَتْجَر (رَبِیْح) فائدہ مند تجارت۔
الرِبَحل. بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَۃ.
رَبِخَ (س) رَبَخًا. البَعِیرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (رَبْخا رُبُوْخًا رَبَاخًا) المرأۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ. الرَمَلُ: تہ بتہ ہونا الرَجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ. الرَجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَبِیْخ. بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بالمَکَان: اقامت کرنا۔
رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا. روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الاِبِل: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبِدَتِ. الشاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ. السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا الرَجُلُ: تیوری چڑھانا اللوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرُبَد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُبد. تلوار کا جوہر۔
الرَابِد. س۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَد. خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدٌ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء. الرَبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاھِیَۃٌ رَبْدَاء:" بلائے بد۔ ج رُبْد. الاَرْبَد. ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد. اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَبِیْد. کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَبِیْدَۃ. دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّد. شیر۔
رَبَذَ (س) رَبَذًا. چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "ھُوَ رَبِذ العِنَان" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَۃ. لِثَّۃٌ رَبِذَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ. الثَوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِبْذَۃ والرَبَذَۃ. چیتھڑ جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورَبَذ.
الرِبْذَۃ. بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرَبَذِیُّ. کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُز (ک) رَبَازَۃً. زیرک و دانا ہونا۔
الکَبْش: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّز. القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ. الشَّیُٔ: پورا و کامل ہونا۔
الرَبِیْز. زیرک و دانا۔
رَبَسَہٗ (ن) رَبْسًا. بِیَدَیْہِ: ذہتر مارنا۔
(ورَبَّس) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَہ اِرْبَاسًا. غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَس. العُنقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا. الرجلُ: ملک میں جانا۔ فِی اَمرِہ: تصرف کرنا اَمرُھُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔

الرِّبْس. من۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رِبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرِّبْسَاۃُ. سخت مصیبت۔ ج رُبْس. "جَاءَ بِأُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِیس. بہادر۔ مصیبت۔ دہتڑ مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَیْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرِّبْسَۃ. میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّبْیَاس. چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَشَ. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش. مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء. اَرْضٌ رَبْشَاء: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَۃ. رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش. نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِہ: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ. انتظار کرنا عَنِ الاَمْرِ: رک جانا فِی الْمَکَانِ: ٹھہرنا بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَص بِسِلْعَتِہٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَۃ. انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا و رِبْضَۃً. الدَّابَۃُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلیٰ فَرِیْسَتِہٖ او القِرْنُ علیٰ قِرْنِہٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلَانًا او المکانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَہٗ. بالمَکَانِ: ٹھہرانا الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض. فا. (الرَّبَّاض) شیر۔

الرَّابِضَۃ. رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ تک چیٹے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَۃٌ رَابِضَۃٌ عَلیٰ وَجْہِہٖ"
الرُّبْضُ والرِّبْض والرُّبُض والرَّبَض. بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبْضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض. عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض. مِنَ البَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض. بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَۃ والرُّبُضَۃ. ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرِّبْضَۃ. لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض. مِنَ القُرَیٰ: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوْعِ. کشادہ زرہ مِنَ الشَّجَرَۃِ: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِرْبَۃٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِیْض. باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض. جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَہٗ (ن ض) رَبْطًا. باندھنا۔ مضبوط کرنا اللّٰہ عَلیٰ قَلْبِہٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رباطًا ومُرَابَطَۃً. الاَمْرَ: مداومت کرنا الجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔

تَرَابَطَ. المَاءُ فِی المَکَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا فِی الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط. مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج رُبُط. الرِّبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات. کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہو گیا۔
الرَّابِط. فا. راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَۃ. رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِیْط. بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔
رَبِیْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِیْطَۃ. باندھے ہوئے جانور۔ خلاف قیاس دَابَّۃٌ رَبِیْطَۃٌ اور دَوَابُّ رَبِیْطَۃ کہا جاتا ہے اور دابۃ رَبِیْط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط. تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط. بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)
المَرْبَط والمَرْبِط. جانوروں کی باندھنے کی جگہ ج مَرَابِط.
المُرَابِطَۃ. آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا. توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْ عَلیٰ نَفْسِکَ او عَلیٰ ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو بالمَکَانِ: اقامت کرنا عَنْہُ: رکنا۔ عَلَیْہِ: مہربانی کرنا الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا بِعَیْشِہٖ: راضی رہنا الابلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَیْہِ الحُمّیٰ: چوتھے

دن بخار آنا (رُبُوعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ(ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسّی بٹنا القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ. القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوعَة) الرَجلُ: چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّعَ. البَیْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔ رَابَعُوا. الحملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اُٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ. چوتھے سال میں داخل ہونا۔ القَوْمَ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا الابلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَجلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ. الرَجلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَربَّعَ. فی جُلُوسِه: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ (وارْتَبَعَ) الحَملُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا بالمَکَانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اُٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ. الرَملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ الشیْءَ: طاقت رکھنا۔

الرَبْعُ. س۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اُترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوع واَرْبُع واَرْبَاع (والرَبَع) میانہ قد۔

الرُبْع والرُبُع. چوتھائی ج ارباع و رُبُوع۔

الرُبَع. اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مالهُمْ رُبَع ولا هُبَع"، ج: رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة۔

ج رُبَعَات و رِبَاع۔

الرِبْع. تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِبْع: چوتھیا بخار۔

الرابع. فا. چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِع: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ روابع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاع. چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَبْعَة. میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعات و رَبَعات. عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتح العَطّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَبَاع. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ علیٰ رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَبَاعَة والرِبَاعَة. اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْهِم مَنْ یَضبطُ رَبَاعَتَهٗ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْم رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلَّا فُلَان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَومِه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَبَاعِیَه. سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیَات۔

الرَبَاعِی. وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و اَرْبَاع. مؤنث رَبَاعِیَة ج رَبَاعِیَات۔

الرُبَاعِیُّ. چار سے مرکب۔

الرَبِیْع. ج اَرْبِعَة ورِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ"، فراخی اور ارزانی کا موسم بہار

ج اَرْبِعَاء ورُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ج رُبُع: چوتھائی۔

الرِبْعِیُّ. مِنَ المَسَاکِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَبِیْعَة. پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَوْبَع. کمزور۔ کمینہ۔

الرَوْبَعَة. پست قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچّوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَة. چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِیَاحُ الاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الاَرْبَع: چارپائے۔

اُمُّ اَرْبَع واَرْبَعِیْن. ایک قسم کا کیڑا۔

الاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبِعَاوَان. ج اَرْبِعَاءَات واَرْبِعَاوَات. قَعَدَ (الاُرْبُعَاء والاُرْبُعَاوَیٰ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن. چالیس۔

المَرْبَع. موسم بہار کی بارش (والمُرتَبَع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

المِرْبَع والمِرْبَعَة. لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع. موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

المُرْبَع. چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع. چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے

١٦=٤x٤=٤٠

المِرْبَاع. وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(والمُرتَبِع والمَرْبُوع) درمیانہ قد۔

المَرَابِيع. ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔
اليَرْبُوع. ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيع.
رَبَغَ (ف) رَبْغًا. القَوْمُ فِي النعِيم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِغَ (س) رَبَغًا. عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہوناالرَجُلُ. بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)
رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً. بہت ہونا۔
الاَرْبَغ. کثیر و کشادہ۔
رَبَقَه (ن ض) رَبْقًا و رَبَّقَهُ. پھندے سے باندھناه فِي الاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔
ورَبَّقَ الكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَجُلُ اَثْنَاءَ حَبْلِه واَرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔
تَرَبَّقَهُ. لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَيءَ فِي عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَةِ: لٹکانافِي الاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِي حَبَالَتِهٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِبْق. پھندوں والی رسّی۔
الرِبْقَة والرُبْقَة. رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق واَرْبَاق. کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهُ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واَكَلُوا الرِبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَبِيْق. پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
المُرَبَّقَة. چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
التَرْبِيق. بکری باندھنے کی رسّی۔
رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَيءَ: ملانا۔
الرَبِيْكَة: گارا بناناه: کیچڑ میں گرانا۔
رَبِكَ (س)رَبَكًا. پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيْكٌ)
اِرْتَبَكَ. فِي الوَحلِ: کیچڑ میں گرنا فِي الاَمْرِ: پھنس کے رہ جانا فِي كَلَامِهٖ: رُک رُک کے گفتگو کرنا الصَيْدُ فى الحِبَالَة: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا الاَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرْبَاكَ اِرْبِيْكَاكًا. رَايُه: رائے کا گڑبڑ ہو جاناالرَجُلُ عَنِ الاَمْرِ: کام سے رک جانا۔
الرَبِيْكَة. گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاه بِرَبِيْكَة" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (والربيك والرَبُوك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔
الاَرْبَك. مِنَ الابل: کالا اونٹ۔
رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ واَرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ. بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔
تَرَابَلَ. لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ. موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہوناجِسْمُه: پھولنا الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ. مَالُه: بہت ہونا۔
الرَبْل. موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل.
الرَبَل. بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَبْلَة والرَبَلَة. ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات.
الرِبْيَل. تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَبَالَة والرَبِيْلَة. گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَال" ة وہ موٹائی کے بعد دبلا ہوگیا۔ الرَبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِيْبَال. لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل.
المِرْبَال. بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرَبِيْل. ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
اَرْبَنَه. بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ. جہاز کا کپتان ہونا السَفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرَبُوْن او الاُرْبُوْن والاُرْبَان. بیعانہ۔
الرُبَّان والرُبَّانِي. جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و ربابِين. رُبَّانُ كُلِّ شيءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرِبَّابَةٍ" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْا رِبَاءً ورُبُوًّا. المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا الرَابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔
(رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔
(رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ و رَبِيْتُ رَبَاءً ورَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً و تَرَبَّى. الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُفَّاحَ بالسُّكَرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً. سود پر مال دینا۔
الرَجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَى اِرْبَاءً. سود لیناالشَيءَ: بڑھاناه: اُمید دلانا (عَلَيْه فِي كَذَا وارْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِبَا. زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے-رِبَوِيّ.
الرَّبَا. زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلانٍ عَلَيَّ رَبَاء" فلاں کا میرے اوپر

احسان ہے۔

الرَّابِيَة ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًى و رِبًى ٹیلہ۔

الرَّبْوَة. عِنْدَ الحُسَّاب: دس لاکھ۔

الرِّبْوَة. بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى.

الرُّبَيَّة: حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاة والرَّبَاوَة بتثلیث: ٹیلہ۔

الرَّبْوُ: ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء. الرَّبْو والرَّبْوَةُ عِنْدَ الاطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِيَّة. اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ اُرْبِيَّة قَوْمِه" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتًّا. ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ) وصفت مؤنث (رَتَّاء ورُتّى) ج رُتٌّ.

اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الرَّتُّ. سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة. الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت. کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّة. ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی(?)۔

رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا. گلا گھونٹنا العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا فِيْ المَكَانِ: اقامت کرنا الرَّجُلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ. رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوبًا. الشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهُ. ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَبَ. سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ. ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الرَّتَبُ. سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (والرَّتَبُ) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة. مرتبہ۔ ج رُتَب.

التُّرْتُب والتُّرْتَب. قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔

التُّرْتُبَّة. راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الرَّاتِب. فا. عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ والرَّاتِبُ عِنْدَ المحدِثِيْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب. الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة. درجہ۔ اعلی درجہ۔ ج مَرَاتِب.

رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

اَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔
الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔
الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔
البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واُسْتُرْتِجَ. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتَجُ والرِّتَاج. [illegible]۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكَّة (رَتَج) [illegible]۔ مَالٌ رَتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة چٹان۔ ج رَتَائِج.

(والمَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج.

المِرْتَاج. تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا بالمَكَانِ: اقامت کرنا مِنَ الخَيْرِ: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا. آسودہ زندگی بسر کرنا۔ فِي المكان: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتَّع و رُتُع ورِتَاع ورُتُوْع و رَاتِعُوْن. رَتَعَ فِيْ مَالِ فُلَان: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ فِيْ لَحْمِ فُلَان: غیبت کرنا۔

اَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا الاَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا
الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔
الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَة. سبزے کی کثرت۔ اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِي القَيْدُ والرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ كَلأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لیے کافی گھاس۔

الاَرْتَاع. مِنَ النَّاس: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاس" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرَّتَّاع. سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِع. آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَع. چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔
الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ و "رَتَقَ فَتْقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان

صلح کرادی الشیَٔ: بند کرنا۔
اِرْتَتَق. الشیُٔ: جڑ جانا۔
الرِتَاق. دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔
الرِتَقَة. انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُتُوْق. عزت و شرف۔
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا البَعِيْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
اَرْتَكَ: البَعِير: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ اَرْتَكَ الضِحكَ: آہستہ ہنسنا۔
المَرْتَك. مرداسنگ۔
رَتِلَ (س) رَتَلًا. الشیُٔ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)
رَتَّلَ. الکَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔ القُرْآن: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔
تَرَتَّلَ. فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔
الرَتَل. س۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "کَلَامٌ رَتَلٌ"، خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغْرٌرَتَلٌ: خوبصورت ہموار دانت۔
التَرْتِيْل. پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرفف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرْتَل. اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔
الرُتَيْلاء. کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی، مکھی وغیرہ۔ ج رُتَيْلاوات. ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَہٗ (ض) رَتْمًا. توڑنا یا کوٹنافِي بَنِي فُلَان: پرورش پانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَارَتَم بِكَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (رَتِيْمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرْتَمَ وتَرَتَّمَ وارْتَتَمَ. یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَيْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا۔
الرَتَم. ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتْمَةٌ)
الرَتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُتَام. بوسیدہ۔
الرَتَمَة. ج رَتَم ورِتَامٌ و (الرَتِيْمَة) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الرَتِيْم. آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامیٰ.
شَرٌّ (تُرْتُم و تُرْتَمٌ) دائمی فساد۔
رَتَنَ (ن) رَتْنًا. الشَحْم بالعَجِيْن: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔ رَتَاہ يَرْتُوْہ رَتْوًا. ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَلْبَ: دل کو قوی کرناہ اِلَيْہ: ملانا۔ الدَلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا۔ (رَتْوًا ورَتُوًّا) بِرَاْسِہ: سر سے اشارہ کرنا الرَجُلُ: قدم رکھنا۔
رُتِيَ. فِي ذَرْعِہ: سست بازو ہونا۔
الرَتْوَة. قدم ز بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا و بَيْنَهُمْ رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَاتِي. دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ (ض) رَثَاثَةً ورُثُوْثَة. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث.
اَرَثَّ اِرْثَاثًا. الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْتُثَّ. زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)
الرَثُّ. س۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث. کہا جاتا ہے "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ"، یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ. بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَثِيْث. بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔
الرِثَّة. گھر کا ردی سامان۔ ج رِثث و رِثَاث. کمزور لوگ۔
الرَثَاثَة. س۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ (ف) رَثْأً. اللَبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا الشیَٔ بالشیِٔ: ملانا غَضَبَہٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَأَ وارْتَثَأَ. اللَبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
اِرْتَثَأَ في رَايِہ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔
اِرْتَثَأَ عَلَيْهِمُ الاَمْرُ: گڑ بڑ ہونا۔ اِرْتَثَأ.
الرَثِيْئَة: دہی پینا۔
الرَثْءُ والرَثَأَة. بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الرَثِيْئَة. رَثَأَ اللَبَنَ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ (ن) رَثْدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِيْدٌ و مَرْثُوْدٌ)
رَثِدَ (س) رَثْدًا وارْثَدَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَر حَتیٰ اَرْثَدَ" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔
الرِثْد والرِثْدَة. لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الرَثَد. ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَيْتِ: گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَد والمَرْثِد. فیاض و سخی مرد۔
المَرْثَدُ: شیر۔
رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا وارْثَطَ وتَرَثَّطَ. فِي قُعُوْدِہ: نشست میں جھکے رہنا۔
رَثِعَ (س) رَثَعًا. بہت حریص و لالچی

ہونا۔ صفت (رَثِعٌ)ج رَثِعُوْن.
اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المَطَرُ: لگاتار برسنا
فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا۔ الشَعْرُ: بال
کا لٹکنا۔
رَثَم(ض) رَثْمًا. الانف: ناک توڑ کر
خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْم و
مَرْثُوْمٌ)
رَثِم(س) رَثَمًا واِرْثَمَّ. الفَرَسُ: ناک
کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت
مذکر (رَثِمٌ واَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَةٌ
وَرَثْمَاءُ)ج رُثْمٌ.
الرَثَم والرُثْمَة. گھوڑے کی ناک کے
کنارے کا سفید داغ۔
الرَثْمَة. ہلکی بارش۔ ج رِثَام.
المَرْثِم والمِرْثَم. ناک۔ ج مَراثِم.
رَثَّن تَرْثِیْنًا. اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَثَان. لگاتار بارش۔
اَرْضٌ (مَرْثُوْنَةٌ و مُرَثَّنَةٌ) بارش شدہ
زمین۔
رَثَایَرْثُوْ رَثْوًا ورَثَیٰ یَرْثِی رثیًا ورَثَاءً
ورَثَایَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِیَةً. المَیِّتَ: رونا اور
محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رثی لَهٗ: رحم کرنا۔
رَثَیٰ یرثی رِثَایَةً. عَنْه حَدِیْثًا: یاد کرنا۔
رَثِی یَرْثیٰ رَثی ورَثْیًا. جوڑوں کے درد
والا ہونا۔
رَثَّی و تَرَثَّیٰ. المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار
کرنا۔
الرَثَّائَة والرَثَّایَة. نوحہ کرنے والی
عورت۔
الرَثْیَة. جوڑوں کا درد (والرِثْیَة)
کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔
المَرْثَاة والمَرْثِیَة. وہ اشعار وغیرہ جس
میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔
مَراثٍ و "اَلْمَرَاثِی السَبْع" عرب کے
سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رَجُلٌ (مَرْثوٌ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَثوُ. دہی۔
رَجَّ(ن) رَجًّا. ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّهٗ(ن) ورَجَّ رَجًّا. ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا الکلامُ: ملتبس
ہونا۔
الرَجَّة. حرکت۔ رَجَّةُ القَوم: لوگوں کی
آواز کا اختلاط۔
رَجَاجُ. الغنم او الناس: کمزور و لاغر۔
کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَةٌ" لاغر بھیڑ۔
نَاقَةٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس
کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ. الاَمرَ: کام کا متوخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ
الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔
الصَائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ(ن) رَجْبًا. مِنْهُ: شرم کرنا۔
رَجَبه بکلام سَیِّئٍ: تہمت لگانا (رَجَبًا و
رُجُوْبًا واَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم
کرنا۔ رَجِبه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَه. ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَخلةَ: درخت
خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔
اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُها المَحکَكُ
وعُذَیْقُهَا المُرجَّبُ" اس قول میں
جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذْق کی تصغیر
ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی
پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے
خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور
مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ
سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَجُلُ:
رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ. خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا
الرَجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَب. قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج
اَرْجَاب ورُجُوب ورِجَاب. کہا جاتا ہے
"اَجَّلْتُكَ اِلیٰ سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے
تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی
مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُجْبَة. سہارا جو کھجور کے درخت کے
لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج
رُجَب.
الرَاجِبَة. انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج
رَوَاجِب.
الاَرْجَاب. آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّب. خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا ورُجُوحًا.
المیزانُ: جھکنا الرَایُ: غالب ہونا۔
ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔
دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ہ بِیَدِہٖ:
ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجَاحَةً)
حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهٗ واَرْجَحَهٗ. جھکا دینا۔ بوجھل کر
دینا۔ رَجَّحَ واَرْجَحَ لَهٗ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَه. جھکنے میں غالب ہونے کے لیے
مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ. الرَایُ عِنْدَہٗ: غالب و برتر ہونا
فِی القَوْل: مائل ہونا الشیُٔ: ہلنا
الاُرْجُوْحَة بِه: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ. فِی الاُرْجُوْحَةِ: جھولے میں
جھکنا الابلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُجُح. مِنَ الجفان: بھرے ہوئے
بڑے پیالے مِنَ الکَتَائِب. لشکر گراں۔
الاُرْجُوْحَةُ. ج اَرَاجِیْح (لرُجَاحَة و
الرُجَّاحَة والمَرْجُوْحَة) جھولا۔
الاَرَاجِیْح. بیابان۔ آہستہ قدم سے
دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَة (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجَادًا. خوشوں کو کھلیان میں
لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)
اِعْتَرَاجِحَة اَوالتَبَایِنَةُ العَدَدِیَّة: (علم جبرا)
دو مخالف عدد کا مجموعہ: ۴ + ۹۲۶-۱
رُجِدَ رَجْدًا ورُجِّدَ واُرْجِدَ. کانپنا۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا. رجز پڑھنا۔ صفت
(رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِه: کسی
کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صاحبہ برجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ رجز پڑھنا الرَّعْدُ بلگاتار گڑگڑانا السَّحَابُ بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ رجز پڑھنا الرَّعْدَ بلگاتار گڑگڑانا بِفُلاَنٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا الرَّجَزَ فِي الْقِتَالِ بلڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ. الْقَوْمُ برجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْز والرِّجْز گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز بگناہ۔

الرَّجَز. اوزانِ شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرِّجَازَة. عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الْاُرْجُوْزَة. بحرِ رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز.

الْاَرْجَز رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض). رَجْسًا. الْبَعِيرُ: اونٹ کا آواز کرنا السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔

فلانًا عَنِ الْاَمْرِ: بروکنا (وارْجس) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً. برا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ. السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ الْبِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجس والرَّجَس والرَّجِس. گندگی، پلیدگی۔ الرِّجس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس. سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ اوسَحاب رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بَعِيرٌ رَجُوْسٌ مِرجس: تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

المِرْجَاس پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجوسَة فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعَةً. ورُجْعَى ورُجْعَانًا واپس آنا۔ لوٹنا۔ (رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الكَلاَمُ فِيْهِ فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيْهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِي الدابَّةِ چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدَه عَلَى بَدْئِه" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا الشَّيْئَ عَنه او اِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (رُجُوْعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ. فِي صَوْتِه: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (وتَرَجَّعَ) فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا رَجَّعَتِ الدابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةُ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهٗ. فِي الْاَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ہ الكَلاَمَ: دوبارہ گفتگو کرانا الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَهٗ. رد کرنا۔ پھیرنا الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا الرَّجُلُ فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا اللّٰهُ بَيْعَتَه: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ. النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَى الشَّيْئِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهٗ: واپس کرنا۔ المَرْاَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيْمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَيْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ. الْقَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا الْقَوْمُ الْكَلاَمَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ. مِنْهُ الشَّيْئَ: واپس لینا فِي الْمُصِيْبَةِ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا۔ الحَمَامُ فِي غِنَائِه: کبوتری کا گٹ کری کرنا۔

الرَّجْع. خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان ورِجْعَان. الرَّجْعُ: لید مِنَ الْاَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِه" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز باز گشت۔

الرَّجِيْع. مِنَ الكَلاَمِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيْرٌ رَجِيْعٌ. سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع. دَابَّةٌ رَجِيْعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع. فا. عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع.

الرِّجْعَة. رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَة واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان و الرُّجُوْعَة. خط کا جواب۔ المَرْجِع. لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوْع والمَرْجُوْعَة. خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا الْبَيْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع. مِن النِساء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو۔

الرِجَاع. مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَة ورُجُع.

رَجَفَهُ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا ورَجِيْفًا. تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا الرَعْدُ: گڑگڑانا الاَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔

اَرْجَفَ. لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بُری خبروں کو پھیلانا القَوْمُ: بالشيُ وفيه: گھسنا الرِيْحُ الشَجَر: ہوا کا درخت کو ہلانا۔

اَرْجَفَتِ الْاَرْضُ. زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ. بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ. رَاسَه: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرجفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً"، وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَجْفَة. اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَاجِف. فا. جوڑی والا بخار۔

الرَاجِفَة. قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ.

الرَجَّاف. بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الاَرَاجِيْف. گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِيْفُ كَثُرتِ الْاَرَاجِيْف"، جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں۔

التَرْجَاف. اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا. الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچّے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا. پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا الدَابَةُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَعرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا۔ الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچّے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَهُ. قوی کرنا الشَعَر: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَهُ. مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچّے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ. سواری سے اُتر کر پیدل چلنا المَرْأَةُ: مرد جیسی ہونا الشمسُ: آفتاب کا بلند ہونا البِئر وفي البِئر: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا الزَنَد: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ. دیگچی میں پکانا۔ الشَاةَ: ٹانگیں باندھنا ہ: پاؤں سے پکڑنا الزَنَد: پاؤں کے نیچے رکھنا الكَلَامَ: فی البدیہ کہنا۔ برَايِه: منفرد ہونا الرَجُلُ: پیدل چلنا۔ النَهَارُ: دن کا چڑھنا الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رجلَكَ"، اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَجْلِ. ـــ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجْلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِجْل. ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرْجَال. کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَائَت رِجْلُ دِفاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِك فِيْ رَجْلَ فُلَان"، یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِيْ عَلىٰ رِجْلٍ"، مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ. کھاڑی خلیج۔ رِجْلا السَهمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّار ورِجْلُ الجَوْزاء ورِجْلُ قَنْطُوْرَس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجْلًا ويُؤخِّرُ اُخْرَىٰ" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اُٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَجُل. مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال و رَجْلَة ورَجْلَة واَرَاجِل ورَجَالات. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِي الرِجَال"، فلاں کامل مرد ہے۔

الرَجَل. ـــ مِنَ الشَعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالىٰ.

الرَاجِل. پیدل چلنے والا۔ الرَجِلُ مِنَ الشَعْرِ: کم گھنگریالے بال۔

الرَاجِل. فا. پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل و رَجَّالَةٌ ورُجَّالٌ ورِجَالٌ ورَجَالىٰ ورَجَالىٰ و رُجْلَان. کہا جاتا ہے "جَائَتِ الخَيَّالَةُ والرَجَّالَة"، سوار و پیادے سب آئے۔ و "اَغَارَ عَلَيْهِم بِخَيْلِه و رَجَلِه" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد۔

الرِجْلَة. خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل.

الرُجْلَة. چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُجْلَةُ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَجُلَة. عورت۔

الرَجِيْل. ج۔ اَرْجِلَة واَرَاجِل واَرَاجِيْل: پیدل چلنے والا ج رَجْلَى ورُجالىٰ ورَجَالىٰ. بہت چلنے پر قادر۔ كَلَامٌ رَجِيلٌ: فی البديهه كلام. رَجُلٌ رَجِيلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مکان رَجِيْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فرسٌ رَجِيْل: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِيْل. شکاری لوگ۔

الرُجُوْلَة والرُجُوْلِيَّة والرَّجُوْلِيَّة و الرُجْلِيَّةُ. مردمی۔ مردانگی۔

الرَجْلَان. پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالىٰ و رَجَالىٰ و رَجْلىٰ. مؤنث رَجْلىٰ. ج رِجَال و رَجَالىٰ.

الاَرْجَل. مِنَ الدَّوَاب: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل. بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاء ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَرجِیْل. جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَراجِیْل. کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل. دیگ۔ کنگھی۔ ج مَراجِل.

المُرَجَّل. مِنَ النَسِیْج و نَحوِهٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل. مِنَ الثِیَاب: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ (مُرْجِل) لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ (ن) رَجْمًا. سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَجُلُ: انکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ یَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ. انکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بالغَیْب" اس نے انکل پچو باتیں کیں۔ القَبر: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً. ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ: مدافعت کرنا ٥ فِی الحَرْبِ او الکَلامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْ. ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکلام: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ. الشیءُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَجْم. دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم. الرَجْمُ: انکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بالغَیْبِ" انکل پچو۔ و صَارَ فُلانٌ رَجْمًا. فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَجَم. کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام.

الرُجْمَة الرَجْمَة. قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام.

الرَجِیْم. سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِجَام. کنوئیں کی مَن۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسّی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَةٌ)

المِرْجَم. مِنَ الرِجال: مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَم: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِیْثٌ (مُرَجَّم) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام. پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الْاِبِل: مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم. قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بالمَرَاجِم" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُوْنًا. بالمَکَان: اقامت کرنا۔ الحَیْوَانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ الدَابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فُلانًا: شرم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ النَاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَن. بالمَکَان: اقامت کرنا۔ الزُبَدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا۔ عَلَی القَوْمِ اَمْرُهُمْ. گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَجِیْن. مہلک زہر۔

الرَجِیْنَة. جماعت۔

المَرْجُوْنَة. خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ (ض) رَجْهًا. بلنا بالشیءَ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ. الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً. و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً. پُر امید ہونا الشیءَ: اُمید کرنا۔ خوف کرنا الرَجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِیَ (س) رَجًا. کلام سے رک جانا۔

رُجِیَ. عَلَیْهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجَّی و تَرَجَّی و اِرْتَجی. الشیءَ: امید کرنا۔ رَجَّی و اِرْتَجی فُلانًا: اُمید لگانا۔ و اِرْتَجی الشیءَ: خوف کرنا۔

اَرْجی. الاَمْرَ: مؤخر کرنا الصَیْدَ: نہ پانا۔

اَرْجی. البیر: کنوئیں کا مَن بنانا اَرْجَتِ النَاقَةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَجَا و الرَجَاء. کنارا۔ رَجَوا البئر: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَجَاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَجِیَّة. امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِیْ فِیْ فُلانٍ رَجِیَّة" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الْاُرْجِیَّة. جو چیز موخر و ملتوی کی جائے۔

الرَحَّة. سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَحَح. کھر کی چوڑائی۔

الرُحُح. چوڑے پیالے۔

الاَرَحّ. بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَحَّاء ج رُحّ.

رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً. المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِیْبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحبَکُمُ الاَمْرُ"، یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ. المَکَانَ: کشادہ کرنا به مَرْحَبَةً) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ. المَکَانُ: کشادہ ہونا المَکَانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ. کشادہ ہونا۔

الرَحْب. کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَحْبٌ و اَرْضٌ رَحْبَة" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "و رَحْبُ الصَدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا و "رَحْبُ

البَاع او الذِرَاع" فیاض۔ سخی۔
الرُحبیٰ. سب سے چوڑی پسلی۔
الرُحبیَان: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَحْبَة والرُحبَة. کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ مِنَ الدار: مکان کا صحن مِنَ الوَادِی. وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحْب ورَحْبَات ورَحَب ورَحَبات.
الرَحِیب. بہت کھانے والا۔
الترحَاب. خوش آمدید۔
رَحَائِبُ. النُجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیْبَة.
المَرْحَب. کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے"مَرْحَبًا بكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔و" مَرْحَبَكَ اللّٰه و مَسْهلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔"اَهْلًا و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے"لامَرْحَبًابكَ"
رَحْرَحَ. مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا الشَّیَٔ عَنْ فُلان: چھپانا الکلام: واضح کلام نہ کرنا۔
تَرَحْرَحَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
الرَحْرَح والمرَحْرَاح والرَحْرَحَان. پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے"عَیْشٌ رَحْرَحٌ ورَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔
رَحَضَ (ف) رَحْضًا وارْحَضَ.
الثَوْبَ: کپڑا دھونا۔
رُحِضَ. المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔
ارْتَحَضَ. الرَجُلُ: رسوا ہونا۔
ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَحْض: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔

الرُحَاض. پسینہ کی آمد۔
الرُحاضَة. وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔
الرُحَضَاء. بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کردے۔
الرَحِیْض. دھویا ہوا۔
المِرْحَاض. غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْباط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیْض.
المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة. کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔
الرُحَاق والرحِیْق. شراب۔ الرحِیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسبٌ رَحِیْق: بے داغ حسب۔ مِسْكٌ رَحِیْقٌ: خالص مشک۔
رَحَل (ف) رَحْلًا و رَحِیْلًا و تَرْحَالًا. عَنِ المَكَان: ترک وطن کرنا اِلیٰ المَكَان: منتقل ہونا البَعِیْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے"رَحَلْتُ لَهُ نَفْسی" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا بالسَّیْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا البلاد: پھرنا۔ گھومنا۔
رَحَّلَهُ. کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرنا الثَوْبَ: نقش و نگار کرنا۔
رَاحَلَهُ. کوچ کرنے میں مدد دینا۔
ارْحَلَ. سواری کے بہت جانور والا ہونا الدَابةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا فلانا: سواری دینا۔
الابِلَ او النَاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔
تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَكَان: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔
ارْتَحَلَ. عَنِ المَكَان: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔
الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔
اسْتَرْحَلَهُ. سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا النَاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَحْل. س کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرِ اِلیٰ رَحْلِه" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے"حَطَّ رَحْلَه والْقیٰ رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کرلی۔ ج رِحَالٌ وارْحُلٌ. الرِحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔
الرِحْلَة. کوچ۔ تم کہتے ہو"غدًا رحلتنا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔
الرُحْلَة. جہت سفر۔ تم کہتے ہو"دِمَشْقُ رُحْلَتُنا" ہماری جہت وسفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِم رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِیْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ ورِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔
الرَحِیْل. س کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِیْلٌ و نَاقَةٌ رَحِیْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔
الرَاحِل. فا. ج رَاحِلُوْن. ورُحَّل و رُحَّال.
الرَاحِلَة. مِنَ الابل: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ وا ونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَواحِل.
الرِحَالة. بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائل.
الاَرْحَل. مِنَ الخَیْلِ وَالشَاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔
الرَحَّال. کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة.
الرَحَّالَةُ. بہت سفر کرنے والا۔
الرَحُوْل. بہت منتقل ہونے والا۔
الرَاحُوْل. کجاوہ۔
المَرْحَلَة. مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَراحِل.
المُرْحِل. بہت سواری کے جانور والا۔
(والمِرْحَل) مِنَ الجَمَال: مضبوط و قوی۔
المُرَحَّل. مِنَ الابِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ مِنَ الثیاب: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا

کپڑا۔
مُرْتَحَل۔ البَعیر اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔
رَحِمَہٗ(س) رَحْمَۃً و مَرْحَمَۃً و رُحْمًا و رُحُمًا نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔
رَحِمَتْ(س) و رَحُمَتْ(ک) رَحْمًا و رَحَمًا و رَحَامَۃً و رُحِمَتِ۔ المَرْأۃُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْم و رَحِمَۃ و رَحْمَاء)
رَحَّم و تَرَحَّم۔ عَلَیْہِ: کسی کے متعلق "رَحِمَہُ اللّٰہ" کہنا۔
تَرَاحَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
اِسْتَرْحَمَہٗ مہربانی طلب کرنا۔
الرَحِم والرِحْم (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوْ الرَحِم" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحَام۔
الرُحَام بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرُحْمَۃ والرُحْمیٰ والرُحْم۔ نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔
الرَّحَمُوْت۔ بڑی مہربانی۔
الرَاحِم و الرَحُوْم مہربانی کرنے والا۔
الرَحِیْم۔ مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء۔ الرَحِیْم۔ اللّٰہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرَحْمٰن۔ مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔
المَرْحَمَۃ۔ مہربانی۔ ج مَرَاحِم۔
المُرَحَّم۔ جس پر مہربانی کی جائے (و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔
رَحَا یَرْحُوْ رَحْوًا و رَحیٰ یَرْحِیْ رَحْیًا و تَرَحّٰی۔ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَحیٰ: چکی چلانا۔
الرَحیٰ (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان و رَحَیَان ج اَرْحَاء و اَرْحِیَۃ و اَرْحٍ و رُحِیّ و رِحِیّ و اُرْحِیّ۔ الرَحیٰ: بینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَحیٰ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَہٗ بِاَرْحَائِہٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے نلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحَاء۔
المُرْحِیّ چکی ساز۔
المَرْحیٰ۔ گھمسان کا رن۔
رَخَّہٗ(ن) رَخًّا پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا۔ الشَرَابَ پانی ملانا۔
رَخَّ(ض) رَخًّا۔ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔
اَرَخَّ۔ فی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
اِرْتَخَّ۔ الرَجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔
الرَخّ نرمی۔ سہولت۔
الرُخّ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)
رُخَّۃ۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ و رِخَخَۃ۔
الرَخَاخ۔ نرم گھاس۔ عَیْشٌ رَخَاخ: آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَیْش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین۔
اَرْضٌ (رَخَّاء) نرم زمین۔ ج رَخَاخِیّ۔
الرَخْت زین۔ ج رُخُوْت۔ (جدید)
الرَخْرَخ و الرَخْرَاخ۔ پتلا گارا۔
تَرَخَّش و اِرْتَخَش۔ ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
الرَخْشَہ۔ اضطراب۔ حرکت۔
رَخُصَ۔ (ک) رُخْصًا۔ الشَیْئُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِیْص رَخَاصَۃً و رُخُوْصَۃً) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخْص و رَخِیْص) مؤنث رَخْصَۃ۔ ج رَخَائِص۔
رَخَّصَ۔ السِعْرَ: بھاؤ سستا کرنا لَہٗ کَذَا و فِیْ کَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔
اَرْخَصَہٗ۔ سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔
تَرَخَّصَ۔ فی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا فی کَذَا: اجازت دیا جانا۔
فی حَقِّہٖ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔
اِرْتَخَصَہٗ سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔
اِسْتَرْخَصَ۔ الشَیْئَ: سستا سمجھنا۔
الرُخْصَۃ و الرُخُصَۃ۔ تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَکَ فِی ھٰذَا الاَمْرِ رُخْصَۃٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔
مَوْتٌ (رَخِیْص) جلدی آنے والی موت۔
رَخَفَ(ن) رَخْفًا و رَخِفَ(س) رَخَفًا و رَخُفَ (ک) رَخَافَۃً و رُخُوْفَۃً۔ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ و رَاخِفٌ)
اَرْخَفَ۔ العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔
الرَخْف و الرَخْفَۃ۔ پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف۔
الرَخْفَۃ و الرَخْفُ۔ نرم و پتلا پتھر۔
الرِخْل و الرَخِل و الرِخْلَۃ۔ بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرْخُل و رُخَال و رِخَال و رِخْلَان و رِخَلَۃ و رِخْلَۃ۔
المُرْخِلُ بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔
رَخَمَ(ن) رَخْمًا و رَخُمَ(ک) رَخَامَۃً الصَوْتُ او الکَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔
صفت (رَخِیْم) الجَارِیَۃُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیْمَۃ و رَخِیْم)
رَخَمَتْ(ن) رَخْمًا و رَخَمًا و رَخْمَۃً۔ الدَجَاجَۃُ البَیْضَ و عَلَی البَیْضِ و (اَرْخَمَتْ) عَلَی البَیْضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِم و مُرْخِم و مُرْخِمَۃ)
رَخِمَت (ف ن) رَخْمًا و رَخْمَۃً و رَخَمَۃً المَرْاۃُ وَلَدَھَا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا و رَخَمَہٗ: مہربانی کرنا۔
رَخِمَ۔ رَحِمَ میں ایک لغت ہے۔
رَخَّمَ تَرْخِیْمًا۔ الشَیْئَ: دُم کاٹ دینا۔ اور

اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادیٰ ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَّجاجة: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَّخَم. مص گدھ۔ واحد (رَخمة) ج رُخم. نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُّخام. سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخامَة) کہتے ہیں۔

الرُّخامیٰ. نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْخَم. مِنَ الخَیْل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْماء ج رُخم.

التَرْخُوم والیَرْخُم والیَرْخُوم. نر گدھ۔

رَخِيَ (س) رَخًا و رِخوَةً و رَخُوَ (ک) رَخاوَةً. نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا صفت (رَخو و رُخو و رِخو)

رَخا (ن) و رَخِيَ (ف) و رَخِيَ (س) و رَخُوَ (ک) رَخاء العَیْش: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت رَاخٍ و رَخِيٌّ)

رَاخاهُ مُراخاةً. دور کرنا۔ جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرارَ یُراخِیْ الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی۔ الشَّیءَ: نرم کرنا۔ العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخِیْ خَناقَهٗ او رِباقَه" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔ رَاخَتِ المَرْاَةُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔

اَرْخیٰ اِرْخاءً. الشَّیءَ: نرم کرنا۔ الفَرَسَ ولِلْفَرَس: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَهُ الحَبْلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخیٰ عِمامَتَه" یعنی وہ مطمئن و مامون ہو گیا۔ دابَتَه: جانور کو آزادانہ چلنے دینا۔ زِمامَ النّاقةِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔

رَخّیٰ. الشَّیءَ بالشَّیءِ: ملانا۔

تَراخیٰ تَراخِیًا. عَنْه: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَراخَتِ السَّماءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی۔ تَراخیٰ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِیْ الاَمْرِ تَراخِیًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔

اِرْتَخیٰ واسْتَرْخیٰ. نرم ہونا۔ اسْتَرخت به حالُهٗ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی۔

الرَّخاء. مص فراخی زندگی۔

الرُّخاء. نرم ہونا۔

الاُرْخِیَّة. ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج اَراخِیّ.

المِرْخاء. تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَراخٍ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخاءٌ واَتانٌ مِرْخاءٌ"

رَدَّهٗ (ن) رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُوْدًا و رِدِّیْدیٰ. عَنْ کَذا: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ رَدَّ فُلانًا: خطاکار ٹھہرانا۔ الباب: بھیڑ دینا۔ عَلَیْهِ الشَّیءَ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔ اِلَیْهِ جَوابًا: جواب بھیجنا۔ اِلیٰ بَیْتِه: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یَرُدُّ هٰذا عَلَیْكَ شَیْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا۔ الشَّیءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَهُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔ رَدَّ القَولَ تَرْدادًا: بار بار دہرانا۔

رَدَّدَ. القَولَ: بمعنی رَدَّ القَوْل (تشدید کثرت کے لئے ہے)

رَادَّهٗ. الشَّیءَ: واپس کر دینا۔ فی الکَلامِ: بحث کرنا۔

اَرَدَّ. البَحْرُ: جوش میں آنا۔ الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا۔ الشّاةُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدٌّ)

تَرَدَّدَ. رد ہونا۔ فِی الاَمْرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا۔ اِلَیْهِ: بار بار آنا۔ و تَرادَّ فِی الجَوابِ: زبان کا لڑکھڑانا۔

تَرادَّا. البَیْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔ تَرادَّ الماءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔

اِرْتَدَّ. الشَّیءَ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا۔ عَلیٰ اَثَرِه او عَنْ طَرِیْقِه: لوٹنا۔ عَنْ دِیْنِه: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَنْ هِبَةٍ: ہبہ کو لوٹا لینا۔ اِلیٰ الصَّوابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔

اِسْتَرَدَّ. الشَّیءَ: واپس کرنے کو کہنا۔ و الشَّیءَ: واپسی چاہنا۔ الهِبَةَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔

الرَّدُّ. مص زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَیْعَةٌ کَثِیْرَةُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائیداد۔ شَیءٌ رَدٌّ ردی چیز۔ اَمْرٌ رَدٌّ: مخالف سنت کام۔ دِرْهَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنی مِنْ رُدُوْدِ الدَّراهِم" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔

الرِّدُّ. چیز کا سہارا۔

الرَّدِیٰ. طلاق دی ہوئی عورت۔

الرَّدَّة. رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فِی وَجْهِه رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بد صورتی ہے۔

الرِّدَّة. ارتداد کا اسم۔ ٹھوڑی کا پچکنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔

الرَّداد والرِّداد. واپسی۔

الرَّدِیْد. بادل جو برس چکا ہو۔

التَّرْداد. رد۔ تکرار۔

الاَرَدُّ. نافع تر۔

الرّادَّة والمَرَدَّة. فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لَا رادَّةَ اولَا مَرَدَّةَ فِیْه" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔

المِرَدُّ. فا۔ مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرادّ۔

المِرَدُّ. مِنَ الرِّجال: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔

المَرْدُوْد. مص زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔

المَرْدُوْدَة. مردود کامؤنث۔ استرا۔
المُرَدَّد. حیران وسرگشتہ۔
رَدَأَ(ف) رَدْأً. الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔ الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ رَدَأَهُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَةً. ردیٔ ہونا۔ صفت (رَدِیٔ)ج اَرْدِیَاء واَرْدِئَا.
اَرْدَأَ. بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا ہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا السِّتْرَ: لٹکانا الحَائِطَ: دیوار کو تھم لگانا فُلَانًا: تسکین دینا۔ برقرار رکھنا ہ عَلٰی مَائَةٍ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ. القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
الرِدْءُ. مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج اَرْدَاء.
تَرَدَّبَهُ. نرمی سے پیش آنا۔
الرَدْب. راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الاِرْدَبُّ. چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔ سطح زمین پر بہنے والی۔ ج اَرَادِبّ.
الاِرْدَبَّة. چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا. ثابت قدم رہنا۔ الشَّیٔ: زمین پر پھیلا کر رابر کرنا۔ (واَرْدَحَ) البَیْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ. الشَّیٔ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرِدْح. س ہلکا درد۔
الرَدَح. لمبی مدت کہا جاتا ہے "اَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ" اُس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَدَاح. بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ مِنَ الکِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج. رُدُح.
الرُدْحَة. خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَةُ الصَّائد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔
الرَدَاحَة والرِدَاحَة. بجو کے شکار کے لئے مکان۔
رَدَخَ(ف) رَدْخًا. رَاسَهُ: سر توڑنا۔

رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا. القَوْمَ: پتھر مارنا الحَائِطَ: گرانا، ڈھانا الرَّجُلَ: ذلیل کرنا الاَرْضَ: ہموار کرنا بالشَّیٔ: لے جانا الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ. ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّس. مِنْ مَکَانِهِ: گرنا۔ المِرْدَس والمِرْدَاس. پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْس ورِدِّیْس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهُ(ف) رَدْعًا. عَنْ کَذا: روکنا، ہٹانا ہ بالشَّیٔ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔ السَّهْمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ. رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَه. بِالزَعْفَرَان: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ. لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ. باز رہنا بالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَدْع. س گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَه" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَه" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرَدَاع. کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاع. جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَدِیْع. پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیْعٌ بزعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِیْعٌ و مِرْدَع) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع. محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
رَدَغَتْ(ف) رَدْغًا. السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الاَرْضَ: پٹک دینا۔
اَرْدَغَ. المَکَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغ. کیچڑ میں پڑنا۔
الرَدْغ والرِدَاغ. کیچڑ۔ گارا۔
الرَدْغَة والرَدَغَة. سخت کیچڑ۔ ج رَدْغ رَدَغ ورِدَاغ. ورَدَغَات. مَاءٌ رَدَغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَدِیغ. پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَة. گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پررونق باغ۔ ج مَرَادِغ.
رَدَفَهُ(ف) ورَدِفَ لَهُ(س) رَدْفًا. پیچھے ہونا۔ رَدَفَهُ و رَدِفَ له: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔ رَدِفَ الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ. ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
اَرْدَفَ. پے در پے ہونا ہ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ اَرْدَفَ الشَّیٔ و بالشَّیٔ و عَلَیْهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "اَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلٰی خَیْلٍ لِی" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کرلیا۔ اَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الکَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَهُ. پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهُ. پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهُ. پیچھے سوار کرنے کی درخواست

کرنا۔

الرِدْف. پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِي الجَاهِلِيَّة: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْداف.

الرِدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِدْفان: رات دن۔

الرِدْف والرِدَاف. مِنَ الدَابَة: جانور کا چوتڑ۔

الرَدِيْف. سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف ورُدَفَاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَدِيْف فِي اصْطِلَاح الجُنْدِيَة: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَادِفَة والرَادُوْف. رَوَادِف کا واحد ہے اور رَوَادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاكِب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ رَوَاكِبَ ورَوَادِف".

الرَوَادِف. سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِوَادِفَة. بادشاہ کی قائم مقامی۔

الرُدَافى. مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُدَافى" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَكَهٗ. آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَوْدَك. خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَكَة.

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الثلمة او الباب: رخنہ یا دروازہ بند کرنا القَوْسَ: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا البَعِيْر: چھونا۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الشيُّ: بہنا السَحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحمیٰ: ہمیشہ بخار رہنا الشَجَرَةُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔

رُدِمَ الشَيْءُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔

اَرْدَمَ. السَحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا الحُمّیٰ عَلَيْهِ: ہمیشہ بخار رہنا۔

رَدَّمَ. الثَوْبَ: پیوند لگانا النَاقَةُ عَلىٰ وَلَدِهَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔

تَرَدَّمَ. ثَوْبَه: کپڑے میں پیوند لگانا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔ الخُصُوْمَةُ: جھگڑے کا طویل ہونا ہ: درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا النَاقَةُ عَلىٰ وَلَدِهَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا القَوْمُ الأَرْضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

الرَدْمُ. س دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (والرُدَام والمَرْدَام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔

الرَدِم. رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم.

الرَدِيْم. مِنَ الثِيَاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم.

الاَرْدَم. ماہر ملاح۔ ج الاَرْدَمُوْن.

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

المُتَرَدَّم. پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدَّم" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ (ض) رَدْنًا. الاشياءَ: تہ بتہ رکھنا۔ المرأةُ: تکلے پر کاتنا النارَ: آگ سلگانا۔

رَدِنَ (س) رَدَنًا. الجلدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ وأَرْدَنَ. القميصَ: آستین لگانا۔

أُرْدِنَتِ الحمىٰ: بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَت. المرأةُ: تکلا بنانا۔

الرُدْن. آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم ودنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثقل ردنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدَان.

الرَدْن. س ہتھیار کی جھنکار۔

الرَدَن. سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان.

الرَادِن. فا. زعفران۔

احمر (رَادِنِي) سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن. ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔

الرُدَيْنِي. نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

المِرْدَن. تکلا۔

المُرْدِن. تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔

خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَهَ (ف) رَدْهًا. فلانا بحجر: سنگسار کرنا البَيْتَ: بڑا مکان بنانا۔

رَدُهَ. الرجلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

الرَدْهَة. پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْه ورِدَاه ورُدَه.

رَدَىٰ (ض) رَدْيًا ورَدْيَانًا. الشيَّ: توڑنا۔ ہ: دھکا دینا ہ بحجر: پتھر مارنا الفرسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔ الجاريةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا فلانٌ: جانا۔ تم کہتے ہو "ما اَدْرِي اَيْنَ رَدِيَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا فِي البِئْر: کنوئیں میں گرنا فلان: بلند پہاڑ سے گرنا عَلىٰ الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِهٖ: زائد ہونا۔

رَدِيَ (س) رَدًى. ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّىٰ. الرَجُلَ: ہلاک کرنا: چادر اڑھانا۔ ہ في البئر: کنوئیں میں گرانا مَالَهٗ: زیادہ ہونا عَلىٰ الخَمْسِيْن: زائد ہونا الفرسَ: کدانا۔

رَادَىٰ مُرَادَاة. الرَجُلَ: پھسلانا۔ نرمی برتنا عَنِ القَوْمِ: کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔

تَرَدَّىٰ. چادر اوڑھنا۔ تَرَدَّىٰ في البئر:

کنوئیں میں گرنا۔
اِرْتَدَیٰ. چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔
اِرْتَدَتِ الْجَارِيَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا۔
الرِدَاء. چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ جمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔ باعث زینت۔ باعث عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "هُو غَمْرُ الرِدَاء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِيْفُ الرِدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِيَة۔
الرِدَاءَة. بڑی چادر۔
الرَدَاة. چٹان۔ ج رَدًى.
الرَدِى. ہلاک ہونے والا۔
المِرْدَاة. لڑائی کا چکر۔ اور اسی سے ہے "طَحَنَتْهُ مِرْوَاةٌ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اُسے پیس کر رکھ دیا (والمِرْدَىٰ) بڑی چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر۔ ج مَرادِی.
المَرادِی: گھوڑے یا اُونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرادِی: ہاتھی۔
رَذَّت (ن) رَذَاذًا وَاَرَذَّت. السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وَاَرَذَّت القِرْبَةُ: بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ. پھوار۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَةً. قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُوْل ورُذُلُوْن و (رَذِيْل) ج رُذَلاء و رِذَال.
رَذَلَهُ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَهُ. حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ. بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ٥: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
الدَّرَاهِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَهُ. حقیر سمجھنا۔
الرُذَال. حقیر و کمینہ (والرُذَالَة) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَذِيْلَة. نالائقی۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل.

الاَرْذَل. اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل وَاَرْذَلُوْن.
المُرْذِل. رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س) رَذَمًا وَاَرْذَمَ. الاِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِمٌ) وَاَرْذَمَ عَلَىٰ الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمرِهِ: زائد ہونا۔
الرَذَم والرَذَمَان. مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَكَانَ فِي رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُذَام والرَذِم. کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَذُوْم. بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذَم.
اَلرَّزْمَةُ: اَلتَّوَافِقِيَّةُ (علم هندسة): چار سیدھے نقاط جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر پہنچے۔ اَللاَّ تَوَافِقِيَّة: پہلی قسم کی ضد۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَة واُرْذِی. بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیٌّ) رُذَاة. مؤنث رَذِيَّة.
اَرْذَاه. نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذَىٰ)
الرَذِیُّ. بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ (ن ض) رَزًّا. الجَرادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چھونا۔
السَّمَاءُ: گرجنا۔ ٥: نیزہ مارنا البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّهْمَ فی الحَائِط: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ. الجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چھونا۔
رَزَّزَ. الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ. السَّهْمُ فِي الحَائِط: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِيْلُ عِنْدَ المَسْئَلَةِ: بخیل کا

سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُزّ. چاول (اَرُزّ میں ایک لغت ہے)
الرِزُّ والرِزِّيْزَىٰ. دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَزَّة. زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز ورَزَّات ورِزَز.
الرِزَّة. پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَزَاز. سیسہ۔
الرَزَّاز. چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِيْز. کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَزِيْز. ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِيزُ الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔
المُرَزَّز. مِنَ الطَّعَامِ: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرَزَّة. چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ (ف) رَزْأً ورُزْأً و مَرْزِئَةً. الرَجلَ مَالَه: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ورَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزءَاَ. الرجلَ: بھلائی حاصل کرنا۔
اِرْتَزَاهُ الشَّيُّ: کم کرنا۔ و اِرْتَزَأَ الشَّيُّ: کم ہونا۔
الرُزْء. ج اَرْزَاء و (الرَزِيئة والرَزِيَّة) ج رَزَايَا: بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ. فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْنَ.
والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَة. بڑی مصیبت۔
رَزَبَهُ (ن) رَزْبًا. چمٹے رہنا۔
الاِرْزَبّ. چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَة والمِرْزَبَة. لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب.
المِرْزَاب. پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج

مَرَازِيْب.

اَلمَرْزُبَان. فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَة و (اَلمَرْزَبَة) فارسیوں کی سرداری۔

رَزَحَ(ف) رَزْحًا ورُزُوْحًا ورَزَاحًا. الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح الرَجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا الرَجُلَ بِالرُمْحِ: نیزہ مارنا (وَاَرْزَح) لعنبَ: گرے ہوئے انگور اُٹھانا (رَزَحَتْ وتَرَازَحَتْ) حاله: بُرا حال ہونا۔

رَزَّحَ. النَاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔

اِبلٌ (رَزَاحیٰ ورَزْحیٰ ورُزَّح ورَوَازِح) لاغر وکمزور اونٹ۔

اَلمَرْزَح. ہموار زمین۔

المِرْزَح والمِرْزَحَة. انگور کی بیل کو زمین سے اُٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح.

المِرزَح: آواز.

المِرْزَاح. مِنَ الابلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو ہلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِيح.

رَزَخَهُ (ف) رَزْخًا. بِالرُمْحِ: نیزہ چبھونا۔

الرَزْدَق. لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)

الرُزْدَاق. دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ ج رُزْدَاقات ورَزَادِيْق.

اَرْزَغَ. المَاءُ: پانی کم ہونا المَكَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا ناک مٹی تک پہنچنا المَطَرُ الاَرْضَ: بارش کا زمین کو تر کر دینا الرَجُلَ: عیب سے آلودہ کرنا فِيْ فُلَان: بہت تکلیف پہنچانا، حقارت کرنا، عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا۔

رَازَغَه. کشتی کرنا اور فریب دینا۔

اِسْتَرْزَغَة. کمزور سمجھنا۔

الرَزَغَة. پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ.

الرَزَغ: تری۔

الرَزِغ والرَازِغ. کیچڑ میں پھنسا ہوا۔

رَزَفَ (ض) رَزِيْفًا و رَزَّفَ واَرْزَفَ اِلَيْهِ: آگے بڑھنا الجملُ: اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْرُ: قریب ہونا۔ اَرْزَفَ النَاقَةَ: ڈُلکی چلانا۔ اُرْزِفَ القَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔

نَاقَةٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم، تیز رفتار اونٹنی۔

رَزَّافَاتُ. البَلَد: شہر کے قریب کی جگہیں۔

رَزَقَهُ(ن) رَزْقًا. روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَه الله الغنى" اللہ اسے تونگری دے۔

رُزِقَ. روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔

اِرْتَزَقَهُ. روزی مانگنا الجُنْدُ: روزی لینا۔

اِسْتَرْزَقَهُ. روزی مانگنا۔

الرِزْق. روزی۔ ج اَرْزَاق. بارش۔

الرِزْقُ الحَسَن: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (والرَزْقة) ج رَزَقات. سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رِزْقَةَ هٰذا الشَهْرِ او هٰذا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔

الرَّازِقِيُّ. کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔

الرَّازِقِيَّة. کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔

الرَزَّاق. روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)

المُرْتَزِق. مف۔ جس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

المُرْتَزِقَة. وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کرلی ہو۔

المَرْزُوْق. مف خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن ح) رَزْمًا. الشيْءَ: جمع کر کے باندھنا بِالشَيْ: پکڑنا علىٰ عَدُوِّة: دُشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا الرَجُلُ: مرنا الاُمُّ بِه: جننا۔

رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا ورُزَامًا. البَعِيرُ. اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (رَزْمَةٌ) الشِتَاءُ: سرد ہونا۔

رَزَّمَ. الثِيَابَ: کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔ القَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔

رَازَمَ. بَيْنَهُمَا: جمع کرنا فِي المَطَاعِم: بدل بدل کر کھانا کھانا الدَارَ: دیر تک رہنا۔

اَرْزَمَ. الرَعْدُ: سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَاقَةُ: بچّہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لا اَفْعَلُهُ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حائلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔

اِرْزَأَمَّ اِرْزِيْمَامًا. غضبناک ہونا۔

الرَزْمَة. دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

الرِزْمَة. مِنَ الثِيَابِ وغَيْرِها: گٹھری۔ ج رِزَم.

الرَزَمَة. بچّے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچّہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر مُنہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَيْرَ فِيْ رَزَمَةٍ لَا دِرَّةَ فِيْهَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔

غَيْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔

الرِزَام. سخت مرد۔ ج رُزَّم.

اَسَدٌ (رَزَامَةٌ ورَزَامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَزِيْم. شیر کی گونج۔

الرَزَّام والمُرْزِم. اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِالمُرْتَزِمِ"

المِرْزَم. گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی۔

اُمُّ المِرْزَم: بادِ شمالی یا مطلقًا ہوا۔

المِرْزَمَان. دو ستارے جو دونوں شعریٰ کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَيْرَ فِي الزَمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ

میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ(ن) رَزْنًا. الشیءَ ہاتھ سے اُٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا بالمکانِ اقامت کرنا۔
رَزُنَ(ک) رَزَانَةً سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ. الرجلَ دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔
تَرَازَنَا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ. فی الامرِ اوفی مَجلِسِہٖ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الرَزْن والرِزْن بلند جگہ جس میں پانی رُک جائے۔ ج رُزُن ورِزَان وَاَرْزَان. الرزْن: کنارہ۔
الرِزْنَة پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان.
الاَرْزَن سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَزِیْن ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَزِیْنُ الرَایِ"
الرَوْزَنَة روشن دان۔ ج رَوَازِن.
رَزَیٰ(ض) رَزْیًا. فُلَانًا: احسان قبول کرنا۔
اَرْزَیٰ اِرْزَاءً. اِلَیْہِ وَاَرْزَیٰ اِلَیْہ ظَھْرَہ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ(ن) رَسًّا. البئرَ: کنواں کھودنا الشیءَ: دھنسانا لَہُ الخبرَ: بیان کرنا المیّتَ: میت کو دفن کرنا خبرَھم: معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا (ضد) رَسًّا ورَسِیْسًا وَاَرَسَّ السقمُ فی جسدہٖ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہ مُرَاسَّةً. بالامرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ. القومُ الخبرَ رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ. الخبرُ فی الناسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔
الرَسّ بمعنی پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بہ رَسُّ حُمّی" اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بلغنی رَسٌّ من الخبرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرَسَّة مضبوط ستون۔
الرُسَّة والاُرْسُوْسَة ٹوپی۔
الرَسِیْس بمعنی ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ رِیحٌ رَسِیْسٌ نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمّی: بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔
الرُسَیٰ ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ(ن وک) رُسُوْبًا و رَسْبًا. الشیءُ فی الماءِ: تہ نشین ہونا العَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَہ نیچے اُتارنا۔
الرَاسِب والرَسُوْب. من الرجال: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرُسَب والرَسَب والرَسُوْب و المِرْسَب. من السُیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔
الرَوَاسِب سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔
الرَوْسَب بلا۔ مصیبت۔
رَسِحَ(س) رَسَحًا. دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَح) صفت مؤنث (رَسْحَاء) ج رُسْحٌ. اِمْرَأةٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
اَرْسَحَہ لاغر کرنا۔
رَسَخَ(ن) رُسُوْخًا. گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْرُ فی الصحیفةِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "ورَسَخَ العِلْمُ فی القلبِ" علم دل میں جاگزیں ہوگیا۔ و فُلانٌ رَاسِخٌ فی العِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے الغدیرُ: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔
اَرْسَخَہ گاڑ دینا، ثابت کرنا، مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ. فی التقی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الرَسْدَق والرُسْدَاق بمعنی الرَزْدَق والرُزْدَاق.
رَسَعَ(ف) رَسْعًا. العضوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا عَیْنُہ: چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا الصبیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ(س) رَسَعًا خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَع) عَیْنُہ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاء) بہ الشیءُ: چمٹنا۔
رَسَّعَ خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا الشیءَ: چپکانا السَیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا الصبیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِسَاعَة ج رَسَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرُسُوْع کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَسِیْع چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔
رَسَغَ(ن) رَسْغًا. البعیرَ: اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسّی باندھنا۔
رَسَّغَ. المطرُ: ٹخنے تک برسنا العیشَ: وسیع کرنا الکلامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَغَہ گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسَغَ. علیٰ عیالہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا۔
الرُسْغ والرُسُغ. گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ وَاَرْسُغ.
الرَسِیْغ. من العیشِ: کشادہ زندگی۔ من الطعامِ: بہت خوراک۔
الرِسَاغ وہ رسّی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
المُرَسَّغ. من الآراءِ: کمزور و نادرست

رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِيْفًا و رَسَفَانًا۔ پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ. الدَّابَةَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ. الشَّيُّ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا ورَسَالَةً. الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا البَعِيْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ. فِي القِرأَةِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا الْفُصْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَهٗ. فِيْ وعَلىٰ وبِالْاَمْرِ: خط و کتابت کرنا۔ رَاسَلَهٗ الغِنَاءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَهٗ. بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ القَوْلَ: بلا قید بولنا فلَانًا عَلَيْهِ: مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بِهٖ اِلَيْهِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا قوله مثلًا: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ. نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعویٰ کرنا فی الرکوب: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا فی القُعُوْدِ: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چارزانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ. القَوْمُ: باہم خط و کتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ. الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔ لٹکنا الشَّيُّ: نرم ہونا اِلَيْهِ: بے تکلفی برتنا فی الکَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرِّسْلُ. مِنَ السَّيْرِ: نرم چال مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال مِنَ الاِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْلُ. نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج رِسَال. الرِّسَالُ: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْلُ والرِّسْلَةُ) آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلىٰ رِسْلِكَ يَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ۔

الرِّسْلَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُ وا رِسْلَةً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَلُ. س۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَال.

اَلرَّسُوْلِي عیسائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔

الرَّسْلَةُ. کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسْلَةٌ نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَةُ: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَةُ والرَّسَالَةُ. پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل ورَسَالَات.

الرَّسُوْلُ. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسْل ورُسُل واَرْسُل ورُسَلَاء. الرُّسُلُ: چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِيْلُ. بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ میٹھا پانی۔ ج اَرْسُل ورُسُل ورُسَلَاء.

الرُّسَيْلَةُ. الرِّسْلَةُ کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى الكَلَامَ عَلىٰ رُسَيْلَاتِهٖ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔

المُرْسَلَةُ. لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات. المُرْسَلَاتُ: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

المِرْسَالُ. چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِيْل.

رَسَمَ (ن) رَسْمًا. المطرُ الدِّيَارَ: مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔ لَهٗ کذا: حکم دینا عَلىٰ کذا: لکھنا الکتابَ: لکھنا نَحْوَهٗ: دوڑتے ہوئے جانا ه الاسقفَ: گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "الرِّسَامَةُ" ہے۔

رَسَمَ (ص) رَسِيْمًا. البعيرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّمَ. الثَّوْبَ: دھاری دار بنانا (وَارْسَمَ) النَّاقَةَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔

تَرَسَّمَ. الدَّارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا الشَّيُّ: یاد کرنا البَانِيُّ و الحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ. الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهٗ كَذَا فَارْتَسَمَهٗ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا لِلّٰهِ تعالیٰ: تکبیر کہنا اور دعا کرنا الرَّجُلُ: گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

الرَّسْمُ. س۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَىٰ وُدَّكُمْ رَسْمًا ووُدِّيْ حَقِيْقَةً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْم واَرْسُم. معاملہ عِنْدَ اَهْلِ الجِبَايَةِ: ٹیکس۔

اَلرَّسْمُ منظر کشی۔ حقیقت کے خلاف ڈرامہ وغیرہ۔

الرَّاسِمُ فا۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَّسِمُ رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوْمُ. ج رَوَاسِيْم و (الرَّوْسَمُ) ج رَوَاسِم: مہر۔ مٹکے وغیرہ پر (قومہ) مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلہ کے ڈھیر پر قومہ مہر کی جائے۔ الرَّوْسَمُ: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِمُ: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم ورَاسِمَة)

المَرْسُوْمُ مفع۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِيْم.

الرَّسَّامُ نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَّسَمَان والمِرْسَم زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا وَاَرْسَنَ. الدَّابَةَ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ واَرْسَنَ الدَّابَةَ: جانور کو چرنے کیلئے آزاد

چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمیٰ بِرَسَنِهٖ عَلیٰ غَارِبِهٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔

اَرْسَنَ المُهرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَّسَن. جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج اَرْسَان واَرْسُن.

المَرْسِن والمَرْسَن. مِنَ الدَابَةِ: رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن. ناک۔

رَسَا يَرْسُو رَسْوًا ورُسُوًّا. ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راسٍ) صفت مؤنث (راسِيَة) ج رَوَاسٍ وراسِيَات.

رَسَتِ السَفِيْنَةُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَيْنَ القَوْمِ: صلح کرانا عَنْهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا الصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔

رَاسیٰ. ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسیٰ اِرْسَاءً. الشَّيْئُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا السَّفِيْنَةَ: کشتی کو لنگر انداز کرنا الوَتِدَ فِي الاَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔

الرِّسْوُ. خبر کا ایک حصہ۔

الرَّاسِي. فا. قِدْرٌ رَاسِيَةٌ: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَّوَاسِيْ. مضبوط پہاڑ۔

الرَّسِيُّ. ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا کھم۔

المَرْسیٰ. بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ.

المُرْسیٰ. مص. باری تعالیٰ کے قول "يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"

المِرْسَاة. کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ. کہا جاتا ہے "اَلْقیٰ مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "واَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِيَهَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا وتَرْشَاشًا. المَاءَ: پانی چھڑکنا السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الشَّيْئَ: دھونا۔

اَرَشَّتِ. السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا الطَّعْنَةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا الشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ. عَلَيْهِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔

الرَّشُّ. مص. پھوار۔ ج رِشَاش. تکلیف دہ مار۔

الرَّشَاش. پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّة. پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأَ (ف) رَشْأً. الظَبِيُّ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا الظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔

الرَّشَأُ. ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج ارشاء.

الرُّشْبَة. مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

المَرَاشِبُ. مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر دیں۔

رَشَحَ (ف) رَشْحًا ورَشَحَانًا واَرْشَحَ وارْتَشَحَ. الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رشح الجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا ورَشَحَ الظَبي: ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهُ بِشَيْئٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔

رَشَحَتِ النَاقَةُ ولدها رَشْحًا واَرْشَحَتْهُ ورَشَّحَتْهُ. اونٹنی کا اپنے بچے کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرْشِح و مُرَشِّح)

رَشِحَ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ. المَالَ: بہتر انتظام کرنا الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوِلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے تیار کیا جا رہا ہے الظَّبْيَةُ ولَدَهَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا النَاقَةُ وَلَدَهَا: بمعنی رشحته الغَيْثُ النَبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ. وَلَدُ النَاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا الظَّبْيَةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔

الرَّجُلُ لِلاَمْرِ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ. النَبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا النَبَاتَ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْحُ. مص. پسینہ۔

الرَّاشِحُ. فا. پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ مِنَ المُصْلَان: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح.

الرَّشِيْح. پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَح والمِرْشَحَة. زین کے نیچے کا خوگیر۔

الاَرْشَحُ. بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا اَمْرَهُ: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهُ واَرْشَدَهُ. اِلیٰ كَذَا وعَلَيْهِ ولَهُ: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القَاضِي: سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ. لِاَمْرِهِ: راہ راست پانا۔ ہ: ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد. مص. ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرِّشْدَة والرَّشْدَة: حلال زادہ۔

الرُّشْدیٰ. ہدایت۔

الرَّشِيْد. سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرَّشَد. ایک قسم کی نباتات۔

الرَّشَادَة. چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد.

المَرَاشِد. سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمّ (راشِد) چوہیا۔
رَشْرَش رَشْرَشَةً. الشیُٔ: ڈھیلا ہونا۔
البعِیْرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَش. الماءُ: بہنا۔ خُبْزٌ او عَظْمٌ (رَشْرَش و رَشْرَاشٌ) نرم روٹی یا ہڈی۔
رَشَف (ضٌ ن) رَشْفًا و رَشِيْفًا و تَرْشافًا ورشِف (س) رَشَفًا ورَشَفانًا الماءَ و نَحوَهُ: چوسنا الإِناءَ: پی کر خالی کرنا۔

رَشَّف وارْشَف وتَرَشَّف وارْتَشَف الماءَ: خوب چوسنا۔
الرَشْف والرَشَف. حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ"، بے پانی کا حوض۔
الرَشَاف. بہت چوسنے والا۔
المِرْشَف. پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَراشِف
المَرَاشِف: ہونٹ۔
رَشَقَه (ن) رَشْقًا. بالسهم: تیر مارنا۔ ببَصَره: گھور کے دیکھنا ہ بلِسانِه: طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِيَّاكَ ورَشَقَات اللّسَان"، زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔
رَشُق (ک) رَشَاقَةً. الغُلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيْق) ج رَشَق.
رَاشَقَهُ مُرَاشَقَةً. ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
تَرَاشَق. القومُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوْا بَالْسِنَتِهِمْ وتَراشَقُوْا بِاَعْيُنِهِمْ"، انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔
تَرَشَّق. فِي الْاَمْر: تیز ہونا۔
اَرْشَق. النظر اِلَيْه: تیز نظر سے دیکھنا۔
القَوْمَ ببَصَرِه: نگاہ ڈالنا الظَبْيَةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا الرامی:

سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِي مَقْصَدِي"، اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "ما اَرْشَقَ هذه القَوْس"، یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
اَلرِّشْق. تیز تیز پھینکنے والی کمان۔ رَشِيْق کی جمع۔
الرَشْق والرِشْق. قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمهٗ"، میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق.
الاَرْشَق. سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيْدٌ اَرْشَق"، کھڑی گردن۔
الرَشِيْق: نازک اندام خوبصورت۔
مِنَ اللفظ او الخطّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔
رَشَم (ن) رَشْمًا. بيْدر الحِنْطَة: گیہوں کے کھلیان پر قومہ مہر کرنا۔ (ورَشَّم) لکھنا۔
رَشِم (س) رَشَمًا. کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)
اَرْشَم. الشَجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔
الاَرْضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا البَرْقُ: بجلی چمکنا۔ الماشِيَةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔
(وارْتَشَم) الإِناءُ: برتن پر قومہ مہر کرنا۔
الرَشْم. ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (والرَشْم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔
الاَرْشَم. داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) مِنَ الغَيْث: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَم: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَوْشَم والرَاشُوْم. غلّہ کے انبار پر قومہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُشْمَة. بجو کے منہ کی سیاہی۔
رَشَن (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا. بن بلائے مہمان بننا الكَلْبُ فِي الإِناءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَوْشَن والرَشْن. پانی نکلنے کا دہانہ۔

الراشِن. فا. بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان"، بھی کہا جاتا ہے۔
الرَوشَن. روشن دان۔ ج رَوَاشِن.
رَشَاه (ن) رَشْوًا. رشوت دینا۔
رَاشَي مُرَاشَاةً. فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
اَرْشَي. الدَلْوَ: ڈول میں رسی لگانا الشَجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا القَوْمُ فِي دَمِه: کسی کے خون میں شریک ہونا اَرْشَوْا بسَلاحِهِمْ فِيْه: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشّي. الرَجُلَ: باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَشَي. رشوت لینا مِنْهُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔
اِسْتَرْشَي. فِيْ حُكْمِه: رشوت مانگنا الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا مَا في الضَرْع: تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُشْوَة والرَشْوَة والرِشْوَة. رشوت۔ ج رُشی ورِشی.
الرِشَاء. رسی۔ ڈول کی رسی۔ ج اَرْشِيَة کہا جاتا ہے "اَتبع الدَلْوَ رِشائَها"، ڈول کے پیچھے رسی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشية النبات: نباتات کی بیلیں۔
الرَشَاة. ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشا.
الرَشِيّ. اونٹ کا بچہ۔
التَرْشَاء. ڈول کی رسی۔
رَصَّ (ن) رَصًّا. الشئَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا الدجاجةُ: بَيْضَتَها: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔
رَصّصَهٗ. ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا الرَجُلَ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ وارْتَصَّ. باہم چمٹنا۔ جڑنا۔
الرَّصَاص. سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَة)
الرَّصَاصِيّ. سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص. دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِيْص. ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِيْصَةٌ. ج رَصَائِص. کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَى الْقبر الرَّصَائِص" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِيْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔
الاَرَصّ. قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء. ج رُصّ. فَخْذٌ رَصَّاء: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَة. خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔
الرَّصَّاصَة. بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْيَان (مَرْصُوْص) مضبوط عمارت۔
الرَّصَب. انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا. قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.
رَصِخَ. فِي الْاَمْرِ: بمعنی رَسِخ.
رَصَدَهٗ (ن) رَصْدًا ورَصَدًا. انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رُصِدَ. الْمَكَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَهٗ. نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ. الرَّقِيْبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا لَهٗ شَيْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا لَهٗ خَيْرًا اوشرًا: بدلہ دینا الحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَهٗ وتَرَصَّدَهٗ. امید لگانا۔ تَرَصَّدَلَهٗ: گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِدُ. فا. نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.

الرَّصَد. راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد. گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے رِصَاد بولتے ہیں)
الرَّصْدَة. بوچھار ج رِصَاد.
الرُّصْدَة. تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُوْد. پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَّصِيْد. گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد. راستہ (والمَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِيْد و مَرَاصِد. مَرَاصِدُ الحَيَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَةٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ. البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا فی المَكَان: ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَة. سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا. بيده: تھپڑ مارنا بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ في المَطْعُوْن: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (رُصُوْعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا. بالشیء: چپکنا بالطیب: مہک اٹھنا المرأةَ رِصَاعًا: جماع کرنا۔
رَصَّعَ. الشَّيْءَ: اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّهٗ بالقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذهبَ بالجواهر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجواهر" جواہر کا جڑا ہوا تاج العِقْدَة بالجواهر: ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَهٗ. بالرُّمْح: سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ. الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا بِہٖ: چپکنا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا پیوستہ وقریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ. جڑاؤ ہونا۔ شاداں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ. العَصَافِيْرُ: جفتی کرنا۔
الرَّصِيْعَة. کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.
الاَرْصَع. لاغر سرین والا الطعن اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع. بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع. لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔
الرُّصْغ. بندوبست۔ گٹا۔
الرِّصَاغ. بمعنی الرِّسَاغ.
رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجَارَةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا المُصَلِّی قَدَمَيْهِ او بَيْنَ قَدَمَيْهِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ لَا يَرْصُفُ بِكَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافَةً. العَمَلُ: مضبوط ہونا۔
رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصْفًا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا ترتیب وار وہموار ہونا۔
اَرْصَفَ. شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔
تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔ القَوْمُ فِي الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔
الرَّصَف. پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)
الرَّصَفَتَانِ: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔ الرَّصَف: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔
الرِّصَاف. پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔

گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔

الرَّصِیف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیفٌ۔ مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرُّصَافَة۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوفَة۔ ثابت قدمی۔

المِرْصَافَة۔ ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسْنَان: قریب قریب دانتوں والا امرد۔

رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا الدَّابَّةَ: داغ لگانا ہ بِلِسَانِہٖ: گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَةً۔ العَقْلُ وغَیْرُہٗ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِینٌ)

رَصَنَ۔ الشَّیْءَ مَعْرِفَةً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِی ھٰذَا الخَبَرَ" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَہ۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِین۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصَی۔ بِالمَکَانِ: جم کے رہنا۔

رَضَّہٗ (ن) رَضًّا۔ کوٹنا۔ دلنا۔

رَضْرَضَ۔ الشَّیْءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضْرَضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا فی الاَرْضِ: جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔

اِرْتَضَّ۔ الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔

الاَرْضَ۔ جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیض والمَرْضُوض۔ کوٹا ہوا۔

الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّة والمِرَضَّة والرَّضّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔

المِرَضَّة: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ (ن) رَضْبًا وارْضَبَ۔ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا

(رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِّیقَ: تھوک چوسنا۔

الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِیب۔ خوش مزہ تھوک۔

رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوَی او الحَصَی: گٹھلی یا کنکری توڑنا رَاْسَہٗ بِالحَجَرِ: کچلنا۔

تَرَضَّحَ۔ الحَصَی: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوْا۔ بِالنُّشَّابِ: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔

الرَّضْح۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْحٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُّضَح۔ شکستگی۔

الرَّضِیح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِحَة۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَةٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رِضَاح

المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔

رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوَی او الحَصَی: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا التُّیُوسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهٗ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و"رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔

رَاضَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا الشَّیْءَ: بادل ناخواستہ دینا مِنْہُ شَیْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔

اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بِالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ۔ الحَصَی: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخ۔ س۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِیخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِیخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔

المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِیخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا۔

رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورِضَعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَة وارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔

رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔

رَاضَعَہٗ رِضَاعًا ومُرَاضَعَة۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا۔ اِبْنَہٗ: دائی پلائی کو دینا الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَہٗ۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْاَةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس

وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعات و مَراضِعُ)
اِسْتَرْضَعَ. دائی پلائی طلب کرنایادودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِی" عورت سے میں نے اپنے بچّہ کو دودھ پلانے کو کہا۔
الرَضَع. کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)
الرَاضِع. فا. دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔
الرَاضِعَة. راضع کامؤنث۔ الرَاضِعَتانِ بچّہ کے اگلے دودانت۔ ج رَوَاضِع.
الرَضِیْع. ج رُضَعاء والرَضِع ج رُضَع. دودھ پیتا بچّہ۔ کمینہ۔ رَضِیعك: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔
الرَضَاعَة. س. پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (والرِضاعة) اِرضاع کا اسم۔
الرَضُوْعَة. اپنے بچّہ کو دودھ پلانے والی عورت۔
الرَضّاع. بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔
المَراضِیع. کمینے۔
رَضَفَه (ض) رَضْفًا. داغ لگانا۔ رَضَفَ اللبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا اللحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھونا۔
رَضَّفَهُ. سخت غضبناک کردینا۔
الرَضْف. گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَی الرَضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَضْف: ملی ہوئی انگلیوں کی ماننگھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَضْفَةِ مَا عَلَیْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔
الرَضَفَة. گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف ورَضَفات.
الرَضِیْف. گرم پتھر (والرَضِیْفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَضِیْفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔ الرَضِیف والمَرْضُوْف. گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔
الرَضِیْفَة والمَرْضُوْفَة. اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔
المِرْضَافَة. داغ کرنے کا آلہ۔
مُطْفِئَةُ (الرَضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلادے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھادے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔
اَرْضَكَ. عَیْنَیْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔
رَضَمَ (ض) رَضْمًا. الاَرْضَ: زمین کو جوتنا البَیْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِیْم و مَرْضُوْم) المَتاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَیْءَ: توڑنا۔ عَلَیْهِ الصَخْرَ: ڈالنا (رَضْمًا ورَضَمانًا) فی المَشْیِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا بِالمَکانِ: اقامت کرنا۔
اِرْتَضَم. المَتاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔
الرَضْم والرَضَم والرِضام. بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَةٌ)
الرُضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔
رَضَاهُ یَرْضُوْهُ رَضْوًا. پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِی فَرَضُوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔
رَضِیَ (س) رُضًی ورِضًی ورُضْوانًا و رِضْوانًا و مَرْضَاةً. عَنْه و عَلَیْه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْن و رُضاةٌ و رَضٍ ج رَضُوْنَ و (رَضِیٌ) ج اَرْضِیاء ورُضَاةٌ.
رَضِیَ. الشَیْءَ ورَضِیَ بِه و فِیْهِ: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِی و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰهُ عَنْ فُلانٍ ورَضِیَ عَنْه" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رَضِیْتُ مَعِیْشَةً" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔
رَاضَی رِضَاءً ومُرَاضَاةً. الرَجُلَ رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔
اَرْضَی ورَضَّی. الرَجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔
تَرَضَّی. الرَجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔
تَرَاضَی. القَوْمُ الشَیْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔
اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِهِ او لِصُحْبَتِه: پسند کرنا۔
اِسْتَرْضَاهُ. رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَیْتُه کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔
رَجُلٌ و اِمْرَأَةٌ (رِضًی) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)
عِیْشَةٌ (رَاضِیَةٌ) پسندیدہ واچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)
رَضْوَی. مدینہ طیبہ او ربنبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضْوِیّ.
الرِضَاء. خوشنودی۔
الرَضْوَة. خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رَضْوَتِه" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔
الرَضِیُّ. عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔
ارَطَّ. اِرْطَاطًا. بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فی مَقْعَدِهِ: جم کے بیٹھنا۔

اِستَرطَهٗ. بیوقوف سمجھنا۔
الرَطِیط. شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط۔
الرَطَائط. بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)
رَطَأ (ف) رَطأً. القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا بِسلْحِهٖ: پاخانہ کرنا المَرْأۃَ: جماع کرنا۔
اِسْتَرطَأ. الرجُلُ: بیوقوف ہونا الرجُلَ: بیوقوف سمجھنا۔
الرَطأ. بیوقوفی۔
الرَّطِیٔ. بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئَۃ و رَطْآء۔
رَطَبَ (ن) رَطَابَۃً البُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا. الدابۃَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوْبَۃً و رَطَابَۃً تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔
رُطِبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ. الثَوْبَ و نحوَهٗ: تر کرنا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبت الاَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔
اَرْطَبَ النَخلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔
اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ. تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَطْب و الرَطِیب. تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔
الرَطب و الرُطب. سبز چارہ۔
الرُطَب. پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَۃ) ج رِطَاب و اَرْطَاب۔

الرَّطْبَۃُ: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔
المَرْطَبَۃ. کھارے کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔
اَلْمِرْطَابُ: درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔
الرِطَاب. بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔
اَلْمِرطَبَانُ: اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)
الرطز. کمزور بال وغیرہ۔
الرُطَازَات. خرافات۔
رَطَسَ. (ن ض) رَطْسا. تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّت. عَلَیهِ الحِجَارَۃُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعا. الجاریۃَ: جماع کرنا۔
الرَطْع. زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلا الشیء ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا الرجلُ. دوڑنا۔
رَطَّلَ. الشعرَ. تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا الشیْءَ. رطل پیمانہ سے وزن کرنا
(و اَرْطَلَ) الرجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ. رطل سے بیچنا۔
الرَطْل و الرِطْل. بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ اُتولہ۔ ج اَرْطَال. الرطل مِنَ الرِجَال: بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرِطْلَۃ. سبک رفتار گھوڑی۔
الرُطَیْلاء. رتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرْطِل. مِنَ الرِجَالِ: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهٗ (ن) رَطْما. کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رطَمَ و اَرْطَمَ فی قُعْدَۃٍ: جم کے بیٹھنا۔
و اَرْطَمَ الرجُلُ. خاموش رہنا۔
رُطِمَ. البَعِیرُ اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

ترطَّم. السلحُ: پاخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ. کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا فِی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا عَلَیهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا الشَیءُ: ڈھیر لگنا۔
الرُطْمَۃ. پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُطَام. قبض۔
الرُطُوم. بیوقوف مرد۔
الراطِم. کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأۃٌ (مَرْطُوْمَۃٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهٗ (ن) رِطَانَۃً و رَطَانَۃً و رَاطَنَهٗ مُرَاطَنَۃً. عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ. القَوْمُ و تَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُطَیْنٰی. کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاكَ هٰذِهٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَتَ (ن) رَعًا. الریحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرعاع. کمینے و رذیل لوگ۔
الرَعَاعَۃ. شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا و رُعبا. خوف کرنا الرَجُلَ: خوف دلانا (رَعْبا) الاِنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا السنَامَ و نَحْوَهٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَت الحَمَامَۃُ: کبوتر وغیرہ کا غٹر غوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِیْبًا و تَرْعَابًا. الرَجُلَ: خوف دلانا الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ السنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا فُلانًا. کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ. ڈرنا۔
الرَعْب. جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُعْب و الرُعُب. گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَۃ۔
الرَعِیْب. خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

رَعِيْبُ الْعَيْنِ و مَرْعُوْبُ الْعَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب. جادو کرنے والا۔ مقفٰی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَة. لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوْب. بزدل۔ ج رَعَابِيب
(الرُّعْبُوبَة والرعبيب) مِنَ الجَوارِي: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعَب. موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَرْعِيْبَة. کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَراعِيْب.
المِرْعَبَة. ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ: اللَّحمَ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔
الثَّوبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ اللَّحمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا۔ الثَّوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَلُ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَة والرُّعْبُولَة. پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعابِل و رَعَابِيْل اور کہا جاتا ہے "ثَوبٌ رَعَابِيل" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيْل. مِنَ الرِّيَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُولَة. پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَ (ف) رَعْثًا ورَعِثَ (س) رَعَثًا. العَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَ وارْتَعَثَت. المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ والرَّعَثُ. رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَة والرَّعَثَة. بالی۔ مرغ کی کلغی؛ مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و جج رُعُث.
الرَّعْثاء. بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں؛ لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوْثَة. پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تا کہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وارْعَجَهُ. غمی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ (س) رَعَجًا المالُ. او العَدَدُ: بہت ہونا۔ الوادی: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ. کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوْا ولَهُمْ اِرْتِعَاجٌ. لوگ نکلے اس حال میں کہ اُن کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی. بھر جانا۔ المالُ: بہت ہونا۔
الرَّعَج. بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا و رُعُوْدًا. السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "رَعَدَ لِي فُلانٌ و بَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرْأَةُ و بَرَقَتْ"، یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
اَرْعَدَ الرَّجُلُ. کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا؛ گڑگڑاہٹ سننا۔ زَيْدًا: دھمکی دینا۔ ہ الخَوفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا؛ لرزا دینا۔
اُرْعِدَ. کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ. حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ. اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد. مص۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيلِ"، یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرَّعْدَة والرِّعْدَة. کپکپی۔
الرَّعَّاد. بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَكَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة. بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَة. گرجنے والا بادل۔ صَلِفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ: اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَواعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔
رَعْدَدَ. سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ. کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيْد والرِّعْدِيْدَة. بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيْد: نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيْد.
رَعْرَعَ الماءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا۔ ہ اللّٰهُ: اگانا۔
تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ الماءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا۔ السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع. اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيع.
الرَّعْرَاع: بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَسَ (ف) رَعْسًا. کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (رَعْسًا ورَعَسَانًا) رَاسَهُ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
اَرْعَسَهُ. کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ. کانپنا۔
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوْس. خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِيْس. چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس. نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المِرْعَس. خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ. کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيْش)

اَرْعَشَهُ ورَعَّشَهُ. کپکپادینا۔ لرزادینا۔ عاجز کرنا۔
الرَعِش والرِعْشِیْش. بزدل۔ جلد باز۔
الرِعْشَة. جلدبازی۔
الرُعَاش. مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَعْشاء. مِنَ النعام: تیز رفتار شتر مرغ۔
مِنَ النُوق: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش. ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَعْشَن. کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وارْعَصَ. الشیْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَیْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا الجَدْیُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اُچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا. السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑدینا۔
رَعَّظَهُ. عَنْ کَذَا: سُست کردینا۔ جلدی کرانا الوتَدَ: اُکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ. السَهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔
فُلَانًا: سُست کردینا۔
الرُعْظ. تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ. کہا جاتا ہے "کَسَرَ عَلَیْهِ اَرْعَاظ النَبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا. الفرسُ الخَیْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعْفًا. الدَمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (ورَعَفَ (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔

اَرْعَفَهُ. جلدی کرانا القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ. آگے بڑھنا۔
واسْتَرعَفَتِ الحصیٰ رِجْلَه: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کردینا۔
الرَعْف. س۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُعَاف. نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَعَّاف. بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُعَافِی. بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَاعِف. فا. نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَوَاعِف. نیزے۔
الرَعُوْف والرَاعُوْف والرَاعُوْفَة و الاُرْعُوْفَة. مِنَ البئر: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُعُوْف. ہلکی بارش۔
المَرَاعِف. ناک اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَی الرَغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَیْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا ورَعِیْقًا. بَطْنُ الدَابَةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا الشَیْءَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔
فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا. بیوقوف ہونا۔
النَبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ. الکَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ. سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَت. الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرعَلَ الرَجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔

الاَرْعَل. بیوقوف۔ مؤنث رَعْلاء ج رُعْل لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَعْل. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلٌ
الرَجُل: کپڑے۔
الرَعْل. شہد کی نر مکھی۔
الرُعَال. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَعَالَة. بیوقوفی۔
الرَعْلَة. شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال واَرَاعِیْل. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَیْلُ رِعَالًا واَرَاعِیْل" اَرَاعِیْل الرِیَاحِ اَو السَحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُعْلَة. انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَعِیْل. آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.
المِرْعَل. شمشیر براں۔
المِرْعَل. عمدہ مال۔
المُسْتَرعِل. گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا. الشیْءَ: نگہبانی کرنا۔
الشَمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ. الشَاةَ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ. الشَاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَعَام. نگاہ کی تیزی۔
الرُعَام. رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة.
الرُعَامَة والرُعَامِی. ایک قسم کا درخت۔
الرُعَامِی. جگر کی زیادتی۔
الرِغْم. چربی۔ اُم رِغْم: بجو۔

الرَّعُوْم. نفس۔

الرُّعُوْم. نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُوْنَةً. بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں کلیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)

رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا. الشَمْسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔

الرَّعْن. س۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رعَان ورُعُوْن.

الاَرْعَن. چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔

الرَّعُوْن. تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔

رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورَعْوَةً ورَعْوَةً و رُعْوَةً. غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْیا)

اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً. مِنَ الجهل: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔

رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا ورِعَايَةً ومَرْعًی. الماشِيَةُ الكَلاءَ: جانور کا گھاس چرنا الماشِيَةَ: جانور کو گھاس چرانا النُجُوْمَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا عَلَيْه حُرْمَتَه: پاس عزت کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔

رَاعٰی مُرَاعَاةً. النُجُوْم: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا الرَجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔

رَاعِيْتُهُ سَمْعِيْ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يُرَاعِيْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ"، وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔

اَرْعٰی. الماشِيَةَ: جانور کو چرانا المَكَانَ: چراگاہ بنانا عَلَيْهِ: شفقت۔ مہربانی کرنا۔

اَرْعَيْتُه سَمْعِيْ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا اللّٰهُ الماشِيَةَ: چری اگانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِيَةً. کسی سے "رَعَاكَ اللّٰه"، کہنا۔

اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتْ. الماشِيَةُ: جانور کا چرنا۔

اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً. الماشِيَةَ: چرانے کے لیے کہنا ہ ماشِيَتَهُ: رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ"، جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کی لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ہ السَمْعَ: توجہ کرنے کو کہنا ہ الشیءَ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔

الرِّعْيَة. چرائی۔

الرَّعْيَا والرُّعْوٰی والرُّعْيَا والرَّعْوٰی. حفاظت۔

الرَّعْی. س۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لكَ"، یعنی تمہاری حفاظت ہو۔

الرِّعْی. گھاس۔ ج اَرْعَاءٌ. رِعْيُ الحَمَامِ. والابِلِ: دو گھاسوں کے نام۔

الرَّعِيَّة. چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا. رَعِيَّةُ المَلِكِ و رعاياهُ: تابع فرمان لوگ۔

الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی. لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔

الرَّعَاوِيَّة. عوام کے مویشی۔

الاَرْعَاوِيه. شاہی مویشی۔

الرَّاعِی. فا. بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔

رَاعِیُ المَاشِيَةِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاةٌ ورُعْيَانٌ ورُعَاءٌ ورِعَاءٌ مؤنث رَاعِيَةٌ ج رَوَاعٍ. رَاعِيَةُ الشَيْبِ ورَوَاعِيه: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِی الجَوْزَاءِ ورَاعِی النَعَائِمِ: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِی البُسْتَانِ وراعِيَةُ الاَتُنِ: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الراسِ: جوں۔

المَرْعٰی. س۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (والمَرْعَاة) چراگاہ۔

المَرْعِیّ. جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً. فيه: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

به عَنْ غَيْرِه: دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغَبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رَغْبَةً ورَغَبَةً ورَغَبُوْتًا ورَغَبَاتًا ورَغْبَاءَ اِلَيْه: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا و رُغُبًا ورَغَابَةً. بہت کھاؤ ہونا الوادی: فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَهُ وارْغَبَهُ. فی الشیءِ: رغبت دلانا۔ رَغَّبَهُ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰه قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فيه: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوادی: کشادہ ہونا۔ الناسُ فی الخَيْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب. مرغوب۔

الرُّغُب والرِّغَاب. مِنَ الاَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِيْقٌ (رَغْبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِيْب. بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ"، کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِيْبٌ: بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ"، کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَابٌ.

الرَّغُوْب. خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِيْبَة. رغیب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِبُ.

رَغَثَ (ف) رَغْثًا. الولدُ اُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا ہ لگاتار نیزے مارنا القَوْمُ فلانًا: سوال کرکے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ. کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں

درد ہونا۔

اَرْغَثَتْ. المرْاَۃُ :دائی پلائی ہونا۔ وَلَدَھا: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوث ورَغُوثَۃ و مُرْغِث:) اَرْغَثَه: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ باربار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغث. الوَلَدُ اُمَّه :بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُغَثاء. پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرغَث. انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ(س) رَغَدًا ورَغُدَ(ک) رَغَادَۃً عَیْشُه: آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیْدٌ)

اَرْغَدَ. القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا مَوَاشِیَھُم: جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا اللّٰهُ عَیْشَه :آسودہ بنانا۔

اِرْغَادَّ. رائے میں متردد ہونا اللَّبَنُ :دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ :آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغْدٌ) ونِساءٌ رَغَد: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خادم کی جمع خدم۔

الرَغِیْدَۃ. ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَۃ. باغ۔

رَغَسَهُ(ف) رَغْسًا واَرْغَسَهُ. اللّٰہ مالًا وولَدًا :بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَهُ. نرم سمجھنا۔

الرَغْس. نعمت وبرکت۔ نمو۔ ج اَرْغاس.

المُرْغِس. مِنَ العَیْش :فراخ زندگی۔

المَرْغُوس. مبارک۔

المَرْغُوسَۃ. اطرغوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَش(ف) رَغْشًا. عَلَیْهِ :شور مچانا۔

رَغَفَ(ف) رَغْفًا. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا البَعِیْرَ :اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَف. چلنے میں جلدی کرنا اِلَیْهِ :تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَغِیْف. گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی؛ روٹی۔ ج اَرْغِفَۃ و رُغْف و رُغُف و رُغْفان و تَراغیف.

وَجْهٌ (مُرَغَّف) سخت چہرہ۔

رَغَلَ(ف) رَغْلًا. الولَدُ اُمَّهُ :بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اَرْغَلَ. الرجلُ غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا اِلَیْهِ :مائل ہونا الزرعُ :کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا الشیَ :بے موقع رکھنا۔

الجدیُ اُمَّه: بکری کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا المکانُ :رغل نامی گھاس اگانا الماءَ :بہت گرانا۔

الرُغْل. ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغال.

الرَغُوْل. اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَرَمٌ رَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الاَرْغَل. من العَیْش :فراخ زندگی۔

الرَغْلَۃ. بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَهُ(ف) رَغْمًا مغلوب و مجبور کرنا۔

رَغَمَ الشَیَ :ناپسند کرنا۔

رَغِمَ(س) ورَغَمَ(ن) رَغْمًا ورَغَمًا. اَنْفُه لِلّٰہ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الانفِ. ج رُغْمُ الاُنُوْف. ورَغِمَه :ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهُ. ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا۔

اَنْفَه: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰہُ اَنْفَه" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے فُلانٌ اَنْفَه :فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَهُ. ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا د الذلّ :خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَھْلَه: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا اللقمۃَ من فیه :لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا اللّٰہُ اَنْفَه :ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ: بکری؛ بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ. باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمتُ الرَجُلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَغْم والرُغْم والرِغْم. ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اَتی عَلیٰ رَغْمِه" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَاغِم. فا. رَاغِمُ الانف: ذلیل: ج رُغْمُ الاُنُوْف.

الرَغام. مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُغام. رینٹ۔ ج اَرْغِمَۃٌ.

الرُغامَۃ. حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِیْ عِنْدَ فُلانٍ رُغامَۃ" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَغْماء. مِنَ الشاءِ. ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

المَرْغِم والمَرْغَم. ج مَراغِم و (الرُغامی) ناک الرُغامَی: جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔

المُراغَم. مث. بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِذْلِیْ عَنْ دَارِ الْهَوانِ مُرَاغَم" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَۃ. ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلیٰ مَرْغَمَتِه" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِرْغام. غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغامَۃ.

رَغِنَ(ف) رَغْنًا. فِیْهِ :لالچ کرنا۔ اِلَیْهِ: کان لگانا۔

اَرْغَنَه. طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ: آسان کرنا اِلَیْهِ :کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلانٍ :اطاعت و فرماں برداری کرنا۔

الاَرْغُن والاُرْغُنُوْن. (آرگن ایک باجہ کا نام)

رَغَا(ن) رُغَاءً. البَعِيرُ او النَعَامُ او
الضَبُعُ بلبلانا۔ چیخنا الصبیُّ بہت رونا۔
الرَعْدُ زور سے گرجنا۔
رَغَا(ن) رَغْوًا ورَغَّى تَرْغِيَةً وأَرْغَى
إِرْغَاءً. اللَّبَنُ و نَحْوُهُ دودھ پر جھاگ
آنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَى الرَّجُلُ وأَزْبَدَ"
مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی
دی۔ "وأَتَيْتُهُ فَمَا أَثْغَى ولاأَرْغَى" میں
اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ
اونٹنی تو لیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورَغَّى
فُلَانًا غضبناک کرنا۔
اِرْتَغَى. اللَّبَنَ دودھ سے جھاگ اُتار لینا
الرُغْوَة جھاگ پینا۔
الرَغْوَة والرُغْوَة والرِغْوَة ج رُغًى
ورِغًى و (الرَغَايَة والرِغَايَة والرِغَاوَة
والرُغَاوَى والرِغَاوَى) مِنَ اللَّبَن:
دودھ کا جھاگ۔
الرَاغِيَة اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَالَهُ ثَاغِيَةٌ
ولَا رَاغِيَةٌ" تو اس کے پاس بکری ہے نہ
اونٹنی۔
المِرْغَاة کفگیر۔
المُرْغِيّ. مِنَ الكلامِ مبہم گفتگو۔
رَفَّ(ن ض) رَفًّا ہت کھانا ٥خدمت
کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت
کرنے میں کوشش کرنا النَاسُ بِهِ گھیر لینا
بہ اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ
مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ وَيَرُفُّهُ" وہ شخص چلا گیا جو
اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔
البَيْتَ گھر میں الگنی بنانا الی کذا خوش
ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهُ پھڑکنا) البرق بجلی کا
چمکنا شَفَتَيْهِ ہونٹ کا چوسنا۔
اللَّبَنَ ہر روز دودھ پینا ثَوْبَه دوسرا کپڑا لگا
کر نیچے سے کشادہ کرنا۔
الدَابَّةَ بھوسہ کھلانا۔
رَفَّ(ض) رَفًّا ورَفِيفًا وارْتَفَّ
النَبَاتُ لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ پھڑکنا۔
رَفَّ البَرْقُ بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُهُ چمک
اُٹھنا۔
أَرَفَّ اِرْفَافًا. الطَائِرُ پرندہ کا دونوں بازو
پھیلانا۔
الرَفُّ ج۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے
دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ
دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا
پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج
رُفُوف ورِفَاف.
الرِفُّ اونٹوں کا گلہ۔ ہرن کا پینا۔ کہا جاتا
ہے "أَخَذَتْهُ الحُمَّى رِفًّا" اُس کو روزانہ
بخار آیا۔
الرُفُّ والرُفَّةُ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔
الرُفَاف بھوسہ کا چورہ۔
الرَفِيف ج۔ چھت۔ فراخ سالی فتی
رفيف الاخلاق اچھے اخلاق والا جوان۔
الرَفَّاف اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ
رَفَّافٌ" سفید و شفاف دانت۔
رَفَا(ف) رَفْأً. الثَوْبَ کپڑے کو رفو کرنا۔
مرمت کرنا ٥خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا
بَيْنَهُمْ صلح کرانا السَفِينَةَ کشتی کو کنارہ پر
لانا۔
رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً و تَرْفِيئًا مبارک باد دینا اور
"بالرِفَاءِ والبَنِين" کہنا۔ (بالرِفَاءِ
والبَنِين شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ
تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے
بیٹے پیدا ہوں۔
أَرْفَأَ. إِلَيْهِ قریب ہونا اور پناہ لینا۔
الشَيْءَ إِلَيْهِ قریب کرنا الرَجُلُ کنگھی
کرنا۔
السَفِينَةُ کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔
ارْفَأَهُ ورَافَأَهُ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔
الرِفَاء اتفاق۔
الرَفَّاء رفوگر۔
المَرْفَأُ والمُرْفَأُ. مِنَ البَحْرِ بندرگاہ۔ ج
مَرَافِئُ.
رَفَتَ(ن ض) رَفْتًا. الشَيْءَ توڑنا کوٹنا
چورہ کرنا (وارْفَتَّ و تَرَفَّتَ ٹوٹنا چورہ
ہونا العَظْمُ ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ رسی کا کٹ جانا۔
الرُفَت بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُفَات چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ
جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ(ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ(س) رَفَثًا
وأَرْفَثَ. فِي كَلَامِهِ فحش گوئی کرنا۔
الرَفَث ج۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَّحَهُ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفِح. عَيْشٌ رَافِحٌ ناز و نعمت کی آسودہ
زندگی۔
الرُفُوح مصیبتیں۔
رَفَدَهُ(ض) رَفْدًا او أَرْفَدَهُ دینا۔ مدد
دینا۔ رَفَدَ الحَائِطَ سہارا دینا۔ رَفَدَ
الدَابَّةَ و عَلَيْهَا وأَرْفَدَ لَهَا چوپایہ کیلئے
پالان بنانا۔
رَافَدَهُ مدد دینا۔
رَفَّدَهُ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
تَرَافَدَ. القَوْمُ باہم مدد کرنا۔
اِرْتَفَدَ. المَالَ کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
اِسْتَرْفَدَهُ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَفْد ج حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "أُرِيقَ
رَفْدُهُ" اُس کا انتقال ہو گیا۔
الرِفْد ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا
دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے۔
عطیہ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج أَرْفَاد ورُفُود.
الرِفْدَة لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد.
الرَافِد. فلاں بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم
مقام۔ ج رُفَدٌ.
الرَافِدَانِ دریائے دجلہ و فرات۔
الرَافِدَة پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام
اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد.
الرِفَادَة زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے
سہارے کی چیز۔
نَاقَةٌ رَفُودٌ ایک دفعہ کے دوھنے میں پیالہ
بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد.
المَرْفَد والمُرْفَد مدد۔ ج مَرَافِد.

المِرْفَد بڑا پیالہ۔ج مَرافِد.
المَرافِید بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرْفِد بازی گر۔
رَفْرَف. الطَّائِرُ: پرندے کا پھڑپھڑانا الشّیُٔ: آواز کرنا۔
الرَّفْرَف. لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔خیمہ کا دامن۔زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔بچھونا۔تکیہ۔باریک ریشمی کپڑا۔کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔کہا جاتا ہے "ضَربَتِ الرِّیحُ رَفْرَفَ الفُسْطاطِ"،ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر اُدھر کردیا۔ رَفْرَفَ الدِّرْعِ زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ج رَفارِف.
الرَّفْراف. ایک پرندہ جس کو "خَاطِف ظِلِّه" بھی کہتے ہیں۔نرشتر مرغ۔
رَفَزَهُ(ض) رَفْزًا مارنا۔
الرّافِز حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَه(ن ض) رَفْسًا ورِفاسًا سینہ پر مارنا البَعِیْرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا اللَّحْمَ ونَحْوَه: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِّفاس اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الرَّفْسَة. سینہ پر لات مارنا۔
ناقَةٌ (رَفُوْسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ (ن) رَفْشًا. کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔خوب کھانا پینا القَمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا الشّیَٔ: کوٹنا (رُفُوْشًا) فِي الاَمْرِ: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفَشًا. چوڑے کانوں والا ہونا۔صفت (اَرْفَش) مؤنث رَفْشاء. ج رُفْش.
رَفَّشَ. لِحْیَتَهُ. داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرُّفاش. گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَّفْش س. بیلچہ۔کشتی کا چپو۔
المِرْفَشَة بیلچہ۔
رَفَص. تَرافَصُوا المَاءَ باری باری پانی پر آنا۔ہر ایک آنے والے کو (رَفِیْص) کہتے ہیں۔کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِیصُكَ"وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
اِرْتَفَص. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا۔
الرُّفْصَة پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ(ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشّیَٔ: پھینکنا، چھوڑنا۔صفت رافِض ج رافِضُوْنَ ورَفَضَه ورُفّاض (وارْفَضَ) الاِبِلَ: چراگاہ میں متفرق کردینا۔ رَفَضَ و اَرْفَضَ الوَادِی: کشادہ ہونا۔
رَفَضَت(ن) رُفُوْضًا. الاِبِلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَرَفَّضَ. بکھرنا۔متفرق ہونا۔ٹوٹنا الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔
اِرْفَضَّ. الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا الشّیُٔ: متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْه"،لوگ متفرق ہو کر چلے گئے الوَجْعُ: درد کا زائل ہونا۔
اِسْتَرْفَضَ. الوَادِی: کشادہ ہونا۔
الرَّفَض. س رِفاض و (الرَّفَض) ج اَرْفاض. اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔کہا جاتا ہے "نَعامٌ رَفَضٌ"، تھوڑے متفرق شتر مرغ۔چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔تھوڑی چیز۔کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَّاءٍ"،مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الرَّافِضَة. جنگ وغیرہ میں اپنے قائد ورہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ج رَوافِض اور اسی سے ہے "لاخَیْرَ فِي الرَّوافِضِ"
الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رافِضِیٌّ"
الرِّفاض. پریشان راستے۔
الرُّفاض. مِنَ الشّیِٔ: ٹکڑے۔ریزے۔
رَجُلٌ (قُبَضَة رُفَضَة) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔
الرُّفُوض. متفرق گھاس۔ رُفُوْضُ النّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوْضُ الاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حِمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔
الرَّفِیْض. چھوڑا ہوا۔پسینہ۔ٹوٹا ہوا نیزہ۔
الرَّفِیض والمَرْفُوْض. چھوڑا ہوا۔
المَرْفِض. مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ج مَرافِض.
رَفَعَ(ف) رَفْعًا. الشّیَٔ: اُٹھانا فُلانًا عَلیٰ صَاحِبِه فِي المَجْلِسِ: آگے بڑھانا الکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا الشّیَٔ: لینا الشّیَٔ فِي خَزانَته: چھپانا الجَملُ فِي السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا القَومُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا الجَملَ: تیز چلانا الحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔
(رَفْعًا ورَفاعًا ورَفاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (رَفْعًا ورُفْعانًا) زَیدًا اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ہ اِلَی السُّلْطانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔کہا جاتا ہے "هٰذا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرّاسَ"،یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجدد و بزرگی ہے۔ و "فُلانٌ لا یَرْفَعُ العَصا عَنْ عاتِقِه"،یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔
رَفُعَ (ک) رِفْعَةً ورَفاعَةً. عالی مرتبہ ہونا۔صفت (رَفِیْع) ورَفُعَ رَفاعَةً: بلند آواز والا ہونا الثَّوْبُ: باریک ہونا۔صفت (رَفِیْع)
رُفِعَ لَهُ الشّیُٔ. دور سے دیکھنا۔
رَفَّعَهُ. بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔
رافَعَهُ. اِلَی الحَاکِمِ شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ہ قطع تعلق کرنا بِهِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ. برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ترفّعت بی ھمّتی عن کذا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے الشیَٔ او الرجلَ بلند کرنا۔

ترافعا. ایک دوسرے کو بلند کرنا الخصمان الی الحاکم فیصلہ کے لیے جانا۔

اِرتفع بلند ہونا السعرُ بھاؤ گراں ہونا النھارُ دن کا چڑھنا دراز ہونا۔

مِن بینھم الخصامُ دشمنی زائل ہونا۔

الشیَٔ بلند ہونا۔

اِسترفع. الشیَٔ اُٹھانے کو کہنا الخوانُ دسترخوان خالی ہونا اور اُٹھانے کا وقت آنا۔

الرّافع. فا. برقٌ رافعٌ چمکنے والی بجلی۔

الرِفعۃ بس. بلندی و مرتبہ۔

الرَفاع والرِفاع. کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

الرّافعۃ والمخل (فارسی کلمہ): بوجھ اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں قینچی جس کو المقصّ بھی بولتے ہیں۔ دستپناہ جس کو الملقط بولتے ہیں۔ چمٹی جس کو الکسّار کہتے ہیں۔

الرَفاعۃ والرُفاعۃ والرِفاعۃ. من الصوتِ آواز کی بلندی و شدت۔ الرِفاعۃ والرُفاعۃ گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرفیعۃ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

المَرفُوع بٹ. ایک قسم کی تیز دوڑ من الکلامِ بلند گفتگو۔ والحدیثُ المرفُوعُ عند المحدثین وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

الارتفاع ارباب مساحت کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

المِرفع بلند کرنے کا آلہ۔

المَرفع والمَرافع. عند المسیحیین: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغ (ک) رَفاغۃً. العیشُ کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رافغ و رفیغ و ارفغ)

ارفغ. لہُ المعاشَ آسودہ و کشادہ بنانا۔

ترفّغ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرُفغ ج ارفغ و رِفاغ وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جاء بمالٍ کرُفغ التراب" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ج ارفاغ و رُفُوغ. جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

ارفاغ الناس نااہل و کمینے لوگ۔

(الرُفغ والرَفاغۃ والرفاغیۃ) آسودہ زندگی کلسٌ رفغٌ نرم چونے کا گارہ۔

الرفغ ناخن کا میل۔

الرُفغ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اذا التقی الرُفغان وجبَ الغسلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُفغ ناخن کا میل۔

المَرافغ بج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

المَرفُوغۃ تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفقہ (ن) رَفقًا نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا الناقۃَ اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔

العملَ مضبوطی سے کرنا۔

رَفُق و رَفَق (ن و ک) و رفِق (س) رِفقًا و مَرفقًا و مِرفقًا و مُرفقًا بہ ولہ و علیہ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

رفِق (س) رفقًا البعیرُ پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (ارفق)

رفُق (ک) رَفاقۃً. الرجلُ ساتھی ہونا۔

رافقہ برفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رافقہ فی السفر" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔

ارفق. مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔

ترفّق. بہ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

علیہ سہارا لینا۔

ترافق. الرجلان ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِرتفق. کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الاناءُ بھر جانا القومُ سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بہ نفع اُٹھانا۔

استرفقہٗ مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔

تمرفق تکیہ لینا۔

الرِفق بس. نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔

الرَفق بس. نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "ھذا امرٌ رفقُ البغیۃ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔

الرَفق تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔

ناقۃ (رفقۃ و رفقاء) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔

الرِفقۃ والرُفقۃ والرُفاقۃ. ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفاق و رِفق و رُفق و ارفاق۔

الرافقۃ لطف و مہربانی۔ بہتر سلوک۔

الرِفاق اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُق۔

الرفیق ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفقاء۔

المِرفق والمَرفِق کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرافق۔

المَرفق ہر وہ چیز جس سے نفع اُٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مرافقُ الدار" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و "مرافقُ البلاد" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔

المِرْفَقَة. چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق. تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق. بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورُفُوْلًا ورَفَلانًا. دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل) صفت مؤنث رَفِلَةٌ۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا. بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل ورَفِل) وصفت مؤنث رَفْلاء۔
اَرْفَلَ. دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِیابَه: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَه. تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الإزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. عَلَيْهِ: رئیس و سردار بننا۔
الرِفْل. دامن۔
الرَفَل. س. مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِفَل. لمبے دامن والا۔ لمبی دم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَيْشٌ رَفِلٌ: کشادہ زندگی۔
الرُفَال. مِنَ الشَعْرِ: لمبے بال۔
المِرْفَال. مِنَ الرِجَالِ والنِساءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
الرفان. آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ف) رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا. خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفْهان)
رَفَهَت الإبِلُ: حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِهَة) ج رَوَافِه۔
رَفُهَ (ک) رَفَاهًا ورَفَاهِيَةً ورَفَاهَةً العَيْشُ: زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِه ورَفِيه)
رَفَّهَ وارْفَهَ. الرَجُلَ: آسودہ و خوشحال بنانا۔

رَفَّهَ عَنْهُ: مہلت دینا۔ بارِ غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَاعِي. الابلَ: حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَهَت الإبِلُ: اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَهَ القَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ. عَنْهُ: تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ. آرام لینا۔
الرِفْهُ. س. چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَفْهَة. رحمت و مہربانی۔
هُوَ (رَافِه) بِه: وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُفَهْنِيَةُ. فراخی، عیش ارزانی۔
الرُفَه. خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَى مِنَ التُفَه عَنِ الرُفَه"
رَفَا (ن) رَفْوًا. الثَوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاة اور صفتِ مفعولی (مَرْفُوٌّ) ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّى تَرْفِيَةً. العَرِيْسَ: شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِفَاءِ والبَنِيْن" کہنا۔
رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَجُلَ: موافقت کرنا۔
اَرْفَى. اِلَيْهِ: پناہ لینا۔
تَرَافَى. القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔
الرِفَاء. اتفاق و موافقت۔
الاَرْفَى. ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْو۔
الاُرْفِيُّ. ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّةً. پتلا ہونا لَهُ: رحم کرنا وَجْهُه: شرم کرنا الرَجُلُ: برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهُ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا. العَبْدُ: غلام بننا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَه. پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللفظَ: نرمی سے پڑھنا الکلامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔

مَشْيَهُ: آہستہ چلنا مَابَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ. الشَيْءَ: پتلا کرنا الوَاعِظُ قَلْبَه: دل کو نرم کرنا الرَجُلُ: کم مال والا ہونا۔ العِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ. الشَيْءُ: پتلا ہونا لَهُ: رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ. الشَيْءُ: پتلا ہونا العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا اللَيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا المَاءُ: پایاب ہو جانا۔
الرِقّ. س. غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَقّ. لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق۔
الرِقّ والرُقّ والرَقَق. نرم و کشادہ زمین۔
الرُقّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَقَق. کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَقَّة. زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق. الرَقَّة: ایک شہر کا نام۔ الرَقَّتَان: دو شہر ہیں جن کے نام رقة ورافقه ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِقَّة. رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّةُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّةُ الجانب: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَقَاق. بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُقَاق. پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُقَاقَة) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَقِيْق. پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِيْقَة. ج رِقَاق. کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِيْقُ المَعَانِي" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَيْشٌ رَقِيْقُ الحَوَاشِي" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی

زندگی۔ و "رَجل رَقِیْق الحَال" کم مال والا مرد۔ و "لَفظٌ رَقِیْقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَقِیْق: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہاجاتا ہے۔ عَبدٌ رَقِیْق و عَبِیدٌ رَقِیْق اور کبھی اِرقَاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِیْق اور رَقِیْقَة دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیْقُ الاَنف: ناک کا نرم حصہ۔ الرَقِیْقَان: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔ مَرَاقُ البَطنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔ المُرَقَّق: چوڑی پتلی روٹی۔ المِرْقَاق: بیلن۔ المُسْتَرَق: چیز کا نرم حصہ۔

رَقَأَ (ف) رَقْأً و رُقُوْءًا۔ الدَمعُ اَوِ الدَمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَینَهُم: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا۔ فِی الدَرَجَة: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلیٰ ضَلْعِكَ" اِرْقَ عَلیٰ ظَلْعِكَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔

اِرْقَأَ الدَمَ اوِ الدَمعَ: خشک کرنا۔ الرَقُوْءُ: خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔ المَرْقَأَة والمِرْقَأَة: سیڑھی۔ زینہ۔ الرَقَاء: فساد۔

رَقَبَهُ (ن) رُقُوْبًا و رُقُوْبًا و رَقَابَةً و رِقْبَانًا و رِقْبَةً و رَقْبَةً: نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا۔ النَجمَ: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا۔ ہ: گلے میں رسّی ڈالنا۔ رَاقَبَهُ: نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰهَ فِی اَمرِهٖ: خوف کرنا۔ اَرْقَبَهُ الدَارَ: بشرط رُقْبیٰ زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبیٰ) اَرْقَبَهُ الرُقْبیٰ: کسی کے لیے رُقبیٰ کرنا (دیکھو لفظ رُقْبیٰ) تَرَقَّبَهُ و اِرْتَقَبَهُ: انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ: چڑھنا۔ تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔ الرَقَب: گردن کی موٹائی۔

الرُقْبیٰ: کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔ الرِقْبَة: احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباء و اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہاجاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔ الرَقَبَة: گردن یا پس گردن۔ ج رِقَاب و رَقَبَات و رَقَب و اَرْقُب۔ الرَقَبَة: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُمْ غِلَاظُ الرِقَاب" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔ الرُقْبَة: چیتے کے شکار کے لیے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔ الاَرْقَب: مؤنث رَقْبَاء۔ و (الرَقَبَان والرَقَبَانی) موٹی گردن والا۔ الاَرْقَب: شیر۔ الرَقُوْب: میراث کے لیے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَقُوْبُ مِنَ الشُیُوْخِ وَالاَرَامِل: وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمّ الرَقُوْب: مصیبت۔ الرَقِیْب: ج رُقَبَاء: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس ماندگان۔ چچازاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیْبُ الجَیْش: دیدبان۔ ج رُقُب و رَقِیْبَات: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِهٖ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَقِیْب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ الرَقَابَة: مالک کی غیبوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔ المَرْقَب والمَرْقَبَة: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ۔ ج مَرَاقِب۔ المِرْقَب: دوربین۔

رَقَحَ مَالَهُ: بہتر انتظام کرنا۔ تَرَقَّحَ لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا۔ اِرْتَقَحَ: زیادہ ہونا۔ الرَقَاحَة: کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَة) اَهْلِهٖ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے کمائی کرنے والا ہے۔ الرَقَاحِی: سوداگر۔

رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا: سونا۔ صفت (رَاقِد) ج رُقُوْد و رُقَّد۔ السُوْقُ: بازار کا مندا پڑنا۔ الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الاَمرِ: کام سے غافل ہونا۔ عَنْ ضَیْفِهٖ: مہمان کی خبرگیری نہ کرنا۔ الثَوبُ: پرانا ہونا۔ اَرْقَدَ: سلانا۔ اَرْقَدَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ القَوْمُ عَلیٰ فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔ اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا: جلدی کرنا۔ اِسْتَرْقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔ الرَقْدَة: نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔ الرُقَدَة والیَرْقُوْد: بہت سونے والا۔ الرَقُوْد: ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَة رَقُوْدُ الضُحیٰ" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔ الرَقَدَان: بکری کے بچہ وغیرہ کی اچھل کود۔ الرَاقُوْد: بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِیْد۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔ التَرْقِیْد: ایک قسم کی چال۔ تَرْقِیْدُ البَیْض: بچے نکالنے کے لیے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔ المَرْقَد: خواب گاہ۔ ج مَرَاقِد۔ المُرْقِد: خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقْرَقَ المَاءَ: چھڑکنا۔ العَیْنَ: آنسو بہانا۔ الخَمْرَ: پانی ملانا۔ الطِیْبَ فِی الثَوْبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقْرَق. الماءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا العَیْنُ: آنسو بہانا الدَّمْعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔

الرَّقْرَاق. وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمْعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ مِنَ السَّحَابِ: آنے جانے والا بادل۔

الرُّقَارِق. سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔

رَقَزَ(ن) رَقْزًا. ناچنا العِرْقُ: اُچھلنا۔

الرَّقَّاز. ناچنے والا۔

رَقَشَه(ن) رَقْشًا. نقش کرنا الکَلَامَ: لکھنا، سجانا۔

رَقَّش. الکَلَامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا الصَّحِیْفَةَ: سطریں کرنا الرَّجُلَ: عتاب کرنا الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

تَرَقَّش. مزین ہونا۔

ارْتَقَش. حسن زینت ظاہر کرنا الجَیْشُ: لڑائی میں گھ جانا۔

الاَرْقَش. سفید و سیاہ چیتوں والا۔ مؤنث رَقْشَاء.

الرَّقْش والرَّقَشَة. ایک قسم کا رنگ جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔

الرَّقْشَاء. مِنَ الحَیَاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔

رَقَصَ(ن) رَقْصًا. ناچنا۔ اضطراب کرنا النَّبِیْذُ: جوش مارنا فِی الکَلَامِ: جلدی جلدی بولنا (رَقْصًا ورَقَصًا و رَقَصَانًا) الجَمَلُ: اونٹ کا دوڑنا۔

رَقَّصَه وأَرْقَصَه. نچانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِرْقَصَ القَوْمُ فِی سَیْرِهِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔

اِرْتَقَصَ. السِعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

تَرَقَّصَ. الشَّیُٔ: جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔

اَلرَّقَّاصُ: وہ پتلی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاگہ کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔

الرَّقَّاص. بہت ناچنے والا۔ اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)

الرَّقَّاصَةُ رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین۔

شِعْر (مُرَقِّص) وجد میں لانے والا شعر۔

فَلَاةٌ (مُرْقِصَة) بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے پر اُبھارے۔

رَقِطَ(س) رَقَطًا. سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔

رَقَّط. عَلَی الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔

تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارْقَطَّ ارْقِطَاطًا و ارْقَاطَّ ارْقِیْطَاطًا. سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (اَرْقَط) مؤنث رَقْطَاء ج رُقط الاَرْقَط: چیتا۔

الرُّقْطَه. سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔

الرَّقْطَاء. فتنہ وفساد۔

اَلرَّقْطَاءُ. زیبائشی پودا۔

رَقَعَ(ف) رَقْعًا. الثَّوْبُ: کپڑے پر پیوند لگانا الغَرَضَ بِسَهْمِهِ: نشانہ پر مارنا ذَنَبَه بِالسَّوْطِ: دُم پر کوڑے سے مارنا فِی السَّیْرِ: تیز چلنا الرَّجُلَ: ہجو کرنا الشَّیْخُ: اُٹھنے کے لیے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔

رَقُعَ(ک) رَقَاعَةً. بیوقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِیْع واَرْقَع و مَرْقَعَان)

رَقَّعَ تَرْقِیْعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْیَاه بِآخِرَتِهٖ" اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ و "هُوَ صَاحِبُ تَرْقِیْع و تَوْصِیْلٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمْرَ: ہمیشہ شراب پینا۔

اَرْقَعَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلَادَ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (اِرْتَقَعَ) بِهٖ وَلَه" یعنی اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ: قابل مرمت ہونا۔

الرَّقْع. س۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقْعَة. نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقْعَة. تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ: شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ: جس پر نشانہ لگایا جائے۔ رُقْعَةُ الْاَرْضِ: زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّیْءِ: چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَع ورِقَاع کہا جاتا ہے "فِی هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقْعَاء. اَرْقَع کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعَاء: مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِیْع. آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج اَرْقِعَة.

جُوْع (یَرْقُوْع) سخت بھوک۔

المُرْتَقَع. کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا اَرَیٰ فِیْهِ مُرْتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

اَرْقَلَ. دوڑنا۔ پویہ چلنا المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ اَرْقَلَتِ النَّخلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقْلَة. کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَال و رَقْل.

الرَّاقُوْل. کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پاسی۔

المِرْقَال والمُرْقِلْ والمُرْقِلَة. مِنَ الابِلِ: تیز رفتار اونٹ۔ ج مَرَاقِیْل ومَرَاقِل ومُرْقِلَات.

رَقَمَ(ن) رَقْمًا ورَقَّمَ. لکھنا الکِتَابَ: اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا البَعِیْرَ: اونٹ پر داغ لگانا الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ یَرْقُمُ

عَلَی المَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہین جو کاموں میں حاذق وماہر ہو۔
الرَقْم. س۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ مہرج اَرْقَام و رُقوْمُ الاَرْقَامُ الهِنْدِيَّةُ: ہندسے۔
الرَقْم الرَقِمِ و بِنْتُ الرَقِم. مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بالرَقْم او بالرَقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَقِم الرَقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔
الرَقْمَة. باغ۔ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی۔ کہا جاتا ہے "ما وَجَدْتُ فِيْ الاَرْضِ اِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔
الرَقَمَة. ایک قسم کی نباتات۔
الرَقِيْم. کتاب۔ لکھا ہوا۔
الاَرْقَم. ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج اَرَاقِم. اس کی مادہ کو رَقماء نہیں رَقْشَاء کہتے ہیں۔ الْارقَمْ: قلم۔
الرَقَم والرُقْمَة. چتی دار سانپ کا رنگ۔
المِرْقَم. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.
المَرْقُوْم. ـئ۔ كِتَابٌ مَرْقُوْم: واضح لکھی ہوئی کتاب۔ ثَوْرٌ مَرْقُوْمُ القَوَائِم: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ: تھوڑی گھاس والی زمین۔
رَقَنت (ن) رَقْنًا. الجَارِية: لڑکی کا مہندی لگانا۔
رَقَّنَهٗ. نقش و نگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الكِتَابَ: مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔ الخَطَّ: نقطے لگانا (وَاَرْقَنَ) لِحْيَتَهٗ: داڑھی پر خضاب لگانا۔
اَرْقَنَ وتَرقَّنَ اِرْتَقَنَ واِسْتَرْقَنَ. خضاب لگایا ہوا ہونا۔
الرَقِيْن والمَرْقُوْن. لکھا ہوا۔
الرِقَان والرَقُوْن والاِرْقَان. مہندی یا زعفران۔
الرَقْن. مردار خوار پرند کا انڈا۔
الرَقْوُ والرَقُوَة. گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔
رَقِي (س) رَقْيًا و رُقيًا. الجَبلَ و فِيْهِ والَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَ علَىٰ ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔
رَقیٰ (ض) رَقْيًا ورُقِيًا ورُقْيَةً. ہ و عَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لیے منتر کرنا۔
رَقَّاهٗ تَرْقِيَةً. بلند کرنا۔ چڑھانا۔
اِرْتقیٰ اِرْتِقَاءً وتَرقّیٰ تَرقِّيًا. الجَبَلَ وفِيْهِ واِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا فِي السُلَّم: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا بِهٖ الاَمْر: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يترقَّى بِهٖ الاَمْرُ حَتّىٰ بَلَغَ غَايَتَه" فلاں کے لیے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ و تَرَقَّي الرَجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔
تَرَاقیٰ. اَمْرُهُمْ اِلَى الفَسَادِ. معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔
اِسْتَرْقَاه. منتر کرنے کو کہنا لَهٗ کسی کے لیے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔
الرُقيَة منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقیٰ ورُقْيَات ورُقَيَات.
الرَاقِي. فا. منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة ورَاقُوْنَ مؤنث رَاقِية ج رَوَاق اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَادِيَةٌ کے۔ تا مبالغہ کیلئے ہے، تانیث کی نہیں۔
الرَقَّاء. ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔
المُرْتقیٰ. چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔
التَرقُوَة. ہنسلی کی ہڈی۔ ج تراقی
المَرْقیٰ والمِرْقَاة والمَرْقَاة. سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاق.
رَكَّ (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً. ضعیف وکمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْه مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو الرَجُلُ کم علم یا کم عقل ہونا۔
رَكَّ (ن) رَكًّا. الشَيْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رُكَّ الاَمْرَ فِي عُنُقِه" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا الشَیْءَ بيدهٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔
رَكَّكَ واَرَكَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔ اَرَكَّ الحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔
اُرِكَّتْ ورُكِّكَت الاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔
اِرْتكَّ. مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ في الاَمْرِ: شک کرنا۔
اِسْتَركَّهٗ. کمزور سمجھنا یا کمزور پانا
الرِكّ واِلرِكَّ. ج۔ رِكَاك واَرْكَاك و (الرِكَّة والرَكِيْكَة) ہلکی بارش۔ اَرضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِكّ: لاغر۔
الرُكَاك والاَرَكّ. کمزور عقل۔ کمزور رائے۔
الرَكِيْك. ج رِكَاك ورَكَكَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَكِيْك مِنَ الكَلام: پھس پھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَكِيْكُ العِلْم: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِيْكُ النَسْج: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔
الرُكَاكَة کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ و مَرأةٌ رُكَاكَة" ج رِكَاك.
الرُكُوكَة. کمزوری۔
رَكِبَ (س) رُكُوْبًا و مَرْكَبًا. الدابة و علَى الدابة: چڑھنا۔ سوار ہونا البَحْرَ. دریائی سفر کرنا الطَرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔ اَثَرَه: پیچھا کرنا هَوَاه: مطیع خواہشات ہونا رَاسَهٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا الذَنْبَ: ارتکاب کرنا الخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ رَكِبَهُ الدَيْنُ: مقروض ہونا۔
رَكَبَ (س) رَكَبًا. بڑے زانو والا ہونا۔
رَكَبَهٗ (ن) رَكْبًا. زانو پر مارنا۔

رُکِبَ زانو میں درد والا ہونا۔

رَکَّبَ. الشَیٔ ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ہٗ الفَرَسَ سوار کرانا۔

اَرْکَبَہٗ سواری دینا المُھْرُ: سواری کے قابل ہونا۔

تَرَکَّبَ ترکیب پانا۔

اِرْتَکَبَہٗ سوار ہونا الذَنبَ: گناہ کر بیٹھنا الامْرَ دلیری سے گھس پڑنا۔

الدَّیْنَ قرض زیادہ لینا۔

تَرَاکَبَ. الاَمْرُ تہ بتہ ہونا۔

الرَّکْبُ اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْکُبْ و رُکُوْب.

الرِکْبَة "رَکِبَ الدَابَۃَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ الرِکْبَۃ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُکْبَة زانو۔ گھٹنا۔ ج رُکَب و رُکَبات و رُکُبَات. کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اِصْطَکَّتْ فِیْہِ الرُکَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُکْبَۃُ الدَجَاجَة و رُکَبۃ الرَامِیْ: دو ستاروں کے نام۔

الرِکَاب زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُکُب. الرِکَاب: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَۃٌ ہے۔ ج رُکُب و رَکَائِب و رِکَابات. رِکَابُ السَحَاب: ہوائیں۔

الرَکُوْب بہت سوار ہونے والا۔

(والرَکُوبة) سواری کا اونٹ۔ سواری۔ ج رَکَائِب. طَرِیْقٌ رَکُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔

الرَکَّاب. بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَکَّابَۃٌ.

اَلْمَرْکَبَاتُ واحد مَرْکَبَۃٌ: مختلف شکلوں کی ساماں والی (راہٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔

الرُکَّاب. کابوس۔

الرَاکِبُ. فا سوار۔ ج رُکَّاب و رُکْبَان و رُکُوب و رِکَبَة و رَکْبٌ و رَکَبَة. مؤنث رَاکِبَۃٌ ج رَوَاکِب پہاڑ کی چوٹی۔

الرَاکِب الرَاکِبَة والرَاکُوْب والرَاکُوبَۃ درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَکِیْب. جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نخلٌ رَکِیْبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔

الاَرْکَب. بڑے زانو والا۔ بَعِیرٌ اَرْکَب: اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔

المَرْکَب. سـ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔

المُرَکَّبُ. مـ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ المُرَکَّب" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے۔ الجَھْلُ المُرَکَّب: باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔

المَرْکُوْب مفـ سواری۔ ج مَرَاکِیب.

رَکَحَ (ف) رَکْحًا وارْتَکَح. عَلَی الشَیٔ والَیْہ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (رُکُوْحًا) اِلَیْہ مائل ہونا۔

اَرْکَحَ. عَلَیْہِ: سہارا لینا ہٗ اِلَیْہِ: ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْکَحْتُ اِلَیْہِ ظَھْرِیْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔

تَرَکَّحَ فی المَعِیْشَۃِ: حصول معیشت کے لیے تصرف کرنا فِی الدَار: فراخی و کشادگی کرنا بالمَکَان: اقامت کرنا، ٹھہرنا۔

الرُکْح. پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُکُوْح.

اِرْکَاح. الاِرْکَاح: راہبوں کے مکانات۔

الرُکْحَة گھر کا صحن۔ ج رُکَح.

الرَکْحَاء. سخت بلند زمین۔

جَفْنَة (مُرْتَکِحَۃٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔

رَکَدَ (ن) رُکُوْدًا. المَاءُ اوِ الرِیحُ: ٹھہرنا۔

المِیْزَانُ: ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِیْرُ العِنَبِ: جوش ٹھنڈا پڑنا العَکَرُ والثُفْلُ: تلچھٹ بیٹھنا الشَمْسُ بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَدَت رِیْحُھُم" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔

الرَاکِد. فا. ٹھہرا ہوا۔

الرَکُوْد. بھرا ہوا پیالہ: ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَرَاکِد. ٹھہرنے کی جگہیں۔

رَکْرَکَ. الشَیٔ: کمزور ہونا الرَجُلُ: بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ رَکْرَکَۃٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔

رَکَزَ (ن ض) رَکْزًا. الرُمْحَ و نَحْوَہٗ: زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔

رَکَّزَ. الرُمْحَ: گاڑنا۔

اَرْکَزَ. المَعْدِنُ: دھات والا ہونا۔

الرَجُلُ: کان پانا۔

اِرْتَکَزَ. العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔

الشَیٔ: اپنی جگہ میں برقرار رہنا عَلَی العَصَاءِ: لاٹھی پر سہارا لینا۔

الرِکْز. دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔

اَلرَّاکِزُ صاحب وقار و سنجیدہ آدمی

الرِکْزَة. حزم۔ حکمت۔ ثبات عقل۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہٗ فَمَا رَاَیْتُ لَہٗ رِکْزَۃً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِکْزَة: چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اُکھیڑ لیا جائے۔

الرَکِیْزَة. زمین کے اندر دفن کئے ہوئے جواہر۔ ج رَکَائِز.

الرِکَاز. زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِکْزَۃٌ) ج اَرْکِزَة و رِکْزَانٌ.

المَرْکَز. دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاکِز. مرَاکِزُ الأسنان. دانت نکلنے کی جگہیں۔

رَكَسَ (ن) رَكْسًا. الشَّيْءَ: اُلٹ دینا۔ البَعِيْر: اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھئے لفظ رکاس)

اَرْكَسَهٗ. اوندھا کرنا الشَّيْءَ: پہلی حالت پر لوٹادینا الثَّوْبَ فِي الصِّبْغ: کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا الجَارِيَةُ: پستان اُبھرنا شروع ہونا۔

تَرَاكَسَ. الشَّعْرُ: بالوں کا تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَكَسَ. اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِيْ مَكَانِهٖ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الرِّكْس. پلیدی۔ گندگی مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔

الرَّاكِس. وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔

الرِّكَاس. رسّی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔

الرَّكَاسَة والرِّكَاسَة. جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ؛ کیل وغیرہ۔

الرَّكِيْس. اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔

رَكَضَ رَكْضًا. دوڑنا۔ پاؤں ہلانا ٥: دفع کرنا الفَرَسَ بِرِجْلَيْهِ: گھوڑے کو ایڑ لگانا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا مِنْهُ: جلدی سے بھاگنا۔

النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا القَوْسَ: تیر اندازی کرنا الاَرْضَ والثَّوْبَ: پیر سے ملنا۔

رُكِضَ. الفَرَسُ: دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْكُوْض)

رَاكَضَهٗ مُرَاكَضَةً. گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَاكَضَ. القَوْمُ: باہم دوڑانا۔

اِرْتَكَضَ. ہلنا۔ مضطرب ہونا الجَنِيْنُ: پیٹ میں حرکت کرنا الرَّجُلُ فِيْ اَمْرِهٖ: اپنے معاملہ میں تصرف کرنا خَيْلَهُمْ اِلَيْهِ: دوڑانا القَوْمُ فِي المَيْدَان: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّكْضَة. حرکت۔ دھکا۔

الرَّكُوْض. تیز دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَكُوْضٌ: جلدی تیز پھینکنے والی کمان۔

المِرْكَاض. بہت دوڑنے والا۔

المِرْكَض. آگ سلگانے کی چیز مِنَ القَوْس: کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاكِضُ۔

مَرَاكِض الحَوْض. حوض کے کنارے۔

المِرْكَضَة. کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مُرْكَضَة) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔

رَكَعَ (ف) رَكْعًا ورُكُوْعًا. سر جھکانا۔ پشت۔ خم کرنا اِلَى الله: اللہ کے سامنے پست ہونا الرَّجُلُ: توانگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔

رَكَّعَهٗ واَرْكَعَهٗ. جھکوانا۔

الرَّاكِع. فا. سر جھکانے والا۔ ج۔ رَاكِعُوْن و رُكَّعٌ ورُكُوْع.

الرُّكْعَة والرَّكْعَة. زمین کا گڑھا۔

الرَّكْعَةُ: رکع کا اسم مرۃ۔

رَكَلَه (ن) رَكْلًا ورَكَّلَه. لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَكَلَ الفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگائی۔

رَكَلَتِ الْخَيْلُ الاَرْضَ: زمین پر سم مارنا۔

رَاكَلَ. صَاحِبَه: ایک دوسرے کو لات مارنا۔

تَرَاكَلَ. القَوْمُ: باہم لات مارنا۔

تَرَكَّلَ. الحَافِرُ بالمِسْحَاةِ و عَلَيْهَا: پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَكَّلَتِ الاَرْضَ: کھروں سے کھدنا۔

الرَّكْل. گندنا۔ (الرَّكَّالُ) گندنا فروش۔

الرَّكْلَة. رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔

المَرْكَل. راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِل. تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَهْدُ المَرَاكِل" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔

المِرْكَل. سوار کا پیر۔ ج مَرَاكِل.

رَكَمَ (ن) رَكْمًا. الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔

تَرَاكَمَ وارْتَكَمَ. الشَّيْءُ: ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاكَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔

الرَّكْم. تہ بتہ بادل۔

الرُّكْمَة. کیچڑ کا ڈھیر۔ الرُّكَام. تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔ قَطِيْعٌ. رُكَام: بڑا ریوڑ۔

اَلرَّكِيْمَةُ (اَلذَّرِّيَّة) ایٹمی مواد پیدا کرنے کا آلہ۔

اَلْمِرْكَمُ: بجلی بھرنے کا آلہ۔

مُرْتَكِمُ. الطَّرِيْق: شاہراہ۔

المَرْكُوْم. سَحَابٌ مَرْكُوْمٌ: تہ بتہ بادل۔ نَاقَةٌ مَرْكُوْمَةٌ: موٹی اونٹنی۔

رَكَنَ (ن) ورَكِنَ (س) رُكُوْنًا. اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔

رَكُنَ (ک) رَكَانَةً ورُكُوْنَةً. صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔

اَرْكَنَ. اِلَيْهِ: بھروسہ کرنا۔

تَرَكَّنَ. مضبوط و صاحب وقار ہونا۔

الرُّكْن. باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ مِنَ الشَّيْءِ: جز۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُكْنٌ مِنْ اَرْكَانِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُكْنُ الرَّجُل: آدمی کی قوم۔ ج اَرْكَان واَرْكُنْ. الاَرْكَان: اجسام بسیطہ جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ؛ پانی؛ ہوا اور مٹی۔

الرَّكْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

اَرْكَانُ الْحَرْب: فوجی قیادت کے قائدین۔ وہ جگہ جہاں فوجی قائدین رہائش پذیر ہوں۔

الرَّكِيْن. ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔

الرَّكِيْنُ مِنَ الجِبَال: بلند اطراف والا پہاڑ۔

الرُّكَيْن. چوہا۔ جنگلی چوہا۔

اَلاَرْكُوْن. رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاكِنَة (کلمہ یونانیہ ہے)

المِرْكَن. لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔

ج مَرَاكِن.
اَلْمُرْكِنّ. بڑا تھن۔ نَاقَةٌ مُرْكِنَةٌ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
رَكَا(ن) رَكْوًا. الاَرْضَ. کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو بنا کر تیار کرنا الاَمْرَ: درست کرنا الشَّیءَ: باندھنا الاَمْرَ: مؤخر کرنا الحَمْلَ عَلَى البَعِيْرِ: بوجھ دو چند لادنا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا عَلٰى فُلَانٍ: برائی بیان کرنا۔
اَرْكٰى اِرْكَاءً. الاَرْضَ: کھودنا۔ الحَوْضَ: حوض کو تیار کرنا الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ عَلَيْهِ: برائی بیان کرنا اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ لَهُمْ جُنْدًا: کسی کے لیے فوج تیار کرنا۔
رَاكٰى. عَلَى الاَمْرِ: کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَرَكّٰى واِرْتَكٰى. عَلَيْهِ: کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
الرَّكْوَةُ. بتثليث الرَّاء: چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں۔ الرِّكْوَةُ: چھاگل ج رِكَاءٌ ورَكَوَاتٌ.
الرَّكِيَّةُ. پانی والا کنواں۔ ج رَكَايَا ورَكِيٌّ.
المُرْتَكِي والمُرَاكِي. ہمیشہ رہنے والا۔
المَرْكُوُّ. کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔
الرَّكِيُّ. ضعیف وسُست۔
رَمَّ (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً. البِنَاءَ اَوِ الاَمْرَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا السَّهْمَ بِعَيْنِهِ: تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا البَهِيْمَةُ: چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا الشَّیءَ: کھانا۔
رَمَّ(ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِيْمًا. العَظْمُ: ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِيْم) ج اَرْمَاءٌ رَمَّ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ. العَظْمُ: بوسیدہ ہونا۔ پُر مغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَى اللَّهْوِ: کھیل کی طرف مائل ہونا۔ القَوْمُ: خاموش ہونا۔

رَمَّمَ. البِنَاءَ: عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَرَمَّمَ. الشَّیءَ: کسی چیز کی اصلاح ودرستی کے درپے ہونا اَلْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَمَّتْ. البَهِيْمَةُ: چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَى الخِوَانِ: کھا کر دسترخوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ. البِنَاءُ: عمارت کا قابل مرمت ہونا الرَّجُلُ: کسی چیز کی درستی کیلئے بلانا۔
الرَّمُّ. مٹی اور کہا جاتا ہے "مَا لِي مِنْهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ و "مَالَهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الرِّمُّ. نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" وہ بری و بحری چیزیں یا خشک و ترچیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔
الرِّمُّ. غم۔ جماعت۔
الرَّمَّاءُ. مِنَ النِّعَاجِ: سفید بھیڑ۔
الرُّمَّةُ. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ ج رُمَم اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ الشَّیءَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔
الرِّمَّةُ. پرانی رسّی کا ٹکڑا۔ پر دار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَم ورِمَام.
الرَّامَّةُ. مِنَ الجَوَارِي: بہتر کارپرداز وماہر لڑکی۔ ج رُمُم.
حَبْلٌ (رِمَامٌ واَرْمَام ورِمَمٌ) پرانی وبوسیدہ رسّی۔ الرَّمِيْم والرُّمَام. بوسیدہ۔
الرُّمَامَةُ. بقدر ضرورت گزارہ۔ کہا جاتا ہے "اِكْتَفٰى بِالرُّمَامَةِ" اس نے بقدر ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔
المِرَمَّةُ والمَرَمَّةُ. کھر دار جانور کا ہونٹ۔
المُرِمَّاتُ. مصیبتیں۔
رَمَأَ (ف) رَمْأً ورُمُوْءًا. بِالمَكَانِ: اقامت کرنا الخَبَرَ: گمان کرنا اور اندازہ کرنا (واَرْمَأَ) عَلَى المِائَةِ: زائد ہونا۔ اَرْمَأَ اِلَيْهِ: قریب ہونا۔

مُرَمَّاتُ. الاَخْبَارِ: جھوٹی خبریں۔
رَمَثَهُ(ن) رَمْثًا. درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ الشَّیءَ بِالشَّیءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔
رَمِثَ(س) رَمَثًا. اَلْبَعِيْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔ اَمْرُهُمْ: گڈمڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔
رَمَّثَ. عَلَى المِائَةِ: زائد ہونا۔ (و اَرْمَثَ) الحَالِبُ فِي الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔
اَرْمَثَ واِسْتَرْمَثَ. فِي مَالِهِ: باقی رکھنا۔
اَرْمَثَ الشَّیءَ: نرم کرنا۔
الرِّمْثُ. غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور وتلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد۔ کمزور پیٹھ والا۔
الرَّمَثُ. تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کے عبور کرنے کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلٰى فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پرانی رسّی۔ ج اَرْمَاثٌ و رِمَاثٌ. اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ اَرْمَاثٌ" پرانی رسّی۔
الرُّمْثَةُ. دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔
الرَّمْثَاءُ والمَرْمَثَةُ. رمث گھاس اگانے والی زمین۔
الرَّمَّاثَةُ. مادہ نیل گائے۔
رَمَحَ(ن) رَمْحًا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
رَمَّحَ. الكَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔
رَامِحٌ. فا. پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا اُلو کہ اُس کے پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اِس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔
الرَّمَاجُ. نیزے کی گرہیں اور پورے۔
رَمَحَ (ف) رَمْحًا. نیزہ مارنا۔ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔
رَامَحُوْا. باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرامَح. القَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الرُمْح. نیزہ۔ ج رِمَاح وَاَرْمَاح. کہا جاتا ہے "کَسَرُوا بَیْنَھُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر وفساد واقع ہو گیا۔ و "رُمِیْنا بیومٍ کظِلِّ الرُمْحِ" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ و "هُمْ عَلٰی بَنِی فُلَانٍ کَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلان کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "وَاخَذَتِ الاِبْلُ رِمَاحَھَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچا لیا۔ الرُمْحُ: فقر وفاقہ۔

الرَامِح. نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِیْ کَذَا ہے اور اس کے لیے فعل نہیں)

ثَورٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السِمَاکُ الرَامِح: ایک ستارہ کا نام۔

الرَمَّاح. نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحَة. والرَمَّاحَة مِنَ القِسِیِّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔

الرِمَاحَة. نیزہ سازی۔

دَابَّةٌ (رَمَّاحَةٌ ورَمُوْحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔

اَرْمَخ. الرَجُلُ: نرم وتابع ہونا۔

اَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔

الرِمْخ. بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً. سردی سے ہلاک ہونا۔ (ن ض) (رَمْدًا) القَوْمَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔

رَمِدَتْ (س) رَمَدًا. العَیْنُ: آنکھ دکھنا الرَجُلُ: آشوبِ چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَیْشُ القَوْمِ: ہلاک ہونا۔

رَمَّدَ. الشَیْئَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَاقَةُ: تھن والی ہونا۔

اَرْمَدَ. محتاج ہونا القَوْمُ: قحط وخشک سالی میں پڑنا۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔ العَیْنَ: مبتلائے آشوبِ چشم کرنا۔ اَرْمَدَہٗ. راکھ جیسا کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔

اِرْمَدَّ. الشَیْئُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔ العَیْنُ: آنکھ دکھنا فُلَانٌ: شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔

الرَمَد. آشوبِ چشم۔ آنکھ کا دکھنا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لیے تکلیف دہ ہو۔

الرَمِد. آشوبِ چشم والا مِنَ المِیَاہِ: متغیر پانی مِنَ الثِیَابِ: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ.

الاَرْمَد. آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوْبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء. الرَمْدَاء: شتر مرغ۔ ج رُمْدٌ.

الرَمَاد. راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ یَنْفُخُ فِی رَمَادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔

الرَمَادَة. ہلاکت۔

الرِمْدَة. تھوڑی سی چیز۔

الرُمْدَة. خاکستری رنگ۔

الرَمَادِیّ. خاکستری رنگ کا۔

الرِمْدِدَاء والاِرْمِدَاء. خاکستر۔ راکھ۔

المُرْمِدُ والمُرْمَدُّ. آشوبِ چشم والا۔

المُرَمَّد. گرم راکھ میں بھونا ہوا۔

رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا. اِلَیْهِ: اشارہ کرنا۔ ہ بکذا: برانگیختہ کرنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا. الظَبْیُ: ہرن کا چھلانگ مارنا غَنَمَهٗ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔

رَمُزَ (ک) رَمَازَةً. بہت حرکت کرنا۔ عقلمند ہونا۔ بزرگ وشریف ہونا۔

تَرَمَّزَ. وارْتَمَزَ. تیار ہونا مِنَ الضَرْبَةِ: مار سے تلملا اٹھنا القَوْمُ: اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔

اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا. الرَجُلُ: جگہ سے ہٹنا جگہ سے چپٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔

تَرَامَزَ. القَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلتُ عَلَیْهِمْ فَتَغَامَزُوْا وَتَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔

الرَمْز والرُمُز والرَمَز. اشارہ۔ ج رُمُوز.

الرَمِیْز. مکرم ومعظم۔ اصیل۔ عقلمند۔ بہت حرکت کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِیْزُ الفُؤَادِ" تنگ دل مرد۔

الرَمَّازَة. دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا لشکر۔

التَرَامِز. مِنَ الاِبِلِ: پوری قوت والا اونٹ اِبِلٌ (مَرَامِیْز) بہت حرکت کرنے والا اونٹ۔

الرَمْزِیَّةُ: شعری مسلک جو کہ اشاروں کے ساتھ چیزوں اور ان کے ہم جنس کے درمیان تشبیہ دیتے ہیں۔

الرَامُوْز. سمندر۔ اصل۔ نمونہ۔ ج رَوَامِیْز.

الرُمَیْز. چھڑی۔

رَمَسَہٗ (ض ن) رَمْسًا. ڈھانپنا۔ دفن کرنا الخَبَرَ: چھپانا۔ القَبْرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا۔ ہ بالحَجَرِ: کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی (رَمِیْس و مَرْمُوْس)

اَرْمَسَ. المَیِّتَ: دفن کرنا۔

اِرْتَمَسَ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔

الرَمْس. قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو۔ قبر کی مٹی۔ پست آواز۔ ج رُمُوْس واَرْمَاس.

الرَوَامِس. رات میں اڑنے والے پرندے۔ ہر جانور جو رات کو نکلے۔ واحد (رَامِس) (وَالرَامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔

الرَامُوْس. قبر۔ ج رَوَامِیْس.

المَرْمَس. قبر کی جگہ۔

رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا. الشَیْئَ: انگلیوں سے پکڑنا۔ رَمَشَتِ الغَنَمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا ہ بالحَجَرِ: کسی کو پتھر مارنا ہ بِیَدِہٖ

ہاتھ سے چھونا۔
اَرْمَش. الشَجرُ: درخت پر پتے آنا۔ پھلدار ہونا الرجُلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا فِی الدَمْعِ: تھوڑے آنسو بہانا۔
الرَمْش. پلکوں کی سرخی سیلانِ آب کے ساتھ۔ پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا۔
الرُمْش. نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی۔
الرِمْش. س۔ پھولوں کا دستہ۔ رَمْشُ العَیْنِ: پلک۔
الاَرْمَش. خوبصورت بناوٹ والا۔ مؤنث رَمْشَاء. ج رُمْش (والمُرَمَّش) چندھی آنکھوں والا۔ الاَرْمَش: مختلف رنگوں والا۔
اَرضٌ (رَمْشَاء) بہت گھاس والی زمین۔ خشک بے گھاس کی زمین (ضد)
المِرْمَاش. دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا۔ ج مَرَامِیْش.
رَمَصَ (ن) رَمْصًا. اللّٰہُ مُصِیْبَتَهُ: مصیبت کو دفع کرنا۔ دور کرنا بَیْنَهُمْ: صلح کرانا الشَیْئَ: ٹٹولنا اِلَیْهِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا الدَجَاجَةُ: بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوْص) السِبَاعُ: بچے جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ اُماً رَمَصَتْ بِهِ" برا کرے اللہ اس ماں کے لیے جس نے اس کو جنا ہے۔
رَمِصَت (س) رَمَصًا. عَیْنُهُ. کیچڑ بہنا۔ صفت مذکر (اَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصَاء) ج رُمْصٌ. رَمِصَ الرجُلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا۔
الرَمَص. س۔ آنکھ کا کیچڑ۔
رَمِضَ (س) رَمَضًا. النَهارُ: دن کا سخت گرم ہونا الشَمْسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا الرجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا۔
الطَائِرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا عَیْنُهُ: گرم ہو کر جل اُٹھنا لِلاَمْرِ: غصہ سے جل اٹھنا۔
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا. النَصلَ: باریک ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا (ورَمَّضَ واَرمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا۔ ورَمَضَ الصَوْمَ: روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا۔ واَرمَضَ الشَیْئَ: جلانا۔ اَرْمَضَ الرَجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ دکھ دینا۔ اَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا الاَمْرُ فُلاناً: غصہ سے جلانا۔
تَرَمَّضَ الصَیدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِرْتَمَضَ. مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اُٹھنا لِفُلانٍ: کسی کے لیے غمگین ہونا کَبِدُهُ: خراب ہونا الفَرَسُ بِهِ: کودنا۔
الرَمَض. س۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو۔
الرَمَضِیُّ. مِنَ السَحابِ والمَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل۔
رَمَضَان. قمری مہینوں کا نواں مہینہ۔ ج رَمَضَانَات و رَمَاضِیْن واَرْمِضَاء واَرْمِضَة.
الرَمْضَاء. گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔
الرَمَاضَة. ہر چیز کی تیزی۔
الرَمِیْض والرَمِیْضَة. مِنَ النِصَالِ: تیز بھالا۔
رَمَطَهُ (ض) رَمْطًا. عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَمَعَ (ف) رمعانًا. اَنْفُهُ: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔ صفت (رَمِعٌ) عَیْنُهُ بِالدُمُوعِ: آنسو بہانا بِیَدِهِ: ہاتھ سے اشارہ کرنا رَاسَهُ: سر ہلانا۔ رَمَعَتِ المَرْأَةُ بِالصَبِیِّ: عورت کا بچہ جننا (رَمْعًا ورَمعانًا) الرَجُلُ: تیز چلنا۔
رُمِعَ وارْمَعَ. السَاقِیْ: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا۔
رُمِعَت المَرْأَةُ بِالصَبِیِّ. عورت کا بچہ جننا۔
تَرَمَّعَ. غصہ سے کانپنا۔
الرَامِع. فا۔ سر کو جھکا کر اُٹھانے والا۔
الرُمْعَة. ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبتٍ" گھاس کا ایک قطعہ۔
الرَمَّاعَة. دبر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
الیَرْمَع. پھرکی۔ سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں۔ ج یَرَامِع. کہا جاتا ہے "تَرَکْتُه یَفُتُّ الیَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا۔ یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا۔
المُرَمَّعَة. بیابان۔ کہا جاتا ہے "اَتیٰ بِمُرَمَّعَاتِ الاَخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا۔
الرُمَاع. ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ پلا نہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔
رَمَغَ (ف) رَمْغًا. الشَیْئَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔
رَمَّغَ. رَاسَهُ: سر پر تیل لگانا الکَلامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا الطَعَامَ: سالن سے تر کرنا۔
رَمَقَهُ (ن) رَمْقًا. چھچھلتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ. دیر تک دیکھنا الکَلامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ہ بِالشَیْئِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَةً. العَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا الرَجُلَ: شر سے بچنے کے لیے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ النَخلَةُ تُرَامِقُ بِعِرقٍ" یعنی یہ درخت خرما نہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔
تَرَمَّقَ. المَاءَ واللَبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ واِرْمَاقَّ. الشَیْئُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔ اِرْمَاقَّ الرَجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔ اِرْمَقَّ الطَرِیْقُ: راستہ کا دراز ہونا۔
عَیْشٌ (رَمِقٌ ورَمَاقٌ) تنگ زندگی۔

الرماق. نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرمق. بقیہ زندگی۔ مِنَ العَیْش: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرماق. الرمق: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)
الرمقة والرُّماق والرِماق. مِن العَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لا یموت۔
الرامِق والرمُوق. فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُق.
رَجُلٌ (رُمَّق) کمزور مرد۔
المُرْمَقُ والمُرمَقّ. العَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔
المرامِق. بد خلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الیرمُوق. کمزور نظر والا۔
حبلٌ (اَرْماق) کمزور رسّی۔
رَمَكَ (ن) رُمُوکًا. بالمَکانِ: اقامت کرنا الاِبِلُ عَلَی الماءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا ٹھہرنا۔
اَرمَكَهُ. بالمَکان: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
اِرْمَكَّ اِرْمِکاکًا. دبلا پتلا ہونا۔ البَعِیْرُ اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَك) وصفت مؤنث رَمْکاءُ ج رُمْك.
اِسْتَرْمَكَ. القَوْمُ: حسب میں عیب دار ہونا۔
الرّامِك والرّامَك. ایک قسم کی خوشبو۔
الرَمَکة. گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لیے رکھی جائے۔ ج رَمَك ورِماك ورَمَکات واَرماك رَجُل رَمَکة: کمزور مرد۔
الرُمکة. اونٹوں میں خاکستری رنگ۔
رَمَلَ (ن) رَمْلًا. الطَعامَ: کھانے میں ریت ملانا النَسِیْجَ: باریک بننا السَرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثَوْبَ بالدَّمِ: کپڑے کو خون سے لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (رَمَلًا ورَمَلانًا ومَرْمَلًا) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔

رَمَلَت. المَرْأَةُ مِن زَوجِها عورت کا بیوہ ہونا النَسِیْجَ: باریک بننا الکَلامَ کلام کو گھٹیا قرار دینا الخَطَّ خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا الثَّوبَ بالدَّمِ کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔
اَرْمَلَ. القَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زادَهُم: توشہ ختم کرنا المَرْأَةُ: بیوہ ہونا۔ الحَبْلَ: رسّی دراز کرنا السَّهْمَ بالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا النَسِیْجَ: باریک بننا۔
تَرَمَّلَت. المَرْأَةُ: عورت کا بیوہ ہونا۔
تَرَمَّلَ وارْتَمَلَ. بالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔
الرَمْل. ریت۔ رَمْلَةٌ اس سے خاص ہے ج رِمال واَرْمُل عِلْمُ الرَمْلِ: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمّ رِمال: بجو۔
الرَمَل. تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔
الرَمْلَة. زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔
الرُمْلَة. کالی دھاری ج رُمَل واَرْمال.
الاَرْمَل. مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو۔ رنڈوا۔ ج اَرامِل و اَرامِلَة مؤنث اَرْمَلَة. عامٌ اَرْمَل کم بارش والا سال۔
الاَرْمَلَة. ضعیف و محتاج لوگ۔
سَنَةٌ (رَمْلاءُ) کم بارش والا سال۔ نَعْجَةٌ رَمْلاءُ بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔
الرَمّال. ریت بیچنے والا۔
المِرْمَل. چھوٹی بیڑی۔
المُرْمِل والمُرَمِّل. شیر۔
الرُمّان. انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمّانَة)
الرُمّانَة. ناف اور اس کا ارد گرد۔
المَرْمَنَة. انار اُگنے کی جگہ۔
رَمِهَ (س) رَمَهًا. الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

رَمَی (ض) رَمْیًا ورِمایَةً. الشَیْءَ و بالشَّیْءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمَی السَّهْمَ عَنْ اَوْ عَلَی القَوْسِ" تیر کو کمان سے پھینکنا المَکانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا اللّٰهُ لَهُ: مدد کرنا۔ رَماهُ بِکَذا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَی بِحَبْلِهِ عَلَی غارِبِهِ" اس نے اس کی رسّی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رَمَی عَلَی الخَمْسِیْنَ" زائد ہونا المالُ: بہت ہونا۔
رَمَی بِهِ عَلَی البَلَدِ: حاکم و والی بنانا۔
اَرْمَی اِرْماءً. الشَیْءَ مِنْ یَدِهِ: پھینکنا۔ هُ عَنْ فَرَسِهِ: گھوڑے سے گرا دینا۔ اَرْمَی عَلَی الخَمْسِیْنَ: زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔
رَاماهُ مُراماةً ورِماءً وتَرْماءً. ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رامی عَنْ قَوْمِهِ: تیر اندازی کرنا۔
تَرامَی تَرامِیًا. القَوْمُ: بعض کا بعض پر تیز اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا الاَمْرُ: تاخیر ہونا۔ السَّحابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔
تَرامَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔
تَرامَی الشَیْءُ: لگاتار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما زالَ الشَّرُّ یَتَرامَی بَیْنَهُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وتَرامَی اَمْرُهُ اِلَی الظَّفَرِ اَوِ الخِذْلانِ" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔
اِرْتَمَی اِرْتِماءً. پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رَماهُ فارْتَمَی" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا الصَّیْدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِهِ البِلادُ: وطن سے دور کر دینا۔ اِرْتَمَیا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔
تَرَمَّی. تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔
الرِمْیُ. پتھر پھینکنے کی آواز۔
الرَماءُ. زیادتی۔ ربوا۔ سود۔
الرَمْیَة. زیادتی "فِی هٰذا رَمْیَةٌ عَمّا قِیْلَ لِی" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں

زیادتی ہے۔ و "هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمی کا اسم مرۃ اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِي. فا۔ ج رُمَاة ورَامُوْن. ایک ستارہ کا نام۔

اَلرَّامِي اَو قَنَب سِيَام: بھنگ

الرَّمِيُّ. سخت بارش برسانے والا بادل۔ ج اَرْمَاء واَرْمِيَةٌ ورَمَايَا.

الرَّمِيَّة. شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا.

المِرْمى. تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ.

المِرْمَاة. چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

المَرْمى. مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا الكَلامُ بَعِيدُ المَرامِيْ" یہ کلام دوررس ہے۔ "وَمَا اَبعد مَرْمىٰ هِمَّتِهٖ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے "وَلَهٗ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ المَرْمىٰ" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ (ض) رَنِيْنًا واَرَنَّ. رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ واَرَنَّ اِلَيْهِ: کان لگانا۔

رَنَّتْ واَرَنَّتْ القَوْسُ: آواز کرنا۔ رَنَّ واَرَنَّ واِسْتَرَنَّ لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ. القَوْسَ: آواز نکالنا (تَرْنِيْنًا و تَرْنِيْنَةً) چیخنا۔

الرَّنَّة. آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَّنِيْن. آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الرَّنَن. تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

قَوْسٌ (مِرَنَّة ومِرْنَان) بہت آواز کرنے والی کمان۔

الرُّنَّى. تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔

رَنَأَ (ف) رَنْأً. آواز کرنا اِلَيْهِ: دیکھنا فی مِشْيَتِهٖ: گرانبار چلنا۔

الاَرْنَب. خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لیے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِب (والیَرْنَب) چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔

الاَرْنَبَة. اَرنب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلانٌ اَرْنَبَةَ فُلانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب.

نَسِيْجٌ (مُؤَرْنَبٌ و مُرَنَّبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔

اَرْض (مُرْنِبَةٌ ومُؤَرْنَبَةٌ و مُؤَرْنِبَةٌ) بہت خرگوش والی زمین۔

رَنَّحَهٗ تَرْنِيْحًا. کمزور کرنا۔ الرِّيْحُ الغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُهٗ حَتّٰى رَنَّحْتُهٗ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہوگئی۔

رُنِّحَ. عَلَيْهِ: غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت مُرَنَّح)

تَرَنَّحَ وارْتَنَحَ. نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا عَلَيْهِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالكَلامِ عَلَيَّ جَهلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔

الرُّنْح. چکر۔ دورانِ سر۔

المُرْنَحَة. جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنَخَ (ن) رَنْخًا. سست ہونا۔

رَنَّخَهٗ. خوار و ذلیل ہونا۔

تَرَنَّخَ. خوار و ذلیل ہونا۔ بِهٖ: کسی چیز سے لٹک جانا۔

الرَّنْد. ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔

الرُّنْز. چاول۔

رَنَعَ (ف) رُنُوْعًا. دبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُهٗ: رنگ کا متغیر ہونا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا۔

رَنَّعَ. رَاْسَهٗ: حرکت دینا۔

المَرْنَعَة. کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي المَرْنَعَةِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَةً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے۔

اَرْنَفَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا۔ النَّاقَةُ بِاُذُنَيْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔

الرَّانِف. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔

الرَّانِفَة. ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے مِنَ الكُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِف اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الآكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ (ن) رَنْقًا ورُنُوْقًا ورَنِقَ (س) رَنَقًا. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت رَنْق ورَنِق ورَنَق)

رَنَّقَ. المَاءَ: پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔

القَوْمُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑپھڑانا۔

النَّوْمُ فِي عَيْنَيْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔

جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا

عَيْنَاهُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا

جِسْمُهٗ اَوْ رَأْيُهٗ: کمزور ہونا۔ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا۔ الرَّجُلُ: حیران ہونا۔

المَنِيَّةُ مِنْهُ: موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ وَلَا تَعْجَلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرنا۔ النَّظَرَ اِلَيْهِ: دیر تک دیکھنا۔

اَرْنَقَ. المَاءَ: پانی گدلا کرنا۔ اللِّوَاءَ: حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا۔ اللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنَق. س۔ جھوٹ۔

الرُّنْقَاء. مِنَ الطَّيْرِ: انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ لَارْضٌ رَنْقَاءُ: بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات

الرَّنْقَة. کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَوَانِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنَق چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التَّرْنُوْق والتُّرْنُوْق والتُّرْنُوْقَاء نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرَّنْكَة ایک مچھلی کا نام

رَنَم(س) رَنِیْمًا ورَنَّم و تَرَنَّم خوش آوازی سے گانا۔

الرَّنَم والرَّنَمة ایک قسم کی نباتات۔

الرُّنُم گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُوْد رُنُم" بجنے والا بربط۔

رَنَا(ن) رُنُوًّا ورَنًا. اِلَیْهِ ولَهٗ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا الرَّجُلُ: مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (وترانی) عَنْهُ: غفلت برتنا۔

رَنّیٰ تَرْنِیَةً گانا اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔

(وأَرْنیٰ) الحَسَنُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاه اِلیٰ الطَّاعَةِ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَاه سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَهٗ شَرَفٌ يَرَانِی الْكَوَاكِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنّیٰ محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

الرَّنَا س۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَّنَاء خوبصورتی۔

الرِّنَاء اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَّاء والرَّنُوّ دل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَنُوُّ الاَمَانِی" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَهِبَ(س) رَهْبَةً ورُهْبًا ورَهْبًا و رَهَبًا و رُهْبَانًا و رَهَبَانًا. خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِكَ"

رَهَبَ. الجَمَلُ اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهَبَتِ النَّاقَةُ سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَهْبٌ) ج رِهَاب.

اَرْهَبَ تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْه النَّاسَ بَاسُه ونَجْدَتُه" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَهَّبَ راہب بننا۔ ہ دھمکی دینا۔

اِسْتَرْهَبَه خوف دلانا۔

الرَّهْب نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِلِ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهَاب.

الرُّهْب آستین۔

الرَّهْبَة والرَّهْبیٰ والرُّهْبیٰ والرَّهْبَاء. ڈر۔ خوف۔

الرَّهْبَانِيَّة والرُّهْبَانِيَّة دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَّاهِب فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَان۔ مؤنث رَاهِبَة ج رَاهِبَات و رَوَاهِب. الرَّاهِبَة ڈراؤنی حالت۔

الرُّهْبَان بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَابِیْن ورَابِنَة و رُهْبَانُوْن. مؤنث رُهْبَانَة ج رُهْبَانَات.

الرُّهْبَان. راہب۔ ج رَهَابِیْن مؤنث رُهْبَانَة ج رُهْبَانَات.

الرَّهَبُوْت والرَّهَبُوْتی. بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الاِرْهَابِی عوام کو خوفزدہ کرنے والا حاکم۔

اَلْحُكْمُ الاِرْهَابِی خوفزدہ کرنے کا حکم

الرَّهْبَنَة راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاهِب خوفناکیاں۔

الرَّهِیْب والمَرْهُوْب خوفناک۔ شیر۔

رَهْبَلَ. غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَهْبَلَ. تیز چال چلنا۔

الرَّهْبَل. مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَّهْبَلَة تیز چال۔

اَرْهَجَ. غبار۔ اُڑانا بَیْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا السَّمَاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَّهْج والرَّهَج اُڑایا ہوا غبار۔ والرَّهَج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهْجَة)

الرَّهْوَجَة ایک قسم کی چال۔

رَهَدَ(ف) رَهْدًا باریک پیسنا۔

رَهِدَ سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَةُ العَیْشِ زندگی کی آسودگی۔

الرَّهْوَدِیَّة مہربانی و نرمی۔

الرَّهِیْد نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَّهِیْدَة نرم و نازک عورت۔ الرَّهِیْدَة: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْهُوْدٌ) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُم مَرْهُوْدِیْن" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّهْدَل بیوقوف۔ کمزور۔

الرَّهْدَن والرُّهْدَن والرَّهْدَن. بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَة.

الرَّهْدُوْن جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَةً. مَائِدَتَه: جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَهْرَهَ. السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا جِسْمُه: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔

الزمّكة. مِنَ الرجَال : جلدی غضبناک ہونے والا۔ بیوقوف۔ پستہ قد۔ ج الزمكّوْن :
الزِمكّیٰ والزِمِكّ. پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔
زَمَلَ (ن ض) زِمَالًا. الاَعْرَجُ : لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔
زَمَلَتْ (ن) زَمْلًا و زَمَلًا و زِمَالًا و زَمَلَانًا. الدابةُ : نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (زُمُوْلًا) القَوْسُ : کمان سے آواز نکلنا (زَمْلًا) الرَفِیْقَ : اپنے پیچھے سوار کرانا الرَجُلَ : پیروی کرنا الشَیَٔ : لادنا۔
زَمَلَ الشَیَٔ : چھپانا الشَیَٔ بثَوْبِهٖ اوفی ثَوْبِه : لپٹنا۔
زَامَلَ. الرَفِیْقَ : محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔
تَزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ. بثَوْبِه : لپٹنا۔
اِزْدَمَلَ الحِمْلَ : ایک دفعہ میں لادنا۔
الزِمْلُ. جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی بوجھ۔
الزَمَل والزَمَلَة والاَزْمَلَة. عیال۔ بال بچے۔
الزِمل والزُمَل والزُمَیْل والزُمَیْلَة والزُمَّل والزُمَّال والزِمالة والزِمِّیْل والزِمِّیْلَة. کمزور۔ بزدل۔
الزِمْلَة. ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ۔
الزَامِلَة. الزَامِل کا مؤنث۔ بار برداری کا جانور۔ ج زَوَامِل
الزَمِیْل. جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔
الاَزْمَل. مخلوط آواز۔ ج اَزَامِل اَزَامِیْل تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخذَ الشَیَٔ بِاَزْمَلِه و بِاَزْمِلِه" اس نے چیز کو بتمامہ لے لیا۔
الاِزْمَلُّ. بزدل۔ کمزور۔
الاَزْمَلَة. کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخذَهُ بِاَزْمَلَتِه" اس نے ساری چیز لے لی اور کہا جاتا ہے "لَهُ عِیَالٌ اَزْمَلَةٌ" اس کے بہت بال بچے ہیں۔
الاُزْمُوْلَة والاِزْمَوْلَة. آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔
الاِزْمِیْل. رانپی۔ چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)
المُزَمَّل وَالمُتزَمِّل. کپڑوں میں لپٹنے والا۔
المُزمِّلَة. المُزمَّل کا مؤنث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔
زَمِنَ (س) زَمَنًا و زُمْنَةً. لنجا ہونا۔
اَزْمَنَ. الشَیُٔ : دیر تک باقی رہنا ہ اللهُ : لنجے پن میں مبتلا کرنا بالمَکَانِ : مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْ مِنَ عَنِّیْ عَطَاؤُكَ"
الزَمَن. ج اَزْمَان واَزْمُن و (الزَمَان) ج اَزْمِنَة و (الزَمَنَة) وقت۔ اَزْمِنَةُ السَنَة : سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات۔ جاڑا۔ زَمَنٌ (زَامِنٌ) سخت زمانہ۔
الزَمَانَة. آفت۔ لنجا پن۔ قوتوں کی بے حسی۔ محبت۔
الزَمِن. ج زَمِنُوْن و (الزَمِیْن) ج زَمْنیٰ و زَمْنَة : لنجا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِنُ الرَغْبَةِ" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔
عاملهُ (مُزامنة) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔
المُزْمِن. فا. مَرَضٌ مُزْمِنٌ : پرانا مرض۔
زَمِهَ (س) زَمَهًا. الحَرُّ : گرمی تیز ہونا۔
الرَجُلُ بالحَرِّ : گرمی تیز لگنا۔
زَمِهَتْ (س) زَمْهًا. الشَمْسُ الرَجُلَ : تیز دھوپ لگنا۔
زَمْهَرَتِ. العَیْنُ : آنکھ کا غصّہ سے سرخ ہونا۔
اِزْمَهَرَّ. الیَوْمُ : سخت سردی والا ہونا۔
الوَجْهُ : چہرہ کا بگڑنا الکَوَاکِبُ : ستاروں کا چمکنا العَیْنُ : آنکھ کا غصّہ سے سرخ ہونا۔
الزَمْهَرِیْر. سخت سردی۔
المُزْمَهِرّ. سخت غضبناک۔ ہنسنے والا۔
اِزْمَهَلَّ. المطر : برسنا الثَلْجُ : برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔
زَنَّ (ن) زَنًّا. عَصَبُهُ : پٹھے کا خشک ہونا۔
الرَجُلُ : ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّهٗ وازَنَّه) بخَیْرٍ او شَرٍّ : نیک یا بدگمان کرنا بکذا : تہمت لگانا۔
زَنَّنَ. الرَجُلُ : ہمیشہ ماش کھانا۔
الزِنّ. ماش۔
الزَنَن. تنگ۔ مَاءٌ زَنَنٌ : تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ (زَنَان) تھوڑا سایہ۔
حِنطَةٌ (زِنَّةٌ) گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزِنِّیْن. پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَبُوْزَنَّة. لنگور۔
زَنَأَ (ف) زَنْأً وزُنُوْءًا. اِلَیْهِ : پناہ لینا فِی الجَبَل : پہاڑ پر چڑھنا الظِلُّ : سایہ کا سمٹنا الرَجُلُ : خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹنا بَوْلُه زَنْأً : پیشاب روکنا۔
بَوْلُهٗ زُنُوْءًا : پیشاب رکنا۔
زَنَّأَ. عَلَیْهِ : تنگی کرنا۔
اَزْنَأَهٗ اِزْنَاءً. مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزِنَاء. پستہ قد۔ پیشاب یا پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔

الزَنِبیٰ۔ چھوٹی مشک۔
زَنِب (س) زَنَبًا۔ موٹا ہونا۔
الاَزْنَب۔ موٹا پستہ قد۔
الزَیْنَب۔ بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَانِبیٰ۔ آہستہ چال۔
زُنَابَةُ۔ العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ۔ عَلَیْهِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَنْبَر۔ شیر۔
الزُنْبُوْر۔ بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزَنْبَرِیّ۔ بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی۔ کہا جاتا ہے۔ "سَفِیْنَةٌ زَنْبَرِیَّةٌ"
الدِّنْبَارُ ڈسنے والی مکھی
اَرْضٌ (مُزَبْوَرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔
الزُنْبُرُك۔ گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِنْبَاعَة۔ چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
الزَنْبَق۔ سوسن سفید یا سفید چنبیلی۔ واحد زَنْبَقَة۔ چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زنابق اُمُّ زَنْبَق: شراب۔
الزُنْبُل۔ پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَر۔ ناز سے چلنا۔
الزَنْتَرة۔ تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا۔ پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَهُ۔ بُرائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ۔ عَلَیْهِ دست درازی کرنا۔
الزَنج والزِنج۔ حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوْج۔
الزِناج بدلہ۔
الزُنْجُب والزُنْجُبَان۔ کمربند۔
الزَنْجَبَة۔ گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الزَنْجَبِیْل۔ سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ۔ انگوٹھے کے ناخن کو انگشت شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزِنْجَار۔ تانبے کا رنگ۔
الزِنْجِیْر والزِنْجِیْرَة۔ سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر رہوتی ہے۔ الزِنْجِیْرُ: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَهُ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا اور عوام کہتے ہیں۔ جَنْزِیْر و جَنْزَرَهُ۔
الزِنجفر والزُنْجُفر۔ شنگرف۔
الزِنْجِیْل۔ کمزور و سست بدن والا مرد۔
زَنَحَهُ (ف) زَنْحًا۔ تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَهُ۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّحَ و تَزَنَّحَ۔ المَاءَ: بار بار پانی پینا و تَزَنَّحَ الرَجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزِنْح۔ بدلہ۔
زَنِخَ (ف) زَنَخًا۔ الدهْنُ: تیل کا بگڑنا۔ خراب ہونا۔ صفت (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوْخًا۔ القُرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَهُ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ۔ تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
اِبِلٌ (زَنِخَةٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخَر۔ بِمَنْخَرِهِ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ النَارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س)۔ زَنَدًا۔ الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔ السِقَاءَ مشک بھرنا فی الاَمْرِ: تنگ دل ہونا عَلیٰ اَهْلِهِ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یُزَنِّدُكَ اَحَدٌ عَلَیْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ۔ الشَیُّ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یُزْنِدُكَ اَحَدٌ عَلَیْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا الرجُلُ فِی وَجْعِهِ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَاَلْتُه مَسْئَلَةً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔ فِی الاَمْرِ كَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَنْد۔ س۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَنْدَة) اور دونوں کو (الزندان) کہتے ہیں۔ ج زِنَاد وَاَزْنُدْ وازناد
اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِیُ الزَنْد" فلاں کامیاب ہے۔ و "فُلَانٌ كَابِی الزَنْد" فلاں ناکامیاب ہے و "هُمَا كَزَنْدَیْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں، اس کا استعمال عموماً دنائت و خست میں ہوتا ہے اور ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جن کی وجہ سے حاجت پوری ہو اور جو تمہاری مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرَتْ بِكَ زِنَادِیْ" یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی۔
المُزَنَّد۔ تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عَطَاءٌ مُزَنَّدٌ: تھوڑی بخشش۔
تَزَنْدَقَ۔ بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِیْق۔ ج زَنَادِقَة و زَنَادِیْق۔
الزَنْدَقَة۔ ظاہری ایمان و باطنی کفر۔ رَجُلٌ (زَنْدَقٌ و زَنْدَقِیٌ) بہت بخیل۔
زَنَرَ (ن) زَنْرًا۔ الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الغُلَامَ: لڑکے کو جنیو پہنانا۔
زَنَّرَ۔ اِلَیَّ بِعَیْنِهِ: گھور کر دیکھنا۔
تَزَنَّرَ۔ جنیو پہننا الشَیُّ: باریک ہونا۔
الزُنَّار۔ ج زَنَانِیْر و (الزُنَّارَة) جنیو۔
الزَنَانِیْر چھوٹی کنکریاں۔
الزَنْزَلَخْت ایک درخت کا نام۔
زَنِفَ (س) زَنَفًا و تَزَنَّفَ۔ غضبناک ہونا۔
زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا و زَنَّقَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کا نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔

البَغل. خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔
(وزَنَّق وازنق. علیٰ اَوْلادِہٖ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔)
الزنَق. نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوق.
الزنَقة. تنگ گلی۔
الزِناق. گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُق.
الزِناقَة. گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔
الزنِیق. درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَایٌ زَنِیْقٌ" درست رائے۔
المزنُوق. مع۔ بند پیشاب والا۔
اَلزّنْكُ (علم کیمیا) توتیا۔
زَنَّم. لَهُ الخصمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔
الزنَمة. کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔ علامت۔ زَنَمتَا الاُذُن: کان کی لو کے قریب اُبھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِی كَلامِهٖ زَنَمَةُ خَيْرٍ و زَنَمَةُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔
الزنِم. مِنَ الجمالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَة.
الازنَم. مِنَ الجمالِ: بمعنی الزنِم. مؤنث زَنماء. ج زُنم.
الزنَام. مصیبت۔
الزنِیم. کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (والمُزَنَّمُ) اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجت مند نہ ہوں۔
نَاقَةٌ (مُزَنَّمَة) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔
زَنَا (ن) زُنُوًّا. تنگ ہونا۔ صفت (زَنِیّ)
زَنّیٰ تَزْنِيَةً. عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔
زَنیٰ (ض) زِنیً وزِناءً وزَانیٰ مُزَانَاةً وزِناءً. زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُناة. صفت مؤنث زَانِيَة ج زَوَانٍ.
زَنّیٰ. ٥: زنا کی نسبت کرنا یا زانی کہنا۔
اَزْنیٰ اِزْنَاءً زنا کرنے پر اکسانا۔
الزانِيَة. زنا کرنے والا۔ (تا مبالغہ کیلئے ہے۔)
الزنَّاءَةُ. بہت زنا کرنے والی۔ بندریا۔
الزِنْيَة. مرد کا آخری بچہ۔
زِهْ. کلمہ استحسان بمعنی خوب اور کبھی تحکم کے طور پر استعال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کے لیے کہا جائے "اَحْسَنْتَ"
زَهَدَ و زَهِدَ (س ف) وزَهُدَ (ک) زُهْدًا و زَهَادَةً. فِی الشَیٔ و عَنْهُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَهَدَ فِی الدُنْيَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لیے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد) وصفت مفعولی (مَزْهُوْد) فِيهِ و عَنْهُ.
زَهَدَ زَهْدًا. النَخْلَةَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
زَهَّدَهُ. فِی الشَیٔ و عَنْهُ: بے رغبت کرانا۔ (زَهَّدَ وازْهَدَ) النَخلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
تَزَهَّدَ. عبادت کے لیے دنیا کو چھوڑ دینا۔
تَزَاهَدَ. القَوْمُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔
اِزْدَهَدَ. الشَیٔ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَهْدَ) مَايَكْفِيْكَ" جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے لو۔
الزُهْدُ والزهادَة. حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔
الزَهَد. زکوۃ۔ ج زِهَاد.
اَرْضٌ (زَهَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے۔
الزَاهِد. فا. آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُهَّد و زُهَّاد و زَاهِدُوْن.
الزَهِيْد. کم حقیر۔ مؤنث زَهِيْدَةٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ زَهِيْدُ الْخُلْقِ" وہ تنگ خو ہے۔
"هُوَ زَهِيْدُ العَيْنِ" وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ و "وَادٍ زَهِيْدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُهْدَان.
الزَهَّيْد. بہت بے رغبتی کرنے والا۔
المُزْهِد. کم مال والا۔
زَهَرَ (ف) زُهُوْرًا. السِراجُ او القَمَرُ او الوَجْه: چمکنا۔ روشن ہونا الشَیٔ: صاف رنگ والی ہونا الزَنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِی اَوْنَارِی" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔
زَهِرَ (س) زَهَرًا او زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً. الرَجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔
اَزْهَرَ. النَبَاتُ: کلی نکلنا النَارَ: آگ روشن کرنا۔
اِزْدَهَرَ. روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَهَرَ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهُ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لیے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔
اِزْهَرَّ وازْهَارَّ. النَبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔
تَزَاهَرَ. السِرَاجُ و نَحْوُهُ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔
الزَهْر والزَهَر. کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَة و زَهَرَة) زَهْرَةُ الدُنْيَا: دنیا کی رونق و خوبی۔ ج اَزْهُر واَزْهَار وزُهُوْر. جج اَزَاهِر واَزَاهِيْر. زَهْرُ اَلنَرْدِ: تاش۔
الزِهْرُ والزِهْرَةُ. حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زِهْرِی وزِهْرَتِی" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الزُهَر. مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)
الزُهْرَة. خوبصورتی۔
الزَهَرَةُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ١٠٨ ملین کلو میٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔

شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اوز اس کو العزی کا نام دیتے ہیں۔ بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے۔

اَلزَّهرةُ: بادیات الزَّهر پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ۔

بَادِیَاتُ الزَّهر: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کو الذهو کا نام دیا جاسکتا ہے۔

مستوراتُ الزَّهر: انگوریوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اور نہ ان کا دانہ نکلے۔

زَهرةُ الآلام: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں، خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے۔

زَهرةُ الحواشی: خنازیری پھولوں کی قسم ہے۔ زینت کے لئے اور جوشاندہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

زَهرةُ الرَّبیع: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس قسم کے پھول کئی انواع پر ہیں۔

زَهرةُ مِن فصیلةِ المُرکّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں۔

زَهرةُ العسلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں۔

زَهرةُ الصَّمدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا۔

الزُّهیرَةُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول۔

اَلمزهَرِیَّةُ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے۔

الزَاهِر. فا. خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحمرُ زَاهِرٌ" بہت سرخ۔

الزَاهِرِیَّةُ. ناز کی چال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمشِی الزاهِرِیَّةَ" وہ ناز سے چلتا ہے۔

الاَزهر. روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَهراء ج زُهر.

الزَهَّار. بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجمٌ زَهَّارٌ و قَمرٌ نوَّارٌ."

المُزهِر. فا. مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزهَر. ایک قسم کا باجا۔ ج مَزاهِر.

زَهرَفَ. الشیْءَ: کھوٹا بنانا۔

زَهزَقَ. الرَّجلُ: بہت ہنسا۔ زَهزَقَتِ الاُمُّ ولَدَها: ماں کا بچہ کو کدانا۔

الزَهزَق. کمینہ۔ فرومایہ۔

زَهَفَ (ف) زُهُوفًا. الرَّجلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا لِلمَوتِ او اِلَی المَوتِ: قریب المرگ ہونا۔

زهِفَ (س) زَهَفًا. للشیْءِ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔

اَزهَفَ. اِلَیهِ الطَعنَةَ: قریب کرنا۔

اَزهَفَتهُ الطَعنَةُ: قریب بہ ہلاکت کرنا۔

اَزهَفَ عَلَی الجَرِیحِ: حملہ کر کے فوراً مار ڈالنا الرَّجلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ برائی کی طرف جلدی کرنا فُلانًا. ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا الشیْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لے جانا۔ خراب کرنا۔

ہ بالشَّرِّ: برائی پر آکسانا بِما طَلَبَهُ: پورا کرنا بالشیْءِ: تعجب کرنا الخَبرَ: خبر میں زیادتی کرنا لَهُ حدِیثًا: جھوٹی بات بیان کرنا اِلَیهِ حدِیثا: قول ردی کی نسبت کرنا۔

اِنزَهَفَت. الدَابَةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا۔

تزَهَّفَ. عَنهُ: اعراض کرنا۔

ازدَهَفَ. اِلَی المَوتِ: موت سے قریب ہونا عَنهُ: اعراض کرنا الشیْءَ: منحرف ہونا ہ. جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا الدَابَةُ: جانور کا گرا دینا الشیْءَ وبِهِ: لے جانا لِعداوۃ و بِهَا: دشمنی اختیار کرنا الحِملَ: بوجھ اٹھانا فُلانٌ: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا فی کلامِهِ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔

زَهَقَ (ف) زُهُوقًا. العَظمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا (زُهقًا و زُهُوقًا) النَفسُ: روح کا جسم سے نکلنا (الرَاحِلَةُ: سواری کا آگے بڑھنا الشیْءُ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا السَهمُ: تیر کا نشانہ سے گزر جانا۔

اَزهَقَ. العَظمُ: ہڈی کا مغز سے پر ہونا۔ الاِناءَ: برتن بھرنا البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا السَهمَ: تیر کا نشانہ سے گزارنا النَاقةُ السرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا فِی السیرِ: تیز چلنا۔

زَاهَقَ. الحقُ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا الاناءَ: برتن کو الٹ دینا۔

اِنزَهَقَ. آگے بڑھنا۔ انزَهقتِ الدابةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا۔

الذَّاهِق. پست زمین و (الذهق) گڑھا۔

الزاهِق. فا. موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ مِن السِهامِ: نشانہ سے تجاوز کرنے والا تیر مِنَ المِیاهِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُهَّق و زُهُق (والزَهُوق) ہلاک ہونے والا۔ باطل۔ گہرا کنواں۔

الزَهِق. پھرتیلا۔ سبک۔

فرسٌ (زَهِقِی) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔

الزَاهِقة. الزَاهِق کا مؤنث۔ بئر زاهِقةٌ: گہرا کنواں۔

الزُهاق و الزِهاق. مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِندی زُهاقُ مِائَةِ دِینارٍ" میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔

جاءَتِ الخَیلُ (ازاهِقَ وازاهِیقَ" گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔

الاُزهُوقَة. عجیب قسم کی دوڑ۔ ج ازاهیق کہا جاتا ہے "فَرسٌ ذاتُ ازاهِیقَ" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔

المَزهَقَة. سبب بطلان۔ سبب ہلاکت۔ کہا

جاتا ہے "جملٌ مَزْهَقَة. لا رُوَاحِ المَطِی" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔
زَهَكَ (ف) زَهْكًا. کوٹناالرِیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا خاک کو اُڑانا۔
زَهِلَ (س) زَهَلًا. الشَیْءُ: سفید و چکنا ہونا۔
زَهَلَ (ف) زَهْلًا. عَنِ الشَیْءِ: دور ہونا۔
الزَاهِل. فا. مطمئن دل والا۔
الزُهْلُوْل. چکنا۔ ج زَهَالِيْل.
رَجُلٌ (زَهْلَب) سبک داڑھی والا مرد۔
زَهْلَقَ. الشَیْءَ: چکنا و سفید کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَهْلَقَ لَهُ الحَدِيْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔
تَزَهْلَقَ. چکنا و سفید ہونا وتَزَهْلَقَ الْحَيْوَانُ" موٹا ہونا۔
الزِّهْلِق. چکنا۔ ہلکا پھلکا تیز آدمی۔ تیز ہوا۔ بتی کی لو کی جگہ۔ حمَارٌ زِهْلِق: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا۔ ج زَهَالِق.
الزُهْلُوْق. موٹا۔
زَهَمَ (ن) زَهْمًا وازْهَمَ. العَظْمُ: ہڈی کا پُر مغز ہونا۔ زَهَمَه عَنْ كَذَا: روکنا۔ زَهَمَ الرَجُلُ عَلَيْهِ: بہت باتیں کہنا۔
زَهِمَ (س) زَهَمًا. بدہضمی والا ہونا۔ صفت (زَهْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا۔ صفت (زَهِمٌ) مؤنث زَهِمَةٌ.
زَاهَمَهٗ. باہم دشمنی کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ (ضد)
الزُهْم. بدبودار ہوا۔ چربی۔ ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے۔ (دیکھئے لفظ الزَّباد)
الزُهْمَة والزُهُوْمَة والزَهَم. سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔
زَهَا (ن) زَهْوًا وزُهُوًّا وزُهَاءً. چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نشوونما پانا النَخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ پکڑنا الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا النَبْتُ: پھل دار ہونا الشَاةُ بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا الرِيْحُ: چلنا الرَجُلُ: جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ (زَهَا (ن) زَهْوًا فُلَانًا: حقارت کرنا الكِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا۔ زَهَا السِرَاجَ: روشن کرنا۔
الرِيْحُ النَبَاتَ: ترشدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا الاَمْوَاجُ السَّفِيْنَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا فُلَانٌ بِالسَيْفِ: تلوار چمکانا فُلَانًا بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا السُرَابُ الاَكْمَةَ يَزْهَاهَا: نمایاں کرنا۔ (يَزْهُوْهَا مستعمل نہیں ہے۔)
زُهِيَ. الرَجُلُ بِكَذَا: تکبر کرنا۔
اَزْهَىٰ. تکبر کرنا النَخْلُ: لمبا ہونا البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔
زَهَّىٰ. البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔ زَهَّتِ المِرْوَحَةُ الرِيْحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔
اِزْدَهىٰ. الرَجُلُ: مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا ہ عَلَى الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ ہ و بِهٖ: حقارت کرنا۔
الزُهَاء. س۔ مقدار۔ تقریبًا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُهَاءُ خَمْسِيْنَ دِرْهَمًا" میرے پاس تقریبًا پچاس درہم ہیں۔
الزَهْو. س۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔ جھوٹ و باطل۔ ظلم۔ سرسبز نباتات۔ زرد یا سرخ کچی کھجور۔
(والزُها) تروتازگی و خوبصورتی۔ زُهَا الدُنْيَا: دنیا کی زینت و آرائش۔
الزَهُوَّ. زرد یا سرخ کچی کھجور۔
الزَاهِی. فا. پُر رونق چمکدار چہرے والا۔ مؤنث زَاهِيَةٌ.
المُزْدَهی والمَزْهُوَّ. متکبر و مغرور۔
زَاءَ يَزْوءُ زَوْءًا. بِهِ الدَهْرُ: زمانہ کا پلٹ جانا۔
زَابَ يَزُوْبُ زَوْبًا. چپکے سے بھاگ جانا الماءُ: جاری ہونا۔
زَاجَ (ن) زَوْجًا. بَيْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَهٗ. اِمْرَأَةً اَوْبِامْرَاةٍ اولِامْرَأةٍ: نکاح کرانا الشَیْءَ بالشَیْءِ واِلَيْه: ملانا۔
زَاوَجَه. باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا (وَازْوَجَ) بَيْنَهُمَا: قریب کرنا۔
تَزَوَّجَ. اِمْرَأةً و بِامْرَأةٍ: نکاح کرنا فی قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَوْمُ" اس کو نیند آ گئی۔
اِزْدَوَجَ وتَزَاوَجَ. الكَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔
الزَاج. پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔
الزَوْج. شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ واِشْتَرَيْتُ زَوْجَی نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج و زِوَجَة. جج اَزَاوِيْج.
الزَوْجَة. بیوی۔ ج زَوْجَات.
الزَوَاج: شادی بیاہ۔
زَاحَ يَزُوْحُ زَوْحًا وزَوَاحًا عَنِ المَكَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا العِلَّةُ: زائل ہونا (زَوَّحًا) الاِبِلَ پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا۔ (ضد)
اَزَاحَهٗ. جگہ سے ہٹانا الاَمْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَها اللّٰه العِلَلَ" اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و "اَزَحْتُ عِلَّتَه فِیْ مَا احْتَاجَ اِلَيْهِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی۔
اِنْزَاحَ. زائل ہونا۔
زَادَ يَزُوْدُ زَوْدًا. توشہ لینا۔
اَزَادَهٗ وزَوَّدَهٗ. توشہ دینا۔
اِزْدَادَ واِسْتَزَادَ. توشہ مانگنا۔
تَزَوَّدَ. توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الاَمِيْرِ كِتَابًا اِلىٰ عَامِلِهٖ" وہ امیر کا خط اس

کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اُٹھائے۔ و"تَزَوَّرَمِنّی طَعْنَةً بَيْنَ اُذْنَيْهِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔

الزَاد. توشہ۔ زادراہ۔ ج اَزْوِدة وازْوَاد.

المِزْوَد والمَزَاد و المَزَادَة. توشہ دان۔ ج مَزَاوِد. نُفَاضَةُ المزَاوِد: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لیے ضرب المثل ہے۔ وَهُمْ مِلاء المَزَاوِد: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔

زَارَه يَزُوْرُهُ زِيَارَةً ومَزَارًا و زَوْرًا و زُوَارًا و زُوَارَةً وازْدَارَهُ. ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ وزُوَّرٌ وزُوَّارٌ مؤنث زَائِرَة ج زُوَّر وزَوْر و زَائِرَات.

زَارَ زَوَارًا. الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا۔ (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ يَزْوَرُ زَوْرًا. کج ہونا۔ ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔

زَوَّرَ. جھوٹ کو آراستہ کرنا الکَلَامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا الشَهادَةَ: شہادت کو باطل قرار دینا نَفْسَه: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا عَلَيْهِ: کسی پر جھوٹ باندھنا عَنْهُ: کسی سے پھر جانا فُلَانًا عَلىٰ نَفْسِهِ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشَیَ: درست کرنا؛ سیدھا کرنا الشَیَ لِنَفْسِهِ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کر لینا الزَائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُهُمْ فَزَوَّرُوْنِی" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی القَوْمُ صَاحِبَهُمْ: بھلائی کرنا۔

اَزَارَه. زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا الشَیَ: چلانا۔ اِزْدَارَهُ. ملاقات کے لیے جانا۔

تَزَوَّرَ. جھوٹ بولنا الشَیَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کر لینا۔

تَزَاوَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَزَاوَرُوْنَ وبَيْنَهُمْ تَزَاوُر" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (وازْوَرَّ وازْوَارَّ) عَنْهُ: انحراف کرنا۔

اِسْتَزَارَه. ملاقات کے لیے کہنا۔

الزَوْر. س۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصّہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِيْضُ الزَوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنقىٰ زَوْرَهُ" یعنی اس نے اقامت کر لی۔ الزَوْر: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع؛ مذکر؛ مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَأَةٌ زَوْرٌ ورِجَالٌ زَوْرٌ ونِسَاءٌ زَوْرٌ. سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔

الزُوْر. عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ زُوْرٌ وَلَا صَبُوْرٌ" نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے۔ سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں۔

الزَوَر. س۔ کجی۔ سینہ کے بالائی حصّہ کی کجی۔

الزِيْر. مٹکا۔ کتاں۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوار و اَزْيَار وزِيَرة.

الزِيْرَة. ملاقات کی ہیئت۔ کتاں کا ٹکڑا۔

الزِيَار. دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَيَّرَ الفَرَسَ (والزِوَار) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسّی۔ ج اَزْوِرَة.

الزِيِّر. غضبناک۔

الزَارَة. اونٹوں کا گلہ۔ بانس؛ نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (والزَاوِرَة والزَاوَرَة والزَاوُوْرَة) پوٹا۔ زَاوِرَةُ القَطَا: قطا پرندہ کا وہ حصّہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے۔

الزِوَرَّ. سخت چال۔ سخت۔ سفر کے لیے تیار کیا ہوا اونٹ (والزِوِير والزُوَيْر) سردار قوم۔ رئیس قوم۔

الزَوْرَة. زار کا اسم مرة۔ دوری۔ اونٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے۔

الاَزْوَر. ٹیڑھے سینے والا۔ باریک وسط سینہ والا۔ مائل ہونے والا۔ ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْرَاء. ج زُوْر. کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الحَقِ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم۔

الزَوْرَاء. گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ۔ چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ دجلہ بغداد۔ فَلَاةٌ زَوْرَاء: دور دراز بیابان۔ كَلِمَةٌ زَوْرَاء: گھٹیا بات۔ مِنَارَةٌ زَوْرَاء: ٹیڑھا منارہ۔

الزَوَّار والزَوُوْر. بہت ملاقات کرنے والا۔

المزار. س۔ ملاقات۔ زیارت کرنے کی جگہ۔ ج مَزَارَات.

اَلزُّوسْتِبْرَاء: بحر اوقیانوس کے ساحل پر پیدا ہونے والا ایک پھول دار جس کو مچھلی پسند کرتی ہے۔

الزَوْرَق. چھوٹی کشتی۔

الزَوْش. کمینہ غلام۔

الاَزْوَش. متکبر و مغرور۔

زَوَّط. بڑے نغمے بنانا۔

الاِزْوَط: جس کی ایک آنکھ تنگ سوراخ والی ہو۔

زَاعَ يَزُوْعُ زَوْعًا. فُلَانًا: روکنا؛ آگے دھکیلنا الدَابَةَ: جانور کو تیز چلانے کے لیے لگام ہلانا الشَیَ: موڑنا لَهُ مِنَ البطِّيْخَةِ (زَوْعَةً) خربوزے کی قاش اُتار کر دینا (وتَزَوَّعَ) اللَحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اُتر

جانا۔

زَوَّعَ. الاِبلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

الزَّوْعَة. لوگوں کی ایک جماعت مِنَ البَطِّيخَةِ و نَحْوِها: خربوزہ وغیرہ کی پھانک ؛ قاشٌ مِنَ النَبتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔

الزاعَة. پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باعة. وسادة کے)

الزَوْع والزُوَع. مکڑی۔

زَاغَ يَزُوْغُ زَوْغًا. الشئَ: کسی چیز کو جھکانا النَاقَةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔ (زَوْغًا وزَوَغَانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا البَصَرُ: نگاہ میں ہونا۔

اَزَاغه اِزاغَةً. جھکانا۔

الزَاغ. کوا۔

زافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا. الحَمامَةُ: کبوتر کا بازو و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا الطائِرُ فِي الهَواءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اُڑنا الرَجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا الماءُ: پانی کا بلبلے والا ہونا (وتزاوَف) اپنے آپ کو ہلکا پھلکا کرنے کے لیے ورزش کی مشق کرنا۔

الزُوُوْف. چلنے میں ڈھیلا پن۔

الزُوْفى والزُوْفاء. ایک دوا کا نام۔

زَوَّق. الكَلامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا البَيْتَ: نقش و نگار کرنا الدِرْهَمَ: پارہ کا طمع کرنا۔

الزَواق. لڑکی کی زینت۔

الزَوَقَة. گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔

الزاوُوْق والزاؤُوْق. پارہ۔

زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا وزَوَكانًا. مونڈھوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے چلنا۔

تَزاوَكَ تَزاوُكًا. شرم کرنا۔

الزَوْك. س۔ کوے کی چال۔

زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وزَوَالًا وزَوَلانًا وزُؤُوْلًا و زُوُوْلًا وزَوِيْلًا. جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی سے ہے "زَالَ عَنْهُ مُلْكُهُ" اس کی سلطنت جاتی رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا (زَوْلًا) حرکت کرنا اور اسی سے ہے "اَرَى النُجُوْمَ تَزُوْلُ ولا تَغِيْبُ" یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔ و "فُلانٌ يَزُوْلُ فِي النَّاسِ" فلاں لوگوں میں بہت چلتا پھرتا ہے۔

زَالَت (ن) زَوالًا وزُوُولا وزَوَلانًا و زِئالًا. الشمسُ: آفتاب کا ڈھلنا۔ الخَيلُ بِرُكبانِها لے کر اُٹھنا اور اسی سے ہے "زِيْلَ بِنَعْشِهِ" یعنی اس کی نعش اُٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے "زَالَ زائِلُ الظِلِّ" یعنی دوپہر ہو گئی۔ و "زَالَ اَوزِيْلَ زَوِيْلُه وزَوالُه" ڈر اور خوف کی وجہ سے اس کی جانب جھک گئی۔

اَزَالَهُ وزَوَّلَهُ وازْدالَهُ. ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَالَ اللّٰهُ زَوالَهُ" یعنی اللہ اسے ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشئَ: کسی چیز کو لانا۔

زَاوَلَهُ. کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔

تَزَوَّلَ. الشئَ: کسی چیز کو لانا الغُلامُ: لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔

تَزاوَلَ. القَوْمُ: باہم کوشش کرنا۔

اِنْزالَ. عَنْهُ: جدا ہونا۔

اِزْوَلَّ اِزْوِلالًا. الشئُ: زائل ہونا۔

الزَوْل. س۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ زَوْلٌ" یعنی عجیب سیر۔ و "شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ" عجیب سردی۔ الزَوْل: وجودِ انسانی۔ فیاض مرد سبک و ظریف و زیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج اَزْوال.

الزَوال. س۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں "السَاعةُ الرابعةُ زَوالِيَّة."

الزائِل. فا۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ زائِلُ النُجُوْمِ" یعنی لمبی رات۔

الزَوّال. بہت حرکت کرنے والا۔

الزائِلَة. الزائل _ کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک چیز۔ ج زَوائِل. الزَوائِل: ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔

الزَوِيْل. س۔ حرکت۔ جانب۔

المِزْوَلَة. دھوپ گھڑی۔ ج مَزاوِل.

زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا. الرَجُلُ: مرنا۔

الزام. ہر چیز کی چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النهارِ: دن کی چوتھائی۔ زَامانٌ مِنَ النهارِ: دن کا نصف حصہ۔

الزامَة. جماعت۔ گروہ۔ ج زامات.

الزَوْم. عِنْدَ العامَّةِ: عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لیے فصیح لفظ النسغ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسالَة ہے۔

الزَوِيْم. ہر چیز کا ڈھیر۔

زَوْمَلَ. الاِبلَ. اونٹوں کو ہانکنا۔

الزَوْمَلَة. س۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِها" وہ اس کا جاننے والا ہے۔

الزَان. بدہضمی۔

الزَوْن والزُوْن والزِوَن. پستہ قد۔

الزُوْن: بت یا مندر۔

الزَوْنَة. زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزِوَان والزُوَان والزَوَان. دیکھئے الزؤان بالهَمْزَةِ.

زَوَى يَزْوِي زُوِيًّا وزَيًّا. الشئَ: جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا المَالَ وغیرہ: اکٹھا کرنا عَنْهُ السِرَّ: راز کو پوشیدہ رکھنا عَنْهُ حَقَّهُ: کسی کا حق روک لینا۔

الدَهْرُ القَوْمَ: زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔

زَوَّى و تَزَوَّى وانْزَوَى. گوشہ نشین ہونا۔ تَزَوَّى وانْزَوَى: سکڑنا۔ زَوَّى الكَلامَ: دل میں سوچنا۔ اِنْزَوَى القَوْمُ بَعْضُهُم اِلىٰ بَعْضٍ: سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

الزاوِيَة. مِنَ البَيْتِ: گوشہ۔ ج زَوايا.

والزاوِيَة: عِنْدَ الحجارِين والنَجّارِين وغَيْرِهِم: دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح

جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔
تَزَیَّبَ. لَحْمُهُ گوشت کے لوتھڑے بننا۔
الزِّیَب ہوا کی تیزی۔
رَجُلٌ (زَیْبٌ وَاَزْبٌ) بہادر و دلیر مرد۔
الاَزْیَب. شادماں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امر بد۔ بلا مصیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سیبی۔ جنوبی ہوا۔
الِازْیَبُ شدید۔ بخیل۔
الزِّیْبَق پارہ۔
زَاتَ یَزِیْتُ زَیْتًا وَزَیَّتَ. الطَّعَامَ: کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا الشَّیْئَ: کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا القَوْمَ لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔
اَزَاتَ اِزَاتَةً بہت تیل والا ہونا۔
اِزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا روغن زیتون ملنا۔
اِسْتَزَاتَ روغن زیتون طلب کرنا۔
الزَّیْت س۔ زیتون کا تیل۔ ج زُیُوْت و (الزَّیَّات) تیلی۔ زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔
الزَّیْتُوْن زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل۔ واحد زَیْتُوْنَة.
اَلزَّیْتُوْنِیَّة وہ درخت جس کے پتے درخت زیتون جیسے ہوتے ہیں اس کے پھول زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ وہ مشرق وسطیٰ میں بہت پیدا ہوتا ہے لوگ دوران سفر اس کو استعمال کرتے ہیں۔
اَلْمِزْیَتَة مخصوص تیل کی طویل بوتل جس کے ساتھ اوزار کو تیل لگایا جاتا ہے۔
الزَّیْتُوْنِی زیتون کے رنگ والا۔
المَزِیْت وَالمَزْیُوْت. جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔
الزِّیْج گاڑی کا میٹر جس کے ساتھ گاڑی کی رفتار معلوم ہوتی ہے۔
الزِّیْج معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زِیْجَات و زِیَجَة (دخیل)
زَاحَ یَزِیْحُ زَیْحًا وَزُیُوْحًا وَرِیُوْحًا وَ زَیَحَانًا وَانْزَاحَ دور ہونا۔ چلے جانا۔ زَاحَ اللِّثَامَ نقاب اُتارنا۔ کھولنا۔
اَزَاحَہٗ دور کرنا۔ لے جانا۔
المَزَاح دور چلے جانے کی جگہ۔
زَاخَ یَزِیْخُ زَیْخًا وَزَیَخَانًا. ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَزَاخَہٗ علیحدہ کرنا۔
تَزَیَّخَ فروتنی کرنا۔
زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا وَزِیْدًا وَ زَیَدًا وَ زِیَادَةً وَ مَزِیْدًا وَ زَیْدَانًا بڑھنا۔ زیادہ ہونا الشَّیْئَ: بڑھانا، زیادہ کرنا فُلَانٌ زیادہ دینا۔
زَایَدَ بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلْمُزَایَدَة بولی کی بیع یعنی کوئی چیز بیع کے لئے پیش کی جائے اس پر مختلف افراد زیادہ قیمت لگائی جو زیادہ لگادے اس کو حق خرید مل جائے۔
تَزَیَّدَ. السِّعْرُ بھاؤ گراں ہونا الرَّجُلُ فِیْ حَدِیْثِهٖ واقع سے زیادہ بیان کرنا فِی الشَّیْئِ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔
تَزَایَدَ. فِیْ حَدِیْثِهٖ واقعہ سے زیادہ بیان کرنا۔ تَزَایَدُوْا فِیْ ثَمَنِ السِّلْعَةِ: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔
اِزْدَادَ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا، زیادہ طلب کرنا۔
اِسْتَزَادَہٗ زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنے والا۔ سمجھنا اور شکایت کرنا۔
الزَّائِد. فا مؤنث زَائِدَة. زَائِدَةُ الکَبِد: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے۔ ج زَوَائِد. وَالزَّوَائِدُ مِنَ الاَسْنَانِ کچلیوں کے قریب والے دانت۔
الزِّیَادَة س۔ جو چیز بڑھائی جائے۔ ج زِیَادَات وزَیَائِد وزِیَادَةُ الکَبِد: بمعنٰی زَائِدَةُ الکَبِد.
الزَّیْد والزِّیْد زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَةٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔
المَزِیْد س۔ مث۔ کہا جاتا ہے "لَا مَزِیْدَ عَلٰی هٰذَا الاَمْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔
المَزَادَة توشہ دان۔ چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔
زِیْر دیکھئے مادہ (زور)
الزِّیْز ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔
الزِّیْزیٰ وَالزِّیْزَاء وَالزِّیْزَاء وَالزَّازِیَة. چھوٹا سا ٹیلہ یا سخت زمین۔ پر یا اس کے کنارے۔ ج الزَّیَازِی.
الزَّیْذَیَاتُ چھوٹے چھوٹے پروں والے کیڑے۔
الزَّیَازِیَة پہیہ۔
الزِّیْزَفُوْن ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دواء استعمال کرتے ہیں۔ اور امثال عرب میں سے ہے "هُوَ کَالزِّیْزَفُوْنِ یُزْهِرُ وَلَا یُثْمِرُ" وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے، پھل نہیں۔
زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا وَزِیَاطًا. شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔ صفت (زَیَّاط)
زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا وَ زَیَغَانًا وَ زُیُوْغَةً: جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا البَصَرُ نگاہ کا تھکنا۔
زَیَّغَہٗ ٹیڑھا کرنا۔ کجی درست کرنا۔
اَزَاغَہٗ عَنِ الطَّرِیْقِ بدراہ کرنا الرَّجُلَ: کجی میں ڈالنا۔
تَزَایَغَ جھکنا۔
الزَّائِغ. فا ج زَاغَة وَزَائِغُوْن.
الزَّاغ ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ اور ایک قسم ہے۔ الزَّاغُ الجِیَفِیّ جو مردار کھاتا ہے۔ ج زِیْغَان.
الزَّیْغ س۔ حق سے انحراف۔ شک۔
الزُّیُوْغ جھکاؤ۔
زَافَتْ (ض) زُیُوْفًا. الدَّرَاهِمُ کھوٹے ہونا۔ (زَافَ زَیْفًا) الدَّرَاهِمَ کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا الحَائِطَ دیوار پھاندنا (زَیْفًا

وزيفانًا) مٹک کر چلنا البعیرُ: اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔
زَيَّف. الدَراهمَ: کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔
الرَجُلَ: حقارت کرنا البناءُ: بلند ہونا۔
تَزَيَّفَت. الدَراهمُ: کھوٹے ہونا۔
الزائف. فا. شير مِنَ الدَراهم: کھوٹا درہم۔ ج زُيَّف وزُيُوْف.
الزيْف. چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پائے۔ ج زِياف وأزْياف وزُيُوْف. اور کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ زَيْفٌ" کھوٹا درہم۔
الزَيَّاف. مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث زَيَّافة.
زَيَّقَ. الثوبَ: کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تَزَيَّقَتِ. المَرْأةُ: زینت کرنا۔ سرمہ لگانا۔
الزيق. مِنَ الثَوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔
زَاكَ (ض) زَيَكانًا. ناز و تکبر سے چلنا۔
الزيْك. چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرد اگرد جڑے ہوئے ہوں۔
زَالَهُ يَزالهُ و يَزيلهُ زَيْلًا. عَنْ مَكانِهِ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَفْعَلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔ "وَمَا زِلْتُ بِزَيْدٍ ومَازِلْتُ زَيْدًا حَتىٰ فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔ و "زِلْتُ اَفْعَلُ" بمعنی "مَا زِلْتُ اَفْعَلُ" حرفِ نفی کی تقدیر سے اور یہ قلیل الاستعمال ہے۔
اَزَالَهُ اِزَالَةً واِزالًا. عَن مَكانِهِ: ہٹانا۔
زَيَّلَهُ. متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
زَايَلَهُ. باہم دگر جدا ہونا۔
تَزَايَلُوْا وتَزَيَّلُوْا. پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا عَنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اتَزايَلُ عنكَ فلا اتجاسرُ عَلَيْكَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اس لیے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔

الزيَل. دونوں رانوں کے درمیان کی دوری۔
الاَزْيَل. دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا۔ رَجُلٌ (مِزْيَلٌ و مِزْيالٌ) خوش طبع۔ زیرک۔
زَامَ يَزيمُ ويَزَامُ زَيْمًا. لِفُلانٍ فَاَسْكَتَه: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تَزَيَّمَتِ. الخيْلُ وغيْرها: گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا اللحمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزِيْمة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِيَمٌ. زانه يَزِيْنُهُ زَيْنًا. زینت دینا الشَيْئَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔
زَيَّنَهُ تَزْيِيْنًا وازَانَهُ اِزانَةً واَزْيَنَهُ اِزْيانًا. زینت دینا۔
تَزَيَّنَ تَزَيُّنًا وازَّيَّنَ ازَّيَّانًا وازْدانَ ازْديانًا وازْيَنَّ ازْيِنَانًا وازْيانَّ ازْيِيْنانًا. آراستہ ہونا۔
الزَائِن. فا. اِمْرَأةٌ زائِنٌ: آراستہ عورت۔
الزَيْن. مص۔ آراستگی ج اَزْيان. الزَيْن: ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔ زَيْنُ الدِيْك: مرغ کی کلغی۔
اَلزَّانُ: بلوط کی قسم سے ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس کے پھول سے مفید غذائی تیل نکالا جاتا ہے۔ اور وہ خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔
الزَانة. بد ہضمی۔
اَلزِّيْنَةُ: انتہائی خوبصورت پھول کی قسم جس کی اہمیت باغوں میں بہت ہے۔
اَلزَّاوِيَةُ: زَاوِيَةٌ مُسْتَقِيْمَة: وہ زاویہ جس کے دونوں ضلع نقطہ زاویہ کے دونوں جانب برابر ہوں۔ دونوں جانب کو دو ضلع کا نام دیا جاتا ہے۔ نقطہ کو رأس الزاویہ کہا جاتا ہے۔ زاویۃ قائمۃ مستقیمۃ کا نصب ہوتا ہے۔ زاویۃ حادۃ: قائمہ سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ زاویۃ منفرجۃ: قائمہ سے بڑا اور مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نافرۃ: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ منعکسۃ: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الزينة. آراستگی جس سے زینت کی جائے۔
اَمْراضُ الزيْنَة عنْدَ الاطبَّاء: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزيان. خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قمرٌ زيانٌ" خوبصورت چاند۔
الزيان. ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔
المُزيِّن. فا. نائی۔ (مولد)
زَيَّاه تَزْيِيَةً. پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هذه زاىٌ فزيّها" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔
تزيًا. آراستہ ہونا بِزِيّ القَوْم: قوم کا لباس پہننا۔
الزِيّ. ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "اَقْبل بزِيّ العرب" وہ عرب کے لباس میں آیا و "جاءنا بزِيّ غريْب" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج اَزْياء.

س: السین بنیادی حروف میں سے بارہواں حرف ہے حرف اسلیہ میں سے ہے اور حساب جمل میں اس کا نمبر (٦٠) ہے۔

السین فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لیے خاص کردیتا ہے۔

سَأَبَهُ (ف) سَأْبًا گلا گھونٹنا السِقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا (وسَئِبَ (س) سَأَبًا) مِنَ الشَرَاب: آسودہ وسیراب ہونا۔

السَأْب س۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوْب.

السُؤْبَان. مال کا بہترین منتظم۔

المِسْأَب. بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔

سَأَتَهُ (ف) سَأْتًا. گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔

السَأْت. گلے کی ایک جانب۔

سَأَدَهُ (ف) سَأْدًا و سَأَدًا. گلا گھونٹنا۔

سُئِدَ. کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا۔ صفت (مَسْئُوْد)

سَئِدَ (س) سَأَدًا چینا الجُرْحُ: زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سَئِيْد)

اَسْأَدَ اِسْآدًا. ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں "اَسْعَدَ يَوْمَه اِسْعَادًا مِنْ اَسْأَ و لَيْلَةَ اِسْآدًا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔

السُؤَاد. کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری۔

السُؤْدَة. بقیہ جوانی۔

المِسْأَد. تیل یا شہد کی مشک۔

سَأَرَ (ف) سَأْرًا واَسْأَرَ. الشَارِبُ فِي الاِنَاءِ: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سَأْرٌ) اور کہا جاتا ہے "اَسْاَرَ الحَاسِبُ فِيْ حِسَابِه" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔

سَئِرَ (س) سَأَرًا. الشئُ: باقی رہنا۔

تَسَأَرَ. النَبِيْذَ: جھوٹا نبیذ پینا۔

السُؤْر. جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ۔ ج اَسْآر. کہا جاتا ہے "هُوَ سُؤْر شَرٍّ" وہ شریر ہے۔

السُؤْرَة. بقیہ جوانی۔ مِنَ المَالِ: عمدہ مال۔ ج سُؤَر.

السَائِر. فا. مِنَ الشئِ: بقیہ۔

سَأْسَأَ سَأْسَأَةً. بِالحِمَارِ: گدھے کو روکنے کیلئے ڈانٹنا یا پینے یا چلنے کیلئے آواز دینا۔

تَسَأْسَأَتِ. الاُمُوْرُ: مختلف ہونا۔

سَأَفَتْ (ف) سَأْفًا و سَئِفَتْ (س) سَأَفًا يَدُهُ: ناخن کے ارد گرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سَئِفَةٌ) (سَئِفَ وانْسَأَفَ) لِيْفُ النَخْلِ: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔

السَأَف. کھجور کی شاخ۔ دم کے بال۔

السَائِفَة. ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سَوَائِف.

سَأَلَ (ف) سُؤَالًا وسَآلَةً وسَأَلَةً و مَسْأَلَةً وتَسْآلًا. طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُ اللّٰهَ نِعْمَةً" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے جیسے "سَأَلْتُه عَنْ حَاجَتِهٖ" اور کبھی ھمزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سَالَ يَسَالُ سَلْ" مثل خاف یخاف خف کے اور اسم مفعول "مَسُوْلٌ" مانند مخوف کے۔

سَاءَلَ. وسَايَلَه مُسَاءَلَةً و مُسَايَلَةً و سَاءَلَ عَنْهُ: بمعنی سال۔

اَسْأَلَ. سُؤْلَهُ و سُؤْلَتَهُ و مُسْأَلَتَهُ: حاجت پوری کرنا۔

تَسَأَّلَ و تَسَوَّلَ. مانگنا۔

تَسَاءَلَ و تَسَاوَلَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے پوچھنا۔

السُؤْل والسُوْل والسُؤْلَة والسُوْلَة. درخواست۔ التجا۔

السَأَّل والسُؤَلَة والسَؤُوْل. بہت سوال کرنے والا۔

السَائِل. فا. مانگنے والا۔ ج سَائِلُوْنَ وسُؤَّل وسُؤَّال و سَأَلَة.

المَسْئَلَة. حاجت۔ مطلب۔ ج مَسَائِل

المَسْئُوْلِيَّة. ذمہ داری۔

سَئِمَ (س) سَأَمَةً و سَأْمًا و سَأْمَةً و سَأَمًا و سَآمَةً. الشئَ و مِنْهُ: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سَؤُوْم)

اَسْأَمَه اِسْآمًا. ملول کرنا (اکتا دینا)

سَأَا (ن) سَأْوًا. دوڑنا الشئَ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا۔ الرَجُلَ: کسی کو غمگین کرنا۔ الثَوْبَ: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔

بَیْنَهُمْ لوگوں میں فساد ڈالنا۔
السَّأو ۔س۔ وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ کیا جائے اور کہا جاتا ہے "هُوَ بَعِیْدُ السَّاوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔
سَبَّہ(ن) سَبًّا و سَبِّیْبَی. سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسّی کو کاٹنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔
سَبَّبَہٗ. بہت گالی دینا الاَسْبَابَ: اسباب پانا لِلْمَاءِ مَجْرَیٰ: پانی کے لیے نالی درست کرنا الاَمْرَ: سبب بننا۔
سَابَّہٗ مُسَابَّۃً و سِبَابًا. گالی دینا۔
تَسَبَّبَ. اسباب ڈھونڈنا بِهٖ اِلَیْهِ: وسیلہ بنا بالاَمْرِ: سبب ہونا۔
تَسَابَّ. الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَبَّ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَسَبَّ. لَهٗ: گالی کیلئے پیش کرنا۔
اِسْتَسَبَّ لَهُ الاَمْرُ: کام کا درست ہونا۔
السِبُّ والسُّبَبَۃ والمِسَبّ والمِسَبَّۃ. بہت گالی دینے والا۔ السِبّ: ج سُبُوْب: رسّی۔ عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔
السَّبَّۃ. مِنَ الحَرِ او البَرْدِ او الدَهْرِ: عرصہ مقعد۔
السُّبَّۃ. انگشت شہادت عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: ہفتہ۔
السُّبَّۃ. جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار۔ بے عزتی۔
السَّبَب. رسّی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِی اِلَیْهِ سَبَب" میرے لیے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ و "قَطَعَ اللّٰهُ بِهٖ السَّبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کر دی۔ دوستی۔ رشتہ داری۔ فِی العُرُوْضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔
ج اَسْبَاب. اَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطِی الاَسْبَابَ" اس نے اُمورِ معیشت کے اسباب حاصل کیے۔ و "تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الاَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہوگئے۔
السَّبِیْب والسَّبِیْبَۃ. بالوں کا گچھا۔ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کے دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ایال۔ ج سَبَائِب. کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوْا سَبَائِبَ خَیْلِهِم" انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دُم کے بال میں گرہ لگائی۔
السَّبِیْبَۃ: کتاں کا باریک ٹکڑا۔
السَّبَّاب. بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَۃ.
اُلاسْبُوْبَۃ. باعث گالی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ اُسْبُوْبَۃٌ یَتَسَابُّوْنَ بِهَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔
السَّبَّابَۃ والمِسَبَّۃُ. انگشت شہادت۔
سَبَأَ (ف) سَبْأً و سِبَاءً و مَسْبَأً. الخَمرَ: شراب کو پینے کیلئے خریدنا۔ الجِلْدَ: کھال اُتارنا الجِلْدَ بالنَارِ: کھال کو آگ میں جلانا۔
الرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔
النَّارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔
اَسْبَأَ لِاَمْرِ اللّٰهِ: حکم الٰہی کے لیے جھک جانا۔
عَلَی الشَّرِّ: مطیع ہونا۔
اِنْسَبَأَ. الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔
اِسْتَبَأَ اِسْتِبَاءً. الخَمرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔
السِبَا والسَّبِیْئَۃ. شراب۔
السَّبَّاء. مے فروش۔
السُّبْأَۃ. دور کا سفر۔
السِبی. مِنَ الحَیَّۃِ: سانپ کی کینچلی۔
المَسْبَأ. پہاڑی راستہ۔ راستہ۔
سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا الشَّیْءَ: کسی چیز کو کاٹنا الرَاسَ: سر مونڈنا الرَّجُلُ: حیران ہونا الشَعرَ: بال لٹکانا عُنُقَهٗ: گردن پر مارنا۔
سُبِتَ. الرَّجُلُ: نیند کا آجانا۔
اَسْبَتَ. ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
اِنْسَبَتَ. الشَّیْءُ: کسی چیز کا دراز ہونا۔
الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا الوَجْهُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔
اِسْتَبَتَ. الیَهُوْدُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔
السَّبْت. س۔ سنیچر۔ شنبہ۔ ج اَسْبُت و سُبُوْت. السَّبْت: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (السَّبْتَۃ) زمانہ کا ایک عرصہ۔
السِبْت. پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔
السُبْت والسَّبْت. خطمی کی مانند ایک پودہ۔
السُبَات. نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔
اِبْنَا سُبَاتٍ: دن رات (السَّابُوْت) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔
السِبْتَان. بیوقوف۔
السَّبْتَاء. بیابان۔
السَّبَنْتَی. دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت و سَبَاتَی. مؤنث سَبَنْتَاۃ.
السَّبَنْتَاۃ: زبان دراز عورت۔
المُسْبِت. فا. وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔
المَسْبُوْت. مف. میت یا بیہوش سر منڈا ہوا۔
تَسَبَّجَ. سیاہ کمبل اوڑھنا۔
السُّبْجَۃ. کالا کمبل۔ ج سُبَج. بغیر آستین کا کرتا۔
السَّبَج. سیاہ مہرے۔
السَّبَّاج. کالا کمبل بیچنے والا۔
ثَوْبٌ (مُسَبَّجٌ) چوڑا کپڑا۔
سَبَحَ (ف) سَبْحًا. الرَّجُلُ: اپنی معاش کیلئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا عَنِ الاَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِی الکَلَامِ: بہت بولنا فِی الاَرْضِ: کھودنا

القَوْمُ: پھرنا اور زمین میں پھیلنا (سَبْحًا و سِبَاحَةً. فِي المَاءِ و بِالمَاءِ) تیرنا اور بطور استعارہ کے گھوڑے کی رفتار اور سیارے کی چال کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (سُبْحَانًا) سبحان اللہ کہنا۔

سَبَّحَ تَسْبِيحًا. نماز پڑھنا۔ سبحان اللہ کہنا اللّٰهَ و لِلّٰهِ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔

اَسْبَحَهُ. تیرانا۔

السَّبْحَة. سبح کا اسم مرة۔ کھال کے کپڑے۔

السُّبْحَة. دعا۔ تم کہتے ہو "قَضَيْتُ سُبْحَتِي" میں نے اپنی دعا پوری کر لی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللّٰهِ. اللہ تعالیٰ کا جلال۔

ج سُبَح و سُبُحَات و سُبُحَاتُ وَجْهِ اللّٰهِ. اللہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔

السُّبْحَة. روئی کا ٹکڑا۔

السُّبْحَة. پتھر یا لکڑی کے منکے جو کہ لڑی پروئے جاتے ہیں تاکہ اس کے ساتھ مختلف اذکار کئے جائیں۔

سُبْحَان. مص. کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰهِ" یعنی میں اللہ تعالیٰ کی عیوب و نقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ و "سُبْحَانَ مِنَ كَذَا" موقع تعجب کیلئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللّٰهِ مِنْ كَذَا" کے معنی میں۔ و "اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِي سُبْحَانِكَ" یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔

التَّسْبِحَة. مص. تسبیح کے کلمات۔ ج تَسَابِيح.

السَّابِح. فا. ج. سَابِحُونَ و سُبَّاح و سُبَحَاء مؤنث سَابِحَة ج سَابِحَاتٌ و سَوَابِح. والسَّابِحُ مِنَ الخَيْلِ. تیز رفتار گھوڑا۔ السَّوَابِح: تیز رفتار گھوڑے۔

السَّابِحَات: کشتیاں۔ ستارے یا مومنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کی جاتی ہیں یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔

السَّبَّاح. سَابِح کا مبالغہ۔ بڑا تیراک۔ ج سَبَّاحُونَ.

السَّبُوح. تیراک ج سُبَحَاء. فَرَسٌ سَبُوحٌ: تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں ادھر ادھر نہ ہوتا ہو۔

السُّبُّوح والسَّبُّوح. باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ اس لئے کہ اس کی تسبیح کی جاتی ہے۔

ثَوْبٌ (مُسَبَّحٌ) مضبوط کپڑا۔

المُسَبِّحَة والسَّبَّاحَة. انگشت شہادت۔

المُسَبِّحَة. عِنْدَ العَامَةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز۔ تسبیح یا تسلی۔

سَبْحَلَ سَبْحَلَةً. سبحان اللہ کہنا۔

السِّبَحْل. موٹا۔ جارِيَة. سِبَحْلَة: موٹی لمبی لڑکی۔

سَبْحَنَ. سبحان اللہ کہنا۔

سَبَخَ (ن) سَبْخًا. گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔ دور ہونا۔

سَبِخَ (س) سَبَخًا المَكَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)

سَبَّخَ. عَنْهُ: ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ سَبِّخْ عَنِّي الحُمّٰى او الشِّدَّةَ" اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کر دے۔ الحَرَّ. ٹھنڈا کرنا القُطْنَ و نَحْوَهُ. روئی دھننا الرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا العِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا الحَرُّ. گرمی کا کم ہو جانا۔

اَسْبَخَ. فِي الحَفْرِ. کھودنے میں زمینی شور تک پہنچنا۔ المَكَانَ: زمین شور والی ہونا۔

تَسَبَّخَ. الحَرُّ او الغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْضٌ (سَبْخَة) ج سِبَاخ (سَبِخَة) ج سَبِخَات: زمین شور۔

السَّبْخَة والسَّبَخَة نمکین و دلدلی زمین۔ کائی کی مانند جو پانی کے اوپر آ جائے۔ ج سِبَاخ.

السِّبَاخ. من الارض. ویران کھیت جو جوتا نہ گیا ہو۔

السَّبِيخ. روئی کا پھایا یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔

السَّبِيخَة. دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخ. تم کہتے ہو "طَارَتْ سَبَائِخُ القُطْنِ" روئی کے گالے اڑے۔

سَبَدَ (ن) سَبْدًا. الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔ شَارِبُهُ: مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں کو گھیر لینا۔

سَبَّدَ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا الفَرْخُ: چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا الرَّحْلُ: سر میں تیل نہ لگانا۔ رَاسَهُ: سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا۔

شَعْرَهُ: بال کو جڑ سے مونڈنا العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اگنا۔

اَسْبَدَ. الشَّعْرَ: بال مونڈنا اَلعُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اگنا۔

السِّبْد. بھیڑیا۔ مصیبت۔ ج اَسْبَاد.

الاَسْبَاد. کالے کپڑے۔ اَسْبَادُ العُشْبِ: گھاس کا سر ابتدائی روئیدگی کے وقت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ سِبْدٌ مِنَ الاَسْبَادِ" وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔

السَّبَد. کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

السَّبَد. سبز گھاس کا بقیہ۔

السُّبَد. چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَان. ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا منہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔ السُّبَد والسُّبَدَة. پیڑو۔

السِّبَنْدَى. لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کیلئے ہے تانیث کیلئے نہیں) ج سَبَانِد. و سَبَانِدَة. السَّبَانِدَة: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا وَاَسْبَرَ وَاسْتَبَرَ. الجُرْحَ او البِئْرَ او المَاءَ: گہرائی کی

آزمائش کرنا۔
الامر: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "هذه مفازة لاتسبر" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔
السَّبْر بمعنی شیر (والسِّبْر) اصل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَسَنُ الحِبْرِ والسِّبْرِ" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو "و رَأيْتُه سَيِّئَ السِّبْرِ" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو "و قَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ سِبْرُ فُلان" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِّبْر: دشمنی۔ ج اَسْبار.
السَّبْرَة. ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرَات.
السُّبَر و السُّبَرَة. ایک شکاری پرندہ۔
السِّبَار. ج سُبُر (المِسْبَر والمِسْبَار) ج مَسَابِر و مَسَابِيْر: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔
السِّبَار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔
اَلسَّابُوْرَة: مٹی وغیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔
السَّبارَة. ایک قسم کا جہاز۔
السَّابِرِي. سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔
السَّبُّوْرَة. سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔
المَسْبَر. ہیئت و حسن و جمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَهٗ و مَخْبَرَهٗ"
المِسْبَار. زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسَابِيْر.
مَسْبَرَةُ الجُرْحِ: زخم کی گہرائی۔
المَسْبَرة. آزمائش۔
المَسْبُوْر. مث۔ اچھی ہیئت والا۔
سَبْرَتَ الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔
السُّبْرُت والسُّبْرُوْت والسِّبْرِيْت والسِّبْرات. مسکین و محتاج۔ ج سَبَارِيت و سَبَارٍ. السُّبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔
السُّبْرُوْت مِنَ الاَرْضِ: چٹیل بیابان۔
المُسَبْرَت. وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔
سَبْسَبَ. الماءَ: پانی بہانا الرَّجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔
تَسَبْسَبَ. الماءُ پانی بہنا۔
السَّبْسَب. بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَبَاسِب اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَبَاسِب او سُبَاسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔
سَبِطَ(س) سَبَطًا و سَبْطًا و سُبُوْطًا و سَبُطَ(ن) سُبُوْطَةً و سَباطَةً. الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔
سَبُطَ(ک) سَباطَةً. المَطَرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔
سُبِطَ سَبْطًا. بخار ہونا۔
سَبَّطَتِ. النَّاقَةُ او النَّعْجَةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرادینا۔ صفت (مُسَبِّط)
اَسْبَطَ. خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گرکر بے حس و حرکت ہونا بِالاَرْضِ: چمٹنا فِي نَوْمِهِ: نیند میں آنکھیں بند کرنا عَنِ الاَمْرِ: غفلت کرنا۔
السِّبْط. اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر مِنَ اليَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لیے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کیلئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْبَاط.
السَّبْط والسَّبِط. مِنَ الشَّعْرِ: سیدھے بال۔ السَّبْط مِنَ المَطَرِ: بکثرت بارش۔ ج سِبَاط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبِطُ اليَدَيْنِ اَوْ سَبْطُ البَنَانِ" یعنی وہ فیاض و کریم ہے۔ و "سَبْطُ الجِسْمِ" عمدہ قدو قامت والا۔
السَّبَط. تروتازہ لفی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطة) شَعْرٌ سَبْطٌ: سیدھے بال۔ السَّبَط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔
سَبَاط. بروزن قطام بمعنی بخار۔
سُبَاط. ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)
السُّبَاطَة. بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔
السَّابُوْط. ایک سمندری جانور۔
السَّابَاط. چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِيط و سَابَاطَات.
السَّبَطَانَة. نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔
اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا. دراز ہو کر لیٹنا۔
اِسْبَطَرَّتِ الاِبِلُ: تیز چلنا لَهُ البِلادُ: کسی کیلئے ممالک و بلاد کا درست ہونا۔
السِّبَطْر. تیز خاطر و چالاک۔ لمبا۔ اسدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے حَمَّامات اور رِجَالات مذکر کی جمع میں۔)
السُّبَاطِر والسَّبَيْطَر. لمبا مرد۔
السِّبَطْرَى. متکبرانہ چال۔
سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا. القَوْمَ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا الشَّيْءَ: سات بنانا الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا الشَّيْءَ: چرانا۔ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔
سُبِعَتِ. الوَحْشِيَّةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)
سَبَّعَهُ. سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا الاِنَاءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا اللهُ لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا المَرْأَةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا القَوْمَ: پورے سات سو ہونا۔
سَابَعَهُ مُسَابَعَةً و سِبَاعًا. گالی گلوچ کرنا۔
اَسْبَعَ. القَوْمُ: سات ہونا الرَّاعِي: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا الشَّيْءَ: سات بنانا المَكَانُ: بہت درندوں والی ہونا ہ: درندے کا گوشت کھلانا الرَّجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوَابِع) کہتے ہیں۔
اِسْتَبَعَ. الشَّيْءَ: کسی چیز کو چرانا الغَنَمَ:

بکری کو پھاڑنا القَوْمُ: سات ہونا۔

السَّابِع. فا. ساتواں۔ ج سَبعَةٌ و سَابِعُوْنَ.

سَبْعَة. سات۔ مؤنث۔ سَبْع.

السَبْع. سَبْعَة کا مؤنث۔ یَوْمُ السَبْع: قیامت کا دن۔ السَبْعُ المَثَانِی. سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَافَ بِالبَیْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔

والمَسْرَب. ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَعَمِ مَسَارِبُ و مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔

المَسْرَبَة والمَسْرُبَة. چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ.

المُنْسَرِب. بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔

سَرْبَخَ. الرَجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔

السَرْبَخ. کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔

قفر (سِرْبَاخٌ و مُسْرَبِخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔

سَرْبَلَہ. کرتا پہنانا۔

تسربل. بالسِّربال: کرتا پہننا۔
السِّربال. کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سرابیل.
سَرَجَ (ن) سَرْجًا. جھوٹ بولنا المرأة شعرها: چوٹی بنانا۔
سَرِجَ (س) سَرَجًا. جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ. الشيءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰه: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا۔ الحدیثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ اُسْرُوجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ و "اِنَّهُ لَیُسَرِّجُ الاَحَادِیثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ شین معجمہ سے ہے۔
اَسْرَجَ. الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَیْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَّرْج. زین. ج سُرُوج.
السِّرَاج. چراغ. ج سُرُج. سِرَاجُ اللَّیْلِ: جگنو.
السِّیْرَج. تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّرَّاج. جھوٹا۔ زین ساز و (السِّرَاجَةُ) زین سازی کا پیشہ۔
السُّرَیْجِیَّات. سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المَسْرَجَة. چراغ دان۔ ج مَسَارِج.
المِسْرَجَة. چراغ۔ ج مَسَارِج.
السِّرْجِن والسِّرْجِیْن والسِّرْجُوْن. گوبر۔
سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا و سُرُوْحًا. المَوَاشِي: جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ السَّیْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (سَرْحًا) المَوَاشِي: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سرحه: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا. الرَّجلُ: کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔
سَرَّحَ. المَوَاشِي: جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا القَوْمَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے۔ اِلَیْهِ رَسُوْلًا: پیغامبر بھیجنا الاَمْرَ: آسان کر دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا لِلْخَیْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ الشَّعْرَ: کنگھا کرنا عنه: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَرَحَتِ. الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا الرَّجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ. مِنَ المکان: نکلنا عَنْهُ: کشادگی کیا جانا الکَتَّانُ. کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّرْح. مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوح.
السَّرْحَة. جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَیْلٌ (سُرُحٌ و ناقةٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْیَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِّرْحَان. بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سِرَاحٍ و سَرَاحٍ و سَرَاحِیْن. ذَنَبُ السِّرْحَان: فجر کاذب۔
السِّرْحَانَة. سِرحان کا مؤنث۔
السَّرِیْح. مِنَ الاُمُوْرِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسریحُ من الخَیْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔
السَّرِیْحَة. تسمہ جس سے جوتا وغیرہ سیا جائے۔ کپڑا کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائح.
السَّارِح. فا. چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المِسْرَح. ج مسارح و (المِسْرَحَة) کنگھی۔ بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔
المَسْرَح. چراگاہ۔ ج مَسَارِح.
المَسْرَح: وہ جگہ جہاں کہانیوں کو ڈراموں میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس کو المرسح پڑھنا غلط ہے۔
المُنْسَرِح. اوزان شعر کا ایک وزن
(السِّرْیَاح) مِنَ الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْیَاحٌ: لمبا مرد۔ السِّرْیَاح: ٹڈی۔
السَّرَاح. تَسْرِیح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ فِي سَرَاحٍ و رَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔
السُّرْحُوْب. گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیْب.
السِّرْحَال. بھیڑیا۔
سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا و سِرَادًا. الجِلْدَ: چمڑے کو سینا الشَّيءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا الدِّرْعَ: زرہ بنا الحَدِیثَ او القِرَاءَةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا الصَّوْمَ: پے در پے روزے رکھنا الکِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔
سَرِدَ وسَرِدَ (س) سَرَدًا. لگاتار روزے رکھنا۔
سَرَّدَ واَسْرَدَ. الاَدِیْمَ ونَحْوَهُ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا النَّخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔
تَسَرَّدَ. الدُّرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُهُ کما یَتَسَرَّدُ اللُّؤْلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔
السَّرْد. مص. ہر زرہ اور حلقہ کے لیے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ سَرْدٌ"
السَّرَد. مص. لگاتار ہونا۔
السَّرَاد. پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔

السِرَاد والسرِيْد والمِسْرَد. سُتالی۔
المِسْرَد: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتا۔
السارِد. موچی۔
السرّاد. زرہ بنانے والا۔
المَسْرُوْد والمُسرّد والمَسْرُوْدة. زرہ۔
السِرْداب. تہ خانہ۔ ج سَرادِيْب.
سَرْدحهٗ. بیکار چھوڑنا۔
السِرْداح والسِرْداحة. لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پُرگوشت اونٹنی۔
السِرْداح: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْداحة. اَرْضٌ سِرْداحة: ہموار زمین۔ دور کی زمین۔ ج سَرادِح و سَرادِيْح.
سَرْدَق. البيْتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔
السُرَادِق. شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرادِقات.
سَرِسَ (س) سَرَسًا. بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔
السَرِيْس. عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔
سَرْسَر. الشَفرة: دھار تیز کرنا۔
السُرْسُوْر. زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
السِرسام. ایک دماغی بیماری کا نام۔
سَرَطَ (ن) وسَرِطَ (س) سَرْطًا و سَرَطانًا و تَسَرّطَ واسْتَرَطَ. الشَيْءَ: نگلنا۔
اِنْسَرَطَ. الشَرابُ فِيْ حَلْقِه: حلق میں آسانی سے اُترنا۔
السِرَاط. واضح راستہ۔
السُرَاط. مِن السُيُوْف: بہت کاٹنے والی تلوار۔
السُراطِيّ. بہت کاٹنے والی تلوار۔

(والمَسْرَط والسُرّواط والسِرَطة والسرَّاط والسرَطِيْط) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا۔ السُرط: تیز چلنے والا۔
السَرَيْطي. اسم ہے سَرط کا۔ نگلنا۔
السَرَطان. س۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عَقْرَبُ الماءِ بھی ہے اور عوام اس کو السلطعُوْن کہتے ہیں۔ السرطان: ایک برج آسمانی کا نام ہے۔ ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں اور کہا جاتا ہے "فرسٌ سرطانٌ او سرطانُ الجرْیِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المَسْرَط والمَسْرِط. حلق۔ المِسْرط: جلدی کھانے والا۔
سَرْطَعَ. گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
السَرْطَل والسَرْطَم. بے ڈول۔ لمبا۔
السَرْيَطم والسَرْطم. بہت کھانے والا۔
سَرِعَ (س) وسَرُعَ (ک) سُرْعَةً و سَرْعًا و سَرَعا و سِرْعا و سُرْعًا و سَرَاعَةً. جلدی کرنا۔
سارَعَ. اِلَيْه: سبقت کرنا فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔
اَسْرَعَ. فِي المَشْي: جلدی چلنا۔
تسارَعَ و تسرّعَ. اِلَى الْاَمْرِ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ (تسرّعَ بالاَمرِ:) سبقت کرنا۔ تَسرّعَ الْاَمْرَ: جلدی ہونا۔
السَرْعُ والسِرْعُ. انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوْع.
سَرْعَانَ و سِرْعَانَ و سُرْعانَ. اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی اَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعانَ ما فعلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔
سَرَعانُ و سَرْعانُ. القومِ او الخَيْلِ: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جاءَ فِيْ سرعانِ النّاس" وہ

سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔
السَرِيْع. جلد باز۔ ج سُرْعان. مؤنث سَرِيْعَة. ج سَرَاع. اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔
السَرِع والسَرْعان. جلد باز۔ مؤنث سَرْعَی.
اَسارِيْع. کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذاتُ اساريْع" لکیروں والی کمان۔ سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔ واحد (اُسْرُوْع و يَسْرُوْع)
المِسْرَع والمِسْراع. خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مسارِع و مسارِيْع.
کائی کے بڑے پودے سمندری کناروں پر ہوتے ہیں ان کوالترواغا بولتے ہیں۔
السَرْغُوْس: مچھلی کی ایک قسم۔
السُرْعُوف. نازک و سبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوْفة. السُرْعُوْفة: لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔
سَرَفَتْ (ن) سَرْفًا. السُرْفَةُ الشجرةَ: کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا الاُمُّ ولدَها: ماں کا بچّہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔
سَرِفَ (س) سَرَفًا. الامْرَ: بیکار چھوڑنا۔ جاہل ہونا۔ خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما فی عطائِهِمْ منٌّ ولا سرفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔ سرِفَ القوْمَ: تجاوز کرنا الطعامُ: گھن لگنا الرجُلُ بالخمرِ: شراب کا حریص ہونا۔
اَسْرَفَ. المالَ: فضول خرچی کرنا فِي كذا: حد سے تجاوز کرنا۔ زیادتی کرنا۔ خطا کرنا۔ جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ صفت (مُسْرِف)
السُرْفة. گھن۔ سرخ جسم اور کالے سر

والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب
سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل
ہو کر مر جاتا ہے۔ اسی سے مثال ہے "ھُو
اَصْنَعُ مِنْ سُرفَةٍ" وہ سرفہ سے زیادہ
کاریگر ہے۔

السَرف. حد و اعتدال سے تجاوز کرنا۔
زیادتی۔ خطاء۔ کہا جاتا ہے "اَکلہٗ سرفًا"
اس نے جلدی سے کھایا۔

السراف. سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا
درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔

رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُواد: غافل مرد۔
سَرِفُ العقل: خراب یا کم عقل والا۔

ارض (سَرِفَة) زمین جس میں سرفہ
کیڑے بہت ہوں۔

السَرُوف. سخت اور بڑا۔

السَریف. انگور کی بیل کی قطار۔

سرق (ض) سَرقًا و سَرِقًا و سَرِقَةً و
سَرِقَةً و سَرْقَانًا. مِنْہُ الشَیْءَ و سرقہٗ
الشیءَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "سرَقُوْا لَیْلَةً
مِنَ الشَّھْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے
ساتھ رہیں۔ و "سر قَتْنِیْ عَیْنِیْ" میری
آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی۔

سُرِق. الرَجُلُ: کسی کے مال و متاع کا
چوری ہو جانا صَوْتُہ: آواز پڑنا۔ گلا بیٹھ
جانا۔ صفت مَسْرُوْقُ الصَوْتِ.

سَرِق (س) سَرقًا. الشَیْءُ: پوشیدہ ہونا۔
سَرِقَتْ مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا سخت ست ہو
جانا۔

سَرَّقَہٗ. چوری کی نسبت کرنا۔ سَرَّق
الشَیْءَ: چرانا۔

سارقَہٗ. النظر: ایک دوسرے کو دزدیدہ
نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم
نہ ہو۔ سارق النظر اِلَیْہِ: کسی کو دزدیدہ
نگاہ سے دیکھنا۔

تسرَّق. تھوڑا تھوڑا چرانا النظر
والسَمْعَ: چوری سے دیکھنا یا سننا۔

اِنْسرق. عَنْہُ: جانے کیلئے پیچھے ہٹنا۔

اِنْسرقَتْ مفاصِلہ: جوڑوں کا ست ہو
جانا۔

اِسْترق. مِنْہُ الشَیْءَ چرانا السمْعَ:
چھپ کر سننا الکاتبُ بعض
المُحاسبات: چھپا لینا۔ ظاہر نہ کرنا۔

السرقة. مص۔ چرائی ہوئی چیز۔

السارق. فا ج سرقة وسُرّاق و
سارِقُوْن مؤنث سارِقَة السارقة: لوہے
یا چمڑے کا طوق۔ ج سوارق. السوارق:
تالے کی زائد جھڑ۔

السَرَقة. س۔ حریر کا ٹکڑا۔ ج سرق (یہ
کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے۔)

السَرَّاق. بہت چرانے والا۔

السَرُوْق. چور۔ ج سُرق.

السُراقة. چرائی ہوئی چیز۔

المُسْترق. فا. ناقص کمزور۔ مُسْتَرِق
العُنُق: چھوٹی گردن والا۔

السُرْقُع: ترش نبیذ۔

السَرْقِیْن والسِرقِیْن گوبر۔ کھاد۔

سَرِكَ (س) سرکًا. قوت و توانائی کے
بعد کمزور جسم والا ہونا۔

سَرْوَكَ و تسَرْوَكَ. لاغری یا تھکن کی
وجہ سے آہستہ چلنا۔

سَرَّمه. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تسَرَّم. ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

السُرْم. مستقیم آنت کا کنارہ۔ ج اسرام.

السَرَم. دبر کا درد۔

السُرْمان والسِرْمان. زرد و سیاہ بھڑ۔

السرمد. ہمیشہ۔ لَیْلٌ سرمَدٌ: لمبی رات۔

السرمدیّ. جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔

تسرمط. الشعر: بال ہلکے اور کم ہونا۔

السُرْمط والسُرامط والسرومط
والمُسْرمط والسرْمطیط. ہر ایک لمبی
چیز۔ السَرَوْمط: ہر کمبل وغیرہ جس میں
کوئی چیز لپیٹی جائے۔ رجل سرمط: ہر
چیز کو نگلنے والا مرد۔

السُرْمق. ایک گھاس کا نام۔

السَرْمِقِیَاتُ. انگوری کی ایک قسم۔

سَرْھد. السنام: کوہان کو کاٹنا الصبیَّ:
بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

السَرْھد. کوہان کی چربی۔ ماءٌ سرْھدٌ:
بہت پانی۔

المُسَرْھد. مف۔ موٹا۔

سَرْھف. الغذاءَ: غذا کو عمدہ بنانا۔
الصبیَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

سرا یَسْرُوْ سَرْوًا. بسرت الجرادة:
ٹڈی کا انڈے دینا (و سرّی تسریة
واسْری اسْراء) الثوبَ عنه: کپڑے
اُتارنا۔

سرا یَسْرُوْ وسرُ ویَسْرو وسری
یَسْری سرْوًا و سراوةً وسرا وسراء.
صاحب مروت و سخاوت ہونا۔

سُرِّیَ وانْسری انسراءً. عَنْہُ الھمُّ: غم
زائل ہونا۔ دور ہونا۔ سُرِیَ القومُ: سردار
قوم کا مارا جانا۔

ساراہ مُساراةً. ایک دوسرے پر فخر
کرنا۔

تسرّی تسرّیًا. بتکلف مروت و سخاوت
کرنا۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مقرر
کرنا۔

اِسْتَرى اسْتراء. اختیار کرنا۔ چننا۔
المَوْتُ القوْمَ: قوم کے سرداروں میں
موت واقع ہونا۔

السَرْو. مص۔ فضل۔ مروت و سخاوت۔
ایک درخت کا نام۔ واحد (سَرْوَة) اَبُو
السَرْو: بخور۔

السَرْوُ: آواز والے صندوق ایک سیدھا
سوراخ۔

السَرْوِیَة: ایک پودے کا نام۔

السُرْوة والسِرْوة والسَرْوَة. چھوٹا تیر
اور بقول بعض چوڑے پھل کا تیر۔ ج
سری و سُری. السِرْوَة ٹڈی کا بچہ جو
ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔

السراة. پیٹھ۔ دن کی چڑھائی من

الطَّرِيْق: درمیانہ راہ۔ ج سَرَوَاتِ۔
سَرَوَاتِ القَوْم: سردارانِ قوم۔
السَّرِیّ. صاحب شرف و مروت یا صاحب مروت و سخاوت۔ شریف سخی سردار۔ ہر چیز میں عمدہ۔ ج سُرَیٌ وسُرَاةٌ وسَرَاةٌ واَسْرِيَاءُ و سُرَوَاء مؤنث سَرِيَّةٌ ج سَرِيَّات وسَرَايَا۔
سَرْوَلَهُ. پاجامہ پہنانا۔
تَسَرْوَل. پاجامہ پہننا۔
السِرْوَال والسِرْوَالَة والسِرْوِيْل. پاجامہ۔ ازار۔ کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج سَرَاوِيْل. فَرَسٌ (مُسَرْوَل) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا۔
حَمَامَةٌ (مُسَرْوَلَة) ٹانگوں پر پر والا کبوتر۔

سَرىٰ يَسْرِى سُرًى وسَرْيَةً وسُرْيَةً وسِرَايَةً وسَرَيَانًا ومَسْرىً واِسْتَرىٰ. رات میں چلنا۔ صفت (سَارٍ) ج سُرَاة وسَرىٰ بِه: رات میں سفر کرانا وسَرىٰ عِرْقُ الشَّجَرَة: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا۔ سَرَى الدَّمُ فِيْ الْعُرُوْقِ: خون کا رگوں میں دوڑنا الهَمُّ: غم زائل ہونا اور کہا جاتا ہے "سَرَى الجَرْحُ اِلىٰ النَّفْسِ" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی۔
سُرِىَ. عَنْهُ: غصہ یا غم کا زائل ہونا۔
اَسْرىٰ اِسْرَاءً. رات میں چلنا الرَّجُلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا۔
سَرَّىٰ. عَنْهُ اور عَنْ قَلْبِه: کسی سے غم دور کرنا قَائِدُ الجَيْشِ. کمانڈر کا دستہ فوج بھیجنا۔
سَارىٰ. صَاحِبَه: ساتھ ساتھ رات میں چلنا۔
تَسَرَّىٰ واِنْسَرىٰ. دیکھئے مادہ س ر و۔
السُّرىٰ والسَّرَيَان والسُّرْيَة. مصادر۔ رات کا سفر اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّباحِ يُحْمَدُ القَوْمُ السُّرىٰ" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو۔
اِبْنُ السُّرىٰ: رات کا مسافر۔
السِّرْيَة. ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔
السَّرَاة. ہر چیز کا بالائی حصہ۔ سَرَاةُ الجَبَلِ. پہاڑ کی چوٹی۔ سَرَاةُ الضُّحىٰ: ابتدائے وقت چاشت۔
السَّرَّاء. رات میں بہت چلنے والا۔
السَّارِي. فا. ج سُرَاة (والمُسَارِي و. المُسْتَرِي) شیر۔
السَّارِيَة. ساری کا مؤنث۔ رات کو چلنے والی جماعت۔ رات کو آنے والا بادل۔ ستون عِنْدَ المَلَّاحِيْن: مستول۔ ج سَوَارٍ.
اَلسَّارِيَةُ: متعدی مرض
اَلسَّرْيَالِيَّةُ: ایک ادبی نظریہ جس میں منطق کو کلی طور پر ترک کرنے کا نظریہ پیش کیا گیا۔
السَّرَايَة والسَّرَايَا. شاہی محل (کلمہ فارسیہ ہے)۔
السِّرِىّ. چھوٹی ٹڈی۔ ج اَسْرِيَة وسُرْيَان.
السَّرِيَّة. دستہ فوج۔ تیر کا چھوٹا اور گول پھل۔ ج سَرَايَا.
السَّاسَب والسِيْسَب والسَيْسَب. ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔
السِيْسَبَان. ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
الاَسْطُ. لمبی ٹانگوں والا مرد۔
السُّطُط. ظالم لوگ۔
المَسْطَبَة والمِسْطَبَة. چبوترہ۔ نہائی کہکشاں۔ فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ۔ سرائے۔ ج مساطب (صاد کے ساتھ ابلغ ہے۔)
سَطَحَهُ (ف) سَطْحًا. بچھانا۔ پچھاڑنا۔ "لٹانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَه فَسَطَحَهُ" اس نے اس کو مارتے مارتے بچھا دیا (وسَطَّح) البَيْتَ: چھت کو ہموار کرنا۔
سَطَحَ وسَطَّحَ النَاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا۔
تَسَطَّحَ. ہموار ہونا۔
اِنْسَطَحَ. بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا۔ پھیلنا۔
السَطْح. مں۔ چھت۔ چوڑی چوٹی۔ ج سُطُوْح.
السَطِيْح. پھیلا ہوا۔ کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اٹھنے والا (والسَطِيْحَة) توشہ دان۔
السُطَّاح. ایک قسم کی گھاس۔ زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ واحد (سُطَّاحَةٌ)
المِسْطَح. ہموار کرنے کا اوزار۔ بیلن۔ خیمہ کا ستون۔ کھلیان۔ کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ (والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ الْاَرْضَ مَسَاطِحَ" میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا۔
اَلْمُسَطَّحُ: وہ شکل جس کو ایک خط گھیرے۔
اَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک۔
المَسْطُوْح. مقتول لمبا پڑا ہوا۔
سَطَرَ (ن) سَطْرًا. لکھنا۔ ہ بالسَيْفِ. تلوار سے کاٹنا۔ سَطَرَ الرجلُ: پچھاڑنا۔
سَطَّرَ بے اصل باتیں جمع کرنا عليه: گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا القِرْطَاسَ: سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا۔
اَسْطَرَ پڑھنے میں غلطی کرنا۔
اِسْتَطَرَ. لکھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذا مُسْتَطَرٌ" یہ لکھا ہوا ہے۔
السَطْر والسَطَر. قطار۔ لکیر۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ سَطْرًا" و "غَرَسَ سَطْرًا و بَنىٰ سَطْرًا مِنْ بِنَائِه" ج اَسْطُر و سُطُور واَسْطَار و جج اَسَاطِيْر اور کہا جاتا ہے

"اِنْ هٰذَا اِلَّا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ" یہ تو کچھ بھی نہیں۔ صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں۔ السَّطْر: تحریر و کتابت۔ یک سالہ بکری۔

السُّطْرَۃ. آرزو۔

السُّطُر. چکنی چپڑی باتیں۔

الاِسْطَار والاَسْطَار والاُسْطُوْرُ و الاُسْطِیْر. و ایضًا بالھاءِ فِیْ کُلِّھَا: ہر وہ چیز جو لکھی جائے۔ ج اَسَاطِیْر.

الاُسْطُوْرَۃ والاُسْطِیْرَۃ. بے اصل بات۔

السَّاطِر والسَّطَّار. قصاب۔

السَّاطُوْر. گوشت کاٹنے کی چھری۔ ج سَوَاطِیْر.

المَسْطَرَۃ والمِسْطَرَۃ. لکیروں کے کھینچنے کا رولر۔ ج مَسَاطِر.

المُسْطَار والمُسْطَارَۃ والمِسْطَار والمِسْطَارَۃ: تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے۔ شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار۔

سَطَعَ (ف) سَطْعًا و سُطُوْعًا و سَطِیْعًا. الغُبَارُ او الرَّائِحَۃُ والنُّوْرُ: غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا۔ پھیلنا اور اسی سے ہے "سَطَعَتْ رَائِحَۃُ المِسْكِ" یعنی مشک کی خوشبو پھیلی بِیَدَیْهِ: تالی بجانا۔ تم کہتے ہو "سَطَعَتْنِیْ رَائِحَۃُ المِسْكِ" جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہنچے (سَطْعًا) رَاسَهٗ: گردن لمبی کر کے سر اُٹھانا البَعِیْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

سَطِعَ (س) سَطَعًا. دراز گردن ہونا۔ صفت (اَسْطَع) مؤنث (سَطْعَاء)

سَطَّعَهٗ. بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا البَعِیْرَ. گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

السَّطْع. مص۔ ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی۔

السَّطَع. تالی۔ تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز۔

السِّطَاع. لمبا اونٹ۔ خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ۔ ج سُطُع واَسْطِعَۃ.

السَّطِیْع. صبح۔ لمبا۔

المِسْطَع. فصیح۔ خوش بیان۔ کہا جاتا ہے "خَطِیْبٌ مِسْطَعٌ و مِصْقَعٌ" یعنی بلیغ لیکچرار۔

سَطَلَہٗ (ض ن) سَطْلًا. الدَّوَاءُ: مدہوش کرنا۔

اِنْسَطَل واِسْتَطَل. مدہوش ہونا (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے جاءَ (یَتَسَیْطَلُ) وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔

السَّاطِل. مِنَ الغُبَارِ: بلند غبار۔

السَّطْل. ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اُٹھاتے ہیں۔ ج اَسْطَال وسُطُوْل. مرد دراز قامت۔

السَّیْطَل. بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت۔

الاُسْطُوْل. جہازوں کا بیڑا۔ ج اَسَاطِیْل (کلمہ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔ بند کرنا۔

السِّطَام. آگ کی کریلنی۔ شیشی کی ڈاٹ۔ تلوار کی دھار۔

السَّطْم. مص۔ تلوار کی دھار۔

السُّطْم. جڑیں۔

الاِسْطَام. آگ ہلانے کی کریلنی۔

الاَسْطُمّ والاُسْطُمَّۃ. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: درمیان۔ بڑا حصہ مِنَ البَحْرِ: سمندر کا بڑا حصہ اور اسی سے ہے "وَلَیْلٌ طَمَا اُسْطُمُّہٗ" رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی۔ اُسْطُمَّۃُ القَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اشراف قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ اُسْطُمَّۃِ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے۔ ج اَسَاطِم.

السَّاطِن. خبیث۔ پلید۔

الاَسْطَان. ایک پیتل کا برتن۔

الاُسْطُوْن. مِنَ الجِمَالِ: لمبی گردن کا اونٹ۔

الاُسْطُوَانَۃ. کھمبا۔ ستون۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَسَاطِیْن (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں۔ و "اَسَاطِیْنُ مُسَطَّنَۃٌ" مضبوط کھمبے۔

المُسَطَّن. لمبی ٹانگوں والا۔

سَطَا یَسْطُوْ سَطْوًا وسَطْوَۃً. بِہٖ و عَلَیْہِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔

الفَرَسُ: خود سری سے دور دور قدم رکھنا

المَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَطَوْتُ فِی الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔

اَسْطٰی اِسْطَاءً. عَلَیْہِ: بمعنی سطا۔

سَاطٰی. الرَّجُلَ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا۔ (ضد)

السَّاطِیْ. فا۔ دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو چلنے میں دم کو اُٹھائے۔

تَسَعَّبَ. الشَّیْءُ: تار سا کھنچنا (جیسے شہد شیرہ وغیرہ سے)

اِنْسَعَبَ. المَاءُ: پانی بہنا۔

السَّعَب. ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔

السُّعْبُوْب. شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سَعَابِیْب.

المُسَعَّب. جائز۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مُسَعَّبٌ لَہٗ" وہ اس کے لیے جائز ہے۔

السَّعْبَر. بہت پانی والا کنواں۔ مَاءٌ سَعْبَرٌ بہت پانی۔ سِعْرٌ سَعْبَرٌ: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِر سَعَابِرُ الطَّعَامِ گیہوں کا پچھوڑن۔

السَّعْتَر. پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ صَعْتَر بالصاد ہے۔)

السَّعْتَرِیّ او الصَّعْتَرِیّ. بہادر۔ سخی۔ چالاک۔

سعد (ف) سعدا و سُعُوْدا اليوم: مبارک ہونا۔
سَعِدَ (س) وسُعد سعادۃ. نیک بخت ہونا۔ صفت (سَعِیْدٌ) ج سُعَداءُ و (مسعُوْد) ج مَساعِید.
سَاعَدَہٗ عَلَى الْأمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔
اَسْعَدَہٗ عَلَى الْأمْرِ. مدد کرنا۔ اَسْعَدَہٗ اللّٰه. نیک بخت بنانا۔ صفت (مُسْعُوْد) مُسْعَدٌ نہیں کہا جاتا۔
تَسَعَّدَ. مبارک ہونا الرَاعِي: سَعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔
اِسْتَسْعَدَ. بالشَّئ: اپنے لیے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ برُوِيَةِ فُلان" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لیے مبارک سمجھا۔
السَّعد. برکت۔ خوش بختی۔ ج اَسْعُدد سُعُوْد. کہا جاتا ہے "لبیك و سَعْدَیْك" یعنی میں تمہاری خدمت کے لیے بار بار حاضر ہوں۔ سُعُوْدُ النُجوم: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سَعْد کہا جاتا ہے۔
السَّعْدُ: سعدی پودے کی ایک قسم ہے اس سے اچھے قسم کے پیاز پیدا ہوتے ہیں۔
السَاعِد. فا. سردار۔ کہا جاتا ہے "مالهم ساعِدٌ یعْتَمِدُوْنَه" ان کے لیے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔
بازو۔ کہا جاتا ہے "شَدَّ اللّٰهُ عَلَیٰ سَاعِدِك" اللہ تعالیٰ تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّیْرِ: پرندے کے بازو۔ ج سَوَاعِد. کہا جاتا ہے طَائِر شَدِیْدُ السَّوَاعِدِ: مضبوط بازو والا پرندہ۔
السَاعِدَۃ. چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِد.
السَّوَاعِد: دریا یا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔
السَاعِدَۃ سونے یا چاندی کا بازو بند۔

شیر۔
السَّعْدَانُ: بندر
السَّعادۃ. نیک بختی۔
السُّعَادَی. موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لیے بہت مفید ہے۔
السَّعْدَان. ایک خار دار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعیً ولا کَالسَّعدانُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کر لے۔
سُعْدَان. اِسعاد کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰه وسُعْدَانَہٗ" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔
السَّعْدَانَۃ. کبوتر۔ پستان کا سرا یا پستان کے سر کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقہ دُبر۔ ترازو کی رسّی کی گرہ۔
السُّعُوْدَۃ. نیک بختی۔
سُعَاد و سُعْدیٰ. فرضی محبوبہ کے نام۔ جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔
سَعَرَ (ف) سَعْرا و اَسْعَرَ النَّار: آگ بھڑکانا البَعِیْرَ الابِلَ بجَرْبِهٖ: کھجلی پھیلانا۔
سَعَرَ القَوْمَ شرًا. ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔ سَعَرناهُم بالنَّبْل: جلانا۔ پیوست کرنا۔ سَعَرَ اللَّیْلَ بالمَطِیِّ: طے کرنا۔ سَعَرَت النَاقَۃُ فِی سَیْرِها اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُوْر) کہا جاتا ہے "سَعَرْتُ الیَوْمَ فِی حاجَتِی سَعْرَۃً" یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔
سَعِرَ (س) سَعَرَانًا الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
سُعِرَ. البَعِیْرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُوْرٌ) الرَجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔

سَعَّرَ. النار: آگ بھڑکانا الشئ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔
القَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔
ساعَرہٗ مُساعَرۃ. بھاؤ ٹھہرانا۔
تسَعَّرت. النارُ: آگ بھڑکنا الحَطَبُ: لکڑی کا جل اُٹھنا۔
استَعَرَ. بھڑکنا الشَرُّ: برائی کا پھیلنا الجَرْبُ فِی البَعِیْرِ: اونٹ کی بغل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔
السَّعْرُ. مص رَمْیٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔
السِّعْرُ. نرخ۔ ج اَسْعَار
السُّعْرُ. گرمی۔ سخت بھوک (والسُّعُر) دیوانگی۔ السُّعُر: رنج و عذاب۔
السُّعُرُ. پاگل۔ دیوانہ۔ ج سُعُری.
السُّعْرَۃ. کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔
حرارت کی پیائش میں اکیلی۔
السُّعر والسُّعْرۃ. سیاہی مائل رنگ۔
السَّعِیْر. آگ کی لپیٹ۔ ج سُعُر.
السُّعَار. گرمی۔ بھوک کی تیزی۔ پیاس کی شدت۔
السَّاعُوْر. آگ۔ تنور۔
السَّاعُوْرَۃ. آگ۔
الاَسْعَرُ. دبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں۔ سیاہی مائل رنگ والا۔ مؤنث سَعْراء ج سُعْر.
المِسْعَرُ. آگ جلانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُو مِسْعَرُ حَرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانے والا ہے۔ سخت۔ لمبی گردن۔ کَلْبٌ مِسْعَرٌ: دیوانہ کتا (و المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز۔
المَسْعُوْرُ. باوجود شکم سیری کے کھانے کا حریص۔ نَاقَۃٌ مَسْعُوْرَۃٌ دیوانہ اونٹنی۔
مَسَاعِرُ البَعِیْرِ: اونٹ کی ران کی جڑیں اور بغل۔ کہا جاتا ہے "اخذ الجَرْبُ فِی مَسَاعِرِ البَعِیْرِ" اونٹ کی ران کی جڑوں

میں کھجلی شروع ہوگئی۔
السِعْرَارَة والسُعْرُوْرَة. صبح۔ شعاع۔ آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو۔
سَعْسَع و تسَعْسَع .بہت بوڑھا ہونا۔ الشَیْخ: بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا۔ قریب قریب قدم رکھنا۔ سَعْسَع راسه: سر کو تیل سے تر کرنا۔
السَعْسَع .بھیڑیا۔
سعطه (ف ن) سَعطا و سَعَطا و اَسعَطه. الدَوَاءَ :ناک میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَسعَطه الرُمْحَ"اس نے ناک میں نیزہ مارا۔ و "اَسعَطه علْمًا"اس نے اس کو علم سمجھانے میں بہت کوشش کی۔
اسْتَعط. الدَوَاءَ .ناک میں چڑھانا۔
اِسْتَسْعَطه .ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا۔
السَعِیْط .خوشبو۔ بان کا درخت۔ بان کا تیل۔ رائی کا تیل (والسُعَاط) بُو کی تیزی۔
السَعُوْط. ناک میں چڑھانے کی دوا۔ نسوار (مولدہ)اور عوام "عَطُوْس" کہتے ہیں۔
المِسْعَط والمُسْعُط .نسوار کی ڈبیا۔
سَعَفَهُ(ف) سَعْفًا. بِحَاجَتِه :کسی کی حاجت پوری کرنا۔
سَعِف(س) سَعْفًا. ناخن کے اردگرد پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
سُعِفَ. الوَجْهُ .پھنسیوں والا ہونا۔ صفت (مَسْعُوْف)
سَعَّفَ. المِسْكَ: مشک کو دوسری خوشبوؤں سے ملانا۔
سَاعَفَه .موافقت کرنا۔ مدد دینا۔
اَسْعَفَه. بِحَاجَتِه :کسی کی حاجت پوری کرنا۔
ہ عَلَى الاَمْرِ. مدد کرنا۔ اَسعَفَ بِالرَجُلِ :کسی کے قریب ہونا۔ الشیُ: قریب ہونا۔
اَسْعَفَ لَهُ الصَیْدُ .شکار کا موقع دینا۔

اَسعَفَتِ الحَاجَةُ .حاجت کا قریب پہنچنا۔ وقت آنا۔ اِلَیْه :توجہ کرنا۔ قصد کرنا۔
تَسَعَّفَت. اَظْفَارُہ :پھٹنا۔
السَعْف .س۔ ساماں۔ کمینہ آدمی۔
السَعْفَة .پھنسیاں جو منہ یا سر میں نکلتی ہیں۔
السَعْف .س۔ دلہن کا جہیز۔ سامانِ خانہ۔ ج سُعُوْف. کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا ایک مرض۔ کھجور کی شاخ۔ واحد (سَعْفَة)
السُعُوْف. بڑے پیالے۔ انسانی خصلتیں۔ مثل جود و کرم۔ گھریلو سامان (اس کے لیے واحد نہیں)
الاَسْعَفُ. مِنَ الاِبِلِ :منہ کی بیماری والا اونٹ مِنَ الخَیْلِ :سفید پیشانی والا گھوڑا۔ مؤنث سَعْفَاء .ج سُعْف.
السُعَاف .ناخن کے اردگرد چپٹ اُکھڑنا۔
المُسَاعِف .فا۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "مکان مُسَاعِف"قریب جگہ۔
سَعَل(ن) سُعَالًا و سُعْلَةً. کھانسنا (سُعْلًا)کام وغیرہ کے لیے چست ہونا۔
اَسْعَلَه .چست بنانا۔ کھانسی پیدا کرنا۔
اِسْتَسْعَلَتِ. المَرْأَةُ :بھتنی جیسی ہونا۔
السُعَال. کھانسی۔ قَصَبُ السُعَالِ: پھیپھڑے کی رگیں۔
السِعْلَاء والسِعْلَاة والسِعْلَیٰ. بھتنی یا بھوت۔ ج سَعَالِیٰ و سِعْلِیات.
السَعَالِی. پودہ کا نام جو حشیشة السُعَال کے نام سے بھی مشہور ہے۔
السَاعِل والمَسْعَل. حلق یا حلق میں کھانسنے کی جگہ۔
سَعَمَ(ف) سَعْمًا. البَعِیْرُ :اونٹ کا تیز چلنا۔ صفت (سَعُوْم)
سَعَمَهُ و سَعَّمَهُ .غذا دینا۔
سیل (مِسْعَام و مُسْعَام)تیز سیلاب۔
اَسْعَنَ .بڑا خیمہ یا سائبان بنانا۔
تَسَعَّنَ. الجَمَلُ .خوب موٹا ہونا۔
السَعْن .چربی۔ خالص شراب۔

السُعْن. مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج سِعَنَة.
السَعْنَة. مبارک۔ منحوس (ضد) کھانے کی کثرت یا قلت۔ کہا جاتا ہے "مَالَه سَعْنَةٌ ولا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
السُعْنَة .سائبان۔ اونٹ کے بالائی ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ۔ ج سُعَن.
المُسْعَن .بڑا ڈول۔
السعانِیْن. عیسائیوں کا تہوار جو عید فصح سے پہلے ہوتا ہے۔ مشہور الشعانِیْن معجمہ سے ہے۔ (معرب)
السَعْوُ السِعْو والسَعْوَة والسِعْوَة والسَعْوَاء والسُعْوَاء .رات کا ایک حصہ
السِعْوَاء والسُعْوَاء : بدزبان خلع کرنے والی عورت۔
الاَسْعَاء .رات کے حصے۔
السَعْوَةُ .موم۔
السُعَاوِیُّ .بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا۔
سَعیٰ یَسْعیٰ سَعْیًا. عمل کرنا۔ چلنا۔ دوڑنا اِلَیْه .قصد کرنا فِی حَاجَةِ الرَجُلِ :کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔
لِلاَمْرِ: حاصل کرنے کے لیے اہتمام کرنا۔
لِعِیَالِه :کمائی کرنا (سِعَایَةً)صدقات وغیرہ وصول کرنا (سِعَایَةً وسَعْیًا) بِفُلَان عِنْد الاَمِیْرِ :چغل خوری کرنا۔ سَعَتِ الاَمَةُ: بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔
سَاعیٰ. ہُ: کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَاعَانِیْ فُلَانٌ فَسَعَیْتُهُ" فلاں نے کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب رہا۔
اَسْعیٰ اِسْعَاءً. الرَجُلَ :کوشش کرانا۔
اَسْعوْا بِه .تلاش کرنا۔
اِسْتَسْعیٰ اِسْتِسْعَاءً. الرَجُلَ: وصولِ صدقات کے لیے مقرر کرنا العَبْدَ :آزادی

حاصل کرنے کے لیے کام کرانا۔
السِعَایَة. س. چغل خوری۔
السَاعِی. فا. محصّل. خراج و صدقات وصول کرنے والا۔ ج سُعَاة. السَاعِی: ڈاکیہ۔
المَسْعَی. کوشش۔ مسلک۔ تصرف۔ ج مَسَاعٍ.
سَغَبَ (ن) وسَغِبَ (س) سَغْبًا و سُغُوْبًا و سَغَبًا و سَغَابَةً و مَسْغَبَةً. بھوکا ہونا۔ صفت (سَاغِبٌ و سَغِبٌ و سَغْبَانُ) مؤنث سَغْبَی. ج سِغَاب.
اَسْغَبَ. القَوْمُ: قوم کا قحط میں مبتلا ہونا۔
السِغَاب. بھوک۔
المُسْغَب. جائز۔
سُغِدَ سَغْدًا. سوجنا۔
فِصَالٌ (سَاغِدَةٌ و مُسْغَدَةٌ و مُسَاغَدَةٌ) اونٹ کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔
السَغْد. نرم و ہلکی بارش (اس کا تنہا استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "اَغْضَّه اللّٰه بِسَغْدٍ مَغْدٍ" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش سے ترو تازہ رکھے۔
سَغِلَ (س) سَغَلًا. لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔ صفت (سَغِل)
سَغَمَهٗ. المَاءَ: گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔
سَغَمَ الوَلَدَ: بچے کو اچھی غذا دینا۔ پرورش کرنا۔
اَسْغَمَهٗ. تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔
اُسْغِمَ وسُغِّمَ. اچھی غذا دیا جانا۔
المُسَغَّم والمُسْغَم. اچھی غذا والا۔ ناز و نعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔
اَلسَّاغُو. کھجور کے تنے سے باریک مغز جو کہ نشہ آور ہوتا ہے۔
اَلسَّاغُوْنِيَّة: کھجور کی ایک قسم جو کہ آسام اور انڈونیشیا میں پائی جاتی ہے۔
سَفَّ (ن) سَفِيْفًا. الطَائِرُ اَوِ السَحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔
الخُوْصَ: کھجور کی پتیوں سے بنا۔ المَاءَ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔
سَفَّ (س) سَفًّا. الدَوَاءَ السَوِيْقَ و نَحْوَهُمَا: دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔
اَسَفَّ اِسْفَافًا الخُوْصَ. بُنا الرَجُلُ: بھاگنا۔ ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَسَفَّ اِلَی الاُمُوْرِ الدَنِيَّةِ" یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا البَعِيْرَ: خشک چارا دینا الفَرَسَ اللجام: گھوڑے کے منہ میں لگام لگانا الطَائِرُ او السَحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اُڑنا یا گزرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسَفَّ مِنْهُ بِشَیْءٍ" اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ اَسَفَّ النَظَرَ: تیز نظر سے دیکھنا الشَیْءَ: بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا الاَمْرَ: قریب ہونا۔ اُسِفَّ وَجْهُهٗ: رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔
اِسْتَفَّ. الدَوَاءَ: دوا پھانکنا۔
السِفُّ والسُفُّ. ایک قسم کا باریک لمبا سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان اُچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ وہ اُڑتا ہے اور اس کے نام القَفَّازَة والطَفَّارَة بھی ہیں۔
السُفَّة. کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ایک مٹھی گیہوں یا ستو وغیرہ۔ موباف
والسَفُوْف) دوا وغیرہ کی پھنکی۔
السَفِيْف م س. ابلیس کا نام۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔
السَفِيْفَة. کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ مِنَ الخُوْصِ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چیز۔ ج سَفَائِف.
سَفِتَ (س) سَفْتًا. بہت پینا اور سیراب نہ ہونا۔
السَفِت. بے برکت کھانا۔
سَفْتَجَه. ہنڈی دینا۔
السُفْتَجَة. ہنڈی۔ ج سَفَاتِج.
سَفَحَ (ف) سَفْحًا و سُفُوْحًا. الدَمَ او الدَمْعَ: خون یا آنسو بہانا۔ گرانا (سَفْحًا و سُفُوْحًا و سفحانا) الدَمْعُ: آنسو گرنا۔ صفت (سَافِح) ج سَوَافِح (جیسے فارس کی جمع فوارس)
سَفَّحَ. الرَجُلُ: غیر مفید کام کرنا۔
سافحا و تسافحا. زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔ ج سُفُوْح.
الاسفح. وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔
السَفَّاح. بہت خون بہانے والا۔ بہت دینے والا۔ قادر الکلام فصیح۔
السَفِيْح. موٹا کمبل۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ بورا۔ گون۔
السِفَاح. س. کہا جاتا ہے "بَيْنَهُم سِفَاحٌ" ان کے درمیان خونریزی ہے۔ زنا کاری۔ کہا جاتا ہے "تزوّج المَرْأة سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَكَرُ اُنْثَاهُ و سَفِدَ (س) سِفَادًا و سَفِدَ عَلَيْهَا و سَافَدَهَا سِفَادًا و مُسَافَدَةً. جفتی کرنا۔
سَفَّدَ. اللَحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لیے سیخ میں پرونا۔
اَسْفَدَهٗ: جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ. البَعِيْرَ: اونٹ کے پیچھے سے آ کر سوار ہونا۔
السَفُّوْد. گوشت بھوننے کی سیخ۔ ج سَفَافِيْد.
سَفَرَ (ن) سُفُوْرًا. سفر کے لیے روانہ ہونا المَرْأَةُ: چہرہ کھولنا۔ صفت (مُسَافِر) الصُبْحُ: روشن ہونا الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا (سَفْرًا) البَيْتَ: گھر کو جھاڑو دینا الرِيْحُ الغَيْمَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ الكِتَابَ: لکھنا الشَیْءَ: جدا جدا کرنا۔ البَعِيْرَ: ناک میں نکیل لگانا۔ کھیت کے نچلے حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا و سِفَارَةً و سَفَارَةً

بَیْنَ الْقَوْمِ: لوگوں میں صلح کرانا۔ صفت (سَفِیْر) ج سُفَرَاء۔
اَسْفَرَ۔ چہرہ کھولنا الصُّبْحُ: روشن ہونا۔
الوَجْہُ: چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔
الحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا مُقَدَّمُ رَاسِہٖ: سر کے اگلے حصہ کے بال جھڑنا اَسْفَرَ الشَّجَرُ: پتے گرنا البَعِیْرَ: بمعنی سَفَرَہٗ۔
سَفَّرَ۔ الرَّجُلَ: سفر کے لیے بھیجنا۔
البَعِیْرَ: نکیل لگانا النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
سَافَرَ سِفَارًا و مُسَافَرَۃً۔ اِلٰی بَلَدٍ کَذَا: روانہ ہونا فُلَانٌ: مرنا۔ سَافَرَتْ عَنْہُ الحُمّٰی: بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ۔ ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔
شَیْئًا مِنْ حَاجَتِہٖ: کچھ حاصل کرنا۔
الجِلْدُ: کھال کا اثر پذیر ہونا لِمَرْأَۃِ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ۔ شَعْرُہٗ عَنْ رَاسِہٖ: سر سے بال جھڑنا۔
الغَیْمُ: بادلوں کا پراگندہ ہونا۔
الاِبِلُ: جانا۔
اِسْتَسْفَرَ۔ المَرْأَۃَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَّفْرُ۔ س۔ جسم انسانی کا داغ۔ ج سُفُوْر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مسافر و "قَوْمٌ سَفْرٌ" یعنی مسافرین۔ و "نَاقَۃٌ سَفْرٌ" سفر کرنے والی اونٹنی۔ اور سفر جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ کی جمع صَحْبٌ۔
السِّفْرُ۔ بڑی کتاب۔ توریت کے اجزاء میں سے ایک جزء۔ ج اَسْفَار۔
السَّفَرُ۔ مسافت کو طے کرنا۔ غروب آفتاب کے کچھ بعد کا وقت۔ ج اَسْفَار۔
السُّفْرَۃُ۔ مسافر کا کھانا۔ زاد سفر۔ دستر خوان۔ ج سُفَر۔
السِّفَار والسِّفَارَۃُ۔ مہار۔ چمڑا یا لوہا جس کو اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں۔ ج اَسْفِرَۃ و سُفُر و سَفَائِر۔

السَّافِرُ۔ فا۔ مسافر۔ ج اَسْفَار و سَفْر و سَفَرَۃٌ و سُفَّار و ج اَسَافِر۔ والسَّافِرُ: کاتب۔ ج سَفَرَۃ۔
السَّافِرَۃُ۔ السَّافِر کا مؤنث۔ ج سَوَافِر۔ مسافرین۔ کہا جاتا ہے "کَثُرَتِ السَّافِرَۃُ ھُنَا" یہاں سفر کرنے والے بہت ہیں اور کہا جاتا ہے "قَوْمٌ سَافِرَۃٌ" سفر کرنے والی قوم۔
السَّفِیْرُ۔ دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا۔ ج سُفَرَاء۔ ایلچی۔ گرے ہوئے بال یا پتے۔ کھیتی کا نچلا حصہ۔
السَّفِیْرَۃُ۔ چاندی یا سونے کا ہار۔ ج سَفَائِر۔
السَّفَارَۃُ والسِّفَارَۃُ۔ ایلچی گری۔ قوموں کے درمیان اصلاح۔
السُّفَارَۃُ۔ جھاڑو دینے سے جمع کیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
السَّفَّارَۃُ۔ مسافر لوگ۔
السَّفُّوْرُ۔ کرہ کی شکل کی ایک مچھلی جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں اور اس کو "قُنْفُذُ المَاء" بھی کہتے ہیں۔
السَّفُّوْرَۃُ۔ تختی کہ جس پر حساب لکھیں اور نقل کرنے کے بعد مٹا دیں۔
المُسَافِرُ۔ جنگلی بیل۔ المُسَافِرَۃُ: گائے۔
المِسْفَرُ والمِسْفَارُ۔ بہت سفر کرنے والا۔ مؤنث مِسْفَرَۃٌ۔
المَسْفُوْرُ۔ سفر سے تھکا ہوا۔
المِسْفَرَۃُ۔ جھاڑو۔ ج مَسَافِر ومَسَافِرُ الوَجْہِ: چہرہ کے وہ حصے جو نمایاں ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَسْفَرَ وَجْھِہٖ و مَسَافِرَ وُجُوْھِھِمْ" ان کے چہرہ کا نمایاں حصہ کس قدر خوبصورت ہے۔
السَّفَرْجَل۔ بہی۔ ج سَفَارِج اور کبھی سَفَارِل بھی کہا جاتا ہے۔ واحد (سَفَرْجَلَۃ)
السِّفْسِیْرُ۔ دَلَّال۔ خادم۔ منتظم۔ ظریف و زیرک۔ ماہر لوہار۔ داروغہ۔ ج سَفَاسِرَۃ و سَفَاسِیْر۔

السَّفْسَطَۃ والسِّفْسِطَۃ۔ استدلال و قیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو۔ ج سَفْسَطَات اور نسبت کے لیے (سَفْسَطِیّ و سُوْفَسْطَائِی)
السُّوْفَسْطَائِیَّۃ۔ ایک فرقہ جو محسوسات و بدیہیات کا انکار کرتا ہے۔
العَمَلَ: کام کو اچھی طرح سے نہ کرنا۔
سَفْسَفَتْہُ الرِّیْحُ: سطح زمین سے اڑانا۔
المُسَفْسِفَۃ۔ ہوا جو غبار کو اڑائے۔
المُسَفْسِف۔ مرد کم عطاء و لئیم۔
سَفْسَقَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
السَّفْسَقَۃ والسِّفْسِقَۃ۔ مِنَ السَّیْفِ: تلوار کا جوہر۔ ج سَفَاسِق۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ وَاضِحُ السَّفَاسِقِ" واضح نشانات کا راستہ۔
السُّفَاسِق۔ ہر لمبی چیز۔
السَّفْسُوْقَۃ۔ راستہ کا درمیان۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْہِ سُفْسُوْقَۃٌ مِنْ اَبِیْہِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ و "سُفْسُوْقَۃُ السَّیْفِ": تلوار کا جوہر۔
سَفَطَ (ن) سَفْطًا۔ السَّمَکَۃَ: مچھلی کے سفنے اتارنا۔
سَفُطَ (ن) سَفَاطَۃً۔ سخی و پاکیزہ نفس ہونا۔
سَفَطَ۔ الحَوْضَ: حوض کو درست کرنا اور بلند بنانا۔
تَسَفَّطَہٗ۔ تھوڑا تھوڑا پینا۔ جذب کرنا۔
اِسْتَفَطَ۔ الشَّیْئَ: کل لے لینا۔ کل پی جانا۔
السَّفَط۔ مچھلی کا سفنا۔ ٹوکری۔ جامہ دان۔ ج اَسْفَاط۔
السَّفَّاط۔ ٹوکری بنانے والا۔
سُفَاطَۃُ۔ البَیْتِ: سامان خانہ۔
السَّفِیْط۔ پاکیزہ نفس۔ سخی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ سَفِیْطُ النَّفْسِ" وہ سخی و پاکیزہ نفس ہے۔ کمینہ اور ہر بے قدر چیز (ضد)

درخت سے گری ہوئی سبز کھجور۔
مُسَقَّط. الراس :بڑے سر والا۔
سَفَعَهٗ(ف) سفعًا. طمانچہ مارنا۔ الشئَ: نشان لگانا بناصیته :پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا (و سَفَعَت) السُمُومُ وَجهه‌لو کا چہرہ کو جھلس کر رنگ بدل دینا۔
سَفِعَ(س) سَفعًا. سرخی مائل سیاہ ہونا۔
سَافَعَهٗ. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ سینہ سے لگانا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ لڑائی کرنا۔
تسفّع. بالنار :آگ تاپنا۔
اِستَفَعَ. الرجلُ :کپڑا پہننا۔
اِستُفِعَ. لَونُه خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا۔
السفع. س. کپڑا۔ رنگا ہوا کپڑا۔ ج سُفُوع.
السفع و السُفعة. سرخی مائل سیاہی۔
السُفع و السُفعة دانہ اندرائن۔
السُفع. آہنی دیگ دان۔
سُفعُ. الشمسِ :آفتاب کا سیاہ داغ۔
سُفعُ الثورِ :بیل کے چہرہ کی سیاہ چتیاں۔
السوافاع لو کی لپٹیں۔ مفرد (سافِعَةٌ)
الاسفَعُ. سرخی مائل سیاہ رنگ والا۔ مؤنث سَفعَاء ج سُفعٌ. شکرا۔ جنگلی بیل۔
السفعاء دیگ دان کا ایک پایہ۔ حَمَامَةٌ سَفعَاء :سبز گردن والا کبوتر۔
مَسفُوع. العَينِ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
ثورٌ (مُسَفَّعٌ) چہرہ میں سیاہ چتیوں والا بیل۔ کَمِیٌّ مُسَفَّعٌ :آہن پوش بہادر جو لوہے کے زنگ سے کالا پڑ گیا ہو۔
سَفَقَهٗ(ن) سَفقًا. طمانچہ مارنا۔ سَفَق البَابَ دروازہ بھیڑنا۔
اَسفَقَ. البَابَ دروازہ بند کرنا الحَائِكُ الثَوبَ جلاہے کا کپڑے کو گف بننا۔
سَفُقَ(ک) سَفَاقَةً. الثَوبُ :کپڑے کا گف ہونا۔
اِنسَفَقَ. البَابُ دروازہ کا بھیڑا جانا۔

السَفقة. طمانچہ۔ تھپڑ۔
السَفِيق. گف کپڑا۔ رَجُلٌ سَفِيقُ الوَجهِ :بے حیا مرد۔
السَفِيقَة. سونے وغیرہ کا باریک تار۔ لکڑی کا چوڑا لمبا ٹکڑا جس پر چٹائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے۔
سَفَكَ(ض) سَفكًا. الماء او الدم :پانی یا خون بہانا۔ الکَلامَ :بہت بولنا۔
سَفَّكَهٗ. کسی کے سامنے سُفکہ پیش کرنا۔ (دیکھیے سُفکۃ)
اِنسَفَكَ. گرنا۔ بہنا۔
السَفُوك و السَفَّاك. بہت خون گرانے والا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسفُوكٌ و سَفَّاكٌ بالکَلَامِ" وہ بڑا جھوٹا ہے۔
السَفِيك. گرایا ہوا۔ بہایا ہوا۔
رَجُلٌ (مِسفَكٌ) بڑا باتونی مرد۔
السُفكَة. وہ چیز جو مہمان کے سامنے غذا سے پہلے دل بہلاؤ اور وقت گزاری کے لیے پیش کی جائے۔
سَفَلَ(ن) وسَفِلَ(س) وسَفُلَ(ک) سُفُولًا و سَفَالًا. پست ہونا۔ نیچا ہونا۔ حقیر ہونا۔ صفت (سافِلٌ) ج سافِلُونَ و سَفَلَة و سُفَّلٌ و سُفَّالٌ و سُفلان. (سَفُلَ (ک) سَفلًا و سُفلًا و سَفالًا) فِی عِلمِهِ أو خُلقِه :ادنیٰ ہونا (سُفُولًا) فِی الشئِ: نیچے اُترنا۔
سَفَّلَهٗ. نیچے اُتارنا (سافَلَهٗ) کمینگی کے افعال میں مقابلہ کرنا۔
تَسَفَّلَ. آہستہ آہستہ نیچے اُترنا۔
اِستَفَلَ. اُترنا۔
السِفل و السُفل. پستی۔
السِفلَة و السُفالَة. سب سے نچلا حصہ۔
سُفالَةُ کُلِّ شئٍ. تہ۔ پیندا۔ (سَفلة القَومِ و سَفلَتُهُم) ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ سُفالَةُ الرِیحِ ہوا کے چلنے کی نچلی جگہ۔
السَفالَة. کمینگی و خست۔
السَافِلَة. دبر۔ مِنَ الرُمحِ نیزے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "ما عالِيَةُ الرُمحِ كَسافِلَتِه" سافِلَةُ النَهرِ: ندی کا نشیبی حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَرتُ بعالِيَةِ النَهرِ و سافِلَتِه" میرا گزر ندی کی بلند و پست جگہ پر ہوا۔
الاَسفَل. پست تر۔ ج اسافل. کہا جاتا ہے "رَدَدنَاهُ اَسفَلَ سافِلِينَ" ہم اس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔
السُفلیُّ والسُفلِيَّة والسُفُول ضد العُلویُّ و العُلوِيَّة و العُلُوُّ.
المَسفَلَة. پست تر۔ کہتے ہو "انا اسكن فِی مَعلاةِ المَدِينَةِ و فُلانٌ فِی مَسفَلَتِها" میں شہر کے بالائی حصہ میں اور فلاں نشیبی حصہ میں رہتا ہے۔
سَفَنَت(ن) و سَفِنَت(س) سَفنًا. الرِيحُ ہوا کا سطح زمین پر چلنا۔
سَفَن(ض) سفنًا. الشئَ :چھیلنا۔
سَفَّنَه تراشنا اور نرم کرنا۔
السَفَن. کھردری کھال جس کو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں۔ چوب تراشی کا اوزار۔
السافنة و السَفُون. مِن الرِيَاحِ: سطح زمین پر چلنے والی ہوا۔ ج سوافِن.
السَفِين. پھنی۔ (دخیل)
السافِن. باطن۔ پشت کی ایک لمبی رگ کا نام جو دل کی رگوں کی ساتھ متصل ہے۔
السَفِينَة. کشتی۔ ج سُفُن و سَفِين سَفائِن و (السَفَّان) کشتی ساز و (السفانة) کشتی سازی۔ سَفائِنُ البَرِّ اونٹ۔
السَفّانة موتی۔
المِسفَن چوب تراشی کا اوزار۔
سَفَنج. جلدی کرنا۔۔۔ بِفُلانٍ النَقدَ: جلدی دینا۔
السَفَنج و السِفَنج و السُفُنج. اسپنج۔ مردہ بال۔
السَفَنج تیز۔ لمبا۔ مؤنث سَفَنجة.
الاِسفاناخ پالک کا ساگ۔

الاسفنط والاسفنط. خوشبودار انگوری شراب۔ (دخیل)

سفه (ن) سفهًا. الرَجلَ: گالی دینے میں غالب آنا۔ بیوقوفی پر برانگیختہ کرنا۔۔۔ یا بیوقوفی کی طرف نسبت کرنا۔۔۔ نفسَهٗ: ذلیل کرنا۔ اپنے آپ کو ہلکا سمجھنا۔ سفه نصیبه. اپنا حصہ بھولنا۔

سفِه (س) سفهًا. غیر۔ بردبار یا جاہل یا ردی اخلاق والا ہونا۔ صفت (سفِیه) ج سِفاهٌ و سفهاءُ۔ مؤنث سفِیهةٌ ج سِفاهٌ و سُفه و سفائه و سفِیهات. سفِهتِ الطعنةُ: جلدی خون بہنا۔ سفِه الشراب: بہت پینا۔۔۔ نصیبَهٗ: اپنا حصہ بھولنا۔

سفُه (ک) سفاهةً و سفاهًا. جاہل ہونا۔ بیوقوف ہونا۔

سفّه. الرجلَ: بیوقوف بنانا۔ بیوقوفی کی طرف نسبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "سفّه الجهلُ حلمَهٗ" اس کی جہالت نے اس کی عقل کو طیش میں مبتلا کر دیا۔

سافهه. گالی گلوچ کرنا۔۔۔ الدنّ: مٹکے کے پاس بیٹھ کر تھوڑی دیر کے بعد پینا۔ پینے میں زیادتی کرنا اور اٹکل سے بغیر اندازہ کے پینا۔

اسفه. اللّٰه فلانًا الماءَ: بہت پلانا اور سیر نہ ہونے دینا۔

تسفّه. الرَجلُ: بتکلف بیوقوف بننا۔

.... الریحُ: ہوا کا غیر ہموار چلنا۔۔۔ الریحُ الغصونَ: شاخوں کو جھکا دینا۔۔۔ فلانًا عن مالِهٖ: فریب دینا۔

تسافه. علینا: نادانی کرنا۔ جہالت کا سلوک کرنا۔

السفه. مص۔ جہالت۔ عدم و بردباری۔ بداخلاقی۔ □

السافِه. فا. بیوقوف۔ بہت پیاسا۔

وادٍ (مَسْفَهةٌ) بھری ہوئی وادی۔

المسفَهة. بہت پانی پلانے والی خوراک۔ کہا جاتا ہے "طعامٌ مَسْفَهةٌ"

سفا یسفو سفوًا. تیز چلنا یا تیز اڑنا۔

سفِی (س) سفًا و سفاءً. پیشانی میں کم بال والا ہونا۔۔۔ الرَجلُ: بیوقوف ہونا۔ صفت (سفِیٌّ) سفِیتْ یدُهٗ: ہاتھ کا پھٹنا۔

اسفی. بیوقوف ہونا۔۔۔ فلانًا: طیش پر آمادہ کرنا۔۔۔ به: برائی کرنا۔ اسفتِ الناقةُ: دبلی ہونا۔ اسفی الزرعُ: خوشہ کے خشک اطراف والی ہونا۔۔۔ الریحُ: ہوا کا چلنا۔

سافی. الرَجلَ: گالی دینا۔ علاج کرنا۔

السَفا. پیشانی میں بالوں کی کمی۔ مٹی۔ دبلا پن۔ ہر خاردار درخت۔ واحد (سفاةٌ) و السَفا من السُنبُل: خوشہ کا خار۔

السفاء دوا۔

بغلٌ (اسفی) پیشانی میں کم بال والا خچر۔ تیز رفتار۔ مؤنث سفواءُ. ریحٌ سفواءُ: غیر ہموار تیز چلنے والی ہوا۔

سفی یسفی سفیًا واسفی اسفاءً. سفتْ واسفتِ الریحُ الترابَ: خاک اڑانا۔ صفت (سافیة) ج سافِیاتٌ و سوافٍ.

سفِی یسفی سفیًا. الترابُ: غبار اڑنا۔

السافِیاء. غبار۔

السفِیُّ. ہوا جس کو اڑائے۔

السفِیُّ. پراگندہ غبار۔

الاسفی. من الخیل: پیشانی میں کم بال والا گھوڑا۔ مؤنث سفیاءُ ج سُفی.

المُسفی. چغل خور۔

سقِبتْ (س) سقبًا وسقوبًا. الدارُ: قریب ہونا۔

اسقبتِ الناقةُ: اکثر نر بچے جننا۔

تساقبت. البیوتُ: قریب قریب ہونا۔

السقب. ج اسقُبٌ و سِقابٌ و سُقوبٌ.

سُقبان: اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ اور مثل میں بولا جاتا ہے "اذلُّ من السقبان بین الحلائب" دودھ دینے والی اونٹنیوں کے درمیان نوزائیدہ بچوں سے زیادہ ذلیل۔۔۔

ج سقبان و (السقبة) خیمہ کا ڈنڈا۔

السَقب: لمبی موٹی سرسبز شاخ۔ منزلٌ (سقبٌ) قریب منزل۔

السَاقب. فا. قریب۔ دور (ضد)

المِسقب والمِسقاب. نوزائیدہ اونٹ کے بچے کی ماں۔ المِسقاب: اکثر نر بچے جننے والی اونٹنی۔

سقد (ض) سقدًا وسقّد واسقد. الفرسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا کرنا۔

السُقدة. ج سُقدد (السُقیدة) ج سُقیدات: سرخ رنگ کا ایک پرندہ جس کو فارسی میں زورک کہتے ہیں۔

سقرتهٗ (ن) سقرًا. الشمسُ: جھلسنا۔

اسقرت. النخلةُ: درخت خرما سے شیرہ بہنا۔

السقر. مص۔ شکرا۔ شیرہ۔

سقر. دوزخ کا علم (کلمہ غیر منصرف ہے) کہا جاتا ہے "جاء (باسقر) والبُقر و بنات غیر" اس نے سفید جھوٹ کہا۔

السقرة. سورج کی سخت تپش۔ ج سقرات.

الساقُور. گرمی۔ جانوروں کو داغنے کا لوہا۔

السقّار. غیر مستحق کو بہت لعنت کرنے والا کافر۔ ج سقّارة.

سقط (ن) سُقوطًا و مَسقطًا. گرنا۔ کہا جاتا ہے "سقط من عینی" وہ میری آنکھوں سے گر گیا۔ یعنی حقیر ہو گیا۔ سقط فی الکلام: غلطی کرنا۔۔۔ النجمُ: غائب ہونا۔۔۔ الحرُّ: گرمی پڑنا۔۔۔ الحرُّ عنّا: دور ہونا۔۔۔ علی ضالّتِه: موقع بازیافت سے مطلع ہونا۔۔۔ القومُ الیَّ: نازل ہونا۔ اترنا۔۔۔ الولدُ من بطنِ امّه: نکلنا۔ باہر آنا۔ سُقط فی یدہ: نادم ہونا۔ کہتے ہیں "علی الخبیر سقطتَ" حقیقت کار کے جاننے والے کے پاس تم پہنچے۔

سُقط واُسقِط. فی یدہ: لغزش کرنا۔

غلطی کرنا۔ نادم ہونا۔ حیران ہونا۔
ساقطہٗ سِقاطًا و مُساقطۃً گراتا یا پے بہ پے گرانا۔۔۔۔ ہ الحدیثَ: باری باری گفتگو کرنا۔۔۔۔ الفرسُ الخیلَ: دوڑ میں سبقت کرنا۔۔۔۔ الفرسُ العدوَ: گھوڑے کا سُست دوڑنا۔
اَسقطہٗ گرانا۔ اَسقطتِ المرْأۃُ السِقطَ: عورت کا ناتمام بچہ گرانا۔۔۔۔ لہٗ بالکلام: گالی دینا۔ بیہودہ بات کہنا۔۔۔۔ الرجلَ: کسی کے ساتھ ایسی کارروائی کرنا جس سے وہ حقیر ہو جائے کہ کوئی غلطی کر بیٹھے یا جھوٹ بولے یا اپنے راز کو ظاہر کر دے۔ کہا جاتا ہے "ما اَسقط فِی کلمۃ" اس نے کسی کلمہ میں غلطی نہیں کی۔
تَسقّطہٗ لغزشوں کو ڈھونڈنا۔
الخبرَ: تھوڑی تھوڑی خبر حاصل کرنا۔
تَساقطَ و اِسّاقطَ۔ الشیُٔ: پے بہ پے گرنا۔
السَقط۔ برف یا شبنم۔ لیم (.....و السِقطُ والسُقطُ) ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے گر جائے۔ السِّقط خیمہ کا گوشہ۔ پرندہ کا بازو۔ کہا جاتا ہے "رفع الطائرُ سِقطیہِ" پرندہ نے اپنے دونوں بازو اُٹھائے۔ بادل کا کنارہ جو زمین پر گرتا ہوا دکھائی دے۔
السَقطۃ زور سے گرنا۔ ٹھوکر۔ لغزش۔
السَقط۔ ناکارہ و بے برکت چیز۔ ردی سامان۔ رسوائی۔ تحریر یا قول یا حساب کی غلطی۔ ج اَسقاط۔
السَاقِط۔ فا فرد مایہ۔ کمینہ۔ ج سُقاط و سِقاط مؤنث ساقِطۃ۔
السَاقِطۃ کم عقل کمینہ۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ ج سَواقِط۔
السِقاط ہم۔ ساقط کی جمع۔ لغزش۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ پرندہ کا بازو۔
السُقاط و السُقاطۃ گری ہوئی چیز۔
السُقوط گراہوا۔
السقیط۔ بیوقوف۔ کم عقل۔ مؤنث

سَقیطۃ۔ برف۔ شبنم۔ یخ۔ اولہ۔
السَقّاط۔ بہت گرنے والا۔ بہت تیز تلوار جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے۔ (...... و السَقَطی) ردی سامان بیچنے والا۔ کباڑیا۔
السَقّاطۃ۔ بہت گرنے والی۔ سَقّاطۃُ الباب عِندَ المولَّدِین دروازہ کی چٹخنی۔
المَسقِط و المَسقَط گرنے کی جگہ۔ ج مَساقِط۔ مَسقَطُ راس الرجل: جائے پیدائش۔ المَسقَط پرندہ کا بازو۔
المَسقَطۃ گرنے کا سبب۔
مُسقِطۃُ الاَحبال: بڑی مصیبت۔ الاُمُّ (المِسقاط) ناتمام بچہ گرانے والی ماں۔
سَقَعَ (ف) سَقعًا: کسی کو تھپڑ مارنا۔ کسی کو سخت سست کہنا۔ کسی کے ساتھ بُرائی سے پیش آنا۔ سَقَعَ الدیکُ مرغ کا بانگ دینا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدری اَینَ سَقَع" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
اُسْتُقِعَ۔ لَونُہٗ رنگ کا بدل جانا۔
السُقع گھر۔ زمین کا گوشہ۔ ج اَسقاع۔
السِقاع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کا چیتھڑا۔ برقع۔ اونٹنی کی ناک کو باندھنے کی چیز۔ (...... و المِسقع) لغت ہے۔ صِقاع و مِصقع میں۔
الاَسقعُ چڑیا کی مانند ایک پرندہ جس کا سر سفید اور پَر سبز ہوتے ہیں اور جو پانی کے قریب رہتا ہے۔ ج اَساقع۔ دشمنوں اور حاسدوں سے دور رہنے والا۔
السَوقَعۃ ثرید کے اوپر کا حصّہ۔۔۔۔ مِنَ الرِّداءِ او الخِمارِ او العِمامۃِ وہ حصّہ جو سر سے متصل ہو اور جلدی سے میلا ہو جائے۔
سَقَفَ (ف ن) سَقفًا و سَقَفَ۔ البیتَ: چھت ڈالنا۔
سَقَفَ (ف ن) سِقِّیفی و سُقفَ و تَسقّفَ بشپ بننا۔
اَسقفہ و سَقفہ۔ علَیہِم بشپ بنانا۔
سَقِفَ (س) سَقفًا جھکاؤ کے ساتھ لمبا ہونا۔ صفت (اَسقف مؤنث سَقفاء ج

سُقف۔ سَقِفتِ الرِجلُ: پاؤں کا دائیں جانب کو جھکنا۔
السَقف مِنَ البیتِ: چھت۔ ج سُقوف۔ آسمان۔
السَقیف چھت۔ ج سُقف و سُقُف۔
السَقیفۃ۔ چھت پاٹنے کا پتھر یا تختہ۔ سونے یا چاندی کا لمبا و باریک تار۔ اونٹ کی پسلی۔ ج سَقائف۔ کہتے ہیں "ھدم السفرُ سقائفَ البعیرِ" سفر نے اونٹ کی پسلیوں کو توڑ دیا۔
السَقیفۃ ڈیوڑھی۔
الاَسقف۔ موٹی اور لمبی ہڈیوں والا۔
۔۔۔۔ مِنَ الجِمال: بے بال والا اونٹ۔
مِنَ الظِلمان: ٹیڑھی گردن والا شتر مرغ۔
الاُسقُف۔ بشپ پادری۔ جس کا درجہ قسیس سے اُونچا اور مطران سے کم ہوتا ہے۔ مطران۔ ج اساقفۃ و اَساقِف (کلمہ یونانی ہے۔)
الاُسقُفِیۃ۔ بشپ کا درجہ۔ بشپ کی رعیت۔ بشپ کی جانب منسوب۔
المُسقَّف: لمبا۔
سَقَلَ (ن) سَقلًا۔ صیقل کرنا۔ آئینہ وغیرہ کو جلا دینا۔
سَقِلَ (س) سَقَلًا۔ البعیرُ: کمر میں داہنی جانب کو کجی والا ہونا۔
السُقل کمر۔
السَقِل۔ مِن الرِجالِ پتلی کمر والا امرد۔
۔۔۔۔ مِنَ الخیلِ: پیٹھ میں کم گوشت والا گھوڑا۔
الاِسقالۃ اونچی جگہ پر پہنچنے کے لئے پاڑھ۔ ج اَساقِیل۔
سَقلبہ پچھاڑنا۔
السَقلَبُ علاقہ خزر کے باشندوں کی ایک جماعت جو بعد میں یورپ کے ملکوں میں پھیل گئی تھی۔ واحد (سَقلَبی) ج سَقالِبۃ۔
سَقِمَ (س) و سَقُمَ (ک) سَقَمًا و سُقمًا و سَقامًا و سَقامۃً بیمار ہونا یا دیر تک بیمار رہنا۔ صفت (سَقِیم) ج سِقام و سُقَماء۔
اَسقمہٗ و سَقّمہٗ۔ بیمار ڈالنا۔ و اَسقم

الرَّجُلُ: بیمار گھر والا ہونا۔

السقم والسُقْم. ج اَسْقَام و (السَّقَام) بیماری۔

السقم والسَقِيم. بیمار۔ كَلَامٌ سَقِيمٌ: نا درست کلام۔ مَكَانٌ سَقِيمٌ: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَقِيمُ الصَّدْرِ عَلَى اَخِيه" وہ اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے۔

المِسْقَام. بکثرت بیمار رہنے والا۔

اَرْضٌ (مَسْقَمَةٌ) بہت بیماریوں والی زمین۔

السَقَنْقُوْر. ایک جانور کا نام ہے۔

سَقَى (ض) سَقْيًا. الرَّجُلَ: پلانا۔ کسی سے "سَقَاكَ اللّٰهُ يا سَقْيًا لَكَ" کہنا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔۔۔الثوْبَ: گہرا رنگنا۔

سَقَاهُ اللّٰهُ الغَيْثَ: بارش بھیجنا۔۔۔ بَطْنُه: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔

سُقِيَ. قَلْبُه عَدَاوَةً: دل کا دشمنی سے بھرپور ہونا۔۔۔بَطْنُه: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔

سَقَّى تَسْقِيَةً. الرَّجُلَ: بہت پلانا۔ کسی سے "سُقْيًا لَكَ" کہنا۔۔۔الثوْبَ: □ □ کپڑے کو بار بار رنگ میں ڈبونا۔

اَسْقَى اِسْقَاءً. الرَّجُلَ: پانی پینے کیلئے دینا۔ پانی کی طرف رہنمائی کرنا۔ جانوروں کو یا زمین کو سیراب کرنا۔ کسی سے "سَقَاكَ اللّٰهُ" یا "سُقْيًا لَكَ" کہنا۔ اَسْقَاهُ اللّٰهُ الغَيْثَ: بارش بھیجنا۔ اَسْقَى فُلَانًا: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔

سَاقَاهُ و تَسَاقَيَا. ایک دوسرے کو پلانا۔ وسَاقَاهُ فِي اَرْضِه: کسی کو زمین کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کرنا اس شرط پر کہ زمین کا کچھ غلہ ملے گا اور اسی سے شرکۃ مُسَاقَاة ہے۔

تَسَقَّى تَسَقِّيًا. سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَقَّى الصِّبْغَ" اس نے رنگ کو جذب کر لیا۔

اِسْتَقَى اِسْتِقَاءً واِسْتَسْقَى.

اِسْتِسْقَاءً. مِنْه: کسی سے پانی طلب کرنا۔

اِسْتَقَى مِنَ النَّهْرِ. دریا سے پانی لینا۔

واِسْتَسْقَى الرَّجُلُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ و جسم میں پانی جمع ہونا۔ قے کرنا۔ اِسْتَسْقَى الرَّجُلَ: کسی سے "سَقَاكَ اللّٰهَ يا سَقْيًا لَكَ" کہنا۔

السَقْي والسِقْي. وہ پانی جو مرض کی وجہ سے پیٹ میں جمع ہو جائے۔ السِقْي: سیراب کی ہوئی کھیتی یا زمین۔ پانی کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَمْ سِقْيُ اَرْضِكَ" تمہاری زمین کے لئے پانی کا کتنا حصہ ہے۔ بادل۔ ج اَسْقِيَة.

سَقْيًا و سُقْيًا. لِفُلَانٍ: دعا کے موقع پر بولتے ہیں۔ تقدیر عبارت یہ ہے "سقاه اللّٰه سُقْيًا" اللہ اس کو سیراب کرے۔

السِقَاء. مشک۔ ج اَسْقِية واَسْقِيات و اَسَاقٍ.

السِقَايَة والسَقَايَة. پانی پلانے کی جگہ۔ پانی پینے کا برتن (..... والسُقَايَةُ). پانی جمع کرنے کی جگہ۔ حوض۔

السَاقِي. فا. ج سُقَاة و سَاقُوْن و سُقَّاء و سُقِيٌّ.

السَاقِيَة. الساقی کا مؤنث □۔ چھوٹی ندی۔ ج سَوَاقٍ و سَاقِيَات.

السُقْيَا. السقي والاستسقاء کا اسم۔

السَقِيُّ. دریاؤں کے پانی سے سیراب کیا ہوا۔ تیز بارش والا بادل۔ درخت خرما اور بردی۔ واحد (سَقِيَّة)

السَقَّاء. بہت پلانے والا۔ مؤنث سَقَّاءَة و سَقَّايَة.

الاِسْتِسْقَاء. پانی طلب کرنا۔۔۔عند الشَرْع: پانی طلب کرنے کیلئے نماز پڑھنا اور دعا کرنا۔۔۔عند الاَطِبَّاء: ایک بیماری کا نام۔

المَسْقَى. سیرابی کا وقت۔

المَسْقَوِيّ. دریا کے پانی سے سیراب کی ہوئی کھیتی۔ (او سَظْمَاىٰ بارش کے پانی سے سیراب کی ہوئی۔)

المِسْقَاة والمَسْقَاة. پانی پلانے کی جگہ۔

سَكَّ (ن) سَكًّا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ دروازے میں لوہے کی بلی لگانا۔۔۔البِئْرَ: کنواں کھودنا۔۔۔اُذُنَيْه: کان کو جڑ سے اکھیڑنا۔۔۔النعامُ مَا فِي بَطْنِه: پتلی پتلی بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاسَكَّ سَمْعِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ الْكَلَام" اس جیسی گفتگو میرے کانوں میں نہیں پڑی "وَاَيْنَ تَسُكُّ" تو کہاں جاتا ہے۔

سَكَّ (س) سَكَكًا. چھوٹے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَسَكّ) مؤنث سَكَّاء ج سُكّ کہتے ہیں "كُلُّ سَكَّاءَ بَيُوْضٌ و كُلُّ شَرْفَاءَ وَلُوْدٌ" ہر چھوٹے کان والی انڈے دیتی ہے اور ہر بڑے کان والی بچے جنتی ہے۔

اِسْتَكَّ اِسْتِكَاكًا. النَبَاتُ: گنجان ہونا۔

اسْتَكَّتِ المَسَامِعُ: بہرا ہونا۔ البَيْتُ: بند جھری والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اسْتَكَّ فِي مَسَامِعِي مِثْلُه" میرے کانوں میں اس جیسی بات نہیں پڑی۔

السك والسُكّ. ج سِكَاك و سُكُوْك: تنگ معنہ کا کنواں۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔ بند راستہ۔ السُكّ: کیل۔ سیدھی و درست عمارت۔ السُكّ: بدطبیعتی۔ بچھو کا سوراخ۔ مکڑی۔ ایک قسم کی خوشبو۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا بُيُوْتَهُمْ سِكَاكًا" انہوں نے اپنے مکانات ایک قطار میں بنائے۔

السَكَك. مص۔ بہراپن۔

السَكَّاء. تنگ حلقوں والی زرہ۔

السِكَّة. سیدھا راستہ۔ ہل کا پھار۔

السِكَّة. درختوں کی قطار۔ سکہ ڈھالنے کا سانچہ۔ پیغام رساں کا گھر۔ ج سِكَك.

اَصْحَابُ السِكَكِ: وہ وظیفہ یاب پیغام رساں جو اہم امور کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَعْبُ السِكَّة" فلاں سب کی عقل کی وجہ سے ایک پر نہیں ٹھہرتا۔

السِّكِّيُّ. دینار۔ قاصد۔

السُكِّيّ. کیل۔

السُكَاك. فضائے آسمانی۔ تیر میں پر کی جگہ۔

السُكُّوْك. تنگ منہ والا کنواں۔

السُکاکة. فضائے آسمانی۔ خود رائے ۔ چھوٹے کان والا۔
السَکّاك. سکہ ساز۔
السَکّاکة. مسافرین۔
سَکَبَ (ن) سَکْبًا و تَسْکابًا. الماءَ و نَحْوَهٗ: پانی وغیرہ بہانا۔ گرانا۔
سَکَبَ (ن) سُکُوْبًا وانْسَکَبَ. الماءُ: پانی بہنا۔
تساکَبَ. الدمعُ: آنسو بہنا۔
السَکْبُ. س۔ لگاتار بارش۔۔۔ مِنَ الخیلِ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ماءٌ سَکْبٌ: بہنے والا پانی۔ اَمْرٌ سَکْبٌ: امر لازم۔ رَجُلٌ سَکْبٌ: سبک روح چست و پھرتیلا مرد۔ (۔۔۔۔۔والسکب؟) تانبا یا سیسہ۔
السَکَبُ: ایک خوشبو دار درخت۔ واحد (سَکَبة. السَکَبَةُ سر کی بھوسی۔
السَکْبة. سکب کا اسم مرۃ کپڑے کا گول ٹکڑا جو سر کے لئے قطع کیا جائے۔ باریک جھلی جو جنین کے چہرے پر ہوتی ہے۔
الساکب والسَکُوْب والسَکِیْب و الاُسْکُوْب. بہنے والا۔
الُاسْکُوْب. لگاتار بارش۔ موچی۔ لوہار۔ درخت خرما کی ایک قطار۔۔۔ مِنَ البرق: زمین کی جانب کوندنے والی بجلی۔
الاِسْکاب. موچی۔
الُاسْکُوْبة والاُسْکابة. لکڑی کا ٹکڑا جس کو مشک کے شگاف میں ڈال کر اس پر کچھ باندھ دیتے ہیں تاکہ اس میں سے کچھ نہ نکلے۔
الُاسْکبَة. چوکھٹ۔
المَسْکبة. بہانے یا بہنے کی جگہ۔ ج مساکب.
السِکْباج. سالن جو سرکہ، گوشت اور خوشبودار مصالحہ سے تیار کرتے ہیں۔
سَکَتَ (ن) سَکْتًا و سُکُوْتًا و سُکاتًا و ساکُوْتَةً. چپ رہنا۔ مرنا۔۔۔ الغضبُ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔۔۔ الحرُّ: ہوا رکنے کے ساتھ گرمی تیز ہونا۔۔۔ الحرکةُ: ٹھہرنا۔
سُکِتَ. سکتہ لاحق ہونا۔ صفت (مَسْکُوْت)
اَسْکَتَ. کلام منقطع ہونا۔۔۔ عن الشئ: اعراض کرنا (اسْکتہ و سکتہ) چپ کرانا۔
سَاکَتَهٗ فَسَکَتَهٗ. چپ رہنے میں مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔
السَکْتة. ایک مشہور بیماری کا نام جس میں سارے اعضاء بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں۔ سَکَتَ کا اسم۔
السُکْتة. برتن میں باقی ماندہ۔ بچّہ وغیرہ کو چپ کرانے کی چیز۔ سکت کا اسم۔
السِکْتة. بچّہ وغیرہ کو چپ کرانے کی چیز۔
السُکات. س۔ ایک بیماری جو بولنے سے روک دیتی ہے۔ السُکات من الحیّات: وہ سانپ جو بے خبری میں ڈس لے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلیٰ سُکات الامر" وہ کام کے پورا کرنے کے قریب ہے (۔۔۔۔۔ والسُکاتةُ) مِن الجواب: خاموش کر دینے والا جواب۔ کہا جاتا ہے "رماه بسُکاتِه و صُماتِه" اس نے اس کو خاموش کر دیا۔
السَکت والسَکُوْت والساکُوت و الساکُوْتة والسِکّیْت والسُکَیْت و السُکّیْت. بہت چپ رہنے والا۔
السُکَیْت. گھڑ دوڑ کے میدان کا آخری گھوڑا۔
اَسْکاتُ. القَوْم: قوم کے اوباش لوگ۔ الشئ: چیز کا بقیہ۔ گرمی کے آخر کے معتدل ایام۔
المُسکت. جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔
سَکَرَ (ن) سکرا. الاناءَ: برتن بھرنا۔ النهرَ: دریا میں بند لگانا۔۔۔ الباب: دروازہ بند کرنا (۔۔۔۔ سکور و سکرانًا) الریحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔ الحرُّ: گرمی کا کم ہو جانا۔ (۔۔۔۔۔ وسُکر و سُکِرَ) بصرُهٗ: نگاہ دھندلی ہونا۔
سَکِرَ (س) سَکَرًا. الحوضُ: حوض کا بھر جانا۔ ۔۔۔۔ الرجلُ عَلیهِ: غضبناک ہونا (۔۔۔ سَکَرًا و سَکْرًا و سُکْرًا و سُکُرًا و سَکَرانًا) من الشراب: مست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مذکر (سکر و سکران) و صفت مؤنث (سکرة و سکری و سکرانة) ج سکری و سَکاری و سُکاری.
سکّرهٗ. گلا گھونٹنا۔۔۔ الباب: دروازہ بند کرنا۔
اَسْکَرَ. الشرابُ: مدہوش کرنا۔ مست کرنا۔
تساکر. مستی ظاہر کرنا۔ نشہ آور چیز استعمال کرنا۔
السَکَر. شراب اور ہر نشہ آور چیز۔ سرکہ۔
السِکْر. دریا کا بند۔ جس چیز سے دریا کو بند کیا جائے۔ ج سُکُوْر.
السُکْر. س۔ نشہ۔ مستی۔
سَکْرة. الموت او الهمّ: موت یا غم کی سختی۔ ج سَکَرات.
السکرة. ایک قسم کا دانہ جو گیہوں کے کھیت میں ہوتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔
السُکَّر. شکر (سُکّرة) اس سے خاص ہے۔
الساکر. فا. لَیْلٌ ساکرٌ: بے ہوا والی رات۔ مؤنث ساکرة.
السکّار. نشہ آور چیزوں کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
السِکّیر والسکّور والمسکیر. بہت نشے والا۔
السیکران. ایک قسم کی گھاس جو ہمیشہ سبز رہتی ہے اور اس کے دانہ کو کھایا جاتا ہے۔
السُکُرّجة والسُکُرُّجة. چھوٹی پیالی۔
سَکَعَ و سکِعَ (ف س) سَکَعًا و سَکْعًا. لاعلمی میں پھرنا۔ کہا جاتا ہے "ما

اذری این سکع" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔
تسکع. فی امرہ او سیرہ: حیران پھرنا۔ مدت تک باطل میں رہنا۔۔۔ الظلمۃ: اندھیرے میں ٹاپک ٹوئیاں مارنا۔
الساکع. فا. (۔۔۔۔والسکع) مردِ مسافر اجنبی۔
رجلٌ (سُکعٌ) متحیر مرد۔السُکع: ایک قسم کی نباتات۔
المسکعۃ. وہ معاملہ جس میں کوئی تدبیر سجھائی نہ دے۔
ارضٌ (مُسکعۃ) بغیر کسی علامت و نشان کے زمین۔
سکف (س)سکفًا. الباب: دروازے میں چوکھٹ لگانا۔
تسکف. الباب: چوکھٹ پر قدم رکھنا۔
اسکف. موچی بننا۔
الساکف. فا. دروازہ کے اوپر والی لکڑی جو دہلیز کے مقابل ہوتی ہے۔
الاسکفَ. من العینِ: پلکوں کے اُگنے کی جگہ یا نچلا پپوٹا۔ کہا جاتا ہے"وقفت الدمعۃ علی اُسکفِ عینہ" آنسو اس کی آنکھوں میں پلک اُگنے کی جگہ ٹھہر گیا۔
الاُسکفۃ والاُسکوفۃ. دہلیز۔
الاسکف والاِسکاف والاُسکوف والسکاف والسَیکف. موچی۔ و (السکافۃ) موچی کا پیشہ۔
الاسکولاستیك: دینی تعلیم جس کی بنیاد یونانی فلسفہ ہو۔
سکم (ن)سکمًا. کمزوری سے چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔ صفت(سیکم)
الاِسکیم. راہب کا کپڑا یا راہب کا سر پر ڈالنے کا کپڑا۔ (کلمہ معرب ہے)
سکن (ن)سُکونًا. ٹھہرنا۔۔۔الیہ: آرام لینا۔۔۔عنہُ الوجعُ: درد کا دور ہونا۔۔۔الحرف: بغیر حرکت کے ہونا۔ جزم والا ہونا۔ (۔۔۔۔ سکنًا و سُکنی)
الدار و فی الدار: اقامت کرنا۔ رہنا۔ صفت(ساکن) ج سکان و ساکنون۔
سکن (ن)سُکونًا و سُکن (ک) سُکونۃ: مسکین ہونا۔
سکّن. المتحرك: ٹھہرانا۔۔۔ الحرف: جزم دینا۔
ساکنہ. فی دارٍ واحدۃٍ: ساتھ بود و باش کرنا۔
اسکن. الرجل: مسکین ہونا۔۔۔ہ: غریب و مسکین بنانا۔۔۔ہ الدار: کسی کو بود و باش کرانا۔۔۔الفقر فلانًا: بے حرکت بنانا۔
تسکّن و تمسکن. مفلس و مسکین ہونا۔
تسکّن: مطمئن و صاحب وقار ہونا۔ (سکینہ سے ماخوذ ہے۔)
تساکنوا. فی الدار: باہم مل کر رہنا۔
اِستکانَ استکانۃ واستکن. ذلیل و عاجز ہونا۔
السکن. گھر والے۔ گھر۔
السکنُ. آگ۔ رحمت۔ برکت۔ ہر وہ چیز جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ الاسکان کا واحد بمعنی غذا و خوراک (۔۔۔۔ والسُکنی) رہنے والا۔ رہنے کی جگہ۔
السکنۃ. سر اور گردن کے اتصال کی جگہ۔ ج سکنات اور کہا جاتا ہے"ترکتھم علی سکناتھم" میں نے اُن کو اُن کی حالتِ سابقہ پر چھوڑ دیا۔
السکینۃ. وقار۔ اطمینان۔ ہیبت۔
السُکین. ہلکا پھلکا تیز رفتار گدھا۔
السُکینۃ. گدھی۔
السکون. عدم حرکت۔ آرام۔ جزم۔
السُکان. من السفینۃ: پتوار۔ ج سُکانات۔
السکّین. چھری۔ ج سکاکین۔ و (السکّان) چھری بنانے والا۔
السکّینۃ. چھری۔ اطمینان۔ وقار۔
المسکن والمسکِن. گھر۔ مکان۔
منزل۔ ج مساکن۔
المسکنۃ. فقیری۔ ذلت۔ کمزوری۔
المسکین. وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو یا وہ شخص جس کے پاس اتنا نہ ہو جو اس کے عیال کے لئے کافی ہو۔ ذلیل و مغلوب۔ ج مسکینون و مساکین مؤنث مسکین و مسکینۃ۔
سلّ (ن) سلًا واستلّ. الشیٔ من الشیٔ: کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالنا۔ ۔۔۔ السیف: تلوار سونتنا۔ کہا جاتا ہے "استلّ فلانٌ بکذا" فلاں شخص فلاں چیز کو چپکے سے لے گیا۔
سلّ (ض)سلًا. گرے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر(سلّ) و صفت مؤنث (سلّۃ)
سُلّ. سِل کی بیماری میں مبتلا ہو کر دُبلا ہونا۔ صفت(مسلول)
اسلّ اسلالًا. اللّٰہ فلانًا. سِل کی بیماری میں مبتلا کرنا۔۔۔الشیٔ: چپکے سے چرانا۔
تسللّ وانسلّ. من الزحام: بھیڑ میں چپکے سے کھسک جانا۔ کہا جاتا ہے"انسلّ قیدُ الفرس من یدہ" اس کے ہاتھ سے گھوڑے کی رسی نکل گئی۔
السلّ. س۔ عطر فروشوں کا ڈبہ۔ ج سلال۔
السِلّ والسُلّ والسُلال. لاغری سِل کی بیماری۔
السلّۃ. پوشیدہ چوری۔ سل کی بیماری۔ حوض کا نقص۔ ٹوکری عطر فروشوں کا ڈبہ۔ ج سلال۔ کہا جاتا ہے"اتیناھم عند السلّۃ و عند السلّۃ" یعنی ان کے پاس ہم تلوار کھینچنے کے وقت پہنچے سلّۃ بالفتح اسم مرۃ اور سلّۃ بالکسر اسم نوع ہے)"فرسٌ سریعُ السّلّۃ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
السلیل. کھینچا ہوا۔ سونتا ہوا۔ ولد۔ کہا جاتا ہے"ھو سلیلُ الاکارم" وہ بزرگوں کی اولاد ہے۔ خالص شراب۔ حرام مغز۔ کوہان۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ گھوڑے کا مغز۔

پچھیرا۔ ج سُلّان.

السَلِیْلَة. بٹی۔ پیٹھ کے گوشت کا لمبا ٹکڑا۔ ایک قسم کی لمبی مچھلی۔

السُلَالَة. کسی چیز سے نکالا ہوا۔ خلاصہ نسل و ولد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سُلَالَةُ طَيِّبَةٍ و مِنْ سُلَالَةٍ طَيِّبَةٍ"

السَالّ. فا. چور۔ وادی میں پانی بہنے کی تنگ جگہ۔ ج سُلّان و سَوَالّ.

السَلّال. ٹوکری بنانے والا۔ چور۔

الاَسَلّ. چور۔

المِسَلّة. سوجا۔ ج. مِسَلَّات و مِسَالّ مِسَلّة فرعون: لمبا مربع ستون جو فراعنہ مصر کی یادگار ہیں۔

اَلْمُتَسَلْسِلَةُ: علم حساب مقرر قاعدہ مسلسل اعداد کا مجموعہ جب کہ بعد والا عدد گنا کیا جائے تو پہلے کے برابر ہو گا ایک زائد ہو گا۔ جیسے ۱،۳،۷،۱۵،۳۱۔

اَلسِّلْسِلَةُ الْمُتَسَلْسِلَة: وہ جس کے حدود کے عدد لاانتہا ہو اور اس حدود کے مجموعہ پر غور کیا جائے گا جب مجموعہ ختم والا ہو گا تو اس کا نام سلسلہ متقاربہ بولا جائے گا۔ وگرنہ سلسلہ دور والا ہو گا۔

سَلَأ (ف) سَلْأً و اِسْتَلَأَ. السَمْنَ: گھی صاف کرنا۔ سَلَأَ السِمْسِمَ: تل سے تیل نکالنا۔ کہا جاتا ہے "سَلَاهُ مِاَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے۔ سَلَأَ الجِذْعَ: تنہ سے کانٹے دور کرنا۔

السِلاء. سَلَاء کا اسم۔ صاف کیا ہوا گھی۔ ج اَسْلِئَة.

السُلّاء. کھجور کے درخت کا کانٹا۔ واحد (سُلَّاءَةٌ) درخت خرما کے کانٹے کی مانند تیر کا پھل۔ ایک قسم کا پرندہ۔

سَلَبَ (ن) سَلْبًا و سَلَبًا. الشَیءَ: زبردستی چھیننا۔۔۔۔ القَصَبَةَ او الشجرةَ: چھیلنا۔۔۔۔ السیفَ: تلوار ننگی کرنا۔ صفت (سَالِبٌ) ج سُلّاب و سَالِبُوْن مؤنث سَالِبَةٌ. ج۔ سَالِبَات و سَوَالِب (۔۔۔۔ و اسْتَلَبه) ثوبَه: کپڑے کو چھین لینا۔

سَلِبَ (س) سَلَبًا. ماتم کے کپڑے پہننا۔

اَسْلَبَتِ. الشَجَرَةُ: پتے یا پھل گر جانا۔

(۔۔۔۔ و سَلُبَت) النَاقَةُ او المرأةُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا یا ناتمام بچہ گرانا۔ صفت (سَلِیْب و سَلُوْب) ج سُلُبٌ و سَلَائِب و (سَالِبٌ و مُسْلِبٌ و مُسَلِّبٌ و مُسَلَّبٌ)

اِنْسَلَبَ. بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔)

السَلْب. مص. ہلکی تیز چال۔ فرسٌ سَلْبُ القَوائِم: پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔

السَلَب. چھینی ہوئی چیز۔ تم کہتے ہو "اَخَذَ سَلَبَ القَتِیل" اس نے مقتول کے سامان کو لیا۔ ج اَسْلَاب. لمبا درخت۔۔۔۔

الذَبِیْحَة: ۔۔۔۔ ذبح شدہ جانور کا چمڑا، پائچہ اور پیٹ۔

۔۔۔۔ مِنَ القَصَبة: نرکل کا چھلکا۔ لسلب: درخت کا ریشہ یا چھلکا جس سے رسیاں بنائی جاتی ہیں۔

السَلْبَسَةُ: بیروت میں پیدا ہونے والا پودا جس کے پتے ذرہ جیسے اور پھول خود جیسے ان کو بطور سلاد کھاتے ہیں۔

السَلْب. لمبا۔ ہلکا۔

السُلْبة. برہنگی۔

السَلّاب. بہت چھیننے والا۔ رسیوں کے لئے درخت سے ریشے نکالنے والا۔

السَلّابَة و السَلَبُوْت. بہت چھیننے کا عادی (یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے۔)

السِلَاب. ماتمی سیاہ لباس۔ کہتے ہو "لَبِسَتِ الثکلیٰ السِلَابَ" گم کردہ فرزند عورت نے ماتمی لباس پہنا۔ ج سُلُبٌ.

السِلْب. ہل کا ہتھا۔

السَلِیْب. عقل یا مال کھویا ہوا۔ شجرة سَلِیْبٌ. درخت جس کی شاخیں اور پتے دور کر دیئے گئے ہوں۔ ج سَلْبیٰ

الاُسْلُوْب. طریقہ۔ راستہ۔ روش۔ ج اَسَالِیب. الاسلوب: ناک کی بلندی اور اسی سے ہے "اَنْفُهُ فِي اُسْلُوْب" اس کی ناک دائیں بائیں نہیں ہوتی۔ متکبر و مغرور کے لئے کہا جاتا ہے۔

سَلَتَ (ض ن) سَلْتًا. المِعیٰ: آنتوں کو ہاتھ سے نکالنا۔۔۔۔ الشَعْرَ او الراسَ: بال یا سر مونڈنا۔۔۔۔ المرأةُ الخِضَابَ عَنْ یَدِهَا: ۔۔۔۔ چھڑا دینا۔ اُتار دینا۔۔۔۔ الشَیءَ: کاٹنا۔

۔۔۔۔ ہ: کوڑے مارنا جیسے "سَلَتَهُ مِاَتَهُ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے۔۔۔۔ بِسَلْحِه: بیٹ کرنا۔ (۔۔۔۔۔۔ و اسْتَلَتَ) القَصْعَةَ: پیالہ کو انگلی سے چاٹنا۔

اِنْسَلَتَ. چپکے سے بے خبری میں نکل جانا۔

السُلْت. جو یا بغیر چھلکے کا جو۔

شِیلْم: یورپی گندم جس کی روٹی زرد پکتی ہے۔

السُلَاتَة وہ چیز جو دور کی جائے یا نکالی جائے۔ پیالہ کو صاف کرنے کے لئے انگلی سے جو چاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مِنّی فَلْتَةً و (سَلْتَةً) وہ مجھ سے آگے بڑھ گیا۔

الاَسْلَت وہ شخص جس کی پوری ناک کٹ گئی ہو۔ مؤنث سَلْتَاء ج سُلْتٌ. امْرَأةٌ سَلْتَاءُ: مہندی نہ لگانے والی عورت۔

المَسْلُوْت. مفع. سر مونڈا ہوا۔ جس سے گوشت علیحدہ کر دیا گیا ہو۔

السِلْتِم. بلا۔ سختی۔ بھوت۔ سخت قحط سالی۔ بہت بوڑھا اونٹ۔ تھوڑی اور حقیر چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْهُ سِلْتِمًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

سَلِجَ (س) سَلْجًا و سَلَجَانًا. اللُقْمَةَ: لقمہ نگلنا (۔۔۔۔۔۔ و سَلَجَتْ (ن) سُلُوْجًا) الاِبلُ: سلج گھاس کے چرنے سے پیٹ چلنا۔

سَلَجَ الفَصِیْلُ النَاقَةَ: دودھ پینا۔

تَسَلَّجَ. الطعامَ: آسانی سے نگلنا۔

(۔۔۔۔ و اسْتَلَجَ) الشرابَ: ڈگ ڈگا کے پینا۔

السُلَّج. مص. عطیہ۔

السُلَحة سمندر کی سیپی۔ ج سُلَح.
السُلَّح ایک قسم کی گھاس جس کو اونٹ چرتا ہے۔ ج سُلالِیج.
السُلَّجان حلق۔
السَلِیج. مِنَ الاکل لذیذ کھانا جو آسانی سے نگلا جائے۔
السُلجلج و السُلجُلج. مِنَ الطعام: خوش مزہ خوراک۔
السُلجم شلغم۔ گھنی داڑھی۔ لمبے جبڑوں والا سر۔ بہت پانی والا پرانا کنواں (.....
السُلاجم لمبا گھوڑا یا تیر کا لمبا پھل یا لمبا آدمی۔ بوڑھا اونٹ۔ ج سَلاجِم.
سَلَحَ(ف) سَلْحًا بیٹ کرنا۔ پاخانہ کرنا (یہ پرندہ اور چوپائے کے لئے خاص ہے۔ انسان کے لئے اس کا استعمال مجازاً ہے۔)
سَلَّحَہٗ ہتھیار پہنانا۔۔۔ ہٗ: السیفَ و بالسَّیفِ :کسی کو تلوار باندھنا (......
و اَسْلَحہٗ ہتھیار بند بنانا۔
تَسَلَّحَ ہتھیار بند ہونا۔
السَّلْح .س۔ پتلا پاخانہ۔ ج سُلوح و سُلْحان.
السُلَح ایک قسم کا شیرہ ہے جس کو گھی کی مشک پر ملتے ہیں۔
السَلَح .تالابوں میں بارش کا پانی۔
السُلَح ج سُلْحان و (السُلَحَۃ) چکور کا بچہ۔
السِلْح و السُلْحان ہتھیار۔
السَالِح. فا ہتھیار بند (فاعل ذیکذا ہے۔ مثل تامِر و لابِن کے۔)
السِلاح ہتھیار (مذکر ومؤنث) ج اَسْلِحة و سُلَح و سُلْحان.
السِلاحدار. ہتھیار بند۔ ج سِلاحْدارِیَّة (کلمہ فارسی ہے سلاح اور دار سے مرکب ہے۔)
السُلاح پاخانہ۔ اسہال۔
السَلِیح. قاصد۔ پیغمبر (سریانیہ)
المَسْلَحَة. میگزین۔ (دیدبانی کی جگہ) ج

مسالح ہتھیار بند لوگ۔
سَلْحب. سَلْحَبَ الطَّرِیْقُ :راستہ کا سیدھا واضح دراز ہونا۔ صفت (مُسْلَحِبٌّ)
السَلْحُوْت بیباک عورت۔
السُلَحْفاة و السُلَحفاة و السُلَحْفاء و السُلَحْفی و السُلَحفیة. کچھوا۔ ج سلاحف (نر کو غیلم کہا جاتا ہے)
سَلَخَ(ف ض) سَلْخا الخرُوْفَ بکری کے بچے کی کھال اُتارنا۔۔۔ المرأ ة دِرْعَھا :عورت کا قمیص اُتارنا۔۔۔ الحیَّةُ: سانپ کا کینچلی سے نکلنا۔۔۔ اللّٰہُ النھار مِن اللَّیلِ :دن کو رات سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔۔۔ الشَّھْرُ :مہینہ ختم ہونا۔۔۔ الرَّجُلُ الشَّھْرَ آخر تک گزارنا۔
سَلَّخَ. الحرُّ جلدَہٗ گرمی کا کھال کو □ □ اُتار دینا۔
اِنْسَلَخَ. مِن ثِیابہٖ :ننگا ہونا۔۔۔ الشھْرُ مِنْ سَنَةٍ :گزرنا۔۔۔ النَّھارُ مِنَ اللَّیلِ: علیحدہ ہونا۔۔۔ الحَیَّةُ مِنْ قِشْرِھا :سانپ کا کینچلی سے نکل جانا۔
تَسَلَّخَ. جِلْدُہٗ :کھال کا اُتر جانا۔
اِسْلَخَ اِسْلِخاخًا. الرجُلُ پہلو پر لیٹنا۔
سَلْخ. الشھرِ و (مُنْسَلَخُہٗ) مہینے کا آخری دن (سَلْخُ الحیَّة) و سَلْخُھا و سَلَخْتُھا) سانپ کی کینچلی۔ السِلْخ :جانور کی اُتری ہوئی کھال۔
السَلْخ دھاگا جو تکلہ کے اوپر ہو۔
السَلِیْخ :جس کی کھال اتار لی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "شیٌ سَلِیْخٌ مَلِیْخٌ" بے مزہ چیز۔
السَلاخَة. فِی الشَّیٔ بے مزہ ہونا۔
السَلِیْخَة فرزند۔ بان کے پھل کا تیل۔ گاڑھا ہونے سے پہلے۔۔۔ مِنْ شَجرِ الرِمْث و نحوہٖ :خشک لکڑی جس پر پتے وغیرہ کچھ نہ ہوں۔
السالخ. فا اونٹوں کی کھجلی۔ سالخ کالے سانپ کے لئے صفت ہے اس لئے کہ وہ ہر سال کینچلی چھوڑ دیتا ہے۔ مادہ سانپ کو

(اسودة) کہتے ہیں اس کی صفت سالخة نہیں آتی اور صفت کے موقع پر سالخ کا تثنیہ بھی نہیں آتا۔ بلکہ کہا جاتا ہے اسْوَدْ سالِخ و اسْودان سالِخ اور جمع کے لئے اَساوِدُ سالخة، و سوالخ و سُلَّخ و سُلَّخَة.
الاسْلَخ پیشانی پر گنجا۔ گہرا سرخ۔
السَلاّخ بہت کھال اتارنے والا۔
المَسْلَخ کھال اُتارنے کی جگہ۔
المِسْلاخ. کینچلی۔ کھال۔۔۔ مِن النخلِ جس سے کچی کھجوریں گر جائیں۔
السِلَّوْر سمندر کی ایک مچھلی۔
سَلِسَتْ(س) سَلَسًا. النخلةُ درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔
صفت (سَلِسٌ اور اگر یہ بار بار ہوتا ہو تو ایسے درخت کو (مِسْلاس کہتے ہیں۔)
الخشْبَةُ لکڑی کا بوسیدہ ہونا۔
سَلِس (س) سَلَسًا و سَلاسَةً و سُلُوْسًا. آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَلِس.... و سالِس) کہا جاتا ہے "سَلِسَ بحقِّیْ" اس نے آسانی سے میرے حق کو دے دیا۔
سُلِسَ سُلاسًا و سَلْسًا و سَلَسًا کسی کی عقل کا زائل ہونا۔ صفت (مَسْلُوْس)
سَلَّسَ. الحُلِیَّ :زیور کو جوہر سے مزین و آراستہ کرنا۔
اَسْلَسَت. النخلةُ درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ اَسْلَسَ قِیادَہٗ: نرم اور آسان بنانا۔
تَسَلْسَ. الشیُٔ لٹکنا۔
السَلْس مع۔ خرمہرہ وغیرہ پرونے کا دھاگا۔ کان کی بالی۔ ج سُلُوْس. السُلُوْس : اوڑھنیاں۔
السَلَس مع۔ نرمی۔ تابعداری۔ پیشاب کا نہ رکنا۔
السَلِس آسان۔ نرم۔ تابعدار۔ مِسْمارٌ سَلِسٌ : ہلنے والی میخ۔ شَرابٌ سَلِسٌ :

آسانی سے حلق سے اُترنے والی شراب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَلِسُ البَوْلِ" اسے پیشاب کے روکنے کی طاقت نہیں۔

السَلْسَبِيْل. نرم۔ ج سَلَاسِب و سَلَاسِيْب مؤنث سَلْسَبِيْلَة. ج. سَلْسَبِيْلَات. شراب۔ خوشگوار آسانی سے حلق سے اُترنے والا پانی۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

سُلْسَلَ سَلْسَلَةً. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک کو دوسرے سے جوڑنا اور اسی سے ہے۔ "سَلْسَلَ فُلَانًا اِلَى فُلَانٍ" اُس نے فلاں کی نسبت فلاں کی جانب کی۔ ۔۔۔ المَاءَ: پانی کو پست زمین میں بہانا اور کہا جاتا ہے "مَا سَلْسَلَ طَعَامًا" اس نے کھانا نہیں کھایا۔

تَسَلْسَلَ. المَاءُ: پانی کا پست زمین میں بہنا۔ ۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا پہننے سے پتلا پڑنا۔ ۔۔۔ فِرِنْدُ السَّيْفِ: تلوار کے جوہر کا چمکنا۔

السَّلْسَل والسَّلْسَال والسُّلَاسِل. خوشگوار پانی۔ آسانی سے حلق سے نیچے اُترنے والی عمدہ شراب۔

السَّلْسَلَة. س۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔

السِّلْسِلَة. زنجیر۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔ ج سَلَاسِلُ. البَرْقِ. چوڑائی میں کوندنے والی بجلی۔ سَلَاسِلُ الكِتَابِ: کتاب کی سطریں۔

المُسَلْسَل. مِنَ الشَّرَابِ: دھاری دار کپڑا۔ شَعْرٌ مُسَلْسَلٌ. گھنگریالے بال۔ سَيْفٌ مُسَلْسَلٌ چمکدار تلوار (..... والمُتَسَلْسِل) مِنَ الثِّيَابِ: خراب بنا ہوا کپڑا یا بوسیدہ کپڑا۔

سَلِطَ (س) وسَلُطَ (ک) سَلَاطَةً و سُلُوطَةً. زبان دراز ہونا۔

سَلَّطَهُ. عَلَيْهِ: کسی پر غالب بنانا۔ قدرت دینا۔ قابض بنانا۔

تَسَلَّطَ. عَلَيْهِ: کسی پر غالب ہونا۔ قادر ہونا۔ قابض ہونا۔

السَّلْط. سخت۔ زبان دراز۔ لمبی زبان۔

السَّلِط. تیر کا پھل جس کے بیچ میں اُبھار نہ ہو۔ ج سِلَاط.

السُّلْط. لمبی ٹانگیں۔

السُّلْطَة. ملکیت۔ قدرت۔

السُّلَطَة. باریک لمبا تیر۔ گھاس بھوسہ باندھنے کا کپڑا۔ ج سُلَط و سِلَاط.

السَّلِيْط. سخت۔ ہر چیز میں سے تیز۔ عمدہ زیتون کا تیل۔ ہر قسم کے دانہ کا تیل۔ لِسَانٌ سَلِيْطٌ: لمبی زبان۔ رَجُلٌ سَلِيْطٌ: زبان دراز مرد۔ السَّلِيْط. فصیح زبان آور (یہ صفت مرد کے لئے باعث مدح اور عورت کیلئے باعث مذمت ہے) اِمْرَأَةٌ سَلِيْطَةٌ: زبان دراز اور بدزبان عورت۔

اِمْرَأَةٌ (سَلْطَانَةُ اللِّسَانِ و سلطانته) تیز زبان و زبان دراز عورت۔ ☐

اَلتَّسَلُّطِيَّة: توسیع پسندی استعماری سیاست۔

السُّلْطَان. حجت۔ تم کہتے ہو "لَهُ سُلْطَانٌ مُبِيْنٌ" اس کے لئے روشن حجت ہے۔ قبضہ۔ قدرت۔ بادشاہ۔ ج سَلَاطِيْن.

سَلْطَنَهُ سَلْطَنَةً. بادشاہ بنانا۔

تَسَلْطَنَ. بادشاہ بننا۔

المِسْلَاط. کنجی کا دندانہ۔ ج مَسَالِيْط.

رَجُلٌ مَسْلُوْطٌ. اللِّحْيَة: سبک رخسار مرد۔

اِسْلَنْطَحَ. الوَادِي: وادی کا وسیع ہونا۔ ..... الرَّجُلُ: منہ کے بل گرنا یا چت گرنا۔ ..... الشَّيْءُ: لمبی چوڑی ہونا۔

السُّلَاطِح. چوڑا۔

السُّلْطُح. چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَح والمُسْلَنْطِح. کشادہ فضا۔

اِسْلَنْطَعَ. الرَّجُلُ: چت لیٹنا۔

السُّلْطُوْع. چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَع. پاگل کی طرح گفتگو میں جہالت کرنے والا۔ لمبا مرد۔ (..... والسِّلِنْطَاع)

سَلَعَ (ف) سَلْعًا. الرَّاسَ: سر پھاڑنا۔ جِلْدَهُ بِالنَّارِ: کھال کو جلا کر داغ دار کرنا۔

سَلِعَ (س) سَلَعًا. الرَّجُلُ: برص والا ہونا۔ ..... قَدَمُهُ: قدم کا پھٹنا۔

اَسْلَعَ. پھٹے ہوئے سر والا ہونا۔ جسم میں زخم والا ہونا۔

سَلَّعَهُ. پھاڑنا۔

تَسَلَّعَ. عَقِبُهُ: ایڑی کا پھٹنا۔

اِنْسَلَعَ. پھٹنا۔

السَّلْع. س۔ پیر کی بوائی۔ ج سُلُوْع واحد (سَلْعَة) (..... والسِّلْع) مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "هٰذا سِلْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "غُلَامَانِ سِلْعَانِ" دو ہم عمر لڑکے۔ اور ایسا ہی غِلْمَانٌ اَسْلَاعٌ ..... فِي الجَبَلِ دراڑ۔ ج اَسْلَاعٌ و سُلُوْعٌ.

السَّلَع. س۔ ایک کڑوا درخت۔ ایک بدمزہ سبزی۔ ایک قسم کا ایلوا۔ جلد میں جلنے کا داغ۔

السَّلْعَة والسَّلَعَة. زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔ ج سَلَعَات و سِلَاع.

السِّلْعَة. سامان و سامان تجارت۔ ج سِلَع (..... والسِّلْعَة والسَّلَعَة والسَّلْعَة) بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی۔ جونک۔

الاَسْلَع. برص کی بیماری والا۔ کبڑا۔ پھٹے ہوئے پیر والا۔ کھال میں جلنے کا داغ۔ مؤنث سَلْعَاء ج سُلْع

السَّوْلَع. کڑوا ایلوا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمَرُّ مِنَ السَّوْلَعِ" وہ ایلوے سے زیادہ کڑوا ہے۔

السَّلِيْعَة. طبیعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَكَرِيْمُ السَّلِيْعَة" وہ شریف طبیعت ہے۔

المِسْلَع. رہبر و رہنما۔

المَسْلُوْع. جسم پر پھوڑے والا یا غدود جیسی زیادتی والا۔

اَلْمَسْلُوْعَة. واضح راستہ۔

سَمٌّ مُسْلِعٌ. بہت تیز زہر۔

السِّلَّعَام. کشادہ حلق والا۔ بڑے پیٹ والا۔ لمبی ناک والا۔ بھیڑیا۔ اَبُوْ سَلْعَامَةَ:

بھیڑیے کی کنیت ہے۔

سَلعَن. فِیْ عَدْوِہٖ: تیزدوڑنا۔

سَلَغَ (ف) سَلْغًا. رَاسَہٗ: کسی کے سر کو کچل دینا۔

سَلَغَت (ف) سُلُوْغًا. البَقَرَۃُ اوِ الشاۃُ: گائے یا بکری کے کچلی کے دانت نکلنا۔ صفت (سالِغ)

الاَسلَغ. گہرا سرخ۔ مرض برص والا۔ لِینمٌ مِنَ اللحْمِ: کچا گوشت۔

سَلغَفَۃ. نکلنا۔

سَلَفَ (نَ) سَلْفًا. الاَرْضَ زمین کو زراعت کے لیے ہینگے سے ہموار کرنا۔

المَزَادَۃَ: توشہ دان پر تیل ملنا۔

سَلَفَ (ن) سَلَفًا و سُلُوْفًا. گزرنا۔ آگے ہونا۔ تم کہتے ہو "سَلَفَ لَہٗ عَمَلٌ صَالِحٌ" اس سے عمل صالح کا صدور پہلے ہوا۔

و "سَلَفَ القَوْمَ"، وہ قوم سے آگے ہو گیا۔

سَلَّفَہٗ. مَالًا: قرض دینا الشَّیْءَ. پیشگی دینا
الضَّیْفَ: مہمان کے سامنے ناشتہ پیش کرنا
الرَّجُلَ: سلفہ کھانا۔ (دیکھئے سلفہ)

اَسْلَفَ. الاَرْضَ: زمین کو زراعت کیلئے ہینگے سے ہموار کرنا ۔ مَالًا: قرض دینا۔
فِیْ الشَّیْءِ: قبضہ کرنا۔ الشَّیْءَ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا۔ اَسْلَفَتِ المَرْاَۃُ: پینتالیس سال کی ہونا۔ صفت (مُسْلِف) یہ عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔)

سَالَفَہٗ. فِی الاَمْرِ. برابری کرنا ٭ فِی الاَرْضِ. ساتھ ساتھ چلنا الجَمَلُ: آگے بڑھنا۔

تَسَلَّفَ واسْتَلَفَ. المَالَ. قرض لینا۔

تسلَّفَ الرجُلُ. سلفہ کھانا (دیکھئے سُلْفَہ)

تَسَالَفَ الرَّجُلَانِ. ہم زلف ہونا۔ یہ دونوں مرد (سِلْفَان) کہے جاتے ہیں۔

اِسْتَسْلَفَ. المَالَ. قرض لینا۔

السَّلَفُ. س۔ توشہ دان۔ ج سُلُوْف و اَسْلُف.

السِلف. چمڑا۔ سِلْفُ الرَّجُلِ: ہم زلف ج اَسْلَاف.

السَّلَف. س۔ قرض۔ ہر عمل صالح پیش کردہ۔ السلف: گزشتہ آباء و اجداد۔ و مَذَاهِبُ السلفِ: متقدمین کے مذاہب۔ ج اَسْلَاف.

السَّلْف. چمڑا۔ ہم زلف۔ رَجُلٌ سَلْفٌ گزرا ہوا امر۔ ج اَسْلَاف. اَرْضٌ سَلِفَۃٌ درختوں والی زمین۔

السُّلَف. چکور کا چوزہ۔ ج سِلْفَان و سُلْفَان.

السُّلْفَۃ. ہر وہ چیز جس کو غذا سے پہلے وقت گزاری کے لئے کھایا جائے۔ کھانا جس کو آنے والے کے لیے محفوظ رکھیں۔ جماعت متقدمین۔ چرمی موزے کا استر جو باریک چمڑے کا ہو۔ ج سُلَف ہینگے سے ہموار کی ہوئی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا سُلْفَۃً سُلْفَۃً"، وہ یکے بعد دیگرے آئے۔

السُّلَاف والسُّلَافَۃ. نچوڑنے سے پہلے جو خود بخود بہے (یہ بہترین شراب ہے) سُلَاف العَسْکَر: مقدمہ لشکر۔ سُلَافَۃُ کُلِّ شَیْءٍ عَصَرْتَہٗ: ہر نچوڑی ہوئی چیز کا ابتدائی حصہ۔ ج سُلَافَات.

الاُسْلُوْفَۃ. دامادی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ اُسْلُوْفَۃٌ"، ان کے درمیان رشتہ داری ہے۔

السَّالِف. فا. گزرا ہوا۔ پیش رفتہ۔ تم کہتے ہو "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ سَالِفِ الاَیَّامِ" یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ج سَلَف و سُلَّاف.

السَّالِفَۃ. گزری ہوئی۔ گردن کا وہ حصہ جو بالی لٹکنے کی جگہ ہے۔ سَالِفَۃُ الفَرَسِ: گردن کا اگلا حصہ۔ ج سَوالِف.

السَّلُوْف. مِنَ الابِلِ: گھاٹ پر جاتے ہوئے آگے آگے رہنے والا اونٹ مِنَ الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ سَهْمٌ سَلُوْفٌ: لمبا تیر۔ ج سُلُف.

السَّلِیْف. پیش رو۔ جماعت متقدمین۔ ج سُلُوْف.

المُسْلِف. پینتالیس سالہ عورت۔

المِسْلَفَۃ. وہ اوزار جس کو زمین ہموار کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور جس کا نام ہینگا۔ پٹیلا۔ سراون ہے۔

المَسْلُوْفَۃ. ہموار کی ہوئی زمین۔

سَلَقَ (ن) سَلْقًا. البَیْضَ او البَقْلَ انڈے یا سبزی اُبالنا۔ جوش دینا۔ سَلَقَہٗ بِالکَلَامِ: بدزبانی سے تکلیف پہنچانا۔ قرآن مجید میں ہے "سَلَقُوْکُمْ بِاَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ" تم کو وہ لوگ تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں
بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا بِالسَّوْطِ. مار کر کھال اُدھیڑ دینا۔ سَلَقَ اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: گوشت ہڈی سے جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ الشَّیْءَ بِالمَاءِ الحَارِّ: گرم پانی سے بال زاون وغیرہ دور کرنا الدَّابَّۃُ الرَّاکِبَ: باطن ران کو چھیل دینا المَزَادَۃَ: توشہ دان پر تیل ملنا
البَرْدُ النَّبَاتَ: جلا دینا الرَّجُلَ: چت پچھاڑنا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُہٗ فَسَلَقْتُہٗ لِقَفَاہُ" میں نے اس کو پکڑا اور چت پچھاڑ دیا۔ العُوْدَ فِی العُرْوَۃِ: کسی چیز کے دستہ میں لکڑی لگانا
القَدَمَ فِی الطَّرِیْقِ: قدم کا راستے میں نشان ڈالنا۔
الرَّجُلُ: دیوار چڑھنا۔

سَلِقَ. السِّلْقَۃَ و عَلَیْهَا: سلیقہ پر پیدا کیا جانا۔

اَسْلَقَ. العُوْدَ فِی العُرْوَۃِ: کسی چیز کے دستہ میں لکڑی داخل کرنا۔ لگانا الرَّجُلُ: مادہ بھیڑیے کا شکار کرنا۔

تَسَلَّقَ. چت سونا الجِدَارَ: دیوار پر چڑھنا۔ دیوار پھاندنا عَلٰی فِرَاشِہٖ: درد یا غم سے تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔

اِنْسَلَقَ. اللِّسَانُ: زبان کا چھل جانا۔

سَلْقَیْتُہٗ سِلْقَاءً. چت لٹانا۔ سَلْقَیْتُہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

اِسْتَلْقٰی اِسْتِلْقَاءً واسْلَنْقٰی اسْلِنْقَاءً چت لیٹنا۔ (فَعْلٰی و افْتَعْلٰی و افْعَنْلٰی کے اوزان ملحقات رباعی سے ہیں۔)

السَّلْقُ. س۔ (والسلق) زخم کا داغ۔

والسَلَق. ہموار و عمدہ زمین۔ کشادہ راستہ۔ ج اَسْلاق و سُلْقان و سِلْقان.

السِّلق. چقندر۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بھیڑیا۔ ج سُلْقان و سِلْقان.

السِلْقَة. مادہ بھیڑیا۔ ج سِلْق و سِلَق.

السِلْقَة: زبان دراز عورت۔ ٹڈی جو کہ انڈے دے چکی ہو۔

السالقة. مِنَ النساء: دو ہتڑ مارنے والی۔ واویلا کرنے والی عورت۔ ج سَوالِق.

السُلاق. زبان کی جڑ کی پھنسیاں یا دانت کی جڑوں کی خراش۔ پپوٹوں کی موٹائی؛ سرخی و زخم کے ساتھ۔

السَلاقة. بدزبانی۔

السُلاقة. دواؤں کا جوشاندہ۔

السَلائِق. راستہ پر قدم وغیرہ کے نشانات۔

السَلُوقِيّ والسَلاقِيّ. مِنَ الكِلابِ: ایک خاص قسم کا شکاری کتا۔

السَلُوقِيَّة. السلوقی کا مؤنث۔ جہاز کے کپتان کے بیٹھنے کی جگہ۔ السَلُوقِيَّةُ مِنَ الدُرُوع: وہ زرہیں جو یمن کے ایک علاقہ سلوق کی جانب منسوب ہیں۔

السَلّاق. اسم مبالغہ۔ خَطِيبٌ (سَلّاق و مِسْلَق و مِسْلاق) بلیغ لیکچرار۔

السُلّاق. نصرانیوں کی ایک عید۔ (کلمہ سریانیہ ہے۔)

السَلِيْق. چھوٹے درختوں کے گرے ہوئے پتے۔ چھتے کی لمبائی میں شہد کی ایک مقدار۔

سَلِيْقُ الطَرِيْق: راستہ کا پہلو۔ ج سُلُق.

السَلِيْقَة. طبیعت۔ ج سَلائِق. اُبالی ہوئی سبزی۔

السَلِيْقِيَّة. سلیقہ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَكَلَّمُ بالسَلِيْقِيَّة" وہ بغیر سیکھے ہوئے بالطبع گفتگو کرتا ہے۔ و "اِضْطَرَبَ كَلامُ العَرَبِ و غَلَبَتِ السَلِيْقِيَّةُ" یعنی وہ لوگ سلیقہ سے گفتگو کرتے ہیں۔ بغیر اس کے کہ اعراب کا قصد کریں اور غلطی سے بچنے کا ارادہ کریں۔

سَلَكَ(ن) سَلْكًا و سُلُوْكًا. المكانَ: داخل ہونا الطَرِيْقَ: راستہ کی اتباع کرتے ہوئے چلنا (واَسْلَكَ) الشئَ فی الشئِ: کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا۔

سَلَّكَهُ المَكانَ و اَسْلَكَهُ المكانَ و فِيْهِ و عَلَيْهِ: کسی جگہ میں داخل کرنا۔ و مِنْ كَلام المولَّدِيْن: سَلَّكَ الغَزْلَ: سوت کو چرخہ پر چڑھانا۔

اِنْسَلَكَ. فی الشئِ: کسی چیز میں داخل ہونا۔

السِلْك. لڑی۔ ج سُلُوْك و اَسْلاك.

السُلَك. سنگ خوار یا چکور کا چوزہ۔ مؤنث سُلَكَة ج سِلْكان.

السِلْكَة. سلائی کا دھاگا۔ ج سِلَك و جج اَسْلاك و سُلُوك.

السُلْكَى. نیزہ کی سیدھی ضرب۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْرُهُمْ سُلْكَى" یعنی ان کا معاملہ ایک طریقہ پر ہے۔

المَسْلَك. راستہ۔ ج مَسالِك.

المَسْلَكَة. دھجی جو کپڑے کے کنارے سے پھاڑی جائے۔

المِسْلَكَة. چرخہ۔ (مولد)

المُسَلَّك. نحیف ولاغر۔

سَلِمَ(س) سَلامَةً و سَلامًا. مِنْ عَيْبٍ او آفةٍ: نجات پانا۔ بری ہونا لَهُ المالُ: مخصوص ہونا اور کہتے ہیں "لا بذی تَسْلَمُ ما كانَ كَذا" یعنی نہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جو تمہیں محفوظ رکھتی ہے؛ ایسا نہیں تھا اور مخاطب کے تثنیہ و جمع؛ تذکیر و تانیث کے لحاظ سے "بذیْ تَسْلَمان و تَسْلَمُوْنَ و تَسْلَمِيْنَ" استعمال کرتے ہیں اور علیٰ هذا القیاس "اِذْهَبْ بذی تَسْلَم" یعنی سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

سَلَمَتْهُ (ن) سَلْمًا. الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔

سَلَمَ (ض) سَلْمًا. الجِلْدَ: کھال کو سلم درخت کے پتوں سے دباغت دینا۔ الدلوَ: ڈول بنانے سے فارغ ہونا اور مضبوط و عمدہ بنانا۔

سَلَّمَهُ. سَلَّمَ عَلَيْهِ: السّلام علیک کہنا ہ مِنَ الآفة: محفوظ رکھنا ہ الی فلان: سپرد کر دینا۔ سَلَّمَ بالأمر: راضی ہونا الیه: فرمانبردار ہونا الشئَ: خالص کرنا۔ سَلَّمَهُ الشئَ فتسلَّمهُ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا اور اس کا قبول کر لینا۔

سالَمَهُ. مصالحت کرنا۔

اَسْلَمَ. فرمانبردار ہونا۔ دین اسلام اختیار کرنا۔ بیع سلم کرنا العَدُوَّ: دشمن کو چھوڑ دینا۔ اَمْرَهُ الی اللّٰه: سپرد کر دینا اور تم کہتے ہو "اَسْلَمْتُهُ و سَلَمْتُهُ" جبکہ تم کسی کو چھوڑ دو اس وقت جبکہ کوئی شخص تکلیف پہنچانا چاہتا ہو۔

اُسْلِمَ. سانپ سے ڈسا جانا۔

تَسَلَّمَ. مسلمان بننا الشئَ: قبضہ کرنا منهُ: بیزار ہونا۔

تسالم القومُ: باہم مصالحت و موافقت کرنا۔ تسالمتِ الخَيْلُ: بغیر لڑے بھڑے ساتھ ساتھ چلنا۔

اِسْتَلَمَ الحجرَ: چھونا (سَلِمَة بمعنی پتھر سے ماخوذ ہے) بوسہ دینا اور بسا اوقات پتھر کے علاوہ دوسری چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ تم کہتے ہو "اِسْتَلَمْتُ يَدَهُ" میں نے اس کے ہاتھ کو چھوا یا بوسہ دیا۔ الزرعُ: خوشہ نکلنا۔

اِسْتَسْلَمَ. فرماں بردار ہونا۔

تَمَسْلَمَ. مسلمان کہلانا (یہ مسلم سے ماخوذ ہے جیسے مسکین سے تمسکن)

السَلْم. ایک گوشہ والا ڈول۔ ج اَسْلُم و سِلام سِلْم میں ایک لغت۔

السِلْم. صلح کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "انا سِلْمٌ لِمَنْ سالَمَنِي و حَرْبٌ لِمَنْ حارَبَنِي" میں صلح کرنے والوں کے لیے صلح جو اور لڑنے والوں کیلئے لڑاکا ہوں۔ قَوْمٌ سِلْمٌ و سَلْمٌ: صلح کرانے والی قوم۔ سلامتی۔

اسلام۔

السَّلَم. سلامتی۔ تابعداری۔ قید۔ قیدی۔ ایک قسم کا کانٹے دار درخت جس کے پتوں سے دباغت دی جاتی ہے اور اسی سے ذو سلم نام رکھا گیا ہے۔ واحد (سَلَمَۃ)

السُّلَّم. سیڑھی (مذکر و مؤنث) ج سَلالم و سَلالیم. وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "اتخذہ سُلَّما الی حاجتہ" اس نے اس کو اپنی حاجت کے لیے وسیلہ بنایا۔

السَّلِمَة. پتھر۔ ج سِلام. نازک ہاتھ پیروں والی عورت۔

السَّلام. مص۔ تسلیم کا اسم جیسے تکلیم سے کلام۔ طاعت و فرمانبرداری کے لیے جھکنا۔

السلام. اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اس لیے کہ باری تعالیٰ نقائص و عیوب وغیرہ سے پاک ہیں۔ دار السَّلام. جنت۔ مدینۃُ السلام: بغداد۔ نَهرُ السلام: دریائے دجلہ (والسلام) ایک قسم کا کڑوا درخت۔ واحد (سَلامَۃ و سِلامَۃ)

السلامۃ. مص۔ عیوب و آفات سے پاکی۔

السُّلامی. چھوٹی ہڈیوں میں سے ہر جوڑدار ہڈی جیسے انگلیوں کی ہڈیاں۔ پھر توسعاً ہر ہڈی اور ہڈی کے جوڑوں پر اطلاق ہونے لگا۔ ج سُلامیات.

السَّلامی. دکھنی ہوا۔

السُّلَیمانی. ایک قسم کا زہر جس کا جزو اعظم پارہ ہے۔

السَّلم واحد السَّلَمَۃ: ببول کا درخت

السَّلمُون. ایک بڑی مچھلی کا نام۔

السَّلِینُوس. پھولوں کی جنس کا ایک نام

السالم. فا۔ آنکھ اور ناک کے درمیان کی کھال۔

السَّلِیم. ج سَلمیٰ. ڈسا ہوا۔ سخت زخمی جو قریب بہلاکت ہو (ان دونوں کو تفاؤلا سلیم کہتے ہیں۔) ج سُلماء. آفات سے محفوظ۔

الاَسْلَم. آفات سے بہت محفوظ۔ مؤنث سُلمیٰ.

الاُسَیلِم. چھوٹی انگلی اور اس کے پاس والی انگلی کے درمیان کی ایک رگ۔

الاِسْلام. مص۔ بغیر کسی پس و پیش کے امر و نہی کی فرمانبرداری کر لینا۔ مذاہب اسلام اور کبھی مسلمانوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

المُسْلِم. دینِ اسلام کا پیرو۔ ج مُسْلِمُون. مؤنث مُسْلِمَۃ. ج مُسْلِمات.

اَرْض (مَسْلُوماء) بہت درخت سلم والی زمین۔

اِسْلَهَبَّ. الفرس. گھوڑے کا لمبا ہونا۔

السَّلْهَب. لمبا۔ ج سَلاهِب و سَلاهِبَۃ

سَلا یَسْلُو سَلْوا و سُلُوّا و سُلْوانا و سَلِیَ یَسْلیٰ سُلِیًّا الشیٔ و عَنْهُ: بھول جانا۔ تسلی پانا۔ بے غم ہونا۔

اَسْلیٰ اِسْلاءً. القومُ: درندوں سے مامون ہونا۔ اَسْلاہ عن ھمہ: بے غم کر دینا۔

سَلّیٰ تسلیا. بتکلف تسلی ظاہر کرنا۔ تسلی پانا۔ کہا جاتا ہے "سلاہ واسلاہ فتسلی" اس نے اسے تسلی دی اور اسے تسلی حاصل ہو گئی (وانسلی) الھمّ: غم زائل ہونا۔

اِسْلتتْ اسلتاءً. الشاۃُ: موٹی ہونا۔

السُّلْوۃ والسَّلوۃ. تسلی۔ کہا جاتا ہے "ھو فی سُلوۃ من العیش" وہ فراخی و فارغ البالی کی زندگی میں ہے۔ "اسقینی سلوۃ من نفسک" یعنی میں نے تجھ سے وہ چیز دیکھی جس سے مجھے تسلی ہو گئی۔

السُّلْوان. مص۔ (والسُّلْوانۃ والسُّلْوانۃ) ایک قسم کا مہرہ جس کو تعویذ کے طور پر یا نظربد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

السَّلْویٰ. شہد۔ باعث تسلی۔ لوا۔ واحد (سَلْواۃ)

المَسْلاۃ. ہر وہ مقام جہاں پر تسلی زیادہ ہو۔ ہر وہ چیز جو باعث تسلی ہو۔

المُسَلّی. فا۔ گھڑدوڑ کا تیسرا گھوڑا۔

سَلِیَتْ تسلیٰ سلی. الشاۃُ: ٹوٹی ہوئی جیل والی ہونا۔ صفت (سَلْیاء)

اَسْلَتْ. الشاۃ: بکری سے جیلی نکالنا۔

السَّلیٰ. جیلی (وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور اگر وہ پیٹ میں ٹوٹ جاتی ہے تو بچہ اور ماں دونوں مر جاتے ہیں) ج اَسْلاء.

"انقطع السلی فی البطن" اس وقت بولتے ہیں جبکہ سارے حیلے ختم ہو جائیں اور مصیبت بڑھ جائے۔ و "ھو آکل السلاء" وہ خسیس و کمینہ ہے۔

السَّلُولُوبِید: وہ مادہ جو کہ کافور اور روئی کے ملانے سے سخت صاف ہر قسم کی صورت بنانے کے قابل ہو جاتا ہے اس سے کنگی وغیرہ بنائی جاتی ہے۔

سَمَّہ (ن) سَمًّا. زہر دینا۔ الطعام: کھانے میں زہر ڈالنا۔ القارُورۃ: بند کرنا۔ الشیٔ: درست کرنا۔ بینھما: صلح کرانا۔

الامر: آزمانا اور تہ تک پہنچنا۔ سمّ النعمتہ الیہ: مخصوص کرنا۔ سمّ الشیٔ: سب کو عام ہونا۔

سَمَتْ (ن) سُمُوما. الریح: جھلسنا۔

سُمَّ. الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا یا گرم ہوا والا ہونا۔ النبات: بادِ سموم سے جھلسنا۔ صفت (مَسْمُوم)

سُمّ. الطعام: کھانے میں زہر ڈالنا۔

اَسَمَّ اسماما. الیومُ: بادِ سموم چلنا۔

السُّمّ والسَّمّ والسِّمّ. سوئی کا ناکا۔ زہر۔ ج سِمام و سُمُوم. سَمُّ الحمار: کنیر۔ سَمّ الفار: سنکھیا۔ سُمّ السمك: ماہی زہرہ۔ (ایک دوا کا نام) سُمّ ساعۃ: فوراً ہلاک کرنے والا زہر۔ کہا جاتا ہے "اصاب سَمّ حاجتہ" اس نے اپنا مقصد حاصل کر لیا۔

السِّمّ: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سنکھ گھونگا وغیرہ کے۔

السِّمَۃ. قرابت۔ کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھادیں تاکہ کھجوریں اسی پر گریں۔

زینت کے لیے پروئی ہوئی کوڑیاں۔ ج سِمَم و سِمام.

سُمِّيَّةُ. الشئَ: کسی چیز کا زہریلا اثر۔
السَمام. ہلکا پھلکا تیر۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ واحد (سَمامَة)
السِمَام و السُمُوْم. مِنَ الاِنْسَان بُمْنہ۔ نتھنے۔ کان۔ السَمام: بھیڑیا۔
السُمُوْم. گرم ہوا۔ مؤنث۔ ج سَمائِم.
السَمامَة. کالبد انسانی تم کہتے ہو "فُلَانٌ بَهِيُّ السَمامَةِ" فلاں خوبصورت بدن والا ہے۔ کھنڈرات۔ جھنڈا۔ گھوڑے کی گردن کا خوبصورت دائرہ۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے۔ اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "كَلَّفْتَنِيْ بَيْضَ السَمائِم" تم نے مجھ کو تکلیف مالا یطاق دی۔ اور ایک قول بَيْضَ السَماسِم کا ہے۔
سَماسِم سِمْسِمَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں۔
السَامُّ. زہریلا۔
السَامَّة. سامّ کا مؤنث۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "عَرَف ذٰلِكَ السَّامَّةُ والعَامَّةُ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں۔
سَامُّ اَبْرَص وسَمُّ اَبْرَص. چھپکلی۔ ثنی۔ سَامَّا اَبْرَص. ج اَبارِص وسَوَامُّ اَبْرص.
يَوْمٌ سَامٌّ و مُسِمٌّ و مَسْمُوْمٌ گرم ہوا والا دن۔
الاَسَمُّ. الاَنفِ: تنگ نتھنے والا۔
المَسَامّ. مِنَ الجِلْدِ: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ۔ اس کو سَمٌّ بمعنی سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے مَحَاسِن حُسْن کی جمع۔ اَهْلُ (المَسَمَّة) خاص لوگ۔ رشتہ دار۔
سَمَأَلَ. الخلُّ: مکھی والا ہونا۔
اِسْمَأَلَّ. اِسْمِئْلَالًا. دبلا ہونا۔
الظِلُّ: کوتاہ ہونا۔
السَمْأَل. سایہ۔
السَمَوْأَل. سایہ۔ سرکہ کے اوپر کی مکھی۔ ایک شخص کا نام جو وفاء عہد کے لیے ضرب المثل ہے۔
المُسْمَئِل. فا پرانا کپڑا۔
سَمَتَ(ن ض) سَمْتًا. سَمَت الشئَ و سَمَتَ نَحْوَهُ: قصد کرنا اور اسی سے ہے "وَهُنَّ اِلَى البَيْتِ العتيق سَوامِتُ" وہ سب خانہ کعبہ کی جانب قصد کرنے والی ہیں۔
سَمَتَ لَهُمْ: رائے و تدبیر و طریقہ گفتگو کی رہنمائی کرنا۔
سَمَّتَ. راستہ اختیار کرنا لِلعَاطِس: یرحمک اللہ کہہ کے دعا کرنا عَلَى الشئَ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا۔
سَامَتَهُ. مقابل ہونا۔
تَسَمَّتَهُ. قصد کرنا۔
السَمْت. س۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هٰذَا السَمْتِ" اس راستہ کو اختیار کرو۔ ج سُمُوْت سَمْتُ الرَاس فِيْ عِلْمِ الهَيْئَةِ: علم ہیئت کی اصطلاح میں کسی کھڑے ہوئے شخص کے سر کی سیدھ میں آسمان کا وہ نقطہ جس پر کرۂ ارض کے مرکز سے نکلا ہوا خط پہنچے۔ سَمت الراس کہلاتا ہے اور اس کے مقابل کو سَمت القَدَم یا سَمْت الرجْلِ کہتے ہیں۔ اور سمت کا لفظ اہل خیر و صلاح کی ہیئت کیلیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ سَمْتَ فُلَانٍ" اس کی ہیئت و حالت کس قدر اچھی ہے۔
سَمُجَ (ک) سَماجَةً و سُمُوْجَةً. قبیح ہونا۔ صفت (سَمْج و سَمِج و سَمِيْج) ج سِماج و سَمِجُوْن و سُمَجَاء و سَماجى.
سَمَّجَهُ. قبیح بنانا۔
اِسْتَسْمَجَه. قبیح سمجھنا۔
سَمْجَرَ سَمْجَرَةً. اللَبَنَ: دودھ میں پانی زیادہ ملانا۔
سَمُحَ (ک) سَماحًا و سُمُوْحًا و سَماحَةً و سُمُوْحَةً و سَمْحًا و سِماحًا. فیاض و سخی ہونا۔ صفت (سَمْح و سَمِيْح و مِسْمَح و مِسْماح) ج سِماح و سُمَحاء و مَسامِيح. تم کہتے ہو "رِجالٌ و نِساءٌ سِماح و سُمَحاء و مَسامِيح"
سَمَحَ(ف) سَماحَةً و سَماحًا. بكَذَا: بخشش کرنا لَهُ بالشئَ: دینا العُوْدُ: لکڑی کا نرم ہونا النَاقَةُ: اونٹنی کا مطیع و تیز رفتار ہونا۔
سَمَّحَ. نرم ہونا اور نرم برتاؤ کرنا الرُمحَ: نیزہ کو نرم کرنا الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔
اَسْمَحَ. الرَّجُلُ: فیاض و سخی ہونا۔
اَسْمَحَت الدَابةُ: سرکشی کے بعد نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "اَسْمَحَتْ قَرُوْنَتُهُ" یعنی اس کا نفس تابع و فرمانبردار ہو گیا۔
سَامَحَهُ. فِي الْاَمْرِ و بِالْاَمْرِ: نرم برتاؤ کرنا۔ نرمی کرنا۔ مقصد میں موافقت کرنا ہ بِذَنْبِه: درگزر کرنا۔
تَسَمَّحَ و تَسَامَحَ. فِيْ كَذَا: نرمی برتنا۔
السَمَاح. س۔ بَيْعُ السَماح: وہ بیع جس میں قیمت گھٹانے میں نرمی ہو۔ کہتے ہیں "السَماحُ رِبَاحٌ" یعنی معاملات میں نرمی نفع بخش ہوتی ہے۔
السِمَاح. س۔ چمڑے کا خیمہ۔
السَمْحَة. اسمح کا مؤنث۔ ج سِماح.
المَسْمَح. وسعت و فراخی۔
السَمَحْج. دراز پشت گھوڑا یا گدھی۔ پتلی کمر اور سخت گوشت والا گھوڑا۔
السِمْحَاق. سر کی ہڈی پر باریک جھلی۔
سَماحِيْق. السَماء: بادل کے پتلے ٹکڑے۔ اور کہا جاتا ہے عَلَى ثَرْبِ الشاةِ سَماحِيق مِنَ الشَحْمِ" بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے۔
سَمَخَ (ن) سَمْخًا. الزَرْعُ: کھیتی کا اگنا۔
(سَمَخَهُ (ف) سَمْخًا) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَخَنِي بِحِدَّةِ صَوْتِهِ و كَثْرَةِ كَلَامِه" اس نے آواز کی تیزی اور کثرتِ گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا۔
زَرْعٌ حَسَنُ (السِمْخَة) اچھی اُگنے والی

کھیتی۔

السِماخ کان کا سوراخ۔

سَمَدَ(ن) سُمُوْدًا حیران کھڑا ہونا۔ متحیر ہونا۔ گانا۔ تکبر سے سر اُٹھانا اور سینہ تاننا فی العَمَل کوشش کرنا اور تکلیف اُٹھانا الابِلُ: اونٹ کا تیز چلنا (سَمْدًا) الرَّجُلَ قصد کرنا۔

سَمَّدَ. الاَرْضَ کھاد ڈالنا الشَّعْرَ بال کو جڑ سے مونڈنا الرَّجُلُ کھیل کود میں ڈالنا۔ غافل کر دینا۔

اِسْمَدَّ اِسْمِدَادًا واِسْمَادَّ اِسْمِئْدَادًا الرَّجُلُ غُصہ سے پھولنا یَدُہٗ ہاتھ کا سوجنا الشَی:Aضائع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَكَ (سَمْدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لیے ہے۔

السَمَاد کھاد۔

السَامِد. فا. وَطْبٌ سَامِدٌ بھری ہونے سے کھڑی مشک۔

اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا نگاہ کمزور ہونا۔

السُمْدُوْر. آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔)

السَمَادِیْر. نشہ یا بیہوشی یا دوران سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔

السَمَنْدَر والسَمَیْدَر. ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ بجھا دیتا ہے اور اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَمَیْدَع. فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِع.

السَمِیْد والسَمِیْذ. سفید آٹا۔

سَمَرَ(ن) سَمْرًا. العَیْنَ گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا (سَمْرًا وسُمُوْرًا) رات میں قِصہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُه مَا سَمَرَ السَمِیْر او اِبْنُ سَمِیْرٍ و اِبْنَا سَمِیْرٍ" میں اس کو جب تک لوگ قِصہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

سَمَرَ(ن ض) سَمْرًا و سَمَّرَ. اللَّبَنَ: دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا الخَمر شراب پینا النَبات: گھاس چرنا البابَ وغیرہ: دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا السَهْمَ: تیر چلانا۔

سَمِرَ(س) وسَمُرَ(ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا واسْمَارَّ اِسْمِیْرَارًا. سفیدی سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مؤنث سَمْرَاء. ج. سُمْرٌ.

سَامَرَہٗ. رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصہ گوئی کرنا۔

تَسَمَّرَ. میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔

تَسَامَرَ. القَوْمُ رات کو باہم باتیں کرنا۔

السَمْر. مص. قَوْمٌ سَمْرٌ: رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔

السَمَر. رات کو باتیں سنانے والا۔ ج أسْمَار. رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیْهِ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤں گا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ اور بھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سَمَر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ اور "حَلَفْتُ بالسَمَرِ والقَمَرِ" و "لا آتِیْكَ السَمَر و القَمَر" و "لا اَکْلَمُهُ السَمَرَ والقَمَرَ" ان سب ترکیبوں میں "مُدَّةُ وُجُوْدِ السَمَرِ والقَمَرِ" محذوف ہے۔ مراد ہمیشگی ہے۔

السَمَرَة رات کی گفتگو۔

السَمُر. ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر. واحد (سَمُرَة)

السَامِر. فا. ج سُمَّر و سُمَّار. رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَيْتُ البَارِحةَ فِي سامِرِ الحَيِّ" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا (والسَامِرَة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔

السَامُوْر ہیرا۔

السَمَار بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الاَسْمَر. نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ اَسْمَر" بغیر بارش کا خشک سال۔

الاَسْمَرَان پانی اور گیہوں؛ پانی اور نیزہ۔

السَمُوْر. تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔

السَمُّوْر ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑھا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین تیار ہوتی ہے اور بسا اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سَمُّوْر کہتے ہیں۔ ج سَمَامِیْر.

السَمِیْر. رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قِصہ گو۔ زمانہ۔ اِبْنَا سَمِیْر: دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ سَمِیْرَ اللَیَالِیْ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔ اور کہا جاتا ہے "ابنُ سَمِیْر" بے چاند کی رات۔

السِمِّیْر رات میں باتیں سنانے والا۔

المِسْمَار. کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا۔ ج مَسَامِیْر.

المَسْمُوْر. کم گوشت؛ مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔

السَمْرَاء اَسْمَر کا مؤنث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔

السُمَیْرِیَة. ایک قسم کی کشتی۔

سَمْرَتَ. السُمْرُت: لمبا (السُمْرُوْد) لمبا۔

السَمْرْمَر. ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَمَرْمَرَة: بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَة. دلال ہونا۔

السِمْسَار. دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔

سِمْسَارُ الْاَرْض: زمین کا ماہر۔ ج سما سِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِیْر.

السَمْسَرَة. مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اُجرت۔

السِمْسِق والسَمْسَق والسُمْسُق

والسمسق. جنبیلی۔ مرزنجوش۔
سمسم. الثعلب: لومڑی کا دوڑنا
الرجل: نرم چال چلنا۔
السمسم. لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔
السمسم. سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد (سمسمة) ہلکا پھلکا مرد۔ ج سماسم۔
السمسم. تل دھنیا۔ سانپ کی ایک قسم
رجل (مسمسم) الوجه: خالدار چہرے والا مرد۔
سمط (ن) سموطا. الرجل: چپ رہنا۔
علی الیمین: قسم کھانا۔ اللبن: مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سامط)
سمط (ن ض) سمطا. الجدي من: بکری کے بچہ کو بالوں سے صاف کر کے بھوننا۔
الشیٔ: لٹکانا۔ السکین: چھری تیز کرنا۔ کہا جاتا ہے "سمطت الرجل یمینا علی حقی" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔
سمّط. چپ رہنا۔ الشیٔ: لازم ہونا۔ زین کے تسمہ سے لٹکانا۔ الشاعر: مسمّط اشعار نظم کرنا (دیکھو مسمّط) "سمّط قصیدة فلان" کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔
اسمط. چپ ہونا۔
تسمّط. الشیٔ به: لٹکنا۔
السمط. لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "علقه بسموط سرجه" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا۔ من العمامة: پگڑی کا شملہ۔ گلوبند (زیور) سے لمبا ہار۔ السمط من الثیاب: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا۔ من الرمل: ریت کی لکیر۔ رجل سمط: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سموط۔
السمط. مص۔ فقیر۔
السمط. اونی کپڑا۔

نعل (سمط و اسماط) اکہرے چمڑے کا جوتا۔ ناقة سمط و اسماط: بے داغ کی اونٹنی۔ سراویل اسماط: اکہرا پاجامہ۔
السامط. فا. ماء سامط: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کر دے۔
السماط. صف بستہ چیز۔ دستر خوان۔
سماط الطریق: راستہ کے دونوں جانب۔
سماط القوم: قوم کی قطار۔ ج سمط اور کہا جاتا ہے "هم علی سماط واحد" وہ ایک نظام میں ہیں۔
السمیط. بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد سبک حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔
نعل سمیط: ایک چمڑے کا جوتہ۔
السمیط. پختہ اینٹوں کا ردہ۔
المسمّط. من الشعر: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حکمك مسمّطا" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے "لك حكمك مسمطا" اور "مسمّطا" حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ و "هو لك مسمّطا" وہ تمہاری لیے خوشگوار ہے۔ و "خذ حكمك مسمطا" تم اپنے حکم کو جاری کرو جو رد نہیں ہوگا۔
السمیطر. ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور ہمیشہ اتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔
سمع (س) سمعا و سِمعا و سماعا و سماعة و سماعیة و مسمعا. الصوت: سننا۔ صفت (سامع) ج سُمّاع
و سمعة و سامعون له الله: قبول کرنا
منه وله: دینا۔
الیه. کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔
سمّعه. الصوت: سنانا۔ سمّع به: عیوب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔ سمّع بکذا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا۔

بفلان فی الناس: شہرت دینا۔
اسمعه. سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں دستہ لگانا۔
تسمّع و استمع. الرجل و الیه: کان لگانا۔
تسامع. به الناس: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔
استمع. له و الیه: کان لگانا۔
استسمعه. سننا۔
السمع. مص۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج اسماع و اسمع و ج ج اسامع و سامیع۔ کہا جاتا ہے "هو مابین سمع الارض و بصرها" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا اور سننے والا نہ ہو۔ و "القی نفسه بین سمع الارض و بصرها" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا اور سننے والا نہیں۔ و "سمعك الی" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ و "سمع اذنی فلانا یقول ذلك" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سمع اذنی و سمعة اذنی و سمعة اذنی"
ام السمع: دماغ۔
السمع. اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رجل سمع" اچھی شہرت کا مرد۔ و "هذا امر ذو سمع" یہ سننے کے لائق ہے اور جب کوئی آدمی کسی غیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سمعا لابلغا او سمعا لابلغا" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔
السمع. بھیڑیئے کا بچہ بجو سے۔ مؤنث (سمعة) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "هو اسمع من سمع"
السمعة. سمع کا اسم مرة۔ اذن سمعة: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فعله رياء و سمعة" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لیے کیا۔
السمعة. شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا

فعلہ ریاء و سُمعۃ" اس نے یہ کام دکھانے اور سننے کے لیے کیا۔

السماع. س۔ شہرت۔ گیت اور اصطلاح میں سماع خلاف قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جاسکے اور کہا جاتا ہے"ھذا امر ذو سماع" یہ امر سننے کے قابل ہے۔"فعلوا ذالك سماع اذنی" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کیا۔

سماع. بروزن قطام اسم فعل بمعنی اسمع۔

السمّاع. بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السمیع. سننے والا۔ سنانے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات۔ ج سمعا. امُ السمیع: دماغ۔

اُذنٌ سمیعٌ و سمیعۃٌ: سننے والا کان۔

السامعۃ. کان۔

السامعان. دونوں کان۔

اُذنٌ (سمْعۃ و سمِعۃ و سموع و سمیع و سمّاعۃ) سننے والا کان۔

السمّاعۃ. ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے۔

التسمعۃ. کہا جاتا ہے"فعلتُہ تسمعتك او تسمعۃ لك" میں نے اس کو کیا ہے تاکہ تم سن سکو۔

المسمع. سننے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے"ھو منی بمرأی و مسمع" یا"ھو منی مرأی و مسمع" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں۔

المسمع والمسمعۃ. کان۔ ج مسامع. ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

المُسمع. فا. قید۔

المُسمعۃ. گانے والی۔ کہا جاتا ہے"غنتہم مُسمعۃ"

المُسمَّع. مفع۔ قید کیا ہوا (المسمع) شیطان خبیث۔

اسمغدّ اسمغدادا الجرح: زخم کا سوجنا۔

سمق (ن) سمقا و سموقا. النبات: بلند ہونا۔ صفت سامق و سمق۔

السُماق. خالص۔ کہا جاتا ہے"احبك حبا سُماقا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں۔

السُمّاق والسموق. ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے۔ پھل کو بھی کہتے ہیں۔ واحد سماقۃ و سموقۃ.

السمیق. ہل کا جوا۔

السمقُ من الرجال. لمبا مرد۔

اسمقرّ اسمقرارا الیوم: بہت گرم ہونا۔

سمك (ن) سمکا الشیء: بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے"سمك اللہ السماء" اللہ نے آسمان کو بلند کیا۔

سمك (ن) سمکا و سموکا و سمك (ن) سماکۃ: بلند ہونا۔

سمّك الشیء. کسی چیز کو دبیز بنانا۔

تسمّك. بلند ہونا۔

استسمك. الثیاب: کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا۔ مچھلی کھانا۔

السمك. س۔ چھت یا چھت کی دبازت۔ ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد۔

السمك. مچھلی۔ ج سماك و سموك و اسماك واحد (سمکۃ)

السِماك. چیز کے اٹھانے کا اوزار۔ ج سُمك من الزور. ہنسلی سے ملی ہوئی پسلی۔

السماکان. دو روشن ستارے ایک کو السماك الرامح اور دوسرے کو السماك الاعزل کہتے ہیں۔

السُمیکاء. ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔

السمّاك. مچھیرا۔ مچھلی بیچنے والا۔

السمیك والسموك. لمبا۔ المسموك من الخیل: مضبوط گھوڑا۔

المسماك. خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی۔

المُسمکات والمسموکات السبع. ساتوں آسمان۔

سمل (ن) سملا. عینہ: آنکھ پھوڑنا۔ الحوض. کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا۔ بینہم: صلح کرانا۔ الدلو: ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا۔

سمل (ن) سمولا و سمولۃ و سمل (ك) سمالۃ. الثوب: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ صفت سمل۔

سمّل الحوض. حوض کا تھوڑا پانی دینا۔ الحوض. کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا۔ بالقول. نرمی سے بات کرنا۔

اسمل. الثوب: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ بینہم. صلح کرانا۔

تسمّل. تھوڑا پانی پینا۔ النبیذ: نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا۔

استمل. عینہ. آنکھ پھوڑنا۔

السمّال. آنکھوں کو پھوڑنے والا۔

السمل. پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج اسمال. حوض کا بقیہ پانی۔

ثوب (سملۃ و سمول و سمیل) پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السمال. پانی کے حوض کا کیڑا۔

السُملۃ والسملۃ. تھوڑا پانی۔ ج سمل و اسمال و سمال و سمول

السُملان. من الماء والنبیذ: پانی یا شراب کا بقیہ۔

السومال. پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السوملۃ. چھوٹی پیالی۔

السمول. وسیع زمین۔ نرم مٹی والی زمین۔

سملج. اللبن فی حلقہ: آسانی سے نگلنا۔

السملج والسمالج. میٹھا دودھ۔

السملع. بھیڑیا۔ بد اور خبیث کے لیے بھی بولتے ہیں۔

السملق. ہموار و بنجر زمین۔

سمن (س) سمنا و سمانۃ. موٹا ہونا۔

صفت (سامنٌ سمِینٌ)ج سِمان.

سمن(ن) سِمْنًا و سَمّن. الطعامَ: گھی ڈالنا۔ وسمّنه: موٹا کرنا۔ سَمّن القومَ: گھی کا توشہ دینا۔ سَمّن لهٗ بہت دینا۔

اسْمن. موٹا ہونا۔ بہت گھی والا ہونا۔ موٹے جانوروں والا ہونا۔ موٹا جانور خریدنا یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا۔

الفرسَ. گھوڑے کو موٹا کرنا الخبزَ روٹی گھی میں تر کرنا الرجلَ: گھی کھلانا۔

تَسمّن. موٹا ہونا۔ بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا۔

اِسْتَسْمَن. اپنے لیے گھی طلب کرنا ہ موٹا پانا یا سمجھنا اور اسی سے مثال ہے "اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَم"، تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے۔

السَامِن. فا بہت گھی والا (فاعل ذیکذا ہے باب تأمر ولابن سے۔)

السَمْن. س. گھی۔ ج اَسْمُن وسُمُوْن و سُمْنَان.

السَمّان. گھی بیچنے والا۔

السَمْنَة. گھی۔ یہ السمن سے خاص ہے۔

السُمْنَة. موٹا کرنے والی ایک دوا۔ ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لیے استعمال کرتی ہیں۔

السَمِیْن. موٹا مِنَ الكَلامِ: باموقع گفتگو۔

السَمِینَة. السمین کا مؤنث۔ ج سِمَان. اَرْضٌ سَمِینَةٌ بغیر پتھر والی زمین۔

المُسْمِن پیدائشی موٹا۔

طَعامٌ (مُسْمِنَة) موٹا کرنے والی خوراک۔

السُمَانَی. بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد و جمع دونوں کے لیے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاۃ) ہے۔ ج سُمَانِیَات.

السَمَنْجُوْنِیّ. آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَمَنْد والسَمَنْدل والسَنْدل. ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَه (ف) سُمُوْهًا. مدہوش ہونا الفرسُ. گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمّه. الابلَ: بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (سُمّه)

السَامِه. حیران۔ ج سُمّهٌ.

السُمَّهیٰ. فضاء آسمانی۔ ترمرے (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے)

(والسُمّه والسُمَّیْهیٰ والسُمَیْهیٰ والسُمَیْهاء والسُمَّیْهاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْهج. كَلامَهٗ: جھوٹ بولنا۔ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا الشیٔ: چھوڑنا۔

الدَراهِمَ: رواج دینا الیَمِینَ: قسم میں سختی کرنا۔

السِمْهَاج. جھوٹ۔

اِسْمَهَدّ. السَنامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔

السَمْهَد. خشک و سخت چیز۔

السَمْهَد والسَمَهْدَد. بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَهَرّ. مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا الظَلامُ: بہت اندھیرا ہونا۔

السَمْهَرِیّ. مضبوط نیزہ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ سَمْهَرِیٌّ و رِماحٌ سَمْهَرِیَّةٌ" قَدٌّ سَمْهَرِیٌّ معتدل قد۔

سَما یَسْمُوْ سُمُوًّا. بلند ہونا البَصَرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمُوْتُ اِلَیهِ بَصَرِی" اس کی طرف میں نے نگاہ اُٹھائی و "سَما اِلَیْهِ بَصَرِی" اس کی طرف میری نگاہ اُٹھی۔ و "نَفْسُه تَسْمُوْ اِلیٰ مَعَالِی الْاُمُوْر" اس کا نفس بڑے بڑے اُمور کی طرف مائل ہے بِه: بلند کرنا القَوْمُ: شکار کیلئے جانا (سما یَسْمُوْ سَمْوًا) الرَجُلَ زَیْدًا و بزَیْد نام رکھنا۔

سَمّیٰ. الرَجُلَ زَیْدًا اَوْ بزَیْدٍ نام رکھنا

الشَارِعَ فِي العَمَلِ: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

اَسْمیٰ. الشیٔ: بلند کرنا الرَجُلَ زَیْدًا و بزَیْدٍ نام رکھنا ہ مِنْ بَلَدٍ اِلیٰ بَلَدٍ روانہ کرنا۔

سامیٰ مُسَاماۃً. الرَجُلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایُسامیٰ" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔

تَسامیٰ تَسامِیًا. القَوْمُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا عَلی الخَیْلِ گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمّیٰ. نام پانا اِلیٰ و بِالقَوْمِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَمیٰ اِسْتِمَاءً. الصَائِدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر و صلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمیٰ اِسْتِسْمَاءً. نام پوچھنا۔

السَامِی فا ج سامُوْن و سُماۃ مؤنث سَامِیَةٌ ج سَامِیَاتٌ و سَوَامٍ. کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِیِ طَرفِه" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السامِی: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُماۃ.

السَماء. آسمان۔ فضاء واسع جو زمین کو احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش یا بادل گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَماوَات و سَمٰوٰت (الف کو صرف کتابت میں حذف کر کے) وسُمِیٌّ واَسْمِیَة (والسَمارۃ) گھر کا چھجہ۔ وسَماوۃُ کُلِّ شیٔ: ہر چیز کا ڈھانچہ۔

السُماء. اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شاع سُماهُ" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

الِاسْم و الُاسْم. نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزۂ وصل ہے۔ ج اَسْماء واَسامٍ و اَسامِی و اَسْماوَات اور

بسْمَله میں همزه کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَله کے معنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

اسم الجلالة: باری تعالیٰ کا نام۔

السَمُ والسِمُ والسُمُ. اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "هٰذا سَمُه" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَمِيُّ. بلند ہونے والا۔ سَمِيُّك: ہمنام نظیر۔

بَسْمَلَةُ: عیسائیوں کے نزدیک باپ، بیٹے اور روح م'دس کے نام پڑھنا - مسلمانوں کے نزدیک: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ-

اَلِاسْمِيَّة: ان فلاسفہ کا مذہب جو کہ اجناس اور انواع کے بذات خود وجود یا حقیقت کا انکار کرتے ہیں-

السَموِیّ. اسم کی جانب منسوب۔

المِسْمَاة. شکاری کی اونی جراب۔

المُسَمّیٰ. ﷺ معین۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مُسَمّیٰ قَوْمِهٖ و مِنْ مُسَمَّاتِهِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا. السِکِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ "هٰذَا مِمَا يَسُنُّكَ عَلیٰ طَعَامٍ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے الرُمْحَ: تیر پر پھل لگانا الاَسْنَانَ: مسواک کرنا العُقْدَةَ: گرہ کھولنا الاِبلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا الرَجُلَ: کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔

الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا عَلَيْهِم السُنَّةَ: طریقہ مقرر کرنا الطِيْنَ: مٹی کا برتن وغیرہ بنانا الشَيْئَ: تصویر بنانا الماءَ او التُرَابَ: پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔

العَيْنُ الدَمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا الاَمِيْرُ رَعِيَّتَه: بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِيْقًا مِنَ الخَيْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی۔

سُنَّتِ. الاَرْضُ: زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔

سَنَّنَ. السِکِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔

الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا الرُمْحَ اِلَيْه: کسی کے سامنے نیزہ کرنا القَوْلَ: اچھی گفتگو کرنا الاَسْنَانَ: مسواک کرنا۔

اَسَنَّ. الرَجُلُ: بوڑھا ہونا الصَبِيُّ: بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللّٰهُ سِنَّهٗ: دانت اگانا المَاءَ: پانی گرانا الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا۔

اِسْتَنَّ. المَاءُ: پانی گرنا الطَرِيْقُ: راستہ واضح ہونا الفَرَسُ: گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا السَرَابُ: سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِه الهَوٰی حَيْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی الرَجُلُ: دانتوں کو خلال کر کے صاف کرنا۔ (و تَسَنَّنَ) بِسُنَّتِه: عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِي عَدْوِه: اپنے رخ پر دوڑنا۔

اِسْتَسَنَّ. زیادہ عمر والا ہونا الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا الطَرِيْقُ: آمدورفت والا ہونا العَيْنُ: بہتے ہوئے آنسو والی ہونا بِسَيْفِه: تلوار کو حرکت دینا بِالشَيْئِ: تابعداری کرنا۔

السِنُّ. ج اَسْنَان واَسِنَّة واَسُنّ: دانت (مؤنث) دانتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہسن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چریدگی۔ اور اسی سے ہے "اَعْطُوْا السِنَّ حَظَّها مِنَ السِنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان: عمر (مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ و طُعِنَ فِي سِنِّه" یعنی وہ بوڑھا ہوگیا۔ و "هُوَ حَدِيْثُ السِنِّ" وہ نئی عمر کا ہے "هُوَ كَبِيْرُ السِنِّ و كَبِرَتْ سِنُّه" وہ بوڑھا ہے و "هُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "لَه اِبْنٌ سِنُّ اِبْنِكَ واَوْلَادٌ اَسْنَانُ بَنِيْكَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔

السَنَن. طریقہ۔ کہا جاتا ہے "استقامَ فُلَانٌ علیٰ سَنَنٍ واحدٍ" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا "اِمْضِ علیٰ سَنَنِكَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَهْمُ فِي سَنَنِه" تیر سیدھا نکل گیا اِدھر اُدھر نہیں ہوا۔ (والسِنَن والسُنَن والسُنُن) مِن الطَرِيْقِ: کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔

السَنَّة: سَنَّ کا اسم مرة۔ مادہ ریچھ۔ مادہ چیتا۔

السُنَّة. خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن.

اَهْلُ السُنَّة: وہ لوگ جو حضرت ابو بکر صدیقؓ عمر فاروقؓ اور عثمان غنیؓ کی خلافت کے قائل ہیں۔

السُنِّيَّة. اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سنت کی جانب منسوب ہے۔ واحد (سُنِّی)

السِنَّة. دو سروں والا کلہاڑا۔ سِنَّة مِن الثوم: لہسن کا ایک جوا۔

السِنَان. نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّة.

السِنَان: سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِکِّيْنَهٗ بالسِنَان" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔

السَنُوْن. منجن۔

السَنِيْن. سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔ سَنِيْنُ المَرْءِ: ہم عمر۔ مؤنث سَنِيْنَةٌ السَنِيْنَة ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن.

المِسَنّ. سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔

المُسِنّ. مِنَ الدواب: بڑی عمر والا جانور۔ ج مَسَانّ.

المَسنُون. مع حماً مسنونٌ: بدبودار کیچڑ۔ رجلٌ مسنونُ الوجهِ: چمکدار کتابی چہرے والا۔ مرمرٌ مسنونٌ: نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔

طریقٌ (مُستَسنٌّ و مُستَسَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔

مُستَنّ الطریق: راستہ کا نمایاں حصہ۔

المُستَنّ: شیر۔

السِناب. سخت برائی۔

السِناب والسِنابة. لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔

السَنب. بہت دوڑنے والا۔

السنب والسنبة والسَنبتة. زمانہ کا ایک حصہ۔

السَنُوب والسِنْباب والسُنْباب و السَنْبُوت. غضبناک۔ بہت شر والا۔ غیبت کرنے والا۔ جھوٹا۔

السِنباء. دُبر۔

السُنباذج. سان کا پتھر۔ (جدید)

السَنبُوسق والسَنبُوسك. (سموسہ)

السُنبُوق. ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔

السُنبُك. کھر کا کنارہ والسُنبُك من السَیف: آرائش تلوار کا کنارہ مِن بَیضة الحدید: خود کا بالائی حصہ من المطر: ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنابك. کہا جاتا ہے "طلب الرزق فی سنابك الارض" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔

سَنبَل الزرعُ: خوشوں والی ہونا۔

الرجلُ ثوبَه: کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔

السُنبُل من الزرع کالبُرّ والشعیر: خوشہ بالی۔ واحد (سُنبُلة) ج سنابل وسُنبُلات. ایک خوشبو دار گھاس۔

السُنبُلُ الرُومی: ایک خوشبو دار بوٹی

والسُنبُلة: آسمان کے ایک برج کا نام۔

اَسنَتَ القومُ: قحط زدہ ہونا۔

سَنّتَ القِدرَ: ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سانتُوا الارضَ: نباتات تلاش کرنا۔

عامٌ (سَنِتٌ و سَنِیتٌ و مُسنِتٌ) قحط سالی۔ رجلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔

السَنُّوت والسَنُوت. زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسنِت. مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

السُنتُب. بدخلق۔

سنج (ن) سَنجا الثوبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِناج. دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (والسِنیج) چراغ۔

سَنجة المیزان. باٹ۔ ج سَنجات (دخیل) السُنجة. سیاہ سفید رنگ (ثوبٌ مُسنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِنجاب والسُنجاب. چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دُم بہت گچھے دار بالوں سے اوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السِنجَق. جھنڈا۔ ج سَناجق. جدید۔

سنح (ف) سُنحا و سَنحا و سُنُوحا. الامرُ او الرایُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔

لی الشعرُ: آسان ہونا۔ بك: اشارہ سے سمجھانا۔ الرجلُ عن رایه: رائے سے پھیر دینا۔

به و علیه: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(سُنُوحا وسانح سناحا و مُسانحة) الطیرُ او الظبیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تسنّح. من الریح: ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تسنّحه واستنسحه. عن کذا: کھود کرید کرنا۔

السُنح. س. برکت من الطریق. درمیانی راہ۔

السانح. فا. بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بارِح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سانح" سے نیک شگون اور "بارِح" سے بدشگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "من لی بالسانح بعد البارِح" یعنی میرے لیے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السنیح. بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح۔

السنحنح. رات کو نہ سونے والا۔

سنخ (ف) سُنُوخا. فی العلم: راسخ ہونا۔

سنخ (ف) سنخا. بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سنخة من الطعام: بہت کھانا۔ الفمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔

اَسناخ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِنخ. اصل من السنّ: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج اَسناخ و سُنُوخ. سانح النصل: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنخُ الکلمة: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سنخ الحُمّی: بخار کی تیزی۔

السنخ. اونٹ۔

السنخة والسناخة. بدبودار ہوا۔

سند (ن) سُنُودا واَستَند و تساند. الیه: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سند الجبلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔ سند للاربع: چالیس کے قریب ہونا۔ سند ذنب الناقة: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنّد. سند (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔ الشیَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

ساند. مُساندة و سِنادا. شعره و فی شعره: شعر میں مختلف ردیف لانا الرجلَ: مدد کرنا۔ علی العمل: کفایت کرنا۔ الی الشیِ: ٹیک لگانا۔

اسند. فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ہ شی
الجبل: پہاڑ پر چڑھانا فِی العَدْو: دوڑنے
میں کوشش کرنا اسْنَدَہٗ اِلَی الشَّیْ: ٹیک
لگانا۔

السَّند. ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور
مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل
ہے۔ ج سندات پہاڑ کا وہ حصہ جو
تمہارے مقابل ہو۔ ج اسْناد.

السَّندۃ. ایک قسم کی نباتات۔

السناد. قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی
سے پہلے ہو۔ ناقۃ سِنادٌ: لمبی ٹانگوں والی
اونٹنی۔ دبلی ؛ قوی۔

الاِسْناد. مص عِنْدَ اَھْلِ الْمُناظِرَۃ: حوالہ
دینا۔ ج اَسانِید والاسْنادُ فِی عِلْمِ
العَرَبِیَّۃ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ
واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے
درمیان نسبت۔ جیسے زَیْدٌ قائِمٌ و قامَ
زَیْدٌ.

السِّنْدان. اَنہائی. اہرن. ج سَنادِیْنُ
(دخیل)

السِّنْدان. بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی
بھیڑیا۔

السِّندانۃ. گدھی۔

السِّنْدِیان. شاہ بلوط کا درخت۔ واحد
(سِنْدِیانۃٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِیْد. لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد. مِنَ الحَدِیْثِ: جس کی سند
قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسانِد و
مَسانِید. المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر
جس کو بنو حمیر استعمال کرتے تھے۔ منہ
بولا بیٹا۔ زمانہ۔

المِسْنَد والمُسْنَد. جس پر ٹیک لگائی
جائے۔ ج مَسانِد. کہا جاتا ہے "حرجَ
القَوْمُ (مُتَسانِدِیْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں
کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے
تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد. جس پر اعتماد و بھروسہ کیا
جائے۔

السِّنْدَأْوُ والسِّنْدَأْوۃ ہلکا۔ دلیر۔ پیش
قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور
پتلے جسم والا۔ السِّنْدَأْوۃ: کپڑے کا ٹکڑا
جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے
لیے باندھا جاتا ہے۔

جملٌ (سِنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَر. جلدی کرنا۔

السَّنْدَرۃ. مص جلدی۔ ایک درخت جس
سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا
پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول
"اَکِیْلُکُمْ بالسیفِ کَیْلَ السَّنْدَرۃ" کا
مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت
زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِیُّ. دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔
کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا
سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔
ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (والسِّنْدَر والسَّنْدَر)
دلیر۔

السِّنْدَرُوْس. ایک قسم کا گوند یا کہرباء کی
مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس. ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل. ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا
پاتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَراً. بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر. (س) سَنَراً بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر. ایک ہتھیار زرہ کی مانند چمڑے
کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر. بلی۔ سردار ؛ دُم کی جڑ۔ گردن
کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنانِیْر.

السُّنّار. بلی۔

سَنْسَنَت. الرِّیْحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن. پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے
سرے۔ ج سَناسِن (والسِّنْسِنَۃ) ریڑھ
کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جاءت
الرِّیْحُ سَناسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر
آئی۔

سَنِطَ (ک) سَناطۃ و سَنِطَ (س)
سَنَطاً. کوسج یا کچی داڑھی والا ہونا۔ صفت
(سِناط و سُناط و سَنُوْط) ج سُنُط
واَسْناط.

السَّنْط. گٹا۔ پہنچا۔

السَّنْطَبۃ. بے ڈول لمبائی۔

السَّنْطاب. لوہار کا ہتھوڑا۔

السَّنْطِیر والسَّنْطُور. ایک قسم کا ستار
جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ. الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلۃ. مص لمبائی۔

السَّنْطالۃ. سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِیْل. لمبا۔

المُسَنْطِل. ت۔ سست چال چلنے والا۔ جو
قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا
بڑے پیٹ والا۔

اِسْطَنْبُوْل: ایک پودے کا نام جس کا تنا
ملائم پھول گلابی ہوتے ہیں-

السِّنْطِلِیْل. لمبے قد والا۔

سَنَعَ (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَناعۃ و
سُنُوْعًا. حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت
مذکر (سَنِیْعٌ) مؤنث سَنِیْعَۃٌ.

اَسْنَعَ. الغُلامُ: لڑکے کا طویل و
خوبصورت ہونا الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں
والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا الشَّیْ: زیادہ
کرنا۔

السُّنْع. گٹے کے مقام کی بریدگی۔ گٹے کا
جوڑ۔ ج سِنَعَۃ و اَسْناع.

السِّنْع. خوبصورتی۔

الاَسْنَع. لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "ھذا
اَسْنَعُ مِنْ ذاکَ" یہ اس سے افضل ہے۔
مؤنث سَنْعاء.

السَّنِیْعَۃ. پہاڑی راستہ۔ ج سَنائِع.

السُّنْعُبَۃ. تیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے
اندرونی حصہ میں اُبھرا ہوا گوشت۔

سَنَفَ (ن ض) سَنْفاً. البَعِیْرَ: اونٹ پہ
تنگ باندھنا النَّاقَۃَ: اونٹنی کا اونٹ سے

آگے نکل جانا۔
اَسنَفَ البعیرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ اَسنَفَت الناقۃُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا الریحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البرقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا الامرَ: مضبوطی سے کرنا البعیرَ: تنگ باندھنا۔
السنف: لکڑی جو پتوں سے خالی ہو؛ پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوف۔
السِنف: ایک تخم دانہ جو گیہوں؛ جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنفۃٌ) ج سِنفٌ۔ جج سِنفۃ۔
السَنِیف: بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنفٌ و سُنُفٌ واَسنفۃٌ۔
المُسنَفۃ مِن السِنِین: خشک سال۔ مِن الاراضِی: قحط زدہ زمین۔
سِنَافُ البعیرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنفٌ و سُنُفٌ واَسنِفۃٌ۔
السِنفتان والسُنفتان: دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔
المِسنَاف: وہ اونٹ جو کجاوہ کو ادھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسانِیف۔
سنِق (س) سَنقًا: بدہضمی ہونا (بقول بعض سنق صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے۔)
اَسنَقہُ النعیمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔
السُنقُر والسُنقُو: ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔
السنکسار والسنکسار عند النصرانیین: نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)
سنِم (س) سنمًا البعیرُ: بڑے کوہان والا ہونا النبتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔
سَنَم الکلأُ البعیرَ: موٹے کوہان والا کر دینا الاِناءَ: برتن بھرنا الشیَ: بلند کرنا القبرَ: قبر کو کوہان نما کرنا المِکیالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔
اَسنَمَ الکلأُ البعیرَ: موٹے کوہان والا کر دینا الدُخانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔
اَسنمتِ النَارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔
تَسَنَّم النَاقۃَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا الشیَٔ: کسی چیز پر چڑھنا فُلانًا: غفلت میں پکڑ لینا ہ الشیبُ: بڑھانا۔ پھیل جانا۔
السَنِم مِنَ الابلِ: بڑے کوہان والا اونٹ مِن النَباتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔
السَنام: کوہان۔ ج اَسنِمۃ کہا جاتا ہے ”فُلانٌ سَنامُ قَومِہ“ وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔
سَنَمۃُ النَبات: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی؛ شگوفہ۔ رَجلٌ (سَنِیمٌ) عالی مرتبہ مرد۔
السُنَّم: گائے۔
التَسنِیم: جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
المُسنَّم مِنَ الجمال: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔
السِنِمَّار: چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔
السَنمُورَۃ: ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)
سنہ (س) سَنہا: بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِہٌ) الطعامُ او الشرابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔
سَانَہَ الرَجلَ: سال وار معاملہ کرنا۔
سَانہتِ النخلَۃُ: ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔
تسنَّہَ: بہت برسوں والا ہونا الخبزُ: بدبو دار ہونا عندَہُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔
السنہاء مِن النخلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے ”سنۃ سنہاء“ بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔
سایسنُو سنوًا وسناوۃً و سُنوًّا و سنایۃً السحابُ الارضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا البرقُ: بجلی کوندنا الباب: دروازہ کھولنا۔ سنتِ النارُ: روشنی بلند ہونا السماءُ: برسنا۔ سنا علی الدابۃِ: جانور پر پانی لانا الدلوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔
ساعیَ سناءً و مُساناۃً الرجلَ: ایک سال کیلئے معاہدہ کرنا یا اُجرت پر رکھنا۔
تسنّی تسنّیًا الشیَٔ: چڑھنا۔ ”تسنّت العُقدۃ“ گرہ کھلنا۔
السنۃ: سال۔ ج سُنُون و سِنُون وسنوات و سنہات۔ تصغیر سُنَیَّۃ و سُنَینۃ و سُنَیہۃ۔ نسبت کیلئے سِنوِیّ و سَنہِیّ۔
سنۃٌ سَنواءُ: سخت سال۔
السناء: بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔
السنۃ الضَوئیۃ: (فلکیات) وہ مسافت جس میں روشنی ایک سال بھر میں طے کرتی ہے۔ یعنی ۹۴۶۸ ارب کلومیٹر سب سے قریب ستارہ ہماری طرف چار ضوئی سالوں سے زیادہ دور ہے۔
السانی فا: پانی لانے والا۔ ج سُناۃ
السانیۃ: رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سوانِ۔
السنۃ الانقلابیۃ او الاستوائیۃ: وہ وقت جو کہ سورج کے گزرنے کے لئے ہوتا ہے اعتدال ربیع کے نقطہ پر دو دفعہ مسلسل۔ جس کی قیمت (مقدار) ۲۴۲۲، ۳۶۵ شمسی درمیانے دن۔
المسنُوّ والمسنیّ: رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔
السنۃ النجومیۃ او المدریۃ: زمین کا

سورج کے اردگرد گردش کرنے کا وقت جب کہ اس کو سورج کے مرکز سے کسی سیارے کے ساتھ جمع ہوتے ہوئے دو دفعہ دیکھا جاتا ہے۔

الْمُسَنَّاۃ. بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوات و مُسَنَّیات. کہا جاتا ہے "عَقَدُوْ امُسَنَّیاتٍ لِحَبْسِ المِیاہِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے بند باندھا۔

سَنِیَ (س)سَنَاءً. بلند مرتبہ ہونا۔

سَانی مُسَانَاۃً و سِناءً. الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے"سَانَیْتُہٗ حَتّیٰ اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَہٗ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کر کے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوا لیا۔

اَسْنیٰ اِسْنَاءً. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔لہٗ الجَائِزَۃَ: بیش قیمت انعام دینا "جاوَرْتُہ فَاَسْنیٰ جِوارِی" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق ادا کر دیا۔القَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنّیٰ. الاَمْرُ: تیار ہونا۔الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا۔الشَّیٔ: متغیر ہونا۔القُفْلُ: تالا کھلنا۔الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنیٰ. بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاء. س۔ بمعنی سنی۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنَایا. شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ سَنَایا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِیّ. عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِیَّۃٌ.

السَّنَایۃ. تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے"اَخَذْتُہ بِسَنَایَتِہٖ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

سَھَبَ (ف)سَھْبًا. الشَّیٔ: لینا۔

اَسْھَبَ. الْکَلَامَ و فِی الْکَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت(مُسْھِب و مُسْھَب) ثانی نادر ہے۔

الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔

الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔

اَسْھَبُوْا الدَّابَۃَ: جانور کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔

اُسْھِبَ. مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔اُسْھِبَتِ البِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت(سَھْبَۃٌ و مُسْھَبَۃٌ.)

اِسْتَھَبَ. بہت دینا۔

السَّھْب. س۔ بیابان مِنَ الخَیْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے"مَضیٰ سَھْبٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّھْب والسُّھُب. مِنَ الْاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے"قَطَعُوْا سُھْبًا او سُھُبًا مِنَ الاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

سَھَجَتِ (ف)سَھْجًا. الرِّیحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا۔الرِّیحُ الْاَرْضَ. ہوا کا زمین کو صاف کر دینا۔الطِّیبَ: خوشبو گھسنا۔القَوْمُ لَیْلَتَھُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاھِج. ج سُھَّجٌ (والسَّیْھَج والسَّھُوْج والسَّیْھُوج) مِنَ الْاَرْیاحِ: تیز ہوائیں۔

الْمَسْھَج. تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

المِسْھَج. ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَھِد (س)سَھَدًا و تَسَھَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَھَّدَہٗ. بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے"سَھَّدَہٗ الھَمّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّھْد والسُّھاد. بے خوابی۔

السُّھُد. کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ سُھُدٌ" کم سونے والا مرد"عَیْنٌ سُھُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السُّھْدۃ. بیداری اور کہا جاتا ہے "مارأیْتُ مِنہ سُھْدَۃً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔

السَّھْوَد. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے"غُلامٌ سَھْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے"ھُوَ (اَسْھَدُمِنْكَ رایًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

المُسَھَّد. سخ۔ کم نیند والا۔

السَّھْدر. بعید۔

سَھِرَ (س)سَھَرًا. ساری رات بیدار رہنا۔ صفت(ساھِرٌ و سَھْرانٌ) اور کہا جاتا ہے"لَیْلَۃٌ سَاھِرَۃٌ" رُت جگے والی رات۔سَھِرَ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْھَرَ. جاگتے رکھنا۔

ساھَرہٗ. اکٹھے جاگنا۔

السُّھار. بیداری۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ سُھارُ العَیْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاھُوْر. بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ کہا جاتا ہے"دخل القمرُ فِی السَّاھُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔

ساھُوْرُ عَیْنِ الْماءِ: چشمہ کا منبع۔

السَّاھُور: مہینے کے باقی نو دن۔

السَّھَّار والسُّھَرۃ. بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاھِرۃ. السَّاھِرُ کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الاَسْھَرَان. آنکھ کی دو رگیں ناک کی دو رگیں۔

المِسْھار. بیداری پر قادر۔

سَھَفَ (س)سَھْفًا. لقتیلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَھِفَ (س)سَھَفًا. بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَھَفَہٗ. خفیف سمجھنا۔

السَّاھِف. فا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔

ساھف الوجہ متغیر چہرے والا۔
السھف مر۔ مچھلی کے سفنے۔
النھاف پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طعامٌ (مسھفۃٌ بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رجلٌ مسھوفٌ بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السھوق بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔
السھوق کشادہ قدم والا۔
سھک(ف) سھکا۔ الریحُ ہوا کا تیز چلنا الریحُ الترابَ عن وجہِ الارضِ غبار اُڑانا الشیَ کسی چیز کو گھسنا۔
سھکت سُھوکا۔ الدابۃُ جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سھک(س) سھکا بدبودار ہونا۔ صفت (سھک کہا جاتا ہے "یدی سھکۃٌ مِنَ السمکِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
السھک والسھکۃ والسُھوکۃ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔
السھکُ لوہے کا زنگ۔
رِیحٌ (ساھکۃٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سواھک و ساھکات۔ (ریحٌ سَھوکٌ و سَیھک و سَیھوکٌ و مَسھکۃ بہت تیز ہوا۔
السیھک غبار جس کو ہوا اُڑادے۔
السھاک والمسھک ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔
المسھک من الخیل تیز رفتار گھوڑا۔
المسھک والمَسھکۃ۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔
سھل(ک) سُھولَۃً۔ المکانُ نرم ہونا۔
سھل(ک) سُھولَۃً و سَھالَۃً۔ الامرُ آسان ہونا۔ صفت (سَھلٌ و سَھیلٌ)
سَھَّلَ۔ الامر لہٗ و علیہِ آسان کر دینا۔ المَوضعَ نرم کر دینا۔

ساھلہ مساھلۃً نرم برتاؤ کرنا۔
اَسھل پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اُترنا ہ الدواءُ پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔
الرجلُ لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔
الامرُ نرم پانا۔
اُسھِل۔ الرجلُ اسہال والا ہونا۔
تسھَّل۔ الامرُ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما تسھَّل لی انْ افعلہٗ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تساھلا ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔ تساھل الامرُ علیہ آسان ہونا۔
استَھل۔ المکان نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔
استَسھلہٗ آسان سمجھنا۔
السھل نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُھولٌ و سُھولۃٌ اور نسبت کے لیے (سُھلی) جیسے "بعیرٌ سُھلیٌ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو "ارضٌ سَھلٌ" سَھلُ الوجہِ کم گوشت والا چہرہ۔ سَھلُ الخُلق نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اھلا وسھلا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔
السھلۃ والسھل ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السھلۃ اسہال۔
الاسھال۔ عند الاطباء دست آنا۔
السُھول دست آور دوا۔
سُھیل ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مرجاتے ہیں۔ متنبّی کہتا ہے۔

وتُنکِرُ مَوتَھم وانا سُھیلٌ
طلعتُ بموتِ اولادِ الزناءِ

سَھَم(ف) وسَھُم(ک) سُھومَۃً و سُھُوما لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا وجھُہٗ تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سھمہٗ قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔
سُھِم لو کی لپٹ لگنا۔
ساھمہٗ قرعہ اندازی کرنا۔
اَسھم۔ لہٗ فی کذا حصہ مقرر کرنا بینَ القومِ قرعہ ڈالنا فی الکلامِ لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسھِم مُسھَم)
تساھَم واستَھم۔ القومُ باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تساھموا الشیَ باہم تقسیم کرنا۔
السھم ج سِھام قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سَھمُ الرامی ایک ستارہ۔ ج اَسھُم و سُھمۃ و سُھمان حصہ۔ کہا جاتا ہے "اصابہٗ فی القسمۃ سھمان" تقسیم میں اُس کو دُہرا حصہ ملا۔
السُھمۃ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔
السُھم۔ آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔
الساھمۃ۔ من النوق دبلی پتلی اونٹنی۔
السَھام لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السُھام دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السھیم شریک۔ حصہ دار۔
المُسھم لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔
المُسَھَّمَۃ۔ مِن الثیاب دھاری دار کپڑا۔
المَسھم والمَسھوم۔ من الابلِ سُہام بیماری والا اونٹ۔
السُھوم عقاب۔
سَھا یسھُو سَھوًا وسُھُوًا۔ فی الامرِ وعنِ الامرِ غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا

دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاهٍ و سَهْوَان)

اِلَيْهِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔

سَهُوَ يَسْهُو سَهَاوَةً. الفَرَسُ: گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْوٌ)

اَسْهیٰ. الرَّجُلُ: سہوہ بنانا (دیکھئے نیچے لفظ سَهْوَة)

سَاهیٰ. الرَّجُلَ فِي الْمُعَاشَرَةِ: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ٥: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔

سَهَّاهُ. فریپان میں گرم کر کے خشک کرنا۔

السَّهْو. مص. سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو۔ "مَاءٌ سَهْوٌ" نتھرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَهْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَهْوٌ" نرم کام۔ "رِيْحٌ سَهْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِهَاءٌ.

السُّهیٰ والسُّهَا. بنات نعش صغری میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ۔ اور اسی سے مثل ہے "اُرِيْهَا السُّهیٰ و تُرِيْنِي الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔

السِّهْو والسِّهْوَاء. رات کا ایک حصہ۔

السَّهْوَة. السهو کا مؤنث۔ سہوا کا اسم مرۃ ج۔ سِهَا: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ۔ روشندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان۔ پالکی۔ نرم کمان۔

السَّاهِي. فا. کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ سَاهٍ رَاهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج جِمَالٌ سَوَاهٍ رَوَاهٍ

الاَسَاهِي. الوان. رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں۔)

سَهْوَكَهُ. پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔

تَسَهْوَكَ. پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔

سَاءَ يَسُوْءُ سَوَاءً. الشَّيُْ: قبیح ہونا۔ بُرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِيْرَتُهُ" اس کی عادت بُری ہے۔

سَاءَ يَسُوْءُ سَوْءًا وسَوْأً وسَوَاءَةً وسَوَايَةً وسَوَائِيَةً ومَسَاءً ومَسَاءَةً و مَسَايَةً ومَسَائِيَةً ومَسَائِيَّةً الاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا بِهِ ظَنًّا: بُرا گمان کرنا۔

سَوَّأَهُ تَسْوِئَةً وتَسْوِيْئًا. خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ سَوَّأَ عَلَيْهِ عَمَلَهُ: عیب لگانا۔ سرزنش کرنا۔

اَسَاءَ اِسَاءَةً. الشَّيَْ: خراب کرنا۔ بگاڑنا اِلَيْهِ: بُرا سلوک کرنا۔

اِسْتَاءَ. غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَهُ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔

السُّوْء. سَاءَهُ کا اسم۔ آفت۔ شر و فساد۔ ج اَسْوَاء.

السَّوْءُ. مص. رَجُلُ سَوْءٍ: و رَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسَّوْءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔

السَّيِّي. قبیح۔ برا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَيِّءُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔

السَّيِّئَة. السَّيِّي کا مؤنث۔ بُرائی۔ گناہ۔ ج سَيِّئَات.

السَّوْءَة. فاحشہ۔ بُری عادت۔ شرمگاہ۔ ج سَوْءَات.

الاَسْوَاء. اسم تفضیل مؤنث سُوْاٰی. بُرا. السُّوْاٰی: جہنم کی آگ۔

السَّوْءَاءُ. بُری عادت۔ بدشکل عورت۔

المَسَاءَة. بُرا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِئُ.

المَسَاوِئُ: بُرائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔

السُّوْبَة. دور کا سفر۔

السُّوْبِيَة. گیہوں کی شراب۔

سَاجَ يَسُوْجُ سَوْجًا وسُوَاجًا وسَوَجَانًا. آہستہ آنا جانا۔

سَوَّجَ وسَيَّجَ. الكَرْمَ و نَحْوَهُ او عَلَى الكَرْمِ. انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔

السِّيَاج. دیوار۔ انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِيَاجَات واَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ.

السَّاج. ساکھو کا درخت۔ ج سِيْجَان. واحد (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر۔

كِسَاءٌ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل۔

السَّاحَة. گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج سَاحٌ و سُوْحٌ و سَاحَات.

سَاخَ يَسُوْخُ سَوْخًا وتَسَوَّخَ. فِي الطِّيْنِ: گارے میں دھنس جانا۔ سَاخَ الشَّيُْ فِي الْمَاءِ: تہ نشین ہونا (سَاخَتْ بِهِمُ الْاَرْضُ.

سُيُوْخًا و سُؤُوْخًا وسَوَخَانًا. نگل لینا۔

السُّوَاخ والسُّوَّاخ والسُّوَّاخَى والسُّوَاخِيَة. بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتَّى صَارَتِ الْاَرْضُ سُوَّاخَى" ہمارے اوپر بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہوگئی۔ و "بَطْحَاء سُوَّاخَي" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔

سَادَ يَسُوْدُ سِيَادَةً وسُوْدَدًا وسُؤْدُدًا وسَيْدُوْدَةً وسُوْدًا. شریف ہونا۔ بزرگ ہونا قَوْمَه: سردار ہونا۔ ٥: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سَائِد) ج سَادَة: جج سَادَات الرَّجُلَ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (سُوَادًا) الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا۔

سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا واِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا واِسْوَادَّ اِسْوِيْدَادًا. کالا ہونا۔

سَوَّدَ. دلیر ہونا ٥: سردار بنانا۔ الشَّيَْ: کالا کرنا الرَّجُلُ: سرداروں کو قتل کرنا۔

سَاوَدَهُ. مکر و فریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا۔ سَاوَدَ الاَسَد: شیر کو ہٹانا۔ ہانکنا۔

اَسْودت اِسْوادًا واسادتْ اِسادةً المرْأةُ: کالا بیٹا جننا۔ سردار جننا۔

تسوَّدَ. نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔

اِسْتادَ القوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا فِي بَنِيْ فُلان: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔

السَّوْد. سیاہ پتھروں والا ہموار میدان۔ ج اَسْواد. ایک قطعہ کو (سوْدَة) کہتے ہیں۔

السَّوْدَة: کھجور کے درختوں والی زمین۔

السُّود. سرداری۔ ایک قسم کی نباتات۔

السَّواد. سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو "رایتُ سوادًا"، میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْوِدَة. ج ج اَساوِد. بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوادُ البَلْدَة: شہر کے اردگرد کی آبادیاں۔ سَوادُ اللَّیْل: پوری رات۔ سَوادُ النّاس: عام لوگ سَوادُ العَسْکر: اسلحہ و سامان فوج۔ سَوادُ العَیْن: آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سوادُ القلْب: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّواد: رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔ رنگ کی زردی۔

السِّواد. آواز۔

السَّوادِيَة والسُّوْدانِيَة. بھجنگا۔

السُّوْدان: سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّیْد. بھیڑیا۔ شیر۔ ج سِیْدان.

السِّیْدَة: مادہ بھیڑیا۔

السِّیْدانَة. بھیڑیا۔

السَّیِّد. سردار۔ تخفیفًا (سَیْد) بھی ایک لغت ہے۔ ج اَسْیاد وسادَة وسیائد.

عِندَ المُسلمینَ: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔

السَّیِّدان: حضرت حسینؓ

السّائد. فاج ج سادَة. ج ج سادات مؤنث

اَسْوَد. ج سُوْد وسُوْدان.

سَوْداء: کالا مِن العَیْن: آنکھ کی پتلی۔ مِن القوْم: بزرگ تر۔ کہا جاتا ہے "هُو اَسْوَدُ مِنْ فُلان"، وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَیْوِد و اُسَیْد. الاَسْوَدان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔ والاَسْوَد: مؤنث اَسْوَدَة ج اَساوِدة بڑا کالا سانپ جس کو حنش بھی کہتے ہیں۔ السهْمُ الاَسْوَد: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَسْوَدُ الکبد"، فلاں دشمن ہے۔ و علیٰ هذا القیاس "هُم سُوْدُ الاَکْباد"

السَّوْداء والسُّوَیْداء عِندَ الاَطِبّاء: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحَبَّةُ السَّوْداء: کلونجی۔ سوْداءُ القلْب و سُوَیْداؤہ: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ والسُّؤْدُد. مرتبہ بلند۔ سرداری۔ ماءٌ (مَسْوَدَة)

المَسْؤُوْد. مرض مالیخولیا کا بیمار۔

المُسَوَّدَة والسَّواد. عِندَ الکُتّاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَة کہتے ہیں۔

عِندَ الطّباعِین: پروف (المُسَوَّدَة والمُسْوَدَّة) مِن الاَیّام: سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسُّوْذَق والسَّوْذانق والسَّوْذَنِیْق. شکرا یا شاہین۔

سارَ یَسُوْرُ سَوْرًا الحائط: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا (سَوْرًا و سُؤُوْرًا) الیه: کودنا الشّرابُ فِي رَاْسِه: شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ المدینَة: شہر پناہ پانا المرْأة: کنگن پہنانا الحائط: دیوار پر چڑھنا۔

ساوَرَہ سِوارًا و مُساوَرَةً: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "ساوَرت الحیَّةُ الرّاکبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ہ الشّرابُ: سر کو چکرانا۔

تسوَّرَ: کنگن پہننا الحائطَ و علیه: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔

السُّوْر. شہر پناہ۔ ج اَسْوار و سِیْران.

السُّوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِندہ سُوْرٌ مِن الاِبل"، اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِیة و سُوْرِیَّة. ملک شام۔

السُّوْرَة. سار کا اسم مرة۔

سَوْرَة الخمْرِ و (سُوارُها) شراب کی تیزی سَوْرَة السُّلْطان: بادشاہ کا دبدبہ۔

سَوْرَةُ المجْد: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَة البَرْد: سردی کی تیزی۔

السُّوْرَة. مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لهُ عِندَكَ سُوْرَة"، تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لهُ سُوْرَةٌ فِي المجْد"، اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لهُ علیكَ سُوْرَة"۔ اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت مِن الکتاب: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرة بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَر و سُوْر و سُوْرات و سُوَرات.

السِّوار والسُّوار والاِسْوار. کنگن۔ ج سُوْر واَسْوِرة واَسْوِرة واَساوِر و اساوِرة و سُؤُوْر. الاساوِرة: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔

السَّوّار. وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ کلب سوّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔

السُّوار: شیر۔

جم الاُسْوار والاِسْوار عِندَ الفُرس: گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھنے والا۔ تیر انداز فوجی افسر۔ ج اساوِر واساوِرة.

السُّوَارُ. بلندی۔
المِسْوَر والمِسْوَرَة. چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر.
المُسَوَّر. کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔
مَلِكٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ۔
السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان. ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً. الدَّوَابَ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا القَوْمَ: اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا الاَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْسَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ"، فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ. الطعَامُ: گھن پڑنا الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔
سَوَّسَ. الطعَامُ: گھن پڑنا لَهُ اَمْرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ القَوْمِ"، فلاں قوم کے اُمور کا مالک بنایا گیا۔
اَسَاسَ. الطعَامُ: گھن پڑنا۔ اسَاسَهُ النَّاسُ: رئیس و سردار بنا لینا۔ اسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)
السَّاسُ. منتظم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے۔)
السُّوْسُ. اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَته) کسی چیز کا کھانے والا۔
السُّوْسُ: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه"، فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔
السَّوَس. ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔
السُّوَاسِ. گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔

السِّيَاسَة. س۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِّيَاسَة المَدَنِيَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔
السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان. ایک خوشبو دار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَة) ج سَوَاسِن.
السُّوسِيُو لُوجيا. ہیئت اجتماعیہ کے حالات کا علم۔

سَاطَهُ يَسُوْطُهُ سَوْطًا. کوڑے مارنا الشَّيْءَ: مخلوط کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا الاَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (سَوْطَانًا) نَفْسُه: جی کا متلانا۔
سَوَّطَ. الكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ. الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
السَّوْطُ. کوڑا۔ چابک۔ ج۔ اَسْوَاط و سِيَاط. السَّوْط: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا يتعاطيَان سَوْطًا وَاحِدًا"، وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّيَاط. گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاط. سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔
السَّوِيْط. گڈمڈ۔ ملا ہوا۔
المِسْوَاط. بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔
المِسْيَاط. پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوْطَر. دیکھئے سَيْطَر.
سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا. ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الاِبلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهُ مُسَاوَعَةً وسِوَاعًا. گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا الرَّجُلَ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
اَسَاعَ اسَاعَةً. الشَّيْءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔
اَسْوَعَ اِسْوَاعًا. ایک گھنٹہ متوخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
السَّوْعُ والسُّوَاعُ. رات کا ایک حصہ۔
السَّائِعُ. ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَة.
السَّاعَة. گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اقضِنِي حَقِّي السَّاعَة" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاع السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةٌ سَوْعَاءُ. سخت وقت۔
السُّوَيْعَة. ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔
رَجُلٌ (مِسْيَاعٌ و مُسْيِعٌ) لِلْمَالِ. مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْيَاعٌ مِسْيَاعٌ و مُضْيِعٌ مُسْيِعٌ".
السُّوَاعُ والسُّوعَاءُ. مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِي السُّوعَاءِ الوُضُوءُ.
السُّوَاعٌ. ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔
المُسَوَّعُ. جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا و سَوَاغًا و سَوغَانًا. الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ) الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَيِّغ واَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِي الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الاَرْضُ"، دھنسا دینا۔
سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا. الشَّرَابُ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت

(اَسَاغَہ) ہے۔
سَوَّغَ. الاَمْرَ: جائز کرنا لَهُ كَذَا: دینا۔ کسی کے لئے خاص کر دینا۔
اَسَاغَ. الطَعَامَ اوِ الشَرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِيْ غُصَّتِيْ" یعنی مجھے مہلت دے۔
اَسْوَغَ اِسْوَاغًا. الصَبِيُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَيِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذا وهُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهُ وهِيَ اُخْتُه سَوْغُهُ وهُوَ اَخُوْهُ سَيِّغُه وهِيَ اُخْتُهُ و سَيِّغُه" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔
اِسْتَسَاغَ. الشَرَابَ: خوشگوار پانا۔
السَيِّغ. مِنَ الشَرَابِ: خوشگوار شراب۔
السِوَاغ. حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "المَاءُ سِوَاغُ الغَصَص" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔
سَافَ يَسُوْفُ و يَسَاف سَوْفًا. المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔
سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا. عَلَيْهِ: صبر کرنا (واسْتَافَ اِسْتِيَافًا) الشَيَّ: سونگھنا۔
سَوَّفَهُ: ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ہ الاَمْرِ: پورا اختیار دینا۔
سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً: سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔
اَسَافَ اِسَافَةً. مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِيْف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰه: ہلاک کرنا۔
سَوْفَ. مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَقْتَاتُ السَوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔
السَائِفَة. باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔
السَوَاف والسُوَاف. جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي المَال سَوَاف" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "اَسَاف حَتّى مَا يَشْتكِيْ السَوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔
السَاف والسَافَة. مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سَافَات۔ کہا جاتا ہے "بَنیٰ سَافَيْن او ثَلَاثَ سَافَات" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَاف: ایک شکاری پرندہ۔
السَافَة والسُوْفَة. ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف و سُوَف۔
المَسَافَة والمَسَاف. ج مَسَاوِف و (السِيْفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ مَسَافُ هٰذهِ الاَرْضِ و مَسَافَتُهَا و سِيْفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِف مَرَاحِل" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔ المَسَاف: ناک۔
المِسْيَاف. وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔
المُسْتَاف. قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔
السُوْفِيَات: روسی قائدین نے انقلاب روس کے بعد اس لفظ کو کارکنوں، زمینداروں اور فوجی قائدین کی جماعت پر بولا ہے۔ بعد میں مملکت روس پر اس کا استعمال ہونے لگا۔
المُسَوِّف. فا۔ صابر۔ خود مختار۔
المِسْوَف. عطر دان۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا واسْتَاق واسْتِيَاقًا. المَاشِيَةَ. جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُوْن. صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَه مَسَاق غَيْرِه" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيْثَ: بیان کرنا۔
سَاقَهُ يَسُوْقُهُ سَوْقًا و سِيَاقًا. پنڈلی پر مارنا۔ سَاقَ اِلَيْهِ المَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا مِنَ امْرَاتِهِ: مہر دینا المَرِيْضُ نَفْسَه عِنْدَ المَوْتِ و سِيْقَ عَلىٰ المَجْهُوْل: جانکنی ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ. سَوْقًا. اچھی اور پُر گوشت پنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ. النَبتُ: تنہ دار ہونا ہ الاَمْرَ: مالک بنانا المَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
سَاوَقَهُ. ہانکنے میں فخر کرنا۔
اَسَاقَهُ اِسَاقَةً واسْتَسَاقَهُ اِسْتَسَاقَةً المَاشِيَةَ: ہانکنے کے لئے دینا۔
تَسَوَّقَ: خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتِ. المَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔
انْسَاقَ. ہانکا جانا الاَبلُ: قطار میں چلنا۔
السَاق. پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِيْقَان واَسْوُق. سَاقُ الشَجَرَةِ: درخت کا تنہ۔
سَاقُ الحَمَامِ و سَاقُ الغُرَابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الاَمْرُ عَنْ سَاقِه" یعنی معاملہ سخت ہوگیا۔ و "قَامَتِ الحَرْبُ عَلىٰ سَاق" یعنی جنگ سخت ہوئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْاَةُ ثَلَاثَةَ بَنِيْنَ عَلىٰ سَاق وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔
السَاقَة. جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ سَاقَةِ الجَيْش" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

السُّوق. بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق. سُوْق الحَرْب: میدانِ جنگ۔
السَّوَق. پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَة. رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع ؛ مذکر مؤنث)
السَّيِّق. مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّيِّقَة. جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "اَلمَرْءُ سَيِّقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَة: شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق. و سَيِّقَات.
السَّوِيْق. ستو۔ ج اَسْوِقَة. شراب۔
السِّيَاق. س۔ عورت کا مہر۔ سِيَاق الكَلَام: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَة فِيْ سِيَاقِ الكَلَامِ:" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاق. ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الاَسْوَق. لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق.
السُّوَّاق. لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَق. لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاق. تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ. الشَّيْءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الاَسْنَانَ بِالعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ. آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا. مسواک کرنا۔

السِّوَاك. س۔ ج سُوْك و (المِسْوَاك) ج مَسَاوِيْك. دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاك.
سَالَ يَسَالُ سُوَالًا و سَوَالًا. سَأَلَ کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا. ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل. مؤنث سَوْلَاء. ج سُوْل.
سَوَّلَ. لَهُ الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لئے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُه كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ. البَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔
السُّوْلُ. السُّؤْل کا مخفف۔
السُّوَلَة. بہت پوچھنے والا۔
السَّوْلَاء. اَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔
السَّوِيْل. برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِى هٰذَا الاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔
سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا. السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔ المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهٖ كَذَا وَكَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔
سَامَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔
سَامَه الاَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهٗ خَسْفًا: ذلیل کرنا الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا منڈلانا۔
الرِّيحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔
سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهٗ. الاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔ ہ فِيْ مَايَمْلِكُهٗ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثالِ عرب میں

سے ہے "عَبْدٌ وَ سُوِّمَ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو الخَيْلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا عَلَيْهِمْ: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔
سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً. بِالسِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
تَسَاوَمَ. السِّلْعَةَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا۔
فِي السِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
اَسَامَ اِسَامَةً. المَاشِيَةَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا اِلَيْهِ بِبَصَرِهٖ: نظر ڈالنا۔
اِسْتَامَ. فُلَانًا السِّلْعَةَ: قیمت دریافت کرنا بِهَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔
تَسَوَّمَ. علامت لگانا۔
السَّام. موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَة)
السَّامَة: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَم.
السِّيْمَة والسُّوْمَة والسِّيْمَا والسِّيْمىٰ. علامت بینت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سُوْمَةُ الصَّلَاحِ و سِيْمَةُ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔
السِّيْمِيَا والسِّيْمِيَاء. علامت۔ خوبصورتی۔
السَّائِم. فا. خودسری سے چلنے والا۔ چرواہا۔
السَّائِمة والسَّوَام. چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم.
السُّوَام. س۔ ایک پرندہ۔
المَسَام. جلدی گزرنا۔
المَسَامَة. چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔
المُسَوَّم. خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيْلُ المُسَوَّمَة. چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔
سَوِيَ يَسْوىٰ سِوًى. الرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔
سَوَّىٰ. الشَّيْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔

کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الْمُعْوَجّ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقًا بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اَلْاَبَارُ یُسَوِّی الْاِبَرَ. (وَسَاوَیٰ) بَیْنَهُمَا و سَوَّاہ و سَاوَاہ بِہٖ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْهِ الْاَرْض: یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔ وساوی الشَّیْئَ: برابر کرنا۔ سَاوَی الرَّجُلُ قِرْنَہٗ: ہم مثل ہونا۔ قدر وقیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَایُسَاوِی دِرْهَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً. رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا۔ الشَّیْئَ: ہموار کرنا اَسْوَاہ: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی. ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِہِ الْاَرْض" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَیَا. فِیْ کَذَا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی. الشَّیْئُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَّیْئَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی۔ الرَّجُلُ: درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا عَلَیْهِ: غالب ہونا عَلٰی ظَهْرِ الدَّابَّةِ: جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ الْمُلْكِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے اِلَی الشَّیْئِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهِ الْاَرْضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَی الطَّعَامُ: پک کر تیار ہونا۔

السَّوٰی. ارادہ۔

السَّوَاء. برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَہٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُہٗ فِیْ سَوَاءِ النَّهَار" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی و چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَّبِیْل" سیدھا راستہ۔ و هٰذَا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاءُ: مثل و مانند "هُمَا فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَان بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ سَوَاءٌ یا هُمْ اَسْوَاءٌ اور خلاف قیاس "هُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَة و سَوَاسِوَة" بھی کہہ سکتے ہیں۔ وَلَیْلَةُ السَّوَاءِ: تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالْعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف واؤ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُكَ اَوْ قُعُوْدُكَ و قِیَامُكَ و قُعُوْدُكَ"

السِّوٰی وَالسُّوٰی. برابر۔ و ط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوْا سِوٰی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی وَالْعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلٰی حَدٍّ سِوًی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَّوِیُّ. ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء.

السَّوِیَّة. السَّوِیُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی سَوِیَّةٍ فِیْ هٰذَا الْاَمْر" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَهُمَا بِالسَّوِیَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَایَا.

السِّیُّ. بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِیَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِیٌّ: ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "مَاهِیَ بِسِیٍّ لَكَ وَلَیْسَتِ الْمَرْاَةُ لَكَ بِسِیٍّ و مَالَكَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَا سِیَّمَا" سِیّ اور مَا سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

لاسیما اس لفظ کے ذریعے اس کے بعد والے لفظ کو معنی میں ترجیح ہوتی ہے اس کے ماقبل پر اس کلمہ (لاسیما) کے بعد والے لفظ کے اعراب میں دو توجیہ ہیں۔

(۱) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازهاره-

لانفی جنس سی اسم ما موصولہ محلا مجرد رمضاف الیہ ہی مبتدا محذوف ازهاره اس کی خبر-

مبتداء خبر مل کر صلہ موصول کا-

لانفی جنس کی خبر محذوف: موجودة

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی

مضاف اور ازہار مضاف الیہ۔
اس صورت میں لا کا اسم : سی اور خبر موجودۃ۔
الاَسْوی. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ھذا المَکانُ اَسْوی ھٰذہِ الاَمْکِنَۃِ"
الاِسْتِوَاء. مص. درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْد الجُغرافِیِّین: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔
سَیَّأت و تَسَیَّأت. النَاقَۃُ: اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَیَّأتْ عَلَی الاُمُوْر" میرے اوپر اُمور مختلف ہوگئے۔ و "تَسَیَّأَ فُلانٌ بحقی" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔
اِنْسَیأ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔
السَیُّ والسِیُّ. دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُیُوْء.
سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا. المَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا الرجُلُ: تیز چلنا فِی کلامہ بغیر غور و فکر کے بولنا الدابَۃ: جانور کا آزادانہ چلنا۔
سَیَّبَہٗ چھوڑ دینا العَبْد: غلام کو آزاد کر دینا۔
اِنساب اِنْسِیابًا. تیز چلنا۔ اِنْسابَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔
فَلانٌ نَحْوَنَا: لوٹنا۔
السَیْب مص. بارش۔ داد و دہش۔ مال؛ زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُیُوْب.
السِیْب پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوْب سِیْب (فارسی)

السیاب والسَیَاب والسُیَّاب. کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سیابۃٌ و سَیَابَۃٌ. السیابۃ شراب۔
السِیْبَان. صِئبَانٌ محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔
السَائِبَۃ. چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُیَّب و سَوَائب.
سَیَّج. الکَرْمَ انگور میں باڑ لگانا۔
السِیَاج. دیوار۔ باڑ۔ ج سیاجات واَسْوِجَۃ و سُوْج.
السَیْجَان ایک قسم کی مچھلی۔
سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سیحانًا. الماءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت ماءٌ سائحٌ و سَیْحٌ کہا جاتا ہے "ھٰذہ الاَرضُ تُسْقٰی بالمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے الظِلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (سَیْحًا و سَیَحَانًا و سِیَاحۃ و سُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُیَّاح و سَائِحُوْن.
سَیَّحَہٗ واَسَاحَہٗ. بہانا۔ کہا جاتا ہے "یسحَ تَسْیِحْیًا کثیْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَساحَ الفرَسُ بِذَنبہٖ: گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔
اِنْسَاحَ. بَطنُہٗ پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا پھٹنا بالُہٗ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصخرۃ چٹان کا پھٹ جانا۔

النَّسِیْح مص. بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُیُوْح و اَسْیاح.
السَائِح. مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔
السَیَّاح. ملکوں میں بہت پھرنے والا۔
المِسْیَاح. بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِیْح.
المُسَیَّح. من الثیاب دھاری دار کپڑا۔
ساخ یسِیْخُ سَیْخًا و سیخانًا. مضبوط ہونا۔ ساخَتْ قدمُہٗ فِی الطِیْن: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔
السِیْخ. بڑی چھری۔ (فارسی)
السِیَاخ. مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوْخ.
سَار(ض) سَیْرًا و تَسْیارًا و مَسِیْرًا و مَسِیْرَۃ و سَیْرُوْرَۃً. جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ہ و بہ: چلانا الدابۃ: جانور پر سوار ہونا السُنَۃ: عمل کرنا۔ جیسے "و اوّل راضی سُنَۃ مَنْ یسِیْرھا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْکَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْکَ الشکَ و المِراء" سار الکلامُ او المثلُ فِی النَاسِ: مشہور ہونا۔
سَیَّر واسار. الرجل: چلانا الجلّ عن ظَھْر الدابۃ: اتار دینا۔ سَیَّر الثوب او السھْم: دھاری ڈالنا۔ سَیَّر المثل: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّر سِیْرۃ: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرہٗ من بلدِہٖ جلاوطن کرنا۔ نکال دینا۔
سَایَرہٗ ساتھ چلنا۔
تَسَیَّر. الجلْدُ: چھل جانا۔
تسایَرا. باہم مل کر چلنا۔ تسایر عن وَجْھِہِ الغَضَبُ زائل ہونا۔
اَسْتَار اسْتِیَارًا. زاد راہ خریدنا بسِیْرۃ فُلان: کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔
سارُ. الشیئُ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّیْرُ. تسمہ۔ ج سُیُورٌ و سُیُورَةٌ وَاَسْیَارٌ.

السِّیرَة. سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِیرَةُ الرَّجُلِ: سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِّیرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُهُ حُمِدَتْ سِیْرَتُه" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَر۔

السِّیَرَاء. دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔

السَّائِر. فا. سَائِرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السَّائِر:

السَّیَّارُ والسُّیَرَةُ والسَّیُوْرُ. بہت چلنے والا۔

السَّیَّارَة. السَّیَّار کا مؤنث ۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل؛ مشتری؛ مریخ؛ زمین؛ زہرہ؛ عطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات. السَّیَّارَة: موٹر کار۔

التَّسْیَار. مص۔ سیر کا مبالغہ۔

المَسُوْر. مف۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیر ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمدورفت والا راستہ۔

المَسِیْرَةُ. مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا مَسِیْرَةُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔

المُسَیَّر. مِنَ الثِّیَاب: دھاری دار کپڑا۔

السِّیرَج. تل کا تیل۔

سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا. الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔

سَاسَاه. شرم دلانا۔ عار دلانا۔

السِّیس. چنبیلی کا پودہ۔

السِّیْسَاء. ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔

سِیْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔

سَیْطَرَ سَیْطَرَةً و تَسَیْطَر. نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا. الشَّیْءُ: ضائع ہونا (وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ: المَاءُ: پانی کا ادھر اُدھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

سَیَّعَ. الحَائِطَ بِالطِّیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا۔ الشَّیْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔

اَسَاعَ. الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔

السَّیْع. مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔

السِّیَاع. گارا۔ کہگل۔

السِّیْعَاءُ والسَّیْعَاءُ. رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔

المِسْیَعَةُ. کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔

نَاقَةٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا. الشَّرَابُ: خوشگوار بننا۔

السَّیْغُ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا. اَلْیَدُ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔

سَافَهُ یَسِیْفُهُ سَیْفًا. تلوار سے مارنا۔

تَسَیَّفَهُ. تلوار سے مارنا۔

سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا. باہم تلوار بازی کرنا۔ واُسْتِیْفَ القَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔

السَّیْفُ. تلوار۔ ج اَسْیَافٌ و سُیُوْفٌ وَاَسْیُفٌ و مَسْیَفَةٌ ۔ (السَّائِفُ) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّارِ: تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔

السَّیْفُ والسِّیَفُ. ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔

السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔

السَّیْفَانُ. مِنَ الرِّجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَةٌ. اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔

السَّیَّاف. شمشیر زن۔ ج سَیَّافَةٌ. رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلاد۔

الاَسْیَاف. پارٹیاں۔

المَسَایِف. خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمُ المَسَایِف" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔

المُسِیْفُ. تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔

المُسَیَّف. مِنَ الدَّرَاهِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں۔ مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔

السِّیْکَاس: کھجور کی مانند پتوں اور تنے کے لحاظ سے لیکن صنوبر کے زیادہ قریب درخت ہے۔ اکثر زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

السِّیْکَاهْ. فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلَانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا. المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔

اَسَالَ اِسَالَةً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا. المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔

اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔

تَسَایَلَ. القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَةُ. مِنْ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِل.

السَّیْل. مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی۔ السَّیل: سیلاب۔ ج سُیُوْل.

السِّلَةُ. پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔
السَّيْلَة. پانی کا بہاؤ۔
السِّيْلان. ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَيَالِيْن.
السَّوَائِل. مِنَ المَعَادِنِ وغَيْرِهَا: بہنے والی چیزیں۔
السَّيَال. سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد سَيَالَةٌ.
السَّيَّال. زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَيَّالَة
السَّيَال: ایک قسم کی مچھلی۔
مَسِيْلُ. المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل وامْسِلَة و مُسْلان.
المُسَال. مِنَ الْوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔
سِينَمَا تُوغرَاف: وہ آلہ جو کہ بنائی گئی تصاویر کو سکرین پر پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ وہ گھر جس میں مناظر سینمائی دکھائے جائیں۔
اَسِيْزَامَا: سینما کا جدید آلہ جو کہ اشخاص کی تصاویر وغیرہ ایسی عمدہ پیش کرتا ہے گویا کہ وہ اصلی اور حقیقی ہیں۔
السِّيمُوْنِيَّة. سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔
سِيَةُ. القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِيَات.

ش: الشين: بنیادی حروف میں سے تیرھواں ہے۔ یہ حروف شجریہ سے ہے۔ حساب جمل میں اس کے نمبر (۳۰۰) ہے۔

الشُؤبُوب. بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی۔ ہر چیز کی حد۔ ہر چیز کی شدت دفع۔ آغاز حسن۔ ج شَآبِیب. کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الوَجهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے۔

شَئِزَ (س) شَأزًا و شُؤزَةً و شُؤَازًا. المَکَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأزٌ و شَئِزَةٌ) (و شَئِزَ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

اَشْأَزَهُ. رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔ اَشْأَزَ الرَّجُلُ: عَنْ كَذَا بلند ہونا۔

اِشْتَأَزَ. بدکنا۔

الشَّأزَةُ. اسم مَرَة خَیلٌ شَأزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

المَشْئُوزُ والمَشْؤُزُ. بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأَسًا الشَّیُٔ: سخت ہونا۔ الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا اَلمَکَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا۔ مَکَانٌ (شَئِسٌ و شَأسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ۔ ج شَئِیس و شُؤس.

شَأشَأَ شَأشَأَةً و شَأشَاءً. الرَّاعِی. الغَنَمَ اَوِ الحَمِیرَ و بِهَا: شَأشَأ یا شُؤ شُؤ کہہ کر ہانکنا۔ النَّخلَةُ: درخت خرما میں گابھا لگنا۔

تَشَأشَأَ. القَومُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشَّأشَاء. مص۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا. الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُهُ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (شَأفًا و شَآفَةً) فُلَانًا و لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔

شَئِفَ. خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُف) شُئِفَتِ الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔

اِسْتَشْأَفَتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأفُ. الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔

الشَّأفَة. جڑ تلوے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "اِستَاصَلَ شَأفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھو دیا۔ و "بَینَهُم شَأفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ واِستَاصَلَ اللّٰهُ شَأفَتَهُم" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔

شَأفَةُ الرَّجُلِ. اہل و مال۔

رَجُلٌ شَأفَةٌ. معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأَمَ (ف) شَأمًا. القَومَ و عَلَیهِم: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِم)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئمَ. عَلَیهِم: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَمَهُم. ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِهِ: بائیں طرف لینا۔ الرَّجُلُ: بملک شام میں آنا۔

اَشْأَمَ. ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ. ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ واِسْتَشْأَمَ. بِهِ: بدفالی کرنا۔ بد شگون لینا۔

الشُّؤمُ. نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَّام والشَّأم. ملک شام۔

الشَّأمِیّ والشَّآمِی والشَّامِیّ۔ ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَّائِم. فا۔ نحوست لانے والا۔

الشَّأمَة والمَشْأَمَة. نحوست۔

الشِّیمَة والشِّئمَة. خلق۔ جبیت۔ عادت۔ ج شِیَم

الاَشْأَم. اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأَمُ کُلِّ امرِئٍ بَینَ لَحیَیهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔ یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤمَی.

والیَدُ الشُّؤمَی بایاں ہاتھ۔

الاَشَائِم. اشأم کی جمع۔

المَشُؤم والمَشْؤُوم. منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِیم.

شَأَنَ (ف) شَأنًا صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ

نہیں کی۔ و "اشان شانك" اپنی حالت پر رہو۔
اِشْتَأن. شانك: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔
الشأن. ج شُؤُون و شِئَان و شِئِين: بڑے بڑے اُمور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "من شانه كذا وان يفعل كذا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "ماشانك" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُون و شُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بلغت الرائحة الى شؤون رأسه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں شُؤُونٌ واشُؤُنٌ: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فاضت شُؤُونُه" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں الشُؤُون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كلفنى شُؤُونك" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کر دو شُؤُونُ الخمرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔
شَأَى يَشْؤُ وشَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِئَاءًا. القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَىُ التُرَاب من البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
شَائَى مُشَاءَاة. القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَشَائَى تَشَائِيًا. القَوْمَ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَىَ مَابَيْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔
الشَّاوُ. سبقت۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِيدُ الشَّاوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عَدَاشَاوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔
الشَّاوُ. اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔
المِشْآة. کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المشائی.

شَبَّ (ض) شَبابا و شَبِيبَةً. الغُلامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "من شبَّ الى دبَّ" جوانی سے بڑھاپے تک۔
شَبَّ (ن ض) شَبِيبًا و شِبَابًا و شُبُوبًا. الفَرَسُ: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجوهر يشب بعضه بعضا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔
شَبَّ (ن) شَبًّا و شبوبا. النَارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَارُ: آگ روشن ہونا الشَىْ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔
شُبَّ. الشَئُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شُبَّتَ النَارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَىْ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔
شَبَّبَ و تَشَبَّبَ: جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا الشاعِرُ بالفتاةِ: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِيدَةً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قصيدته بفلانة" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الكِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔ تشَبَّبَتَ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔
اَشَبَّ. الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا اللّٰهُ الغُلامَ: لڑکے کو جوان کرنا الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا۔ الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شبب و مِشَبٌّ)
اُشِبَّ. لَهُ كَذَا: مقدر کیا جانا۔
الشَّبُّ. پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللّيْلِ: ایک قسم کی نباتات۔
الشَّبابُ والشَّبِيبَةُ. س۔ جوانی۔ بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شباب النهار" دن کی ابتداء۔ "الشَّبابُ" بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "قصيدة حسنة الشَّبابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شَبائِب.
الشَّبُوبُ. عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هذا شبوب لكذا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الخمار شبوب لوجهها" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (والشِّبابُ) جس سے آگ جلائی جائے۔
الشَّبَّابَةُ. ایک قسم کی بانسری (مزلدة) عوام اس کو منجيرة کہتے ہیں۔
الشَّابُّ والشَّبُّ. جوان۔ ج شَبابٌ و شُبَّانٌ و شِبَبَةٌ. مؤنث شَابَّةٌ و شَبَّةٌ. ج شَابَّاتٌ و شَبَّاتٌ و شَوَابٌّ و شَبائِبُ.
المِشَبُّ. شیر۔
المَشْبُوبُ. من الرجال: تیز خاطر مرد۔ المَشْبُوبتَان: زہرہ و مشتری۔ نار مشبوبةٌ: بھڑکائی ہوئی آگ (نار شابة نہیں بولتے۔)
الشِّبِثُّ. سوئے کا ساگ۔
شَبِثَ (س) شَبثًا و تَشَبَّثَ. بكذا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔ رجل (شبثة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔
الشَّبَثُ. مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اشباث و شِبْثان. رجلٌ (شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔
الشَّبَاثُ والشُّبُوثُ. ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شَبابِيث.
اَشْبَج. البابَ: دروازہ بھیڑنا۔
الشَّبَجُ. بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شَبَجَةٌ)
شَبَحَ (ف) شَبْحًا. الشَّىْ: پھاڑنا۔ چیرنا الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا الرَّجُلَ: گھسیٹنا الداعی: دعا کے لئے ہاتھ

پھیلانا فلانًا لہ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔
شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً. لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔
شَبَّحَ. بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دو دیکھنا الشئی: پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔
تَشَبَّحَ. الحَرْبَاءُ عَلَى العُودِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔
الشَّبَحُ والشَّبْحُ شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوحٌ واَشْبَاحٌ. اشباح المَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے، بکری وغیرہ۔
الشَّبْحَةُ. اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَيْتِي شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔
عِندَ المُولِّدِينَ: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسّی۔
المَشْبَحَةُ. وہ تصاویر جو سکرین پر سینما گھر میں دکھائی جاتی ہیں۔
الشَّبحان. لمبا۔
الشَّبحان. مِنقَلَةٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں۔ (دیکھئے مِنقَلَةٌ)
الشِّبْدَعُ والشِّبْدِعَةُ. بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِع.
شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوبَ و نَحوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا. کسی کو مال دینا۔
شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔
شَبَّرَ. الشَّئَ: اندازہ کرنا فُلَانًا: تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا ہ مَالًا: دینا الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ. الفَرِيقَانِ فِي الحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ. بڑا ہونا۔
الشَّبَرُ. مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبَرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔
الشِّبْرُ. عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَار. کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشِّبْرُ. عطیہ۔ خیر۔
الشِّبْرَةُ. قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشِّبْرَةُ. عطیہ۔
الشَّبُّورُ. بگل۔ ج شَبَابِير و شَبُّورَات. (کلمہ عبرانی ہے)
شَابِر. المِيزَانِ: جور۔
فُلَانٌ (اَشْبَرُ) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الاَشْبُور. ایک قسم کی مچھلی۔
المَشَابِر. نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَة)
شَبْرَقَهُ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا: جانور کا دور دور قدم رکھنا البَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا الثَّوبَ: برا بننا۔
الشَّبَارِق والشُّبَارِق. ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِيقُ و شُبْرُق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشَّبْرَق. بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق.
الشِّبْرِقَة. کپڑے کا ٹکڑا۔
الشِّبْرَاق. مِنْ كُلِّ شَئٍ: سختی۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا۔
تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَص. درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ سختی۔

شُبَاط. ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشُّبُوطُ والشَّبُّوطُ والشَّبُوطُ. ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِيط.
شَبِعَ (س) شِبَعًا و شَبْعًا. ومِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ و رَوِيتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَ. غَنَمَهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهُ. کھلا کر شکم سیر کرنا الشَّئَ: زیادہ کرنا الثَّوبَ مِنَ الصَّبْغِ: خوب گہرا رنگنا الكَلَامَ: مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ. بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ والشِّبَعُ. کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشُّبَاعَة. آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشُّبْعَةُ. ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشَّبْعَانُ. شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَى و شَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ و شَبَاعَى. کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پُرگوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَى الخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ والدِّرْعِ" یعنی موٹی۔
الشَّبِعَة. شکم سیر عورت۔
الشَّبِيعُ. بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِيعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِيعٌ" بہت لٹوں والی رسّی۔ ج شُبُع
شَبِقَ (س) شَبَقًا. بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ.
مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشُّبْرُق. بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی

ہے) مشہور (شَوْبَك) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔

شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا. الْاُمُوْرُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهٗ عَنْهُ: غافل کر دینا

(شَبَكَ و شَبَّكَ) الشَّیْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِی بَعْضُهَا فِی بَعْضٍ و شَبَكْتُ بَیْنَ اَصَابِعِی"، میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَكَ. الْقَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَكَ الْمَكَانُ"، قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَكَ. بَیْنَ الْاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَكَتِ. الْاُمُوْرُ: باہم مختلط ہونا۔

اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ. مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا الْكَلَامُ اوِ الْاُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَكَةُ. شکاری کا جال۔ ج شَبَك و شِبَاك و شَبَكَات. الشَّبَكَةُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْكَةُ. قرابت۔

طَرِیْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شَوَابِك.

الشَّبَّاكُ. جال بنانے والا۔

الشُّبَّاكُ. دریچہ جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیْك. الشُّبَّاكُ: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شَابِك کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّبَائِكُ. جھگڑے۔

الْمُشَبَّكُ. ایک قسم کا کھانا۔

شَبَلَ (ن) شُبُوْلًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) فِی بَنِی فُلَان: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ الْمَرْاَةُ عَلٰی اَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ. شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال واَشْبُل و شُبُوْل. اَبُو الْاَشْبَالِ: شیر۔ لَبُوَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَكَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا و شَبَّمَ. الْجَدْیَ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَمُ. سردی۔

الشَّبِمُ. صحیح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صحیح شام-الشَّبِم. ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَامُ والشِّبَمُ. لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔

الشِّبَامُ. برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

الْمُشَبَّمُ. تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا. الْغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (شُبُوْنًا) الشَّیْءُ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ مِنَ الْغِلْمَانِ: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَّبِیْنُ والاِشْبِیْنُ. دولھا کا خدمت گار۔ شَبِیْنَةٌ واِشْبِیْنَةٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِیُّ والاَشْبَانِیُّ والشُّبَّانِیُّ. سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهٗ. اِیَّاهُ و شَبَّهَهٗ بِهٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَیْهِ الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔ مشکل ہونا۔

شَبَّهَ الشَّیْءُ:

شُبِّهَ. عَلَیْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔

اَشْبَهَهٗ و شَابَهَهٗ. مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَهَ فُلَانٌ اُمَّهٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِهٖ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ. الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الْاَمْرُ. مُتَشَابِهٌ یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا. ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَهَ فِی الْاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا الْاَمْرُ عَلَیْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ. مثل مانند۔ ج اَشْبَاه و مَشَابِه جیسے (حسن و محاسن) الشَّبَهُ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِّبْهُ والشَّبَهُ والشَّبَهَانُ والشِّبْهَانُ) پیتل۔

الشُّبْهَةُ. مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَه و شُبُهَات.

الشَّبِیْهُ. مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.

الْمُشَبَّهُ والْمُشْتَبِهُ. مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاكَ والْمُشَبِّهَاتِ"، اپنے آپ کو امور مشکلہ سے بچاؤ۔

الْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ جو۔ اللہ تعالٰی کو صفات و اسماء میں مخلوق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا یَشْبُوْ شُبُوًّا. الشَّیْءُ: بلند ہونا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ الْوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا۔ النَّارُ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبٰی اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: تعظیم و اکرام کرنا۔ دینا۔ عَلَیْهِ: مہربان ہونا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا ہٹانا۔ الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِیٌّ و مُشْبٍ)

الْاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے

مشابہ ہونا۔

الشَباۃُ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا مِنَ السَیفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبا و شَبَوات. بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا رَجُلٌ شَباۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔

شَبْوَۃُ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔

الشبوُ دکھ۔ تکلیف۔

شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِیتًا متفرق ہونا (وشَتَّتَ واَشَتَّ) الاَشیاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔

تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَتُّ مص۔ پراگندگی۔

اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اشتات کہا جاتا ہے "جاءُوْا شَتَاتًا و جاءُوْا اَشتاتَ شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔

شَتَّانَ مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَھُمَا و ما بَیْنَھُمَا وما زَیْدٌ واَخُوْہُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔

الشَتِیتُ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مریض و مرضیٰ) ثَغْرٌ شَتِیتٌ: چھدرے دانت۔

اُناسٌ (شَتّٰی وشُتُوِیتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اشیاءُ شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وقعوا فی امرٍ شتّٰی" وہ لوگ متفرق اُمور میں پڑ گئے۔

شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَیْئَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا الرَجُلَ: زخمی کرنا العینَ پلک اُلٹنا۔

شَتِرَ (س) شَتَرًا کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا بہٖ: گالی دینا۔ (وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ. عَیْنَہ پلک اُلٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔

اِنْشَتَرَتْ. عَیْنُہ: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔

الشَتَرُ مص۔ کٹنا۔ پلک لٹنا۔ عیب و نقص۔ الشُتْرَۃُ دو اُنگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشَتِیْرُ بہت عیب و برائی والا۔ بدخلق۔

الاَشْتَرُ اُلٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْراءُ ج شُتْرٌ.

الشَوْتَرۃ بڑے سرین کی عورت۔

شَتِعَ (س) شَتَعًا بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اُٹھنا۔

شَتَغَہٗ (ض) شَتْغًا روندنا۔ ذلیل کرنا۔

اَشْتَغَہٗ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِغُ ہلاکتیں۔

شَتَلَ یَشْتُلُ شَتْلاً و شَتَّلَ اَشْتَلَ (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشتلۃ "اشتل" کا واحد: وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "نیری" بولتے ہیں۔

اَلْمَشْتَلُ بیج لگانے کی جگہ تاکہ اگنے کے بعد اس کو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔

اَلْمَشْتُوْلُ وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔

شَتَمَہٗ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَۃً ومَشْتُمَۃً ومَشْتِمَۃً وتَشْتَامًا گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شاتَمَہٗ فَشَتَمَہٗ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَۃً. بدصورت و کریہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِیْمٌ) الشَتِیْمُ غضبناک شیر۔

شَتَّمَہٗ بہت گالی دینا۔

شَاتَمَہٗ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَتَامَۃ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَتِیْمَۃُ گالی۔ ج شَتَائِم۔

الشَتَّام والشَتَّامَۃُ. بُرے چہرہ والا۔ بدخلق۔

الشَتَّام والشَتَّامۃ بہت گالی دینے والا۔

الشَتَامۃ شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَوْبَ کپڑے کو بُننا۔ صفت (شَاتِنٌ)

الشَتْنُ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الکَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشَتُوْنُ بُننے والا۔

شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشَتّٰی تَشْتِیَۃً وتَشَتّٰی تَشَتِّیًا. بالبلد: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شتا وتَشَتّٰی المکانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَّاہُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشُتِیَ واَشْتَی القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "ھٰذا شَیْءٌ یُشْتِیْنِیْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شتا الشتاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتٰی مُشَاتَاۃً وشِتَاءً. الرَجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِتَاءُ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِیَۃ وشُتِیّ اور نسبت کے لئے (شَتْوِیٌّ وشَتَوِیٌّ)

الشَتْوِیُّ: جاڑے کی بارش فاکھتہ

الشِتاء: آگ۔
الشتاء والشتا. قحط۔
الشتاۃ والشتوۃ. جاڑا۔ صاحب الشتوۃ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں۔
الشتی جاڑے کی بارش۔
المشتی والمشتاۃ. جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ۔ ج المَشاتی
کہا جاتا ہے هذه مشاتينا ومصايفنا ومرابعنا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔
اَلشَثُ. چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت۔ جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شثاث. واحد (الشثة)
الشثُ: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شثِرتْ (س) شثرًا. عینُہٗ: آنکھ موٹی ہونا۔
الشثْر. پہاڑ کا کنارہ۔ ج شثور. قناۃ (شثرۃ) تیر کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اڑیں۔
شثلت (س) شثلا وشثلت (ک) شثولۃ. اصابعہٗ: موٹی ہونا۔
شثِل الاصابع: سخت اور موٹی انگلیوں والا۔
قدم (شثلۃ) موٹا اور سخت قدم۔
شثِن. بمعنی شثِل.
شجَّ (ن ض) شجًّا. الراس. زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یشج مرۃ ویاسو مرۃ"، فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شجّ المفارۃ: بیابان طے کرنا۔
المرکب البحر. جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔
الشراب بالماء. ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شجّ الارض براحلته" یعنی بہت تیز چلایا۔
شَجَّ (س) شججا سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا۔ صفت (اشج و شجیج) ج شجی و (مشجوج ومشجج)
الشجیج و المشجج: بیج۔ کھونٹی۔
شجّجہٗ. سر کو بہت زخمی کرنا۔ شجج علی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔
شاجّ مشاجۃ وشجاجا وتشاجّ. القومُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشجاج. فضائے آسمانی۔
الشجۃ. سر کا زخم۔ ج شجاج.
الشجج. س۔ پیشانی میں زخم کا نشان
الشجاج. سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شجبہٗ (ن) شجبا. ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "انک لتشجبنی عن حاجتی" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے "شجب الفنینة بشجاب" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔
شجب (ن) شجبا وشجوبا وشجب (س) شجبا. ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شجب وشاجب) الشیٔ: جانا۔
شجب (ن) شجیبا. الغرابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔
اشجبہٗ. غمگین کرنا۔
تشاجب. الشیٔ. خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تشجب. غمگین ہونا۔
الشجب. س۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا لیں۔ ج شجوب واشجاب.
الشجب. س۔ رنج و تکلیف جو مرنے یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شجوب.
الشاجب. بہت بک بک کرنے والا۔ من الغربان: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔
الشجاب. شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شجب (والشجب والمشجب) لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔
الشجباء. مشک۔
الشجذۃ. نرم بارش۔
المشجاذ. گوپھن۔
شجر (ن) شجرا. الشیٔ: باندھنا۔ فلانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما شجرك عن كذا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا الرجل بالرمح: نیزہ مارنا فمہٗ. لکڑی سے کھولنا الدابۃ. جانور کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ منہ کھول دے۔ الشجرۃ: درخت کے بعض حصے کو پکڑنا البیت: ستون لگانا۔ النبات: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شجر (ن) شجرا و شجورا. بینھم امرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شجر ما بینھم"، باہم جھگڑنا۔
شجِر (س) شجرا. الرجلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔
شجّر. النباتُ: درخت ہو جانا النخل: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔
شاجرہٗ مشاجرۃ. جھگڑا کرنا الماشیۃ: گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا الماشیۃ: جانوروں کو درخت چرانا۔
اشجر. المکانُ: درخت اگانا۔
تشاجر. القومُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ تشاجروا بالرماح: باہم نیزہ بازی کرنا الشیٔ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
انشجر. جلدی سے چھٹکارا پانا نومہٗ: نیند

کا دور ہونا۔
اِشْتَجَرَ. القَوْمُ: باہم جھگڑنا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا"
نَوْمُهُ نیند کا دور ہونا۔
الشَّجَرُ درخت۔ ج اَشْجَار وشَجْرَاء. واحد (شَجَرَةٌ) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ النَّسَبِ: جس میں مورثِ اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشَّجَرَةُ المَلْعُوْنَةُ: تھوہر کا درخت۔ شَجَرَةُ الحَيَاتِ اَوْشَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخير مِنَ الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔
نَبَاتٌ خَشَبِيٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔
شَجَرُ المَطَّاطِ: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔
شَجَرَةُ الخُبْزِ: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔
شَجَرُ الزَّنْبَقِ: وہ درخت جس کے پھول خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبو دار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔
الشَّجَرُ درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔
الشَّجْرُ. س. مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَار وشُجُوْرٌ وشِجَارٌ. الحُرُوْفُ الشَّجَرِيَّةُ: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

الشَّجْرُ منہ کھلنے کی جگہ
اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِيَّةُ جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔
الشَّجْرَةُ اسم مرۃ۔ چاہ زنخداں۔
مَكَانٌ (شَجِرٌ وشَجِيْرٌ واَشْجَرُ ومُشْجِرٌ) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِيْرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.
الشَّجْرَاءُ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مرداء ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اس سے ہے "قَطَعْتُ كُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔
الشَّجَار والشِّجَار. ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُرٌ.
الشَّجِيْر. تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔
الشَّجَّار. درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْن.
الشَّوَاجِر. مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع. رِمَاحٌ شَوَاجِرُ: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔
المَشْجَر والمِشْجَر. ہودہ کی لکڑی؛ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر: درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.
مَكَانٌ (مُشْجِرٌ) بہت درختوں والی جگہ۔
ثَوْبٌ (مُشَجَّرٌ) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّر کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔
شَجُعَ (ک) شَجَاعَةً. دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَ (ن) شَجْعًا دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔
شَجِعَ (س) شَجَعًا. لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع) مؤنث شَجْعَاء.
شَجَّعَهُ قوی دل بنانا عَلَى الاَمْرِ جرأت دلانا۔
شَاجَعَهُ دلیری میں مقابلہ کرنا۔
تَشَجَّعَ. بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔
الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع. دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشُجَاع وشُجَعَا وشُجْعَةٌ وشَجْعَة وشِجْعَة وشَجَعَة.
الشُّجَاع والشِّجَاع. ایک قسم کا سانپ۔ ج شَجْعَاع وشِجْعَان واَشْجِعَة.
رَجُلٌ (شَجْعَةٌ وشُجْعَةٌ) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔
الاَشْجَع. اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث شَجْعَاء. ج شُجْع. شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔
الاَشْجَع والاِشْجَع. انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پٹھے سے ملی ہوتی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.
الشَّجِع. بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جَمَلٌ شَجِعُ القَوَائِمِ: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔
الشَّجِيْع. دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَانٌ شِجَاعٌ وشُجَعَاءُ واَشجعةٌ. مؤنث شَجِيْعَةٌ. ج شَجَائِعٌ وشِجَاعٌ وشُجُعٌ.
الشُّجُع. درخت کی جڑیں۔
الشَّجَاعَةُ. دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔
المُشْجَع. انتہائی پاگل۔
الشَّجَم. ہلاکت۔
الشُّجُم. لمبی اور بڑی مصیبتیں۔
شَجَنَ (س) وشَجُنَ (ک) شَجَنًا وشُجُوْنًا. غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)

شَجَنَهُ (ن) شَجْنًا وشُجُوْنا وشَجَّنه. غمگین کرنا۔
شَجَنَتْ (ن) شُجُوْنًا. الحَمامَةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔
اَشْجَنَهُ. غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الكَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور اُلجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔
تَشَجَّنَ. حرکت کرنا۔ غمگین ہونا الاَمْرَ: یاد کرنا الشَجَرُ: درخت کا گنجان ہونا۔
الشَجْنُ. س۔ الشَجَنُ. ج شُجُوْنٌ و (الشَاجِنَةُ. ج شَوَاجِنٌ) وادی کا راستہ یا وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔
الشَجَنُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس۔ ج شُجُوْنٌ واَشْجَانٌ. (الشِجْن والشِجْنَة والشَجْنَةُ. والشُجْنَةُ) اُلجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحَدِيْثُ ذُوْشُجُوْنٍ" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِجْنَةُ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی جمع شِجْنٌ وشَجَنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجُنَاتٌ.
شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجٰى اِشْجَاءً. الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَى الغَرِيْمَ او السَائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔
شجِی (س) شَجًا. غمگین ہونا بالشجا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَيْكَ بِالكُظْمِ واِنْ شَجِيْتَ بالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔
شَجِىَ الغَرِيْمُ عَنْهُ: جانا۔
تَشَاجٰى. حزن و ملال ظاہر کرنا۔
الشَجَا. س۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔
الشَجْوُ. س۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدِى شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ و زاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بكى فُلَانٌ شَجْوَهُ" و "بَكَتِ الحمامَةُ شجوَها"
الشَجِى الشَجِىُّ. غمگین۔ فکر مند۔ مؤنث شَجِيَةُ و شجيّة اور نسبت کے لئے (الشَجْوِىُّ) مَفَازَةٌ (شَجْوَاء) دشوار گزار بیابان۔
شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَيْئِ وعَلَى الشَيْئِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔
شَاحَّ. بالشَيْئِ عَلٰى فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لا مُشَاحَّةَ فِى الاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
شَاحَّ. القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ وفِيْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوْا عَلَى الشَيْئِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِى الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشَحُّ. س۔
الشَحِيْح. بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاح و اَشِحَّة واَشِحَّاء. مؤنث شَحِيْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبِلٌ شَحَائِحُ. کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَحَاحُ. بخیل۔ حریص۔ الشَحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ:" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) و شَحُبَ (ک) وشَحِبَ شَحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَاحِب. فا. لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"
شَحَثَ (ف) شَحْثًا. المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ف ض) شَحِيْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ. البَغْلُ او الغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَحَّاج والمِشْحَج والشَاحِجُ. گورخر۔ بَنَاتٌ شَحَّاجٌ وبَنَاتٌ شَاحِجٌ: خچریں۔
شُحَاجُ. البَغْلِ اوالغُرَابِ و (شَحِيْجُهُمَا) خچر یا کوّوں کی آواز۔
الشَوَاحِج. کوّے۔
شَحَذَ (ف) شَحْذًا. السِكِّيْنَ ونَحْوَهُ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحِيْذٌ وشَحِيْذ)
ہ ببَصَرِہ: گھورنا ہ بعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔ الجُوْعُ مِعْدَتَهُ. سخت بھوک لگنا۔ فِى التَسَوُّلِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْحَذُ النَاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَابَةَ: جانور کو تیز ہانکنا (وتَشَحَّذَهُ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
اَشْحَذَ. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَهُ. تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَحَّاذُ. گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَة (الشِحَاذَة) گداگری کا پیشہ۔
الشَحْذَان والشَحَذَان. بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔
رَجُلٌ (شُحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔
المِشْحَذُ. چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان؛ تیز ہانکنے والا۔
المِشْحَاذُ. ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِيْذ.
المَشْحَذَةُ. وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ"

یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔

شَحَرَ(ف) شَحْرًا. مُنہ کھولنا۔

الشَّحْرِ. س۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (والشِحْر) کنارہ۔ ساحل۔

شَحْرِ عمَّان وشِحْرِ عمَّان: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔

الشِحْرَةُ. تنگ ساحل۔

الشَّحْرُوْرُ. کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِيْر اور اس کو (شَحْوَر) بھی کہا جاتا ہے۔

شَحِزَ(س) شَحَزًا. گھبرانا۔ ڈرنا۔

شَحَزَ(ف) شَحْزًا. جماع کرنا۔

شَحْشَحَ. البَعِيْرُ. اونٹ کا آواز کو پھرانا الطَّائِرُ. پرندہ کا جلدی سے اُڑنا چوکنا رہنا الصُّرْدُ. آواز کرنا۔

الشَّحْشَحُ والشَّحْشَاحُ. بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہمیشگی کرنے والا۔

الشَّحْشَحُ. وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان لیکچرار۔

الشَّحْشَحَان. بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔

المُشَحْشِحُ والمُشَحْشَحُ. بے برکت۔

اَشْحَصَهُ. تھکانا مِنَ المَكَانِ و (شَحَصَهُ) عَنْهُ. دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلا وطن کرنا۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوطًا ومَشْحَطًا. الإِنَاءَ. برتن بھرنا اللَّبَنَ. دودھ میں زیادہ پانی ملانا العَقْرَبُ الرَّجُلَ. بچھو کا ڈسنا الطَّائِرُ. پرندہ کا بیٹ کرنا فُلَانًا: سبقت لے جانا (وشَحِط (س) شَحطًا) المَكَانُ. دور ہونا۔

شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلَ. اونٹ کو ذبح کرنا۔

شُحِطَ. بالدَمِ. خون سے لتھڑنا۔

شَحَّطَهُ. خون میں لتھیڑنا۔

اَشْحَطَهُ. دور کرنا۔

تَشَحَّطَ. بالدَمِ. خون سے لتھڑنا۔

الشَحْط. س۔ خون میں لت پت ہونا۔ پرندہ کی بیٹ (والمِشْحَط) انگور کی ٹہنیوں کو اُٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوك) کہتے ہیں۔

اَلشَّحَاطَةُ. جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں پہنا جاتا ہے۔

الشَّاحُوطَةُ. وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔

شَحَطَ يَشْحَطُ على الأَرْضِ: کھینچنا۔ (سریانی)

شَحَطَ عُودُ الثِّقَابِ. باریک لکڑی جلانا۔

مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔

الشَّحَّاط. دور۔

شَوَاحِطُ. الأَوْدِيَةِ. دور کی وادیاں۔

الشَّوْحَطَةُ. لمبی گھوڑی۔

شَحَكَ(ف) شَحْكًا الجَدْيَ. بکری کے بچے کے مُنہ میں توتھنی لگانا۔

الشِّحَاكُ. توتھنی جو بکری کے بچّہ کے مُنہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔

شَحَّلَ. الكَرْمَ. انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قضب ہے۔

شَحَمَهُ(ف) شَحْمًا. چربی کھلانا۔

شَحُمَ (ك) شَحَامَةً. بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِم)

شَحِمَ (س) شَحَمًا. چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)

شَحِمَتْ (س ن) شُحُوْمًا. النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔

اَشْحَمَ. بہت چربی والا ہونا (وشَحَّمَ) القَوْمَ. چربی کھلانا۔

الشَّحْمُ. چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَةٌ) کہتے ہیں۔ ج شُحُوْمٌ.

الشَّاحِمُ والشَّحَّامُ. چربی بیچنے والا۔

الشَّحَّام. بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ"، چربی دار پُر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَةُ. چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الأَرْضِ. کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحْمَةُ الأَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمْلِ. گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے العَيْنِ. آنکھ کا غلہ۔ شَحْمَةُ الأُذُنِ. کان کی لو شَحْمَةُ الرُّمَّانِ. انار کے اندر کا باریک چھلکا المرج. (خطمی) اور امثال میں سے ہے "ما كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةٌ ولاكُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغائرت ہو۔

الشَحِم. تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔

الشَحِم. اکڑ۔

الشَحِيْم. موٹا۔

الشَحِيْم والشَحِيمَة. سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)

المُشَحَّمْ والمُشْحِم. گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔

المُشَحَّم والمَشْحُوْم. چربی کی بنی ہوئی چیز۔

شَحَنَ(ف) شَحْنًا. السَفِينَةَ. کشتی پر لادنا المَدِيْنَةَ بالخَيْلِ. بھرنا الرجلَ. دھتکارنا۔ دور کرنا۔

شَحَنَ (ف ن) وشحن (س) شَحْنًا. الكِلَابُ. کتوں کا دُور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔

شَحِنَ(س) شَحَنًا. عَلَيْهِ. کینہ رکھنا۔

اَشْحَنَ. المَكَانَ: بھرنا السَّيْفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) لَهُ بِسَهْمٍ. تیر مارنے کے لئے تیار کرنا الصَّبِيُّ. رونے کے لئے آمادہ ہونا۔

شَاحَنَهُ. بغض و عداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔

الشَّحْنُ. جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال

ڈالنا۔ اَلسَّیارَۃ الشَّاحِنَۃ ٹرک

اَلشَّاحِنَۃ ج شاحِنات : ریل مال گاڑی کے لوڈ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سواری والے ڈبے۔ اس کو حافلہ بھی بولتے ہیں۔

تشاحنُوْا ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّحْناء . بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔

الشحْنہ . عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے کی چیز۔ شِحْنَۃُ البلدِ : پولیس۔ کوتوال۔ سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے "بالْبلد شِحْنَۃٌ مِن الخیْلِ" شہر میں سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔

الشِحْنَۃ : چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج شِحَنٌ . مَرْکَبٌ (شَاحِنٌ) بھری ہوئی سواری۔

المُشاحِنُ . فا . عدُوٌّ مُشَاحِنٌ : بہت سخت دشمنی کرنے والا دشمن۔

شحا یشْحُوْ ویشْحا شحْوًا . الرَّجُلُ : مُنہ کھولنا اللِجامُ فَم الفرس : کھولنا۔

شَحا الرَّجُلُ : قدم کو دور دور رکھنا الفَمُ : کھلنا۔

اَشحی . فاہ : کھولنا۔

شَحیَ تَشْحِیَۃً . فُوْہٗ : مُنہ کھلنا۔

تَشَحیّٰ . عَلَیْہ : زباں درازی کرنا۔

الشَحاءُ . وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔

الشَحْوُ . جوف۔

الشَحْوَۃُ . اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِیْدُ الشَحْوَۃ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "رَجُلٌ بعِیْدا لشحْوۃِ فِیْ مَقاصِدِہٖ" اپنے مقاصد میں عالی ہمّت مرد۔

الشَحْواء . چوڑا کنواں۔

شَحِیَ یَشْحٰی شَحْیًا . ایک لغت ہے۔ شحا وادی میں۔

شخ (ن) شخّا . پیشاب کرنا فِیْ النَوْم : خراٹے لینا اللّبنُ : دوہنے کے وقت آواز نکلنا۔

شخب (ف ن) شَخْبًا ومَشْخبًا . اللّبَنَ : دوہنا اللّبنُ : بہنا اَوْداجُ القَتِیْلِ دمًا : مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔

اِنْشخبَ . دوھا جانا۔

الشِخابُ . تازہ دودھ۔

الشَخْبُ . مص۔ خون (الشُخْبُ) دودھ کی دھار۔ واحد (الشُخْبَۃُ) ج شِخاب .

الاُشْخُوب . تھن سے دودھ نکلنے کی آواز۔ ج اشاخیب .

دَوْجٌ (شَخِیْبٌ) خون چھینکنے والی رگ۔

الشِنْخاب والشُنْخُوْبُ والشُنْخُوْبَۃُ . پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَناخِیْبُ .

شَخُتَ (ک) شُخُوْتَۃً . دُبلے جسم والا ہونا۔ صفت (شَخْت و شَخِت) ج شِخات کہا جاتا ہے "ھُوَ شَخْتُ الخُلُقِ" وہ اوچھے اخلاق والا ہے۔ و "ھُوَ شَخْتُ العَطاءِ" وہ کم داد ودہش والا ہے۔ "ھُوَ شَخْتُ الجُزارۃِ" وہ باریک ٹانگوں والا ہے۔

شَخَتَہٗ . الیہ . پہچانا۔

الشَخْتُ والشِخِّیْتُ والشَخِیْتُ والشِخْتِیْت . بلند غبار۔

الشَخْتُوْر والشَخْتُوْرَۃ . ڈونگی۔ جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔

شَخَرَ (ض) شَخِیْرًا . حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔

شخر (ض) شَخِیْرًا وشَخْرًا . الفَرَسُ او الحمارُ . گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا رینکنا۔

شَخَرَ . الحِلْس . کجاوہ باندھنے کیلئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اُٹھانا النخْلَۃ : ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا۔

الشَخْر . مص۔ من الشَباب : ابتداء جوانی مِن الرَحْلِ : کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصّہ کی درمیانی جگہ۔

الشَخِیر . مص۔ پہاڑ کا وہ حصّہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔

الشِخِّیْر . بہت خراٹے لینے والا۔

شَخِزَ (ف) شَخْزًا . مضطرب ہونا۔ عَلَیْہِ الاَمْرُ : دشوار ہونا ہ بالرُمْحِ : نیزہ مارنا بَیْنَھُمْ : اکسانا اور فساد ڈالنا۔

تَشاخزَ . القَوْمُ : باہم بغض رکھنا۔

الشَخْزُ . مص۔ رنج و مشقت کی شدت۔

شَخَسَ (ف) شَخْسًا . الرَجُلُ : مضطرب ہونا الحمارُ : گدھے کا جمائی کے وقت مُنہ کھولنا۔

اَشْخَسَ . الرَجُلَ وبہ : غیبت کرنا۔

اَشْخَسَ لَہٗ فِی المَنْطِقِ : گفتگو میں ترش روئی کرنا۔

شَاخَسَ . اَمْرُ القَوْمِ : مختلف ہونا۔ الحِمارُ : لید سونگھنے کے بعد سر اُٹھا کر مُنہ کھولنا۔

تَشاخَسَ . الحِمارُ : بمعنی شَخَسَ او شَاخَسَ اَسْنَانُہٗ : بڑھاپے کی وجہ سے گر کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا اَمْرُھُمْ : تباہ و پریشان ہونا۔

الشَخِیْسُ . حکم کے خلاف کرنے والا۔ امر متفرق۔

شَخْشَخَ . بِبَوْلِہٖ : دور تک پیشاب کی دھار گرانا۔ صفت (شَخْشاخٌ)

شَخْشَخَتِ النَاقَۃُ : بیٹھے ہوئے سینہ اُٹھانا۔

الشَخْشَخَۃُ . مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔

شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا . الشیُّ : بلند ہونا عَنْ قَوْمِہٖ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلی بَلَدٍ : جانا۔ کوچ کرنا اِلَیْھِم : واپس آنا۔ لوٹنا النَجْمُ : ستارہ کا طلوع ہونا السَھْمُ : تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا الجُرْحُ : سوجنا ورم کرنا بَصَرَہٗ : ٹکٹکی لگانا۔

المَیِّتُ بَصَرَہٗ وببَصَرِہٖ : میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔

شُخِصَ . بہ : کسی امر کے لاحق ہونے

سے بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً. موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَیْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهٗ. بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا بِهٖ: غیبت کرنا لَهٗ فِی الْمَنْطِقِ وَاَشْخَصَ اِلَیْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ٥: اِلٰی قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا الرَّامِی: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ. معین ہونا۔ ممیز ہونا لَهٗ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا. باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ. جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ وَاَشْخَاصٌ وَشُخُوْصٌ.
الشَّخِیْصُ. جسیم۔ مؤنث شَخِیْصَةٌ. سردار مِنَ الْمَنْطِقِ: ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔
شَخَلَ (ف) شَخْلًا. الشَّرَابَ: صاف کرنا النَّاقَةَ: دوھنا۔
شَاخَلَهٗ. خالص دوستی کرنا۔
الشَّخْلُ وَالشَّخِیْلُ. خالص دوست۔
الْمِشْخَلُ وَالْمِشْخَلَةُ. چھننا۔
الْمَشْخَلَبَةُ. موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَةٌ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شَخَمَ (ن) وَشَخِمَ (س) وَشَخُمَ (ک) شُخُوْمًا وَشَخْمًا وَاَشْخَمَ. الطَّعَامُ او اللَّحْمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت (شَخِمٌ) الْفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشْخَمَ الرَّجُلُ: رونے کے لئے تیار ہونا۔

شَخَّمَ. الطَّعَامَ: خراب کرنا۔
الطَّعَامُ: خراب ہونا الْفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔
اِشْخَامَّ. النَّبْتُ: خشک و تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔
شَعْرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔
الشُّخُمُ. وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہو گئی ہو۔
الشَّخَا. شورہ زار۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَّجُلُ: دوڑنا۔ النَّهَارُ: بلند ہونا عَضُدَهٗ: قوی کرنا۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِّحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے عَلٰی یَدِهٖ: اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لَا اَمْلِكُ شَدًّا وَلَا اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا وَشَدَّةً وَشُدُوْدًا عَلَی الْعَدُوِّ: دشمن پر حملہ کرنا۔
شَدَّ (ض) شِدَّةً. قوی ہونا۔
شَدَّدَهٗ. قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَّرْبَ: بہت مارنا عَلَیْهِ: تنگی کرنا الْحَرْفَ: تشدید لگانا الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
شَادَّهٗ. فِی الْاَمْرِ: غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔ اَشَدَّ. عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔
تَشَدَّدَ. قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔
اِشْتَدَّ. قوی ہونا فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا۔ عَلٰی قِرْنِهٖ فِی الْحَرْبِ شِدَّةً: حملہ کرنا۔ عَلَیْهِ الْمَرَضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔
تَشَادَّ. الشَّیْءُ: مضبوط ہونا۔
الشَّدُّ. مص۔ شَدُّ النَّهَارِ: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَّهَارِ وَفِیْ شَدِّ النَّهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت

ہمارے پاس آیا۔ اور "شَدُّ الرِّحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔
الشَّدَّةُ. شَدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ۔
الشِّدَّةُ. اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَدٌ. وَالشِّدَّةُ: مصیبت۔ ج شَدَائِدُ شِدَّةُ الْاَرْضِ: زمین کی سختی۔
الشُّدّٰی. سختی۔
الشَّدِیْدُ. بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاءُ وَشِدَادٌ وَشُدُوْدٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِیْدُ الْعَیْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو مِسْكٌ شَدِیْدُ الرَّائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔
الشَّدِیْدَةُ. الشدید کا مؤنث۔ ج شدائد. و "الْحُرُوْفُ الشَّدِیْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقك" ہے۔
الْاَشُدُّ وَالْاُشُدُّ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَلَغَ اَشُدَّهٗ" یعنی فلاں طاقت و قوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔
الْمِشَدُّ. ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔
الْمُشِدُّ. مضبوط چوپایوں والا۔
الْمُتَشَدِّدُ. فا. بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔
شَدَحَ (ف) شَدْحًا. موٹا ہونا۔ صفت (شَادِحٌ)
اِنْشَدَحَ. ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔
الشَّادِحُ. فا مِنَ الْكَلَاءِ: وسیع سبزہ۔
الْاَشْدَحُ. چوڑا۔
الشُّدْحَةُ وَالْمُشْتَدَحُ. فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْهُ شُدْحَةٌ اَوْمُشْتَدَحٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔
شَدَخَ (ف) شَدْخًا. اعتدال سے ہٹ جانا الرَّاسَ: سر توڑنا۔ کچلنا الرَّجُلَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شَدَخَتْ غُرَّةُ الْفَرَسِ شَدْخًا وَشُدُوْخًا) ماتھے کی

سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔
شَدَّخَ. الرَاسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)
تَشَدَّخَ وانْشَدَخَ. الرَاسُ: سر ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔
الشَدَخ. ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔
الشَدْخَةُ. مِنَ النبَات: نرم و نازک۔ تازہ نباتات۔
الشَادِخ. فا. چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غُلَامٌ شَادِخٌ: جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔
الشَادِخة. الشَادِخ کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔
الاَشْدَخ. شیر مِنَ الخَيْلِ: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مؤنث. شَدْخاءج شُدُخ.
المُشَدَّخ. سع. گردن کٹنے کی جگہ۔
الشَادِر. تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔
شَدَفَهٗ (ض) شَدْفًا. ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔
شَدِفَ (ف س) شَدَفًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔
اَشْدَفَ. اللَيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
تَشَادَفَ. جھکنا۔
الشَدَفُ. س. رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد۔ ج شُدُوْف.
الشَدِف. لمبا جلدی کودنے والا۔
الشُدْفَة. ٹکڑا (الشَادُوْف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)
الاَشْدَفُ. رخسارہ کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مؤنث شَدْفَاءج شُدْف.
شَدِقَ. (س) شَدَقًا. چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَشْدَق)مؤنث (شَدْقَاء)ج شُدْق.
تَشَدَّق. بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا بالکَلَام وفِيْهِ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا۔
الشِدْق والشَدْق. جبڑا۔ شِدْق الوَادِي: وادی کا کنارہ۔ ج اَشْدَاق وشُدُوْق.
الاَشْدَق. زبان آور۔ بلیغ۔
الشَدِيْق. مِنَ الوَادِي: کنارہ۔ ج شُدْق.
الشَدْقَم والشُدَاقِم. چوڑے جبڑے والا۔ شیر۔
الشِدْيَاق. عِنْدَ النَصَارىٰ: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری۔ ج شَدَائِقَه (دخیل)
الشَادِكُوْنَة. بستر۔ مغنیہ (جدید)
الشَوْدَكَان. ہتھیار، ہتھیار کا سامان۔
شَدَنَ (ن) شُدُوْنًا. الظَبْيُ: قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھردار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے۔)
اَشْدَنَتِ. الظَبْيَةُ: قوی بچے والی ہونا۔ صفت (مُشْدِن) ج مَشَادِنُ ومَشَادِيْنُ.
الشَذْنُ. ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔
الشَادِنُ. فا. جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے۔
شَدَهَ (ف) شَدْهًا. الرَاسَ: سر کچلنا۔ (شَدَهَ واَشْدَهَ) الرَجُلَ: دہشت میں ڈالنا۔
شُدِهَ. مدہوش ہونا۔
اِنْشَدَهَ واِشْتَدَهَ. متحیر ہونا۔
الشُدَاه والشُدْه والشَدْه والشَدَه. حیرت۔ دہشت۔
المَشَادِه. مشاغل۔ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات۔
شَدَا یَشْدُو شَدْوًا. الرَجُلُ: گا کر شعر پڑھنا الاِبلَ: حدی گا کر ہانکنا الشِعْرَ: گانا اور سر نکالنا مِنَ العِلْمِ شَيْئًا: کچھ حاصل کرنا۔ صفت (شَادٍ) ج شُدَاةٌ وشَادُوْن.
شَدَاه فُلَانًا او بفُلَان: تشبیہ دینا۔ شَدَا شَذْوَهٗ: وہ اس کی چال چلا۔
اَشْدىٰ اِشْدَاءً. گانے میں ماہر ہونا۔
الشَدَا. بقیہ قوت۔ گرمی۔ کھجلی۔ مِنَ الشَيْئِ: کسی چیز کی حد۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْه شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا۔ و "لَمْ يَبْقَ مِنَ المَرِيْضِ اِلَّاشَدًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے۔
الشَدْوُ. س. بہت میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا شَدْوًا مِنْ مَالِه" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا۔
الشَاد. چپڑاسی۔ (جدید)
شَذَّ (ن ض) شَذًّ او شُذُوْذًا عَنِ الجَمْهُوْرِ اَوِ الجَمَاعَةِ: علیحدہ ہونا۔ اکیلا ہونا القَوْلُ: مخالف قیاس ہونا۔ عَنِ الاُصُوْلِ مخالف قاعدہ ہونا۔ صفت (شَاذّ) ج شُذَّاذ وشَوَاذّ. مؤنث شَاذَّة ج شَوَاذّ والشُذَّاذُ مِنَ النَّاسِ: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوْا شُذَاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ شُذَاذُ الآفاق: مسافر لوگ۔
شَذَّذَهٗ(ن) شَذًّا وشَذَّذَهٗ. شاذ کرنا۔
اَشَذَّ. نادر بات کہنا الشَيْئَ: جدا کرنا۔ شاذ کرنا۔
الشُذَّان والشَذَّان. متفرق کنکریاں وغیرہ۔ شُذَّانُ النَّاسِ: متفرق لوگ۔
شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا وشَذَّبَ. اللِهَاءَ: چھال چھیلنا الشَيْئَ: کاٹنا۔ شَذَبَ: وَشَذَّبَ الشَجَرَ: درخت کو چھانٹنا اَلمَالَ: بکھیرنا۔ شَذَّبَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ شَذَّبه: دھتکارنا۔

تَشَذَّبَ. ہٹنا۔ دور ہونا القَوْمُ: متفرق ہونا۔
الشَذَب. درخت کے ٹکڑے۔ متفرق لکڑیاں۔ چھلکے۔ سامان خانہ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "فِي الْاَرْضِ شَذَبٌ مِنَ الْكَلاءِ" ومَالَه اِلَّا شَذَبٌ مِنَ العَسْكَرِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے۔ ج اَشْذَابٌ
الشَذْبَة. درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی۔
الشَاذِبُ. فا. وطن سے دور۔
الشَوْذَب. مِنَ الرِجَالِ: لمبا خوبصورت قد والا۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ۔
المِشْذَبُ. شاخ تراشی کا آلہ۔
المُشَذَّب. مف کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ۔ فَرَسٌ مُشَذَّبٌ. لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو۔
شَذَّرَ. النَظْم: مہر لگا کر جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ كَلامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا بفُلان: بدنام کرنا۔
تَشَذَّرَ. برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا ہ: دھمکانا القَوْمُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا القوم فی الحَرْب: حد سے گزرنا۔
الشَذْر. سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَذْرَة) ج شَذَرَات وشُذُوْر. کہا جاتا ہے "تفرقُوْا شَذَرَ مَذر وشِذر مِذر" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔
الشَوْذَر. چادر۔ بے آستین کی قمیص۔
رَجُلٌ (شَيْذَارَة) صاحب غیرت مرد۔
شَذَفَ (ن) شَذْفًا. کہا جاتا ہے "مَا شَذَفْتُ مِنْه شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)
الشَوْذَق. کنگن۔

الشَذَام. بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔
الشَيْذُمَان. بھیڑیا۔
الشَيْذُمَانَة. تیز رفتار جوان اونٹنی۔
شَذَا يَشْذُوْا شَذْوًا. مشک لگانا الخبر: معلوم کر کے سمجھانا (واَشْذَى) فُلانًا: تکلیف دینا و اَشْذَاهُ عَنْهُ: دور کرنا؛ ہٹانا۔
شَذَّى تَشْذِيَةً. بِالخبرِ: معلوم کر کے سمجھانا۔
الشَذْو. س. مشک۔ مشک کی خوشبو۔
الشَذَا. بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ کھلی۔ مسواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔
الشَذَاةُ. شَذَا کا واحد۔ ج شَذَوَاتٌ. قوت کا بقیہ۔ پرانی چیز۔
شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَةً وشَرَرًا. شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) وصفت مؤنث (شَرَّة) ج اَشْرَار وشِرَار واَشِرَّاء.
شَرَّ (ن) شَرًّا: اللَحْم او الثَوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ میں ڈالنا فُلانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا اَشَرَّ الشَيْئَ: ظاہر کرنا۔
شَارَّهُ. جھگڑا کرنا۔
تَشَارًّا تَشَارًّا. باہم جھگڑنا۔
الشَرُّ. س. برائی۔ ج شُرُوْرٌ. یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرُّ النَاسِ وهُمْ شِرَارٌ واَشْرَارٌ واَشِرَّاءُ وهِي شَرَّةٌ اَوْشُرَّى النِسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت بڑا ہے اور اصل اس کی (اَشَرّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔
الشِرَّة. برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی۔ لالچ۔ شِرَّةُ الشَبَاب: جوانی کی چستی۔

الشُرَة. مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرَتِكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔
الشَرَرُ والشَرَارُ. آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد شَرَرَة وشَرَارَة)
الشَرِيْر. شرارت کرنے والا۔ ج اَشْرَار واَشِرَّاء. مؤنث شَرِيْرَة. الشَرِير: سمندر کا کنارہ۔ ج اَشِرَّة.
الشِرِّيْر. بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْن.
الاِشْرَارَة. پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لیے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَارِيْر.
الشَرِيْرَة. بڑی سوئی۔
الشَرَّان. بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا نہیں۔ واحد (شَرَّانَة)
شَرِبَ (س) شُرْبًا وشُرْبًا وشَرْبًا ومَشْرَبًا وتَشْرَابًا. الماءَ: پینا۔ گھونٹ لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِب السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے اور کہا جاتا ہے "اَكَلَ عَلَيْهِ الدَهْرُ وشَرِبَ" یعنی ہلاک ہو گیا و "اَكَلَ فُلانٌ مالي وشَرِبَه" یعنی ختم کر دیا۔
شُرِبَ (س) شَرَبًا. پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِب بِه: کسی پر جھوٹ بولنا۔
شَرَبَ (ن) شَرْبًا. الكَلامَ: سمجھنا۔
شَرَّبَهُ. پانی پلانا شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے قَصَبُ الزَرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا السُنْبُلُ الدَقِيْقَ: خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔
اَشْرَبَهُ. پلانا اَشْرَبَ الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) اللَوْنَ: گہرا رنگنا الثَوْب حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا بہ: کسی پر

جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "اَشْرَبَنِی مَالَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعویٰ کیا جس کو میں نے نہیں کیا الابل: باندھنا واُشرِب حُبُّ فُلَان اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہوگئی۔
شَارَبَہٗ مُشَارَبَۃً وشِرَابًا۔ ساتھ پینا۔
تَشَارَبًا۔ ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔
تَشَرَّبَ۔ الثَّوْبُ العِرَقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔
اِسْتَشْرَبَ۔ لَوْنُہٗ: تیز اور گہرا ہونا۔
اِشْرَأَبَّ۔ لِلشَّیْئِ وَاِلَیْہِ: گردن اُٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشُرَأْبِیْبَۃَ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِیْنَۃٌ۔
الشَّرْبَ۔ مں شَارِبٌ۔ اسم فاعل کی جمع ہے۔
الشِرْبَ۔ مں پینے کا پانی۔ پانی کا حصّہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ جِ اَشْرَاب۔
الشَرْبَۃ۔ شَرِبَ کا اسم مرۃ۔ جو ایک مرتبہ پیا جاسکے۔
الشُرْبَۃ۔ چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے "فِی وَجْھِہٖ شُرْبَۃٌ مِنْ حُمْرَۃ" اس کے چہرہ میں سرخی ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرَبَۃ۔ بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت۔ جِ شَرَب و شَرَبَات۔
مَاءٌ (شَرُوْبٌ وشَرِیْبٌ) پینے کے لائق پانی۔ الشَرِیْب: بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے ساتھ پلایا جائے۔ اُونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔
الشَّرَبَّۃُ۔ بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کا کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ عَلٰی شَرَبَّۃٍ وَاحِدَۃٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔
الشَرَاب۔ ہر ایک پینے کی چیز۔ جِ اَشْرِبَۃٌ۔
الشُرْبَۃ والشَرُوْب والشَرَّاب والشِرِّیْب۔ بہت پینے والا۔
الشَرَّابَۃ۔ شَرَّاب کا مؤنث۔
عِنْدَ الْمُوَلَّدِیْن ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا۔ جِ شَرَارِیْب۔ شَرَّابَۃ الرَّاعِیْ: ایک پودہ کا نام۔
الشَارِبُ (فا) جِ شَرْبٌ (جیسے رَاکِبٌ جمع رَکْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔
شَارِبُ الرَّجُلَ: مونچھ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرَّجُلِ" کہتے ہیں اور اطراف و اجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرَّجُلِ" بولتے ہیں۔ الشَوَارِب: گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی گزرنے کی جگہیں۔
الشَّارِبَۃُ۔ الشَارِبُ کا مؤنث۔ جِ شَارِبَاتٌ وشَوَارِبُ: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔
الشُرُوْب۔ پانی پینے والے۔
الشَرَابِیُّ۔ سقہ۔ بھشتی۔
المَشْرَب۔ پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے۔ جیسے "وَافَقَ الاَمْرُ مَشْرَبَہٗ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا۔ جِ مَشَارِبُ۔
المَشْرَبَۃُ والمَشْرُبَۃ۔ نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے؛ پینے پلانے کا کمرہ؛ پینے کی جگہ۔ جِ مَشَارِبُ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ ذُوْمَشْرَبَۃٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیئے۔
المِشْرَبَۃ۔ پانی پینے کا برتن۔ جِ مَشَارِبُ۔
المَشْرُوْب۔ مع ہر وہ چیز جو پی جائے۔
تَشَغْزَبَتِ. الرِّيْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
شَغْشَغَ. الشَّيْءَ: داخل کرنا۔ نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے المُلْجِم: جانور کو سدھانے کے لیے لگام کو ہلانا۔ فِي الاَمْرِ: جلدی کرنا فِي الشُّرْبِ: کم کرنا فِي الاِنَاءِ مَاءً وغَيْرَهٗ: بغیر بھرنے کے ڈالنا البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔
شَغَفَهٗ (ف) شَغْفًا. دل کے پردے کو زخمی کرنا فُؤَادَهٗ: دل پر غالب ہونا اليَبِيْسُ: سبزی نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغِفَ. بِهٖ: فریفتہ ہونا۔ شُغِفَ حُبُّهٗ: محبّت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔
تَشَغَّفَ. النَّاسَ: وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔
الشَّغْف. س۔ دل کا پردہ۔
الشَّغَف. س۔ انتہائی محبّت۔ شَغَفُ القَلْبِ: دل کا پردہ۔
الشَّغَاف. دل کا پردہ۔ سویداء دِل۔ ج شُغُف واَشْغِفَة.
الشَّغَاف والشُّغَاف. ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہوتی ہے۔
الشَّغْفَر. خوبصورت عورت۔
شَغَلَهٗ (ف) شَغْلًا وشُغْلًا واَشْغَلَهٗ. بِكَذَا: مشغول کرنا عَنْهُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْهُ بِكَذَا: مشغول رہنا۔ کسی کام میں لگا رہنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهٗ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَهٗ. مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔)
تَشَغَّلَ وتَشَاغَلَ واشْتَغَلَ. بِكَذَا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهٗ: مبتلائے افکار ہو

کر پریشان ہونا۔ اشتغل فِیْهِ السَّمُّ: زہر کا اثر کرنا الدَّوَاءُ فِیْهِ: دوا کا مفید ہونا۔ وتشاغَلَ عَنْه: غافل ہونا۔
الشُّغْلُ والشُّغُلُ والشَّغْلُ. مصروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَال وشغُوْل.
الشُّغْل. پری۔ بھراؤ۔
الشَّاغِل. فا. مبالغہ کی صورت میں۔ "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِل" کہا جاتا ہے۔
الشَّغْلَة. اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغْل.
الشَّغِل. کام میں لگا ہوا۔ مصروف۔
الشَّغَّال. بہت کام والا۔
الْاُشْغُوْلَة والمَشْغَلَة. کام۔ مشغلہ۔
المَشْغُوْل. مع. بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَار مَشْغُوْلَةٌ: آباد گھر۔ جارِيَةٌ مَشْغُولَةٌ: شوہر والی۔ مالٌ مَشْغُولٌ: تجارت وکاروبار میں لگا ہوا مال۔
الشَّغِم. لالچی۔ بہت حریص۔
الشُّغْمُوْم والشِّغْمِيْم. خوبصورت لمبا۔
الشُّغْنَة. تر ٹہنی۔ ج شُغَن.
الشُّغْنُب والشُّغْنُوْب. نازک وتر ٹہنی۔
شغَتْ تَشْغُوْ شُغُوًّا وشَغِيَتْ تَشْغى شَغًا. السِّنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔
شَاغِيَةٌ. ج شَوَاغٍ اور ایسے دانت والے کو (اَشْغىٰ) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاء وشَغْيَاء) ج شُغْوٌ.
اَشْغىٰ اِشْغَاءً. القَوْمُ بِه: لوگوں کی مخالفت کرنا فُلَانٌ رَايَهُ: پریشان کرنا۔
الشَّغْوَا. عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا وشَفِيْفًا وشَففا. الشَّيُّ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيْفٌ و شَفَّافٌ) عَنْهُ الثَّوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا۔ (شُفُوْفًا) الجسْمُ: بدن کا دُبلا ہونا (شَفًا) الشَّيُّ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتُ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔

"هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيْلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔
لَهُ الْاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (شَفِيْفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهُ (ن) شَفًّا وشُفُوْفًا وشَفَفَهُ. المَرَضُ او الهَمّ: کمزور کرنا۔ دُبلا کرنا۔
شَفَّ المَاءَ: سب پانی پی لینا۔
اَشَفَّهُ. عَلٰى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ: مُنہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا الدِّرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ وتَشَافَّ. مَافِي الْاِنَاءِ: برتن سے سارا پی جانا اور کھا جانا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيْرُ الحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ. لَهُ السِّتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا الثَّوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لیے روشنی میں پھیلانا الشَّيَّ: دیکھنا اور معلوم کرنا الکِتَابَ: غور کرنا۔
ہ: پار کی چیز دیکھنا مافي الْاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا پوری پوری رغبت کرنا۔
فِيْ تِجَارَتِهِ: تجارت میں فائدہ اُٹھانا۔
الشَّفُّ والشِّفُّ. کھڑا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ وشِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوْف الشِّفُّ: تھوڑی چیز۔
الشَّفِيْف. مس. آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَاف ثَوْبٌ شَفِيْفٌ: باریک کپڑا۔
الشَّفَف. مس. کم۔ ہلکاپن۔ بدحالی۔
الشَّفَّان. بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشُّفَافَة. برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَّهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
المَشْفُوْف. بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفْتَر واشْفَتَرَ. القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔

پراگندہ ہونا۔ اِشْفَرَّ العُوْدُ: ٹوٹنا السِّرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔
شَفْتَنَ شَفْتَنَةً. جماع کرنا۔
شَفِر (س) شَفَارَةً گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ. المَالُ: کم ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا عَلَى الْاَمْرِ: متوجہ ہونا الشَّيَّ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
الشَّفْر والشُّفْر. ج اَشْفَار و (الشَّفِيْر) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ مِنَ الوَادِي: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ شَفْرٌ وشُفْرٌ وشَفْرَةٌ"
الشَّفْرَة. بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْر وشِفَار وشَفَرَات. الشَّفْرَة. نوکر: خادم۔ عیش (مُشَفَّر) تنگ زندگی۔
المِشْفَر. شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لیے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر.
الشُّفَارِج. میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔
شَفَزَهُ (ض) شَفْزًا. لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔
شَفْشَفَ. الرَّجُلُ: کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ ومُشَفْشَفٌ) بِه: خلط ملط ہونا الدَّوَاءَ عَلَى الجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا الهَمُّ فُلَانًا: دُبلا کرنا الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا الحَرُّ والبَرْدُ الشَّيَّ: خشک کرنا عَلَيْهِ: ڈرنا۔
تَشَفْشَفَ. النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔
الشَّفْشَاف. اولوں والی بارش۔ عوام فَفْناف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔
شَفَعَ (ف) شَفْعًا. الشَّيَّ: جوڑا کرنا۔ دوہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهُ بِآخر" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا جَارَهُ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا النَّاقَةُ: ایک

بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِع) لِیَ الْاَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دو کھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً. لِفُلَان اَوْ فِيْهِ اِلٰى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بِالْعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِيْنِي وَلَهُ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لیے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے لِفُلَانٍ فِي الْمَطْلَبِ: کسی کے لیے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ. الشَّيْءُ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِیْ فِي فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ. لِيْ وَاِلَيَّ بِفُلَانٍ اَوْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ. زَيْدٌ اِلٰى عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا لِفُلَانٍ عَلٰى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْع. س۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "اَشَفْع هُوَ اَمْ وِتْر" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج اَشْفَاع وشِفَاع.

الشُّفْعَةُ. عِنْدَ الْفُقَهَاء: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ مِنَ الضُّحٰى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع.

الشَّافِعُ. فا. نَاقَةٌ. شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوْع) ایک دفعہ کے دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِيْعُ. سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء. الشَّفِيْع مِنَ الْعَدَدِ: جفت۔

الاَشْفَع. لمبا۔

الْمُشَفَّع. وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

الْمُشَفِّع. سفارش قبول کرنے والا۔

الْمَشْفُوْع. پاگل دیوانہ۔ اِمْرَاَةٌ مَشْفُوْعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا. عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوْقٌ وشَفِيْقٌ" شَفِقَ مِنَ الْاَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔

شَفَّقَهُ. مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

اَشْفَقَ. الشَّيْءَ: کم کرنا عَلَيْهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا عَلَى الصَّغِيْرِ: مہربان ہونا الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔

الشَّفَق. س۔ غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیزیں ز دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ کمزور کپڑا۔ ج اَشفاق.

الشَّفَقَة. مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُوْنًا. الرَّجُلَ واِلَى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)

الشَّفْنُ والشَّفِنُ. زیرک و دانا۔ الشَّفْنُ: انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْن. بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدتِ حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن.

الشَّفَنْتَرِیٰ والشَّفَنْتَرٰی. متفرق۔

شَفَهَ (ف) شَفْهًا. فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا الْاِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ الْعِيَال تَشْفَهَ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہل و عیال میرے مال کو ختم کر دیں ہٗ عَنِ الْاَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ. زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوْهٌ)

شَافَهَهُ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً. رو در رو گفتگو کرنا الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَّفَة والشِّفَة. مِنَ الْاِنْسَان: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لیے (شَفِيٌّ وشَفَهِيٌّ وشَفَوِيٌّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَة" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا اَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهُ بِبِنْتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ شَفَةُ الشَّيْءِ كَالدَّلْوِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّافِه. پیاسا۔

الشُّفَاهِيّ والاَشْفَه. بڑے ہونٹوں والا۔

الحُرُوْفُ الشَّفَهِيَّة. ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ بفم ہیں۔

المَشْفُوْه. مفع۔ مَاءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَشْفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْفُوْهُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد و دہش والا ہے۔

شَفَا يَشْفُوْ شَفْوًا. الْهِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا الشَّخْصُ: ظاہر ہونا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا الشَّفَا. نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان. ج اَشْفَاء. آدمی کے لیے موت کے وقت اور چاند کے لیے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لیے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ مِنْهُ اِلَّا شَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الاَشْفٰى. جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفٰى يَشْفِي شِفَاءً. اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ

المَرضُ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا فُلانٌ فُلانًا: کسی کیلئے شفا مانگنا الشمْسِ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (و شَفِیَ (س) شَفِیَ) الهِلَالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔
شُفِیَ. المَرِیْضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔
اَشفٰی اِشفاءً. فُلانًا: شفا مانگنا عَلَیْهِ: کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشفٰی المَرِیْضُ عَلَی المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آگا العَلِیْلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا المَرِیْضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اَشفِنِیْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشفَاهُ الشَّیْءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔
تَشفّٰی. مِنْ غَیْظِهٖ: غصّے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفّٰی مِنْ فُلَان" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (واشتفٰی) بِکَذَا: شفا حاصل کرنا۔
اَلْمُسْتَشْفٰی - ہسپتال
اِسْتَشْفٰی. بِهٖ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُسْتَشْفٰی بِرَایِهٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے المَرِیْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ: صحت یاب ہونا۔
الشِفَاء. س۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لیے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا)
ج اَشْفِیَة ج شَافٍ.
الشَافِی. فا. مِنَ الاَدْوِیَة ونَحْوِهَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوَابُ الشَافِی: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔
الاِشْفٰی. سُتالی. سُوجا. ج اَشافٍ.
شَقَّ (ن) شَقًّا. الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاء القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و "شقّ فُلانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔
شَقَّ (ن) شقًا و مَشَقَّةً. الاَمْرُ: دشوار ہونا عَلٰی فُلَان: مشقت میں ڈالنا البَرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا الفرسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (شُقُوْقًا) النَبتُ: اُگنا ناب البَعِیْرِ: دانت نکلنا (شَقًّا) الصُبْح: فجر طلوع ہونا۔
شَقَّقَ. الحطبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا الکَلَامَ: بر محل کہنا۔
شَاقَّهٗ شِقَاقًا و مُشَاقَّةً. مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔
تَشَقَّقَ. اَلحطبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عَصَاهُمْ بالبَیْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔
تَشَاقَّ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا الرجُلَان. باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْ ثِیَابَهُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔
اِنْشَقَّ. الشَّیْ: شگاف پڑنا الاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا الفجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔
اِشْتَقَّ. الشیٔ: آدھا لینا الکَلِمَةَ مِنَ الکَلِمَةِ مشتق کرنا جیسے الضَرْب سے ضَرَبَ الفَرَسُ فِیْ عَدْوِهٖ: دائیں بائیں جانا فِی الکَلَام اَو الخُصُوْمَةِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا الطَرِیْقَ فِی الفَلَاةِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔
الشَقُّ. س۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوْق.
الشِقُّ. جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَیْنِی وَبَیْنَكَ شِقَّ اَوْ شَقَّ شَعْرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔
الشِقَّةُ. کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق.
الشِقَّة والشُقَّة. دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لیے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق.
الشَقِیْق. دو حصّوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔
الشَقِیْقَةُ. حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش مِنَ البَرْقِ: اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِق. شَقَائِقُ النُعْمَان: گل لالہ۔ واحد۔ شَقِیْقَةُ النُعْمَان.
الاَشَقُّ. مِنَ الخَیْلِ: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ اَشَقُّ المَنْخَرَیْنِ: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔
المَشَقَّة والمِشَقَّة. دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقّ ومَشَقَّات.
شَقَأَ (ف) شَقْأً و شُقُوْءًا. النَابُ: دانت نکلنا الشَعْرَ الرَاسِ: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا رَاسَهٗ: سر پھاڑنا فُلَانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔
المَشْقَأ. مانگ۔
المِشْقَأ والمِشْقَاء والمِشْقَأة. کنگھا۔
شَقُحَ (ک) شَقَاحَةً. قبیح ہونا۔ صفت (شَقِیْح)
شَقَحَ (ف) شَقحًا. الشَّیْ: توڑنا الجَوْزَ: گرمی نکالنا ہ اللّٰهُ: قبیح بنانا الکَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگ اُٹھانا۔
شَاقَحَهٗ مُشَاقَحَةً. باہم گالی گلوچ کرنا۔
اَشْقَحَهٗ. دور کرنا (اَشْقَحَ وشَقَّحَ) البُسْرُ: رنگ پکڑنا النَخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقْحًا وشَقْحًا) لَهٗ: یعنی اس کے لیے دوری ہو۔
الاَشْقَح. سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ. ج شُقْح.

الشُقحِيُّ. سرخ رنگ والا۔
شَقِذَ (س) شَقَذًا. تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقَذ وشَقِذ وشَقِيْذ وشقذان)
شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا. دور جانا۔
شَاقَذَهُ. باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔
اَشْقَذَهُ. دھتکارنا۔
الشَقَذ والشُقَذ والشِقَذ. گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقْذَان وشُقَاذٰی. الشُقذ: س۔ کہا جاتا ہے "مالَه شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و هٰذَا لَيْسَ بِهِ شَقَذٌ ولَا نَقَذٌ" اس میں کوئی اللہ اور نقصان نہیں۔
الشِقْذَان. بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔
الشَقَذَان. س ج شِقْذَان و (الشِقْذ والشَقَذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔
الشَقْذَاء. بہت بھوکا عقاب۔
شَقِرَ (س) و شَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَةً. سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء ج شُقْر.
اِشْقَرَّ. گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔
الشَقْر. امر مقصود ودلچسپ۔ ج شقور: کہا جاتا ہے "اَفْضَيْتُ اِلَيْهِ بُشقُورِی" میں نے اپنے ان اُمور پر اس کو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّه شُقُوْرَهُ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔
الشُقَر. مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بالشُقَر والبُقَر" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔
اَشْقَرَان: نباتات اور دانوں میں لگنے والی بیماری۔
الشَقِر والشَقِرَان والشُقَّار والشُقَّارٰی. ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔
الشَقِرَّاق والشِقِرَّاق. فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقْرُق اور شَرَقْرَق بھی کہتے ہیں۔

شَقْشَقَ شَقْشَقَةً. الجَمَل: اونٹ کا بلبلانا الطَيْرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
الشِقْشِقَةُ. بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کیلئے "هَدرت شِقْشِقَتُه" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِه" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔
شَقَّصَ. الذَبِيْحَة: ذبح کیے ہوئے جانور کو حصہ داروں کیلئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔
الشِقْص. حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔
الشَقِيْص. شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔
المِشْقَص. چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص.
المُشَقِّص. قصاب۔
الشَقِيْط. مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔
الشَقِيْط. پکی ہوئی مٹی۔
شَقَعَ (ف) شَقْعًا. فِي الْإِنَاء: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔
الشَقَف. ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شَقَفَة)
الشَاقُوْف. عند البَنَّائِيْن: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ مِلْطَاس اور مِلْطَس ہے۔
شَقَلَ (ن) شَقْلًا. الدراهِمَ: تولنا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
شَوْقَلَ شَوْقَلَةً. حلیم وبردبار ہونا۔
الشَاقُوْل. معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔
شَقَنَ (ن) شَقْنًا واَشْقَنَ. العَطِيَّة: کم دینا۔ واَشْقَنَ الرَجُلُ: کم مال ہونا۔
شَقُنَ (ک) شُقُوْنَةً. العَطَاءُ: کم ہونا۔ صفت (شَقْنٌ وشَقِنٌ وشَقِيْنٌ)
المِشْقَن. ہنگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)
شَقَا يَشْقُوْ شَقْوًا واَشْقٰى اللّٰه فُلَانًا: بدبخت بنانا۔ اَشْقٰى شَعْرَه: کنگھی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقٰى شَقًا وشَقَاءً وشَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشَقْوَةً وشِقْوَة. بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيّ) ج اَشْقِيَاء.
شَاقٰى. فُلَانًا: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِيْ فَشَقَوْتُه" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا ہ فِي الحَرْب: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا ہ عَلٰى كَذَا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَاقِي. ما مِنَ الجِبَال: پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج شَوَاقٍ وشُقْيَان.
الشَقَا والشِقَاء. س۔ سختی۔ بدبختی۔
المِشْقٰى. کنگھی۔
شَكَّ (ن) شَكًّا. فِي الْاَمْر: شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاكٌّ) اور صفت مفعولی (مَشْكُوْك) فِيْهِ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا ہ بالرُمْح: ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّت الشَوْكَةُ رِجْلَهُ: کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوْتَهُم: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا الخَيَّاطُ الثَوْبَ: کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا اِلَيْهِ البِلَادَ: طے کر کے پہنچنا الشَيْءَ اِلَى الشَيْءِ: ملانا عَلَيْهِ الامرُ: دشوار ہونا فِي السِلَاح: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِلَاح و شَاكٌّ فِي السِّلَاحِ) ج شُكَّاك.
شَكَّ (س) شَكًّا. فُلَانًا و اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
شَكَّكَهُ. شک وشبہ میں ڈالنا۔
تَشَكَّكَ. فِي الْاَمْر: شبہ کرنا۔
الشَكُّ. س۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کیلئے قاتل ہے۔ ج شُكُوْك.
الشِكَّة. اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا پچڑ جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کیلئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِكَّة" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔

الشُکَّۃ. مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا شُکَّۃٌ بَعِیْدَۃٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت ہے۔

الشَاکَّۃ. الشَاكُّ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاكُّ. بُیُوْتٌ (شِکَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔

الشِکاکۃ. زمین کا گوشہ۔

الشَکِیْکَۃ. طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْہُ عَلٰی شَکِیْکَتِہٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ میوہ کی ٹوکری۔ ج شَکَائِكُ و شُکُكٌ.

اَلْمِشَكُّ. سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاكُّ.

شَکَرَ (ن) شُکْرًا وشُکُوْرًا وشُکْرَانًا. الرَّجُلَ ولَہٗ (و باللام اَفْصَح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "شَکَرَ اللّٰہُ سَعْیَكَ" یعنی اللہ ہماری کوشش کی جزا دے و "شَکَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَہٗ" میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ و "شَکَرَ اللّٰہَ و لِلّٰہِ وباللّٰہِ ونِعْمَۃَ اللّٰہِ وبِنِعْمَۃِ اللّٰہِ" اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شَاکِر) ج شَاکِرُوْن وشُکَّر. شَاکِرُ رَبِّہٖ: ایک قسم کی گھاس۔

شَکِرَتْ (س) شَکَرًا. النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَکِرَۃٌ) ج شَکِرَات وشَکَارٰی وشَکْرٰی و (مِشْکَار) الشَجَرَۃُ: درخت کا جڑ میں سے شاخ نکلنا الرَجُلُ: بخل کے بعد سخی ہونا۔

اَشْکَرَ. الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت (شَکْرَان) مؤنث شَکْرٰی. ج شُکَارٰی و شَکَارٰی. عَیْنٌ شَکْرٰی: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اشکر الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔

شَاکَرَہٗ. شکر گزاری دکھلانا۔ ہٗ الحَدِیْثَ: گفتگو شروع کرنا۔

اِشْتَکَرَ. الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔

اِشْتَکَرَتِ الرِیَاحُ: ہوا کا تیز چلنا السَمَاءُ: بارش لانا الرَجُلُ فی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَکَرَ البَرْدُ او الحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا الجَنِیْنُ: رواں نکلنا۔

تَشَکَّرَ. لَہٗ: شکر ادا کرنا۔

الشَکُوْر. بہت شکر گزار (مذکر و مؤنث) ج شُکُر الشَکُوْرُ فی اَسْمَائِہٖ تَعَالٰی. تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔

الشَکِیْر. بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَکِیْرُ الْاِبِلِ. چھوٹے اونٹ۔ ج شُکُر.

الشَکْرَۃ. اسم مرۃ (والشَکْرِیَّۃ) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مَشْکَرَۃٌ) یعنی دودھ والا پودہ۔

الشُکْرَان. شکر گزاری۔

الشَوْکَرَان و الشِیْکَرَان والشَیْکُرَان. ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)

الشَاکِرِیّ. خادم۔ نوکر۔ چاکر۔ ج شَاکِرِیَّۃ (دخیل)

الشَاکِرِیَّۃ. خادم کی اُجرت۔ عوام شَاکِرِیۃ کو ٹیڑھے سر والی چھری کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

الشَکَائِر. پیشانیاں۔

شَکَزَہٗ (ن) شَکْزًا. اُنگلی چبھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَکَزَہٗ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا۔

الشَکِز والشَکَز. بد خلق۔

الشَکَّاز. شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔

شَکُسَ (ک) شَکَاسَۃً وشَکِسَ (س) شَکَسًا. بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَکْسٌ وشَکِسٌ) ج شُکْس.

شَاکَسَہٗ مُشَاکَسَۃً. مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔

تَشَاکَسَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَیْلُ والنَہارُ یَتَشَاکَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

الشَکِیْس. نحوست۔

المِشْکَس. بخیل۔ سخت مزاج۔

الشَکْس. نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔

□الشَکِص والشَکِیْص. بد خلق۔

الشَکِیْصَۃ: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔

الشَکَّاص. ناہموار دانتوں والی عورت۔

شَکِعَ (س) شَکَعًا. المَرِیْضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاکِعٌ وشَکِعٌ وشَکُوْعٌ)
الزَرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔

اَشْکَعَہٗ. غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔

شَکَلَ (ن) شَکْلًا وشَکَّلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ الکِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَکَلَ وشَکَّلَ الدَابَّۃَ بالشِکَال: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَکَّلَ الشَیْءَ: تصویر بنانا۔ شَکَلَتْ وشَکَّلَتِ المَرْاَۃُ شَعْرَھَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔

شَکِلَ (س) شَکَلًا. سرخ سفید ہونا الشَیْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا المَرْاَۃُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔

اَشْکَلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْکَلَتْ عَلَیَّ الاَخْبَارُ میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔
العِنَبُ: انگور پکنے لگنا النَخْلُ: درخت خرما پک کر تیار ہونا الکِتَابَ: اعراب لگانا الشَیْءَ: مشکل ہونا المَرِیْضُ: بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔

شَاکَلَہٗ مُشَاکَلَۃً. مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَانٍ مُشَاکَلَۃٌ مِنْ اَبِیْہِ" اِس میں اُس کے باپ کی مشابہت ہے۔

تَشَکَّلَ. صورت اختیار کرنا العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔
اِشْتَکَلَ واِسْتَشْکَلَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
الشَکْلُ. س۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد وارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُهُ عَنْ شَکْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی، کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج اَشْکَال وشُکُوْل.
الاشْکَالُ: چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "اُمُوْرٌ اَشْکَالٌ" یعنی مشتبہ اُمور۔ شَکْلُ الکِتَابِ: کتاب کی حرکات۔ الشَّکْلَة: ایک حرکت مثلاً زیر، زبر یا پیش۔
الشِکْلُ. مثل۔ عورت کا ناز وانداز۔
الشُکْلَة. سرخی مائل بہ سفیدی (والشَاکِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْهِ شُکْلَةٌ اَوْ شَاکِلٌ مِنْ اَبِیْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَاَةٌ (شَکِلَة) ناز وانداز والی عورت۔
الشِکَال. جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُکُلٌ. الشِکَالُ فِی الخَیْلِ: تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔
الشَاکِلَةُ. الشَاکِلُ کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاکِلَةُ الطَّرِیْق. طریقہ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاکِل. اور اسی سے ہے "اَصَابَ شَاکِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پا لیا۔ و "فُلَانٌ یَرْمِیْ بِرَایِهِ الشَوَاکِل" یعنی فلان وجوہ صواب کو پا لیتا ہے۔ الشَوَاکِل. بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِیْقٌ ذُوْ شَوَاکِلَ. یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔

الاَشْکَل. سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَشْکَلُ بِهِ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُکْلٌ.
الشَکْلَاء. اَشْکَل کا مؤنث۔ حاجت۔
الشَوْکَلَة. ناحیہ۔ جانب (الشَوْکَل) کا واحد بمعنی عوسج۔ اور عوسج ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔
الاَشْکَلَة. التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِیْهِ اَشْکَلَةٌ مِن اَبِیْه" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کر دے۔ تم کہتے ہو "لنا عِنْدَهُ اَشْکَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔
الشَکِیْل. خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔
المُشْکِل والمُشْکِلة. امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاکِل و مُشْکِلَات.
المَشْکُوْل. مِنَ الخَیْلِ: تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔
المُشَکَّل. صورت و شکل والا۔
شَکَمَهُ (ن) شَکْمًا دینا۔ بدلہ دینا۔ فلانًا: رشوت دینا۔
شَکَمَه (ن) شَکْمًا وشَکِیْمًا. دانت سے کاٹ لینا۔
شَکِمَ (س) شَکَمًا بھوکا ہونا۔
اَشْکَمَه. بدلہ دینا۔
الشُکْمُ والشُکْمٰی. ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔
الشَکِم. شیر۔
الشَکِیْمَة. تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عہد۔ طبیعت۔ چیتا۔ زہر۔ مشابہت مِنَ اللجَام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَکَائِم وشُکُم وشَکِیْم اور اسی سے ہے "فُلَانٌ ذُوْ شَکِیْمَة" او شَدِیْدُ الشَکِیْمَةِ یعنی فلاں خود دار اور غیرت مند ہے۔
شَاکَهَه شِکَاهًا ومُشَاکَهَةً. مشابہ ہونا۔
اَشْکَهَ. الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
تَشَاکَهَا. باہم مشابہ ہونا۔

شَکَا یَشْکُوْ شَکْوٰی وشَکْوًا وشَکَاةً وشَکَاوَةً وشِکَایَةً وشَکِیَّةً. اِلَیْهِ زَیْدًا: شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاکٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ ومَشْکِیٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مشْکُوٌّ) اِلَیْهِ اور شکایت کو (شَکْوٰی) کہتے ہیں۔ شَکَا الاَمْرَ او العِلَةَ: ذکر کرنا یا درد مند ہونا مَرْضَه لِلطَبِیْبِ: طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا اَمْرَهُ اِلَی اللّٰه ظاہر کرنا۔
شَکَا یَشْکُوْ شَکْوًا وشَکْوٰی وشَکَاةً. المرضُ فُلَانًا: الم پہنچانا۔ درد مند بنانا۔
شَکَّیٰ تَشْکِیَةً. الشَاکِی: شکایت قبول کرنا۔
اَشْکٰی اِشْکَاءً. فُلَانًا: شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کر دینا فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لیے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُو یَشْکِی بِکَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ متہم ہے۔
شَاکَاه. شکایت کرنا۔
تَشَکّٰی. بیمار ہونا اِلَیْهِ: شکایت کرنا۔ مِ جُرْحٍ: درد مند ہونا۔
اِشْتَکٰی. بیمار ہونا اِلَیْهِ: شکایت کرنا مِ جُرْحِه: درد مند ہونا۔
تَشَاکٰی تَشَاکِیًا. القَوْمُ: باہم دگر شکایت کرنا۔
الشَکْو والشَکْوٰی والشَکَاء والشَکَاة والشُکْوَاء. بیماری۔ الشَکْوٰی: جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَکَاوٰی. الشَکْو: چھوٹا اونٹ۔
الشَکْوَة. شَکَا کا اسم مرۃ۔ شکو بمعنی مرض کا واحد ج شَکَوَات وشِکَا (والشُکَیَّة) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔
الشَکِی. جس کی شکایت کی جائے۔

درد مند۔ مؤنث شَکِیَّة. ج شَکَایَا (والشَاکِی) معمولی بیمار رَجُلٌ شَاکِی السِلاح: ہتھیار بند صاحب شوکت و رعب مرد (شائك کا مقلوب ہے۔)

الشَکَاة. عیب۔

المِشْکَاة. طاق۔ چراغ رکھنے کا طاق۔ چراغ دان۔

شَکَی یَشْکِي شَکْیًا. اِلَیْه. شکایت کرنا۔

الشَکِیَّةُ. بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلًّا. الثَوْبَ: کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔ شَلَّتِ العَیْنُ دمْعَها: آنکھ کا آنسو بہانا الدِرْعَ وشَلَّهَا عَلَیْه: زرہ پہننا الشَیْئَ: کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلًّا وشَلَلًا. الابِلَ. اُونٹوں کو بھگانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلَانٌ یَشُلُّهُمْ بِالسَیْفِ" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔ والصُبْحُ یَشُلُّ الظَلَامَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلًّا وشَلَلًا وشُلَّتْ و اُشِلَّتْ اِشْلَالًا. یَدُهُ: خشک ہونا۔ لنجا ہونا۔ ایسے ہاتھ کو (شَلَّاء) اور ایسے ہاتھ والے کو (اَشَلّ) کہتے ہیں۔ جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لیے دُعاء کے طور پر کہتے ہیں "لَا شُلَّتْ یَدَاكَ اولَا شُلَّتْ عَشْرُكَ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔

اَشَلَّ. بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ. المَطَرُ: برسنا السَیْلُ: سیلاب بڑھنا شروع ہونا الذِئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔ اِنْشَلَّتِ الاِبِلُ: بھاگنا۔ شَلَالِ. مبنی علی الکسر: شَلَلْ کا اسم ہے۔ تیر انداز کے لیے دُعا کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لَا شَلَالِ" بمعنی لا شُلَّتْ یَدُكَ.

الشَلَل. س۔ کپڑے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ ہاتھ کی خرابی۔

الشُلُل والشُلُل والشَلُول. تیز۔ خوش مزاج۔

الشِلَال. متفرق لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ شِلَالًا" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَلَّةُ. اسم ر (والشُلَّةُ والشُلَّی) دور کا مقصد۔ جہت سفر۔

الشَلِیل. اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔ چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔ کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔ وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ ج اَشِلَّة.

الشَلَّال. آبشار۔ ج شَلَّالَات

المِشَلّ. گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ رَجُلٌ مِشَلٌّ: سبک دست۔ تیز۔ خوش مزاج۔

شَلَّحَهُ تَشْلِیحًا. ننگا کرنا۔

الشَلْحَاء والشَلْحَی. تیز تلوار۔ ج شُلَّح.

المُشَلَّح. حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اُتارے جاتے ہیں۔

شَلَخَه (ن ف) شَلْخًا. بِالسَیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الشَلْخ. س۔ اصل۔ جڑ۔ آدمی کی اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُو شَلْخُ سُوءٍ" وہ بُری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَةً وشِلْشَالًا. المَاءُ: پانی ٹپکنا المَاءَ وبِالمَاءِ: پانی متفرق چھڑکنا المَاءَ: پانی ٹپکانا السَیْفُ الدَمَ: گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَل ومُشَلْشِل ومُشَلْشَل) بکھرنا

تَشَلْشَلَ. المَاءُ: پانی کا پھیلنا۔ السَیْفُ بالدَمِ: گرانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ و جُرْحُهُ یَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَلْشَال. ٹپکنے والی مشک۔ مَاءٌ شَلْشَلٌ: لگاتار ٹپکنے والا پانی۔ مَاءٌ ذُو شَلْشَلٍ: ٹپکنے والا پانی۔ (الشَلْشَل والشُلْشُل) مِن الرِجَال: تیز و سبک دست۔ خوش مزاج۔

الشَلْطُ والشَلْطَاء. چھری۔

الشِلْطَة. باریک اور لمبا تیر۔ ج شِلَط.

شَلَغَ (ف) شَلْغًا. الرَاسَ: کچلنا۔ توڑنا۔

الشِلْف. مِنَ الحَدِیدِ عِنْدَ العَامَّةِ: لوہے کی سلاخ۔

الشَالُوف. عِنْدَ العَامَّةِ: آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَلَافَة. مِنَ النِسَاءِ: بدکار عورت۔

شَلَقَهُ (ن) شَلْقًا. لمبا پھاڑنا یا چیرنا۔ بالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔

الشِلْق والشَلِق. نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج شِلَاق.

الشِلْقَاء. چھری۔

الشَلْقَة والشِلْقَة. گوہ کے انڈے۔

الشَلَقَة. گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَلَقَة: موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَلَاق. فقیروں کا تھیلا۔

الشَوْلَقِيّ. مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

المِشْلِیق. ہنستے وقت مُنہ کھولنے والا۔

الشَیْلَم والشَوْلَم والشَالَم. ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشِلْم. چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَطَایَرُ شِلْمُه" فلاں کے غصّہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔

شَلَا یَشْلُو شَلْوًا. چلنا الشَیْئَ: بلند کرنا۔

اَشْلَی اِشْلَاءً. الکَلْبَ عَلَی الصَیْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔ بھڑکانا النَاقَةَ: اونٹنی کو دوہنے یا چارہ کے لیے بلانا۔

اِشْتَلَی. فُلَانًا: چھڑانا۔

اِسْتَشْلَی. غضبناک ہونا۔ چھڑانا۔

الشِلْو. عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج شِلَاء. اَشْلَاءُ اللِجَامِ: لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ اَشْلَاءُ الاِنْسَانِ: اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ اَشْلَاءٌ فِي بَنِي فُلَانٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِلْو والشِلَاءُ. ہر چیز کا جسم۔

المُشَلّی. لاغر ونحیف۔
شَمَّ (س ن) شَمًّا وشَمِیْمًا و شَمِیْمَی. الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھنا (شَمَمًا) تکبر کرنا۔ الجَبَلُ: اَوِ الاَنفُ: چوٹی بلند ہونا۔ صفت (اَشَمّ و شَمِیْم)
شُمَّ. آزمائش کیا جانا۔
شَمَّمَ. الزَهْرَ: پھول سونگھنا ہ الزَهْرَ: پھول سونگھانا۔
اَشَمَّ. سر اُٹھا کر گزرنا الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھانا عَنِ الاَمْرِ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔ اَشَمَّ القَارِیُٔ الحَرْفَ: اَشمام کر کے وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشْمِمْنِیْ یَدَكَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و "عَرَضْتُ عَلَیْهِ کَذَا فَاِذَا هُوَ مُشِمٌّ لَا یُرِیْدُهٗ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھالی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔
شَامًّا مُشَامَّةً وتَشَامًّا تَشَامًّا. ایک دوسرے کو سونگھنا۔
اِشْتَمَّ. الشَیْٔ: سونگھنا۔
تَشَمَّمَهٗ. آہستہ آہستہ سونگھنا۔
اِسْتَشَمَّهٗ. سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔
الشَمّ. س۔ سونگھائی۔
الشَامَّةُ. سونگھنے کی حس۔
الشَمَم. س۔ نزدیکی۔ دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن وہمواری کے ساتھ۔
الشَمِیْمُ. س۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔
الاَشَمّ. مغرور سردار۔ کریم۔ اُونچی ناک والا۔ مؤنث شَمَّاء۔ ج شُمٌّ۔
الشَمَّام والشُمُوْم. بہت سونگھنے والا۔
الشَمَّام: ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمَّامَةٌ) ج شَمَّامَاتٌ۔ الشَمَامَات: عمدہ خوشبوئیں۔
الاِشمَام. عِنْدَ القُرَّاءِ والنُحَاةِ: بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔
المَشْمُوْم. مشموم۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔
شَمِتَ (س) شَمَاتًا وشَمَاتَةً بِفُلَانٍ: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی (شَامِتٌ) ج شُمَّاتٌ. اور صفت مفعولی (مَشْمُوْتٌ) بِهٖ.
شَمَّتَ. العَاطِسَ وشَمَّتَ عَلَیْهِ: یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کر دُعا کرنا۔ یا دُعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے ہ: محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَیْنَهُمَا: جمع کرنا۔
اَشْمَتَهٗ. اللّٰهُ بِعَدُوِّهٖ: دشمن کے غم سے خوش کرنا۔
تَشَمَّتَ. القَوْمُ: بلا غنیمت کے محروم واپس آنا۔
الشَامِتُ. فا۔ ج شُمَّاتٌ.
الشَامِتَة. الشَامِت کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوَامِت. کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَیْلَةِ الشَوَامِت" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ وبَاتَ طَوْعَ. الشَوَامِت. مصیبت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری۔
الشِمَات والشَمَاتَی. محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتَی" قوم محروم واپس آئی۔
اَلشَّمَانِیَا فرانسیسی دوپٹہ وہاں کے شہر کے نام پر۔
شَمَجَ (ن) شَمْجًا. الشَیْٔ: ملانا الثَوْبَ: کپڑے کو دُور دُور سینا۔ شَمَجَهٗ عَنْ کَذَا: الگ کرنا فُلَانًا:
الشَمَاج. انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے۔ کہا جاتا ہے ما ذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔ نَاقَةٌ (شَمَجَی) تیز رفتار اونٹنی۔
شَمْجَرَ. الرَجُلُ: خوفزدہ کی طرح دوڑنا۔
الشَمْحَط والشِمْحَاط والشَمَحُوْط. بہت لمبا۔
شَمَخَ (ف) شَمْخًا وشُمُوْخًا. الجَبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت (شَامِخٌ) ج شُمَّخٌ. مؤنث شَامِخَة ج شَوَامِخ و شَامِخَات (و شَمَّخَ) اَنْفَهٗ وبِاَنْفِهٖ: تکبر سے ناک چڑھانا۔ صفت (شَمَّاخٌ)
تَشَامَخَ. بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔
تَشَمَّخَ. بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔
الشَامِخ. فا۔ نَسَبٌ شَامِخٌ: شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ: متکبر مرد۔
الشَمَّاخ. شامِخ کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخٌ: بہت بلند پہاڑ مَفَازَةٌ (شَمُوْخٌ و شَمَخ) دور اطراف والا۔ بیابان۔
شَمْخَرَ شَمْخَرَةً. تکبر کرنا۔
اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا. الشَیْٔ: طویل ہونا الجَبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔
الشُمَّخْر والشِمَّخْر. متکبر مرد۔ بلند نظر۔ موٹا آدمی یا اونٹ۔
الشَمْذَرُ والشِمِذَرُ والشَمْذَار تیز رفتاری۔
الشِمذَارَةُ والشِمِیْذَر. چست لڑکا۔
شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا. تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا النَخْلَ: کھجوریں کاٹنا۔
شَمَّرَ تَشْمِیْرًا. تیز گزرنا ہ: تیز چلانا۔ الشَیْٔ: سَیَّرَنَا السَفِیْنَةَ او الصَقْرَ: چھوڑنا۔
الثَوْبَ عَنْ سَاقِهٖ: اُٹھانا فِی الاَمْرِ: چستی کرنا لِلاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
اِلَی المَکَانِ: قصد کرنا۔ شَمَّرَتِ الحَرْبُ و شَمَّرَتْ عَنْ سَاقِهَا: سخت ہونا۔
اَشْمَرَهٗ. جلدی کرانا ہ بِالسَیْفِ:
تَشَمَّرَ وانْشَمَرَ. تیز چلنا یا تکبر سے چلنا الاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
الشِمْر. فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔
الشُمْرَة والشَمَار: ایک قسم کا پودہ ہے

جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی۔

الشُمُوْر الماس۔ ہیرا۔

الشِمِّیْر والشَمَّرِیَّ والشِمِّرِیَ والشِمَّرِیَّ۔ تجربہ کار۔ دانائے اُمور۔ محنت سے کام کرنے والا۔ مِنَ الاِبلِ: تیز رفتار۔ نَاقَةٌ او الشاة (شَامِرٌ او شامِرَةٌ) اونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لِثَةٌ شَامِرَةٌ: دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوَامِر۔

الْمُشَمِّر۔ فا۔ تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔

شَمْرَجَ۔ الثَوْبَ: دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا فِی الْکَلامِ: گڑ بڑ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔

الشِمْرَاج۔ جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِیْج۔ الشمارِیْج: باطل باتیں۔

الشُمْرُج۔ باریک بناوٹ کا کپڑا۔

ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔

شَمْرَخَ۔ العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔

الشُمْرُوْخ والشِمْرَاخ۔ کھجور یا انگور کا گچھا۔ الشِمْرَاخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔ الشُمْرُوْخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَمَارِیْخ۔

الشِمَارِق والشَمَارِیق والمُشَمْرَق۔ مِنَ الثِیَابِ: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔

شَمَزَتْ (ن) شَمْزًا۔ نَفْسُهُ مِنْهُ کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

تَشَمَّزَ۔ الوَجْهُ: سکڑنا۔

اِشْمَأَزَّ اِشْمِئزَازًا۔ خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا الشَیَٔ: مکروہ جاننا مِنْهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

شَمَسَ (ن) شُمُوْسًا وشِمَاسًا۔ باز رکھنا۔ انکار کرنا لَهُ: دشمنی ظاہر کرنا۔ بُرائی کا ارادہ کرنا الفَرَسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوْسٌ) ج شُمُسٌ و شُمْسٌ و (شَامِسٌ) ج شَوَامِس۔

شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشْمَسَ۔ الیَوْمُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِس و مُشْمِسٌ) وشَمِسَ لِی۔ عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔

شَمَّسَ۔ الکافِرُ: آفتاب کی پرستش کرنا الشَیَٔ: دھوپ میں پھیلانا ٥: نفرت دلانا۔ فُلَانٌ: شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)

شَامَسَهُ۔ دشمنی کرنا۔

تَشَمَّسَ۔ دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا عَلَیْنَا: بخل کرنا۔

الشَمْس۔ س۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَیْسَةٌ۔ ج شُمُوْسٌ الشمس: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَیَٔ فِی الشَمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ "وَدَخَلَتِ الشَمْسُ فِی البَیْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔

اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔

الشَمِس والشَمْس والشَمُوْس۔ مِنَ الاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔

الشَمُوْس بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُسٌ و شُمْسٌ۔

الشَامِس۔ فا۔ مِنَ الاَیَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الخَیلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے مِنَ الرِجَالِ: دُشوار خو۔ ج شَوَامِس

الشَمْسِیَّة۔ عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّةٌ یا مُظَلَّةٌ کہا جائے اور بارش سے بچانے والی کو عَالَةٌ۔

الشَمَّاس۔ قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمہ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

المُتَشَمِّس۔ فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ۔ الدَوابَ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَصَهُ بِالسَوطِ: کوڑے سے مارنا الرَجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَّصَهُ الشَیَٔ: بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ وانْشَمَصَ۔ خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ۔ سکڑنا۔

الشِمَاص۔ نکل جانا۔

الشُمَاص۔ جلدی۔

الشَمُوْص۔ مِنَ الخَیلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا۔ الشَیَٔ: ملانا الاِناءَ: برتن کو بھرنا الشَجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا واشْمَطَ اِشْمِیْطَاطًا واشْمَاطَّ اِشْمِیْطَاطًا واشْمَأَطَ اِشْمِئْطَاطًا۔ سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط و شمطان۔ مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط۔

شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ۔ بِهِ: ملانا۔ اشْمَطَ الرَجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔

الشَامِط۔ وہ دیگ جس میں پوری بکری معہ مسالا کے آجائے۔

الشَمَط والشَمْط والشِمْط۔ مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط۔

الشَمِیْط۔ مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوتی ہے۔)

الشَمْطَات۔ فِی الرَاسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشَمُوْط۔ عِنْدَ العَامَةِ: چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔

الشِمْطَاط والشُمْطُوْط والشِمْطِيْط. گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِيْط. کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِيْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شِمْطَاط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُمْطُوْط: لمبا۔

شَمَظَهُ (ض ن) شَمْظًا. منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا الشَیْئَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا. کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ"، تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (شُمُوْعًا) الشَیْئُ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ. الشَیْئَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا الرَجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر آکسانا۔

اَشْمَعَ. السِرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَمْعُ والشَمَعُ. موم بتی۔ واحد (شَمْعَةٌ وشَمَعَةٌ) ج شَمَعَاتٌ. و (الشَمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِمَاع والشِمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔

الشَمُوْع. مِنَ النِسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَمْعَدَان. چراغ دان۔ ج شَمَاعِد و شَمْعَدَانَات دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَائِلَةٌ ہے۔ مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا. غصے سے بھر جانا۔ القَوْمُ فِي الطَلَبِ: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا الاِبِلُ والخَيْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واشْمَعَلَّ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا الغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا الاِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا. جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ. شادماں ہونا۔

الشَمَاقَةُ. جنون۔ شادمانی۔ چستی۔ الشَمِقُ والشَمَقْمَق. لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُوْلًا. الرِيحُ: بادِ شمالی چلنا (شَمْلًا) الشَیْئَ: بادِ شمالی کے سامنے کرنا بہ: بائیں جانب لینا النَخْلَةَ: تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلًا. الشَاةَ: بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهُ (س) شَمْلًا و شُمُوْلًا. چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمَلًا و شُمل و شَمْلًا. القَوْمُ: بادِ شمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلًا وشَمَلًا وشُمُوْلًا. الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمِلَ القَوْمَ خَيْرًا او شرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہو گئی۔

شَمَّلَهُ تَشْمِيْلًا. چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔ شَمَّلَ الرَجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ. القَوْمُ: بادِ شمالی میں داخل ہونا۔ الرِيحُ: بادِ شمالی چلنا الشاةَ: بکری کے تھن کیلئے تھیلا بنانا القَوْمَ خيرًا او شرا: خیر یا شر کو سب کے لیے عام کرنا الرَجُلُ: بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهُ: بڑی چادر دینا النَخْلَةَ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ. بالشَمْلَةِ: چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ. جلدی کرنا فی الحاجۃ: آمادہ ہونا۔ ارادہ کرنا بالثَوْبِ: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلٰی فُلَان: بچانا۔

اِنْشَمَلَ جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فِيْ حَاجَتِهِ" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَمْل. س۔ بادِ شمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اُمور متفرق کو جمع کر دے۔ و "فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (والشِمْل) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَمَل. س۔ بادِ شمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور، آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلَى النَخْلَةِ اِلَّا شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال۔

الشَمْلَة. جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلَات اُمُّ شَمْلَة: دُنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِمْلَة. لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِمْلَةِ"

الشَمَال والشِمَال والشَمْأَل والشَأْمَل والشَمِيْل والشَمُوْل والشَوْمَل والشَيْمَل. بادِ شمالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَمَال او رِيْحٌ شَمَالٌ" بادِ شمالی چلی۔ ج شَمَالَات. الشِمَال: بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِمَال. ج اَشْمُل وَشُمُلٌ وشِمَال (بلفظ الواحد) وشَمَائِل: بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِي بِالشِمَالِ" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِي بِالْيَمِيْنِ" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِمَال: اُتر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔

طَيْرٌ شِمَالٌ: وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَةٌ شِمَالٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِمَال. ج شَمَائِل: سیرت۔ عادت۔

طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ مِنْ شِمَالِی اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِیْ" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔

الشَمِیْلَة. طبیعت۔ ج شَمَائِل.

الشَمِل. چادر سے لپٹا ہوا۔

الشَمُوْل. شراب یا ٹھنڈی شراب۔

الشِمِلُ. تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِیْمَال. بایاں۔

الشَمْألَة. شکاری کے لیے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل.

المِشْمَل. چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (والمِشْمَلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔

المَشْمُوْل. جس پر بادِ شمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔

المَشْمُوْلَة. شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَیْلَةٌ مَشْمُوْلَةٌ: ٹھنڈی رات۔ اخلاق۔ مَشْمُوْلَةٌ: بُرے اخلاق۔

شَمْلَل. الرَجُلُ: جلدی کرنا۔ النَخْلَة: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلَالٌ و شَمْلِیْلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِمْلَال: بایاں۔

الشُمْلُوْل. کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِیْل. الشَمَالِیْل: شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَی النَخْلَةِ اِلَّا شَمَالِیْلَ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوْا شَمَالِیْلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔ "ثَوْبٌ شَمَالِیْلَ" پھٹا پرانا کپڑا۔

شَمْهَذ. السِکِّیْنَ: تیز کرنا۔ الحَدِیْدَ: پتلا کرنا۔

الشَمْهَذ. تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانتوں والا کتا۔

شَمَا یَشْمُوْ شُمُوًا. الرَجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَمَا. موم۔

شَنَّ (ن) شَنًّا. الماءَ علی الشَرَابِ: متفرق چھینٹا دینا۔ (واشَنَّ) الغَارَةَ عَلَیْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔

شَنَّتَ (ض) و شَنِتَ وشَنَتَ. القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔

تَشَنَّنَ وتَشَانَّ الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا۔ جِلْدُ الاِنْسَان. بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا (واشْتَنَّ) السِقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَادَّ الشَیْأَن: باہم ملنا۔

اِسْتَشَنَّ. دُبلا ہونا۔ اِلَی اللَبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اسْتَشَنَّتِ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔

الشَنّ. مذ۔ ج شِنَان واشْنَان و (الشَنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اشنان جمع لاتے ہیں۔

الشَنُوْن. موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔

الشَنِیْن. دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔

الشُنَان. ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔ مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔

الشُنَانَة. مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔

الاُشْنَان. ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔

شَنَأَ (ف) وشَنِیَٔ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنْأَنًا وشَنَانًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً. الرَجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِیٔ) ج شُنَّا. مؤنث شَانِئَةٌ. ج شَوَانِی وصفت مفعولی (مَشْنُوْء)

شَنِیَٔ (س) شَنَأَةً. الشَیْءَ: نکالنا حقه و بحقِّه: اقرار کر کے دینا۔

شُنِیَٔ. جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔

تَشَانَأَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَنَاءَة. بغض۔ دشمنی۔

الشَوَانِی. شَانِئَة کی جمع۔ شَوَانِی المَال: ایسے اموال جن کیلئے بخل نہ کیا جائے۔

الشَنْآن. بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَی. رَجُلٌ (شَنَائِیَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔

المِشْنَأ. وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے اُمور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔

المَشْنَأ. قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔

شَنِبَ (س) شَنَبًا. الیَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُنْبَة) الرَجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِیْب ومِشْنَب)

المَشَانِب. خوشبودار منہ۔

الشَنْبَاء. سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔

شَنْبَثَ. الهَوَی قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔

الشَنْبَث والشُنَابِث. شیر۔ سخت۔

الشَنْتَة. فائل۔

شَنْتَر. ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشُنْتُرَة. انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر. کہتے ہیں "لَا ضَمَنَّكَ ضَمَّ الشَنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔

شَنِجَ (س) شَنَجًا واشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج) اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج واَشْنَج)

شَنَّجَه. سکیڑنا۔

الشَنِج. مذ۔ اونٹ۔

شَنَّحَ. عَلَیْه: برا بھلا کہنا۔

الشَنَاح والشَنَاحِی والشَنَاحِیَ

والشَّنَاحِيَة. موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَناحِيَة.
شَنَّخَ. النخلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔
الشِنَاخ. پہاڑ کی نوک۔
الشِنْخَابُ والشُنْخُوبُ والشُنْخُوبَةُ. پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيب. الشُنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الشُنْذُخ. گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔
شَنَّرَ. عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔
الشَنَار. عار۔ بدترین عیب۔
الشِنِّير والشِنِّيرَة. بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔
شَنَزَ. الشَوْنِيز والشِيْنِيْز. کلونجی۔
شَنَصَ(ن) شَنِصَ(س) شُنُوْصًا. بِهِ: چمٹنا۔ فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشَنَاصِيٌّ وشُنَاصِيٌّ وشَنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔
الشُنُط. پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشَنَّط. بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شنظ. شِنَاظ. الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پرگوشت عورت۔
الشُنْظُب. لمبا و خوبصورت۔
شَنْظَر. بِهِم: گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِنْظِير والشِنْظِيرَةُ والشُنْظُورَةُ. بدخلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔ شِنظِيرة کی جمع شَنَاظِيْر. شَنَاظِير الجَبَلِ: پہاڑ کے اطراف۔ ہر چیز کی شاخ۔
شَنْظَى. بِهِ: برا بھلا سنانا۔
شُنْظُوَةُ. الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَنَاظٍ.
شَنَعَهُ(ف) شَنْعًا. قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رسوا کرنا۔
شَنِعَ(س) شُنْعًا. بِهِ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَى اَمْرًا شَنِعَ بِهِ" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شَنُعَ(ک) شَنَاعَةً وشُنْعًا وشَنَعًا وشُنُوْعًا. قبیح ہونا۔ صفت (شَنِعٌ) ج شُنُعٌ و (شَنِعٌ واَشْنَع)
شَنَّعَ. الرَجُل. بہت برا بھلا کہنا عَلَيْهِ الاَمْرَ: قبیح قرار دینا الرحلَ: آمادہ و تیار ہونا۔ (واَشْنَعَ) البعيرُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔
تَشَنَّعَ. دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلْاَمْرِ: تیار ہونا السِلاحَ: ہتھیار پہننا الغارَةَ: لوٹ ڈالنا القَوْمُ: اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا الرَجُلُ: برے کام کا ارادہ کرنا الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا الثَوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَشْنَعَهُ. قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشُنْعَةُ والشَنَاعَةُ والشُنُوْعُ. قباحت۔
المُشَنَّعُ. قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔
المَشْنُوْعُ بمن. برائی میں مشہور۔
الشِنْعَابُ. لمبے قدو قامت کا مرد۔
الشُنْعُوْف والشِنْعَاف. پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔
الشَنْعَفَة. لمبائی۔
شَنَفَ(ن ض) شَنْفًا. اِلَيْهِ: تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شَنِفَ(س) شَنَفًا. فہ نًا اور لِفُلانٍ: بغض رکھنا لَهُ: سمجھ جانا بِهِ: تاڑ جانا۔
شَنَّفَ. الکلام: مزین کرنا اِلَيْهِ: کنکھی سے دیکھنا (واَشْنَفَ) الجاريةَ: لڑکی کیلئے ایز رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تَشَنَّفَتِ. الجاريَةُ: لڑکی کا ایز رنگ پہننا۔ بالی پہننا۔
الشَانِف. فا. اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَشَانِفٌ عَنَّا بِاَنْفِهِ" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشَنْف. س. بالی۔ ایز رنگ۔ ج شُنُوْف واَشْنَاف.
الشَنِف. بغض رکھنے والا۔
شَنَقَ(ن ض) شَنْقًا. البعيرَ: سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا القِرْبَةَ: مشک کو سربند باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سربند کو پکڑنا رَاسَ الدابَةِ: درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَنْقُ" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں الشَيَّ: لٹکانا الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
شَنَقَ(ض) شَنْقًا وشَنِقَ(س) شَنَقًا کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شَنَّقَ. الشَيَّ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
اَشْنَقَ. البَعِيرَ والقِرْبَةَ: بمعنی شَنَقَ البَعِيرَ و القِرْبَةَ البَعِيرُ: اونٹ کا سر اٹھانا عَلَى فُلانٍ: دست درازی کرنا الرَجُلُ: خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد) الشَی لٹکانا غَنَمَه اِلَى غَنَمِ زَيْدٍ: ملا کر بڑھانا اليَدَ اِلَى العُنُقِ: ہاتھ کا گلے میں گھیرا ڈالنا۔
شَانَقَهُ مُشَانَقَةً وشِنَاقًا. اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔
تَشَانَقَا. اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔
الشَنق. س. تاوان زخم۔ رسّی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔
الشِنَاق. س. مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسّی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسّی۔ ج شُنُق واَشْنِقَة.
القَلْبُ (الشَنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔ ج اَشْنَاق. فَرَسٌ (اَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا۔ اور ایسا ہی بَعِيرٌ اَشْنَق. مؤنث. شَنْقاء و شِنْقاء. الشَنْقَاء: وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔

الشَّنِيْق پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ مُنہ بولا بیٹا۔
الشَّنِّيْق خود پسند۔ الشِّنِّيْقَة: عشق باز عورت۔
الْمِشْنَكَلُ ج شَنَاكِلُ دروازہ یا گھڑی کا دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے لٹکانے کے لئے کیل۔
الْمِشْنَاق ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنَم(ن) شَنْمًا. الجِلْدَ: خراش لگانا۔
مَاءٌ (شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنْم کٹے ہوئے کان والے۔
الشَّنَم چنگاری جو اُڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شَنَمُهُ" فلاں سے غصہ کی وجہ سے چنگاری اُڑ رہی ہے۔
شَنْهَقَ او شَهْنَقَ. الحِمَارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
الصخیخ. خوف زدہ کوے کی آواز۔

الصاخة. سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صخب (س) صخبا. شور مچانا۔

صاخبه مصاخبة. ایک دوسرے کا شور مچانا۔

تصاخب. القوم: باہم شور مچانا اور ریپٹ کرنا۔

اصطخبت. الطیر او الضفدع: پرند یا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصخب. مص. شور۔

الصاخب والصخب والصخاب و الصخوب والصخبان. شور مچانے والا۔ مؤنث صخبة و صخبی و صخابة و صخوب و صخبی.

صخد (س) صخدا و صخدانا الیوم: سخت گرم ہونا۔

صخدته (ف) صخدا. الشمس: جلانا۔ الصرد. لٹورے کا آواز کرنا۔

صخد (ف) صخودا له. کان لگانا۔

اصخد. الحر. گرمی تیز ہونا الرجل. گرمی میں داخل ہونا الحرباء: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصاخدة. دوپہری۔

الصخدان والصخدان. سخت گرمی کا دن۔

صیخد. الشمس: گروۂ آفتاب۔

هاجرة صیخود. سخت گرم دوپہری۔ ج صیاخید. صیاخید الحر: گرمی کی تیزی۔

المصخدة. دوپہر۔ ج مصاخد.

المصطخد. دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صخره. فرمانبردار کرنا۔

اصخر. المکان: پتھریلا ہونا۔ صفت مصخر.

الصخرة الصخرة. ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صخر و صخر و صخور و صخورة و صخرات. کہا جاتا ہے "فلان صخرة الوادی"، فلاں بہت مستقل ہے۔

الصخر من الامکنة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هو صخر الوجه او اصخر الوجه"، یعنی وہ بے حیا ہے۔

الصخراویة. انتہائی خوشبو والا درخت جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔

الصاخر. لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصاخرة. پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔

صخف (ف) صخفا. الارض: زمین کھودنا۔

المصخفة. زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔

صخمته (ن) صخما. الشمس: آفتاب کا جھلس دینا۔

اصطخم. الرجل. سیدھا کھڑا ہونا۔

صخی یصخی صخا. الثوب کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صخ.

الصخاة. میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔

صده (ن) صدا. عن کذا. روک دینا۔

منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِیْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ. جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادّ و صُدَّاد.
صَدَّ (ن ض) صَدِیْدًا. مِنَ الشَّیْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ. مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ یُصَادُّهُ و یُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ. تالی بجانا الجُرْحُ: پیپ دینا۔
اَصَدَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اِصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصُّدُّ. س الصَّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد.
الصَّدَد. درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَاد. پردہ۔ ج اَصِدَّة.
الصَّدُوْد. روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِیْد. س۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔
صَدِیْدُ الفِضَّةِ. پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّاد. سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد.
صَدِئَ (س) صَدأً و صَدُءَ (ک) صَدَاءَةً. الحَدِیْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَة الشَّیْءُ. زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَأً تَصْدِئَةً الشَّیْءَ. زنگ دُور کرنا المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔
اَصْدَأَهُ. مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ. لَهُ. درپے ہونا۔
الصَّدَأُ. زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئُ. جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأَة. مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَیْدَحٌ و صَیْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَیْدَحِیٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاح.
الصَّدَحُ. عَلَم. خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَیْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان.
الصُّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة. مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا اِلَی المَكَانِ: متوجہ ہونا الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا مِنْهُ: ظاہر ہونا عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا. سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ. سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْر.
صَدَّرَهُ. واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
اَصْدَرَهُ. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا الرَّجُلَ. لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُوْرِدُ وَلَا یُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ. عَلَی الشَّیْءِ و بِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ. صدرِ مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ"، مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔
الفَرَسُ. گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔
تَصَادَرُوا. عَلَی مَاشَاءُوْا: صدروا.
الصَّدْرُ. ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْر.
بَنَاتُ الصَّدْرِ. افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ. سینہ کی ایک بیماری کا نام۔
صُدُوْرُ الوَادِی: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَرُ. پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صادر کا اسم جمع۔
الصَّادِرُ. فا. لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهُ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَة. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
التَّصْدِیْر. تنگ اُونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَار. صدری۔ اُونٹ کے سینے پر نشان۔
الصِّدَارَة. تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِیْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر.
الاَصْدَر. مضبوط بڑے سینے والا۔
الاَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المَصْدَر. جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں۔
المُصْدِر. فا. رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

اَلْمِصْدَرُ قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صدع (ف) صُدُوْعًا۔ اِلٰی کَذَا مائل ہونا۔
صدع (ف) صدعا۔ الشیٔ اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو القَوْمَ متفرق کر دینا الامر ظاہر کرنا بالحقِّ حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا فی الْاَمْرِ کر گزرنا الامر بالحقِّ حق کا فیصلہ کرنا فلانًا قصد کرنا۔
صدعہ عن کذا روک دینا النھر کاٹ دینا فِی المکان گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِیْ اَرْضِ کذا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے اللیل رات میں چلنا۔
صُدِعَ و صُدِّعَ دردِ سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَصْدُوْعٌ
صَدَّعَ۔ الشیٔ پھاڑنا الفلاۃ او النھر بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تصدَّعَ۔ القَوْمُ متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الارضُ بہٖ وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تصدَّعَ و انصدعَ۔ الشیٔ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الْاَرْضُ بالنبات" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
اِنْصَدَعَ الصباحُ صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصادِعُ۔ قاضی۔ جَبَلٌ صادِعٌ دُور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وادٍ صادِعٌ دُور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِیْلٌ صادِعٌ دُور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صادِعٌ روشن صبح۔
الصَّدْعُ شگاف۔ ج صُدُوْعٌ۔
الصَّدْعُ و الصَّدَعُ ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صَدْعُ الحدید لوہے کا مورچہ یا زنگ۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْھِم صَدْعٌ واحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصِّدْعُ آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدْعَۃُ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صَدَعَات کہا جاتا ہے "رَاَیْتَ بَیْنَھُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و اَصْلِحُوْا ما فِیْکُمْ مِنَ الصدعات یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصِّدْعَۃُ ج صدع والصدیع ج صُدُعٌ بکریوں کا ریوڑ۔ اُونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّدَاعُ دردِ سر۔
التَّصْدَاعُ تفریق۔
المَصْدَعُ سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مصادِعُ۔
المِصْدَعُ نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔
خِطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ بلیغ خطیب۔
صدغ (ف) صدغا۔ عن الامر باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا النملۃ چیونٹی کو مارنا۔
صدغ (ف) صدغا موںڈھے سے موںڈھا ملا کر چلنا۔
صدغ (ن) صدغا و صُدُوْغًا۔ اِلَی الشَّیٔ مائل ہونا۔
صَدُغَ (ک) صداغۃ کمزور و ناتواں ہونا۔
صُدِغَ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صَادَغَہٗ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدْغُ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اَصْدَاغٌ
الصَّدَغُ کجی۔ ٹیڑھاپن۔
الصِّدَاغُ کنپٹی پر نشان۔
الصَّدِیْغُ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الاَصْدَغَانِ دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المِصْدَغَۃُ تکیہ۔
بعیرٌ مُصَدَّغٌ و مَصْدُوْغٌ کنپٹی پر نشان والا اُونٹ۔

صَدَفَ (ن ض) صَدْفًا و صُدُوْفًا پھر جانا۔
صَدَفَ (ض) صَدْفًا۔ عنہٗ اعراض کرنا فلانًا پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صَدِفَ (س) صَدَفًا گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اَصْدَفَہٗ۔ عنہٗ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صَادَفَہٗ پانا۔
تصادَفَ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصدفُ سیپی۔
الصدفۃ ایک سیپی۔ ج اَصْدَاف۔ صدفۃ الاُذُنِ کان کا اندرونی حصہ۔
الصدفُ۔ فی الخیل رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصدف الصدفۃ جانب۔ کنارہ۔
الصدف والصُّدْف والصُّدُف والصَّدَف پہاڑ کا کنارہ۔ الصدف زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فَرَسٌ اَصْدَفُ وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاَصْدَافُ سمندر کی موجیں۔
الصدفۃ ملاقات۔
الصَّدَفِیَّاتُ نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصَّدُوْفُ گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المَصْدُوْفُ مخفی۔ چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا و صِدْقًا و مَصْدُوْقَۃً و تَصْدَاقًا سچ بولنا فِی وَعْدِہٖ و وَعِیْدِہٖ پورا کرنا فی الجملۃ بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صدق القتال و صدق فلانًا القتالَ" سخت جنگ کی النَّصِیْحَۃ اَوِ المحبۃَ خالص نصیحت یا محبت کرنا ہ الحدیثَ سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَقَہٗ سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَہٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَۃً دوست بننا۔
صَادَقَہ المَوَدَّۃَ: خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ الِابْنَۃَ: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ صدقہ دینا عَلَی الْفَقِیرِ بِکَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِیثَ او المَوَدَّۃَ او فِیھِمَا ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ س۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاۃٌ صَدْقَۃٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُقٌ و صُدْقٌ و صَدْقُونَ۔ مؤنث صَدْقَۃٌ ج صَدْقَاتٌ۔
الصِّدْقُ سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِیقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَۃُ خیرات۔ ج صَدَقَاتٌ۔
الصَّدُقَۃُ والصُّدْقَۃُ والصَّدْقَۃُ والصُّدُقَۃُ مہر۔
الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ مہر۔ ج اَصْدِقَۃٌ و صُدُقٌ۔
الصَّدَاقَۃُ سچی دوستی۔
الصَّادِقُ سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلَاوَۃِ بہت میٹھی کھجور۔ نِیَّۃٌ صَادِقَۃٌ: خالص نیت۔ حَمْلَۃٌ صَادِقَۃٌ: شدید حملہ۔
الصَّدُوقُ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدْقٌ و صُدُقٌ۔
الصَّدِیقُ پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاءُ و صُدَقَاءُ و صُدْقَانٌ۔ جج اَصَادِقُ۔ مؤنث صَدِیقَۃٌ۔
الصِّدِّیقُ بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔
المِصْدَاقُ کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ ذُو مَصْدَقٍ او ذُو مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
المَصْدُوقَۃُ سچائی۔
التَّصْدِیقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔
صَدَمَہٗ (ض) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَہٗ اَمْرٌ شَدِیدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْہُ حُمَیَّا الکَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَہٗ مُصَادَمَۃً مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ الفَارِسَانِ ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصِّدَامُ جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَۃُ اسم مرۃ۔ دفعۃً واحدۃً کہا جاتا ہے "صَرَعَہٗ بِصَدْمَۃٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاہُ رِزْقَ شَھْرَیْنِ بِصَدْمَۃٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدْمَتَانِ والصُّدْمَتَانِ پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصْدَمُ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ جنگجو بہادر۔
صَدَا یَصْدُو صَدْوًا وصَدًّی۔ بِیَدِیہِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِیَ یَصْدَی صَدًی سخت پیاسا ہونا۔
صفت صَدٍ وصَادٍ و صَدْیَانُ۔ مؤنث صَدْیَا و صَادِیَۃٌ ج صِوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْیَانُ اِلَی حَدِیثِکَ وَلِی اَحْشَاءٌ صِوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔
صَدِیَ الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔
صَادَاہُ مُصَادَاۃً مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
الصَّدَی: اَلْھَامَۃُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا اَلْھَامَۃ بولتے ہیں۔
صَدَّی تَصْدِیَۃً۔ بِیَدَیْہِ دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَی اِصْدَاءً۔ مرنا الجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّی لَہٗ: درپے ہونا لِلاَمْرِ: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَی سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاءٌ کہا جاتا ہے "ھُمُ الیَوْمَ اَعْدَاءٌ وھُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "و مَنَعَتْ صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا و "صُمَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہو گیا و "اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کر دے۔
الصُّدَی الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّۃَ: تھیلی کو باندھنا الدَّرَاھِمَ فِی الصُّرَّۃِ: تھیلی میں رکھنا الفَرَسُ اُذُنَہٗ و بِاُذُنِہٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا النَّاقَۃَ و بالنَّاقَۃِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِیرًا۔ الشَّیْءُ: چرچرانا الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا

ہونا۔ الاُذُنُ: کان بجنا۔
صُرَّ۔ النَباتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔
صَرَّتِ النَاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ رَاُذُنه سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔
صَارَّهُ مُصارَّةً۔ عَلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔
اَصَرَّ۔ عَلَى الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر بُرائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَى الذَنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الحِنْثِ العَظِيْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے السُنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔
الصِرُّ والصِرَّة۔ سردی۔ رِيْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِرَّة۔ چیخ۔
الصَرَّة۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔
الصُرَّة۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر۔
يَمِيْنٌ صِرّیٰ۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّىْ صِرّیٰ" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔
الصَرَر۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة۔
الصَارُّ۔ فا۔ شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔
الصَارَّة۔ الصَارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ۔
الصَرُوْر والصَارُوْر والصَرُوْرِيّ والصَارُوْرِيّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)
الصَرَّارِيُّ۔ ملاح۔ ج صَرَارِيُّوْن۔
الصِرَار۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة۔
الصَرَّار۔ صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّيْلِ: جھینگر۔
الصَرَارَة: سانپ کھانے والا عقاب۔
الصَرارَة والصَرُورَة والصَارُوْرَة و الصَارُوْرَاء۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
صَرَارُ اللَّيْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔
الصَرِيْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر۔
المَصَارّ۔ آنتیں۔
المَصْرُوْر۔ مفـ۔ بندھا ہوا قیدی۔
صَرَبَ (ض) صَرْبًا۔ کاٹنا، کمانا، دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا الصَبِيُّ: بچے کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔
صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللَبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔
اَصْرَبَ۔ اِلَيْهِ مَالًا: دینا۔
صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔
اِصْطَرَبَ۔ اللَبَنَ فِي الوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔
اِصْرَابَّ۔ الشَيْئُ۔ صاف اور چکنا ہونا۔
الصَرْب والصَرَب۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ۔
الصِرْب۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔
الصَرِيْب۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُب۔
المَصْرُوْب۔ مفـ۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔
المِصْرَب۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب۔
صَرَّجَ۔ الحَوْضَ: حوض کو چونا، مٹی ملا کر بنانا۔
الحَوْض بِالنُوْرَة: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔
الصَارُوْج۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)
صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيْح جمع صُرَحَاء مؤنث صَرِيْحَةٌ۔
صَرَحَ (ف) صَرْحًا۔ الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَرَّحَ۔ المُتَكَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا لازم و متعدی ہے۔ النَهَارُ: دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السِنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَامِي: تیر انداز کا خطا کرنا۔
اَصْرَحَ۔ الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً۔ کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَمَّهٗ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔
صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِيْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
اِنْصَرَحَ۔ الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔
تَصَرَّحَ۔ الزَبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دُور ہونا۔
الصَرْح۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح۔
الصَرْحَة۔ سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات۔
الصَرْح والصَرَاح والصِرَاح والصُرَاح۔ خالص۔
الصَرَاحَة والصُرُوْحَة۔ خلوص۔ وضاحت۔
الصُرَاحِيَّة۔ مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كِذْبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُرَاحِيّ۔ واضح۔ ظاہر۔
يَوْمٌ مُصْرِحٌ و مُصَرَّحٌ۔ بے بادل کا دن۔
صَرَخَ (ن) صُرَاخًا و صَرِيْخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا القَوْمَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
اَصْرَخَهٗ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔

تصارَخَ واِصْطَرَخَ. القَومُ: چیخ وپکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ.

الصَارِخ. فا. مرغ۔

اَلصَّارُوخُ: راکٹ (دفاعی اسلحہ جو بم کو لے کر چلتا ہے)

میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔

الصَارِخة. الصَارِخ کا مؤنث۔ فریاد رس۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعتُ صَارِخَةَ القَومِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَرَّاخ. بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَرِيخ. س. فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء.

صَرِدَ (س) صَرَدًا. السَهمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا الرَجُلُ: سردی برداشت کرلینا۔ سردی محسوس کرنا السِقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلبِي عَنهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَردًا واَصرَدَ. الرَامِي السَهمَ: نشانہ لگانا۔ اَصرَدَ السَهمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ. الشَئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا اَعطَاءَ کم دینا الرَجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

الصَرْد. محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الخَمرَ صَردًا" خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَردًا خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَومُ صَردٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَردًا" شدتِ سردی سے مر گیا۔ اَرضٌ صَردٌ. سرد ملک۔ ج صُرُود. اس کے خلاف اَرضٌ جُرُومٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَرِد. بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

الصَارِد. فا. سَهمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَوارِد. ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُرَد. لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِردَان.

الصُرَدَان. زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

الصَرِد. مِنَ الخَيلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو مِنَ الرِجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَردَى يَومٌ صَردٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

الصُرَّاد والصُرَيد. بے پانی کا پتلا بادل۔

نَعجَةٌ صَرِيدَةٌ. سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.

المِصْرَاد. بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهمٌ مِصرَادٌ. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهمٌ مُصَرِّد. نشانہ پر لگنے والا تیر۔

المُصطَرِد. سخت غضبناک۔

صَرصَرَ. الصُرَدُ او الصَقرُ: آواز کرنا الرَجُلُ: چیخنا الشَئَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَرصَر. مِنَ الرِيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (الصُرصُر) ج صَرَاصِر. الصُرصُور ج صَرَاصِير. جھینگر۔ مجیرا۔ الصُرصُور: کشتی۔

الصِرَاط. راستہ۔ ج صُرط۔

الصُرَاط. لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرعًا وصِرعًا ومَصرَعًا. پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا الشِعرَ: دو مصرعے بنانا البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ. مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَه. سخت پچھاڑنا الشِعرَ: مصرعے لگانا البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَه صِرَاعًا ومُصَارَعَةً. کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ واِصطَرَعَ. الرَجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنصَرَعَ. پچھاڑا جانا۔

تَضَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَاِلَيهِ حَتّٰى اَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَرْع. س. مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصرُع صُرُوع.

والصَرعَان: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيتُهُ صَرعَيِ النَهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُو صَرعَينِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكتُهُم صَرعَينِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِرْع. س. مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصرُع وصُرُوع. کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَرْعَة. اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُرْعَة. جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُرَعَة والصَرَّاع والصُرَّاعَة و الصَرِيع والصَرُوع. لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَومٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔

الصُرُع جمع صُرُوع کی ہے۔

الصِرَاعَة. کشتی کا فن۔

الصَرِيع. زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرعَى. کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيعَ الكَاسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔

درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج سرع۔
المَصْرَع۔ س۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔
المِصْرَاع مِنَ البَابِ: دروازے کا ایک پٹ مِنَ الشِّعْرِ شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیْع۔
صَرَفَهٗ (ض) صَرْفًا۔ پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا "الدَّنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا المَالَ: خرچ کرنا الكَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا: بِنَابِهٖ: دانت پیسنا البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهٗ۔ مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّیْءَ: بیچنا الدَّرَاهِمَ: تبدیل کرنا الخَمْرَ: خالص شراب پینا الكَلَامَ: بات سے بات نکالنا ٥ فِی الْاَمْرِ: سپرد کر دینا صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِّیَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔
صَارَفَهٗ۔ مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔
اَصْرَفَهٗ۔ عَنْ كَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔
اَصْرَفَ الشَّرَابَ: کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ۔ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الْاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ۔ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ۔ کمائی کرنے کیلئے پھرنا الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ۔ اللّٰهَ المَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَّرْفُ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ و صُرُوْفُهٗ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ او الكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔
الصِّرْفُ۔ خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔
الصَّرَفَانِ الصِّرْفَانِ۔ رات دن۔
الصَّرَفَانُ۔ موت۔ پیتل۔ سیسہ۔
الصِّرَافَةُ۔ صرافی کا پیشہ۔
الصَّرْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ؛ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دودھ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔
الصَّرُوْفُ۔ وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَّرِیْفُ۔ س۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (و المَصْرُوْف) ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَّرِیْفَةُ۔ الصَّرِیْف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صُرَافٌ و صَرِیْفٌ۔
تَصَارِیْفُ۔ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔
الصَّرَّافُ والصَّیْرَفُ والصَّیْرَفِیُّ۔ روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَةٌ۔
الصَّرَّافُ والصَّرْفِیُّ۔ علم صرف کا جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّةُ۔ ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

صَرْقَعَ۔ اَصَابِعَهٗ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَةٌ۔ گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَةً۔ السَّیْفُ: کاٹنا الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الحَبْلُ: ٹوٹنا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهٗ۔ صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهٗ، مُصَارَمَةً۔ مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ۔ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وَانْصَرَمَ۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وَانْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ۔ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
الصَّرْمُ: س۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّامُ: چرم فروش۔
الصِّرْمُ۔ جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام وَاَصَارِم و اَصَارِیْم و صُرْمَان۔
الصُّرُمُ۔ س۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَةُ۔ قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِمُ۔ فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَةُ۔ س۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَّرُوْمُ۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُّرَامُ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِیْمُ۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔ زمین جس کی کھیتی

کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔
صَرِیْمَا اللیلِ: رات کا اوّل و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِیْمَة. عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّیْرَمُ. پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم. جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (والمُصْرَم) بہت بال بچے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان. رات دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ بِوَحِشِ الاَصْرَمَیْن" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔
الصَّرْمَاء. الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
المَصْرَم. ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم. درانتی۔
الصُّرْنَایَة. بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا یَصْرُ واَصْرَوا. اِلَیْهِ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِیْ صَرْیًا. الشَّیْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰه عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَی بَوْلَهٗ: پیشاب روک دینا۔ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا القَوْم: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا بَیْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرَی صَرًی. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَان: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَت واَصْرَتِ. النَّاقَة: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرّٰی تَصْرِیَةً. الشَّاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَی. باقی ماندہ (الصِّرَی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی. فا. ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِیُّ و صَرَارِیُون. بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَّارِیَة. الصاری کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاة والصَّرَّی والمُصَرَّاة. مِنَ الشَّاةِ او النُّوْق: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة. چبوترہ۔
المِصْطَب. لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح. خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ (ن) صَطْرًا. لکھنا۔
صَیْطَرَ. داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع. فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّة. چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَةً. عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ. مؤنث صَعْبَةٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ: مشکل ہونا الشَّیْءَ: شکل پانا الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهٗ مُصَاعَبَةً. سختی کرنا۔
صَعَّبَهٗ. دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ. دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرُ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ. باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ. مشکل ہونا۔ الشَّیْءَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب. س. دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب. دشوار۔ ج صُعُب.

الصُّعْبُوْب. دشوار۔
المَصَاعِب. سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب. سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِیْب. کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَعْتَرَ. النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّیْءَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر. پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیّ. چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُّلَّم: سیڑھی پر چڑھنا بِهٖ: چڑھانا (صُعُوْدًا) المَکَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَل: پہاڑ پر چڑھنا فِی الوَادِی: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ. مکہ کو جانا فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا فِی الوَادِی: وادی میں اترنا فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا ہ: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِیْنَة: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ. چڑھنا۔ تَصَعَّدَهٗ و تَصَاعَدَهٗ الاَمْرُ: دُشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصْطَعَدَ. چڑھنا۔
الصَّاعِد. فا. کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبارِ حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد. بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد. بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و "هٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تارکول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد. مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِيد. مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان. مصر میں چند شہروں کا نام صَعِيد ہے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ خَمِيسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیّدنا حضرت مسیح آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود. چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دُشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُد و اَصْعِدَة و صَعَائِد کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّكَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء. غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء. مشقت۔

الصَّعْدَة. اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔

الصُّعُودَاء. دُشوار گزار گھاٹی۔

الْمُصَعَّد. مِنَ الْاَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

التَّصَعُّد: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا- بغیر پگھلنے کے۔

الْمَصْعَد: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

الْمِصْعَد: بلند عمارت پر چڑھنے کے لئے لفٹ۔

جَبَل مُصْعَد. بلند پہاڑ۔

الْمِصْعَاد. درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ. ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر. مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر رَاْسَهُ. سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ و صَاعَرَ و اِصْعَرَّ. تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتًا ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ. تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ. الشَّيْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ. گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ و اِصْعَرَّرَ. پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ. الْاِبِلُ. تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار. مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُور والصَّعْرُور. درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِير۔

الصَّعْرُورَة. گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ. الْقَوْمَ. متفرق کر دینا. الشَّيْءَ. حرکت دینا. مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا. رَاْسَهُ بِالدُّهْن. سر کو تیل سے چکنا کرنا۔

تَصَعْصَعَ. متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمِ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہو گئیں۔

الصَّعْصَع. متفرق (والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا. کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوف۔

اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دَل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة. کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوق والصَّعْفَقِيّ. وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔ الصَّعْفُوق: کمینہ۔ ج صَعَافِيق و صَعَافِقَة۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ. بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا۔ الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (وصَعِقَ صَعْقًا و صَعَقًا و صَعْقَةً و تَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ. مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق. س۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق. بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة. س۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق۔

الْمَصْعُوق. غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر. مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا و اِصْعَالَّ. چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل. مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل۔

الصَّعْل. چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهٗ صَعْلَكَةً. محتاج بنانا۔ دُبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ. فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوك. فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك و صَعَالِيك. صَعَالِيكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ. الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ. الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا. باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو. چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَة

صَعَوَات. مولا۔ ج صِعَاء و اَصْعَاء نَاقَةٌ صَعْوَةٌ. چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّعْب. جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صَغَرًا و صَغَارَةً و صِغَرًا و صُغْرَانًا. چھوٹا ہونا۔

صَغُر (ک) صِغَرًا وصَغرًا وصَغارًا وصَغارَةً وصُغْرَانًا. ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغَرًا. القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرو اَصْغَرَہٗ. چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَہٗ فِی اَعْیُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ القَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَیْہِ نَفْسُہٗ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔

اِسْتَصْغَرَہٗ. چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِغَرَة. اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صِغْرَةُ اَبَوَیْہِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَیْہِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَغَار والصُغْر. ذلت۔ ظلم۔

الصَغَارة. چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُغَار والصُغْرَان. چھوٹا۔

الصَاغِر. ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج / صَغَرَة و صَاغِرُوْن.

الصَغِیْر. چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَراء.

الاَصْغَر. اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن. مؤنث صُغْرٰی. ج صُغَر.

الاَصْغَرَان. دِل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَرْءُ بِاَصْغَرَیْہِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دِل و زُبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا یَصْغُوْو یصغی صَغْوًا وصَغِی یَصْغَی صَغًی وصُغِیًّا. اِلَیْہِ: جھکنا النُجُوْمُ او الشَمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.

اَصْغَی اِصْغَاءً. اِلٰی حدیثِہٖ: کان لگانا اِلَیْہِ: سننے کے لئے جھکنا الاِنَاءَ: جھکانا الشَیْئَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰی حَقَّہٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِغْو. کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الکَفِّ او المِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء.

صَاغِیَةُ. الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَکْرِمُوْا الرَّجُلَ فِیْ صَاغِیَتِہ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ. الشَیْئَ: صف بنانا القَوْمَ: میدان جنگ میں صف بندی کرنا صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا الطَائِرُ بِجَنَاحِہٖ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا الاِبِلُ قَوَائِمَھَا: اُونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا السَرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمَ فِیْ الْقِتَالِ: میدان جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مُصَافِّی کہلاتا ہے۔

اَصَفَّ. السَرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔

اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔

الصَفُّ. سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف.

الصَفَف. زرہ کے نیچے کا لباس۔

الصُفَّة. ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَرْجِ او الرَحْلِ: زین یا [illegible] کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَھْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف.

الصَافُّ. فا. الصافةُ مِنَ الاِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ. الصَافَّات: فرشتے۔

نَاقَةٌ صَفُوْفٌ. بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرت دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔

الصَفِیْف. خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔

الصَفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر ٹوکرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

المَصَفّ. صف باندھنے کی جگہ۔ میدان جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.

تَصَفَّتَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔

الصِفِتُّ والصِفِتَّانُ والصِفِتَّان. بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔

صَفَحَ (ف) صَفْحًا. عَنْہُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَائِلَ عَنْ حَاجَتِہٖ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُہٗ فِیْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِیْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ٥ بِالسَیْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا الشَیْئَ: چوڑا کرنا النَاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا وَرَقَ المُصْحَفِ: ایک ایک ورق کو پیش کرنا فِی الاَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَاقَةُ وغَيْرُهَا. دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح.
صَفَّحَ. الشئَ: لمبا چوڑا کرنا المَکَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔
صَفَّحَ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔
اَصْفَحَ. السَائِلَ: محروم واپس کر دینا الشئَ: اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا. ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ. الشئَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ. القَوْمَ: باہدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ. الذَنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَفْح. جانب مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ مِنَ الاِنْسَانِ: پہلو مِنَ السَيْفِ. چوڑا پہلو۔ ج صِفَاح. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَفْحَة. مِنَ الشَّئِ: جانب۔ چہرہ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَجُلِ. سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.
الصَفْحَانِ والصَفْحَتَانِ. رخسارے۔
الصُفْح. چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِفَاحُ والصَفْح. رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَفِيْح. آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَفِيْحَة. چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْح و صَفَائِح.
الصَفَائِحُ: سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُفَّاح. پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيْح.
الصَفَّاحُ والصَفُوْح. معاف کرنے والا۔
الصَفُوْحُ بمعنی کریم۔
المُصْفَح. چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت مِنَ الاُنُوْفِ. ستواں ناک مِنَ الرُؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں مِنَ النَاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح. چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المُصَفَّحَة والمُصْفَحَة. تلوار۔ ج مُصَفَّحَات و مُصْفَحَات.
صَفَدَهُ (ض) صَفْدًا و صُفُوْدًا و صَفَّدَهُ. قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهُ. قید کرنا مَالًا: دینا۔
الصَفَد. بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔ الصِفَاد. ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا. ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهٖ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا. پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفَار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا و صُفُوْرَة الاِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهٗ او اِنَاءُهٗ" یعنی ہلاک ہوگیا۔
صَفَّرَ. الشئَ: زرد کرنا الثَوْبَ: زرد رنگنا البَيْتَ: خالی کرنا لِلدَابَةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا بِالدَابَةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ. محتاج ہونا الاِنَاءُ: خالی ہونا البَيْتَ خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا. زرد رنگ ہونا۔
الصَفْر والصِفْر والصُفْر. خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُفْر. سونا۔ پیتل۔
الصِفْر. زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔
صَفَر. قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار.
الصَفَرَانِ. عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہوگیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَفَر. س. یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی شُرْسُوْفِهِ الصَفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصَفَرِی" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔
الصِفِر. خالی۔ ج اَصْفَار. کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَارٌ" خالی برتن۔
الصُفَيْرَاءُ: ایک درخت جس کے پتے سبز زردی مائل ہوتے ہیں۔
اَلْبَابَانِيَّةُ: زینب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔
الصَفْرَة. ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُفْرَة. زردی۔ سیاہی۔
مِصْفَارٌ: ایک قسم کی مچھلی۔
الصَفْرِيَت. کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِيَت.
الصَفَرِيّ والصَفَرِيَّة. فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الصُفَار. آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے

کپڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِفار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُفارَة. مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَفِیْر. ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصفیر: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔
الصَفَّار. ٹھٹھیرا۔
الصَفَّارَة. سیٹی۔ مقعد۔
الصَفَّارِیَّة. زرد پروں کا پرندہ۔
الصَافِر. سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مابالدّار صافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْفَر. زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفراء ج صُفر.
الصُفر. دنانیر۔
الاَصْفَران. زعفران اور سونا۔
الصَفْراء. مؤنث اَصْفَر. سونا۔ پتا۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر. فا. محتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر. بھوکا۔
الصِفْرِد. ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ. الرَجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا
العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُفْصُف. چڑیا۔
الصَفْصَفَة. بیابان۔
الصَفْصَاف. بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة.

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا. تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهُ و تَصَافَعَا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَفْعَان والمَصْفَعَانِی. جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا. تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) الرَجُلَ عَنْ مُرَادِهِ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑ پھڑانا عَیْنَهُ: آنکھ بند کر دینا العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا القَدَحَ. پیالہ بھرنا الشَرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا لَهُ بِالبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهِ و صَفَقَ یَدَهُ بِالبَیْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا الرَجُلُ: جانا ہ بِالسَیْفِ: تلوار مارنا الرِیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً. الرَجُلُ: بے حیا ہونا الثَوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهُ. باز رکھنا. اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَرَابَ بمعنی صَفَقَ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے الثَوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ. الطَائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑ پھڑانا الرَجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا حَوْلَ الشَیْءِ: طواف کرنا الرَجُلَ: جانا الشَرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ. الرَجُلَان عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

صَافَقَ الرَجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ. ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا. بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ. القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ. الرَجُلُ: تردد کرنا لِلاَمْرِ: درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ. واپس ہونا۔ پھر جانا القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ. العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا القَوْمُ: مضطرب ہونا الاَشْجَارُ: حرکت کرنا النِسَاءُ عَلَی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَفْق. گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔
صَفْقَا العُنُق: گردن کی دونوں اطراف۔
صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.
الصِفَق. دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الصَفْقَة. خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَفَق. گوشہ۔ دماغ کا آخری حصّہ۔
الصِفَاق. کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق.
الصَافِقَة. نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَفُوْق. بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.
الصَفَائِق. آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق. مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَّفِيْق. بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔
المَصْفَق. راستہ۔
المُصَافِق. فا. ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا. مِنَ الْإِبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔
صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔
صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُمْ: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔
تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔
الصَّفَن. خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دستر خوان مستی کے وقت اُونٹ کے مُنہ کی جھاگ۔ ج صُفَن وصُفُن وأَصْفَان و صُفْنَان.
الصُّفن. چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَّفْنَة. ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دستر خوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن. ج أَصْفَان وصُفْنَان الصَّفَنَة. خصیہ کی تھیلی۔
الصَّافِن. پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔
مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن.
صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا. صاف ہونا الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔
صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صُفُوْتْ صَفَادَةً النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔
صَفّٰى تَصْفِيَةً. الشَّيْءَ صاف ستھرا کرنا۔
أَصْفٰى إِصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: وَأَصْفٰى لَهُ الوُدَّ. خالص محبت کرنا الَّذِيْ يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُک جانا الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رُک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "أَنَا شَاكِرُكَ الَّذِيْ يَصْفِي و شاعرك الذی لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ أَصْفٰى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا الشَّيْءَ: کل لے لینا۔
صَافٰى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔
تَصَافٰى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔
إِسْتَصْفٰى. المَالَ: کل لے لینا الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "إِسْتَصْفَاهُ وإِصْطَفَاهُ" یعنی چن لینا۔
الصَّفْو. س. خالص محبت (الصَّفْوَةُ والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي. صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابروباد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر وڑا کرکٹ کی گھاس۔
الصَّافِيَة. زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافٍ.
الصِّفْوَة. خالص دوست۔ طرز صفائی۔
الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهِ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔
الصَّفَاء. جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)
الصَّفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات جج أَصْفَاء و صُفِيٌّ و صِفِيٌّ.
الصَّفْوَانَة. ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَّفْوَاء. ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَاتَنْدٰى صَفَاتُه" مُراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔
الصَّفْوَان. چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔
الصَّفِيّ. مخلص ~~دوست ج أَصْفِيَاء~~
مؤنث صَفِيَّة. ہر چیز کا خالص حصہ۔
الصَّفِيّ والصَّفِيَّة. مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔
الصَّفِيَّة. زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا.
المِصْفَاة. چھننا۔ ج مَصَافٍ.
المُصْطَفٰى. برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
صَقِبَ (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔
صَقَبَه (ن) صَقْبًا. تھپڑ مارنا الشَّيْءَ: جمع کرنا البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
صَاقَبَهُ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً. قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔
أَصْقَبَهُ. نزدیک کرنا۔ أَصْقَبَ الشَّيْءُ.

قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اصقبك الصَّیدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

اَلصَّقَب۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب لمبا۔ ج صِقَاب و صُقبان۔

الصَّقَب والصَّقِب۔ قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِی مِنْ دَارِهٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِهٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔

الصَّیقَبانی۔ عطر فروش۔

الصَّقح والصَّقَحَة۔ گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

الاَصْقَح۔ گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح۔

صَقَرَهٗ (ن) صَقْرًا بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِی بِکَلَامِهٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی۔ بِهِ الاَرضَ: زمین پر پٹک دینا۔ الحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

صَقَّر و صَقَر۔ النَّارَ: آگ کو جلانا۔

صَقَرَت (ن) صَقْرًا و صَقْرَةً واَصْقَرَت۔ الشَّمسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔

صَقِرَ (ن) صَقْرًا واَصْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔

تَصَقَّرَ۔ شکرہ سے شکار کرنا بِالمَکَان: مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ واصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔

الصَّقْر۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ ج اَصْقُر و صُقُور و صُقُورَة و صِقَار و صِقَارَة و صُقُر۔ کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔

الصَّقْر۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور و صِقَار

الصَّقْر والصَّقَر۔ شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔

الصَّقْرَة۔ بہت کھٹا دودھ۔

صَقَر۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔

الصَّقْر۔ مِنَ الرُّطَبِ اَوِ الزَّبِیبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَةٌ صَقْرَة: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصُّقَرِ والبُقَرِ او بِالصُّقَارَی والبُقَارَی" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَة۔ پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔

الصُّقْرَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔

الصَّاقُور۔ ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (والصَّاقِرَة) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔

الصَّقَّار۔ چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صَقَعَهٗ (ف) صَقْعًا۔ سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الاَرْضَ: پچھاڑ دینا الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا الحِمَارَ بِکَیٍّ گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَةُ کہا جاتا ہے بمعنی صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔

صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِیْعًا الدِّیْكُ: مرغ کا بانگ دینا (صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوْتِهٖ آواز بلند کرنا۔

صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔ الفَرَسُ او الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَع۔ صُقِعَتِ البِئْرُ: کنواں گر جانا۔

صَقِعَ واَصْقَعَ۔ المَکَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔

صَقَّعَ۔ لِفُلَان: کسی کے لئے قسم کھانا۔

اَصْقَعَ۔ الرَّجُلُ: یخ پر چلنا الصَّقِیْعُ الاَرْضَ: یخ پڑنا۔

الصُّقْع۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اَصْقَاع

الصَّقَع۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔

الصُّقَع۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَکَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔

عَدَا مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمۂ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَ القَوْمُ عدا زیدًا وعدا زیدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور ما عَدَا زَیْدًا صرف نصب ہی کے ساتھ۔
عَدِیَ یَعْدَیٰ عَدًا لِفُلانٍ: بغض رکھنا۔
عُدِیَ عَلٰی فُلانٍ: ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری جانا۔
عَدَّیٰ عَنِ الأمرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرَیٰ" اپنی نگاہ پھیر لے۔ فلانًا عَنِ الأمرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔ الشَّیْءَ: نافذ کرنا۔ الفعلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَیٰ عِدَاءً و مُعَادَاۃً فُلانًا: جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا۔ بَیْنَ الصَّیْدَیْنِ: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا۔ الشَّیْءَ: دُور کرنا۔
اَعْدَیٰ الرَّجُلَ: دوڑنے کیلئے اکسانا۔ فلانًا عَلٰی فُلانٍ: مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ الأمرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
اَعْدَاہ شَرًّا: شر پہنچانا۔ مِنْ عِلَّةٍ او خُلُقٍ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَرِیْنُ السُّوْءِ یُعْدِیْ قَرِیْنَهٗ" بُرا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی بُرا بنا دیتا ہے۔ اَعْدَیٰ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔ فی کَلامِهٖ: زیادتی کرنا۔
تَعَدَّی الشَّیْءَ: تجاوز کرنا۔ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔ الفعلُ: متعدی ہونا۔ الشَّیْءَ اِلَی آخر: تجاوز کرانا۔
تَعَادَی القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا۔ الرَّجُلُ: دُور ہونا۔ بَیْنَهُمْ: اختلاف ہونا۔ فساد ہونا۔ المَکانُ: ناہموار ہونا۔ تَعَادَتِ النَّوائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَی القَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَی الحَقَّ و عَنِ الحَقِّ و فَوْقَ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔ عَلٰی فُلانٍ: ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَی الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاء. مشغولیت۔ دوری (العِدَاء) ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الفَرَسُ عِدَاءً وعِدَاءً واحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی۔ عَدَاء الوَادِی: وادی کا درمیان۔
العِدْو والعِدَاء والعِدَیٰ. چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔
العِدَیٰ والعَدَیٰ. جانب ج اَعْدَاء.
العِدَیٰ. اَعْدَاء جمع عَدُوٌّ کی بمعنی دشمن۔ دُور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَیٰ. عدد کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔
العَدْوَیٰ. فساد۔ امراض متعدیہ۔
العَدَاوَة. دشمنی۔ دوری۔
العُدْوَة. دُور جگہ (والعَدْوَة والعِدْوَة) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء و عِدَوَات.
العَدْوَة. ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَوَاء. سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت۔ عُدَوَاءُ الشَّوْقِ: شدائد و تکالیف شوق۔ عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دُوری طویل ہوگئی۔
العُدْوَان. خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَیَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
العَدَوَان. تیز دوڑنے والا۔ ذِئْبٌ ذُوْ عَدَوَان: لاگو بھیڑیا۔
العَدَّاء. تیز دوڑنے والا۔
عَدِیٌّ. نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لیے تیار ہو۔
العَدُوّ. دشمن۔ ج اَعْدَاء ج ج اَعَادِ.
العَادِی. فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِی ج العَوَادِی. بہت ضروری اُمور جو دوسرے اُمور سے باز رکھیں ج عُدَاۃ. عَادِیَا اللَّوْحِ: تختی کے دونوں طرف۔
العَادِیَة. مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کیلئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دُوری۔ مشغولیت۔ تیزی غضب۔ عَادِیَةُ السَّمِّ: زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ عَادِیَةَ فُلانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان

دور کر دیا ج عواد. عَوادِي الدَّهر: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذا عَوادٍ اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعْدَى گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مالِي عَنْ فُلانٍ مَعْدًى میرے لیے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ(ض) عَذْبًا سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوب و عاذِب عَنْهُ باز رہنا ہ منع کرنا۔ عَذَبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ(س) عَذَبًا الماءُ کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب.

عَذُبَ(ک) عُذُوبَةً واعْذَوْذَبَ الشَّرابُ میٹھا و خوشگوار ہونا۔

اَعْذَبَ میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دُور کرنا القَوْمُ میٹھے پانی والا ہونا۔ اللهُ الماءَ میٹھا پانی کر دینا عَنْهُ باز رہنا ہ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَعْذِبْ نَفْسَكَ عَنْ كَذا: اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَه عذاب دینا۔ عَذَّبَه عَنِ الشَّئِ منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّئَ روکنا۔

اِعْتَذَبَ عمامے کے دو شملے لٹکانا۔

اِسْتَعْذَبَ الشَّئَ میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ الماءَ میٹھا پانی لانے کیلیے گیا عَنْ كَذا باز رہنا۔

العَذْب مں۔ خوشگوار کھانا پانی۔ ماءٌ عَذْبٌ میٹھا پانی۔ العَذْب ایک قسم کا درخت۔

العَذَب مں۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَة.

العَذَبَة تنکا (والعَذْبَة والعذبة) کائی ج عَذَبات.

العاذِب فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوابِّ وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب.

العَذُوب بمعنی عاذِب مِنَ الدَّوابِّ شدتِ پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَذاب ہر وہ جو انسان کیلیے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج اَعْذِبَة.

عَذَجَ(ض) عَذْجًا الماءَ پانی پینا فُلانًا: گالی دینا۔

المِعْذَج غیرت مند۔ بد خلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَہ(ض) عُذْرًا وعُذُرًا وعُذْرَى ومَعْذُرَةً ومَعْذِرَةً عَلَى او فِي ما صَنَعَ: الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذِرَ(ض) عَذَرًا وعُذْرًا گناہ زیادہ ہونا (عَذْرًا) الغُلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ(ض ن) عَذْرًا وعُذْرًا. الفَرَسَ بالعِذارِ پوزی لگانا: باگ ڈور سے باندھنا الصَّبِيَّ العاذُورُ: حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِيُّ حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَذَّرَ عذر ثابت نہ ہونا ہ عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عذر الغلام لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اُگنا۔ مسیں بھیگنا الدّارَ نشانات مٹانا فِي الْاَمْرِ کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

اَعْذَرَہ فِي او عَلَى ما صَنَعَ الزام سے بری کرنا الرَّجُلُ عذر ظاہر کرنا مِنْ نَفْسِهِ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا فِي الْاَمْرِ کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا الفَرَسَ پوزی باندھنا: باگ ڈور باندھنا الغُلامَ لڑکے کا ختنہ کرنا۔ ہ فِي ظَهْرِہ مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتّى اَعْذَرَ مَتْنَهُ مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیے بفلان زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ فُلانٌ فَاَعْذَرَ یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدّارُ بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عاذَرَ مُعاذَرَةً عذر نہ ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ عَنِ الاَمْرِ پیچھے ہٹنا الرَّسْمُ مٹنا الرَّجُلُ: اپنے لیے حجت کرنا۔ بھاگنا الشَّئُ پلیدی سے لتھڑنا فُلانٌ مِنَ الذَّنْبِ گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ و مِنْ فِعْلِهِ عذر بیان کرنا عَنْ فُلانٍ: کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ صاحب عذر ہونا اِلَيْهِ عذر پیش کرنا الرَّسْمُ نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ اِلَيْهِ عذر پیش کرنا۔

اَلْعُذْر حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج اَعْذار غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ العُذْر" یعنی کسی کے لیے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَبُو عُذْرِ هذَا الْكَلامِ وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے "الهَوى العُذْرِيّ" پاکیزہ محبت۔

العِذار پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عذر رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذارَہ" و "هُوَ خَلِيعُ العِذارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پروا نہیں کرتا گویا کہ بلا رسّی کے جانور ہے۔ "لَوى عِذارَہ عَنْهُ یعنی نافرمانی کی العِذارُ مِنَ النَّصْلِ تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔ العِذار ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

العُذْرَة عذر ج عُذَر.

العُذْرَة بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لیے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذْرَة پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر.

العَذِرَة پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے

نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرات.
العَاذِر. فا: نشانِ زخم (والعَاذِرَة) پاخانہ۔
العَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔
العَذِیر. بمعنی عَاذِر. مددگار ج عُذُرٌ مؤنث عذیرة. العَذِیر والعَذِیرَة. کسی نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِیرَة: نشانِ زخم۔
العَاذُور. گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِیر.
الإعْذَار. کسی نئی خوشی کا کھانا۔
العَذْرَاء. باکرہ۔ درناسفتہ ج عَذَارىٰ وعَذَارِیْ وعَذْرَاوَات. لقب سیّدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔
العُذْرىٰ والمَعْذَرَة والمَعْذُرَة والمَعْذِرَة. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر.
المِعْذَار. عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِیر.
عَذَف (ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔
تَعَذَّفَ. الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ عَذْفًا ولا عَذُوْفًا ولا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
العُذَافِر. شیر۔ مضبوط اُونٹ۔ ج عُذَافِرة.
عَذَوْفِر. مضبوط اُونٹ۔
عَذَق (ض) عَذْقًا وعَذَقَ النَّخْلَة: درختِ خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقه اِلَی کَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ واَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اُون سے نشان لگانا۔
اِعْتَذَق. دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بِکَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
العَاذِق. فا۔ وہ شخص جو درختِ خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق.
العَذْق. پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُق وعِذَاق.
العِذْق. انگور کا گچھا مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْق واَعْذَاق. العِذْق: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِي بَنِي فُلَانٍ عِذْقٌ کَمُلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔
العَذِق. ہوشیار۔ چرب زبان۔ طِیْبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔
العَذْقَة والعِذْقَة. بکری کے رنگ کے خلاف اُون کا نشان۔
عَذَلَهُ (ن ض) عَذْلًا وعَذَلَهُ. ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عاذِلَة ج عَوَاذِل وعَاذِلَات.
تَعَاذَل. القَوْم: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَعَذَّل واعْتَذَل. اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ الْیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَی الشَّیْءِ: پختہ ارادہ کرنا۔ العَذْل والعَذَل والتَّعْذَال. ملامت کرنا۔ اَیَّامٌ عُذَّلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔
العُذَلَة والعَذُوْل والعَذَّال والعَذَّالَة. بہت ملامت کرنے والا۔
العَذَّالَة. مؤنث عَذَّالٌ. سرین۔
العَاذِل. فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔
المُعَذَّل. مف۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔
عَذْلَجَ. السِقَاءَ: مشکیزہ بھرنا الوَلَدَ وغَیْرَهُ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔
عَیْشٌ عِذْلَاجٌ. خوشگوار زندگی۔
العُذْلُوْج. اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔
المُعَذْلَج. پُرگوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَة.
عَذَمَ (ض) عَذْمًا الفَرَسَ: گھوڑے کا کاٹ کھانا الرَّجُلَ: اپنے آپ سے دفع کرنا۔ ملامت کرنا۔
عَذِمَ (س) عَذْمًا. گالی دینا۔
اَعْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوْم. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم.
العَذَّام. بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِیْمَة. ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت۔ ج عَذَائِم.
عَذَا یَعْذُوْ عَذْوًا وعَذِیَ یَعْذَیٰ عَذًی وعَذُوَ یَعْذُ وعَذَاوَةً المَکَانُ. اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراضِ وبائیہ سے دُور ہونا۔
اِسْتَعْذَیٰ المَکَانَ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِیَةٌ وعَذِیَةٌ وعَذِیَّةٌ وعَذَاةٌ. عمدہ آب و ہوا والی زمین۔
العِذْیٰ. کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء.
عَرَّ (ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرُّ وعَارٌّ ومَعْرُوْرٌ.
عَرَّهُ (ن) عَرًّا. غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: بُرائی سے ملوث کرنا (و عَرَّرَ) الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ (ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً و عِرَارًا الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔
اَعَرَّتِ. الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ. نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهُ واِعْتَرَّبِهِ اِعْتِرَارًا. بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُوْر والعَارُوْرَة. منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرَر والعُرُوْر. خارش۔
العَرُّ. خارشی۔ خارش۔ عیب۔ بُرائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة. اسم مرة۔ مؤنث العَرّ. جنگ کی سختی۔ بُری عادت۔ عیب۔
العُرُّ. خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة. خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔
الاَعَرُّ. خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاء ج

عُرٌ. العرَّاءُ: لڑکی۔
العَرار. ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرارَةٌ۔
العَرارَة. قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرار. گناہ۔ قصور۔
العَرارَة. ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بد خلقی۔
العَرِیْر. اجنبی۔
المَعَرَّة. گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امرِ قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَیْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرّ. فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُب (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِیَّةً وعَرابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ (س) عَرَبًا. بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا الجُرْحُ: سوجنا اور پیپ والا ہونا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا الرَجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ (ض) عَرْبًا. الطَعَامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا الکِتَابَ ونَحْوَهُ: عربی میں ترجمہ کرنا عَلَیْهِ فِعْلَهُ: قباحت بتانا قَوْلَهُ: رد کر دینا عَنْهُ لِسانُهُ: فصیح ہونا۔ مُراد کو ظاہر کرنا عَنِ صَاحِبِهِ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا الرَجُلُ: عربی گھوڑا لینا: المُشْتَرِی بیعانہ دینا الرَجُلُ: قبیح بات بولنا بِحُجَّتِهِ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا الاِسْم الاَعْجَمِیَّ: عربی کر دینا۔
اَعْرَبَ الشَیْءَ: ظاہر کرنا عَن حاجتِهِ: صاف بیان کرنا کَلامَهُ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا بِالکَلامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِهِ عمدہ دلیل لانا الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا الکَلِمَةَ: اعراب لگانا الفَرَسَ: دوڑانا الفَرَسَ العَرَبِیَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا اَعْرَبَ الرَجُلُ: اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا المُشْتَرِی: بیعانہ دینا الرَجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ. اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا۔ اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ. عربوں میں داخل ہو جانا۔ قبیح بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب. باشندگانِ مُلک عرب۔ ج اَعْرُب وعُرُوْب.
العُرْبُ والعَرْبَاء والعَارِبَة والعَرِبَة والعَرْبِیَّة. خالص عربی لوگ۔ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُتَعَرِّبَة والمُسْتَعْرِبَة. غیر ملکی لوگ جو عرب میں آکر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرابَة والعِرابَة. فحش و بد گوئی۔
العَرَب والعرِب. مِنَ المَاءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عرِب: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبَانٌ. فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرْبَانِیُّ اللسَانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِی. خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے مُلک میں ہو۔
العَرَبِیَّة. مؤنث العَرَبِی. اللغةُ العَرَبِیَّة. عربی زبان۔
الاَعْرَابِی. عرب کا دیہاتی۔
الاَعْرَاب. عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرَابِی.
العَرِبَة. تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرِب و عَرِبَات. العَرِبات. وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق پل پر ہوتا ہے۔
الاَعْرَابِیَّة. عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَبُهُمْ اَحْسَابًا"۔ حسب کے لحاظ سے خالص و اَعْرَبُهُمْ اَلْسِنَةً: اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَیْلٌ او اِبِلٌ عِرَابٌ واَعْرُب: خالص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبَان. عرب۔
العَرُوْب والعَرُوْبَة مِنَ النِسَاءِ: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عَرُوْبَة اور یَوْمُ العَرُوْبَة: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَارِ مُعْرِبٌ او عَرِیْبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّبُ. عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبریسم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَةً. بد خلق ہونا۔ صفت عِرْبِید و مُعَرْبِد.
العِرْبَدُ والعِرْبِدُ. ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًا" یعنی سخت غضبناک ہوا۔ نر سانپ۔
عَرْبَنَ. بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْن والعَرَبُوْن والعُرْبَان. بیعانہ۔ سائی۔ جمع عَرَابِیْن. عوام عُرْبُوْن کہتے ہیں۔
عَرَتَ (ض ن ف) الرُمْحُ: نیزے کا سخت ہونا البَرْقُ ونَحْوُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا بَرْقٌ او رُمْحٌ عَرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَرْتَبَة. ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
العَرْتَمَة. ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَلَى عَرْتَمَتِهِ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ (ض ن) عُرُوْجًا ومَعْرَجًا فِی السُلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا عَلَى الشَیْءِ و فِیهِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِهِ: چڑھایا جانا۔
عَرَجَ و عَرِجَ (ف س) عَرَجًا. لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَج ج عُرْج وعُرْجَان مؤنث عَرْجَاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ. ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسرے

جانب جھکنا عَنِ الشّیٔ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا الثّوبَ: پیچیدہ دھاری دار بنانا البِناءَ او النّهرَ: جھکاؤ کے ساتھ بنانا الرّجُلَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یَعرَجُ علٰی قَولِهٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا (وتعرَّجَ) جھکنا علَی المکانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔

أعرَجَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ أعرَجَهُ اللهُ: لنگڑا کر دینا۔

تعارَجَ: بتکلف لنگڑا بننا۔

اِنعرَجَ الشّیٔ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا الطّریقُ: جھکنا عَنِ الشّیٔ: تجاوز کرنا، چھوڑ دینا القومُ عَنِ الطّریقِ: بھٹک جانا۔

العَرَج والعَرَجان: لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔

العَرجاءُ: مؤنث الأعرَج: لنگڑی عورت۔

العَرْجة والعُرْجة: کجی۔ جس پر توقف کیا جائے۔

أمرٌ عَرِیجٌ: غیر مستحکم کام۔

العُرَیجاء: دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

المِعرَجُ والمَعرَجُ والمِعراجُ: سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَعارِجُ ومَعاریجُ۔

المُنعرَجُ مِنَ الوادی: وادی کا موڑ۔

عَرجَنَ الثّوبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔

العُرجُون: کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَراجِین۔

عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَرَ: پتھر کو دور پھینکنا۔ (عُرُودًا وأعرَدَ) النّباتُ او النّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا الشّجرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔

عَرِدَ (س) عَرَدًا وعَرَّدَ: بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السّهمُ فی الرَّمِیّةِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّدَ النّجمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَّدَ الرّجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔

العَرْد والعَرِد والعُرُدّ: بہت سخت۔

العَرادة: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فی عَرادةِ خَیرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔

العَرّادة: پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرّادات۔

العَرِید: طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذا عَرِیدُهٗ" یہ اس کی عادت ہے۔

عَرْدَسه: پچھاڑنا۔

العَرَندَس: بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَندَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔

عَرَزَ (ض) عَرْزًا الشّیٔ: سختی سے کھینچنا۔ الرّجُلَ: کسی کو ملامت کرنا وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشّیٔ: سخت ہونا۔ سکڑنا۔

عَرَّزَ: سکڑنا الشّیٔ: پوشیدہ کرنا۔

عارَزَهٗ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

عارَزَ وتَعارَزَ الشّیٔ: سکڑنا۔

أعرَزَ الشّیٔ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔

تعرَّزَ علَیهِ: دشوار ہونا۔

اِستعرَزَ الشّیٔ: سکڑنا الرّجُلُ: سخت ہونا۔

العِرْزال: شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لیے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَومٌ عَرازِیلُ: چوروں کا گروہ۔

العِرزَم: پرانا سانپ۔

العِرزَم والعُرازِم والعِرْزام: شیر۔

عَرَسَ (ن) عَرَسًا: خوشی میں رہنا عَنهُ: پھر جانا عُرسًا وعُرُسًا: جماع کرنا۔

عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا البَعیرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔

عَرِسَ (س) عَرَسًا الرّجُلُ: اکڑنا بِهٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا مِنهُ: بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ الشّیٔ: سخت ہونا۔ الشّرُّ بَینَهُم: ہمیشہ رہنا عَنهُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا علٰی ما عِندَهٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔

أعرَسَ: دلہن لانا الشّیٔ: لازم ہونا اور محبت کرنا الرّجُلَ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا بِأهلِهٖ: جماع کرنا (وعَرَّسَ) القَومُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لیے اترنا۔

تَعَرَّسَ لِامرأتِهٖ: فریفتہ ہونا۔

اِعتَرَسَ القَومُ عَنهُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔

العَرْس: س۔ رسّی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج أعراس۔

العِرْس: دلہن۔ عِرسُ المرأةِ: دولہا۔ ج أعراس۔ اِبنُ عِرسٍ: نیولا۔ ج بَناتُ عِرسٍ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)

العُرْس والعُرُس: زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج أعراس وعُرُسات۔

العِراس: رسّی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔

العَرُوس: دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے "هُم عُرُسٌ و هُنَّ عَرائِس" اور التباس کے دفع کرنے کے لیے عورت پر عَرُوسة کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرائس۔

العَرِیس عِندَ المُولَّدِینَ: دلہن۔

العِرِّیس والعِرِّیسة: شیر کی جھاڑی۔

العَرّاس والمِعرَس والمُعرِّس: اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔

المُعرَس والمُعَرَّس: آخر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ۔

عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا: لکڑی کا مکان بنانا البَیتَ: گھر بنانا العَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا البِئرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (عَرْشًا وعُرُوشًا) الکَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔

عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
عَرِشَ (س) عَرْشًا وعَرَشًا. متحیر ہونا۔ بغَرِیْمِہٖ: سخت پکڑنا۔ عَنْہُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عَرَّشَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا الْكَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ الْبَیْتَ: چھت بلند کرنا الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (واَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔
تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالْاَمْرِ: چمٹا رہنا بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَةَ: سوار ہونا۔
اِعْتَرَشَ. ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لیے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَالِی عَلَی الْخَشَبِ. انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (واِعْرَوَّشَ) الدَّابَةَ: سوار ہونا۔
الْعَرْشُ. تخت شاہی۔ الْعَرْشُ: کسی چیز کا رُکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُہٗ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہوگیا۔ الْعَرْشُ مِنَ الْبَیْتِ: چھت۔ مِنَ الْقَوْمِ: رئیس۔ سردار۔ الْعَرْشُ: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلہ۔ عَرْشُ الْكَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعِرَشَة.
الْعَرِیْشُ. جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (والْعَرِیْشَةُ) پالکی۔
عَرَصَ (ض) عَرْصًا وعَرِصَ (س) عَرَصًا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرِصَ الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔
عَرَّصَ الْبَعِیْرَ: اونٹ سدھا لینا اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا۔
اَعْرَصَ الشَّیْئُ: مضطرب ہونا۔
تَعَرَّصَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِعْتَرَصَ. الْغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا الْجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا الرَّجُلُ: اُچھلنا۔ کودنا۔
الْعَرْصَةُ. گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِرَاص واَعْرَاص وعَرَصَاتٌ.
الْعَرَّاصُ. بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔
الْمِعْرَاصُ. نیا چاند۔
عَرْصَفَہٗ. عَرْصَفَةً. کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔
الْعُرْصُوْفُ والْعِرْصَافُ. پالان کی میخ۔ ج عَرَاصِیْف. الْعِرْصَافُ: پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔
الْعَرْصَمُ. بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔
الْعِرْصَمُّ. لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر (الْعِرْصَامُ والْعُرَاصِمُ) شیر۔
الْعُرْصُوْمُ. بخیل۔
عَرَضَ (ض) عَرْضًا. لشَّیْئَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا الشَّیْئَ عَلَیْہِ: دکھلانا الْمَتَاعَ لِلْبَیْعِ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے کرنا الْجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا لَہٗ مِنْ حَقِّہٖ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَہٗ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰی: بخار لاحق ہونا الْقَوْمَ عَلَی السَّیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا الْحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔
عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔
عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔
عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرْضًا. ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔
عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا الْعُوْدَ عَلَی الْاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔
عُرِضَ. مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا. مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا الْكِتَابَ: زبانی پڑھنا۔
عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَةً. چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْض وعُرَاض.
عَرَّضَ وَلَہٗ و بِہٖ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا الشَّیْئَ: چوڑا کرنا الْمَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا الْكَاتِبُ: مبہم لکھنا الشَّیْئَ لِلشَّیْئِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالَكَ لِلْهَلَاكِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا ٥ مِنْ مَالِہٖ بِكَذَا: بدلہ دینا فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔
اَعْرَضَ عَنْہُ: روگردانی کرنا الشَّیْئَ: چوڑا کرنا الْمَسْئَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔ فِی الْمَكَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُہٗ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہوگیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَكَ الْخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَكَ الظَّبْیُ فَارمہ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔
عَارَضَہٗ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا. پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْكِتَابَ بِالْكِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا ٥ فِی الْمَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَہ فَعَرَضَہٗ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَعَرَّضَ الْاَمْرَ ولِلْاَمْرِ والَی الْاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا الشَّیْئُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔
تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِعْتَرَضَ. چوڑائی میں ہونا لَہٗ: منع کرنا

البَعِير: سرکش اُونٹ پر سوار ہونا لَهُ بِسَهْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا عَرَضَهُ. عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا دُوْنَ الشَّيْءِ: حائل ہونا۔ روک بنا القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا عَلَيْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا الشَّيْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَهُ فَاعْتَرَضَ" اِس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ. چوڑی چیز طلب کرنا الشَّيْءَ: پیش کرنے کو کہنا ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرَضَ يُعْطِي مَنْ أَقْبَلَ أَوْ أَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرْض. اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوض وعِرَاض وأَعْرَاض. جزاسزا کا دن۔

العَرْض. التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّيْءُ عَرْضُ عَيْنِي: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَيْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ و عَرْضُ الحَالِ عِنْدَ الكُتَّابِ. حاکم کے پاس شکایت کے لیے یا کسی فائدہ کے لیے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لیے عُرُوضُ الأَحْوَالِ بولا جاتا ہے أَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرْض. اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج أَعْرَاض. کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذَوُو العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "هُوَ عَرِبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْض. نفس۔ کہا جاتا ہے "أَكْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِي" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرُضَان. بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْض. جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔ مِنَ الحَدِيثِ: بہتر و بڑی بات۔ مِنَ السَّيفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے نَظَرَ اِلَيْهِ عَنْ عُرْضٍ وكَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ: گوشہء چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ و خَرَجُوا يَضْرِبُونَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی نکل کر مارنا شروع کردیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهو مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض. متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الأَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت مِنْ كُلِّ شَيْءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج أَعْرَاض. کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة. پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَةُ. ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنانا۔

العُرْضِي جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الإِبِلِ: سرکش اُونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض. جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اُونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِيثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرْض.

العُرَاض والعُرُض. چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّيض. وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوض. اشعار کا وزن۔ مصرعہء اولی کا جزء اخیر۔ سرکش اُونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج أَعَارِيض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الكَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ المَسْئَلَةُ عَرُوضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوضِي. علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض. فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَةُ. مؤنث العَارِض. دانت جو مُنہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض. العَوَارِض. مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔ العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِيض. چوڑا۔ ج عِرَاض. دعاء عریض بہت زیادہ دُعا "هُوَ عَرِيضُ البِطَانِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِيض: خصی بکرا۔

العَرِيضَة. مؤنث العَرِيض. کیفیت کا پیش کرنا۔

التَّعْرِیْض فِی الکَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔

المِعْرَاض. توریہ کرنا مِنَ الکَلَامِ: مضمون۔ بغیر پَر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو۔ج مَعَارِیض.

المَعْرِض. پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرْتُهُ فِیْ مَعْرِضِ کَذَا."

المِعْرَض. دُلہن کی شب عروسی کا کپڑا الکَلَام المُعَرَّض. مبہم کلام ج مَعَارِضُ و مَعَارِیْض. کہاجاتاہے "اِنَّ فِی المَعَارِیْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْکِذْبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

المَعْرُوْض حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔

عَرَطَ(ن) عَرْطًا واعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ دُور چلا جانا۔

عِرِیْطٌ و اُمُّ عِرِیْطٍ واُمُّ العِرِیْطِ: بچھو۔

العَرْطَنِیْثَا ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔

عَرْعَرَ. القَارُوْرَةَ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا العَیْنَ: آنکھ پھوڑدینا۔

العَرْعَر. سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة.

العُرْعُر. بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ عُرْعُرَه" یعنی بد خلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔

العُرْعُرَة والعَرْعَرَة. شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر.

العُرَاعِر شریف۔ سردار مِنَ الاِبِلِ: موٹا اُونٹ ج عَرَاعِر. العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔

العَارُوْرَة. منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اُونٹ۔

العَرْعَرُ صنوبر کی قسم کا ایک درخت۔ جس کے پھل کچل والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الکادی: اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔

عَرَفَ(ض) عِرْفَةً و عِرْفَانًا و عِرِفَّانًا ومَعْرِفَةً الشَّیْءَ: پہچاننا۔ جاننا بِذَنْبِهٖ: اقرار کرنا ہٗ: بدلہ دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا۔

عَرَفَ (ن) عَرَافَةً عَلَی القَوْمِ: چودھری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (عَرْفًا) الفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔

عَرُفَ(ک) عَرَافَةً: چودھری ہونا (عَرْفًا وعَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا۔

عَرِفَ(س) عَرَفًا: خوشبو ترک کردینا۔

عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔

عَرَّفَ. الشَّیْءَ: خوشبودار کرنا۔ عَرَّفَه الاَمْرَ: واقف کرادینا۔ عَرَّفَه بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا الاِسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا الحُجَّاجَ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (واَعْرَفَ) فُلَانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کردینا واَعْرَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔

تَعَرَّفَ الاِسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا الشَّیْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا بِفُلَانٍ: آشنا ہونا اِلَیْهِ: واقف کرنا۔

تَعَارَفَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔

اِعْتَرَفَ. بِالشَّیْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا الشَّیْءَ: پہچاننا بِهٖ: رہنمائی کرنا الرَّجُلُ: دریافت کرنا اِلَیْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا لِلْاَمْرِ: صبر کرنا الضَّالَّةَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لیے اوصاف بتانا۔

اِسْتَعْرَفَ. الشَّیْءَ: پہچاننا اِلٰی فُلَانٍ: واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔

اِعْرَوْرَفَ. لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا البَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا الرَّاکِبُ الفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔

العَرْف. بُو۔ اکثر خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ کہاجاتاہے "مَا اَطْیَبَ عَرْفَه" اِس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔ العُرْف. جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے لَهٗ عَلَیَّ اَلْفٌ عُرْفًا: اُس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔

العُرْف. موج۔ اُونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عُرْفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرَف و اَعْرَاف. العُرْف: اصطلاح۔ تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاحِ لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاحِ شرعی۔

العُرْف والعِرْف. صبر۔

العُرُف ایال۔ ریت کی اُونچی جگہ۔

العَرْفَة. ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (والعِرْفَة) دریافت۔ سوال۔

العُرْفَة دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اُونچی جگہ۔ ج عُرَف.

عَرَفَة مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔

عَرَفَات مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لیے عَرَفِی.

العِرَافَة نجومی کا پیشہ۔

العَرَّاف نجومی۔ طبیب۔

العِرْفَان مص۔ معروف۔

العِرِفَّان والعُرُفَّان. اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔

الاِعْتِرَاف. مص۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔

العَارِف. فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے

"هٰذا امْرٌ عارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
العَارِفَۃ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج عَوَارِف۔
العَرُوْف بمعنی عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف۔
العَرُوْفَۃ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیْف جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِیْفُ المَکَاتِب" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء۔ اَمْرٌ عَرِیْفٌ امر معروف۔
الاَعْرَف اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔ حَزْنٌ اَعْرَفُ بلند جگہ۔
العَرْفَاء مؤنث الاَعْرَف بجو۔ قُلَّة عَرْفَاء بلند چوٹی ج عُرْف۔
الاَعْرَاف دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔
اَعْرَافُ الرِّیَاحِ والسَّحَاب: ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل۔ اَعْرَافُ الحِجَاب والرمل: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔
(الاَعْرَاف) قرآنِ پاک کی ایک سورت کا نام۔
المَعْرِفَۃ حقیقت کو پالینا۔
المَعْرَف والمَعْرِف چہرہ۔ چہرے کے محاسن ج مَعَارِف کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ المَعَارِف شُمُّ المَرَاعِف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعَارِف علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلِ شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ المَعَارِف" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔
المَعْرَفَۃ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ج مَعَارِف۔
المَعْرُوْف ضد۔ مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَۃٌ اچھی بُو والی زمین۔
العَرْفَج ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے۔ ج عَرَافِج۔ العَرَافِج ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرَقَ(ن) عَرْقًا و مَعْرَقًا۔ العَظْمَ ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا۔ الطَّرِیْقَ قطع مسافت کرنا (عَرْقًا وعُرُوْقًا) فِی الاَرْضِ سفر کرنا۔
عُرِقَ عَرْقًا دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔
عَرِقَ(س) عَرَقًا پسینہ آنا۔ صفت عَرْقَان الحائطُ دیوار کا تر ہونا۔ الرَّجُلُ: کاہل ہونا۔
عَرَّقَ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخَمْرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الاِنَاءَ برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔
اِعْتَرَقَ الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔ العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا القَوْمُ عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔
اِسْتَعْرَقَ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا الشَّجَرُ لمبی جڑ والا ہونا۔
العَرْق ہڈی جس پر سے گوشت اُتار لیا گیا ہو۔ ج عِرَاق و عُرَاق۔
العِرْق ہر چیز کا اصل مِنَ البَدَنِ رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شورزمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق و اَعْرَاق و عِرَاق۔ دَاءُ عِرْقِ النِّسَاءِ وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔
العَرَق س۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مذماک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اُونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَی الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَیْنِ گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا مِنَ التَّمْرِ: کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَال دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَة" و "تَجَشَّمْتُ اِلَیْكَ عَرَقَ القِرْبَة" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اُٹھائی جیسے کہ مشک کا اُٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔
العَرَقِیَّة عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔
العُرَق والعُرَقَۃ بہت پسینہ والا۔
العَرْقَۃ اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔
العِرْقَۃ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق و عِرَقَات۔
العُرْقَاة والعِرْقَاة اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔
العَرْقَاة والعَرْقُوَة ڈول کے مُنہ کی لکڑی ج العَرَاقِی۔
العَرَقَۃ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے اردگرد کا پھندنا ج عَرَق و عَرَقَات۔
العَرِیْق والمُعْرِق خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِیْقٌ دبلا لڑکا (والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِی کَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔
العِرَاق طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف مِنَ الدار گھر کا صحن مِنَ الظُّفُرِ ناخن کے گرداگرد گوشت مِنَ الاذن کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ ندی کا کنارہ ج اَعْرِقَة وعُرُق وعُرُق والعِرَاق ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔
العِرَاقَان کوفہ وبصرہ۔
العُرَاق ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُرَاقُ الغَیْثِ بارش کے بعد روئیدگی۔

الْعُرَاقَة. کثیر بارش۔
الْعَوَارِق. داڑھیں۔
الْمِعْرَق. چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اُتارا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوْقُ الْعِظَام: دُبلا۔
عَرْقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا الدَّابَةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اُٹھانا۔
تَعَرْقَبَ. حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوْب) عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا لِخَصْمِهٖ: دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔
الْعُرْقُوْب. کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ج عَرَاقِيْب عَرَاقِيْبُ الْاُمُوْرِ: مشکل کام۔ عُرْقُوْب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔
عَرْقَصَ الْغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔
عَرْقَلَ. توسط سے ہٹ جانا الْاَمْرَ: دشوار کر دینا عَلَيْهِ الْكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔
تَعَرْقَلَ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا الْكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔
الْعِرْقَال. گمراہ۔ کج رو۔
الْعِرْقِيْل. انڈے کی زردی۔
الْعَرَاقِيْل. مصیبتیں۔ عَرَاقِيْلُ الْاُمُوْرِ: دشوار اُمور۔
الْعِرْقَلَى. ناز و تبختر کی چال۔
عَرَكَ (ن) عَرْكًا. الْاَدِيْمَ: چمڑے کو ملنا هُ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا الْمَاشِيَةُ الْاَرْضَ. چارے سے خالی کر دینا (عَرْكًا وعَرَاكًا وعُرُوْكًا) الْمَرْاَةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الْاَذَى بِجَنْبِهٖ" یعنی اس نے مشقت اُٹھائی۔
عَرِكَ (س) عَرْكًا. سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِكٌ.

عَارَكَهٗ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا. مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَهٗ عِرَاكًا" یعنی وہ سارے اُونٹوں کو پانی پر لایا۔
تَعَرَّكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔
تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔
اِعْتَرَكُوْا. آپس میں جنگ کرنا۔ "اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرِكَةِ او الْخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا الْاِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اُونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔
الْعَرَك والْعَرِك. آواز۔
الْعَرَكِيُّ. مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَك. جج عُرُوْك.
الْعَرْكَة. بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ عَرْكَةً و عَرَكَاتٍ.
الْعُرَكَة. مشقت برداشت کرنے والا۔
الْعَرِيْكَة. کوہان۔ نفس۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِك.
الْمَعْرَك والْمَعْرَكَة والْمَعْرُكَة. میدانِ جنگ ج مَعَارِك.
الْمُعْتَرَك. میدانِ جنگ۔ مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔
الْمَعَارِك. فا. جنگجو۔ سخت حملہ آور۔
الْمَعْرُوْك. مذ. مَاءٌ مَعْرُوْكٌ: جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض مَعْرُوْكَة جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو "رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِيْكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔
عَرْكَسَ. الشَّيْءَ: تہ بتہ ہونا الشَّيْءُ: تہ بتہ کرنا۔
اِعْرَنْكَسَ. جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔

عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا الْاِبِلُ الشَّجَرَ: اُونٹ کا درخت سے پتے کھانا فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا و عَرِمَ (س) و عَرُمَ (ک) عرامة. شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بد خلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِم و عَرِم.
عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔
اَعْرَمَ. ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔
تَعَرَّمَ. الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اُتار لینا۔ عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
اِعْتَرَمَ. الْفَرَسُ: گھوڑے کا دُور دُور قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
الْعَارِم. فا. بد خلق۔ موذی ج عَرَمَة مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِم و عَارِمَات. يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔
الْعَرْم. چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔
الْعَرَم والْعُرْمَة. سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو (عَرْمَاء) اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں (والْعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جائے۔ الْعَرَمَة: کھانے کی بُو۔ الْعَرْم: ہانڈی کا میل۔
الْعَرِمَة. پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔ بغیر واحد کے الْعَرِم: چوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔
الْمُعْرِم. قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔
الْعُرَام. مِنَ الْجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت مِنَ الرَّجُلِ: بد خلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ شِدَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بد خلقی ہے۔ ہانڈی کا میل۔
الْعَرِيْم. مصیبت ج عُرْمَان.
الْاَعْرَم. رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑیا

بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون۔ ج عُرمان ج عَرامین۔

العَرماء۔ مؤنث۔ اَعرَم: چتی دار سانپ۔

العَرمَرم: سخت۔ بے شمار لشکر۔

عرن (ن ض) عَرنًا السَّهمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا۔ عَلَی الشَّیئِ: کسی چیز کا عادی ہونا۔ البَعِیرَ: اُونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَتْ (س) عَرَنًا۔ الدَّابَّۃُ: عُرنہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرنَۃ) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُون و عَرِنَۃ (عِرانًا) الدَّارُ: گھر کا دور ہونا۔

عَرَنَ الرُّمحَ: نیزے میں میخ لگانا۔

اَعرَنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَن۔ مس۔ پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔

العَرَن والعِران والعُرنَۃ: ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِران۔ لکڑی جو اُونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العَرِین۔ گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن (والعَرِینَۃ) شیر، بجو، بھیڑیے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرنِین۔ ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار۔ مِن کُلِّ شَیئٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرانِین۔

العِرناس۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی رُوئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عَرنُوس) کہتے ہیں ج عَرانِیس۔

عَرا یَعرُو عَروًا۔ فُلانًا اَمرٌ: پیش آنا۔ فُلانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعرُوّ۔ القَمِیصَ کرتے میں کاج بنانا (وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عارٍ ج عُراۃ اور مَعرُوّ۔

وعُرِیَ الرَّجُلُ۔ خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعرَی وعَرَّی القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔

اَعرَی صاحِبَہٗ: چھوڑ دینا۔

اِعتَرَی اِعتِراءً۔ فُلانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعتَراہُ اَمرٌ: لاحق ہونا۔

العِرو۔ گوشہ۔ وہ جو اُمور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعراء۔ کہا جاتا ہے "انا عِروٌ مِن کَذا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِہا اَعراءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَواء۔ بخار کی سردی۔

العُروَۃ مِنَ الاِبرِیقِ و نَحوِہٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُروَۃ والعُری والعِرَی: کاج۔

العُروَۃ۔ گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "انا عُروۃٌ منہ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلقَی اِلَیہِ العُرَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعرَی عُریَۃً وعُریًا مِن ثِیابِہٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عارٍ وعُریان ج عُراۃ۔ صفت مؤنث عارِیَۃٌ وعُریانَۃٌ ج عَوارٍ وعارِیات۔ عَرِیَ مِنَ العَیبِ وغَیرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (عَرِیَ) اللَّیلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَراہُ یَعرِیہِ عَریًا۔ الاَمرُ: پیش آنا۔

عَرَّی تَعرِیَۃً الرَّجُلَ الثَّوبَ ومِنَ الثَّوبِ: ننگا کرنا۔ ہٗ مِنَ الاَمرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا۔ الرَّجُلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا۔ الشَّیئَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرّاہُ بِعُریٍ وَثِیقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعرَی اِعراءً الرَّجُلَ الثَّوبَ ومِنَ الثَّوبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اُتار لینا۔ فُلانًا النَّخلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا۔ فُلانًا صَدِیقُہٗ: دور ہونا اور مدد نہ کرنا۔ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّی تَعَرِّیًا مِن ثِیابِہٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعرَورَی اِعرِیراءً: تنہا سفر کرنا۔ الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا۔ اَمرًا قَبِیحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَی۔ گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَراء۔ کھلا میدان۔ ج اَعراء۔

العَراۃ۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُریٌ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعراء۔

الاَعراء۔ آزاد و لاپروا لوگ۔ واحد عُریٌ۔

العُریَۃ والعِریَۃ: ننگا پن۔

العارِیَۃ۔ اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُریان۔ ننگا۔ عُریانُ النُّجَی: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

عُریاناتُ البُزُورِ (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔

العَرِیُّ۔ ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃ۔ ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دے دیا ہو۔ ج عَرایا۔ کہا جاتا ہے "نَخلُہُم عَرایا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دے دیتے ہیں۔

المَعرَی والمَعراۃ۔ ننگا پن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَعارٍ۔ المَعارِی: بنجر مقامات۔ بچھونے۔

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزازَۃً: عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا۔ الشَّیئُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا۔ الماءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیہِ عَزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَن تَفعَلَ کَذا" میرے اُوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّہٗ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّہٗ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔
عَازَّہٗ مُعَازَّۃً حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔
اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔
اَعَزَّتِ الْبَقَرَۃُ گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَكَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔
اِعْتَزَّ قوی ہونا بِہٖ اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا عَلٰی فُلَانٍ بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔
تَعَزَّزَ قوی ہونا بِہٖ فخر کرنا لَحْمُہٗ سخت اور ٹھوس ہونا۔
اِسْتَعَزَّ عَلَیْہِ سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ اللّٰہُ بِفُلَانٍ وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آ گیا "وَاسْتُعِزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آ گئی۔
الْعِزُّ عزت۔ سخت بارش۔
رَجُلٌ عَزٌّ قوی۔ کہا جاتا ہے "جِیْ بِہٖ عَزًّا بَزًّا" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
الْعَزَّۃُ ہرن کا مادہ بچہ۔
الْعِزَّۃُ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
الْعَزِیْزُ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّۃ حاکم مصر کا لقب۔
الْاَعَزُّ اسم تفضیل۔ عزیز۔
الْعُزّٰی عزیزہ۔ شریفہ۔ (اَعَزّ کا مؤنث۔) قریش کے ایک بت کا نام۔
الْعَزَّاءُ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوند کی بارش۔
الْمِعْزَازُ سخت مرض والا۔
الْمَعْزُوْزَۃُ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ(ن) عُزْبَۃً و عُزُوْبَۃً بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ(ن ض) عُزُوْبًا دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِبٌ عَزَبَتِ الْاَرْضُ زمین کا ویران ہونا۔
عَزَبَ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ دور ہونا ہٗ دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
الْعَازِبُ فا۔ دور کی چراگاہ۔
الْعَازِبَۃُ مؤنث عَازِب مرد کی بیوی ج عَوَازِب۔
الْعَزَبُ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کیلئے اور عَزَبَۃٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّاب و اَعْزَاب۔
الْاَعْزَبُ جس کے اہل و عیال نہ ہوں۔ وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاءُ ج عُزْبٌ۔
الْمِعْزَبَۃُ باندی۔ لونڈی (والمُعْزِبَۃ) بیوی۔
الْمِعْزَابُ والْمِعْزَابَۃُ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لیے لے جائے الْمِعْزَابَۃُ جس کے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔
عَزَجَ(ن) عَزْجًا الرَّجُلُ دفع کرنا الْاَرْضَ بِالْمِسْحَاۃِ بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔
عَزَرَہٗ(ض) عَزْرًا ملامت کرنا۔ اعانت کرنا۔ جماع کرنا ہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا۔ واپس کر دینا ہٗ عَلَی الْاَمْرِ خبر دینا ہٗ عَلَی الْفَرَائِضِ وَالْاَحْکَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
الْعَزْوَرُ والْعَزَوَّرُ بد خلق۔
الْعَزْوَرَۃُ مؤنث۔ عَزْوَرٌ ٹیلہ۔

الْعَزَائِرُ لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
الْعَزِیْرُ والْعَزَائِرُ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔
عَزْعَزَہٗ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ(ن) عَزْطًا جماع کرنا۔
عَزَفَ(ن ض) عَزْفًا وعُزُوْفًا نَفْسُہٗ و عَنِ الشَّیْءِ بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (عَزْفًا) نَفْسَہٗ عَنْ کَذَا منع کرنا (عَزْفًا و عَزِیْفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ آواز دینا۔
اَعْزَفَ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوْا ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
الْعَازِفُ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
الْعَزْفُ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
الْعُزَفُ جنگلی کبوتر۔
الْعَزُوْفُ والْعَزُوْفَۃُ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّہْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عِزَافٌ عَزُوْفَۃٌ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزَافُ بمعنی عَزْف مصدر۔
الْعَزَّافُ بہت باجا بجانے والا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ بہت گرجنے والا بادل۔
الْمِعْزَفُ والْمِعْزَفَۃُ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف۔
اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ شرارت کے لئے تیار ہونا۔
عَزَقَ(ن) عَزْقًا تیز دوڑنا الْخَبَرَ عَنْہُ روک لینا ہٗ ضرب مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ(ض) عَزْقًا الْاَرْضَ زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ(س) عَزَقًا بِہٖ چپکنا۔
الْعَزِقُ بد خلق۔ ج عُزُقٌ۔
الْعَزُوْقُ والْعَزُوْقُ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ

عَزوَق: سخت مزاج بخیل وبدخو مرد۔
العَزِیق. مِنَ الاَرضِ: پست زمین۔
المِعزَق والمِعزَقَة. ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعازِق.
المُتَعزِّق. بد خلق۔
عَزَلَهُ (ض) عَزلًا. عَن کَذَا: جدا کر دینا فُلَانًا عَن مَنصَبِهٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ہ عَن عَمَلِهٖ: باز رکھنا۔
عَزَّلَهُ. ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ و اِعتَزَلَ. الشَّیءَ و عَنهُ: جدا ہو جانا۔
تَعَازَلَ القَومُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَل. بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَة: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے ٹکے۔
العُزل والعِزَال. کمزوری۔
العُزلَة. جدائی۔ گوشہ نشینی۔
اَلعَازِلُ وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کا روکے۔ خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے۔ اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے۔
العُزُل. بے ہتھیار مرد ج اَعزَال.
الاَعزَل. علیحدہ ریت کا ڈھیر۔ بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزل و اَعزَال و عُزَّل و عُزلَان. مؤنث عَزلَاء. الاَعزَل مِنَ الدَّوَابِّ دم کو جھکا ہوا رکھنے والا مِنَ الطَّیرِ: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔ الاَعزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِح" ہے۔
العَزلَاء. الاَعزَل کا مؤنث۔ ڈیر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالَی. کہا جاتا ہے "اَنزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدتِ بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجداگانہ ہے۔
المُعتَزِلَة والعُزَّال. قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعزَال. علیحدہ چرانے والا۔ سفر میں علیحدہ اترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِیل.
عَزَم (ض) عَزمًا وعُزمًا ومَعزَمًا و مَعزِمًا وعُزمَانًا وعَزِیمًا وعَزِیمَةً وعَزمَةً الاَمرَ و عَلَیهِ پختہ ارادہ کرنا الرَّجُلُ: کوشش کرنا الاَمرُ: واجب ہونا فُلَانٌ عَلَی فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمتُ عَلَیكَ لَتَفعَلَنَّ اِلَّا فَعَلتَ اَولَمَّا فَعَلتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (وعَزَّم) الرَّاقِی: منتر پڑھنا۔
اِعتَزَمَهُ الاَمرَ و عَلَیهِ: ارادہ کرنا الطَّرِیقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا الفَرَسُ فِی عِنَانِهٖ: سرکشی کرنا۔
تَعَزَّمَ. الاَمرَ وعَلَی الاَمرِ: ارادہ کرنا۔
العَزم. پختہ ارادہ۔
العُزمَة. خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم.
العَزمَة. حق۔ واجب ج عَزَمَات.
عَزَمَات اللّٰه و عَزَائِمُ اللّٰه: اللہ کے حقوق فرائض۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ عَزمَةٌ" اس کیلئے ثابت وصبر نہیں۔
العَزمِیّ. کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
اُمُّ العِزم والعِزمَة واُمُّ عِزمَة. دبر۔
العَزِیم. تیز دوڑ۔
العَزِیمَة. مؤکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم.
العَازِم. فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُون. اَمرٌ عَازِمٌ کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوم. ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دبر۔ ج عُزُم.
العَزَّام. صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعَزِّم. فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا یَعزُو وعَزوًا. الشَّیءَ او فُلَانًا اِلَی فُلَانٍ: نسبت کرنا (عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا یَعزُو وعَزوًا وتَعَزَّی تَعَزِّیًا اِعتَزَی اِعتِزَاءً لِفُلَانٍ والی فُلَانٍ: منسوب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عِزَاء) ہے۔ اور اسی سے ہے "اِعتَزَی بِعَزَاءِ الجَاهِلِیَّةِ."
العِزَة. لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُون.
العِزوَة. انتساب۔ صبر۔
عَزَی یَعزِی عَزیًا الشَّیءَ او فُلَانًا اِلَی فُلَانٍ نسبت کرنا۔
عَزِیَ یَعزَی عَزَاءً. مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ. صفت مؤنث عَزِیَة.
عَزَّی تَعزِیَةً. الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزَّی تَعَزِّیًا. اِلَیهِ: منسوب ہونا عَنهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازَی تَعَازِیًا. القَومُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِیّ. صابر۔
العِزیَة. انتساب۔
الاِعتِزَاء. دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّ. القَومَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِعتَسَّ. رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشَّیءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس. رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے عَاسٌّ کی۔
العُسّ. بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس و عِسَسَة واَعسَاس وعُسُس.
العَاسّ. رات کا چوکیدار ج عَسَس وعَسِیس.
العَسَّاس. رات کا چوکیدار۔
العَسُوس. دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔

المَعَسُّ. مطلب۔
اَعْسَبَ. الذِئْبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔
اَعْسَبَهُ جَمَلَهُ اُونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَعْسَبَ مِنْهُ: ناپسند کرنا فُلَانًا جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر لینا۔
العَسْب. نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسْبَهُ اللّٰہ اس کی نسل کو منقطع کردے۔
العَسْبَة. اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوْب. رئیس اعظم۔
العَسِيْب. دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دُور کردیئے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف ج عُسْب وعُسُب وعُسْبان۔
اليَعْسُوْب. شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ اليَعْسُوْب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْسُوْب قَوْمِه" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج يَعَاسِيْب.
العُسْبُر چیتا ج عَسَابِر.
العُسْبُرَة مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اُونٹنی۔
العِسْبَار. بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔
العُسْبُوْر والعُسْبُوْرَة کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔
عَسَجَ(ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا و عَسِيْجًا چلنے میں گردن اُٹھانا۔
اَعْسَجَ الشَيْخُ بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔
العَوْسَج. ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجَة.
العَسْجَد. سونا۔ جوہر مانند موتی یاقوت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اُونٹ۔
العَسْجَدِيَّة. شاہی سواریاں۔ اور یہ اصل میں ان اُونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے۔
عَسْجَرَ الطَعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرَجُلُ بہت تیز نظر سے دیکھنا۔
العَسْجَر نمک۔

عَسَدَ(ض) عَسْدًا. الحَبْلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔
العِسْوَدَّ. بہت مضبوط۔ سانپ۔
عَسَرَ(ن ض) عَسْرًا وعُسْرًا. الغَرِيْمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا الزَمَانُ سخت ہونا عَلٰى فُلَانٍ: مخالف ہونا عَلَيْهِ مَا فِي بَطْنِه: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔
عَسَرَهُ(ض) عَسْرًا. بائیں جانب سے آنا۔ عَسَرَت وعَسَرَانًا النَاقَةُ: اُونٹنی کا دوڑنے میں دُم اُٹھانا المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَسِرَ(س) عَسَرًا. بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْرَاءُ ج عُسْر.
عَسِرَ(س) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَرًا ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ(ک) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَارَةً دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا الرَجُلُ: بد خلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِيْر.
عَسَّرَ الاَمْرَ: دشوار کرنا عَلَيْهِ: تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا ہ بائیں جانب سے آنا۔
اَعْسَرَ تنگ دست ہونا الغَرِيْمَ: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔ اَعْسَرَت المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً تنگی کا معاملہ کرنا۔
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا عَلَيْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا۔ تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔
اِعْتَسَرَهُ مجبور کرنا الكَلَامَ: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔
اِسْتَعْسَرَ. الاَمْرَ دشوار پانا الاَمْرُ عَلَيْهِ: سخت اور پیچیدہ ہونا۔
العُسْر والعُسُر تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔
العُسْرَة والعُسْرٰى والمَعْسَرَة والمَعْسُرَة تنگی اور سختی۔
الاَعْسَر بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "يَوْمٌ اَعْسَرُ" یعنی سخت اور منحوس دن۔
العُسْرٰى مؤنث الاَعْسَر تنگی۔ دشواری۔
المُعْسِر. اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔
المَعْسُوْر. تنگ حال۔
عَسْعَسَ. اللَيْلُ: رات کا گزرنا۔ رات کا تاریک ہونا السَحَابُ: بادل کا زمین سے قریب ہونا الاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ معمہ بنا دینا الشَيْءُ: حرکت دینا (وتَعَسْعَسَ الذِئْبُ:) بھیڑیے کا رات میں پھرنا۔ تَعَسْعَسَ الشَيْءَ سونگھنا۔
العَسْعَس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
العَسْعَاس. رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
سراب ہر چیز میں سے ہلکا۔
عَسَفَ(ض) عَسْفًا السُلْطَانُ: ظلم کرنا۔ جور کرنا ہ: ظلم کرنا۔ خدمت لینا الدَمْعُ الجُفُوْنَ: آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا الشَيْءَ: زبردستی لے لینا۔ فِي الاَمْرِ: بغیر سوچے سمجھے کرنا لِفُلَانٍ: کسی کے لیے کام کرنا۔ الطَرِيْقَ و عَنِ الطَرِيْقِ: راستے سے ہٹ جانا۔
المَفَازَةَ بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَيْلَ و بِاللَيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔
اَعْسَفَ. رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔
عَسَّفَ بغیر علامت نشان کے چلنا البَعِيْرَ: چلنے سے تھکا دینا۔
تَعَسَّفَ. فِي القَوْلِ: بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو عَنِ الطَرِيْقِ: ہٹ جانا الاَمْرَ: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا فُلَانًا ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔
اِعْتَسَفَ عَنِ الطَرِيْقِ: راستے سے ہٹ جانا

الطَّرِيقَ: راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا الأَمْرَ: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔ فُلانًا: ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اِنْعَسَفَ الشَّیُٔ: مڑنا۔

العَسْف. ظلم۔ موت۔

العَاسِف. فا۔ مِنَ الابل: عساف کی بیماری والا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِف.

العُسَاف. اُونٹوں میں ایک بیماری۔ جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔

العَسُوف والعَسَّاف والمِعْسَف. بہت ظالم۔

العَسِيْف. مزدور ج عُسَفَاء و عِسَفَة.

العِسِّيْف. بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِي مَعَاسِيفِ البِيْدِ و مَعَامِيْهَا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کردیا۔

عَسِقَ (س) عَسَقًا وتَعَسَّقَ بِهٖ: چمٹنا۔ عَلَيْهِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔

العَسَق. تنگ خوئی۔ اول رات کی تاریکی۔

العَسِيْقَة. ردی شراب۔

عَسْقَلَ. السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔ الرَّاسُ: سر کا اوپر کا حصہ۔

العَسَاقِل والعَسَاقِيْل. سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔

عَسِكَ (س) عَسْكًا بِهٖ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَعَسَّكَ. الرَّجُلُ فِي مَشْيِهٖ: مٹک کر چلنا۔

عَسْكَرَ القَوْمُ: جمع ہونا۔ اللَّيْلُ: تاریکی زیادہ ہونا۔ الشَّیُٔ: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں۔

العَسْكَر. جمع۔ لشکر ج عَسَاكِر. ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِرُ الهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دور ہوگئی۔

العَسْكَرَة. سختی و خشک سالی۔

عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا وعَسَّلَ الطَّعَامَ: کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَلَ وعَسَّلَ القَوْمَ: شہد کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔ عَسِلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسُلَ الشَّیُٔ: شہد جیسا ہونا۔ عَسَلَ النَّائِمُ: اونگھنا۔

عَسَلَ (ض) عَسَلًا وعُسُوْلًا وعَسَلَانًا الرُّمْحُ: زیادہ حرکت کرنا۔ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

عَسَلَ (ن) عَسَلًا وعَسَلَانًا المَاءُ: ہوا کی وجہ سے لہرانا۔

اِسْتَعْسَلَ. شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عَسَلًا لَهٗ بمعنی تَعْسًا لَهٗ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو۔

العَسَل. شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال وعُسْل وعُسُل وعُسُوْل وعُسْلَان. تھوڑے سے کو عُسَيْلَة کہتے ہیں۔ العَسَل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔ "مَا تَرَكَ لَهٗ مَضْرَبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔

العَسَلِيُّ. شہد کے رنگ کا۔

العَاسِل. فا (والعَسُوْل) نیکوکار جس کی ثنا وصفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسَّل.

العَاسِل. شہد نکالنے والا ج عُسَّل وعواسل. بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔

العَسَّال بمعنی العَاسِل.

خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ چھتہ مع شہد کے۔

العَسَالَة. چھتہ۔

العَسَّالَة. شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔

العَسِيْل. عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اُونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل.

المَعْسَلَة والمَعْسُلَة. شہد کا چھتہ۔

المَعْسُوْل. رَجُلٌ مَعْسُوْلٌ: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُوْلُ المَوَاعِيْدِ: سچے وعدے۔

عَسْلَجَ. الشَّجَرُ: نرم ٹہنیاں نکالنا۔

العُسْلُج. نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِج.

العُسْلُوْج. نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِيْج.

عَسْلَطَ. غیر مربوط کلام بولنا۔

كَلَامٌ مُعَسْلَطٌ. غیر مربوط گفتگو۔

عَسَمَ (ض) عَسْمًا وعُسُوْمًا فِي الاَمْرِ: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَيْنُهٗ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔

عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْسَم. صفت مؤنث عَسْمَاء.

اَعْسَمَ يَدَهٗ: خشک کر دینا۔ اَعْسَمَتْ عَيْنُهٗ آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔

اِعْتَسَمَ. کمائی کرنا فُلَانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔

العَسُوْم. بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ ج عُسُم.

العَاسِم. بمعنی العَسُوْم.

العَسَمَة والعَسُوْم. خشک روٹی کے ٹکڑے

العُسُوْم: قلت۔

المَعْسَم. جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ فِي بَنِي فُلَانٍ مَعْسَمٌ".

عَسِنَ (س) عَسَنًا الكَلَأُ فِي الدَّابَّةِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔ عَسِنَتِ الدَّابَّةُ. چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

تَعَسَّنَ. الشَّیُٔ: پتہ نشان تلاش کرنا۔ اَبَاهُ: مشابہ ہونا (واَعْسَنَ) المَكَانُ: کچھ سبزی اگانا۔

العَسَن. چربی۔ بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔

العِسْن. مثل و نظیر (والعُسْن) چربی۔

العَسُوْن والاَعْسَن. موٹا۔ ج عُسْن.

اَعْسَانُ. الشَّیُٔ: نشان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى اَعْسَانٍ مِنْ اَبِيْهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

اَلعسَنج. نرشتر مرغ۔
عَسا يَعْسُو عَسَاءً وعُسُوًّا النباتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا اللیلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَسا يَعْسُوْ عَسْوًا وعُسُوًّا وعُسِيًّا وَعَساءً وعَسْوَةً الشَيْخُ: بوڑھا ہونا۔
العَسْو. س۔ موم۔
العَاسِي. فا۔ سخت مزاج۔
العِسْوَة. بڑھاپا۔
عَسِي يَعْسَى عسىً. النبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
عَسى. افعالِ مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔ محبوب میں اُمید کے لیے اور مکروہ میں خوف کے لیے مستعمل ہے۔
العَسِي والعَسِيّ والمُعْسَاة بِالْاَمْرِ: لائق۔ مناسب۔
اَعْسِ بِهِ: فعل تعجب ہے بمعنی اَخْلِق بِهِ: یعنی کسی قدر لائق ہے۔
العَاسِي. فا۔ درخت خرما۔ بقول ابو عبید درخت خرما کا گچھا۔
المِعْسَاء. قریب البلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عشًّا الشَئَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا المَعْرُوْفَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّتِ النخلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عشَّ الطائِرُ. پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔
عشَّ (ن) عُشُوْشَةً وعشاشَةً وعَشَشًا البدَنُ. لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ
عَشَّشَ الطائِرُ پرندے کا گھونسلہ بنانا۔
عَشَّشَتِ النخلَةُ. درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأ: گھاس کا خشک ہونا۔
عَشَّشَ الخُبْزُ. روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔
اَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: روکنا۔ باز رکھنا الظَبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا۔ البدنَ. بدن کو لاغر کرنا الرَجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔
اِعْتَشَّ. گھونسلہ بنانا البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔
اِنْعشَّ الثَوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا۔
العَش. س۔ عطاء قلیل۔ رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔
العَشّ والعُشّ. گھونسلہ ج عشاش و عِشَشَة واَعْشَاش وعُشُوْش.
العَشَّة. کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔ خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔ کم درخت والی سرزمین۔
المَعَش. مطلب۔
المُعَشَّش. مع۔ وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا. خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا وعَشُبَ (ک) عَشَابَةً. المكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِب.
عَشُبَ (ک) عَشَابَةً و عُشُوْبَةً الرَجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔ صفت مذکر عَشَب. صفت مؤنث عَشَبَة.
اَعْشَبَ. القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "اَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اُتر پڑو۔
اَعْشَبَ وعَشَّبَ المكَانُ: سبز گھاس اُگانا۔
اِعْتَشَبَ وتعَشَّبَ. سبز گھاس چرنا۔ موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ. سبز گھاس پر پہنچنا المكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْب. سبز گھاس ج اَعْشَاب و واحد عُشْبَة.
العَشَبة. بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔
العَشابَة. سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِب والعَشِيْب والمُعْشِب والمِعْشَاب: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) اَرْضٌ عاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيْبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ. بہت سبز گھاس والی زمین۔
التَعَاشِيْب. سبز گھاس کے متفرق قطعے۔
العَشَّاب. سبز گھاس والا۔ سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا. دس میں سے ایک لینا۔ نو پر ایک زائد کرنا القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُوْرًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔
عَشَّرتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
اَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا القَوْمُ: دس ہونا۔ اَعْشَرتِ النَاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔
عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً. باہم مل جل کے رہنا۔
اِعْتَشَر وتَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔
العِشْر دسواں حصہ۔ اُونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج اَعْشَار.
العُشْر. دسواں حصہ ج عُشُوْر واَعْشَار
الاَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔
العُشَر. ہر مہینے کی دسویں، گیارہویں، بارہویں رات۔
العَشَرَة. دس اور یہ مذکر کے لیے ہے۔ کہا جاتا ہے "عشرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عشرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لیے دونوں جزء مذکر جیسے "اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لیے دونوں جزء مؤنث جیسے اِحْدىٰ عَشَرَةَ اِمْرَاَةً اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جز مؤنث

جیسے خَمسَ عَشرَۃَ اِمْرَاَۃً ج عَشرَات.
العِشْرُوْنَ. بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔)
العِشْرَۃ. صحبت۔ مخالطت۔
العَاشِر. فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَۃ. ج عَوَاشِر. العَوَاشِر. پرندے کے اگلے بڑے پر۔
العَشُوْرَیٰ والعَاشُوْر والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرَیٰ. محرم کی دسویں تاریخ۔
العَشَّار. دسواں حصہ وصول کرنے والا۔
العُشَرَاء. مِنَ النُوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اونٹنی ج عِشَار وعُشَرَاوَات یا وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔
العُشَرَاءُ والعُوَیْشَرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارَا ومَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)
ثَوْبٌ عُشَارِیٌّ. دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِیٌّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِیَّۃ.
عُشَارَۃ. دسواں حصہ۔
الاَعْشَارِی. اَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔
العَشِیْر. قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء.
العُشَیْر. دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء.
العَشِیْرَۃ. قبیلہ۔ عَشِیْرَۃُ الرَّجُلِ: برادران باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر. وعَشِیْرَات.
الاَعْشَر. بیوقوف۔
المَعْشَر. جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر.
المِعْشَار. دسواں حصہ۔ نَاقَۃٌ مِعْشَارٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔
اَلْعَشَرِی (ع ح) وہ عدد جو جزء صحیح یا صفر سے بنایا گیا ہو۔ جز عشری: ۱۴۵۲،۳۱،۲

اَلْکَسْرُ الْعَشَرِی: اس کی صورت صحیح عدد جس کا مخرج ۱۰ یا ۱۰ کے قوی میں سے کوئی ہو مثلاً: (۱۰/ ۴، ۱۰۰۰/۱) اس کو عشاری نظام سے لکھنا بھی ممکن ہے۔
اَلْعُشَرِیَّۃ: ایک درخت جس کے پھول کے دس اجزاء ہوتے ہیں شمالی امریکہ میں ہوتا ہے۔
اَلْعُشَرُ واحد عُشَرَۃ: ایک درخت کی قسم جس سے گوند کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔
العَشَارِب والعَشَرَّب. شیر رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔
عَشَزَ (ض) عَشْزَانًا. کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا عَلٰی عَصَاہُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔
العَشُوْز. دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔
عَشِقَہٗ (س) عِشْقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُوْن. صفت مؤنث عَاشِقَۃٌ وعَاشِقٌ ج عَوَاشِق عشق بالشئ: چمٹنا۔
تَعَشَّقَ. بتکلف عاشق بننا۔ بہت محبت کرنا۔
العِشْق. محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔
العَشَقَۃ. عشق۔ پیچان۔ پیلو۔ ج عَشَق.
العَشِیْق. عاشق۔ معشوق۔ العَشِیْق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق.
العَشَّاق والعِشِّیْق. بہت زیادہ عشق والا۔
عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُوْمًا وتَعَشَّمَ الشَّئُ: خشک ہونا۔
العَشَم. لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔
العَشِمَۃ. لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "شَیْخٌ عَشِمَۃٌ وعَجُوْزٌ عَشِمَۃٌ"
خُبْزٌ عَیْشَمٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔
الاَعْشَم. دو مخلوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء.

عَشَنَ (ن) عَشْنًا واَعْشَنَ وعَشَّنَ واعْتَشَنَ: رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔
العُشَان والعُشَانَۃ. گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَۃ: کھجور کی شاخ کی جڑ۔
عَشَا یَعْشُوْ عَشْوًا. رتوندوالے کی طرح کام کرنا الابِلَ: اونٹوں کو رات میں چرانا۔ الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا و اِلَیْہِ. قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا عَنْہُ. اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (عَشْوًا وعَشْیًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (عَشْوًا وعُشُوًّا) النَّارَ والَی النَّارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا (عَشْوًا وعَشِیَ یَعْشٰی عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ واَعْشٰی.
عَشِیَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْیَان. عَشِیَ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔ عَشِیَتِ الابِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِیَۃ ج عَوَاشٍ.
عَشّٰی تَعْشِیَۃً. الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا الطَّیْرَ: آگ روشن کر کے اندھا بنا کر شکار کرنا عَنِ الشَّئِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا الابِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔
اَعْشٰی اِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھلانا اللّٰہُ الرَّجُلَ: رتوند میں مبتلا کر دینا۔
تَعَشّٰی. رات کا کھانا کھانا۔
تَعَاشٰی. رتوندی والا ظاہر کرنا۔ عَنْہُ: جاہل بننا۔
اِعْتَشٰی اِعْتِشَاءً. عشا کے وقت چلنا النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔
اِسْتَعْشٰی اسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا الرَّجُلَ: متحیر پانا۔
العَشَاء. شام کا کھانا۔ ج اَعْشِیَۃ.
العَشَا والعَشَاوَۃ. نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔
العَشِیّ. شام کا کھانا۔

العِشاء والعَشِیُّ. رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی۔ یا دن کا آخری حصہ۔

العِشاءَان. مغرب اور عشاء. بَعِیرٌ عَشِیٌّ رات کو دیر تک چرنے والا۔

العَشِیَّة. شام ج عَشِیٌّ وعَشَایَا و عَشِیَّات اور نسبت کے لیے عَشَوِیٌّ.

العَشِیَّة بادل۔

العَشْوَة. تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔

العُشْوَة والعِشْوَة. آگ کا شعلہ جو رات کو دُور سے دکھائی دے۔

العُشْوَة والعِشْوَة والعَشْوَة. اَمر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْطَاهُ عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے اَمر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔

العَشْوَاء. مؤنث الاَعْشیٰ. اُونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاءَ" و "اِنَّهُمْ لَفِیْ عَشْوَاءَ مِنْ اَمْرِهِمْ" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں۔ و "رَكِبَ العَشْوَاءَ" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء: تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔

عَصَّ(س) عَصًّا و عَصَصًا سخت ہونا۔

عَصَّصَ عَلیٰ غَرِیْمِهٖ. قرض دار سے اصرار کرنا۔

العُصّ. اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ العُصِّ"

العُصْص والعُصُص دُم کی ہڈی۔

عَصَبَ(ض) عَصْبًا الشَّیْءَ. لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا۔ القُطْنَ روئی کاتنا۔ الرِّیْقُ بالفَمِ. تھوک کا منہ پر خشک ہونا۔ النَّاقَةَ: دوھنے کے لیے اُونٹنی کی رانیں باندھنا۔ الرَّجُلُ بَیْتَهٗ اقامت کرنا۔ الغُبَارُ رَاْسَهٗ سر پر غبار لگ جانا۔ القَوْمُ بِهٖ. اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا (عَصْبًا وعُصُوْبًا) الاَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا۔ الاُفُقُ: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (عَصْبًا وعِصَابًا) الشَّیْءَ: قبضہ کرنا۔

عَصِبَ(س) عَصَبًا اللَّحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عصب القَوْمُ بِهٖ اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔

عَصَّبَهٗ. بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔

عَصَّبَ فُلَانًا سردار بنانا۔

اَعْصَبَتِ الاِبِلُ. اُونٹوں کا تیز چلنا۔

تَعَصَّبَ. پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا۔ لَهٗ و مَعَهٗ. مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا۔ عَلَیْهِ: مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا۔ فِیْ دِیْنِهٖ ومَذْهَبِهٖ دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا۔ بالشَّیْءِ راضی ہونا۔

اِعْتَصَبَ القَوْمُ. گروہ بننا۔ المَلِكُ. بادشاہ کا تاج پہننا۔ التَّاجُ عَلیٰ رَاْسِهٖ. تاج کا سر پر فٹ ہونا۔ بالشَّیْءِ قناعت کرنا اور راضی ہونا۔

اِنْعَصَبَ الشَّیْءُ. سخت ہونا۔

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ. سخت ہونا۔ القَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔

العَصْب. عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر۔ (والعُصَب) عشق پیچاں۔

العَصَب. مذ. پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں۔ ج اَعْصَاب.

العَصَبَة. عصب کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات.

العِصْبَة. پٹی باندھنے کی ہیئت۔

العُصْبَة. مِنَ الرِّجَالِ والخَیْلِ والطَّیْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب.

العِصَاب: جس سے باندھا جائے۔

العِصَابَة. جماعت مردوں، گھوڑوں، پرندوں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب.

العَاصِب. فا۔ رَجُلٌ عَاصِبٌ وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔

العَصِیْب. پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب واَعْصِبَة. یَوْمٌ عَصِیْبٌ: سخت گرم۔

التَّعَصُّب. مص. دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات.

العَصَبِیّ. قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔

العَصَبِیَّة. دھڑا بندی۔

المُعَصَّب. مف. سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔

المَعْصُوْب. مفع. باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پر گوشت۔

العَصَبْصَب. سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔

عَصَدَ(ض) عَصْدًا واَعْصَدَ. الشَّیْءَ: موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهٗ عَلَی الاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (عُصُوْدًا) الرَّجُلُ مرنا۔

العَصِیْد گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔

العَصِیْدَة ایک قسم کا کھانا جو گھی، آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔

عَصَرَ(ض) عَصْرًا. العِنَبَ او الثَّوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا۔ الدُّمَّلَ پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا۔ الرَّكْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا۔ الشَّیْءَ عَنْهُ: منع کرنا۔ فُلَانًا قید کرنا۔ عطیہ دینا۔

عَصَّرَ الشَّیْءَ. بار بار نچوڑنا۔ الزَّرْعُ کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔

اَعْصَرَ عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

اَعْصَرَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِرٌ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیْر.

الرِّیْحُ. ہوا کا بگولہ لانا۔

اُعْصِرَ القَوْمُ. بارش کیا جانا۔

عَاصَرَهٗ مُعَاصَرَةً. ایک زمانہ میں ہونا۔

تَعَصَّرَ. نچوڑا جانا۔ بِهٖ پناہ لینا۔

اِعْتَصَرَ العِنَبَ او الثَّوبَ و نَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا۔ العَصِيْرَ: شراب بنانا العَطِيَّةَ: عطیہ واپس لینا مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا مِنَ الشَّيْءِ: لینا بِفُلَانٍ: پناہ لینا عَلَيْهِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَاغَصَّ بِهِ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔

اِنْعَصَرَ. نچڑنا الْعِنَبُ و نَحْوُهُ: شیرہ نکل جانا۔

العَاصِرُ فا۔ ج عَصَرَة وعَاصِرُوْنَ مؤنث عَاصِرَةٌ ج عَوَاصِرُ و عَاصِرَات. رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔

العَصْرُ. دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر.

العَصْرَان. صُبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَائَنِي عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔

العَصْرُ والعِصْرُ والعُصُرُ. زمانہ ج عُصُوْر واَعْصُر وعُصُر واَعْصَار. اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِر.

العُصْر والعَصَر والعُصْرة والمُعَصَّر: جائے پناہ۔

العَصَرُ. عصر. بسکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔

العَصَرَة. خوشبو کی بھڑک عَاصِر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔

العَصِيْر والعَصِيْرَة والعُصَار. رس۔ نچوڑ۔ العَصِيْر: نچوڑا ہوا۔

العِصَارُ. سخت غبار۔ وقت۔

العُصَارَة. رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوکس۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرِيْمُ العُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جوادو سخی۔

الإعْصَار. بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِيْر. کہتے ہیں "وَعْدُهُ اِعْصَارٌ لَيْسَ بَعْدَهُ اِعْصَار" یعنی اس کے وعدہ کے لیے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔ اَعْصَرَ القَوْمُ کا بمعنی بارش ہونا۔

المَعْصَرَة والمَعْصَر. نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ المَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔

المِعْصَر والمِعْصَرَة. انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔

اَلْعَصْرِيَّةُ: نماز عصر کے بعد اجتماع برائے ملاقات و تسلی اور وقت گزاری کے لئے۔

المِعْصَار. وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔

المُعْصِرَات. بادل۔

العُصْعُص والعَصْعَص. دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص. العُصْعُص: مرد کم خیر و دشوار خو۔ مضبوط توانا۔

العُصْعُوْص. دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِيْص.

عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا وعُصُوْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَةٌ وعَاصِفٌ النَّاقَةُ: بِرَاكِبِهَا: اُونٹنی کا تیز لے جانا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّيْءُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (واعْتَصَفَ) عِيَالَهُ: بال بچوں کے لیے کمانا۔

عَصَفَ (ن) عَصْفًا. الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔

اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔ اَعْصَفَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَةٌ ومُعْصِفٌ ج مَعَاصِف و مَعَاصِيْف الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔ اَعْصَفَتِ الحَرْبُ بِهِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔

اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔

العَصْفُ. س۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الاِثْمِدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔

العَصْفَة. عَصَفَ. کا اسم مرۃ۔ شراب کی بُو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔

اَلْعَصْفِيَّةُ: سرو کی مانند ایک درخت تیزی سے بڑھنے والا خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔

العَاصِف. فا. سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ يَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔

العَاصِفَة. مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ وعَوَاصِف.

العَصُوْف. تیز ہوا۔ ج عُصُف.

العَصِيْف. تیز ہوا۔

العَصِيْفَة. پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔

العُصَافَة. تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اُڑا کر لائے۔

عَصْفَرَ. الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ. الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفَرَتِ العُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔

العُصْفُر. زرد رنگ۔

العُصْفُوْر. چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِير مؤنث عُصْفُوْرَة. العُصْفُوْر: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ او صَاحَتْ عَصَافِيْر بَطْنِه" یعنی بھوکا ہوا۔

العُصَيْفِرَة. گل خیری کا زرد پھول۔

العُصْقُوْل. نر ٹڈی۔ ج عَصَاقِيْل.

العَصَاقِيْل: بگولہ۔

عَصِلَ (س) عَصَلًا. الشَّيْءُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ واَعْصَل مؤنث عَصِلَةٌ و عَصْلَاء ج عِصَال و عُصْل (واَعْصَل) سخت ہونا۔

عَصَلَ (ن) عَصْلًا العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔

عَصَّلَ السَهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْل والعَصَل. آنت ج اَعْصَال.
المِعْصَل. قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال والمِعْصِيْل. ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقَيلَة" یا "باکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِيْل.
عَصْلَبَ. سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب والعُصْلُب والعُصْلُبِيُّ والعُصْلُوْب. بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عصْمًا الرَجُلُ: کمائی کرنا۔ الشَیْئَ: روک لینا اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَكْرُوهِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسّی سے باندھنا اِلٰی فُلَان: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا. الظَبْیُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِهٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔ بِالْفَرَس: ایال پکڑنا مِنَ الشَرّ: باز رہنا القِرْبَةَ: رسّی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ. بِهٖ: ہاتھ سے پکڑنا بصاحبہ: لازم ہونا بِاللّٰه: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا مِنَ الشرِّ والمَكْرُوْهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ. محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهُ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِهٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصْم والعُصُم. ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام. سرمہ۔ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسّی۔
مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد۔ اور یہ باب مجاز سے ہے ج عُصْمَة وعُصْم وعِصَام.
اَلعِصَامِیّ. نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِيًّا لَا عِظَامِيًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آبا و اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَة. بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصْمَة. گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واَعْصَم و عِصَمَةٌ جج اَعْصَام.
العَصَمَةُ. گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم. اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْماء ج عُصْم.
العَصِيْم. پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم والعَيْصُوْم. بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَة. مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت. ج عَوَاصِم.
المِعْصَم. کلائی ج مَعَاصِم.
المُعْتَصَم. پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا يَعْصُوْ عَصْوًا. الرَجُلَ: لاٹھی سے مارنا الجُرْحَ: زخم کو باندھنا القَوْمَ نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصِيَ يَعْصَى عَصًا. لاٹھی لینا. (واعْتَصَى) بِالسَيْف: تلوار مارنا۔ واعْتَصَى الشَيْئَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔
اِعْتَصَى عَلَيْهِ: ٹیک لگانا۔
عَصَّى تَعْصِيَةً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصَى اِعْصَاءً. الكَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ. لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا. لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِيٌّ وعِصِيٌّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور مثنّی عَصَوَان العَصَاء. اجتماع. جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَّرَ لَهُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرعة بعَصَا المَلَامَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَى المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَى عَصَا التَرْحَال یعنی اس نے اقامت کی "اَلنَّاسُ عَبِيْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَيَّة. عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصَى يَعْصِى عَصْيًا ومَعْصِيَةً سَيِّدَه: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْن الطَائِرُ: پرندہ کا اڑنا العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاة وتَعَصَّى عَلَيْهِ تَعَصِّيًا. نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّى الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً. النَوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصَى. سَيِّدَه: مالک کی نافرمانی کرنا الشَيْئُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔
العَصِيّ. نافرمان۔ گنہگار ج عَصِيُّوْن واَعْصِيَاء.
العَصَّاء. نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن.
المَعْصِيَة. گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِي.
عَضَّهٗ (س) عَضًّا وعَضِيْضًا دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علٰی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهٖ اور عَضَّ عَلَيْهِ بھی بولا جاتا ہے ہ الزَمَانُ: سخت ہونا الشَيْئَ: لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضْعَضَ. بہت کاٹنا۔
عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّهُ. الشَيْئَ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضَّا. ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضّ. بد خلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہمسر، مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوْض. العِضّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض.
العُضّ. جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔

چھوٹا کانٹے دار درخت۔
العَضَاض. جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔
العِضَاض. دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيْض. س۔ سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوْض والعَضَّاض. بہت کاٹنے والا۔
بِئْرٌ عَضُوْض: بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض والعُضَّاض. ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا قطع کرنا ٥ المَرْضَ: حرکت سے روکنا ٥ بالرُمْحِ: نیزہ مارنا ٥ بالعَصَا: لاٹھی مارنا ٥ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا ٥ بلِسانِه: گالی دینا عضب عَنْهُ: رجوع کرنا (واَعْضَب)
النَاقة و نَحْوَها: اُونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الكَبْش: مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا وعُضُوْبَةً. چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَهُ مُعَاضَبَةً. القَرْنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب. تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الاَعْضَب. پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب.
العَضَّاب. بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوْب. کمزور۔ لنجا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمَعْضُوْبُ اللِّسَان" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَر عَضْبَرَةَ الكَلْبُ: شیر کی مانند ہونا۔
العِضْبَارَة. چکی کا پاٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَه (ن) عَضْدًا. مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔

عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشجرةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اُونٹوں کیلئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضَدًا وعُضِدَ عَضَدًا. بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد مؤنث عَضِدَة.
عَضَّدَ واَعْضَدَ السَهْمُ. تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَهُ مُعَاضَدَةً. مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَهُ وتعَضَّدَهُ. بغل میں لینا۔
اِعْتَضَدَبه: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَدَ الشجرةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا الثمرةَ: پھل چننا۔
العَضُد. س۔ مددگار۔ گوشہ۔ ج اَعْضَاد.
العَضْد والعُضْد والعَضِد. بازو ج اَعْضَاد واَعْضُد.
عَضُدُ كُلِّ شَيءٍ وعَضُدُهُ واَعْضَادُهُ وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔ عَضُدُ الطَرِيْقِ: راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ عَضُدِه" یعنی اپنے اعوان وانصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد. کٹا ہوا درخت۔ قوۃ۔ اُونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العُضَاد. پستہ قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضَاد. بازو بند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اُونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَة س الطريقِ: راستہ کا پہلو۔
عِضادتا الباب: چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ عِضادةُ فُلانٍ" فلاں فلاں کا معاون ومددگار ہے۔
العَضادِيّ والعِضادِيّ والعُضادِيّ: موٹے بازو والا۔
العَضِيْد. کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدَان.

الاَعْضَد. دُبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد. درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد. درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد.
المِعْضَاد. بازو بند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَة. تھیلی۔ بٹوہ۔
العَضْرَس والعُضَارِس. سردی، اولے، برف، ٹھنڈا میٹھا پانی۔ گورخر۔ ج عَضَارِس.
العُضْرُط. کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضَارِط و عَضَارِطَة.
العُضْرُط والعِضْرِط. کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِيْط. فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا. عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ به الاَمْرُ: سخت ہونا الرَجُلَ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) وعَضِلَ (س) عَضْلًا وعِضْلًا وعِضْلانًا المَرْاَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا الرَجُلَ: راندہ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا. بہت سخت گوشت والا ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل و عَضُل.
عَضَّلَ. عَلَيْهِ. تنگی کرنا۔ کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہو جانا۔ عَضَّلَ المَرْاَةَ عَنِ الزَّوَاجِ. نکاح کرنے سے روکنا المَكانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الاَرْضُ بِاَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہو گئی۔ عَضَّلَتِ المَرْاَةُ او الدجاجةُ وغَيْرُهُمَا مِنَ الحَيْوَانِ بولدها بچہ جننا دشوار ہو گیا۔ صفت مُعَضِّل.
اَعْضَلَ الاَمْرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔
اَعْضَلَتِ المَرْاَةُ ونَحْوُهَا مِنَ الحَيْوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل ومُعْضِلَة ج مَعَاضِيْل. اَعْضَلَ بِهِ الاَمْرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا الاَمْرُ فُلانًا:

غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ اَعْضَلَنِی فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا (و تَعَضَّلَ) الدَّاءُ الْاَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔
العِضْل. بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔
العَضَل. بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان.
العَضَلَة. سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل وعَضَلَاتٌ. العَضَلَة: کنیر کے مشابہ ایک درخت۔
العَضِيْلَة. بمعنی عَضَلَة ج عَضَائِل.
العُضْلَة. مصیبت۔ ج عُضَل وعُضَل.
العُضَال. سخت۔ دَاءٌ عُضَال: عاجز کر دینے والا مرض۔
المُعْضِل. فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لا علاج مرض۔
المُعْضِلَة. مؤنث مُعْضِل. پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات. المُعْضِلَات. سختیاں۔
المُعْضِلَة والمُعَضِّلَة. پیچیدہ مشکل معاملہ۔
العَضْم. کمان کا قبضہ ج عِضَام. گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضْم واَعْضِمَةٌ.
عَضَهَ (ف) عَضْهًا وعَضَهًا وعِضْهَةً وعَضِيْهَةً. جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (عَضْهًا) البَعِيْرُ: ببول کا درخت کھانا الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔
عَضِهَ (س) عَضْهًا واَعْضَهَ. بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔
العَاضِه. فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهٌ وعَاضِهَةٌ. سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے ج عَوَاضِه.
العِضَة. جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُوْن.
العِضَاه. ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَته وعِضَةٌ: کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

العِضَاهِيُّ والعِضَهِيُّ والعَضَوِيُّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا اُونٹ۔ مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔
العَاضِهَة. مؤنث عَاضِه. جھوٹ۔ بہتان ج عَوَاضِه.
عَضَا يَعْضُوْ عَضْوًا وعَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔
عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔
العُضْو والعِضْو. بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء.
العِضَة. فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُوْن.
رَجُلٌ عَاضٍ. مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔
عَطَّ (ن) عَطًّا وعَطَّطَ واعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيْط. عَطَّ الرَّجُلَ اِلَى الْاَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔
اِنْعَطَّ العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا (و تَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
العَطَاط. بڑا بہادر۔ شیر۔
الاَعَطُّ. لمبا۔
عَطِبَ (س) عَطَبًا واِعْتَطَبَ. ہلاک ہونا الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔ عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔
اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔
عَطَبَ (ن) عَطْبًا وعُطُوْبًا. القُطْنُ: روئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔
عَطَّبَ. الشَّرَابَ: خوشبو دار کرنے کی تدبیر کرنا الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔
اَعْطَبَهُ. ہلاک کرنا۔
العُطْب والعُطُب. روئی۔
العُطْبَة. روئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيْحَ عُطْبَةٍ"، جلی ہوئی روئی یا چیتھڑے کی بُو محسوس کرتا ہوں۔
المُعْطِب. فقیر۔

المَعْطَب. ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب.
العُطْبُل والعُطْبُوْل والعُطْبُوْلَة.
العَيْطَبُوْل. جوان، خوبصورت، دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل وعَطَابِيْل. العُطْبُل والعُطْبُوْل. دراز گردن ہرنی۔
عَطِرَ (س) عَطَرًا. خوشبودار ہونا۔ صفت عَطِرٌ.
عَطَّرَهُ. خوشبودار کرنا۔
تَعَطَّرَ واسْتَعْطَرَ. خوشبو دار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔
العِطْر. خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُوْر.
العَاطِر. عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر.
العَطَّار. بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔
المِعْطَار والمِعْطِيْر. بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)
عُطَارِد. بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ (منصرف وغیر منصرف)
عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا وعُطَاسًا چھینکنا الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے عَطَسَ فُلَانٌ و عَطَسَتْ بِهِ اللُّجُمُ: یعنی مر گیا۔
عَطَّسَ. چھینکوانا۔
العَاطِس. فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صُبح.
العَاطُوْس. ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔
المَعْطَس والمَعْطِس. ناک۔ ج مَعَاطِس. کہا جاتا ہے "اُرْغِمَتِ المَعَاطِس"، یعنی دشمن مغلوب ہو گئے۔
عَطِشَ (س) عَطَشًا. پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعَطْشَى وعَطَاشَى. مؤنث عَطْشَى و عَطْشَانَة ج عِطَاش.

اَعْطَشَهُ و عَطَّشَهُ. پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ: پیاسے جانوروالا ہونا۔
عَاطَشْتُهُ فَعَطَشْتُهُ. پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعولی مَعْطُوْش.
تَعَطَّشَ. پیاسا بننا۔
العَطِش والعَطْش. پیاسا۔ مؤنث عَطِشَةٌ عُطْشَةٌ.
العُطَاش. بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔
الْمَعْطَش. پیاس کا وقت ج مَعَاطِش.
الْمَعْطَشَة. زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش.
المُعْطَاش. بہت پیاسا (مذکر ومؤنث)
عَطْعَط. القَوْمُ عَطْعَطَةً. لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ: کلام میں خلط ملط کرنا۔
عَطَفَ (ض) عَطْفًا وعُطُوْفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا عَلَيْهِ: مہربانی کرنا عَنْهُ: پھر جانا ہ عَنِ الْاَمْرِ: ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ: لگام پھیرنا كَلِمَةً عَلٰى اُخْرٰى: حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا الوِسَادَةَ: تکیہ کو دُوہرا کرنا الشَّیءَ: جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلٰى وَلَدِهَا: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللّٰه قَلْبَه وبقَلْبِه: دل کو مہربان کر دینا۔
عَطِفَ (س) عَطَفًا. لمبی پلکوں والا ہونا۔
عَطَّفَ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلٰى وَلَدِهَا: مہربان کرانا الشَّیءَ: جھکانا۔
تَعَطَّفَ. جھکنا اور مائل ہونا عَلَيْهِ: رحم دل ہونا اور احسان کرنا الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ و بِالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِنْعَطَفَ. مڑنا۔
تَعَاطَفَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر مہربانی کرنا فِي مِشْيَتِه: ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔
اِسْتَعْطَفَهُ. مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطَف. کجی۔ جھکاؤ۔
العِطْف. بغل مِنْ كُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں پہلو ج اَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوْف. کہا جاتا ہے "ثَنٰى عَنِّي عِطْفَه" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ يَنْظُر فِيْ عِطْفَيْه" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِي عِطْفِه" یعنی وہ تکبر سے چلا۔
العِطْفَة. انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصّے۔
العَطَف. پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچان۔ واحد عَطَفَةٌ.
العِطَاف. چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف واَعْطِفَةٌ.
العَاطِف. فا۔ ازار۔ گھوڑدوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة. والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ: حرف عطف جیسے واو۔ فا۔ ثُمَّ. حتّٰی وغیرہ۔
العَاطِفَة. مؤنث عَاطِف۔ شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف.
العَطِيْف. مِنَ النِّسَاءِ: نازک فرمانبردار عورت۔
العَطِيْفَة. کمان۔ ج عَطَائِف.
العَطُوْف. مہربان محسن۔ اِمْرَاَةٌ عَطُوْفٌ شوہر اور بیٹوں سے محبّت کرنے والی عورت ج عُطُف (والعَاطُوْف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيْف.
قَوْسٌ عَطْفَى. ٹیڑھی کمان۔
المِعْطَف. چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف.
مُنْعَطِفُ الوَادِی ومُنْعَطَفُهُ. وادی کا موڑ۔
المَعْطِف. گلاج مَعَاطِف.
عَطِلَ (س) عَطَلًا الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الاَدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ: خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطْلٌ. ج اَعْطَال.
عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُوْلًا. المَرْاَةُ: عورت کا بے زیور ہونا۔

صفت عَاطِل و عَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات و عَوَاطِل و عُطَّل و اَعْطَال.
عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الاَجِيْرُ: مزدور کا بیکار ہونا۔
عَطَّلَ. الشَّیءَ: بے کار چھوڑ دینا المَرْاَةَ: زیور اُتار لینا القَوْسَ: کمان سے تانت نکال لینا۔ عَطَّلَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے ہونا۔
عَطَّلَ الاِبِلَ: بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا البِئْرَ: کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کرکے چھوڑ دیا جائے، اس پر تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُوْدُ او الثُّغُوْرُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِع" یعنی کھیتیاں جوتی بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہی ایسی قوم کو "مُعَطَّلُوْن" کہیں گے۔
تَعَطَّلَ. بیکار ہونا۔ تَعَطَّلَت. واسْتَعْطَلَتِ المَرْاَةُ: عورت کا بے زیور ہونا۔
العَطَل. گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ عَطَلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔
العُطْلَة. بیکاری۔
العَطِيْل والعَيْطَل: نر کھجور کے خوشے کا تنہ۔ العَيْطَل: خوبصورت دراز گردن۔
العَطْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور عورت۔
المِنْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور رہنے کی عادی۔
التَّعْطِيْل. بیکار رہنا۔ مَذْهَبُ التَّعْطِيْل. صفاتِ باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔
المُعَطِّلَه. مذہب تعطیل والے۔
اِعْتَطَمَ. الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ و عَطِيْمٌ ج عُطُم.
العُطْم. دھنکی ہوئی اُون۔
عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعولی عَطِيْنٌ و مَعْطُوْنٌ (عُطُوْنًا) البَعِيْرُ: اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ و

عُطُوْن و عطنۃ مؤنث عَاطِنَۃ ج عاطِنات و عَوَاطِن و عُطُوْن۔
عَطِنَ (س) عَطَنًا۔ الجلدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عَطِن۔
عَطَّنَ الجلدَ: کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (واَعْطَنَ) الابلَ: دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَنَ لِلْابِلِ: اُونٹ کے لیے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَنَتِ الاِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔
اِنْعَطَن الجلدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔
العَطَن والمَعطِن والمَعطَن۔ اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعاطِن۔
العِطَان۔ گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہو جائیں۔
رَجُلٌ عَطِیْنٌ و عَطِیْنَۃٌ۔ بدبودار مرد۔
عَطَا یَعْطُوْ عَطْوًا۔ الشَّیْءَ و اِلَیْہِ: لینا اِلَیْہِ یَدَہٗ: بلند کرنا۔
عَطّٰی تَعْطِیَۃَ الرَّجُلَ: جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔
اَعْطٰی اِعْطَاءً۔ ہ الشَّیْءَ: دینا۔ اَعْطَی البَعِیْرُ اَو اَعْطَی البَعْیرُ بِیَدِہٖ: مطیع ہونا۔
عَاطٰی مُعَاطَاۃً و عِطَاءً الرَّجُلَ الشَّیْءَ: دینا ہ: خدمت کرنا۔
تَعَاطٰی تَعَاطِیًا۔ الشَّیْءَ: لینا۔ الاَمْرَ: مشغول ہو جانا الرَّجُلُ: کسی چیز کو پکڑنے کے لیے پیر کی اُنگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَیْنَا فَعَطَوْتُہٗ" واد و دہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہو گیا۔
تَعَطّٰی تَعَطِّیًا۔ جلدی کرنا الاَمْرَ: مشغول ہو جانا۔
تَعَطّٰی و اِسْتَعْطٰی اِسْتِعْطَاءً۔ عطیہ مانگنا۔
العَطَا والعَطَاء۔ جو چیز دی جائے۔ ج اَعْطِیَۃ جج اَعْطِیَات۔
العَطِیَّۃ۔ بمعنی عَطَا ج عَطَایَا و عَطِیَّات۔

العَطَانَۃ والعَطَاوۃ۔ بمعنی عطا۔
المِعْطَاء۔ بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث) ج مَعَاط و مَعَاطِی۔
عَظَّہٗ (ن) عَظًّا بالارضِ: چپکا دینا۔
عَظَّتْہُ الحَرْبُ: تکلیف پہنچانا۔
عَاظَّہٗ مُعَاظَّۃً و عِظَاظًا۔ سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ عَاظَّ القَوْمُ: جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العَظَّۃ۔ جنگ میں سختی۔
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطائرُ: پرندے کا دُم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا و عُظُوْبًا جِلْدُہٗ۔ کھال خشک ہونا یَدُہٗ: کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَظِبَ (س) عظبًا علی العَمَلِ: صبر سے برداشت کرنا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَظُوْب۔
عَظَّبَہٗ عَنْ بُغْیَتِہٖ: ٹالنا۔ تاخیر کرنا ہ علی الشَّیْءِ: عادی اور صابر بنانا۔
العَاظِب والعِظَب: جنگل اور خشک مقامات میں اُترنے والا۔
عَظِیْبُ۔ الخُلق: بدخلق۔
عَظِرَ (س) عَظَرًا۔ الإناءَ: برتن کو بھرنا۔
اَعْظَرَہُ الشَّرابُ: معدہ میں ثقیل ہونا اور اسم اس سے (العِظَارَۃ) ہے۔
العَظُوْر۔ شراب سے شکم سیر ج عُظُر۔
العِظَار۔ شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَظْعَظَ السَّھْمُ: تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا الجُبَانُ: بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَظَلَ (ن) و عَظِلَ (س) عَظْلًا و تَعَاظَلَ و عَظَّلَ و اِعْتَظَلَ الکِلَابُ او الجَرادُ: کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
عَاظَلَ الشَّیْءَ: سوار ہونا الکَلامَ: کلام میں تعقید لانا اور تکرر کہنا الشاعِرُ فِی القَافِیَۃِ: تضمین کرنا بالکلامِ: اپنے ہی اُوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔

عَظَّلَ و تَعَظَّلَ۔ القومُ علیہِ: مارنے کے لیے ہجوم کرنا۔ تَعَظَّلَ فِیْ اَثَرِہٖ: تلاش کرنا۔
العَاظِلُ والعَاظِلَۃ والعَظْلٰی مِنَ الجَرادِ: ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعَظْلَمَ اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
العَظْلَمَۃ۔ تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا و عَظَامَۃً۔ بڑا ہونا۔ صفت عَظِیْم ج عُظَمَاءُ عِظَام و عُظُم الاَمْرُ عَلَیْہِ: دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا۔ الکَلْبَ: کتے کو ہڈی کھلانا (عَظْمَۃً) الرَّجُلَ: ہڈی پر مارنا۔
اَعْظَمَ الاَمْرُ: بڑا ہونا الشَّیْءَ: بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ اعظم الکَلْبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "ما یُعْظِمُنِیْ اَنْ اَفْعَلَ کَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَہٗ: تعظیم کرنا۔ توقیر کرنا۔ عَظَّمَ الشَّاۃَ: ہڈی۔ ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ۔ تکبر کرنا۔
تَعَاظَمَ۔ تکبر کرنا۔ تَعَاظَمَہُ الاَمْرُ: بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ لَا یَتَعَاظَمُہٗ شَیْءٌ" وہ ایسا اَمر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔
اِسْتَعْظَمَ۔ تکبر کرنا الاَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا الشَّیْءَ: بڑا حصہ لے لینا۔
العَظْم۔ ہڈی ج اَعظُم و عِظَام و عِظَامَۃ۔
عَظْمُ الشَّیْءِ و عُظْمُہٗ چیز کا بڑا حصہ۔ ج اَعظام
العَظْم والعِظَم والعُظْم۔ بڑائی۔
عَظْمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیان۔
العُظَام والعُظَّام۔ بڑا۔ مؤنث عُظَامَۃ و عُظَّامَۃ۔
العَظْمَۃ۔ ہڈی کا ٹکڑا۔
العَظَمَۃ مِنَ السَّاعِدِ واللِّسانِ: کلائی یا زُبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات۔ عَظَمَاتُ القَوْمِ سردارانِ قوم (والعَظَمُوت

والعُظامة) تکبر۔ نخوت۔ فخر۔
العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة و الِاعْظَامَة. گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
العَظِيْمَة. مؤنث عَظِيْم. سخت مصیبت۔ ج عَظَائِم. عَظَائِمُ اللّٰهِ: اللہ کے بڑے بڑے اُمور۔
العَظْمِيُّ. سفیدی مائل کبوتر۔
مُعْظَمُ الشَّيْءِ: چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم. کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ المُرَاعَاةِ" فلاں کے لیے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔
المُعْظَمَة. سخت مصیبت۔
عَظَا يَعْظُوْ عَظْوًا. فُلَانًا: غمگین کرنا۔ غیبت کرنا۔ بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔
عَظِي يَعْظَى عَظْيًا فُلَانًا: غمگین کرنا۔
العَظَايَة والعِظَايَة والعِظَائَة والعَظَائَة. چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ و عِظَاءٌ و عَظَايَات و عَظَايَا.
عَفَّ (ض) عَفًّا و عِفَّةً و عَفَافًا و عَفَافَةً و تَعَفُّفَ. حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عفیف وعِفٌّ ج اعِفَّة واَعِفَّاءَ وعِفُّوْن. صفت مؤنث عَفِيْفَةٌ وعِفَّةٌ ج عَفِيْفَات و عَفَائِف وعِفَّات عَفَّ عَنْ كَذَا: باز رہنا۔ تَعَفَّفَ: بتکلف پاک دامن بننا۔ تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔
اَعَفَّ اللّٰه فُلَانًا: پاکدامن کرنا۔
تَعَافَّ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا المَرِيْضُ: علاج کرنا۔
اِعْتَفَّ واسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِيْثِ: رُکنا البَعِيْرُ اليَبِيْسُ: اُونٹ کا مٹی کے اُوپر اُوپر خشک گھاس چرنا۔
العِفَّة. س۔ پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت بدن۔
العُفَّة والعُفَافَة. تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعْطَاهُ اِلَّا عُفَافَةً یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفَاف: دوا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰى عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔
عَفَتَ (ض) عَفْتًا الشَّيْءَ: موڑنا اور توڑنا كَلَامَه وَفِيْ كَلَامِهِ: لکنت کی وجہ سے بولنے میں مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات.
العَفت. لکنت۔
الاَعْفَت. بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیوقوف۔
عَفَجَه (ض) عَفْجًا بالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
العَفْج والعِفَجُ والعفج والعَفِج آنت ج اعْفَاج و عفجَةٌ.
المِعْفَج. بیوقوف۔
المِعْفَجَة والمِعْفَاج. لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری۔ اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔
عَفَد (ض) عَفْدًا و عَفَدَانًا. دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔
اِعْتَفَد. بھوک کی وجہ سے مرنے کے لیے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔
عَفَرَه (ض) عَفْرًا فِي التُّرَاب: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا الشَّيْءَ: زمین پر پٹک دینا۔
عَفِر (س) عَفَرًا و اِسْتَعْفَر. خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعْفَرْ.
عَفَّرَه. فِي التُّرَاب: مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کیلئے "قَدْ عُفِّرَ واُرْغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا الشَّيْءَ: سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْاَةُ فِي العِظَامِ: عورت کا دودھ چھڑانے کے لیے پستان پر مٹی لگانا۔
اِعْتَفَر. الشَّيْءَ: خاک آلود ہونا
الثَّوبُ فِي التُّرَاب: کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا فُلَانٌ: قادر ہونا۔ قوی ہونا الرَّجُلَ: زمین پر پٹک دینا۔ کودانا ہ الاَسَدُ: شیر کا پچھاڑنا۔
تعافر. الثَرِيدُ: ثرید کا سفید ہونا۔
تَعَفَّرَا وانْعَفَرَ فِي التُّرَاب: مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا الشَّيْءُ: خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الْوَحْشُ: وحشی جانور کا موٹا ہونا۔
العَفْر والعَفَر. مٹی۔ خاک۔ ج اَعْفَار.
العِفْر والعُفْر. نر سور یا مطلقًا سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفْر: بعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔ مردِ دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعْفَار وَ عِفَار.
رَجُلٌ عِفْرٌ و عِفِرٌّ و عِفِرَّى و عُفَارِيَة. خبیث مرد۔
الاَعْفَر. ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔
العُفْرَة. خاکستری رنگ۔
العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِيْكِ: مرغ کے گردن کے بال مِنَ الإنسانِ: وسط سر کے بال مِنَ الاَسَدِ: شیر کے بال۔ عُفْرَةُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
العُفُر. زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔
العُفُرَةُ. مخلوط لوگ۔ عُفُرَة و عُفُرَة الحَرِّ او البَرْدِ: گرمی یا سردی کی شدت۔
العَفَار. بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَةٌ.
العَفَارَة. خباثت۔ بُرائی۔
العِفْرِيَة. بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِيَةُ والعِفْرَاة مِنَ الدِيْكِ والاِنْسَانِ: بمعنی عُفْرَة. جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَ نَا فِشًا عِفْرِيَتَه."
العَفِيْر. گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِيْرٌ: بلا سالن کے روٹی (والمَعْفُوْر) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔
العَفِيْر: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔
العَفِيْرَة. گبریلا کی گولی۔
العَفَّار. مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا

پھول ڈالنے والا۔
العَفْرَاء. الاَعْفَر کا مؤنث ج عُفْر. سفید زمین مِنْ لَيَالِي القَمَرِ: تیرھویں رات۔
العِفِرِّين. مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَيْثُ عِفِرِّينَ: شیر۔ عِفِرِّيْن: نام شیر کی جھاڑی کا۔
المُعَافِر. ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔
تَعَفْرَتَ. دیو ہونا۔ شریر ہونا۔
العِفْرِيْت. سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ اور یہ اِنسان؛ جِنّات؛ شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِيت مؤنث عِفْرِيْتَه.
عَفْرَسَه. پچھاڑنا اور غالب ہونا۔
العِفْرِس والعِفْرِيس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔
العَفَارِيس. شتر مرغ۔
عَفَزَ (ض) عَفْزًا اَهْلَه: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا الجَمَّالُ بَعِيْرَه: ساربان کا اُونٹ کو بٹھانا۔
العَفْز. س و العَفَاز: کھایا ہوا اخروٹ۔
العَفَازَة. ٹیلہ۔
عَفَسَه (ض) عَفْسًا. پچھاڑنا اور رَوندنا۔ قید کرنا عَنْ حَاجَتِه: حاجت سے باز رکھنا؛ روکنا المَاشِيَة: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا هُ: زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا هُ بِرِجْلِه: چوتڑ پر لات مارنا۔
عَافَسَهُ. کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يُعَافِسُ الاُمُوْرَ."
تَعَافَسَ واِعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔
اِنْعَفَسَ فِي التُّرَابِ: خاک آلود ہونا۔ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
العِفَاس. فساد۔
المَعْفُوْس. قیدی۔
عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

العُفَاشَة. بے خیر و برکت آدمی۔
الاَعْفَش. کمزور نگاہ والا۔
عَفَصَهُ (ض) عَفْصًا. اُکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّه مِنْهُ: حق لینا۔
عَفَصَ واَعْفَصَ القَارُوْرَةَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الْحِبرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
عَافَصَهُ مُعَافَصَةً. کشتی لڑنا۔
العَفْص. مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔
العَفَص. ناک کی کجی۔
العَفِص. کسیلا۔
العُفُوْصَة. کسیلا پن۔
العِفَاص. کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔
غَسَرَ (ن) غَسْرًا. عَلَی الغَرِیم: قرض دار پر سختی کرنا۔
تغسَّر الغَزْلُ: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ اُلجھا ہوا ہونا الامرُ: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔

صفت (غَسِرٌ)
الغَسَر. جس چیز کو ہوا اُڑا کا تالاب میں ڈال دے۔
اَغسَفَ. تاریکی میں داخل ہو۔
الغسف. تاریکی۔
غَسَقَ(ض) غَسْقًا و غَسَقًا و غَسَقَانًا واَغسَقَ. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَقَ الرَجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا المُؤَذِّنُ: مؤذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غَسَقَ (ض) غَسْقًا وغسوقا وغَسِق (س) غَسَقَانًا. المَاءُ: پانی گرنا الغیمُ: بارش ہونا العَین: آنکھ کا ڈبڈبانا۔ اور تاریک ہونا۔
الغسق. اوّل شب کی تاریکی۔
الغاسِق. فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔ الغَسَاق والغَسَّاق. ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غَسَلَ (ض) غَسْلًا و غُسْلًا. الشَّیَٔ: پانی سے میل کچیل دُور کرنا ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔
غَسَّلَ. الشَّیَٔ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
اِنْغَسَلَ. دُھلنا الشَّیُٔ: بہنا۔
اِغْتَسَلَ. نہانا بِالطِّیبِ: خوشبو لگانا الفَرسُ: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغُسل والغُسْل. اسم ہے غَسل سے۔
الغِسْل والغُسْل: ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اَغْسَال.
الغِسْلَة والغَسُوْل والغَسُوْل. ہاتھ مُنہ دھونے کی چیز۔
الغُسَالَةُ. مِنَ الشَّیِٔ: پانی جس سے دھویا جائے۔ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغَسِیْل. نہلایا ہوا۔ ج غَسْلَی و غُسَلَاء مؤنث غَسِیْلَة ج غَسَالَی.
الغَاسُوْل. صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسَّال. اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسَّالَةٌ.
المَغْسَل والمَغْسِل. غسل خانہ۔ ج مَغَاسِیْل.
المُغْتَسَل. غسل خانہ۔ ج مُغْتَسَلَات.
المُغْتَسَل. وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغْسَل. وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المِغْسَلَة. وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
الْغِسْلِیْنُ. دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غَسْلَبَ. الشَّیٔ مِنْ فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غَسَمَ (ن) غَسْمًا واَغْسَمَ. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاسِمٌ)
الغَسَم. سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغُسَم والاَغْسَام. آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غَسَنَ (ن) غَسْنًا. الشَّیٔ: چبانا۔
غُسَانُ القلبِ وغَسَّانُه. دِل کے انتہائی گوشے کہا جاتا ہے "عَلِمْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ غَسَّانِ قَلْبِكَ" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دِل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسَّان والغَیْسَان. جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ مِنْ غَسَّانِهِ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغَسَّانِیُّ. بہت خوبصورت۔
الغُسْنَةُ والغُسْنَاة. بالوں کا گچھا۔ ج غُسَنٌ غُسُنَات وغُسْنَات.
الاَغْسَان. لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغَیْسَانَة. نرم ونازک عورت۔
غَسَا یَغْسُوْ غَسْوًا وغَسِیَ یَغْسَی غَسًی واَغْسَی. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْسَاه اللیْلُ: تاریکی ڈالنا۔
الغَسَاة. کچی کھجوریں۔ ج غَسَوَات وغَسِّی شیخ (عَاس) پیر فانی۔
غَشَّهُ (ن) غَشًّا وغِشًّا. خلافِ ضمیر ظاہر کرنا اور خلافِ مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اَغَشَّهُ. دھوکے میں ڈالنا اَغَشَّهُ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اِغْتَشَّ واِسْتَغَشَّ. الرجلَ: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغِشّ. دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دِل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغُشّ. دھوکا باز۔ ج غُشُوْن.
الغَاشّ. دھوکا باز ج غَشَشَةٌ وغُشَّاشٌ.
الغَشَش. گدلا پانی۔
الغِشَاش والغَشَاش. تاریکی کا اوّل و آخر۔
قَوْمٌ (غَشَاشَةٌ) دھوکہ باز لوگ۔
المَغْشُوْش. مفـ۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔
غَشَمَهُ (ن ض) غَشْمًا و تَغَشَّمَهُ. ظلم کرنا۔
غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام. ظالم۔ غاصب۔
المِغْشَم. خود رائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔
الغَشَمْشَم. بمعنی مغشم. بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمْشَمَة والغشمشمیة. دلیری۔ جرات۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّیْلُ: سیلاب کا آنا الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور کوئی پرواہ نہ کرنا الامرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ. عَلَیْهِ: غضبناک ہونا فُلانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ شمر

السَّيل او الجَيش: سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمَرَة. س۔ آواز۔ ج غَشَامِر.
الغَشْمَرِيَّة. ظلم۔
الغِشْمِيْر. سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِالغَشْمِير" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُوْ غَشْوًا. فُلانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الاَمْرُ فُلانًا: مبتلا کر دینا۔
غَشَا. الفَرَسُ وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فلانًا: کسی کے پاس آنا ہُ بِالسَّوْطِ. کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغَشْوَة والغَشَاوَة. دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَة: غشا کا اسم مرۃ۔
الاَغْشَى. مِنَ الخَيْلِ وغَيْرِهَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْوَاء.
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً الاَمْرُ وفُلانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرْأَةَ: جماع کرنا المَكَانَ: آنا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْهِ غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيَانًا: بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِيٌّ عَلَيْهِ.
اَغْشَى. الاَمْرُ فُلانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا اللهُ عَلَى بَصَرِهِ: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشَانِي فُلانًا فلاں کے پاس آنے کیلئے برانگیختہ کرنا۔
غَشَّى. الشَّيَّ و عَلَى الشَّيِّ: ڈھانکنا۔ غَشَّيْتُهُ الاَمْرَ میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تَغَشَّى. بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔
تغشى المرأة: جماع کرنا۔ تغشاه الامْر: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَه و بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء. پردہ۔ ج اَغْشِيَة.
الغِشَايَة والغَشَايَة و الغُشْيَة پردہ۔
الغَشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان. بیہوشی۔ غشی۔
غَشَائِيَات الاَجْنِحَة پروں کے چار حصے والے کیڑے جن میں سے بھونڈ اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة. مؤنث غَاشِي. پردہ۔ دِل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ. مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلانٍ: خدام۔ ملاقاتی دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغَشَيَان. آنا۔
غَصَّ (س۔ ن) غَصَصًا. بِالطَّعَامِ والمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصٌّ و غَصَّان) المَكَانُ بِهِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيَّ: قطع کرنا۔
اَغَصَّهُ. اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغص علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغْتَصَّ. المَكَانُ بِهِمْ: تنگ ہونا۔
الغُصَّة. جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ ج غُصَص.
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيِّ: مجبور ہونا الشَّيَّ: زبردستی لے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا الجِلْدَ: کھال سے بال اور اُون دُور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مَالَهُ اور کبھی مفعول اوّل میں مِن کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيَّ: ظلم و زبردستی سے لینا المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَه. ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب. س۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا۔ ٹہنی کو کھینچنا الشَّيَّ: لینا ہُ عَنْ حَاجَتِهِ: پھیرنا۔ منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العنقودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخدار ہونا۔
الغُصْن شاخ ج غُصُوْن واَغْصَان و غِصَنَة.
الغُصْنَة شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی۔
ثَوْرٌ (اَغْصَنُ) سفید دُم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا و غَضَاضَةً. طَرْفَهُ و مِنْ طَرْفِهِ او صَوْتَهُ: و مِنْ صَوْتِهِ: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ روکنا الغُصْن: شاخ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا الشَّيَّ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَغُضُّكَ دِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا مِنَ فُلانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَهُ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی "و غُضَّ لِي سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لیے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔
غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوْضَةً النَّبَاتُ وغیرہ: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض.
غَضَّضَ. تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔
اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔
تَغَاضَض. عَنْهُ: غفلت برتنا۔
الغَضَاض والغُضَاض. سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔
الغُضَّة. ذلت و نقصان ج غُضَض.
الغَضِيْضَة والغَضَاضَةُ. ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔
المَغَضَّة. ج مَغَاضّ: ذلت و نقصان۔
الغَضّ. س۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج

غِضَاض.

الغَضِيض. تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔

طَرْفٌ غَضِيضٌ: پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّة مؤنث غَضِيضَةٌ ج غَضَائِض.

غَضِبَ (س) غَضَبًا و مَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانٌ) مؤنث غَضْبَى وغَضُوبٌ وغَضْبَانَةٌ. ج غَضْبَى و غِضَاب و غَضَابَى وغُضَابَى. اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَان" یعنی فلاں کے لیے غضبناک ہوگیا۔ "وغَضِبَ مِنْ لَا شَيْءٌ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

اَغْضَبَهُ وغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً. غضب پر برانگیختہ کرنا۔ وغَاضَبْتُهُ: ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلَانًا: ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَيْنُ: آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ واِسْتَغْضَبَ. عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

الغَضْبَةُ. غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَاب والغُضَاب. آنکھ کا تنکا۔

الغُضَابِيّ. مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغُضُبُّ والغُضُبَّة والغَضْبَّة والغَضَبَّة. غضبناک۔

غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰهُ: خوشحال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَر الرَّجُلَ: کسی کو روکنا۔ منع کرنا الشَّيْءَ: کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغَضَارَةً. آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ. عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَر عَلَيْهِ: مائل ہونا لِفُلَانٍ: مِنْ مَالِهِ: مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ. جوان مرنا۔

الغَضَار. خالص چپکنے والی مٹی۔ چپکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَة. س۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر.

الغَضْرَاء. مِنَ الاَرْضِ: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غضراء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيُّ. کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ غَضْرَاءَ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِر. قا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لیے تڑکے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)

الغَضِير. نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔

ارض غضيرة: خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.

المَغْضُوْر. صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن و مَغَاضِيْر.

الغُضْرُوْف. بمعنی غُرْضُوْف.

غَضْغَضَ. المَاءَ: پانی کم کر دینا۔

و تَغَضْغَضَ. المَاءُ: پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ: لکڑی توڑنا الكَلْبُ اُذُنَهُ: کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَةً: ڈھیلا ہونا۔ صفت (غضفاء) ج غُضْفٌ.

غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ السَّحَابُ: بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔

غَضَّفَ. الشَّيْءَ: لٹکانا۔

تَغَضَّفَتِ. الجَارِيَةُ: لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنُهُ: کان کا ٹوٹنا الضَّبَابُ: کہر کا تہ بتہ ہونا القَوْمُ فِي الغُبَارِ: قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِف. فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَفُ. درخت خرما کے مانند ایک درخت۔ واحد (غَضَفَة)

اَلْغَضَنْفَرُ: شیر، سخت جسم والا مرد۔

الغَضْفَة. سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔

الاَغْضَف. لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ عَيْشٌ اَغْضَف: خوش حال زندگی۔

غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا النَّاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔

اَغْضَنَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔

اَغْضَنَت عَلَيْهِ الحُمّٰى: تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا عَلَيْهِ اللَّيْلَ: رات کا تاریک ہونا۔

غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَه: آنکھ کا جھپکانا المَرْأَةَ: آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔

غَضَّنَ. الشَّيْءَ: موڑنا۔ شکن ڈالنا۔

غَضَّنَتِ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا النَّاقَةُ: اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَغَضَّنَ. مڑنا۔ شکن پڑنا۔

الغَضْن والغَضَن. کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَيْنِ: آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن. غُضُوْنُ الاُذُنِ: کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْنٍ" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْرُ فِيْ غُضُوْنِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔

الغُضْنَة الغَضَنَة. باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔

الغَضِین. اُونٹنی کا ناتمام بچہ۔

الاَغْضَن. خلقتًا تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔

غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا. اللیْلَ: تاریک ہونا البَعِیرُ: اُونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غاضٍ)

غُضُوًّا. نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَة) ج غَواضٍ.

غَضِیَ یَغْضَی غَضًی. البَعِیْرُ: درخت غضا کے کھانے سے اُونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَّة ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْضُ: بہت درخت والی ہونا۔

اَغْضَی اِغْضَاءً. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلافِ قیاس۔ اَغْضَی عَیْنَه: آنکھ بند کرنا۔ عَلَی الاَمْرِ: خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضَی عَنْه طَرْفَهٗ" اِس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ و "اَغْضَی عَلَی القَذَی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔

تَغَاضَی. آنکھیں بند کر لینا عَنْهُ: غفلت برتنا۔

الغَضَا. جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔

واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا: نجد کے رہنے والے۔

الغَاضِیَةُ. غَاضِی کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے لیلة غَاضِیَةٌ یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ ج غَواضٍ.

الغَضْیَاءُ. غضا کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْضٌ غَضْیَاء. بہت درخت غضا والی زمین۔

غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّیَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔

غَطَّ (ن) غَطًّا. سخت نچوڑنا۔

غَطَّ (ض) غَطِیْطًا. النَائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِیرُ: اُونٹ کا بلبلانا۔

تغاطّ. الرَجُلانِ فِی المَاءِ: ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔

الغطّ. فِی المَاءِ: پانی میں ڈوبنا۔

الغطاط. سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔

والغطاط. صبح کی ابتداء۔

اَلْغُطَیْطَةُ: تیز تلوار۔

غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلَی فُلانٍ: تکبر کرنا الرَجُلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا بالشَّیْ خود پسند ہونا ہٗ: غضبناک کرنا۔

تَغَطْرَسَ. ناز کرنا۔ تکبر کرنا غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔

الغِطْرِس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس.

الغِطْرِیْس. متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس.

غَطْرَشَ. اللیْلُ بَصَرَهٗ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا بصَرُهٗ: نگاہ تاریک ہونا۔ الرَجُلُ: بڑائی ظاہر کرنا۔

تَغَطْرَف. نازو انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔

الغِطْرَفَة. تکبر۔

الغِطْرَاف والغِطْرِیْف. سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة و غَطَارِیْف. الغِطْرِیْف: باز کا بچہ۔ مکھی۔

الغِطْرُوْف والغُطْرُوْف. خوبصورت خوش طبع جوان۔

غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ کھانا ہ فِی المَاءِ: غوطہ دینا فِی الاِنَاءِ: برتن میں مُنہ لگا کے پینا۔

غَطّسَهُ. فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔

تَغَاطَسُوْا. فِی المَاء: پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَجُلُ: غفلت برتنا۔

الغَاطِسُ. فا لَیْلٌ غَاطِسٌ: تاریک رات۔

الغِطَاس. عِنْدَ النَصَارٰی: نصرانیوں کی ایک عید۔

الغَطَّاس. قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پردہ جس کو غَوَّاص بھی کہتے ہیں۔

الغَطُوْس. لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔

المَغْطِس. غوطہ لگانے کی جگہ۔

المِغْطَس. بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس.

غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِشٌ واَغْطَش)

اَلتَغْطِیْس: عیسائیوں کے بپتسمہ کا دن۔

غَطَشَ (ض) غَطْشًا وغَطَشَانًا. مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔

غَطِشَ (س) غَطَشًا. کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش وغَطِش) مؤنث (غطشاء وغَطِشَة) ج غُطْش وغَطِشَات.

اَغْطَشَ. اللیْلُ: رات تاریک ہونا۔ اللّٰهُ اللیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔

تَغَطَّشَ. عَیْنُه: نگاہ کمزور ہونا۔

تَغَاطَش. عَنْهُ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔

اِغْطَاش. کمزور نظر والا ہونا۔

الغُطَاش. رات کی تاریکی۔

الغَطَش. فِی العَیْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔

فَلَاةٌ (غَطْشَاء وغَطِیْش وغَطْشَی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فلاةٌ غَطْشَی ونَحْنُ کرِمَالِهَا غَطْشَی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلة غطشاء: تاریک رات۔

غَطْغَطت غطغطةً. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا النَوْمُ عَلَی فُلَان: نیند کا غالب آنا وتَغَطْغَط البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تغطغط الشَّیُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔

الغَطَاغِط. بکری کے مادہ بچے؛ واحد (غُطْغُط)

الغَطْغَطَة. س- سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔

غَطِفَ (س) غَطَفًا. پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفاء) ج غُطْف.

الغَطَف. س- وسعتِ عیش۔

الاَغْطَف. مِنَ العَيْش. آسودہ زندگی۔

الغِطَمّ. بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَط. البحرُ. سمندر کا بلند موجوں والا ہونا القِدْرُ. ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَيلُ: آواز دینا۔

تَغَطْمَط. البحرُ. سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا الصَوْتُ. آواز کا گلوگیر ہونا۔

بَحْرٌ (غُطامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔

الغَطْمَطم. بڑا سمندر۔

غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَيْءُ. چھپانا الماءُ وغيرهُ. بلند ہونا اللَيْلُ. رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔

غَطّٰى تَغْطِيَةً واَغْطٰى اِغْطَاءً. الشَيْءَ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرْمُ. پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔

تَغَطّٰى واِغْتَطٰى. چھپنا۔

الغِطَاء. پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.

الغِطَايَة. عورت کی کرتی۔

غَطِيَ يَغْطٰى غَطْيًا وغُطِيًّا. اللَيْلُ. رات کا تاریک ہونا الشَبابُ. جوانی کا بھرپور ہونا الماءُ. پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غاطٍ) الشَيْءَ وعلَى الشَيْءِ. چھپانا۔

واَغْطَى. الشَجَرُ. درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاه. چھپانا۔

الغَاطِيَة. مؤنث غاطٍ. انگور کی بیل۔

غَفَّ الطائرُ. پرندے کا گرنا۔

اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدابةُ. جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدابةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلانًا: تھوڑا دینا۔

تَغَفَّفَ. الاناءَ او الضَرْعَ. برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الغَفّ. خشک شدہ پتے۔

الغُفَّة. چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الاناءِ او الضَرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّةُ. چوہا۔

غَفَرَ (ض) غَفْرًا. الشَيْءَ. ڈھانکنا۔ الشَيْبَ بالخِضَابِ: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

غَفْرًا وغَفِيرًا وغَفِيرَةً وغُفْرانًا ومَغْفِرَةً وغُفُورًا. لَهُ الذَنْبَ: چھپانا اور معاف کر دینا الاَمْرَ. درست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وَغَفِرَ (س) غَفْرًا و غُفِرَ المَرِيضُ. مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غَفِرَ وغُفِرَ الجُرْحُ. زخم کا تازہ ہونا۔ غَفَرَ الثَوْبُ. کپڑے کا روئیں دار ہونا۔

غَفَرَ. الشَيْءَ. چھپانا ڈھانکنا الرَجُلُ: غفر اللهم لهٗ. کہنا۔

اَغْفَرَهٗ. چھپانا۔ اَغْفَرَ الرِمْثُ. گوند نکالنا۔

تَغَفَّرَ. گوند چننا۔

تَغافَرُوْا. ہر ایک کا دوسرے کے لیے مغفرت کی دعا کرنا۔

اِغْتَفَرَ. اللّٰهُ ذَنْبَهٗ. بخش دینا۔

اِغْفارَّ. الثَوْبُ. روئیں دار ہونا۔

اِسْتَغْفَرَ. اللّٰهَ الذَنْبَ ومِنَ الذَنْبِ: بخشش طلب کرنا۔

الغَفْر والغَفَر. رواں کپڑے کا۔ الغَفَر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغَفْر والغَفَر والغُفَار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الغَفْر والغُفْر. پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غِفَرَة واَغْفار و غُفُور.

الغِفْر. گائے کا بچہ۔

الغَفِر. گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے رجلٌ غَفِرُ القَفَا وامْرَأةٌ غَفِرَةُ الوَجْهِ.''

الغِفَار. رخسارہ پر نشان۔

الغِفَارَة. ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے ''غَفَر الشَيْءَ بِغِفَارَتِهٖ'' اس نے بمناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔

الغِفَارَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغِفَارَة. لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغافِر. فا- ج غافِرُوْن و غَفَرَة.

الغَفُوْر. بہت بخشنے والا۔ مؤنث و مذکر دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

الغَفَّار. بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفَّارَة.

الغَفِير. س- رواں۔ کہا جاتا ہے ''جاءُوْا جَمًّا غَفِيرًا وجَمَّ الغَفِيرِ والجَمَّ الغَفِيرَ'' یعنی جماعت آگئی جس میں شریف ورذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المِغْفَرَةُ. پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات.

المِغْفَر والمِغْفَرَة. خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغافِر.

المِغْفَر والمُغْفُر والمُغْفُور. ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغافِر ومَغافِير. اَرْضٌ (مُغْفُورٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغَفَش. آنکھ کا کیچڑ۔

غافَصَهٗ غِفَاصًا و مُغافَصَةً. اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغافِصَة. مصیبت زمانہ ج غَوافِص.

غَفَقَهٗ (ض) غَفْقًا بالسَوْطِ. کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ. کسی پر اچانک آ جانا۔ الرَجُلُ. اچانک واپس آ جانا۔

غَفْقَةً. کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَقَ. اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ. الشَرابَ: تمام دن شراب پینا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

اِغْتَفَقَ بِهٖ: احاطہ کرنا۔
الغَفَق. س۔ ہلکی بارش۔
المَغْفِق. مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔
المُنْغَفَق. واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔
غَفَلَ (ن) غُفُوْلا وغَفْلَةً وغَفَلا عَنْهُ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا الشَّیْءَ: چھپانا۔
غَفَّلَهٗ. غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
اَغْفَلَ. الشَّیْءَ: چھوڑ دینا ہٗ: غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا الکِتَابَ: نقطے نہ رکھنا ہٗ: کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَهٗ وتَغَفَّلَهٗ واغْتَفَلَهٗ واِسْتَغْفَلَهٗ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهٗ: غافل سمجھنا۔
تَغَافَلَ. بتکلف غافل بننا۔ تَغَافَلَ: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الْاَمْرِ: غافل ہونا۔ بھول جانا۔
الغُفْل. س۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِی غَفَلٍ مِن عَیْشِهٖ" وہ فراخی عیش میں ہے۔
الغُفْل. بے علامت۔ بے حسب آدمی مِنَ الشِعْرِ: جس کا قائل معلوم نہ ہو مِنَ الاَرْضِ: غیر آباد زمین مِنَ الرِجَالِ: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الکُتُبِ: جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُعَرَاءِ: مجہول شاعر ج اَغْفَال. نَعَمٌ (اَغْفَال) بے علامت چوپائے۔
الغَافِل. فا۔ ج غَافِلُوْن وغُفُوْل و غُفَّل.
الغَفْلان. غافل۔
الغُفْلان. غافل۔ غفلت ورزی و بے خبری۔
المَغْفَلَة. ڈاڑھی بچہ۔
المُغَفَّل. مف۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔
غَفَا یَغْفُو غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِیَ یَغْفٰی غَفْیَةً واَغْفٰی. اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے غَفَیْتُ اور غَفَوْتُ کم بولا جاتا ہے غَفَا الشَّیْءُ: پانی پر تیرنا۔
الغَفْوَة. غفا کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفٰی یَغْفِی غَفْیًا واَغْفٰی. الطَّعَامَ: غلہ کو صاف کرنا۔ واَغْفٰی الطَّعَامُ: بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغفی الرَّجُلُ: کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔
اِنْغَفٰی. الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔
اَلْغَفٰی. گیہوں کا پھٹکن۔
الغُفَاء. گیہوں کا پھٹکن۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔
الغَفْیَة. بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔
الغُفَانَة ۔ آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض) غَقًّا و غَقِیْقًا. القَارُ: قار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار) الصَقْرُ: شکرہ کا آواز کرنا۔
غَقُّ المَاءِ وغَقِیْقُه. تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔
الغَقَّاق. اسم مبالغہ۔
غَلَّه (ن) غَلًّا. فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔
غَلَّ المَفَازَةَ: بیابان میں داخل ہونا الشَّیْءَ: چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا الماءُ بَیْنَ الْاَشْجَارِ: پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔
غُلُوْلًا. خیانت کرنا فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا فِی البِلَادِ: گھستے ہوئے چلے جانا۔
غَلَّ (ن) غَلًّا وغَلَلَ. الغِلَالَةَ: غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّه وغَلَّلَه: ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلِیْلًا. صَدْرُہٗ: کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔
غُلَّ غُلًّا وغُلَّةً. سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِیْل ومَغْلُوْل ومُغْتَلٌّ)
اَغَلَّ. الرَّجُلُ: خیانت کرنا۔ اَغَلَّتِ الْاَرْضُ غَلَّه والی ہونا۔ غلہ پیدا کرنا اَغَلَّ البَصَرَ: تیز نظر کرنا۔ اَغَلَّهٗ: خیانت کی طرف نسبت کرنا عَلٰی عِیَالِه: بال بچوں کیلئے غلہ لانا الخَطِیْبُ: خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا الجَازِرُ فِی الجِلْدِ: قصائی کا کچھ

گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔
اِنْغَلَّ وتَغَلَّلَ. فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔
اِغْتَلَّ الضَّیْعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔
الثَّوْبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغْتَلَّ وتَغَلَّلَ. بالغَالِیَةِ: غالیہ لگانا۔
اِسْتَغَلَّ. الْاَرْضَ: زمین سے غلہ لینا۔
عَبْدَہٗ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلّ. کینہ و دھوکا فریب۔
الغُلّ. پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغْلَال و غلول کہا جاتا ہے "هٰذَا غُلٌّ فِیْ عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔
الغَلَّة. مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غَلَّات و غِلَال.
الغُلَّة. سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.
الغَلَل. پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھنا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغْلَال.
الغِلَالَة. ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلَائِل. گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الغَالِیَة. ایک قسم کی مرکب خوشبو۔
الغَلِیْل. سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔
الغَلِیْلَة. مؤنث غلیل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلَائِل.
المِغْلَال. بہت غلہ والا۔
المُغْتَلّ. پیاسا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَیْهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔
المُغَلَّات والمُسْتَغَلَّات. زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)
غَلَبَ الرَّجُلُ و غَلَبَ عَلَیْهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَةً وغُلُبّٰی

وَغَلِبَى وغَلَبَةً وغَلَابِيَةً واِغْتَلَبَهُ غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيْهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہوگیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا. موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَب)مؤنث غَلْبَاء ج غُلْبٌ.
غَلَّبَهُ. غالب بنانا۔
غَالَبَهُ غِلَابًا ومُغَالَبَةً. ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ. عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغَالَبُوْا عَلَى البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغْلَوْلَب الشَعْبُ: گھنا ہونا القَوْمُ: بہت ہونا۔
اِسْتَغْلَب. عَلَيْهِ الضِحْكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلَّاب. بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلَّابُوْن.
الغَالِب. فا ج غَالِبُوْن وغَلَبَةٌ. کہا جاتا ہے "هٰذَا ما يُحدِثُ غَالِبًا و فِي الْغَالِب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغْلَبُ. اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الْاَغْلَب و فِي الْاَغْلَب" یعنی عَلَى الاكثر و فِي الاكثر. الاَغْلَب: شیر۔
الغَلْبَاء. مؤنث اغلب۔ گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّة. س مِنَ الرِجَال: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب. ئ۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَة. س۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلْتًا. البَيْع او الشِرَاءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا. غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔

تَغَلَّتَهُ واِغْتَلَتَهُ. چانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلْتَة. رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا. القَوْمُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
واِغْتَلَثَ. الزَنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلْثًا. الشَّئَ بِالشَّئِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلَث. س۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِث. مجنون۔ والمُغَالِث: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِث والغَلِيْث والمَغْلُوْث مِنَ الْبُرِّ. وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلْجًا وغَلَجَانًا. الفَرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ. عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
الغُلُج. عمدہ جوانی۔
الُاغْلُوْج. نرم و نازک شاخ۔ ج اَغَالِيْج.
اَلْغَلَادِيْشِيَا: بڑے کانٹوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِي العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ المَاءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
اِنْغَلَسَ. آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس.
غَلْصَمَهُ (ن) غَلْصًا وغَلْصَمَهُ غَلْصَمَةً. حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلْصَمَةُ. س سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلَاصِم. کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ غَلْصَمَةِ مِنْ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِيْ الْاَمْرُ: غلطی کرنا۔ صفت (غَالِط) اور صفت مفعولی (مَغْلُوْطٌ) فِيْهِ.
غَلَّطَهُ. غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَهُ غِلَاطًا ومُغَالَطَةً واَغْلَطَهُ. غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔
المَغْلَطَة. وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو ج مَغَالِيْط.
الُاغْلُوْطَة. بمعنی مُغْلَطَة ج اُغْلُوْطَات واَغَالِيْط.
الغَلُوْطَة. بمعنی مَغْلَطَة. کہا جاتا ہے هٰذِهِ مَسْاَلَة غَلُوْطَةٌ. یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلَاط. بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) و غَلُظَ (ک) غَلَظًا وغَلَظَةً وغِلْظَةً وغُلْظَةً وغِلَاظَةً. موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيْظا) ج غِلَاظ و (غَالِظ) ج غَلَظَةٌ.
غَلَظَتِ السُنْبُلَةُ: خوشہ میں دانہ نکلنا الرَجُلُ: سخت و تند خو ہونا۔
غَلَّظَهُ. گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِيْنَ: قسم کو موکد کرنا عَلَيْهِ فِيْ اليَمِيْن: قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْهُ مِيْثَاقًا غَلِيْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ. المُسَافِرُ: مسافر کا سخت زمین پر اترنا الشَّئَ: غلیظ پانا لَهُ فِيْ الْقَوْلِ: درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً. دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ. گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا الشَّئَ: موٹا پانا۔
الغُلَاظ. گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الغَلْظ. سخت زمین۔
الغِلْظَة. س سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّئَ: ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔

غَلِفَ (س)غَلَفًا. غیر مختون ہونا۔
غَلَّفَ. الشَّیْ: غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔
اَغْلَفَ. الشَّیْ: غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ واغْتَلَفَ. غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرجلُ: داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔اِغْتَلَفَ بِالغَالِیَة: غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلْف. س ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة. ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَفٌ الغُلْفَتان: مونچھوں کے دونوں کنارے۔
اَلْمُغَلَّفُ: غلاف شدہ کتاب۔
الاَغْلَف. غیر مختون۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ اَغْلَف یعنی ایسا دِل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عامٌ اَغْلَف"، ارزانی کا سال۔
الغِلَاف. وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان جز دان ج غُلُفٌ و غُلْف و غُلَفٌ.
الغَلْفَاء. اَغْلَف کا مؤنث ج غُلْف اَرْضٌ غَلْفَاءُ: بغیر چری ہوئی زمین۔سَنَةٌ غَلْفَاءُ: ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا. تنگ دِل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (غَلِق) الرَهْنُ فِیْ یَدِ المُرْتَهِن. حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
اَغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ: دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض) غَلْقًا اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ. عَلَیْهِ الاَمْرُ: معاملہ کا مبہم ہونا۔
اُغْلِقَ القَاتِلُ فِیْ یَدِالوالِی: قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "اُغْلِقَ فُلَانٌ بِجَرِیْرَته" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلَاق) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَة. شرط لگانا۔
تَغَالَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الکَلَامُ عَلٰی فُلَان: گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقُ. قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ عِنْدَ البَنَّائِین: معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق جج غَالِیْق.
کَلَامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غُلُقٌ) بند دروازہ۔
المِغْلَق. جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
المِغْلَقُ والمِغْلَاق والمُغْلُوْق. قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِیْق.
غَلِم (س) غلما وغلمة واغتلم. شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّیْمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمة وغليم وغليمة ومغلمة اغتلم الشراب: جوش مارنا۔
اِغْلَمَتِ الاَمْوَاجُ: تیز ہونا۔
الغُلَام. سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ واَغْلِمَةٌ.
الغُلَامَة. غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔
الغُلُوْمَة والغُلَامِیَّة والغُلُوْمِیَّة. نوجوانی۔
الغَیْلَم. مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "ما فی الدّار غَیلَمٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَىٰ (ض) [illegible] جوش پر ہونا۔
غُلْوَانُ. الشباب او الامر: جوانی کی نشاط اور ابتدا۔
غَلَا يَغْلُوْ غُلُوًّا. زیادہ ہونا بلند ہونا النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا بالدِّیْنِ: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلَا غَلَاءً. السِعْرُ: بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَال و غَلِیّ)
غَلَا يَغْلُوْ غَلْوًا وغُلُوًّا. السَهْمَ و بالسَهْمِ: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنا۔
غَالَی غِلَاءً ومُغَالَاةً. السَهْم وبالسَهْمِ: تیر کو انتہائی دُور تک پھینکنافِی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا بالشَّیْ: قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا وغَالَی الرَجُلَ: مقابلہ کرنا۔اَغْلَی الشَّیْ: گراں قیمت پر خریدنا السِعْرَ: بھاؤ گراں کرناالکَرْمَ: انگور سے پتے اُتار دینا۔
اَغْلَی وتَغَالَی واغْلَوْلَی. الشَجْرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلَی. البَعِیْرُ: اُونٹ کا تیز چلنا۔
اِسْتَغْلَی. الشَّیْ: گراں پانا۔
الغَالِی. فا۔ ج غُلَاة مؤنث غَالِیَة ج غَالِیَاتٌ و غَوَالٍ. الغَالِی. موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے بِعْتُ بِالغَالِیْ و بِالغَلِّی یعنی میں نے گراں بیچا۔
الغَلَاء. س۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج غَلْیَة.
الغُلْوَاء والغَلْوَاء. حد سے گزرنا (والغُلْوَان) آغاز جوانی و نشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلوائك" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر و "فعله فِیْ غُلْوَاء شَبَابه" اِس نے اُس کو اپنے آغازِ جوانی میں کیا۔
الغَلْوَة. ایک تیر پرتاب ج غَلَوات وغِلَاء.
المِغْلٰی والمِغْلَاة. تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَالٍ.
غَلَی يَغْلِی غَلْيًا و غَلَیَانًا. جوش مارنا۔
غَلَّی تَغْلِيَةً واَغْلَی اِغْلَاءً. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔الرَجُلَ: دُور سے اشارہ سے سلام کرنا۔

تغلّی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔
الغالِیة. مرکب خوشبو۔ ج غَوَال
اَلغَلبُوْن: ٹوٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔
غَمَّہٗ (ن) غَمًّا. ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا القَمرِ النُّجُوْمَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا الشَّیُٔ الشَّیَٔ غالب ہونا۔
غُمَّ. عَلَیْہِ الْاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا. لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمّ) مؤنث غَمَّاء ج غُمٌّ.
اَغَمَّہٗ. غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغمَتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَغمَكَ لِیْ وَ عَلَیَّ وَالَیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔
غَامَّہٗ مُغَامَّةً. ایک دوسرے کو غمگین کیا۔
تَغَامَّ. بتکلف غم ظاہر کرنا۔
اِنْغَمَّ. ڈھک جانا (واغْتَمَّ) غمگین ہونا۔
اِغْتَمَّ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔
الغَامّ. فا۔ یَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغَمّ. غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الغُمَّة. غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔
لَیْلَةٌ (غَمٌّ وغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔
الاَغَمُّ. مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل۔
لَیْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔
الغَمّٰی. سخت تاریکی۔ گرد آلودگی۔
الغَمَام. بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غمامة) کہتے ہیں ج غَمَائِم کہا جاتا ہے ھو یفتر عن مثل حب الغمام وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الغُمَام. زکام۔
المَغْمُوْم. زکام زدہ۔

الغِمَامَة. منہ پر کا چھینکا۔ اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے ادھر اُدھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے، نہ دیکھ سکے ج غَمَائِم.
الغَمَّاء والغُمّٰی. غم۔ حزن۔ مصیبت کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ یَكْشِفُ الغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دُور کر سکتا ہے۔
الغَمِیْم. گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔
الغُمُوْم. جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔
غَیْمٌ (مُغْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغَمَّۃٌ) بہت پیداوار والی زمین۔
غَمَتَہٗ (ض) غمتا. الطعام: کھانے کا دِل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا ہٗ فِیْ الْمَاءِ: پانی میں ڈوبانا الشَّیَٔ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غمتا. کھانا دِل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. المَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔
الغَمْجَةُ والغُمْجَةُ. گھونٹ ج غُمَجٌ.
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا الشَّیَٔ: چھپانا الْاَمْرَ: درست کرنا۔
غَمِدَت (س) غَمَدًا. البِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغْمَدَ. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الاَشْیَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَہٗ وتَغَمَّدَہٗ. عیوب چھپا لینا۔
تَغَمَّدَہٗ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔
الغِمْد. تلوار کی نیام ج غُمُوْد وَاَغْمَاد.
سَفِیْنَةٌ (غَامِدٌ و غَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِد.
مُغْمَدَاتُ الاَجْنِحَة: کیڑوں کی بڑی قسم جن کے جسم اوپر والے حصے چار پر ہوتے ہیں اور نیچے پردہ ہوتا ہے۔

بِئْرٌ (غَامِدٌ وغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مَغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغَامِد.
غَمَرَہٗ (ن) غَمْرًا. المَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِہٖ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔
غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُہٗ عَلَیَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُہٗ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔
غَمُرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُوْرَةً. المَاءُ: بہت ہونا الرَّجُلُ: جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَیْہِ: بیہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا بِالشَّیِٔ: پھینکنا یا دفع کرنا۔
اَغْمَرَہٗ. الحَرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَہٗ مُغَامَرَةً. مقاتلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
اِغْتَمَرَ وتَغَمَّرَ. منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ وانْغَمَرَ. پانی میں ڈوبنا۔ اِغْتَمَرَ المَاءُ الشَّیَٔ: ڈوبانا۔
الغَمْر. س۔ بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔ کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُوْر کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَیْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و "غَمْرُ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ بہت بھلائی کرنے والا سخی ہے۔
الغَمْر والغِمْر والغُمْر. نا تجربہ کار جاہل۔ ج اَغْمَار الغِمْر: کینہ۔ پیاس۔
الغُمْرُ. زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر. س۔ ناتجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ۔ گوشت کی چکناہٹ۔ ج غُمُوْر. غمر

النّاس. لوگوں کی جماعت۔
الغُمَر. چھوٹا پیالہ ج **غِمار و اَغْمار.**
الغَمِر. بہت چربی والا۔ چکنا۔
غَمْرَةُ. الشّئِ: سختی۔ ج **غَمرات و غِمار و غُمَر. غَمَراتُ المَوْتِ:** موت کی سختیاں۔
الغُمْرَة. زعفران۔
الغَمَارَة. جہالت و بے خبری۔
والغُمار والغَمارَ والغُمارَة. لوگوں کی جماعت۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغَامِر. فا۔ اُجاڑ زمین۔ **المَال الغَامِر.** بہت مال۔
الغَمِير. بہت پانی۔
المُغتَمِر. مدہوش۔
المَغْمُوْر. مف۔ گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الغَمَارِيْد. سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا. ٹٹولنا **القَنَاةَ:** نیزہ کو آزمائش کیلئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بالعَيْن او الجفنِ او الحَاجب. آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ **غَمَزَ عَيْنَهُ اَوداؤہُ:** عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔ **غَمَزتِ الدابةُ:** جانور کا لنگڑا ہونا۔ **غَمَزَ بالرَّجُلِ وعَلَيْهِ:** طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغامَزَةً. ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ. فِيْهِ: عیب لگانا۔ حقیر ثابت کرنا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغامَزَ. القَوْمُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَزَ. طعنہ دینا۔ **الکلمة:** کمزور سمجھنا۔
الغَمَز. گھٹیا مال۔ دُبلے پتلے جانور۔ کمزور مرد ج **اَغْمَازٌ واَغْماز** کہا جاتا ہے "**هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمَزٍ او اَغْمَازٍ.**"
الغَامِز. فا۔ نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمَّاز. اسم مبالغہ۔ مؤنث **غَمَّازَة.**
الغَمِيز. کھلا ہوا عیب۔

المَغْمَز. عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ ج **مَغَامِز.**
الغَمِيْزَة. بمعنی **مَغْمَز.** عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "**مَا فِيْهِ غَمِيزَة او مَغمز**" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغْمُوْز. مف۔ متھم الغموز: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ موٹائی و دُبلا پن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشّئَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔ **السِّنَانَ فِي صَدْرِهِ** بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ گھسانا۔
غُمُوْسًا. النَجْم: ستارے کا ڈوبنا۔ غروب ہونا۔
غَمَّسَهُ. سختی سے ڈبونا۔ **غَمَّسَ الشُّرْب:** کم پینا **الابل:** اونٹ کو پلانا پھر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً. خطرات میں کود پڑنا۔ **فُلانًا:** ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔ **فِي الاَمْرِ:** جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ واغْتَمَسَ. فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔ **فِي الشّئِ:** داخل ہونا۔ گھسنا۔
الغَمُوْس. مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔ **مِنَ الرِجَالِ:** بہادر۔ کہا جاتا ہے "**طَعْنَةٌ غَمُوْسٌ**" پار ہو جانے والی نیزہ کی مار "**اليَمِيْن الغَمُوْس**" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج **غُمُس.**
الغَمِيس. تاریکی **لَيْلٌ غَمِيْسٌ:** تاریک رات۔
والغَمِيْسَة. جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ۔ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمَّاسَة. مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ ج **غَمَّاس. طعنة غَمَّاسة:** کشادہ زخم۔
غَمِش (س) غَمَشًا. چندھا ہونا۔ کمزور نظر ہونا۔ سیلانِ اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔ صفت **اَغْمَش**)

غَمَصَهُ (ض) و غَمِصَهُ (س) غَمْصًا. حقارت کرنا۔ **غَمَصَ النِّعمَة:** نعمت کی ناشکری کرنا۔ **عَلَيْهِ:** جھوٹ بولنا **عَلَيْهِ كَلامُهُ:** عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا. آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ **غَمِصَت عَيْنُه:** کیچڑ بہنا۔ صفت (**اَغْمَص**) اور آنکھ کو (**غَمْصَاء**) کہتے ہیں جمع **غُمْص.**
اِغْتَمَصَهُ. حقیر جاننا۔ حقارت کرنا۔ چھوٹا سمجھنا۔
الغَمَص. مص۔ آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوْص. چھوٹا۔ یمین غموص: جھوٹی قسم۔
رَجُلٌ (مَغْمُوْصٌ) عَلَيْهِ: جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔
غَمَضَ (ن) و غَمُضَ (ک) غُمُوْضًا الكَلامُ: کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَيْفُ فِي اللَّحْمِ: تلوار کا گوشت میں گھسنا **الرَجُلُ فِي الاَرْضِ:** سفر کرنا **عَنْهُ فِي البَيْع:** خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوْضَةً وغَمَاضَةً المَكَانُ: پست ہونا۔
غَمَّضَ واَغْمَضَ. عَيْنَهُ: آنکھ بند کرنا۔ **عَنْهُ فِي البَيْع:** خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ **غَمَّضَ الكَلامَ:** مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "**غَمَّضَ عَنِ الاِسَائَة**" چشم پوشی کرنا۔ **اِغْمَضَتِ العَيْنُ فُلانًا:** حقارت کرنا۔ **اَغْمَضَ عَنِ الشّئِ:** درگزر کرنا۔
اَغْمَضَ عَلى كَذَا: برداشت کرنا اور راضی ہونا۔ **اَغْمَضَ فِي السِّلعَةِ:** گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا **حَدَّ السَّيْفِ:** تلوار کی دھار باریک کرنا **فُلانًا:** کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهٗ: آنکھ کا بند ہونا۔

اِغْتَمَضَ. الْبَرْقُ: بجلی کی چمک بند ہونا۔ الرَّجُلُ عَنِ الْاَسَائَةِ: چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے"مَا اغْتَمَضَتْ عَیْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔

الغَمْض. مص۔ پست زمین ج غموض و اغماض کہا جاتا ہے" فُلَانٌ ذُوْ غَمْضٍ" فلاں ذلیل و گمنام ہے۔

الغُمْض والغِمَاض والغَمَاض والتَّغْمَاض. آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے"مَا اِکْتَحَلَتْ عَیْنِی غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِیْضًا" یعنی میں نہیں سویا۔

الغَامِض. فا۔ پست زمین ج غَوَامِض گمنام۔ ذلیل۔ اَمْرٌ غَامِضٌ: مبہم معاملہ۔

الخَلْخَالُ الغَامِضُ: پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغَامِض مِنَ الکُعُوْب والسُّوْق: موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔

غَوَامِضَ الْاِبِلِ: چھوٹے اونٹ۔

الْغَامِضَة. مؤنث غَامِض ج غَامِضَات و غَوَامِض. الدَّارُ الغَامِضَة: مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔

الغَمِیْضَة. عیب۔

الغُمُوْضَة. "مَا فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ غُمُوْضَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔

المُغْمِضَات. گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مغمضات اللَّیْلِ: رات کی تاریکیاں۔

غَمَطَهٗ (ض) و غَمِطَهٗ (س) غَمْطًا. حقارت کرنا۔ حقیر جاننا۔ غَمَطَ النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا۔ الحَقَّ: حق کا انکار کرنا۔ المَاءَ: پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا۔ الذَّبِیْحَةَ: ذبح کرنا۔

اَغْمَطَ. عَلَیْهِ الشَّیْءُ: ہمیشہ ہونا۔

غَامَطَ مُغَامَطَةً فِی الشُّرْبِ: لگاتار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَیْهِ التُّرَابُ: مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔

اِغْتَمَطَ. دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا۔ بالکَلَامِ: غالب ہونا۔ اِغْتَمَطَ الشَّیْءُ: نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔

الغَمْط. مص۔ پست زمین۔

غَمْغَمَ غَمْغَمَةً بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا۔ الْاَبْطَالُ: بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا۔ الکَلَامَ: غیر واضح کلام بولنا۔ الصَّبِیُّ: بچے کا دودھ کیلئے پستان پر رونا۔

تَغَمْغَمَ. الرَّجُلُ: غیر واضح بولنا۔ الغَرِیْقُ تَحْتَ المَاءِ: ڈوبے ہوئے کا پانی کے نیچے بولنا۔

الغَمْغَمَة. مص۔ خوف کے وقت کی آواز۔ مقاتلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام ج غَمَاغِم.

غَمِقَ (س ن) و غَمُقَ (ک) غَمَقًا المَکَانُ: نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا۔ النَّبَاتُ: نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِقٌ مؤنث غَمِقَةٌ)

غُمِقَ. الْبَعِیْرُ: اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

الغُمْقَة. ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔

المَغْمُوْق. پیٹھ کی بیماری والا۔

غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّیْءَ: چھپانا۔ فُلَانًا: پسینہ کیلئے ڈھانکنا۔ البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا۔ العِنَبَ فِی الزِّنْبِیْلِ: انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا۔ الشَّیْءَ: درست کرنا۔

وتَغَمَّلَ. النَّبَاتُ: ایک دوسرے پر چڑھنا۔ الشَّیْءُ: وسیع ہونا۔

غَمِلَ (ض) غَمَلًا. پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا۔ الجُرْحُ: پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِلٌ)

اَغْمَلَ. الْاِهَابَ: کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔

اِنْغَمَلَ. الْاَدِیْمُ: چمڑے کا خراب ہونا۔ صفت (غَمِیْل)

الغَمِیْلُ مِنَ النَّصِیّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی. مِنَ الْاَرْضِ: پست زمین ج غُمْلٰی.

المَغْمُوْل. مفع۔ گمنام۔

الغُمُوْل. درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَالِیْل.

الغَمْلَج والغَمَلَّج والغِمْلَاج والغُمْلُوْج والغِمْلِیْج. غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمْلَجَة وغَمَلَّجَة غُمْلُوْجَة وغِمْلِیْجَة.

الغُمْلُج والغِمْلِیْج. موٹا لمبا. المُغْلُوْج: سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِیْج.

غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّیْءَ: چھپانا۔ البُسْرَ: گدر کھجور کی پال دبانا۔ فُلَانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔

غَمِنَ وانْغَمَنَ فِی الْاَرْضِ: غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔

الغُمَّة. ایک قسم کا اُبٹنا۔

غَمَا یَغْمُوْ غَمْوًا. البَیْتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔

الغَمَا. مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِیَة واَغْمَاء.

غَمٰی (ض) غَمْیًا وغَمًّی. البَیْتَ: بمعنی غَمَا یَغْمُوْ.

غُمِیَ واَغْمَیَ. الیَوْمُ: تمام دن ابر رہنا۔ غُمِیَ واُغْمِیَ عَلَی المَرِیْضِ. غشی طاری ہونا۔ صفت (مَغْمِیٌّ و مُغْمًی) عَلَیْهِ.

الغَمِیُّ. گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ غَمِیٌّ" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمِیٌّ واَغْمَاءٌ"

والغَمَاءُ: مکان کی چھت ج اَغْمَاء و اَغْمِیَة.

غَنَّ (س) غَنًّا. النَّخْلُ: درخت خرما کا

پکنا۔

الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔

وغَنًا وغَنَّةً: گنگنانا۔

غَنَّنَ. الرَّوْضَ: زیادہ درخت والا بنانا۔

اَغَنَّ. الشَجَرُ: درخت کا پکناالوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہوناالرَّوْضُ: باغ کا سرسبز کرناالذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا

الرَّجُلُ: نرم آواز نکالنا۔

الغُنان. مکھی کی بھنبھناہٹ۔

الغُنَّة. گنگناہٹ۔

الاَغَنُّ. گنگنانے والا۔حَرْفٌ اَغَنُّ: غنہ کا حرف۔الوَادِی الاَغَنُّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنَّاء.

القَرْيَة الغَنَّاء: آباد گاؤں۔

غَنِثَ (س) غَنَثًا. الرَّجُلُ: سانس لے کر پینا۔غَنِثَتْ نَفْسُهُ: متلانا۔

تَغَنَّثَهُ. الشَّیُّ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔

الغُنْثَر. بیوقوف۔

غَنِجَ (س) غَنْجًا وتَغَنَّجَ. ناز کرنا۔ صفت (غَنِج ومِغْنَاج) مؤنث غَنِجة ومِغْنَاج)

الغُنْج والغُنُج والغُنَاج ناز نخرہ۔

الغَنَاج. کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔

الاُغْنُوْجَة: ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغَانِیج.

الغُنْدَر والغُنْدُر. مِنَ الغِلْمَان: موٹا تازہ لڑکا۔

تَغَنْدَرَتِ الْمَرْاَةُ - لکیر سے چلنا

الغَانِد. نرخرہ۔

غَنِصَ (س) غَنَصًا. تنگ دل ہونا۔

اَلْغَنَاقَلِیُوْنَ : زرد اور سفید پھول اس کو ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔

غَنَظَ (ض) غَنْظًا. قریب ہلاکت ہونا۔

الْاَمْرُ فُلَانًا: دشوار ہونا۔غَنَّظَهُ واَغْنَظَهُ) غیظ و غضب سے بھر دینا۔

غَانَظَهُ. ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔

الغَنْظ والغَنَظ والغِنَاظ والعِنَاظ. لازمی رنج و غم۔

المَغْنُوْظ. ص۔ غمزدہ۔

غَنِمَ (س) غُنْمًا. الشَّیَ: مفت حاصل کرنا۔

غُنْمًا وغَنْمًا وغنمًا وغنيمةً وغُنْمَانًا. غنیمت حاصل کرنا۔

غَنَّمَهُ. كَذَا: حصہ سے زائد دینا۔

اَغْنَمَهُ. الشَّیَّ: غنیمت حاصل کرانا۔

تَغَنَّمَ واِغْتَنَمَ واِسْتَغْنَمَ. الشَّیَّ: غنیمت سمجھنا۔تَغَنَّمَ فُلَانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّلَ: اونٹ جمع کرنا۔

الغَنِیْمَة. مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم. کہا جاتا ہے۔"الغَنِیْمَة بَارِدَةٌ" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔

الغُنْم. بمعنی غنیمت۔غُنُوْم

الغَنِیْم. بمعنی غنیمت۔

الغَنَم. ص۔ بکریاں اور اس کیلئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کیلئے لفظ شاة) ہے ج اَغْنَام وغُنُوْم واَغَانِم. کہا جاتا ہے غَنَمٌ (مُغَنَّمَةٌ ومُغْنَمَةٌ) یعنی بہت بکریاں۔

الغَنَّام. بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔

المَغْنَم. غنیمت. مَغَانِم کہا جاتا ہے مَغْنَمٌ بَارِدٌ یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُنَامَاكَ) اَنْ تَفْعَلَ كَذَا تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الغُنْوَة. بے نیازی۔ کہا جاتا ہے لَهُ عَنْهُ غُنْوَةٌ) اس کو اُس سے بے نیازی ہے۔

غَنِیَ (س) غِنًى. الرَّجُلُ. نکاح کرنا۔

غَنِیَتِ المَرْاَة: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔

غَنِیَ ومَغْنًى. بالمَكَان. اقامت کرنا۔ صفت (غَانٍ) کہا جاتا ہے غَنُوْا بِدِيَارِهِم ثُمَّ فَنُوا اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہوگئے۔فُلَانٌ زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔

غَنِیَ. غَنَاءً وغُنْيَانًا. مالدار ہونا۔بِالشَّیِّ عَنْ غَیْرِهِ: اکتفا کرنا۔

غَنّٰی تَغْنِیَةً. آواز کرناالشِّعْرَ و بِالشِّعْرِ: گانابِالمَرْاَة. عشق بازی کرنا۔ الشَاعِرُ بِفُلَان: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔غَنَّاهُ اللّٰه: مال دار کر دینا۔

اَغْنٰی اِغْنَاءً. الرَّجُلَ: مالدار کر دینا۔ عَنْهُ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے"اَغْنٰی عَنْه غَنَاءَ فُلَان ومَغْنَاهُ ومُغْنَاه ومَغْنَاةَ ومُغْنَاةَ" یعنی قائم مقام ہوا۔اِغْنٰی عَنْهُ كَذَا. دور کر دینا۔ اور کہا جاتا ہے"مَا يُغْنِی عَنْكَ هٰذَا ومَا اَغْنٰی شَيْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔

تَغَنّٰی تَغَنِّیًا. مالدار ہونابِالمَرْاَة: عورت سے عشق بازی کرنابِالشِّعْرِ: شعر گانا بِالفُلَان: کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔تَغَنَّتِ المَرْاَةُ: عورت کا نکاح کرنا۔

اِسْتَغْنٰی. بے نیاز ہوناعَنْهُ بِه: اکتفا کرنا اللّٰه: اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔

الغِنٰی والغِنْيَة والغُنْيَة والغُنْيَان. اکتفا۔ توانگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے"مَالَهُ عَنْه غِنًى وغِنْيَةٌ وغُنْيَانٌ" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

الغِنٰی والغَنَاء. اکتفا توانگری۔ کہا جاتا ہے "لَا غِنٰی عَنْه" یعنی ضروری ہے۔

الغِنَاء. عَنِ الصَّوْتِ: گیت۔ سر۔

الْاُغْنِيَة والاِغْنِيَّة والْاُغْنِيَّة والِاغْنِيَة. گیت۔ سر۔ راگ۔ ج اَغَانِیّ واَغَان.

الغَنِیّ. اکتفا کرنے والا۔ توانگر۔ مالدار۔ کہا جاتا ہے"هُوَ غَنِیٌّ عَنْهُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِيَاء.

الغَانِی. فا۔ غنی۔ کہا جاتا ہے" رَجُلٌ غَانٍ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز۔

الغَانِيَة. مؤنث غَانِی. وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز

ہو۔ نکاح کرنے والی۔ ج غَانِیَات وغَوَان۔

المَغْنیٰ. منزل۔ ج مَغَان کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبَانِیْهِم وخَلَتْ مُغَانِیْهِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔ "ومَالَهٗ عَنْهُ مُغْنًی" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں۔

غَهِبَ (س) غَهَبًا واَغْهَبَ. عَنْهُ. غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغْتَهَبَ. تاریکی میں چلنا۔

الغَهَبُ. س۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الصَّیْدَ غَهَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔ "فَعَلَهٗ غَهَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْهَب. تاریکی۔ بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بیوقوف اور کمزور ج غَیَاهِب۔

الغَیْهَبَان. تاریکی۔ پیٹ۔

الْغَیْهَبَة. مؤنث۔ غَیْهَت. لڑائی کا شور۔

غَاثَه یَغُوْثُهٗ غَوْثًا واَغَاثَهٗ اِغَاثَةً ومَغُوْثَةً. اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ: واغوثاہ کہنا۔

اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ وبِهٖ: مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث۔ مدد۔

الغَوْث والغِیَاث والغَوِیْث. کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغَاوِث. پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ. فِی مِشْیَتِهٖ. چال میں لچکنا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا. پستی کی طرف آنا۔ المَاءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غائر) النَّهَارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الرَّجُلُ. دوپہر میں سونا۔ الشَّیْءَ او القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِیْ غَیْرِ مَغَار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُهٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیَارًا. فِی الْاَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا۔ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔

غَارَتْ غِیَارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

غَارَلَهُمُ اللّٰهُ غِیَارًا وغَارَهُمْ. رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ المَاءُ: زمین میں اُترنا۔ الرَّجُلَ. دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا۔ القَوْمَ. قوم کو شکست دینا۔ غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ: غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّهَارُ: جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغَارَ اِغَارَةً. چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا۔ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

اَغَارَ اِغَارَةً وغَارَةً ومَغَارًا. عَلَیْهِمْ. لوٹ ڈالنا۔ الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔ بِهِمْ والَیْهِمْ: مدد دینے کے لیے آنا۔

غَاوَرَ مُغَاوَرَةً. العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا۔ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ. پستی کی طرف آنا۔ ظَاهِرُ الْعَیْنِ دھنس جانا۔

تَغَاوَرَ. القَوْمُ. بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتَارَ اِغتِیَارًا. نفع اُٹھانا۔ غلّہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغَارَ. عَلَیْهِم. لوٹ ڈالنا۔ الرَّجُلُ: پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا۔ الجُرْحُ. زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَهٗ اِسْتِغْوَارًا. غلّہ مانگنا۔

الغَار. غار ج اَغْوَار وغِیْرَان. ایک قسم کا درخت واحد (غَارَة) غبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ تھوڑی کا گڑھا۔

الغَارَان: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اوپر نیچے کے تالو۔

الغَارَة. س۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارة کا ج غَارَات. تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ شَدِیْدُ الغَارَة مضبوط بٹی ہوئی رسّی و "شَنَّ الغَارَةَ عَلَیْهِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔

الغَوْر. س۔ پست زمین۔ نیچے اُترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الغَوْر" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و "غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَةِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغَائِرَة. مؤنث غَائِر. دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَة. آفتاب۔ قیلولہ۔

الغِوَر. خون بہا۔

الغَوْرَی. ہر چیز کا گڑھا۔

المَغَار والمُغَار والمَغَارَة والمُغَارَة. غار۔ لوٹ ج مَغَاوِر ومَغَارَات

المُغَار: لوٹ کی جگہ۔

المِغْوَار والمُغَاوِر. مِنَ الرِّجَالِ: بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوَارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

الفُضُوح والفَضَاحَة والفُضُوحَة والفِضَاح. رُسوائی؛ بُرائیوں کا ظاہر ہونا۔

الفَضُوح. رُسوا کرنے والا۔ رُسوا شدہ۔

الفَضِيح. مال یا مویشی میں بدانتظامی۔

الفَضِيحَة. مؤنث فَضِيح. عیب۔ رُسوائی ج فَضَائِح.

المَفضَحَة. سبب رُسوائی ج مَفَاضِح.

فَضَخَ (ف) فَضْخًا. الشَّیَٔ: کھوکھلی چیز کو توڑنا الرَاس: سر کچلنا العَینَ: آنکھ پھوڑنا۔

اَفضَخَ. العُنقُود: انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنفَضَخَ. ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنفَضَخَتِ القَرحَةُ: زخم کا کشادہ ہونا اور نچڑا جانا زَیدٌ: بہت رونا الدلو: ڈول کا چھلکنا۔

اِفتَضَخَ. البُسرَ: کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔

فَضخُ. الماءِ: پانی کی چھلک۔

الفَضُوخ. شراب جو پینے والے کو مست بنادے۔

الفَضِيخ. شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فَضفَضَ فَضفَضَةً. الثوبُ او العَیشُ: کشادہ ہونا و فَضفَضَهٗ: کشادہ کرنا۔

الفَضفَاض. کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض۔ اَرضٌ فَضفَاض: زمین جس پر بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ دِرْعٌ (فَضفَاضَة وفُضَافِضَة) کشادہ زرہ۔ سَحابَةٌ فَضفَاضَة وفُضَافِضَة: بہت پانی والی بدلی۔ جارِيَةٌ فَضفَاضَة: پُر گوشت طویل الجسم لڑکی۔

فَضَلَ (ن) و فَضِلَ (س) فَضْلًا باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فَضَلَهٗ: فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "فضل فلانٌ علٰى غَیرِہٖ" جبکہ فضل میں غالب ہو جائے۔

فَضِلَ و فَضُلَ (ک) فضلاً صاحب فضل ہونا۔ صاحب فضیلت ہونا۔

فَضَّلَهٗ. علٰى غَیرِہٖ: فضل کا حکم لگانا۔ ترجیح دینا (فاضله فِضالا و مفاضلة) فضل میں فخر کرنا۔ فاضل بین الشيئین: دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔

اَفضَلَ. عَلَیهِ: بڑھنا۔ بھلائی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اَفضَلَ عَلَیهِ فی الحَسَبِ: حسب میں بڑھ جانا عَلَیهِ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیتُ صَفَّهم قَدْ اَفضَلَ علٰى صَفِّنا" ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے (واستفضل) من الشَّیٔ: بقیہ چھوڑ دینا۔

تَفَضَّلَ. عَلَیهِ: مہربانی کرنا۔ فضل کا دعویٰ کرنا۔ تَفَضَّلَ الرَجُلُ: شب خوابی کا لباس پہنایا۔ کام کاج کے لیے لباس پہننا۔

تَفَاضَلَ الرَجُلانِ: ایک کا دوسرے پر فضل کا دعویٰ کرنا۔

اِستَفضَلَ مِنَ الشَّیٔ: بقیہ چھوڑنا۔

الفَضل. س۔ احسان۔ زیادتی۔ بقیہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یَملِكُ دِرهمًا فَضلًا عَنِ دِینَار" فلاں درہم کا مالک نہیں چہ جائیکہ دینار۔ گویا یوں کہا گیا کہ لا یَملِكُ دِرهَمًا فَکَیفَ یَملِكُ دِینارًا یعنی درہم کا مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہو سکتا ہے اور کہا جاتا ہے "فِی یَدِہٖ فَضلُ الزِمَام" اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ ج فُضُول

الفُضُول: حاجت سے زائد مال فُضُول البَدن: جو طبعی طور پر بدن کے منافذ سے نکلے جیسے پسینہ۔ تھوک۔

الفَضلَة. فضل کا اسم مرة۔ بقیہ۔ شراب ج فَضَلاتٌ وفِضَال.

الفَضلَة والفُضل والفِضَال وہ کپڑا جو کام کے وقت یا نیند کے وقت پہنیں یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجلٌ فُضُلٌ" یعنی ایک کپڑا پہنے ہوئے ہے اسی طرح "اِمرَاَةٌ فُضُلٌ"

الفُضَالَة. بقیہ۔ ج فُضَالات.

الفَضَّال. بہت فضل والا۔

الفَضِیلَة. خوبی۔ زیادتی۔ فضل میں بلند مرتبہ ج فَضَائِل.

الفَاضِل. فا۔ صاحب فضل۔ صاحب فضیلت ج فَاضِلُون وفُضَلاء مؤنث فَاضِلَة ج فَاضِلات و فَوَاضِل.

الفَاضِلَة. فضل میں بلند مرتبہ۔ بہ نعمت۔ فواضِلُ المَالِ: مال کا نفع۔

الفَضُول. بہت فضل کرنے والا۔

الفُضُول. غنیمت میں جو تقسیم سے بچ رہے۔

الفُضُولِی لا یعنی چیزوں میں مشغول ہونے والا۔

الفَضِیل. صاحب فضل۔ صاحب فضیلت ج فُضَلاء.

الاَفضَل. فضل میں بڑھا ہوا ج فَضلُون واَفَاضِل مؤنث فَضلٰى ج فُضلَیَات. فُضَل.

المِفضَل والمُفَضَّل بہت فضل والا المُفَضَّل: جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔

المِفضَل والمِفضَلة. کپڑا جو کام کے وقت یا سوتے وقت پہنا جائے یا گھر میں

پہننے کا کپڑا ج مَفاصِل۔
المِفضَال. بہت فضل والا۔ مؤنث مِفضَالَۃٌ.
فَضَأ یَفضُوْ فَضَاءً او فُضُوًّا المکانُ جگہ کشادہ ہونا۔ خالی ہونا۔ صفت فَاضٍ (فُضُوًّا الشَجَرُ بالمکانِ:) درخت بہت ہونا۔
اَفْضٰی اِفْضَاءً. المکانُ: جگہ وسیع ہونا۔ المکانَ: جگہ وسیع کرنا اِلَیْہِ: پہنچنا۔ اِلَیْہِ بسِرِّہٖ: بھید کو جتانا بہٖ اِلٰی کذا: پہنچانا بفُلَان: کشادہ میدان کی طرف لے جانا الرَجُلُ: محتاج ہونا۔
الفَاضِی فا کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَقَامٌ فَاضٍ" کشادہ مقام۔ کھلا ہوا۔ خالی۔
الفَضَاء. وسیع زمین۔ میدان ج اَفْضَاء کہا جاتا ہے "مَکانٌ فَضَاءٌ" یعنی کشادہ جگہ۔
الفِضَاء. زمین پر جاری پانی۔ بسا اوقات پاخانہ کے لیے کنایہ کرتے ہیں۔
الفَضَاء. خشک انگور کا دانہ۔ سَهْمٌ فَضًا: اکیلا تیر۔ طَعَامٌ فَضًا: ملا جلا کھانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ اَمْرَهُم فَضًا عَلَیْهِم" یعنی ان کا کوئی امیر نہیں۔
فَطَأ(ف) فَطْأً توڑنا۔ فَطَأَ بِهِ الاَرضَ: زمین پر پٹک دینا فَطَأَ بِهٖ عَنْ رَأیِہٖ: رائے سے ہٹا دینا القَوْمَ: غیر پسندیدہ چیز لانا فَطَأَ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔ فَطَأَتِ القِدْرُ بِزَبَدِھَا: ہانڈی کا جھاگ لانا۔
فَطِئَ (س) فَطَأً دھنسی ہوئی پیٹھ اور ابھرے ہوئے سینہ والا ہونا۔ صفت اَفْطَأُ مؤنث فَطْآءُ ج فُطْءٌ.
فَاطَأَ مُفَاطَأَۃً بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
اِفْطَأَ اِفْطَاءً. فراخ حال ہونا۔ بدخلق ہونا۔
فُلَانًا: کھلانا۔ بہت جماع کرنا۔
تَفَاطَأَ: سینہ ابھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔

عَنْہُ: پیچھے ہٹنا عَنِ القَوْمِ: شکست کھانا اور حملہ کے بعد لوٹنا۔
الفُطْأَۃ. سینہ کا ابھار اور پیٹھ کا دھنسنا۔
فَطَحَ(ف) فَطْحًا و فَطَّحَ. الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔
العُوْدَ: لکڑی کو چھیلنا اور چوڑا کرنا۔
فَطَحَهٗ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
فَطِحَ(س) فَطَحًا راسهٗ او انفه: سر یا ناک چوڑی ہونا۔ صفت اَفْطَح الاَفْطَح گرگٹ۔
رَاسٌ مُفَطَّحٌ: چوڑا سر۔
الفِطَحْل. بڑا سیلاب جَمَلٌ فِطَحْلٌ: موٹا اونٹ ج فَطَاحِل. وعِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ فَطَاحِلُ العُلَمَاء: بڑے علماء وزَمَنُ الفِطَحْل: بہت پرانا زمانہ اور لوگوں نے کہا کہ وہ زمانہ جس میں آدمی ابھی پیدا نہیں ہوئے تھے۔
فَطَلَ(ن) فَطْلًا. باز رکھنا۔ منع کرنا۔
فَطَر (ن ض) فَطْرًا. الشَّیْءَ: پھاڑنا الاَمْرَ: پیدا کرنا۔ شروع کرنا العَجِیْنَ: خمیر ہونے سے پہلے روٹی پکانا۔ فَطَر نَابُ البَعِیْرِ: اونٹ کے دانت ظاہر ہونا الرَجُلُ الشَّاۃَ: انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔
فَطْرًا وفِطْرًا وفُطُوْرًا الصَّائِمُ: روزہ دار کا افطار کرنا۔
اَفْطَرَ الصَّائِمُ: کھانا اور پینا۔ افطار کا وقت قریب ہونا۔ صفت مُفْطِر ج مَفَاطِیْر. کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مَفَاطِیْرُ" وفَطَّرَ الصَّائِمَ: افطار کرانا۔ ناشتہ دینا۔ فَطَّرَ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔
تَفَطَّرَ وانفَطَرَ. پھٹنا۔ تَفَطَّرَتْ وانفَطَرَتِ الاَرْضُ بالنَّبَاتِ: زمین کا پھٹنا اور نباتات کا نکلنا القَضِیْبُ: شاخ کے پتوں کا نکلنا شروع ہونا۔
اِفْتَطَرَ الاَمْرَ: ایجاد کرنا۔
الفَطْر مص۔ پھٹن۔ ج فُطُوْر.
الفِطْر مص۔ انگور جب کہ اس کا سرا ظاہر ہو الفِطْرِ وعِیْدُ الفِطْرِ: ماہِ رمضان المبارک کے بعد عید۔
الفُطْر. نباتات جو زمین سے اُگے۔ سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ واحد فُطْرَۃٌ.
الفِطْرَۃ. وہ صفت کہ ہر موجود اپنی ابتدائی پیدائش میں اس پر ہو۔ طبعی حالت۔ دین۔ سنّت۔ طریقہ۔ پیدائش۔ ج فِطَرٌ.
الفُطُوْر والفُطُوْرِیُّ. افطاری۔ ناشتہ۔
الفَطِیْر. ہر وہ چیز جو وقت سے پہلے جلدی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذا رَایٌ فَطِیْرٌ" یعنی بدیہی بے سمجھے بوجھے "عَجِیْنٌ فَطِیْرٌ" بے خمیر کا گندھا ہوا آٹا۔ خُبْزٌ فَطِیْرٌ: تازہ روٹی۔ الفَطِیْر: تازہ دودھ۔
عِیْدُالفَطِیْر: یہودیوں کی ایک عید سَیْفٌ فُطَارٌ: کُھٹل تلوار۔
الفُطَارِیُّ. بے نفع مرد۔
الاُفْطُوْر. ناک اور چہرہ میں پھٹن ج اَفَاطِیْر.
النُفْطُوْرَۃ. متفرق گھاس۔ موسم بہار کی پہلی گھاس ج نَفَاطِیْر.
الفُطْرِیُّ. بے خمیر کی روٹی۔
الفَاطِر. فا جس کے دانت نکل آئے ہوں۔
فَطِسَ(س) فَطَسًا. چپٹی ناک والا ہونا۔ صفت اَفْطَس اور چپٹی ناک کو بھی اُفْطَس کہتے ہیں۔ مؤنث فَطْسَاء ج فُطْسٌ.
فَطَسَ(ض) فُطُوْسًا مرنا۔ صفت فَاطِسٌ (فَطْسًا) الحَدِیْدَ: لوہے کو چوڑا کرنا ہ بالکَلِمَۃِ: رو در رو کہنا۔
الفَطْس مص۔ حب الآس واحد فَطْسَۃٌ.
الفَطْسَۃ. مہرہ جس کا تعویذ بنایا جائے۔
الفَطَسَۃ. ناک کا چپٹا پن۔
الفِطِّیْس. بڑا ہتھوڑا ج فَطَاطِیْس.
الفِطِّیْسَۃ. سور کی تھوتھنی۔ انسان کا ہونٹ۔ درندہ کا سونڈ۔
فَطَمَ(ض) فَطْمًا. الحَبْلَ: رسّی کاٹنا۔ الوَلَدَ: بچے سے دودھ چھڑانا ہ عَنِ العَادَۃِ: روکنا۔ منع کرنا۔ چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَا

فطمنك عمّا انت علیه" یعنی تمہاری اُمید کو منقطع کر دوں گا۔

اَفطَم. الرضیعُ دودھ پیتے بچّہ کا دودھ چھڑانے کے وقت پر پہنچنا۔ دودھ چھڑانے کے قریب ہونا۔

اِنْفطَم. عَنْهُ: دودھ چھٹنا۔ رُکنا۔ باز رہنا۔

تفاطَم. القومُ: ایسے جانوروں کے بچّوں والا ہونا جو دودھ چھڑانے کے بعد اپنی ماں کے ساتھ لپٹے رہیں۔

الفِطام. دودھ چھڑانا۔ دودھ چھڑانے کا زمانہ۔

الفَطِیم. دودھ چھڑایا ہوا۔ ج فُطُم.

نَاقَةٌ (فاطِمٌ وفاطِمَةٌ) اُونٹنی جس کا بچّہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی کا اسم گرامی۔

الفَطِیمَة بکری جس کا بچّہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔

فَطَنَ (ن) و فَطُنَ (ک) وفَطِنَ (س) فَطْنًا وفِطْنًا و فُطْنًا وفَطَنًا وفُطُنًا وفِطْنَةً وفَطَانَةً وفِطَانَةً وفُطُونَةً وفَطَانِیَةً وفِطَانِیَةً. لِلْأمرِ وبهِ والَیه: ادراک کرنا۔ سمجھنا۔ ماہر ہونا۔

فَطَّنَهُ. بالأمرِ وله والَیه: سمجھانا۔ فَطَّنَ التلمیذَ: شاگرد کو سمجھ دار بنانا۔

فَاطَنَهُ مُفَاطَنَةً بالکلامِ: سمجھانے کے لیے کلام کو لوٹانا۔

تفطَّنَ. لِکلامِهِ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "تفطَّنْ لِمَا اَقُوْلُ لَكَ" جو کچھ میں تم سے کہتا ہوں اس کو سمجھو۔

الفِطْنَة. مہارت۔ سمجھ۔ ج فِطَن.

الفَاطِنُ والفَطِنُ والفَطِیْنُ والفَطُوْنُ والفَطُنُ والفَطْنُ. زیرک۔ سمجھ دار۔ ج فُطْنٌ و فُطُنٌ.

الفَطُوْنَة. زیرک۔ سمجھ دار۔

فَطِهَ (س) فَطَهًا. کشادہ پشت ہونا۔ صفت اَفْطَهُ مؤنث فَطْهَاءُ ج فُطْهٌ.

فطا یفطو فطوًا. الدابةَ: جانور کو تیز ہانکنا۔

فَظَّ (س) فَظَاظَةً وفِظَاظًا وفَظَظًا سخت کلام اور بد خلق ہونا۔

فَظَّ (ن) فَظًّا وافتَظَّ. جنگلوں میں اوجھ کا پانی نچوڑنا اور پینا اور یہ اس طریقہ پر کہ اونٹوں کو سیراب کر دیتے ہیں اور پھر ان کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ جگالی نہ کرنے پائیں۔ پھر جب پیاس لگتی ہے تو پیٹ چاک کر کے اوجھ کو نچوڑتے ہیں اور پیتے ہیں۔

الفَظُّ. مر بہت بد خلق اور سخت کلام۔ ج افظاظ اوجھ کا پانی جو جنگلوں میں نچوڑ کر پیا جاتا ہے۔ ج فِظَاظ وفُظُوظ.

الفَظُّ. بری شکل و صورت کا ایک آبی درندہ اور اس کے مذکر کے اوپر کے جبڑے میں دو لمبے لمبے دانت ہوتے ہیں۔

الفَظَاظَة. اکڑ۔

فَظُعَ (ک) فَظَاعَةً الامرُ: قباحت بڑھ جانا۔ قباحت میں حد سے گزر جانا۔ صفت فَظِعٌ وفَظِیعٌ.

فَظِعَ (س) فَظَعًا الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔ فُلانٌ بالأمرِ و مِنَ الامرِ: کام کو بڑا سمجھنا اور اس کے انجام دینے کا اعتماد نہ کرنا۔

اَفْظَعَ الامرُ: قباحت بڑھ جانا۔ اَفْظَعَهُ: امر قبیح میں ڈالنا۔ اُفْظِعَ الامرَ: قبیح پانا۔

اُفْظِعَ: امر قبیح نازل ہونا۔

فَظَّعَ الامرَ: قبیح بنانا۔ مبالغہ کرنا۔

تفظَّعَ واستفظَعَ الامرَ: قبیح پانا۔

الفَظِیْع. خوشگوار پانی یا آب زلال۔

اَفْظَی اِفْظَاءً. الرجلُ: بد خلق ہونا۔

الفَظَی. بچہ دانی۔

فَعْفَعَ فَعْفَعَةً بالغنمِ: بکریوں کو فع فع کہہ کے ہانکنا اور اس آواز کو فَعْفَعْ یا فَعْفَاعْ کہتے ہیں۔

تفعفع الرجلُ فی امرہ: جلدی کرنا۔

فَعَلَ (ف) فَعْلًا. کرنا۔ بنانا اور اسم اس الفِعل ہے۔

فَعَّلَ البیتَ الشِعریَّ: تقطیع کرنا اور وزن تقطیع کا ایسے اجزاء سے ہے جس کا مادہ ف ع ل ہے۔

اِنفعل ہو جانا۔ متاثر ہونا۔

اِفتعل الشئَ: ایجاد کرنا۔ الخطَ: جعل سازی کرنا۔ کہا جاتا ہے "افتعل علیه زورًا وکذبًا" اس نے اس پر جھوٹ و بہتان باندھا۔

الفِعْل کام۔ ج فِعَال وافعَال ج ج افاعِیل

الافَاعِیل والتفاعِیل عند العروضیین: علم عروض کی اصطلاح میں اشعار کے اوزان اور وہ چار ہیں فَعُوْلُنْ مَفَاعِیْلُنْ مُفَاعَلَتُن وفَاعِلَاتُن اور بقیہ اوزان انہی سے ماخوذ ہیں۔

الفَعْلَة. فعل کا اسم مرة۔

الفِعلَة. عادت۔

التَّفَاعُل الکیمَاوی: دو یا دو سے زیادہ مادوں کا باہمی اثر کرنا۔ اس سے کیمیاوی اجسام کی طبیعت میں تبدیلی کا نتیجہ سامنے آتا ہے۔ جیسے آکسیجن اور ہائیڈروجن کی تاثیر میں۔

الفَعَال. اچھا فعل۔ کرم۔ اور کبھی شر میں استعمال کیا جاتا ہے۔

الفِعَال ج فِعْل. جس کو بہت سے آدمی کریں۔ فِعَالُ الفَاس: کلہاڑے کا دستہ ج فُعُل.

الفَاعِل: فا ج فَاعِلُوْن وفَعَلَة مؤنث فَاعِلَة ج فَاعِلَاتٌ و فَوَاعِل.

المُفتَعل مع ہر وہ چیز جو بغیر مثال سابق کے بنائی جائے۔ کہا جاتا ہے "جاء فُلانٌ بالمُفتَعل" یعنی اس نے بڑا کام کیا۔ شِعْرٌ مُفتَعَلٌ. عجیب و غریب شعر۔

فَعَمَ (ف) فَعْمًا وفَعَّمَ وافعَمَ الاناءَ: برتن بھرنا۔ اَفْعَمَ المِسْكُ البیتَ: مہکانا۔ خوشبو سے بھر دینا۔ اِفْعَمَ الرجلَ: خوشی سے بھر دینا۔ خوش کرنا۔

فعم (ف) فعم (س) فعما وافعم الرَّجُلَ: غضبناک کرنا۔

فَعُمَ (ک) فعامةً وفُعُومَةً الإناءُ او السَّاعِدُ: بھر جانا۔ صفت فَعْمٌ وفَعْمَلٌ لام کی زیادتی کے ساتھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَعْمُ الأعْضَاءِ" وہ تنومند ہے۔

اِفْعَوْعَمَ. بھر جانا اور بہہ پڑنا۔

سَيْلٌ (مُفْعَمٌ) بھر دینے والا سیلاب۔ بطور اسنادِ مجازی۔

الأفْعَم. بھرنے کی وجہ سے چھلکنے والا۔

فَعّى تَفْعِيَةً الجَمَلَ: اُونٹ پر سانپ کی شکل کا نشان لگانا۔

تَفَعّى بدخلقی میں سانپ کی طرح ہونا۔

الفَاعِي. غصے میں جھاگ نکالنے والا۔

الفَاعِيَة. مؤنث الفَاعِي. چغل خورن۔ حناء کے پھول۔

الأفْعىٰ بڑا سانپ۔ خبیث قسم کا سانپ اور اس کی بہت سی قسمیں ہیں اور ہر ایک زہریلا ہوتا ہے۔ ج اَفَاعٍ.

الأفَاعِي. رگیں۔ جو بن ران کی رگ سے پھیلتی ہیں۔

الأفْعُوان. نر سانپ۔

اَرْضٌ (مُفْعَاة) سانپوں والی سرزمین۔

الأفْعَاء. خوشبوئیں۔

المُفَعَّاة. نشان جو سانپ کی شکل کا ہو۔

فَغَّ (ن) فَغَّةً. الطِّيبُ: خوشبو بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "فَغَّتْنِي الرَّائِحَةُ فَغًّا" یعنی مجھے اچھی خوشبو مہکی۔

فَغَرَ (ف ن) فَغْرًا فاه: منہ کھولنا۔ (وانْفَغَرَ) فُوهُ: منہ کھلنا۔ اِنْفَغَرَ النَّوْرُ کلی کا کھلنا۔

الفَغْر. س۔ گلاب کا پھول جب کہ کھلے۔

الفَغْرَة. فغر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "وُلِدَ بِالفَغْرَةِ" یعنی ثریا کے طلوع ہونے کی ابتداء میں پیدا ہوا۔ اور یہ جاڑے کے زمانہ میں ہوتا ہے۔

الفُغْرَة. وادی کا دہانہ ج فُغَر.

الفَاغِر. ایک چھوٹے سے جانور کا نام ہے۔

الفَاغِرَة. ایک قسم کی خوشبو یا کبابہ یا بیج نیلوفر۔

المَفْغَرَة. وسیع زمین۔ پہاڑ کا شگاف۔ کہف سے چھوٹا۔

فَغْفُور. شاہانِ چین کا لقب۔

فَغَمَ (ف) فَغْمًا وفُغُومًا الطِّيبُ فُلانًا: ناک کو بس دینا۔ وفَاغَمَ مُفَاغَمَةً. فلانًا بوسہ لینا۔

فَغَمَ (ف) فُغُومًا وتفغّم. الوَرْدُ: پھول کا کھلنا۔

فَغِمَ (س) فَغَمًا بالشَّيءِ مشتاق ہونا۔ حریص ہونا۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اَفْغَمَ. المَكَانَ: خوشبو سے بسا دینا۔ الإنَاءَ: برتن بھر دینا۔ الرَّجُلَ: خوشی سے بھر دینا۔

تَفَاغَمَا. ایک دوسرے کو بوسہ دینا۔

اِنْفَغَمَ المَكَانُ: خوشبو سے بھر جانا۔

واِفْتَغَمَ. الزُّكَامُ زکام کا اچھا ہونا۔

الفَغْم. س۔ کھانے کا وہ حصہ جو دانتوں کے درمیان سے نکالا جائے۔

فَغْمَةُ الطِّيبِ: خوشبو کی بھڑک۔

الفُغْم والفَغْم منه. ٹھوڑی مع جبڑوں کے۔

الفَغِم. مشتاق۔ حریص۔ کہا جاتا ہے "كَلْبٌ فَغِمٌ عَلَى الصَّيْدِ" کتا شکار کا حریص ہے۔

المُفْغَم. مع مشتاق۔ حریص۔

المَفْغُوم. س۔ زکام زدہ۔ شَيءٌ مَفْغُومٌ. خوشبوؤں سے بسایا ہوا۔

فَغَا يَفْغُو فَغْوًا الأمرُ پھیلنا۔ الزَّرْعُ: کھیتی کا خشک ہونا۔

اَفْغَى الرَّيْحَانُ. شگوفہ دار ہونا۔ فُلانٌ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔ حسن کے بعد بدصورت ہونا۔ طاعت کے بعد نافرمان ہونا۔ غضبناک کرنا۔ الشَّجَرُ: درخت میں کلی کھلنا۔

الفَغْو. س۔ حنا کا پھول۔

الفَاغِيَة. حنا کی کلی اور کہا گیا ہے کہ وہ پھول جو حنا کی شاخ کو الٹا گاڑ دینے سے نکلتا ہے اور وہ حنا کے پھول سے زیادہ اچھا ہوتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ فَاغِيَة: ہر خوشبو دار کلی کو کہتے ہیں۔

الفَغْوَة. خوشبو۔ کہا جاتا ہے "فَغْوَةُ الطِّيبِ" خوشبو کی بھڑک۔

الفَوْفَل. چھالیہ۔

فَقَأَ (ف) فَقْأً وفَقَّأ تَفْقِئَةً الدُّمَّلَ: پھوڑے کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔ العَيْنَ: آنکھ پھوڑنا۔

تَفَقَّأَ وانْفَقَأَ. شگاف ہونا۔ پھوٹنا۔

الفَقْءُ. باریک سی جھلی جو جنین کے سر کے گرد اگرد ہوتی ہے اور ولادت کے وقت پھٹ جاتی ہے۔ ج فُقُوء.

الفُقْأة والفَاقِيَاء بمعنی الفَقْء.

الفَقْأء والفَقِيءُ. پتھر کا گڑھا۔ سخت زمین کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔

فَقَحَ (ف) فَقْحًا وفَقَّحَ الجَرْوُ: کتے کے پلے کا آنکھیں کھولنا۔ النَّبَاتَاتُ: نباتات کا کلی دار ہونا۔ شگوفہ کھلنا۔ فُلانًا: کسی کے دُبر پر مارنا۔ الشَّيءَ: کسی چیز کا سفوف کرنا۔

تَفَقَّحَ کھلنا۔ شر کے لیے آمادہ ہونا۔

تَفَاقَحَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا۔

الفُقْحَة مِنَ النَّبْتِ: کلی۔ دُبر کا حلقہ۔ ج فِقَاح (والفُقَاحَة) ہتھیلی۔

الفُقَّاح مِنْ كُلِّ نَبْتٍ: کلی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُتَفَقِّحٌ لِلشَّرِّ" فلاں شر کے لیے آمادہ ہے۔

فَقَدَه (ض) فَقْدًا وفِقْدَانًا و فُقْدَانًا وفُقُودًا وافْتَقَدَهُ. گم کرنا۔ کھونا۔

اَفْقَدَهُ. الشَّيءَ: گم کرنا۔

تَفَقَّدَهُ وافْتَقَدَهُ. گم شدہ کی تلاش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا افْتَقَدْتُهُ مُنْذُ افْتَقَدْتُهُ"

یعنی جب سے میں نے اُسے گم کیا تلاش نہیں کیا۔
تَفَاقَدَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو کھونا۔
الفَاقِد. فا۔ وہ عورت جس کا شوہر یا لڑکا مر گیا ہو۔
الفَقِیْد. گم شدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ غَیْرَ فَقِیْد او غَیْرَ مَفْقُوْدٍ" یعنی وہ مر گیا اور اس کے مرنے کی کوئی پروا نہیں۔
فَقَرَ(ن ض) فَقْرًا و فَقْر. کھودنا الخَرَزَ: پرونے کے لیے بیندھنا الشَّیْئَ: کاٹنا۔ اور اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَقَرَتْه وفَقَّرَتْه الدَاهِیَةُ" اس پر ایسی مصیبت نازل ہوئی جس نے اس کی ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دیا۔
فَقَّر الفَسِیْلَةَ: پودا لگانے کے لیے گڑھا کھودنا۔
فَقِرَ(س) فَقَرًا. ریڑھ کی ہڈی میں مرض یا شکستگی کی وجہ سے درد ہونا۔ صفت فَقِیْر وفَقِر ومَفْقُوْر.
فَقُرَ(ک) فَقَارَةً وافْتَقَرَ. مفلس ہونا۔
اِفْتَقَرَ اِلَیْه: محتاج ہونا۔ صفت فَقِیْر ج فُقَرَاء مؤنث فَقِیْرَةٌ ج فَقِیْرَات وفَقَائِر و فُقَرَاءُ.
اَفْقَرَہٗ مفلس بنانا ہٗ الصَیْدُ: شکار کا اپنی جانب سے موقع دینا ہٗ الاَرْض: زراعت کے لیے عاریت پر دینا۔ اَفْقَرَہٗ ظَهْرِ مُهْرِه: سواری کے لیے بچھیرا عاریتاً دینا۔
اَفْقَر ظَهْرُ المَهْرِ. بچھیرے کا سواری کے قابل ہونا۔
تَفَاقَرَ. فقیری ظاہر کرنا۔
الفَقْر. مفلسی۔ غم۔ ج فُقُوْر و مَفَاقِیْر. بچھن۔ کاٹ۔ ج اَفْقُر.
الفُقْر. مفلسی۔ جانب ج فُقَر.
الفِقْرَة. ریڑھ کی ہڈی ج فِقَر وفِقْرَاتٌ وفِقَرات.
الفَقَارَة. ریڑھ کی ہڈی ج فَقَار.
ذُوْالفِقَار. سیّدنا علیؓ کی تلوار کا لقب۔
فَقَارُ الجَوْزَاء برج جوزا کے ستارے۔

الفِقْرَة. فقر کا اسم نوع۔ نشان پہاڑ کا ہو یا کسی اور چیز کا۔ کلام یا جملہ کا لطیف نکتہ۔ قصیدہ کا عمدہ شعر ج فِقَر.
الفُقْرَة. قرب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْكَ فقرة" یعنی تم سے قریب ہے۔ گڑھا۔ گریبان۔ امر عظیم ج فُقَر و فُقَراء.
الفَقَارِیُّ. ریڑھ کی کی طرف منسوب۔
الفَاقِرَة. سخت مصیبت جو گویا ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دے۔ ج فَوَاقِر.
الفَقِیْر. مفلس۔ محتاج ج فقراء مؤنث فَقِیْرَة ج فقیرات و فقائر و فقراء. حوض کی نالی۔ گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔ عوام اسے بیش کہتے ہیں۔ ج فُقُر. الفُقُر. ترتیب وار کنوئیں۔ جن کا پانی ایک دوسرے میں جاتا ہو۔ رَکِیَّةٌ فَقِیْرَةٌ: کھدا ہوا کنواں۔
الفَیْقَر. مصیبت۔
المُفْقِر. قوی مرد۔ سواری کے قابل بچھیرا۔
المَفَاقِر. اسبابِ فقر اور اس کیلئے کوئی واحد نہیں۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ فقر کی جمع خلافِ قیاس ہے جیسے حسن کی جمع محاسن اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مُفْقَرة بمعنی فقر کی جمع ہے۔
المُفَقَّر. مضبوط ریڑھ والا۔ کہا جاتا ہے "سَیْفٌ مُفَقَّرٌ"، تلوار کہ جس کی پشت پر ہموار خراشے ہوں۔ رَجلٌ مُفَقَّرٌ: بالکل فرمانبردار مرد۔
فَقَسَ(ض) فقسا. البیضة: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا الطائرُ بَیْضَتَهُ: پرندہ کا انڈے کو توڑنا اور بچہ نکالنا۔
الحَیْوَانَ: قتل کرنا الرَجل: بالوں کو پکڑ کر نیچے گھسیٹنا ہ عَنِ الاَمْر: زبردستی ہٹانا۔ عَنِ الشَّیْئَ: چھین لینا۔
فُقُوْسًا اچانک مرنا۔ کودنا۔
تَفَقَّسَ وَانْفَقَسَ الشَّیْئُ: اُلٹ جانا۔
تَفَاقَسَ الرَّجُلان: ایک دوسرے کے

بالوں کو پکڑ کر نیچے گھسیٹنا۔
الفُقَاس: جوڑوں کا مرض۔
الفَقُّوْس. خربوزہ کی ایک قسم واحد فَقُّوْسَة.
المِفْقَاس. جال کی لکڑی جو پرند پر اُلٹ پڑتی ہے۔
فَقَشَ(ن) فَقْشًا البَیْضَةَ: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔
فَقَصَ(ض) فَقْصًا وفَقَّصَ. البَیْضَة و نَحْوَهَا. انڈا وغیرہ کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا۔ صفت مفعولی فَقِیْصَة ومُفْقُوْصَة.
تَفَقَّصَت وانْفَقَصَتِ. البَیْضَةُ عَنِ الفَرخ. انڈے کا ٹوٹنا اور بچّہ کا ظاہر ہونا۔
الفَقُّوْص. کچا خربوزہ۔
الفَقِیْص. ہل کے لوہے کا چھلہ۔
المِفْقَاص. گرز کے سرے کا گول حصّہ۔
فَقَطْ. کلمہ ہے جو فا اور قط سے مرکب ہے اور اس کے معنی لاغیر کے ہیں۔ یعنی صرف۔ بس۔
فَقَط الحِسَاب: تعین مقدار کے بعد فقط لکھنا تاکہ کوئی کچھ بڑھا نہ سکے۔
فَقَعَ(ف ن) فَقْعًا وفُقُوْعًا. لَوْنُهُ: رنگ کا صاف و خالص ہونا یا گہرا زرد ہونا الرَجُلُ. سخت گرمی سے مر جانا الغُلَامُ: لڑکے کا بڑھنا (فَقْعًا) الشَّیْئَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "فَقَعَتْهُ الفَوَاقِع" مصائب نے اسے ہلاک کر دیا۔
فَقِعَ(س) فَقْعًا. سرخ رنگ ہونا۔ گہرا رنگ ہونا اور اکثر اس کا استعمال زرد رنگ کے لیے ہے۔
فَقَّعَ. بے معنی گفتگو کرنا اَصَابِعَهُ: اُنگلیاں چٹخانا الوَرْدَة: گلاب کی پتی کو ایک ہاتھ پر رکھ کر دوسرے ہاتھ سے مار کر پھاڑنا اور آواز نکالنا۔
الاَدِیْم: چمڑے کو سرخ رنگنا۔
اَفْقَعَ. محتاج ہونا۔ بُرا حال ہونا۔
تَفَاقَعَتْ عَیْنَاہ: آنکھوں کا سفید ہونا۔

اِنفقَّع. پھٹنا۔
الفَقْعُ والفِقْع. سانپ کی چھتری جو نرم اور سفید ہوتی ہے۔ ج اَفْقُع و فُقُوْع
فِقعَة الفقع. محتاجی۔
الفَاقِع. فا۔ خالص صاف رنگ اور مشہور یہ ہے کہ یہ زرد رنگ کیلئے صفت کے طور پر مستعمل ہے۔
الفَاقِعَةُ. مؤنث فاقع. مصیبت ج فَوَاقِع.
الاَفقَع بہت زیادہ سفید مؤنث فقعاء ج فُقْع.
الفَقِيْع مرد سرخ فام۔ کبوتر کی ایک قسم۔ واحد فَقِيْعَة.
الفَقَع. سخت سپیدی۔
لَوْنٌ (فُقَاعِيٌّ) گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے اَبْيَضُ فُقَاعِيٌّ. بہت سفید۔
الفَقَّاع. بڑا سخت خبیث۔
الفُقَّاع. جو کی شراب۔
الفُقَّاعِي. جو کی شراب بیچنے والا۔
الفُقَّاعَة. بلبلہ ج فَقَاقِيْع.
المُفقَّع. نوکدار موزہ۔
المُفقِّعَةُ. ایک کالے رنگ کا پرندہ ہے جس کے دُم کی جڑ سفید ہوتی ہے۔
فَقْفَقَ فَقْفَقَةً. سخت محتاج ہونا۔
الكَلْبُ: کتے کا ڈر سے بھونکنا۔
(وتَفَقْفَقَ) الرَجُلُ فِيْ كَلَامِهِ: حلق سے نکالنا۔
الفَقْفَاق والفَقْفَاقَة. بیوقوف۔ بکواس کرنے والا۔
فَقَلَ(ن) فَقْلًا. البَيْدرَ: کھلیان میں غلہ بکھیرنا۔
اَفْقَلَ. المَكَانُ: سرسبز ہونا۔
الفَقْل:س۔ سرسبزی۔
المِفْقَلَة. غلہ بکھیرنے کا آلہ۔ ج مَفَاقِل.
فَقَمَ (ن) فَقْمًا وتَفقَّمَ الرَجُلَ او الكلبَ ناک کو پکڑنا المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
فَقِمَ(س) فَقَمًا الإِنَاءُ: پُر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَ الرَجُلُ حَتّى فقِمَ" مرد نے کھایا یہاں تک کہ تخمہ ہوگیا۔ (فَقَمًا وفَقْمًا) الرَجُلُ سامنے کے دانتوں کا باہر نکلنا۔ صفت اَفْقَم مؤنث فَقْمَاء ج فُقْم
الرَجُلُ: اکڑنا۔
فَقِمَ (س) فَقَمًا وفَقْمًا وفُقُوْمًا وفَقُمَ (ک) فَقَامَةً وفَقاقَمَ. الاَمْرُ: عظیم ہونا اور ناہموار ہونا۔ صفت اَفْقَمُ فَقِمَ الشَّيءُ: وسیع ہونا۔
الفَقْم والفُقْم تھوتھنی کا کنارہ۔ جبڑا۔
الفَقِم. سمجھ دار آدمی جو مقابل پر غالب آئے۔
الفُقُم. مُنہ۔
الفَقْمَة والفُقَّمَة. ایک قسم کی مچھلی۔ اور یہ مچھلی دودھ دینے والے جانوروں میں سے ہے۔
فَقِهَ(س) فَقَهًا وفقُه(ک) فَقَاهَةً جاننا۔ فقیہ ہونا۔
فَقِهَ(س) فِقْهًا وتَفَقَّهَ الشَّيءَ او الكَلَامَ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فَقِهَ عَنْهُ الكَلَامَ" اس نے اُس کی گفتگو کو سمجھ لیا۔ و تَفَقَّهَ الرَجُلُ: علم فقہ سیکھنا اور حاصل کرنا۔
فَقُهَ(ک) فَقْهًا الرَجُلُ: علم میں غالب ہونا۔
فَقَّهَ واَفْقَهَ فُلَانًا: سکھلانا۔ سمجھانا۔
فَاقَهَ فُلَانًا: فقہ میں غالب ہونا۔
الفِقْهُ. کسی شئے کا جاننا اور سمجھنا۔ احکام شرعیہ کا علم ادلہ تفصیلیہ کے ساتھ حذاقت زیرکی۔
الفَقِهُ والفَقُهُ والفَقِيْه. بہت سمجھدار ذکی عالم۔ علم فقہ کا جاننے والا۔ ج فُقَهَاء مؤنث فَقِهَةٌ وفَقِيهَةٌ ج فَقهَاءُ و فَقَائِهُ.
المُسْتَفْقِهَة نوحہ کرنے والی کا ساتھ دینے والی عورت۔
فَقَا يَفْقُو فَقْوًا. اثَرَهُ: نشان قدم پر جانا۔ پیچھے جانا۔ فُقْرَةُ السَهْمِ: سوفار۔ تیر۔ ج فُقًى.
فَكَّ (ن) فَكًّا. الشَّيءَ: جدا جدا کرنا العُقْدَةَ: گرہ کھولنا العَظْمَ: ہڈی کو جگہ سے ہٹا دینا الخَتمَ: مہر کو توڑنا۔
فَكَّ (ن) فَكًّا و فِكَاكًا و فَكَاكًا الاَسِيْرَ: قیدی کو چھڑانا يَدَهُ: ہاتھ کھولنا الاِدْغَامَ: ادغام نہ کرنا جیسے لاتَمْدُدْ ولاتَمُدَّ میں۔
فَكَّ (ن) فَكًّا وفُكُوْكًا الرَجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
فَكَّ (س) فَكًّا وفُكُوْكًا واِفْتَكَّ الرهن. رہن چھڑانا۔
فَكَّ (س) فَكَكًا والفَكُّ العَظْمُ: ہڈی کا جگہ سے ہٹ جانا۔
فَكَّ (س ن) فَكًّا وفَكَّةً. سُست و بیوقوف ہونا۔
اَفَكَّ الظَبْيُ مِنَ الحِبَالَةِ: ہرن کا جال میں پڑ کر نکل بھاگنا۔
فَكَّكَهُ. الگ الگ کرنا۔ چھڑانا۔
تَفَكَّكَ. الگ الگ ہونا۔ چھٹنا۔
المُخْنَثُ خفیف الحرکاتی کی چال چلنا۔
اِنْفَكَّ. جدا ہونا۔ کھلنا العَبْدُ: آزاد کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "ما انْفَكَّ يَفْعَلُ كَذَا" ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور نفی اس کے لیے لازم ہے۔
اِسْتَفَكَّهُ. رہائی طلب کرنا۔
الفَكُّ. س۔ جبڑا۔ ج فُكُوْك.
الفِكَاك والفَكَاك جس سے رہن وغیرہ کو چھڑایا جائے۔
الفَاكُّ. فا۔ بہت بوڑھا۔ بہت بیوقوف ج فِكَكَة وفِكَاكٌ.
فَكْتُوْرْ يَا ملكية: بڑے پتوں والے ایک پودے کا نام بعض دفعہ اس کے پتے کا قطر دو میٹر ہو جاتا ہے۔
الفَكَّاك صیغہ مبالغہ۔
الاَفَكُّ. وہ شخص جس کی ہڈی جوڑ سے ہٹ گئی ہو۔ مؤنث فَكَّاء ج فُكٌّ.
فَكَرَ(ض) فِكْرًا وفَكْرًا وفَكَرَ واَفْكَرَ

وتفکّر فِی الامر: سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا۔
الفِکر: سوچ بچار، غور و فکر۔ ج اَفکار کہا جاتا ہے "مَالِی فِی الاَمرِ فِکرًا" مجھے معاملہ میں کوئی حاجت نہیں۔
وفِکر "وَلِیَ فِی الاَمرِ فِکرٌ" میرے لیے معاملہ میں غور و فکر ہے۔
الفِکرَۃ والفِکرٰی: معاملہ میں سوچ بچار، غور و فکر۔ ج فِکَر۔
الفاکُورۃ ج فَوَاکِیر: دروازے کو خود کھلنے سے بچانے کے لئے لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا۔
الفِکّیر والفیکر: بہت سوچ بچار کرنے والا۔
فَکَعَ (س) فَکعًا وفُکُوعًا الرَّجُلُ: غم یا غصّہ کی وجہ سے سر جھکانا۔
فَکَعَ (ف) فَکعًا وفُکُوعًا: جانا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فَمَا یُدرٰی اَینَ فَکَعَ" گیا اور نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔
الفَکَع: کہانی۔
اِفتکل فِی فِعلِہٖ: اچھّی طرح سرانجام دینا۔
الاَفکل: لوگوں کی جماعت۔ کپکپی۔ کہا جاتا ہے اخذہ افکل جبکہ خوف یا سردی سے کانپنے لگے اور یہ تنوین کے ساتھ مستعمل ہے "وجَاءَ القَومُ بِاَفکِلِهِم و باَفَاکِیلِهِم" یعنی تمام قوم آئی۔
المَفکُول: کپکپی والا۔
فکن (ن) فَکنًا فِی الکِذبِ: جھوٹ بولنے میں اصرار کرنا۔
تَفکّن: تعجب کرنا۔ فکر کرنا۔ افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا۔
فَکِہَ (س) فَکَهًا و فُکَاهَۃً: خوش طبع۔ ہنسنے ہنسانے والا ہونا۔ صفت فَاکِہٌ و فَکِہٌ وفَیکَهَانٌ مِنہُ: تعجب کرنا فَکِہَ لِلشَّیءِ: متعجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَو سَمِعتَ حَدِیثَ فُلَانٍ لَمَا فَکِهتَ لَہٗ" اگر تم فلاں کی بات سنو تو متعجب نہیں ہو گے۔

فَکَّہَ الرَّجُلَ: میوہ کھلانا۔ کلام شیریں کر کے خوش کرنا۔
تفکّہ بالشّیء: میوہ کھانا۔ لذت حاصل کرنا۔ بہٖ: فائدہ اُٹھانا۔ منہ: تعجب کرنا۔ پشیمان ہونا۔ بفلان: غیبت کرنا: کہا جاتا ہے "تَرَکتُ القَومَ یَتَفَکَّهُونَ بِعِرضِ فُلَانٍ" یعنی میں نے لوگوں کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ فلاں کی غیبت سے لذت حاصل کر رہے تھے۔
فَاکَہَ مُفَاکَهَۃً الرَّجُلَ: مزاح کرنا۔
تَفَاکَہَ القَومُ: آپس میں مزاح کرنا۔
الفُکَاهَۃ والفُکَیهَۃ: خوش طبعی۔
الاُفکُوهَۃ: خوش طبعی۔ تعجب انگیز۔
الفَکِہ: خوش طبع۔ ہنسوڑ۔ خود پسند۔ اکڑ باز۔ میوہ خور مؤنث فَکِهَۃ ج فَکِهَات۔
الفَاکِہ: فا۔ میوہ والا۔ خوش طبع
الفَاکِهَۃ: مؤنث فاکہ۔ ہر قسم کا پھل جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے ج فَوَاکِہ فَاکِهَۃُ الشِّتَاءِ: آگ۔
الاَفکَہ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ اَفکَهِ النَّاسِ" فلاں بہت مزاح کرنے والا ہے۔
الفاکِهَانی: میوہ فروش۔
فَلَّ (ن) فَلًّا وفَلَّلَ السَّیفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا۔ القَومَ: قوم کو شکست دینا۔
فَلَّ (ض) فَلًّا عَن فُلَانٍ عَقلُہٗ: عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا۔
اَفَلَّ الرَّجُلُ: مال ضائع ہونا۔ القَومُ: قوم کا بنجر زمین پر پہنچنا۔
تَفَلَّلَ وانفَلَّ القَومُ: قوم کا شکست کھانا۔
تَفَلَّلَ وانفَلَّ وافتَلَّ السَّیفُ: تلوار کا دندانہ دار ہونا۔
اِستَفَلَّ السَّیفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا الشَّیءَ: کسی چیز کا ادنیٰ حصہ لینا۔ رَجُلٌ فَلٌّ و قَومٌ فَلٌّ شکست خوردہ واحد جمع برابر اور کبھی اَفلَال وفُلُول جمع آتی ہے۔
الفَلّ: تلوار کی دھار میں ٹوٹ یا دندانہ

ج فلول جو کسی چیز سے گرے جیسے لوہے کا برادہ۔ آگ کی چنگاری۔ جماعت ج فُلُول وفِلَال۔
الفِلّ: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِلٌّ مِنَ الخَیرِ" وہ خیر سے خالی ہے ج فِلٌّ واَفلَال۔
الفِلُّ والفِلِّیَّۃ: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے ج فَلَالِیّ۔
الفُلّ: پھول جو چنبیلی کے مشابہ ہوتا ہے اور خوشبو تیز ہوتی ہے۔
الفَلَل: تلوار کی دھار کا کند ہونا۔
الفَلَّۃ: تلوار کی دھار کا دندانہ۔
سَیفٌ فَلِیلٌ وافَلُّ ومَفلُولٌ و مُنفَلٌّ کند تلوار۔ دندانہ دار تلوار۔
کَتِیبَۃٌ فَلٌّ: شکست خوردہ فوج۔
الفَلِیل: جماعت (والفَلِیلَۃ) مجتمع بال۔
فلتہ (ض) فَلتًا واَفلَتَہٗ: رہا کرنا۔ چھوڑنا۔
فَلَتَ و فَلِتَ وتَفَلَّتَ وانفَلَتَ: رہا ہونا۔ چھوٹنا۔
فُلِتَ وتَفَلَّتَ اِلَی شَیءٍ: جھگڑا کرنا۔
تفلّت علیہ: کودنا۔ حملہ کرنا۔
فَالَتَہٗ فِلَاتًا ومُفَالَتَۃً: اچانک آنا۔ پانا۔
اُفتُلِتَ الکَلَامَ: فی البدیہ کہنا۔
الاَمرَ: بغیر توقف کے کام کرنا۔ اِفتَلَتَ عَلَیہِ: بغیر کسی دوسرے کے کام کو پورا کر دینا۔ الشَّیءَ: جلدی سے لینا۔
اُفتُلِتَ: اچانک مرنا۔ بِاَمرِ کَذَا: تیاری سے پہلے اچانک مشغول کیا جانا۔ اُفتُلِتَ الشَّیءُ: اچانک لیا جانا۔
استَفلَتَ الشَّیءَ مِن یَدِہٖ: چھین لینا۔
الفَلَت: رہائی۔ کہا جاتا ہے "مَا لَکَ مِنہُ فَلَتٌ" تمہیں اس سے رہائی نہیں۔
فَرَسٌ فَلَتَانٌ: تیز گھوڑا ج فِلتَانٌ ورَجُلٌ فَلَتَانٌ: چست دلیر قوی دل شر کی طرف جانے والا۔
الفَلتِیّ: وہ شخص جو اپنے آپ کو برائیوں سے محفوظ نہ رکھے۔ الفَالِت: وہ جانور مویشی جو باندھا نہ گیا ہو۔ (عامی لفظ) اپنی ہوس پر

چلنے والا نوجوان - اَلْفالِتَةُ مؤنث اَلْفالتُ: برائی سے غیر محفوظ خاتون- اَلنَّغْمَۃُ الْفالتَۃُ وہ گانا جو مروجہ موسیقی آوازوں کے مطابق نہ ہو- اَلاِنْفِلاتُ مختصر وقت کے لئے گیس کی تیزی سست پڑ جانا- جیسے انجن میں ہوتا ہے-

فَرَسٌ فُلَتٌ و فُلُتٌ. تیز گھوڑا۔

الفَلْتَة. فَلَتَ کا اسم مرۃ- بغیر غور و فکر کے کام- مہینہ کی آخری رات ج فَلَتَات.

فَلَتَاتُ الْکَلامِ کلام کی لغزشیں- غلطیاں- کہا جاتا ہے "خَرَجَ الرَّجُلُ فَلْتَةً" مرد اچانک نکل گیا وحدث الامْرُ فَلْتَةً اچانک واقعہ ہو گیا وھو فِیْ بردة لَهٗ فلتة وہ ایسی چھوٹی اور تنگ چادر میں ہے جس کے دونوں کنارے مل نہیں سکتے۔

کِسَاءٌ فُلُوْتٌ. چھوٹی تنگ چادر۔

فَلَجَ (ن ض) فَلْجًا و فُلُوْجًا الشَّیْءَ: پھاڑنا- دو ٹکڑے کرنا الحَرَّاثُ الارْضَ کاشتکار کا زمین کو جوتنا الوَالِی الجزْیَةَ بَیْنَهُمْ وعَلَیْهِمْ: والی کا جزیہ کو تقسیم کرنا مقرر کرنا فَلْجًا و فُلْجًا القَوْمُ و عَلَی القَوْمِ: کامیاب ہونا سَهْمُهٗ. غالب آنا الرجلُ: مطلوب پر فتح مند ہونا لَهٗ: موافق فیصلہ کرنا۔

فَلَجَ بِحَاجَتِهٖ: ثابت کرنا۔

فَلِجَ (س) فَلَجًا و فَلَجَةً. قدموں یا ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔ صفت اَفْلَجُ مؤنث فَلْجَاء. ج فُلْجٌ. فالج زدہ ہونا۔

فُلِجَ. فالج زدہ ہونا۔

فَالَجَهٗ. کامیابی میں غالب آنا۔

فَلَّجَ الشَّیْءَ: تقسیم کرنا الامْرَ: غور کرنا۔ تدبیر کرنا۔

اَفْلَجَ. مطلوب پر فتح مند ہونا علٰی خَصْمِهٖ: غالب آنا اور کامیاب ہونا اللهُ فُلانًا علٰی فُلانٍ: غالب کرنا بُرْهانَهٗ: دلیل ظاہر کرنا اور پیش کرنا لِیْ: موافق فیصلہ کرنا۔

تَفَلَّجَ. پھٹنا۔

اِنْفَلَجَ الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا۔

الفَلْجُ. مص آدھا- چاند- ج فُلُوْج.

والفُلْجُ و الفُلْجَة. کامیابی- فتح مندی۔

الفِلْجُ. آدھا و الفالِجُ. ایک قسم کا پیمانہ ج فَوَالِج.

الفَلَجُ. مص دونوں قدم یا دانتوں کے درمیان فاصلہ- صحیح- ندی۔

الفَالِجُ فا- ایک مرض ہے جس سے پورے بدن کا آدھا حصہ بالکل بیکار ہو جاتا ہے- دو کوہان والا اُونٹ مِن السِّهَامِ: کامیاب تیر۔

الفَلِیْجَة. خیمہ کا ایک تختہ۔

المُفَلَّجَة. مِنَ الاسْنَانِ: علیحدہ علیحدہ دانت۔

المَفْلُوْج. فالج زدہ ج مَفَالِیْج.

الفَلُّوْج. لکھنے والا۔

الفَلُّوْجَة. کاشت کے قابل زمین ج فَلالِیْج.

فَلَحَ (ف) فَلْحًا الارْضَ: زمین جوتنا۔ فُلانًا: مکر کرنا فِلاحَةً لِلْقَوْمِ و بِالْقَوْمِ: خرید و فروخت میں دھوکا دینا۔

فَلِحَ (س) فَلَحًا. نیچے کے ہونٹ کا پھٹنا۔ صفت اَفْلَحُ اور ہونٹ کو فَلْحَاء کہتے ہیں ج فُلْح.

فَلَّحَ بِهٖ: ٹھٹھا کرنا- استہزاء کرنا- مکر کرنا۔

اَفْلَحَ الرَّجُلُ. مطلوب پر کامیاب و فتح مند ہونا- کوشش میں کامیاب ہونا بِالشَّیْءِ: زندگی گزارنا۔

اِسْتَفْلَحَ بِهٖ: کامیاب و فتح مند ہونا۔

الفَلْحُ. مص- پھٹن- ج فُلُوْح.

الفَلَحُ و الفَلَحَة. نیچے کے ہونٹ کا پھٹن۔

الفَلَحَة: زمین قابل کاشت۔

الفَلَحُ و الفَلاحُ. کامیابی- درستی- حال- بقا- نجات- کہا جاتا ہے "حَیَّ عَلَی الفَلاحِ" یعنی کامیابی اور نجات کے راستے کی طرف آؤ- الفَلاحُ: سحری۔

الفِلاحَة و الفَلاحَة. کھیتی باڑی۔

الفَلَّاحُ. کاشتکار- ملاح- کرایہ پر جانور دینے والا ج فَلَّاحَة و فَلَّاحُوْن.

المَفْلَحَة. باعث کامیابی۔

مُتَفَلِّحُ الشَّفَةِ او الیَدَیْنِ او القَدَمَیْنِ: سردی کی وجہ سے پھٹے ہوئے ہونٹ یا ہاتھ یا قدم والا۔

تَفَلْحَسَ. بے بلائے مہمان ہونا۔

الفَلْحَس. حریص- لالچی- کتا- بوڑھا ریچھ- وہ شخص جو لوگوں کے کھانے کے انتظار میں رہے۔

الفَلْحَسَة. لاغر سرین کی بدصورت عورت۔

الفِلْحَاس. قبیح بدصورت۔

فَلَخَ (ف) فَلْخًا الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ الامْرَ: واضح کرنا۔

فَلَّخَهٗ. مارنا۔

الفَیْلَخُ ہاتھ کی چکی ج فَیَالِخ.

غُلامٌ اُفْلُوْد. موٹا تازہ لڑکا۔

فَلَذَ (ض) فَلْذًا لَهٗ مِنَ المالِ شَیْأً: حصہ جدا کرنا۔

فَلَّذَ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اِفْتَلَذَهُ المالَ: کچھ حصہ لینا۔ اِفْتَلَذَ مِنْ فُلانٍ حَقَّهٗ: کسی سے اپنا حق لینا۔

الفِلْذ. اُونٹ کا کلیجہ ج اَفْلاذ. اَفْلاذُ الارْضِ: زمین کے خزانے۔

الفِلْذَة. جگر یا گوشت یا سونے وغیرہ کا ٹکڑا ج فِلَذ و فِلْذ و اَفْلاذ.

الفَالُوْذ و الفَالُوْذَج و الفَالُوْذَق. فالودہ ج فَوَالِیْذ.

الفُوْلاذ. فولاد لوہا ج فَوَالِیْذ.

المَفْلُوْذ مِنَ السُّیُوْفِ: فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔

الفِلِزّ و الفِلَزّ و الفُلُزّ. سپید تانبا- لوہے کا میل- زمین کی ساری دھاتوں پر اطلاق ہوتا ہے- بڑا سخت آدمی- بخیل- جس پر تلوار کو آزمائیں۔

فَلَّسَ القاضِی. فُلانًا: کسی کے دیوالیہ ہونے کا حکم لگانا۔

اَفْلَسَ. مال باقی نہ رہنا- اور اس سے یہ ارادہ

کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی حالت پر پہنچ گیا ہے کہ اس کے بارے میں یوں کہا جا سکے کہ "لَيْسَ مَعَهُ فَلْسٌ" یعنی اس کے پاس پیسے نہیں۔
صفت مُفْلِس ج مُفْلِسُوْن و مَفَالِيْس.

الفَلْس. پیسہ ج اَفْلُس و فُلُوْس. فُلُوْس السَمَك: مچھلی کے سفنے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَلْسٌ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ" یعنی فلاں ہر خیر سے خالی ہے۔

الفَلَّاس. صراف پیسے فروخت کرنے والا۔

المُفَلَّس مع جس کی کھال پر مچھلی کے سفنے جیسے ہوں۔

تَفَلْسَفَ فلسفی بنا۔ مسائل علمیہ میں بحث کرنا۔ حذاقت کا دعویٰ کرنا۔

الفَلْسَفَة. حکمت۔ مسائل علمیہ میں غور و فکر۔ اشیاء کا علم بحسبِ الطَاقَةِ الْبَشَرِيَّه.

الفَيْلَسُوْف. فلسفی ج فَلَاسِفَة.

فَلَّشَ الاَمْتِعَةَ وَ فَلَّشَهَا: سامان بکھیر دینا۔

(سریانی لفظ) اَلْمَفْلُوْشُ: وہ شخص جو اپنے کام درست نہ کر سکے۔

فَلَّصَ. الرَجُلَ: چھڑانا۔ رہائی دینا۔

اَفْلَصَ واِنْفَلَصَ وتَفَلَّصَ رہائی پانا۔

اِفْتَلَصَ مِنْ يَدِهِ: لینا۔

فَلَطَ (ن) فَلْطًا عَنِ الشَّيْئِ: سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔

فَالَطَهُ. اچانک آنا۔ پانا۔

اَفْلَطَهُ الاَمْرُ: اچانک آنا۔

اُفْتُلِطَ بالاَمْرِ: اچانک مشغول کیا جانا۔

الفَلَط. اچانک۔

فَلْطَحَ فَلْطَحَةَ القُرْصَ: ٹکیہ کو پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔

تَفَلْطُحُ اَو تَبْطِيْطُ الاَرْضِ: زمین کے دو قطر استوائی اور قطبی کے درمیان فرق جب کہ اس کو قطر استوائی پر تقسیم ہو اس کی مقدار کا فرق ۲۹۷/اتک ہے۔
اور مشتری کا ۱۵/ا ہے۔

الفِلْطَاح والمُفَلْطَح. چوڑا کیا ہوا۔

فَلَعَ (ف) فَلْعًا وَ فَلَّعَ الشَّيْئَ: پھاڑنا۔

تَفَلَّعَ پھٹنا۔

اِنْفَلَعَ پھٹنا۔

الفَلْع والفِلْع بوائی۔ پھٹن ج فُلُوْع.

الفِلْعَة. کوہان کا ایک ٹکڑا ج فِلَع.

الفَالِعَة. مصیبت ج فَوَالِع

سَيْفٌ فَلُوْعٌ شمشیر براں ج فُلُع.

سَيْفٌ مِفْلَع شمشیر براں۔

مَزَاوِدُ مُفَلَّعَة. چمڑے کے ٹکڑوں کا پیوند لگا ہوا توشہ دان۔

فَلَغَ (ف) فَلْغًا. راسه: سر توڑنا۔ کچلنا۔

تَفَلَّغَ الشَّيْئُ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَلْفَلَ الطَعَامَ: کھانے میں مرچ ڈالنا۔

فَلْفَلَ وتَفَلْفَلَ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا اور تکبر سے چلنا۔ تَفَلْفَلَتْ حَلَمَاتُ الضَرْعِ: پستان کی بھٹنی کا سیاہ ہونا۔ تَفَلْفَلَ شَعْرُ الاَسْوَدِ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔

الفُلْفُل والفِلْفِل. مرچ واحد فُلْفُلَة.

الفُلَيْفِلَة. ایک قسم کی نباتات ہے جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم مرچ کی مانند تیز ہوتی اور دوسری قسم میں تیزی نہیں ہوتی۔

شَرَابٌ مُفَلْفَل تیز شراب وشَعْرٌ.

مُفَلْفَل سخت گھنگھریالے بال۔

فَلَقَ (ض) فَلْقًا وفَلَّقَ الشَّيْئَ: پھاڑنا۔
اللّٰهُ الصُبْحَ: رات کی تاریکی دور کرنا اور صبح ظاہر کرنا۔

اَفْلَقَ الشَاعِرُ: عجیب کلام کہنا۔ صفت مُفْلِق
بالاَمْرِ: ماہر ہونا۔

تَفَلَّقَ. پھٹنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔
الصُبْحُ: صبح ہونا۔

افتلق. عجیب کام کرنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔

اِنْفَلَقَ. پھٹنا۔

الفَالِق. فا۔ پہاڑ کا شگاف۔

الفَالِقَة. فالق کا مؤنث۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔

الفَلْق. مص پھٹن ج فُلُوْق. فَلْقُ الرَاسِ. ۔

الفِلْق. امر عجیب۔ مصیبت۔ آدھا۔

الفَلَق. صبح۔ کل مخلوق۔ اشکال کے بعد حق کی وضاحت۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔ دوزخ۔ پہاڑ کا شگاف۔
ج فُلْقَان. پیالہ کی تلی کا دودھ۔ بطور حقارت کے کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ شَارِبِ الفَلَقِ" مجرم کو سزا دینے کی ایک قسم کی لکڑی۔
والفَلَق مِنَ اللَبَنِ: پھٹا ہوا دودھ ج اَفْلَاق.

الفَلْقَة. پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔ داغ جو اُونٹ کے کان کے نیچے لگائیں۔

الفِلْقَة. ٹکڑا۔ ج فِلَق.

الفُلَاقَة. ٹکڑا۔ ج فِلَاق.

الفِلقة. پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔ مصیبت ج فِلَق

الفَلِيْق والفَلِيْقَة والمَفْلَقَة والفَلْقَى. مصیبت۔ امر عجیب الفَلِيْق: گردن کی اُبھری ہوئی رگ۔

الفُلْقَان. سفید جھوٹ۔ خالص جھوٹ لَبَنٌ فُلَاق وفَلُوْق. پھٹا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "صَارَ اللبنُ فُلَاقًا وَ فِلَاقًا واِفْلَاقًا" یعنی ترشی کی وجہ سے دودھ پھٹ گیا۔

التَمرُ الفُا والمُفَلَّق. خشک پھل جو گٹھلی سے جدا ہو گیا ہو۔

الفَيْلَق. بڑا لشکر۔ بڑا آدمی ج فَيَالِق. رَجُلٌ فَيْلَق: کانا مرد۔ اِمْرَأَةٌ فَيْلَق: بڑی چالاک شور مچانے والی عورت۔

المُفْلِق. فا. شَاعِرٌ مُفْلِقٌ: عجیب کلام کہنے والا شاعر۔

المِفْلَاق. ناپسندیدہ افعال کرنے والا مفلس ج مَفَالِيْق. رَجُلٌ مِفْلَاق: کمینہ و رذیل آدمی۔

المَفْلَقَة. بلا و سختی۔

المَفْلُوْق. کان کے نیچے داغ لگا ہوا اُونٹ۔

فَلْقَحَ مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن کا کل پی جانا یا کھا جانا۔

تَفَلْقَحَ اِلَى القَوْمِ: خوش خبری دینا۔

الفَلْقَحِيّ. ہنس مکھ۔

فَلَكَ (ن) فلكا ثدیُ الجاریۃِ: لڑکی کی پستان کا گول ہونا۔
فَلّکتْ وفلکتِ الجاریۃُ: گول پستان والی ہونا۔ صفت فالك ج فوالك۔
فَلَّكَ واَفْلَكَ الثدیُ: پستان کا گول ہونا
الرَّجُلُ فِی الامرِ: کسی معاملہ میں اصرار کرنا۔
تَفَلَّكَ واسْتَفْلَكَ ثدیُ الجاریۃِ: لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔
الفَلَكُ۔ آسمان ج فِلك وفُلك وافلاك
والفلكُ مِنْ کلِّ شئٍ: گول اور بڑا مِنَ البحرِ: موج۔ ریت کا ٹیلہ جس کے اردگرد کھلا میدان ہو۔ زمین کے گول ٹکڑے جو اردگرد کی زمین سے بلند ہوں۔ واحد فَلکۃ و فَلَکۃ ج فِلاك۔
الفَلِكُ۔ اُبھری ہوئی ہڈیوں والا۔ سخت جوڑوں والا۔ جس کے زانو کی چپنی میں درد ہو۔
رَجُلٌ فَلِكٌ: بڑے سرین والا۔
الفَلَکی۔ فلک کی جانب منسوب۔ علم نجوم کا ماہر۔
الفَلْکۃُ۔ فلک کا واحد۔ ہر وہ چیز جو بلند اور گول ہو۔ ج فِلك وفَلَكٌ فَلْکَۃُ المغزلِ: چرخے کا دمڑ کا ج فِلك۔
الافلاك۔ گول زمین کے گرد گھومنے والا۔
الاِفْلِیکان۔ حلق کے کوے کے اردگرد گوشت کے دو ٹکڑے۔
المُفْلَك والمُفَلَّك۔ مِنَ النساءِ: گول پستان والی عورت۔
الفلکسرۃُ: انگور کے تنے کو چوسنے والا کیڑا۔
اِفْتَلَمَ۔ اَنفَہُ: ناک کاٹنا۔
الفِلْمُ ج اَفلام: کیسٹ۔ فوٹوگرافی میں استعمال والی نیگٹو۔ قصہ کہانی
عِلْمُ الفَلَكِ: آسمان کے برجوں کا علم۔ یہ بات رکھنی ضروری ہے کہ ہر ماہ ستاروں کے طلوع ہونے میں دو گھڑیوں (گھنٹوں) کا فرق ضروری ہوتا ہے۔ اس وجہ سے جو ستارہ آٹھ بجے حریزان (جون) کے شروع میں طلوع ہوتا ہے وہی ستارہ دس بجے ایار (مئی) کے شروع میں طلوع ہوگا۔
اس کے برعکس یہ ستارہ چھ بجے (تموز) جولائی کے شروع میں طلوع ہوگا----
الفَیْلَم۔ بڑے جثہ کا مرد۔ چوڑا کنواں۔ کنگھی۔ بزدل۔ بڑی زلفوں والا۔ بہت لشکر۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔
فُلانٌ وفُلانۃُ ذوی العقول کے علم کا کنایہ کیا جاتا ہے اور اس صورت میں ان پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور فلانۃ غیر منصرف ہے۔ کہا جاتا ہے جاءَ فُلانٌ تنوین کے ساتھ اور جاءتْ فُلانۃُ بغیر تنوین کے اور کبھی غیر ذوی العقول کے علم سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے اس صورت میں الف لام داخل ہوتا ہے جیسے رَکِبْتُ الفُلانَ و حَلَبْتُ الفُلانۃَ۔
فَلا یَفْلُو فَلْوًا وفَلاءً۔ سفر کرنا۔
ہ بالسیفِ: تلوار سے مارنا القومَ: درمیان میں آنا۔
وافْلٰی وافْتَلٰی الصبیَّ او المُهرَ: بچے یا بچھیرے سے دودھ چھڑانا الغلامَ: لڑکے کی پرورش کرنا۔ اِفْتَلاہُ لِنَفْسِہ: اپنے لیے لینا۔
اَفْلَی الرَّجُلُ: جنگل میں داخل ہونا۔ اَفْلَتِ الفَرَسُ: بچھیرے والی ہونا۔ دودھ چھڑانے کے قابل بچھیرے والی ہونا۔ صفت مُفْلٍ و مُفْلِیَۃٌ۔
الفِلْو۔ بچھیرا یا گدھے کا بچہ جو دودھ چھڑانے کے قابل ہو یا جن کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔ ج اَفْلاء و فِلاء۔
الفَلُوُّ والفُلُوُّ بمعنی فِلوج اَفْلاء و فَلاوی مؤنث فَلْوۃ و فُلْوۃ۔
الفَلاۃ۔ وسیع بیابان ج فَلَوات و فَلا و فُلِیّ و فِلِیّ اور فلا کی جمع اَفْلاء۔
فَلَی یَفْلِی فَلْیًا الامرَ: کسی معاملہ کے اسباب و وجوہ پر غور کرنا الشعرَ: شعر میں غور کرنا اور معانی و غرائب کا استخراج کرنا ہ بالسیفِ: تلوار سے مارنا زَیْدًا فِی عَقْلِہ: آزمائش کرنا و فَلّٰی تَفْلِیَۃً رَاسَہٗ او ثوبَہ: سر یا کپڑے سے جوئیں نکالنا۔
فَلِیَ یَفْلٰی فَلًی الشئُ: کٹنا۔
فَلّٰی واَفْلٰی وافْتَلٰی القَوْمَ: درمیان میں آنا۔ اَفْلَی القَوْمَ بِعَیْنِہ: قوم کو غور سے دیکھنا۔
تَفَلّٰی: سر یا کپڑے میں سے جوئیں نکالنا۔
الطائرُ: پرندہ کا چونچ سے پروں کو کھجلانا۔
تَفالٰی واسْتَفْلٰی: کسی سے جوئیں نکالنے کی خواہش کرنا۔ تَفالَتِ النِّساءُ: ایک دوسرے کی جوئیں نکالنا الحُمُرُ: گدھوں کا ایک دوسرے کو کھجانا۔ اِسْتَفْلاہُ: تلوار سے سر پھاڑنے کے درپے ہونا۔
الفَلایَۃ۔ جوئیں نکالنا۔
الفالِیَۃ۔ چھری۔ داغ دار گبریلا سانپوں کے بلوں کے قریب رہا کرتا ہے اور اسی وجہ سے اس کو فالِیَۃُ الافاعی بھی کہتے ہیں۔ فالِیَۃُ الافاعی: شر کا پیش خیمہ۔
الفَمُ والفُمُ والفِمُ مِنَ الانسانِ: مُنہ اصل وضع کے لحاظ سے (فوہ) ہے۔ اس کا تثنیہ فَمان فَمَوان وفَمَیان اور جمع اَفواہ (باعتبار اصل وضع کے) اور اَفمام اور نسبت کے لیے فَمَوِیّ وفَمِیّ۔
فَنَّ (ن) فَنًّا الشئَ: مزین کرنا الرَّجُلَ: مشقت میں ڈالنا ہ فِی البَیْعِ: نقصان دینا۔
فَنَّ الدَّیْنَ: قرض کو ٹالنا الابلَ: اونٹ کو دفع کرنا۔ ہانکنا۔
فَنَّنَ الشئَ بالشئِ: ملانا النّاسَ: جدا جدا کرنا؛ جماعت وار کرنا رَایَہٗ: رنگ برنگ رائے بدلنا۔
تَفَنَّنَ الشئُ: قسم بہ قسم ہونا۔ مضطرب ہونا وافْتَنَّ فِی الحَدیثِ: اچھے اسلوب سے بیان کرنا اِفْتَنَّ فِی خُصُوْمَتِہ: قسم قسم کی باتیں کہنا۔
اِسْتَفَنَّ۔ فَرَسَہ: گھوڑے کو گوناگوں چال چلانا۔
الفَنُّ۔ بمعنی قسم۔ حال۔ ج اَفْنان وفُنون جج اَفانِین۔ اَفانِینُ الکلامِ: کلام کے

مختلف اسلوب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْهُ فَنًّا" یعنی اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِنُّ عِلْمٍ" وہ علم کے ساتھ بہتر تعلق رکھنے والا ہے۔

اَلْفَنّ سے مراد وہ عمل جس کو کرنے والا اعلیٰ جمال و کمال میں پیش کرے۔ فُنُوْنُ الشِّعْر: شعروں کی انواع واقسام۔ الفُنُوْنُ الجمیلة وہ فنون جو خوبصورتی کو اجاگر کریں جیسے موسیقی، فوٹو گرافی، شعر، بلاغر، ڈیزائن سازی، تعمیر اور ناچ۔ اَلْفُنُوْنُ اللَّذِیْذَة جن کے کرنے سے لذت (اگرچہ گناہ والی) محسوس ہو جیسے ناچ گانا اور گھوڑ سواری۔ اَلْفُنُوْنُ الْحُرَّة وہ فنون جن میں ہاتھ کے بجائے ذہن زیادہ کام کرے۔ اَلْفُنُوْنُ الْبَدَوِیَّة وہ فنون جن میں ہاتھ زیادہ مؤثر ہو عقل سے جیسے: پتھر تراشی۔

الفَنَن سیدھی شاخ ج اَفْنَان ج اَفَانِیْن.

الفَنَّة فن کا اسم مرة۔ مدت۔

الفُنَّة بہت گھاس۔

شَجَرَةٌ فَنَّاء وفَنْوَاء بہت شاخ والا درخت۔

الفَیْنَان لمبے بال والا۔ شَعْرٌ فَیْنَان لمبے اچھے بال۔

الأُفْنُوْن قسم۔ گنجان ٹہنی۔ ابتداءِ جوانی۔ ابتداءِ بادل۔ مضطرب کلام۔ سانپ۔ ج اَفَانِیْن.

المِفَنّ عجیب عجیب اُمور کرنے والا المؤنث مِفَنَّة.

اَلْمُفَنَّة بد خلق بوڑھی عورت۔

المُتَفَنِّن فا۔ گونا گوں حالات والا۔ گونا گوں صنعت والا۔

الفَنْءُ جماعت۔

الفَنَاء کثرت۔

فَنْجَر عَیْنَیْهِ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تیز نگاہ سے دیکھنا۔

الفَنَاجِرَة ماہرین شہ سواری۔

الفِنْجَان چائے پینے کی پیالی جمع فَنَاجِیْن.

اَلْفِنْجَان سونے، تانبے کا سر پر گول زیور۔

فَنَخَهُ (ن) فَنْخًا وفَنْخَةً غالب ہونا۔ ذلیل کرنا۔ فَنَخَ عَظْمَه بغیر خون نکلے ہوئے ہڈی کو چورہ کرنا۔

فَنَخَهُ فُنْخًا وفُنُوْخًا خوب اچھی طرح قتل کرنا۔

اَفْنَخَ رَاسَهُ کچلنا۔

تَفَنَّخَهُ مقہور کرنا۔ بہت بُری طرح سے ذلیل کرنا۔

الفَنِیْخ نرم وکمزور۔ بڈھا۔

المِفْنَخ دشمنوں کو بہت ذلیل کرنے والا۔ ان کے سروں کو بہت توڑنے والا۔

فَنْخَرَ فَنْخَرَةً نتھنے پھلانا۔

الفُنَاخِرُ بڑی ناک والا (والفُنْخُر) بڑے ڈیل ڈول والا المؤنث فُنَاخِرَةٌ و فُنْخُرَةٌ.

الفِنْخِیْرَة بہت فخر کرنے والا۔

فَنِدَ (س) فَنَدًا وافْنَدَ کھوسٹ ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا۔ جھوٹ بولنا فِی الرای او القول: خطا کرنا۔

اَفْنَدَه خطا کار ٹھہرانا۔ اَفْنَده الکِبَرُ: بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔

فَنَّدَه جھٹلانا۔ ملامت کرنا۔ خطاکار ٹھہرانا۔ ضعیف العقل بنانا۔ فَنَّدَ فِی الشراب مداومت کرنا الفرس گھوڑے کو دُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

وفَانَدَ وتَفَنَّدَ فُلَانٌ عَلَى الاَمْرِ طلب کرنا۔ تَفَنَّدَ مِنْ کذا نادم و پشیمان ہونا۔

الفَنَد مص۔ عاجزی۔ کفرانِ نعمت ج اَفْنَاد.

الفَنْد بڑا پہاڑ۔

الفِنْد بڑا پہاڑ۔ ٹہنی۔ نوع۔ جمع شدہ قوم۔ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ ج فُنُوْد واَفْنَاد کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَفْنَادًا" یعنی گروہ گروہ آئے۔ واَفْنَادُ اللیل رات کے حصے۔

الفُنْدُق سرائے ج فَنَادِق بندوق۔

الفُنْدَاقِ حساب کار جسٹر۔ ج فَنَادِیْقُ.

الفَنَار مشعل۔ روشنی کا منارہ۔ ج فَنَارَات.

الفَانُوْس چغل خور۔ مشعل۔ لالٹین۔ ج فَوَانِیْس.

فَنِسَ. فِی الاَمْرِ سست ہونا۔ عَنِ الاَمر رُک جانا۔

الفِنْطَاس جہاز میں میٹھے پانی کا حوض۔ میٹھے پانی کے تقسیم کرنے کا پیالہ ج فَنَاطِیْس.

اَنْفٌ فِنْطَاس چوڑی ناک۔

الفِنْطِیْس کمینہ۔ چوڑی ناک والا۔ ناک جس کے نتھنے چوڑے ہوں اور بانسہ پست ہو۔ ج فنَاطِیْس.

الفِنْطِیسَة سور کی تھوتھنی۔

فَنِعَ (س) فَنَعًا بالدار ہونا۔ صفت فَنِعٌ و فَنِیْعٌ.

الفَنَع مص۔ بہت بخشش۔ فیاضی۔ مشک کی بھڑک۔

المِفْنَع اچھی شہرت والا۔ نیک نام۔

فَنَقَ و فَانَقَ ناز و نعمت سے پالنا۔

اَفْنَقَ سختی کے بعد صاحب نعمت ہونا۔

تَفَنَّقَ. الغُلامُ ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا فِی الاَمْرِ مبالغہ کرنا۔

جَارِیَةٌ فُنُق ومِفْنَاق ناز و نعمت میں پلی ہوئی لڑکی۔

الفَنِیْق نر اُونٹ کہ جس کو بوجہ اس کی شرافت کے نہ تو سواری کے کام میں لائیں اور نہ اس کو تکلیف پہنچائیں ج فُنُق ج اَفْنَاق.

الفُنَیْقَة پوری ناز و نعمت میں پلی ہوئی عورت ج فَنَائِق.

عَیْشٌ مُفَانِق خوش عیش زندگی۔

الفَنْقَع موت۔

فَنَكَ (ن) فُنُوْكًا بالمَكَان اقامت کرنا۔ وافنك عَلَى الاَمْرِ مداومت کرنا۔ فِی الاَمْرِ اصرار کرنا۔ جھوٹ بولنا۔

فَانَكَ مُفَانَكَةً فِی الاَمْرِ دخل دینا۔

وفَنَّكَ تَفْنِیْكًا. فِی الشَرّ والكِذْبِ: اصرار کرنا۔

الفَنْك والفَنَك. تعجب۔ الفَنَك رات کا ٹکڑا۔ لومڑی کی جنس سے ایک جانور ہے جو لومڑی سے چھوٹا ہوتا ہے اور جس کی کھال کی پوستین بہت اچھی ہوتی ہے۔

الفِنْكُ دروازہ (و الفُنُكُ ہات کا ٹکڑا۔
الفِنِيكُ انسان کے جبڑوں کے ملنے کی جگہ۔
الفِنِيكُ تزشہ کا ربالک۔(فرانسیسی لفظ)
و الافنيك پرندہ کا دمغزہ۔
المُتفَنِّكَة بیوقوف عورت۔
الفَنَاة میگنی ج فنوات بکوے ج فنا
شَجرٌ فنوا٫ بہت شاخوں والا سایہ دار درخت۔
فني و فني يفني فناء معدوم ہونا۔
الرَّجُلُ بہت بوڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "... شَيخًا فانيًا"
فانى مُفاناة الرَّجُلُ مدارات کرنا۔ تسکین دینا۔ کہا جاتا ہے "كانَ يُفانى الايام لَاهيًا" یعنی وہ زمانے کو کھیل کود میں بسر کرتا ہے۔
المَالَ مال کا اچھا انتظام کرنا۔
اَفْنى افناء الشئ معدوم کرنا۔ ہلاک کرنا۔
تَفانى بعض کو بعض ہلاک کرنا۔
الفانى فا۔ پیر فانی۔ کھوسٹ بڈھا۔
الفَناء مس معدومی۔ ہلاکت۔
الفِناء گھر کے سامنے کا میدان ج افنية وفُنِى کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَفناءِ النَّاسِ" وہ غیر معروف النسب ہے۔
فَهَّ (ف) وفَهِهَ (س) فَهَاهَةً بول چال میں درماندہ و عاجز ہونا۔ صفت فَةٌ و فَهِيهٌ۔
فَهَّ (س) فَهًّا الشئَ و عَنِ الشئِ بھولنا۔
فَهَّهَ وافَهَّ اللهُ الرَّجُلَ عاجز کرنا۔ افهه الشئَ بھلوانا۔
الفَهَّة مؤنث فَةٌ عاجزی۔ غفلت۔
فَهِدَ (س) فَهَدًا تیندوے جیسا ہونا۔ صفت فَهِدٌ وفِهِدٌ۔ فَهِدَ عَنْهُ غافل ہونا۔
فَهَدَ (ف) فَهْدًا لفلان کسی کے کام کو اس کی غیر موجودگی میں اچھا کرنا۔
الفَهْد تیندواج فُهُود واَفْهُد۔
الفَهْدَة مادہ تیندواج فَهَدات دُبر۔
الفَهَّاد تیندوے والا۔ تیندوے کو شکار سکھانے والا۔

الفَوْهَد موٹا تازہ قریب البلوغ لڑکا۔ مؤنث فَوْهَدَة۔
الافهُود بمعنی فَوْهَلَ الفاهِد۔
فَهَرَ الفَرَسُ او الرَّجُلُ تھک جانا۔
افْهَرَ یہودیوں کی عید میں شریک ہونا۔
زَيدٌ موٹائی کی وجہ سے سلوٹ والا ہونا۔
تفهّرَ فِى المَالِ و الكَلَامِ وسعت ہونا۔
الفِهْر عِنْدَ الاطبّاء دوا پینے کا پتھر۔ ج افْهَار و فُهُور۔
الفِهْرَة بمعنی الفِهْر
الفِهْرِس و الفِهْرِست کتاب جس میں کتابوں کے نام جمع کئے جائیں۔ کتاب کے اوّل یا آخر میں چند اوراق جس میں کتاب کے ابواب وفصول بیان کردیے جائیں۔ ج فَهَارِس۔
فَهَصَ (ف) فَهْصًا توڑنا۔ کچلنا۔
فَهَقَ (ف) فَهْقًا الرَّجُلَ چنبر گردن پر مارنا۔
فَهِقَ (س) فَهْقًا وفَهَقًا الاناءُ برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔
افْهَقَ الاناءَ برتن کو بھرنا البَرْقُ وغَيْرُهُ بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
تفهّقَ وانفهقَ الحَوضُ بالماءِ حوض کا پانی سے چھلکنا البَرْقُ وغَيْرُهُ بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
الفَهْقَة گردن کے جڑ کی ہڈی۔ ج فِهَاق۔
الفاهِقَة زخم جس سے خون جاری ہو۔ بِئيرٌ مِفْهَاقٌ بہت پانی والا کنواں۔
المُنْفَهِق کشادہ۔
الفَيْهَق کشادہ۔ بہت دودھ والی اُونٹنی۔
فَهِمَ (س) فَهْمًا وفَهَمًا وفَهَامَةً و فِهَامَةً وفَهَامِيَةً سمجھنا۔
فَهَّمَهُ وافْهَمَهُ سمجھانا۔
تفهّمَ الكَلامَ تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تَفاهَمَ القَوْمُ بعض کا بعض سے سمجھنا۔
استَفْهَمَهُ الامْرَ دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔
الفَهْم مس سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔

الفَهِم تیز سمجھ دار۔
الفَهَّامَة بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کیلئے ہے۔
الفَهِيم سمجھ دار۔ ج فُهَمَاء۔ فَهَا (ن) فَهْوًا عَنِ الامْرِ بھولنا۔
الافْهَاء بیوقوف لوگ۔
فُوف وہ کا مادہ دیکھئے۔
فَاتَ يَفُوتُ فَوْتًا وفَوَاتًا الامْرُ گزرنا۔ وقت جاتا رہنا ہُ الامْرُ حاصل کرنے میں ناکام رہنا ہُ فُلَانٌ فِى كَذَا آگے بڑھ جانا الشئَ تجاوز کرنا۔
افَاتَهُ افَاتَةً الامْرَ گزرنے دینا
تَفَوَّتَ عَلَيْهِ فِى مَالِهِ غلبہ کرنا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا وتَفَاوَتًا وتَفَاوِتًا الشَّيْئَانِ مختلف ہونا۔ دُور دُور ہونا۔
تَفَاوُتًا فِى الفَضْلِ فضل و کمال میں مختلف ہونا۔
افْتَاتَ الكَلَامَ نئی گفتگو کرنا بِرَأْيِهِ خود رائی کرنا بِامْرِهِ بکر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔
عَلَى فُلَانٍ فِى الامْرِ حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
ہ الامْرُ فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لا يُفْتَاتُ عَلَيْهِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
الفَوْت مس۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللهُ رِزْقَهُ فَوْتَ فَمِهِ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اُس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَات مس مَوتُ الفَوَاتِ اچانک موت۔
الفُوَيْت خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔(مذکر و مؤنث)
فَاجَ يَفُوجُ فَوْجًا المِسْكُ مشک کی خوشبو کا بھڑکنا النَّهَارُ دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّجَ عَنْ نَفْسِهِ ٹھنڈا کرنا۔
افَاجَ الرَّجُلُ جلدی کرنا الفَرَسُ گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِيجَ ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْج جماعت۔ گروہ۔ ج افْوَاج و

فَوُوْج وجِ افاوِج وَاَفَايِجُ وَافَاوِيج.
الفَالِجَة. جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔
فَاحَت تَفُوْحُ فَوْحًا وفُوُوْحًا وفَوْحَانًا **القِدْرُ**: ہانڈی کا جوش مارنا **الشجةُ**: زخم کا خون پھینکنا۔ **فَاحَ وتَفَاوَحَ الزَهْرُ**: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ **فَاحَ المِسْكُ او الطِيْبُ**: مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔
اَفَاحَ. الدَمَ: خون گرانا **القِدْرَ**: ہانڈی کو جوش دینا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاحَتْ تَفُوْحُ فَوْحَانًا. الرِيْحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔
فَاخَ وَاَفَاخَ. الرَجُلُ: گوز کرنا۔ **اَفَاخَ الزِقَّ**: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔
فَادَ يَفُوْدُ فَوْدًا. مرنا **الشَئُ بِالشَئِ**: ملانا **المَالُ لِفُلَانٍ**: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے **الفَائِدَة** ہے۔
اَفَادَ اِفَادَةً الرَجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ **اَفَادَ وفُلَانٌ المَالَ** جمع کرنا۔ کمائی کرنا **فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا**: دینا یا نفع پہنچانا۔
تَفَوَّدَ. الوَعْلُ فَوْقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَفَادَهُ. حاصل کرنا۔
الفَوْدُ. ج. کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ کہا جاتا ہے "**بَدَا الشَيْبُ بِفَوْدَيْهِ**" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہو گئیں۔ **الفَوْد**: بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ **فود الخِبَاءِ او الوَادِي**: خیمہ یا وادی کا کنارہ ج **اَفْوَاد**.
المِفْوَاد. تلف کرنے والا۔
الفَوْدَج. ہودج۔ دلہن کی پالکی۔
فَارَت تَفُوْرُ فَوْرًا و فَوَرَانًا و فُوُوْرًا. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ **فَارَ المَاءُ**: پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا **العِرْقُ**: رگ کا مضطرب ہونا (**فَوْرًا و فَوَرَانًا المِسْكُ**:) خوشبو کا بھڑکنا۔ **فَوْرًا و اَفَارَ القِدْرَ**: ہانڈی کو جوش دینا۔

فَارَ المِيزَانُ: ترازو کے زبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے ہٹانا۔
الفَار. چوہا۔ واحد **فَارَةٌ**. **فَارَةُ الاِبِلِ**: کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بو۔
الفَوْر. مص۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "**رَجَعَ مِنْ فَوْرِهِ**" جلدی واپس ہوا۔ **فَوْرُ كُلِّ شَئٍ**: ہر چیز کا اوّل۔
الفُوْر. ہرنیاں۔ واحد فَائِر۔ کہا جاتا ہے "**لَا اَفْعَلُهُ مَالَالَاتِ الفُوْرُ**" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَة مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ: گرمی یا غصہ کی تیزی۔ **فَوْرَةُ النَهَارِ**: دن کی ابتداء۔ **فَوْرَةُ النَّاسِ**: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ **فَوْرَةُ العِشَاءِ**: عشاء کی نماز کے بعد کا وقت۔ کہا جاتا ہے "**اَخَذْتُ الشَئَ بِفَوْرَتِهِ**" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔
الفِيَارَان. ترازو کے زبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔
الفَائِر. فا. کہا جاتا ہے "**فَارَ فَائِرُهُ**" اس کا غصہ بھڑکا۔
الفُوَارَة. ہانڈی کا اُبال۔
الفَوَّار. اسم مبالغہ۔
الفَيُّور. بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔
الفَوَّارَة. مؤنث **فَوَّار**. پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔
فَازَ يَفُوْزُ فَوْزًا. بِالاَمْرِ: کامیاب ہونا **مِنَ المَكْرُوْهِ**: نجات پانا **الرَجُلُ**: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
فَوَّزَ تَفْوِيْزًا الرَجُلُ: گزرنا۔ مرنا **الطَرِيْقُ**: ظاہر ہونا **الرَاعِي بِاِبِلِهِ**: چرواہے کا اونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔
و تَفَوَّزَ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا۔
اَفَازَ فُلَانًا بِكَذَا کامیاب کرانا۔
الفَازَة وہ کھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "**ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ**" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔

المَفَازَة. نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو ج **مفازات و مفاوز**
فَوَّضَ تَفْوِيْضًا. اِلَيْهِ الاَمْرَ: سپرد کر دینا۔
اَلْفُوْشِيَا خوبصورت پھولوں کا پودا۔
المَرْاَةَ: بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔
فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً فِي الاَمْرِ: برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔
تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا: بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا **الشَرِيْكَانِ فِي المَالِ** شریک ہونا اور برابر ہونا **تَفَاوَضُوْا فِي الحَدِيْثِ**: بات چیت میں مشغول ہونا۔ کہا جاتا ہے **قَوْمٌ فَوْضَى** ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "**وَاَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوْضَى وفَوْضُوْضَاءُ**" ان کا معاملہ مختلط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے۔ "**اَمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُم و فَوْضُوْضَى و فَوْضُوْضَاءُ**" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے **شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ و شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ** وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے و **مُفَاوَضَةُ العُلَمَاءِ**: علمی مسائل کا مذاکرہ۔
اَلْمُفَوَّضِيَّةُ وہ دائرہ جس کو ذمہ دار افر لگائے۔ منصب ذمہ دار افر۔
اَلْفَوْضَوِيَّةُ وہ غیر منظم سیاسی نظام حکومت جس میں عوام پر حکام کا حکم غیر مؤثر یا معطل تصور کیا جائے۔
اَلْفَوْضَوِي غیر منظم حکومت کا ساتھ دینے والا۔ لاقانونیت برتنے والا۔
فَوَّطَهُ. ازار پہنانا۔
الفُوْطَة. ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج **فُوَط** اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔
فَاظَ يَفُوْظُ فَوْظًا وفَوَاظًا مرنا۔ کہا جاتا ہے "**حَانَ فَوْظُهُ**" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔

الفَوْعة. مِن الطِيْبِ:خوشبو۔
مِنَ السُمِّ:زہر کی تیزی مِنَ الشُّبابِ:جوانی کی ابتداء۔
رَجُلٌ قَضَّابَۃٌ: امور کا اچھی طرح طے کرنے والا۔

القَاضِبَۃ. قَاضِب کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "مَافِیْ فِیَّ قَاضِبَۃٌ" یعنی میرے منہ میں کوئی دانت نہیں۔

القُضَابَۃ. کاٹی ہوئی چیز کے ٹکڑے۔

المِقْضَبُ. درانتی۔

المِقْضَاب. درانتی۔ بہت کاٹنے والا۔

اَرْضٌ مِقْضَابٌ: سبزہ زار زمین۔ ساگ پات اگانے والی زمین۔

المَقْضَبَۃ. ساگ پات اُگنے کی جگہ۔ ج مَقَاضِب و مَقَاضِیْب.

المُقْتَضَبُ. کام کی صلاحیت نہ ہونے سے پہلے اس کے کرنے کی تکلیف دیا ہوا۔ اوزان شعر میں ایک بحر کا نام مِنَ الشِعْرِ و الکَلَامِ. فی البدیہ شعر یا کلام۔

قَضَعَہٗ (ف) قَضْعًا مغلوب کرنا۔ مقہور کرنا۔

اِنْقَضَعَ عَنْہُ: دور ہونا (و تَقَضَّعَ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ جدا جدا ہونا۔

القُضْعُ و القُضَاعُ و التقضیعُ. پیٹ کا درد اور مروڑ۔

القُضَاعُ و القُضَاعَۃ. آٹے کی گرد۔ دیوار کی جڑ میں جو جھڑ کر گرے۔ القُضَاعَۃ تیندوا۔

القُضَاعُ: چیتہ

القَضْعَمُ بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں۔ پوپلا۔

قَضُفَ (ک) قَضَفًا وقِضَفًا وقَضَافَۃً نحیف و لاغر ہونا۔ صفت قَضِیْف ج قِضَاف و قُضْفَان و قُضَفَاء.

اِنْقَضَفَ. ٹوٹنا۔ القَضَفُ. پتلے پتھر۔

القَضَفَۃ. ٹیلہ جو ایک پتھر کا معلوم ہو۔ زمین کا ٹکڑا جو ابھرا ہوا ہو اور کچھ لمبا ہو۔ ایک پرندہ کا نام۔ ج قَضَفٌ و قِضَافٌ و قُضْفَان و قِضْفَان.

القِضْفَۃ. ریت کا ٹکڑا جو بڑے حصہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔

القَضِیْفَۃُ مِنَ النِسَاءِ: کم گوشت دبلی پتلی عورت۔

قَضْقَضَ قَضْقَضَۃَ العَظْمِ: ہڈی کا ٹوٹنے کے وقت چٹخنا الاَسَدُ فَرِیْسَتَہٗ: شیر کا اپنے شکار کو توڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَقَضْقَضَ. ٹوٹنا۔ جدا جدا ہونا۔

القَضْقَاض و القُضَاقِض و القُضَاقِص. شیر۔

القَضْقَاض. ہموار زمین۔

قَضِمَ (س) وقَضَمَ (ض) قَضْمًا الشَّیَٔ: دانت کے اطراف سے کاٹنا اور کھانا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقْضِمُ الدنیا قَضْمًا" جبکہ بے رغبتی کرے اور معمولی پر راضی ہو جائے۔

قَضِمَتْ (س) قَضَمًا السِنُّ: دانت کے اطراف کا ٹوٹنا۔ قَضِمَ الرَجُلُ: دانت کے ٹوٹے ہوئے اطراف والا ہونا۔ قَضِمَ السَیْفُ: تلوار پرانی ہونے کی وجہ سے دھار خراب ہونا۔

قَاضَمَ مُقَاضَمَۃً. تھوڑا تھوڑا بیچنا یا خریدنا۔

اَقْضَمَ الدَابَّۃَ: جانور کو جو کا چارہ دینا (و اِسْتَقْضَمَ) القَوْمُ: قحط میں تھوڑا غلہ لینا۔

القصم من الاسنان : اطراف گرے ہوئے دانت۔ القصم من الرجال: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔
القصم من السُیُوف: پُرانی ہونے کی وجہ سے خراب دھار والی تلوار۔
الاَقْصَم. جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث قَصْمَاءج قُصْم.
القصم .س. تلوار۔
اَلْقَصَامِیُ وہ چنے جن کو بھگو کر بھونا جائے اور دانتوں سے چبایا جائے۔
القُصْمَة والقَصَام والمَقْصَم. جو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ قَصْمَةً وقَصَامًا ومَقْصَمًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
القَصِیْم. جس کو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ ٹوٹی ہوئی دھار کی تلوار۔ گٹھری۔ نامہ (والقَصِیْمَة) چمڑے کا فرش جو مجرم کے نیچے بچھا دیتے تھے تاکہ خون سے زمین خراب نہ ہو۔ چمڑا۔ سفید چمڑا جس پر لکھا کرتے تھے۔ جانوروں کے لیے جو۔ چاندی ج قَصَم وقُصُم واَقْصِمة.
القَصَّام. کھجور کا لمبا درخت کہ اس کے پھل خشک ہوگئے ہوں۔ ج قَصَاصِیْم.
قَضَی یَقْضِی قَضَاءً الشَّیْءَ: مضبوطی سے بنانا حَاجَتَهٗ: پوری کرنا اور فارغ ہونا وَطَرَهٗ: مُراد کو پہنچنا عَبْرتَهٗ تمام آنسو بہا دینا الدَّیْنَ: قرض ادا کرنا الصَّلاةَ: نماز ادا کرنا الاَمْرُ اِلَیْهِ: پہنچانا العَهْدَ: نافذ کرنا عَلَیْهِ عَهْدًا: وصیت کرنا۔ قَضَی الرَّجُلَ وقَضَی نَحْبَهٗ وقضی اجلَهٗ وقُضِیَ عَلَیْهِ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے ضَرَبَه فَقَضَی عَلَیْهِ یعنی مار ڈالا۔ وقضی منهُ العجب بہت زیادہ تعجب کیا۔ ولا اَقْضِی مِنْهُ العجب یعنی تعجب کا حق ادا کرنا ممکن نہیں کہ معاملہ بہت عظیم الشان ہے۔
قَضَی یَقْضِی قَضَاءً وقَضْیًا وقَضِیَّةً بَیْنَ الخَصْمَیْنِ: فیصلہ کرنا الاَمْرَ لَهٗ اَوْ عَلَیْه: موافق یا مخالف فیصلہ کرنا الشَّیْءَ: جتانا۔ بیان کرنا۔
قَضَّی تَقْضِیَة وقِضَّاء. وَطَرَهٗ: حاجت پوری کرنا۔ مُراد بر لانا الامر: معاملہ کو نافذ کرنا فُلانًا: قاضی بنانا (تَقْضِیة) مرنا۔
قاضا مُقاضاة. فُلانًا الی الحاکم: فیصلہ کے لئے لے جانا ہٗ علی مالٍ: صلح کرنا۔
تَقَضَّی. البازی: باز کا ٹوٹ پڑنا۔ اس کی اصل تَقَضَّضَ ہے ضاد اخیرہ کو تخفیف کے لیے یاسے بدل دیا گیا ہے (وانْقَضَی) الشَّیءُ: فنا ہونا۔ ختم ہونا۔
تَقَاضَیَا اِلَی الحاکِم. دونوں کا حاکم کے پاس فیصلہ کیلئے جانا۔ تَقاضاهُ الدَّیْنَ وغَیْرَهٗ وبالدَّیْنِ: قرض کا تقاضا کرنا۔
اِقْتَضَی اِقْتِضاءً الحالُ کذا: چاہنا۔ لازم کرنا۔ اِقْتَضاهُ الدیْنَ وغیرَهٗ: تقاضا کرنا۔ طلب کرنا۔ واقتضی الامْرُ الوُجُوْبَ: صیغہ امر کا وجوب پر دلالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ مَا یقْتَضِیْه کرمُك" وہ کرو جو تمہارے کرم کا تقاضا ہو۔
اِسْتَقْضَی اِسْتِقْضاءً فُلانًا الدَّیْنَ: قرض ادا کرنے کا مطالبہ کرنا۔ اِسْتَقْضَی السُّلْطانُ فُلانًا عَلَیْنَا: قاضی بنانا ہٗ: فیصلہ کیلئے طلب کرنا واُسْتُقْضِیَ فُلانٌ: قاضی بنایا جانا۔
القَضْی والقضاء. حکم۔ ادا۔ ج اَقْضِیَة مصباح میں ہے کہ علماء قضا کا استعمال اس عبادت کیلئے کرتے ہیں جو شرعی حیثیت سے معین وقت کے علاوہ میں ادا کی جائے۔ اور ادا وہ ہے جو وقت معین میں کی جائے اور یہ وضع لغوی کے خلاف ہے لیکن دونوں وقتوں میں تمیز کے لیے اصطلاح ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قضا مُراد ہے عالم عقل میں تمام موجودات کے وجود سے جو مجتمعہ بطریق ابداع کے ہو اور قدر مُراد ہے وجودِ خارجی سے جو مفصل ایک کے بعد ایک ہو۔
القَضِیّ. موت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَضِیٌّ" مرد جلد فیصلہ کرنے والا۔
القَضِیَّة. س. قضی. کا اسم ہے عند المنطقین وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جاسکے۔ ج قضایا.
القضة. ایک ترش قسم کی گھاس ج قضی وقِضات وقِضُوْن.
القاضِی. فا. حاکم شرعی۔ ج قُضاة.
قاضِی القُضاة : قاضیوں کا رئیس۔ چیف جسٹس۔ سمٌّ قاضٍ زہر قاتل۔
القاضِیة. قاضی کا مؤنث۔ موت۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْ عَلَیْهِ القاضِیَةُ" اسے موت آئی۔
القَضَّاء. اسم مبالغہ۔ مضبوط زرہ۔
قَطَّ (ن) قَطًّا واقْتَطَّ. القلمَ ونحوه: قلم پر قط لگانا البَیْطارُ حافِرَ الدابَّة: سلوتری کا چوپایہ کے کھر تراشنا۔
قَطَّ (ن ض) قَطًّا وقُطُوْطا وقُطَّ السعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔ صفت قطٌّ وقاطٌّ وقاطِطٌ.
قَطَّ و قَطِطَ (س) قَطَطًا وقَطاطَةً الشعْرُ : بال چھوٹے اور گھنگریالے ہونا۔ صفت قَطٌّ و قَطِطٌ.
قَطَّط الخرَّاطُ الخشْبة: خرادی کا لکڑی کو تراشنا اور ہموار کرنا۔
اِقْتَطَّ وانْقَطَّ الشَّیْءُ: منقطع ہونا۔
قَطْ حسب کے معنی میں آتا ہے جیسے قطی وقَطْكَ وقَطْ زَیْدٍ دِرْهَمٌ بمعنی حسْبِی وحَسْبُكَ وحَسْبُ زَیْد دِرْهَمٌ. فرق یہ ہے کہ قط مبنی ہے اور حسب معرب۔ اور اسم فعل ہو کر بمعنی یکفی بھی مستعمل ہے۔ اس صورت میں نون وقایہ کے ساتھ بناء علی السکون کی حفاظت کیلئے قطنی کہا جاتا ہے۔ اگر تقلیل کا ارادہ ہو تو ساکن کردیتے ہیں۔ جیسے مَا عِنْدِی اِلَّا هذا قَطْ اور اگر ہمزۂ وصل کے ساتھ ملے تو آخر کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ جیسے مَا علمتُ الا هذا قط الدهر اور کبھی تحسین لفظ کیلئے اس کے شروع میں فا بھی داخل کرتے ہیں۔ جیسے "رأیته مرةً فقط" یعنی میں نے اس کو صرف ایک ہی مرتبہ دیکھا۔
قَطُّ. ظرف زمان ہے اور استغراق ماضی

کے لیے آتا ہے اور نفی کے ساتھ مختص ہے جیسے ما فعلتُ ھٰذا قَطُّ اور کبھی قَطُ اور قُطُ بھی کہا جاتا ہے۔

القِطُّ. بلی۔ ج قِطاط وقِطَطَة. قطُ الزَبَاد: دیکھیے لفظ الزباد. واحد قِطّة.

القِطُّ: حصّہ۔ رات کا ایک حصّہ۔ حساب کا رجسٹر۔ چک۔ چٹھی۔ ج قُطوط.

رَجُلٌ قَطٌّ وقطِطٌ. چھوٹے گھنگھریالے بال والا۔ ج قَطُّون وقِطاطٌ واقطاطٌ وقَطِطُون وامْرَاۃٌ قَطَّة وقَطِط گھنگھریالے بال والی عورت۔

قَطاط اسم فعل بمعنی حسب۔

القَطُوطَی. چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا۔

القِطاط. بالوں کا گھنگھریالا پن۔ سم کا گھیرا۔ پہاڑ کا کنارہ۔ نمونہ کہ جس کو دیکھ کر کوئی چیز قطع کریں ج اقطّة (والقَطِيطة) غار کا بالائی کنارہ ج قَطائط اور کہا جاتا ہے "جاءَتِ الخَيْلُ قَطائط" گھوڑے گروہ گروہ آئے۔

القَطّاط. اسم مبالغہ۔ خراد کرنے والا۔

سِعْر قاطٌ وقاطِطٌ ومَقْطُوطٌ. گراں بھاؤ۔

المِقَطّ والمِقَطّة. قط زن۔

المَقَطّ. گھوڑے کے پہلو کی ہڈی کے سرے کا منتہا۔

قَطَبَ (ض قَطْبًا الشیءَ: کاٹنا۔ جمع کرنا۔ الشرابَ: ملونی کرنا۔ الاناءَ: برتن بھرنا۔ الرَجلَ: غضبناک کرنا۔ الجوالقَ: گون کے دونوں گوشوں کو ملانا۔ القومُ: جمع ہونا۔

قَطَبَ (ض قَطْبًا وقُطُوبًا وقطّب الرَجلُ: ترش روئی کرنا۔ صفت قاطب و قَطوب الشرابَ: ملونی کرنا۔

اَقْطَبَ الشرابَ: ملونی کرنا۔ القومُ: جمع ہونا۔

القَطب والقِطب والقُطب والقطب ج اَقْطاب القُطْبَة ج قُطَب: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔

القُطْب. فرقدین اور جدی کے درمیان ایک ستارہ کا نام جس سے قبلہ کی تعیین کرتے ہیں۔ مدار کار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قُطْبُ ذٰلِكَ الامْر" و صاحبُ الجَيْش قُطْبُ رحی الحرب سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قُطْبُ بنی فُلان" ج اَقْطاب وقُطُوب وقِطَبَة عند الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ اور وہ دو ہیں قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

القَطْب. کسی چیز کو لینے کے بعد باقی کو اٹکل سے بغیر وزن کے لینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ قَطْبًا" اس نے اسے اٹکل سے بغیر وزن کے لے لیا۔

القُطْبَة. چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ ایک قسم کی گھاس۔ القُطْبَة عند الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ۔

القُطْبِیّ. ایک قسم کی گھاس جس سے رسّی بنائی جاتی ہے۔

اَلْقُطْبان. ایک قسم کی گھاس۔

القِطاب. ملونی۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔

القُطابة. گوشت کا ٹکڑا۔

القَطِيب والمَقْطُوب. ملایا ہوا۔

القَطِيب والقَطِيبة: اونٹنی اور بکری کا دودھ ملایا ہوا۔

القاطِب والقَطُوب. ترش رو۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "جاءُوا قاطبةً وبقَطِيبَتِهِم" یعنی سب آئے اور قاطبة حالیت کی بنا پر منصوب ہے۔

قَطَرَہٗ (ن قَطْرًا. سخت پچھاڑنا۔ قطر البعیرَ: اونٹ پر قطران ملنا۔ الثوبَ: کپڑے کو سینا۔ اور کہا جاتا ہے "ما اَدْرِی مَن قَطَرَہٗ او مَن قَطَرَ بِه" مجھے نہیں معلوم کہ اس کو کون لے گیا (اور یہ نفی کے ساتھ خاص ہے) (قصرا) الرجلُ: دانہ وغیرہ کو وزن سے لینا اور باقی کو اسی حساب سے اندازے سے بغیر وزن کے لینا (قُطُوْرًا) فی الارضِ: جانا (قَطْرًا وقُطُوْرًا وقَطَرانًا) الماءُ: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ الصمغُ مِنَ الشجرةِ: درخت سے گوند نکلنا۔

قَطَرَ (ن) قَطْرًا وقَطَّرَ واَقْطَرَ الابلَ: اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَرَ البعيرَ اِلَی البعیرِ" ایک اونٹ کو دوسرے اونٹ کے قریب کر دیا۔ قَطَّرَ واَقْطَرَ الماءَ: ایک ایک قطرہ ٹپکانا۔ قَطَّرَ الدواءَ: کشید کرنا۔ قَطَّرَ الثوبَ: کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔ اَقْطَرَ النبتُ: نباتات کی خشکی شروع ہونا۔ الشیءُ: ٹپکنے کا وقت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَہٗ فَاَقْطَرَہٗ" نیزہ مارا اور ایک جانب پر گرا دیا۔ واَقْطَرَ الماءُ: پانی کا بہنا۔

تَقَطَّرَ. عود کی دھونی دیا ہوا ہونا۔ الماءُ: پانی کا قطرہ قطرہ بہنا۔ الرَجلُ: اپنے آپ کو اوپر سے پھینک دینا۔ کر تقعّن کذا: پیچھے رہنا۔ بہ: ایک جانب گرا دینا۔

تَقاطَرَ. القومُ: گروہ در گروہ پے در پے آنا۔ الماءُ: پانی کا بہنا اور ایک ایک قطرہ گرنا وتقاطرا: کناروں کا مقابل ہونا۔

اِقْطَرَّ واقْطارَّ. خشک ہونے لگنا۔ الناقةُ: اونٹنی کا دُم اور سر اٹھانا۔ واقطارّ الرَجلُ: غضبناک ہونا۔

اِسْتَقْطَرَ الماءَ وغیرہ: ٹپکانا۔ کشید کرنا۔ بارش طلب کرنا۔

القَطْر. س. بارش۔ کسی بہنے والی چیز کا قطرہ ج قِطار.

القِطْر. تانبا۔ تانبے کی ایک قسم۔ پگھلا ہوا تانبا۔ ایک قسم کی چادر۔

القُطْر. اقلیم۔ گوشہ۔ جانب ج اَقْطار اَقْطارُ الدنیا: دنیا کی چاروں جہتیں۔ وقُطْرُ الدائرةِ فی الھندسةِ: وہ خط مستقیم جو دائرہ کو تقسیم کر دے اور مرکز سے گزر

کر محیط پر ختم ہو۔ و قُطر المُربّع والمُستطِیل والمُعیّن:اس خط مستقیم کو کہتے ہیں جو دو مقابل زوایئے کے اندر ہو۔

القُطر والقُطر.عود۔ اگر۔

القَطر.غلّے وغیرہ کو وزن سے لینا اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن کے انکل سے لینا۔

القَطْرَة. قَطر کا اسم مرۃ۔ نقطہ ج قَطَرات کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللهُ بِقَطرةٍ" اللہ اس پر معصیت نازل کرے۔

القُطْرَة والقُطَیْرَة. معمولی چیز۔ خسیس چیز۔

القَطِرَان والقِطْران والقَطِران. کولتار کی مانند ایک چیز جو بعض درختوں سے بنایا جاتا ہے۔

القُطار والقَطُور والمِقطار. بہت برسنے والا بادل۔ القُطار زہر جو کثرت کی وجہ سے ٹپکے۔

القُطارة.قطرہ۔ تھوڑا پانی۔

القِطار مِنَ الاِبِل:اُونٹوں کی قطار ج قُطُر وقُطُرات.ٹرین۔

القِطارَة.اُونٹوں کو ایک قطار میں ایک کے پیچھے ایک باندھنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِهِ قِطارَةُ جِمالٍ"اس کے اوپر اُونٹوں کی قطار گزری۔

القُطاریّ والقُطارِیَّة.سانپ۔

القاطِر.فا ٹپکنے والا گوند۔ دم الاخوین۔

القاطِرَة.قاطر کا مؤنث۔ انجن۔

المِقطَرُ والمِقْطَرَةُ. دھونی دینے کی ا ج مَقاطِر. المِقْطرة:قیدیوں کے پیر میں ڈالنے کی لکڑی۔

المُقاطَرَة.غلے وغیرہ کو وزن سے لینا۔ اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیۃ کو اسی حساب سے بلا وزن انکل سے لینا اور کہا جاتا ہے "اکْراهُ مُقاطرةً" یعنی آمدورفت کے لیے کرایہ کیا۔

المَقْطُور: قطران ملا ہوا۔ اَرْضٌ مَقْطُورَةٌ بارش شدہ زمین۔

قَطْرَبَ.جلدی کرنا ۂ پچھاڑنا۔

تَقَطْرَبَ.سر کو حرکت دینا۔

القُطْرُب.چور۔ چوہا۔ بال گرا ہوا بھیڑیا۔ بھوت۔ چھوٹے جن۔ ایک کیڑا جو ہر وقت حرکت کرتا رہتا ہے۔ جاہل۔ بزدل۔ سفیہ۔ پچھاڑا ہوا۔ مالی خولیا کی ایک قسم۔ چھوٹے کتے۔ ایک خار دار پودہ ہے کہ گزرنے والے سے اُلجھتا ہے۔

قَطْرَنَ البَعِیرَ.اُونٹ پر قطران ملنا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا ومَقْطَعًا وتِقِطّاعًا الشیَ.کاٹنا۔ جدا کرنا ۂ عَن حقِّهِ.منع کر دینا۔ قَطَعَ الصلوٰةَ.باطل کرنا فِی القَوْلِ.یقین کرنا الطَرِیْقَ عَلی السالِکِینَ.چلنے والوں کو راستے سے روکنا اور خوفناک بنانا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا وقُطُوْعًا النَهْرَ.نہر عبور کرنا ہ بالقَطِیْعِ او السَوْطِ.چھڑی یا کوڑے سے مارنا ہ بالحُجَّةِ.خاموش کر دینا۔ لاجواب کر دینا لِسانَہ.احسان کر کے زبان بندی کرنا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا وقَطِیْعَةً رَحِمَهُ.رشتہ داروں سے جدائی اختیار کرنا (قَطْعَةً) الصَدِیْقَ.دوست کو چھوڑ دینا۔

قَطَعَ(ف) قَطْعًا الحَوْضَ. حوض کو آدھے تک بھر کر پانی روک دینا فُلانٌ الحَبْلَ او بالحَبْلِ.اپنے آپ رسّی سے گلا گھونٹنا عُنُقَ دابتِهِ.بیچنا لَهُ قِطعةٌ مِنَ المالِ.مال کو دینے کیلئے اس کا ایک حصہ جدا کرنا (قَطِیعَةً) السیِّدُ علی عَبْدِهِ.مالک کا اپنے غلام پر ٹیکس مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَنِی الثَوْبُ"کپڑا میرے قد کیلئے کافی ہے۔

قَطَعَ(ف) قُطُوْعًا وقِطاعًا وقَطاعًا. ماءُ البِئْرِ.کنوئیں کا پانی ختم ہونا یا کم ہونا۔ قَطَعَتِ الطَیْرُ.پرندوں کا ٹھنڈے ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔ صفت قَواطِع.

قَطِعَ(ک) قَطاعَةً.کلام پر قادر نہ ہونا۔ لِسانُهُ.زبان کی تیزی کا جاتا رہنا۔

قَطِعَتْ(س) قَطَعًا .قَطْعًا وقَطْعَةً وقُطاعًا یَدُهُ.مرض کی وجہ سے یا کاٹنے سے جدا ہونا۔

قُطِعَ النَفَسُ.سانس کٹ جانا الرَجُلُ.عاجز ہونا یا ناامید ہونا بِهِ : آرزو پوری ہونے سے پہلے روکا جانا۔ صفت مَقْطُوْعٌ بِهِ.

قَطَّعَ الشیَ.ٹکڑے ٹکڑے کرنا الشِعْرَ.شعر کی تقطیع کرنا الخَمْرَ بالماءِ.شراب میں پانی ملانا الفَرَسُ الخَیْلَ.گھوڑے کا سبقت کرنا اللهُ عَلَیْهِ العَذابَ.گونا گوں عذاب دینا الفَرَسُ الجَرْیَ.نشاط کی وجہ سے قسم قسم کی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "قَطَّعَنِی الثَوْبُ"کپڑا میرے قد کیلئے کافی ہے و "هٰذا الثَوْبُ یُقطِّعُكَ قَمِیصًا"یہ کپڑا تمہارے کرتے کے لیے کافی ہے۔ کہا جاتا ہے "قُطِّعَ فِی بَطْنِهِ"اس کے پیٹ میں مروڑ ہوا۔

قاطَعَهُ مُقاطَعَةً.قطع تعلق کرنا۔ قاطَعَ الاَجِیْرَ عَلی کَذا وکَذا مِنَ الاَجْرِ والعَمَلِ.اُجرت پر کام طے کرنا فُلانٌ فُلانًا بِسَیْفَیْهِما.ایک دوسرے کو تلوار دکھلانا کہ کس کی تلوار عمدہ ہے وقاطَعُوْا لُحُوْمَهُم بالسَیْفِ .ایک دوسرے کے گوشت کو کاٹنا۔

اَقْطَعَ الرَجُلُ.لاجواب ہونا عَنْ اَهْلِهِ.اپنے اہل سے جدا ہونا ماءُ البِئْرِ.کنوئیں کا پانی ختم ہونا فُلانًا : نہر عبور کرانا ۂ الحَطَبَ.لکڑی کاٹنے کی اجازت دینا ۂ بالحُجَّةِ.دلیل سے خاموش کر دینا الاَمِیْرُ الجُنْدَ البَلَدَ.جاگیر دینا۔ اَقْطَعَكَ الشیُ.منقطع ہونا۔ اَقْطَعَتِ السَماءُ بِمَوضِعِ کَذا.بارش رُک جانا۔ اَقْطَعَ القَوْمُ.قوم سے بارش کا منقطع ہونا الدَجاجَةُ.مرغی کا انڈے دینے سے رکنا۔ کڑک ہونا اور کہا

جاتا ہے "اَقْطَعنِی الثَوبُ" کپڑا میرے قامت کے لیے کافی ہے۔

تَقَطَّعَ. کٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَقَطَّعَ الظِلُّ: سمٹنا۔ کم ہونا۔ تَقَطَّعُوْا اَمْرَھُمْ بَیْنَھُمْ: اپنے درمیان معاملہ میں تفریق کر لینا۔ کہا جاتا ہے تَقَطَّعَتْ عَلٰی ھٰذَا الْجَوادِ اَعْنَاقُ الخَیْلِ: یعنی اس گھوڑے سے گھوڑوں کی گردنیں نہیں ملیں۔

اِنْقَطَعَ. کٹنا۔ وقت ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ الحَرُّ والبَرْدُ" گرمی یا سردی ختم ہوگئی۔ اِنْقَطَعَ السَیْفُ: تلوار کا ٹوٹنا مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا الغَیْثُ: بارش کا رُکنا الکَلَامُ: کلام کا رُک جانا النَہرِ: نہر کا خشک ہونا یا روک دیا جانا اللَّبَنُ: دودھ میں پانی کا حصہ خشک ہو جانا لِسَانُہ زُبان کی تیزی کا جاتا رہنا اِلٰی فُلَانٍ: خاص تعلق رکھنا۔

اُنْقُطِعَ بالمُسَافِرِ: سواری کے جانور کا ہلاک ہونا یا زادِ راہ کا ختم ہونا۔ صفت مُنْقَطَعٌ بِہٖ۔

تَقَاطَعَا. ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنا۔ تَقَاطَعَ الشَّیْئُ: جدا جدا ہونا۔

اِقْتَطَعَ مَالَ فُلَانٍ: اپنے لیے لینا مِنَ المَالِ قِطْعَۃً: کچھ لینا مَا فِی الْاِنَاءِ: برتن کا سب کچھ پی لینا۔

اِسْتَقْطَعَہ بَلَدًا او ثَوْبًا: جاگیر دینے کو کہنا۔ کپڑا قطع کرنے کو کہنا۔

اِقْطَوْطَعَتِ الطَیْرُ: پرندوں کا سرد ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔

القَطْعُ. مص۔ کہا جاتا ہے "اَلْاَمْرُ وَاقِعٌ قَطْعًا" یعنی امر یقینًا واقع ہے۔ "وَاِنِّی اَقْطَعُ بِذٰلِکَ قَطْعًا" میں اس کا یقین رکھتا ہوں۔

القِطْعُ. درخت کا کاٹا ہوا ٹکڑا۔ نیزے کا چوڑا اور چھوٹا پھل ج اَقْطَاعٌ اَقْطُعٌ وقِطَاعٌ۔ سوار کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ایک قسم کا منقش کپڑا۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج قُطُوْعٌ واَقْطَاعٌ. کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قِطْعٌ او اَقْطَاعٌ" کٹا ہوا کپڑا۔

القُطْعُ. پیٹ کا درد اور مروڑ۔ سانس پھولنا (والقُطْعَۃ) گرمی کی وجہ سے کنوئیں کے پانی کا خشک ہونا۔

القُطْعُ فِی الفرسِ: گھوڑے کی بعض رگوں کا کٹنا۔

القُطْعُ والقُطْعَۃ. رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا۔

القَطِعُ. جس کی آواز بند ہو جائے۔

القِطْعَۃ. چیز کا حصہ۔ ج قِطَعٌ. والقِطْعَۃُ مِنَ الشِعْرِ: دس یا سات یا اس سے کم اشعار کی نظم۔

القُطْعَۃ. زمین کا ٹکڑا۔ جو کسی کو دینے کے لئے جدا کیا جائے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ سفید آٹا۔ سفید آٹے کی بھوسی۔ کتاب کی فصل۔ ج قُطَعٌ و قُطُعَاتٌ (والقَطَعَۃ) کاٹنے کی جگہ۔ کٹے ہوئے ہاتھ کا بقیہ۔ ج قَطَعٌ وقَطَعَاتٌ. قُطَعَاتُ الشَجَرِ وقُطُعَاتُھَا وقَطَعَاتُھا. درخت کی گرہ کے اطراف کہ جن کے کاٹ دینے کے بعد پھر دوبارہ نکلے۔

القِطَاعُ. کاٹنے کا آلہ۔ ج قِطَعَۃٌ (والقَطِیْعُ) رات کی پہلی تہائی۔ القِطَاعُ والقِطْعُ دراہم۔

القُطَاعَۃ. کاٹنے میں جو گرے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ لقمہ جس میں سے آدھا کھا لیا جائے اور آدھا رہنے دیا جائے۔

القِطَاعَۃ. فی اصطلاح عامۃِ النصاریٰ: گوشت اور بعض کھانے کی چیزوں سے بعض مخصوص دنوں میں پرہیز۔

القَطِیْعُ. بکریوں اور چوپایوں کا گلہ۔ ج قُطْعَانٌ و قِطَاعٌ واَقْطَاعٌ و جج اَقَاطِیْعُ چھڑ۔ جس سے تیر بنایا جائے۔ درخت یا ٹہنی سے جو کاٹا جائے۔ ج قُطْعَانٌ وقِطَاعٌ واَقْطِعَۃٌ واَقْطُعٌ واَقَاطِعُ وقُطُعٌ وقُطُعَاتٌ. نظیر۔ شبیہ۔ جیسے "ھُوَ قَطِیْعُہ" وہ خلقت اور قد میں اس کے مشابہ ہے ج قُطَعَاءُ واَقْطِعَاءُ. کہا جاتا ہے "ھُوَ قَطِیْعُ القِیَامِ" وہ بوجہ ضعف یا فربہی کے اُٹھنے سے عاجز ہے "وامْرَاَۃٌ قَطِیْعُ الکَلَامِ" کم سخن عورت۔ "رَجُلٌ قَطِیْعٌ" سانس پھولا ہوا مرد۔ مؤنث۔ قَطِیْعٌ اِمْرَاَۃٌ قَطِیْعٌ وقَطُوْعٌ کھڑے ہونے میں سست عورت۔ کہا جاتا ہے اِتَّقُوا القُطَیْعَاءَ قطع تعلقات سے بچو۔

القَطِیْعَۃ. جدائی۔ وظیفہ۔ قطع تعلقات۔ ٹیکس۔ جاگیر۔ ج قَطَائِعُ.

الاِقْطَاعَۃ. جاگیر۔ ج اِقْطَاعَاتٌ.

التَقْطِیْعُ. مص۔ پیٹ میں مروڑ۔ تَقْطِیْعُ الرَجُلِ: قدو قامت۔ ج تَقَاطِیْعُ.

الاُقْطُوْعَۃ. قطع تعلقات کی علامت جو ایک دوسرے کو بھیجے۔

القَاطِعُ. فا۔ روکنے والا۔ کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر کپڑا وغیرہ قطع کیا جائے۔ کہا جاتا ہے قُطِعَ الاَدِیْمُ عَلَی القَاطِعِ. لَبَنٌ قَاطِعٌ: کھٹا دودھ بُرْھَانٌ قَاطِعٌ: ایسی دلیل جو سارے شکوک و شبہات کا ازالہ کرنے والی ہو۔ سَیْفٌ قَاطِعٌ: شمشیرِ براں۔ قَاطِعُ الطَرِیْقِ: چور ڈاکو ج قُطَّعٌ وقُطَّاعٌ.

القَاطِعَۃ. قاطع کا مؤنث ج قَوَاطِعُ.

طَیْرٌ قَوَاطِعُ: جاڑے اور گرمی میں ایک جگہ نہ رہنے والے پرندے۔

القَطَّاعُ. اسم مبالغہ۔ القَطَّاعُ فِی اصطلاح البنائین: پتھر کاٹنے والا۔

القَطُوْعُ. بہت کاٹنے والا مِنَ النُوْقِ: اُونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔

الاَقْطَعُ. کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بہرا۔ مؤنث قَطْعَاءُ ج قُطْعٌ وقُطْعَانٌ. رَحْمٌ قَطْعَاءُ: قطع تعلقات۔

المَقْطَعُ. کاٹنے یا کٹنے کی جگہ ج مَقَاطِعُ. کہا جاتا ہے "شَرَابٌ لَذِیْذُ المَقْطَعِ" پینے

کی چیز جس کا آخر خوشگوار ہو "مقاطعُ الانْہار" نہروں میں جہاں گزر سکیں۔ "مَقاطعُ الکَلام" وقف کرنے کے مواقع

مَقطَعُ الحقِّ: جس سے باطل منقطع ہو جائے المَقْطَع: حرکت کرنے والا حرف۔ یا دو حرف جس میں دوسرا ساکن ہو۔

مَقطَعُ الحَرْفِ: حرف کا مخرج۔

المُقْطَع. جس کی حجت منقطع ہو گئی ہو۔ دلیل سے عاجز و خاموش۔

المُقْطَع. اجنبی۔ مسافر۔ عورتوں کی خواہش نہ رکھنے والا۔ وہ شخص جس کا نام دیوان وظائف میں نہ ہو یا وہ شخص جس کے ہمسروں کو ملے اور وہ محروم رہے۔

مُقْطَعُ النَھر: دریا کی پایاب جگہ۔

المِقْطَع. کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر چمڑا وغیرہ کاٹا جائے۔ سَیفٌ مِقْطَع: شمشیر براں۔

المِقطَاع. بھائی چارہ پر قائم نہ رہنے والا۔ بِئرٌ مِقْطاعٌ: کنواں جس کا پانی جلدی نیچے اُتر جائے مِقطَاعُ الکَلام: وہ شخص جو لوگوں کو لاجواب کر دینے کا عادی ہے۔

المَقْطَعة. کاٹنے کی جگہ۔ کاٹنے کا سبب کہا جاتا ہے "الھجرُ مقطعةٌ للوُدِّ" یعنی جدائی دوستی کے قطع کا سبب ہے۔

المُقطَعة والمُقطَعات. چھوٹے کپڑے اور یہ اسم جنس ہے اس کیلئے مفرد نہیں۔ بلکہ سارے چھوٹے چھوٹے کپڑوں کو مقطعات ومقطعةٌ کہتے ہیں و مُقطَعاتُ الشیٔ: کسی چیز کے وہ طریقے جن کی طرف اس کی تحلیل و ترکیب ہو۔

المُقطَعاتُ من الشعْر. چھوٹے اشعار یا رجز۔ مُقطَعُ الاسْحار ومُقطَعةُ الاسْحار ومُقطَعةُ القُلوْب: خرگوش۔

المُنقطع من الموادی و نحوہٗ: وادی کا آخری سرا۔

المُنقطع. فا۔ کہا جاتا ہے "مُنقطعُ القرین" وہ معدوم النظیر ہے "ھُو مُنقطعُ

العقاب فی الشر یعنی کوئی اس کا روکنے والا نہیں۔

المُتقطِّع. فا۔ پستہ قد۔ غرۃٌ متقطعۃ پیشانی کی سپیدی نتھنوں سے آگے بڑھ کر آنکھ تک پہنچنے والی۔

الْمُقطَعُون: عیسائیوں کے نزدیک وہ لوگ جو فوت ہو گئے اور ان کے لئے نماز جنازہ پڑھنے والا اور گناہوں کا کفارہ دینے والا نہ ہو۔

قَطفهٗ (ض) قطفًا وقطفا: خراش کرنا۔ چھیلنا۔

قطف وقطّف واقتطف الثمر پھل چننا۔ جمع کرنا الشیٔ: اُچک لینا۔ قطف مَعْسلتهٗ: شہد نکالنا۔ قتطف الکلام کلام کا خلاصہ کرنا۔

قَطف (ن ض) قطافا وقطوفا الفرس وغیرہٗ: گھوڑے کا آہستہ چلنا۔

اَقطفَ الکرمُ انگور توڑنے کے قابل ہونا الرجلُ: سست رفتار جانور کا مالک ہونا۔

القَطف. مص۔ خراش ج قطوف

القطف. اثر۔ نشان۔ ج قُطوف۔ ایک سبزی؛ ایک پہاڑی درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے۔ واحد قطفة

القطف. توڑا ہوا پھل۔ انگوروں کا خوشہ ج قطاف وقطوف۔

القطفة. ایک خار دار سبزی جس کا اندرونی حصہ سرخ اور پتے اس کے خاکستری ہوتے ہیں۔

القطاف والقطاف میوہ توڑنے کا موسم۔ قطاف بروزن قطام بمعنی لونڈی۔

الُقطافة. میوہ توڑنے کے وقت جو گر پڑے۔

القطُوف. من الدواب: سست رفتار جانور ج قُطف

القطیف والمقطوف. توڑا ہوا۔

القطیفة. چھور دار چادر ج قطف و

[illegible] ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے اور وہ چونکہ چھور کے مشابہ ہوتا ہے اس وجہ سے اس کو قطائف کہتے ہیں۔

[illegible] ایک قسم کی گھاس ہے جس کو [illegible] بھی کہتے ہیں۔

[illegible] ٹوکری جس میں پھل چنا جائے ج [illegible]

[illegible] پھل توڑنے کا آلہ۔ خوشہ کی جڑ ج [illegible]

[illegible] پستہ قد۔

[illegible] اولے برسانا۔ باریک بارش برسانا۔ [illegible] چکور کا آواز کرنا۔

[illegible] مرد کا معاملات میں خود سر ہونا [illegible] جانا۔ سفر کرنا۔

[illegible] ڈول کا کنوئیں میں اُترنا۔

[illegible] چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔

[illegible] اولہ یا چھوٹے قطرہ کی بارش۔

[illegible] تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے [illegible] یعنی گھوڑے گروہ گروہ آئے۔

[illegible] (ن ض) [illegible] کاٹنا [illegible] گردن پر مارنا۔ [illegible] پچھاڑنا یا ایک پہلو پر گرا دینا۔

[illegible] تنہ کا جڑ سے کٹنا۔

[illegible]

کٹا ہوا۔ کہا جاتا ہے [illegible] یعنی جڑ سے کٹا ہوا۔

[illegible] جھاڑن جس سے پانی وغیرہ صاف کیا جائے۔

[illegible] مع۔ پکا ہوا۔

[illegible] کاٹنے کا لوہا ج مقاطل

[illegible] ایک درخت ہے جس میں انگور کے مانند سبز دانے آتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو سرخ ہو جاتے ہیں اور میٹھے

ہوتے ہیں واحد قَطْلَبَةٌ.

قَطَمَ(ض) قَطْمًا دانت سے کاٹ کر چکھنا۔ قَطَم العُوْدَ دانت سے کاٹ کر سختی نرمی معلوم کرنا۔

الشَّيَ کاٹنا اللحَمَ وغَيْرَهٗ گوشت وغیرہ کا خواہش مند ہونا الصَقْرُ اِلَى اللحْمِ: شکرہ کا گوشت کا خواہش مند ہونا۔

قَطِمَ(س) قَطَمًا گوشت وغیرہ کا خواہش مند ہونا۔ صفت قَطِم.

قَطَمَ الشَارِبُ پینے والے کا چکھنا اور منہ بنانا۔

القَطَام شکرا۔ گوشت کا خواہش مند شکرا۔

القَطَامِّي والقُطَامِّي تیز نظر کا شکرا جو شکار کی طرف نظر اُٹھائے ہوئے ہو۔

القَطَامِّي والقُطَامِّي: تیز شراب۔ رَجُلٌ قَطَامِّيٌ معاملات میں خودسر مرد۔

القُطَامَة جو منہ سے کاٹا جائے پھر پھینک دیا جائے۔

القَطِم غضبناک۔

القَطِيْمَة دودھ جس کا مزہ متغیر ہوگیا ہو۔ ٹکڑا۔ غلّہ کا ایک لپ۔ کہا جاتا ہے شَئٌ مُزٌ المَقْطَم مزے کے لحاظ سے کھٹ مٹھی چیز۔

المِقْطَم چنگل ج مَقَاطِم.

المُقَطَّم مصر کے ایک پہاڑ کا نام۔

القِطْمِيْر والقِطْمَار کھجور کی گٹھلی کے شگاف کا باریک چھلکا یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک چھلکا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ قِطْمِيْرًا" یعنی میں نے اس سے کچھ نہیں پایا۔ القِطْمِيْر اصحاب کہف کے کتے کا نام۔ اور امام ابن کثیر مفسرح کے نزدیک قُطْمُوْر ہے۔

قَطَنَ(ن) قُطُوْنًا فِي المَكَانِ و بِهِ: اقامت کرنا۔ وطن بنانا۔ الرَجُلَ خدمت کرنا۔

قَطِنَ(س) قَطَنًا ظَهْرَهٗ پیٹھ کا جھکنا۔

صفت اَقْطَن.

قَطَّنَهٗ بالمَكَانِ: اقامت کرانا۔ قَطَّنَ الكَرْمُ انگور کی بیل کا شگوفہ دار ہونا۔

القَطَن بس۔ اقامت کی جگہ۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔ دونوں سرینوں کے درمیان۔ پشت انسانی کا پست اور ہموار حصّہ۔ ج اَقْطَان.

القُطْن والقُطُن روئی۔ ایک ٹکڑے کو قُطْنَةٌ کہتے ہیں اور قُطْن اسم جنس ہے اور کبھی اس کی جمع اَقْطَان آتی ہے۔

القِطْنَة والقَطِنَة اوجھ کا پرت دار حصّہ۔

القَطِنَة سرینوں کے درمیان کا گوشت۔

القِطَان ہودج کی لکڑی۔ ج قُطُنٌ.

القَطَانَة ہانڈی۔ دیگ۔

القُطْنِيَّة والقِطْنِيَّة دانے جو پکائے جائیں۔ جیسے مسور، چنا وغیرہ۔ ج قَطَانِّي. روئی کے بنے ہوئے کپڑے۔

القَاطِن فا۔ ج قُطَّان وقَاطِنَة وقَطِيْن.

القَطِيْن بمعنی قَاطِن۔ جمع قَاطِن۔ گھر کے لوگ۔ خادم۔ نوکر چاکر (واحد و جمع) یا ج قُطُن کہا جاتا ہے "هٰؤُلاءِ قَطِيْنُ فُلَانٍ" یعنی یہ لوگ فلاں کے نوکر چاکر ہیں۔ "قَطِيْنُ اللّٰه" اللہ کے حرم کے رہنے والے لوگ۔

القَطِيْنَة گھر کے رہنے والے۔

القَطَّان روئی کا بیچنے والا۔

قَاطِنَاتُ مَكَّةَ وقُطَّنُهَا مکّہ کے کبوتر۔

القِيْطَان ریشم وغیرہ سے جو رسّی کی مانند بنا جائے۔

المَقْطَنَة زمین جس میں روئی بوئی جائے۔

اليَقْطِيْن بیل والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ کدو کیلئے اکثر مستعمل ہے واحد يَقْطِيْنَة.

القَيْطُوْن بڑے کمرہ میں چھوٹا کمرہ۔

قَطَا يَقْطُوْ قَطْوًا بوجھل چال سے چلنا۔

القَطَا قَطَا کی آواز کرنا المَاشِي آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔

تَقَطَّى دیر کرنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے پیچھے پر سوار ہونا لِاَصْحَابِه: ساتھیوں کو فریب دینا بِوَجْهِهِ عَنْهُ: رُوگردانی کرنا؛ اعراض کرنا۔

اِقْطَوْطَى آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔

القَطَاط کبوتر کے برابر ایک پرندہ۔ ج قَطًا وقَطَوَات وقَطَيَات. القَطَاةُ مِنَ الدَابَةِ: چوتڑ۔ ردیف کے بیٹھنے کی جگہ۔ دونوں سرینوں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا فِي الْاَرْضِ يَقَطًا" زمین میں متفرق ہوگئے۔

القَطْوَان والقَطَوَان والقَطَوْطَى: آہستہ چلنے والا۔ القَطَوْطَى لمبی ٹانگوں والا۔

القَطِيًا ناریل کی چھال کی رسّی۔

قَعَّ(ن) قَعًّا بے باکی سے گفتگو کرنا۔

اَقَعَّ القَوْمُ: کھودنا اور کھاری پانی پر بھیڑ کرنا۔

القُعُّ والقُعَاع مِنَ المِيَاهِ: بہت زیادہ کھاری پانی کہ اس سے زیادہ کھاری پانی نہ ملے۔

قَعَّبَ الحَافِرُ: سم کا گنبد دار ہونا فُلَانٌ فِي الْكَلَامِ: حلق کے انتہائی حصّہ سے بولنا۔

القَاعِب بلبلانے والا بھیڑیا۔

القَعْب. بڑا پیالہ ج اَقْعُب وقِعَاب وقِعَبَة قَعْبُ الكَلَامِ کلام کی گہرائی۔

القُعْبَة پہاڑ کا گڑھا۔

القَعِيْب عدد کثیر۔

اَلْقِعْبِلُ : عود، اگر

اَلْقَعْبَل والقِعْبِل. سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ القَعْبَل دودھ دوہنے کا پیالہ۔ مرد درشت خو۔

قَعَثَ(ن) قَعْثًا وقَعْثَةً لَهٗ مِنَ الشَّئِ: لپ بھر دینا (وقَعَّثَ) الشَّئَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

اَقْعَثَ فِيْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا لَهٗ العَطِيَّةَ بہت دینا۔

اِقْتَعَثَ الحَافِرُ: کھودنے والے کا کنوئیں سے بہت مٹی نکالنالَهُ العَطِيَّةَ: بہت دینا۔
اِنْقَعَثَ. جڑ سے اُکھڑنا الحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے گرنا۔
القَعِيْث. آسان۔ موسلا دھار بارش۔ بڑا سیلاب۔
قَعَدَ (ن) قُعُوْدًا ومَقْعَدًا. کھڑے سے بیٹھنا (قُعُوْدًا) کھڑا ہونا۔ قَعَدَبه: بٹھانا۔
قَعَدَ عَنْ حَاجَتِهِ: پیچھے رہنا فُلَانٌ بِقِرْنِهِ: ہمسر ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ بِي عَنْكَ شُغْلٌ" مجھ کو تم سے کام کاج نے روک دیا لِلْحَرْبِ: جنگ آزما۔ لوگوں کو مہیا کرنا۔
قَعَدَتِ النَّخْلَةُ: دوسرے سال پھل دینا الفَسِيْلَةُ: پودے کا تنہ والا ہونا۔
المَرْأَةُ: عورت کے شوہر کا لاپتہ ہونا۔ اور صار اور طفق کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "قَعَد يَشْتِمُنِي" وہ مجھے گالی دینے لگا۔
قَعَّدَهُ. خدمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَّدَ اَبَاهُ" اس نے اپنے باپ کو بٹھا دیا۔ یعنی اس کی کمائی اس کے باپ کے لیے بھی کافی ہے۔ قَعَّدَه عَنْ كَذَا: روک دینا۔
اَقْعَدَه. بٹھانا۔ اَقْعَدَهُ عَنِ الْاَمْرِ: روک دینا اَقْعَدَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا الرَّجُلَ: کھڑا کرنا۔ خدمت کرنا اَبَاهُ : کمائی کی مشقت کے لیے کافی ہونا البِئْرَ: کنواں بیٹھنے کے لائق کھودنا اور پانی تک نہ پہنچنا۔ اُقْعِدَ: قُعَاد کی بیماری والا ہونا (قُعَاد ایک بیماری ہے جس میں آدمی چلنے پھرنے سے معذور رہتا ہے)
تَقَعَّدَ. توقف کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کام کا انتظام کرنا تَقَعَّدَ عَنِ الْاَمْرِ: طلب کرنے کو چھوڑنا۔
مُقَاعَدَهُ مُقَاعَدَة. دوسرے کے ساتھ بیٹھنا۔
تَقَاعَدَ بِه فُلَانٌ: حق ادانہ کرنا۔
اِقْتَعَدَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو سواری بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِقْتَعَدَكَ عَنْهُ" کس چیز نے تم کو اس سے روکا۔
القَعَد. وہ لوگ جو شریک جنگ نہ ہوں۔ فوجی لوگ جن کی تنخواہ مقرر نہ ہو۔ خوارج۔
القَعْدَة قَعَد کا اسم مرۃ۔ انسان کے لیے سواری؛ غالیچہ (والقِعْدَة) اتنی جگہ جو بیٹھنے میں گھرے۔ القِعْدَة: بیٹھنے کی ہیئت۔ بِئْرٌ قِعْدَةٌ: انسان کے بیٹھنے کی مقدار کا گڑھا۔
ذُوْ القَعْدَة و ذُوْالقِعْدَة: قمری مہینوں میں سے گیارہواں مہینہ۔
القُعْدَة. بیٹھنے کی چیز۔ گدھا مِنَ الاِبِلِ: چرواہے کے لیے ہر حاجت میں سواری کا اُونٹ ج قُعْدَات.
القُعَدَةُ. سواری۔ غالیچہ۔
القُعَدَة. بہت بیٹھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُعَدَةٌ ضُجَعَةٌ" وہ بہت بیٹھنے والا لیٹنے والا ہے۔ یعنی بہت کاہل ہے۔
الإِقْعَاد والقُعَاد. ایک بیماری ہے جس کو یہ لاحق ہوتی ہے وہ چلنے پھرنے سے معذور ہوتا ہے۔
القِعَاد. بیوی۔
القَاعِد. ج قُعُوْد. غلّے سے بھرے ہوئے گون۔ عورت جس کے لڑکا اور شوہر کوئی نہ ہو۔
القَاعِدَة. قَاعِد کا مؤنث۔ قَاعِدَةُ التِّمْثَال: وہ بلند چبوترہ وغیرہ جس پر مجسمہ نصب کیا جائے والقَاعِدَةُ مِنَ البَيْتِ: بنیاد مِنَ الهَوْدَجِ: ہودہ کی لکڑی مِنَ البِلَادِ: بڑا شہر ج قواعد۔ والقَاعِدَةُ فِي الاِصْطِلَاحِ: اصل کلی جو سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
القُعْدِيُّ والقُعْدِيَّة والقِعْدِيَّة بہت بیٹھنے والا۔ القُعْدِيّ: عاجز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُعْدِيٌّ ضُجْعِيٌّ" بہت بیٹھنے اور لیٹنے والا مرد۔
القَعُوْد والقَعُوْدَة مِنَ الاِبِلِ: چرواہے کا ہر حاجت میں سواری کا اُونٹ۔ القَعُوْد: اُونٹ کا بچہ۔ جوان اُونٹ۔ ج اَقْعِدَةُ وقُعُدو قِعْدَان و قَعَائد.
القَعِيْد. (واحد جمع مذکر مونث) ہم نشین۔ نگہبان۔ ٹڈی کہ ابھی اس کے پر اچھی طرح سے نہ نکلے ہوں۔ پرندہ یا ہرن جو تمہارے پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لی جائے (اور یہ نطیح کے خلاف ہے)
قَعِيْدَ اَكُلِّ اَمْرٍ: دائیں بائیں کے محافظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَعِيْدُ النَّسَبِ" فلاں قریب النسب ہے۔
القُعَيِّد. قعود کی تصغیر۔ اور اسی سے مثل ہے "اِتَّخَذُوْهُ قُعَيِّدَ الحَاجَاتِ" جب کہ کسی شخص سے ساری ضرورتوں میں کام لیں۔
الاَقْعَدُ النَّسَبِ: مورث اعلی سے قریب النسب۔
القَعِيْدَة. عورت۔ بیٹھنے کی چیز۔ بورا۔ ج قَعَائد.
المَقْعَد. بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَقَاعِد.
المَقْعَدَة. بیٹھنے کی جگہ۔ شخص کا نچلا حصہ۔ پاخانہ کرنے کا برتن۔
المُقْعَد. قُعَاد کی بیماری والا۔ اپاہج۔ اُبھری ہوئی پستان۔ گدھ کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُقْعَدُ الْاَنْفِ" یعنی اس کے نتھنے کشادہ ہیں و "فُلَانٌ مُقْعَدُ الحَسَبِ" فلاں شریف نہیں ہے۔
المُقْعَدَة. مُقعد کا مؤنث۔ کنواں کھودا جائے اور بغیر پانی نکلے ہوئے چھوڑ دیا جائے۔
المُقْعَدَات. مینڈکیں۔ قطا کے بچے اُٹھنے سے پہلے۔
القُعْدُد والقُعْدَد والقُعْدُوْد مورث اعلی سے قریب النسب۔ مورث اعلی سے بعید النسب (ضد) القُعْدُد: بزدل۔ کمینہ۔ مکارم اخلاق سے باز رہنے والا۔ گمنام۔

رَجُلٌ قُعْدُوْدَة. بزدل۔
قَعَرَه (ف) قَعْرًا. پچھاڑنا۔ قَعَر الشَجرةَ: درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا الإنَاءَ: برتن سے سب کچھ پی لینا البِئْر: کنوئیں کی گہرائی میں اُترنا۔ گہرا کرنا۔ قَعَرتِ الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔
قَعُر (ک) قَعَارَةً المَاءُ: پانی بہت گہرائی میں ہونا۔
قَعَّرَ البِئْر: کنوئیں کو گہرا کرنا فِيْ كَلَامِهِ: حلق سے بولنا الرَّجُلُ: چیخنا الشَّئَ: گہرا بنانا۔ وقَعَّرتِ الشَاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔
اَقْعَر البِئْر: کنوئیں کو گہرا کرنا النَجْمُ: ستارے کا برتن کے پیندے میں ظاہر ہونا۔
تَقَعَّر. گہرا ہونا۔ پچھڑنا۔ منقلب ہونا فِيْ كَلَامِهِ: حلق سے بولنا الشَّئُ: گہرا ہونا۔
اِنْقَعَر. اُکھڑنا۔ مرنا۔
القَعْر. س مِنْ كُلِّ شَئٍ: گہرائی۔ القَعْر: بڑا پیالہ۔ پست زمین۔ عقل کامل۔ قَعْرُ الفَمِ: منھ کا اندرونی حصہ ج قُعُوْر. اور کہا گیا ہے "مَا فِي هٰذَا القَعْرِ مِثْلُهٗ" یعنی اس شہر میں اس جیسا کوئی نہیں۔ و جَلَسَ فُلَانٌ فِي قَعْرِبَيْتِهِ" کنایہ ہے ہمیشہ گھر میں رہنے سے۔
القَعْرَة والقُعْرَة. جو چیز پیالہ کے گڑھے کو چھپا لے۔ القُعْرَة: پست زمین۔ کہا جاتا ہے اِنَاءٌ قَعْرَان ومِقْعَار زیادہ گہرا پیالہ وقَصْعَةٌ قَعْرِي: پیالہ جس میں کوئی چیز ہو جو اس کے گڑھے کو چھپا لے۔ وقَدَحٌ قَعْرَان: گہرا پیالہ۔
القَعُوْر والقَعِيْر. زیادہ گہرا۔
القَيْعَر والقَيْعَار والمِقْعَار. حلق سے بولنے والا۔ قَعْبٌ مِقْعَار: زیادہ گہرا بڑا پیالہ۔
المُقَعَّر. گہرا۔ المَقَعَّرمِنَ الخُطُوْطِ: دھنسی ہوئی لکیریں۔

القَعُوْر. گہرا کنواں۔
قَعْبَرَط قَعْرِطَةً. اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ ڈھانا۔
قَعَزَ (ف) قَعْزًا. الإنَاءَ: برتن کو بھرنا مَا فِي الْإنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی جانا۔
قَعِسَ (س) قَعَسًا واقْعَنْسَسَ. سینہ نکلنا اور پیٹھ دھنسنا۔ صفت قَعِس ج قُعْسَان واَقْعَس مؤنث قَعْسَاء ج قُعْسٌ.
قَعَسَ (ن) قَعْسًا. سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا الشَّئَ: موڑنا۔
قَعَسَ (ض) قَعْسًا. بتکلف سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا۔
اَقْعَسَ. توانگر ہونا۔
تَقَاعَسَ. سینہ نکالنا عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا فُلَانٌ: سینہ نکالنے والے کے مشابہ ہونا الفَرَسُ وغَيْرَهٗ: ہانکنے والے کے تابع نہ ہونا العِزُّ: عزت کا پائیدار ہونا۔
القُعَاس. ایک بیماری جس سے بکریاں بہت مرتی ہیں۔
الاَقْعَس. بلند۔ عِزٌّ اَقْعَس: عزت ثابت۔ مؤنث قَعْسَاء ج قُعْسٌ وعِزَّةٌ قَعْسَاءِ: عزت۔ پائیدار۔ لَيْلٌ اَقْعَسُ: لمبی رات۔ بَعِيْرٌ اَقْعَسُ: سر پیٹھ گردن جھکا ہوا اُونٹ۔ فَرَسٌ اَقْعَسُ: پست پیٹھ کا گھوڑا۔
المُقْعَنْسِس. فا۔ سخت۔ ج مَقَاعِس و مَقَاعِيْس.
تَقَعْوَسَ الشَيْخ: بہت بوڑھا ہونا البَيْتُ: گرنا الرَّجُلُ: پیچھے ہٹنا اور آگے نہ بڑھنا۔
القَعْوَس. بہت بوڑھا۔ مضبوط پیٹھ والا۔
قَعْسَبَ قَعْسَبَةً: خوف کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
القُعَاسِب. بلند قامت۔
قَعْسَرَ قَعْسَرَةً. مضبوطی سے پکڑنا۔
قَعْسَر عَلَيْهِ: قوی ہونا الشَّئُ: سخت ہونا۔
القَعْسَرِيّ. مضبوط اُونٹ۔ چکی کا ہتھا (Handel) عِزٌّ قَعْسَرِيٌّ: عزت قدیم۔ اصلی عزت۔

قَعَشَ (ف) قَعْشًا. الحَائِطَ: دیوار گرانا؛ ڈھانا الشَّئَ: جمع کرنا۔
اِنْقَعَشَ. گرنا القَوْمُ: جانا۔
القَعْش. س۔ ہودہ کی مانند عورتوں کی سواری ج قُعُوْش.
قَعَصَهٗ (ف) قَعْصًا واقْتَعَصَهٗ. جگہ پر قتل کرنا۔ جگہ پر مار ڈالنا۔
قُعِصَتِ الشَاةُ. قُعَاص کی بیماری ہونا۔ (دیکھو قعاص) دودھ دوہنے میں مارنے والی ہونا۔
اِنْقَعَصَ. جگہ ہی پر مرنا الشَّئُ: مڑنا۔
القُعَاص. ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے۔
القَعْص. س۔ فی الفور موت۔ منہدم شدہ مکان۔
القَعَاص والمِقْعَص والمِقْعَاص. شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے۔
القَعُوْص. بکری جو دوہنے والے کو مارے اور دوہنے نہ دے۔
قَعَضَ (ن) قَعْضًا الغُصْنَ: شاخ کو موڑنا۔
اِنْقَعَضَ. جھکنا۔
القَعْض. س۔ جھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "عُوْدٌ قَعْضٌ" جھکی ہوئی لکڑی۔ یہ وصف بالمصدر ہے۔
قَعْضَبَ قَعْضَبَةً. جڑ سے اُکھیڑنا۔
القَعْضَب. بہت دلیر۔ قوی۔ القَعْضَبَة: سختی۔
قَعَطَ (ف) قَعْطًا. بہت چیخنا۔ بزدل ہونا۔ خشک ہونا فُلَانًا: دھکا دینا۔ پچھاڑنا۔ الشَّئَ: ضبط کرنا عَنْ وَجْهِهٖ: چہرہ کھولنا۔ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (واقْتَعَط) العِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا۔ قَعَطَ وقَعَّطَ الدَابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ صفت قَعَّاط وقَعَط وقَعَّطَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار پر سختی کرنا۔ تقاضا کرنے میں سختی کرنا۔ وقَعَّطَ فِي القَوْلِ: بیہودہ بکنا۔

قَعِطَ(س) قَعَطًا. ذلیل ہونا۔
اَقْعَطَ. سخت چیخنا فِی الْقَوْلِ: بیہودہ بکنا۔
اَقْعَطَهٗ: اہانت کرنا۔ ذلیل کرنا اَلْقَوْمُ عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا فِیْ اَثَرِهٖ: پیچھے دوڑنا۔
تَقَعَّطَ وانْقَعَطَ السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا۔
القَاعِط. فا۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔
القَعَّاط والمُقَعِّط. سخت قسم کا گھنڈی۔
القَعْط. س۔ بہت بکریاں۔
المِقْعَط والمِقْعَطَة. عمامہ۔ پگڑی جو سر کے اوپر باندھی جائے۔
قَعْطَبَ. الشَّیْءَ: کاٹنا۔
قَعْطَرَهٗ. پچھاڑنا۔ مضبوط باندھنا۔ قَعْطَرَ. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
اِقْعَطَرَّ. سانس منقطع ہونا۔
قَعْطَلَةً. پچھاڑنا۔ قَعْطَلَ عَلٰی غَرِیْمِهٖ: قرض دار سے قرض کے مطالبہ میں سختی کرنا۔
القَعْطَل. تیز۔ جلدباز۔
قَعَفَ(ف) قَعْفًا. التُّرَابَ: تیز دوڑنے کی وجہ سے غبار اُڑانا النَّخْلَةَ: درخت خرما کو جڑ سے اُکھیڑنا مَا فِی الْإِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی لینا المَطَرُ الحِجَارَةَ: بارش کا پتھر کو بہالے جانا۔
قَعِفَ(س) قَعْفًا الحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔
تَقَعَّفَ وانْقَعَفَ واقْتَعَفَ الحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے منہدم ہونا الجُرف: وادی کے کناروں کا گرنا الشَّیْءُ: اپنی جگہ سے زائل ہونا۔ واقْتَعَفَ الشَّیْءَ: جڑ سے لینا۔
القَعَف. س۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو سلسلہ وار ہوں۔
القَاعِف فا۔ سخت بارش۔
سَیْلٌ قُعَافٌ. سخت سیلاب جو تمام چیزوں کو بہالے جائے۔
قَعْفَزَ الرَّجُلُ: اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح بیٹھنا فِی الْمَشْیِ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا لَهُ الْكَلَامَ: کسی کو سخت کلامی سے اپنے آپ سے ہٹانا۔
تَقَعْفَزَ. الرَّجُلُ: بیٹھنا۔
اِقْعَنْفَزَ. اُس شخص کی بیٹھک بیٹھنا جو کودنے کو تیار ہو۔
اَلْقَعْنَزَیٰ. اس شخص کی بیٹھک جو کودنے کو تیار ہو۔
قَعْقَبَ قَعْقَبَةً. زخم کرنا۔
القَعْقَبَة. زخم۔
القَعْقَب. ایک قسم کا پرندہ جو سانپوں کو کھاتا ہے۔
قَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ: کوچ کرنا الشَّیْءَ الیَابِسَ: آواز کے ساتھ حرکت دینا القِدَاحَ: تیروں کو جوئے میں گھمانا فِی الأَرْضِ: جانا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ مَا یُقَعْقَعُ لَهُ بِالشِّنَانِ" اس شخص کے متعلق جو حوادثات زمانہ سے خائف نہ ہو اور بیباک رہے۔
تَقَعْقَعَ مضطرب ہونا۔ متحرک ہونا۔ حرکت کے وقت آواز دینا۔ تَقَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ: وہ کوچ کر گئے۔
القَعْقَاع. ہتھیار کی جھنکار۔ خشک کھجور۔ لرزہ کے ساتھ بخار۔ دشوار گزار راستہ (والقُعْقَانی) وہ شخص جس کے چلنے میں پیر کے جوڑوں سے آواز نکلے۔
القَعَاقِع. بادل کے گرج کی لگاتار سخت آواز اور یہ قَعْقَعَة کی جمع ہے۔ القَعْقَعَة دانتوں کی کڑکڑاہٹ۔
اَقْعَلَّ واقْعَالَّ اِقْعِلَالًا. النَّوْرُ: شگوفہ نکلنا۔ اِقْعَالَّ الرَّاکِبُ: سوار کا سیدھا ہونا۔
اِقْتَعَلَ. القُعَالَ: شگوفہ کو دُور کرنا۔
القُعَالَةُ واحد قُعَال: شگوفہ جو جھڑ جائے۔
اُونٹ کا گرا ہوا خون۔
قَعَمَ(ن) قَعْمًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
قَعِمَ(س) قَعَمًا واُقْعِمَ الرَّجُلُ: بیمار ہو کر فوراً مرنا۔ اَقْعَمَتِ الحَیَّةُ: ڈسنا اور فوراً مار ڈالنا۔
الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔
القَعْم. س۔ بلی کی آواز۔
القَعَم. ناک میں جھکاؤ۔
قُعْمَةُ. المَالِ: عمدہ مال۔
القَیْعَم. بلی۔ بوڑھا اُونٹ۔
قَعِنَ(س) قَعَنًا الأَنْفُ: ناک کا چپٹا ہونا۔ بانسہ بلند ہونا۔ صفت اَقْعَن. مؤنث قَعْنَاء ج قُعْنٌ اور تصغیر قُعَیْن.
القَعْن. آٹا گوندھنے کا بڑا برتن۔
قَعِيَ یَقْعَی قَعًا بانسہ کا بلند ہونا پھر جھکنا۔ صفت اَقْعَی مؤنث قَعْوَاء.
اَقْعَی الکَلْبُ: کتے کا چوتڑ پر بیٹھنا اَنْفَهٗ: ناک بلند بانسہ والی ہونا فَرَسَهٗ: گھوڑے کو پچھلے پاؤں لوٹانا۔
قَعَا یَقْعُوْ قَعْوًا وقُعُوًّا الفَحْلَ والطَّائِرُ: جفتی کرنا۔
اِقْتَعَی. جفتی کرنا۔
القَعْو. س۔ لکڑی یا لوہے کا دھرا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ القَعْوَان: دو لکڑیاں یا لوہے کہ جس میں چرخی کا دھرا ہوتا ہے ج قُعِيٌّ.
القَعْوَة. ران کی جڑ۔ ج قُعًی.
قَفَّ(ن) قُفُوْفًا العُشْبُ او الشَّجَرُ: گھاس یا درخت کا خشک ہونا۔ قَفَّتِ الأَرْضُ: خشک پیداوار والی ہونا الشَّعْرُ: رونگٹے کھڑا ہونا الشَّیْءُ: سمٹنا۔ سکڑنا الثَّوْبُ: کپڑے کا دھونے کے بعد خشک ہونا الصَّیْرَ فِیُّ: صراف کا دو اُنگلیوں کے درمیان دراہم کو چرانا۔
اَقَفَّ. خشک چراگاہ پانا۔ اَقَفَّتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُکنا العَیْنُ: آنسو خشک ہونا۔
اِسْتَقَفَّ. سمٹنا۔ سکڑنا۔
القَفَّ والقَفِیْف خشک سبزی۔
القَفُّ. پستہ قد۔ چیز کا بیرونی حصہ۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ کلہاڑی کے مانند ایک

چیز۔ بلند زمین۔ چٹانی زمین سلسلہ وار کہ جس کے درمیان نرم زمین نہ ہو۔ پہاڑ کے مانند سیاہ بادل۔ قُفُّ البئر: کنوئیں کے اردگرد کا چبوترہ مِنَ النّاسِ: مختلف قسم کے لوگ ج قِفَاف و اَقْفَاف۔
القُفَّة۔ خشک درخت۔ خشک کدو۔ کلہاڑی کی مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ کھجور کی پتیوں کی ٹوکری۔ ج قُفَف۔
القُفَّة و القَفَّة۔ مِنَ الرِجَال: پستہ قد۔ کمزور۔ القُفَّة: خرگوش۔ القُفَّة و القَفَّة و القِفَّة بخار کی وجہ سے کپکپی۔
القِفَّة۔ اسم نوع۔ نوزائیدہ بچے کا پہلا پاخانہ۔
القَفَّاف۔ صراف جو درہم کو انگلیوں کے درمیان چرالے۔
القَفَّان۔ امانت دار۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ عَلٰی قَفَّانِ ذٰلِكَ" میں اس کے پاس اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ "و هٰذَا قَفَّانُه" یہ اُس کا وقت ہے۔
القُفَّان: جماعت۔
قَفِئَ (س) قَفأً المكانُ: بارش یا مٹی پڑ جانے کی وجہ سے تباہ شدہ پودوں والی ہونا۔
اِقْتَفأَ الخَرْزَ: توشہ دان وغیرہ کی سلائی دوبارہ کرنا۔
قَفْشَلَ الشَّیْئَ: جلدی سے لے جانا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَفَحَه (ف) قَفْحًا۔ ناپسند کرنا اور چھوڑ دینا۔
الشَّیْئَ: دوا کی طرح پھانکنا۔ قَفَحَ عَنِ الشَّیْئِ: باز رہنا۔
القِفْیَحَة۔ مکھن جس پر بکری کا دودھ دوہا جائے۔
قَفَخَهٗ (ف) قَفْخًا وقِفَاخًا۔ مارنا۔ کھوکھلی یا خشک چیز یا سر پر ہی مارنے کے لئے مستعمل ہے۔
القُفِیْخَة۔ ایک قسم کا کھانا جو چربی اور کھجور سے بنایا جاتا ہے۔
القَفْخَة۔ گائے جو جفتی کی خواہش مند ہو۔

القُفَاخ۔ متناسب الاعضاء پُر گوشت عورت۔
القُفَاخِرِی: نازک بدن پُر گوشت۔
قَفَدَ (ض) قَفْدًا۔ کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما زِلْتُ اَقْفِدُلَكَ مُذِ اليَوْمِ" میں آج کے دن تمہارے لئے کام کر تا رہا: گدی پر تھپڑ مارنا۔ بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھنا۔
قَفِدَ (س) قَفَدًا۔ ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا۔
الاَقْفَد۔ ڈھیلی یا موٹی گردن والا۔ پنجوں کے بل چلنے والا۔ موٹے ہاتھ پیر چھوٹی انگلیوں والا۔ مؤنث قَفْدَاءُ ج قُفْد۔ کہا جاتا ہے "اَعْتَمَّ القَفْدَاء و القَفَدَ" بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھی۔
القَفَدَان و القَفَدَانَة۔ سرمہ دانی کا غلاف۔ چمڑے کی تھیلی جس میں خوشبو رکھتے ہیں (دخیل)
قَفَرَ (ن) قَفْرًا وتَقَفَّرَ واقْتَفَرَ الاَثَرَ: پیچھے جانا: تلاش کرنا۔ اِقْتَفَرَ العَظْمَ: ہڈی چچوڑنا۔
قَفِرَ (س) قَفَرًا۔ مَالُهٗ: کم ہونا۔ صفت قَفِرُ الثمالِ الطَعَامُ: کھانا بغیر سالن کے ہونا۔
قَفَرَ التُرَابَ ونَحوَهٗ: مٹی وغیرہ جمع کرنا۔
اَقْفَرَ۔ بیابان بے آب وگیاہ کی طرف جانا۔
المَکَانُ: گھاس پانی اور آدمی سے خالی ہونا۔
الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهٖ: اکیلا ہونا۔ رَاسُهٗ مِنَ الشَّعْرِ سر کا بال سے خالی ہونا۔ بھوکا ہونا۔ بے کھانا ہونا۔ بے سالن ہونا۔ بے سالن کے روٹی کھانا۔ البَلَدَ: شہر کو خالی پانا۔ العَظْمَ: ہڈی چچوڑ کے صاف کر دینا۔
القَفْرُ۔ گھاس پانی آدمی سے خالی زمین۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَفْر واَرْضٌ قِفَار" بے آب وگیاہ چٹیل میدان۔ "نَزَلْنَا بِبَنِیْ فُلَانٍ فَبِتْنَا القَفْرَ" یعنی ہم بنو فلاں میں اُترے اور انہوں نے ہماری مہمانداری نہیں کی "و بَاتَ فُلَانٌ القَفْرَ والوَحْشَ" یعنی فلاں کی مہمانداری نہیں کی گئی۔ القَفْر: بیل جو کھیتی

کرنے کے لئے ماں سے جدا کر لیا جائے۔
القَفَر۔ مس۔ بال۔
القَفِر۔ کم بال والا۔ بھیڑیا۔
خُبْزٌ قَفْرٌ و قَفَارٌ۔ بے سالن کی روٹی۔
القَفِیْر۔ شہد کا چھتہ۔ ٹوکری۔ بے سالن کی روٹی ج قُفْرَان۔
القَافُوْرُ والقَفُّوْرُ والقَفُّوْرَةُ۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مِقْفَار" خالی زمین۔
قَفَزَ (ض) قَفْزًا وقَفَزَانًا ووِ زًا وقُفُوْزًا مرنا الغَزَالُ: ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔
قَفِزَ (س) قَفَزًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں گھٹنے تک سفیدی ہونا۔
قَفَّزَهٗ۔ کودانا۔
تَقَفَّزَ بالحِنَاءِ: مہندی سے نقش ونگار کرنا۔
تَقَافَزَ القَوْمُ: باہم کودنا۔
القَفَزَی۔ اُچھل۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَتِ الخَیْلُ القَفَزَیٰ" یعنی گھوڑے کود کود کر دوڑے۔
القَافِزَة۔ قافز کا مؤنث۔ تیز رفتار گھوڑا۔ مینڈک۔ ج قَوَافِز۔
القَفِیْز۔ ایک پیمانہ کا نام مِنَ الاَرْضِ: ایک سو چوالیس شرعی گز۔ ج اَقْفِزَة وقُفْزَان۔
الاَقْفَز والمُقَفَّز مِنَ الخَیْلِ: اگلی ٹانگ میں گھٹنے تک سفید گھوڑا۔
القُفَّاز۔ عورتوں کے ہاتھ پیروں کا زیور۔ دستانہ۔ عوام کُفُوف کہتے ہیں۔ ج قَفَافِیْز۔
القَفَّاز۔ بہت کودنے والا۔
القُفَّیْزَی۔ بچوں کا ایک کھیل کہ لکڑی گاڑ کر اس پر کودتے ہیں۔
قَفَسَ (ن ض) قَفْسًا وقُفُوْسًا۔ مرنا الشَّیْئَ: غصہ سے زبردستی پکڑنا فُلَانًا: بال پکڑنا اور نیچے گھسیٹنا (قفسا) الظَّبْیَ: ہرن کی ٹانگوں کو باندھ دینا (قُفَاسًا) جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
قَفِسَ (س) قَفَسًا۔ بانسہ کے کنارے کا بڑا

ہونا۔

تَقَفَّسَ. الظَّبْيُ: ہرن کا چھلانگ مارنا۔

تَقَافَسَ الرَّجُلَانِ بِشُعُوْرِهِمَا: ایک دوسرے کے بال پکڑنا۔

القَافِسَة. قَافِس کا مؤنث: کمینے لوگ۔

قَفَاس. مبنی علی الکسر: کمینی لونڈی۔

الاَقْفَس. باندی بچہ۔ ہر وہ چیز جو لمبی اور جھکی ہوئی ہو۔ عَبْدٌ اَقْفَس: کمینہ غلام۔

القَفْسَاء. اَلقَفَس کا مؤنث۔ کمینی لونڈی۔ معدہ یا پیٹ۔

قَفَشَ (ض) قَفْشًا. الطَّعَامَ: بہت حرص سے کھانا الشَّيْءَ: لینا اور جمع کرنا۔ ہٗ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو تیز دوہنا مَا فِي الضَّرْعِ: دوہ کر جلد ختم کر دینا المَرْاَةَ: بہت جماع کرنا (قَفْشًا وقُفُوْشًا) مرنا۔

اِنْقَفَشَ واقْتَفَشَ واقْفَنْشَشَ العَنْكَبُوْتُ ونَحْوُهٗ: مکڑی وغیرہ کا سمٹ کر بیٹھنا۔

القَفْش. مں نشاط۔ چھوٹا چرمی موزہ۔

القَفَش. چور (القَفْشَلِيْل) کف گیر۔

قَفَصَ (ض) قَفْصًا الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا الشَّيْءَ: قریب قریب رکھنا الرَّجُلَ: تکلیف دینا اليَعْسُوْبَ: دھاگے سے باندھ کر چھتے میں رکھنا الطَّائِرَ: پنجرے میں بند کرنا۔

قَفِصَ (س) قَفَصًا. ہلکا پھلکا ہونا۔ سردی سے سن ہونا الفَرَسُ: پورے دوڑ سے نہ دوڑنا۔ صفت قَفِص.

قَفَّصَ. الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا۔

تَقَفَّصَ. اکٹھا ہونا۔

تَقَافَصَ. مختلط ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

اَقْفَصَ. الرَّجُلُ: پنجرے والا ہونا۔

القَفَص. پنجرا۔ القَفَص: غلہ وغیرہ رکھنے کا برتن ج اَقْفَاص (القَفَص والقُفَص) مختلط۔

القَافِصَة. قافص کا مؤنث ج قَوَافِص کمینے لوگ۔

القُفَاص. پہاڑی بکرا۔ ایک بیماری ہے جو جانوروں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں خشک ہو جاتی ہیں۔

المُقَفَّص. مع۔ ثَوْبٌ مُقَفَّصٌ: پنجرے کی طرح منقش کپڑا۔

القُفْصُل. شیر۔

بَخِيْر: بدلہ دینا۔

قَفَعَهٗ (ف) قَفْعًا بالمِقْفَعَة: تچی سے مارنا۔ ہٗ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔

قَفِعَتْ (س) قَفَعًا وتَقَفَّعَتْ الاُذُنُ: کان کا سکڑنا۔ ایسے کان کو قَفْعَاء اور ایسے کان والے کو اَقْفَع کہتے ہیں الرِّجْلُ: اُنگلیوں کا قدم کی جانب مڑا ہوا ہونا الشَّاةُ: چھوٹی دُم والی ہونا۔ تَقَفَّعَ الشَّيْءُ: سمٹنا۔

قَفَّعَ الشَّيْءَ: برتن میں رکھنا البَرْدُ اَصَابِعَهٗ: سردی کا اُنگلیوں کو خشک کر دینا۔ سکڑا ہوا کر دینا۔

اِنْقَفَعَ. النَّبَاتُ: نباتات کا خشک اور سخت ہونا عَنْهُ: باز رہنا۔

القَفْع مں ایک جنگی آلہ ہے جس کو حصار کے موقع پر استعمال کرتے تھے اور اس کے اندر داخل ہو کر قلعہ کی دیوار تک پہنچ کر سوراخ کرتے تھے۔ واحد قَفْعَة.

القَفَع. مں۔ تنگی۔ تھکن۔

القَفْعَة. نیچے سے کشادہ اور تنگ منہ کی ٹوکری ج قِفَاع وقَفَعَات.

القَفَعَة. ٹڈی دل۔

القُفَاع والقُفَّاع. ایک بیماری جو بکریوں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔

القَفَّاع. اسم مبالغہ۔

القُفَّاعَة. ایک قسم کا پھندا جو درخت خرما کی شاخ سے بناتے ہیں اور اس سے پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔

الاَقْفَع. سکڑے ہوئے کان والا۔ سکڑی ہوئی اُنگلیوں والا۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ چھوٹی دُم والا۔

القَفْعَاء. اَقْفَع کا مؤنث ج قُفْع. ایک قسم کی گھاس جس میں انگوٹھی کے مانند حلقے ہوتے ہیں مگر دونوں کنارے ملے ہوئے نہیں ہوتے۔ شَاةٌ قَفْعَاء: چھوٹی دُم والی بکری۔

المُقَفَّع. ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ رَجُلٌ مُقَفَّعُ اليَدَيْنِ: سکڑے ہوئے ہاتھوں والا مرد۔

المِقْفَعَة. ہاتھ یا اُنگلی پر مارنے کی چھڑی۔

قَفْقَفَ قَفْقَفَةً وتَقَفْقَفَ. سردی وغیرہ سے کانپنا النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔

قَفْقَفَا الطَّائِرِ: پرندے کے دونوں بازو۔

قَفْقَفَا البَعِيْرِ: اُونٹ کے دونوں جبڑے۔

قَفَلَ (ن ض) قَفْلًا وقُفُوْلًا. سفر سے لوٹنا فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا الاَمِيْرُ الجُنْدَ: امیر کا فوج کو لوٹانا الشَّيْءَ: اندازہ کرنا (قَفْلًا) الطَّعَامَ: گرانی میں بیچنے کیلئے جمع کرنا۔

قَفَلَ (ض) قُفُوْلًا الفَرَسُ: لاغر ہونا۔ صفت قَافِل الفَحْل: جفتی کیلئے ہیجان میں ہونا۔

قَفَلَ (ن) قُفُوْلًا وقَفِلَ (س) قَفَلًا. الجِلْدُ: کھال کا خشک ہونا۔

قَفَّلَ الجِلْدُ: کھال کا خشک ہونا الاَبْوَابَ: دروازے بند کرنا۔ تالا لگانا۔

اَقْفَلَ البَابَ وعَلَى البَابِ: دروازہ پر تالا لگانا البَابَ: دروازہ بند کرنا القَوْمَ: پیچھے سے دیکھتے رہنا۔ اَقْفَلَهُم عَنْ مَبْعَثِهِمْ لوٹانا الجِلْدَ: کھال کو خشک کرنا المَالَ: ایک ہی مرتبہ میں سب مال دینا۔

القَوْمَ عَلَى الاَمْرِ: جمع کرنا الجَيْشَ: فوج کو لوٹانا۔

تَقَفَّلَ وانْقَفَلَ واقْتَفَلَ البَابُ: دروازہ بند ہونا۔ تَقَفَّلَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

اِنْقَفَلَ الغُزَاةُ: غازیوں کا واپس ہونا۔ لوٹنا۔ الرَّجُلُ: جس کام میں ہوا سے کر گزرنا۔

اِسْتَقْفَلَ البَابُ: دروازہ بند کرنا الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقْفَلَتْ يَدَاهُ فَهُوَ مُسْتَقْفِلٌ"، یعنی وہ بخیل ہے۔

القُفْل. س (والقُفْلَة و القَفْلَة) سوکھا ہوا درخت۔
القَفْلَة. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ ایک ہی مرتبہ میں دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اَلْفًا قَفْلَةً" اس نے تم کو ایک ہزار ایک ہی مرتبہ دے دیا۔
القُفْل. تالا۔ ج اَقْفَال و اَقْفُل و قُفُوْل.
القَفَل. س۔ اسم جمع بمعنی قافلہ۔
القُفَلَة. ہر سنی ہوئی چیز کو یاد کر لینے والا۔
القَافِل. فا۔ خشک کھال یا ہاتھ والا۔ لوٹنے والا۔ ج قَافِلَة و قُفَّال.
القَافِلَة. قَافِل کا مؤنث۔ کارواں۔ سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے کہ ان پر بھی تفاولا قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے ج قَوَافِل خَيْلٌ قَوَافِل: دبلے گھوڑے۔
القَفِيْل. خشک درخت۔ کوڑا۔ تنگ گھاٹی۔
جِلْدٌ قَفِيْلٌ: خشک کھال۔
القَفَال. اسم مبالغہ۔
القِيْفَال. ہاتھ میں ایک رگ کا نام جس کی فصد لی جاتی ہے۔
رَجُلٌ مُقْفَلُ اليَدَيْنِ ومُتَقَفِّلُهُمَا و مُقْتَفِلُهُمَا. بخیل کنجوس آدمی کہ جس کے ہاتھوں سے کسی کو کچھ خیر پہنچے ہی نہیں۔
قَفْلَطَهُ قَفْلَطَةً. مِنْ يَدِهٖ: اُچک لینا۔
قَفَنَ (ن) قَفْنًا. گدی پر مارنا۔ لاٹھی یا کوڑے سے مارنا الكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا (واَقْفَنَ واِقْتَفَنَ) الشَّاةَ: بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔ جھٹکا کرنا۔ صفت مفعولی قَفِيْنَة.
قَفَنَ (ض) قُفُوْنًا. مرنا۔
قَفَنَ رَاسَهٗ: سر کاٹ دینا۔
القَفْن. س۔ موت۔ مقاتلہ۔
القَفَن والقَفَنَّ. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی
القَفَن: کوڑا۔
القِفَنَّ. مرد سخت بدزبان۔
القَفَّان. امین۔ تولنے کا ایک پیمانہ۔ قَفَّانُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی جماعت۔ انجام کار۔ شَاةٌ قَفِيْنٌ: ذبح کردہ بکری۔
قَفَا يَقْفُوْ قَفْوًا وقُفُوًّا. الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ صریحاً تہمت لگانا اَثَرَهٗ: پیروی کرنا۔ اللّٰه اَثَرَهٗ: مٹانا۔ محو کرنا (واَقْفَى واِقْتَفَى) الرَّجُلَ بِاَمْرٍ: متعین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ اَقْفَى كَذَا عَلَى كَذَا: فضیلت دینا۔ اِقْتَفَاهُ: اتباع کرنا۔ واِقْتَفَى الشَّيْءَ: اختیار کرنا۔ اِقْتَفَى بِفُلَانٍ: کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔
قَفَّى تَقْفِيَةً. آنا فُلَانًا زَيْدًا وبِزَيْدٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَيْتُ عَلَى اَثَرِهٖ بِفُلَانٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشانِ قدم پر چلایا۔ قَفَّى عَلَيْهِ: لے جانا۔
تَقَفَّى الرَّجُلَ: پیچھا کرنا الاَكَمَةَ: ٹیلے پر چڑھنا الشَّيْءَ: چننا بِفُلَانٍ: اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (واسْتَقْفَى) فُلَانًا بِالعَصَا: پیچھے سے آ کر سر پر لاٹھی مارنا۔
تَقَافَى الرَّجُلَ: جھوٹی تہمت لگانا۔
القَوْمُ: ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔
القَفَا والقَفَاء. سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ واَقْفِيَة واَقْفَاء وقُفِيٌّ وقِفِيٌّ وقَفُوْنَ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ قَفَا الدَّهْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔
القَفْوَة. غبار جو بارش کی ابتدا میں اُٹھتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَفْوَتِي وقَفْوَتِي" وہ میرا برگزیدہ ہے "وبِئْسَ القَفْوَةُ قَفْوَتُكَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔
القِفْوَة. تہمت۔ بُری بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔
القَفَاوَة. مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔
القُفْيَة. شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔
القِفْيَة. عیب۔
القَفِيُّ. نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ متہم بھائی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَفِيُّهُم و قَفِيَّتُهُم" وہ ان کا قائم مقام ہے۔
القَفِيَّة. فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشہ۔ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے شَاةٌ قَفِيَّةٌ: سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ قَفِيَّةَ الدَّهْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔
القَافِيَة. گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ. قَافِيَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ عَلَى قَافِيَةِ الشَّيْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔
الكَلَامُ المُقَفَّى. وہ کلام جس میں سجع و قافیہ ہو۔
التَّقْفِيَة. س عِنْدَ الشُّعَرَاء: اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔
المُقَفَّى مِنَ الغَنَمِ: گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔
رَجُلٌ مُقَفًّى و مُقَفًّى بِهٖ: چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔
قَفَى يَقْفِي قَفْيًا الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔
القَاقُلَّة. الائچی۔
القَاقُلِّي. ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔
القَوْقَل. نر چکور۔
القَاقُم والقَاقُوْم. ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کا رنگ گرمی میں سرخ سیاہی مائل اور جاڑے میں بہت سفید ہوتا ہے۔
قَلَّ (ض) قِلًّا وقُلًّا وقِلَّةً کم ہونا الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا الجِسْمُ: بدن کا دبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَقِلُّ عَنْ كَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ وقَلَّ الشَّيْءُ: بلند ہونا اور کبھی

قُلَّ کے ساتھ ماکافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتُكَ" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (قَلًّا) الشَّیْءَ: اُٹھانا قَلَّهٗ عَنِ الْاَرْضِ: بلند کرنا۔

قَلَّلَ الشَّیْءَ: کم کرنا الشَّیْءَ فِی عَیْنِ فُلَانٍ: ہیچ دکھلانا۔

اَقَلَّ الشَّیْءَ: کم کرنا الرَّجُلُ: کم لانا۔ کم مال والا ہونا۔ محتاج ہونا الشَّیْءَ: بلند کرنا۔ اُٹھانا۔

اَقَلَّتْهُ الرِّعْدَةُ: کپکپی لگنا۔

قَالَّ لَهُ الْعَطَاءَ: تھوڑا دینا۔

تَقَالَّ الشَّیْءَ: کم گننا۔ تَقَالَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔

تَقَلَّلَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔

اِسْتَقَلَّ الشَّیْءَ: اُٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا الطَّائِرُ فِی طَيَرَانِهٖ: پرندہ کا اُڑان میں بلند ہونا القَوْمُ: کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْهُ الرِّعْدَةُ: کپکپانا بِرَأْيِهٖ: رائے میں متفرد ہونا بِكَذَا: اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا فُلَانٌ غَضَبًا: ناراضی کی وجہ سے اُٹھ جانا بِالْاَمْرِ: طاقت رکھنا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔

اَلْاِسْتِقْلَالُ: کسی ملک کا آزاد ہونا۔

القِلُّ. چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

القِلُّ والقُلُّ. کم من الشَّیْءِ: کمتر۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "هُوَ قُلُّ ابْنُ قُلٍّ" وہ غیر معروف ہے "قُلُّ رَجُلٍ او اَقَلُّ رَجُلٍ لا يَقُوْلُ ذٰلِكَ اِلَّا زَيْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

القَلَّة. مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

القُلَّة. سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑا گھڑ۔ چھوٹا کوزہ قُلَّةُ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَل وقِلَال۔

قِلَالَةُ الجَبَلِ: پہاڑی کی چوٹی۔

القِلَّة. کمی۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔ کپکپی۔ ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِيْلُ القِلَّةِ" یعنی لمبے قد کا مرد اَخَذَهٗ بِقَلِّيَّتِهٖ وبِقِلِّيْلَتِهٖ وبِاَقْلِيْلَاهُ وبِقَلْبِلَاهُ اس نے سب لے لیا و "رَحَلُوْا بِقَلِّيَّتِهِمْ" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔ واَكَلَ الضَّبَّ بِقَلِّيَّتِهٖ" یعنی گوہ کو کھال وہڈی سمیت کھا گیا۔

القِلِّيَّة. عمارت۔ مشابہ معبد نصاریٰ۔

القَلِيْل. کم۔ لاغر۔ ج قَلِيْلُوْن واَقِلَّاء وقُلُل وقُلُلُوْن مؤنث قَلِيْلَة ج قَلِيْلَات وقَلَائِل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلِيْلُ الْخَيْرِ" مرد کم خیر و "قَلِيْلٌ مِنَ الرِّجَالِ يَقُوْلُ ذٰلِكَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْهُ قَلِيْلَةً ولا كَثِيْرَةً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔ تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

القَلَال والقُلَال. کم۔ ج قُلُل۔ القَلَال زمین سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کیلئے تھونی۔

القُلُل مِنَ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

الاَقَلّ. کمتر (والمُقِلّ) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔

القُلِّی. پستہ قد لڑکی۔

قَوْمٌ اَقِلَّة. خسیس درجہ کے لوگ۔

المُقَلَّل. مِنَ السُّيُوْفِ: جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

المُسْتَقِلّ. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهٖ" وہ خود مختار ہے۔

قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّیْءَ: پلٹ دینا۔ اوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا القَوْمَ: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ المُعَلِّمُ الصِّبْيَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا المَجْنُوْنُ عَيْنَهٗ: غضبناک ہونا۔ قَلَبَتِ البُسْرَةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ قَلَبَ الاَرْضَ لِلزِّرَاعَةِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَهٗ (ن ض) قَلْبًا. دِل پر مارنا۔ قَلَبَ النَّخْلَةَ: گودا نکالنا اللّٰهُ فُلَانًا اِلَيْهِ: موت دینا۔

قَلِبَ (س) قَلَبًا. اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت اَقْلَب۔ قَلِبَتِ الشَّفَةُ: اُلٹا ہونا۔ صفت قَلْبَاء۔

قُلِبَ البَعِيْرُ: اونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَهٗ. بمعنی قَلَبَهٗ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ" وہ نادم ہونے لگا "و قَلَّبَ الاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَّیْءَ: اُلٹ دینا اللّٰهُ اِلَيْهِ: موت دینا۔ اَقْلَبَ العِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا الخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا القَوْمُ: دِل کی بیماری میں مبتلا شدہ اونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ. پلٹنا عَلٰی فِرَاشِهٖ: کروٹیں لینا۔ فِی الاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعْمَائِهٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف □ کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ. اُلٹا جانا۔ اوندھانا۔ واپس ہونا۔

القَلْب. م۔ دِل۔ عقل۔ قَلْبُ الجَيْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ قَلْبُ كُلِّ شَیْءٍ: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ قَلْبُ العَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج قُلُوْب اَفْعَالُ القُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"

القُلْب والقَلْب والقِلْب مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلَاب وقُلُوْب وقِلَبَة: القُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔

القُلْبَة. سرخی۔

القُلَاب. وہ بیماری جس سے بیمار بھونے پر

تڑپے۔

القُلَاب. دِل کی بیماری۔

القَالِبُ. فا۔ سرخ رنگ کی کچی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللبْنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (و القَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوَالِب.

القُلَّبُ. پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِيٌّ وقُلَّبِيٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔

القَلُوْب. بہت اُلٹنے پلٹنے والا (و القِلَاب) بھیڑیا۔

القَلِيْب. کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پُرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلْب و قُلُب و اَقْلِبَة.

القَلُّوْب والقِلَّوْب والقِلِّيْب. بھیڑیا۔ شیر۔

المِقْلَبُ. کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔

المُنْقَلَبُ. مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ اِمْرَئٍ يَصِيْرُ اِلٰى مُنْقَلَبِه"

المَقْلُوْبَة. مع کان۔

قَلِتَ (س) قَلَتًا. ہلاک ہونا۔

اَقْلَتَهٗ. ہلاک کرنا۔ اَقْلَتَتِ المَرْاَةُ و كُلُ اُنْثٰى بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلَت ہے۔

القَلَت: خوف۔ اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔

القَلْت. چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج قِلَات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِى قَلْتِ خَاصِرَتِه" اِس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهٗ فِى قَلْتَىْ تَرْقُوْتَيْه" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قَلْت کہتے ہیں۔

و رَجُلٌ قَلْتٌ و قَلِتٌ. کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔

القَلْتَة. دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔

اَلْمَقْلَتَة. ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔

المِقْلَات. وہ عورت جس کا بچّہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچّہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِيْت.

قَلِح (س) قَلَحًا. زرد دانتوں والا ہونا۔

قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِح و اَقْلَح صفت مؤنث قَلِحَةٌ و قَلْحَاء. ج قُلْح.

قَلَحَهٗ. دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔

تقَلَّحَ. میلے کپڑے والا ہونا۔ تَقَلَّح البِلَاد: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔

القَلْح. بڈھا گدھا۔

القَلْح و القُلَاح. زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔

القِلْح. میلا کپڑا۔

اَلْقَلْحُوْمِن: توت کی تر شاخ۔

الاَقْلَح. زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔

رَجُلٌ اَقْلَح: تجربہ کیا ہوا۔

المُقَلَّح. تجربہ کیا ہوا۔

القَلْحَزَة. پستہ قد کی چال۔ اِلْقِلْحَزّ: موٹا متکبر۔

القِلْحَاس. مرد بد صورت۔ بد قوارہ۔

اِقْلَحَمَّ. الرَجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔

القِلْحَمّ. متکبر۔ بوڑھا۔

شَيْخ قِلْحَامَة. بہت بوڑھا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِيْخًا الشَجَرَةَ: درخت اُکھاڑنا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِيْخًا وقُلَاخًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

قَلَخَهٗ. بِالسَوْطِ. کوڑا مارنا۔ قَلَّخَ النَبتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

القَلْخ. مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (و القُلَاخ) بڑے سر والا۔

قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا الحَدِيْدَةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا۔ الرَجُلُ السَيْفَ: تلوار کو حمائل کرنا۔ المَاءُ فِى الحَوْضِ او الشَرَابَ فِى البَطْنِ: جمع کرنا۔ الزَرْعَ: کھیتی سیراب کرنا الشَيَّ: موڑنا۔ الحُمّٰى فُلَانًا: بخار ہر روز آنا۔

قَلَّدَهٗ. السَيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ القَلَادَةَ: ہار پہنانا۔ العَمَلَ: کام سپرد کرنا الدَيْنَ: قرض سونپ دینا۔ قَلَّدَ البَعِيْر: اُونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔ فُلَانًا القَضَاء فِى بَلَدٍ كَذَا: قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَه" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا "قَلَّدَهٗ فِى كَذَا" اِس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔

اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَيْهِم: غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔

تَقَلَّدَتِ المَرْاَةُ القَلَادَةَ: عورت کا ہار پہننا۔ تَقَلَّدَ الاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا۔ السَيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔

اِقْتَلَدَ المَاءَ: پانی کا چلو لینا۔

اِقْلَوَّدَ النُعَاسُ فُلَانًا: نیند کا غالب آنا۔

القَلْد. مص پیچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَاد وقُلُوْد.

القِلْد. بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصّہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَمَاءُ قِلْدًا فِى كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلَاد کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُه قِلْد اَمْرِى" میں نے اپنے معاملہ کو در و بست اس کے سپرد کر دیا۔

القِلْدَة. گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔

القَلْدَة. دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

القِلَاد والاِقْلِيْد. انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔

القِلَادَة. ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِد و قِلَاد. چھ

ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ
الشِعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کیے جائیں
اور محفوظ رکھے جائیں۔
اَلْقَلَادَةُ: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت پودہ
جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال کیا جاتا
ہے۔
اَلْقَلُوْد. بہت پانی والا کنواں۔
القَلِیْد والمَقْلُوْد. بٹا ہوا۔
القِلْیَد والمِقْلاد. خزانہ۔
التَقْلِیْد. س۔ ج تَقَالِیْد و تَقْلِیْدَات
التَقَالِیْد عِنْدَ النَصَارٰی: نصرانیوں کی سینہ
بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس
فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے
جاری ہوتا ہے۔
الاِقْلِیْد ج اَقَالِیْد. المِقْلَد ج مَقَالِد.
والمِقْلاد. ج مَقَالِیْد: کنجی۔ کہا جاتا ہے
"ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِیْدُ" اُس کے اوپر
اُس کے معاملات تنگ ہوگئے "واَلْقٰی اِلَیْهِ
مَقَالِیْدَ الْاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے
سونپ دیئے المِقْلَد: برتن۔ توبرہ۔ پیانہ۔
ٹیڑھے سر کی چھڑی۔
المُقَلَّد. مع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا
گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ
ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِعْرِ: اشعار جو
نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے
جائیں۔
القَلَذ. ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے
اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔
قَلَزَہٗ (ن ض) قَلْزًا. مارنا. قَلَزَ الاَرْضَ
بعَصَاہ: کریدنا بِسَهْمِهٖ: تیر پھینکنا بِقَیْئِهٖ:
اُلٹی کرنا الرَجُلُ: پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔
لنگڑانا ہ الماءَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔
(قَلَزَ واَقْلَزَ) الجَرَادُ: انڈے دینے کے
لئے دُم کو زمین پر مارنا۔
تَقَلَّزَ. چست ہونا الوَعْلُ: پہاڑی بکری کا
دوڑنا۔
اِقْتَلَزَ الکَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

اَلْقُلْزَ. مِنَ الرِجَالِ: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔
القِلِزّ والقُلُزّ. سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ
نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة و قُلُزَّة.
قَلْزَم و تَقَلْزَمَ الشَیٔ: نگلنا۔ تَقَلْزَمَ
الرَجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔
القِلْزِم. کمینہ۔
القُلْزُم. مصر اور مکہ کے درمیان ایک شہر کا
نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔
القُلْزَمَة. س۔ کمینہ پن۔ شور۔
قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا. کھانا یا پانی کا
پیٹ سے مُنہ تک آنا۔ بہت شراب پینا نَفْسُهٗ.
جی متلانا الکَاسُ بالشَرَابِ: چھلک پڑنا
الاِنَاءُ: بہہ پڑنا النَحْلُ العَسَلَ: شہد بنانا
السَحَابَةُ بالنَدٰی: جھلا پڑنا الرَجُلُ: گانے
میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔
قَلَّسَ. دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا القَوْمُ: گا
بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا
لَهٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا
الرَجُلَ: ٹوپی پہنانا۔
تَقَلَّسَ. ٹوپی پہنانا۔
القَلْس. س۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج
قُلُوْس واَقْلَاس. القَلْس. بدہضمی کی وجہ
سے کھانا پانی جو مُنہ تک آئے۔ قے۔ قَلْس
البَحْرِ: بادل۔
القَالِس. وہ شخص جس کے مُنہ تک بدہضمی
کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔
القَلَّاس. اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ
قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
القَلِیْس. شہد۔ شہد کی مکھی۔
قَلْسَی الرَجُلَ. ٹوپی پہنانا۔
تَقَلْسٰی تَقَلْسِیًا. ٹوپی پہننا۔
الاَنْقَلِیْس والاِنْقَلِیْس. ایک قسم کی مچھلی
جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔
القَلَاش. چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔
القَلَاشَة. کوتاہی۔ چھوٹا پن۔
القَلَّاش والاَقْلَش. حیلہ گر (دخیل)
قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا. الرَجُلُ: کودنا

القَوْمُ: اکٹھا ہو کر چلنا القَوْمُ عَنِ الدَارِ: ہلکا
پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔
المَاءُ: پانی کا ختم ہونا البِئْرُ: اوپر تک چڑھنا
الظِلُّ عَنْ کَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت
قَالِص الثَوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا
الغُلَامُ: جوان ہونا الشَفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو
سکڑنا۔
قَلَصَت (ض) قُلُوْصًا و قَلِصَت (س)
قَلَصًا نَفْسُهٗ: جی متلانا۔
قَلَّصَ قَمِیْصَهٗ فَقَلَّصَ هُوَ: سمیٹنا۔ سمٹنا۔
لازم و متعدی۔ قَلَّصَت الدِرْعُ: زرہ کا
چست ہونا النَاقَةُ بِرَاکِبِهَا: اُونٹنی کا سوار کو
لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا القَوْمُ: اُونٹنیوں
پر سوار ہونا۔
اَقْلَصَ البَعِیْرُ: کوہان کا کچھ ظاہر ہونا النَاقَةُ:
گرمی میں موٹی ہونا۔
تَقَلَّصَ. اکٹھا ہونا۔ سکڑنا۔ قریب قریب
ہونا۔
القَلَصَة. پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر
ختم ہو جائے۔ ج قَلَص و قَلَصَات. اور کہا
جاتا ہے "مَا وَجَدتُ فِی البِئْرِ اِلَّا قَلَصَة
مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں مَیں نے صرف تھوڑا
سا پانی پایا۔
القَلُوْص مِنَ الاِبِلِ: لمبی ٹانگوں والی
اُونٹنی۔ جوان اُونٹنی یا چلتی ہوئی اُونٹنی۔ اُونٹنی
جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج
قَلَائِص وقِلَاص وقُلُص وقُلْصَان.
القَلُوْص: مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔
شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں
گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔
القَلِیْص. بہت مِنَ المِیَاهِ: ختم ہونے والا
پانی۔
القَلَّاص مِنَ المِیَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔
اُونٹنی کو دوہنے والا۔
المِقْلَاص: اُونٹنی کو دوہنے والا مِنَ النُوْقِ:
گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اُونٹنی۔
فَرَسٌ مُقَلِّصٌ: لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلَطَ (ن) قَلْطًا. بدصورت ہونا۔
القَلَط. جن کے بچے۔ شیطان کے بچے۔
القَلَطّی و القِيلِيْط. مرد خبیث؛ سرکش (و القُلاط) بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔
اَلقُلِيْطُ: میل اور گندگی جمع ہونے کی جگہ۔
اَلقُلَيْطَةُ: تیتر کی ایک قسم۔
القَلِيْط. خصیہ میں سوجن۔
القَيلَط و القِيلِيْط. خصیہ میں سوجن والا۔
القَلْطَبان. بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔ بھڑوا۔
قَلَعَ (ف) قَلْعًا و قَلَّعَ واقْتَلَعَ الشَّیَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔ قَلَعَ الوَ إِلَى فُلَانًا: معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَّیَ: چھیننا۔
قَلِعَ (س) قَلَعًا و قَلَعَةَ الرَاكِبُ: سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا الرَجُلُ: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا المُصَارِعُ: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔
قُلِعَ قَلْعًا. الرَجُلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔
اَقْلَعَ عَنْ كَذَا: باز رہنا اور چھوڑنا المَلَاحُ السَفِيْنَةَ: بادبان اُٹھانا اَصْحَابُ السَفِيْنَةِ: روانہ ہونا الشَّیَ: روشن ہونا الاَمِيْرُ: قلعہ بنانا الحُمّٰی عَنْ فُلَانٍ: بخار کا اُتر جانا۔ قرآنِ مجید میں ہے "يَا سَمَاءُ اقلِعِیْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔
قَالَعَا مُقَالَعَةً. ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔
تَقَلَّعَ وانقَلَعَ واقْتَلَعَ. جڑ سے اُکھڑنا۔
تَقَلَّعَ فِی مَشْیِہٖ: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔
القَلَع. س۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُع وقُلُوْع. قَلَعُ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُه فِی قَلَعٍ و قِلْعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاہ" میں نے اس کو بخار اُتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِیٌّ وقَلَعِیٌّ"
القِلْع. بادبان۔ ج قُلُوْع وقِلَاع.
القِلْع. بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔
القُلَع. چلنے میں قوی مرد۔
القَلَع. س۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو مِنَ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔
القَلِع. جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ و شَیْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔
القَلْعَة. قلعہ. ج قِلَاع و قُلُوْع.
القَلَعَة: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔
القِلْعَة. قَلَعَ کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَع.
القُلْعَة. کھرنڈ والا؛ کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے؛ ہمیشہ نہ رہنے والا مال؛ منگنی کا مال؛ درخت سے جو اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "و مَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةٍ وقَلْعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔
القَلَعَة. بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَع. چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلَاع وَ قَلَع.
القُلَعَة. کھرنڈ والا۔
القُلَاع. جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو مُنہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلَاعَة القُلَاع: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلَاعُ الاُذنِ: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلَاعَة: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ بِقُلَاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔
القِلَاعَة. کشتی و جہاز کا بادبان۔
القَلَّاع. وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔
القَلُوْع. بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلُع.
اِقْلَاعُ الحُمّٰی ومُقْلَعُها. بخار کا اُترنا۔
المَقْلَع. پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع.
المِقْلَاع. گوپھن۔ ج مَقَالِيْع.
اِقْلَعَدَّ الشَعْرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا فُلَانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔
اِقْلَعَطَّ الشَعْرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔
اِقْلَعَفَّ الشَّیَ: سمٹنا اَنَا مِنْ فُلَانٍ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔
قَلْعَطَ و تَقَلْعَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔
اَلْمُقَلْعَطُ: میلا اور کنجوس آدمی۔
القَلْعَطَة. بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا الشَّیَ: پلٹنا (واقْتَلَفَ) الظُفْرَ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِيْرُ: جھاگ لانا۔
قَلَفَ (ن) قَلْفًا. القُلْفَة: کاٹنا۔
قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَةَ الدَنَّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (وقَلَّفَ) السَفِيْنَةَ کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجُزوُر: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَبِیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف.
تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَجرةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔
اِنْقَلَفَتِ السُرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔
القِلْف. درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة. ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔
القُلْفَة والقَلَفَة. عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف.
القَلِفَةُ مِنَ الشَفَاةِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔
القُلَافَة. درخت وغیرہ کی چھال۔
القَلِيْف ج قُلُف والقَلِيْفَة ج قَلِيْف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔
القَلِيْف والمَقْلُوْف. مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِيْف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِيْفَة.
الاَقْلَف. بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف. کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سرسبز سال "عَيْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔
التَقْلِيْف. کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔
قَلْفَح. الطَعَامَ: سب کچھ کھا لینا۔
تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَيْئُ: چھل جانا۔
القِلْفَع والقِلْفِع. خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔
القلفعة. سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔
قَلِقَ (س) قَلَقًا. مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلَاق. صفت مؤنث قَلِقَةٌ و مِقْلَاق.
قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَيْئَ: حرکت دینا۔
اَقْلَقَهُ. بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَيْئَ مِن مَكَانِهٖ: حرکت دینا القَوْمُ السُيُوْفَ فِي الغِمْدِ: آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔
القُلْقَاس. اروی۔
قَلْقَلَ قَلْقَلَةً. آواز نکالنا (قَلْقَلَةً وقَلْقَالًا وقِلْقَالًا) الشَيْئَ: حرکت دینا۔ الحُزْنُ وَمَعَهٗ: آنسو بہانا فِي الاَرْضِ سفر کرنا۔
تَقَلْقَلَ. متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا فِي البِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
القِلْقِل والقُلْقُلَان. ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔
حروف القَلْقَلَةِ پانچ حروف ہیں۔
ب ج د ط ق۔
القَلْقَال. ہمیشہ سفر کرنے والا۔
القُلَاقِل والقُلْقُل. پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔
قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَيْئَ: کاٹنا الظُفْرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا
القَلَم. قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد سے بننے سے پہلے قَصْبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔
القَلَم: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلَام و قِلَام.
القَالِم. فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة.
القُلَامَةُ. تراشہ۔ قُلَامَةُ الظُفْرِ: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔
الاِقْلِيْم. ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِيْم (دخیل)
الاِقْلِيْمِي: نظریہ اقلیمیہ کو ماننے والا۔ علاقائی سطح پر لوگوں کے اجتماع کا نظریہ۔
المِقْلَمَة. قلم دان۔ ج مَقَالِم.
مَقَالِمُ. الرُمْحِ: نیزے کی گرہیں۔
المُقَلَّمَة. بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفُ مُقَلَّمَةٍ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَقْلُوْمُ الظُفْرِ ومُقَلَّمُ الظُفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔
المِقْلَام. قینچی۔
قَلْمَعَ رَاْسَهٗ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ الشَيْئَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
القَلْمَعَة. س۔ کمینے لوگ۔
قَلْنَسَهٗ. ٹوپی پہنانا۔ قَلْنَسَ الشَيْئَ: چھپانا۔ الرَجُلُ: سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔
تَقَلْنَس. ٹوپی پہننا۔
القَلَنْسُوَة والقَلَنْسِيَة. ٹوپی ج قَلَانِس وقَلَانِيْس وقَلَاسٍ وقَلَاسِيّ اور تصغیر قُلَيْنِسَة و قُلَيْسِية اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُوْسَة کہتے ہیں۔
قَلَا يَقْلُو قَلْوًا. اللحمَ وغَيْرَهٗ: گوشت کڑاہی میں بھوننا۔ صفت فاعلی۔ قَلَّاء اور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ الاِبِلَ: اُونٹوں کو ہانکنا۔
القُلَةَ وبالقُلَةِ: گلی ڈنڈا کھیلنا (قِلًا وقَلَاءً) الرَجُلُ: بغض رکھنا۔
تَقَلّٰى اِلَيْهِ: نفرت کرنا۔ بغض ظاہر کرنا عَلٰى فِرَاشِهٖ: مضطرب ہونا۔ تلملانا۔
تَقَالَى الرَجُلَانِ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔
اِقْلَوْلٰى اِقْلِيْلَاء. کوچ کرنا۔ بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا فِي الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا الطَائِرُ: پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا ہٗ: پیٹھ پر سوار ہونا۔
القِلْو. ہلکا پھلکا۔ جوان ہلکا گدھا۔
القُلَة. ج قُلَات وقُلُوْن وقِلُوْن (المِقْلٰى والمِقْلَاء) گلی ڈنڈا۔ القُلَة: ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا۔
القِلْوَة. جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔
القَلَوْلٰى. بلند پرواز پرندہ۔
قَلٰى يَقْلِيْ قَلْيًا اللحم وغيره: گوشت بھوننا صفت فاعلی قَلَّاء. صفت مفعولی مَقْلِيّ فُلَانًا: سر پر مارنا (الرَجُلَ و قِلِيَه يَقْلَاه قِلًى وقَلَاءً ومَقْلِيَةً) بغض رکھنا۔ صفت فاعلی قَالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِيّ.
القِلَى والقِلْى. بجی۔
القُلٰى. پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مُردوں کی

کھوپڑیاں۔ واحد قَلَة.
القَلَّاء. کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔
القَلَّائَة وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِیَّة. جو بھونا جائے۔ شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قَلَایا.
المِقْلٰی و المِقْلَاة. کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَال.
المَقْلَاة وہ مقام جہاں کڑائی بنائی جائے۔
المَقْلِیّ جو بھونا جائے۔
قَمَّ(ن) قَمًّا خشک ہونا شَارِبَهٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامٌّ و قَمَّام (وَأُقَمَّ) مَا عَلَى المَائِدَة: کھانا واقْتَمَّ الشَیْءَ: تناول کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطانہ کرنا۔
قَمَّمَهٗ خشک کرنا۔ قَمَّم النَجْمُ ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تقَمَّمَ مَا عَلَى المَائِدَة: دستر خوان پر سے سب کچھ کھالینا الشَیْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ النَخْلَةَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا الرَجُلُ قِرنَهٗ: ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّة. ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت۔ بدن۔ قدو قامت ج قِمَم.
القُمَّة. شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔
القَمِیم خشک سبزی۔ ستو۔
القُمَامَة. کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قُمَم.
المِقَمّ والمُقْتَمّ دستر خوان پر کا سب کچھ کھالینے والا۔
المِقَمَّة. جھاڑو۔ ج مَقَامّ (والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ(ف) وقَمُؤَ(ک) قَمَاءَة وقُمْأَة وقِمَاءَة وقَمَاءَة. ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِیئٌ ج قُمَاء وقِمَاء.
قَمَأَ(ف) قَمْأً المَکان و بِهٖ: داخل ہونا اور اقامت کرنا ہ: اُکھیڑنا۔
قَمَأَتْ(ف) قَمْأً وقَمُؤَتْ(ک) قُمُوْءًا وقُمُوْءَةً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَاءَةً. المَاشِیَةُ: جانور کا موٹا ہونا بِالمَکَانِ: سر سبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
اَقْمَأَ الرَجُلُ: ذلیل کرنا الشَیْءُ او المکان فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اَقْمَأَتِ المَاشِیَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَهٗ مُقَامَأَةً. موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المکان: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المکان: موافق ہونا اور اقامت کرنا الشَیْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَیْءَ جمع کرنا۔
القَمْءُ وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَة. ج قَمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔
القَمْأَة والقُمْأَة سرسبزی۔ آرام۔
القَمِیئ ذلیل وخوار۔
قَمَحَ (ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِیرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِح ج قِمَاح و قُمَّح و تَقَمَّحَ الشَرَابَ و مِنَ الشَرَابِ: ناپسند کرنا۔
قَمِحَ (س) قَمْحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَوِیْقَ: ستو پھانکنا الشَرَابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔
اَقْمَحَ السُنْبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا البُرُّ: تیار گیہوں ہونا الرَجُلُ: سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا بِاَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا الغُلُّ الاَسِیْرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا فُلَانٌ: شراب پینا۔
القَمْح گیہوں۔ واحد قَمْحَة.
القَمْحَة. پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔
(والقُمَّحَان والقُمَّجَان) عفران۔
القِمَحْدَانَة سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔
القَمِیحَة. پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوْحٌ لِلنَبِیْذِ بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَة. سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ۔
اَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِاَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ(ض) قَمْدًا وقُمُوْدًا انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ(س) قَمَدًا لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَقْمَد مؤنث قَمْدَاء.
اَقْمَدَ الرَجُلُ گردن بلند کرنا۔
القُمُد والقُمُدّ والقُمَاد. مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدّ والقُمُدَّة والقُمُدَّانِیَّة. لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القُمْدُر. لمبے قد والا۔
قَمَرَ(ض) قَمْرًا جوا کھیلنا الرَجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ(ن ض) قَمْرًا الرَجُلَ مَالَهٗ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ(س) قَمَرًا الشَیْءُ: بہت سفید ہونا۔ الرَجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا الکَلَأُ والمَاءُ وغیرهُمَا گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا الاِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهٗ مُقَامَرَةً وقِمَارًا. باہم جوا کھیلنا۔
اَقْمَرَ اللَیْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا الهِلَالُ: پورا چاند بننا القَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا الثَمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا الاِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ: چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا۔ الرَجُلُ: جوے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا الطَیْرَ والظِبَاءَ: پرندوں یا ہرنیوں کا

چاند کی روشنی میں شکار کرنا الطَّیْرَ: پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا۔
تَقَامَرَ الْقَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِیْرَارًا۔ سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔
الْقَمَر۔ چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ القمران: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْمِ وشُمُوْسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْ عَیْنَهُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
الْقُمْرَة۔ سبزی مائل۔ سفید رنگ۔
الْمَاء الْقَمِر۔ بہت پانی۔ لَیْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔
الْحُرُوْفُ الْقَمَرِیَّة۔ چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَر۔
الْقُمْرِیٌّ۔ فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِیَّة ج قُمْرٌ و قَمَارِیٌّ۔
اَلْقَمَرِیَّةُ: زمین پر پھیلنے والی بوٹی جس کے پھلوں کے بیج چاند کی طرح ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے لگائی جاتی ہے۔ امریکہ کے علاقہ میں پائی جاتی ہے۔
الْقِمَار۔ مص۔ جوا۔
الْقَمِیْر۔ جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِیْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار جیسے نَصِیْر وَاَنْصَار۔
قَمْرَةُ الْمَرْكَبُ: (عِنْدَ الْمَلَّاحِیْنَ) بحری جہاز کا کمرہ
الاَقْمَر۔ سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَر: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَر پانی سے بھرا ہوا بادل۔
الْقَمْرَاء۔ الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔
لَیْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ۔ چاندنی رات۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آ جاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ"۔
الْمَقْمُوْر۔ مص۔ برائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ یَدِیْ بَیْنَ اِحْدٰی مَقْمُوْرَتَیْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
قَمَزَ (ن ض) الشَّیْءَ: جمع کرنا الشَّیْءَ: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
الْقَمَز۔ بے کار مال۔
الْقُمْزَة کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قُمَز۔
قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا وَاَقْمَسَهُ فِی الْمَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الْكَوْكَبُ: ستارے کا غروب ہونا قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِی الْمَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهِ فِی الْبِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔ الْوَلَدُ فِی الْبَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا وَقُمُوْسًا وَانْقَمَسَ فِی الْمَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
اِنْقَمَسَ الْكَوْكَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔
اِنْقَمَسَ فِی الرَّكِیَّةِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَّسَ الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهُ قِمَاسًا وَمُقَامَسَةً۔ غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ یُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوْا فِی الْمَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔
الْقَمَّاس۔ غوطہ خور۔
الْقَامُوْس۔ سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِیْس۔
الْقَامُوْس: علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔
الْقِمَاس۔ کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
الْقَمِّیْس ج قَمَامِیْس الْقِمِّیْس سمندر۔
الْقَمُوْس۔ کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
الْقُمَّس: مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة۔
الْقَوْمَس۔ امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِس: الْقَوَامِس: مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وَقَمَّشَ الْقُمَاشَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ۔ الْقُمَاشَ: ادھر ادھر سے کھانا۔
الْقُمَاش۔ ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ قُمَاشُ الْبَیْتِ: گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَه۔
الْقَمْش۔ مص۔ ردی چیز۔
الْقَمَّاش۔ سامان بیچنے والا۔
قَمَصَ (ن ض) قُمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الْفَرَسُ وَغَیْرُهُ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا الْعَیْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا (قَمْصًا) مِنْهُ: نفرت کرنا۔ اعراض کرنا النَّاقَةُ بِالرَّدِیْفِ: اونٹنی کا اچھلتے ہوئے لے جانا (وقَمَصَ) الْبَحْرُ بِالسَّفِیْنَةِ: موج سے حرکت دینا۔
وقَمَّصَهُ: قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ۔ کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الْوِلَایَةَ وَالْاِمَارَةَ وَتَقَمَّصَ لِبَاسَ الْعِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ: ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
الْقَمَص۔ انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة۔
الْقِمَاص۔ مص۔ قلق۔
الْقَمِیْص۔ کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان۔ الْقَمِیْص۔ زائدہ

بچے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِيْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔
القَمِيْص والقَمُوْص۔ وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القَمُوْص: شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔
قَمَطَهُ (ن ض) قَمْطًا و قَمَّطَهٗ۔ گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا۔ الابلَ: اُونٹوں کو قطار میں کرنا۔ طَعِم الشَّیَٔ: چکھنا الشَّیَٔ: لینا۔ قَمطَ الدِیْكُ: مرغ کا جفتی کرنا المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
القِمَاط: رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لیے باندھیں۔
عامٌ قَمِيْطٌ۔ پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمتُ عِنْدَهٗ حَوْلًا قَمِيْطًا او شَهْرًا قَمِيْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔
القَمَّاط۔ چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔
القُمَّاط۔ بہت سے چور۔
قَمْطَرَ قَمْطَرةً الشَّیُٔ: جمع ہونا۔ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا۔ العَدُوُّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمْطَرَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
اِقْمَطَرَّ۔ منتشر ہونا۔ سکڑنا۔ للشَرِّ: آمادہ ہونا اليَوْمُ: دن کا سخت ہونا۔ عَلَيْهِ الشَّیُٔ: بھیڑ ہونا۔
القِمَطْر والقِمَطْرُ۔ بستہ۔ جزو دان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و موث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج قَمَاطِر القِمَطْر: شکر دانی۔
القُمَاطِر والقَمْطَرِيْر۔ سخت دن یا سخت بُرائی۔

القِمَطْرِیُّ۔ پستہ قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔
قَمَعَهُ (ف) قَمْعًا۔ آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمعَ القِرْبَةَ: باہر کی طرف مشک کے مُنہ کو موڑنا۔ قَمعَ فِي الشَّیِٔ: داخل ہونا۔ الکُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمْعَتِ المَرْأَةُ بِنَانَها بالحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا۔ فُ: سر کے بالائی حصّہ پر مارنا البَرْدُ النَباتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا۔ ها فِي السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا۔ الشَرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا۔ سَمْعَهُ لِفُلانٍ: خاموش ہونا۔ الوَطْبَ: قیف لگانا۔
قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَيْنُهُ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة الفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا۔ عُرْقُوْبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا۔ الظَبْيَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا۔ فُلانٌ الدَوَاءَ: دوا پھانکنا۔
قَمَّعَ البُسْرَةَ ونحوَها: کھجور وغیرہ کی پینڈی کو دُور کرنا۔ قَمَّعتِ البُسْرَةُ و نَحوُهَا: کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔
اَقْمَعَهُ۔ ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهُ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔
تَقَمَّعَ۔ متحیر ہونا۔ مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا۔ الذُبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكْتُهُ يَتَقَمَّعُ میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (واقْتَمَعَ) الشَّیَٔ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِي الاناءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔
اِنْقَمَعَ۔ خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا۔ الرَجُلُ: تنہا بیٹھنا۔
القَمْع والقِمْع والقِمَع۔ قیف۔ ج اَقْمَاع۔ کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی۔ اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قُمع کہتے ہیں۔ ج قُمُوْع۔
القَمَع۔ آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔

گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
الاَقْمَع۔ مؤنث قَمْعَاء ج قُمْعٌ والقَمُوْع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الاَقْمَع مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔
القَمِعَة۔ کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَة الذَنَبِ: دُم کا کنارہ۔ قَمعة الشَّیِٔ: عمدہ چیز۔ ج قَمَع۔ القَمعة: مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج قَمَع۔ مقامِع
القَمِع مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ: بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔
القَمْعَة۔ توشہ دان وغیرہ کا سربند۔ بہترین مال ج قَمْعٌ
اَلقُمْعُ وَالقَمْعُ وَالقِمَعُ: قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)
اَلقَمْعِيَّةُ: یورپ، برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء دجتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔
القَمِيْعَة۔ مِنَ الدَوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصّہ۔ دُم کا سرا ج قَمَائِع۔
المِقْمَعَة۔ آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع
المَقْمُوْع۔ مغلوب۔ تخمہ زدہ مِنَ المَالِ: چنا ہوا مال۔
قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَبْتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا شگوفہ نکلنا۔ الرَجُلُ: سردار قوم ہونا۔
القَمْعَال۔ سردار قوم: چرواہوں کا سردار۔
القَمْعُل۔ تنگ مُنہ کی ہانڈی (والقُمْعُوْل) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل و قَمَاعِيْل۔
القُمْعُوْلَة۔ نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔

کونپل۔ سر کے اندر گمطا۔ ج قَمَاعِیل.
قَمْقَمَ قَمْقَمَۃً مَا عَلَی الْمَائِدَۃِ دستر خوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔
تَقَمْقَمَ بہت پانی میں گھسنا یہاں تک کہ ڈوب جانا الشَّیَٔ چڑھنا۔
القُمْقُمُ حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لیے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔
القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُمان بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَۃ. القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم وقَمَاقِمَۃ. القَمْقَام امر عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَام کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِمُ ماہ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔
القِمْقِم. پرخشک کچی کھجور۔
القُمْقُمَۃ لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔
قُمِلَ(س) قَمَلًا القَوْمُ زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا فُلَانٌ لاغری کے بعد موٹا ہونا رَاسُہٗ سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِل بَطْنُہٗ توند نکلنا۔
قَمِلَ واَقْمَلَ المَرْعَی چراگاہ کا اُگنا اور سیاہ ہونا۔
تَقَمَّلَ الرَّجُلُ کچھ موٹائی شروع ہونا۔
القَمْلُ جوں واحد قَمْلَۃ کہا جاتا ہے "ذَبَّ قَمْلُہٗ" یعنی موٹا ہوا۔ نَمل قریش دانہ صنوبر۔
القَمَال جوں۔
القُمَّل چیچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَۃ
المِقْمَل فقیری کے بعد تونگر۔
تَقَمَّنَ الاَمْرَ قصد کرنا الشَّیَٔ پکڑنے کے قریب ہونا۔
القَمِن لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا المَنزِلُ لَکَ مَوْطِن قَمِن" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وجِئْتُ بالحَدِیْثِ عَلٰی قَمْنِہٖ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔
القَمِن لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِیْن کے ساتھ بایا من یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "ھُوَ قَمِنٌ و قَمِیْنٌ بِکَذَا وقَمِنٌ وقَمِیْنٌ مِنْ کَذَا ولِکَذَا" ج قُمَناء و قَمِیْنُونَ مؤنث قَمِیْنَۃ ج قَمِیْنَاتٌ و قَمَائِن کہا جاتا ہے: اَقْمِنْ بِھٰذَا الاَمْرِ یعنی وہ اس کے لیے سزاوار تر ہے۔ وھٰذَا الاَمْرُ مَقْمَنۃ لِذَالِکَ یعنی زیادہ مناسب ہے۔
المُقْمَئِنّ سکڑا ہوا۔
قَامَی مُقَامَاۃً موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے: مَا یُقَامِیْنِی ھٰذَا یعنی میرے موافق نہیں۔
قَمَا(س) قُمُوًّا البَعِیْرُ حوض سے سر اُٹھا لینا اور پانی نہ پینا الشَّیُٔ فِی المَاءِ ڈوبنا اور اُچھلنا۔
تَقَمَّہَ فِی الاَرْضِ آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فُلَانٌ یتقمّہ" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔
القَمَہ کھانے کی کم خواہش۔
القَامِہ غلا۔ ج قُمَّہ.
اِقْمَھَدَّ سر نا الرَّجُلُ او البَعِیْرُ سر اُٹھانا بالمَکَانِ ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔
القَمَھْکَۃ کمینہ۔ بداصل۔ بدصورت۔
قَامَاہ مُقَامَاۃً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو گے مَا یُقَامِیْنِی ھٰذَا الشَّیُٔ یعنی یہ چیز مجھے موافق نہیں۔
قَنَّ(ن) قَنًّا ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِی الجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
اِقْتَنَّ غلام بنانا۔ خاموش ہونا (واقْتَنَّ) اِقْتِنَانًا کھڑا ہونا۔
اِسْتَقَنَّ بالاَمْرِ مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔
القُنّ چھوٹی پہاڑی (والقُنَان) کرتے کی آستین۔
القِنّ غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ۔ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لیے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان واَقِنَّۃ ہے۔
القِنَانَۃ والقُنُوْنَۃ غلامی۔ بندگی۔
القُنَّۃ چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّۃ کُلِّ شَیْءٍ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَنٌ و قِنَانٌ وقُنُوْنٌ وقُنَّات.
القِنَّۃ رسّی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن.
القَنَن طریقہ۔ روش۔
القِنِّیْنَۃ شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِی وقِنَان.
القَانُوْن قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِیْن (دخیل)
قَنَأَ(ف) قُنُوْءًا. الشَّیُٔ گہرا سرخ رنگ والا ہونا اللِّحْیَۃُ مِنَ الخِضَاب ڈاڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنْأً) اللَّبَنَ دودھ میں پانی ملانا۔
قَنَّأَ(ف) قَنْأً وقَنَأً وتَقْنِئَۃ و تَقْنِیْئًا لِحْیَتَہٗ ڈاڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَّأَ الشَّیَٔ گہرا سرخ رنگنا۔
(قَنَأَ(ف) قَنْأً واَقْنَأَ) الرَّجُلَ قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الاَدِیْمَ چمڑے کو خراب کرنا الشَّیُٔ لَانًا: ممکن ہونا اور قریب ہونا۔
قَنِیَٔ(س) قُنُوًّا مر نا الاَدِیْمُ چمڑے کا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِیٌٔ": بہت گہرا سرخ۔
المَقْنَأۃ والمَقْنُؤَۃ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
القِنَب لا ٹھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔
قَنَبَ(ن ض) قُنُوْبًا فِی الشَّیِٔ داخل ہونا۔ الشَّمْسُ آفتاب کا غروب ہونا الکَرْمَ انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔
قَنَّبَ الزَّرْعُ خوشہ کے پتے ظاہر ہونا الزَّھْرُ کلی سے نکلنا الکَرْمُ انگور کی شاخ

تراشی کرنا الاسدُ بمَخْلبه: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قنبتْ واقْتنبتْ وتقنبت الخَيْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَبُوْا وتَقَنَّبُوْا نَحْو العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ و تَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِي بَيْتِهِ: داخل ہونا۔

اَقْنَبَ. سفر میں دُور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قُنْبُ الزَهْر: پھول کا غلاف ج قُنُوب.

القَانِب. فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وادِ قانبٌ: وادی جس کا سیلاب دُور سے جاری ہو۔

القُنْب. بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كَفَ الاَسَد: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

القُنَاب والقِنَاب والقُنَّابَة. پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔

القِنَّبُ والقُنَّب. جوٹ۔ سن جس سے سُتلی بناتے ہیں۔

القَنِيب. لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔

القَيْنَاب. تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چھٹی رساں۔

المِقْنَب. تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کیلئے جمع ہوں ج مَقَانِب (والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔

المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِخْلَبُ الاَسَدِ فِيْ مِقْنَبِه" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔ شکاری کا تھیلہ۔

القُنْبُرَة والقُنَبِرَة. چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابِر. القُنْبَرة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔

دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِيَّة. چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔

القُنْبُض. سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَة.

القُنْبُضَة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

القُنَّبِيْط. گوبھی۔ اور عوام قَرْنَبِيْط بھی کہتے ہیں۔

قَنْبَعَ فِيْ بَيْتِهِ: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَتِ الشَجرةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔

الرَجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔

القُنْبُع. درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعَة. بمعنی القُنبع. ایک قسم کا بچوں کیلئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعَةُ الخِنْزِيْر: سور کی خرخراہٹ۔

القَنْبَل والقَنْبَلَة. لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل.

القُنَابِل. بڑے سر والا (والقُنْبل) موٹا قوی مرد۔

قَنْبَلَ العَدُوَّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔

اَلْقُنْبُلَةُ: بم اس بم کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) اَلْقُنْبُلَةُ الحَارِقَة: آگ لگانے والا بم۔

(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الجَرْثُوْمِيَّة: جراثیمی بم

(۳) اَلْقُنْبُلَةُ السَّامَة: زہریلا بم

(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِيَة: ایٹم بم

قَنَتَ (ن) قُنُوْتًا. اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللهَ وقَنَتَ لِلّٰهِ". لَهُ: ذلیل ہونا۔

قَنُتَ (ک) قناتةً. کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ. نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ. فرمانبردار ہونا۔

القَانِت. فا۔ ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت.

القَنِيْت. کم خوراک۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ قَنِيْت" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرَاَةٌ قَنُوْتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔

القُنْجُل. غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا العُود: لکڑی کا سرا موڑنا الشَارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اُٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (واَقْنَحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اُٹھانا۔

قَنَّحَ البَابَ: دروازے کے لیے لمبی ٹیڑھی کُنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ. سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح. دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

القُنَّاح. لمبی ٹیڑھی کُنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

القُنَاخِر. ج قَنَاخِر والقِنْخِر. بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِر: موٹی ناک۔ القِنَّخِر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز مُنہ والا۔

القُنْخُوْرَة والقِنْخِيْرَة والقِنَّخْرَة والقُنْخُوْر. بڑی چٹان۔

القَنْد. ج قُنُوْد والقَنْدِيْد ج قَنَادِيْد شکر۔ القِنْدِيْد: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالاَمْرِ عَلٰى قَنَادِيْدِهِ" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا سَوِيْقٌ مُقَنَّدٌ ومَقْنُوْدٌ. شکر ملا ہوا ستو۔ کلام مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔

اَلْقَنْدِيَةُ الْحَمْرَاء: بڑے پتوں والا پودا جس کی بلندی دس میٹر ہوتی ہے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مَقْنُوْدُ الكَلَام: شیریں کلام مرد۔

القُنْدُر والقُنْدُس. ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔

قَنْدَسَ. گناہ کے بعد توبہ کرنا فِي الاَرْضِ: سیر و سفر کرنا۔

القِنْدَعْل. بیوقوف۔

قَنْدَلَ. بڑے سر والا ہونا۔ صفت قَنْدَل وقُنَادِل وقَنْدِيْل.

رَاْسٌ قُنَادِل. بڑا اور مضبوط سر۔

القِنْدِيْل. چراغ: فانوس۔ ج قَنَادِيْل

(دخیل)

القُنْدُول. ایک خار دار درخت۔ واحد قُنْدُولَة.

القُنْذُع. مردد یوث۔

اَقْنَز. چھوٹے مٹکے سے پینا۔

القِنز والاِقْنِیز. چھوٹا مٹکا۔

القَانِز والقَنَّاز. شکاری۔

القَنز. قنص میں ایک لغت ہے۔

القُنْزُعَة والقَنْزَعَة والقِنزِعَة والقُنْزَعَة والقُنْزُع. بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرداگرد بال۔ پروں کا بقیہ۔ مرغ کی کلغی۔ القُنْزُعَة : بہت پستہ قد عورت۔ ج قُنْزُعَات وقَنَازِع. القَنَازِع: بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔

اَقْنَسَ الرَجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔

القِنس والقَنس. اصل۔

القِنَس ج قُنُوس والقَوْنَس ج قَوَانِس والقَوْنُوْس. سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی۔

القَینَس. بیل۔ ج قَیَانِس.

قَنْسَرَتْهُ. الشَدَائِدُ والسِنُّ: بوڑھا کرنا۔

تَقَنْسَرَ. بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔

القَنْسَر والقَنْسَرِیّ والقِنَّسْر. بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔

القُنَاسِر. سخت۔

قَنَّشَه تَقْنِیْشًا. کم کرنا۔ اہل و عیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِیْ الشَیْءِ: کمی کیا جانا۔

القَنْشُوْرَة. عورت جس کو حیض نہ آئے۔

قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَیْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔

تَقَنَّصَ واقْتَنَصَ الطَیْرَ او الظَبْیَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔

القِنْص. اصل۔

القَنَص. شکار۔

القَنَّاص. شکاری۔

القُنَّاص. شکاری لوگ۔

القَانِص والقَنِیْص. شکاری۔

القَنِیْص: شکار۔ مؤنث قَنِیْصَة.

القَانِصَة. پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص شکار کرنے والے۔

القِنْصَعْر. چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔

القُنْصُل. پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قناصل (دخیل)

القُنْصُلِیَّة. قُنْصُل کے رہنے کی جگہ۔

قَنِطَ (س) قَنَطًا وقَنَط (ض ن) قُنُوْطًا وقَنُطَ (ک) قَنَاطَةً. مایوس ہونا۔ صفت قَنِط و قَانِط وقَنُوْط.

قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا. منع کرنا۔ باز رکھنا۔

قَنَّطَهُ واَقْنَطَهُ. مایوس کرنا۔

قَنْطَثَ قَنْطَثَةً. خوف سے دوڑنا۔

قَنْطَرَ قَنْطَرَةً. بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا عَلَیْنَا: دیر تک ٹھہرنا الشَیْءَ : مضبوط باندھنا۔ المَرْأَة : عورت سے جماع کرنا۔

القِنْطِر. ایک قسم کا پرندہ (والقِنْطِیْر) مصیبت۔

القَنْطَرَة. سی۔ پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر.

القِنْطَار. ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر.

القِنْطَارِیُوْن. ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قناطِیْر مُقَنْطَرَة: بہت زیادہ۔

قَنَعَت وقَنِعَت (ف س) قَنْعًا. الابِلَ: اونٹوں کا تھان پر آنا۔

قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا واَقْنَعَتْ واسْتَنْقَعَتْ الشَاةُ: بلند تھان والی ہونا۔

قَنَّعَهُ. راضی کرنا۔ قَنَّعَ المرأةَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا رَاسَهُ بالسَیْفِ او بالعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا خِزْیَةً وعَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر دینا۔ قَنَّعَ الدِیْكُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پردوں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَیْبُ خِمَارَہ" یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔

اَقْنَعَ رَاسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ بِیَدَیْهِ فِی الصَلَاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا الاِنَاءَ: برتن سے اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لیے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِی النَهْر" یعنی بھر جانے کیلئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الابِلَ: اونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔

تَقَنَّعَ. بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔ فِی السلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ المَرْاَةُ بالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔

اِقْتَنَعَ بالشَیْءِ: راضی ہونا الابِلُ: اونٹوں کا تھان پر واپس آنا الرَجُلُ الابِلَ او الغنم لِمَأْوَاهَا: اونٹوں کو تھان پر واپس لانا۔

القِنْع. ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع. ہتھیار۔

القِنْع والقُنُع. کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنْع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی یا ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة واَقْنَاع. القِنْع بگل۔

القِنْعَة. دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و جج قِنْعَان.

القُنْعَة. سوال۔ دیوار میں روشن دان۔

القُنْعَة. مِن الجَبَلِ و السنام: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔

القِنَاع. دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة. دل کا غلاف۔ کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَیْءِ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔

القِنْع. جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔

القَنُوع ج قُنُع والقَنِیْع ج قُنَعَاءُ: بمعنی قَنِع.

القَانِع فا۔ بمعنی قَنِع. عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قَانِعُوْن وقُنَّع.

رَجُلٌ قُنْعَان تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔

شَاهِدٌ قُنْعَان شاہد عادل جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)

رَجُلٌ قُنْعَانِي جس کی رائے پسند ہو القُنْعَان بڑا پہاڑی بکرا۔

القُنُوْع مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔

شَاهِدٌ مَقْنَع. شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَنَا مَقْنَع فلاں کے لیے رضامندی ہے جس پر ہم قانع ہیں۔

المِقْنَع والمِقْنَعَة. سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔

المُقْنِع مص۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اُٹھائے ہوئے ہو۔ فَمٌ مُقْنَعٌ: ایسا مُنہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔

المُقْنِع. فا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اُٹھانے والا۔

المُقَنَّع مص۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔

قَنِفَ (س) قَنَفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔

قَنَّفَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَقْنَفَ. ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا (واسْتَنْقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔

اِسْتَنْقَفَ المَجْلِسُ: گول ہونا۔

القَنَف. مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔

القَنَف. سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔

القَنِف. سر پر تھوڑے بال والا۔

القِنَاف والقُنَاف. بڑی ناک، لمبی داڑھی، لمبے قد والا۔

اَلْقَنْقَر: کنگرو، یعنی اسٹریلیا کا جانور جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی اور مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت بٹھالیتی ہے۔

القَنِيْف. لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا دل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.

الاَقْنَف. چھوٹے کان والا مِنَ الخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفَاء ج قُنُف. القَنْفَاء: انسان کا کان جس کے لیے دائرہ نہ ہو۔

القِنْفَج. موٹی گدھی۔ القُنْفُد ج قنافد والقُنْفُذ والقُنْفَذ: قَنَافِذ. ج۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة. القُنفُذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُنْفُذ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔ القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔

قَنْفَشَهُ قَنْفَشَةً جلدی جمع کرنا۔

تَقَنْفَشَ. سکڑنا۔

القُنَافِش. چھلی ہوئی ناک، سخت داڑھی والا۔

المُقَنْفِش. فا فی اللباس: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُقَنْفِشًا لِحْيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔

تَقَنْفَعَتِ. القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔

القُنْفُع. پستہ قد۔ کمینہ (والقِنْفِع) چوہیا۔

القَنْقَن والقِنْقَن. ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قَنْقَنَة. القِنْقِن: راہ نما۔ (والقَنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن (دخیل)

قَنِمَ (س) قَنَمًا الجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَانِم الفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا الطَّعَامُ واللَّحْمُ والسِّقَاءِ وغَيْرُهَا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِي قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ".

القَنِمَة. تیل وغیرہ کی بدبو۔

الاُقْنُوْم. شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيْم (دخیل)

قَنَا يَقْنُوْ قَنْوًا وقُنْوَانًا وقُنُوًّا واِقْتَنَى المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لیے حاصل کرنا۔

قَنَا يَقْنُوْ قَنْوًا اللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا لَوْنُ الشَّيْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔

قَنَا يَقْنِىْ وقَنِيَ يَقْنَى قَنْوًا وقَنًى وَاَقْتَنَى واسْتَقْنَى الحَيَاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَى القَنَاةَ: نالی کھودنا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا، مالدار بنانا اَقْنَتِ السَّمَاءُ: بارش رُک جانا

قَنِيَ يَقْنَى قَنًا الاَنْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اُونچا ہونا۔ صفت اَقْنَى.

تَقَنَّى. نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

القَنَا والقِنْي والقُنْو والقِنْو. کھجور کا گچھا ج اَقْنَاء وقُنْيَان وقِنْيَان وقُنْوَان وقِنْوَان.

القَنَا: نیزہ ج قِنَاء. مخلوق۔

القُنْوَة والقِنْوَة. کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلْقَنَا پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب وزینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِنَاوَة. بدلہ۔

القَنَاة. نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنًا وقُنِيّ وقَنَوَات وقَنَيَات. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صُلْبُ القَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِيّ وقِنَاء وقَنَوَات.

القَانِي. فا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَر قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القَنَوَان. موٹا۔

القِنِّي والقِنْيَة. بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

القَنَّاء والمُقْنِي. نیزہ والا۔ القَنَّاء: نالی

کھودنے والا۔
الاَقْنٰی مِنَ الاُنُوْف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَقْنٰی الاَنْفِ"۔ وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قَنْواء۔
القَناء و الاَقْنَائَة۔ مِنَ الحَائِطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔
القُنُو۔ سیاہی۔
المَقْنَاة و المَقْنُوة۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
قَنٰی یَقْنِیْ قَنْیًا وقِنْیَانًا وقُنْیَانًا المَالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا الحَیَاءَ: حیا کو لازم ہونا۔
قَنّٰی اللّٰهُ فُلَانًا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا۔
قَانٰی مُقَانَاةً الشَّیئُ فُلَانًا: موافق ہونا۔
الشَّیئَ: ملا الشَّیئُ بِالشَّیئِ: خلط ملط کرنا۔
الشَّیئَ: ہمیشہ رہنا۔
اَقْنٰی اِقْنَاءً اللّٰهُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا الصَّیْدُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: شکار کا زد میں آجانا۔ قریب آجانا۔
القُنْیَة و القِنْیَة۔ کمائی۔ ج قُنًی۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْیَةٌ وقِنْیَةٌ"۔ خالص اسی کی بکریاں ہیں۔
اَرْضٌ مَقْنَاةٌ۔ ہر شخص کے موافق آب وہوا والی زمین۔
قَهِبَ (س) قَهَبًا۔ بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَهِب و اَقْهَب۔
اَقْهَبَ عَنِ الطَّعَامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔
القَهْب۔ بڑا اونٹ۔
القُهْبَة۔ بھورا رنگ۔
القُهَاب و القُهَابِیّ۔ سفید۔
الاَقْهَبان۔ ہاتھی اور بھینس۔
قَهَدَ (ف) قَهْدًا فِی مَشْیَة: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
القَهْد۔ سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا۔ ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔

نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِهَاد۔
قَهَرَهٗ (ف) قَهْرًا۔ غالب ہونا۔
قُهِرَ اللَّحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔
الكَتْعَاء. باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کیلئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَيْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَأيٌ مُكْتَعٌ. قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُكْتِعًا و مُكَوْتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

كَتَفَ (ض) كَتْفًا و كَتِيْفًا. آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔ فِي الاَمْرِ : نرمی برتنا كَتْفًا و كِتَافًا الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا السَّرْجُ الدَّابَةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا الِانَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا الاَمْرُ: ناپسند کرنا (كَتْفًا و كَتَفَانًا) الطَّائِرُ پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اُڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا. چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ دردمند مونڈھے والا ہونا۔

كَتِفَ الرَّجُلَ: آہستہ چلنا۔

كَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا الِانَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَكَتَّفَ. سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَكَتَّفَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اُٹھانا۔

الكَتِف والكِتْف والكَتْف. شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج كِتَفَة و اَكْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ اَيْنَ تُؤْكَلُ الكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الكَتَف بمرد رد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الكُتَاف درد شانہ۔

الكِتَاف. مشکیں کسنے کی رسّی۔ ج اَكْتِفَة و كُتُف و كُتُف.

الكَاتِف. فا: ناپسند کرنے والا۔

الاَكْتَف مِنَ الخَيْلِ و الجِمَال بدرد شانہ والا۔ مؤنث كَتْفَاء ج كُتْف. اَلاَكْتَف مِنَ الرِّجَالِ بمرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الكَتِيْف. لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج كُتُف.

الكَتِيْفَة. دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج كَتَائِف.

الكُتْفَان والكِتْفَان. ٹڈی جو پہلی مرتبہ اُڑے۔ واحد كُتْفَانَة.

المِكْتَاف. جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ : بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (و تَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكُتْكُات. جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ(ن) كَتْلًا. قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلًا. چمٹنا۔ صفت كَتِلٌ الحِمَارُ: گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

كَاتَلَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّيْئَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيْرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا الشَّيْئُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْكَتَلَ. گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَة مِنَ الطِّيْنِ ونَحْوِهٖ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَل.

الكُتَال. نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (والكَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰى عَلَيْهِ كَتَالَهٗ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

اَلْكَتْلَيَة. شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الكَتِيْلَة. درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كَتَائِل.

الاَكْتَل. سخت۔ مصیبت۔

المِكْتَل و المِكْتَلَة. کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِل المِكْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاتُوْلِيْك. رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج كَاتُوْلِيْكِيُوْن (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا و كِتْمَانًا و كَتَّمَ و اكْتَتَمَ الشَّيْئَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی كتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اوّل میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيْثَ" كَتَّمَ الشَّيْئَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ وِاكْتَتَمَ الشَّيْئُ: زرد ہونا۔

كَتَمَ (ن) كُتُوْمًا و كِتَامًا الِانَاءُ: بہنے سے روکے رکھنا۔

كَاتَمَهٗ مُكَاتَمَةً السِّرَّ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے كَاتَمَهُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَكَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِيْثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

اِنْكَتَمَ. چھپنا۔

اِسْتَكْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔

الكِتْمَة. پوشیدگی۔

الكَتَم والكِتْمَان وسمہ جس سے خضاب

بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الکاتِم. فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکْتُومٌ یعنی چھپا ہوا بھید و قَوْسٌ کَاتِمٌ کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الکَتْمَة. کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعْتُه کَتْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الکُتَمَة والکُتَّام والکَتَّامَة بھید کو بہت چھپانے والا۔
الکَتُوم. بھید کو چھپانے والا (و الکَتِیم) مِنَ القِسِیِّ: ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ کَتِیمٌ: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاَکْتَم. بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُکْتَتِم. فا۔ سَحَابٌ مُکْتَتِمٌ: بادل جس میں گرج نہ ہو۔
کَتِن (س) کَتَنًا. الوَسْخُ عَلَی الشَّیْءِ: میل کا چسپاں ہونا الشَّیْءُ: میل کچیل لگنا دھوئیں سے سیاہ ہونا النَّخْلَةُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔
کَتَّنَ و اَکْتَنَ الشَّیْءَ: چپکانا۔
تَکَتَّنَتِ المَرْاَةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الکَتَن. ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الکُتْن والکَتِن. پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میلی کچیلی مشک۔
الکَتَّان. السی کا پودہ۔ الکَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَهُ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
اَلْکَتَانِیَّاتُ: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سنے کی طرح اکٹھے۔ زیب و زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الکُتُّونَة. کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الکُتَّان. کھٹل۔
کَتَا یَکْتُو کَتْوًا. چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اَکْتَی اِکْتَاءً. دشمن پر غالب آنا۔
اَکْتَوْتَی اِکْتِیتَاءً. غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
کَثَّ (ض) کَثَاثَةً و کُثُوثَةً و کَثَّ (س) کَثَثًا. گاڑھا ہونا الشَّعْرُ: بالوں کا گھنا ہونا اللِّحْیَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا بِسَلْحِه: پاخانہ کرنا۔
اَکَثَّ الرَّجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت کَثٌّ. ج کِثَاث و اَکَثُّ مؤنث کَثَّاء. ج کُثٌّ.
الکَثُّ والکَثِیث. گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَثُّ اللِّحْیَةِ و کَثِیثُها" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "و اِمْرَاَةٌ کَثَّةٌ و کَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الکُثُّ: میلا کچیلا۔
الکَثِیت. سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الکَاثُّ. کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔
کَثَأَ (ف) کَثْأً و کَثَأً تَکْثِئَةً اللَّبَنُ و نَحْوُهُ دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا اللِّحْیَةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا الزَّرْعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا القِدْرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا الرَّجُلُ: بالائی کھانا اَوْ بَارُ الاِبِلِ اُونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَکْثَأَتِ اللِّحْیَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔
الکَثْأَة والکُثْأَة مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔ مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے "خُذْ کُثَأَةَ قِدْرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
الصَّیْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَكَ الصَّیْدُ فَارْمِه" شکار تمہارے قریب آچکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکْثُبُهُ وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَّاقَةِ: اُونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
کَثَّبَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
کَاثَبَ القَوْمَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَکْثَبَ الرَّجُلَ والَیْه ومِنْهُ ولَهُ: قریب ہونا۔
فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنْکَثَبَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الکَثَب. قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِنْ کَثَبٍ او عَنْ کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الکُثْبَة. تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَب.
الکَاثِبَة: کَاثِب کا مؤنث مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِب.
الکُثَاب. بہت۔
الکَثَّاب والکُثَّاب. بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الکَثِیب. ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثْبَان و اَکْثِبَة.
الکَثْبَاء. مٹی۔
کَثَجَ (ض) کَثْجًا. مِنَ الطَّعَامِ: بقدرِ کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلّہ بہت لے جانا۔
کَثَحَ (ف) کَثْحًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ کَثَحَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ عَلَیْهِ: غبار ڈالنا۔ کَثَّحَ مِنَ المَالِ: خواہش کے موافق لینا (و کَثَّحَ) عَنْ کَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَثَّحَتْهُ الرِّیحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔
تَکَاثَحَ القَوْمُ بِالسُّیُوفِ: تلوار بازی کرنا۔
تَکَثَّحَ بِالحَصَی: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔
الکُثْحَة مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔
رَجُلٌ کُثْحُمُ اللِّحْیَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ کُثْحُمَة مِنْ

ذَرِيْن: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْمحَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُر (ک) كَثْرَةً و كَثَارَةً. بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ و كَثِيْرٌ و كُثَارٌ و كَاثِرٌ و كَيْثَرٌ.

كَثَرَ (ن) كَثْرًا. الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ زیادہ کرنا۔

اَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَكْثَرَ اللّٰهُ فِيْنَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ. کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا بالكلام: بہت گفتگو کرنا فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ. کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الكِثْر والكُثْر. بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ والكُثْرِ" قلت وکثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الكَثْرَة. بہتات۔ زیادتی۔

اَلْكِثْرَة. کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جائے القِلَّة والكِثْرَة

الكَثْرَى مِنَ النَّبِيْذِ ونَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الكَثِيْر. بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيْرٌ وكَثِيْرَةٌ وكَثِيْرُوْنَ. ونِسَاءٌ كَثِيْرٌ وكَثِيْرَةٌ وكَثِيْرَاتٌ اور کہا جاتا ہے "كَثِيْرًا مَا يَعْمَلُوْنَ كَذَا" بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لیے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔

الكُثَار بہت (والكِثَار) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَارٌ اَوْ كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لیے مستعمل ہیں۔

الكَيْثَر. بہت فیاض مرد۔

المُكْثِر. مالدار۔

المِكْثَار والمِكْثِيْر. بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)

المَكْثُوْر. مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق ومطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كُثُوْعًا الغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كَثْعًا و كُثُوْعًا و كَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَة اور ایسے ہونٹ والے کو اَكْثَع کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ: بمعنی كَثَع. كَثَّعَتِ الاَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا الجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الكَثْعَة والكُثْعَة. بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الكُثْعَة: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الكَثْعَة. گارا۔ کیچڑ۔

المُكَثِّع. فا۔ امْرَاَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا سوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الكُثْعُم. چیتا۔ اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ک) كَثَافَةً وتَكَاثُف. موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيْفٌ.

كَثَّفَهُ. موٹا کرنا۔

اَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا الاَمْرُ: بلند ہونا۔

اَلْمُكَثِّفُ: بیٹری جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

اَلْكِثْفُ. جماعت۔

الكَثِيْف. گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيْفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (والكُثَاف) بہت۔

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الكُثْل. گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الكَوْثَل والكَوْثَلَ. دنبالہ کشتی۔

الكَاثُوْلِيْك. دیکھئے كَاتُوْلِيْك.

كَثَمَ (ض) كَثْمًا الشَّيْءَ: جمع کرنا الاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا الشَّيْءَ: منہ میں رکھ کر توڑنا ہُ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا۔

كَثِمَ (س) كَثَمًا. شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَكْثَم.

كَاثَمَهُ. قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔

اَكْثَمَ القِرْبَةَ: مشک بھرنا فِي بَيْتِهِ: روپوش ہونا. اَكْثَمَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔

تَكَثَّمَ. حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔

اِنْكَثَمَ. غمگین ہونا عَنْ وَجْهِ كَذَا: پھر جانا۔

الكَثْم والكَاثِم مِنَ الطِّيْنِ و نحوه: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔

كَثْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ عَنْ كَثْمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔

الاَكْثَم. کشادہ راستہ "وَطْبٌ اَكْثَمُ" بھرا

ہوا دودھ کا برتن۔
الكُثْنَة. گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الكُحُّ. خالص ۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ كُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
كَحَّبَ الكَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الكَحْب. کچا انگور واحد۔ كَحْبَة: دُبر۔
الكاحِب. بہت ۔کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ دَرَاهِمُ كَاحِبَةٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الكاحِبَة: آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔
كَحَثَ (ف) كَحْثًا لَهُ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
كَحَصَ (ف) كُحُوصًا الأَثَرُ: نشان مٹنا۔ الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے الرجُلُ: پشت دے کر بھاگنا (كَحْصًا) البِلَى فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔ بِرِجْلِهِ: پاؤں سے کریدنا الأَرْضَ: زمین سے غبار اُڑانا الشَّيْءَ: کوٹنا (كَحْصًا و كَحَّصَ) الأَثَرَ: نشان مٹانا۔
الكاحِص. فا. پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج كَاحِصَةٌ. كَوَاحِص. أَطْلَالٌ كَوَاحِص: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
كَحَطَ (ف) كَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا ۔صفت كَاحِطٌ.
الكُحُوف. جسم کے اعضاء۔
كَحْكَحَ: عاجز کرنا۔
كَحَلَ (ف ن) كَحْلًا و كَحَّلَ العَيْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت كَاحِلٌ و كَحَّال اور کہا جاتا ہے كَحَلَ السُّهَادُ عَيْنَهُ کنایہ ہے بے خوابی سے۔
كَحَلَ (ف) كَحْلًا و أَكْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ كَحَلَت السُّنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
كَحِلَ و أَكْحَلَ و تَكَحَّلَ و اِكْتَحَلَ و اِكْحَالَّ المكانُ بالخَضْرَةِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
كَحِلَت (س) كَحَلًا و اكْحَالَّتِ العَيْنُ آنکھ کا سرگیں ہونا۔ و كَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَكَحَّلَ و اِكْتَحَلَ. آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِكْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِكْتَحَلَ السُّهَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا وَجْهُهُ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اكْتَحَلَتْ عَيْنِي بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الكَحْلُ. مؤ. سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
كَحَلُ و كُحَلُ و كَحْلَة. تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ كَحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الكُحْل. سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الكَحَل. خلقتًا آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الكِحَال. سنگ سرمہ و سرمہ (والكِحْلُ والكِحْلَة) مہرۂ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد۔
عَيْنٌ كَحِلٌ و كَحِيْلٌ و كَحِيْلَةٌ سرگیں آنکھ ج كَحْلَى و كَحائل.
أَعْيُن كَحْلَاءُ. سرگیں آنکھیں۔
الكُحَيْل. نفط۔ قطران۔
الأَكْحَل. مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الكَحْلَاء. الأكحل کا مؤنث ۔وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج كُحْل.
الكَحْلَاء و الكُحَيْلَاء. گاؤزبان۔
الكَحْلِيّ. سرمہ بنانے والا۔
المِكْحَل و المِكْحَال. سرمہ کی سلائی۔
المُكْحُلَة. سرمہ دانی۔
اَلْمُكْحَلَةُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور ہالینڈ میں پیدا ہوتا ہے۔
الكَحْمَة. آنکھ۔
كَحَى يَكْحِي كَحْيًا الشَّيْءُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
كَخَّ (ض) كَخًّا و كَخِيْخًا فِي نَوْمِهِ: خراٹے لینا۔
كَخَمَهُ (ف) كَخْمًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الكَيْخَم. بڑا۔
كَدَّ (ن) كَدًّا. کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ اُنگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا الرَّجُلَ: تھکانا الرَّأسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا الشَّيْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
كَدَّدَهُ. سختی سے ہٹانا۔
تَكَدَّدَ. مشقت برداشت کرنا۔
أَكَدَّ و اِكْتَدَّ. کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ و اِكْتَدَّ الشَّيْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِكْتَدَّهُ و اِسْتَكَدَّهُ. کام میں محنت کرانا۔
الكَدُّ. مؤ. جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون ۔کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ كَدِّكَ ولا كَدِّ أَبِيْكَ" یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الكَدَدُ و الكَدِيْد. سخت زمین۔ الكَدِيْد: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الكُدَادَة و الكُدَدَة و الكَدَدَة ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
كُدَاوَة السَّمَن: گھی کا تلچھٹ۔ كُدَاوَةُ الكَلَأ: تھوڑی گھاس۔
الكَدُوْد. بہت محنتی ۔بخیل۔ بِئْر دَوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الأَكْدَة. چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ أَكْدَاد و أَكَادِيْد. شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ أَكْدَادًا و أَكَادِيْد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "وَإِبِلٌ أَكْدَاد" تیز چلنے والا اُونٹ۔
المِكَدُّ. کنگھی۔
المَكْدُوْد. مع مغلوب۔ أَرْضٌ مَكْدُوْدَة: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
كَدَأَ و كَدِيَ (ف س) كَدْءًا و كُدُوْءًا

النَبتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
کَدِئَ (س) کَدَأً الغُرابُ: کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا البَقلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا الاِبلُ: اُونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدَأَ و کَدَّأَ البَردُ النَباتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔
اَرضٌ کادِئَۃٌ. دیر سے اُگنے والی یا اگانے والی زمین۔ اِبلٌ کادِئَۃُ الاَدبارِ: کم بال والے اُونٹ۔
الکَدْب والکُدْب والکَدَب والکَدِب جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدْبَۃ. دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔
کَدِجَ (س) کَدَجًا الرَجُلُ: بقدرِ کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدحًا فِی العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اُٹھانا۔ کَدَحَ لِعَیالِہٖ: کمائی کرنا۔ رَاسَہُ بالمُشطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (وکَدَّحَ) الوَجہَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکتَدَحَ لِعَیالِہٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَکَدَّحَ الجِلدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَطحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الکَدحُ. مص. خراش۔ ج کُدوح
کَدَرَ (ن) و کَدُرَ (ک) و کَدِرَ (س) کَدَرًا و کَدارَۃً و کُدُورًا و کُدُورَۃً و کُدرَۃً. تیرہ گوں ہونا۔ مَیلا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلٰی فُلانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیشُ: زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ الشَیءَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیشَ فُلانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ واکدَرَّ الشَیءُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنکَدَرَ فِی السَیرِ: تیز دوڑنا علَیہِ القَومُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنکَدَرَتِ النُجُومُ بکھر جانا۔

الکُدرَۃ. مص من الاَلوانِ: مَیلا۔
الکُدرَۃ مِنَ الحَوضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (والکُدرِیّ والکُدارِیّ) پتلا بادل۔
الکَدَر والکَدر والکَدِیر مِنَ العَیشِ او الاَلوانِ وغَیرِ ذٰلِکَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الکُدُرُّ. موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ. موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ
الکُدارَۃ. ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاَکدَر. مَیلا۔ مؤنث کَدراء. ج کُدر. سخت سیلاب۔ عَیشٌ اَکدَر: تلخ زندگی۔
کَدَسَہُ (ض) کَدسًا و کُداسًا. دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِہِ الاَرضَ: پچھاڑنا۔
کَدَسَتِ الدابۃُ چوپائے کا چھینکنا المُثقَلُ فِی سَیرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا الخَیلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (کَدسًا) بدفالی لینا (وکَدَّسَ) الحَصِیدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔
تَکَدَّسَ. ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔
تَکَدَّسَتِ الخَیلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔
الکَدسَۃ والکُداس. جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے والکُداس مِنَ الثَلجِ او الحَصِیدِ ومَا اَشبَہَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جو ان کی طرح ہو۔
الکُدس ج اَکداس والکُدّاس ج کَدادِیس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکداس الرَملِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الکُداسَۃ. ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الکادِس. فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوادِس.

المُتَکادِس۔ فا مِنَ الشَجَرِ: گنجان درخت۔
کَدَشَہُ (ض) کَدشًا: خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔
کَدَشَ لِعَیالِہٖ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (واکدَشَ واکتَدَشَ) مِن فُلانٍ عَطاءً: حاصل کرنا واکدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَکَدَّشَ الرَجُلُ: پیچھے سے دھکا دیے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الکَدش. زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلدٌ کَدِشٌ" خراش زدہ کھال۔
الکَدّاش. بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
کَدَعَہُ (ف) کَدعًا. ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکُدعَۃ. ذلیل و رسوا۔
اَکدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الکَدفَۃ. ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
کَدکَدَ الرَجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدکَدَہُ وتَکَدکَدَہُ. سختی سے ہٹانا۔
کَدَمَ (ض ن) کَدمًا. اگلے دانتوں سے کاٹنا الصَیدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِی غَیرِ مَکدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔
کادَمَتِ الدابۃُ الحَشِیشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُکدِمَ الاَسِیرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَکادَمُوا بالاَفواہِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الکَدم. مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوم.
الکَدَم. دانت کاٹنے کا نشان۔
الکَدِم. دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سر والی کالی ٹڈی۔ واحد کَدِمَۃ
الکَدمَۃ. کَدَم کا اسم مرۃ داغ، نشان۔
الکَدَمَۃ. حرکت۔
الکَدُوم والکَدّام. دانت کاٹنے والا۔

الکُدام. گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔

الکُدامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔

الکُدامَة والکُدام. کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔

المَکدَم. دانت کاٹنے کی جگہ۔

المُکدَم. مِنَ الحِبال والاَکسِیَة: مضبوط بٹی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکدَمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ اَسِیر مُکدَمٌ: رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔

المُکدَّم. دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مکدَّم جنگ کا زخمی شدہ۔

کَدَنَ (ن) کَدْنًا. بالثوب: پٹکا باندھنا۔

الکَدْن والکِدْن. کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن.

کَدَنَ یَکْدُنُ اَلْفَدَّانَ: زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔

الکِدْنَة. کوہان۔

الکِدْنَة والکُدْنَة چربی اور گوشت کی کثرت۔

الکَدَانَة. نااہلی۔ فرومائیگی۔

الکَدِن. بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَة ج کَدِنَات.

الکَدَن. مٹیالا۔

الکَدَّان. نرم پتھر (اور یہ کذّان کی تحریف ہے)

الکَدَّانَة. نرم پتھر کا ٹکڑا۔

کَدَهَ (ف) کَدْهًا وکَدَّهَ. الشَیْئَ: توڑنا۔ بالحَجَر: پتھر سے سخت رگڑنا عَلَیْهِ: غالب ہونا ہ الهَمَّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْدُوْهٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔

لِاَهْلِهِ: مشقت سے کمائی کرنا شَعْرَهٗ بالمُشْط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔

تَکَدَّهَ. ٹوٹنا۔

الکَادِه: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّه.

الکَدْه. س۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْه.

کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا الزَرْعُ: خراب فصل ہونا الاَرْض: دیر سے اگنا (کِدَاءً) الشَیْئَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔

کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًیٰ بالعَظْم: ہڈی کا گلے میں اٹکنا المِسْكُ: بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ وکَدِیٌّ. کَدِیَتْ اَصَابِعُه: انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔

تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا. مشقت برداشت کرنا۔

کَدَیٰ یَکْدِی کَدْیًا الرَجُلَ: روکنا ۔ مشغول کرنا الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا الرَجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔

اَکْدَیٰ اِکْدَاءً الرَجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاهُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بنانا۔

الحافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَألَه فَاَکْدَیٰ" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا النَبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا العَامُ: خشک سالی ہونا المَطَرُ: بارش کم ہونا الرَجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔

کَدَّیٰ تَکْدِیَةً. سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔

تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا. عطیہ طلب کرنا۔

الکُدْیَة. سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی. الکُدْیَة. طلب عطیہ ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی (والکداة والکدایة) مٹی یا غلّے کا ڈھیر۔

الکَادِیَة. زمانہ کی سختی۔

کَذَّ (ن) کَذًّا. کھردرا ہونا۔

اَکَذَّ. نرم پتھر پر چلنا۔

اَلکَذَّان. نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَة. کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذْبَةً وکِذْبَةً وکِذَابًا و کِذَّابًا. جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا. کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔

کَذَبَ الرَائُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْكَ عَیْنُكَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ و کَذَبَ السَیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ و کَذَبَ القَوْمُ السُرَیٰ: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَه الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

کُذِبَ الرَجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

کَذَّبَهٗ. جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رُک جانا الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی کَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (تَکْذِیبًا و کِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ بِآیَاتِ رَبِّه" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَکْذَبَهٗ. جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ"، جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِکْذَاب ہے۔

کَاذَبَهٗ کِذَابًا و مُکَاذَبَةً. کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَکَذَّبَ. بتکلف جھوٹ بولنا فُلَانًا و عَلَیْهِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَکَاذَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الکُذَاب. بتثلیث الکاف والکُذْبیٰ و الکُذْبَان: جھوٹ۔

الاُکْذُوْبَة. جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْب.

الکَاذِب. فا ج کَذَبَةٌ وکُذَّابٌ و کُذُبٌ.

الکَاذِبَة. کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات و

كَوَاذِب. جھوٹ۔
الكَذُوْب. ج كُذُب والكَذْبَان والكَيْذَبَان والكَيْذُبَان : بڑا جھوٹا۔
الكَذُوْب: نفس۔
الكَذَّاب والكُذَبَة والكَذُوْبَة والتِكِذَّاب والمَكْذَبَان والمَكْذَبَانَة بڑا جھوٹا۔ الكَذُوْبَةُ: نفس۔
المَكْذَبَة والمَكْذُبَة. ج مَكَاذِب والمَكْذُوْب والمَكْذُوْبَة ج مَكَاذِيْب: جھوٹ۔
التَكَاذِيْب. جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔
كَذَا. دو طریقہ سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَرَأَيْتُ عَمْرًوا كَذَا. اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا.
(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا و كَذَا دِرهَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا و كَذَا.
الكَاذِي. کیوڑہ۔
كَرَّ (ن) كُرُوْرًا. لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَم عَنه ثُمّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لیے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا ـ صفت كَرَّار. اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلَحا لِلْكَرِّوالفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
اللَيْلُ والنَهارُ: رات دن کا باری باری آنا (كَرًّا) الرَجُلُ : لوٹانا (كَرًّا وكُرُوْرًا وتَكْرَارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔
كَرَّ (ن) كَرِيْرًا. المَرِيْضُ: جان دینا۔
كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔
كَرَّر تَكْرَارًا وتَكْرِيْرًا وتَكِرَّةً. الشَيْئَ: بار بار کرنا۔
تَكَرَّرَ. بار بار ہونا۔
الكَرُّ ~. س. کھجور کے پتوں کی رسّی ـ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُوْر (والكُرُّ) کنواں۔ ج كِرَار.
الكُرُّ. نماز پڑھنے کے لیے مصلّی۔ ج اَكْرَار و كُرُوْر.
الكُرُّ. ایک پیمانہ کا نام۔ چار درج اَكْرَار.
الكَرَّة. لڑائی میں حملہ عند المولدين مِنَ المحاسبين: ایک لاکھ ج كَرَّات. الكُرَّة: سڑی ہوئی بینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو كرتّان اور قَرَّتَان کہتے ہیں۔
الكَرّى. لڑائی میں حملہ۔
الكَرِيْر. س. گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلوگرفتگی۔
الكَرَّار والمِكَرّ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مكَرَّة: اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔
المَكَرّ. حملہ کی جگہ۔
كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا القَيْد عَلَى المُقَيَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔
ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔
كَرَبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑلینا (كَرُوْبا) قریب ہونا۔
النَارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرِبَتِ الشَمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔
كَرَبَ النَاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے (كَرْبًا وكرابًا) الاَرْضَ لِلزرْعِ: کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔
كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔
كُرِبَ. غم لاحق ہونا۔
كَرَّبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسّی باندھنا الرَجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَكْرَبَ قریب ہونا الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا الإِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔
فِي السَيْرِ: دوڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
كَارَبَه مُكَارَبَةً وكِرَابًا. قریب ہونا۔
تَكَرَّبَ. تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِكْتَرَبَ اِكْتِرَابًا واِكْرَابَ اِكْرِنْبَابًا سخت غمگین ہونا۔
الكَرْب. ج كُرُوْب والكُرْبَة ج كُرَب: غم اور مشقت۔
الكَرَب. ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی؛ کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد كَرَبَة.
الكَرَبَة. گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج كَرَب.
الكَرَابَة. سخت مصیبت۔ ج كَرَائِب.
الكَرَابَة والكُرَابَة. کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَكْرِبَة
الكِرَاب. وادی میں پانی بہنے کی جگہیں ـ واحد كَرْبَةٌ.
الكَرُوْبِيُّون والكَرُوْبِيَّة. اشراف ملائکہ ـ مقرب فرشتے ـ عبرانی زبان میں كَرُبِيم کہتے ہیں۔ ج كَرُوْب. اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد كَرُوْب.
الكَرِيْبُ. نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الكَرِيْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (والمَكْرُوْب) غمگین۔
الكَرِيْبَة. كَرِيْب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج كَرَائِب. کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَارِ

کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اَلْمِکْرُوْبُ: جرثومہ
یعنی پانی خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دوربین کے نظر نہ آئے۔

الِاکْرَاب. س جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْرِجْلَیْكَ بِاکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔

المُکْرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔

اَلْکَرْبُوْنُ اَوِالْفَحِیْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کمیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱. ۱۲ کاربن C-6-
کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔

اَلْکَرْبُوْنَات: کاربونات
سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا بی کاربونیٹ)

الکُرْبَج. دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)

کَرْبَدَ فِیْ عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔

کَرْبَسَ. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔

تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔

الکِرْبَاس. کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیْس (دخیل)

رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔

کَرْبَشَ. چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الشَّیءَ: لینا اور باندھنا۔

تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔

کَرْبَعَہٗ. پچھاڑنا الشَّیءَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔

تَکَرْبَعَ. چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ. کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا الشَّیءَ بِالشَّیءِ: ملانا الحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا۔

الکِرْبَال. گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ روئی دُھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیْل.

الکَرْبَلَة. س۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِیْ مُکَرْبَلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

فَرَاشَةُ الکُرُنْبِ: اَوْ دُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔

اَلکَرُوِرِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا اسٹریلیا ہے۔

کَرَثَ (ضِ ن) کَرْثًا وَاَکْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔

اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا۔

اِکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ: پروا کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ لَایَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔

الکَرَّاث وَالکُرَّاث. گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ.

الکَارِث. غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث.

الکَرِیْث. غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

کَرْثًا وَتَکَرْثًا الشَّعْرُ وَنَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔

الکِرْثِیُّ. تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

الکِرْثِئَة وَالکِرْثَاة. گنجان سبزی۔

الکَرِیْثَاء. کچی کھجور۔

کَرِجَ (س) کَرَجًا وَکَرَّجَ وَاَکْرَجَ وَتَکَرَّجَ الخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَّنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔

الکُرْج. ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (وَالکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

الکُرَّجِیّ. مخنث

الکُرْح. راہب کی کوٹھری۔ ج کُرَّاح.

کَرَخَ (ف) کَرْخًا الماءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔

کَرَدَ (ن) کَرْدًا. ہانکنا العَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا الشَّیءَ: کاٹنا۔

کَارَدَہٗ مُکَارَدَةً. دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الکَرْد. گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکَرْدِہٖ او بِکَرْدَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔

الکَرْدِیْدَة. کھجور کی بڑی ڈھیری۔

کَرْدَحَ. پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔

تَکَرْدَحَ فِیْ عَدْوِہٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔

الکِرْدَح. بڑھیا۔ مضبوط مرد۔

الکُرَادِح. پستہ قد۔

الکِرْدَاح. دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔

الکَرْدَحَة. س۔ تیز دوڑ۔

المُکَرْدَح. فا۔ ذلیل و خوار۔

کَرْدَسَ الخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا الشَّیءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا ہٗ: پچھاڑنا۔

کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔

تَکَرْدَسَ. سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔

الکُرْدُوْس. کندھے کی ہڈی۔

الکُرْدُوْسَة. گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وَکَرَادِیْس. کَرَادِیْسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔

المُکَرْدَس. گٹھے بدن کا۔

اَلکَرْدِیْنَال: ج کَرَادِلَة: گرجا میں ایک بڑا عہدہ

کَرْدَمَ. موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔

تَکَرْدَمَ. گھبرا کر دوڑنا۔
الکَرْدَم والکُرْدُوْم مِنَ الرِجَال: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم و کَرَادِیْم. الکَرْدَم: بہادر۔
کَرَزَ (ض) کُرُوْزًا. داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
تُکُرِّزَ. البَازِیْ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَةً اِلَی المکانِ: دوڑ کر چھپنا۔
عَنْهُ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا
القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْز. چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْز
الجُعَل: گبریلا کی گولی۔ ج کِرَاز و کِرَزَة
الکَرْز. ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ کَرْزَة
الکُرَّز. حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَہ (والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔
الکَارِز والکَارُوْز. انجیل کا واعظ۔
الکُرَاز. ج کِرْزَان والکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الکَرَّاز. چرواہے کا تھیلا اُٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا مِنَ المَعْزِ: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیْز.
الکَرِیْز. پنیر۔
الکِرَازَة. انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَةً الرَجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الکَرْزَم. بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزَم والکِرْزِیْم. کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم و کَرَازِیْم.
کَرَسَ لبناءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
الاُسْقُفُ البیعَةَ اوالاَوَانِی الکَنِیْسَة
وغَیْرَهَا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔
اَکْرَسَ: المکانُ: بول و براز سے لتھڑنا ہٗ: بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَکَرَّسَ. بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا۔ اُسُّ البناءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا الحَبُّ ونَحْوُهٗ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ علیہ: اوندھا ہونا فِی الشَّیْئِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْس. ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج اَکْرَاس و ج اَکَارِیْس. کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے اردگرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَة والکُرَّاس. کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیْس.
الکُرْسِیّ. تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ و کَرَاسٍ کُرْسِیُّ الاُسْقُف. پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِكِ: تخت شاہی۔
والکُرْسِیّ علم: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ الکُرْسِیّ: یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِهٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔
کُرْسِیُّ الجوزَا: چند ستاروں کا مجموعہ۔
الکَرَاسِیّ علماء۔
الکِرْیَاس. چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَابِیْس
الکَرَوَّس. بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُکْرَس والمُکَرَّس. مفصن القَلَائِد: دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔
المکَرَّس. جوان پستہ قد پُر گوشت۔
الکَرْسَنَةُ. موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔
کَرْسَعَ کَرْسَعَةً الرَجُلُ: دوڑ فُلَانًا: گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
الکُرْسُوْع. گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج کَرَاسِیْع. کُرْسُوْعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الکُرْسُعَة والکُرْسُوْعَة. لوگوں کی جماعت۔
المُکَرْسَع. گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُکَرْسَعَة
کَرْسَفَ الدَابَةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔
البَعِیْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
لدَوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَکَرْسَفَ. کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا الشَّیْئُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکِرْسَافَة. آنکھ کی کدورت۔
الکُرْسُف والکُرْسُوْف. رُوئی۔
الکُرْسُفَة والکُرْسُوْفَة. رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الکِرْسِنَّة والکِرْسَنَّة. ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔
الرَجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
کَرَّشَ. ترش روئی کرنا مُکَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَکَرَّشَ وَجْهُهٗ: ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھنا
القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَکْرَشَ الجَدْیُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَکْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدیِ: بکری کے بچے کے انفحة کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو انفحة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں) الرَجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش روئی کرنا۔
الکِرْش والکَرِش. جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوْش. الکَرِش

والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس ۔خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَکْرَاش و کُرُوْش. کَرِش القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ کَرِشُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔

التَّکْرِیْش. اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَشُ مِنَ الرِجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاء ج کُرْش. قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔

المُکَرَّشَة. کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَّصَ. پنیر کھانا۔

اِکْتَرَصَ. الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

الکَرِیْص. پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔

المِکْرَص. دودھ دوھنے کا برتن۔

کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَّیْءَ: تہ بتہ رکھنا۔

کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِی عِرضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔

کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرْعًا وکُرُوْعًا فِی المَاءِ او الِانَاءِ: پانی یا برتن میں مُنہ لگا کر پانی پینا۔

کَرَعَہٗ (ف) کَرْعًا. پنڈلی پر تیر مارنا۔

کَرِعَ (س) کَرَعًا. دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔

کَرِعَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔

اَکْرَعَہُ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: مُنہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔

تَکَرَّعَ. الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔

الکَرَع. س۔ مُنہ لگا کر پینے کے قابل پانی ۔جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ ورِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاعُ مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والکُرَاعُ مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے ۔پنڈلی۔ ج اَکْرُع واَکَارِع.

الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔

کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِی کُرَاعِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔

الکُرَاعِیّ. پائے کا بیچنے والا۔

الکَارِع. فا۔ پانی میں گھسنے والا پئے یا نہ پئے۔

الکَارِعَة. کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات.

الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔

الکَرِیْع. برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔

الاَکْرَع. پتلی پنڈلیوں والا۔

الکَرَّاع. اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔

المَکْرَع. جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع.

فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔

المُکْرَعَةُ مِنَ النَخِیْلِ وغَیْرِہٖ: پانی لگائی ہوئی کھجور۔

کَرَفَ (ن ض). کَرْفًا وکِرَافًا ء اَکْرَفَ الحِمَارُ وغَیْرُہٗ: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ کَرَفَ الشَّیْءَ: سونگھنا۔ اُکْرِفَتِ البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔

اَلْکَرْشَتَةُ: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ اَلْکَرْشُوْنِی: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)

الکَرْف. ایک ہی چمڑے کا ڈول۔

کَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ کَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

تَکَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔

الکِرْفِیُّ. بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الکِرْفِیُّ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

المُکَرْفَح. بدصورت چہرہ والا۔

اَلْکَرَافِیَّةُ: شیشہ کی بوتل۔

کَرْفَسَ کَرْفَسَةً. بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔

تَکَرْفَسَ. بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الکُرْفُس. رُوئی۔

الکَرَفْس. اجوائن۔

الکُرْکِیّ. سارس۔ ج کَرَاکِیّ.

الکَرْکَدَّن. گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرگَدَنّ کہتے ہیں۔

کَرْکَرَ کَرْکَرَةً الشَّیْءَ: بار بار اعادہ کرنا الرحی: چکی گھمانا الحَبَّ: دانہ پیسنا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا الرَّجُلَ: قید کرنا فِی الضَحِكِ: بہت ہنسنا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا الرِیَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا الاَمْرَ عَنْهُ: دفع کرنا؛ ہٹانا۔ رد کرنا بالدَجَاجَةِ: مرغی کو بلانا۔

تَکَرْکَرَ فِی الاَمْرِ: مضطرب ہونا المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔

الکَرْکَر. ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرَة. س گاڑھا دودھ ۔پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔

الکِرْکِرَة. سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت ۔ج کَرَاکِر. الکَرَاکِر: گھوڑے کے جوڑ۔

الکَرْکُوْرَة. گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشَّیْءَ: رد کرنا۔ ہٹانا الدابۃ چوپائے کو باندھنا (و تَکَرْکَسَ) الانسانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
الکُرْکُمْ. زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
الکُرْکَند. سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
کَرُمَ (ک) کَرَمًا وکَرَمَۃً وکَرَامَۃً. عزیز و نفیس ہونا آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا السَّحابُ: بارش لانا۔
کَرَمَہُ (ن) کَرْمًا. کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہُ فَکَرَمَہُ" اِس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔
کَرَّمَہُ تَکْرِیْمًا وتَکْرِمَۃً. تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہُ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (وکُرِّمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔
کَارَمَہُ کرم میں مفاخرت کرنا وکَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔
اَکْرَمَ. کریم اولاد والا ہونا فُلَانًا: تعظیم کرنا نَفْسَہُ عَنِ المَعَاصِی: بچانا محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہُ لِی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔
تَکَرَّمَ. بتکلف کرم کرنا (وتَکَارَمَ) عَنِ کَذَا: بچنا۔ دُور رہنا۔
اِسْتَکْرَمَ. عمدہ عمدہ چھانٹ لینا الشَّیْءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔
الکَرَمُ. مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔
الکَرَم. صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ.
الکَرْم. انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوم. بِنْتُ الکَرْمِ اوالکَرْمَۃِ او الکُرُوْمِ شراب۔ الکَرْم: ہار۔

الکَرْمَۃ. انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے
الکُرْمَۃ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃٌ" مرد کریم۔
الکَرَامَۃ. مص کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وکَرَامَۃً لکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں "وَلَہُ عَلَیَّ کَرَامَۃٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا وکُرْمَۃً وکَرْمَۃً وکُرْمَی وکُرْمَانًا وکُرْمَۃَ عَیْنٍ لکَ. یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔
الاُکْرُوْمَۃ. کرم کا فعل۔
التَّکْرِمَۃ. مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔
الکَرِیْم. صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام وکُرَمَاء. اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان: حج اور جہاد۔
الکَرِیْمَۃ. کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات وکَرَائِم وکِرَام. الکَرِیْمۃ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیْمَتَان: دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃ الرَّجُل: بیٹی الکَرِیْمَۃ: صاحب کریم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہِ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔ کَرِیْمَۃٌ میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ کَرَائِمُ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔
الکُرَام. کریم۔ ج کُرَامُوْن.
الکَرَّام. انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
الکُرَّام والکُرَّامۃ. بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن.

المَکْرُمَانُ. کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرُمَانُ.
المَکْرُم والمَکْرُمَۃ. شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم. اَرْضٌ مَکْرُمَۃٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔
المَکْرُم والمَکْرُمَۃ. کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
المِکْرَام. لوگوں کا اکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔
المُکْرَم. مف۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔
کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا ضَیْفَہُ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الکُرْنُب والکَرْنَب کرم کلا۔
الکُرْنُبِیَّۃ. ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔
فَرَاشَۃُ الکُرْنُبِ: او دُوْدَۃُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْکُرُوْرِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا اسٹریلیا ہے۔
کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہُ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ کَرْنَفَ الشَّیْءَ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا النَّخْلَۃَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔
الکِرْنَاف والکُرْنَاف. کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد کُرْنَافَۃٌ ج کَرَانِیْف.
اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ. موٹی ناک۔
کَرِہَ (س) کَرْھًا وکُرْھًا وکَرَاھَۃً وکَرَاھِیَۃً ومَکْرُھَۃً ومَکْرَھَۃً الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہٌ. صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ.

کَرِہَ (س) کَرَاهَةً و کَرَاهِيَةً الْاَمْرَ او المَنْظَرَ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِيْهٌ.
کَرَّہَ الشيَّ فُلاَنًا و کَرَّہَ الشيَّ اِلٰی فُلاَنٍ: ناپسند کرانا۔
اَکْرَہَ. فُلاَنًا عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ الرجلَ: ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔
تَکَرَّهَهٗ وتَکَارَہَ الشيَّ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ وتَکَارَهَهٗ. غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَہَ الشيَّ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔
الکَرْہ والکُرْہ. مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْہ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہٌ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شیٌ کُرْہٌ" مکروہ چیز "و رَجُلٌ کَرْہٌ" ناراض مرد "وَجْهٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "و فَعَلَهٗ کَرْهًا" یعنی اس نے اس کو مجبور آکیا۔
الکَرِہ. قبیح۔
الکَرَاهَة. مص۔ سخت زمین۔
الکَرَاهِيْن. کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُكَ کَرَاهِيْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔
الکَرِيْهَة. مؤنث کَرِيْه. لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِه. ذُوالکَرِيْهَة: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُ دُوْنَهٗ کَرَائِهَ ومَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔
المَکْرَہ. مکروہ۔ ج مَکَارِہ.
المَکْرَهَة والمَکْرُوْهَة. ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِہ.
المَکْرُوْہ. مف۔ شر۔ ناپسندیدہ۔
المَکْرُوْهَه. سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْمَکْرُوْهَةٍ" وہ سختی میں ہے۔
کَرَا يَکْرُوْ کَرْوًا. الارضَ: کھودنا۔ الامرَ: بار بار اعادہ کرنا البئرَ: کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا بِالکُرَۃ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدابةُ: تیز دوڑنا۔
کَرِيَتْ تَکْرٰی کَرًا. الساقُ: پنڈلی کا باریک ہونا المرأۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔
الکَرَا. بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کروان کا مذکر۔
الکَرَوَان. ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کری کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَة. ج کِرْوَان و کَرَاوِيْن.
الکُرَة. ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرِيٌّ و کُرَوِيٌّ ج کُرًى و کُرِيْن و کِرِيْن و کُرَاتٌ و اُکَر.
الکَرَوِيَا والکَرَوِيَاء. زیرہ۔
کَرٰی يَکْرِيْ کَرْيًا. الرَجُلُ: تیز دوڑنا النَّهْرَ: نہر کو کھودنا بالکُرَة: گیند کھیلنا۔
کَرِيَ يَکْرٰی کَرًى. الرَجُلُ: اونگھنا صفت کَرٍ و کَرْيَان و کَرِيٌّ.
کَارَاہٗ مُکَارَاةً و کِرَاءً. الدابةَ او الدارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.
اَکْرٰی اِکْرَاءً. الشيُّ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا (ضد) فُلاَنٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الامرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا الحديثَ: بات طویل کرنا فُلاَنٌ دابتہ او دارہ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔
الکِرْو والکُرْو والکِرْوَة
تَکَرّٰی تَکَرِّيًا. سونا۔
اِکْتَرٰی مِنْهُ الدارَ وغيرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
تَکَارٰی واسْتَکْرٰی الدارَ وغيرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
الکِرَاء والکِرْوَة. کرایہ۔
الکَرِيُّ. اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِيَاء. بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِيَّة.
الکَرْيَان. اونگھنے والا۔
المُکَارِي. جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْن. اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔
المُکَرّٰی مِنَ الابلِ: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔
کَزَّ (ن) کَزًّا الشيَّ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاہُ: قدم قریب قریب ہونا المرأۃُ ومُلجهَا: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا (کَزَازَةً و کُزُوْزَةً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔
کُزَّ. سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔
اَکَزَّ. اللّٰهُ فُلاَنًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی مَکْزُوْزٌ.
اِکْتَزَّ. سکڑنا۔
الکَزُّ. مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ "و ذَهَبٌ او جَمَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط "و فُلاَنٌ کَزُّ اليَدَيْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ.
الکَزَّة کَزٌّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّةٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں "وبَکَرَةٌ کَزَّةٌ" یعنی تنگ چرخی۔
الکَزَان. کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔
الکُزز. بخل۔
الکُزَاز والکُزَّاز. سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔
کَزِبَ (س) کَزَبًا. مُشْطُ الرِجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا۔ سکڑنا۔
الکُزْبَرَة والکُزْبُرَة والکَزْبَرَة. دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔
کَزَمَ (ن) کَزْمًا. منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ الجوزةَ ونحوهَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا۔ سخت دانت کاٹنا۔
کَزِمَ (س) کَزَمًا. بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَم پیش قدمی سے ڈرنا۔
کَزَمَ البَرْدُ اصابعَهٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْرَم. سَکْرًا عَنِ الطَّعَامِ: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔
تَکَرَّمَ الفَاکِهَةَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔
الکَزَم. تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الکَزَم. بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِي يَدِهِ كَزَمٌ" جبکہ افعالِ خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔
الکَزَم مِنَ الرِجَالِ: بزدل خائف مرد۔
الکَزْمَان مِنَ الرِجَالِ: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔
المُتَکَزِّم. چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔
کَزَیَ یَکْزِیُ کَزْیًا. اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔
کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیَٔ: باریک کوٹنا۔
کَسَّ (س) کَسَسًا. چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ مؤنث کَسَّاء ج کُسٌّ۔
الکُسّ. اندام نہانی۔
الکَسِیْس. ٹوٹی ہوئی روٹی؛ شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔
المَکْسُوْس. مع۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔
کَسَأَهُ (ف) کَسْأً. پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَةَ: چوپایہ کو ہانکنا۔ القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا۔ هُ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔
الکُسْء. مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
الکُسْء والکُسُوْءُ مِن کُلِّ شَیْءٍ: پچھلاحصہ ج اَکْسَاء. کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسْأَهُ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "وَاتَیْنَا فِي اَکْسَاءِ الشَّهْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے "وَمَرُّوا فِيْ اَکْسَاءِ المُنْهَزِمِیْنَ او عَلَی اَکْسَاءِ هِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔
کَسَبَ (ض) کَسْبًا وَکِسْبًا وَتَکَسَّبَ وَاکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا لِاَهْلِهِ: کمائی کرنا۔
کَسَبَ وکَسَّبَ واَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا مال یا علم حاصل کرانا۔
اِسْتَکْسَبَ وتَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔
تَکَسَّبَ الرَّجُلُ کمانے کی کوشش کرنا۔
الکَسْب. مص۔ کمائی۔
الکِسْبَة والکَسِیبَة. کمائی۔
الکَاسِب. فا۔ ابوکاسب: بھیڑیا۔
الکَاسِبَة. کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب
الکَوَاسِب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔
الکَسُوْب والکَسَّاب. بہت کمائی کرنے والا۔
المَکْسَب والمَکْسِب والمَکْسَبَة. کمائی۔
اَلکُسْتَنَا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابو فروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ کَسْتَنَةُ الحِصَانِ او قَسْطَلَةُ الحِصَانِ. سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔
الکَسَّاب. بھیڑیا۔
الکُسْب. کھلی۔
الکُسْبُج. کھلی۔
الکُسْبُر. ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر
الکُسْبُرَة دھنیا۔
کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِیحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ الشَّیَٔ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِي فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔
کَسِحَ (س) کَسَحًا. ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهُ" کس قدر بوجھل ہے۔
کَاسَحَهُ مُکَاسَحَةً. بہت سخت جھگڑا کرنا۔
اِکْتَسَحَ الشَّیَٔ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِم فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔
الکَسْح مص۔ عاجزی۔
الکُسَاحَة. کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الکَسِح. وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔
الاَکْسَحُ. ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان.
الکَسِیْح والکُسَیْح والکُسْحَان ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔
الکُسَاح. اونٹوں کا ایک مرض۔
المِکْسَحَة. جھاڑو۔
المُکَسَّح. چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّح.
المَکْسُوْح. مع جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔
کَسْحَبَ کَسْحَبَةً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔
کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیُٔ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ.
اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔
اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔
اَکْسَدَ الشَّیَٔ: غیر رائج بنانا۔
اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔
الکُسْد. قسط (ایک دوا کا نام)
الکَسِیْد. مندا۔ گھٹیا۔
کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وَکُلَّ صُلْبٍ:

توڑنا۔
العَسْكَرَ: لشکر کو شکست دینا الوَصِیَّةَ: وصیت منسوخ کرنا الشِعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا الطَائِرُ جُنَاحَیْهِ: پرندہ کا اترنے کے لیے پروں کو سیٹنا الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور تہ لگانا المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بانٹنا۔ كَسَرَ مِنْ طَرْفِه وعَلٰی طَرْفِه: نگاہ پست کرنا فُلَانًا عَنْ مُرَادِه: پھیرنا۔

كَسَرَ (ض) كُسُوْرًا الطَائِرُ: پرندہ کا اترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

كَسِرَ (س) كَسَرًا. کاہل ہونا۔

كَسَّرَ بمعنی كَسَرَ. تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے وكَسَّرَتِ المرْاَة ونَحْوهَا النُوْرَ عَلٰی كَذَا فَتَكَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ كَسَّرَ الكَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "كَسَّرَ الكِتَابَ عَلٰی عِدَة اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَكَسَّرَ. ٹوٹنا الشَیْءُ: توڑنا۔

اِنْكَسَرَ. ٹوٹنا العَسْكَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا الحَرُّ: گرمی کم ہونا العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا عَنِ الشَیْءِ: عاجز ہونا۔

اِكْتَسَرَ الشَیْءَ. توڑنا۔

الكَسْرُ. مص زیر کی حرکت۔ بہت کم فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی، چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج كُسُوْرٌ وج كُسُوْرَات.

الكَسْرُ والكِسْرُ. عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ وهُوَ یُطْعِمُ النَاسَ مِنْ كُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَكْسَار وكُسُوْر. كُسُوْرُ الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِه اَرْضٌ ذَاتُ كُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الكَسْرَةُ كَسْر کا اسم مرة زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الكَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے "وبِعَیْنِه كَسْرَةٌ مِنَ السَهْرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج كَسَرَات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ كَسَرَاتٍ وهَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الكِسْرَةُ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج كِسَرٌ وكِسِرَات وكِسْرَات.

كَسْرٰی وكِسْرٰی. شاہانِ فارس کا نام۔ ج اَكَاسِرَة واَكَاسِر وكَسَاسِرَة وكُسُوْرا اور نسبت کے لیے كَسْرَوِیّ اگر كَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر كِسْرٰی کی طرف ہو۔ كِسْرَوِیّ اِكْسِرِیّ.

الكُسَار والكُسَارَة مِنَ الحَطَبِ ونَحْوِه: کھورا۔ چھپٹی۔

الكَسِیْرُ. ٹوٹا ہوا۔ ج كَسْرٰی و كَسَارٰی.

الاِكْسِیْرُ. وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَكْسِیْرُ ~ مص. والتَكْسِیْرُ عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ: پیائش۔

الكَاسِرُ. فا۔ ج كُسَّرٌ. عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ كَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

كَاسِرُ الحَجَرِ او القُلَّبِ: پہاڑی علاقے کا پھول۔

الكَاسِرَةُ كاسر کا مؤنث ج كَاسِرَات وكُسَّرٌ وكَوَاسِر الكَوَاسِرُ: شکاری پرندے۔

اَلتَكَسُّرُ (فی الطب): وہ حالت جو جسم میں کمزوری والی ٹھنڈک اور چڑے اور پٹھوں میں بدحالی پیدا کردے۔

الاِنْكِسَارُ (فلکیات): ایتھی شعاع کی جہت میں تبدیلی جو شفاف مادے سے گزر کر دوسرے مادے کے وسط تک چلی جاتی ہے۔

الكَسَّارُ. اسم مبالغہ۔

المَكْسِرُ. توڑنے کی جگہ۔ مَكْسِرُ الشَجَرَةِ: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَكْسِرِ" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُكَاسِرُ مِنَ الجِیْرَانِ: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِیْ مُكَاسِرِیْ" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُكَسَّرُ. مف. المُكَسَّرُ مِنَ الاَوْدِیَةِ: وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع المُكَسَّرُ: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ. مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد.

المَكْسُوْرُ. مف. صَوْتٌ مَكْسُوْرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَكَسِّرُ. فا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ مُتَكَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

كَسَعَهٗ (ف) كَسْعًا. دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ كَسَعَ السَفِیْنَةَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اُتارنا اور چلانا۔ كَسَعَهٗ بِكَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَیْلُ یَكْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے "واتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَهُمْ یَكْسَعُهُمْ بِالسَیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا "كَسَعْتُ الرَجُلَ بِمَا سَاءَهٗ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

كَسَعَتْ واكْتَسَعَتِ الخَیْلُ بِاَذْنَابِهَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تکسّع فِیْ ضَلالِہٖ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔
الکسع فِی الخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی۔
الکُسع. روٹی کے ٹکڑے۔
الکُسْعَة. پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع. کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔
الاَکْسع. مِنَ الخَیْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد سفیدی والا گھوڑا مِنَ الطَّیْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔
رَجُلٌ مُکَسَّعٌ. بے بیاہا مرد۔
الکُسعُوْم. گدھا۔
کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا اللّٰہُ الشَّمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا بَصَرَہٗ: نگاہ پست کرنا الشَّمْسُ النُّجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔
الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهُ الحُزْنُ وَغَیْرُہٗ: غمگین کر دینا۔
کَسَفَت (ض) کُسُوْفًا الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا وَجْهُهٗ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا حَالُهٗ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهٗ: اُمید منقطع ہونا کَسَفَ بَالُهٗ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔
تَکَسَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔
اِنْکَسَفَتِ الشَّمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔
کَسَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَسْف. مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا وامِسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)
الکاسِف. فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "وَیَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "وَرَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الکِسْفَة ٹکڑا ج کِسْف وکِسَف واَکْسَاف وکُسُوْف.
الکَسِیْفَة ٹکڑا۔
الکَسْکَسَة مص وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واَکرُ مُتکِس بلك واکرمتك میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)
الکُسْکُس. ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔
کَسِلَ (س) کَسَلًا وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہئے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلَان ج کَسَالی و کُسَالی مؤنث کَسِلَةٌ وکَسْلَانَةٌ وکَسْلی.
کَسِلَ (س) کَسَلًا واَکْسَلَ. بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔
اَکْسَلَ الاَمرُ فُلَانًا: کاہلی میں ڈالنا۔
الکَسَالَة بیکاری۔
الکَسُوْل. کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الکِسْل والمِکْسَل. دُھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِکْسَال. کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔
المَکْسَلَة. سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَةٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تَکْسِلَهُ المَکَاسِل" اسبابِ کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
کَسَم (ض) کَسْمًا الیَابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا عَلی عِیَالِہٖ: کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا نَارَ الحَرْبِ: لڑائی بھڑکانا۔
الکُسْم. مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْم. کر گزرنے والا۔
الکَیْسُوْم. بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِہٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ واَکْسُوْمٌ ویَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَیْلٌ اَکَاسِم. بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَّوْبَ فُلَانًا: کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
کَسِیَ یَکْسَی وکُسِیَ کَسَا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسَی کَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بالکِسَاءِ: اوڑھنا۔ پہننا۔
کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلَانًا: فخر کرنا۔
اِکْتَسٰی. لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بالنَّبَاتِ: نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُه ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَکْسٰی فُلَانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الکَاسِی. فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة
الکَسَاء. بزرگی و شرف۔
الکِسَاء. کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَة.
الکُسْوَة والکِسْوَة لباس۔ ج کُسًی وکِسًی.
الاَکْسٰی. بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الکُسْیُ چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء. کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَہٗ" وہ گدی کے بل گرا۔
کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنْدُ: آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا الجَرَّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا البَقَرَةُ: گائے کا آواز نکالنا (کَشًّا) الرَّجُلَ وَغَیْرَہٗ: دھتکارنا۔ ڈانٹنا

تَکاشَتِ الافاعی: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔

الکَشّ. وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔

الکُشّۃ. پیشانی یا سر کے اگلے حصّہ کے بالوں کا گچھا۔

الکَشِیش. س. شراب کے جوش کی آواز۔

کَشَاَ (ف) کَشْاً الشَّیْئَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا فُلاناً بالسَّیفِ تلوار سے مارنا (واکْشَا) اللحمَ گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْئٌ و کَشَاَ الرَّجلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَاَ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

کَشِئَتْ (س) کَشَاً و کَشَاءً یَدُہٗ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔

کَشَاَ و کَشِیْئَ کَشَاً و کَشَاء و تَکَشَّاَ الرَّجلُ مِنَ الطَّعام: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیئٌ و کَشِیٌ۔ تَکَشَّاَ الشَّیْئَ: چھل جانا اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَّاَ تکشِئَۃً اللحمَ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

الکُشْاۃ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسدِہٖ کُشْاۃ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کَشَبَ (ض) کَشْباً و کَشَّبَ اللحمَ: گوشت بہت کھانا۔

الکُشْتُبان انگشتانہ ج کَشَاتِبین. وزَھْرُ الکُشْتُبان ایک قسم کی نباتات۔

الکُشُوث والکُشُوثِی والکُشُوثَی والکُشُوثَاء. ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔

کَشَحَ (ف) کَشْحاً البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا القَوْمَ: پراگندہ کرنا، دھتکارنا عَنِ الماءِ پانی پر سے واپس ہونا لَہٗ بِالعَداوَۃ: دشمنی کرنا الدابۃُ چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا الطائرُ پرندہ کا تیز واپس آنا الظلامُ او الضَّوْءُ تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا (و کَشَّحَ) العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ہٗ: پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح. کُشِحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ (س) کَشَحاً درد پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحاً و مُکاشَحَۃً فُلاناً بِالعَداوَۃ دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجاریۃَ: جماع کرنا۔

الکَشْح. س. پہلو۔ ج کُشُوْح. کہا جاتا ہے "طَوٰی کَشْحَہٗ عَن فُلانٍ او طَوٰی کَشْحاً عَنْہُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا "وطَوٰی کَشْحَہ علی الامرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الکَشَح. پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکاشِح. فا. پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دُوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الکِشَاح. پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَۃ باطنی عداوت۔

المِکْشَح والمِکْشَاح. تلوار کی دھار۔

المِکْشَاخ کلہاڑا۔

کَشَدَ (ض) کَشْداً الشَّیْئَ دانتوں سے کاٹنا النَّاقَۃَ اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَکْشَدَ. خالص مکھن بنانا۔

الکِشْدَۃ مکھن۔

الکاشِد والکَشُود والکَشَد اہل و عیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد.

کَشَرَ (ض) کَشْراً عَنْ اَسْنَانِہٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَۃ السبعُ عَنْ نَابِہٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلانٌ لَہٗ: چیتے جیسا بننا۔

کَشِرَ (س) کَشَراً. بھاگنا۔

کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِہٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

کَاشَرَہٗ مُکَاشَرَۃً. باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَکْشَرَ لَہٗ عَنْ اَنْیَابِہٖ دھمکی دینا۔

تَکَشَّرَ دانت نکالنا۔

الکُشْر. س. سوکھی روٹی۔

الکُشَر انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُکَاشِر. فا. الجارُ المُکَاشِر: قریبی پڑوسی۔

کَشَطَ (ض) کَشْطاً و اسْتَکْشَطَ الشَّیْئَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّیْئِ: جھول کر گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا الحَرْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔

و کَشَطَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا و اسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْکَشَطَ. اُتارا جانا۔ ننگا ہونا الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔

الکَشَّاط. قصائی۔

الکِشَاط انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الکَشَطَۃ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

کَشَعَ (ف) کَشْعاً القَوْمُ عَنْ قَتِیْلٍ: قوم کا مقتول سے متفرق و پراگندہ ہونا۔

کَشِعَ (س) کَشَعاً. بددل ہونا۔ زچ ہونا۔

کَشَفَ (ض) کَشْفاً و کَاشِفَۃً الشَّیْئَ و عَنِ الشَّیْئِ. ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰہُ غَمَّہٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے "و کَشَفَتْہُ الکَوَاشِفُ" یعنی رسوا کر دیا۔

كَشَفَا(س) كَشَفًا شکست کھانا الرَّجلُ او الفرسُ کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔
كَشَّفَ الشئَ کھولنا۔ ظاہر کرنا فُلانا عنِ الامرِ ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔
كَاشَفهُ بكذا خبردار کرنا هُ بالعَدَاوة کھلی کھلی دشمنی کرنا۔
اكشَفَ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔
اِنْكَشَفَ الشئُ ظاہر ہونا۔
تَكَشَّفَ الشئُ ظاہر ہونا البرقُ بجلی کا آسمان پر پھیلنا الرَّجلُ رسوا ہونا۔
تَكَاشَفَ القومُ ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔
اِكْتَشَفَ الشئَ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاكتشافات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو امورِ طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔
اِسْتَكْشَفَ عَنِ الشئِ ظاہر کرنے کو کہنا۔
الكَشْفُ مص عند العروضيين ساتویں متحرک کا گرا دینا۔
الكَشْفُ وہ کاغذ جس میں سامان تجارت کی مقدار اور اس پر معاوضہ ادائیگی تحریر کیا جاتا ہے۔
الكَشْفُ الإلهي: عِندَ الصوفيين جب صوفی ولی اللہ مخصوص طرق عبادت اختیار کرے تو اس پر حقائق الٰہیہ منکشف ہو جاتے ہیں۔ اصحاب الکشف ان ہی حضرات کو کہا جاتا ہے جن پر کشف ہوتا ہے۔
الكَشَفُ مص سر کے اگلے حصّہ کے بال گر جانا۔ والكَشَفُ فِي الخَيلِ دُم کے بالوں کی پیچیدگی۔
الكَشَفَةُ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔
الكَاشِفُ فا۔ ج كَشَفَة
الكَاشِفَةُ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رسوائی ج كَوَاشِف
الكَشَّافُ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَشَّافُ الغُمَم" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الأَكْشَفُ جس کے سر کے اگلے حصّہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچیدگی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔
الكَشْفَاءُ اكشف کا مؤنث۔
الكَشِيفُ بمعنی مَكْشُوفٌ کھلا ہوا۔ ظاہر۔
الكَشْكُ جو کا پانی۔ آش جو۔
الكَشْكُ عِندَ عامتنا ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے الكُشْكُ گنبد دار محل (دخیل)
كَشْكَشَ كَشْكَشَةً بھاگنا۔ كَشْكَشَتِ الحَيَّةُ سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔
الكَشْكَشَة مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اَكرَمْتُشِ وعَلَيْشِ اَكرَمْتُكِ وعَلَيْكِ میں۔
الكَشْكُول والكَشْكُولَة بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔
كَشَمَ(ن) كَشْمًا وكَشَّمَ واكْتَشَمَ الأَنفَ ناک جڑ سے کاٹنا۔
كَشِمَ(س) كَشَمًا پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَكْشَم
كَشَمَ(ض) كَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔
اَنفٌ كَشِمٌ واَكْشَمُ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔
الكِشْمُ والاَكْشَمُ تیندوا۔ كَشْمَرَ رونے کے لیے آمادہ ہونا اَنفَهُ ناک توڑ دینا۔
الكِشْمِشُ کشمش واحد كِشْمِشَة
كَشَاهُ يَكْشُوهُ كَشْوًا دانتوں سے کاٹ کھانا۔
الكُشْيَةُ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دُم کی جڑ۔ ج كُشًى

كَصَّ(ض) كَصًّا القومُ اکٹھا ہونا (كَصِيصًا) الماءُ بالنَّاسِ پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (كَصًّا وكَصِيصًا) الصَّوتُ آواز باریک ہونا۔
اَكَصَّ بھاگنا اور شکست کھانا۔
تَكَاصَّ واكْتَصَّ القومُ اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
الكَصِيص مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ وتاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔
الكَصِيصَة جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج كَصَائِص
كَصْكَصَ تیز چلنا۔
كَصَمَ(ض) كُصُومًا پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (كَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ الرَّجلَ سختی سے ہٹانا۔
كَصَى يَكْصِي كَصْيًا رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
كَضَلَ(ن) كَضْلًا ہٹانا۔ دور پھینکنا۔
كَظَّ(ن) كَظًّا الطَّعامُ فُلانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا الغَيظُ صَدرَهُ: سخت غضبناک ہونا الحَبلَ رسّی باندھنا۔ خَصمَهُ: چاروں طرف سے گھیر دینا (كِظَاظًا وكَظَاظَةً الامرُ فُلانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا المَسِيلُ بالماءِ پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔
كَاظَّهُ كِظَاظًا ومُكَاظَّةً جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔
تَكَاظَّ القومُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔
اِكتَظَّ مِنَ الطَّعامِ سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا المَسِيلُ بالماءِ پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا المَحَلُّ لوگوں سے بھر جانا اِكتَظَّهُ الغَيظُ سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔
الكِظَّة بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی

تکلیف۔
الکِظَاظ۔ مص۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دِل کو بھر دے۔ عداوت۔
الکِظُّ۔ مص کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کِظٌّ" سخت گیر مرد (والکَظِیْظ والمُکْظَظ والمَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔
الکَظِیْظ والمَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔
الکَظِیْظ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَاب فُلَانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔
طَعَام مُکْظَّة۔ بدہضمی والا کھانا۔
کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا۔ بہت موٹا ہونا۔
کَظَرَ (ن) کَظْرًا۔ القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا الزَنْدَةَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔
الکُظْر۔ کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (والکُظْرَة) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔
الکِظْر ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔
کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا النَهرَ: نہر کو روکنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا البَعِیْرَ بالکِظَامَة: اُونٹ کو نکیل لگانا الشَئَ و عَلَی الشَئِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اُونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلَانٌ عَلٰی جِرَّتِہٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (کَظْمًا وکُظُوْمًا) غَیْظَہٗ: غصہ نگل جانا۔
کُظِمَ کُظُوْمًا۔ خاموش رہنا۔
الکَظَم۔ سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِہٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔
الکِظَام۔ بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔
الکِظَامَة۔ وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِی کِظَامَتَی المِیزَان" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الکِظَامَة: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَةُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (والکَظِیْمَة) دو قریب قریب کنوؤں کے درمیان نالی۔
الکَظِیْمَة: توشہ دان۔ ج کَظَائِم۔
الکَاظِم۔ فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم۔ بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اُونٹ۔
اِبِلٌ کُظُوْم۔ اُونٹ جو جگالی نہ کرے۔
الکَظِیْم والمَکْظُوْم۔ مصیبت زدہ۔
الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔
کَظَا یَکْظُوْ کَظْوًا لَحْمُہٗ: گوشت سخت ہونا۔
تَکَظّٰی لَحْمُہٗ سِمَنًا: موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔
اَرْضٌ کَاظِیَة خشک زمین۔
کَعَّ (ن ض) کَعًّا و کُعُوْعًا و کَعَاعَةً و کَیْعُوْعَةً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔
اَکَعَّ فُلَانًا: خوف دلانا۔ بزدل بنانا فِی کَلَامِہٖ: کلام میں رکنا الخَوْفُ فُلَانًا: ارادہ سے باز رکھنا۔
الکَعُّ والکَاعُ۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعُّ الوَجْہِ" فلاں سبک رخسار ہے۔
کَعَبَت (ن ض) کُعُوْبًا و کُعُوْبَةً و کَعَابَةً الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت کَعَاب و کَاعِب۔
کَعَبَ (ف) کُعُوْبًا الثَدْیُ: پستان اُبھرنا۔
(کَعْبًا) الإِنَاءَ: برتن بھرنا فُلَانًا: خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔
کَعَّبَ الإِنَاءَ: برتن بھرنا الشَئَ: چوکور بنانا۔ کَعَّبَت الجَارِیَةُ: لڑکی کا اُبھری ہوئی پستان والی ہونا۔
اَنْکَعَبَ۔ دوڑنا۔
الکَعْب۔ دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج کُعُوب. کہا جاتا ہے "اَعْلَی اللّٰہُ کَعْبَھُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَھَبَ کَعْبُھُمْ" ان کی عزت تباہ ہوگئی و "رَجُلٌ عَالِیُ الکَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔
الکَعْب: پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج کَعْبٌ و کِعَاب. والکَعْبُ فِی عِلْمِ الھِنْدَسَةِ: مربع جسم۔ الکَعْب: ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر اُبھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج کِعَاب و کُعُوْبٌ و اَکْعُبٌ.
الکِعَاب. نرد کے مہرے۔ واحد کَعْبٌ و کَعْبَةٌ.
تَکْعِیْب عَدَدٍ مَا: تین برابر اعداد کا حاصل ضرب جیسے ۶ کا کعب ۲۱۶=۶×۶×۶
الکَعْب. اُبھری ہوئی پستان۔
الکَعْبَة. نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج کعاب و کعبات.
الکُعْبَة. دوشیزگی۔
جَارِیَةٌ کَعَابٌ و مُکَعَّبٌ. اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ مُکَعَّبٌ".
الکَاعِبُ. مِنَ الجَوَارِی والثُدِیِّ: اُبھری ہوئی پستان والی لڑکی یا اُبھری ہوئی پستان ج کَوَاعِب.
المُکَعَّب. مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِی الحِسَابِ مُکَعَّبُ العَدَدِ: چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْیٌ
مُکَعَّبٌ: اُبھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)
مُکَعَّبَةٌ. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔
کَعْبَرَہٗ کَعْبَرَةً بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔
الکَعْبَرَة مص مِنَ النِسَاءِ: عجمی اُکھڑ عورت۔
الکُعْبُر مِنَ العَسَلِ: شہد کے چھتہ میں جو

جمع ہو۔
الکُعْبُرَۃُ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند و ست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پاخانہ جو اُونٹ کی دُم پر خشک ہو جائے۔ کُعْبُرَۃُ الکَتِفِ موںڈھے کا گول حصّہ۔ کُعْبُرَۃُ الوَظِیْفِ پنڈلی کے نچلے حصّہ کے ملنے کی جگہ۔ ج کَعَابِر. الکَعَابِر: ہڈیوں کے سرے۔
الکُعْبُوْرَۃُ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلّہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج کَعَابِیْر.
اَکْعَتَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصّہ سے پھولنا۔
الکُعْت. پستہ قد مرد۔ مؤنث کُعْتَۃ.
الکُعْتَۃ. شیشی کا سر بند۔
کَعْتَرَ. تیز چلنا۔ تیز دوڑنا فِیْ مَشْیِہٖ: مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
الکُعْتُر. چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔
الکُعْد. گون۔
الکُعْدَۃ. شیشی کا سر بند۔
الکُعْدُب. فرومایہ۔ بے مروت مرد۔
الکُعْدُبَۃ. پانی کا بلبلہ۔
کَعِرَ (س) کَعَرًا الصَّبِیُّ: پرشکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت کَعِرٌ. کَعِرَ البَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (و کَعَّرَ و اَکْعَرَ) البَعِیْرُ: اُونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔
کَعَرَ یَکْعَرُ کَعْرًا: ملامت کرنا۔
الکُعْر. کوہان۔
الکُعْرَۃ. غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔
الکُعْوَرَۃ. بڑی ناک والا۔
کَعَزَ (ف) کَعْزًا. انگلیوں سے چننا۔
الکَعْس. ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج کِعَاس.
کَعْسَبَ کَعْسَبَۃً. الرَّجُلُ: دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔
کَعْسَمَ کَعْسَمَۃً. پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الکُعْسُم گور خر۔ ج کَعَاسِم.
کَعْطَلَ کَعْطَلَۃً تیز دوڑنا بِیَدِہٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکَعِیْظ و المُکَعْظ پستہ قد۔ موٹا مرد۔
کَعْظَلَ کَعْظَلَۃً تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ بِیَدِہٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الکَعْک. کیک۔ واحد کَعْکَۃ. ج کَعْکَات (دخیل)
تَکَعْکَلَ التَّمْرُ و نَحْوُہٗ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔
الکَعَل. بخیل مالدار۔ پاخانہ گوبر (و الکُعَل) کالا پستہ قد مرد۔
المُکَعِّل. غصّہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔
کَعَمَ (ف) کَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ البَعِیْرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا الخَوْفُ فُلَانًا: ہٹانا المَرْأَۃَ: عورت کا بوسہ لینا۔
الکِعْم. ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج کِعَام.
الکِعَام ج کُعُم و الکِعَامَۃ. تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
کُعُوْمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کے دہانے۔
بَعِیْرٌ مَکْعُوْمٌ. تھوتھنی چڑھایا ہوا اُونٹ۔
اَکْعَنَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔
تَیْسٌ مُکَعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔
تَکَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ فُلَانٌ فِی الشَّیْءِ: مستغرق ہونا۔
کَعَا یَکْعُو کَعْوًا. بزدل ہونا۔
الکَاعِی. فا۔ شکست خوردہ۔
الاَکْعَاء. بزدل لوگ۔
الکُعْوَۃُ: وہ جو کفایت کرے۔
الکَاغِد و الکَاغَد. کاغذ۔
الکَاغِدِیّ. کاغذ بیچنے والا۔
کَفَّ (ن) کَفًّا و کَفَافَۃً. الثَّوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (کَفًّا) الاِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا الشَّیْءَ: جمع کرنا رِجْلَہٗ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا القَبِیْلَۃَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا مَاءَ وَجْہِہٖ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا ہٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا (کُفُوْفًا) النَّاقَۃُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔
کَفَّ و کُفَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔
تَکَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا الرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا۔ عَنِ الاَمْرِ: چھوڑنا دَمْعُہٗ: آنسو کا رکنا۔
تَکَافَّ عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔
اِنْکَفَّ. باز رہنا عَنِ المَکَانِ: چھوڑنا۔
اِسْتَکَفَّ الشَّیْءَ: ہاتھ میں لینا النَّاسَ: مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا ہٗ عَنِ الشَّیْءِ: رکنے کی لیے کہنا النَّاسُ حَوْلَہٗ: دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتِ الحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا النَّاظِرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا عَیْنَہٗ: دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتْ عَیْنُہٗ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا فُلَانٌ بِالصَّدَقَۃِ: صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا بِہٖ النَّاسُ: احاطہ کرنا الشَّعْرُ: بال بکثرت ہونا الشَّیْءُ: گول ہونا۔
الکَفّ. سم۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَکُفّ و کُفُوْف و کُفّ. کَفُّ السَّبْعِ و کَفُّ الکَلْبِ و کَفُّ الذِّئْبِ و کَفُّ مَرْیَمَ و کَفُّ آدَمَ و کَفُّ الاَسَدِ و کَفُّ الضَّبُعِ و کَفُّ القِرْدِ و کَفُّ الاَجْذَمِ و کَفُّ الجَذْمَاءِ و کَفُّ عَائِشَۃَ: گھاس کی قسمیں۔ الکَفُّ: نعمت عِنْدَ العَرُوْضِیِّیْنَ: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فَاعِلَاتُنْ کا نون۔
الکَفَّۃ کف کا اسم مرۃ۔ کَفَّۃُ المِیْزَانِ.

ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُه کَفَّةَ کَفَّةَ"
بنی بر فتحہ و کَفَّةً لِکَفَّةٍ و کَفَّةً عَنْ کَفَّةٍ
یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الکِفَّة. ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو
مِنَ المِیْزَان: ترازو کا پلڑا مِنَ الدف:
ڈھول کا ڈھانچہ۔ کِفَّةُ الصائد: شکاری کا
جال۔ ج کِفَف و کِفَاف. الکِفَّةُ
الجُنُوْبِیَّة والکِفَّةُ الشِّمَالِیَّة: دو ستاروں
کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذھبُ بالذھب
والکِفَّةُ بالکِفَّة" یعنی برابر سر برابر جِئْتُهُ
فِیْ کِفَّةِ اللیْلِ: میں رات کی ابتدا میں اس
کے پاس آیا۔

الکُفَّة. چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الکُفَّة
مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی انتہا مِنَ الناس:
لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے مِنَ
الغَیْمِ: بادل کا کنارہ مِنَ اللیْلِ: دن رات
ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں مِنَ
الدِرْعِ: زرہ کا دامن مِنَ الرَمْلِ: ریت کا
ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو مِنَ الثوْبِ: کپڑے
کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو مِنَ
اللِثَّة: مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ کُفَّةُ
القَمِیْصِ: دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج
کُفَف و کِفَاف.

الکَفَف. سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا مِنَ
الرِزْقِ: گزارہ کے لائق روزی فِی الوَشْمِ:
گودنے کے حلقے۔

الکِفَف فِی الوَشْمِ: گودنے کے حلقے۔
گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الکَفَاف مِنَ الرِزْقِ: گزارہ کے لائق اور
لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا
ہے "قُوْتُه کَفَافُ حاجتِه" یعنی اس کا
گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے
مطابق ہے "و فُلانٌ لَحمُهُ کَفَافٌ
لِادِیْمِه" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے
اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ کَفَافُ الشَیْءِ: چیز
کے مانند۔ کہا جاتا ہے "وعنی کَفَافِ" یعنی
تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و
طارَ البَرْقُ فِیْ کِفَافِ السحاب" یعنی
بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جئتُه فِیْ
کِفافِ اللیْلِ" میں اس کے پاس رات کے
ابتدائی حصہ میں آیا۔

الکِفَاف. مِنَ الشَیْءِ: گھیرا مِنَ الثوبِ:
کپڑے کی گوٹ۔ کِفَافُ السَیْفِ: تلوار کی
دھار کِفافُ السحابِ: بادل کا کنارہ۔
بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی
جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً کِفَافُ
الاُذُن. ج اَکِفَّة

الکافّ. فا۔ ج کَفَفَة. و ناقَةٌ کافٌّ:
بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی
اونٹنی۔ رَجُلٌ کافٌّ: اپنے نفس کو روکنے
والا مرد۔

الکافَّة. کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے
"جاءَ الناسُ کافَّةً" یعنی سب آئے۔
(اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی
اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر
منصوب رہتا ہے) الکافَّةُ: بوڑھی اونٹنی۔

الکَفُوْف مِنَ النوْقِ: بوڑھی ہونے کی وجہ
سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔

المُکافَّة. ایک دوسرے کو روکنا۔

المَکْفُوْف ج مکافِیْف والکَفِیْف:
اندھا۔

المُسْتَکِفّ. گول۔

المُسْتَکِفَّات. چشمے۔ اکٹھے اونٹ۔

کَفَأَ (ف) کَفْاءً پھرنا۔ شکست کھانا عَنِ
القَصْدِ: میانہ روی سے تجاوز کرنا۔
الرَجُلَ: کسی کو دھتکارنا (و کَفَأ واکتَفَأ)
الإنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

کافَأَ الرَجُلَ علی ما کانَ مِنْهُ: بدلا دینا
فُلانًا: انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔
برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَیْنَ الفَرَسَیْنِ
برمحه: ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اَکْفَأ: جھکنا الاناء: برتن کو الٹ دینا۔ جھکا
دینا۔ اَکْفَأَت الإبِلُ: اونٹ کا بہت بچے دینا۔
اَکْفَأ البَیْتَ: گھر پر پردہ لگانا الشاعِرُ: بیت
کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ
سے خراب کر دینا۔

تکفَّأ فِیْ مِشْیَتِه: لڑکھڑانا۔

اِکْتَفَأ الإناءَ: برتن کو جھکانا پلٹ دینا۔
الإبلَ: اونٹوں کو لوٹ ڈال کرلے بھاگنا۔

تکافأ القوْمُ: ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

انْکَفَأ القوْمُ: متفرق ہونا؛ واپس ہونا۔
شکست کھانا إلی کذا: جھکنا اللبنُ: متغیر
ہونا؛ رنگ بدلنا۔

اسْتَکْفَأ فُلانًا إبلَهُ: ایک سال کی اونٹوں کی
پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَکْفَأتُهُ
إبلَهُ فأکْفَأنِیْها" یعنی میں نے اس سے اس
کے اونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس
نے مجھے دودھ، اون، بچے سب دیدیے
"اِسْتَکْفَأتُ فُلانًا" برتن کی چیز کو اپنے
برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الکِفَاء والکَفَاءَة. برابری۔ مساوات۔

الکِفَاء. مصدر کافَأ کہا جاتا ہے "الحمدُ
للہ کِفَاءَ الواجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس
کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وھذا
کِفَاءُہ" یہ اس کے مثل ہے "ولا کِفَاءَ
لَہُ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ کِفَاءُ البَیْتِ:
خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں
لگایا جاتا ہے۔ ج اَکْفِئَة.

الکُفُءُ والکِفْءُ والکَفْءُ مثل و نظیر۔ ج
اَکْفَاء و کِفَاء.

الکُفُوءُ والکُفُوْءُ والکَفِیْءُ والکَفِیْئَة.
مماثل۔

الکَفْأة والکُفْأة مِنَ النخلِ: درخت خرما
کی ایک سال کی پیداوار فِی الإبلِ: ایک سال
کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ
کے بعد کی سالانہ پیدائش فِی الأرضِ: سال
بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو "مَنَحْتُهُ کَفْأةَ
غَنَمِیْ" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ
صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر
بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الکَفِیّ. مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے

"هُوَ كَفِي اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔
كِفْءُ الوَادِی: اندرون وادی۔
الاِكْفَاء۔ مصدر اَكْفَأَ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُه مُكْتَفِي اللَّبَنِ و مُكْفَأَ اللَّوْنِ" میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔
كَفَتَهُ (ض) كَفْتًا۔ پھیر دینا هُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ اِكْفِتْهُ اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّيْءَ: الٹ جانا (و كَفَّتَ) الشَّيْءَ اِلَى نَفْسِهِ: اپنے ساتھ ملانا الشَّيْءَ: قبض کرنا فُلَانٌ ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔
كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيْتًا و كَفَتَانًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وَغَيْرُهُ: پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِي مَسِيْرِهِ: دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا سمٹنا۔
كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلَ: دوڑنے میں سبقت کرنا الرَّجُلُ: اچانک مرنا۔
اِنْكَفَتَ۔ پھرنا۔ سکڑنا الفَرَسُ: گھوڑے کا لاغر ہونا۔
اِكْتَفَتَ المَالَ۔ سب لے لینا۔
اَلْكَفْت۔ س۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (و الكِفْت) چھوٹی ہانڈی۔
الكُفَت و الكُفْتَة مِنَ الخَيْلِ: بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔
الكِفَات۔ س۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔
الكَفِيْت۔ س۔ توشہ دان مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيْتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔
الكَفَّات۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔
المُكْفِت۔ دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔
كَفَحَ (ف) كَفْحًا العَدُوَّ: دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا الجَامَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا الشَّيْءَ: سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
كَفِحَ (س) كَفَحًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔
كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَ هُمْ بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الاُمُوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
اَكْفَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
تَكَافَحَ القَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔
تَكَافَحَتِ الاَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا
الكِبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔
الكِفَاح۔ س کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔
الكَفِيْح۔ نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔
الاَكْفَح۔ کالا۔
الكُفْحَة۔ چھوٹی سی جماعت۔
كَفَخَهُ (ف) كَفْخًا۔ طمانچہ مارنا هُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
الكُفْخَة۔ جمع شدہ سفید مکھن۔
رَجُلٌ مِكْفَخٌ و عَمُوْدٌ مِكْفَخٌ: مضبوط۔
كَفَرَ (ن) كَفْرًا و كُفْرًا الشَّيْءَ: چھپایا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهُ بِثَوْبِهِ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپانا اللَّيْلُ الشَّيْءَ و عَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا الجَهْلُ عَلَى عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا (كَفْرًا و كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) ایمان کی ضد بِالخَالِقِ: نفی کرنا كُفْرًا و كُفُوْرًا و كُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ و بِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا كَذَا: بیزار ہونا۔
كَفَّرَ الشَّيْءَ: چھپانا الرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهُ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا عَنْ يَمِيْنِهِ او اِثْمِهِ: کفارہ ادا کرنا۔
كُفِّرَ لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔
كَافَرَ مُكَافَرَةً فُلَانًا حَقَّهُ: انکار کرنا۔
اَكْفَرَ۔ طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا الرَّجُلَ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔
اَكْفَرَ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔
اِكْتَفَرَ۔ دیہات میں رہنا۔
الكَفْر۔ س دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الكَفْر: دیہات۔ ج كُفُور (و الكِفْر و الكَفْرَة) رات کی تاریکی۔
الكُفْر و الكُفْرَان۔ ضد ایمان۔ الكُفْرَان: ناشکری۔ الكَفْر: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔
الكَفُر و الكَفَرَّى و الكُفُرَّى و الكِفِرَّى کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكَفْر: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفْرَة۔
الكَفِر مِنَ الجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔
الكَافِر۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُوْنَ و كَفَرَة و كُفَّار و كِفَار (كُفَّار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور كَفَرَة کا استعمال اکثر اس كَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الكَافِر: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الكَافِرُ مِنَ الخَيْلِ: کالا گھوڑا۔
الكَافِرَة۔ کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَات و كَوَافِر۔ الكَوَافِر: شراب کے مٹکے۔

الکَفُوْر. کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُوْر. ایک خوشبو دار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَوَافِیْر و کَوَافِرْ.

الکَفَّار. اسم مبالغہ۔رَجُلٌ کَفَّار: اللہ کی نعمتوں کاانکار کرنے والا۔

الکَفَّارَة. کفار کامؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکَفِّر والمُتکَفِّر. ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر. مف۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا طَائِرٌ مُکَفِّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس. مؤنث کَفْسَاء. ج کُفْس.

کَفِسَت وانْکَفَسَتْ رِجْلُه: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس. بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔

کَفْکَفَهُ. عَنْ کَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔کَفْکَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا الرَّجُلُ: قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ. عَنْهُ: باز رہنا۔ پھر جانا۔

کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا: نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔فِی صِیَامِهِ: لگاتار روزے رکھنا۔الشَّیَٔ اِلَیْهِ: ملانا۔

کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بالرَّجُلِ والمَالَ و بالمَالِ: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بالمَالِ لِغَرِیْمِهِ" اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔

کَفَّلَهُ. نان و نفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

کَفَّلَه و اَکْفَلَهُ اِیَّاهُ: ضامن بنانا۔کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ: ضامن لینا۔اَکْفَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا: مال کا ضامن ہونا۔

کَافَلَهُ مُکَافَلَةً. معاہدہ کرنا۔

تَکَفَّلَ لَهُ بِکَذَا: ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ: اونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔اِکْتَفَلَ بِفُلَانٍ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔الشَّیَٔ: پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بالْجَبَلِ: یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَکَافَلَ القَوْمُ: بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الکِفْل. دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکل؛ وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے؛ وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے؛ وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے؛ چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے؛ وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَکْفَال.

الکَفَل مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَکْفَال.

الکَافِل. فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے درپے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّل.

الکَفَالَةُ. ضمانت (اسم ہے کَفَلَه سے) ج کَفَالَات.

الکَفِیْل. ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأَةٌ کَفِیْلَةٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلَاء.

المَکْفُوْلَة. اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا۔الصُّوفَ: اون کاتنا۔الخُبْزَةَ فِی المِلَّةِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔

(و کَفَّنَ) المیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن. مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ کَفْنٌ" بے نمک کھانا۔

الکَفَن. کفن۔ ج اَکْفَان.

الکَفْنَة. ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَة. عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکْفَنُوْن" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِه. فوج کا سردار۔

اِکْفَهَرَّ اِکْفِهْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔السَّحَابُ: بادل گھٹاٹوپ ہونا۔الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَهِرّ. فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَهِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مُکْفَهِرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفْو و الکُفْی. مثل اور نظیر۔

کَفٰی یَکْفِی کِفَایَةً الشَّیُٔ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ. کَفَی الشَّیُٔ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔کَفٰی فُلَانًا مُؤْنَتَهُ: کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُهُ شَرَّ عَدُوِّهِ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفٰی کے فاعل پر باکی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفٰی باللّٰهِ شَهِیْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شهيداً تمیز ہے۔

کَافٰی کِفَاءً و مُکَافَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔

کافی ہونا۔
تَكَفَّى النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔
اِكْتَفَى بِكَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔
اِسْتَكْفَى الرَّجُلُ الشَّيْءَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَكْفَيْتُهُ الْاَمْرَ فَكَفَانِيْهِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔
الكِفَايَة. مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔
الكَفْي والكِفْي والكُفْي. جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَفْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الكِفْيُ: اندرون وادی۔ ج اَكْفَاء.
الكُفْيَة. گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج كُفًى.
الكَفِيّ والكافِي. جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کردے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ كَافِيكَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ كَافِيَاكَ مِنْ رَجُلَيْنِ و رِجَالٌ كَافُوْكَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ كَفِيُّ الرَّجُلِ: مرد کا قائم مقام۔ الكَفَّى: بارش۔
اَلْكَاكَاو: وسطی امریکا کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔
المكافات. مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُكَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔
كَلَّ (ض) كَلًّا و كِلَّةً و كَلَالًا و كُلُوْلًا و كَلَالَةً و كُلُوْلَةً. تھکنا۔ صفت كَالٌّ. بے والد اور بے اولاد ہونا السَّيْفُ وغَيْرُهُ. تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت كَلٌّ وكَلِيْلٌ اللِّسَانُ او الْبَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

كَلَّلَ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّلَ تَكْلِيْلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا ہٗ: تاج پہنانا ہٗ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔
اَكَلَّ الْبُكَاءُ بَصَرَهٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا الْبَعِيْرَ: اونٹ کو تھکا دینا الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔
تَكَلَّلَ. تاج پہننا الشَّيْءُ بِهٖ: احاطہ کرنا۔
تَكَلَّلُوْهُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (و اِكْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِكْتَلَّ الغَمَامُ بِالْبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا الرَّجُلُ: مسکرانا السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔
الكَلّ. مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور كَلّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع كُلُوْل کہتے ہیں۔
كُلّ. ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كُلَّمَا اَتَاكَ زَيْدٌ اَكْرِمْهُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے هُوَ الْعَالِمُ كُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلًا كَامِلًا كُلَّهٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيْقَي كُلِّ رَحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا. اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ و كُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر، مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ. اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لِاحَاطَةِ الْاَفْرَادِ.
كَلَّا. ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الكَلَّة. كَلَّ کا اسم مرة۔ کند چھری۔
الكَلَّة. تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے

کَلَة اِمْرَأة جیسے کُلُّ اِمْرِئٍ.
الکِلَّة. باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج کِلَل و کِلَّات (و الکَلَل حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِکَلَلِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔
الکَلَالَة. تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الْکَلَالَةِ و ابنُ عَمِّ کَلَالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔
الکُلِّیُّ. کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الکُلِّی: عِلم الٰہی۔
کُلِّیَّةُ الشَّیْ: بتامہٖ. کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِکُلِّیَّتِه" یعنی بتامہ لے لیا۔
اَلْکُلِّیَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔
الکُلِّیَات فِیْ عُرف المنطقیین: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔
(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔
(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔
(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔
(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِكٌ.
(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے مَاشِی.
الاِکْلِیْلُ: عیسائی مرد حضرات کے سر پر شادی کا تاج۔ کہا جاتا ہے۔ کَلَّلَ الْکَاهِنُ الْعَرُوسَیْنِ مُتَکَلِّاً کاهن (پادری) نے شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے ہوئے۔
الاِکْلِیْل الدَّائِرِی اَو الحَلْقَةُ الدَّائِرِیَّة: وہ سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔
الاِکْلِیْل. تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّة و اَکَالِیْل: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔

اِکْلِیْلُ المَلِك: ناخنہ۔ و اِکْلِیْلُ الجَبَل: ایک قسم کی نباتات۔
الکَلِیْل. تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلَال.
کَلَأ (ف) کَلاءً و کِلَاءً و کِلَائَةً اللّٰه فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ کَلَأهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلَا بصرُهُ فی الشَّیْ: بار بار دیکھنا النَّجْم مَتٰی یطْلُع. ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (کَلأً و کُلُوْءَة) الدینُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کَالِئٌ و کَالٍ عُمرهُ: عمر کا ختم ہونا۔
کَلاَ و کَلِیَ (س) کَلا المَکَانُ: سبزہ زار ہونا (و اَکْلَات) النَاقَةُ اُونٹنی کا سبزی کھانا۔
کَلَّا تَکْلِیْئًا و تَکْلِئَةَ السفِیْنَة: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا الرجلَ: باز رکھنا فِی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا اِلٰی فُلان فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (تَکْلِیْئًا) بیعانہ لینا۔ (تَکْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا فِی الطَّعَامِ وغیرہ: بیع سلم کرنا۔
کَالَاهُ مُکَالَاةً و کِلَاءً انتظار کرنا۔
تَکَلَّا و اِسْتَکْلَا الکُلَاة. بیعانہ لینا۔
اِسْتَکْلَا المَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔
اِکْتَلَا کُلَاةً: بیعانہ لینا۔ اِکْتَلَاتْ عَیْنُه بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلَا مِنْ فُلَان: بچنا۔
الکَلَّاء. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔
الکَالِئ و الکَالِی. بیعانہ۔ ادھار ج کَوَالِی و کَوَالٍ.
مَکَانٌ کَلِیٌّ و مُکْلِیٌّ. بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَةٌ و مُکْلِئَةٌ.
رَجُلٌ کَلُوْءُ العَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔
الکُلَاة. بیعانہ۔ ادھار۔
الاَکْلَا. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ

اللّٰهُ بِكَ اَکْلَا العُمرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔
اَرْضٌ مَکْلَاة. بہت سبزہ زار زمین۔
المُکَلَّا. بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔
کَلَب (ن) کَلْبًا الفَرَس: گھوڑے کو مہمیز مارنا المزادة: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔
کَلَب (ض) کَلْبًا الرجلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔
الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔
کَلِبَ (س) کَلَبًا. پیاسا ہونا الکلبُ: دیوانہ ہونا الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا فِی کَذَا: امید رکھنا عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا الرَّجُلُ: بغیر آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومایگی کرنا۔ الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا القِدُّ عَلَی الاَسِیْر خشک ہونا الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا الشِّتَاءُ والزمانُ: سخت ہونا۔
کُلِب کَلَابًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلَابًا و مُکَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الابلُ: اُونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ القَوْمُ: پیاسے اُونٹوں والا ہونا۔
تَکَالَبَ القَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہوگئے۔
اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔
الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔
الکَلْبُ. ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج

کِلَاب. واکلُب و جج اکالب و
کِلَابَاتُ الکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ۔ کَلْبُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِہٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عَنْہُ کِلَابَہٗ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور فُلَانٌ بِوَادِی الکَلْبِ" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ المَاءِ او کَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّارِ والکَلْبُ الاَکْبَرُ والکَلْبُ الاَصْغَرُ و کَلْبُ الرَّاعِیْ: ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْبِ: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الکَلْبِ: ایک نباتات۔

الکُلَابُ. کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الکَلَبُ. کَلِبَ کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْکَ کَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الکَلْبَۃُ. کتیا۔ کانٹا۔ اُمُّ کَلْبَۃ: بخار۔

الکَلْبَتَانِ. لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلَابَۃ بھی کہتے ہیں۔

الکُلْبَۃُ. سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی یا کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الکَلَّابُ والکُلُّوْبُ. مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلَالِیْب: کَلَالِیْبُ البَازِیْ: باز کے پنجے۔ کَلَالِیْبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الکَلَّابُ والکَالِبُ. کتے والا۔ الکَلَّابُ کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لیے لوہے کا کنڈا۔ ج کَلَالِیْب.

الکَالِبُ والکَلِیْبُ. کتوں کا جھنڈ۔

الکَلِبُ ج کَلِبُوْنَ والکَلِیْبُ ج کَلْبٰی. کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ کَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَھْرٌ کَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ کَلِبٌ: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ کَلِبٌ عَلٰی کَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الکَلِبَۃُ. کَلِبٌ کا مؤنث۔ خار دار درخت۔ اَرْضٌ کَلِبَۃٌ واَرْضٌ کَلِبَۃُ الشَّجَرِ: خشک زمین۔

المُکَلَّبُ. بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کِلَابٌ مُکَلَّبَۃٌ: سدھے ہوئے کتے۔

المُکَلِّبُ. کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُکَالِبُ. دلیر۔

اَرْضٌ مَکْلَبَۃٌ. بہت کتوں والی زمین۔

کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَلَتَ بِہٖ: پھینکنا۔ کَلَتَہٗ فِی الاِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْکَلَتَ المَاءُ: ڈالا جانا۔ الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِکْتَلَتَ المَاءَ: پینا۔

الکُلْتَۃُ. کھانے کا حصہ۔

الکَلِیْتُ والکَلِیْتُ. لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

کَلْتَبَ کَلْتَبَۃً فِیْ اَمْرِہٖ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الکَلْتَبُ والکُلْتُبُ کاموں میں سستی کرنے والا۔

کَلْثَمَ کَلْثَمَۃً لَحْمُ الوَجْہِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الکُلَنْجُ بہادر سخی۔

الکُلَنْجُ. قوی لوگ۔

کَلَحَ (ف) کُلُوْحًا و کُلَاحًا وَجْہُہٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کَالِح۔ کہا جاتا ہے "کَلَحَ فِیْ وَجْہِ الصَّبِیِّ او المَجْنُوْنِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

کَلَّحَ وَجْہَہٗ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَکْلَحَ وَجْہَہٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ وَجْہَہٗ: تیوری چڑھانا۔

کَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا۔ القَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَکَلَّحَ الوَجْہُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِکْلَوَّحَ وَجْہُہٗ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَھْرٌ کُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

کَلَاحِ. مبنی بر کسرہ: قحط زدہ سال۔

الکَلْحَۃُ. منہ اور اس کا ارد گرد۔

الکَالِحُ. فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَھْرٌ او شِتَاءٌ کَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الکَوْلَحُ. قبیح۔

کَلَدَ (ض) کَلْدًا و کَلَّدَ الشَّیْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَکَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الکَلَدُ. سخت زمینیں۔ واحد کَلَدَۃٌ.

الاِکْلِیْدُ. کنجی۔ (دخیل)

کَالُوْرِیْ او حُرَیْرَۃٌ: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

الکُلُوْرُ: کمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر

کُلُوْرِیْن: ۳۵،۴۵۷ - L - C - 17

جسم بسیط زرد سبز مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔

صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے

مراد میں داخل کی جاتی ہے۔
اَلْکلُوروميتين: ٹائیفیٹ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوائی کا نام۔
کَلَزَ (ض) کَلْزًا و کَلَّزَ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔
اِکْلاَزَّ اِکْلِئْزَازًا. البَازِی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا الرَّجُلُ: سکڑنا۔
الکِلْز. مضبوط پٹھے والا مرد۔
کَلَّسَ البَیْتَ. گچ سے استرکاری کرنا۔ الشَّیَٔ: گچ کی مانند بنانا۔ کَلَّسَ عَنْ قِرْنِه: بزدل ہونا اور بھاگنا عَلَیْهِ: حملہ کرنا مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
تَکَلَّسَ. چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
الکِلْس. چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔
الکُلْسَة. بھورا رنگ۔
اَلْکَلْسِیُوم: کیلشیم: کمیت نمبر ۴۰،۰۸۔
A - C - ۲۰
ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔
اَلاَکْلَس. چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلاَّس: شمشیر براں۔
اَلْکُلْسَةُ ج اَلْکُلْسَاتُ: جورابین۔ اس کو اَلْقَلْشِیْن ج قَلاَشِیْنَ بھی کہا جاتا ہے۔
اَلْکَلاَسِیکِیَّةُ اَوِالاَدَبُ الکَلاَسِیکِی: ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء و یونان نے اختیار کیا۔
الْمُتَکَلِّس. تیز دوڑنے والا۔
الاَنْکَلِیس. ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیس بھی کہتے ہیں (دخیل)
کَلْسَمَ اِلَیْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔
کَلْصَمَ. الرَّجُلُ: بھاگنا۔
کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلْعًا. الوَسْخُ عَلٰی رَاسِه او فِی رَاسِه: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُهٗ: سر کا میلا ہونا۔ کَلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (کَلْعًا و کُلاَعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔
اَکْلَعَهُ الوَسْخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔
تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔
الکَلْع. مرد بد قوارہ۔ فرومایہ۔ ج کَلْعَةٌ.
الکَلَع. بوائی۔ پیر کی پھٹن۔
الکَلِع. بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔
الکَلْعَة. بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔
الکُلْعَة. ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔
الکَوْلَع. میل کچیل۔
الکُلاَع. س۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔
الکُلاَعِیّ. مرد دلیر۔
کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف. مؤنث کَلْفَاء. بِه: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَه، دشوار کام کا حکم دینا۔
اَکْلَفَه بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔
اِکْلاَفَّ اِکْلِفَافًا. جھائیں کے رنگ کا ہونا۔
الکَلَف. سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔
الکَلِف. عاشق زار۔
الکُلْفَة. جھائیں کا رنگ۔
الکُلْفَة. مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف.

التَّکْلِفَة. مشقت۔ ج تکالیف۔
الکَلُوف. دشوار امر۔
الکَلاَفَة. سخت محبت۔ اشتیاق۔
الکَلْفَاء. اَکْلَف کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔
المُکَلَّف والمُتَکَلِّف. تکلفات کرنے والا۔ امور لایعنی میں پڑنے والا۔
الکَلَك. چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات.
الکَلْکَل ج کَلاَکِل والکَلْکَال. سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے الکَلاَکِل: جماعتیں۔
الکُلْکُل والکُلاَکِل. مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلاَکِلَة.
کَلَمَه (ن ض) کَلْمًا. زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ والدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔
کَلَّمَهٗ تَکْلِیْمًا. زخمی کرنا (تَکْلِیْمًا و کِلاَمًا) بات چیت کرنا۔
کَالَمَهٗ مُکَالَمَةً. گفتگو کرنا۔
تَکَالَمَ الرَّجُلاَنِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَان ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَان نہیں۔
تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلاَّمًا الرَّجُلُ کَلِمَةً و بِکَلِمَةٍ بات کہنا۔
الکَلْم. س۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلاَم.
الکَلِمَة. ج کَلِم و کَلِمَات والکِلْمَة. ج کِلَم و الکَلْمَةُ ج کَلِمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوْحِیْدِ: لَا اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کَلِمَةُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے

دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔

الْكَلِمَةُ و كَلِمَةُ اللهِ سیدنا عیسیٰؑ کا لقب۔ اور کلمۃ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

كَلِمَةُ الله (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم ثانی تین میں سے۔

الْكَلام قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْكَلام : اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْكُلام سخت زمین۔

الكَلْمَانِيّ والكِلْمَانِيّ والكِلِمَّانِيّ والكِلِّمَانِيّ فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِكْلَامٌ و تِكِلَّام و تِكْلَامَة و تِكِلَّامَة عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الكَلِيْم مجروح۔ ج كَلْمَیٰ تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء۔ الكَلِيْم و كَلِيْمُ اللهِ: حضرت سیدنا موسیٰؑ کا لقب۔

رَجُلٌ كَلِيْمٌ بہت بولنے والا۔

المُتَكَلِّم فا۔ علم کلام کا ماہر۔

المُتَكَلَّم گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو ما أجِدُ مُتَكَلَّمًا یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلِيَ يَكْلَى كَلْيًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعول كَلِيّ۔

كَلِيَ (س كَلًى) و اِكْتَلَى. گردے پر لگنا۔ واِكْتَلاهُ: گردے پر مارنا۔

كُلِيَ درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

كَلَّى تَكْلِيَةً چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلَى اِكْلِيْلاءً شکست کھانا۔

الكُلْيَة والكُلْوَة. گردہ. مثنیٰ كُلْيَتَان و كُلْوَتَان ج كُلًى و كُلْيَات. كُلَى الوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَم حَمْرَاءُ الكُلَى" دبلی پتلی بکریاں "لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایامِ نشاط میں ملاقات کی۔

والكُلْيَة مِنَ القَوْس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت۔ مِنَ السحاب: بادل کا نیچے کا حصہ۔ الكُلى مِنَ الطير: بازو کے چار پر۔

الكَلِيّ درد گردہ والا۔

كِلا و كِلْتَا یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَأَيْتُ كِلا الرَّجُلَيْنِ و كِلْتَا الْمَرْأَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلان كِلاهُمَا و رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا والمَرْأَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا" و "زَيْدٌ و عَمْرٌو كِلاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ و عَمْرٌو كِلاهُمَا قَائِمَان اور یہ کم ہے۔ اور "كِلاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِه" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنیٰ كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الإكْلِيْرُس. گرجا کے خادم۔ واحد: كُلَيْرِيْكِيّ ج اِكْلِيْرِيْكِيُّوْن.

كَمْ دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيْدٍ مَلَكْتُ. میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن) كَمًّا. چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ البَعِيْرَ: اُونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا
النَّاسَ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ و كُمَّتْ كَمًّا و كُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوْم.

كَمَّم وأكَمَّ القَمِيْصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ كَمَّمَتْ و أكَمَّتْ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِه: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكَمَّمَهُ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الكَمّ والكَمِّيَّة. مقدار۔

الكَمِّي. کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّة.

الكُمّ. آستین۔ ج كِمَام و كِمَمَة.

الكُمَّة. گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الكِمّ. غلاف شگوفہ۔ ج كِمَمَة و أكْمَام و كِمَام و أكَامِيْم.

أكِمَّةُ الخَيْل: توبڑہ۔ واحد كِمَام.

الكِمَامَة. پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الكِمَامَة والكِمَام. تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

المَكْمُوْم. مِنَ النَّخْل: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

المِكَمَّة. تھوتھنی۔

كَمِيَ (س كَمْيًا) پوشیدہ ہونا۔ عَنِ الأخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ كَمِيَتْ يَدُهُ مِنَ البَرْدِ أوِ العَمَل: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَأهُ (ف كَمْأً) سانپ کی چھتری کھلانا۔

أكْمَأ إكْمَاءً. المَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا۔ الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا۔ السِّنُّ فُلانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّأهُ. ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّأتْ عَلَيْهِ الأرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لیے نکلے۔

الكَمْءُ. مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج أكْمُؤ و كَمْأة.

الكَمَّاءُ. سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

المَکْمَاۃ والمَکْمُوۃ. سانپ کی چھتری کی جگہ۔
اَلْکُمْبِیالَۃُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔
اَلْکُمْبِیُو: نقدی سکوں کا تبادلہ
کَمُتَ (ک) کُمْتًا و کَمَاتَۃً و کُمْتَۃً الفرسُ. کیت ہونا۔
کمت (ن) کَمْتًا. الغَیْظَ: غصہ کو دبانا۔
کُمِّتَ الثوبُ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔
کَمَّتَتْ تَکْمِیْتًا الْخَمرُ والفرسُ وغَیرَهما: کیت بنایا جانا۔
اَکْمَتَ واکْمَتَّ واکْمَاتَّ الفرسُ: گھوڑے کا کیت ہونا۔
الکُمْتَۃ. کیت رنگ۔
الکُمَیْت مِنَ الْخَیْلِ المذکر و المؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا۔ اور یہ خلاف قیاس اَکْمَت کی تصغیر ہے۔ ج کُمْت.
الکمیت. شراب۔ کہا جاتا ہے خَیْلٌ کُمَاتِیٌّ: قومہ کیت گھوڑے۔
الکَمِیْتَۃ. جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہُ بکمیتتہ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
کَمْتَرَ. چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔ القِرْبَۃَ مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السقاءَ مشک بھرنا۔ القصیرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔
الکُمْتُر والکُمَاتِر. موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط۔
کمتر الشیئُ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکُمَاتِر. پستہ قد۔
الکُمَّثْرٰی. املوک۔ واحد کُمَّثْرَاۃٌ. ناسپاتی۔
الکَمَج. بن ران۔
اَلْکُمَاجُ: اس کا واحد کماجۃ: گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی ہوتی ہے۔
کَمَحَ (ف) کَمْحًا الدابۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَحَ الدابۃَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔ الکرمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُکْمِحَ الرجلُ: بڑا بنایا جانا۔
المُکْمَح. بڑا بنایا ہوا۔
کَمَخَ (ف) کَمْخًا بانفہ: تکبر کرنا الفرسَ باللجام: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکْمَخَ الکرمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الکُمَّاخ. غرور۔ بڑا بننا۔
الکامَخ. سالن۔ اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج کوامخ (دخیل)
کَمِدَ (س) کَمَدًا. بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ الرجلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت کامِد و کَمِد و کَمِیْد. و کَمِدَ الثوبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
کَمَدَ (ن) کَمْدًا و کُمُوْدًا القصّارُ الثوبَ دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الکماد ہے۔
اَکْمَدَ الھمُّ فُلانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا (و کَمَدَ) العُضوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعول مَکْمُوْد.
الکَمْد والکَمَد والکُمْدَۃ. رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الکِماد. ٹکور کرنا۔ سینکنا (والکِمادۃ) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَکْمَدُ اللونِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الکَمَر. ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
کَمَزَ (ض) کَمْزًا العجینَ و نحوَہُ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الکُمْزَۃ. کھجور وغیرہ کا گچھا۔ ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔ ج کُمَز
کَمَسَ (ن) کُمُوْسًا. تیوری چڑھانا۔
الاَکْمَسُ. جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
کَمَشَ (ن) کَمْشًا الناقۃَ: اونٹنی کے تھن باندھنا فُلانًا بالسیفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا الزادُ: توشہ ختم ہونا۔
کَمِشَ (س) کَمَشًا. پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
کَمُشَ (ک) کَمَاشَۃً. دلیر ہونا۔
کَمُشَتِ المرأۃُ: چھوٹے پستان والی ہونا (واکْمَشَ) فی السَّیْرِ وغیرِہ: تیز چلنا۔
اَکْمَشَ بالناقۃِ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحادی بالسُّوقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا فُلانًا: جلدی کرانا ذَیْلَہُ: دامن سمیٹنا۔
اِنْکَمَشَ و تَکَمَّشَ الرجلُ: دوڑنا۔
تَکَمَّشَ الجلدُ و نحوُہُ: سکڑنا۔
اِنْکَمَشَ الثوبُ بعدَ الغُسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا یا سمٹنا۔
الکَمْش والکَمِش والکَمِیْش مِنَ الرِّجال: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "کَمِیْشُ الاِزار" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الکَمْش والکَمُوْش والکَمْشَۃ والکَمِیْشَۃ مِنَ الاِناث: چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَکْمَش. چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث کَمْشَاء ج کُمْش.
کَمَعَ (ف) کَمْعًا فِی الاِناءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔ قَوائِمَ الدابۃِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ فِی الماءِ: پانی میں اترنا۔ کَمَعَتِ الدابۃُ: آہستہ چلنا۔
کامَعَہُ. ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِکْتَمَعَ الاِناءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الکَمْع. اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ فِی کَمْعِہ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قِبا۔ پست زمین (والکَمِیْع) ہم خوابہ۔
الکَمَع. ران کی گرہ۔
المُکامِع. فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی

بات پوشیدہ نہ رہے۔

کَمْکَمَ کَمْکَمَۃَ الشیٔ: پوشیدہ کرنا۔

تَکَمْکَمَ. گول ٹوپی پہننا فِیْ ثِیَابِہٖ: چھپنا۔

الکَمْکَام. پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمْکَامَۃٌ.

کَمَلَ (ن) و کَمُلَ (ک) و کَمِلَ (س) کَمَالًا و کُمُوْلًا و تَکَمَّلَ و تَکَامَلَ و اکْتَمَلَ. پورا ہونا۔ کامل ہونا۔

کَمَّلَ و اکمَلَ و اِسْتَکْمَلَ الشیٔ: پورا کرنا۔ کَمَّلَ و اَکْمَلَ الشیٔ: ٹوٹل کردینا۔

الکَمَلُ کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے ''اَعْطَیْتُہٗ الْمَالَ کَمَلًا'' میں نے اس کو پورا مال دیا۔ اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَیْتُہُ الْمَالَ کُلَّہٗ جیسا ہے۔

الکَمَال. س۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے ''لَكَ کَمَالُ الشیٔ'' یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔

الکَمِیْل. کامل۔

اَلْکَامِیْلِیَا ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اس کے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ زیب وزینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

الکَامِل. فا۔ جس کے اجزا پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کَمَلَۃ.

تَکْمِلَۃُ الشیٔ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔

المُکَمَّل. خیر یا شر میں کامل مرد۔

کَمَنَ (ن) و کَمِنَ (س) کُمُوْنًا چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔

کَمَنَ (ن) کُمُوْنًا الشیٔ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

کَمِنَ (س) و کُمِنَ کُمُوْنًا آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کَمِنَتْ و کُمِنَتْ عَیْنُہٗ تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَکْمَنَ الشیٔ: چھپانا۔

تَکَمَّنَ و اکْتَمَنَ. چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الکُمْنَۃ. آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہوجاتی ہیں۔

الکَمِیْن. بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمَنَاء. گھات اور کہا جاتا ہے ''ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ'' یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔

الکَمُّوْن. زیرہ۔ الکَمُّوْنُ الحُلْوُ: انیسون واحد کَمُّوْنَۃٌ.

المَکْمَن. چھپنے کی جگہ۔ ج مَکَامِن.

المُکْتَمِن. غمگین۔

الکَمَنْجَۃ. دو تارہ۔ سارنگی (دخیل)

کَمِہَ (س) کَمَھًا. اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا بَصَرُہٗ: تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا النَّھَارُ: دن کا غبار والا ہونا الرَّجُلُ: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَکْمَہ. مؤنث کَمْھَاء. ج کُمْہٌ.

الاَکْمَہ: اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تَکَمَّہَ فِی الاَرْضِ: حیران پھرنا صفت کَامِہٌ و مُتَکَمِّہٌ. کہا جاتا ہے ذَھَبَتْ اِبِلُہٗ کُمَّیْھٰی. یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مُکْمَہُ الْعَیْنَیْنِ: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کَمْھَلَ الرَّحْلَ: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا عَلَیْنَا: حق روکنا الحَدِیْثَ: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا المَالَ: جمع کرنا۔

تَکَمْھَلَ الشیٔ: جمع ہونا۔

اکْمَھَلَّ الرَّجُلُ سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

کَمٰی یَکْمِیْ کَمْیًا و اَکْمٰی. شَھَادَتَہٗ وَغَیْرَھَا: چھپانا کَمٰی و کَمٰی نَفْسَہٗ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْمٰی عَلَی الاَمْرِ: پکا ارادہ کرنا۔ اَکْمٰی المُحَارِبُ لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَکْمٰی الرَّجُلُ مَنْزِلَہٗ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَکَمّٰی الشیٔ: چھپنا الشیٔ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَکَمَّتِ الْفِتْنَۃُ النَّاسَ: گھیر لینا۔

تُکُمِّیَ الْجَیْشُ: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْکَمٰی. پوشیدہ ہونا۔

اِکْتَمٰی اِکْتِمَاءً. چھپنا۔

الکَمِیُّ. بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُمَاۃ و اَکْمَاء.

المُتَکَمِّی. ہتھیار بند۔ دلیر۔

کَنَّ (ن) کَنًّا و کُنُوْنًا و کَنَّنَ و اَکَنَّ الشیٔ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا العِلْمَ وَغَیْرَہٗ فِیْ نَفْسِہٖ: دل میں چھپانا۔

اِکْتَنَّ الرَّجُلُ: چھپنا الشیٔ: سفید ہونا۔ المَرْاَۃُ: عورت کا شرم و حیا سے منہ چھپانا۔ الشیٔ: چھپانا۔

تَکَنّٰی تَکَنِّیًا. ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)

اِسْتَکَنَّ. چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

الکِنُّ. ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَکْنَان و اَکِنَّۃ.

الکَنَّۃ. کَنَّ کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج کَنَائِن.

الکِنَّۃ. چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الکُنَّۃ. چھجہ۔ الگنی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج کُنَّات و کِنَان.

الکِنَان. چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَکِنَّۃ.

الکِنَانَۃ. ترکش۔ تیر دان۔ ج کَنَائِن و کِنَانَات.

کَانُوْنُ الاَوَّلِ و کَانُوْنُ الثَّانِی: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الکَانُوْن والکَانُوْنَۃ. انگیٹھی۔ ج کَوَانِیْن. وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الکَنِیْن. چھپا ہوا۔

المستکنۃ

کَنَبَ (ن) کُنُوبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔

کَنَبَ (ض) کَنبًا الشَّیَٔ فِیْ جِرَابِہٖ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

کَنِبَتْ (س) کَنَبًا الیَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَکْنَبَ الشَّیُٔ والیَدُ: سخت ہونا عَلَیْہِ لِسَانَہٗ: زبان رکنا عَلَیْہِ بَطْنُہٗ: سخت ہونا۔

الکَانِبُ فا۔ شکم سیر۔

الکَنَبُ مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الکِنَابُ خوشہ خرما۔

الکَنِیْبُ خشک درخت۔

الکُنُبَّۃُ ظالم خبیث۔

المِکْنَبُ والمِکْنِبُ: کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حافِرٌ مِکْنَبٌ و مِکْنِبٌ سخت کھر۔

المُکْنَنِبُّ مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

کَنْبَثَ و تَکَنْبَثَ الرَّجُلُ سکڑنا۔

رَجُلٌ کُنْبُثٌ و کُنَابِثٌ: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الکِنْبَاثُ گرنے والی ریت۔

وَجْہٌ کُنَابِدٌ بدصورت چہرہ۔

رَجُلٌ کُنَابِذٌ مرد بدصورت۔

اَلْکِنْبِرَۃُ ناک کا موٹا سرا۔

تَکَنْبَشَ القَوْمُ خلط ملط ہونا۔

الکَنْبُوْشُ والکُنْبُوْشُ: عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج کَنَابِیْشُ (دخیل)

کَنَتَ (ن) کَنْتًا فِیْ خَلْقِہٖ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔

کَنِتَ (س) کَنَتًا السِقَاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔

اِکْتَنَتَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ کَنِیْتٌ پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

اَلْکُونْتُ عزت داروں کا لقب جس کا معنی امیر یا عزت دار آدمی (لاتینی لفظ)

الکُنْتَراتُو: دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ۔ معاہدہ کو توڑنا۔

الکِنْتِیُّ قوی مضبوط۔

کَنْثَاثٌ کَنثَاۃُ اللِّحْیَۃُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔

رَجُلٌ کَنْثَأُ اللِّحْیَۃِ و کَنْثَاؤُھَا: لمبی داڑھی والا مرد۔

کَنَدَ (ن) کُنُوْدًا النِّعْمَۃَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔

کَنَدَ (ن) کَنْدًا الشَّیَٔ کاٹنا۔

الکِنْدَۃُ پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔

الکُنُدُ ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)

الکَنُوْدُ ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) اَرْضٌ کَنُوْدٌ کچھ نہ اگانے والی زمین۔

الکَنَّادُ ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔

الکُنْدُرُ ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْیَانٌ کَنَادِرَۃٌ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔

الکَنْدَرَۃُ باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔

اَلْکُنْدَرَۃُ جوتیوں کی ایک قسم

الکُنَارُ بیر (دخیل)

الکَنَارِیُّ ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔

الکِنَّارَۃُ والکَنَّارَۃُ: بربط یا ڈھول یا دف ج کَنَانِیْرُ و کِنَّارَاتٌ۔ الکِنَّارَۃُ کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔

کَنَزَ (ض) کَنْزًا المَالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا الشَّیَٔ فِیْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا السِّقَاءَ: مشک بھرنا (کَنَازًا و کِنَازًا) التَّمْرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔

اِکْتَنَزَ بھرنا۔ جمع ہونا اللَّحْمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا الشَّیُٔ فِی الوِعَاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔

تَکَنَّزَ لَحْمُہٗ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الکَنْزُ مص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج کُنُوزٌ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ کَنْزَ القِرْبَۃِ" یعنی بھر دیا۔

رَجُلٌ کَنِزُ اللَّحْمِ و کَنِیْزُہٗ و مَکْنُوْزُہٗ و مُکْتَنِزُہٗ بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "کِتَابٌ مُکْتَنِزٌ بِالْفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔

الکَنَازُ کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔

الکِنَازُ ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ او نَاقَۃٌ کِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج کُنُزٌ و کِنَازٌ۔

الکَنِیْزُ کھجوریں جو سردی کے زمانہ کیلئے جمع کی جائیں۔

الکَنَّازُ مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔

المَکْنَزُ جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَکَانِزُ۔

کَنَسَ (ن) کَنْسًا و کَنَسَ الْبَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "کَنَسَ فِیْ وَجْہِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "وَمَرُّوْا بِھِمْ فَکَنَسُوْھُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹادی۔

کَنَسَ (ض) کُنُوْسًا و تَکَنَّسَ الظَّبْیُ: ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَ الرَّجُلُ خیمہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔

اِکْتَنَسَتِ الظِّبَاءُ والبَقَرُ: ہرنیوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔

الکُنَاسَۃُ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔

الکَنِیس. تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔
الکَنِیسَة. عِندَ النَّصَارٰی: گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج کَنَائِس.
الکَنِیسَة: خوبصورت عورت۔
الکِنَاس. ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ ج اَکْنِسَة و کُنُس.
الکَانِس. فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج کُنَّس و کُنُوس و کَوَانِس "وَالجَوَارِی الکُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔
الکَنَّاس. بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔
المِکْنَسَة. جھاڑو۔ ج مَکَانِس.
المُکَانِس. ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔
المَکْنَس. وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔
کَنَشَ (ن) کَنْشًا الثَّوْبَ: کپڑے کے کنارے بٹنا المِسْوَاکَ الخَشِنَ: مسواک کا سرا نرم کرنا۔
اَکْنَشَهٗ عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا۔
الکُنَّاشَة. بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔
الکُنَّاشَات. جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد کُنَّاشَة.
الکِنْشَاءُ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔
کَنَّصَ. ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔
الکُنَّاص. قوی اُونٹ گدھے وغیرہ۔
کَنَظَ (ن ض) کَنْظًا و تَکَنَّظَ الْاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔
الکُنْظَة. غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔
کَنَعَ (ف) کُنُوْعًا. سمٹنا عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہونا اور بھاگنا النَّجْمُ: ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا اِلَیْهِ: فروتنی کرنا اور نرم ہونا فِیْهِ: لالچ کرنا۔ بِاللّٰهِ: اللہ کی قسم کھانا الْاَمْرُ: قریب ہونا المِسْکُ بِالثَّوْبِ: مشک کا کپڑے سے چپٹنا العُقَابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا اَصَابِعَهٗ: انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔
کَنِعَ (س) کَنَعًا. خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت کَنِعٌ. و کَنِعَ الرَّجُلُ: چپاڑنا جانا الشَّیْءُ: لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔
کَنَّعَ الشَّیْءَ: قبضہ کرنا یَدَهٗ: ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا فُلَانًا بِالسَّیْفِ: بدن سے پر تلوار مارنا عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔
اَکْنَعَ. فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا العُقَابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ القَوْمُ: اکٹھا ہونا الابلَ: اُونٹوں کو قریب کرنا۔
تَکَنَّعَ. قلعہ بند ہونا الاسِیْرُ فِیْ قِدِّهٖ: تسمہ سے باندھا جانا بِهٖ: چمٹنا۔
اِکْتَنَعَ. حاضر ہونا۔ قریب ہونا عَلَیْهِ: مہربان ہونا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ فُلَانٌ مِنِّیْ: قریب ہونا۔
الکَانِع. فا۔ وہ جو قریب ہو۔ جو چھوٹا ہو۔ جو بعض بعض سے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْفٌ کَانِعٌ" چپٹی ناک "اَسِیْرٌ کَانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی رَجُلٌ کَانِعٌ وہ شخص جو مع اہل و عیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل و احسان کا طامع ہو۔
الکَنِیْع. سکڑا ہوا۔ راستہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا من الجُوْع: سخت بھوک۔
الکُنَاع. مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔
الاَکْنَع والمُکْنَع والمُکَنَّع شل شدہ ہاتھ والا۔ والاَکْنَع مِنَ الْاُمُوْرِ: ناقص۔ ادھورا۔ ج کُنْعٌ. یَدٌ مُکَنَّعَةٌ: شل ہاتھ۔
المَکْنُوْع. سع۔ دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔
کَنَفَ (ن) کَنْفًا الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ اپنے میں ملانا الِابِلَ: للابل: اُونٹوں کے لئے باڑھ بنانا عَنْهُ: علیحدہ ہونا الدَّارَ: گھر میں پاخانہ بنانا یَدَهٗ: پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ: روکنا۔
کَنَّفَ و اَکْنَفَ و کَانَفَ الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔
کَنَّفَ الرَّجُلَ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔
اِکْتَنَفَ. اُونٹوں کے لئے باڑھ بنانا (و تَکَنَّفَ) القَوْمُ فُلَانًا: احاطہ کرنا۔
و اِکْتَنَفَ القَوْمُ: پاخانہ بنانا۔
الکِنْف. تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔
الکَنَف. جانب۔ سایہ۔ پرندہ کا بازو۔ ج اَکْنَافٌ. و کَنَفُ الاِنْسَانِ: پہلو۔ یا دونوں بازو اور سینہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِیْ کَنَفِ اللّٰهِ" تم اللہ کے حفظ و امان میں ہو (و الکَنَفَة) گوشہ۔
الکَنِیْف. پردہ۔ پردہ کرنے والا۔ ڈھال۔ جانوروں کا باڑہ۔ پاخانہ۔ دروازہ کا چھجہ۔ ج کُنُف و کُنْف.
الکَانِفَة. روکنے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُکَنَّفُ اللِّحْیَةِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ دراز ریش مرد۔
الکُنْفُرَة. ناک کا بانسہ۔
الکُنْفُرُوا: میٹھے پانی میں تیزی سے پھیلنے والی بوٹی جو کہ سبز رنگ میں تہ بہ تہ ایک دوسرے میں لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔
رَجُلٌ کَنْفَلِیْلُ اللِّحْیَةِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ لِحْیَةٌ کَنْفَلِیْلَةٌ: بڑی داڑھی۔
اَکْنَهَ و اِکْتَنَهَ الشَّیْءَ: حقیقت کو پہنچنا۔
الکُنْهُ اَصْلُ شَیْءٍ. حقیقت شئے۔ جوہر شے غایت۔ الکُنْهُ: وقت۔
کَنَا یَکْنُو و کَنٰی یَکْنِیْ کِنَایَةً بِالشَّیْءِ عَنْ کَذَا: کنایہ کرنا۔ لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا۔ مثلاً تم کہو "زَیْدٌ کَثِیْرُ الرَّمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے۔ متکلم کو کان اور لفظ کو مکنی عنہ کہتے ہیں۔
کَنٰی یَکْنِیْ کُنْیَةً و کِنْیَةً و کَنّٰی تَکْنِیَةً و اَکْنٰی اِکْنَاءً. زَیْدًا اَبَا فُلَانٍ و کَنَاهُ و کَنَّاهُ بِاَبِیْ فُلَانٍ: کنیت رکھنا۔
تَکَنّٰی تَکَنِّیًا و اِکْتَنٰی اِکْتِنَاءً بِکَذَا: اپنی کنیت رکھنا۔ و تَکَنّٰی الرَّجُلُ: مشہور ہونے

کیلئے اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔

الکُنیَۃ والکِنیَۃ والکُنوَۃ والکِنوَۃ. وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو۔ اب۔ ابن۔ ام یا بنت سے شروع کیا جائے۔ ج کِنی و کُنی.

الکِنایَۃ. مص۔ اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں۔ مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا۔

الکانِی. فا۔ ج کُناۃ و کانُون.

الکَنِی. ہم کنیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَنِیُّہٗ" یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو "ھُوَ سَمِیُّہٗ" یعنی دونوں ہم نام ہیں۔

کَھِبَ(س) و کَھُبَ(ک) کَھَبًا و کُھُوبًا. سیاہی مائل بھورا ہونا۔ صفت کَاھِبٌ و اَکْھَبُ.

اِکْھابَّ اِکْھِیْبابًا. لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اَلکُھْبَۃ. سیاہی مائل بھورا رنگ۔

رَجُلٌ اَکْھَبُ اللَّوْنِ: متغیر رنگ والا۔

کَھَدَ(ف) کَھْدًا و کَھَدانًا الحِمارُ: گدھے کا دوڑنا الحِمارَ: گدھے کو دوڑانا الرَّجُلُ: تھکنا فِي الطَّلَبِ: اصرار کرنا۔

اَکْھَدَ. تھکنا فُلانًا: تھکانا۔

الکَھْد. مص۔ مشقت۔

الکَھْداء. باندی۔ لونڈی۔ کہا جاتا ہے اَتانٌ کَھُوْدُ الیَدَیْنِ: تیز رفتار گدھی۔

الکَھْدَل. جوان موٹی عورت۔ بڑھیا۔ مکڑی۔ نوجوان لڑکی۔

کَھَرَ(ف) کَھْرًا فُلانًا: حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا۔ جھڑکنا۔ قہر کرنا۔ قوم سسر داماد کا تعلق کرنا النَّھارُ: دن کا بلند ہونا الرَّجُلُ: ہنسا الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔

الکَھْوَر والکَھْوَرَۃ. ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے۔ ج کَھاوِر. الکَھْوَرَۃ: ترش روئی۔

کَھْرَبَ الشَّیْئَ. قوۃ کہربائیہ بھرنا۔

الکَھْرَباء والکَھْرَبا. ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل) اصل میں کاہ ربا تھا۔ یعنی گھاس کو لے جانے والا۔ الکَھْرَباء: بجلی۔

الکَھْرَبائِیّہ والکَھْرَبِیَّۃ. بجلی کی قوت۔

تَکَھَّفَ الجَبَلُ. غاروں والا ہونا۔

اِکْتَھَفَ. غار میں داخل ہونا۔

الکَھْف. کھوہ۔ غار (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔ ج کُھُوْف.

الکَھْکَم والکَھْکامَۃ. بیگن۔ عمر رسیدہ بڈھا۔ خوفناک مرد۔

کَھْکَہَ. المَقْرُوْرُ: سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا الاَسَدُ والعِیْرُ: کَھْکَہ کی آواز نکالنا الشَّیْئُ: گرم ہونا۔

تَکَھْکَہَ. عَنْہُ: ضعیف و کمزور ہونا۔

الکَھْکَھَۃ. مص۔ گرمی۔ شیر یا اونٹ کی آواز کی نقل۔

الکَھْکاہ والکَھْکاھَۃ. کمزور۔ خوفناک۔

کَھَلَ(ف) کُھُوْلًا و کَھُلَ(ک) کُھُوْلَۃً: ادھیڑ عمر کا ہونا۔

کاھَلَ مُکاھَلَۃً الرَّجُلُ: شادی کرنا۔ ادھیڑ عمر کا ہونا۔

اِکْتَھَلَ. ادھیڑ عمر کا ہونا (و تَکَھَّلَ) النَّباتُ: پوری لمبائی کا ہونا۔

الکُھُوْلَۃ والکُھُوْلِیَّۃ. ادھیڑ پن۔

الکَھْل. ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ ج کَھْلُوْن و کُھُوْل و کِھال و کُھْلان و کُھَّل.

الکَھْلَۃ. کَھْل کا مؤنث ج کَھْلات و کَھَلات.

الکاھِل. فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَواھِل. کاھِلُ القَوْمِ: قوم کا معتمد۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ شَدِیْدُ الکاھِلِ" فلاں صاحب شوکت و قوت ہے۔

الکَھْوَل والکَھْوَل. مکڑی۔

الکُھْلُوْل. بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض۔

کَھَمَتْ(ف) کَھْمًا. الشَّدائِدُ فُلانًا: خوف دلانا۔ آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔

کَھِمَ(س) و کَھُمَ(ک) کَھامَۃً و کُھُوْمًا: کمزور ہونا السَّیْفُ: کند ہونا۔

کَھُمَ(ک) و کَھَمَ(ف) کَھامَۃً و تَکَھَّمَ الرَّجُلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔

اِکْھَمَ بَصَرُہٗ: نگاہ کمزور ہونا۔

الکَھام والکَھِیْم. سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَھامٌ" کہا جاتا ہے۔

کَھْمَسَ الرَّجُلُ: چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔

الکَھْمَس. شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

الکَھْمَل. ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔

کَھَنَ(ف۔ن) کَھانَۃً و تَکَھَّنَ تَکَھُّنًا و تَکْھِیْنًا لِفُلانٍ: غیب کی باتیں بتلانا۔

کَھُنَ(ک) کَھانَۃً: کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔

کاھَنَ مُکاھَنَۃً. عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔

الکِھانَۃ. کاہن کا پیشہ۔

الکَھْنُوْت. کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔

الکاھِن. فا۔ غیب دانی کا مدعی عِنْدَ الیَھُوْدِ و عَبَدَۃِ الاَوْثانِ: پروہت عِنْدَ النَّصارٰی: جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَھَنَۃ و کُھّان الکاھِن: دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔

کَھِیَ یَکْھٰی کَھًی. چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل و کمزور ہونا۔

کاھٰی مُکاھاۃً الرَّجُلَ: باہم فخر کرنا۔

اَکْھٰی. انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا عَنِ الطَّعامِ: باز رہنا۔

اِکْتَھاہ اِکْتِھاءً. تعظیم و اجلال کرنا۔

اَلاَکْھٰی. چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ

ذہن۔ بزدل وکمزور۔ اَلْاَكْھٰی: بے شگاف کا پتھر۔

الاَكْھَاء. شرفاء۔

كَاءَ يَكُوْءُ كَوْءًا و كَأَوْا عَنْهُ: خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔

اَكَائَه اِكَاءً واِكَائَةً. کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔

الكَاءُ والكَائَة والكَيُّ والكَيْئَة. کمزور دل والا۔ بزدل۔

كَابَ يَكُوْبُ كَوْبًا و اِكْتَابَ. بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔

كَوَّبَ الشَّیْءَ: بٹے سے کوٹنا۔

الكُوْب. بے دستے کا کوزہ۔ ج اَكْوَاب.

الكُوْبَة. فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔

الكُوْبَة. شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔

كَوَّثَ. الزَّرْعُ: چار پانچ پتوں والی ہونا۔

الكَوْث. جوتا۔

الكُوْثَة. فراخ سال۔

تَكَوْثَر. الغُبَارُ: زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔

الكَوْثَر. بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔

الكَوْثَل والكَوْثَلُ. جہاز کا پچھلا حصہ۔

كَاحَهُ يَكُوْحُهُ كَوْحًا و كَوَّحَهُ و كَاوَحَهُ مُكَاوَحَةً واَكَاحَهُ اِكَاحَةً. لڑائی میں غالب آنا۔ كَاحَ الشَّیْءَ: پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ كَوَّحَهُ: غالب بنانا۔ كَوَّحَ فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ كَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِيْرَ: مغلوب کرنا۔ كَاوَحَهُ: گالی گلوچ کرنا۔ اَكَاحَهُ: ہلاک کرنا۔

تَكَاوَحَ الرَّجُلَانِ: باہم جنگ وجدال کرنا۔

الكَاحُ والكِيْحُ دامن کوہ۔ ج كُيُوْح و اَكْيَاح. کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی كُوْحِهٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔

الكُوْخ والكَاخ. جھونپڑی۔ اور اسی سے ہے كُوْخ الصَّائِد: کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَكْوَاخ و كُوْخَان و كِيْخَان و كِوَخَة.

لَيْلَةٌ كَاخٌ: تاریک رات۔

الكَاخِيَةُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَةِ: والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج كَوَاخٍ (دخیل)

كَادَهُ يَكُوْدُهُ كَوْدًا. روکنا۔ كَادَ بِنَفْسِهٖ جان دینا۔

كَادَ يَكَادُ كَوْدًا و مَكَادًا و مَكَادَةً. فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "كَادَ يَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَكَادُ اُخْفِيْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اور "عَرَفَ مَا يُكَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے۔ اور کاد کے عوض میں "كِيْدَ يَفْعَلُ كَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "كَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا" معنی میں لَمْ يَرَهَا کے۔

كَوَّدَ الشَّیْءَ: جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔

اِكْوَأَدَّ اِكْوِئْدَادًا. بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔

الكُوْدَة. مٹی وغیرہ کا تودہ۔

المَكَادَة. س۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّ لِیْ وَلَا مَكَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔

الكَوْدَن والكَوْدَنِیّ. غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ٹٹو۔ كَوْدَن کی جمع كَوَادِن.

كَوَّذَ الاِزَارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔

الكَاذَة. ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔

الكَاذِیّ. کیوڑہ۔

كَارَ يَكُوْرُ كَوْرًا. العِمَامَةَ و نَحْوَهَا عَلٰی رَاْسِهٖ: سر پر پگڑی باندھنا الاَرْضَ: زمین کھودنا۔ فِیْ مِشْيَتِهٖ: تیز چلنا الحَمَّالُ الكَارَةَ: گٹھری اٹھانا (كِيَارًا) الفَرَسُ ذَنَبَهٗ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

كَوَّرَ العِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا ہٗ پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا المَتَاعَ: تہ بتہ رکھنا اللّٰهُ اللَّيْلَ عَلَی النَّهَارِ: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

كُوِّرَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اَكَارَ اِكَارَةً عَلَيْهِ: ضعیف وکمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تَكَوَّرَ. گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔

اِكْتَارَ اِكْتِيَارًا. عمامہ باندھنا الفَرَسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا الشَّیْءَ: بعض کو بعض پر ٹیکنا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "كَوَّرَهُ فَاكْتَارَ" یعنی اس نے اسے پچھاڑا وہ گر گیا الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ: گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔

اِسْتَكَارَ اِسْتِكَارَةً. تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الكَار. ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج كَارَات.

الكَوْر. س۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَكْوَار.

الكَوْر. طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ كَوْرٌ كَرِيْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الكُوْر. مٹی کی ا[illegible]۔ ج اَكْوَار و اَكْوُر و كِيْرَان و كُوْرَان. الكُوْر: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (والمَكْوَر) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔

الكَارَة مِنَ الثِّيَابِ: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج كَارَات.

الكُوْرَة. ضلع۔ ج كُوَر.

الكُوَارَة والكِوَارَة الكَوَّارَة. شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد

مع موم کے۔الکوارۃ: عمامہ۔ پگڑی۔
والکوارۃ: تیزدوڑ۔
الکوار: ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے توانسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے۔جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔
المکور والمکورۃ۔ عمامہ۔
المکوری والمکوری۔ فرومایہ۔کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔
کاز یکوز کوزا۔ کوزے سے پینا الشئ: جمع کرنا۔
تکوز۔ القوم: قوم کا اکٹھا ہونا۔
اکتاز۔ کوزے سے پینا الماءَ: کوزے سے لینا۔
الکوز۔ کوزہ۔ ج اکواز و کیزان و کوزۃ۔ (دخیل)
مکوز الراس: لمبے سر والا۔
الکاز: النفط: پٹرول
کاس یکوس کوسا البعیرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِی السیر: آہستہ چلنا۔کہا جاتا ہے"فُلانٌ یکوسُ فِی السیرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے علیٰ راسہٖ: سر کے بل اُلٹ پڑنا فِی البیع: قیمت گھٹانا۔کہا جاتا ہے"لا تکسنی یا فُلانُ فِی البیعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔
کاسہ واکاسہٗ اکاسۃً۔ پچھاڑنا۔
کوس الشئ علیٰ راسہٖ: سرنگوں کرنا۔
تکوس الرجل: سرنگوں ہونا۔
تکاوس لحمہٗ: گوشت کا تہ بتہ ہونا العُشبُ: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔
اکتاسہٗ عن حاجتہٖ: روکنا۔
الکاس۔ کأس کا مخفف۔ بمعنی پیالہ۔
الکوس۔ مص۔ دریا کا تلاطم۔ ڈوبنے کے قریب ہونا۔
الکوس۔ ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کوسات (دخیل) لُمعۃٌ کوساء۔ خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کُوس۔ رمالٌ کُوس: ریت تہ بتہ جما ہوا۔
الکوسیٰ مِن الخیل: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کوسیۃ۔
المکاس۔ سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔
المکوس۔ چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مکاوس
کوسج و تکوسج الرجل: کوسج ہونا۔
الکوسج۔ صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کواسج
الکوسج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔
کاش یکوش کوشا عنہ: بہت گھبرانا۔
الجاریۃَ: جماع کرنا۔
کوع (س) کوعا۔ بڑے بندست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بندست والا ہونا۔ صفت اکوع مؤنث کوعاء ج کوع
کاع یکوع کوعا الکلبُ: گرمی کی وجہ سے بندست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بندست پر چلنا۔
کوعہٗ بالسیف: تلوار مارنے سے بندست کا ٹیڑھا کرنا۔
تکوعت یدہٗ: بندست کا ٹیڑھا ہونا۔
الکاع والکوع۔ انگوٹھے کی جانب بندست کا کنارہ۔ ج اکواع۔
الکوع۔ مص۔ بندست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔
کاف یکوف کوفا الادیم: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔
کوف الادیم: ٹکڑے ٹکڑے کرنا الشئ: علیحدہ کرنا الکاف: حرف کاف لکھنا الرجل: کوفہ میں آنا۔
تکوف القوم تکوفا و کوفانا علی غیر القیاس جمع ہونا الرجل: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔
الکوفۃ۔ عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔
الکوفی۔ کوفہ کی جانب منسوب۔ اور اسی سے ہے خط کوفی۔
الکوفیون۔ کوفہ کے نحوی حضرات۔
الکوفیۃ۔ کوفی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکفیّہ کہتے ہیں۔
کوفلت المرأۃ ابنھا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا الکافولیۃ: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔
الکَوفان والکُوفان والکوفان والکوفان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈ۔ اور کہا جاتا ہے "ظلّوا فی کوفانٍ من امرھم" ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا "وھم فی کوفانٍ من ذلك" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "النّاسُ فی کوفی من امرھم"
الکوکۃ: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔
الکوکائین: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔
کوکب الحدیدُ: چمک اُٹھنا۔ چم چم کرنا۔
الکوکب۔ ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولہ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ کوکبُ البئر: کوئیں کا سوت۔ ج کواکب۔ کہا جاتا ہے "ذھبوا تحت کلّ کوکب" یعنی متفرق ہوگئے "و یومٌ ذو کواکب" سختیوں والا دن۔
الکوکبۃ۔ ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

المُكوْكَب ۔ آنکھ کے پھولے والا۔
كَوْكَى كَوْكَوْةً ۔الرجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ پستہ قد کا دوڑنا۔
الكَوْكَاة والكَوَاكِية. پستہ قد۔
المُكوْكِي ۔ بے برکت۔ کیکڑا۔
تكَوّل القَوْمُ: اکٹھا ہونا(وانکال انکیالا)
القَوْمُ عَليْه: مار پیٹ گالی گلوچ کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
تكاوَل الرجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔
الكَوْلان والكُوْلان ۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد كوْلانة
الاكْوَل ۔ پہاڑ کی مانند بلند زمین ۔ ج اكاوِل
كام (ن) كَوْمًا و كَوْمة الجارِية: جماع کرنا الفرسُ وَغيْرهُ: جفتی کرنا۔
كوِمَتْ (س) كَوَمًا النَاقةُ: اُونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔
كَوّم تكْوِيمًا التُرابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا المتاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ثيابَهُ في ثوْب واحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
اكْتام اكْتِيامًا الرجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔
الكُوْم ۔اُونٹوں کا گلہ ۔ج اكوام۔ بلند جگہ۔ ٹیلہ ج كِيمان۔
الكَوْمة والكُوْمة. مٹی کا ڈھیر ۔ج كُوَم واكْوام.
الاكْوَم ۔بلند ۔بڑے کوہان والا اُونٹ۔ مؤنث كَوْماء ج كُوْم.
الكُوْمِسيُون: بڑھئی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ کی اجرت۔ سیاسی و تجارتی معاملات کو درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں "اللَّجنة" بولتے ہیں۔ الكومسيُونجي: سامان برآمد کرنے والا۔
كان يكُوْن كَوْنًا و كِيانًا و كَيْنُونة الشيْئُ: نوپید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ كان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے ۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لیے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "كان زَيْدٌ قائما" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فقال اللّٰہ يكن نوْرٌ فكان نوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كان اللّٰہ ولا شئ معهٗ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "ان كان ذو عُسرة فنظرةٌ الى ميْسرة" اور وقع کے معنی میں جیسے "ماشاء اللّٰہ كان" اور ينبغي کے معنی میں جیسے "ماكان لكم ان تنبتوا شجرها" اور استقبال کے معنی کے لیے جیسے "يخافوْن يوما كان شرّه مستطيرا" اور زمانہ ماضی کے لیے جیسے "كان في المدينة تسعة رهْط" اور زمانہ حال کیلئے جیسے "كنتم خير اُمّة اُخرجت للناس" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كان اللّٰہ غفُوْرا رَحيما" اور کہا جاتا ہے "صار الى كان" یعنی مر گیا اور مثنٰی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صار الى كانا" صاروا الى كانوا" اور "كنت الكوفة" یعنی میں کوفہ میں تھا "و منازل افقرت كان لم يكنها احدٌ" یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا "و كُنّاهم" بمعنی كُنّا ايّاهم.
كان يكُوْن كَوْنا و كِيانا على فُلان: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
كوّن تكْوينا الشئ: پیدا کرنا ۔ ایجاد کرنا۔
تكوّن ۔ پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔
اكْتان اكْتِيانا بفلان و عليه: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
اسْتكان اسْتكانة لفلان: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
الكَوْن ۔مص۔ عالم وجود۔
الكَوْنِي ۔ کون کی جانب منسوب۔
الكَوْنِيّ ۔ عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔
الكِيان ۔مص۔ طبیعت۔ فطرت۔
الكِيانة ۔ ضمانت۔ کفالت۔
التكْوين ۔مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا ۔سفر التكْوين: بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔
الكائن ۔فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔
الكائنة. مؤنث كائن. حادثہ ج كائنات و كوائن .الكائنات: موجودات۔
الكُنْتِيّ والكُنْتُنِيّ ۔ بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ في شبابي كذا و كذا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے ۔تم کہتے ہو "اصْبحْتُ كُنْتِيًا" یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا ج كُنْتِيُوْن و كُنْتُنِيُوْن اور كُنْتُنِي میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضربنی میں فتحہ ظاہر ہونے کیلئے نون لاتے ہیں۔
المكان ۔کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اماكن و امْكِنة و امْكُن (اخیر نادر ہے)
المكانة ۔موضع ۔جگہ ۔مرتبہ ج مكانات.
المكِيْن ۔مرتبہ والا ۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ مكِيْنٌ عنْد فُلان" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مكُوْنٌ فيْه: یعنی موجود۔
كوِه (س) كوْهًا ۔ متحیر ہونا۔
كاه يكُوْهُ كوْهًا الشئ: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
كوّه النار: آگ بھڑکانا۔
تكوّه عليْه الامْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا۔
كوّى فِي دارِه كُوّى: روشندان بنانا۔
تكوّى تكوّيا الرجُلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔
الكوُّ والكوّة والكُوّة. روشندان ۔ج كِواء و كُوى و كوّات و كُوّات.
كُوى النهْر: دریا کے نالے۔
كوى يكْوِيْ كيّا فُلانا: لوہے وغیرہ سے داغ دینا ۔كوت العقْربُ فُلانا: بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "كوانى بعيْنه" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اَکْوَی اِکْوَاءً ۔زبان سے تکلیف پہنچانا۔
کَاوَیٰ مُکَاوَاۃً ۔باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِکْتَوَیٰ ۔داغ لگنا الرَّجُلُ: اپنے آپ کو داغ دینا۔اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔
اسْتَکْوَی فُلَانًا: داغ لگانے کو کہنا الرَّجُلُ: داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔
الْکَیَّۃ. کَوَیٰ کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔
الْکَوَّاء ۔اسم مبالغہ۔بدزبان۔بہت گالی بکنے والا۔
الْمِکْوَاۃ. داغ دینے کا لوہا۔استری کرنے کا لوہا۔ج مَکَاوٍ۔
الْمِکْوَاۃ والکاوِیَاء. بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔
کَیْ. حرف تعلیل ہے۔فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ کَیْ یَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "کَیْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔
وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہْ جیسا کہ لِمَہْ کہا جاتا ہے اور مَاءِ مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "یُرَجَّی الفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ و یَنْفَعُ."
اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوباً داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ کَیْ تُکْرِمَنِی" میں تمہارے پاس اس لیے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِی.
کَاءَ یَکِیْءُ کَیْئًا عَنِ الْاَمْرِ: اعراض کرنا۔
الْکَاءُ والکَیْءُ والکَائَۃُ والکَیْأَۃ بزدل۔
کَیَّتَ الْوِعَاءَ: برتن بھرنا الْجِهَازَ: سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔
کَیْتَ و کَیْتَ ۔اور کبھی کَیْتِ و کَیْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ کَیْتَ و کَیْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔اور کَیْتَ کَیْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔
کَاحَ یَکِیْحُ کَیْحًا السَّیْفُ فِیْهِ: تلوار کا اثر کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا کَاحَ فِیْهِ السَّیْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔
اَکَاحَهُ اِکَاحَۃً ۔ہلاک کرنا۔
الْکِیْح ۔موٹا (مذکر ومؤنث) کَیْحٌ اَکْیَحُ: کھردرا۔موٹا۔جیسے کہا جاتا ہے یَوْمٌ اَیْوَمُ.
الْکَیْح ۔سختی۔موٹاپا۔
کَادَهُ یَکِیْدُه کَیْدًا ۔مکر کرنا۔فریب کرنا۔مکر سکھلانا۔جنگ کرنا۔برا ارادہ کرنا الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا. کَادَ لِفُلَانٍ: حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکِیْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِی مَا هُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوْا الْاَمْرَ الَّذِیْ کَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا بِنَفْسِهٖ: جان دینا الشَّیْءَ: تیار کرنا الرَّجُلُ: قے کرنا۔
کَایَدَهُ مُکَایَدَۃً ۔مکر و فریب کرنا۔
تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔
اِکْتَادَ اِکْتِیَادًا ۔حیلہ کرنا۔مکر و فریب کرنا۔
الْکَیْد ۔س۔حیلہ۔مکر۔خباثت۔لڑائی۔قے ج کِیَاد ۔کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا کَیْدًا وَلَا هَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔
الْکَیَّاد ۔بہت مکر کرنے والا۔
الْمَکِیْدَۃ. اسم ہے کَادَ کا۔مکر۔دھوکا۔خباثت ج مَکَائِد . کید کی نسبت جب اللہ تعالی کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔
کَارَ یَکِیْرُ کِیَارًا .الفَرَسُ: دوڑنے میں دُم اُٹھانا۔
اَکَارَ عَلَیْهِ یَضْرِبُهُ: متوجہ ہونا۔
تَکَایَرَا ۔ایک دوسرے کو مارنا۔
الْکِیْر ۔لوہار کی بھٹی۔ج اَکْیَار و کِیَرَۃ
الْکَیِّر ۔دوڑنے میں دُم اُٹھانے والا۔
کَاسَ یَکِیْسُ کَیْسًا و کِیَاسَۃً الْغُلَامُ: زیرک ہونا۔ذہین ہونا فُلَانًا: دانائی میں غالب آنا الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
کَیَّسَهُ تَکْیِیْسًا ۔زیرک و ذہین بنانا۔
کَایَسَهُ مُکَایَسَۃً ۔دانائی میں مقابلہ کرنا هٗ: فِی الْبَیْعِ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَکَاسَ اِکَاسَۃً و اَکْیَسَ اِکْیَاسًا ذہین اولاد والا ہونا۔
تَکَیَّسَ ۔دانائی ظاہر کرنا۔بتکلف دانا بننا۔
الْکَیْس: س۔عقل; سمجھ; دانائی; زیرکی۔بخشش۔جماعت۔کاموں میں سنجیدگی۔
الْکِیَاسَۃ: س۔جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔
الْکِیْس ۔تھیلی۔بٹوہ۔ج اَکْیَاس و کِیَسَۃ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے۔
الْکَیِّس ۔دانا۔سمجھ دار۔اچھی سمجھ بوجھ والا۔ج اَکْیَاس و کَیْسَی مؤنث کَیِّسَۃ ج کِیَاس.
الْمُکَیِّس ۔سمجھ دار۔
کَیْسَان ۔بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لئے۔جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے رَکِبَ فُلَانٌ کَیْسَانَ.
الْاَکْیَس ۔اسم تفضیل۔مؤنث کَیْسَی و کُوْسَی ج کِیْس.
الْمِکْیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ج مَکَایِیْس.
کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیَصَانًا کسی چیز سے عاجز ہونا الطَّعَامَ: تنہا کھانا۔
مِنَ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: بہت کھانا پینا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔کہا جاتا ہے "مَرَّ یَکِیْصُ" جلدی کرتا ہوا گزرا "کِصْنَا عِنْدَهُ مَا شِئْنَا" ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔
کَایَصَ مُکَایَصَۃً الْاَمْرَ او العَمَلَ: مشق

کرنا۔
الکَیْص ۔مص۔ سخت بخیل ۔درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔
کَیْصٌ و کِیْصَی و کَیْصًی و کَیْصٰی. تنہا اترنے والا۔ تنہا کھانے والا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا۔
الکِیْصُ والکَیصُ مِنَ الرِجَالِ: مضبوط پٹھے والا۔
کَاعَ یَکِیْعُ کَیْعًا و کَیْعُوعَۃً عَنْہُ: بزدل ہونا۔ خائف ہونا۔ صفت کَاعٍ و کَائِعٌ ج کَاعَۃٌ.
کَافَ یَکِیْفُ کَیْفًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔
کَیَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کیفیت معلومہ بنانا۔
تَکَیَّفَ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کسی کیفیت پر ہونا۔
اِنْکَافَ اِنْکِیَافًا الشَّیْءُ: کاٹنا۔
کَیْفَ اسم مبہم مبنی علی الفتحہ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لیے ہوتا ہے جیسے "کَیْفَ زَیْدٌ" اور کبھی شرط کے لیے آتا ہے کبھی "ما" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے کَیْفَمَا تَصْنَعُ اَصْنَعُ و کَیْفَ تَصْنَعُ اَصْنَعُ اور کہا جاتا ہے "کَیْفَ لِیْ بِفُلَانٍ" اس کے جواب میں تم کہتے ہو کُلُّ الکَیْفِ جر کے ساتھ۔ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے۔
کَیْفِیَّۃُ الشَّیْءِ: صفت۔ حالت ج کَیْفِیَّاتٌ.
الکِیْفَۃ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں۔ ج کِیَفٌ.
الکُیَیْکَۃ انڈا۔ ج الکَیَاکِی. اور تصغیر کُیَیْکَۃ و کُیَیْکِیَّۃ.
کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا و مَکِیْلًا و مَکَالًا و کَیَّلَ القَمْحَ وَغَیْرَہُ: ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے "کِلْتُ زَیْدًا الطَّعَامَ" اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے جیسے کِلْتُ لِزَیْدٍ الطَّعَامَ. کَالَ الدَّرَاہِمَ تولنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "ہٰذَا طَعَامٌ لَا یَکِیْلُنِیْ" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لیے کافی نہیں۔
کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔
کَیَّلَ القَمْحَ: گیہوں ناپنا الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔
کَایَلَۃً مُکَایَلَۃً۔ دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْتُ فُلَانًا" یعنی اس نے میرے لیے اور میں نے اس کے لئے ناپا۔ دونوں مُکَایَلَانِ کہے جائیں گے "وَکَایَلَ الفَرَسُ الفَرَسَ فِی الجَرْیِ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "کَایَلْنَاہُمْ صَاعًا بِصَاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔
تَکَیَّلَ الرَّجُلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔
تَکَایَلَ الرَّجُلَانِ: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ ایک کا دوسرے کیلئے ناپنا۔
اِکْتَالَ اِکْتِیَالًا مِنْہُ و عَلَیْہِ: اپنے لیے ناپنا۔
الکَال ۔ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے۔
الکَیْل ۔مص۔ ناپنے کا آلہ ۔چنگاری جو چقماق سے گرے۔ ج اَکْیَالٌ.
الکَیْلَۃ کال کا اسم مرۃ ناپنے کا برتن فِی بَرِّ الشَّامِ: دومد کا پیمانہ۔ ج کَیْلَاتٌ. اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَحَشَفًا وَ سُوْءَ کَیْلَۃٍ" اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے۔ مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی۔
الکِیْلَۃ کال کا اسم۔ اور اسم نوع۔
الکِیَالَۃ ناپنے کا پیشہ۔ ناپنے کی اجرت۔
الکَیَّال وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے۔
الکَیُّول میدان جنگ کی آخری صف۔ اونچی زمین ۔بزدل (والکَیِّل) چنگاری جو چقماق سے جھڑے۔
المِکْیَل والمِکْیَلَۃ ج مَکَائِل والمِکْیَال ج مَکَایِیْل: جس سے ناپا جائے۔
الکَیْلُوسُ ایک سفید مائع مادہ جو کہ زود مضم مطعومات کا جوس ہوتا ہے۔
الکِیْلُو غِرَام کلوگرام جو کہ ہزار گرام وزن کا ہوتا ہے اور گرام اوقیہ کا چوبیسواں جز ہوتا ہے۔
المَکِیْل والمَکْیُوْل. ناپا ہوا۔
الکِیْمِیَاء والکِیْمِیَا. اکسیر۔ جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے عِلْمُ الکِیْمِیَاءِ او الکِیْمِیَا عِنْدَ القُدَمَاءِ: وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جائے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصا سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں اور یا تمام امراض کیلئے دوا کا استنباط عِنْدَ المُتَاَخِّرِیْنَ: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع و خواص سے بواسطہ حل و ترکیب کے بحث ہو ۔اور نسبت کے وقت کِیْمِیٌّ و کِیْمَوِیٌّ کہتے ہیں۔ ج کِیْمِیُّوْنَ و کِیْمَوِیُّوْنَ.
کَانَ یَکِیْنُ کَیْنًا لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
اَکَانَہُ اِکَانَۃً اللّٰہُ: عاجز کر دینا۔ مطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔
اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا. غمگین ہونا اور غم کو چھپانا۔
اِسْتَکَانَ. کون کے مادہ میں مذکور ہے۔
الکِیْنَۃ بیری۔ ضمانت۔
الکِیْنَۃ سختی ۔ذلت حالت ۔کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ بِکِیْنَۃِ سُوْءٍ" یعنی اس نے بری حالت میں رات گزاری۔
الکِیْنَا. کونین (دخیل)
کَاہَ یَکِیْہُ کَیْہًا فُلَانًا: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
الکَیِّہ ۔وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آ چکا ہو۔

اَللَّامُ بنیادی حروف میں سے تیسواں حرف ہے۔ یہ حروف ذلقیہ سے ہے۔ لام بحساب جمل اس کا عدد (۳۰) تیس ہے۔

اللام تین قسمیں ہیں۔

(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزَیْدٍ وَلِیْ اور مستغاث بیا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یااللہِ وَلَكَ وَلَنَا وَلَهٗ

یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مومن کے لیے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے "اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) ملکیت جیسے لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ) اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان وزمین میں ہیں۔

جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط۔
اللُّقَطَة واللُّقْطَة۔ وہ چیز جو تم کو راستہ میں
پڑی ہوئی ملے اور تم اُٹھا لو یا وہ شئے متروک جس
کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللِّقَاط واللُّقَاط۔ خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے
والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔
پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اللِّقَاط۔ گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور
کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا
مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ
لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔
اللُّقَاطَة. گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی
بے قیمت چیز۔ ج لُقَاط۔
اللَّاقِط. فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے
والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللَّاقِطَة. لَاقِط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل
ہے۔ "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ
جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا
ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا
جاتا ہے) اللَّاقِطَة رذیل مرد یا عورت۔
لَاقِطَةُ الحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَّقَّاط واللَّقَّاطَة. بہت اُٹھانے والا۔
اللَّقِيط. اُٹھایا ہوا۔ نو مولود بچہ جو پھینک دیا
جائے۔
اللَّقِيطَةُ. لَقِيط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا
عورت ج لَقَائِط۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ
لُقَيطَى خُلَيطَى۔ چغلی کھانے کے لیے
خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔
الأَلقَاط. آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑے
متفرق لوگ۔
المَلْقَط. مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا
ہے یا مَلقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث
مَلقَطَانَة۔

المِلْقَط. جس سے اُٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ج ملاقط.
المِلْقَاط. قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ مکڑی۔ ج مَلاقِيْط.
المَلْقُوْط. سع نو مولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اُٹھایا جائے۔ج مَلاقِیط.
لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّیْءَ: پھینکنا فُلانًا بِعَيْنِه: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
لَقعَ فُلانًا: عیب لگانا لَقَعَهُ بِالْكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
لَقعَ (ف) لَقَعانًا. تیز گزرنا (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔
لَاقَعَ فُلانًا بِالْكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
تَلَقَّعَ بِالْكَلامِ: بکواس کرنا۔
اُلْتقِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اللُقَاع والُلقَّاع. سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَاعَة و لُقَّاعَة.
اللُقَعَة. اللُقَّاعَه واللُّقَّاع والتِلِقَّاع و التِلِقَّاعَة. بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ھے اِمْرَأَةٌ تِلْقَاع و مِلْقَعةٌ بیہودہ گو عورت۔
لَقِفَ (س) لَقْفًا و لَقَفَانًا والْتَقَفَ الشَّیْءَ: جلدی سے لینا۔
لَقِفَ (س) لَقَفًا الْحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ الْحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔
لَقَّفَهُ الشَّیْءَ: اُچکنے کیلئے پھینکنا ہٗ الطَعَامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعَامَ: نگلنا الْفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔
تَلَقَّفَ الشَّیْءَ: جلدی سے لینا الطَعَامَ نگلنا الحَائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِيْهِ كَذَا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔
اللَقف. سع۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔
ج اَلْقَاف. اللقف: بمعنی اِلْتِقَاف و تَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللقَافَة. حذاقت۔ ہوشیاری۔
اللَقْف واللَقِف واللَقِیْف مِنَ الرِّجَال چست و زیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ و ثَقِفٌ لَقِفٌ و ثَقِيْفٌ لَقِيْفٌ."
لَقْلَقَ. اللقْلاقُ: سارس کا آواز کرنا۔
لَقْلَقَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّیْءَ: حرکت دینا۔
تَلَقْلَقَ الشَّیْءُ: ہلنا۔ اللقْلَق ج لَقَالِق واللقْلاق. سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "اَبُو حُدَيْج" ہے اللقْلَق: زبان۔
اللقْلاق. آواز۔ شور۔
اللقْلَقَة. سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فِيْ لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ج لَقَالِق.
حُرُوْفُ اللقْلَقَة: ب، ج، د، ط، ق۔ طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ. تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔
لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِيْقَ وَغَيْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَعَامَ. جلدی کھانا ہڑپ کرنا۔
لَقَمَهُ والْقَمَهُ الطَعَامَ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَهُ الْحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا۔
تَلَقَّمَ الشَّیْءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ المَاءُ فِيْ بَطْنِهِ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔
اِلْتَقَمَ الطَعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَه" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔
اللَّقَم واللُّقَم. راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔
اللَقْمَة. لَقَم کا اسم مرة۔
اللُقْمَة. ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.
اللَقِيْم. لقمہ۔

التِلْقَام والتِلْقَامَة والتِلِقَّام والتِلِقَّامَة بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔
رَكِيَّةٌ مُتَلَقِّمَة. بہت پانی والا کنواں۔
لَقُنَ (ک) لَقَانَةً. تیز فہم وذکی ہونا۔
لَقِنَ (س) لَقْنًا و لَقَنًا و لَقَانَةً و لَقَانِيَةً وتَلَقَّنَ الْكَلامَ مِنْ فُلانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔
لَقَّنَهُ الكَلامَ: بالمشافہ سمجھانا۔
اَلْقَنَ الكَلامَ: جلدی سے یاد کرنا۔
اللَقْن. ستون۔ کنارہ۔
اللِقَانَة واللَقَانِيَة. سع۔ زود فہمی۔
اللَقِن. زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔
اللَقَن. لگن (دخیل)
اَللَّقَن: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔
اللَّوَاقِن. پیٹ کا نچلا حصہ۔
لَقَا يَلْقُو لَقْوًا فُلانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔
لُقِيَ لَقْوًا. مبتلائے لقوہ ہونا۔
اللَقْوَة. ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (واللِقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقَاء واَلْقَاء.
المَلْقُوّ. لقوہ زدہ۔
لَقِيَ يَلْقَى لِقَاءً و لِقَاءَةً و لِقَايَةً و لَقَانَةً و لُقْيَانًا و لِقْيَانًا و لِقْيَانَةً و لُقِيًّا و لقيًا و لَقْيَةً و لُقْيَةً و لُقىً فُلانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔
لَقَّى تَلْقِيَةً فُلانًا الشَّیْءَ: پھینکنا۔
لَاقَى لِقَاءً و مُلَاقَاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاقَى بَيْنَ طَرَفَي القَضِيْبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوْقِيَ بَيْنَهُمَا"
اَلْقَى الشَّیْءَ اِلَى الْاَرْضِ: ڈال دینا اِلَيْهِ القَوْلَ و بِالْقَوْلِ: پہنچانا عَلَيْهِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا فِيْهِ الشَّیْءَ: رکھنا عَنْهُ الشَّیْءَ: ڈال دینا اِلَيْهِ السَّمْعَ: کان لگانا اِلَيْهِ خَيْرًا: بہتر سلوک کرنا اِلَيْهِ بَالًا: پروا کرنا۔ اور کہا

جاتا ہے "اَلْقَيْتُ اِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ و بِالْمَوَدَّةِ" میں نے اُس سے مُحبت کی۔

تَلَقَّى الشَّیَٔ ملنا۔ استقبال کرنا۔ الشَّیَٔ مِنْهُ: سیکھنا تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔

اِلْتَقَى الشَّیَٔ ملنا (و تَلَاقَى) الْقَوْمُ باہم ملنا۔ و تَلَاقَوْا باہم جھگڑا کرنا۔

اِسْتَلْقَى عَلٰى قَفَاه: چت سونا۔

اللَّقٰى. پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقَاء۔

اللَّقْيَة و اللُّقْيَة. س. اللَّقْيَة لَقِیَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًى۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُه لُقًى كَثِيْرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔

اللُّقٰى. پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔

اللقيا. لِقَا کا اسم ہے۔

اَلتِّلْقَاء. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهٖ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔

اللقاة راستہ کا درمیان۔

اللَّقِیُّ. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّة

اللِّقِیُّ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لِقِيَّانِ و لِقِيَانِ" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وَهُوَ شَقِیٌّ لَقِیٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔

اللقّاء. خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

اُلْقِيَّة. چیستان۔ پہیلی۔ ج اَلَاقِیُّ.

اَلْاَلَاقِیُّ: سختیاں۔

المَلْقٰى و المُلْتَقٰى. ملنے کی جگہ۔

المَلَاقِی. مَلْقٰى کی جمع۔ مَلَاقِیُّ الْاَجْفَانِ پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَّلَاقِی. س. يَوْمُ التَّلَاقِی: قیامت کا دن۔

المُتَلَاقِی. فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُلْقٰى چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْقَى الْكُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَى الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

المُلْقِی و المُلَقِّی و المَلْقِیُّ. خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلَقًّى" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجَاعُ مُوَقًّى والجَبَانُ مُلَقًّى کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِیْ مُلَاقِیَّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَّهٗ (ن) لَكًّا گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔ لَكَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا الشَّیَٔ ملانا الجِلْدَ لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا الْعَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا فِیْ كَلَامِهٖ: غلطی کرنا فِیْ حُجَّتِهٖ دیر لگانا۔

اللِّكَاكُ. بھیڑ۔ اژدہام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُكُكٌ و لِكَاكٌ.

اللَّكُّ. س. گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلَّدِيْنَ: لاکھ ج الكاك و لُكُوْك.

اللَّكُّ و اللُّكُّ. نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھلکا۔ سخت دیر گوشت۔

اللكّة. شدت۔

اللكّاء. مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لَكِّیٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

اللَّكِيْكُ. گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاك.

المُلَكَّكُ. سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرَانُ مُلْتَكٌّ. مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ (ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔

فُلَانًا: پچھاڑنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔

لَكِیَٔ (س) لَكَأً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَثَهٗ (ن) لَكْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ (س) لَكَثًا الْبَعِيْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا الْوَسَخُ عَلَيْهِ و بِهٖ: میل جمنا۔

اللَّكَثُ. س. دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَةٌ. موٹی اُونٹنی۔

اللُّكَاثُ. اُونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللُّكَاثِیُّ. بہت سفید۔

اللُّكَّاث. چونہ بنانے والا۔

لَكَحَهٗ (ف) لَكْحًا. مکا مارنا۔

لَكَدَهٗ (ن) لَكْدًا. ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔

لَكِدَ (س) لَكَدًا الْوَسَخُ عَلٰى فُلَانٍ و بِهٖ: میل جمنا۔ چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔

لَاكَدَ الْغُلَّ: طوق سے لگے رہنا قَيْدَهٗ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا

فُلَانًا: لازم ہونا. چمٹنا.

تَلَكَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّیْءُ: چمٹنا بِهٖ او عَلَيْهِ الْوَسَخُ: میل کا جم جانا فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَّكِد. بد خلق۔ بخیل۔

الاَلْكَد. کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْكَد. کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَهٗ (ن) لَكْزًا. مکا مارنا۔

لَاكَزَهٗ. مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا

مارنا۔
تَلاکَزَا. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اللکاز. چپٹھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔
اللَکِز. بخیل۔
المُلکَز. ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لَکِسٌ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِکسٌ لَکِسٌ" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَکَشَهٗ (ض) لَکشًا. مکا مارنا۔
لَکَصَهٗ (ن) لَکصًا. مکا مارنا۔
لَکَعَتْه (ف) لَکعًا العَقرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَکَعَ الرَّجُلُ: سخت سُست سنانا الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکتُه یَلکَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَکِعَ (س) لَکعًا و لَکاعَةً. لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا (لَکعًا) عَلَیهِ الوَسخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمرَأَةٌ لَکاعِ. مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور نداہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رَجُلٌ لَکاعٌ. لئیم و کمینہ مرد۔
اللَکاعَة. ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔ ج لُکاعٌ.
اللُکع. پستہ قد۔
اللکع. کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یا لُکَعُ اور نداء تثنیہ کی صورت میں یا ذَوَی لُکع. اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لیے کلمہ اَلکع سے معدول ہے۔ اللُکع : غلام۔ بیوقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
اللُکَعَة. کمینی۔ گھوڑی۔
الاَلکَع. مؤنث لَکعاءُ ج لُکعٌ واللکوع واللکیع: کمینہ۔ الاَلکَع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
المَلکَعان. کمینہ۔ مؤنث مَلکَعانَة.

اللُکَلُك. پستہ قد (واللکالِك) موٹا اُونٹ۔
لَکَمَهٗ (ن) لَکمًا. مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَکَم السَّیلُ عَرضَ الجَبَل" سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔
لاکَمَهٗ مُلاکَمَةً. ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اِلتَکَم. بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔
تَلاکَمَا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
اللُکمَة. گھونسا۔ مکا۔
رَجُلٌ مِلکَمٌ. بہت گھونسے مارنے والا۔
المَلکُوم. مثل مظلوم۔
خُفٌّ لَکامٌ و مِلکَمٌ و مُلکَم. سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔
المُلکَم. پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔
لَکِنَ (س) لَکنًا و لُکنَةً ولُکُونَةً و لُکنُونَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلکَنُ مؤنث لَکناء ج لُکنٌ.
تَلاکَنَ فِی کَلامِه: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔
اللُکنَة. مص۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔
لٰکِن. اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخففہ ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَیدٌ وَلٰکِن عَمرٌو جَالِسٌ.
(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واؤ لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واؤ نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَا قَامَ زَیدٌ لکن عَمرٌو" "و" لَا تَضرِب زَیدًا لکن عَمرًا"
اللَکن. لگن۔ ج اَلکان (دخیل)
لٰکِنَّ. اس کی اصل لاکنّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ القَومُ لٰکِنَّ زَیدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کیلئے جیسے لَوزَارَنِی زَیدٌ لَاَکرَمتُه لٰکِنَّهٗ لَم یَجِیءُ لا سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لٰکن سے تاکید ہوگئی۔
لَکِیَ یَلکَی لَکًی بِه: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لَکیٌّ. لَکِیَ بِالمَکان: اقامت کرنا۔
اللاکِی. عیب جو (لَامِكٌ کا مقلوب ہے)
لَم. حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَم یَاکُل اس نے نہیں کھایا۔ اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَم اَقُل لَكَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَم اَقُل لَكَ او لَم اُؤَدِّبكَ.
لَمَّا. تین صورتوں سے مستعمل ہے۔
(ا) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔
(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِن لَمَّا تَقُم نہیں کہا جائے گا۔ اور اِن لَم تَقُم کہنا جائز ہے۔
(ب) لَمَّا کے منفی میں استغراق ہے اور لَم کے منفی میں انقطاع جیسے لَم یَکُن شَیئًا مَذکُورًا. اور اسی وجہ سے "لَم یَکُن ثُمَّ کَانَ" کہنا جائز ہے اور "لَمَّا یَکُن ثُمَّ کَانَ" نہیں کہہ سکتے۔
(ج) لَمَّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لَم کے۔
(د) لَمَّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لَم کے۔
(ہ) لَمَّا کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فَجِئتُ قُبُورَهُم بَدءًا و لَمَّا"

یعنی لَمَّا اَكُنْ بَدْءً ا قَبْلَ ذٰلِكَ اور
"وَصَلْتُ اِلٰى بَغْدَادَ وَلَمَّا" یعنی لَمْ
اَدْخُلْهَا کہنا جائز نہیں۔
(۲) لَمَّا ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں
پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود
فعل اول پر موقوف ہے جیسے لَمَّا جَاءَنِیْ
اَكْرَمْتُهٗ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود
لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب
لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ
فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے
سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ
حین کے معنی میں ظرف ہے۔
(۳) لَمَّا حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔
جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ كُلُّ
نَفْسٍ لَمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی
قرئات میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور
ماضی لفظاً پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُكَ اللهَ
لَمَّا فَعَلْتَ یعنی مَا اَسْاَلُكَ اِلَّا فِعْلَكَ.
لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
کہا جاتا ہے "لَمَّ اللهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ
تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست
کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ کسی کے پاس آ کر نازل
ہونا۔
لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت
مَلْمُوْم.
اَلَمَّ. چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔
الْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ.
اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا بِهٖ
مرضٌ: مرض لاحق ہونا بِالْقَوْمِ و عَلَى
الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا بِالْمَعْنٰى: سمجھ لینا
بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا الشَّیْءَ: قریب ہونا
بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا بِالطَّعَامِ: کھانے میں
اسراف نہ کرنا اور کبھی كَادَ کے معنے میں
استعمال کیا جاتا ہے جیسے "اَلَمَّ یَفْعَلُ كَذَا"
بمعنی كَادَ یَفْعَلُ كَذَا.
اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔
اللَّامَّةُ. نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی
چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ
وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ یَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ
ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔
اللَّمُّ. سن۔ بے شمار جماعت۔
اللَّمَم. تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب
ہونا۔ چھوٹے گناہ۔
اللِّمَّا. ایک قسم کی مچھلی۔
اللَّمَّة. لَمَّ کا اسم مرة۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا
جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس
پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللُّمَّة زمانہ۔ اور کہا
جاتا ہے "لِلشَّیْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے
لیے قربت ہے۔
اللُّمَّة. ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا
تُسَافِرُوا حَتّٰى تُصِیْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو
یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)
اللِّمَّة. بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے
متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ و لِمَامٌ.
المِلَمّ. ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے
"رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع
کرنے والا۔ "و رَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں
کے امور کی اصلاح اور عموماً ان کے ساتھ
بھلائی کرنے والا مرد۔
المُلِمَّة. دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت
مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔
المَلْمُوْم. جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول
جمع کیا ہوا۔
كَتِیْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ. گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ
مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔
لَمَاهُ وَلَمَا عَلَیْهِ (ف) لَمْأً. ہاتھ ڈالنا
الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا بِهٖ: مشتمل
ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا یَلْمَأُ فَمُهٗ بِكَلِمَةٍ"
یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات
نہیں سمجھتا۔
اَلْمَاَ. اللِّصُّ عَلَى الشَّیْءِ و بِالشَّیْءِ: چور
کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا عَلٰى حَقِّهٖ:
حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَاَتِ الدَّوَابُّ الْمَكَانَ:
جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے
"كَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًى فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ
فَاَلْمَاَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل
پڑے عَلَى الشَّیْءِ: مشتمل ہونا بِمَا فِی
الْجَفْنَةِ: اپنے لیے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے
"مَا اَدْرِیْ اَیْنَ اَلْمَاَ مِنْ بِلَادِ اللهِ" مجھے
نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔
تَلَمَّاَتْ تَلَمُّؤًا الْاَرْضُ بِهٖ و عَلَیْهِ: گھیر
لینا۔ تَلَمَّاَ وَالْتَمَاَ بِمَا فِی الْجَفْنَةِ و
اِلْتَمَاَهٗ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔
اُلْتُمِیَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔
الْمَلْمُوْنَةُ. جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز
پائی جائے۔ جال۔
لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف
سے کھانا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا
لَمَجُوْا ضَیْفَهُمْ بِشَیْءٍ" انہوں نے اپنے
مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔
تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا
جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے
اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔
اللَّمَاجُ واللَّمُوْجُ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا
ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں
نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔
المِلْجُ واللَّمِیْجُ. بہت کھانے والا۔
کہا جاتا ہے "سَمْجٌ لَمْجٌ و سَمِجٌ لَمِجٌ و
سَمِیْجٌ لَمِیْجٌ" یعنی بہت برا۔
اللُّمْجَة. غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ.
المَلَامِج. منہ کے ارد گرد۔
رُمْحٌ مُلَمَّجٌ. نرم و چکنا نیزہ۔
لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا
الرَّجُلُ الشَّیْءَ وَاِلَى الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر
سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَة ہے الشَّیْءَ
بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔
لَمَحَ (ف) لَمْحًا و لَمَحَانًا و تَلْمَاحًا
النَّجْمُ او الْبَرْقُ ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت
لَامِحٌ و لَمُوْحٌ و لَمَّاحٌ.
لَامَحْتُه. دزدیدہ نگاہی کرنا۔
لَمَّحَ تَلْمِیْحًا اِلَى الشَّیْءِ: اشارہ کرنا اَلْمَحَ

اِلٰی فُلَانٍ : اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا الشَّیَٔ : چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلْتَمحَهُ. نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلْتُمِحَ بَصَرُهُ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَّمح. س۔ کہا جاتا ہے "لَارِیَنَّكَ لَمحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللَمحة. جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ مَلَامح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُه لَمْحَةَ الْبَرْق" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللامح. فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحٌ عِطْفَیْهِ" یعنی وہ خودپسند ہے۔ اَبْیَضُ لَمَّاح. بہت زیادہ سفید۔

المَلَامح. مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلَانٍ لَمْحَةٌ مِنْ اَبِیْهِ او مَلَامِحُ مِنْ اَبِیْهِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمخَهُ (ف) لَمْخًا. طمانچہ مارنا۔

لَامَخه مُلَامَخَةً و لِمَاخًا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخ بکَلَامٍ قَبِیح: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهُ (ن) لَمْدًا. فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلِالْمَد واللمْدَان. عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ (ن) لَمْذًا. مُنہ کے اطراف سے کھانا (لمج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا. کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔

لَمَزَهُ (ن ض) لَمْزًا. عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَهُ الشَّیْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَهُ. اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَهُ. ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیْرِ : دوڑنا۔

اللَمَّاز واللُمَزَة. لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللمَّاز: چغل خور۔

اللُمَّاز. سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهُ (ن ض) لَمْسًا چھونا۔ لَمَسَ الشَّیَٔ: طلب کرنا الشَّیَٔ: چھونے کے قابل ہونا الْمَرْاَةَ: جماع کرنا زَیْدًا امْرَأَةً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهُ شُعَاعٌ یَکَادُ یَلْمُسُ الْبَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کردے۔

لَامَسَهُ. ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔

زَیْدًا امْرَأَةً: نکاح کرادینا۔

تَلَمَّسَ الشَّیَٔ: بار بار طلب کرنا۔

اِلْتَمَسَ الشَّیَٔ مِنْ فُلَانٍ: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اللَمَاسَة واللمَاسَة. قریبی حاجت۔

اللمْس. س حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَمِیْس. نازک بدن عورت۔

اللَمُوْس. مُنہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے کَوَاهُ لَمَاسٍ او کَوَاهُ الْمُتَلَمِّسَةَ یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

الْمُلَامَسَة. س فِی الْبَیْعِ: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

الْمَلْمَس. چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

الْمَلْمُوْس. مف۔ کہا جاتا ہے "اِکَافٌ مَلْمُوْسُ الْاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کردی گئی ہو۔

الْمَلْمُوْسَات. قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللَمُوْسَة. راستہ۔

صَحِیْفَةُ الْمُتَلَمِّس. بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کردو۔

لَمَصَ (ن) لَمْصًا العَسَلَ و شِبهَهُ: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا فُلَانًا چٹکی لینا : نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ مُنہ چڑانا۔ الصَّبِیُّ: پیشاب کردینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَمْص. س۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللَأْمِص. انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَمُوْص. جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهُ (ن) لَمْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

لَمَطَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلْتَمَط. بِحَقِّیْ: حق مار لینا۔

لَمَظَ (ن) لَمْظًا. کھانے پینے کے بعد زُبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زُبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا فُلَانًا مِنْ حَقِّهِ: حق میں سے کچھ دینا الْمَاءَ: زُبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَّظَه مِنْ حَقِّهِ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمِّظْ فُلَانًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْمَظَهُ. ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَهُ عَلٰی فُلَانٍ: غصہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا البَعِیْرُ بِذَنَبِه : اُونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا الرَّجُلُ الْقَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زُبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو مُنہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِکْرِه" یعنی عیب لگایا۔

تَلَمَّظَتِ الحَیَّةُ: سانپ کا زُبان نکالنا۔

اِلْتَمَظَ الشَّیَٔ: جلدی سے مُنہ میں ڈالنا الطَّعَامَ: کھانا بِحَقِّهِ: حق مار لینا بِالشَّیِٔ: لپٹنا بِشَفَتَیْهِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْمَظَّ الفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللُمَاظ. تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا

جاتا ہے "مَالَہ ــ　　اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "و مَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا" وشَرِبَه لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا۔

اللَمَاظَة. فصاحت۔ زُبان کی روانی۔

اللُمَاظَة. مُنہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْيَا اِلَّا لُمَاظَةُ اَيَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللمَظ. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُمْظَة. گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دِل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔

الالْمَظ مِنَ الْخَيْلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التِلْمَّاظ. جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلمَّاظَة. التِلمَّاظه : بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلَامِظُ. الْاِنْسَانِ: مُنہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

المُتَلَمَّظ. تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمَعَانًا و لُمُوْعًا و لَمِيْعًا و تِلِمَّاعًا البَرْقُ وَغَيْرُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔

ضَرْعُ النَّاقَةِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا فُلَانٌ بِالشَّيِّ: لے جانا بِيَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ او بِسَيْفِهٖ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھڑ پھڑانا فُلَانٌ الْبَابَ: دروازے سے نکلنا۔

اَلْمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِهَا: بکری کا دُم اُٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہوگئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ و مُلْمِع الْاُنْثٰى: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا فُلَانٌ بِالشَّيِّ و عَلَيْهِ: اچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ البِلَادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلَى فُلَانٍ بِثَوْبِهٖ : کپڑے سے اشارہ کرنا

الْفَرَسُ و نَحْوُهَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو کو پھڑ پھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسْجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔

تَلَمَّعَ الشَّيَّ وِالْتَمَعَهُ اچک لینا البَرْقُ و غَيْرُهُ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ الْقَوْمَ: لے جانا۔

اِلْتَمَعَ واُلْتُمِعَ لَوْنُهُ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللَوامِع. فا۔ ج لُمَّعٌ. کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللَّاْمَامِعَة. لامع کا مؤنث۔ بچّہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع.

اللُمْعَة. گھاس کا خشک شدہ حصّہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَهُ لُمْعَةٌ مِنَ الْعَيْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے مِنَ الْجَسَدِ: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصّہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصّہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ و لِمَاع.

اللمَّاع. لامع کا اسم مبالغہ۔

اللَمَّاعَة. عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچّے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللُمْوُع. چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الَالْمَعُ والَالْمَعِيُّ. تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الَالْمَعِيَّة. ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ نَفْسُهُ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَلْمِيْع فِي الْخَيْلِ وَغَيْرِهَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِيْع. کہا جاتا ہے "فِيْهِ تَلْمِيْع و تَلَامِيْع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعَا الطَّائِرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔

المُلَمَّع مِنَ الْخَيْلِ وَغَيْرِه: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ و مُلْمَعَةٌ و مُلَمَّعَةٌ. زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلْمَع. چمک دار رخسارہ۔

اليَلْمَع. بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَكْذَبُ مِنْ يَلْمَعَ" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا هُوَ يَلْمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج يَلَامِع.

وَالْيَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج يَلَامِع.

الْيَلْمَعِيُّ. ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَهُ (ن) لَمْقًا و لُمُوْقًا. لکھنا۔ مٹانا۔

لَمَقَ عَيْنَهُ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَيْهِ: دیکھنا اِلَيْهِ بِبَصَرِهٖ: دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ. چکھنا۔

اللَّمَاق. چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِيْقِ: راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِيْ لَمَقِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

اليَلْمَق. روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) لَمْكًا الْعَجِيْنَ: نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَّمَاك. چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَمَاك واللُمَاك واللُمْك. سرمہ۔

اللَمِيْك. سرمہ لگایا ہوا۔

اليَلْمَك. قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِهٖ: کھانے کے بعد زُبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَمَال واللُمَال. سرمہ۔

لَمْلَمَ الحَجَرَ: پتھر کو گول گھڑنا۔ **الشَّیْءَ**: جمع کرنا۔

تَلَمْلَمَ. گول ہونا۔ جمع ہونا۔

اللَمْلَم. بہت جمع شدہ فوج۔

اللَمْلُوْم. جماعت۔

رَجُلٌ مُلَمْلَم و جَمَلٌ مَلَمْلَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ **شعر مُلَمْلَمٌ**: تیل لگے ہوئے بال۔

المُلَمْلَمَة مَلَمْلَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔

لَمَا يَلْمُوْ لَمْوًا. الشَّيْءَ: سب لے لینا۔

اللَمَة. جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ ج لَمَات.

لَمِیَ يَلْمِی لَمْيًا و لَمِيَ يَلْمٰی لَمًی الغُلَامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمٰی. صفت مؤنث لَمْيَا.

اَلْمَی اِلْمَاءً. اللِّصُّ بِکَذَا: چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔

تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِه و عَلَيْهِ: حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔

اُلْتُمِیَ اِلْتِمَاءً. لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔ **به**: اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔

اللمیٰ. بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔

اَللأَمِيُون : گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔

الاَلْمٰی. گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ **رُمْحٌ اَلْمٰی** مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ **ظِلٌّ اَلْمٰی**: گنجان سایہ۔ **شَجَرٌ اَلْمٰی**. گنجان سایہ دار درخت۔ **غُلَامٌ اَلْمٰی**: سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْيَاء. ج لُمْیٌ. **لِثَةٌ لَمْيَاءُ**: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔

لَنْ. مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنکر مَا بَقِيْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دُعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لن تزالُوا مَلْجَا الفَقِيْرِ" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔

لَهُ (ن) لَهًّا الشِّعْرَ: نازک و مستحسن شعر کہنا۔

لَهِبَتْ (س) لَهْبًا و لَهَبًا و لَهِيْبًا و لُهَابًا و لَهَابًا. النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔

لَهِبَ (س) لَهَبًا و لَهَبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت لَهْبَان.

لَهَّبَ النَّارَ فَتَلَهَّبَتْ وَاَلْهَبَهَا فَالْتَهَبَتْ آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اُٹھنا۔ **اِلْتَهَبَ عَلَيْهِ**: غضبناک ہونا۔ غصّہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَلَهَّبُ او يَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔

اَلْهَبَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا **الفَرَسُ**: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا **البَرْقُ**: بجلی کا پیاپے کوندنا۔ **اَلْهَبَ فِي الكَلَامِ**: جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهُ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اکسایا۔

اللُهَاب. مص۔ پیاس۔

اللهَابَة. ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔

اللِهْب. دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْهَاب و لُهُوْب و لِهَاب و لِهَابَةٌ.

اللَهَب. مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔

اللَهَبَان. مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔

اللُهْبَة. پیاس۔ خالص سفیدی۔

اللَهِيْب. مص۔ آگ کی گرمی۔ **المَلْهُوْب**. حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔

الاُلْهُوْب. گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔

المِلْهَب. نہایت خوبصورت۔

المُلْهِبُ. تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔

المُلَهَّب مِنَ الثِّيَابِ: کم سرخی والا کپڑا۔

اللاَهُوْت. خداوندی۔ اور اس کی اصل "لاهٌ" بمعنی اِلٰه ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ **عِلْمُ اللاهُوْت**: عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ **اللاهُوْتِيْ** عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا عالم۔

لَهَثَ و لَهِثَ لَهْثًا و لُهَاثًا الكَلْبُ وَغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زُبان نکالنا۔

لَهِثَ (س) لَهَثًا و لَهَثَانًا و لَهَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَهْثَان. صفت مؤنث لَهْثٰی.

اِلْتَهَثَ الكَلْبُ: کتے کا ہانپنے میں زُبان نکالنا۔

اللُهَاث. مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "هُوَ يُقَاسِي لُهَاثَ المَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔

اللَهْثَة. تھکن۔ پیاس۔

لَهِجَ (س) لَهَجًا بالشَّيْءِ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَهِج **ولاَهَجَ الفَصِيلُ اُمَّهُ**: چوسنا **الفَصِيل بامه**: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لاهِج.

لَهَّجَ القَوْمَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔

اَلْهَجَ الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا۔ **فُلَانًا بِالشَّيْءِ**: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔

الفَصِيْلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)

اُلْهِجَ بالشَّيْءِ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔

اِلْهَاجَّ اِلْهِيْجَاجًا الشَّيْءُ: گڈ مڈ ہونا۔

اِلْهَاجَّتْ عَيْنُهُ: اونگھ آنا۔ **اِلْهَاجَّ اللَّبَنُ**: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔

اللَهْجَة. زُبان یا نوک زُبان۔ مادری زُبان۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ فَصِيْحُ اللَهْجَةِ و صَادِقُ اللَهْجَةِ"

اللُهْجَة. کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔

المُلَهَّج. مع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام

کرنے سے عاجز ہو۔
لَھْوَجَ الشَّیْئَ: ملانا الامر. ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا الشِّوَاءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَھْوَجٌ. اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِیْثٌ مُلَھْوَجٌ وَرَاْیٌ مُلَھْوَج. غیر محکم بات ورائے۔
تَلَھْوَجَ الشَّیْئَ: جلدی کرنا اللَّحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔
تَلَھْجَمَ بِالشَّیْئِ: شیفتہ ہونا الطَّرِیْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔
اللَّھْجَم. کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔
لَھَدَهٗ لَھْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْھُوْدٌ و لَھِیْدٌ. لَھَدَ دَابَّتَه: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا الشَّیْئَ: کھانا یا چاٹنا فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔
لَھَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَھَدَهٗ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے۔
اَلْھَدَهٗ. ظلم کرنا۔ اَلْھَدَ بِه: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْھَدَ اِلَی الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
اللُّھَاد. ہچکی۔
اللَّھْد. مص. ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سُست و ناکارہ مرد۔
اللَّھِیْد. عاجز۔ تھکا ہوا۔
اللَّھِیْدَة. ایک نرم قسم کا حلوا۔
الْمُلَھَّد. مث "رَجُلٌ مُلَھَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔
اللَّھْذَب. ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔
لَھْذَمَهٗ. کاٹنا۔
تَلَھْذَمَهٗ. کاٹنا تَلَھْذَم الشَّیْئَ: کھانا۔
اللَّھْذَم. تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَھَاذِم و لَھَاذِمَةٌ.
اللَّھَاذِمَةُ. چوروں کی جماعت۔
لَھَزَ (ف) لَھْزًا الشَّیْئُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا الْقَوْمَ: قوم میں مل جانا۔
لَھَزَهُ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْھُوْز. لَھَزَهٗ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَھَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا الْفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّه: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔
لَھَّزَهٗ تَلْھِیْزًا. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔
اللَّاھِز. فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دُشوار گزار کر دے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ تنلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاہزان کہیں گے۔
اللِّھَاز. چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔
اللِّھْز. سخت۔
اللَّھْزَة. کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
الْمِلْھَز. کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
الْمَلْھُوْز. مث. گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَھْزَمَهٗ. جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَھْزَمَ الشَّیْبُ خَدَّیْه: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِّھْزِمَة. کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَھَازِم.
لَھَسَ (ف) لَھْسًا الشَّیْئَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّه: بے چوسے ہوئے چاٹنا عَلَی الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاھَسَ مُلَاھَسَةً عَلَی الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا الْقَوْمُ اِلَی الشَّیْئِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُلَاھِسُ بَنِیْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللَّاھِس. جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاھِس.
اللُّھَاس و اللُّھَاسة. تھوڑی خوراک۔
اللُّھْسَة. چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِنْدِیْ لُھْسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَھْسَمَ مَا عَلَی الْمَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھالینا۔
اللَّھَاسِم. وادی کی تنگ نالیاں واحد لُھْسُم.
لَھَطَهٗ (ف) لَھْطًا. تھپڑ مارنا۔ لَھَطَ بِسَھْمٍ: تیر مارنا۔ لَھَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا بِه الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَھَطَتْ اُمُّهٗ بِه: جننا۔
اللَّاھِط. فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لَھْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَھِعَ (س) لَھَعًا و لَھَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَھِعٌ و لَھْعٌ و لَھِیْعٌ فِی الْکَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔
اللَّھَاعَة. غفلت۔
اللَّھِیْع. کارگزاری میں تیز۔
اللَّھِیْعَة. غفلت۔ سُستی' کاہلی' خرید و فروخت میں سُستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔
لُھِفَ لَھْفًا. ظلم کیا جانا۔
لَھِفَ (س) لَھْفًا. عَلٰی مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَھِفٌ و لَھِیْفٌ.
لَھَّفَ فُلَانٌ نَفْسَه او اُمَّهٗ: وانفساہ و اُمَّیَاه والھفاہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَھَّفَ اُمَّیْهِ" یعنی اَبَوَیْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی ماتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَھَّفْتُ اِلَیْكَ تَلْھِیْفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔
اَلْھَفَ. حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند

ہونا۔
تَلَهَّفَ. عَلَیْهِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔
اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔
اللاهِف. فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا هِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے۔
اللاهِفَة. لَاهِف کا مؤنث. ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.
اللَّهْف. س۔ يَلْهَفُ فُلَان: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ و يَالَهْفًا و يَالَهْفَ اَرْضِيْ و سَمَاىِٔ عَلَيْكَ و يَالَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔
اللهْفَان. افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفىٰ ج لَهَافىٰ و لُهُف.
اللَّهْفَة. لَهْف کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ و يَالَهْفَتَاهُ و يَالَهْفَتِيَاهُ"
اللَّهُوْف. موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوْفَة.
اللَّهِيْف. مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دل۔ ج لِهَاف.
الْمَلْهُوْف. غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوْفُ الْقَلْبِ: سوختہ دِل مرد۔
لَهَقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا و لَهَقًا الشَّئُ: بہت سفید ہونا۔
تَلَهَّقَ الشَّئُ: بہت سفید ہونا الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔
اللَّهَاق. سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهِق واللَّهَق. سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ و لِهِقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ و لِهَاقٌ. کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهِقٌ و لَهَقٌ" بہت سفید۔
مُلَهَّقُ اللَّوْنِ: سفید رنگ والا۔
لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: باریک بُنا (هَلْهَل کا مقلوب ہے)
تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ: باریک بنا ہوا ہونا الْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔
اللَّهْلَهُ مِنَ الثِّيَابِ او الْكَلَامِ او الشِّعْرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔
اللُّهْلُه. بصورت بَلَدٌ لُهْلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (والْهُلَهَة) کشادہ زمین۔
اللهْلَهَة. کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔
لَهِمَ (س) لَهْمًا و لَهَمًا الشَّئَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا الْمَاءَ: گھونٹ لینا۔
اَلْهَمَهُ الشَّئَ: نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔
تَلَهَّمَ والتَهَمَ الشَّئَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)
اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دُعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رُشد وہدایت کے الہام کی دُعا کرتا ہوں۔
اللِّهَام. بڑا لشکر۔
اللِّهَم. عمر رسیدہ۔ ج لُهُوْم.
رَجُلٌ لِهَمٌ ولُهَمٌ. کھاؤ۔ پیٹو۔
اللُّهْمَةُ مِنَ السَّوِيْقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔
اللُّهَمُّ. بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لِهَمٌّ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لِهَمُّوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ. کھاؤ مرد۔
اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم. موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُّهَيْم: کشادہ دیگ۔
الِالْهَام. س۔ اللہ کا انسان کے دِل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔
المِلْهَم والمُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔
لَهْمَس مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دستر خوان سے سب کچھ کھالینا۔
اللُّهْمُوْم. بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔
اللَّهْمِيْم. سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔
لَهَّنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔
اَلْهَنَه. مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔
تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔
اللُّهْنَة. تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن.
لَهَا يَلْهُو لَهْوًا. الرَّجُلُ: کھیلنا بِهِ: فریفتہ ہونا لَهْوًا و لُهُوًّا) الْمَرْأَةُ اِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (لُهِيًّا و لِهْيَانًا) عَنِ الشَّئِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔
لَهِيَ يَلْهىٰ لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهىٰ لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔
لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا بِكَذَا: مشغول کرنا۔
لَاهَاه مُلَاهَاةً. قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔
لَاهَى الشَّئَ: نزدیک ہونا الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْھَاہُ اِلْھَاءً. اَللّعبُ عَنْ کَذَا: غافل کرنا فُلَانُ الشَّیْٔ: عاجزی سے چھوڑ دینا الرَّحیٰ و فِی الرَّحیٰ و لِلرَّحیٰ: چکی میں کول ڈالنا الْھیٰ الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَھّٰی تَلَھِّیًا بِکَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دِل بہلانا الشَّیْٔ: مشغول ہونا۔

تَلَاھٰی تَلَاھِیًا بِالْمَلَاھِی: کھیل کود میں مشغول ہونا القَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَھٰی الرَّجُلُ بِالشَّیْٔ: کھیلنا بِغَیْرِہٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْھٰی اِسْتِلْھَاءً. صَاحِبَہٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا الشَّیْٔ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔

اللُّھَاء. مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ لُھَاءُ مِاَتِہٖ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّھْو. کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّھَاۃ. حلق کا کوا لَھَوَات و لَھَیَات و لُھِّی و لِھِی و لَھًا و لَھَاءٌ و لِھَاءٌ.

اللَّھْوَۃ. لَھَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّھْوَۃ و اللُّھْوَۃ. پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلّہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ لُھًی۔

اللُّھْبَۃ. عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَھُوٌّ عَنِ الْخَیْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّھَوِیّ. لَھَاۃ کی طرف منسوب۔ والخَرْفَان اللَّھَوِیَّان: ق و ک۔

اُلْلُھْوَۃ والاُلْھِیَّۃ والتَّلْھِیَۃ. جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْھیٰ. کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَلْھَی القَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَھٰذَا مَلْھَی الْاَثَافِی" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْھیٰ. کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاہٍ. آلَاتُ الْمَلَاھِی. آلات موسیقی۔

لَھْوَج. مادلہ ج میں گزر چکا۔

لَھْوَق لَھْوَقَۃً و تَلَھْوَق الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا فِی الْعَمَلِ وَالْکَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَھْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ. یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَ نِی لَاَکْرَمْتُہٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ کَانَ زَیْدٌ حَجَرًا کَانَ جِمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِی اَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ اَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ.

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوْا لَوْ تَاْتِیھِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یَوَدُّ اَحَدُھُمْ لَوْ یُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَاْتِیْنِیْ فَتُحَدِّثُنِیْ" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند لَا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا" اگر تم ہمارے پاس اُترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ یَلُوْبُ لَوْبًا و لُوَابًا و لَوَبَانًا الرَّجُلُ و البَعِیْرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا الاسم اللَّوْب واللُّوْب واللُّؤُوْب واللُّوَاب.

لَوَّبَہٗ تَلْوِیْبًا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھو ملاب)

اَلَاب اِلَابَۃً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِب. ف ا ج لُؤُوْب و لُوْب. کہا جاتا ہے اِبِلٌ لُوْبٌ او نَحْلٌ لُوْبٌ و لَوَائِب" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَاب. لعاب۔

اللُّوْبَاء واللُّوبِیَاء واللُّوبِیَا. لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوْبَۃ. جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ لُوَب۔

اللُّوْب. گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَۃ. سنگلاخ سوختہ۔ لَابَاتٌ و لَابٌ.

اللَّاْبَۃ. کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَاب. ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّب. پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَب. پیچ۔ پیچ دار کیل۔ لَوَالِب.

اللَّوْلَبِی. لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَب. سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ یَلُوْتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا الخَبَرَ: خبر کو چھپانا فُلَانًا: حق گھٹانا۔

اللَّات. زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ. حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِیْنُ حِیْنَ مَنَاصٍ"۔
لَاثَ یَلُوْثُ لَوْثًا. العِمَامَةَ عَلٰی رَاسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا الضَّبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهٖ النَّاسُ اردگرد جمع ہونا دَارَهٗ. ہمیشہ گھر میں رہنا الشَّیْئَ: منہ میں چبانا فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا الشَّیْئَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْکَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔
لَوِثَ یَلْوَثُ لَوْثًا فِی الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔
لَوَّثَ تَلْوِیْثًا الشَّیْئَ: بھگونا الْمَاءَ: گدلا کرنا ثِیَابَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔
اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔
اَلْوَثَ اِلْوَاثًا. الْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔
تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا زَیْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی اُمید سے صحبت میں رہنا۔
اِلْتَاثَ اِلْتِیَاثًا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ بِرِدَائِهٖ: لپٹنا فِی الْعَمَلِ: دیر کرنا فِی کَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا۔
اللَّائِثُ. فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔
اللُّوَاثُ. چلیتھن۔
اللُّوَاثَةُ. چلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْثُ. مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔
اللُّوْثُ. ڈھیل ڈھال۔
اللَّیْثُ. گنجان نباتات۔
اللَّوْثَةُ. لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔
اللُّوْثَةُ. ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَیِّثٌ. گنجان پودہ۔
اللَّوِیْثَةُ. جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَیَجْمَعُ لَوِیْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔
الاَلْوَثُ. ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لُوْثٌ۔
الْمَلَاثُ والْمِلْوَثُ. سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج الْمَلَاوِثُ والْمَلَاوِثَةُ والْمَلَاوِیْثُ کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِثُ" یعنی وہ اشراف ہیں۔
وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّیْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔
الْمَلَاثُ. مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔
الْمُلَیَّثُ. موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِیْمَةٌ لَوْثَاءُ. لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔
لَاجَ یَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیْئَ: منہ میں پھرانا۔
لَاحَ یَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیْئَ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا اِلَیْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا الشَّیْئَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے الْعَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (لَوْحًا و لُوْحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
لَوَّحَ تَلْوِیْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار چمکانا بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا السَّفَرُ والْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا الشَّیْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا فُلَانًا بِالْعَصَا والسَّیْفِ والسَّوْطِ والنَّعْلِ: اُٹھانا اور مارنا۔ الشَّیْئَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔
اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّیْئُ: ظاہر ہونا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا بِسَیْفِهٖ او ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِحَقِّهٖ: حق مار لینا فُلَانًا: ہلاک کرنا مِنْهُ: خوف کرنا۔ پرہیز کرنا مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا عَلَی الشَّیْئِ: اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ. ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِیَاحًا. پیاسا ہونا۔
اِسْتَلَاحَ فِی الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا. غور کرنا۔
اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔
اللِّیَاحُ واللَّیَاحُ. صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْیَضُ لَیَاحٌ او لِیَاحٌ" خالص سفید۔
اللَّائِحَةُ لائح کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ. کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)
اللَّوْحُ. تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ. لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ جج اَلَاوِیْحُ. اَلْوَاحُ السِّلَاحِ: چمکدار ہتھیار۔
اللُّوْحُ. پیاس۔ فضاء آسمانی۔
اِبِلٌ لُوْحٰی: پیاسے اونٹ۔
التَّلْوِیْحَاتُ. کتاب کے حواشی و نوٹ۔
الْمُلْتَاحُ. دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔
الْمِلْوَاحُ. لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس

کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے۔

المِلْوَاح والمِلْوَح والمِلْيَاح. جلدی پیاسا ہونے والا۔ ج مَلَاوِيْح. کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِيْح" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔

قِدْحٌ مُلَوَّحٌ: آگ سے متغیر شدہ تیر۔

لَاخَهٗ يَلُوْخُهٗ لَوْخًا. ملانا۔ **اِلْتَاخَ اِلْتِيَاخًا.** ملنا۔ **العَجِيْنُ:** گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔

اللُّوَاخَة واللَّوَاخَة. مکھن دودھ سے ملا ہوا۔

لَوِدَ يَلْوَدُ لَوَدًا. سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔

الَاَلْوَد. سرکش۔ نافرمان۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔ موٹی گردن۔ ج لُوَاد.

لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا و لَوَاذًا و لِوَاذًا و لُوَاذًا و لِيَاذًا. بِالجَبَلِ: پہاڑ میں چھپنا۔ پناہ گیر ہونا **بِالقَوْمِ:** پناہ میں آنا **الطَّرِيْق بِالدَّارِ:** راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔

لَاوَذَ لِوَاذًا و مُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ: پناہ میں آنا **عَنْهُ:** فریب دینا **فُلَانًا:** مخالفت کرنا۔ **القَوْمَ:** مدارات کرنا **القَوْمُ:** ایک دوسرے کی پناہ لینا **بِالقَوْمِ:** گرد گھومنا۔

اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالْجَبَلِ و بِالْقَوْمِ: بمعنی لَاذَ. **الطَّرِيْقَ بِالدَّارِ:** احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔

اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔

اللَّوْذ. س۔ پہاڑ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے **اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ و بِالْوَاذِهٖ** اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔ وادی کا موڑ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الوَادِی" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِی اَلْوَاذِ البِلَادِ" فلاں مُلک کے اطراف میں پھرتا ہے "وَهُوَ لَوْذُهٗ" وہ اس سے قریب ہے۔ ج اَلْوَاذ.

لَوْذَانُ الشَّئْ: جانب۔

اللَّوْذَانِيَّة. فریب دہی۔

اللَّاذَة. سرخ ریشمی کپڑا۔ ج لَاذ.

التَلْوَاذ. اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَة. کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔

لِوَاذُ الشَّیءِ: قریب قریب۔ کہا جاتا ہے "لِیْ مِنَ الدَّرَاهِم مِائَةٌ او لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔

المَلَاذ. قلعہ۔ جائے پناہ۔

المَلَاوِذ. ازاریں۔ واحد مِلْوَذ.

المِلْوَذَة. جائے پناہ۔

اللُّوزُ. گاڑھا دودھ۔ جو پیوسی اور پنیر کے درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِيْشَة کہتے ہیں۔

لَازَ يَلُوْزُ لَوْزًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا **مِنْهُ:** رہائی پانا **الشَّیءَ:** کھانا۔

لَوَّزَ تَلْوِيْزًا. التَّمْرَ: چھوارے میں بادام بھرنا۔

اللَّوْز. بادام۔ واحد لَوْزَة.

اللَّوْزَة. حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور وہ دو ہوتے ہیں۔ **اللَّوْزَتَان:** سرین کے دو گڑھے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعِوَزٌ لِوَزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔ لِوَز تابع ہے۔

اللَّوْزِیّ. بادام کی شکل کا۔

المَلَاز. جائے پناہ۔

اَرْضٌ مَلَازَة. بادام والی سرزمین۔

المُلَوَّز. بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ **وَجْهٌ مُلَوَّزٌ:** حسین و ملیح چہرہ۔

اللَّوْزِيْنَج. ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔

لَاسَ يَلُوْسُ لَوْسًا. الحَلَاوَاتِ وَغَيْرَهَا: کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔ صفت لَائِس و لَؤُوس و لَوَّاس و اَلْوَس **الشَّیءَ:** چکھنا **الشَّیءَ فِیْ فَمِهٖ:** منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔

اللَّوَاسَة. لقمہ۔

اللُّوْس. جمع لَائِس کی (جیسے بَازِل و بُزْل) کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لَوُوْسًا او لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔

لَاصَ يَلُوْصُ لَوْصًا. دروازے کی جھری سے دیکھنا **عَنْهُ:** الگ ہونا۔ ہٹنا۔

لَوَّصَ تَلْوِيْصًا. خالص شہد کھانا۔

لَاوَصَ مُلَاوَصَةً. دروازے کی جھری سے دیکھنا **اِلَيْهِ:** اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے **فُلَانًا عَنْ كَذَا:** فریب دینا **الشَّجَرَةَ:** درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔

اَلَاصَهٗ اِلَاصَةً عَلَى الشَّیْ: گھمانا۔ چکر دینا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔

اُلِيْصَ الرَّجُلُ: کپکپی زدہ ہونا۔

تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا. لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔

اللَّوص. س۔ کان یا سینہ کا درد۔

اللَّوَاص. شہد خالص۔

اللَّوْصَة. پیٹھ کا درد۔

المُلَاوِص. چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔

لَاطَ يَلُوْطُ لَوْطًا الحَوْضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا **الشَّیءَ بِالشَّیءِ:** چپکانا **الْاِنْسَانَ:** مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّیءُ بِقَلْبِیْ" چیز میرے دل میں جم گئی **فُلَانًا بِعَيْنٍ:** نظر بد لگانا **فُلَانًا بِسَهْمٍ:** تیر مارنا **فُلَانًا بِفُلَانٍ:** لاحق کرنا۔ نسبت کرنا **الشَّیءَ:** چھپانا (لَاطًا) **فِی الْاَمْرِ:** اصرار کرنا (لَوْطًا و لِوَاطَةً و لَاوَطَ و تَلَوَّطَ) اغلام کرنا۔

لَوَّطَه تَلْوِيْطًا بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت کرنا۔

اِلْتَاطَهٗ اِلْتِيَاطًا و اِسْتَلَاطَه اِسْتِلَاطَةً منہ بولا بیٹا بنانا۔

اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِیْ" یعنی میرے دِل میں جم گیا۔

اللِّيَاط. سود۔ بیاج۔

اللَّوْط. مص۔ چادر۔ پھرتیلا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ لَاَجِدُ لَهٗ فِیْ

قَلْبِیْ لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔
اَلْاَلْوَط۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْوَطُ بِقَلْبِیْ" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔
الْمُسْتَلَاط۔ منہ بولا بیٹا۔
لَاطَهٗ يَلُوْطُهٗ لَوْطًا۔ بمعنی لَاطَهٗ۔
اِلْتَاطَتِ الْحَاجَةُ: دشوار ہونا۔
اَلْمِلْوَطُ۔ تیچی یا کوڑا۔
لَاعَه يَلُوْعُه لَوْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔
لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا۔ رنگ بدل دینا
(لَوْعًا و لُوُوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بد اخلاق ہونا۔
لَاعَ يَلُوْعُ و يَلَاعُ لَوْعَة۔ گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔
لَوَّعَهٗ تَلْوِيْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔
اَلْاَعَته اِلَاعَةُ الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا۔
التَّذَّیُ: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔
اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهٗ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وهَاعٌ و لَاعٌ یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لیے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"
اللاعُ۔ خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْن ولَاعَةٌ والْوَاعٌ۔
اللاعة اللاع کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات۔
اللَّوْعَةَ۔ لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِیْ قَلْبِه لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔
لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔
لَافَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَا: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔
اللُّوْف۔ س مِنَ الْكَلَا او الطَّعَام: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

اللُّوْف۔ ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَةٌ۔
اللُّوْفِی۔ ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لیے مجرب ہے۔
اللِّيْف۔ خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيُوف ہے)
اللوافة۔ پلیتھن۔
اللَّوَّاف۔ شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَأٌ مَلُوْفٌ۔ بارش سے تر گھاس۔
لَاقَهٗ يَلُوْقُهٗ لَوْقًا نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهٗ: آنکھ پر مارنا الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔
لَوَّقَ تَلْوِيْقًا۔ الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔
اللَّوْق۔ نرم کی ہوئی چیز۔
اللَّوَق۔ بیوقوفی۔
اللَّوْقَة۔ لَاقَ کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَا ذَاقَ لَوَاقًا اس نے کچھ نہیں چکھا۔
اللُّوْقَةَ والْاَلُوْقَة۔ مکھن۔
الْاَلْوَق۔ بیوقوف۔
الْمِلْوَق۔ دوا فروش کا چمچہ۔ (مولدة)
لَاكَ يَلُوْكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا الْفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكْنِیْ اِلٰی فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔
اللَّوَاك چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ لَوَاكًا"
اللَّوْلَاءُ۔ سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِی اللَّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔
لَوْلَا۔ حرف تحضیض و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔
(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ"
اور لَوْلَایَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔
(۲) اور تحضیض اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتاً ہو یا تاویلاً "جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِیْ اِلٰی اَجَلٍ قَرِيْبٍ"
(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لولاء کی لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔
اللَّوْلَب۔ دیکھو مادہ "لَوْب"
لَوْلٰی لَوْلَاةً۔ پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَا مُدْبِرًا"۔
لَامَهٗ يَلُوْمُهٗ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً فِیْ كَذَا و عَلٰی كَذَا: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لَائِم وصفت مفعولی مَلُوْمٌ و مَلِيْمٌ۔
لِيْمَ بِهٖ: کاٹا جانا۔
لَوَّمَا تَلْوِيْمًا۔ ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔
لَاوَمَه مُلَاوَمَةً و لِوَامًا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
آلَامَهٗ اِلَامَةً۔ ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِيْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم الْمَلَامَة۔ ج مَلَاوِم۔ اَلَامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔
تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِی الْاَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔

تَلَاوَمُوْا. بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔
اِلْتَامَ اِلْتِیَامًا. ملامت قبول کرنا۔
اِسْتَلَام اِسْتِلَامًا. مستحق ملامت ہونا۔
اِلٰی ضَیْفِہٖ: اچھا سلوک نہ کرنا اِلَیْھِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔
اللائِم. فا۔ ج لُوَّم و لُوَّام و لُیَّم.
اللائِمَۃُ. لائم کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللائِمَۃ" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوائِم.
اللأْم. خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لَامَات.
اللَوْم. مص۔ ملامت۔ خوف۔
اللُوم. لوم کا تخفیف شدہ۔
اللَوْم. بہت ملامت۔
اللَوْمٰی واللوْمَاء. ملامت۔
اللامَۃ. خوف۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِلَامَۃٍ" قابل ملامت فعل کیا۔
اللَوْمَۃ. لام کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِلَوْمَۃٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔
اللُوْمَۃ. جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْہِ لُوْمَۃٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔
اللُوَمَۃ. جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔
اللَوَّام واللوَّامَۃ. بہت ملامت کرنے والا۔ "النَفْسُ اللوَّامَۃ" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔
اللأمِیُّ. لام کی جانب منسوب۔
لَامِیَۃُ الْعَجَمِ: طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔
لَامِیَۃُ الْعَرَب: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ". تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
المُتَلَوِّم. فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیٔ: رنگین کرنا البُسْر: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْہِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
تَلَوَّنَ الشَّیٔ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔
اِلْوَنَّ الْوِنَانًا. بمعنی تَلَوَّنَ.
اللَوْن. جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان.
اللَوْن. قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَاب" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وتَنَاوَلَ کَذَا وکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَعَام" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَان مِنَ الحَدِیْث" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔
التَلْوِیْن. مص۔ تفنہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔
المُتَلَوِّن. فا۔ جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے۔
لَاہَ یَلُوْہُ لَوْھًا و لَوْھَانًا و تَلَوَّہَ السَّرابُ: چمکنا۔
اللاھَۃ. سانپ۔
لَوْہُ السرابِ و لَوْھَتُہٗ و لُوُوْھَتُہٗ. سراب کی چمک۔
لَوَاہُ (وَاوِیَۃُ العَیْنِ والله) یَلْوِیْہِ لَیًّا و لَیًّا و لِیَانًا ولَیَّانًا دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا فُلانًا بِحَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔
لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی القِدْحُ او الرَمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا النَبْتُ: نباتات کا خشک ہونا المِعْدَۃُ او الظَّھْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ. صفت مؤنث لَوِیَۃٌ. لَوِیَتْ لَوًی: الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
لَاوَتْ مُلَاوَاۃً ولِوَاءً. الحَیَّۃُ الحَیَّۃَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
اَلْوَی اِلْوَاءً القَوْمُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا۔ الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا الاَمِیْرُ لَہٗ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا بِہٖ: لے جانا بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لیے خاص کرنا بِھِم الدَّھْرُ: ہلاک کرنا بکَلَامِہٖ: کلام میں تبدیلی کرنا النَبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللِوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا الشَّیٔ: مڑنا البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔
تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وتَلَاوِیَا ایک دوسرے پر لپٹنا۔
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً القِدْحُ او الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا عَلَیْہِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا الشَّیٔ: مڑنا لَوِیَّۃً: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِھِمُ الدَّھْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَوُوْن واللأَوُوْ. الَّذِیْنَ کی جمع۔
اللاوِی. اسم فاعل۔ ج لَاوُوْن ولُوَاۃ.
اللاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحق بن ابراھیم علیہم السلام کی جانب منسوب۔
سِفْرُ اللاوِیِّیْن. موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اَللِّوَاءُ: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِوَاء. جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَۃ واَلْوِیَات. کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بالسِوَاءِ واللِوَاءِ.
اللَوٰی. مص۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَوٰی: بمعنی اللاتِی جمع الَّتِیْ.
اللُوٰی. باطل باتیں۔
اللِّوٰی. ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاءٌ و اَلْوِیَۃ.

اَلَالْوَاء. وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللَّوَّا ایک پرندہ۔
اللَّیَّاء مؤنث اَلْوی پانی سے دور جگہ۔
اللاوِیَاء ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔
اللَّوَّة بدصورتی۔
اللَّوَّة واللِّیَّة عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللَّیَّة رانیں۔
اللاتُ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللوِیُّ خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللُّوِیُّ ایک درخت کا نام۔
اللوِیَّة دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوَایَا.
الالْوی. سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَیَّاء. الالْوی مِنَ الطَّرِیْقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتًا مڑی ہوئی دم۔ ج لُیٌّ بالضمّ اور قیاس کے مطابق لِیٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللهُ بِاَحْوی اَلْوی خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لوی (وَاوِیَّةُ الْعَیْنِ یائیہ اللاّم) یَلْوِیْ لَیًّا و لَوْیًا و لُوِیًّا اَلْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا الْغُلامُ لڑکے کا بیس سال کا ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللیَالِی كَفَّهُ عَلَی الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنادیا (لَیًّا و لَیَّانًا) اَمْرَهُ عَنِّیْ پوشیدہ رکھنا سِرَّهُ چھپانا الْحُزْنُ قَلْبَهُ: پھیر دینا عَلَیْهِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ "وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔ رَاسَهُ اور بِرَاسِهِ پھیرنا یا اعراض کرنا۔
لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: حرکت دینا فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَلْوِیْ ظَهْرَه" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوّٰی تَلْوِیَةً. عَلَیْهِ الْاَمْرَ دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوّٰی اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آگیا۔
اَلْوٰی اِلْوَاءً. بِرَاسِهِ پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا م ہلانا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا و اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوَّتِ الْحَیَّةُ کنڈلی مارنا۔
اِلْتَوٰی. الْاَمْرُ: دشوار ہونا عَنِ الْاَمْرِ: سستی کرنا۔
الْمَلَاوِی مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سَلَكُوْا الْمَلَاوِیَ"
مُلْتَوِی. الْوَادِی: وادی کا موڑ۔
اللَّیَّة. لوی کا اسم مرة۔ ج لَوِیٌّ.
اَلْیَاتْ اِلْیَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا سست چلنا۔
لَاتَهُ یَلِیْتُهُ لَیْتًا. عَنْ كَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔
لَاتَ زَیْدًا حَقَّهُ: حق کا گھٹانا۔
اَلَاتَهُ اِلَاتَةً. عَنْ كَذَا: روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَه مِنْ عَمَلِهٖ شَیْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔
اللِّیْتُ. کنارہ گردن۔ مثنی لِیْتَانِ ج اَلْیَات.
لَاتَ دیکھو۔ ل ا ت
لَیْتَ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لَیْتَ الْعَلِیْلُ یَصِحُّ. کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَیْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زیدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل و ابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔ اور جب لَیْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَیْتَنِیْ و لَیْتِیْ دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔
لَیَّثَ تَلْیِیْثًا و لَیَّثَ و تَلَیَّثَ تَلَیُّثًا الرَّجُلُ: شیر جیسا ہونا۔
لَایَثَهُ مُلَایَثَةً: شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔
اِسْتَلْیَثَ شیر جیسا ہونا۔
اللَّائِث شیر۔
اللَّیْث. شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت زبان آور بلیغ۔ ج لُیُوْث و مَلْیَثَة.
اللَّیْثَة شیرنی۔ مضبوط اونٹنی۔ ج لَیْثَات.
الَالْیَث بہادر۔ مؤنث لَیْثَاء ج لِیْث اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْیَثُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے۔
الْمِلْیَثُ مضبوط قوی۔
الْمُلَیَّثُ موٹا۔ خوار و ذلیل۔
اللَّیَاذ. تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ لَهٗ لَیَاذًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا۔
لَاذَ یَلِیْذُ لَیْذًا. الرَّجُلُ پناہ لینا۔
الْمَلِیْذُ جائے پناہ۔
لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرَّجُلُ: دلیر و بہادر ہونا عَنْهُ غافل ہونا۔
لَیْسَ مختلف طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) نفی حال کیلئے۔ اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَیْسَ خَلْقَ اللهِ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی۔ اس کا وزن فعل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفا ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِی الْقَوْمُ لَیْسَ زَیْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے۔
(۲) یہ کہ خبر مع الا کے ہو جیسے لَیْسَ الطِّیْبُ اِلَّا الْمِسْكُ.
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر پر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کے بعد میں واقع

ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا۔ جیسے لَیْسَ یَقُوْمُ زَیْدٌ. لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمٌ. اور لَیْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے با داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے۔ جیسے لَیْسَ اللّٰہُ بِظَالِمٍ.

تَلَیَّسَ الرَّجُلُ: صاحب قوت ہونا۔

تَلَایَسَ الرَّجُلُ تَلَایُسًا. نیک خو ہونا۔ عَنْہُ: چشم پوشی کرنا۔

الاَلْیَس. نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھا لے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَیْسَاء ج لِیْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِیْسٌ و لُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَاِبِلٌ لِیْس عَلَی الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

الْمُلَایِس. سست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ یَلِیْصُ لَیْصًا. یکسو ہونا الشَّیْئَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ اِلَاصَۃً الشَّیْئَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ کَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ یَلِیْطُ لَیْطًا. چمٹنا الشَّیْئُ بِقَلْبِہٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا اللّٰہُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْطُ بِہِ النَّعِیْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَیَّطَ بِہٖ تَلْیِیْطًا. چپکانا۔

اَلَاطَہٗ اِلَاطَۃً. چپکانا۔

اللِّیَاط. گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللَّیْط. مس۔ رنگ۔

اللِّیْط. رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ وَلِیْطُ الشَّمْسِ لَمْ یُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّیْطَۃ. نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے، کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِیْط و لِیَاط و اَلْیَاط.

لَاعَ یَلِیْعُ لَیَعَانًا. زچ ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (لَوْعَۃً ولِیْعَۃً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ. زچ ہونا۔ تنگ دل ہونا۔

رِیْحٌ لِیَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّیْعَۃ. لَاعَ کا اسم مرۃ۔ لَیْعَۃُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَہٗ یَلِیْغُہٗ لَیْغًا. الشَّیْئَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّیْئَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَیَّغَ. بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّیَاغَۃ. بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِیَاغَۃٌ: بیوقوف مرد۔

اللِّیْغ. کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَیِّغٌ لَیِّغٌ: خوشگوار کھانا۔

الاَلْیَغ. صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَیْغَاء ج لِیْغ اور اسی سے مثل ہے "دَرِّی بِمَا عِنْدَكَ یَا لَیْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ یَلِیْفُ لَیْفًا. الطَّعَامَ: کھانا۔

لَیَّفَتْ تَلْیِیْفًا. فَسِیْلَۃُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَیَّفَ فُلَانٌ اللِّیْفَ: لیف کو بنانا۔ الْمُلَیِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّیْف. کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِیْفَۃ.

اللِّیْفَانِی. کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْیَۃٌ لِیْفَانِیَّۃٌ. گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

الْمُلَیِّف. حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاۃَ یَلِیْقُھَا لَیْقًا و لَیْقَۃً. صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِیْقَۃ کہتے ہیں۔ لَاقَتِ الدَّوَاۃُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ یَلِیْقُ لَیْقًا و لِیَاقَۃً و لِیَاقًا و لَیَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا بِہِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لُقْتُ بَعْدَكَ بِاَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَھٰذَا اَمْرٌ لَا یَلِیْقُ بِكَ وَلَا یَلِیْقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا یَلِیْقُ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ و فُلَانٌ لَا یَلِیْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَیَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا الثَّرِیْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

اَلَاقَ الدَّوَاۃَ اِلَاقَۃً. صوف ڈالنا۔ اور روشنائی درست کرنا فُلَانًا بِنَفْسِہٖ: اپنے ساتھ لگا لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَاقَتْنِی الْبَصْرَۃُ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھہرا "وَ فُلَانٌ یَا یُلِیْقُہٗ بَلَدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔ "و فُلَانٌ مَا تُلِیْقُ یَدُہٗ شَیْئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھہرتی "وَھٰذَا سَیْفٌ لَا یُلِیْقُ شَیْئًا" یعنی یہ ایسی تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے۔

اِلْتَاقَ اِلْتِیَاقًا فُلَانٌ بِفُلَانٍ: دوستی کرنا۔ لَہٗ: چمٹنا الرَّجُلُ: بے نیاز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِلْتَاقَ قَلْبِی بِفُلَانٍ" میرا دل فلان کے ساتھ لگ گیا۔

اِسْتَلَاقَہٗ بِہٖ. چپکانا۔

اللِّیَاق. چراگاہ۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔

اللَّیَاق. آگ کا شعلہ۔

اللِّیْق. ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں۔

اللِّیَق. چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے۔

اللِّیْقَۃ. اسم ہے لاق سے۔ دوات کا صوف دیوار میں لگانے کی مٹی۔ ج لِیَق.

لَیْقَنَ الشَّیْئَ: تیل لگانا۔ اللَّیْقُوْنَۃ: خاص تیل۔

وَجْہٌ مُلْتَاقٌ. خوبصورت و دل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاقٌ بِہٖ ہے۔

لَا یَلَۃَ مُلَایَلَۃً. رات کیلئے اجرت پر لینا اور کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ مُلَایَلَۃً" لیل سے جیسے "عَامَلَہٗ مُیَاوَمَۃً" یوم سے۔

اَلَالَ الْقَوْمُ اِلَالًا وَاَلْیَلُوْا اِلْیَالًا رات میں داخل ہونا۔

لَیْلٌ لَائِلٌ لمبی کالی رات۔ مہینے کی کالی رات۔
اللَّیْل رات (مذکر و مؤنث) ج اللیالی یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس۔ اور لَیَائِل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لَیْلٌ واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلہ ہے جیسے تَمرٌ و تَمرۃٌ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃ ہے جیسے کہ عَشِیٌّ و عَشِیَّۃٌ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلہ یوم کے۔
اللَّیْلِیُّ لیل کی جانب منسوب۔ وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے۔
لَیْلَی الْخَمْر شراب کا اُٹھنا۔ اُمُّ لَیْلٰی کالی شراب۔
لَیْلَةٌ لَیْلَاء و لَیْلٰی سخت کالی طویل رات جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.
اللَّیْلَة رات یا لیل کا واحد۔ ج لَیْلَات.
لَیْلٌ اَلْیَل و مُلَیَّلٌ سخت کالی طویل رات مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
اللِّیْم صلح۔ شکل و صورت میں مشابہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِیْمُه" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے۔
اللَّیْمُوْن لیمو (دخیل)
لَانَ یَلِیْنُ لِیْنًا و لَیَانًا و لِیْنَةً نرم ہونا۔ صفت لَیِّنٌ و لَیْنٌ اور اسم اللَّیَان بمعنی نرمی۔
لَیَّنَ الشَّیْءَ تَلْیِیْنًا و اِلَانَهُ اِلَانَةً وَاَلْیَنَهُ اِلْیَانًا نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلَانَ لِلْقَوْمِ جَنَاحَهُ اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا۔
لَایَنَهُ مُلَایَنَةً و لِیَانًا نرمی کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔ مداہنت کرنا۔
تَلَیَّنَ الشَّیْءُ تَلَیُّنًا نرم ہونا لِفُلَانٍ چاپلوسی کرنا۔
اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَةً. الشَّیْءَ نرم سمجھنا۔ نرم پانا۔
اللَّیَان بس۔ آسودہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "وَ فِیْ لَیَانٍ مِنَ الْعَیْشِ" وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے۔
اللَّیِّن نرم۔ ج لَیِّنُوْنَ اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَیْنٌ لَیْنٌ.
اللِّیْن بس۔ عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِیْنَةٌ.
اللَّیْنَة. لَیْن کا مؤنث۔ لان کا اسم مرۃ۔ تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لَیْنَہ کہتے ہیں۔
اللِّیْنَة بس۔ لان کا اسم نوع۔ کمزوری۔ ڈھیلا پن۔
اللَّیَانَة نرمی۔
اللَّیِّن نرم۔ ج لَیِّنُوْنَ. واَلْیِنَاء.
الاَلْیَن نرم۔ ج اَلَایِن بہت نرم۔
الْمَلْیَنَة. نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَذُوْ مَلْیَنَةٍ" وہ نرمی و مہربانی والا ہے۔
الْمُلَیِّن مِنَ الْاَدْوِیَةِ قبض کشا دوا۔
اللَّنُوْفَر والنَّیْلُوْفَر کنول کا پھول۔
لَاهَ یَلِیْهِ لَیْهًا چھپنا۔ بلند ہونا۔
اللِّیْوَان ایوان۔ محل جو کشادہ ہو اور تین اطراف سے گھرا ہو۔
اللِّیَاء. یَائِیَّةُ الْعَیْنِ وَاللَّامِ ایک قسم کا سفید غلہ (واللِّیَاءُ پانی سے دور جگہ۔

م : اَلْمِیْمُ بنیادی حروف میں سے چوبیسواں حرف۔ یہ حروف شفوی سے ہے۔

م۔ حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ذٰلِکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ" اور کبھی حرفِ قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ جیسے "مَ اللّٰہِ لَاَفْعَلَنَّ" اور کبھی حرفِ جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے "بِمَ و عَلَامَ" کیوں؟ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

مَا۔ دو قسمیں ہیں۔ حرفیہ و اسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ۔ جیسے "مَا هٰذَا بَشَرًا"

(۲) زائدہ۔ جیسے "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللهِ لِنْتَ لَهُمْ"

(۳) کافہ۔ جیسے "كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ."

(۴) مصدریہ جیسے "وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ."

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "وَاَوْصَانِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا."

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ۔ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "مَا عِنْدَكَ" تمہارے پاس کیا ہے۔ اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "مَا زَيْدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائے گا۔

اور جب اس پر حرفِ جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ و عَلَامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے۔

(۲) موصولہ جیسے "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَاللهِ بَاقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لیے ہو جیسے "مَا يَفْعَلْ اَفْعَلْ"

(۴) وہ جو تعجب کیلئے ہو جیسے "مَا اَحْسَنَ زَيْدًا."

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جائے جیسے "بلغني ما صنعت"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کیلئے صفت لازم ہے جیسے "مررتُ بما مُعجب لك"

(۷) وہ جو ابہام کیلئے ہو جیسے "اَعْطِنِيْ كِتَابًا مَا" یعنی کوئی کتاب مجھے دو۔ "جاء لِاَمْرٍ مَا" کسی کام کیلئے آیا۔ اس کا نام ابہامیہ ہے۔ اور "غَسَلْتُهُ غَسْلًا نِعِمَّا" کی تقدیر غَسَلْتُهُ نِعْمَ الْغَسْلُ ہے۔

المَاهِيَةُ مِنَ الْاَمْرِ او الشَّيْءِ: حقیقت طبیعت قوام شی یا ہر وہ چیز جو ماھو کے جواب میں واقع ہو۔

الماء۔ دیکھئے موہ۔

مَؤُجَ (ک) مُؤُوْجَةً. بیوقوف ہونا۔

المَاءُ: پانی کا کڑوا و کھاری ہونا۔

المَاجُ. بیوقوف۔ مضطرب۔ اضطراب۔ کڑوا کھاری پانی۔

مَادَ (ف) مَادًا. النباتُ او الشَّجرُ: نباتات کا لہلہانا۔ تروتازہ ہونا۔ جڑ میں پانی بہتا ہوا ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔

اَمَادَ الرِّيُّ النَّبَاتَ: نباتات کو تروتازہ کرنا۔

اِمْتَادَ الْخَيْرَ: بھلائی حاصل کرنا۔

المَادُ والیَمْؤُوْد. تروتازہ و نرم و نازک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او غُصْنٌ مَادٌ و يَمْؤُوْدٌ وَ جَارِيَةٌ مَادَةٌ و يَمْؤُوْد و يَمْؤُوْدَة" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المَتِيْد. نازک۔ ناز پروردہ۔

مَارَ (ف) مَارًا السِّقَاءَ: وسیع کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد کرا دینا۔ فساد پر اکسانا۔

مَئِرَ (س) مَارًا. الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا عَلٰى فُلَانٍ: دشمنی سوچنا۔

اِمْتَارَ عَلٰى فُلَانٍ: کینہ کرنا۔

مَاءَرَهٗ مِئَارًا و مُمَاءَرَةً. مفاخرت کرنا۔

ہٗ فِيْ فِعْلِهٖ: برابری کرنا۔ مَاءَرَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ فساد پر اکسانا۔

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا. ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

المَئِرُ مِنَ الْاُمُوْرِ: سخت و دشوار (والمِئَر) فساد انگیز۔

المِئْرَة. عداوت۔ چغل خوری۔ ج مِئَر.

اَمْرٌ مَئِيْرٌ. سخت۔

مَاسَ (ف) مَاسًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا الدبَّاغ

الْجِلْدَ: چرم ساز کا کھال کو ملنا دلنا (و مَئِسَ (س) مَأْسًا) الْجُرْحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔
الْمَأْس: س۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔
الْمَائِس والْمَأْآس والْمُؤْوُس والْمِمْأَس والْمِمْآس. چغل خور۔ فساد انگیز۔
مَاشَ(ف) مَأْشًا عَنْهُ بِكَذَا: دفع کرنا۔ ہٹانا مَاشَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِيْش کہتے ہیں۔
مَئِقَ(س) مَأَقًا الصَّبِيُّ: سسکی لینا۔ صفت مَئِقٌ الرَّجُلُ: شدتِ غیظ سے رو نکلنا۔
اَمْأَقَ. سسکی لینا۔
اِمْتَأَقَ. سسکی لینا غَضَبُهُ: سخت غضبناک ہونا اِلَيَّ بِالْبُكَاءِ: روانسا ہونا۔
اَلْمَأْق والْمُؤْق والْمُوْق ج آمَاق و اَمْآق و مَوَاق و مَآق. والْمُؤْقِيْ والْمَوْقِيء والْمَاقِيْ. ج مَآق: ناک کی طرف کا گوشہء چشم۔ الْمُؤْق والْمُوْق مِنَ الْاَرْضِ: زمین کے پست کنارے۔ ج آمَان.
الْمَأَق. زیادتی گریہ۔
الْمَأْقَة. شرم و عار سے کراہت۔ شدت غضب۔ حمیت۔
الْمَئِق. جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "اَنَا تَئِقٌ وَاَنْتَ مَئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لیے کہ تَئِق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مَئِق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔
الْمَأْقَة. سسکی۔ گریہ وزاری کرنا۔
الْمَوَاقِيْ. ناک کی طرف کے آنکھ کے گوشے واحد۔ مَاقِيْ.
مَالَ و مَئِلَ (ف س) و مَؤُلَ (ک) مُؤُوْلَةً و مَأَلَةً. موٹا ہونا۔ صفت مَئِلٌ و مَالٌ. کہا جاتا ہے "جَاءَهُ اَمْرٌ مَا مَالَ لَهُ مَالًا" اس پر ایسا معاملہ آ پڑا جس کیلئے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا۔
الْمَأَل. جائے پناہ۔

الْمَأْلَة. باغ۔ چکی۔ ج مِئَال.
الْمُمْتَئِل. لمبا سیدھا مرد۔
الْمَالِج. کرنی۔ کہگل کرنے کا آلہ ج مَآلِج (دخیل) اس کیلئے فصیح عربی الْمِسْيَعَة ہے۔
مَأْمَأَتْ مَأْمَأَةً. الشَّاةُ او الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا۔
مَأَنَ(ف) مَأْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا۔ چوکنا رہنا۔ پرہیز کرنا الْقَوْمَ: نان و نفقہ برداشت کرنا (اور مَانَ يَمُوْنُ اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "اَتَانِيْ هٰذَا الْاَمْرُ فَمَا مَأَنْتُ لَهُ اَوْ مَا مَأَنْتُ مَأْنَهُ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی۔ اور نہ مجھے اس کا علم ہوا۔ "وَامْأَنْ مَأْنَكَ وَاشْأَنْ شَأْنَكَ" یعنی جو تمہیں اچھا معلوم ہو کرو "وَاَنَا اَمْأَنُهُ"
مَأَّنَ تَمْئِنَةً. الشَّيْءَ: تیار کرنا فُلَانًا: خبردار کرنا۔ جتانا (وَمَاءَنَ) فِي الْاَمْرِ: غور کرنا، سوچنا۔
تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيْءُ: پرانا ہونا۔ کہنہ ہونا۔
الْمَأْنَة. ناف۔ ناف کے گرد اگرد۔ ج مَأْنَات و مُؤُوْن. خلاف قیاس (جیسے بَدْرَة و بُدُوْر) (والْمَأْن) کمر۔ الْمَأْن: کدال۔
الْمُؤْنَة والْمُؤُوْنَة. خوراک۔ سختی و بوجھ ج مُؤَن.
الْمَئِنَّة. علامت۔
الْمَمْأَنَة. سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْأَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے۔
مَاءَ يَمُوْءُ مُوَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مَأَى يَمْأُوْ مَأْوًا. الْجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کیلئے کھینچنا بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا الْجِلْدُ: کھال کھینچ کر چوڑی ہونا الشَّرُّ بَيْنَهُمْ: فساد پھیلنا۔
الْمَأْوَة. پست زمین ج مَأْو.
مَأَى يَمْأَى مَأْيًا. الْجِلْدَ: کھال کو کھینچنا۔ الْقَوْمَ: اپنے کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔ قوم کو مَمْئِيُّوْنَ کہتے ہیں بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا۔
اَمْأَى اِمْآءً. الْقَوْمُ: سو (۱۰۰) ہونا۔ صفت مُمْؤُوْن. الْقَوْمَ: اپنے آپ کو شامل کر کے سو (۱۰۰) پورا کرنا۔
تَمَأَّى تَمَئِّيًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا۔ کھنچنا۔ الشَّرُّ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد پھیلنا۔
الْمِائَة. سو (۱۰۰)۔ ج مِئَات و مِئُوْن و مُئُوْن و مِأًى اور نسبت کے لیے مِئَوِيٌّ. لفظ ماءۃ میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ کہا جاتا ہے "شَارَطَهُ مُمَاءَاةً" یعنی اس نے سو (۱۰۰) کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهُ مُؤَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی۔
مَتَّهُ(ن) مَتًّا. کھینچنا الْحَبْلَ: رسی کو بغیر چرخی کے کھینچنا اِلَى فُلَانٍ بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَتَّ بَيْنَنَا رَحِمٌ مَاتَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے ۵ قرابت ڈھونڈنا۔
مَاتَّ فُلَانًا: قرابت یاد دلانا۔
الْمَاتَّة. ج مَوَاتٌّ والْمَتَات وسیلہ۔ قرابت۔ رشتہ داری۔
مَتَاهُ(ف) مَتْأً بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔
مَتَحَ(ف) مَتْحًا الْمَاءَ: پانی نکالنا الدَّلْوَ وبِهَا: ڈول کھینچنا۔ صفت مَاتِح و مَتُوْح فُلَانًا: مارنا پچھاڑنا الشَّيْءَ: اکھیڑنا الشَّجَرَةَ: کاٹنا الْخَمْسِيْنَ: پچاس کے قریب ہونا۔
مَتَّحَ و مَتَحَ وامْتَتَحَ. الْجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم کو پٹکنا۔
اِمْتَتَحَ الشَّيْءَ: جڑ سے کھینچنا۔
تَمَتَّحَتْ الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اپنے ہاتھوں سے آرام لینا۔
الْمَتُوْح. پانی نکالنے والا۔ دور۔ بِئْرٌ مَتُوْحٌ قریب پانی والا کنواں۔
الْمَتَّاح. بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے يَوْمٌ مَتَّاحٌ و فَرْسَخٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ(ن ض) مَتْخًا الشَّیءَ اُکھیڑنا، کاٹنا الجَرَادُ ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے زمین پر دم مارنا بِالدَّلْوِ کھینچنا ہُ بِالسَّھْمِ تیر مارنا فُلَانًا مارنا اور دور کرنا الشَّیءُ بلند ہونا فِي الشَّیءِ گڑنا بِسِلْحِه بیٹ کرنا الشَّیءَ: بلند کرنا الخَمْسِیْنَ پچاس کے قریب ہونا الجَارِیَةَ جماع کرنا۔

اِمْتَاخَ الشَّیءَ کھینچنا۔

عُوْدٌ مِتِّیخ نازک لمبی لکڑی۔

المِتِّیْخَة چھڑی۔ لاٹھی۔ کوڑا۔

مَتَدَ(ن) مُتُوْدًا بِالْمَکَانِ اقامت کرنا۔

مَتَرَ(ن) مَتْرًا الشَّیءَ کاٹنا الحَبْلَ: رسّی کھینچنا بِسِلْحِه: بیٹ کرنا الجَارِیَةَ جماع کرنا۔

تَمَاتَرَ گڑنا۔ تَمَاتَرُوا الشَّیءَ کھینچنا۔

اِمَّتَرَ اِمِّتَارًا الحَبْلُ: رسّی کھینچنا (اس کی اصل اِمْتَتَرَ ہے پہلی تاء کو میم سے بدل دیا گیا ہے)

المِتْر میٹر۔

اَلمِتیُوْرُوْ کِرَاف موسمی حالات کی تبدیلی کا پتہ بتانے کا آلہ۔

مَتَزَ(ن) مَتْزًا بِسِلْحِه بیٹ کرنا۔

مَتَسَ(ض) مَتْسًا الشَّیءَ اکھیڑنے کیلئے جھکانا (ن) (مَتْسًا) بِالحَبْسِ پاخانہ کرنا۔

مَتِشَ(س) مَتَشًا عَیْنُهٗ آنکھ کا دھوپ یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت اَمْتَش مؤنث مَتْشَاء ج مُتْش

مَتَشَ(ض) مَتْشًا الشَّیءَ انگلیوں سے بکھیرنا۔ جمع کرنا اَخْلَافَ النَّاقَةِ: آہستہ آہستہ دوھنا۔ المَتْشُ والمَتَشُ جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔

مَتَعَ(ف) مَتْعًا و مُتْعَةً بِالشَّیءِ لے جانا۔

مَتَعَ(ف) مُتُوْعًا الشَّیءُ لمبا ہونا النَّھَارُ: دن کا بلند ہونا النَّبِیْذُ: نبیذ کا سخت سرخ ہونا الرَّجُلُ: زیرک ہونا السَّرَابُ دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا الحَبْلُ: رسّی کا مضبوط ہونا (مَتْعًا و مُتْعًا) بِفُلَانٍ: جھوٹ بولنا (مَتْعًا و مُتْعَةً) بِالشَّیءِ لے جانا۔

مَتُعَ(ک) مَتَاعَةً الرَّجُلُ زیرک ہونا۔

مَتَّعَ الشَّیءَ لمبا کرنا ہُ اللّٰهُ طویل عمر دینا۔ ہُ اللّٰهُ بِکَذَا مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ المَرْاَةَ المُطَلَّقَةَ: مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔

اَمْتَعَهُ اللّٰهُ بِکَذَا: مدت تک نفع اٹھانے دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اَبْقَاكَ اللّٰهُ وَاَمْتَعَ بِكَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ اَمْتَعَ بِمَالِه: فائدہ اٹھانا عَنْ کَذَا: بے نیاز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْتَعَنِي بِفِرَاقِه" اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔

تَمَتَّعَ و اِسْتَمْتَعَ بِکَذَا و مِنْ کَذَا مدت تک فائدہ اٹھانا بِمَالِه: آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ تَمَتَّعَ حج تمتع کرنا۔

المَتْع والمُتْع مکر۔

المُتْعَة والمِتْعَة اسم ہے تَمْتِیْع کا۔ تھوڑا توشہ۔ تھوڑی خوراک۔ شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِي مُتْعَةً اَعِیْشُ بِھَا" میرے لیے تھوڑی سی خوراک تلاش کرو جس سے زندگی بسر کر سکوں المَتْعَه: مشکیزہ ڈول رسّی۔ مُتْعَةُ الْمَرْاَةِ: قمیص، ازار، چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتْعَةُ الطَّلَاقِ بھی کہتے ہیں۔ ج مُتَعٌ و مِتَعٌ

المَتَاع چاندی و سونے کے علاوہ سامانِ زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھائے۔ ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ" ج اَمْتِعَه جج اَمَاتِع و اَمَاتِیْع

الَمَاتِع فاہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب و سرکہ۔ جھکی ہوئی ترازو۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ رَجُلٌ مَاتِعٌ: افعال خیر میں کامل۔

مَتَكَ(ن) مَتْکًا الشَّیءَ کاٹنا۔

مَاتَکَه مُمَاتَکَةً فِي الْبَیْعِ: بیع کی مہارت میں غالب ہونا۔

تَمَتَّكَ الشَّرَابَ گھونٹ گھونٹ پینا۔

المَتْك والمُتْك والمُتُك مکھی کی ناک۔ لیموں۔ سوسن۔ مَتْكُ الذُّبَابِ: مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ(ن) مَتْلًا الشَّیءَ ہلانا۔ زور سے ہلانا۔

مَتُنَ(ک) مَتَانَةً مضبوط و قوی ہونا۔ صفت مَتْنٌ و مَتِیْنٌ

مَتَنَ(ن) مُتُوْنًا بِالْمَکَانِ اقامت کرنا۔ الرَّجُلُ: قسم کھانا۔ سفر کرنا بِفُلَانٍ: پورے دن ساتھ چلنا الشَّیءَ: کھینچنا الکَبْشَ مینڈھے کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا ہُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ(ن و ض) مَتْنًا و اَمْتَنَ پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشَّیءَ: مضبوط بنانا الدَّلْوَ: ڈول کو مضبوط باندھنا الخَیْمَةَ: خیمہ کو مضبوط کسنا الطَّعَامَ: مصالحہ سے عمدہ بنانا لِمَنْ سَابَقَه: آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔

مَاتَنَ فُلَانًا: ٹالنا۔ بہت دور کر دینا ہُ فِي الشِّعْرِ: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا مُمَاتَنَةٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے "مَاتَنَ الرَّجُلُ" جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا۔

تَمَاتَنَ الشَّاعِرَان فِي الشِّعْرِ: باہم مقابلہ کرنا۔

المَتْن مص پیٹھ (مذکر و مؤنث) مَتْنُ الشَّیءِ: چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتْنُ الْاَرْضِ: زمین کا بلند و ہموار حصہ الطَّرِیْقِ: راستہ کا وسط الکِتَابِ: کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ اللغة: لغت کے اصول و قواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے "سَارَ مَتْنَ النَّھَارِ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔ مَتْنَا الظَّھْرِ پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتْنَة سخت و بلند زمین۔ مَتْنَةُ الظَّھْرِ: پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتَان و مُتُوْن۔

المَتِیْن مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ

مَتِيْنٌ" مضبوط رسّی "وَرَاْیٌ مَتِیْنٌ و فِیْ رَاْیِه مَتَانَةٌ" سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے اور متین اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی باری تعالیٰ قوی و غالب ہے؛ اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتَان.

المِتَان. دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن.

التَّمْتِيْن مر (و التِّمْتَان) خیمہ کی رسیاں۔ ج تَمَاتِيْن.

المَاتِن. فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سَيْرٌ مُمَاتِن. سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سَارَ سَيْرًا مُمَاتِنًا" وہ تیز چلا۔

مَتِهَ (س) مَتَهًا. گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَهَ (ف) مَتْهًا الدَّلْوَ: ڈھول کھینچنا۔

تَمَتَّهَ. حیران ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَمَاتَهَ عَنِ الشَّيْءِ: غفلت برتنا القَوْمُ: دور ہونا۔

مَتَا يَمْتُوْ مَتْوًا. الشَّيْءَ: کھینچنا۔ مَتَاهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَمْتٰی اِمْتَاءً. بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّٰی. لغت ہے تمطّی میں بمعنی انگڑائی لینا۔

مَتٰی. اسم استفہام ہے زمانہ کیلئے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے مَتٰی اَضَعُ العِمَامَةَ تَعْرِفُوْنِی.

مَتٰی يَمْتِیْ مَتْيًا. الشَّيْءَ: کھینچنا۔

مَتَّ (ن) مَتًّا. العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہہ جانا الزِّقُّ و السِّقَاءُ: ٹپکنا الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَمُتُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹائی کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَتَّ يَدَه: رومال سے ہاتھ پونچھنا شَارِبَه: مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا

الجُرْحَ: زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا الحَدِيْثَ: بات پھیلانا۔ نبتٌ مَثَاثٌ. تر گھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثْجًا الشَّيْءَ: ملانا فُلَانًا: کھلانا البِئْرَ: کنواں صاف کرنا بِالعَطِيَّةِ بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثْدًا بَيْنَ الحِجَارَةِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا الرَّجُلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

المَاثِد. فا۔ نگہبان۔ دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثْطًا. ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَتْ (ن س ف) مَثْعًا المَرْأَةُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ. بجو کا چلنا۔

المَثْعَاءُ. بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُوْلًا فُلَانًا: مانند ہونا القَمَرُ: ظاہر ہونا۔ غائب ہونا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔ اپنی جگہ سے ہٹنا التَّمَاثِيْلَ: مجسمے بنانا فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثْلًا و مُثْلَةً بِالرَّجُلِ: عذاب دینا بِالقَتِيْلِ: مثلہ کرنا۔ ناک، کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثَلَ (ک ن) مُثُوْلًا بَيْنَ يَدَیْ فُلَانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) مَثَالَةً. افضل ہونا۔

مَثَّلَ تَمْثِيْلًا الشَّيْءَ لِفُلَانٍ: ہو بہو تصویر بنانا الحَدِيْثَ و بِالحَدِيْثِ. بیان کرنا۔

مَثَّلَ بِفُلَانٍ عذاب دینا بِالقَتِيْلِ. مثلہ کرنا المِثَالَ نمونہ بنانا التَّمَاثِيْلَ. مجسمے بنانا (تمثيلا و تِمْثَالًا) الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہت دینا۔

مَاثَلَهُ مُمَاثَلَةً. مشابہت دینا۔ مَاثَلَه بِفُلَانٍ: تشبیہ دینا۔

اَمْثَلَهُ. فُلَانًا و بِه: مانند بنانا الحَاكِمُ فُلَانًا: قصاص میں قتل کرنا الحَاكِمُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الحَدِيْثَ و بِالحَدِيْثِ: بیان کرنا الشَّيْءَ: مثال کا تصور کرنا لَهُ الشَّيْءُ: تصور ہونا بِالشَّيْءِ: مثال دینا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ مَثَلٌ يُتَمَثَّلُ بِه" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے مِنْهُ: بدلہ لینا بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے کھڑا ہونا۔ تَمَثَّلَ مِثَالًا: نمونہ بنانا بِه: مشابہ ہونا۔

اِمْتَثَلَ المَثَلَ و بِالمَثَلِ: بیان کرنا الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا الشَّيْءَ: نمونہ پر بنانا الطَّرِيْقَةَ پے روی کرنا مِنَ القَاتِلِ: قصاص لینا۔

تَمَاثَلَ الشَّيْئَانِ: باہم مشابہ ہونا العَلِيْلُ مِنْ عِلَّتِه: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔

المِثْل. شبہ۔ نظیر۔ مشابہ۔ ج اَمْثَال (مذکر و مؤنث واحد تثنیہ جمع سبھی کیلئے آتا ہے) کہا جاتا ہے "هُوَ و هِيَ و هُمَا و هُمْ و هُنَّ مِثْلُه" اور مهم اَمْثَالُهُمْ بھی بولا جاتا ہے۔ و" فُلَانٌ مُسْتَرَادٌ لِمِثْلِه" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر بخل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی ہے "هُوَ مُسْتَرَادَةٌ لِمِثْلِهَا"

المَثَل. مشابہ۔ نظیر۔ (لغت ہے مثل میں) صفت۔ بات۔ کہاوت۔ (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت۔ دلیل۔ ج اَمْثَال.

المُثْلَة. آفت۔ ناک یا کان کاٹنا۔ المَثُلَة و المُثْلَة: سزا۔ عذاب۔ المَثُلَة اُمم ماضیہ کی عبرتناک سزائیں۔ ج مَثُلَات.

المِثَال. مقدار۔ شبہ۔ قصاص۔ بستر۔ چیز ج اَمْثِلَة و مُثُل و مُثْل.

المَثَالَة. فضیلت۔ اچھی حالت۔

الاُمْثُوْلَة. شعر جو مثال میں پیش کیا جائے ج اَمَاثِيْل و اُمْثُوْلَات.

المِثَالِيَّة: ایک فلسفی مذہب جو چیزوں کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں بقول ان کے یہ خیالی چیز ہے۔

اس کو العِنَادِيَّة بھی بولتے ہیں۔

التَّمَثُّلُ و التَّمْثِيْلُ فِي الغِذَاءِ: غذا کی اصل صورت تبدیل ہو کر دوسری غذائیت والی شکل

بنا۔
التِمْثَال. تصویر۔ مجسمہ۔ج تَمَاثِیل.
المِثِیل. شبیہ۔ نظیر۔ عمدہ۔ج مُثُل.
المَاثِل. فا۔ ج مُثُلٌ جیسے خَادِم و خَدَم
مِنَ الرُّسُوْم: مٹاہوا نشان۔ کہاجاتا ہے مِثْلٌ
مَاثِلٌ.
المَاثِلَة. ماثِل کا مؤنث۔ چراغ دان۔
ڈیوٹ۔
الاَمْثَل. افضل۔ج اَمَاثِل و مُثُل.مؤنث
مُثْلٰی. اَمَاثِلُ القَوْمِ: قوم کے برگزیدہ
لوگ۔ الطَّرِیْقَةُ: الْمُثْلٰی: اشبہ بالحق
طریقہ۔ اور کہا جاتا ہے الْمَرِیْضُ الیَوْمَ
اَمْثَلُ: مریض کی حالت آج اچھی ہے۔
مَثِنَ(س) مَثَنًا. مثانہ میں پیشاب نہ رکنا۔
صفت اَمْثَنُ و مَثِنٌ.مؤنث مَثْنَاء و مَثِنَةٌ.
مَثَنَ(ن ض) مَثْنًا الرَّجُلَ. مثانہ پر مارنا۔
مُثِنَ مَثْنًا. مثانہ کی بیماری والا ہونا۔ صفت
مَمْثُوْنٌ و مَثِیْنٌ.
المَثَانَة. پیشاب جمع ہونے کی جھلی۔ بچّہ
دانی۔ج مَثَانَات.
مَجَّ(ن) مَجًّا الشَّرَابَ او الشَّیَٔ و بہ
مِنْ فَمِہٖ: کلی کرنا۔اور بطور استعارہ کے کہاجاتا
ہے "ھٰذَا کَلَامٌ تَمُجُّہُ الْاَسْمَاعُ"یعنی یہ
ایساکلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔
مَجَّ العِنَبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔
اَمَجَّ العُوْدُ: لکڑی میں تری ہونا۔
الفَرَسُ: دوڑنے لگنا الرَّجُلُ: ملک میں
پھرنا۔
انْمَجَّ. ٹپکنا۔
المَجّ. س۔ ماش کے دانے۔
المَاجّ. فا۔ جس کی بڑھاپے کی وجہ سے رال
ٹپک رہی ہو۔ج مُجَّاج و مَاجُوْج.
المُجَاج. ٹہنی۔ شاخ۔
المُجَاج. تھوک۔ ماش کے دانے۔ مُجَاجُ
النَّحْلِ شہد۔ مُجَاجُ العِنَبِ: شراب۔
مُجَاجُ المزن. بارش۔ کہاجاتا ہے "خبز
مُجَاجًا"اس نے چینا کی روٹی پکائی۔

المُجَاجَة. تھوک۔ مُجَاجَة الشَّیْءِ:
نچوڑ۔
المَجَج. باچھوں کا ڈھیلا ہونا۔ انگوروں کی
پختگی۔
المَجَّاج. بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
المُجّ. پتھر پر شہد کے نقطے۔
المَجَّة. مجّ کا اسم مرة۔ کہاجاتا ہے "ما بَقِيَ
فِي الْاِنَاءِ اِلَّا مَجَّة" برتن میں صرف کلی
کے لائق پانی باقی رہا۔
المُجُج. شہد کی مکھیاں۔ مست لوگ۔
مَجِحَ(ف) مَجْحًا و مَجِحَ(س)
مَجَحًا و تَمَجَّحَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ فخر
کرنا۔ مَجَحَ الدَّلْوَ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں
میں حرکت دینا۔
المَجَّاح. متکبر۔
مَجَدَ(ن) مَجْدًا. بزرگوار ہونا فُلَانًا:
بزرگی میں غالب ہونا الرَّاعِي الْاِبِلَ:
چارے سے سیر کرنا۔
مَجَدَتْ(ن) مَجْدًا و مُجُوْدًا. الْاِبِلُ:
بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت
مَاجِدَة.ج مواجد و مُجَّد و مُجُد.
مَجُدَ(ک) مَجَادَة. بزرگوار ہونا۔ صفت
مَاجِد و مَجِیْد.ج اَمْجَاد.
مَجَّد و اَمْجَد. فُلَانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف
کرنا۔ بزرگی کی طرف نسبت کرنا العَطَاءَ:
بہت بخشش کرنا لِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: زیادہ کرنا۔
کہاجاتا ہے "اَمْجِدَهُ ذَمًّا و سَبًّا"اس نے
اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "و نَزَلُوْا
بِھِمْ فَاَمْجَدُوْھُمْ قِرًی"وہ لوگ ان کے
مہمان ہوئے اور انہوں نے خوب خاطر تواضع
کی۔ اَمْجَدَتِ الْاِبِلُ: بہت چارہ والی چراگاہ
میں چر کر سیر ہونا فُلَانٌ وَلَدَهُ و لِوَلَدِہٖ:
بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے
"ھٰؤلَاءِ قَوْمٌ اَمْجَدَھُمْ اَبُوْھُمْ" یہ لوگ وہ
قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا
انتخاب کیا ہے۔ اَمْجَد و مَجَّد الرَّاعِي
الْاِبِلَ: چارے سے سیر کرنا۔

مَاجَدَهُ مِجَادًا و مُمَاجَدَة. بزرگی میں
مقابلہ کرنا۔
تَمَجَّد. بڑا بننا۔
تَمَاجَد. باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا
جاتا ہے "تَمَاجَدُوْا فِیْمَا بَیْنَھُمْ"انہوں
نے باہم فخر کیا۔
اِسْتَمْجَدَ. بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات
میں ممتاز ہونا۔
المَجْد. س۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ ج
اَمْجَاد.
المَاجِد. فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا۔
شَيْءٌ مَاجِدٌ: بہت چیز۔ مؤنث مَاجِدَة.ج
مَوَاجِد.
الاَمْجَد. اسم تفضیل۔ج اَمَاجِد.
المَجِیْدِیّ. چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان
عبدالمجید کی طرف منسوب ہے۔
مَجَرَ(ن) مَجْرًا. پیاسا ہونا۔
مَجِرَ(س) مَجَرًا مِنَ المَاءِ و نَحْوِہٖ:
پیٹ بھرنا اور سیر اب نہ ہونا۔
مَجِرَتْ و اَمْجَرَتِ الشَّاةُ: پیٹ میں بچے
کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل
ہونا اور اُٹھ نہ سکنا۔
مَاجَرَ مِجَارًا و مُمَاجَرَةً و اَمْجَرَ فُلَانًا
فِي الْبَیْعِ. زیادہ لینا۔ سود لینا۔
المَجْر. س۔ اُونٹ اور بکری کے پیٹ کا بچّہ۔
پیٹ کے بچّہ کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی
اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔
المَجْر. س ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے
رہنے والے سونے کے سکہ کی ایک قسم بکری
کے پیٹ میں بچّہ کی بڑائی۔
شَاةٌ مَجِرَةٌ. پیٹ میں بچّہ کے بڑے ہونے
کی وجہ سے دُبلی بکری۔
الاَمْجَر. دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔
المِجَار. اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔
المُمْجِر مِنَ النِّسَاءِ: جڑواں بچے جننے والی
عورت۔ج مَمَاجِر.
مَجَّسَهُ: مجوسی بنانا۔

تَمَجَّسَ. مجوسی ہونا۔

المَجُوس. آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوسِي. اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔

المَجُوسِيَّة. المجوسّی کا مؤنث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔

مَجَعَ (ن) مَجْعًا و مَجْعَةً و اِمْتَجَعَ و تَمَجَّعَ. کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔

مَجِعَ (س) و مَجُعَ (ک) مَجَاعَةً. مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔

مَاجَعَهُ مُمَاجَعَةً. باہم مخول کرنا۔

مَجَّعَ تَمْجِيْعًا. کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔

اَمْجَعَ الْفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔

تَمَاجَعَا. باہم مخول کرنا۔

المِجْع والمَجِع والمُجْعَة. جاہل۔

بیوقوف لِلْمجع: مخول کرنے والا۔

المَجِعَة والمِجعَة والمُجعَة والمَاجِعَة مخول کرنے والی بے حیا عورت۔

المُجعَة والمِجعَةُ. جاہل عورت۔

المَجَّاع والمَجَّاعَة والمُجَّاعَة. مخول کرنے والا۔ بے حیا۔

المَجِيْع. کھجور دودھ ملا ہوا کھانا۔

المُجَاعَة. کھجور دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔

مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا و مُجُوْلًا و مَجِلَتْ (س) مَجَلًا و اَمْجَلَتْ يَدُهُ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا (عوام بَقْبَقَتْ يَدُهُ) کہتے ہیں اَمْجَلَ الْعَمَلُ يَدَهُ: آبلہ ڈالنا۔

تَمَجَّلَ رَاْسُهُ قَيْحًا دَوْمًا: خون پیپ سے بھرنا۔

المَاجِل. فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی۔

المَجْل. مص۔ آبلہ۔

المَجْلَة. آبلہ ج مِجَال و مَجْل (عوام بفرفة کہتے ہیں)۔

مَجَّلَ الكِتَابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا حَدِيْثَهُ: صاف نہ بیان کرنا۔

المَجْمَاج. ڈھیلا ڈھالا۔ بہت اور موٹے گوشت والا۔

مَجَنَ (ن) مُجُوْنًا. الشَّيْءُ: موٹا اور سخت ہونا۔ (مُجُوْنًا و مُجْنًا و مَجَانَةً) مخول کرنا اور بے حیا ہونا۔ صفت مَاجِن ج مُجَّان.

تَمَاجَنَ. باہم مخول کرنا۔

تَمَجَّنَ. بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فِيْ كَلَامِهِ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔

المَجَّان. بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَجَّان" کافی اور بہت پانی۔

المَجَّان: مفت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ او فَعَلَهُ مَجَّانًا" اس نے مفت لیا یا کیا "وَهٰذَا الشَّيْءُ لَكَ مَجَّانٌ" یہ چیز تمہارے لیے مفت ہے۔

يُوَزَّعُ مَجَّانًا وَلَا يُبَاعُ: مفت تقسیم کیا جائے، بیچا نہ جائے۔

طَرِيْقٌ مُمَجَّنٌ. لمبا راستہ۔

المُمَاجِن. اونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔

المَنْجَنُوْن. رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زمانہ۔ ج مَنَاجِيْن.

مَحَّ (ف ن) مَحًّا و مَحَحًا و مُحُوْحًا و مُحُوْحَةً وَاَمَحَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا الْاَثَرُ: نشان کا مٹنا الدَّارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔

المَحُّ والمَاحُّ. پرانا کپڑا۔

المُحّ. خالص (والمُحَّة) انڈے کی زردی۔

المُحَاح. بھوک۔

الاَمَحّ. موٹا۔

المَحَّاح. بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔

مَحُتَ (ک) مَحَاتَةً اليَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔

مَحَتَ (ف) مَحْتًا فُلَانًا: غضبناک کرنا۔

المَحْت. گرم دن۔ ہر چیز میں کا سخت۔ عقلمند۔ تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے ج مُحَتَاء و مُحُوْت.

مَحَجَ (ف) مَحْجًا. الرَّجُلُ: تیز چلنا العُوْدَ او اللَّحْمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا اللَّبَنَ: دودھ بلونا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنے کے لیے ملنا الدَّلْوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا شَيْئًا عَنْ شَيْءٍ: پونچھنا الرِّيْحُ الْاَرْضَ: غبار اڑا لے جانا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَحِجَ (س) مَحَجًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

مَاحَجَهُ مِحَاجًا و مُمَاحَجَةً. ٹال مٹول کرنا۔

المَحَّاج. بڑا جھوٹا۔

المَحَارِق. ح ر ق دیکھو۔

مَحَزَ (ف) مَحْزًا و مَحَازًا. الرَّجُلُ: سینہ پر مکا مارنا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَحَسَ (ف) مَحْسًا الجِلْدَ: نرم کرنے کیلئے کھال کو ملنا اور دباغت دینا۔

الاَمْحَس. ماہر دباغ۔

مَحَشَ (ف) مَحْشًا الجِلْدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا الطَّعَامَ: بہت کھانا۔

السَّيْلُ مَا مَرَّ عَلَيْهِ: بہا لے جانا الجَارِيَةَ جماع کرنا (مَحْشَةً) وَجْهَهُ بِالسَّيْفِ: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا (وَامْحَشَ) الحَرُّ او النَّارُ الجِلْدَ: کھال کو جلانا۔

اِمْتَحَشَ. جلنا فُلَانٌ غَضَبًا: غصہ سے بھڑک اٹھنا القَمَرُ: چاند کا غائب ہونا النَّارُ: آگ کا جلانا۔

المَحَاش. گھر کا سامان۔

المِحَاش. مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لیے آگ کے گرد جمع ہوں۔

المُحَاش. جلا ہوا۔

سَنَةٌ مَحُوْشٌ و مُمْتَحِشَة. خشک سال جو ہر چیز کو جلادے۔

مَحَصَ (ف) مَحْصًا الظَّبْيُ فِيْ عَدْوِهِ: ہرن کا تیز دوڑنا المَذْبُوْحُ بِرِجْلِهِ: تڑپنا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: پٹک دینا فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ بھاگنا البَرْقُ: بجلی کا چمکنا اللّٰهُ مَابِكَ: زائل

كرنا الشَّيْءَ: ہر عیب سے پاک صاف کر دینا الذَّهَبَ بِالنَّارِ: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا السِّنَانَ: بھالے کو صیقل کرنا الْحَبْلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔
مَحَّصَ الشَّيْءَ: گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَحَّصَ اللهُ عَنِ فُلَانٍ ذُنُوْبَه" اللہ تعالیٰ فلاں کو گناہوں سے پاک صاف کر دے اللَّحْمَ: گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا۔ وَمَحَّصَهُ عَنْهُ: دور کرنا۔ صاف کرنا۔ مَحَّصَ الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔
اَمْحَصَ مِنَ الْمَرْضِ: تندرست ہونا۔
اَمْحَصَتِ الشَّمْسُ: گہن سے نکلنا اور صاف ہونا۔ اَمْحَصه عَنْهُ: دور کرنا۔
تَمَحَّصَ الظَّلَامُ: تاریکی چھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَ الْوَرَمُ: ورم کا گھٹ جانا۔
اِنْمَحَصَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا روشن ہونا فُلَانٌ مِنْ يَدِه :نکل بھاگنا۔
اِمْتَحَصَ الظَّبْيُ فِيْ عَدْوِهٖ: ہرن کا چھلانگیں مارنا۔
المَحِص مِنَ الْحِبَالِ او الْاَوْتَارِ: نرم رسّی یا تانت۔
الْمَحْص والمُمَحَّص والمَحِيْص والمَمْحُوْص مِنَ الْخَيْلِ: مضبوط و قوی گھوڑا۔ المَحِيْص و المُمَحَّص مِنَ الْاَسِنَّةِ: صیقل شدہ بھالے۔
المَحَّاص. اسم مبالغہ۔ بَرْقٌ مَحَّاصٌ: چمکنے والی بجلی۔
الَامْحَص. جھوٹے سچے سب کا عذر سننے والا۔
مَحُضَ (ک) مُحُوْضَةً نَسَبُ الرَّجُلِ و مَحُضَ الرَّجُلُ فِيْ نَسَبِه: خالص نسب ہونا۔
مَحِضَ (س) مَحْضًا وامْتَحَضَ. خالص دودھ پینا۔
مَحَضَ (ف) مَحْضًا فُلَانًا الْوُدَّ او النُّصْحَ: خالص دوستی یا خیر خواہی کرنا الرَّجُلَ: خالص دودھ پلانا۔

اَمْحَضَ فُلَانًا الْوُدَّ او الْحَدِيْثَ. خالص دوستی کرنا۔ راست گفتاری کرنا۔ لَهُ النُّصْحَ: خالص خیر خواہی کرنا۔
مَاحَضَهُ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
اِمْتَحَضَ الرَّجُلُ: خالص دودھ پینا۔
اِسْتَمْحَضَ. خالص دودھ مانگنا۔
المَحْض. س۔ مِنَ اللبنِ و نَحْوِهٖ: خالص۔ ج مِحَاض. کہا جاتا ہے "عَرَبِيٌّ مَحْضٌ" و "عَرَبِيٌّ مَحْضًا" یعنی خالص نسب عربی۔ مصدر ہونے کی وجہ سے واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے آتا ہے اور تانیث و تثنیہ و جمع بھی جائز ہے۔
المَحِض والمَاحِض. خالص دودھ کا خواہش مند۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاحِضٌ" خالص دودھ والا۔ جیسے لَبِنٌ سے لَابِنٌ یعنی دودھ والا۔
الْاُمْحُوْضَة. خالص خیر خواہی۔
المَحُوْض. خالص۔ مؤنث مَمْحُوْضَةٌ. کہا جاتا ہے فِضَّةٌ مَمْحُوْضَةٌ خالص چاندی۔
مَحَطَ (ف) مَحْطًا و مَحَّطَ الْوَتَرَ: درست و ہموار کرنے کیلئے تانت پر انگلی پھیرنا السَّهْمَ: تیر چلانا۔
اِمْتَحَطَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا دوڑنا السَّيْفَ: تلوار سونتنا الرُّمْحَ: نیزہ کھینچنا۔
عَامٌ مَاحِطٌ. کم بارش کا سال۔
مَحَقَ (ف) مَحْقًا الشَّيْءَ: باطل کرنا۔ مٹانا۔ اللهُ الشَّيْءَ: گھٹانا بے برکت کرنا فُلَانًا: ہلاک کرنا الحَرُّ الشَّيْءَ: جلانا۔
مُحِقَ الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا۔
مَحَّقَ الشَّيْءُ: باطل کرنا۔ مٹانا۔
اَمْحَقَ الْمَالَ: ہلاک ہونا الرَّجُلُ: مال میں بے برکتی والا ہونا الْقَمَرُ: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔
تَمَحَّقَ و انْمَحَقَ و اِمَّحَقَ و اِمْتَحَقَ. مضمحل ہونا۔ باطل ہونا۔ مٹنا۔ واِمْتَحَقَ الحَرُّ الشَّيْءَ: جلانا النَّبَاتُ: شدت گرمی سے خشک

ہونا اور جلنا الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا الشَّيْءَ: بے برکت ہونا۔ وانْمَحَقَ الْهِلَالُ: چاند آخری مہینہ میں دکھائی نہ دینا۔
المَحْق. س۔ کھجور کے قریب قریب لگے ہوئے پودے۔
المَحَقَة. ہلاکت۔
المَحَاق والمُحَاق والمِحَاق. مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔
سِنَانٌ مَحِيْقٌ. باریک و تیز بھالا۔
المَاحِق. فا۔ مَاحِقُ الصَّيْفِ: سخت گرمی يَوْمٌ مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔
الَامْحَق. بے برکت۔
المَمْحَقَة. باعث بے برکتی۔
مَحَكَ (ف) مَحْكًا و مَحِكَ (س) مَحَكًا و اَمْحَكَ و تَمَحَّكَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَحِكٌ و مَاحِكٌ و مَحْكَان.
اَمْحَكَ الْخُصُوْمُ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔
مَاحَكَ مُمَاحَكَةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
تَمَاحَكَ الخَصْمَان: باہم جھگڑا کرنا۔
المُمْتَحِك: بداخلاق؛ جھگڑالو۔
مَحِلَ (س) و مَحَلَ (ف) مَحْلًا و مُحُوْلًا و مَحُلَ (ک) مَحَالَةً الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل.
مَحَلَ (ف) و مَحِلَ (س) و مَحُلَ (ک) مَحْلًا و مِحَالًا بِه اِلَى الْاَمِيْرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِل و مَحُول و مَحَّال. مَحَلَ بصَاحِبِه: بہتان رکھنا۔
مَحَّلَ فُلَانًا: ~~مضبوط کرنا~~ الشَّيْءَ: لمبا کرنا۔
مَا حَلَه مِحَالًا و مُمَاحَلَةً. مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَمْحَلَ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِل والْاَرْضُ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ: قحط زدہ زمین الْمَطَرُ: بارش رکنا الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ اللهُ الْاَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّئَ وَلَهٗ: حیلہ کرنا لِفُلَانٍ حَقَّهٗ حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔
تَمَاحَلَ الْقَوْمُ: باہم کید و مکر کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔
الْمَحْل. فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْل و اَمْحَال. کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔
الْمَاحِل. فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ مَاحِلًا" میں نے اس کو متغیر اللّون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَاحِلٌ و مَحْلٌ و مَحْلَةٌ و مَحُوْلٌ و مَحُوْلَةٌ" قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لیے اَرْضُوْن مَحْلٌ و مُحُوْلٌ.
الْمَحَال. بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔
الْمِحَال. کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔
الْمَحَالَة. بڑی چرخی۔ اُونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَال اور مَحَال کی جمع مُحُل. اور کہا جاتا ہے "لَامَحَالَةَ" یعنی ضرور و لابدی۔
الْمِحَل. وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "دَحِلٌ مَحِلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔
الْمَحَّال. مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔
اَرْضٌ مُمْحِلٌ و مُمْحِلَةٌ. قحط زدہ زمین۔
الْمُتَمَاحِل. بہت لمبا تڑنگا مرد یا اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُتَمَاحِلٌ" بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "وَرَاَیْتُهٗ مُتَمَاحِلًا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔
فَلَاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: دو کنارے والا میدان۔
فِتْنَةٌ مُتَمَاحِلَةٌ ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔
اَرْضٌ مِمْحَال. قحط زدہ زمین۔
الْمِمْحَلَة. دودھ کا مشکیزہ۔

مَحَنَ (ف) مَحْنًا فُلَانًا: آزمانا ہٗ عِشْرِیْنَ سَوْطًا: کوڑے مارنا الْفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔ اسم الْمِحْنَة ہے الثَّوْبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا فُلَانًا شَیْئًا: دینا الْبِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو چلا کر تھکانا الْجَارِیَةَ جماع کرنا (و مَحَّنَ) الْاَدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔
اِمْتَحَنَ الشَّئَ: آزمائش کرنا الْقَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا الْفِضَّةَ چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔
الْمَحْن. مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "کَانَ فِیْ مَحْنٍ" وہ مشقت میں تھا۔ الْمَحْن: عطیہ۔
الْمِحْنَة. آزمائش۔ ج مِحَن.
مَحَا یَمْحُوْ و یَمْحٰی مَحْوًا و مَحْیًا الشَّئَ: مٹانا۔ صفت مفعولی۔ مَمْحِیٌّ و مَمْحُوٌّ. کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ و الصُّبْحُ اللَّیْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔
مَحَا یَمْحُوْ و یَمْحٰی مَحْوًا و مَحْیًا و اِمْتَحٰی الشَّئُ: مٹنا (اِمْتَحٰی اِمَّحٰی میں ایک ضعیف لغت ہے)
تَمَحّٰی تَمَحِّیًا مِنَ الْقَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔
الْمَحْو. مص۔ چاند کا سیاہ داغ۔
الْمَحْوَة. محا کا اسم مرۃ۔ شرم و عار۔ بارش اس لیے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے "صَابَتِ الْاَرْضَ مَحْوَةٌ" زمین پر بارش ہوئی۔ اور کہا جاتا ہے "هَبَّتْ مَحْوَةُ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی بادِ شمالی چلی۔
الْمِمْحَاة. میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔
مَحَاهُ یَمْحَاهُ و یَمْحِیْهِ مَحْیًا. مٹانا (لغت ہے محاواوی میں)
مَخَجَ (ف) مَخْجًا و تَمَخَّجَ و تَمَاخَجَ الدَّلْوَ او بِالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔
مَخَجَ الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

تَمَخَّجَ الْمَاءُ: حرکت دینا۔
مَخَّخَ و تَمَخَّخَ و اِمْتَخَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
اَمَخَّ الْعَظْمُ: گودے والی ہونا۔ اِمْخَتِ الشَّاةُ موٹی ہونا الْعُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا الزَّرْعُ: پر مغز ہونا۔
الْمُخّ. ہڈی کا گودا۔ بھیجا۔ آنکھ کی چربی۔ خالص۔ ج مِخَاخ و مِخَخَة. کہا جاتا ہے "لَا اَرٰی لِاَمْرِكَ مُخًّا" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں۔ وَالْمُخَّة: گودے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ مُخُّ الْقَوْمِ و مُخَّةُ الْقَوْمِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں۔
الْمَخّ. نرم۔
الْمُخَاخَة. ہڈی کا گودا جو چوسنے سے مُنہ میں آئے۔
الْمَخِیْخ. گودے والی ہڈی۔ شَاةٌ مَخِیْخَة گودے والی یعنی موٹی بکری۔ ج مَخَائِخ. اِبِلٌ مَخَائِخ: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ لِسَانٌ مُمِخٌّ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے۔
مَخَرَتْ (ف ن) مَخْرًا و مُخُوْرًا السَّفِیْنَةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔ مَخَرَ الْاَرْضَ: زمین کو کھیتی کرنے کے لیے کھودنا۔ اچھی کھیتی کیلئے پانی دینا السَّابِحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔ الذِّئْبُ الشَّاةَ: بھیڑیئے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔
مَخَرَ (ف) مَخْرًا الْبَیْتَ: عمدہ سامان لے لینا۔
اِمْتَخَرَ و تَمَخَّرَ و اِسْتَمْخَرَ الرِّیْحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔ اِمْتَخَرَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا الشَّئَ: اختیار کرنا۔
الْمَخْر. مص۔ بَنَاتُ مَخْر: پتلے سفید بادل۔
الْمَخْرَة. مخر کا اسم مرۃ۔ مُنہ کی بدبو (والمخرۃ والمُخرۃ) پسند کی ہوئی چیز۔
الْمَاخِرَة. ماخر کا مؤنث۔ کشتی۔ ج مَوَاخِر.
الْمَاخُوْر. بدکاروں کی مجلس۔ بدکاری کا اڈا۔

بدکاری کے اڈے کا متولی۔ ج مواخر و مواخیر۔

مَخْرق مَخْرقَۃ۔ جھوٹ گھڑنا۔

مِخْراق۔ گڑیا۔ ج مَخارِیق۔

مَخَض (ن ف ض) مَخْضًا اللَّبنَ: دودھ بلونا۔ مکھن نکالنا۔ صفت مفعولی مَخِیْض و مَمْخُوْض۔ الشَّیَ: بہت ہلانا۔ الرای: خوب غور کرنا۔ بِالدَّلْوِ: بھرنے کیلئے ڈول ہلانا۔ البئر بِالدَّلْوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔

مَخِضَت (س) مِخاضًا و مَخاضًا و مُخِضَت و مَخَضَتْ و تمخضت الحامِلُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ صفت ماخِض۔ ج مُخَّض و مَواخِض۔

اَمْخَض اللَّبنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا۔ الرَّجُل: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔

اِمْتَخَض و تَمَخَّض اللَّبنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔ مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا۔ الوَلَدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ تمخضت السَّماءُ: برسنے کے قریب ہونا۔ تمخض الدَّھْرُ بالفِتْنَۃِ: فتنہ ظاہر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تمخضت اللَّیْلَۃُ عن صباحِ سوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بُری صبح آئی۔

اِسْتَمْخَض اللَّبنُ: دیر میں جمنے والا ہونا۔

اِسْتَمْخَضَت الحامِلُ بولدھا: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا۔

المَخاض: دردزہ۔

الاِمْخاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔

المِمْخَض والمِمْخَضَۃ: مشکیزہ۔ مکھن نکالنے کا برتن۔ ج مَماخِض۔

مَخَطَ (ف ن) مَخْطًا الشَّیَ: کھینچ کر لمبا کرنا۔ الجَمَلُ بہ: تیز دوڑنا۔ الرَّجُلُ فی الاَرْضِ: تیز چلنا۔ الوَلَدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔ غرس فلانٌ: پودے میں پانی دینا اور نگہبانی کرنا۔ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔ المُخاطَ: رینٹ صاف کرنا۔ الصَّبیَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا۔ بِیَدِہ: ملانا۔ مَخطًا و مُخوطًا السَّھْمُ: تیر کا پار ہونا۔ صفت ماخِط۔

مَخَّطَ الوَلَدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔

اَمْخَطَ السَّھْمَ: تیر کو پار کرنا۔

اِمْتَخَطَ الشَّیَ: چھین لینا۔ اُچک لینا۔ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

اِمْتَخَطَ و تَمَخَّطَ: رینٹ صاف کرنا۔ و تمخط الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔

المَخْط: س۔ راکھ۔ چھوٹا کپڑا۔

المُخاط: رینٹ۔ ج اَمْخِطَۃ۔ مُخاط الشَّیْطان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مُخاط الشَّمْس و لُعاب الشَّمْس بھی کہتے ہیں۔

المُخاطِیّ: رینٹ والا۔

المَخِط: فیاض سردار۔ ج اَمْخاط۔

المَخْطَۃ: مخط کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔

المِخَل عند المولدین: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ ج اَمْخال و مُخول۔

مَخْمَخَہٗ: گودا نکالنا۔

مخن (ن) مَخْنًا: رونا۔ البئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ العُود: لکڑی چھیلنا۔ الجارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَخُنَ (ن) مَخْنًا و مُخُوْنًا: لمبا ہونا۔ صفت مَخِن و مَخْن۔ مؤنث مَخِنَۃ و مَخْنَۃ۔

المَخِن: لمبا مرد۔

المَخِنَۃ: المخن کا مؤنث۔ گھر کا صحن۔

مَخی الرَّجُلَ عن الاَمْرِ: الگ کر دینا۔ دور کر دینا۔ اَمْخی اِمْخاءً و اَمْخی اِمْخاءً و تمخی و امتخی الیہ: عذر خواہی کرنا۔ منہ: بیزار ہونا۔ و تمخی العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

مَدَّ (ن) مَدًّا الشَّیَ و بالشَّیِ: پھیلانا۔ کھینچنا۔ اللہ عُمْرَہٗ: عمر طویل کرنا۔ من الدَّوَاۃِ: قلم میں روشنائی لینا۔ النَّھْرُ او البَحْرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم و متعدی) کہا جاتا ہے "قل ماء رکیتنا فمدتھا رکیۃ اُخری" ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہو گیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کر دیا "وھذا الوادی یمد فی وادی کذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے۔ و مَدَّ نَظَرَہٗ اِلَیْہ: اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مَدَّ الاَرْضَ: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا۔ الحَرْفَ: کھینچ کر پڑھنا۔ الاِبِلَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ السِّراجَ بالسَّلِیْط: چراغ میں تیل ڈالنا۔ فی السَّیْرِ: گزرنا۔ مَدَّ و اَمَدَّ الرَّجُلَ: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا۔ فی غَیِّہ: گمراہی میں زیادتی کرنا۔ الجُنْدَ: فوج کی مدد کرنا۔ النَّھار: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا۔ الدَّوَاۃَ: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا۔ اور ایسا ہی "مَدَّ القلمَ" قلم میں روشنائی لگانا۔ اَمَدَّ فی مِشیتہ: نازو انداز سے چلنا۔ اَمَدَّہُ اللہُ فی الخَیْرِ: زیادہ کرنا۔ اَجَلَہٗ: طویل کرنا اور موخر کرنا۔ فلانًا بمال: دینا۔ الکاتِبَ: قلم میں ایک ڈوبا دینا۔ البَعیرَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا۔ اَمَدَّ الجُرْحُ: زخم میں پیپ ہونا۔

مَدَّدَ الشَّیَ: پھیلانا۔

مادَّہٗ مِدادًا و مُمادَّۃً: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مادَّہُ الثَّوْبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔

تمادّا الثَّوْبَ: باہم مل کر کھینچنا۔

تَمَدَّدَ و اِمْتَدَّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔

تَمَدَّدُوا الشَّیَ بینَھُم: کھینچنا۔ امتدّ بھم السَّیْرُ: طویل ہونا۔ فی مِشیَتِہ: نازو انداز سے چلنا۔ الی الشَّیِ: دیکھنا۔ النَّھارُ: دن کا آدھا

ہونا۔
اِستَمَدَّ القَوْمُ الاَمِيْرَ عَلَى العَدُوِّ: مدد طلب کرنا۔ مِنَ الدَّوَاةِ: روشنائی لینا۔
المَدُّ. س۔ سیلاب۔ ج مُدُوْد. منتھٰی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنِي وَ بَيْنَه قَدْرَ مَدِّ البَصَر" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ مَدَّ النَّهَارِ وَ مَدَّ الضُّحٰى" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مَدُّ البَحْرِ: دریا کا چڑھنا۔
المَدُّ وَالمَدَّةُ. حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔
المُدُّ. ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل۔
المَدَّةُ. مد کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔
المُدَّةُ. زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذِهِ الاُمَّةِ وَالاَرْضِ مُدَّةٌ" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدَد.
المِدَّةُ. مد کا اسم نوع۔ پیپ۔
المَدَد. مدد۔ فریاد رسی۔ کہا جاتا ہے "اَمْدَدْتُهُ بِمَدَدٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی' میں نے اس کی اعانت کی۔
المِدَّان وَالاِمِدَّان. کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔
المِدَاد. س۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هُمْ عَلٰى مِدَادٍ وَاحِدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں "وَسُبْحَانَ اللهِ مِدَادَ السَّمٰوٰتِ" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔
المَادَّةُ. المَادُّ کا مؤنث۔ جس سے کسی چیز کی ترکیب و قوام ہو۔ المَادَّةُ الاُوْلٰى: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج مَوَادُّ.
مَادَّاتٌ مَوَادُّ اللُّغَةِ: الفاظ لغت۔ مَوَادُّ العِلْمِ: مباحث علم۔

المَادِّيُّ. منسوب اِلَى المَادَّةِ: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔
الاَمِدَّةُ. تانا۔
الاُمْدُوْد. عادت۔
المَدِيْد. کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَدِيْدٌ" لمبا قد۔ "فُلَانٌ مَدِيْدُ القَامَةِ" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مَدِيْدَة. مُدَّةٌ مَدِيْدَةٌ: طویل مدت۔ ج مُدُدٌ. چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔
المُدَيْدَة. تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)
المَمَدُّ. مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔
المُمْتَدُّ. اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔
المَمْدُوْد. مَالٌ مَمْدُوْدٌ: بہت مال۔
المَمْدُوْدُ فِي عِلْمِ الصَّرْفِ: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ھمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔
مَدَحَهُ (ف) مَدْحًا وَ مِدْحَةً. تعریف کرنا۔
مَادَحَهُ. تعریف کرنا۔
تَمَدَّحَ. غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ اِلَى النَّاسِ: اپنی تعریف چاہنا۔
اِمْتَدَحَ فُلَانًا: تعریف کرنا (وامَّدَحَ) وسیع ہونا۔
تَمَادَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
المِدْحَة. اسم ہے مدح سے۔ تعریف ج مِدَح.
المَدِيْح. ج مَدَائِح. وَالاُمْدُوْحَة. ج اَمَادِيْح. تعریف۔
المَمَادِح. تعریفیں۔
مَدَخَ (ف) مَدْخًا. بڑا ہونا۔ فُلَانًا: پوری مدد کرنا۔
مَادَخَه. خیر یا شر میں مدد کرنا۔

تَمَدَّخَ. تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا پر گوشت اور چربی والا ہونا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔
تَمَادَخَ و اِمْتَدَخَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
تمادخ عنه: سستی و کاہلی کرنا۔
المَادِخ وَالمَدِيْخ وَالمِدِّيْخ. معظم و معزز۔
المَدُوْخ وَالمُتَمَادِخ. جلد باز۔
مَدَرَ (ن) مَدْرًا و مَدَّرَ المَكَانَ: مٹی سے لیپنا۔ الحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا۔ مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔
مَدِرَ (س) مَدَرًا. بڑے پیٹ والا ہونا۔
تَمَدَّرَ. لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔
اِمْتَدَرَ المَدَرَ: ڈھیلا لینا۔
المَدَر. مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لیے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔
المَدَرَة. مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ سَيِّدُ مَدَرَتِهِ: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔
المَدَرِيُّ. شہر کا رہنے والا۔
الاَمْدَر. بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہو گئے ہوں۔ گرد آلود۔
المَدْرَاء. بڑے پیٹ والی۔ بجو۔ بَنُو مَدْرَاء شہر والے۔
مَكَانٌ مَدِيْرٌ و مَمْدُوْرٌ. لیپی ہوئی جگہ۔
المَمْدَرَة وَالمِمْدَرَة. جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔
اِبِلٌ مُمَدَّرَة. موٹے اونٹ۔
مَدَسَ (ن) مَدْسًا الجِلْدَ و نَحْوَهُ: کھال وغیرہ کو ملنا۔
مَدِشَتْ (س) مَدَشًا عَيْنُهُ: بھوک وغیرہ سے چندھیانا۔ يَدُهُ: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَش: مؤنث مَدْشَاء ج مُدْش.

مَدَشَ (ن)مَدْشًا. مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا۔فُلان مِنَ العَطَاءِ: کم کرنا۔
مَدَّشَ وأَمْدَشَ. دینا۔
رَجُلٌ مَدَّاشُ. الیَدِ: چور۔
المَدْش. مص۔ تھوڑا عطیہ۔
المَدَش. مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پھٹن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بیوقوفی۔ اور کہا جاتا ہے"مَابِہٖ مَدَشٌ او مَابِہٖ مَدَشَۃٌ" اس کو کوئی مرض نہیں۔
المَدِش. بیوقوف۔
المَدْعَۃ. ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔
المَدْعِيُّ. نسب میں متہم۔
المَیْدَع. سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔
مَدَقَ (ن)مَدْقًا. الصَّخْرَۃَ: چٹان توڑنا۔
تَمَدَّلَ بِالمِنْدِیلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔
المُدْلُوج. بازوبند۔مَدْمَدَ. بھاگنا۔
مَدَنَ (ن)مُدُونًا بالمَکَانِ: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے)المَدِیْنَۃَ: شہر میں آنا۔
مَدَّنَ. المَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔
تَمَدَّنَ. شائستہ ومہذب ہونا۔
تَمْدِیْنَ. نازپروردہ ہونا۔
المَدِیْنَۃ. شہر۔ قصبہ۔ ج مُدْن مُدُن و مَدَائِن. المَدِیْنَۃ: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے یثرب تھا۔مَدِیْنَۃُ السَّلامِ: بغداد۔
المَدَائِن. بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کیلئے مَدَائِنی۔
المَدِیْن. شیر۔
المَدَان. ایک بت کا نام۔
مَدَہَ (ف)مَدْهًا: تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مَدَہ۔
تَمَدَّہَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔
مَادَیٰ مُمَادَاۃً فُلَانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ لَا یُمَادِیْہِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔
اَمْدَیٰ اِمْدَاءً فُلَانًا: مہلت دینا۔الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔
تَمَادَیٰ. فِی غَیِّہٖ: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا۔فِی الاَمْرِ: انتہا کو پہنچنا۔بِہَا السَّفَرُ: سفر کا طویل ہونا۔
المَدَیٰ والمُدْیَۃ والمِیْدَاء. غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے"بَلَغَ مَدَی الحَیَاۃِ و مُدْیَتَہَا و مِیْدَاءَ ھَا" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و"دَارِی مِیْدَاءَ دَارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے"مُدْیَۃُ القَوْسِ" کمان کا وسط۔
المُدْیَۃ والمَدْیَۃ والمِدْیَۃ. بڑی چھری۔ ج مُدًی و مِدًی و مُدْیَات و مَدَیَات.
المُدْیُ. شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ اصاع آتے ہیں۔ ج امداء۔
المَدِیُّ. جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہوگیا ہو۔ ج اَمْدِیَۃ.
الاَمْدَیٰ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے"فُلَانٌ اَمْدَی العَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔
مُذْ. دیکھو مُنْذُ.
مَذِجَ (س)مَذَجًا و تَمَذَّجَ الشَّیُٔ: وسیع ہونا اور پھولنا۔تَمَذَّجَ الاِنَاءُ: برتن کا بھرنا البِطِّیْخُ: خربوزہ کا پختہ ہونا۔
مَذَّجَ تَمْذِیْجًا الشَّیَٔ: وسیع کرنا۔
مَذِحَ (س)مَذَحًا. رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت اَمْذَحُ.
تَمَذَّحَ الشَّیَٔ: چوسنا۔
الاَمْذَح. بدبودار۔
المَذَح. مص۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
تَمَذَّخَ الرَّجُلُ: چوسنا۔
المَذَخ. جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
مَذِرَتْ (س)مَذَرًا. البَیْضَۃُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَۃ. عوام"مُوْذِرَت البَیْضَۃُ" اور صفت"مُمَوْذِرَۃ" کہتے ہیں۔
مَذِرَت نَفْسُہ او مِعْدَتُہ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا۔الرَّجُلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔
مَذَّرَ الشَّیَٔ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
اَمْذَرَتِ الدَّجَاجَۃُ البَیْضَۃَ: گندا کرنا۔
تَمَذَّرَ. پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔تَمَذَّرَتِ البَیْضَۃُ: انڈے کا گندا ہونا۔المِعْدَۃُ: بگڑنا النَّفْسُ: جی متلانا۔تَمَذَّرَ اللَّبَنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے"تَفَرَّقَ القَوْمُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔
المَذِر. گندا۔ بگڑا ہوا۔المَرْاَۃُ مَذِرَۃ: گندی عورت۔
الاَمْذَرَ. پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔
المِذَار مِنَ النِّسَاءِ: چغل خورن۔
مَذَعَ (ف)مَذْعًا و مَذْعَۃً یَمِیْنًا: قسم کھانا۔مَذَعَتِ المِیَاہُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا مَذَعَ لِفُلَانٍ: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا۔(مَذْعًا) الضَّرْعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔
تَمَذَّعَ الشَّرَابَ: آہستہ آہستہ پینا۔
المَذَّاع. جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔
مَذَقَ (ن)مَذْقًا اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا فُلَانًا و لِفُلَانٍ: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔الوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔
اِمْتَذَقَ و اِمَّذَقَ. الشَّرَابُ او اللَّبَنُ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔
لَبَنٌ مَذِقٌ و مَذِیْقٌ و مَمْذُوْقٌ. پانی ملا ہوا دودھ۔رَجُلٌ مَذِقٌ: ملول ورنجیدہ مرد۔
المَذَّاق. غیر خالص دوستی کرنے والا۔
مَذَلَ (ن)مَذْلًا و مِذَالًا و مَذِلَ (س)

مَذَلا بِسِرِّہٖ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (و مَذُلت (ک) مَذَالَۃً) نَفْسُہٗ بِالشَّیْءِ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِیْلٌ۔ کہا جاتا ہے "مَذِل بِمَالِہٖ و مَذِلَ بِنَفْسِہٖ" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَتْ رِجْلُہٗ: پاؤں کا سن ہونا۔

اَمْذَلَہٗ: تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ اَمْذَلَتْ رِجْلُہٗ: پاؤں کا سُن ہونا۔

اِمْذَلَّ اِمْذِلَالًا: سُست وڈھیلا ہونا۔

اَمْذَلَتْ رِجْلُہٗ: پاؤں کا سُن ہونا۔

المذل س: سستی ڈھیلا پن۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَذْلُ الیَدِ او النَّفْسِ" فلاں سخی و کریم ہے۔

المِذْل: چھوٹے جسم والا۔

المَذِل والمَذِیْل: بے قرار۔ زچ ہونے والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مَذِیل کی جمع مَذْلیٰ۔ المَذِل والمَاذِل: وہ شخص جس کا دِل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی اُمید لگائے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَذِلٌ بِمُھْجَتِہٖ" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا ہے۔

المِمْذَل: جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔

مَذْ مَذَ مَذْمَذَۃً الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

المَذْمَاذ: بہت چلّانے والا۔ باتونی۔ مؤنث مَذْمَاذَۃ۔

اَلْمِذْمِیْذ: جھوٹ بولنے والا۔

مَذیٰ یَمْذِیْ مَذْیًا و مَذَی الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔

مَذٰی یَمْذِیْ و اَمْذَی الرَّجُلُ: مذی نکلنا۔

اَمْذَی الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کیلئے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْذِ بِعِنَانِ فَرَسِکَ" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔ اَمْذَی الشَّرَابَ: زیادہ پانی ملانا۔

المَذِیُّ: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المَذْیُ: حوض میں پانی بہنے کی جگہ والمَذِی: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المَاذِیُّ: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔

المَاذِیَّۃ: آسانی سے حلق سے نیچے اُترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔

المِذْیَۃ والمُذْیَۃ: آئینہ۔ ج مِذَاء و مُذِیَّات۔

مَرَّ(ن) مَرًّا ومُرُوْرًا و مَمَرًّا: گزرنا۔ جانا مَرَّہٗ و مَرَّ بِہٖ و مَرَّ عَلَیْہِ: گزرنا۔

مَرَّ(ن) مَرًّا البَعِیْرَ: اونٹ کے رسّی باندھنا۔

مُرَّ یُمَرُّ مَرًّا و مِرَّۃً بِفُلَانٍ: صفرا کا غلبہ ہونا۔ صفت مَمْرُوْر۔

مَرَّ(س ن) مَرَارَۃً: کڑوا ہونا۔

مَرَّرَ الشَّیْءَ: کڑوا کرنا۔ زمین پر پھیلانا۔

اَمَرَّ فُلَانًا بِکَذَا: گزارنا اَلْحَبْلَ: رسّی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یُمِرُّ عَلَیْہِ" فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تاکہ اسے پٹک دے "و فُلَانٌ ذُو نَقْضٍ و اِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحب حل وعقد ہے اَمَرَّ الشَّیْءُ: کڑوا ہونا الشَّیْءَ: کڑوا کرنا۔ اَمَرَّہٗ عَلَی الْجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گزارا یَدَہٗ عَلَی الشَّیْءِ: ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ" و "مَا اَحْلیٰ" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "وَمَا یُمِرُّ وَمَا یُحْلِیْ" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

مَارَّ مِرَارًا و مُمَارَّۃً عَلَی الْاَرْضِ: کھینچنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنے کیلئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔

اِمْتَرَّ بِہٖ و عَلَیْہِ: گزرنا۔

تَمَارَّ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔

تَمَارَّ مَا بَیْنَھُمْ: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ: گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا بِہٖ عَلٰی کَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا الشَّیْءَ: کڑوا پانا بِالشَّیْءِ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

المَرُّ س: رسّی۔ پھاوڑی۔

المُرُّ: کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارِیْ: اندرائن۔

المَرَّۃ: ایک بار۔ ج مَرٌّ و مِرَارٌ و مِرَرٌ و مُرُوْرٌ و مَرَّات۔

المِرَّۃ س: وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَر۔ ج اَمْرَار۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرَار۔

المِرَّۃ: بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ المِرَّۃِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرۃ لقب حضرت جبرئیل کا۔

المُرَّۃ: المُرّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِر۔ بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ و اَمْرَار۔ اَبُوْ مُرَّۃَ: کنیت ابلیس عَلَیْہِ اللَّعن۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الْمُرَّتَیْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

المَرَارَۃ: پتا۔ ج مَرَائِر و مَرَارَات: تلخی۔

المُرَیْرَاء: ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

المَارُوْرَۃ: نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

المُرِّیُّ: سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

المُرَار: ایک درخت ہے جس کو عوام المُرَیْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

المَرِیْر والمَرِیْرَۃ: پختہ ارادہ مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ اَمْرٌ مَرِیْرٌ: مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِیْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِیْرٌ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا۔

"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُہٗ عَلٰی کَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔

المَرِیْرَة: عزت نفس۔ رسّی کی لڑی۔ ج مَرَائِر۔
الاَمَرّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّیٰ۔ الاَمَرّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)
الاَمَرَّان: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الاَمَرَّیْن" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔
المَمَرّ: س۔ گزرگاہ۔
المُمَرّ: مف۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔
قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ: بھری ہوئی مشک۔
مَرَأَ و مَرِئَ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَائَةً۔ الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا۔ اور "ھَنَانِی و مَرَانِی الطَّعَامَ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِی باب افعال سے کہا جائے گا۔
مَرَأَ (ف) مَرْءًا۔ الرَّجُلُ: کھانا۔ (وامْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا: نافع و مفید ہونا۔
مَرِئَ (س) مَرْءًا: بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔
مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً: صاحب مروت ہونا۔
(مَرَائَةً) المَکَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔
مَرَّأَہٗ: کسی کو ھَنِیْئًا مَرِیْئًا کہنا۔
تَمَرَّأَ: بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے۔
اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔
المَرْءُ مثلثۃ المیم: مرد۔ ج رجال (من غیر لفظہ) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کیلئے مَرْئِیٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَةٌ۔
اُمْرُؤٌ: مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جاءَ اُمْرُؤٌ رَأَیْتُ اَمْرَأً مَرَرْتُ بِاُمْرِئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ ج نِسَاءٌ و نِسْوَةٌ (من غیر لفظھا) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَیٌّ و مُرَیْئَةٌ۔ اور اَمْرِیٌ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے۔
المَرْأَةُ: مَرْأٌ کا اسم مرۃ۔ مَرِیُ الطَّعَامِ کا اسم۔
المُرُوْئَةُ: نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَۃ ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ۔
المَرِیُ: زخرہ۔ ج مُرُوٌ و اَمْرِئَةٌ صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِیٌٔ" خوشگوار کھانا۔ و کَلَأٌ مَرِیٌٔ بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "ھَنِیْئًا مَرِیْئًا" کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔
المَرِیْئَةُ مری کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِیْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین
مَرَتَ (ض) مَرْتًا۔ الشَّیْئَ: نرم و چمکدار کرنا۔
المَرْتُ: س۔ (والمَرُوْتُ) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَاتٌ و مُرُوْتٌ و اَمَارِیْتُ۔ رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الجَسَدِ: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں غُلَامٌ مَرْتُ العِذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔ اَرْضٌ مَمْرُوْتَةٌ: زمین سبزی سے خالی۔
المُرُوْتَةُ: المرت کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔
مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّیْئَ: نرم کرنا الصَّبِیُّ اِصْبَعَہٗ: بچے کا انگلی چبانا۔ ثَدْیَ اُمِّہٖ: چوسنا۔ الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا۔ الدَّوَاءَ فِی المَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَّمْرَ بِیَدِہٖ فِی المَاءِ: بھگونا۔ اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ہلانا۔
مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَی الخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ و مِمْرَثٌ۔ ج مَمَارِثُ۔
مَرَّثَ الثَّرِیْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔
مَرِجَ (س) مَرَجًا الاَمْرُ و العَهْدُ والاَمَانَةُ و الدِّیْنُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا الخَاتَمُ فِی الاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔
مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَہٗ فِی اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الکَذِبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا۔ السُّلْطَانُ رَعِیَّتَہٗ: فساد کرنے دینا۔ مَرَجَ الاَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا۔
اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا۔ الشَّیْئَ: ملانا۔ العَهْدَ: پورا نہ کرنا۔
اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔
المَرْجُ: س۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْجٌ۔
المَارِجُ: فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔
المَرَّاجُ: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔
المَرْجَانُ: چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَةٌ مونگا۔
المَرِیْجُ: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَةٌ۔ اَمْرٌ مَرِیْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِیْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِیْجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔
المِمْرَاجُ: وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ" وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔
مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ:

کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ السَّحَابُ: بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَیْنُه: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا۔ العَیْنُ بمائھا و قَذَاھَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ ج مَرْحَی و مَرَاحَی۔
و مِرِّیحٌ ج مِرِّیحُوْن۔ کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔
مَرَّحَ الجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا۔ المزادَةَ الجَدِیْدَةَ پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا۔ المُھْرَ: بچھیرے کو سدھانا۔ الرَّجُلُ بڑی جنگ میں شامل ہونا۔
اَمْرَحَ. اِترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الکَلَأُ الفَرَسَ. نشاط میں ڈالنا۔
المِرَاحُ. نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔
مَرْحَی. کلمہ تعجب ہے جو تیر انداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَیًّا"
المَرْحَی. بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)
المِرْحَةُ. مرح کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔
المَرُوحُ. شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوحٌ اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔
المِمْرَحُ والمِمْرَاحُ. چست۔ خوش و خرم۔ المِمْرَاحُ. بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ بہت جلد اگانے والی زمین۔
المُمَرَّحُ. ع۔ کَرْمٌ مُمَرَّحٌ: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔
التِمْرَاحَةُ. بہت خوش و خرم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ تِلْعَابَةٌ تِمْرَاحَةٌ" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔
مَرْحَبَ فُلَانًا و بِهٖ. مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا۔ ۵: وسعت کی طرف بلانا۔
مَرَخَ (ف) مَرْخًا. مذاق کرنا۔ جَسَدَهٗ بِالدُّھْنِ: جسم پر تیل ملنا۔
مَرِخَ (س) مَرْخًا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ۔
مَرَّخَه. تیل ملنا۔ مَرَّخَ و اَمْرَخَ. العَجِیْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔
تَمَرَّخَ بالدُّھْنِ. اپنے آپ کو تیل ملنا۔
□ المَرْخُ. س۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔
المَرُوْخُ. مالش کرنے کی چیز۔
المَارِخُ. فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ پانی بہانے والا امرد۔
المِرَخُ والمِرِّیخُ. بہت تیل لگانے والا بیوقوف۔ مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔ المِرِّیْخُ: سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔
المُرْخَة. کچی کھجور۔ ج مُرَخٌ
المُرَّخُ. دم۔ پونچھ۔
المِرِّیْخُ. سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج اَمْرِخَة۔
ثَوْرٌ اَمْرَخُ. سپید سرغ داغ والا بیل۔
المَرْخَاء. چست تیز چلنے والی اونٹنی۔
مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرُدَ (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً. سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَی النِّفَاقِ و نَحْوِهٖ نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔
مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّیْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا۔ فُلَانًا: ہتک عزت کرنا۔ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا۔ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا۔ المَلَّاحُ السَّفِیْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا۔ الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ملنا۔ الغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔
مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً. الغُلَامُ: لڑکے کا دیر تک بے داڑھی کے رہنا۔ الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔
مَرَّدَ تَمْرِیْدًا و [illegible]مْرَادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا۔ البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا۔ لِلْحَمَامِ تَمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔
تَمَرَّدَ. مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا۔ عَلَی النَّاسِ. سرکشی کرنا الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔
المَرَاد و المُرَّاد. گردن۔ ج مَرَارِیْد.
المَرْد. پیلو کا تازہ پھل۔
المُرْدِیّ. کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِیّ.
المَارِد. فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَةٌ و مَارِدُوْنَ و مُرَّاد.
اَلْمَرِیْد. سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء
المَرِیْد. دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔
الاَمْرَدُ. بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے ارد گرد بال نہ ہوں۔
مؤنث مَرْدَاء ج مُرْد۔ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَی جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔
المَرْدَاء. بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ.
التِمْرَاد. کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِیْد.
المِرِّیْد. سخت سرکش۔
المَرْدَقُوْش. دونا مروا۔ زعفران۔
مَرَذَ (ن) مَرْذًا. الخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لیے ملنا۔
مَرَزَ (ن) مَرْزًا. کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں۔ الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا۔ الشَّیْءَ: ٹکڑا کرنا۔ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔
مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً. مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا۔ شَرِیْکَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا۔ مِنْ

مَالِهِ مَرْزَةً: کچھ لے لینا۔
المُرْزَةِ والمِرْزَة. حصہ۔ ٹکڑا۔
المَرْزَتَان. لوے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَة. ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَیب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِیْزٌ. آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَبَخُوْش. دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا الصَّبِیُّ اِصْبَعَهُ: بچّے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا یَدَهُ بِالمِنْدِیْلِ: رومال سے پونچھنا حَبْلُ البَكَرَةِ: چرخی سے اُتر کر ایک جانب ہوجانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَكَرَةُ: رسّی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهُ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہوگئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَةً الاَمْرَ: مشق نا۔ محنت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ کو کسی کام میں لگانا۔
اَمْرَسَ. حَبْلَ البَكَرَةِ: چرخی پر رسّی کو چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و اِمْتَرَسَ بِالشَّیْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا بِدِیْنِهِ: دین سے کھیلنا۔ بِالشَّیْءِ: مارنا بِالنَّوَائِبِ والخُصُوْمَاتِ: حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ والاَلْسُنُ فِی الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
المَرْس. مص. لگاتار چال۔
المَرِس. کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس.
المَرَسَة. رسّی۔ ج مَرَس و جج اَمْرَاس.
اَمْرَاس المَرْكَبِ: سواری کی رسیاں۔
المِرَاس والمُمَارَسَة. طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ. کہا جاتا ہے۔
المَرَّاس. مضبوط۔ طاقتور۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مَرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
المَمْرُوْس. چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو گر گئی ہو۔
المَرِيْس. پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔
المَارَسْتَان والمَارِسْتَان. شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات. (دخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهُ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا۔ ہ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
المَرسَنك جلا ہوا سکہ - وہ بہت بھاری ہوتا ہے - ضرب مثل ہے - فلاں سکہ سے زیادہ بھاری ہے -
المَرْش. مص. بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و اَمْرَاش. المَرَش: پہاڑ کا پست حصہ۔
الاَمْرَش. بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش. المَرْشَاء: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔
المَرَّاش. بہت کماؤ۔
التَّمْرِيْش. تھوڑی بارش۔
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْیَ و نَحْوَهُ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرِصَ (ن) مَرَصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِيْرِ و نَحْوِهِ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔
المَمْرُوْص. تیز رفتار اونٹنی۔
مَرِضَ (س) مَرَضًا و مَرْضًا. بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ و مَرِيْضٌ و مَارِضٌ.
مَرَّضَهُ. علاج کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِی الاَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا۔ البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔
اَمْرَضَ. مریض ہونا اللهُ فُلَانًا: مریض بنانا ہ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ زَيْدًا فَاَمْرَضْتُهُ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا اجفانه: پلکوں کو پست کرنا الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔
تَمَرَّضَ. کام میں □ کمزور ہونا۔
تَمَارَضَ. بتکلف مریض بنا فِی اَمْرِهِ: کمزور ہونا۔
المَرَض والمَرْض. بیماری ج اَمْرَاض. کہا جاتا ہے "بِهِ مَرْضَةٌ شَدِيْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔
المَرِيْض. ج مَرْضَى والمَرِض ج مِرَاض بیمار. قَلْبٌ مَرِيْضٌ: کمزور دین والا۔ رَاْیٌ مَرِيْضٌ: کمزور رائے۔ عَيْنٌ مَرِيْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِيْحٌ مَرِيْضَةٌ: سُست ہوا۔ لَيْلَةٌ مَرِيْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِيْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِيْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِيْضَة کی جمع مِرَاض و مَرْضَى.
المِمْرَاض. بہت بیماری والا۔
المَمْرُوْض والمُتَمَرِّض. بیمار۔
مَرَطَ (ن) مَرْطًا و مَرَّطَ. الشَّعْرَ، او

الرِّیش بال یا پَر نوچنا الشَّیَ جمع کرنا
بسلجه انخانه کرنا۔ مرطَتِ المرأۃُ
بولَدِھا جَنا (مرطًا و مُرُوْطًا الرَّجُلُ:
جلدی کرنا فلانًا ٹھکانا دینا۔ مَرَطَ الثَّوبَ:
آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔
مَرِطَ(س) مرطاکم بالوں والا ہونا۔
اَمْرَطَ الشَّعْرُ بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔
اَمْرَطَتِ النَّخْلَةُ درخت خرما سے کچی
کھجوریں گرانا النَّاقَةُ اونٹنی کا چلنے میں تیز
ہونا۔
مارطه مُمارَطَةً ایک دوسرے کے بال
نوچنا۔
تَمَرَّطَ و امَّرطَ و انْمَرطَ الشَّعْرُ بال
گرنا۔ تمرَّطَ السَّهْمُ تیر کا پر سے خالی ہونا۔
اِمْترطَ الشَّیَ اچک لینا۔
المِرْطُ ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی
چادر۔ج مُرُوْط۔
الاَمْرَطُ کم بال والا۔ بھیڑیا جس کے بال
نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطاءج
مُرْط شجرةٌ مَرْطاءُ بے پتوں کا درخت۔
سَهْمٌ مریطٌ و مراطٌ و اَمْرَطُ بے پر کا
تیر۔
المُرُط من السِّهام بے پر کا تیر۔ کہا جاتا
ہے" سَهْمٌ مُرُطٌ ج اَمْراط و مِراط۔
المُراطة جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں
گرے۔ المُرُوْط۔ تیز رفتاری۔ فرسٌ
مَرَطی تیز رفتار گھوڑا۔
السَّمرطة من النُّوقِ تیز رفتار اونٹنی۔ ج
مَمارِط۔
المُرَیطی حلق کا کوا۔
المُرَیطاء ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان
بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔
مرعَ(ف) مرعا راسَهٗ بالدُّهن سر پر
تیل ملنا شعرَهٗ بال میں کنگھی کرنا۔
مرُعَ(س) مرعا و مرُعَ(ک) مراعةً
المکانُ سر سبز ہونا الرَّجُلُ خوش حال ہونا
مرِعَ(س) مرعا الرَّجُلُ سبزہ زار میں
پہنچنا۔
اَمْرَعَ المَکانُ سرسبز ہونا راسَهٗ بالدُّهنِ
خوب تیل ملنا القَوْمُ سرسبز جگہ پانا۔
تَمَرَّعَ جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔
اِنْمَرَعَ فِی البِلادِ جانا۔ سیر کرنا۔
المَرْعُ گھاس۔ج اَمْرُعٌ و اَمراعٌ۔
مَکانٌ مَرِعٌ سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِعٌ:
سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد۔
المُرْعَة و المِرَاعُ چربی۔
المُرَعَةُ و المُرَعَةُ ایک پرندہ تیر کے
مانند۔ج مُرَعٌ و مِرْعانٌ۔
مَکانٌ مَرِیْعٌ سبزہ زار جگہ۔ ج اَمْراعٌ و
اَمْرُعٌ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَرِیْعُ الجَنابِ"
فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔
الاُمْرُوْعَةُ سبزہ زار زمین۔ ج اماریْعُ
المِمْراعُ سبزہ زار۔
مَمارِیْعُ الاَرْضِ عمدہ زمینیں (اس کا واحد
نہیں)
المِرْعَزُّ و المِرْعِزَیٰ و المَرْعِزَّیٰ
و المِرْعِزاء و المَرْعَزاء بکری کے بالوں
کے نیچے کا رواں۔ نرم اون۔
مَرَغَ(ف) مَرْغًا الحَیوانُ العُشبَ:
چارہ چرنا فِی العُشبِ چرنے کیلئے ٹھہرنا
البَعِیرُ اونٹ کا جھاگ ڈالنا۔
مَرِغَ(س) مَرَغًا عِرْضُهٗ عزت پر دھبہ
لگنا۔
مَرَّغَهٗ تَمْرِیْغًا و تَمْراغًا فِی التُّرابِ:
مٹی میں لوٹانا۔ مَرَّغَ العِرْضَ آبرو کو داغ
دار کرنا راسَهٗ خوب تیل لگانا۔
مارَغَهٗ فریب دینا هٗ فِی التُّرابِ مٹی میں
چپکانا۔
اَمْرَغَ سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا
العَجِیْنَ گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر
نرم کرنا عِرْضَهٗ آبرو کو داغ دار کرنا۔
تَمَرَّغَ فِی التُّرابِ مٹی میں لوٹنا فِی
الاَمْرِ تردد کرنا عَلٰی فُلانٍ دیر لگانا۔
الحَیَوانُ جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَمَرَّغَتِ
السَّائِمَةُ چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا
الرَّجُلُ برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چمکیلا اور
نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا فِی النَّعِیْمِ:
نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَرْغُ مص لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب
مالش۔
المارِغُ فا۔ بیوقوف۔
المَرِغُ مِنَ الشَّعرِ بہت تیل جذب کرنے
والے بال۔ المَراغُ والمَراغَة
والمُتَمَرَّغُ جانور کے لوٹنے کی جگہ۔
المُرْغَةُ مرغ کا اسم مرة۔ باغ۔
الاَمْرَغُ افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤنث
مَرْغاءُج مُرْغٌ۔
المِمْرَغَةُ ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی
کہتے ہیں۔
مَرَقَ(ن) مُرُوْقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ:
تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا مِنَ الدِّیْنِ:
گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔
مَرَقَ(ن ض) مَرْقًا القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا
الجِلْدَ کھال سے اون اکھیڑنا هٗ بالرُّمحِ نیزہ
مارنا الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَرِقَتْ(س) مَرَقًا البَیْضَةُ انڈے کا گندا
ہو کر پانی بننا النَّخْلَةُ درخت خرما سے زیادتی
کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔
اَمْرَقَ القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا الجِلْدُ اون
اکھیڑے کے قابل ہونا النَّخْلَةُ زیادتی کی وجہ
سے پھلوں کا گرنا۔ اسم المَرَقُ ہے۔
مَرَّقَ گانا القِدْرَ شوربا زیادہ کرنا۔
تَمَرَّقَ الشَّعْرُ بال اکھیڑا جانا۔ مرض وغیرہ
کی وجہ سے بال جھڑ جانا الثَّوبُ کپڑے کا
عصفر سے رنگا جانا۔
انْمَرَقَ و امَّرَقَ السَّهْمُ چھید کر پار ہونا۔
الشَّعْرُ بال گرنا۔
امْتَرَقَ الشَّیَ جلدی سے گزر جانا۔
السَّیفُ مِنْ غِمْدِهٖ تلوار کو میان سے
سونتنا۔
المَرْقُ مص دھنکی ہوئی اون۔ بدبودار اون یا

کھال۔ خوشہ کے خار۔ ج اَمْرَاق. کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ ذٰلِكَ فِيْ مَرْقِكَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔

المِرْق. بدبودار اون یا کھال۔

المَرق والمَرقَة. شوربا۔

المُرَاقَة. اکھیڑی ہوئی اُون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

المَارِق. دین سے نکل جانے والا۔ ج مَارِقُوْنَ و مُرَّاق. المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔

المَارِقَة. المَارِق کا مؤنث۔ خوارج۔

المُرَيْق والمُرِّيْق. عصفر۔ ثَوْبٌ مُتَمَرِّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَمْرَق. نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔

لَحْمٌ مُمَرِّق. بہت چکنا گوشت۔

المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)

مَرْمَرَ. غضبناک ہونا الماءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔

مَرَكَ و مَرَّكَ: سامان تجارت پر نشان فارق لگانا۔

اَلْفَارِكَة: سامان پر نشان فارق۔

تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا الجسمُ: جسم کا تھلتھلانا عَلٰی اَصْحَابِهٖ: امیر ہونا۔

المَرْمَر. سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (و المَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔

مَرْمَرَ: کڑوا ہونا ۔المرمار: زیادہ پانی والا انار۔

المُرَامِر. باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔

المَرْمَرَة. س۔ بہت بارش۔

المَرْمَرِيْس. چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔

المِرْمِيْس. گینڈا۔

مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً و مُرُوْنًا و مَرَانَةً تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا یَدُهٗ عَلَی العَمَلِ و وَجْهُهٗ عَلَی الاَمْرِ: سخت ہونا (مُرُوْنًا و مَرَانَةً) عَلَی الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

مَرَنَ (ن) مَرْنًا الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔ مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بھاگنا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

مَرَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: عادی بنانا بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

تَمَرَّنَ. بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا عَلَی الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔

المَرْن. س۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال۔ لباس۔ پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان.

مَرْنَا الْاَنْفِ: ناک کے دونوں جانب۔

المَرَن. مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔

المَرِن. ملائم و سخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرِنِيْ" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرِن: شور و جنگ۔

المُرَّان. ٹھوس و لچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَة.

المَارِن. فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن. رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔

المَيْرُوْن. عِنْدَ النَّصَارٰی: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔

اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔

مَرِهَتْ (س) مَرَهًا عَيْنُهٗ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِهٌ و اَمْرَهُ.

رَجُلٌ مَرِهُ الْفُؤَادِ: مرد بیمار دل۔ سَحَابٌ اَمْرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔

المَرْهَاء. الاَمْرَه کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاءُ: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ

اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔

المُرْهَة. سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

مَرْهَمَ مَرْهَمَةً. الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔

المَرْهَم. زخم پر لگانے کی دوا۔ ج مَرَاهِم.

المَرْو. ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَهٗ" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔ المَرْو: ایک خوشبودار پودہ۔

مَرَیٰ يَمْرِيْ مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا الدَّمَ و نَحْوَهٗ: خون نکالنا حَقَّهٗ: حق کا انکار کرنا الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا الشَّيْءَ: نکالنا الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَمْرِيْ دَابَّتَهٗ بِسَاقِهٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔

فُلَانًا مِاَةَ سَوْطٍ: کوڑے مارنا۔ مَرَی الفَرَسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔

اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

مَارَیٰ مِرَاءً و مُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔

تَمَارَيَا. باہم جھگڑا کرنا۔

اِمْتَرَیٰ فِي الشَّيْءِ: شک کرنا (و اِسْتَمْرَی اللَّبَنَ و نَحْوَهٗ:) دودھ دوہنا۔ نکالنا۔

تَمَرَّیٰ تَمَرِّيًا. بِكَذَا: آراستہ ہونا۔

المِرْيَة والمُرْيَة. جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْهِ مِرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک المِرْيَة: دودھ جو اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْيَةَ النَّاقَةِ" اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔

المَرِيّ. بہت دودھ والی اُونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا. المَرَايَا: جمع مِرْآة بمعنے آئینہ اور بجائے هَنِيْئًا مَرِيْئًا کے هَنِيًّا مَرِيًّا بھی کہا جاتا ہے۔

المَرِيَّة. بہت دودھ والی اُونٹنی۔

المَارِيّ. سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِيَّة. چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔

الْمَارِيَة والْمُمْرِيَة. سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔

مَرْيَم ج مَرْيَمَاتٌ : ایک عورت کا نام (سریانی لفظ) اس کا معنی: بلندی پانے والی۔

اَلْمِزْكَا : شراب اور پانی کا نام جس کو مقدس کام کے وقت پیا جاتا۔ (سریانی لفظ) ترجمہ: ملا ہوا۔

مَزَّ (س) مَزَازَةَ الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا الشَّيُ: بہت ہونا۔ صفت مَزِيْزٌ (مَزَازَةً و مُزُوْزَةً) الطَّعْمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔

مَزَّ (ن) مَزًّا الشَّيْءَ: چوسنا۔

مَازَ مُمَازَّةً بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔

مَزَّزَهٗ: فضیلت والا سمجھنا بِكَذَا: فضیلت دینا۔

تَمَازَّتِ النِّيَّةُ بِهٖ: دور ہونا۔

تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ کھٹمٹھا کھانا یا پینا۔

الْمَزُّ: دُشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔

الْمِزُّ: مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "شَیٌ مِزٌّ" فاضل چیز۔

الْمُزُّ: کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّةٌ۔

الْمُزُّ والْمُزَّاءُ والْمَزَّةُ. خوشگوار شراب

الْمَزَّةُ: ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الْإِنَاءِ اِلَّا مَزَّةٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔

الْمَزُّ: کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ عَلٰى مَزٍّ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔

الْمَزِيْزُ: فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دُشوار۔

الْاَمَزُّ: فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاءُ ج مُزٌّ

مَزَجَ (ن) مَزْجًا و مِزَاجًا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: پانی ملانا۔ فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

مَازَجَهٗ مُمَازَجَةً: مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔

مَزَّجَ السُّنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ فُلَانًا: کچھ دینا۔

تَمَازَجَا: باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بِهٖ: ملنا۔

اَلْمَزْجُ والْمِزْجُ: شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔

الْمِزَاجُ: مص۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَةٌ.

رَجُلٌ مَزَّاجٌ: جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔

الْمَزِيْجُ: ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔

مَزَحَ (ف) مَزْحًا: مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔

مَزَّحَ السُّنْبُلُ او الْعِنَبُ: رنگ پکڑنا۔

مَازَحَهٗ مِزَاحًا و مُمَازَحَةً: ہنسی مذاق کرنا۔

تَمَازَحَا: باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَمَزَّحَ بِهٖ: فخر کرنا۔

الْمَزْحُ: مص۔ خوشہ۔

الْمُزَاحَةُ والْمُزَاحُ: ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔

الْمَزَّاحُ: بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔

الْمُزَّحُ مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔

الْمَزْدُ: سردی۔

مَزَرَ (ن) مَزْرًا مِنَ اللَّبَنِ: تھوڑا سا پینا۔ اللَّبَنَ: دودھ کو چکھنے کے لیے پینا۔ آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا۔ (و مَزَّرَ) الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

مَزُرَ (ک) مَزَارَةً: ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔

تَمَزَّرَ النَّبِيْذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔

الْمَزْرُ: مص۔ مرد ظریف۔

الْمِزْرُ: جو یا گیہوں کی شراب۔ بیوقوف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ الْمِزْرِ" وہ شریف الاصل ہے۔

الْمَزِيْرُ: ظریف۔ سخت دل۔ ج مازر

الْاَمْزَرُ: اسم تفضیل ہے مُزْر سے مؤنث مَزْرَاءُ ج مُزْرٌ و اَمَازِرُ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمَازِرِ النَّاسِ" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔

الْمَزْرَةُ: ایک مرتبہ چوسنا۔

مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْيُ و نَحْوُهٗ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (و مَزَّعَ) الْقُطْنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔

تَمَزَّعَ: جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کر لی اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔

الْمِزْعَةُ: روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مِزَع (والْمُزْعَةُ) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔ مِنَ الْمَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع و مُزَع.

الْمَزَّاعُ: بہت دوڑنے والا۔ سیہی۔

الْمُزَاعَةُ مِنَ الشَّيْءِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو نوچتے وقت گرے۔

الْمَزْعِيُّ: چغل خور۔

فَرَسٌ مُمْزِعٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَةً الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِقٌ ج مَزِقُوْنَ جیسے "اَتَانِيْ اَنَّهُمْ مَزِقُوْنَ عِرْضِيْ" مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں۔ الطَّائِرُ بِسَلْحِهٖ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

مَزَّقَ الثَّوْبَ: چیر چیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّقَهُمُ اللّٰهُ كُلَّ مُمَزَّقٍ" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔

مَازَقَهٗ: دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔

تَمَزَّقَ: پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

اِنْمَزَقَ: پھٹنا۔

الْمِزْقَةُ: کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مَزِقٌ و مِزَقٌ و مَزِيْقٌ" پھٹا ہوا کپڑا۔

نَاقَةٌ او فَرَسٌ مِزَاقٌ: تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔

مَزْمَزَهٗ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

تَمَزْمَزَ. حرکت کرنا لِلْقِيَامِ: اُٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

مَزَنَ (ن) مَزْنًا و مُزُوْنًا. چلا جانا وَجْهُه: چہرہ کا چمک اُٹھنا مِنَ الْعَدُوِّ: دشمن سے بھاگنا و مَزَّنَ) الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔

تَمَزَّنَ. چلا جانا عَلَى الْقَوْمِ: مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا عَلَى الْاَمْرِ: عادی ہونا۔

الْمُزْن. بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ الْمزْن: اولہ۔

الْمُزْنَة. بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ الْمُزْنَة: نیا چاند۔

الْمَزْن. عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى هٰذَا الْمَزْنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔

الْمَازِن. فا۔ چیونٹی کے انڈے۔

مُزَيْنَة. مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لیے مُزَنِيّ.

مَزَهَ (ف) مَزْهًا. ہنسی مذاق کرنا۔

مَزَا يَمْزُوْ مَزْوًا. تکبر کرنا۔

مَزَّاه تَمْزِيَةً. تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهٗ حَتّٰى نَفَقْتُهٗ لَهٗ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔

تَمَازَى الْقَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوٰی کرنا۔

الْمَزْو والْمَزِيَّة. ج مَزَايَا والمازية. ج مَازِيَات. علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔

مَزِيَ يَمْزِي. تکبر کرنا۔

مَزَّى تَمْزِيَةَ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔

کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّيْ مَازِيًا و مُتَمَازِيًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

الْمُزَاة. سرکش لوگ۔ مفرد ماز

المازية. مج مازيات. والمزية. ج مَزَايَا. علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

الْمَزِيّ. مرد خوش طبع۔ زیرک۔

مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِيْسًا و مِسِّيْسَى الشَّيْءَ: چھونا۔ پہنچنا الْمَرَضُ او الْكِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلٰى كَذَا مجبور کرنا مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ: شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلَانًا مَوَاسُّ الْخَيْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "وَمَسَّتْ بِكَ رَحِمُ فُلَانٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مُسَّ مَسًّا. جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس. مَاسَّهٗ مُمَاسَّةً و مِسَاسًا. چھونا۔ جماع کرنا۔

اَمَسَّهُ الشَّيْءَ: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّيْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تَمَاسَّ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔

الْمَاسّ فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مَسَاسِ. اسم فعل بمعنے امر یعنی تو مجھ چھو۔ اور کہا جاتا ہے لا مساس یعنی مت چھو۔

الْمَسُوْس مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ كَلَأٌ مَسُوْس: چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔

اَلْمَسِيْسَة. ایک حلوی کا نام۔

الْمِسّ. تانبا۔

الْاَمَسّ. اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَسُّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔

الْمَاسُوْس والْمَسُوْس. پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔

مَسِيْسُ الْحَاجَةِ: حاجت کا مجبور کرنا۔

الْمَسَّاس بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا. بیباک ہونا الْمَاشِي: دیر کرنا الْحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا الطَّرِيْقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَيْرِهٖ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (وَاَمْسَأَ) بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔

تَمَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللهُ مَا بِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالی تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں۔ هٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا ذَوَائِبَ الْمَرْأَةِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهٗ او مَسَحَ رَاْسَهٗ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ الْقَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا "و مَسَحَهُ الله" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلَانًا: مارنا۔

عُنُقَه: گلا کاٹنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا لسَّيْفَهٗ: تلوار سونتنا الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَةً: پیمائش کرنا (مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِي الْاَرْضِ: جانا۔

مَسِحَ (س) مَسَحًا. کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بِالْعِتْقِ او الْكَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهٗ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا مَسَّحَ فُلَانًا: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا الْاِبِلَ: اُونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔

مَاسَحَه مُمَاسَحَةً. فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا هٗ عَلٰى كَذَا: معاہدہ کرنا۔

تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ: غسل کرنا

الشَّیٔ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَهٗ بِالْمَاءِ او الدُّھْنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَمَسَّحُ بِهٖ" فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔

تَمَاسَحَا. اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰی کَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا" وَالتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔

اِمْتَسَحَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

الْمِسْح. ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمْسَاح و مُسُوْح.

الْمَسْحَةُ. مسح کا اسم مرۃ۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔

الْمَسَح. مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔

الْمِسَاحَة. مصدر یلمَسَحَ الْاَرْض کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَة: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔

الْمَسِیح. تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مَسْحٰی. لقب حضرت عیسیٰؑ کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔

الْمَسِیْحِیّ. حضرت عیسیٰؑ کا تابع۔

الْمَسِیْحَة. سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح.

الْمَاسِح. فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔

الْمَاسِحَة. الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مَوَاسِح.

الْمَسَّاح. زمین کی پیمائش کرنے والا۔

الْمِسِّیح. بڑا سیاح۔

الْاَمْسَح. کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔ ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا مِنَ الْاَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح: بڑا سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسْحَاء.

الْمَسْحَاء. کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین۔ ج الْمِسَاح وَالْمَسَاحِی: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْیِ."

التِمْسَح. بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (وَالتِمْسَاح) مگرمچھ ج تَمَاسِح و تَمَاسِیْح.

الْمِمْسَح وَالْمِمْسَحَة جس سے پونچھا جائے۔

مَسَخَهٗ (ف) مَسْخًا. بُری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔

صفت مفعولی مَسْخ و مَسِیْخ ج مُسُوْخ الْکَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا طَعْمَ اللَّحْمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔

اَمْسَخَ الْوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الْغَزْلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَت الْعَضُدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم الْمَسَخ.

اِمْتَسَخَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

الْمَاسِخِیّ. کمان ساز۔

الْمَسِیْخ. بدشکل مِنَ الطَّعَامِ: بے مزہ یا بے نمک۔ بیوقوف۔

الْاُمْسُوْخ. ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔

الْمَمْسُوْخ. مف فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔

الْمَسْخ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق (انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی ہیں۔ ارنب (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی آ جاتی ہے۔

الْمُسْخُرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل: تُمُسْخِرَ عَلَیْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے جاتے ہیں۔

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الْحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا فِی السَّیْرِ: تھکانا۔

مَسَدَ الْبَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔

مَسَّدَ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔

الْمَسَد. کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج مِسَاد و اَمْسَاد.

الْمِسَاد. شہد کا مشکیزہ۔ درستگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درستگی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔

الْمَمْسُوْد مف رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد۔

سَاقٌ مَسْدَاء. اچھی ہموار پنڈلی۔

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا فُلَانًا بِالسِّیَاطِ: کوڑے سے مارنا السِّقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔

الْمَاسِط. فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔

الْمَسِیْط. گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الْمَسِیْطَة. گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔

الْمَسِحُ: شمالی ہوا۔
الْمَسْعِيُّ: بہت سیر و سفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغَ و اِمْتَسَغَ الرَّجُلُ: علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا: چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بِالنَّارِ: زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَةُ السِّقَاءِ: مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِهٖ: چمٹنا۔ مَسَّكَهُ: مشک سے خوشبو دار کرنا۔
اَمْسَكَهُ: روکنا۔ اَمْسَكَ بِهٖ: چمٹنا الشَّئَ عَلٰی نَفْسِهٖ: اپنے لیے حفاظت کرنا اللهُ الْغَيْثَ: بارش روکنا عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ باز رہنا عَنِ الْكَلَامِ: خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ و اِمْتَسَكَ بِهٖ: چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا۔ "وَ غَشِيَنِي اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا۔ "وَمَابِهٖ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَكَ فِي الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہر رہا۔
اِسْتَمْسَكَ بِهٖ: چمٹنا عَنْ كَذَا: باز رہنا بَوْلُهٗ: پیشاب بند ہونا الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ: جم کر بیٹھنا۔
الْمَسْكُ: سر۔ کھال۔ ج مُسُكٌ و مُسُوْكٌ۔ ایک ٹکڑے کو "مَسْكَةٌ" کہتے ہیں۔
الْمَسَكُ: پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَكَةٌ۔
الْمُسْكُ: بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
الْمِسْكُ: مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْكِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَةٌ کہتے ہیں۔ ج مِسَكٌ۔

مِسْكُ الْبَرِّ و مِسْكُ الْجِنِّ: دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْك فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
الْمُسْكَةُ: جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام و رائے کامل۔ سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَكٌ کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَيْسَ لِاَمْرِهٖ مُسْكَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِيْهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَافِي سِقَائِهٖ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
الْمُسْكَةُ و الْمُسُكَةُ: بخل۔
الْمُسَكَةُ: بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَكٌ۔
الْمَسَاكُ: پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
الْمِسَاكُ: بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
الْمَسَاكَةُ و الْمِسَاكَةُ: بخل۔
الْمَسَّاكَاتُ: وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
الْمُسْكَانُ: بیعانہ۔ ج مَسَاكِيْنُ۔
الْمِسْكِيْنُ و الْمَسْكَنَةُ: دیکھو مادہ سکن۔
الْمُسُكُ و الْمَسَّاكُ و الْمُمْسِكُ: بخیل۔
الْمَسِيْكُ ج مُسُكٌ و الْمِسِّيْكُ: بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِيْكٌ و مِسِّيْكٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِيْهِ مَسِيْكٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
الْاِمْسَاكُ: سر۔ بخل۔
الْمَسِيْكَةُ و الْاَرْضُ الْمَسِيْكَةُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
الْمَسِيْكَةُ و الْمِسْكِيَّةُ: ایک قسم کی

نباتات۔
مَسَلَ (ن) مَسْلًا الْمَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
الْمَسَلُ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ و مُسُلٌ مُسْلَانٌ و مَسَائِلُ۔
مُسَالَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مَسَالَةُ الْوَجْهِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
الْمَسِيْلُ: بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ ترٹہنی۔ ج مُسُلٌ و اَمْسِلَةٌ۔ مَسِيْلُ الْمَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مُسْمِسَ مَسْمَسَةً و مِسْمَاسًا الْاَمْرُ: مخلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمْرِهٖ فِي مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ: جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
الْمَسْمَاسُ: ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ہٗ: مارتے مارتے گرا دینا الشَّئَ مِنَ الشَّئِ: کھینچنا۔
مَسَا يَمْسُوْ مَسْوًا۔ الْحِمَارُ: گدھے کا اڑنا (و مَسّٰی تَمْسِيَةً) الرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَسَّاهُ تَمْسِيَةً: شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسّٰی بِهِ اللَّيْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰی اِمْسَاءً و مُمْسًی: شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰی زَيْدٌ ضَاحِكًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاهُ اِمْسَاءً: کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً: مخول کرنا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

الْمَسَاءُ ج اَمْسِیَة وَالْمُسٰی وَالْمِسْیُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْاُمْسِیَّة. شام کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ اُمْسِیَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

الْمُمْسٰی. مس۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْئَ: ہاتھ سے پونچھنا الْحَرُّ الْمَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا السَّیْفَ: تلوار سونتنا الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسٰی و تَمَسّٰی الشَّیْئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً. پیاسا ہونا۔

الْمَا[illegible] شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے [illegible] ہلکا مرد۔

الْمَسْ[illegible] [illegible] جو بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نچوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّمَاسِی. مس۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا الْعَظْمَ: ہڈی کے اطراف [illegible]نا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ [illegible] سارا دودھ دوھنا مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا یَدَهٗ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا الشَّیْئَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ الْعَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ الْعَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّیْئُ: حاصل ہونا۔

اَمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا الْعَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا الْمُتَغَوِّطُ: پائخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

الْمُشَاش. مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ الْمُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے وَمُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

الْمُشَاشَة. نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاش.

مُشَاشَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

الْمَشّ. مس۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهٗ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

الْمَشَش. سفیدی جو اونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الْاَمَشُّ. مِنَ الْاِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اونٹ۔ مؤنث مَشَّاء ج مُشٌّ.

الْمَشُوْش. ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

الْمَشَّاؤُنُ: ارسطو کے فلسفہ کو ماننے والے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ارسطو اپنی تعلیمات چل کر پیش کرتے تھے۔ الْمَشَّائِیَّةُ: فلسفہ ارسطو۔

مَشَجَه (ن) مَشْجًا بِكَذَا: ملانا کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَیْنَهُمَا"

الْمَشَج وَالْمَشِیج وَالْمَشْج وَالْمِشْج مخلوط ج اَمْشَاج. الْاَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّیْئَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا. اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔

مَشِرَ و مَشَّرَ و اَمْشَرَ و تَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَرَةً: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّیْئَ: تقسیم کرنا وَاَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا بَدَنَهٗ: بدن کا پھولنا الْاَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَهْلِهٖ شَیْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا الشَّجَرُ: سرسبز ہونا الْقَوْمُ: کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِیُ وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

الْمِشْر مِنَ الرِّجَالِ: سخت سرخ مرد۔

الْمَشَر. نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهٗ مَشَرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

الْمَشْرَة. نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے۔ نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ مَشْرَةُ غِنًی" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشْرَتُهَا. سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ. بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الْاَمْشَر. چست و چالاک۔

الْمَوْشُوْر. دیکھئے مادہ و ش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْئَ: ملانا الْبَعِیْرَ: اونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَت (س) مَشْطًا یَدُهٗ: کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (و مَشَّطَت) النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ. کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَتِ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

الْمُشْط وَالْمَشْط وَالْمِشْط وَالْمُشُط وَالْمَشِط وَالْمُشُطّ. کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط.

الْمُشْط. کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی تلی تلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ وَالْمُشْط ایک دریائی مچھلی جس کو مُلْطِیّ بھی کہتے ہیں۔

الْمِشْطَة. مَشْط کا اسم نوع۔

الْمِشَاطَة. مَشَّاطه گری۔

الْمُشَاطَة. کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔
الْمَشَّاط. شانہ ساز۔
الْمَاشِطَة والْمَشَّاطَة. کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔
الْمَشِيْط. کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِيْطٌ وَلِمَّة مَشِيْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔
الْمِمْشَط. کنگھی۔
الْمَمْشُوْط. ـمع۔ رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ. پتلا و لمبا مرد۔
مَشِظَ (س) مَشْظًا ومَشَظًا. پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده: یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّة: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔
مَشَظَ (ن) مَشْظًا. الْبَلَدَ: شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا فُلَانًا: کچھ لے لینا۔
الْمَشْظ والْمِشْظَة. پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچر۔
الْمَشْظَة: مشظ کا اسم مرة مِنَ الْاَخْبَار مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔
قَنَاةٌ مَشِظَةٌ. نیا سخت نیزہ کہ جو لے اس کا ہاتھ چھل جائے۔
مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّيْءَ: کمانا۔ اُچک لینا الْقُطْن: روئی تومنا الْغَنَمَ: بکری دوہنا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا فُلَانًا بالْحَبْلِ وَغَيْرِه: رسی وغیرہ سے مارنا الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔
مَشَّعَ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ پونچھنا الْقَصْعَة: پیالہ میں سے سب کھا لینا۔
اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهٖ: چھین لینا۔
مَافِي الضَّرْعِ او مَا فِي يَدِ فُلَانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔
السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا (و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔
الْمِشْعَة والْمَشِيْعَة. تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

الْمَشُوْع. بہت کمائی کرنے والا ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بہت اچکنے والا بھیڑیا۔
مَشَغَه (ف) مَشْغًا. مارنا۔ عیب لگانا الرَّجُلُ: ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔
مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا عِرْضَ فُلَانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔
الْمِشْغ. گیرو۔
الْمِشْغَة. بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔
مَشَقَ (ن) مَشْقًا. جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا ہٗ بالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا الْكَتَّانَ ونَحْوَهٗ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّيْءَ: دراز ہونے کیلئے کھینچنا الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا النَّاقَةَ: اُونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا فِي الْكِتَابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوا حِيَلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔
مُشِقَ مَشْقًا. پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ و مَشِيْقٌ و مَمْشُوْقٌ.
مَشِقَ (س) مَشَقًا. رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَق اور اسم الْمُشْقَة.
مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً. گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَهُ الشَّيْءَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔
اَمْشَقَهٗ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔
مَشَّقَ تَمْشِيْقًا الْاِبِلَ الْكَلَأَ: اُونٹ کو گھاس چرانا۔
تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا الْغُصْنُ: ٹہنی کا چھلنا اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔
اِمْتَشَقَ. چھین لینا۔ اچک لینا مَا فِي الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا السَّيْفَ تلوار سونتنا فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا الْكَتَّانَ: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا

الشَّيْءَ: اپنے لیے لینا مَا فِي يَدِ الرَّجُلِ. سارا لے لینا۔
الْمِشْق. ـس۔ گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِيْ قَدِّهٖ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔
الْمِشْقَه والْمُشَاقَة. رانچھ کا نکلا ہوا خراب وردی حصہ۔ الْمِشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق.
الْمُشْقَة. نئے کپڑے کی دھجی۔
الْمَشِيْق. پہنا ہوا کپڑا مِنَ الْخَيْلِ دُبلا گھوڑا۔
الْمَاشِق. فا۔ ج مُشَّق.
قَلَمٌ مَشَّاق. تیز چلنے والا قلم۔
ثَوْبٌ مِشْق و مُمَشَّق و اَمْشَاق. گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔
الْمَشْقَة. مَشَقَ کا اسم مرة۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔
الْمَمْشُوْق. ـمع۔ کم گوشت کا مرد۔ مِنَ الْخَيْلِ: دُبلا گھوڑا مِنَ الْقُضْبَان: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوْقَةٌ.
التَّمَاشِق. جھگڑا۔
الْمِمْشَقَة. رانچھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق.
مَشَلَ (ن) مُشُوْلًا لَحْمُهٗ: گوشت کم ہونا (مَشْلًا) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (و اِمْتَشَلَ) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
الْمَاشِل والْمَمْشُوْل. دُبلا پتلا۔ کم گوشت۔
الْمَشَل. کم دوہائی۔
الْمِمْشَل. نرمی سے دوہنے والا۔
الْمِشْلَوْز. میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)
الْمِشْمِش. زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَةٌ.
مَشَنَه (ض) مَشْنًا. خراش لگانا۔ مَشَنَهٗ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا ہٗ بالسَّيْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا (وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت

مَاشِن. ج مُشَّن. و اِمْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا الشَّئَ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا ثَوْبَهُ. کپڑا چھین لینا۔
مَشَّنَتَ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
المِشَان والمُشَان. ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔
اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔
المَشْو والمَشُو والمَشِيُّ والمَشَاء. دست آور دوا۔
مَشَى (ض) مَشْيًا و تَمْشَاءً. چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَة (مَشَاءً) الْمَرْأةُ او المَاشِيَةُ: بہت بچوں والی ہونا بِالنَّمِيمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔
مَشَّى تَمْشِيَةً. چلنا الرَّجُلَ: چلانا۔
اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (وامْتَشَى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔
مَاشَاهُ مُمَاشَاةً. ساتھ چلنا۔
تَمَشَّى. چلنا۔
تَمَاشَيَا. باہم مل کے چلنا۔
المِشْيَة. چال۔
المَشِيَّة. ارادہ۔ خواہش۔
المَاشِي: فا۔ ج مُشَاة و مَاشُوْن. چوپائے والا۔ المُشَاة: چغلی کھانے والے مِنَ الْعَسْكَرِ: پیدل دستہ۔
المَاشِيَةُ. مَاشِي کا مؤنث۔ مویشی. ج مَوَاشٍ.
المَشَّاء. بہت چلنے والا۔ چغل خور۔
المَمْشَى. چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ.
مَصَّ. (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا.

اَمَصَّ اللبَنَ: چوسانا۔
المَصُّ. س. قَصْبُ المَصِّ: گنا۔
المُصَّة والمُصَاص مِنَ الشَّئِ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
المُصَاصَة. جو چیز چوسی جائے۔
المَصَّاص. بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔
المَصَّان. کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔
المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔
المُصَّان. گنا۔
المَصُوْص. پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔
المَصِيْصَة. پیالہ۔
مَصِيصُ الثَّرَى: نمناک مٹی یا ریت۔
المِمَصُّ. چوسنے کا آلہ۔
مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔
مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّئُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا بِالشَّئِ: لے جانا۔
مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔
مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا الْكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ) (ف) و مَصِحَ (س) مَصَحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح.
مَصَّحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔
المُصَاحَات. اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تا کہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّئَ: کھینچنا۔
تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّئَ: کھینچ کر نکالنا۔
و اِمْتَصَخَ الشَّئُ عَنِ الشَّئِ: جدا ہونا۔
اِمَّصَخَ الْوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔
الأُمْصُوْخَة بُردی کا سفید گودا۔ قومہ ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِيْخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)
المَصُوْخَة. بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔
المُصَّاخ. ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔
مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْیَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا الشَّئَ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔
المَصَاد بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان.
المَصْد والمَصَد. گرمی کی شدت۔ سردی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔
المَصْدَة. بارش۔
مَصَرَ (ن) مَصْرًا. النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔
مَصَّرَ العَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا
مَصَّرُوْا المَكَانَ: شہر بنانا الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔
تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا الشَّئُ او العَطَاءُ: کم ہونا القَوْمُ: پراگندہ ہونا الشَّئَ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا (وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔
المَاصِر. فا۔ دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔
المِصْر. دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشہ۔ ج اَمْصَار و مُصُوْر و مِصَر: ملک مصر۔
المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔
المِصْرِيّ. منسوب اِلَى مِصْر. مصر

رہنے والا۔ مؤنث مِصْرَةٌ ج مَصَارٍ و مَصَارِیَّ. کہا جاتا ہے حُمُرٌ مَصَارٍ و مَصَارِیَّ.

الْمَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مَصَار و مَصَائِر و عَطَاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ۔

الْمَصِیْر. آنت۔ ج اَمْصِرَةٌ و مُصْران. جج مَصَارِیْن.

الْمُمَصَّر. گیرو سے رنگا ہوا۔

الْمُمَصَّرَة. الْمُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔

مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔

الْمَصْطَكِی والْمُصْطَكِی والْمُصْطَكَاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)

مَصَعَ (ف) مَصْعًا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا الدَّابَّةَ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا الْفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا الطَّائِرُ بِذَرقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: بچہ گرادینا فُؤَادُ فُلَانٍ: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا ـًا: ملنا (مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَةٌ مَاءُ الْحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔

اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ الْعَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرادینا الْقَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔

مَصَّعَ الْقَضِیْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَةً. جنگ کرنا۔ مقاتلہ کرنا قِرْنَهُ: تلوار وغیرہ سے مارنا بِلِسَانِهِ: تہمت لگانا۔

تَمَاصَعَ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا۔

اِنْمَصَعَ وامْتَصَعَ فِی الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِنْمَصَعَ الْحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا۔

الْمَصْع. س۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔

الْمُصْعَة والْمُصَعَة. ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصْع و مُصَع.

الْمَاصِع. فا۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَةٌ.

الْمِصَع. تلوار باز۔ لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔

الْمَصُوْع. خوفزدہ مرد۔

مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللبنَ: پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا مَالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الْجُبْنُ و نَحْوُهُ ٹپکنا الْجُرْحُ: زخم کا رسنا۔

اَمْصَلَ مَالَهُ: مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا الْغَنَمَ: سارا دودھ دوہ لینا۔

اَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرادینا۔ صف مُمْصِلٌ.

الْمَصْل. س۔ (والْمَصَالَة والْمُصَالَة) مِنَ اللبنِ و نَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی الْمُصَالَة: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔

الْمَاصِل. فا۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔

الْمِصْلَاء. باریک بازوؤں والی عورت۔

الْمِمْصَل. دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال تباہ کرنے والا۔

مَصْمَصَ الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا۔

الْمُصَامِص. ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُصَامِصٌ فِی قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔

مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِیْضًا الْجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا الْكُحْلُ الْعَیْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا الْخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا الشَّیْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (مَضًّا) الشَّیْءَ: چوسنا۔

مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّیْءِ: دردمند ہونا۔ (مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِیْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔

اَمَضَّهُ الْاَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کر دینا۔ اَمَضَّهُ الْجُرْحُ و نَحْوُهُ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِی كَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّهُ جِلْدُهُ" اس کی کھال کھجلائی۔

مَاضَّهُ مِضَاضًا. لعنت ملامت کرنا۔

مَضَّضَ تَمْضِیْضًا. بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔

تَمَاضَّ الْقَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔

الْمَضّ. س۔ كُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔

الْمِضّ. ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔

مِضُّ و مِضَّ و مِضِّ مبنی و مِضٍّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لانفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو۔

الْمَضَّة اسم مرة۔ مؤنث الْمَضّ. اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے اَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔

الْمَضَض. س۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔

الْمَضَاض. جلن۔

الْمُضَاض. خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ الْقَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔ آنکھ کی جلن۔

الْمَضَّاض. جلانے والا۔

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهُ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا الْاِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا المزادةُ: رسنا۔

مَضِدَ (س) مَضَدًا. کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س)

مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔

مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔

تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا۔ تَمَضَّرَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔

لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ: کھٹا دودھ۔

و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خِضْرًا مِضْرًا او خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَهٗ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔

الْمَضِيْرَةُ. ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

الْمُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی۔

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔

مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔

اَمْضَغَه و مَضَّغَه. چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔

الْمَضَاغ. چبانا (والْمُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں۔

الْمُضَاغَة: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔

الْمَاضِغ. فا۔ ج مُضَّغ.

الْمُضْغَة. گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغ و مُضَغُ الْاُمُوْرِ والْجَرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام۔

الْمَضِيْغَةُ. ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا۔ عضلہ۔ ج مَضِيْغ و مَضَائِغ.

الْمَضَّاغَه. بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔

الْمَاضِغَانِ و الْمَاضِغَتَانِ. دونوں جبڑے۔

الْمَوَاضِغ. ڈاڑھیں۔

مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا الْمَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهٖ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔

الْمِضْمَاض. جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔

الْمَضْمَضَة. س۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی۔

مَضٰى يَمْضِيْ و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا و مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِهٖ: مرنا۔

مَضٰى يَمْضِيْ و يَمْضُو مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں۔ عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضٰى مَضَاءَ السَّيْفُ: کاٹنا۔

اَمْضٰى اِمْضَاءً الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ والرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔

مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔

تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔

الْمُضْوَاء. آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضْوَائِهٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔

الْمَاضِي. فا: گزشتہ زمانہ عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعا دلالت کرے الْمَاضِي: تلوار۔ ج مَوَاضٍ.

الْمَضَّاء. پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مَضَّاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا خَدَّهٗ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَه" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی۔

الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا خَطَّهٗ او خُطْوَهٗ: دراز کرنا۔

مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا الرَّجُلَ: گالی دینا۔

تَمَطَّطَ. کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔

الْمَطَاط. اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔

الْمَطَّاط. ربڑ۔

الْمُطَيْطٰى والْمُطَيْطَاء والْمِطِيْطَاء. مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔

الْمَطِيْطَة. گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِط.

مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِهٖ: مارنا۔

تَمَطَّحَ و اِمْتَطَحَ الْوَادِيْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔

مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا الرَّجُلَ بِيَدِهٖ: مارنا عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔

الْمَاطِخ. فا۔ سست رفتار گھوڑا۔

الْمَطَّاخ. بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخٍ مَطْخٍ اور مَطْخٍ مَطْخٍ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔

مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَاَمْطَرَ و اِسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانُ بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن) مُطُوْرًا و مَطْرًا. الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔القِرْبَۃَ مشک کو بھرنا الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ وَلَا اَدْرِیْ مَنْ مَطْرَبِہٖ" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (مُطُوْرًا) فِی الْاَرْضِ: جانا۔العَبْدُ: بھاگنا الشَّیْئُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ. بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا۔الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: جانا۔الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔بِہٖ فَرَسُہٗ: لے کے تیز دوڑنا۔تَمَطَّرَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰہَ: بارش طلب کرنا۔المکانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہونا۔الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔خاموش رہنا۔الثَّوْبَۃَ: برساتی پہننا۔اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرنا۔لِلسِّیَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَیْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔

المَطَرُ. بارش ج اَمْطَار.

المُطْرُ. چینا کا خوشہ۔ عادت۔

المَطْرَۃُ. بارش کی ایک بوچھاڑ (والمِطْرَۃ والمَطْرَۃ) عادت۔المَطَرَۃ: مشک۔ حوض کا وسط۔

المَطَار والمَطَارَۃ مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منہ کا کنواں۔

المَطَّارُ مِنَ الْخَیْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔

المَطِر والمَاطِر والمَطِیْر. بارش والا۔

المَطِیْر: جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ. موسلا دھار برسنے والا بادل۔

المِمْطَر والمِمْطَرۃ. برساتی۔ عوام مَشَمَّع کہتے ہیں۔

المُتَمَاطِر. بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

المُتَمَطِّر. تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

المُسْتَمْطِر. فا۔ بارش کا منتظر۔

المُسْتَمْطَر. مف۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔

المَطْرَان والمِطْرَان پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَۃ و مَطَارِیْن.

مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِی الْاَرْضِ: جانا اور گم ہونا۔الشَّیْئَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِع. فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَیَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ. چکھنا۔الرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔

تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ. کمان کا پھٹنا۔

المَطْقَۃُ. مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُھُمْ لَہٗ مَطْقَۃٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا۔ الحَبْلَ: رسی تاننا الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا۔ہٗ حَقَّہٗ و بِحَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَہٗ حَقَّہٗ. ٹال مٹول کرنا۔اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّیْئُ. دراز ہونا۔

المَطْلَۃُ والمِطْلَۃُ. حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

المُطْلَۃ. تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

المِطَالَۃ. لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

المَطَّال. لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (والمَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔

المَطِیْلَۃ. کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

المِمْطَل. چور۔ لوہار کا گھن۔

المَمْطُوْل. مف۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

مَطْمَطَ. گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ المَاءُ. گاڑھا ہونا۔

مَطَا یَمْطُوْ مَطْوًا. چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِیَ یَمْطٰی مَطًا. پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَی الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔اَمْطَاہُ الدَّابَّۃَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَی. الدَّابَّۃَ: سوار ہونا۔

تَمَطّٰی. پھیلنا اور لمبا ہونا۔الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

المَطَا. مس۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج اَمْطَاء

المَطْو والمِطْو. شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء و اَمْطَاء و مُطِیّ.

المِطْو: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء.

المُطْوَاءُ. بروزن غُلَوَاء. انگڑائی۔ لمبائی۔

المَطْوَۃُ. مطا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَۃٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

المَطِیَّۃ. سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے بعیر اور ناقۃ دونوں کو مطیۃ کہتے ہیں۔ ج مَطَایَا و مَطِیّ.

الاُمْطِیّ. سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّہٗ (ن) مَظًّا. ملامت کرنا۔

مَاظَّہٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّۃً. جھگڑا کرنا۔ گالی دینا۔مَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔

اَمَظَّہٗ. گالی دینا۔

تَمَاظُّوا. باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

المَظّ. مس۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔

المَظَاظَۃ. سختی و بد مزاجی۔

مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَعَ الْوَتَرَ: تانت کو خشک اور چمکیلا کرنا۔

تَمَظَّعَ الْمَاْکُوْلَ: سب کا سب چاٹ جانا۔ الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنا۔فِی الرَّعْیِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔

المُظْعَۃ. گھاس کا بقیہ۔

المَظْعَۃ. باقی ماندہ گفتگو۔

مَعَ و مَعْ. اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین

معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللهُ مَعَكُمْ" اور اَفْعَلُ هٰذَا مَعَ هٰذَا.
(۲) وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ.
(۳) بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ. اور بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وَ عَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لیے مَعِيّ اور اسی سے واو معیت ہے۔
مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ (ف) مَعْتًا الشَّيْءَ: ملنا دلنا۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا السَّيْلُ: سیلاب کا تیز بہنا بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا الفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "الرِّيْحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے الْجَارِيَةَ: جماع کرنا الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ مُعِجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔
تَمَعَّجَ السَّيْلُ او الْحَيَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
الْمَعْج. مع۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔
المَعْجَة. مَعج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ مَعْجَةِ شَبَابِهٖ" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
المَعَّاج اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔
رِيْحٌ مَعُوْجٌ. تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِمْعَج. نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا الشَّيْءَ: جلدی سے کھینچنا الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا فِي الْاَرْضِ: دور تک جانا الشَّيْءُ: تباہ ہونا لَحْمَهٗ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا السَّيْفُ: تلوار سونتنا الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا (مَعْدًا و مُعُوْدًا) بِالشَّيْءِ: لے جانا الدَّلْوَ و بِهَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ. درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد.
اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ. چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔
المَعْد. مس۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تروتازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ تُعْدٌ وَلَا مَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
المَعَدّ. پیٹ۔ پہلو۔
المَعِدَة والمِعْدَة. آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِد و مِعَد.
الْمُتَمَعِّدَة. مِنَ الرُّطَبِ: تروتازہ۔
تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا الْمَرِيْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا الْمَهْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ (س) مَعَرًا الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا النَّاصِيَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا الظُّفْرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ. مفلس ہونا وَجْهَهٗ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔
اَمْعَرَ الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا الرَّجُلُ: محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔
الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا الْمَوَاشِيُ الْاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعَّرَ وَجْهُهٗ: چہرے کا رنگ بدل جانا رَاْسُهٗ: سر کے بال گر جانا۔
المَعَارَة. بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
المَعِر. کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔
الاَمْعَر. کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء. ج مُعْر. نَاصِيَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔
المَمْعُوْر. مع۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ و مَاعِزٌ الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا و اَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِي المعزى عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْهُهٗ: چہرہ کا سکڑنا الْبَعِيْرُ: تیز دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ. کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَهٗ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا اَمْعَزَ رَايَه" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔
المَعْز والمَعَز. بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِيْزٌ. المَعَز: زمین کی سختی۔
الْاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِيْز والمَعِيْز و المِعْزَى والمِعَاز. بکری۔ الامعوز: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
المَاعِز. فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز. المَاعِز والمَعِز والْمُسْتَمْعِز: اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔
المِعْزَاة. بکری۔
الاَمْعَز. بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات و اَمَاعِز.
المَعَّاز. بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
المَعْزِيّ. بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔
رَجُلٌ مُمَعَّزٌ. خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّيْءَ: سخت ملنا

الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔

المَعْس. دودھ۔ حرکت۔

المَعَّاس والمُتمعِّس. لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔

مَعِصَ (س)مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِيْصٌ.

تَمَعَّصَ بَطْنُهُ: پیٹ کا دردمند ہونا الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔

مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ منَ الْاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ.

مَعَّضَهُ و اَمْعَضَهُ. غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا المَعْض الشَّئَ: جلانا۔

مَعَطَ (ف)مَعْطًا الشَّئَ: کھینچنا الرِّيْشَ: پر اکھیڑنا بحقٍّ فُلَان: ٹالنا (وامتعط) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔

مَعِطَ (س)مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِئْبُ: بھیڑیئے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَط.

تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّهَارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَهُ: نیزہ کھینچنا۔

المَعِط والاَمْعَط. جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ. ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیئے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔

مَعَقَهُ (ف) مَعْقًا. ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّيْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہا لے جانا۔

مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔

مَعُقَ (ک)مَعْقًا و مَعَاقَةً النَهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِيْقٌ مؤنث مَعِيْقَةٌ.

اَمْعَقَ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔

تَمَعَّقَ. گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" یعنی اس نے ہم سے بد خلقی کی۔

المَعْق والمَعَق والمُعُق. گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِيْق. المَعْق: بد خلقی۔ بے نباتات والی زمین۔

مَعَكَ (ف)مَعْكًا الشَّئَ: ملنا الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَهُ دِيْنَهُ و بدَيْنِه: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔

مَعُكَ (ک)مَعَاكَةً بیوقوف ہونا۔

مَعَّكَهُ. زمین میں لوٹانا۔

تَمَعَّكَ. زمین میں لوٹنا۔

مَاعَكَهُ مُمَاعَكَةً بدَيْنِه: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔

المَعِك. بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔

اَلْمَعْكَرُوْنَةُ: مشہور کھانے کا نام۔

اِبِلٌ مَعْكِى. بہت اونٹ۔

المَعْكُوْكَاء گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔

مَعَلَ (ف)مَعْلًا الشَّئَ. چھین لینا۔ اچک لینا الخَشَبَةَ: لکڑی چیرنا اَمْرَهُ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا الرَّجُلُ: تیز چلنا الحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهُ و اَمْعَلَهُ عَنِ الشَّئِ: جلدی سے ہٹا دینا۔

اِمْتَعَلَ الرَّجُلَ: پے در پے نیزہ مارنا۔

المَعِل مِنَ النَّاسِ. پھرتیلا؛ جلد باز۔

المَعْل. س۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ مَعْلٌ" تیرے لیے ضروری ہے۔

المَعَالَة. بدی۔

حِمَارٌ مَمْعُوْل. خصی کیا ہوا گدھا۔

مَعْمَعَ. جلدی کام کرنا الشَّئُ المُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَى الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔

المَعْمَع. تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔

المَعْمَعَة. س۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔

المَعْمَعِيّ. جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔

المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِي مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم ہالمَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ مَعْمَعَانِ الصَّيْفِ" یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِيْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔

مَعَنَ (ن)مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا بالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)

مَعَنَ (ف)مَعْنًا و مَعُنَ (ک)مُعُوْنًا المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِيْن. مَعَنَ الفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔

مَعِنَ (س)مَعَنًا المَكَانُ او النَبْتُ: پانی سے سیراب ہونا۔

اَمْعَنَ فِي الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا فِي الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَبُّ فِيْ جُحْرِهِ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا النَظَرَ فِي الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا الوَادِيُ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا لَهُ: بہت ہونا؛ کم ہونا بالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا الماءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا فُلَانٌ الماءَ: پانی بہانا اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔

تَمَعَّنَ. ذلیل و حقیر ہونا۔

المَعْن. معن۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت

کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔

المَعْنَةُ. معن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مالَه سعْنَةٌ ولا معْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

المَعْنيّ. بہت مال والا۔ کم مال والا۔

المعان. منزل۔

الماعُوْن. بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اُٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی، چمچہ، ڈول رسّی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوۃ عِندَ العامّۃِ. کاغذ کا دستہ یا رِم۔

المَعِيْن. بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "ماءٌ معِيْنٌ" جاری پانی "سِقاءٌ مَعِيْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنات و مُعُن۔

المُعُنات والمُعْنان. پانی بہنے کی جگہ، وادی میں پانی کے نالے۔

کلأ مَمْعُوْن. گھاس جس میں پانی جاری ہو

روْضٌ مَمْعُوْن. جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَعْنى يتمعْنى. معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔

معا يمعُو مُعاءَ السِّنَّورُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

امْعى النخلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔

تَمَعّي السِقاءُ: مشکیزہ کا تن جانا

الشرُّ بينَ النّاسِ. برائی کا پھیلنا۔

المَعْو. تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔

المَعْيُ والمِعى ج امْعاء. والمعاءُ ج امعية. آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مغث (ف) مغثا الدواء في الماء. دوا کو پانی میں نرم کرنا الرجل. غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مغثتهم الحمى" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَهُ فِي الماءِ. پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّيءَ: گڈمڈ کرنا عِرْضَ فُلانٍ: عیب لگانا۔

مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔

مَاغَثَهُ مِغاثًا و مُماغَثَةً. جھگڑا کرنا۔

المَغْث. مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مغاث.

المِغث. سخت قسم کا پہلوان۔

المَغِيْث. گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔

المُغاث. چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔

المَمْغُوْث. بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔

مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّيءَ: چوسنا۔

الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچّہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا النَّباتُ: نباتات لمبی ہونا الرَّجُلُ فِي عَيْشِهِ: آسودہ زندگی گزارنا شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا العَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا فُلانٌ: کامل جوان ہونا الجاريةَ: جماع کرنا۔

مَغَدَ (ف) و مَغِدَ (س) مَغَدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔

اَمْغَد. دیر تک پینا الصَّبيَّ: بچّے کو دودھ پلانا۔

المَغْد. مص۔ عَيْشٌ مَغْدٌ آسودہ زندگی۔

المَغْدُ: ببول کا گوند بیری کا گوند یبروج الضم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔

مغر (ف) مغرا في البلادِ: تیز جانا بِهِ بعيرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔

مَغَر الثَوْبَ. کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔

امْغرهُ بالسَّهمِ. آر پار کر دینا۔ امْغرتِ النّاقةُ او الغنمُ. کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.

المَغْرَة والمَغَرَة. گیرو۔

المَغر والمُغْرَة. غیر خالص سرخی کا رنگ۔

المَغارَة. دیکھئے مادہ غور۔

الامْغر. غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔

لَبَنٌ مَغِيْرٌ. سرخ دودھ خون ملا ہوا۔

المَمْغَرة. وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔

مَغَس (ف) مَغْسًا بيدِهِ: چھونا ه بالرُّمحِ: نیزہ مارنا المرأةَ: عورت سے جماع کرنا۔

مُغِس. آنتوں میں درد والا ہونا۔

مَغِصَ (س) مَغَصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوص.

امْغَصَهُ. مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔

تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِي" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔

المَغْص. مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔

المَغْصُ. عمدہ اونٹ ج اَمْغاص. واحد مَغْصَة.

مَغَط (ف) مَغْطًا و مَغَطَ الشَّيءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔

تَمَغَّط و امَّغَطَ الشَّيءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔

تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔

اِمْتَغط. کھنچنا اور طویل ہونا السَّيْفَ. تلوار سونتنا۔

المُمَّغِط. انتہائی لمبا۔

مَغَل (ف) مَغْلًا و مَغالَةً بالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔

مَغِلَتْ (س) مغلا عَيْنُهُ: خراب ہونا۔

الحامِلُ بولَدِها: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا۔

مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلًا

الدَّابَّةُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُولَةٌ اوراسم المَغْلَة.
اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہء حمل کا دودھ پلانا بِه عِنْدَ السُّلْطَان: چغل خوری کرنا۔
المَغْل والمُغَل: زمانہ حمل میں عورت کا دودھ
المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال
المُغْل: ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل
المَغْلَة: مغل کا اسم مرۃ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال.
المَغَالَة: مس خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللحمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔
الْكَلَامَ: مبہم کہنا الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا فِيْ عَمَلِه: ناقص وردی طریقے سے کرنا الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا الْكَلْبُ فِي الْإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
مَغْنَطَ الْحَدِيْد۔ لوہا وغیرہ سے پلانا۔
اَلْمَغْنَطِيْسُ وَالْمَغْنَاطِيْسُ: ایک معدن جس میں لوہا و دیگر معاون جذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔
اَلْمَغْنُولِيَةُ: شمالی امریکہ میں ایک درخت کی قسم جس کے بڑے بڑے خوبصورت پھول ہوتے ہیں زیب وزینت کے لئے بوئے جاتے ہیں۔
اَلْمَغْنِيْسِيَا وَالْمَنَازِيَا: بے ہوا و بے ذائقہ سفید مٹی۔ جس کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے۔
المَغْنَطِيْس والمغْنَاطِيْس. چمک پتھر۔
مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا السَّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
المُغَاء والمُغْو: بلی کی آواز۔
مَغِيَ يَمْغَى مَغْيًا: غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔
المَغْيُ مس فِي الْاَدِيْم: چمڑے کا ڈھیلا پن۔ فِي الْاِنْسَان: مذاقًا یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفَجًا الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ رَجُلٌ مَفَاجَةٌ: بیوقوف مرد۔
مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا اللّٰهُ عَيْنَه: اکھیڑنا۔
مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔ عَلٰى عِيَالِه: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔
تَمَقَّقَ الشَّرَاب: تھوڑا تھوڑا پینا مَا فِي الْعَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا (و اِمْتَقَّ) الْفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
المَقَقُ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دُوری۔
المَقَقَةُ: دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔
الاَمَقُّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقّ. بَلَدٌ اَمَقُّ: وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ.
مَقَتَ (ن) مقتا ومَاقت الرَّجُلَ: بہت بغض رکھنا۔
مَقُتَ (ک) مقاتة فُلَانٌ اِلَيَّ: ناپسند ہونا۔ مَقَّتَهُ: بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهُ اِلٰى قُبْحِ فِعْلِه: مبغوض کر دینا۔
تَمَقَّتَ اِلَيَّ: ناپسند ہونا۔
تَمَاقَتُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
المَقْت مس زَوَاجُ المَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
المَقْتِيّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
المَقِيْت والممْقُوت: ناپسند۔
مَقَرَ (ن) مقرا عُنُقَه: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا السمكةَ المالحةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِرَ (س) مقرا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر.
اَمْقَرَ السمكةَ المالحةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا الشَّيْءُ: کڑوا ہونا

اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔
المَقْر والمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
المَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
المُمْقِر: کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ (ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا الْمَاءُ: پانی کا جاری ہونا فُلَانٌ فِي الْاَرْضِ: جانا۔
مَقِسَتْ (س) مَقَسًا و تَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
مَاقَسَه مُمَاقَسَةً: باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا"، وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔
مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّيْءَ: باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا عُنُقَهُ: توڑ دینا الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا ہ بِالْاَيْمَان: قسم دلانا الْحَبْلَ: رسی بٹنا الشَّيْءَ گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْنِ و مَقَطَهُ و مَقَّطَهُ: پچھاڑنا مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔
المَاقِط: فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسی۔
المِقَاط: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسی۔ ج مُقُط.
المَقَط: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔
المُقْط: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج اَمْقَاط.
مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَاب: ڈگڈگا کے پینا۔
ہ بِشَرٍّ: تہمت لگانا الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ

کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِيْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ. غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
الْمَقْعُ. مس. ٹھہرا ہوا پانی۔ ج اَمْقُعٌ.
مَقَلَهٗ (ن) مَقْلًا. دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِیْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَایَ مِثْلَهٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔
ہٗ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِی الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔
الْمَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَهٗ. ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا. باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ. بار بار غوطہ لگانا۔
الْمَقْلُ. مس. کنوئیں کی تہ؛ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
الْمُقْلُ. گوگل کا پھل۔ گوگل۔
الْمَقْلَةُ. مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
الْمُقْلَةُ. آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَلٌ.
مَقْمَقَ الشَّیْءُ: نرم اور آسان ہونا الشَّیْءَ: ذلیل کرنا الْوَلَدُ اُمَّهٗ: زور سے چوسنا۔
الْمُقَامِقُ. حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِهَ (س) مَقَهًا. سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ.
الْمَقَهُ. سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
الْاَمْقَهُ. دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔

خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْهَاءُ ج مُقْهٌ.
مَقَا يَمْقُوْ مَقْوًا و مَقٰى يَمْقِیْ مَقْيًا السَّيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِيْلُ اُمَّهٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔
مَكَّ (ن) مَكًّا و تَمَكَّكَ وَامْتَكَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَكَّ الشَّیْءَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا غَرِيْمَهٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَكَّ و تَمَكَّكَ الْفَصِيْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔
مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔
الْمُكَاكُ والْمُكَاكَةُ. ہڈی کا گودا۔
الْمَكُّوْكُ. پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِيْكُ.
مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اِسْتَمْكَتَ. پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔
مَكَثَ (ن) مَكْثًا و مَكَثًا و مُكُوْثًا و مُكْثَانًا و مِكِّيْثٰى و مِكِّيْثَاء بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْثُ والْمِكْثُ.
مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً. ٹھہرنا۔
اَمْكَثَهٗ. ٹھہرانا۔
تَمَكَّثَ. انتظار کرنا اور ٹھہرنا بِالْمَكَانِ ٹھہرنا فِی الْاَمْرِ: جلدبازی نہ کرنا۔
الْمَكِيْثُ. ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاء و مَكِيْثُوْن.
مَكَدَ (ن) مَكْدًا و مُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاء و مَكُوْدٌ. ج مُكْدٌ و مَكَائِد.
الْمِكَدُ. کنگھا۔
مَكَرَ (ن) مَكْرًا. الرَّجُلَ و بِهٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ہٗ: رنگنا الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔
مَكِرَ (س) مَكَرًا. سرخ ہونا۔
مَاكَرَهٗ. فریب دینا۔
مَكَّرَ. گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔
اَمْكَرَهٗ. دھوکا دینا ہٗ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔
تَمَاكَرُوْا. بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اُمْتُكِرَ. گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
الْمَكْرُ. مس. دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
الْمَكْرَةُ. مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْر و مُكُوْر.
الْمَاكِرُ. فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْن.
الْمَكَّار والْمَكُوْر. بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا. ٹیکس جمع کرنا فِی الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا ہٗ: ظلم کرنا۔
النَّازِف. فا۔عِرْقٌ نَازِفٌ: رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزُف.
النُّزْفَة. تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف.
النَّزُوْف. کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔
نَزَافِ. اسم فعل بمعنے اَمر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ مَاءَ البِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔
النَّزِیْف والنَّزُوْف. کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان

والا۔ النزیف : بدمست۔ بخار زدہ۔ بئرٌ
نزیفٌ: کم پانی والا کنواں۔ المنزوف: بے
عقل۔
المنزفة. جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھیکلی۔
نزِق (س نزقًا و نزوقًا) الرجلُ: غصہ کی
وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔
صفت نزِقٌ. مؤنث نزِقةٌ (نزقًا) الاناءُ:
برتن کا لبالب ہونا۔
نزِق (س) و نزق (ض ن نزقًا و نزوقًا)
الفرسُ: گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔
نزق (ض نزقًا) الاناءَ: برتن کو لبالب
کرنا۔
نزّق و انزق الفرسَ: گھوڑے کو کودانا۔
نزّق الرجلُ فی الضحک: بہت زیادہ
ہنسنا۔
فلانٌ: عقل کے بعد خفیف العقل ہونا
لنعیم فلانًا: کسی پر برانگیختہ کرنا۔
نازقه نزاقًا و منازقةً: قریب ہونا۔ گالی
دینا۔
تنازقا. ایک دوسرے کو گالی دینا۔
النزق. مص۔ کسی۔ جہالت وحماقت کی وجہ سے
جلد بازی۔ مکانٌ نزِقٌ: قریب جگہ۔
النزقة. اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔
النیزق. نیزک میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ
نیازق.
النزاق والنزقة. من النوق: سرکش
اونٹنی۔ النزاق: تیز رفتار اونٹنی۔
المنازق. بہت باتیں کرنے والا۔
نزکه (ن نزکًا) نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ برا
کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔
النزّاك والنزك. بہت عیب لگانے والا۔
النزیکات. شریر لوگ۔
النیزك. چھوٹا نیزہ۔ نیازك. النیازك
ٹوٹے ہوئے ستارے۔
نزل (ض نزولًا) من علوٍ الی اسفل:
اترنا۔ الامرُ: واقع ہونا۔ فلانٌ عن
الحقّ: چھوڑ دینا۔ (نزالة) مسافرت کرنا۔ کہا
جاتا ہے "ما زلتُ انزلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا
رہا۔ (نزولًا و منزَلًا و منزِلًا) القومَ و
بالقوم و علی القوم: قوم کے پاس اترنا۔
نزِل (س نزلةً) الرجلُ: زکام میں مبتلا ہونا
(نزلًا) الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا۔ المکانُ: سختی
کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ
ہونا۔
نزّله. اتارنا۔ نزّل الشیَٔ: مرتب کرنا
الشیٔ مکانَ الشیٔ: قائم مقام کرنا۔ الله
کلامَهُ علی انبیائه: تدریجاً وحی نازل کرنا۔
القومَ: منازل میں اتارنا۔ الحاسبُ الرقمَ:
رقم لکھنا۔
انزل انزالًا و منزلًا الشیَٔ: اتارنا۔ انزل
الضیفَ: مہمان اتارنا۔ الله الکلامَ یکبارگی
وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "انزل حاجته
علی کریمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے
سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست
کی۔
نازله نزالًا و منازلةً فی الحرب: مقابلہ
میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "حاربوا
بالنزال" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر
گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔
تنازل القومُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر
سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر
جنگ کرنا۔ القومُ فی السفر: کبھی اس کے
پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے
استعمال میں تنازل الرجلُ کے معنی درجے
سے اترنے کے ہیں۔
تنزّل. آہستہ آہستہ اترنا۔ عن الحقّ: حق
چھوڑ دینا۔ تنزّل فلانًا: اتارنا۔
استنزله. اتارنا۔ استنزله عن رأیه او
حقّه: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے
لیے کہنا۔ استُنزل فلانٌ: مرتبہ سے اتار جانا۔
النُزل والنُزُل. کھانا جو مہمان کے سامنے
پیش کیا جائے۔ ج انزال۔ النزلُ: بابرکت
کھانا۔ المنزلُ: اترنے والے لوگ۔
النُزل والنُزُل والنزال. کھیتی کی بالیدگی
اور ستھرائی۔ داد و دہش و فضل۔ النزل:
بارش۔ رجل ذو نزلٍ: بہت داد و دہش والا۔
بابرکت۔ ج انزال. انزالُ القومِ: قوم کی
روزیاں۔
النزل. جمع شدہ۔ ج نزول.
النزِل. جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ
جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مکانٌ
نزِلٌ.
النزلة. نزل کا اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے
"لقد رآه نزلةً اخری" اس نے اس کو یقینًا
دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام۔ ج نزلہ۔ ارضٌ
نزِلةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے
"ترکتُهم علی نزلاتهم و نزلاتهم"
میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔
النزالة. سخت زمین ہونے کی وجہ سے
تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔
النزالة. سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "کنّا فی
نزالة فلانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و
"فلانٌ من نزالة سوءٍ" فلاں لئیم باپ سے
ہے۔
النازلة. النازل کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج
نازلات و نوازل.
النزّال. بہت اترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے
والا۔
المنزّلة: گوشت اور بینگن سے تیار کیا ہوا
کھانا۔
النزیل. مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے
"ثوبٌ نزیلٌ" کامل کپڑا۔ "فلانٌ نزیلی"
فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج
نزلاء.
التنزیل. مص۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔
المنزِل. اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج
منازل.
المنزول: مہمان خانہ
المنزلة. اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا
جاتا ہے "له منزلةٌ عند الامیر" اس کو امیر
کے پاس مرتبہ حاصل ہے۔ وهو رفیع

الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔
نزنز الرَّجُلُ: سر ہلانا۔ الام صَبِيَّهَا: ماں کا بچے کو دانا۔ نچانا۔
نزہ (ن نزها) الابلَ: اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔
نزِہ (س ک) نزَہ (ک نزَاهَةً و نزاهیة) برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ المکانُ: صحت افزا ہونا۔
نزّهَهُ: بری بات سے دور کرنا۔ "نَزَّهَ نفسہ عَنِ الْقبیح" اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰہَ عَنِ السُّوءِ: اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔
تَنَزَّہَ عَنْ کَذَا: دور ہونا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "یتنزّہُ عَنِ الْمطامع و عَنْ ملائِم الْاَخْلاق" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے۔ فُلانٌ: سیر کو نکلنا۔
اِسْتَنْزَہَ عَنْ کَذَا: دور ہونا۔ فُلانٌ: سیر و تفریح کو جانا۔
النَزْہ والنَزِہ والنزِیْہ: پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ ج نُزَهَاء و اَنْزَاہ و نِزَاہ۔ مکان نَزْہٌ و نَزِہٌ و نَزِیْہٌ: لوگوں سے دور جگہ۔ صحت افزا مقام۔
النُزْهَة: اسم ہے تَنَزَّہَ سے بمعنی سیر و تفریح ج نُزَہٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ بِنُزْهَةٍ من الْمَاءِ او عَنِ الْماء" وہ پانی سے دور ہے۔
النَزُہ والنَزَاهَة: برائی سے دور۔
النازِہ: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَازِہُ النَّفْسِ" وہ پاک دامن ہے۔
الْمُتَنَزَّہ: سیر و تفریح کی جگہ۔
نَزَا یَنْزُو نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا: کودنا۔ عَلَیْہِ: کسی پر گرنا اور روندنا۔ الذَّکَرُ عَلَی الْاُنْثٰی: جفتی کرنا۔ اور اسم النِّزَاء والنُّزَاء اور اس کا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بہ قلبُہ اِلٰی کَذَا: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ: غلّہ کا گراں ہونا۔ (نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا۔
نَزِیَ نَزْوًا الرَّجُلُ: سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "اصابہ جرح فنزی منہ فمات" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا۔
نَزَّاہ تَنْزِیَۃً و تَنْزِیًا و اَنْزَاہ اِنْزَاءً: کودانا جفتی کرانا۔
تَنَزّٰی تَنَزِّیًا اِلَی الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔
اِنْتَزٰی اِنْتِزَاءً: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَزٰی عَلٰی اَرْضِ کَذَا فَاَخَذَهَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا۔
النَزْوَة: کودائی۔ ہر چھوٹی چیز۔
النَّازِی: نازی عقیدہ والا۔
النَّازِیَة: جرمنی لوگوں کا قومی عقیدہ۔
النازیہ۔ النازی کا مؤنث۔ تیزی و تیز روی۔ کم گہرا پیالہ۔ اَکَمَةٌ نَازِیَةٌ: اردگرد سے بلند ٹیلہ۔
النزیُّ والنزّاء والمُنتزی: بہت اچھل کود والا۔
النَزِیَّة۔ النَزِیُّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ
النَزِیَّة: اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کلہاڑی کی دھار۔
نَسَّ (ض ن) نَسًّا و نَسِیْسًا النَّاقَةَ: ہانکنا اور ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "کان یَنُسُّ اَصْحَابَهُمْ" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا۔ (نَسًّا و تَنْسَاسًا) الْقَوْمُ: پانی پر پہنچنا۔ (نَسِیْسًا و نُسُوْسًا) الْخُبْزُ او اللَّحْمُ: روٹی یا گوشت کا خشک ہونا۔ فلانٌ: جلدی سے ہر کام پر گزرنے والا ہونا۔
نَسَّ (ض) نُسُوْسًا الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا۔ فلانٌ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
نَسَّسَ الْمَاشِیَةَ: جانور کو چلانا۔ الصَّبِیَّ: بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لیے اس اس کہنا۔
اَنَسَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔
تَنَسَّسَ مِنْهُ الْاَخْبَارَ: سن گن لینا۔ خبر دار ہونے کی کوشش کرنا۔
النَّاسُّ: فا۔ خُبْزٌ نَاسٌّ: خشک روٹی۔
النَّسِیْسُ: مص۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ ج نُسُس (و النَّسِیْسَة) طبیعت۔ النَّسِیْسُ: جسم میں بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنْهُ نَسِیْسَہ و نَسِیْسَتَہ" یعنی مرنے لگا۔ النَّسِیْسَةُ: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ ج نَسَائِس۔
النُّسُس: ردی جڑیں۔
التَّنْسَاس: مص۔ تیز چال۔
الْمِنَسَّة و الْمِنْسَاس: لاٹھی۔
نَسَاَ (ف) نَسْأً الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا۔ اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا۔ لسی بنانا۔ نَسَأَتِ الْمَاشِیَةُ: موٹائی ظاہر ہونا۔ (نَسْأً و مَنْسَأَةً) الشَّیْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَا الله اجله وفی اجله" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا۔ فُلانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔ الْبَیْعَ و فِی الْبَیْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (نَسَاءً) عَنْ فُلانٍ دَیْنَہُ: ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔
اَنْسَأَ اِنْسَاءً الشَّیْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْسَأَ اللّٰہُ اَجَلَہُ و فِی اَجَلِہِ" عمر دراز کرنا۔ الْبَیْعَ و فِی الْبَیْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا۔ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور رہنا۔
نَسَّأَ تَنْسِئَةً: ڈانٹ کر ہانکنا۔
اِنْتَسَأَ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَأَتِ الْاِبِلُ فِی الْمَرْعٰی: اونٹوں کا چراگاہ میں دور ہونا۔
اِسْتَنْسَأَ غَرِیْمَہُ: قرض خواہ سے ادائیگی قرض کی مہلت مانگنا۔
النَّاسِیُٔ: فا۔ موٹا (حیوان یا انسان) ج نِسَاءٌ۔
النَّسَاء: درازی عمر۔
النَّسْءُ: مص۔ لسی۔ بہت پانی والا دودھ۔ عقل زائل کرنے والی شراب۔ موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔

النِسْءُ. گھل مل کر رہنے والا آدمی۔
النُساۃ والنسِیْئَۃ. تاخیر۔ کہا جاتا ہے بَاعَہٗ بنسِیْئَۃٍ اس نے ادھار بیچا۔
النَسِیُّ. تاخیر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
المِنْساَۃ والمَنْساَۃ والمِنْسَاۃ والمَنْسَاۃ چرواہے کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِیْ عَنْكَ لَمُنْتَسأً" میرے لیے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔
نَسَبَ (ن ض)نَسَبًا و نِسْبَۃً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ دریافت کرنا۔ نَسَبَہٗ اِلٰی فُلَان: نسبت کرنا۔ نَسَبًا و نَسِیْبًا و نِسْبَۃً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْاَۃِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔
نَاسَبَہٗ مُنَاسَبَۃً. مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔
تَنَسَّبَ الرَّجُلُ اِلَیْكَ: ہم نسب ہونے کا دعوٰی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْقَرِیْبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوٰی ہم نسبی کرے۔
تَنَاسَبَا. باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ الْقَوْمُ اِلٰی اَحْسَابِھِمْ: منسوب ہونا۔
اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا۔ نسب ذکر کرنا۔ اِلٰی اَبِیْہِ: منسوب ہونا۔
اِسْتَنْسَبَ. نسب بیان کرنا
الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔
النَسَبُ. مس۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ج اَنْسَاب
النِسْبَۃ والنُسْبَۃ. قرابت۔ دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق۔ اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ۔ اور کہا جاتا ہے "بِالنِسْبَۃِ اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے۔
النَسِیْب. مس۔ مناسب۔ رشتہ دار۔ صاحب نسب۔ لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لئے "نَسِیْبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے ج نُسَباء و نُسَباء (جیسے شریف و شرفاء)
النَسَابَۃ. رشتہ داری۔
النَسَّاب. ج نَسَّابُوْن والنَسَّابَۃ ج نَسَّابَات. نسب کا علم رکھنے والا۔
الاَنْسَب. اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الشِّعْرُ اَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔
اَلنِّسْبِیَّۃُ: فلسفی مذہب جو علم و معرفت کی طرف نسبت رکھتا ہے۔
المُنَاسِب. فا۔ رشتہ دار۔ مشابہ۔
المَنْسُوْب. مف۔ شعر منسوب: عشقیہ شعر خطٌّ مَنْسُوْبٌ: مطابق قاعدہ۔ ج مَنَاسِیْب.
نَیْسَبَ بَیْنَھُمَا: چغل خوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔
النَیْسَب. چیونٹیوں کی قطار۔ چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (والنَیْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔
النَاسُوْت. طبیعت انسانی۔ ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔
نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔ الکَلامَ: خلاصہ کرنا۔ آراستہ کرنا۔ الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔
الغَیْثُ النَبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نسجت الرِّیْحُ التُّرَابَ او المَاءَ: لہریں پیدا کرنا۔ نسجت النَّاقَۃُ فِیْ سَیْرِھَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔
اِنْتَسَجَ. بنا جانا۔
النَسْج. مص۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَسْجُ الْیَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔
النِسَاجَۃ. بننے کا پیشہ۔
النَسَّاج. بننے والا۔ کلام کو آراستہ کرنے والا۔ جھوٹا۔
النَسِیْج. بنا ہوا۔ ج نُسُجٌ. کہا جاتا ہے "ھُوَ نَسِیْجُ وَحْدِہٖ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر ولاثانی ہے۔ النسیج جائے نمازیں۔
النَسِیْجَۃ. نسیج کا مؤنث۔ ج نسائج
المِنْسَج والمِنْسِج. بننے کا کرگہ۔
المَنْسِج والمِنْسَج مِنَ الدَابَّۃِ: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَج والمِنْسَاج. کرگہ۔
نَسِحَ (س) نَسْحًا. لالچ کرنا۔
نَسَحَ (ف) نَسْحًا التُرَابَ: مٹی کا بکھیرنا۔
النَسْح والنُسَاح. کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاح. غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّیْءَ: زائل کرنا۔ باطل کرنا۔ مٹانا۔ الکِتَابَ: نقل کرنا۔
نَاسَخَہٗ مُنَاسَخَۃً. ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا. ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخُوا الشَّیْءَ. ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ تَنَاسَخَتِ الْاَزْمِنَۃُ" پے در پے آنا۔ تَنَاسَخَ الْوَرَثَۃُ: تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّیْءَ: زائل کرنا۔ الکِتَابَ: نقل کرنا۔ الشَّیْءُ الشَّیْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّیْءَ: بمعنی نسخہ۔ لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَۃٌ نَسِیْخَۃ و نُسَخِیَّۃ. دور کا شہر۔
النُسْخَۃ. کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس سے نقل کی جائے۔ ج نُسَخ۔ کہا جاتا ہے "کتب الْقَاضِیْ نُسْخَتَیْنِ بِحُکْمِہٖ" قاضی نے اپنے فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔
النَاسِخُ. فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔
التَنَاسُخ. مص۔ آواگون۔ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل اور اس کو تقمّص ہونا بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ "تَنَاسخیہ" کہلاتے ہیں تَنَاسُخُ الْاَزْمِنَۃِ وَالْقُرُوْنِ: زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسَرَہٗ (ن) نَسْرًا. عَنْہُ: اُتارنا۔ اُدھیڑنا۔

الجُرحَ اللحم: شگاف کر دینا۔ الرَّجلَ: تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔

نَسرہٗ (ض ن) نَسرًا۔ البازی: باز کا چونچ سے نوچنا۔

نَسَر الحَبلَ: رسّی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔

تَنَسَّر: گدھوں کا شکار کرنا۔ الحبلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔ الجُرحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ بہ جانا۔ الثَّوبُ و نَحوُہٗ: کپڑے کا گھس گھس کے پھٹنا۔ تَنَسَّرَتِ النعمۃُ عن فُلان: متفرق ہونا۔

اِنتَسَر طَرفُ الحَبلِ: رسّی کے کنارے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِستَنسَر الطّائِرُ: قوت میں گدھ جیسا ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِنَّ البُغاثَ بِاَرضِنا یَستَنسِرُ بغاث"، ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام ہماری زمین میں گدھ ہو جاتا ہے یعنی کمزور قوی ہو جاتا ہے۔

النِّسر: بتثلیث النون والفتح اشہر وافصح۔ گدھ۔ اس کی کنیت ابو الابرد و ابو الاصبع و ابو مالک و ابو المنہال و ابو یحییٰ ہے۔ اور مادہ گدھ کی کنیت اُمّ قشعم"۔ ج نُسُور و اَنسُر و نِسار۔

النَّسر: گھوڑے کے سم کے اندرونی حصّہ میں غدود ج نُسُور۔ النَّسرانِ: دو ستارے جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں۔

النّاسُور: ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے۔ ج نَواسِیر۔

النُّسارِیَّۃ: عقاب۔

المِنسَر والمَنسِر: شکاری پرندہ کی چونچ

المِنسَر والمَنسِر: لشکر کا ایک حصّہ جو بڑے لشکر کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک گھوڑوں کا گلہ۔ ج مَناسِر۔

النِّسرِین: گل سیوتی۔ واحد نِسرِینَۃ۔

النُّسط: وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔

نَسَعَت (ف) نَسعًا و نُسُوعًا و نَسَعَتِ الاَسنانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَع فُلانٌ فِی الارضِ: جانا۔ (نُسُوعًا) الشَّیُٔ: لمبا ہونا۔

اَنسَع الرجلُ: پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں ہونا۔ بادِ شمالی میں داخل ہونا۔

اِنتَسَعَت الاِبلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔

النّاسِع: فا۔ لمبی گردن۔

النِّسع: ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی رسّی یا تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسعۃ کہتے ہیں۔ ج نِسَع و نِسع و نُسُوع و اَنساع۔ و اَنساعُ الطَّرِیقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی ٹانگوں سے پڑ جائیں۔

النِّسع و الرِّیحُ النِّسعیَّۃ والمِنسَع: بادِ شمالی۔

النُّسُوع: مص۔ لمبائی۔

المِنسَعۃ: زمین جس کی پیداوار لمبی لمبی ہو۔

نَسَغ (ف) نَسغًا اللبنَ بالماءِ: دودھ میں پانی ملانا۔ نَسَغہٗ بالسَّوطِ: چابک مارنا۔ فُلانًا بکذا: تہمت لگانا۔ ہٗ بکلمۃٍ: طعن و تشنیع کرنا۔ الخُبزۃ: روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز سے گودنا۔ نَسَغَت الواشمۃُ بالاِبرۃِ: گودنے والی عورت کا سوئی چبھونا۔ فی الارضِ: جانا۔

نَسَغَت و نُسِغَت الاَسنانُ: دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔ نَسَغَت الشَّجرۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔ نَسَغہ: نیزہ مارنا۔

اَنسَغَت الشَّجرۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔ الفَسِیلۃُ: درخت کے پودے کا نرم حصّہ کو نکالنا۔ ہٗ: نیزہ مارنا۔ ہٗ بالسَّوطِ: چابک مارنا۔

اِنتَسَغَتِ الاِبلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: سوچ بچار کرنا۔

النّاسِغ: فا۔ رجلٌ ناسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر ج نُسَّغ۔

النُّسغ: درخت کٹنے کے بعد جو نمی نکلے۔

النَّسِیغ: پسینہ۔

المِنسَغۃ: سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے والی عورت گودتی ہے یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان کرتا ہے۔

نَسَف (ض) نَسفًا البناءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا۔ الجِبالَ: پہاڑوں کو گرا دینا۔ الشَّیَٔ: چھاننا۔ الحَبَّ بالمِنسَفِ: غلّہ کو چھاج سے پھٹکنا۔ (وانسَفَت) الرِّیحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

نَسَفہٗ (ن) نَسفًا و نُسُوفًا: دانت سے کاٹنا۔ نَسَف الاِناءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔

اِنتَسَف البِناءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا۔ الشَّیَٔ: اکھیڑنا۔ اِنتَسَفُوا الکلامَ بَینَہُم: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا۔ الکلامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا۔ الرِّیحُ الشَّیَٔ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

اُنتُسِف لَونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

تَنَسَّف فِی الصِّراعِ: کشتی میں پچھاڑ دینا۔

تَناسَفا الکلامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔

النُّسفۃ بتثلیث النون والنَّسَفۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نُسَف و نُسف و نُسُف و نِساف۔

النَّسِیفۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔

النُّسافۃ: غلّہ کا پھوٹرن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔

النَّسِیف: بھید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ کلامٌ نَسِیفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شیٔ نَسِیفٌ: چھالی ہوئی چیز۔

النَّسُوف: اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ج مَناسِیف۔ عقبۃٌ نَسُوفٌ: لمبی دشوار گزار گھاٹی۔

النَّسّاف و النُّسّاف: ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نَساسِیف

النُّسفان من الآنیۃ: لبالب چھلکتا ہوا

برتن۔
المنسف والمنسف. گدھے کی تھوتھنی۔ ج مناسف. المنسف: چھاج۔ سوپ۔
المنسفة. چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔
نسق (ن) نسقا الدر ونحوه: موتی پرونا۔ الکلام: کلام کو ترتیب دینا۔
نسق الشئ: ترتیب وار رکھنا۔
ناسق بینهما: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔
انسق الرجل: سجع کہنا۔
انتسقت و تناسقت و تنسقت الاشیاء: منظم ہونا۔ بالترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تناسق کلامه اس کا کلام بالترتیب ہے۔ صفت متناسق
النسق. بالترتیب۔ کہا جاتا ہے "جاء القوم و جاءت الخیل نسقا" لوگ بالترتیب آئے۔ گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔ "و غرست النخل نسقا" میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔ "وهذا درّ نسق و کلام نسق و ثغر نسق"
حروف النسق والنسق: حروف عطف۔ کہا جاتا ہے "هذا نسق علی هذا" یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔
النسیق. بالترتیب۔ منظم۔
نسك (ن) نسكا و نسكا و نسكا و نسوكا و نسكة و منسكا الرجل: زاہد و عابد ہونا۔ للّٰه: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا۔ (نسكا) الثوب: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔
البیت: گھر میں آنا۔ طریقة جمیلة: مداومت کرنا۔
نسك (ک) نساكة. زاہد و عابد ہونا۔
تنسك. زاہد و عابد بننا۔
النسك بتثلیث النون والنسك عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النسك. مانوس جگہ۔

النسك والنسك. نذر جو اللہ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ والنسك چاندی سونے کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے "من فعل كذا و كذا فعليه نسك" جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔
النسیك. سونا۔ چاندی۔
النسیكة. ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نسائك.
الناسك. فا۔ عابد۔ زاہد۔ ج نساك.
عشب ناسك: بہت سبز گھاس۔ ارض ناسكة: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔
المنسك. مانوس جگہ۔ (و المنسك) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مناسك و مناسك الحج: افعال و ارکان حج۔
المنسوك. مف ثوب منسوك پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فرس منسوكة: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ ارض منسوكة: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔
نسل (ن) نسلا الصوف او الریش: جھاڑنا اور گرانا۔ الولد و بالولد: جننا۔ الرجل: بہت اولاد والا ہونا۔
نسل (ن) نسولا الریش او الصوف: پر یا اون کا جھڑنا اور گرنا۔
نسل (ض ن) نسلا و نسلا و نسلانا في مشیه: تیز چلنا۔
انسل الصوف او الریش: اون یا پر گرانا۔
الصوف: اون گرانا۔ الولد: پیدا کرنا
في عدوه: تیز دوڑنا۔ القوم: آگے بڑھ جانا
الدابة: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔
تناسل القوم: بعض کا بعض سے پیدا ہونا
بنو فلان: بہت اولاد والے ہونا۔
النسل. مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج انسال.
النسل. مف۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سبز انجیر کا دودھ۔
النسال. گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نسالة.

النسیل. گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النسیلة. نسیل کا واحد۔ اولاد۔ بتی۔ موم سے جدا شدہ شہد۔
النسولة من المواشي: مویشی جو نسل بڑھانے کے لیے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔
الناسل. فا۔ تیز رفتار۔ ج نسل.
النسول والنسال تیز دوڑنے والا۔
نسم (ض) نسما البعیر الارض بخفه: اونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔
نسمت (ض) نسما و نسیما و نسمانا الریح: ہوا کا آہستہ چلنا۔ نسما و نسم (س) نسما) الشئ متغیر ہونا۔ نسم البعیر: سوراخ دار کھر والا ہونا۔
نسم (ک) نسامة المكان: پانی کا رسنا۔
نسم في الامر: شروع کرنا۔ النسمة: زندہ کرنا۔ آزاد کرنا۔ الاسیر: قیدی کو رہا کرنا۔
ناسمه مناسمة و نساما. چپکے چپکے بات کہنا۔
تنسم الرجل: سانس لینا۔ تنسمت الریح ہوا کا آہستہ چلنا۔ الجمر: چنگاری کا بھڑکنا۔ تنسم المكان بالطیب: خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فلان الخبر او العلم: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تنسمت منه علما" میں نے اس سے علم حاصل کیا۔ الریح: بو سونگھنا۔ بو محسوس کرنا
الولد جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔
الناسم. فا۔ قریب الموت مریض۔
النسم. مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج انسام. النسم: ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
النسمة. حمام وغیرہ کے راستے۔
النسمة. زندگی کا سانس۔ ہر جان دار انسان.

ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ ج نَسَم و نَسَمات النَّسَمَۃ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصابَہٗ نَسَمَۃٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔

النَّسِیم۔ مس۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ ج نَسائِم اور بھاری بھرکم آدمی کے لیے کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلِیلُ الظِّلِّ بارِدُ النَّسِیم۔"

المَنِیسَم۔ نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔

الاَناسِم۔ لوگ (نِیسَم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "ما فِی الاَناسِمِ مِثْلُہٗ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔

المَنْسِم۔ لِلْاِبِل: اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج مَناسِم۔ المَنْسِم: علامت۔ راستہ۔ مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلٰی اَیْنَ مَنْسِمُكَ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔

نَسْنَسَ الطّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسْنَسَتِ الرِّیحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسْنَسَ البَعِیرَ: اونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

النَّسْناس۔ شکل انسانی پر ایک خیالی جانور۔ عِنْدَ العامَۃ: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔ نَسْناسُ الاِنْسانِ وَغَیْرِہٖ: مشقت اور صبر۔

النِّسْناس۔ سخت بھوک۔

نَسا یَنْسُو نَسْوَۃً الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔ اَنْساہُ اِنْساءً الشَّیْءَ: چھوڑنے کا حکم دینا۔

النَّسا۔ ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ مثنی نَسَوان و نَسَیان ج اَنْساء۔

النَّسْوَۃ۔ مس۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔

النِّسْوَۃ والنُّسْوَۃ والنِّساء والنِّسْوان والنِّسُون والنِّسْنِین۔ عورتیں (یہ سب المَرْاَۃ کی جمع ہیں) نِسْوَۃ نُسْوَۃ کی طرف نسبت کے لیے نِسْوِیّ و نُسْوِیّ اور تصغیر نُسَیَّۃ نُسَیّات بھی کہا جاتا ہے۔

المَنْسُوّ۔ عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نَسِیَ یَنْسٰی نَسًی۔ مبتلائے عرق النساء ہونا۔ صفت مذکر نَسٍ و اَنْسٰی۔ صفت مؤنث نَسِیَۃ و نَسْیاء۔

نَسٰی یَنْسِی نَسْیًا الرَّجُلَ۔ نسا نامی رگ پر مارنا۔

نَسِیَ یَنْسٰی نَسْیًا و نِسْیانًا و نِسایَۃً و نَسْوَۃً الشَّیْءَ: بھولنا۔

نَسّٰی و اَنْسٰی الرَّجُلَ الشَّیْءَ: فراموش کرانا۔

تَناسٰی۔ اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔

النَّسْیُ والنِّسْیُ۔ بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔

النَّسْیان والنَّسّاء بہت بھولنے والا۔

النَّسِیّ۔ بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔

الاَنْسِیّ۔ پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔

المَنْسِیّ۔ مث۔ بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق النساء۔

المِنْساۃ۔ لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَأَۃ ہمزہ کے ساتھ ہے)

نَشَّ (ن) نَشًّا الدّابَّۃَ چوپایہ کو ہانکنا المِسْكَ و نَحْوَہٗ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔ الشَّیْءَ: ملانا۔

نَشَّ (ض) نَشًّا و نَشِیشًا الماءُ فِی الکُوزِ الجَدِیدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا اللَّحْمُ: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز نکالنا۔ الغَدِیرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا۔ النَّبِیذُ: جوش مارنا الرُّطَبُ: خشک ہونا۔ نَشِیشَتِ اللَّحْمَۃُ: گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔

النَّشّ۔ مس۔ ہر چیز کا نصف۔

النَّشّاش۔ اسم مبالغہ۔ اَرْضٌ نَشّاشَۃٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

النَّشِیش۔ مس۔ پانی کے جوش کی آواز۔

اَرْضٌ نَشِیشَۃٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

المِنَشَّۃ۔ مورچھل۔ چوری۔

نَشَأَ (ف، ک) نَشُؤَ (ک) نَشْأً او نُشُوْءًا و نَشْأَۃً و نَشاءً و نَشاءَۃً الشَّیْءُ: نو پید ہونا۔ زندہ ہونا۔ الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا نَشَأْتُ فِی بَنِی فُلانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم النَّشْءُ۔ نَشَأَتِ السَّحابَۃُ: گھٹا اٹھنا۔

اَنْشَأَہٗ اِنْشاءً۔ پرورش کرنا۔ اَنْشَأَ اللّٰہُ السَّحابَۃَ: گھٹا اٹھانا۔ الشَّیْءَ: نو پیدا کرنا۔ اللّٰہُ الشَّیْءَ: پیدا کرنا۔ الخَلْقَ: شروع کرنا۔ اَنْشَأَ الحَدِیثَ او الکَلامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ اور اسی سے ہے "عِلْمُ الاِنْشاءِ" "زَیْدٌ" عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا۔ فُلانٌ دارًا: تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَأَ فُلانٌ یَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے)

مِنَ المَکانِ: نکلنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ اَیْنَ اَنْشَأْتَ یعنی تم کہاں سے نکلے۔

نَشَّأَہٗ تَنْشِئَۃً۔ پرورش کرنا۔ نَشَّأَ اللّٰہُ السَّحابَۃَ: گھٹا چڑھانا۔

تَنَشَّأَ تَنَشُّؤًا۔ اِلٰی حاجَتِہٖ: اپنی حاجت کے لیے جانا۔

اِسْتَنْشَأَ اِسْتِنْشاءً الاَخْبارَ: خبروں کی حقیقت دریافت کرنا۔ العَلَمَ فِی المَفازَۃِ بلند کرنا۔ فُلانًا قَصِیدَۃً او خُطْبَۃً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔

النَّشْءُ۔ مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَشْءُ سُوْءٍ او مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ ناشی اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو ج نُشُوْء۔

النَّشِیءُ۔ بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔

النَّشْأَۃ والنَّشِیْئَۃ۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَّشِیْئَۃ: ج نَشائۃ۔

النّاشِی۔ فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ نَشْءٌ و نَشَأٌ و ناشِئَۃٌ (خلاف قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَواشِی۔

النّاشِئَۃ۔ ناشِی کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے

بعد اُٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نواشي.

المَنْشأ. پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَولِديْ و مَنْشأي فِيْ بَنِي فُلَانْ.

المُنْشأ والمُسْتَنْشأ. بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔

نَشِبَ (س) نَشَبًا و نُشُوْبًا و نُشْبَةً الشَّئُ فِي الشَّئ: چمٹنا العَظْمُ فِيْ حَلْقِه: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِب فُلَانٌ مَنْشب سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ كَذَا" یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ يَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مر گیا (نُشُوْبًا) الْحَرْبُ بَيْنَ الْقَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا الْاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا فِيْه: خریدنا۔

نَشَّبَهُ وانْشَبَهُ فِيْ كَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ الْبَازِی مَخالِبَهُ فِي الْاَخِيْذَة" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ اَنْشَب الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا۔ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔

نَاشَبَهُ مُناشَبَةَ الْحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔

تَنَشَّبَ فِيْه: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِيْ قَلْبِه حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہو گئی۔

اِنْتَشَبَ فِيْه: چمٹنا الْحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔

تَنَاشَبُوْا. بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے ارد گرد بھیڑ لگائی۔

النَشَب. س۔ (والنَشَبَة) جائیداد غیر منقولہ۔ مال و مویشی۔ النَشَب. ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔

النُشْبة. س۔ (والنُشَبَة) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔

نُشْبة. بھیڑیا کا علم جنس۔

النُشَّاب. تیر۔ واحد نُشَّابَةٌ. ج

نَشَاشِيْب

النَاشِب. فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز۔

النَاشِبَة. ناشب کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔

النَشِب. چمٹنے والا۔

النَشَّاب. بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و تیر انداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔ قَوْمٌ نَشَّابَةٌ: تیر انداز لوگ۔

المَنْشَب. چمٹنے کی جگہ۔

المَنْشَبَة. مال مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ. تیر کی مانند نقش و نگار والی چادر۔

نَشَجَ (ض) نَشْجًا و نَشِيْجًا الْبَاكِي: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا کھد کھدانا نَشَجَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا الْمُطْرِبُ: گویے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔

النَشْج. پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاج.

النَشِيْج. س۔ آواز۔

عَبْرَةٌ نَشُجٌ. آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔

نَشَحَ (ف) نَشْحًا و نُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔

النَشُوْح. تھوڑا پانی۔

النُشُح. مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ.

النَشَّاح من الاٰنِيَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔

نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا و نُشْدَانًا و نِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا فُلَانًا: پہچاننا هُ اللهَ و بِاللهِ: قسم دینا نَشَدَ الرَّجُلَ: کسی سے اَنْشُدُكَ اللهَ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُكَ اللهَ اِلَّا فعلتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو۔ نَشَدَهُ عَهْدَهُ او وَعْدَهُ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔

اَنْشَدَ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا لَنْشَدَهُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَد بِالْقَوْمِ: ہجو کرنا زَيْدًا و لِزَيْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهُ فَاَنْشَدَنِيْ او اَنْشَدَنِيْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔

نَاشَدَهُ مُنَاشَدَةً و نِشَادًا. قسم کھلانا۔ نَاشَدَهُ الْاَمْرَ و فِي الْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

نَنَشَّدَ. الْاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔

تَنَاشَدُوْا. الْاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔

اِسْتَنْشَدَهُ. الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے۔ نَشَدْتُكَ و نِشْدَكَ اللهَ اِلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔

النَاشِد. فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ النَاشِدُوْن: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والے۔

النِشْدَة. س۔ آواز۔

النَشِيْد. آواز کی بلندی (والنَشِيْدَة ج نَشَائِد والْاُنْشُوْدَة. ج اَنَاشِيْد: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِيْدُ الْاَنْشَاد بائبل کی ایک کتاب۔

النَشَّاد. گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔

النُشَادِر والنُوْشَادِر. نوسادر (دخیل)

نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا الْخَبَرَ: افشا کرنا الشَّئَ: بکھیرنا الْخَشَبَ: چیرنا عَنِ الْمَجْنُوْنِ او الْمَرِيْضِ: منتر پھونکنا نَشَرَتِ الرِّيْحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔

نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔ نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرَة: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا الْاَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔

نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا اللهُ الْمَوْتٰى: زندہ کرنا۔ نَشَرَ و نُشِرَ الْمَوْتٰى: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْن.

نَشِرَتْ (س) نَشَرًا المواشي: رات میں چرنے کیلئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔

نَشَّرَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا عن

الْمَرِيْضَ او الْمَجْنُوْنَ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔
اَنْشَرَ اللهُ الْمَيِّتَ: مردہ کو زندہ کرنا الْاَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابل زراعت بنانا الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔
تَنَشَّرَ الشَّئُ: پھیلنا۔
اِنْتَشَرَ الشَّئُ: پھیلنا النَّهَارُ: دن چڑھنا الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔
تَنَاشَرُوا الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔
اِسْتَنْشَرَ الْخبرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔
النَّشْرُ: مص عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لہ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔
النَّشْر والنشر بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جاءُوْا نَشْرًا او نَشَرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشَرُ: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ اضْمُمْ نَشَرِی" اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کردے۔
النَّشْر والنُّشُوْر: مص يَوْمُ النَّشْرِ و يَوْمُ النُّشُوْرِ قیامت کا دن۔
النَّشْرَة. نشر کا اسم مرة۔ بادِ نسیم۔ اشتہار۔ (مولدة) ج نشرات.
النُّشْرَة. افسوں۔ منتر۔
النُّشَارَة. لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔
النَّاشِرَة. الناشر کا مؤنث۔ نَوَاشِر کا واحد۔ نَوَاشِر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔
النَّشُوْر مِنَ الرِّيَاحِ: بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج نُشُر.
النَّشِيْر. ازار۔ تہہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔
التَّنَاشِيْر. بچوں کے سر مشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
الْمِنْشَار. آرہ۔ ج مَنَاشِيْر. الْمِنْشَار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُوْ مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔
الْمَنْشُوْر. ج کھلا ہوا شاہی فرمان۔
الْمَنْشَر. مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔
الْمَنْشُوْرَة. الْمَنْشُوْر کا مؤنث۔ سخی و شریف عورت۔
النِّشْوَار. جانوروں کا اصطبل۔
نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فی او عن مَكَانِه: بلند ہونا الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا الْقَوْمُ فِیْ مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لیے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔
نَشَزَتْ نَفْسُهٗ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔
نَشَزَت (ن ض) نُشُوْزًا المَرْأَةُ بزَوْجِهَا و مِنْهُ و عَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت ناشز و ناشزة ج نَوَاشِز. نَشَزَ بَعْلُهَا عليها و منها: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا بالْقَوْمِ فِی الْخُصُوْمَة: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اُٹھ کھڑا ہونا۔
نَشَزَ (ض) نَشْزًا بقرنه: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔
اَنْشَزَ الشَّئَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔
اللهُ عظامَ الْمَيِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
النَّشْز: مص ج نُشُوْز و النَّشَز ج نِشَاز وانْشَاز: بلند جگہ مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔
النَّشَاز. بلند جگہ۔
النَّاشِز. فا۔ جگہ سے ابھرا ہوا۔ نمایاں۔
عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔
النشيزة والنشزة من الدواب: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے
نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا النَّفْسُ: دھڑکنا الصُّوْفُ او الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّئَ: نکالنا فُلَانًا: نیزہ مارنا عَنْ بَلَدِه: شہر مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَت المَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا۔ صفت ناشص.
اَنْشَصَهٗ عَنْ بَلَدِه او بَيْتِه: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔
نَشَّصَهٗ. بلند کرنا۔
تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔
اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَنْشَصَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔
النَّشَاص والنِّشَاص. بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُص و نَشَائِص.
النَّشُوْص والنَّشِيْص. کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔
نَشِطَ (س) نَشَاطًا. ہشاش بشاش ہونا فی عَمَلِه او الی عَمَلِه: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت ناشِطٌ و نَشِيْطٌ. نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔
نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نشط بِهِمُ الطَّرِيْقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا الْعُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا زَيْدًا: نیزہ مارنا۔ نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا ہٗ الی او فی الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔
اَنْشَطَهٗ: چست بنانا۔ اَنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ اَنْشَطَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا

البعیر مِن عِقالہٖ اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا الکَلَأُ الدّابّۃَ: موٹا کرنا۔

تنَشّط للعمل ہشاش بشاش ہونا۔ تیار ہونا۔ "تَنَشّطتِ النّاقۃُ فِی سَیرِھَا" اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ تَنَشّط الْمفازۃَ: تیز دوڑنا۔ بیابان کو عبور کرنا۔

انتَشط الحبلَ رسی کو کھولنے کیلئے کھینچنا الحبلَ رسی کا کھلنا النّشیطۃَ بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا السمکۃَ: مچھلی کے سِفنے اتارنا الشئَ چھیننا۔ مضبوط کرنا فلانًا الی کذا کھینچنا یا بلند کرنا۔ انتشطت الحیّۃُ فلانًا: سانپ کا ڈسنا۔

اِستَنشط الجلدُ کھال کا سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔

النّشط مص جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔

النّاشط فا۔ چست۔ پھرتیلا۔ جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔ طریق ناشط بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔

النّاشطۃ۔ النّاشط کا مؤنث ج ناشطات و نواشط۔ والنواشط مِن المسائل بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا ناشطۃ ہے۔

النّشیط چست پھرتیلا۔ چست اہل و عیال والا یا چست جانوروں والا۔ ج نِشاط و نَشاطی

النّشوط ایک قسم کی مچھلی۔ بئرٌ نشوطٌ: گہرا کنواں۔

بئر انشاط و انشاط کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔

النّشیطۃُ: النّشیط کا مؤنث۔ مال غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔

الاُنشوطۃ گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے "ما عقا لک بانشوطۃ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ج اناشیط۔

المُنشط بہت چست۔

المَنشط خوش دلی۔ کہا جاتا ہے "افعلوا ذٰلک علی المنشط والمکرہ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔

نشط (ن) نشوط النبات نباتات کا نمودار ہونا۔

نشغ (ف) نشغا لرّجلُ سسکی لینا۔ الشئَ سختی سے کھینچنا الطیبَ خوشبو سونگھنا فلانًا الدّواءَ دوا منہ میں ٹپکانا ہ الکلامَ تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

نشغ (ف) نشوغا قریب الموت ہو کر صحت پانا۔

نشغ نشعا بکذا مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت منشوع بہ

انشعہ الدّواءَ منہ میں دوا ٹپکانا ہ الکلامَ تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

انتشغ ناک میں دوا ٹپکانا الشئ سختی سے کھینچنا۔

النّشوغ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلادے۔

النّاشع ابھرا ہوا۔

النّشع خراب مزے کا پانی۔

النُّشاعۃ ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔

المِنشع و المنشعۃ منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن۔

نشغ (ف) نشعا الماءَ پانی بہنا ہ بالرّمح نیزہ مارنا ہ الکلامَ: تلقین کرنا۔ سجھانا الصّبیَّ بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا الماءَ اوک سے پانی پینا الرّجلُ سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے۔

نُشغ الصّبیُّ بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا بالشئ مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت منشوغ بہ۔

انشغ عنہ علیحدہ ہونا ہ الکلامَ: تلقین کرنا۔ سجھانا۔

تنشّغ سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے (و ناشغ و انتشغ) الکلامَ سیکھنا اور حاصل کرنا۔

النّاشغ فا۔ ج نُشّغ مؤنث ناشغۃ ج نواشغ و ناشغات۔ النواشغ وادی میں بہنے کی نالیاں۔

النّشغۃ لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی۔ ج نشغات۔

النّشوغ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

المنشغ و المنشغۃ منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔

نشف (س) و نشف (ن) نشفا الثّوبُ العرقَ او الحوضُ الماءَ کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا الماءُ فی الارض جذب ہونا۔ نشفت البئرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔

نشف (ض) نشفا الماءَ پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔

نشّف الماءَ پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نشّفت النّاقۃ زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنشّف۔ جھاگ والے دودھ والی ہونا۔

انشفہٗ جھاگ والا دودھ پلانا۔

تنشّف الثّوبُ العرقَ کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا الرّجلُ چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

انتشف جھاگ والا دودھ پینا الوسخَ و نحوَہٗ میل وغیرہ صاف کرنا۔

النّشف پانی کا جذب ہونا۔

النّشفۃ و النُّشفۃ تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشفۃ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النّشفۃ بتثلیث النون والنّشفۃ جھانواں۔ ج نشف و نشف و نشف و

نُسف و نشاف.

النُشفة والنَشافة. پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔

النُشفة والنُشافة. دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُشافة: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

اَرْضٌ نَشِفَة پانی جذب کرنے والی زمین۔

المِنشفة. رومال۔ تولیہ (مولدہ) ج مناشِف.

النَشّاف. وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے۔

نَشِقَ (س) نَشْقًا و نَشَقًا الرِّیحَ: بو سونگھنا۔ فِی الحبالة پھندے میں پھنسنا۔

اَنشقه المسك ونحوهٗ: مشک وغیرہ سونگھانا الظبی فی الحبالة: ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے "انشقتهٗ الحبالة" اس کو جال نے پھنسالیا۔ و النشوقَ: نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ و اِنْتَشَقَ و اِسْتَنْشَقَ الماءَ فی انفه. ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ و اسْتَنْشَقَ الرِّیحَ او النَّشُوقَ. بو یا نسوار سونگھنا۔

النُشقة. بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَق.

النَشِق. وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پا سکے۔

النَشق و النشق. سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رائحة مکروهة النشق"

النَشُوق. نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔

المَنشَق. ناک۔ ج مناشِق.

المِنشقة. وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نشل (ن) نُشولًا الرجلُ. دبلا ہونا۔ نشلت الفخذ. کم گوشت والی ہونا۔ صفت ناشلة.

نشل (ض ن) نشلًا الشیءَ. جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا الخاتمَ. انگوٹھی اتارنا نشلت الحیة الرجلَ: سانپ کا ڈسنا اللحمَ. گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

اَنشل و انتشل اللحم من القدر: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا ما علی العظم بفیه. دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَشِل. مہ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النشّال. اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَشِیل. کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

المنشلة. انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

المِنشَل و المِنشال. کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مناشِل.

نَشِمَ (س) نشما الثورُ. بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِم.

نَشَّمَ اللحمُ. گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا الارضُ. زمین سے پانی کا رسنا۔ فی فلان: بدگوئی کرنا فی الشر. برائی میں مشغول ہونا اللهُ ذکرَ فلان. بلند کرنا۔ شہرت دینا (و تنشّم) فی الامر. شروع کرنا۔ تنشّم منهٗ علمًا. حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النشم. مہ۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "یدی نشمة من الجبن و نحوه" یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

المَنْشِم و المَنشَم. ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنشِم. ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اشأم من عطر منشم" المنشم: حبّ بلسان.

نَشْنَش نشنشة الجلد. کھال اتارنا۔ الشیءَ: زور سے ہٹانا الثورَ: بیل کو ہانکنا دھتکارنا الثوبَ. کپڑے اتارنا الوعاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا السلبَ. لینا۔ نشنشت القدرُ. ہانڈی کا اُبال میں آواز نکالنا۔ نشنش الرجلُ. کام میں جلدی کرنا اللحمَ. گوشت کو جلدی کھانا الجاریةَ. جماع کرنا۔

تنشنش مطاوع نشنش الشجر: درخت سے چھال اتارنا۔

النشنشة. مہ۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النشناش والنشنش والنشنشیّ: عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ ارضٌ نشناشة: زمین شور۔

نشی ینشی نشوة و نِشوة و نُشوة و تنشّی و انتشی و استنشی الریح: سونگھنا نشی بالشیءِ. بار بار کرنا۔

نشی ینشی نشوا و نشوة و نِشوة و نُشوة و نشی و تنشّی و انتشی. مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نشی من الشراب" وہ شراب سے مست ہوا۔

نشی و استنشی الخبر. خبر دریافت کرنا۔

النَشا. عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج انشاء (والنشاء) نشاستہ۔

النشاة. خشک درخت۔ ج نشا.

النشوة. اسم مرة۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔

النشوة. تازہ خبر۔

النشیة. بو۔ ج نشایا.

النشوان. مست۔ مؤنث۔ نشوی. ج نشاوی.

النشیان. پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فلان نشیان للاخبار او بالاخبار"

نصّ (ن) نصًّا الشیءَ. بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا الحدیثَ. حدیث کی سند بیان کرنا الرجلَ. پوری طرح سے دریافت کرنا الناقةَ. اونٹنی کو تیز دوڑانا المتاعَ. سامان

تہ بتہ رکھنا۔ العروس دلہن کو حجلۂ عروسی میں بٹھانا۔ فلان غنقہ گردن اٹھانا۔ الشئی ظاہر ہونا۔
نصّ (ض) نصیصا الشواءُ علی النار: بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نصّت القدرُ ہانڈی کا جوش مارنا۔
نصّص و ناصّ مناصّۃً غریمہ قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نصّص المتاع سامان تہ بتہ رکھنا۔ نصّص فلان تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
انتصّ الشئی بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ انتصّ الرُمح کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ انتصّت العروسُ دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔
تناصّ القومُ ہجوم کرنا۔
النصّ مصرّح کلام۔ ج نصوص۔
والنصّ من کل شئی: انجام۔ انتہا۔
النصّ من الکلام ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔
النصّۃ اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔
النُصّۃ ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نصص و نصاص۔
النصیص۔ نصیصُ القومِ لوگوں کی تعداد۔
المنصّۃ حجلہ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
المنصّۃ دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مناصّ اور کہا جاتا ہے "وضع فلان علی المنصّۃ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النصّاص ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "ھو نصّاص الانف"
المنصوص تصریح شدہ۔ معین۔
نصاہ (ف) نصواً پیشانی کے بال پکڑنا۔ الرجل ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نصبۃ (ض ن) نصباً المرض او الھمّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نصب الشئی بلند کرنا۔

کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ الشجرۃ پودہ لگانا۔ لہ الحرب کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا۔ لہ الشرّ برائی ظاہر کرنا۔ لفلان: لہ رایا رائے دینا۔ دشمنی کرنا۔ الکلمۃ کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا۔ الامیرُ فلانا کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نصب (س) نصبا تھک۔ فی الامر کوشش کرنا۔
نصّب الشئی رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نصّبت الخیلُ آذانھا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کیے۔ الامیر فلانا کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
انصبہ تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا۔ ہٗ المرض۔ تکلیف دینا۔ انصب الحدیث سند بیان کرنا۔ السکین چھری کا دستہ لگانا۔
ناصبہ مناصبۃ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ ہٗ الحرب او العداوۃ لڑائی کا اعلان کرنا۔ دشمنی ظاہر کرنا۔
انتصب کھڑا ہونا۔ بلند ہونا۔ الحرف حرف پر زبر ہونا۔ الطاھی پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔
تنصّب کھڑا ہونا۔ الغبارُ و نحوُہٗ بلند ہونا۔
تناصبوا الشئی باہم تقسیم کرنا۔
النصب مص کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ عند النحاۃ ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نصب العرب ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النصب حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النُصب و النُصُب کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ھذا نصبُ عینی" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج انصاب۔
مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُصُب حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نصاب کی جمع۔
الانصاب پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کیے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔

النَصَب مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج انصاب
النَصِب بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَصْبۃ نصب کا اسم مرۃ۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لیے پودہ۔
النِصْبۃ گاڑنے کی نوعیت۔
النُصْبۃ ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ ج نصب۔
النصاب پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔
النِصاب اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتداء۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوۃ واجب ہو۔ ج نصب۔
النصیب حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ج انصبۃ و انصباء و نصب۔
النصیبۃ حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نصائب
الناصب فا۔ تیز رفتار۔ ھمّ ناصبٌ: تھکا دینے والا غم عند النحاۃ: نصب دینے والا عامل ج نواصب۔
النصّاب ہر کام میں خود گھسنے والا۔
الاناصیب و التناصیب راستہ پر کھڑے کیے ہوئے نشانات۔
الانصب سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نصباء۔ و ناقۃ نصباء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔
المَنصِب اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے منصب بمعنے عہدۂ حکومت ج مناصب۔ کہا جاتا ہے "لفلان منصب" یعنی فلاں کے لیے علو مرتبہ ہے۔
المِنصب دیگدان آہنی۔ ج مناصب
المُنصَب رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عیش ذو منصبۃ" رنج و کلفت والی زندگی۔
المُنصّب۔ اسنانٌ منصّبۃ خوبصورت ترتیب وار دانت۔

الْمَنْصُوْب. مع. وہ کلمات جن پر نصب ہو۔
الْمَنْصُوْبَة. الْمَنْصُوْب کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوّٰی لَهٗ مَنْصُوْبَةً" اس نے اس کے لیے حیلہ سوچا۔
نَصَتَ (ض) نَصْتًا و اَنْصَتَ و اِنْتَصَتَ لَهٗ: بات سننے کے لیے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهٗ: خاموش کرنا۔
تَنَصَّتَ. خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَنْصَتَ. خاموش کھڑا ہونا ہٗ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔
النُّصْتَة. خاموشی۔
نَصَحَ (ف) نُصْحًا و نُصُحًا و نَصَاحَةً و نِصَاحَةً و نَصَاحِيَةً. فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ و نُصَّحٌ. کہا جاتا ہے "لَا اُرِيْدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔
نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصُوْحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا تَوْبَتَهٗ: پختہ توبہ کرنا الْعَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا الثَّوْبَ: کپڑا سینا الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔
نَاصَحَهٗ مُنَاصَحَةً. ایک دوسرے کو نصیحت کرنا نَفْسَهٗ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔
اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الْإِبِلَ: سیراب کرنا۔
تَنَصَّحَ. بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔
اِنْتَصَحَ. نصیحت قبول کرنا فُلَانًا خیر خواہ سمجھنا۔
اِسْتَنْصَحَهٗ. خیر خواہ سمجھنا۔
النِّصَاح. دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَةٌ.
النِّصَاحَات. چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة.
النَّاصِح. خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔
النَّاصِح والنَّصَّاح والنَّاصِحِيّ. درزی۔
النَّصِيْح. خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.
النَّصُوْح. نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث)
تَوْبَةٌ نَصُوْحٌ: خالص توبہ۔
النَّصِيْحَة. اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِحُ.
غُيُوْثٌ نَوَاصِحُ. لگاتار بارشیں۔
الْمِنْصَحُ والْمِنْصَحَة. سوئی۔
الْمُتَنَصَّح. مع. ثَوْبٌ مُتَنَصِّحٌ. پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِيْ ثَوْبِهٖ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔
نَصَرَهٗ (ن) نَصْرًا. مدد کرنا ہٗ مِنْ و عَلٰى عَدُوِّهٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نصر الْغَيْثُ الْاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔
فُلَانًا: دینا۔
نُصِرَتِ الْاَرْضُ. بارش ہونا۔
نَصَّرَهٗ. نصرانی بنانا۔
نَاصَرَهٗ مُنَاصَرَةً. ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَنَصَّرَ. نصرانی ہونا۔ تنصر لَهٗ: مدد کی کوشش کرنا۔
تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَار" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔
اِنْتَصَرَ. مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا مِن عَدُوِّهٖ: دشمن سے بدلہ لینا عَلٰى خَصْمِهٖ: غالب ہونا۔
اِسْتَنْصَرَهٗ. مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهٖ: فریاد کرنا فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔
النَّصْر. مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ و قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ و قَوْمٌ نَاصِرُوْن. جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔
النَّصْرَة. نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔
النُّصْرَة. مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔
النَّصْرَانِيّ: شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ج نَصَارٰی مؤنث نَصْرَانِيَّة.
النَّصْرَانِيَّة. نصاریٰ کا دین۔
النَّصْرَان. نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَة.
النَّاصِر. فا۔ ج نَاصِرُوْنَ و نُصَّار و نَصْر و اَنْصَار والْاَنْصَار عَلَى الْاِطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لیے اَنْصَارِيّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر. کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِيَ النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔
النَّاصِرَة النَّاصِر کا مؤنث۔ و ناصرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے نَاصِرِيّ.
النَّصُوْر والنُّصَر. مددگار۔
النَّصِيْر. مددگار۔ ج نُصَرَاء و اَنْصَار.
النَّصِيْرَة. النَّصِيْر کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر.
النُّصَيْرِيَّة. غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيّ.
النَّاصُوْر. ناسور۔ ج نَوَاصِير
النَّصَّار. بہت مدد کرنے والا۔
الْاَنْصَر. غیر مختون۔
الْمَنْصُوْر. مع. اَرْضٌ مَنْصُوْرَةٌ: بارش شدہ زمین۔
نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا و نَصَاعَةً الشَّيْءُ: خالص ہونا (نُصُوْعًا) الْاَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی

حق ظاہر ہو گیا اللَّونُ: بہت سفید ہونا الشَّارِبُ پیاسے کا پیاس بجھانا لِامُّ بِهِ: جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُمًّا نَصَعَتْ بِهِ" اللہ اس ماں کا بُرا کرے جس نے اس کو جنا ہے (و اَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔
اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔
النَّصْع والنِّصْع والنُّصْع: بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔
النِّصع: چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔
النَّاصِع والنَّصِيع: خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَرُنَا صِعٌ اَبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ خالص حسب۔ کہا جاتا ہے حُمْرٌ نَصَّاع یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَةٌ نَصَّاعَةٌ: خالص سُرخی۔
المَنَاصِع: قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع۔
نَصَفَهُ (ن ض) نَصْفًا: آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمْرِیْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ و "نَصَفْتُ الْكِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا (نَصْفًا و نَصَافًا و نِصَافًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
نَصَفَ (ن) نَصْفًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً الشَّئَ: آدھا لینا الْقَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔ الشَّئَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔
القَدَحَ: پیالہ سے آدھا پینا (ن) نَصَفَ نُصُوْفًا) النَّخلُ: کچھ سُرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔
نَصَّفَ الشَّئَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا رَاسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا۔ ادھیڑ عمر والا ہونا الرَّجُلُ۔ الجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھانا النَّخلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

اَنْصَفَ الشَّئُ: آدھے تک پہنچنا الشَّئَ: آدھا لینا الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا المُسَافِرُ: آدھے دن چلنا الخَصْمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا فُلَانًا: خدمت کرنا المَاءَ الْاِنَاءَ: آدھے تک بھرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْصَفْتُ المَاءَ الْاِنَاءَ" آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔
نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً: آدھا آدھا بانٹنا نَاصَفَهُ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔
تَنَصَّفَ الْاَمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا الرَّجُلَ: خدمت کرنا فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا الشَّئَ: آدھا لینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔
اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا الشَّئَ: آدھا لینا۔
تَنَصَّفَ و اِنْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتِ و اِنْتَصَفَتِ الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔
تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔
اِسْتَنْصَفَ: انصاف کرنا مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔
النِّصْف۔ بتثليث النون: کسی چیز کا آدھا ج اَنْصَاف۔
النَّصَف: درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْنَ و اَنْصَافٌ و اِمْرَاَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ و نُصُفٌ و اَنْصَافٌ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانَةً لَعَلٰى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے
(والنَّصَفَة) انصاف وعدل۔
النَّصَف وَقَدْ تُثَلَّثُ النُّوْنُ: انصاف رَجُلٌ نَصَفٌ: درمیانی عمر یا قد والا۔ اور اسی طرح کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ نَصَفٌ و رِجَالٌ او نِسَاءٌ نَصَفٌ" واحد ہی کا لفظ مذکر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔
النَّصِيف: آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ مِنَ الْبُرْدِ: دو رنگوں والی چادر۔
النَّاصِف: فا۔ خادم ج نَصَفٌ و نَصَفَةٌ و نُصَّافٌ۔
النَّاصِفَة: النَّاصِف کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ المَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِف۔
النَّصْفَان مِنَ الْآنِيَةِ ونَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفٰى
الاَنْصَف: بہت انصاف کرنے والا اور یہ اَنْصَفَ سے اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔
المَنْصَف والمَنْصِف مِنَ الطَّرِيْقِ: راستے کا آدھا۔
المِنْصَف والمَنْصَف: خادم۔ مؤنث۔ مَنْصَفَةٌ ج مَنَاصِف۔
المُنَصَّف: مئ۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔
مُنْتَصَفُ الشَّئِ و مَنْصَفُهُ: ہر چیز کا درمیان۔
الاِرْث والوِرْث والوِرَاثَة والتُّرَاث مصادر۔ میت کا ترکہ۔

الوَارِث. فا۔ ج وَرَثَة و وُرَّاث.

المِيْرَاث. میت کا ترکہ۔ ج مَوَارِيْث.

المَوْرُوْث. مف۔ ترکہ چھوڑنے والا۔ میراث۔

وَرِخَ يَوْرَخُ وَرَخًا و تَوَرَّخَ الْعَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا ڈھیلا ہونا۔

وَرَّخَ الْكِتَابَ: ایک لغت ہے اَرَّخَهُ میں۔

اَوْرَخَ الْعَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا۔

تَوَرَّخَتْ تَوَرُّخًا وَاسْتَوْرَخَتْ اِسْتِيْرَاخًا الْاَرْضُ: تر ہونا۔

التَّارِيْخ. دیکھئے مادہ ارخ۔

مَكَانٌ وَرِخٌ. گنجان گھاس والی جگہ۔

الوَرِيْخَة. نرم زمین۔ ڈھیلا گندھا ہوا آٹا ج وَرَائِخ.

وَرَدَ يَرِدُ وُرُوْدًا الْمَاءَ: پانی پر آنا۔ صفت وارد الْمَاءَ وَغَيْرَهُ: متوجہ ہونا۔ قریب آنا۔ پہنچنا۔ اسم۔ الوِرْد الرَّجُلُ: حاضر ہونا: وَرَدَتِ الْحُمّٰى: باری سے آنا الشَّجَرَةُ پھول والا ہونا اور "وَرَدْتُ الْبَلَدَ" (میں اس شہر میں پہنچا) و وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ (میرے پاس خط آیا) مجاز ہیں۔

وُرِدَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔ وُرِدَ عَلَيْهِ بِفُلَان: لایا جانا۔

وَرُدَ يَوْرُدُ و رُوْدَةً و اِيْرَادَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا سرخ زردی مائل ہونا۔

وَرَّدَ الشَّجَرُ: درخت میں پھول نکلنا۔

وَرَّدَتِ الْمَرْأَةُ: رخسارے سرخ کرنا۔ وَرَّدَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گلابی رنگنا۔

وَارَدَ مُوَارَدَةً الرَّجُلَ: کسی کے پاس آنا۔ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: دوسرے شاعر کے شعر کے مانند بغیر سنے ہوئے شعر کہنا۔

اَوْرَدَهُ اِيْرَادًا. گھاٹ پر لانا۔ پھر مطلقاً حاضر کرنے کے معنے میں مستعمل ہونے لگا۔ الْمَاءَ: پانی پر لانا۔ اَوْرَدَ الْكَلَامَ: تصریح کرنا الشَّئَ: ذکر کرنا الْخَبَرَ: بیان کرنا۔

تَوَرَّدَ گھاٹ پر آنے کو کہنا الْمَاءَ: پانی پر آنا

الْخَيْلُ الْبَلْدَةَ: آہستہ آہستہ داخل ہونا
الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا۔ گلگوں ہونا۔

تَوَارَدَ الْقَوْمُ اِلَى الْمَكَان: یکے بعد دیگرے آنا۔ تَوَارَدُوا الْمَاءَ: پانی پر اکٹھا پہنچنا۔ تَوَارَدَ الشَّاعِرَان: بغیر سنے ہوئے لفظ اور معنی میں متفق ہونا۔

اِسْتَوْرَدَ الْمَاءَ: پانی پر پہنچنا۔ ہٗ: گھاٹ پر لے جانا الضَّلَالَةَ: مبتلائے گمراہی ہونا فُلَانًا الضَّلَالَةَ: مبتلائے گمراہی کرنا۔

الْوَرْد ج وُرْد و وِرَادٌ و اَوْرَادٌ: زعفران۔ شیر۔ بہادر۔ دلیر۔ مِنَ الْخَيْل: سرخی زردی مائل گھوڑا ج وُرُوْدٌ: درخت کی کلی۔ گلاب۔ واحد وَرْدَةٌ. وَرْدٌ ذَفْرَاء: ایک قسم کا پھول۔

الْوِرْد. بخار۔ پانی پر پہنچنا۔ وظیفہ۔ ج اَوْرَاد پیاس۔ پانی کا حصہ۔ وہ پانی جس پر لوگ پہنچیں۔ پانی پر پہنچنے والے لوگ یا اونٹ۔ لشکر۔ پرندوں کی ڈار۔

بِنْتُ وَرْدَان. گبریلا۔ ج بَنَاتُ وَرْدَان.

الْوُرْدَة. گھوڑے کا سرخ رنگ۔

الْوَرْدِيُّ. گلابی رنگ والی چیز۔ مؤنث وَرْدِيَّةٌ.

الْوُرُوْد. تیز رفتار اونٹ۔

الْوَرِيْد. گردن کی رگ۔ اور اس کو حَبْلُ الْوَرِيْد بھی کہتے ہیں "وتین" اسی کے مترادف ہے۔ اور یہ دو ہوا کرتی ہیں۔ ج اَوْرِدَةٌ و وُرُدٌ و وُرُوْدٌ. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْتَفِخُ الْوَرِيْد" یعنی غضبناک بد خلق مرد۔

الْوَرْدِيَّةُ گلاب کے پھولوں کی ایک قسم جو کہ زیادہ تر جنگلات میں ہوتی ہے اور کچھ باغوں میں لگاتے ہیں۔

الْوَارِد. فا۔ ج وُرَّاد و وِرَاد و وُرُوْد و وَارِدَةٌ. الْوَارِد دلیر بہادر۔ راستہ۔ لمبے لٹکے ہوئے بال وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِدُ الْاَرْنَبَة" یعنی لمبی ناک والا۔ اور ہر طویل کو "وَارِد" کہتے ہیں۔

الْوَارِدَة. وارد کا مؤنث راستہ۔ پانی پر جانے والی قوم۔

الْوَرْدِيَّاتُ. بدوقلنوں والے پودے اور مختلف چھوڑے درخت جیسے گلاب سیب زرد آلو باجرہ اور بھی۔

الْمَوْرِد. گھاٹ۔ پانی کی طرف کا راستہ ج مَوَارِد.

الْمَوْرِدَة. پانی کی طرف کا راستہ۔ ہلاکت۔

الْمُوَرَّد. مع۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مُوَرَّدَ الْقَذَال" وہ اس حال میں واپس ہوا کہ اس کی گدی طمانچوں سے سرخ تھی۔

وَرِسَ يَوْرَسُ وَرَسًا الصَّخْرُ: چٹان کا کائی سے سبز اور پھسلن والا ہونا۔

وَرَسَ (ض) وُرُوْسًا النَّبْتُ: نباتات کا سبز ہونا۔

وَرَّسَ الثَّوْبَ: کپڑے کو ورس سے رنگنا۔

اَوْرَسَ الشَّجَرُ: پتوں والا ہونا الْمَكَانُ: ورس والی ہونا۔

الْوَرْس. ایک قسم کی گھاس تل کے مانند ہے جس سے رنگائی کا کام لیتے ہیں۔

الْوَارِس والوَرِس. سرخ۔ وَارِسُ الْحُمْرَة: بہت سرخ۔

الْوَرْسِيّ والوَرِيْس والمُوَرَّس. ورس سے رنگا ہوا۔

وَرِشَ يَرِشُ وَرْشًا. لالچ کرنا اور ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا شَيْئًا مِنَ الطَّعَام: حرص سے کھانا ہٗ بِفُلَان: بھڑکانا عَلَى الْقَوْم: بغیر بلائے ہوئے کھانے کے وقت پہنچ جانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ عَلَيَّ" میری گفتگو کو قطع مت کرو۔

وَرِشَ يَوْرَشُ وَرَشًا. چست و چالاک اور خوش ہونا۔ صفت وَرِشٌ. مؤنث وَرِشَةٌ. ج وَرِشَاتٌ.

وَرَّشَ تَوْرِيْشًا بَيْنَ الْقَوْم: بھڑکانا۔ اکسانا۔ اور واؤ کو ھمزہ سے بدل کر اَرَّشَ تَارِيْشًا بھی کہا جاتا ہے۔

الوَرْش. س۔ ایک قسم کا کھانا جو دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

الوَرَش. س۔ پیٹ کا درد۔

الوَرَشَان. قمری۔ مؤنث وَرَشَانَةٌ ج وِرْشَان و وَرَاشِيْن.

وَرَصَت تَرِصُ وَرْصًا و وَرَّصَتْ و اَوْرَصَتِ الدَّجَاجَةُ: یکبارگی انڈے دینا۔

الوَرْص. پاخانہ۔ ج اَوْرَاص.

وَرَّضَ. چراگاہ تلاش کرنا۔

وَرَّطَهٗ وَاَوْرَطَهٗ. ہلاکت میں ڈالنا۔ اَوْرَطَ الشَّيْءَ: چھپانا۔ وَرَّطَ اِبِلَهٗ فِي اِبِلٍ اُخْرٰى: دوسرے اونٹوں میں اپنے اونٹوں کو رلا ملا دینا۔

وَارَطَهٗ وِرَاطًا و مُوَارَطَةً. فریب دینا۔

تَوَرَّطَتِ الْمَاشِيَةُ: کیچڑ کی جگہ میں پھنسنا۔ یا ایسی جگہ میں پھنسنا جہاں سے رہائی نہ ہو سکے۔

تَوَرَّطَ الرَّجُلُ: کیچڑ میں پھنسنا یا مشکل میں پھنسنا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَوْرَطَ فِي اَمْرٍ: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو سکے۔ ہلاک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوْرَطَ فِي حِبَالَتِي" وہ میرے جال میں پھنس گیا۔

الْوَرْطَة. کیچڑ۔ سخت کیچڑ جس میں بکری پھنس جائے اور چھوٹ نہ سکے۔ پست زمین جس میں کوئی راستہ نہ ہو۔ کنواں۔ تنگ گڑھا۔ ہلاکت۔ ہر مشکل کام جس سے رہائی دشوار ہو۔ دبر۔ ج وَرَطَات و وِرَاط.

الوِرَاط. دھوکا فریب۔

وَرِعَ يَرِعُ و يَوْرَعُ وَوَرَعَ يَرَعُ وَوَرُعَ يَوْرُعُ وَرَعًا و وَرْعًا و وُرُوْعًا و وُرُوْعًا. پرہیز گار ہونا۔ گناہوں سے دور رہنا۔ شبہات اور معاصی سے بچنا۔ صفت وَرِعٌ.

وَرَعَ يَرَعُ وِرَاعَةً عَنْ كَذَا: رکنا۔ وَرِعَ يَرِعُ وَوَرُعَ يَوْرُعُ وَرْعَةً و وِرَاعَةً و وُرْعَةً و وَرَاعًا و وُرُوْعًا وُرْعًا و وُرُوْعًا. کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ حقیر ہونا۔

وَرُعَ يَوْرُعُ وَرَاعَةً و وُرْعًا و وُرُوْعًا. معمولی مال والا ہونا۔

وَرَّعَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا

الإبلَ عَنِ الماءِ اونٹوں کو پانی پر سے واپس لانا (واَوْرَعَ) فُلاناً عَنْ كَذا روکنا بَينَهُما روک بن جانا۔ کہا جاتا ہے "ما وَرَّعَ انْ فَعَلَ كَذا و كَذا" وہ ایسا اور ایسا کرنے سے نہیں رکا۔
وَارَعَهُ مُوارَعةً گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔
تَوَرَّعَ مِنْ اَوْ عَنْ كَذا پرہیز کرنا۔
الوَرَع. س۔ پرہیزگاری۔ رَجُلٌ وَرَعٌ: بزدل۔ کمزور۔ نکما۔ ج اَوْراع (والرِّعَةُ والرِّيعَةُ) گناہ اور شبہات سے بچنا۔
الرِّعَة. حالت۔ تم کہتے ہو "فُلانٌ حَسَنُ الرِّعَةِ اَوْسيئُ الرِّعَةِ" فلاں کی حالت اچھی یا بری ہے۔
الوَرِع. پرہیزگار۔
الوَرِيع. روکنے والا۔
وَرَفَ يَرِفُ وَرْفًا و وَرِيفًا و وُرُوفًا وَرِفَةً الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا النَّباتُ: نباتات کا سرسبز ہونا اور لہلہانا۔ صفت وَارِف.
وَرَّفَ الْاَرْضَ: زمین کو تقسیم کرنا النَّباتُ النَّاضِرَ: تازہ نباتات کو چوسنا (واَوْرَفَ) الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا۔
الوَرْف. س۔ جگر کے اطراف کا پتلا حصہ۔
وَرْفُ الشَّجَر ووَرَفُهُ. درخت کی خوشنمائی۔
الرِّفَة. س۔ سرسبز پودہ۔
الرُّفَة. خشک گھاس۔
وَرَقَ يَرِقُ وَرْقًا الشَّجَرُ: پتے دار ہونا۔ الشَّجَرَ: درخت سے پتے لینا۔
وَرَّقَ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا الشَّجَرَ: درخت سے پتے لینا۔
اَوْرَقَ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا الرَّجُلُ: بہت مال و دولت والا ہونا الطَّالِبُ: محروم رہنا الصَّائِدُ: شکار نہ کرنا الغَازِي: بغیر مال غنیمت کے لوٹنا۔ مال غنیمت حاصل کرنا۔
تَوَرَّقَ الظَّبْيُ: ہرن کا پتے کھانا۔
اِيرَاقَّ و اَوراقَّ يُورَاقُّ اِيرِيقَاقًا العِنَبُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ صفت مُوْرَاقّ.

الوَرْق والوِرْق والوُرْق والوَرِق. چاندی کا سکہ۔ ج اَوْراق ووِراق.
الوَرَق. چاندی کا سکہ۔ ج اَوْراق. وَرَقُ الشَّجَرِ درخت کا پتا۔ وَرَقُ الكِتابِ: کتاب کا ورق۔ واحد الوَرَقة ج وَرَقات و اوراق. الوَرَق زمین پر پڑا ہوا خون وغیرہ کا گول ٹکڑا۔ ہر زندہ حیوان۔ مال و روپیہ پیسہ یا مویشی وَرَقُ الشَّبابِ: جوانی کی تروتازگی۔ اور ورق جمال و خوبی اور حسن ہیئت کیلئے بطور استعارہ کے بولا جاتا ہے۔
الرِّقَة. چاندی کا سکہ ج رِقُون۔ نصی نامی گھاس کی ابتدائی روئید گی جبکہ سبز ہو جائے۔ زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔
الوُرْقَة فِي القَوْسِ کمان کا عیب۔
الوُرْقَة. مٹیالا رنگ۔
الوَرَاق. گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔
الوِرَاق. پتے نکلنے کا زمانہ۔
الوِرَاقَة. کاغذ سازی کا پیشہ۔
الوَرَّاق. روپے پیسے والا۔ کاغذ بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔
الوَارِق والوَرِق والوَرِيق مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَجَرةٌ وَارِقَةٌ و وَرِقَةٌ و وَرِيقَةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔
الاَوْرَق. خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَامٌ اَوْرَقُ: بے بارش کا سال۔ زمانٌ اَوْرَقُ: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاءُ ج وُرْق.
الوَرْقَاء. اَوْرَق کا مؤنث مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وِرَاق و وَرَاقَى. کہا جاتا ہے التِّجارةُ مَوْرَقَةٌ لِلْمالِ. یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔
المُوَرِّق. فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔

وَرَكَ يَرِكُ وَرْكًا. سرین پر سہارا لینا الرَّجُلَ: سرین پر مارنا الشَّيْءَ: سرین کے مقابل کرنا (وُرُوكًا) الرَّاكِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا بِالْمَكانِ: اقامت کرنا عَلَى الْاَمْرِ: قادر ہونا۔
وَرِكَ يَرِكُ و رُوكًا. سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔
وَرِكَتْ تَوْرَكُ وَرَكًا. الوَرِكُ: سرین کا بڑا ہونا۔
وَرَّكَ الْحَبْلَ اَوِ الرَّجُلَ: سرین کے مقابل کرنا۔ عَلَى الْاَمْرِ: قادر ہونا الشَّيْءَ: واجب کرنا۔ الرَّاكِبُ: دو زانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا الذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا اليَمِيْنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔
وَارَكَ مُوَارَكَةً الْجَبَلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔
تَوَرَّكَ سرین پر سہارا لینا الشَّيْءَ: سرین پر بٹھانا الرَّاكِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے ٹانگ کو موڑنا عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا بِالْمَكانِ: اقامت کرنا عَلَى الْاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَوَرَّكَ لَهُ فَصَرَعَهُ اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔
تَوَارَكَ. سرین پر ٹیک لگانا۔
الوَرِك والوِرْك والوَرْك. چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاك. الوِرْك: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ المَلّاحُ عَلَى وَرِكِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُمْ عَلَيَّ وَرْكٌ وَاحِدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الوَرْكى. خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهُ لَوَرْكى الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔
الوَارِك والوِرَاك ج وُرُك والمَوْرِك والمَوْرِكة مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔

الْاَوْرَك. بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْكَاء ج وُرْك.
الْمُوَرَّك. کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُوَرَّكٌ فِي هٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ میں بے گناہ ہے۔
الْمِوْرَك والْمِوْرَكَة. کجاوہ کا اگلا حصہ الْمِوْرَكَة. تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔
الْوَرَل. گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَة.
وَرِمَ يَرِمُ وَرَمًا وَتَوَرَّمَ الْجِلْدُ. سوجنا۔ صفت وَارِم اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ النَّبْتُ لمبا اور موٹا ہونا۔
وَرَّمَ الْجِلْدَ. سوجن پیدا کرنا اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا بِاَنْفِهٖ. تکبر کرنا۔
اَوْرَمَ اِيْرَامًا. غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَا اَوْرَمَهٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الْوَرَم. سوجن۔ ج اَوْرَام.
الْاَوْرَم. لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
الْمَوْرِم. ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
الْمُوَرَّم. بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهٗ مُوَارَنَةً. روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ. بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الْوَرَنْك. مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ يَوْرَهُ وَرَهًا. بیوقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه مؤنث وَرْهَاء. وَرِهَتِ الرِّيْحُ. ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَت تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْاَةُ. عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَوَرَّهَ فُلَانٌ فِي عَمَلِ هٰذَا الشَّيْءِ. ماہر نہ ہونا۔
الْوَرِهُ مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔
الْوَارِه. کشادہ۔ فراخ۔
وَرْ وَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔
الْوَرْوَار. ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔
الْوَرْوَرِيّ. کمزور نگاہ والا۔
الْمُوَرْوِر فا۔ گانے والا۔
وَرَى يَرِي وَرْيًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ الْقَيْحُ جَوْفَهٗ. خراب کرنا اور گلا دینا۔
اِسْم الْوَرَى وَرَتْ وَرْيًا وَرِيَةَ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا الْاِبِلُ. اونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔
وَرَى وَوَرِيَ يَرِيْ وَرْيًا وَوُرِيًا وَرِيَةً الزَّنْدُ. چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ.
وَرِيَ يَرِي وَرْيًا. الْمُخُّ. گودے کا ٹھوس ہونا۔
وُرِيَ الرَّجُلُ. پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوْدٌ و مَوْرِيٌّ.
وَرَّى تَوْرِيَةً الشَّيْءَ. پوشیدہ کرنا عَنْ كَذَا: اصل بات چھپا کا دوسری بات ظاہر کرنا الْخَبَرَ و عَنِ الْخَبَرِ. پس پشت ڈالنا اور چھپانا عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهٗ. نگاہ ہٹالینا۔ وَرَّى النَّارَ. آگ نکالنا (واَوْرَى) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
وَارَى مُوَارَاةً الشَّيْءَ. چھپانا۔
تَوَرَّى تَوَرِّيًا و تَوَارَى تَوَارِيًا عَنْهُ: چھپنا۔
اِسْتَوْرَى الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَيْتُهٗ رَاْيَهٗ میں نے اس کی رائے دریافت کی۔
الْوَرْيُ. بص۔ جوف بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔
الْوَرَى. اسم ہے وَرَى کا۔ مخلوق۔ اَبُو الْوَرٰى. زمانے کی کنیت۔
الْوَرَاء. وَرَى کا مادہ دیکھئے۔
الزَّنْدُ الْوَارِيْ والْوَرِيّ. آگ دینے والا چقماق۔ الْوَارِيْ والْوَرِيّ: موٹی چربی۔ والْوَرِيّ. مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِيٌّ: موٹا گوشت۔ رِيَةُ النَّارِ و وَرِيَتُهَا: آگ سلگانے کیلئے چیتھڑا وغیرہ۔
الْوَزّ. اِوَزّ میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّةٌ. ج وَزَّاتٌ.
اَرْضٌ مَوَزَّةٌ. بہت بط والی زمین۔
وَزَاَ يَوْزَاُ وَزْاً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا الْقَوْمَ. بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَاَهُمْ. بعض کو بعض سے ہٹانا۔
وَزَّاَ تَوْزِئَةً وَتَوْزِيْئًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا الْفَرَسُ بِرَاكِبِهٖ. گھوڑے کا سوار کو گرانا۔
وَزَّاَ فُلَانًا. بخت قسم کھلانا۔
وَزَّاَ فُلَانًا. بخت قسم کھلانا۔
تَوَزَّاَ الْوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا الرَّجُلُ خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔
وَزَبَ يَزِبُ وُزُوْبًا الْمَاءُ و نَحْوُهٗ. پانی وغیرہ کا بہنا۔
اَوْزَبَ اِيْزَابًا فِي الْاَرْضِ جانا۔
الْوَزَّاب. شاطر چور۔
الْمِيْزَاب والْمِئْزَاب. پرنالہ ج مَيَازِيْب و مَآزِيْب اور بقول بعض مَوَازِيْب.
وَزَرَ يَزِرُ وَزْرًا و وِزْرًا الشَّيْءَ: اٹھانا الرَّجُلُ. بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا (وَزْرًا) الرَّجُلَ. غالب ہونا الثُّلْمَةَ. رخنہ بند کرنا۔
وَزَرَ يَزِرُ و وَزِرَ يَوْزَرُ و وُزِرَ وَزْرًا و وِزْرًا وِزْرَةً. گنہگار ہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ. گناہ سے منسوب کیا جانا۔
وَزَرَ يَزِرُ وِزَارَةً لِلْمَلِكِ. وزیر بننا۔
اَوْزَرَ اِيْزَارًا الشَّيْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا الرَّجُلَ. جائے پناہ دینا۔
وَازَرَهٗ مُوَازَرَةً. وزیر بننا ہٗ عَلَى الْاَمْرِ دینا۔ تقویت دینا (یہ آزر کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ چھوٹا سا کمبل اوڑھنا بِثَوْبٍ بِہِ چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَہُ وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّیْءَ لے جانا۔

الوِزْرُ مص۔ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج اَوْزَار۔ اَوْزَارُ الْحَرْبِ: سامان جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہو گئی اسلئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَرُ جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَةُ چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزِرَات و وِزَرَات۔

الوِزَارَةُ و الوَزَارَةُ وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِیْرُ امورِ سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ مددگار۔ ج وُزَرَاءُ و اَوْزَار۔

المَوْزُوْرُ مف۔ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَزَعُ و یَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا و بِفُلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الْجَیْشَ ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُ یَزَعُ الْجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (وُزُوْعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ بھڑکانا۔

وَزَّعَ الْمَالَ بَیْنَهُمْ پراگندہ کرنا الْمَالَ عَلَیْهِمْ: تقسیم کرنا۔

اَوْزَعَ الْمَالَ: تقسیم کرنا ہُ: بِکَذَا بھڑکانا اَوْزَعَ بَیْنَهُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا ہُ الشَّیْءَ الہام کرنا۔ واُوْزِعَ الشَّیْءَ الہام کیا جانا۔ واُوْزِعَ بِہِ بھڑکایا جانا۔ صفت مُوْزَعٌ۔

تَوَزَّعَ پراگندہ ہونا الْقَوْمُ الْمَالَ آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الْاَفْکَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔ وتَوَزَّعُوْا ضُیُوْفَهُمْ انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کر لیا۔

اِتَّزَعَ باز رہنا۔ رُکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللّٰهَ شُکْرَہُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِعُ فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَةٌ و وُزَّاعٌ۔

الوَزَعَةُ وازع کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔

الْاَوْزَاعُ جماعتیں (اس کا واحد نہیں)

الْمُتَّزِعُ فا۔ سخت جان۔

وَزَغَ یَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا۔ اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔

وُزِّغَ الْجَنِیْنُ صورت بن کر حرکت کرنا۔

الوَزَغُ کپکپی۔ بزدل مرد۔

الوَزَغَةُ چھپکلی۔ ج وَزَغٌ و وِزَاغٌ و اَوْزَاغٌ و وِزْغَانٌ و اِزْغَانٌ۔ الاَوْزَاغُ: کمزور لوگ۔

وَزَفَ یَزِفُ وَزْفًا و وَزِیْفًا و وَزَّفَ تَوْزِیْفًا و اَوْزَفَ اِیْزَافًا جلدی کرنا (وَزْفًا) فُلَانًا جلدی کرانا۔

وَازَفَ مُوَازَفَةً و تَوَازَفَ تَوَازُفًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

الوَزَّالُ ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔

وَزَمَ یَزِمُ وَزْمًا فُلَانًا بِفِیْهِ منھ سے آہستہ سے کاٹنا الشَّیْءَ سوراخ کرنا الدَّیْنَ قرض ادا کرنا (و وَزَّمَ) نَفْسَهُ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

وُزِمَ وَزْمَةً فِی مَالِهٖ کچھ جاتا رہنا۔

تَوَزَّمَ بہت روندنے والا ہونا۔

الوَزْمُ مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (والوَزِیْمُ والوَزِیْمَةُ) ہری کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِیْمُ گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَ زِیْمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔

الوَزْمَةُ مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَامُ جلدی۔

الوَزَّامُ بہت گوشت اور عضلہ والا۔

اَلْوَزِیْمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ ہونٹ نباتات کا عضو تانیث۔

اَلْوَزِیْمِیَّةُ امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب و زینت۔

وَزَنَ یَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّیْءَ: تولنا لَهُ الدَّرَاهِمَ وَغَیْرَهَا تول کر دینا الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا یَزِنُ رَطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔

وَزُنَ یَوْزُنُ وَزَانَةً الشَّیْءُ بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ الرَّجُلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔

وَزَّنَ واَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلٰی کَذَا دل لگانا۔

وَازَنَهُ وِزَانًا و مُوَازَنَةً مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔

تَوَازَنَ الشَّیْئَانِ باہم برابر ہونا۔

اِتَّزَنَ تلنا الدَّرَاهِمُ پرکھنا الْعِدْلُ گٹھری کا دوسرے کے برابر ہونا الشَّیْءَ وزن سے لینا۔

الوَزْنُ مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَانٌ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّیْءِ او وَزْنَ الشَّیْءِ او زِنَةَ الشَّیْءِ او بِوِزَانِهٖ او بِوِزَانَتِهٖ:" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔

الوَزْنَةُ وزن کا اسم مرة پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اٰکُلُهُ فِی الْیَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔

الوِزْنَةُ وزن کا اسم نوع۔

الوَازِنُ فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ وَازِنٌ" درہم کامل۔

الْاَوْزَن۔اسم تفضیل۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔
الْوَزِيْن۔اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِيْنُ الرَّاىِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔
الْمَوْزُوْنَة۔پست قد عقلمند عورت۔
الْمِيْزَان۔ترازو۔ج مَوَازِيْن .الْمِيْزَان۔مقدار۔انصاف۔کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہو گیا۔
وَزْوَزَ وَزْوَزَةً۔جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔
الْوَزْوَاز۔جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (والْوُزَاوِزَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ایک پرندہ۔
الْمُوزوِز۔فا۔گانے والا۔
وَزَى يَزِىْ وَزْيًا الشَّئُ: جمع ہونا۔سکڑنا۔
الْاَمْرُ فُلَانًا: غصہ دلانا۔
وَازَاهُ مُوَازَاةً۔مقابل ہونا۔
اَوْزَى اِيْزَاءً .ظَهْرَهٗ اِلَى الْحَائِطِ: ٹیک لگانا لِدَارِهٖ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا الشَّئَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔اَوْزَيْتُهٗ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔
تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِسْتَوْزَى اِسْتِيْزَاءً فِى الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
الْوَزَى۔پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔
الْمُسْتَوْزِى۔فا۔خود رائے۔سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔
وَسَبَ يَسِبُ وَسْبًا و اَوْسَبَ اِيْسَابًا الْمَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔اَوْسَبَ الْكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔
وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

الْوِسْب۔گھاس۔
الْوَسَب۔س۔میل۔
الْمِيْسَاب۔ادھ کچری کھجور۔
وَسَجَت تَسِجُ وَسْجًا و وَسِيْجًا و وَسَجَانًا الْاِبِلُ: تیز چلنا۔صفت وَاسِجَةٌ.
اَوْسَجَ الْبَعِيْرَ: تیز چلانا۔
الْوَسَّاج والْوَسُوْج من الْابل: تیز رفتار ج وُسُجٌ۔اور کہا جاتا ہے "ابلٌ وَسُوْجٌ" تیز رفتار اونٹ۔
الْوَسْج والْوَسَجَان والْوَسِيج۔اونٹ کی تیز چال۔
وَسِخَ يَوْسَخُ و يَاسَخُ و يَيْسَخُ وَسَخًا الشَّئُ میلا ہونا۔صفت وَسِخ
وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّئَ: میلا کرنا۔
تَوَسَّخَ واتَّسَخَ واسْتَوْسَخَ۔میلا ہونا۔
الْوَسَخ۔میل کچیل۔ج اَوْسَاخ.
وَسَّدَه الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا .وَسَّدَ اِلَيْهِ الْاَمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
اَوْسَدَ فِى السَّيْرِ: تیز چلنا الْكَلْبَ بالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔
تَوَسَّدَ الْوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا ذِرَاعَهٗ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الْوَسَاد والوِسَاد والْوُسَاد تکیہ ج وُسُد۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِيْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔اور "اِنَّ وِسَادَكَ لَعَرِيْض" کنایہ ہے کثرت نوم سے۔
الْوَسَادَة والوِسَادَة والْوُسَادَة تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد.
وَسَطَ يَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةً المَكَانَ اَوِ الْقَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔صفت وَاسِط (وَسَاطَةً) الْقَوْمَ و فِيْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔
وَسُطَ يَوْسُطُ وَسَاطَةً۔شریف ہونا۔صاحب حسب ہونا۔
وَسُطَ يَسِطُ وَسَاطَةً وسِطَةً و وَسَّطَ فِىْ حَسَبِهٖ: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهٗ. ثالث بنانا۔بیچ میں کرنا۔وَسَّطَ الشَّئَ: دو ٹکڑے کرنا۔
اَوْسَطَ اِيْسَاطًا الْقَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔
تَوَسَّطَ الْقَوْمَ او المَكَانَ: بیچ میں بیٹھنا بَيْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا الرَّجُلَ: درمیانی چیز لینا۔
الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے) معتدل۔مثلاً کہا جاتا ہے "شَئٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاطٌ وَسَطُ الشَّئِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ و وَسَطُ الدَّارِ .رَجُلٌ وَسَطٌ: صاحب حسب مرد۔اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِىْ وَسَطِ الْقَوْمِ و فِىْ وَسْطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے۔اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطَ الْقَوْمِ" اور "وَسَطَ الْحَبْلِ"
الوَاسِط۔فا۔دروازہ۔پالان کا اگلا حصہ۔
الوَاسِطَة. واسط کا مؤنث۔پالان کا اگلا حصہ۔ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ذریعہ۔سبب۔کہا جاتا ہے "كَانَ بِوَاسِطَةِ كَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ثالث۔اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِىْ وَاسِطَةِ قومِهٖ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الوَسَاطَة. س۔ثالثی۔
الوَسِيْط۔دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسُطَاءُ مؤنث وَسِيْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِيْطٌ فِيْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الْاَوْسَط۔متوسط۔معتدل ج اَوَاسِط اَوْسَطُ الشَّئِ: دونوں اطراف کا درمیان۔الْعِلْمُ الْاَوْسَط: علم ریاضی۔اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الْوُسْطٰى .اَوْسَط کا مؤنث ج وُسْط مِنَ الْاَصَابِعِ: بیچ کی انگلی۔
الوَسُوْط۔درمیانی۔بالوں کا خیمہ یا چھوٹا

خیمہ۔
وُسُوطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوْسَطُ الْبَيْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔
الْمُتَوَسِّط ۔فا۔ الْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ' ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ يَسَعُ وَيَسِعُ سَعَةً وسِعةً الْمَكَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاِنَاءُ يَسَعُ عِشْرِيْنَ كَيْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے"۔ وَوَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ كُلَّ شَيْئٍ وَلِكُلِّ شَيْئٍ وَعَلٰى كُلِّ شَيْئٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا يَسَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لیے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُهٗ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّيْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لیے کافی ہے۔
وَسَعَ يَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَيْهِمْ رِزْقَهٗ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَيْهِ" جبکہ غنی کر دے۔
وَسُعَ يَوْسُعُ سَعَةً وَ وَسَاعَةً الْمَكَانُ کشادہ ہونا الْفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔ اَوْسَعَ مالدار ہونا الْمَوْضِعَ: کشادہ پانا النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (وَسَّعَ) کشادہ کرنا اللّٰهُ عَلَيْهِ: مالدار بنانا۔ وَاَوْسَعَهُ الشَّيْئَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ کشادہ ہونا الْقَوْمُ فِي الْمَكَانِ کشادگی کرنا الرَّجُلُ فِي النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ ۔کشادہ ہونا الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا النَّهَارُ: طویل و دراز ہونا۔
اِسْتَوْسَعَ ۔کشادہ ہونا الشَّيْئَ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔
الْوَاسِعُ ۔فا۔ کشادہ فِي الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰى اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔
الْوَسْعُ وَالْوُسْعُ وَالْوِسْعُ ۔طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِي وُسْعِهٖ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔
السَّعَةُ وَالْوُسْعَةُ وَالتَّوْسِعَةُ: گنجائش
السَّعَةُ: توانگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔
الْوَسِيْعُ ۔کشادہ مِنَ الْخَيْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔
الْوَسَاعُ مِنَ الْخَيْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔
وَسَّفَ تَوْسِيْفًا ۔الشَّيْئَ: چھیلنا۔
تَوَسَّفَ الشَّيْئُ: چھلنا الْبَعِيْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا اَوْبَارُ الْاِبِلِ: اونٹ کے اون کا جھڑ جانا۔
وَسَقَ يَسِقُ وَسْقًا الشَّيْئَ: جمع کر کے اٹھانا الْبَعِيْرَ: اونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا ۔اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا: اونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِق ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق و مَوَاسِيْق خلاف قیاس جمع ہیں ۔وَسَقَتِ الْعَيْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا ۔کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا وَسَقَتْ عَيْنِيَ الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا (وَسِقًا) الْبَعِيْرَ: ہانکنا۔
وَسَّقَ الْحِنْطَةَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
اَوْسَقَ اِيْسَاقًا الدَّابَّةَ: لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔
وَاسَقَهُ مُوَاسَقَةً ۔برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِتَّسَقَ الْاَمْرُ: مرتب ہونا الْاِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا الْقَمَرُ: چاند کا پورا ہونا۔
اِسْتَوْسَقَ اِسْتِيْسَاقًا ۔اکٹھا ہونا ۔الْاَمْرُ: مرتب ہونا لَهُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔
الْوَسْقُ ۔س۔ ساٹھ صاع ۔اور بقول بعض ایک اونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق ۔الْوَسْقُ ۔درخت خرما کا بوجھ ۔ج اَوْسَاق و وُسُوْق۔
الْوَسِيْقُ ۔س۔ دھتکار۔ بارش۔
الْوَسِيْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ: اونٹوں کا گلہ ۔ج وَسَائِق ۔الْوَسِيْقَةُ: حاملہ ۔کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِيْقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔
الْمُتَّسِقُ عِنْدَ اَهْلِ الْعُرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن۔ جس کا نام متدارک بھی ہے ۔الْمُتَّسِقُ: چاند کا نام۔
الْمِيْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَيَاسِيْق و مَآسِيْق ۔الْمِيْسَاقُ: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔
وَسَلَ يَسِلُ وَسِيْلَةً و وَسَّلَ و تَوَسَّلَ اِلَى اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِيْلَةٍ تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل۔
الْوَاسِلَةُ وَالْوَسِيْلَةُ۔ تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِيْل و وَسَائِل و وُسُل
الْوَاسِلَةُ وَالْوَسِيْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔
وَسَمَهٗ يَسِمُهٗ وَسْمًا و سِمَةً ۔داغ لگانا ۔وُسِمَ الْوَسْمِيُّ الْاَرْضَ: بہار کی پہلی بارش ہونا۔
وَسُمَ يَوْسُمُ وَسَامًا و وَسَامَةً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا الْوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔
وَسَّمَ ۔حج کے موقعہ پر مکہ میں □ حاضر ہونا۔
وَاسَمَهٗ مُوَاسَمَةً ۔خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔
تَوَسَّمَ الشَّيْئَ: فراست سے معلوم کرنا ۔علامت طلب کرنا ۔پہچاننا ۔تَوَسَّمَ فِيْهِ الْخَيْرَ: بھلائی معلوم کرنا الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا ۔تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ: وسمہ لگانا۔
اِتَّسَمَ ۔اپنی علامت بنانا۔
اَلْوَسْمُ ۔س۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں

کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج سُوْم

اَسِمَّۃُ: پھول کی پتی کا بالا حصہ۔

جُزْءُ الْمَدِقَّۃِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

السِّمَۃ. مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.

الوَسْمِیّ۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔

الوِسَام۔ جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَۃٌ.

الوَسْمَۃ والوَسِمَۃ. نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

اَلْوَسِیْم۔ خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِیْمَۃٌ ج وَسِیْمَات و وِسَام.

الوَسَامَۃ. مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

الْاَوْسَم۔ خوبصورت۔

المَوْسِم۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کیلئے ہوتا ہے اور عید کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.

المِیْسَم۔ داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَیَاسِم. المِیْسَم: حسن و جمال۔

المَوَاسِیْم۔ داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَۃً۔ اونگھنا۔ بیدار ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ و وَسْنَان و مِیْسَان۔ صفت مؤنث وَسِنَۃٌ و وَسْنٰی و مِیْسَان. وسِنَ فُلَانٌ: کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَتْہُ الْبِئْرُ: غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَہٗ. نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ۔ اونگھنا۔

الوَسَن۔ مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان.

السِّنَۃ. مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ سِنَۃٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْنَۃ. مص۔ نیند کی کمی۔ اونگھ۔

الوَسْنِیّ. بہت اونگھنے والا۔

المَوْسُوْن۔ کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَۃ

وَسْوَسَ وِسْوَاسًا و وَسْوَسَۃً الشَّیْطَانُ لَہٗ وَاِلَیْہِ: وسوسہ ڈالنا۔ الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِسٌ. آہستہ بولنا۔ الحَلْیُ او القَصَبُ جھنکار ہونا یا آواز نکالنا۔ الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔

وُسْوِسَ بِہٖ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔

الوَسْوَاس۔ وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.

وَسٰی یَسِیْ وَسْیًا رَاْسَہٗ: مونڈنا۔

وَاسَی الرَّجُلَ مُوَاسَاۃً. آساہ مُؤَاسَاۃً میں ایک لغت ہے بمعنے مدد دینا۔

اَوْسٰی اِیْسَاءً. الرَّاْسَ: مونڈنا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔

المُوْسٰی. استرہ۔ ج مَوَاسٍ.

الوَشْب۔ سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔

الوِشْب. اَوْشَاب کا واحد بمعنے اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔

وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُہٗ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ وَشَجَتْ فِیْ قَلْبِہٖ اُمُوْرٌ وَھُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے اُمور اور غم لاحق ہیں۔ (وَشَّجَ مَحْمِلَہٗ) کچھ گرنے سے بچانے کیلئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَجَ اللّٰہُ قَرَابَتَہٗ بِکُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملادے۔ وَشَّجَ اللّٰہُ بَیْنَ الْقَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملادیا۔

تَوَشَّجَتْ و تَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَۃِ و نَحْوُھَا پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِج۔ فا۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَۃٌ

الوَاشِجَۃ: باہم پیوستہ قرابت۔

الوَشِیْج. قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالْوَشِیْجِ.

الوَشِیْجَۃ. درخت کے ریشہ کی رسّی جس کو بن کو دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ وَشِیْجَۃُ الْقَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں

الوَشِیْجَۃ کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.

وَشَّحَہٗ. حمیل پہنانا۔

تَوَشَّحَ واتَّشَحَ. حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَیْفِہٖ تلوار گردن میں لٹکانا۔ بِثَوْبِہٖ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا۔ الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔

الوِشَاح. تلوار۔ کمان ذُوالوِشَاح: حضرت عمرؓ کی تلوار کا نام (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پیٹی۔ ج وُشُحٌ و اَوْشِحَۃٌ و وَشَائِحُ.

الوَشَاحَۃ. تلوار۔

الوَشْحَاء۔ کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔

المُوَشَّح۔ اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کیے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔

المُوَشَّحَۃ مِنَ الطَّیْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔

وَشَرَ یَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَہٗ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا۔ الخَشَبَۃَ بِالْمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔

اِتَّشَرَ واِسْتَوْشَرَ۔ دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔

المِیْشَار. آرہ۔

مَوْشُوْر ثُلَاثِیٌّ' رُبَاعِیٌّ' خُمَاسِیٌّ۔ جس کے قاعدے ثلاثی' رباعی اور خماسی ہوں۔

المَوْشُوْر. فِیْ عِلْمِ الطَّبِیْعِیَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِیْر

وَشِزَ يَشِزُ وَشْزًا ۔جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز ۔جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز.
الوَشِيْزَة بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز.
وَشَظَ يَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا الفَاسَ: کلہاڑے میں پچر لگا کر سوراخ تنگ کرنا القَوْمُ اِلَيْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِيْظ ۔تابع ۔حلیف ۔قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ ۔ج اَوْشَاظ (والوَشِيْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْظَةٌ فِيْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں۔ اور ایسا ہی "هُوَ وَشِيْظَةٌ فِيْهِمْ" ج شَائِظ.
وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشَّئَ: ملانا القُطْنَ: رُوئی کو لپیٹنا وَشْعًا ووُشُوْعًا) الجبَلَ وفِيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا البَقْلَةَ: پھولدار ہونا الشَّئُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا الشَّيْبُ رَاسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا الشَّئَ فِي الشَّئِ: داخل ہونا وَشَّعُوْا عَلٰى كَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ باغ میں باڑ لگانا۔
اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّئُ: پراگندہ ہونا فِي الجبَلِ پہاڑ میں دائیں بائیں جانا الشَّيْبُ رَاسَهٗ سر میں سفیدی چھا جانا تَوَشَّعُوْا الضُّيُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔
تَوَشَّعَ بِهٖ: بہت ہونا الكَذِبَ: جھوٹ سے مزین ہونا الغَنَمُ فِي الجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لیے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْع ۔س۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع.
الوُشْع ۔مکڑی کا جالا۔
الوُشُوْع ۔پہاڑ میں متفرق نباتات ۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔

الوَشِيْع ۔کپڑے کا نقش و نگار؛ باغ کے اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل و حرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الوَشِيْعَة. رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی؛ بننے والے کی نال؛ ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِيْع و وَشَائِع.
المُوَشَّع ۔س بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش و دھاری دار چادر۔
وَشَغَ يَشَغُ وَشْغًا ببَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
وَشَغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَغَ اِيْشَاغًا العَطِيَّةَ: کم دینا ببَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الوَشْغ والوَشِيْغ. تھوڑا۔
الوُشُوْغ. منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا ۔خراش کرنا ہٗ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَشَقَ اللحمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّئُ فِي الشَّئِ: چمٹنا۔
تَوَاشَقَ وَاِتَّشَقَ القَوْمُ العَدُوَّ بَاَسْيَافِهِمْ دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
وَاِتَّشَقَ فُلَانُ اللحمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔
الوَاشِق ۔فا ۔تھوڑا دودھ ۔جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ یَاشِق میں ایک لغت۔
الوَشَق ۔س۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَق. ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِيْق والوَشِيْقَة. خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق.
المِيْشَاق ۔کنگھی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيْق.
وَشُكَ يَوْشُكُ وَشْكًا ووَشَاكَةً ووَشَكَ الاَمْرُ: جلدی ہونا ۔صفت وَشِيْك.
اَوْشَكَ ۔جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ يَمُوْتَ وہ مرنے کے قریب ہی تھا۔ اور یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے ۔مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً. جلدی چلنا۔
الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوِشْكَان والوُشْكَان. جلدی ۔اور کہا جاتا ہے "وَشْكَانَ مَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ" یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے ۔اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاك ۔جلدی۔
الوَشِيْك (مذکر و مؤنث) جلد باز ۔قریب ۔کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيْكًا" وہ جلدی نکلا۔
وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا و وَشَلَانًا المَاءُ: پانی کا بہنا۔ ٹپکنا (وُشُوْلًا) کمزور ہونا۔ محتاج ہونا اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ المَاءَ: پانی کم پانا حَظَّهٗ: کم کرنا۔
الوَشَل. تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال.
الوَشْل: ہیبت ۔خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُيُوْنٌ وَشَلَةٌ ۔کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِلُ ۔ ج مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے ۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّاي" فلاں کمزور رائے والا ہے "وَهُوَ وَاشِلُ الحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُوْلٌ. زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الوُشُوْل. دولت کی کمی۔ نقصان۔

وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا و وَشَّمَ الْيَدَ: ہاتھ میں گودنا۔وَشَّمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔

اَوْشَمَ اِيْشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الكَرْمُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔الشَّيْبُ فِيْ رَاسِهٖ بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا۔الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا۔السَّمَاءُ: بجلی کوندنا۔فِي عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔عیب لگانا۔فِي الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ: پستان کا اُبھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيْشَامًا. گودنے کیلئے کہنا۔

الْوَشْم ۔مص۔گودائی۔گودنے کا اثر۔نباتات کی پہلی روئیدگی۔ج وُشُوْم و وِشَام.

الْوَشْمَةُ. وَشَمَ کا اسم مرۃ بارش کا قطرہ۔کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الْوَشِيْمَة دشمنی|برائی۔

تَوَشَّنَ الْمَاءُ پانی کم ہونا۔

الْوَشْن. بلند زمین۔موٹا اُونٹ۔

الْاَوْشَن. دوسرے کے دستر خوان پر کھانا کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا۔ہٗ الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔

الْوَشْوَش والْوَشْوَاش ۔ہلکا۔جلد باز رَجُلٌ وَشْوَشِيُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا وَشِيَةً ووَشَّى الثَّوْبَ: منقش کرنا۔الْكَلَامَ: جھوٹ بولنا وَشَّاهُ ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا و وِشَايَةً بِهٖ اِلَى الْمَلِكِ: چغل خوری کرنا۔بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشَى اِيْشَاءً الْمَكَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا۔الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا الْمَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا۔الشَّيْءَ: نکالنا۔جاننا الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا الدَّوَاءُ الْمَرِيْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا۔فِي الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشَّى. نقش و نگار ہونا۔الشَّيْبُ فِيْ رَاسِهٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِيْتَشَى اِيْتِشَاءً الْعَظْمُ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَى الْفَرَسَ گھوڑے کو اکسانا الْحَدِيْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا۔الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا۔الْمَعْدِنُ تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الْوَشْيُ. مص۔کپڑے کا نقش و نگار۔منقش کپڑے۔ج وِشَاء. وَشْيُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

الْوِشَاء. اُونٹوں کی کثرت۔

الْوَاشِي. فا۔چغل خور۔بہت اولاد والا۔یا بہت مویشی والا۔جلاہا۔ج وَاشُوْنَ و وُشَاة

الْوُشَاه: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الْوَشَّاء. وَاشِي کا اسم مبالغہ۔منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّيَة. مص۔داغ۔نشان۔علامت ج شِيَات.

الْاَشْيَة داغوں والا۔کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْيَةُ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور نسبت کے لیے وَشَوِيٌّ.

وَصَّ يَوُصُّ وَصًّا الْعَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصَّصَتْ تَوْصِيْصًا الْمَرْأَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِئَ يَوْصَأُ وَصَأً الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ يَصِبُ وُصُوْبًا ہمیشہ رہنا۔ثابت ہونا۔الدَّيْنُ: قرض واجب ہونا۔عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ يَوْصَبُ وَصَبًا و وَصَّبَ و تَوَصَّبَ. مریض ہونا۔صفت وَصِبٌ ج وَصَابَى و وِصَاب. تَوَصَّبَ: درد محسوس

وکصفہ+وصف

اَوْصَبَ. مریض ہونا۔اللّٰهُ فُلَانًا: مریض کرنا۔الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا۔الشَّيْءُ: ہمیشہ رہنا۔ثابت ہونا (و وَاصَبَ) ہمیشگی مداومت کرنا۔

الْوَصَب. بیماری۔دائمی درد۔جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کیلئے بھی بولا جاتا ہے

الْوَصْب: بنصر اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاف.

الْوَاصِب ۔فا۔دائم۔

الْوَاصِبَة. واصب کا مؤنث۔بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان۔

الْمُوَصَّب. بہت دردوں والا۔

وَصَدَ يَصِدُ وَصْدًا ثابت ہونا۔بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔الثَّوْبَ: کپڑا بُننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ: کپڑا بُننا۔الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا۔فُلَانًا: خوف دلانا۔

اَوْصَدَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔الْقِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا۔عَلَى فُلَانٍ: تنگی ڈالنا۔الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔بھڑکانا

وَاسْتَوْصَدَ پہاڑ میں مویشیوں کے لیے باڑہ بنانا۔

الْوِصَاد. جلاہا۔

الْوِصَاد. اَوْصَدَ الْبَابَ و اَوْصَدَ الْقِدْرَ کا اسم بمعنے بندش و ڈھکائی۔

الْوَصِيْد ۔چوکھٹ۔گھر کے سامنے کا صحن، غار، پہاڑ۔قریب قریب جڑوں والی نباتات ۔دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (الْوَصِيْدَة) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

الْمُوْصَد ۔پردہ۔

الْوَصْر ۔عہد ج اَوَاصِر (والْوَصِيْرَة و الْاَوْصَر) عہد نامہ | چک۔دستاویز۔اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ يَصَعُ وَصْعًا الشَّيْءَ: غائب کرنا۔چھپانا۔

وَصَفَ يَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّيْءَ:

بیان کرنا۔ تعریف کرنا (وُصُوْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا (وَصْفَةً) الطَّبِيْبُ لِلْمَرِيْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔
وَصُفَ يَوْصُفُ وَصَافَةً الْغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِيْفٌ اور اسم الْإِيْصَاف والوَصَافَة
وَاصَفَهُ: حالت بیان کرکے بیع کرنا۔
اَوْصَفَ اِيْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔
اِتَّصَفَ الشَّئُ: قابل بیان ہونا الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا بالصِّفَاتِ الْحَمِيْدَةِ: آراستہ ہونا۔
تَوَصَّفَ وَصِيْفًا او وَصِيْفَةً: خادم بنانا۔
تَوَاصَفَ الْقَوْمُ الشَّئَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔
اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّئَ: بیان کرنے کو کہنا۔
الطَّبِيْبَ: نسخہ تجویز کرانا الْغُلَامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔
الصِّفَة س۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا جائے۔
الصِّفَاتِيَّة ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِيٌّ۔
الوَصْفِيَّة صفت کی حالت۔
الوَصِيْف۔ لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہوگیا ہو ج وُصَفَاء۔ مؤنث وَصِيْفَةٌ ج وَصَائِف۔
الوَصَّاف۔ وصف شناس۔ طبیب۔
وَصَلَ يَصِلُ وَصْلًا وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا۔ جمع کرنا۔ بِالْف دِيْنَار احسان کرنا (وَصْلًا وَصِلَةً) فُلَانًا: تعلق رکھنا زَيْدًا: نیکی کرنا۔ دینا وَصَلَ رَحِمَهُ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا (وُصُوْلًا وَوُصْلَةً وَصِلَةً) اِلَى المَكَانِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِي الْخَبَرُ وَوَصَلَ اِلَى الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهُ ضَرْبَةً لَا تُوْصَلُ" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔
وَاصَلَهُ وِصَالًا و مُوَاصَلَةً تعلق رکھنا
وَاصَلَ الشَّئَ وفِي الشَّئِ: ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔
وَصَّلَ الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا (اَوْصَلَ) فُلَانًا اِلَى كَذَا: پہنچانا۔
تَوَصَّلَ اِلَى كَذَا: پہنچنا اِلَى فُلَان: پہنچنے کے لیے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَيْهِ بِوُصْلَةٍ وَسَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کیلئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنایا۔
تَوَاصَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔
اِتَّصَلَ بِالشَّئِ: جڑنا اِلَيْهِ: پہنچنا بِي خَبَرُ فُلَان: جا فُلَان بِالْوَزِيْرِ: خدمت میں رہنا اِلَى بَنِي فُلَان: منسوب ہونا۔
اِسْتَوْصَلَ۔ میل ملاپ ڈھونڈنا۔
الوَصْل س۔ لَيْلَةُ الوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات حرْفُ الوَصْلِ عِنْدَ اَهْلِ القَوَافِي: اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واو۔ یا۔ اور الف اور ہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوُصْل والوِصْل ۔ ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال۔
الوُصْلَة۔ س۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر جماعت۔ دُور کی زمین۔ ج وُصَل۔
الْوُصُوْلِي: وہ طمع والا شخص جو ہر تکلیف کے باوجود کام کو کرے۔
الْوُصُوْلِيَّة: وصولی کی حالت۔
الصِّلَة۔ س۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلَات۔
اِتِّصَالُ النَّيِّرَيْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔
الوَصُوْل۔ بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔
الوُصُوْل معِنْدَ المُوَلِّدِيْنَ: رسید۔ ج وُصُوْلَات۔
وَصِيْلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِيْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوَصِيْلَة وَصِيْل کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل
الوَصِيْلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِيْل ووَصَائِل الوَصِيْلَة: اُونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔
المَوْصِل۔ ملنے کی جگہ۔ رسّی وغیرہ کی گرہ۔
موضع مَوْصِلُ البَعِيْرِ: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔
المَوْصِلَان۔ شہر موصل اور جزیرہ۔
المَوْصُوْل۔ مع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔
المُسْتَوْصِل ۔ فا المُسْتَوْصِلَة مِنَ النِّسَاءِ اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔
وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ اَو الْعَظْمَ: لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا الشَّئَ: عیب لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔
وَصِّمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہو فُلَانًا: دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا
وَصَّمَتِ الحُمّٰى فُلَانًا: دردناک کرنا۔
تَوَصَّمَ۔ تکلیف اٹھانا۔
تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
الوَصَم۔ مرض۔
الوَصْم۔ س۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم۔
الوَصْمَة عیب و عار۔ جسم کی سستی۔
الوَصِيْم۔ خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔
المَوْصُوْم۔ مع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ

مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔
وَصْوَصَ عَیْنَهٗ: نظر جمانے کیلئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا الجرذُ پلے کا آنکھیں کھولنا وَصْوَصَتِ الْجَارِیَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے دکھائی نہ دینا۔
الوَصْوَصُ والوَصْوَاص۔ آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِص و وَصَاوِیْص .الوَصَاوِص: سطح زمین کے پتھر۔
وَصٰی یَصِی وَصْیًا عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا الشَّیُٔ بِهٖ: متصل ہونا الشَّیَٔ بآخَرَ: ملانا وَصْیًا و وَصَایَةً) المکَانُ: متصل نباتات والی ہونا النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔
وَصّٰی تَوْصِیَةً فُلَانًا بِکَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا اِلَیْهِ بِالصَّلَاةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلَانٍ اَنْ یُحْسِنَ اِلَیْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا "وَصَّیْتُ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِی" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنایا وَصّٰی اِلٰی فُلَانٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا فُلَانًا بِوَلَدِهٖ: مہربان بنانا۔
اَوْصٰی اِیْصَاءً فُلَانًا بِکَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا لَهٗ بِکَذَا: کسی کیلئے کسی چیز کی وصیت کرنا اِلَیْهِ: وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔
وَاصَی الْبَلَدُ الْبَلَدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔
تَوَاصٰی تَوَاصِیًا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔
اِسْتَوْصٰی اِسْتِیْصَاءً بِفُلَانٍ: وصیت کو قبول کرنا۔
الوَصِیَّةُ اِیْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِیَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَایَا. وَصَایَا اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الوَصِیَّةُ: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِیٌّ.
الوَصَاةُ ج وَصًی والوَصَایَةُ والوِصَایَةُ وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔
الوَصِیُّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِیَاء.
الوَاصِی۔ پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِیَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔
وَضُؤَ یَوْضُؤُ وُضُوْءًا و وَضَاءَةً الشَّیُٔ: پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔
وَضَأَهٗ یَضَؤُهٗ وَضْأً: پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔
وَضَّأَ تَوْضِئَةً بالماءِ: پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔
وَاضَأَهٗ. پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَأَهٗ فَوَضَأَهٗ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَوَضَّأَ بالماءِ لِلصَّلَاةِ: وضو کرنا الغُلَامُ والجَارِیَةُ: بالغ ہونا۔
الوَضُوْءُ. وضو کا پانی۔
الوَضِیْءُ ج وِضَاء و اَوْضِیَاء والوَاضِی ج وَضَاءٌ والوُضَّاء ج وُضَّاءُوْنَ و وَضَاضِیُّ: پاکیزہ و خوبصورت۔
الاَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔
المِیْضَأَةُ والمِیْضَائَةُ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔
المُتَوَضَّأُ. وضو کرنے کی جگہ۔ پاخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
وَضَحَ یَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً و وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الاَمْرُ او الکَلَامُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح و وَضَّاح.
وَضِحَ یَوْضَحُ وَضَحًا. برص کے داغوں والا ہونا۔
اَوْضَحَ الاَمْرَ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِی الرَّاْسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِی رَاسِهٖ: زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔
وَضَّحَ الاَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اِسْتَوْضَحَ اِسْتِیْضَاحًا عَنِ الاَمْرِ: بحث کرنا الاَمْرَ او الکَلَامَ: وضاحت کرانا الشَّیَٔ و عَنِ الشَّیِٔ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔
الوَضَحُ ۔مص۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا الوَضَحُ: چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھر اور ہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الوَضَحُ: دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِیْقِ: شاہراہ وَضَحُ القَدَمِ: تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)
الوَضَحَة. گدھی۔
الوَاضِحُ. فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الحَسَبِ: پاک صاف حسب والا۔ الوَاضِحُ مِنَ الاِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔
الوَاضِحَة. واضح کا مؤنث ج وَاضِحَات و اَوَاضِح. الوَاضِحَةُ: دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔
الوَضَّاح. سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الوَضَّاحُ: پاک صاف نسب۔ بِکْرُ الوَضَّاحِ: صبح کی نماز۔
الوَضِیْحَة. مویشی۔ ج وَضَائِح.
المُتَوَضِّح. فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا مِنَ الاِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخ الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔
اَوْضَخ بِالدَّلْوِ: کم پانی کھینچنا۔
وَاضَخه وِضَاخًا و مُوَاضَخَةً: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
تَوَاضَخَ الْقَوْمُ: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الوَضُوْخ: پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔
وَضِر يَوْضَرُ وَضَرًا: میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر۔ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرَىٰ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِي اَخْلَاقِهِ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔
وَضَّرَهُ: میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَائَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔
الوَضَر: س۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔ پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار۔
الوَضْرَىٰ: (یا الوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔
وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا: کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَع عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔ الحَدِيْثَ: بات گھڑنا۔ الكِتَابَ: تالیف کرنا۔ السِّلَاحَ فِي الْعَدُوِّ: مقاتلہ کرنا۔ ہ عَنْ فُلَانٍ: روا الجِنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا۔ عَصَاهُ: اقامت کرنا۔ وَضَعَتِ الْمَرْاَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع۔ وَضَع الشَّيَّ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا۔ ہ فِي الطَّعَامِ کھانا۔ الجِزْيَةَ او الحَرْبَ: ساقط کرنا۔
وَضَع يَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا الشَّيَّ: رکھنا۔ الشَّيَّ مِنْ يَدِهِ: گرانا۔ فُلَانٍ مرتبہ سے گھٹانا۔ غَرِيْمَه: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا۔ وَضْعًا و مَوْضُوْعًا البَعِيْرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضَع يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوْعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا اَلْمَرْاَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع۔
وَضِع يَوْضَعُ و وُضِع ضَعَةً و وَضِيْعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوْعٌ فِيهَا۔
وَضُع يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً و وَضَاعَةً: لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَّع الشَّيَّ: جوڑنا۔ الجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا۔ ہ جلَ: ذلیل کرنا۔
اَوْضَع البَعِيْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کو تیز دوڑانا۔ اُوْضِع فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَاضَعَهُ وِضَاعًا و مُوَاضَعَةً: شرط لگانا۔ ہ فِي الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔ وَاضَعَهُ البَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعه الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا۔ اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّاْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔
اِتَّضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا۔ البَعِيْرَ رَاكِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔
تَوَاضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الْاَرْضُ: پست ہونا۔ تَوَاضَعَ القَوْمُ عَلٰى كَذَا: متفق ہونا۔ مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔
اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيْضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لیے کہنا۔ فِي دَيْنِهِ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔
الوَضْع: س۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع۔
الوَضْعَة والوِضْعَة: جگہ۔ مرکز۔
الوَاضِع: فَالْمَرْاَةُ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔
الوَضِيْع: خسیس، دنی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيْعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔
الوَضِيْعَة: قیمت کی کمی۔ امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِعُ
الوَضَائِعُ: مسافروں کا اسباب۔
التَّوْضِيْع: س۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔
المَوْضَعُ والمَوْضِع: س۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع۔
المَوْضِعَة: موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهُ فِي قَلْبِي مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے۔
اَلْمَوْضُوْعَةُ: انجینئرنگ کا مصنوعی دعویٰ۔
المُوَضَّع: مذ۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
المَوْضُوْع: س۔ مَوْضُوْعُ الْعِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان من حيث الصحة والمرض موضوع الكلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيْع و مَوْضُوْعَات۔ الْاَحَادِيْثُ المَوْضُوْعَة: گھڑی ہوئی باتیں۔
وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا البَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔
وَضَم يَضِمُ وَضْمًا اللحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔
وَضَم يَضِمُ وُضُوْمًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ ہ فُلَانٌ عَلٰى بَنِي فُلَانٍ: فلاں کی اولاد فلاں کے پاس آئی۔

اَوْضَمَ اِیْضَامًا اللَّحْمَ وَ لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔
اِسْتَوْضَمَہٗ اِسْتِیْضَامًا. ظلم کرنا۔
الوَضَم. گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَة. کہا جاتا ہے "تَرَکَھُمْ لَحْمًا عَلٰی وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا۔
الوَضَم. لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے۔ دسترخوان۔
الوَضِیْم. انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔
الوَضِیْمَة. میت کا کھانا (والوَضْمَة) دوسو کے قریب لوگوں کی جماعت۔
المِیْضَمَة. گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم.
وَضَنَ یَضِنُ وَضْنًا الشَّیْءَ: تہ بہ تہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔ النِّسْعَ: بننا۔
تَوَضَّنَ لَہٗ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔
اِتَّضَنَ بِہٖ: متصل ہونا۔
الوَضِیْن. تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استر۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُن.
المَوْضُوْنَة. باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔
المِیْضَنَة. کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن.
المِیْضَانَة. زنبیل۔ ج مَوَاضِیْن.
وَطَّ یَوُطُّ وَطًّا الوَطْوَاطُ: چمگادڑ کا آواز کرنا المَحْمِلُ: چرچرانا۔
وَطِئَ یَطَأُ وَطْأً الشَّیْءَ بِرِجْلِہٖ: پیر سے روندنا الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا اَرْضَ عَدُوِّہٖ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
وَطَأَ یَطَأُ وَطْأً الشَّیْءَ: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وَطُؤَ یَوْطُؤُ وَطَاءَةً و وُطُوْءَةً المَوْضِعُ: نرم ہونا۔
وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّیْءَ بِرِجْلِہٖ: پیر سے روندنا الفِرَاشَ: بچھونا نرم کرنا الاَمْرَ: درست کرنا۔ آسان کرنا المَوْضِعَ: نرم بنانا الشِّعْرَ وَ فِیْہِ: لفظاً ومعناً قافیہ دہرانا۔
اَوْطَأَ اِیْطَاءً فُلَانًا الاَرْضَ وَ بِالاَرْضِ: روندوانا۔ اَوْطَأَہٗ فَرَسَہٗ: سوار کرانا۔ اَوْطَأَہٗ عَلَی الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ اَوْطَأَ الشِّعْرَ و فِی الشِّعْرِ: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: موافقت کرنا فِی الشِّعْرِ: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِہٖ: کچلنا۔ روندنا۔ عَلَی الاَمْرِ: موافقت کرنا القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً وَ اِیْتَطَأَ اِیْتِطَاءً الشَّیْءُ: آسان ہونا۔ تیار ہونا الاَمْرُ: درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔
اِسْتَوْطَأَ الشَّیْءَ: نرم پانا۔
الوَطْءُ. مص (والوَطَاء) پست و نرم زمین۔
الوِطَاءُ والوَطَاءُ. فرش۔
الوَطْأَة. وطا کا اسم مرة۔ قدم کی جگہ۔ بھینچنا یا دباؤ۔
الوَطَائَة والوُطُوْءَة. مص۔ نرمی، آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَائَةَ العَیْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
الوَاطِئَة والوَطْأَة. راستہ میں گزرنے والے لوگ ج الوَاطِئَة: گری ہوئی کھجوریں۔
الوَطِیْءُ. پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
الوَطِیْئَة. وَطِیٌّ کا مؤنث کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
المَوْطَأُ والمَوْطِئُ. قدم کی جگہ۔
المِیْطَأُ. پست و نرم زمین۔
المُوَطَّأ. مع. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الاَکْنَافِ" نرم اخلاق والا، فیاض مہمان نواز مرد "وَھُوَ مُوَطَّأُ العَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔
الوَطْب. دودھ کی مشک ج اَوْطُب و وِطَاب و اَوْطَاب و جج اَوَاطِب. کہا جاتا ہے صفرت وِطَابُہٗ یعنی مر گیا یا قتل کیا گیا۔
الوَطْب. بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔
الوَطْبَاء. بڑی پستان والی عورت۔
وَطَحَہٗ یَطْحَہٗ وَطْحًا وطِحَةً. ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تَوَاطَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الاِبِلُ عَلَی الحَوْضِ: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
الوَطْح. مص. کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وَطَدَ یَطِدُ وَطْدًا الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعولی وَطِیْد و مَوْطُوْد الاَرْضَ: سخت ہونے کے لیے کوٹنا الشَّیْءَ اِلَیْہِ: ملانا لَہٗ مَنْزِلَةً: تیار کرنا اِلَی الاَرْضِ: جھکانا دبانا الشَّیْءُ: ثابت و قائم ہونا۔ چلنا الصَّخْرَ عَلَی الغَارِ: تہ بتہ رکھنا۔
وَطَّدَ الشَّیْءَ: بمعنی وَطَدَہٗ.
تَوَطَّدَ. مضبوط و ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدَہٗ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہوگیا "وَتَوَطَّدَتْ لَہٗ عِنْدَھُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہوگیا۔
الوَطْد والوَطِیْد والمَوْطُوْد. مضبوط و ثابت۔
الاَوْطَاد. بہت سے پہاڑ۔
الوَطِیْدَة. عمارت کی بنیاد۔ پایۂ دیگدان ج وَطَائِد. کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَہٗ عِنْدَہٗ وَطِیْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
المِیْطَدَة. درمٹ۔
المُتَوَاطِد. مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
الوَطَر. حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَار. کہا جاتا ہے "قَضٰی مِنْہُ وَطَرَہٗ و اَوْطَارَہٗ" اس

نے اپنی حاجت پوری کرلی۔

وَطَسَهُ يَطِسُهُ وَطْسًا. چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا الشَّیَٔ: توڑنا۔ کوٹنا۔

تَوَاطَسَ. الْمَوْجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔ الْقَوْمُ عَلَیَّ: بھیڑ کرنا۔

الْوَطَّاس. چرواہا۔

الْوَطِيس. تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِيَ الْوَطِيسُ یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ ج اَوْطِسَة و وُطُسٌ.

الْوَطِيسَة. معاملہ کی سختی۔

وَطَشَهُ يَطِشُهُ وَطْشًا. مارنا هُ عَنْ فُلَانٍ: ہٹانا۔ دور کرنا الْحَدِيثَ او الْخَبَرَ. کچھ بیان کرنا الْكَلَامَ: وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَیٍٔ" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔

وَطَّشَ الْحَدِيثَ: کچھ بیان کرنا لَهُ: گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا هُ: تھوڑا سا دینا الْقَوْمَ عَنْهُ: ہٹانا فِيهِ: اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا سَأَلُوهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَیٍٔ لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔

وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا. گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ. مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ. وَطِفَ الْمَطَرُ: زور سے برسنا۔

وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا. شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔

الْوَطَف. مص۔ اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔

ظَلَامٌ اَوْطَفُ. سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ: زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ فراخ سالی: عَيْشٌ اَوْطَفُ: خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ: پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔

الْوَطْفَة. تھوڑے بال۔

الْوِطَاق. خیمہ۔ ج وِطَاقَات.

وَطَمَهُ يَطِمُهُ وَطْمًا. روندنا۔ وَطَمَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

وَطِمَ يَوْطَمُ وَطَمًا و وُطِمَ الرَّجُلُ: پاخانہ روکنا۔

وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيطَانًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ واتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ. وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهُ عَلَى الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نفسه على كَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔

وَاطَنَهُ عَلَى الْاَمْرِ. کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔

الْوَطَن. جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان.

الْمَوْطِن. وطن۔ میدان جنگ۔ ج مَوَاطِن.

الْمِيطَان. غایت۔ انتہا۔ گھوڑدوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِيتَاء و مِيدَاء کہتے ہیں۔

وَطْوَطَ. کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔

الْوَطْوَاط. چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط و وَطَاوِيط. الْوَطْوَاط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔

الْوَطْوَاطَة. جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔

وَطَّی تَوْطِيَةً الشَّیَٔ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔

تَوَطَّی. پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّأَ و تَوَطَّأَ میں ایک لغت ہے۔

وَظَبَ يَظِبُ وُظُوبًا الْاَمْرَ و عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ (وَظْبًا) الشَّیَٔ: روندنا۔

وَاظَبَ مُوَاظَبَةً على الامر: مداومت کرنا۔

هُ عَلَى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔

تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔

الْمِيظَبّ. گول تیز پتھر۔

الْمَوْظُوب. مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔

وَظُرَ يَوْظُرُ وَظْرًا. موٹا و پر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ.

وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيرَ: پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔ الشَّیَٔ عَلَى نَفْسِهِ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ. روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ آيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔

وَاظَفَهُ. موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔

اِسْتَوْظَفَ. الشَّیَٔ: پورا لے لینا۔

الْوَظِيف. گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ و اَوَاظِفَة. الْوَظِيفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَائَتِ الْاِبِلُ عَلَى وَظِيفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔

الْوَظِيفَة. عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُفٌ. اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِف" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔

الْوَعُّ. گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچہ کے رونے کی آواز۔

وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّیَٔ: سب لے لینا۔

اَوْعَبَ اِيعَابًا الشَّیَٔ: سب لے لینا۔ جمع کرنا الْاَمْرَ: فارغ ہونا الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا الشَّیَٔ فِي الشَّیِٔ: پورا داخل کر دینا

فِیْ مَالِہٖ فضول خرچی کرنا القَوْمُ پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِیْعَابًا الشَّیْئَ سب لے لینا۔ جڑ سے اُکھیڑنا الْحَدِیْثَ پوری بات حاصل کرنا المَکَانُ او الوِعَاءُ الشَّیْئَ گنجائش ہونا۔

الوَعْبُ کشادہ راستہ۔ ج وِعَابٌ۔

الوَعِیْبُ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْتٌ وَعِیْبٌ و وِعَاءٌ وَعِیْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

المُوْعَبُ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَوْعَبُ لِکَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ یَوْعَثُ وَعْثًا ووَعَثًا ووُعُثَ یَوْعُثُ وُعُوْثَۃً الطَّرِیْقُ راستہ دشوار گزار ہونا الْاَمْرُ گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ و وَعِثٌ و مُوْعَثٌ واَوْعَثُ۔

وَعِثَت تَوْعَثُ و عَثًا یَدُہٗ ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعِثَۃٌ۔

وَعَّثَہٗ تَوْعِیْثًا عَنِ الْاَمْرِ باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا الرَّجُلُ خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا فِیْ مَالِہٖ فضول خرچی کرنا۔ المُتَکَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا الْاَمْرَ بگاڑنا۔ فاسد کرنا فُلَانًا دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الوَعْثُ مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُثٌ و وُعُوْثٌ۔

الوَعْثَاءُ مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ الوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الوُعُوْثُ سختی وبرائی۔

المَوْعُوْثُ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ یَعِدُ وَعْدًا وَعِدَۃً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَۃً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَۃً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ عمدہ فصل ہونے کی اُمید ہونا (وَعِیْدًا) الرَّجُلُ دھمکی دینا الفَحْلُ بڑبڑانا۔

اَوْعَدَہٗ اِیْعَادًا وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَہٗ مُوَاعَدَۃً ایک دوسرے سے وعدہ کرنا ہٗ المَوْضِعَ او الوَقْتَ وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ وَاِتَّعَدَ القَوْمُ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَہٗ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا ہٗ دھمکی دینا۔

اِیْتَعَدَ یَاتَعِدُ فَھُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَدَ کی ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَہٗ وعدہ کرانا۔

الوَعْدُ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْدٌ آتی ہے۔

العِدَۃُ وعدہ۔

المَوْعِدُ مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِدُ

المِیْعَادُ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنے مُوَاعَدَۃٌ مَوَاعِیْدُ۔

المَوْعُوْدُ۔ اَلْیَوْمُ المَوْعُوْدُ قیامت کا دن۔

وَعَرَ یَعِرُ وَعْرًا فُلَانًا روکنا۔ ہٹانا (وَعْرًا و وُعُوْرًا و وَعِرَ یَوْعَرُ و یَیْعِرُ ووَعُرَ یَوْعُرُ و عَارَۃً و وُعُوْرَۃً) المَکَانُ سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ و وَعِرٌ و وَعُرَ الشَّیْئُ کم ہونا۔ صفت وَعْرٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ المَعْرُوْفِ" مرد کم احسان وکم خیر۔

وَعَّرَ المَکَانَ سخت بنانا الرَّجُلَ روکنا۔ ہٹانا المُتَکَلِّمَ بات کاٹ دینا۔

اَوْعَرَ اِیْعَارًا بِہٖ الطَّرِیْقُ راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا الرَّجُلُ سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا الشَّیْئَ کم کرنا (و اِسْتَوْعَرَ) المَکَانَ او الطَّرِیْقَ دشوار و سخت پانا۔

تَوَعَّرَ المَکَانُ سخت ہونا الْاَمْرُ عَلَیَّ: سخت و مشکل ہونا الرَّجُلُ سختی کرنا فِی الکَلَامِ گشتہ و متحیر ہونا ہٗ فِی الکَلَامِ: حیران بنانا۔

الوَاعِرُ دشوار (والوَعْرُ ج اَوْعُرٌ و وُعُوْرٌ واَوْعَارٌ و وُعُوْرَۃٌ۔ والوَعِیْرُ ج اَوْعَارٌ۔

الاَوْعَرُ سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَعْرٌ او طَرِیْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الوَعْرُ خوفناک متوحش جگہ۔

الوَعْرِیُّ مِنَ الکَلَامِ قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔

وَعَزَ یَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِیْزًا و اَوْعَزَ اِیْعَازًا اِلَیْہِ فِیْ کَذَا اَنْ یَفْعَلَہٗ او یَتْرُکَہٗ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔

وَعَسَ یَعِسُ وَعْسًا الشَّیْئَ روندنا ہٗ الدَّھْرُ تجربہ کار بنانا۔

اَوْعَسَ اِیْعَاسًا القَوْمُ ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

وَاعَسَہٗ رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَتِ الْاِبِلُ چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

الوَعْسُ مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاسٌ۔

الوَعْسَۃُ ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔

الاَوْعَسُ وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ واَوْعُسٌ وج اَوَاعِسُ۔

الوَعْسَاءُ نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔

المَوْعِسُ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

المِيْعَاس نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس.
المُوَعَّس چلا ہوا راستہ۔
الوَعَاء سرخ یا زرد گلاب۔
وَعَظَه يَعِظُهٗ وَعْظًا وَعِظَةً نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاحِ اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔
اِتَّعَظَ نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔
اَلوَعْظَة. وَعَظَ کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعْظَات.
العِظَة وعظ و نصیحت ج عِظَات.
الوَاعِظ فا۔ ج وَاعِظُوْنَ و وُعَّاظ.
الوَعَّاظ واعظ کا اسم مبالغہ۔
المَوْعِظَة وعظ کا اسم ہے۔ وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ.
وَعُفَ يَوْعُفُ وُعُوْفًا البَصَرُ نگاہ کا کمزور ہونا۔
الوَعْف سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف.
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الفَرَسُ گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ وَاسْتَوْعَقَ کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ.
وَعَّقَهٗ مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے ”وَعَّقَهُ الطَّمَعُ او الجهلُ“ اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے ”ما اَوْعَقَهٗ“ وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الوَعْقَة اسم مرۃ۔ بد خلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے ”بِه وَعْقَةٌ“ اس کے ساتھ بد خلقی ہے یعنی وہ بد خلق ہے۔
الوُعَاق و الوَعِيْق چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔

وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا وَوَعْكَةً الحَرُّ گرمی تیز ہونا۔ وَاعكَتْهُ الحُمّٰى تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْك الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (وَعْكًا) الشَّىْءَ: توڑنا (وَاَوْعَكَ) الشَّىْءَ فِى التُّرَاب: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔
اَوْعَكَتِ الإِبلُ عِنْدَ الحَوْضِ بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّكَ بخار چڑھنا۔
الوَعْك س (والوَعِك والمَوْعُوْك) بخار والا۔
الوَعْكَة س۔ وَعَكَ کا اسم مرۃ۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الاَمْرِ معاملہ کی سختی۔
وَعْكَةُ الإِبلِ اونٹوں کے گلے۔
المَوْعُوْك س۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الجبلَ پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الاَوْعَالُ پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الوَعْل والوَعِل والوُعِل پہاڑی بکرا۔ ج اَوْعَال و وُعُوْل و وُعُلٌ و وَعِلَة و مَوْعَلَة آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وَعِلَات و وِعَال الوَعْل: شریف۔ جائے پناہ۔ ج اَوْعَالٌ و وُعُوْلٌ کہا جاتا ہے ”مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ“ تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں ”وَهم عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ“ وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔
الوَعْلَة پہاڑ میں بلند جگہ۔ مِنَ القَمِيْصِ قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الاِبْرِيْقِ لوٹے کا دستہ۔
المُسْتَوْعَل پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مُسْتَوْعِلات.
وعَم و وعم يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ خوش باش کہنا اور اسی سے ہے ”عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً“ و عم بالخَيْرِ نیکی کی خبر دینا۔
الوَعْم س۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام.

تَوَعَّنَ الشَّىْءَ پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔
الوَعْنُ و الوَعْنَةُ سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان. الوَعْنُ: جائے پناہ۔
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الكَلْبُ او ابْنُ آوى بھونکنا القَوْمُ شور مچانا القَوْمَ: قوم کو جھڑ جھڑا دینا۔
الوَعْوَاع س۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو۔ بیہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز' دیدبان۔
الوَعْوَع گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان۔ دیدبان ج وَعَاوِع. الوَعَاوِع: دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِىّ: خوش طبع تیز خاطر۔
وَعٰى يَعِى وَعْيًا الشَّىْءَ: جمع کرنا الحَدِيْثَ: قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا الاُذُنُ سننا القَيْحُ فِى الجُرْحِ پیپ کا زخم میں جمع ہونا الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا العَظْمُ ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔
اَوْعٰى اِيْعَاءً الكَلَامَ او الشَّىْءَ یاد کرنا۔ جمع کرنا الزَّادَ و نَحْوَهٗ: برتن میں رکھنا الرَّجُلَ و عَلَيْهِ: بخل کرنا (واِسْتَوْعٰى اِسْتِيْعَاءً) الشَّىْءَ سارا لینا۔
الوَعْى س۔ پیپ (والوعى) شور۔ اور کہا جاتا ہے ”مَا لِى عَنْهُ وَعًى“ مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ ”فَرَسٌ وَعًى“ مضبوط و قوی گھوڑا۔
الوِعَاء والوُعَاء برتن ج اَوْعِيَة جج اَوَاعٍ.
الوَاعِى فا۔ وَاعِى اليَتِيْمِ یتیم کا والی و نگہبان۔
الوَاعِيَة. وَاعِى کا مؤنث آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَوْعٰى مِنْ فُلَانٍ وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ ”وَهُوَ اَوْعٰى مِنْ نَمْلَةٍ“ وہ چیونٹی سے زیادہ جمع

کرنے والا ہے۔
الوَعِیُّ یاد کرنے والا۔ فقیہ۔
وِعَائِیَاتُ الْبُزُوْرِ وہ نبات جن کے بیج چھپے ہوئے ہوں۔ جیسے بادام وغیرہ۔
مَوْعِیُّ الرُّسْغِ مضبوط کلائی والا۔
وَغَبَ یَوْغُبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا۔
الوَغْبُ ردی سامان۔ موٹا اُونٹ۔ کمزور جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَاب و وِغَاب۔ مؤنث وَغْبَةٌ (والوَغْبَةُ) بیوقوف۔
وَغَدَ یَغِدُ وَغْدًا الْقَوْمَ خدمت کرنا۔
وَغُدَ یَوْغُدُ وَغَادَةً ضعیف العقل و کمینہ ہونا۔
وَاغَدَهٗ مُوَاغَدَةً کسی کے فعل کی نقل کرنا۔ وَاغَدَ فُلَانًا فِی السَّیْرِ رفتار میں مقابلہ کرنا۔
الوَغْدُ ضعیف العقل۔ بیوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَادٌ و وُغْدَانٌ و وِغْدَانٌ مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْدُ جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔
وَغِرَ یَغِرُ وَغْرًا الْیَوْمُ سخت گرم ہونا۔
وَغِرَتْهُ الشَّمْسُ تیز دھوپ پڑنا (و وَغِرَ یَوْغَرُ و یَیْغَرُ وَغْرًا) صَدْرُهٗ عَلٰی فُلَانٍ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
وَغَّرَهٗ تَوْغِیْرًا عَلَیْهِ کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔
اَوْغَرَهٗ اِیْغَارًا غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرَهٗ غصہ سے بھڑکانا۔ الْمَاءَ پانی گرم کرنا۔ هٗ اِلٰی کَذَا پناہ لینے پر مجبور کرنا۔ الْخِنْزِیْرَ سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ الْمَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا وَاَوْغَرَهٗ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا۔ الْقَوْمُ گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔
اَوْغَرُوْا بَیْنَهُمْ مِیْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔
تَوَغَّرَ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْرُ والوَغَرُ س۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الْجَیْشِ لشکر کا شور۔
الوَغْرَةُ اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے لَقِیْتُهٗ فِیْ وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔
الوَغِیْرُ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (والوَغِیْرَةُ) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔
المِیْغَرُ وقت معینہ۔ وعدہ۔
وَغَفَ یَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا الْبَصَرُ نگاہ کمزور ہونا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔
اَوْغَفَ اِیْغَافًا الرَّجُلُ جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدرِ کفایت کھانا کھانا۔ الْکَلْبُ کتے کا ہانپنا الطَّائِرُ پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔
وَغَلَ یَغِلُ وُغُوْلًا فِی الشَّیْءِ داخل ہو کر چھپنا، جانا اور دور جانا (وَغْلًا و وُغُوْلًا و وَغَلَانًا) عَلَی الْقَوْمِ بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔
اَوْغَلَ اِیْغَالًا فُلَانًا فِیْ کَذَا داخل کرنا فِی السَّیْرِ تیز چلنا فِی الْعِلْمِ و نَحْوِهٖ پوری طرح جدوجہد کرنا الْقَوْمُ دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (وتوغل) فِی الْبِلَادِ جانا اور دور تک جانا۔
الوَغْلُ س۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَال (و وَغِلٌ) جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا۔ بدخوراک۔
الوَغَّالُ وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔
المُوْغِلُ جلدی داخل ہونے والا۔
وَغَمَهٗ یَغِمُهٗ وَغْمًا مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَی الشَّیْءِ خیال جانا۔
وَغِمَ یَوْغَمُ وَغْمًا عَلَیْهِ کینہ رکھنا۔

اَوْغَمَهٗ کینہ ور بنانا۔
تَوَغَّمَ عَلَیْهِ غضبناک ہونا (وتواغم) الْاَبْطَالُ فِی الْحَرْبِ سخت جنگ کرنا۔ اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الوَغْمُ س۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بیوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَغِمٌ کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَی الْمَعَاصِیْ اصرار کرنا۔
الوَغٰی (والوَغْی) شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلٰی او عَلَی الْاَمِیْرِ قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِدٌ ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ۔
اَوْفَدَ اِیْفَادًا بلند ہونا عَلَیْهِ اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الْاِبِلُ او الطَّیْرُ ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَیْهِ اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِیْ قِعْدَتِهٖ غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) هٗ وفد بھیجنا۔
الوَفْدُ س۔ وَافِدٌ کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔
الوَفْدُ ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ ج وُفُوْدٌ و اَوْفَادٌ۔
الوَافِدُ مِنَ الْاِبِلِ و نَحْوِهَا سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الوَفَّادُ بہت وفد والا۔
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا و فِرَةً لَهُ الْمَالَ زیادہ کرنا۔ پورا کرنا عِرْضَ فُلَانٍ حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهٗ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو عَطَائَكَ رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا الثَّوْبَ کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (وَفْرًا و وُفُوْرًا وَفِرَةً و وَفُرَ یَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ مال یا سامان

بکثرت ہونا۔

وَفَّرَ تَوْفِيْرًا الشَّیْءَ: زیادہ کرنا لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا الْمَالَ: کمی نہ کرنا حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّیْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰی كَذَا: ہمت صرف کرنا عَلٰی صَاحِبِهِ: حرمت و عزت کا پاس ولحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّیْءَ: پورا کرنا الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

الوَفْر. س۔ توانگری مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال و متاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ.

الوَفْرَة. اسم مرة۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار.

الوَافِر. فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔

الوَافِرَة. وافر کا مؤنث دنبہ کی بڑی چکی۔

الْاَوْفَر. کامل۔ تام۔ مکمل۔

الوَفْرَاء. بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ: بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ بہت گھاس ونباتات والی زمین۔

قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ. بہت لوگ۔

المُوَفَّر. مف۔ المُوَفَّرُ الشَّعْرِ: بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰی اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

المَوْفُوْر. مف۔ مکمل چیز۔

اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا. جلدی کرانا۔

وَافَزَهُ. جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰی فِرَاشِهِ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِیْ قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔

الوَفْز والوَفَز. جلدی ج اَوْفَاز و وِفَاز. مَكَانٌ وَفَزٌ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰی وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا ہ: دھتکارنا الْاِبِلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لیے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا. تیز چلنا اور دوڑنا۔ الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔

الوَفْض والوَفَض. س۔ جلدی ج اَوْفَاض.

الوِفَاض. چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض.

الوَفْضَة. اسم مرة۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے' چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاض.

الْاَوْفَاض. لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ اَوْ نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ: تیز رفتار اونٹنی یا شترمرغ۔

الوَفْع. بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاع.

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ و وَفَعَةٌ و وَافِعَةٌ نوجوان لڑکا۔

الوَفِيْعَة. قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔

الوَفِيْعَة والوَفْعَة. کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ الوَفِيْعَة والوَفْعَة والوِفَاع: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ: موافق پانا الْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا ہ اللّٰهُ: درست کرنا ہ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا بَيْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهُ: اس نے مجھے پالیا اُس نے مجھ سے ملاقات کی۔

وَافَقَهُ وِفَاقًا و مُوَافَقَةً. پانا ہ فِیْ او عَلَی الشَّیْءِ: موافق ہونا بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهُ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اُوْفِقَ لِزَيْدٍ لِقَاءَ نَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہوگئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وبالسَّهْمِ: تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فوق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ. کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِی الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَی الشَّیْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهُ: موافقت کرنا۔

الْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

الوَفْق. س۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهُ وَفْقُ عِيَالِهِ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهُ وَفْقَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

التَّوْفِيْق. س۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ و تَوَفَاقُهُ و تَيْفَاقُهُ و تِيْفَاقُهُ و تَوَفُّقُهُ و مِيْنَاقُهُ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

الوَفِيْق. ہمراہی۔ ساتھی۔

المُوَفَّق. س۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّیْءَ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّیْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔

الوَفْل. س۔ تھوڑی چیز۔

وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِیُّ: خادم گرجا ہونا۔

الوَافِه. گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔

الوِفَاهَة. گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔

الوَفْهِيَّة. گرجا کے ناظم کا رتبہ۔

وَفٰى يَفِي وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا النَّذْرَ: نذر پوری کرنا الشَّئُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مر گیا اور تیری عمر دراز ہو رِيْشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (وُفِيًّا) الشَّئُ: کامل ہونا اور بہت ہونا الدِّرْهَم المِثْقَالَ: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّئُ لَا يَفِي بِذَاكَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔

وَفّٰى تَوْفِيَةً. الرَّجُلَ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔

اَوْفٰى اِيْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا النَّذْرَ نذر پوری کرنا الْكَيْلَ: پورا ناپنا فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا الْمَكَانَ: آنا عَلَى الْمَكَانِ: اوپر سے جھانکنا عَلَى الْمِائَةِ: سو سے زائد ہونا عَلَى الشَّئِ و فِي الشَّئِ: اوپر سے جھانکنا۔

وَافٰى مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الْحِمَامُ او الْكِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔

تَوَافٰى تَوَافِيًا الْقَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔

تَوَفّٰى تَوَفِّيًا. پورا ہونا حَقَّهُ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِيْ عَلَيْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا الشَّئَ: کامل بنانا عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ موت دینا۔ تُوُفِّيَ فُلَانٌ: فلاں مر گیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّي اور بندے کو مُتَوَفّٰى کہیں گے۔

اِسْتَوْفٰى اِسْتِيْفَاءً حَقَّهُ: کامل و پورا حق لینا۔

الْوَفَاء. مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مر گیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مر گیا اور تیری عمر دراز ہو۔

الوَفٰى و المِيْفٰى و المِيْفَاة. زمین کا بلند حصہ۔ المِيْفٰى: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔

الوَفَاة. موت۔ ج وَفَيَات۔

الوَفِيّ. پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِيَاء.

الوَافِي. فا۔ مؤنث وَافِيَةٌ: ایک درہم اور چار دانق عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔

المِيْفَاء. وفا کرنے والا۔

وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔

وَقَبَتْ وَقْبًا و وُقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا الْقَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا الرَّجُلُ دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا عَيْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔

اَوْقَبَ اِيْقَابًا. بھوکا ہونا الشَّئَ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔

الوَقْب. مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب و وِقَاب. الوَقْبُ: بیوقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب. الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔

الوَقْبَان. بیوقوف۔ ج وَقْبٰى.

الوَقْبَة. پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔

رَكِيَّةٌ وَقْبَاء. گہرے پانی کا کنواں۔

القِبَة. اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔

الوُقَبِيّ. بیوقوفوں کی صحبت کا حریص۔

المِيْقَب. کوڑی۔

المِيْقَاب. بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سَيْرَ الْمِيْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔

وَقَتَ يَقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔

وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِيَوْمِ كَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لیے مقرر کیا۔

الوَقْت. س۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَةِ: سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ و مُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔

المَوْقِت. تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔

المِيْقَات. وقت۔ وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کیلئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِيْت.

المُوَقِّت. اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔

وَقُحَ يَقِحُ قِحَةً و قَحَةً و وَقِحَ يَوْقَحُ و قَحًا و قُحَ يَوْقُحُ وَقَاحَةً و وُقُوْحَةً. بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔

وَقَّحَ الْحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔

اَوْقَحَ وَاسْتَوْقَحَ الْحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔

تَوَاقَحَ. بے حیائی ظاہر کرنا۔

الوَقَاح (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُح و وُقُح. حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔

رَجُلٌ وَقِيْحُ الْوَجْهِ: بے شرم مرد۔

المُوَقَّح. مف۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِيْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔

وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا و وَقَدًا و وُقُوْدًا و وَقَدَانًا و قِدَةً و اتَّقَدَ. روشن ہونا النَّارُ: آگ جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِكَ زِنَادِيْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ و اَوْقَدَ و تَوَقَّدَ واسْتَوْقَدَ. النَّارَ. آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ واسْتَوْقَدَتْ آگ بھڑکنا تَوَقَّدَ الْكَوْكَبُ: ستارہ کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهُ وَاَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهُ اللہ اس کے گھر کو دور کر

دے اور آگ میں اس کے اثر کو جلا دے یعنی
اس کو واپس نہ کرے۔
الوَقْد والوَقَد. مص۔ آگ۔
الوَقْدَة. وَقَدَ کا اسم مرة۔ سخت گرمی کا زمانہ
کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔
القِدَة. مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی
کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْوٌ ہے تا واؤ کے
بدلہ میں ہے۔
الوِقَاد والوَقِيد والوَقُوْد. ایندھن جس
سے آگ سلگائی جائے۔
الوَقَّاد. اسم مبالغہ۔ كَوْكَبٌ وَقَّادٌ. بہت
روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ. تیز طبع روشن
خاطر مرد۔
المَوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقَد: چولھا۔
زَنْدٌ مِيْقَادٌ. جلدی روشن ہونے والا چقماق۔
المتوَقِّد. فا۔ روشن۔ تیز طبع۔
وَقَذَهُ يَقِذُهُ وَقْذًا. پچھاڑنا۔ مہلک ضرب
لگانا۔ صفت مفعولی وَقِيْذٌ و مَوْقُوْذٌ ةُ
النُّعَاسُ: غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا
(وَاَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔
الوَقِيْذ. مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل
ست۔ وَقِيْذُ الجَوَانِح: غمگین دل والا۔
مؤنث وَقِيْذَةٌ ج وَقَائِذ. الوَقَائِذ: بجھے
ہوئے پتھر۔
المَوْقِذ. بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔
کندھا۔ ج مَوَاقِذ.
وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ: ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ
العَظْمُ: ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعولی مَوْقُوْرٌ و
وَقِيْرٌ (قِرَةً و وَقَارَةً و وَقْرًا و وَقُرَ يَوْقُرُ
وَقَارَةً و وَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ و صاحب
وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا و
وُقُوْرًا فِي بَيْتِه: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔
وَقِرَت تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا و
وُقِرَتْ اُذُنُهُ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت
مَوْقُوْرَةٌ.
وَقَّرَ الشَّيْخَ: تعظیم کرنا فُلَانًا: زخمی کرنا
الدَّابَّةَ: آرام دینا لِلشَّيْءِ: نشان بنانا۔ کہا جاتا
ہے "وَقَّرَتْنِي الاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو
مشاق بنادیا۔
اَوْقَرَ اِيْقَارًا و قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر
بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَت النَّخْلَةُ و
اُوْقِرت سُست پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ
و مُوْقِرَة و مُوْقَرَة الدَّيْنُ فُلَانًا: قرض کا
گرانبار کرنا۔
تَوَقَّرَ واتَّقَرَ. باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔
اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِيْقَارًا الاِبِلُ: اونٹ کا موٹا
ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهُ
طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔
الوَقْر. مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ
میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر. کہا جاتا ہے
"فِي صَدْرِه وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ
ہے۔
الوِقْر. بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج
اَوْقَار.
الوَقْرَة. اسم مرة۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا
شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج
وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔
القِرَة. مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و
عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج
قِرَات.
الوَقَرِيّ. بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع
کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔
الوَقَار. سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (
والوَقُر) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ و صاحب وقار
مرد۔
الوَقُوْر (مذکر و مؤنث) صاحبِ وقار۔ ج
وُقُر.
الوَقِيْر. پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔
لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (و
الوَقِرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی
جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِيْرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل
کان۔
المُوَقَّر. مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو
زمانہ نے تجربہ کار بنادیا ہو۔
المُوَقَّر. پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔
المِيْقَار مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار ج
مَوَاقِيْر.
وَقَسَ يَقِسُ وَقْسًا الجَرَبُ فِي بَدَنِه:
کھجلی پھیلنا الفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا
بِالْمَكْرُوْهِ: تہمت لگانا الجِلْدَ: کھال
چھیلنا۔ وُقِسَ الاِبِلَ: کھجلی لگانا۔
الاَوْقَاس. مختلف لوگوں کی جماعت۔
وَقَشَ يَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمُ: نشان کا مٹنا
فُلَانٍ: عطیہ پانا (وَاَوْقَشَ لَهُ بِشَيْءٍ) کچھ
تھوڑا سا دینا۔
تَوَقَّشَ. ہلنا۔
الوَقْش والوَقْشَة والوَقَشَة. آواز۔
حرکت۔ الوَقْش: عیب۔
الوَقْش والوَقَش. آگ سلگانے کیلئے چھوٹی
چھوٹی لکڑیاں۔
الاَوْقَاش. مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔
وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهُ: گردن توڑ دینا
وَقَصَتِ العُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا بِه
الدَّابَّةُ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّيْءَ:
عیب لگانا۔ گھٹانا رَاْسَهُ: نیچے سے دبانا۔
وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔
صفت مَوْقُوْصٌ.
وَقِصَ يَوْقَص وَقَصًا پیدائشی چھوٹی گردن
والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاء ج
وُقْصٌ اور کبھی گردن کی صفت میں بھی
استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَص
و عُنُقٌ وَقْصَاء"
وَقَّصَ عُنُقَهُ: گردن توڑ دینا عَلَى النَّارِ:
چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔
اَوْقَصَهُ. اَوْقَص بنا دینا (دیکھئے اَوْقَص)
تَوَقَّصَ البَعِيْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے
قدم ڈالنا۔
تَوَاقَصَ. کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔
الوَقْص. مص۔ عیب فِي العُرُوْضِ: علم
عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا
دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔

الوَقَص. س. آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقَاص. کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔

الوَقَاص. پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیْص. کہا جاتا ہے "خُذْ وَقَصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔

الوَقِیْصَة. گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص.

المَوْقُوْص. ش فِی الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔

وَقَطَهٗ یَقِطُهٗ وَقْطًا پچھاڑنا۔ مار کر کے ست کر دینا۔ وُقِطَ فِیْ رَاسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہاجاتا ہے "اَکَلْتُ طَعَامًا وَقَطَنِیْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنادیا اور سلادیا۔

وَقَطَ الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔

اِسْتَوْقَطَ اِسْتِیْقَاطًا الْمَکَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔

الوَقْط والوَقِیْطَةُ. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط.

الوَقِیْط. گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاط و وِقْطَان واقاط مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْطی و وقاطی مؤنث وقیط (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا. مہلک ضرب مارنا۔ وَقَظَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔

الوَقِیْظ. وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔

وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ: گرنا۔ الحَقُّ: ثابت ہونا الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ: واجب ہونا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لیے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا الطَّیْرُ عَلٰی شَجَرٍ او اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اترنا۔ صفت وُقُوْع وُوُقَّع فِی الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا فِیْ اَرْضِ فُلَاةٍ: داخل ہونا الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا فِی العَمَلِ شروع کرنا الکَلَامُ فِیْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا لِاَمْرٍ: حاصل ہونا۔ کہاجاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (وُقُوْعًا و وَقْعَةً) فِیْ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (وَقْعًا) اِلٰی کَذَا: جلدی جانا مِنْ کذا و عَنْ کَذَا: باز رہنا۔ الگ ہونا النَّصْلَ بِالْمِیْقَعَةِ: تیز کرنا۔ صفت مفعول وَقِیْعٌ الْبَعِیْرَ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (وَقْعًا و وَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "و وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وَفُلَانٌ لَیَسِفُّ وَلَا یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔

وُقِعَ فِیْ یَدِهٖ: نادم و پشیمان ہونا (مانند سُقِطَ فِیْ یَدِهٖ کے)

وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا درد مند ہونا۔ صفت وَقِعٌ.

وَقَّعَ الوَبَرُ ظَهْرَ الْبَعِیْرِ: نشان ڈالنا المَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا العَهْدَ او الفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا الْکِتَابَ او الصَّكَّ خط یا چیک پر دستخط کرنا الکَاتِبُ فِی الْکِتَابِ زوائد کو حذف کر دینا الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَی الشَّیْءِ: اندازہ کرنا عَلٰی فُلَانٍ: گمان کرنا الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ تیز کرنے کے لیے متوجہ ہونا الحجارةُ حافِرَةً: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا القَوْمُ: آخر رات میں آرام لینے کے لیے اتر پڑنا۔

وَاقَعَهٗ وِقَاعًا و مُوَاقَعَةً. جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سر انجام دینا۔

اَوْقَعَهٗ اِیْقَاعًا. واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا بِهٖ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا الرَّوْضَةُ: پانی روک لینا المُغَنِّیْ: سُر ٹھیک کرنا۔

تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔

تَوَاقَعَ الاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا السَّیْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔

الوَقْعُ. س. کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ وَوَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَة. کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔

الوَقَع. س. چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَة.

الوَقْع. بارش کی امید دلانے والا بادل۔

الوَقْعَة. وقع کا اسم مرة۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔ وَقَعَ الطَّائِرُ سے اسم جب کہ وہ اڑتے اڑتے نیچے اترے۔ وَقْعَةُ السَّیْفِ: تلوار کا پڑنا۔ ج وَقَعَات.

الوِقْعَة. وقع کا اسم نوع۔

التَّوْقِیْع. س. کسی چیز کا وہم و گمان کرنا۔ آخر رات میں اترنا۔ کتاب سے فراغت کے بعد ضمیمہ لگانا۔ تَوْقِیْعُ السُّلْطَانِ: شاہی مہر۔ ج تَوَاقِیْع.

الاِیْقَاع. س. سروں کی موزونیت۔

الوَاقِع. فا. طَائِرٌ وَاقِعٌ: درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ ج وُقَّعٌ وَ وُقُوْعٌ

کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَاقِعُ الطَّيْرِ: نرم طبیعت مرد۔ النَّسْرُ الْوَاقِعُ: بنات النعش کے قریب ایک ستارہ۔

الوَاقِعَة. وَاقع کا مؤنث لڑائی کی دھکا پیل۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔ قیامت رَجُلٌ وَاقِعَةٌ. بہادر مرد۔

وَقَّاع. بروزن قَطَّامِ. دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ۔

الوَقَاعَة. زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہو سکے۔

وِقَاعَةُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانے میں زمین پر پڑنے کی جگہ۔

الوَقِيْع. تیز کیا ہوا پھل۔ پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر۔ سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے ج وُقُع.

الوَقِيْعَة. لڑائی اور مقاتلہ کا تصادم۔ لوگوں کی غیبت۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج وِقَاعٌ و وَقَائِع. وَقِيْعَةُ الطَّائِرِ: وہ جگہ جہاں پرندہ کے اترنے کی عادت ہو۔ وَقَائِعُ الْعَرَبِ: عرب کی لڑائیاں۔

الوَقَّاع و الوَقَّاعَة. لوگوں کی غیبت کرنے والا۔

المَوْقِع. گرنے کی جگہ ج مَوَاقِع. مَوَاقِعُ الْقَطْرِ: بارش ہونے کی جگہ۔ مَوَاقِعُ الْقِتَالِ: جنگ کی جگہ۔

مَوْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ ج مَوَاقِع.

اَلْوَاقِعِيّ: واقعیہ مذہب کو ماننے والا۔ الواقعية ان لوگوں کا مذہب جو کہ مجردات کی حقیقت کے قائل ہیں۔

اَلْوَاقِعِيَّةُ فِي الْاَدَبِ: چیزوں کی حتی المقدور تصویر کشی حقیقت میں کرنا اگرچہ کچھ بدشکلی ہوتی ہے۔

المِيْقَعَة. ہتھوڑا۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے دھوتا ہے۔ چھری وغیرہ پرسان رکھنے کا لمبا پتھر۔ مِيْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اترنے کی جگہ اور اس کی الفت کی جگہ ج مَوَاقِع.

الْمُوَقِّع. فا. آہستہ قدم رکھنے والا۔ مہر شاہی کا محافظ۔ شاہی فرمان لکھنے والا۔

الْمُوَقَّع. مف. مصائب زدہ۔ رہ چلتا راستہ۔ تیز کی ہوئی چھری۔

الْمَوْقُوْع. مف. پتھروں سے رگڑ کھا کر ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت قدم۔

وَقَفَ يَقِفُ وَقْفًا و وُقُوْفًا. ٹھہرنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا فِي الْمَسْأَلَةِ: شک کرنا الْقَارِئُ عَلَى الْكَلِمَةِ: وقف پڑھنا۔ کلمہ کے آخری حرف کو ساکن پڑھنا۔ وَقَفَ عَلَى الْاَمْرِ سمجھنا۔ مطلع ہونا (وَقْفًا) الدَّابَّةَ: ٹھہرانا کھڑا کرنا ہٗ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا الدَّارَ فِي سَبِيْلِ اللهِ: وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَهَا لَهٗ وَعَلَيْهِ" اس نے اس کو اس کے لیے وقف کیا "وَقَفَ الْاَمْرَ عَلٰى حُضُوْرِ فُلَانٍ" اس نے معاملہ کو فلاں کی موجودگی پر ملتوی کیا ہٗ عَلَى الذَّنْبِ خبردار کرنا الْقِدْرَ بِالْمِيْقَافِ: ہانڈی کے جوش کو ڈوئی سے کم کرنا عَلَيْهِ: معائنہ کرنا (وِقِّيْفَى) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کرنا۔

وَقَّفَهٗ. کھڑا کرنا التُّرْسَ: ڈھال کے گرداگرد لوہے وغیرہ کا حلقہ بنانا الْمَرْاَةَ عورت کو کنگن پہنانا السَّرْجَ: زین کی اس طرح مرمت کرنا کہ پیٹھ کو زخمی نہ کرے۔

الْحَدِيْثَ: بیان کرنا الْقَارِئَ: وقف کے مواقع بتانا الْجَيْشَ. ایک دوسرے کے پیچھے کھڑا ہونا۔ وَقَّفَتِ الْمَرْاَةُ يَدَيْهَا بِالْحِنَّاءِ عورت کا ہاتھوں کو نقطے دار رنگنا۔ وَقَّفَ الدَّابَّةَ: ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا فُلَانًا عَلٰى ذَنْبِهٖ: خبردار کرنا۔

وَاقَفَهٗ مُوَاقَفَةً و وِقَافًا فِي الْحَرْبِ او الْخُصُوْمَةِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔

ہٗ عَلٰى كَذَا: ثابت قدم رہنے کو کہنا۔

اَوْقَفَهٗ. کھڑا کرنا۔ اَوْقَفَ الدَّارَ فِي سَبِيْلِ اللهِ. وقف کرنا الْجَارِيَةَ: لڑکی کو کنگن پہنانا

عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا اور چھوڑ دینا۔

تَوَقَّفَ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا عَلَى الْاَمْرِ: قائم و دائم رہنا عَنْ كَذَا: رکنا۔ باز رہنا۔

تَوَاقَفَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔

اِسْتَوْقَفَهٗ. کھڑا ہونے کو کہنا۔

الْوَقْف. مص. کلمہ کو مابعد سے قطع کرنا۔ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: ساتویں متحرک حرف کو ساکن کرنا جیسے مَفْعُوْلَاتُ کی تا کو ساکن کرنا۔

اَلْوَقْفُ کنگن یا ہاتھی دانت کا کنگن مِنَ التُّرْسِ: سینگ یا لوہے کی بنی ہوئی ڈھال کے گرد کا حلقہ وَالْوَقْفُ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی چیز کی منفعت کو اللہ کے راستہ میں تصدق کرنا۔ اور اصل کو اپنی ملک میں یا اللہ کی ملک میں رکھنا۔ موقوف چیز کو بھی وقف کہتے ہیں۔ ج اَوْقَاف و وُقُوْف.

الوَقْفَة. اسم مرة۔ شک۔ مِنَ التُّرْسِ: ڈھال کے گرد کا حلقہ جو لوہے یا سینگ کا بنا ہوا ہو۔

الوَقِيْفَة. بھگایا ہوا شکار جو تھک کر ٹھہر جائے۔ ہر وہ مقام جہاں کتے اپنے مالکوں کو روک دیں۔

التَّوْقِيْف. مص. جوئے کے تیر کا نشان۔ کنگن کی جگہ کی سفیدی۔ جانوروں کی ٹانگوں میں کالی دھاری یا کنگن کے مانند دھاری۔

الوَاقِف. فا۔ ج وُقَّفٌ و وُقُوْفٌ. عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: فی سبیل اللہ وقف کرنے والا۔

الوَقَّاف. دیر و سستی کرنے والا۔ لڑائی سے رکنے والا۔

الوَقَّافَة. خوفزدہ جو ٹھہر جائے اور پیش قدمی نہ کرے۔

المَوْقِف والمَوْقِفَة. ٹھہرنے کی جگہ۔ مَوْقِفُ الْمَرْاَةِ الْمُتَحَجِّبَةِ: پردہ نشین عورت کے ہاتھ اور آنکھیں اور وہ اعضاء جن کا ظاہر کرنا ضروری ہو۔ الْمَوْقِفَانِ. دو رگوں کا نام ہے جو دبر کی ہڈی کے ارد گرد ہوتی ہیں اگر ان میں تشنج ہو جائے تو انسان اٹھنے پر قادر

نہیں ہوتا اور اگر کاٹ دی جائیں تو مر جاتا ہے۔

المُوَقَّف. ج مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں دست پر گول داغ کیا ہوا۔ ضَرْعٌ مُوَقَّفٌ. تھن جس پر اس بندش کا اثر ہو جو اس لیے باندھ دیا جاتا ہے تاکہ بچہ دودھ نہ پیے۔ رَجُلٌ مُوَقَّفٌ آزمودہ کار مرد۔ رَجُلٌ مُوَقَّفٌ عَلَى الْحَقِّ: حق کا فرمانبردار مرد۔ دَابَّةٌ مُوَقَّفَةٌ: کالی دھاری کی ٹانگوں والا چوپایہ۔

المِيْقَف والمِيْقَاف لکڑی جس سے ہانڈی کو ہلاتے ہیں اور اُبال کو کم کرتے ہیں۔ ڈوئی۔

المَوْقُوْف. ج عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: وقف۔

وَقَلَ يَقِلُ وَقْلاً. ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا (وتَوَقَّلَ) فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَقْل. س. گوگل کا درخت یا اس کا پھل واحد وَقْلَةٌ ج اَوْقَال. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَقْلَةُ الرَّاسِ" بہت چھوٹے سر کا مرد۔

الوَقْلَة. گوگل کے پھل کی گٹھلی ج وُقُوْلٌ.

الوَقِل. پتھر۔ شاخوں کی جڑیں جو اچھی طرح نہ کاٹی گئی ہوں اور چڑھنے والا آسانی سے پیر رکھ کر چڑھ سکے (والوَقِل والوَقُل) مِنَ الْخَيْلِ چڑھنے والا گھوڑا۔

فَرَسٌ تَوْقَلَةٌ. اچھی طرح سے پہاڑ پر چڑھنے والا گھوڑا۔

وَقَمَ يَقِمُ وَقْمًا الدَّابَّةَ. جانور کا لگام کھینچنا۔ القِدْرَ ہانڈی کے اُبال کو ٹھنڈا کرنا۔ (واَوْقَمَ و وَقَمَ) الرَّجُلَ. مغلوب کرنا اور بُرے طریقے سے حاجت سے ہٹانا۔

وُقِمَتِ الْاَرْضُ. گھاس کا کھایا جانا اور روندا جانا۔

تَوَقَّمَ الرَّجُلَ. دھمکانا۔ تَوَقَّمَ الشَّيْءَ: قصد کرنا۔ الصَّيْدَ. شکار کو مار ڈالنا۔ الكَلَامَ. یاد کرنا۔ فِيْهِ. طول کرنا۔

الوِقَام. کوڑا۔ تلوار۔ لاٹھی۔ رسی۔

المَوْقُوْم. ج. غمگین۔ حاجت سے ہٹایا ہوا۔

اَوْقَنَ اِيْقَانًا وتَوَقَّنَ. گھونسلے سے شکار کرنا۔

تَوَقَّنَ الْوَعِلُ فِي الْجَبَلِ. پہاڑی بکرے کا پہاڑ پر چڑھنا۔

الوُقْنَة والاُقْنَة. گھونسلا۔ آشیانہ ج وُقُنَات و اُقُنَات.

المَوْقُوْنَةُ مِنَ الْجَوَارِي: پردہ نشین۔

وَقَهَ ووَقِهَ يَقِهُ وَاَيْقَهَ وَاتَّقَهَ و اِسْتَيْقَهَ لِفُلَانٍ: اطاعت کرنا۔ اِتَّقَهَ عَنْهُ: باز رہنا۔

الوَقْهَة. اطاعت۔ فرمانبرداری۔

الوَاقِهُ. گرجا کا منتظم۔ اور بعضوں کے نزدیک وَافِهُ بِالْفَاءِ ہے۔

وَقُوقَ الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الوَقْوَق. ایک قسم کا پرندہ جو اپنے انڈے خود نہیں سیتا بلکہ دوسرے پرندوں کے گھونسلے میں رکھ دیتا ہے اور اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔

الوَقْوَاق بزدل۔

الوَقْوَاقَةُ مِنَ الرِّجَالِ: بکواس کرنے والا اور ایسا ہی اِمْرَاَةٌ وَقْوَاقَةٌ.

وَقَى يَقِي وِقَايَةً و وَقْيًا و وَاقِيَةً و وَقَى فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ تکلیف سے بچانا۔ تم کہتے ہو "وَقَاهُ اللّٰهُ السُّوْءَ ومِنَ السُّوْءِ" اللہ اس کو برائی سے بچائے (وَقْيًا ووُقِيًّا) الْاَمْرَ: درست کرنا۔

وَقِيَ يَقِي وَقْيًا و وَقِيَ يَوْقَى وَقِيَ الْفَرَسُ مِنَ الْحِفَا. گھوڑے کے کھر کا گھسنا۔

تَقَى يَتْقِيْ تُقًى وتِقَاءً و تَقِيَّةً. پرہیز کرنا۔

اِتَّقَى اِتِّقَاءً وتَوَقَّى تَوَقِّيًا فُلَانًا: پرہیز کرنا۔ خوف کرنا۔ واتَّقَى اِتِّقَاءً: پرہیزگار ہونا۔ واتَّقَيْنَا بِهٖ: ہم نے دشمن سے حفاظت کیلئے اس کو اپنے آگے کر لیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَتْقَاهُ لِلّٰهِ" وہ اللہ سے کس قدر ڈرنے والا ہے۔

الوَقَاء والوِقَاء والوَقَايَةُ والوِقَايَةُ و الوُقَايَة. کسی چیز کی حفاظت کا ذریعہ۔

التَّقْوٰى. پرہیزگاری۔ اللہ کا خوف اور اس کی اطاعت کے مطابق عمل۔

التُّقَاة. پرہیزگاری۔ ج تُقًى.

التَّقِيُّ ج اَتْقِيَاءُ وتُقَوَاءُ والمُتَّقِي. پرہیزگار۔

سَرْجٌ وَقِيٌّ و وَاقٍ. زخمی نہ کرنے والا زین۔ فَرَسٌ وَاقٍ: پاؤں کی تکلیف کی وجہ سے چلنے سے ڈرنے والا گھوڑا۔

الوَاقِي والوَاقِ. بكسر القاف: کوا۔ اور بقول بعض لٹورا۔

الوَاقِيَة. س. وَاقِي کا مؤنث ج وَاقِيَات واَوَاق (اَوَاق میں پہلے واؤ کو ھمزہ سے بدل دیا گیا ہے اس لیے کہ دو واؤ کا جمع ہونا مکروہ ہے)

رَجُلٌ وَقَّاءٌ. بہت پرہیز کرنے والا مرد۔

الْاُوْقِيَّةُ ج اَوَاقِي واَوَاقٍ والوُقِيَّةُ ج وُقِيٌّ و وَقَايَا. رطل کا بارھواں حصہ۔ ایک وزن جو سات مثقال کا ہوتا ہے۔

المُوَقَّى. ج. بہادر۔

اَوْكَاهُ اِيْكَاءً. کسی کے لیے تکیہ لگانا۔ اَوْكَا عَلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا۔ سہارا لینا۔

تَكِيَ يَتْكَاُ تَكْاً الرَّجُلُ: تکیہ لگانا۔

واكَا مُوَاكَاةً ووِكَاءً عَلٰى يَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں کو دعا کے لیے اٹھانا اور پھیلانا۔

اَتْكَاهُ اِتْكَاءً. تکیہ لگانے والے کی ہیئت پر کسی چیز کو ڈالنا۔ ٹیک لگانے کیلئے کسی چیز کو بچھانا۔

اِتَّكَاَ اِتِّكَاءً عَلَى السَّرِيْرِ: سہارا لے کر بیٹھنا۔ پیٹھ یا پہلو کا کسی چیز سے سہارا لگانا عَلٰى عَصَاهُ: سہارا لینا القَوْمُ عِنْدَهٗ: کھانا۔

تَوَكَّاَ عَلٰى عَصَاهُ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا۔

الاِتِّكَاء. س. عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: اہل عروض کی اصطلاح میں حشو و فضول۔

التُّكَاَة. ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی کمان وغیرہ۔ سست بہت ٹیک لگانے والا مرد۔

المُتَّكَا. تکیہ لگانے کی چیز ج مُتَّكَآت.

وَكَبَ يَكِبُ وَكْبًا. سیدھا کھڑا ہونا۔ عَلَى الْاَمْرِ بدا ومت کرنا (وَكْبًا و وُكُوْبًا وُكَبَانًا) آہستہ چلنا۔

وَكِبَ يَوْكَبُ وَكَبًا ووَكَّبَ التَّمْرُ: پختہ ہو کر رنگ کا لال پڑنا۔ وَكَبَ الثَّوْبُ میلا

ہونا وَکَّبَ النَّاقَةَ: تھنوں پر متوسط رسی باندھنا۔

وَاکَبَ مُوَاکَبَةً عَلَی الْاَمْرِ: مداومت کرنا المَوْکِبَ: جلوس میں ساتھ ساتھ چلنا۔

اَوْکَبَ اِیْکَابًا. جلوس کے ساتھ رہنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنے کیلئے آمادہ ہونا یا اُترتے ہوئے پر پھڑپھڑانا عَلَی الْاَمْرِ: مداومت کرنا ہٗ: غضبناک بنانا۔

الوَاکِبَة. جانور کی ایک ٹانگ۔

الوَکَّاب. بہت غمگین۔

ظَبْيَةٌ وَکُوْبٌ. اپنے گلے کے ساتھ رہنے والی ہرنی۔

المَوْکِب. سواروں یا پیدل چلنے والوں کی جماعت۔ ج مَوَاکِب.

وَکَتَ یَکِتُ وَکْتًا. چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر چلنا الدَّابَّةَ: چوپایہ کا جلدی جلدی اُٹھانا اور رکھنا القَدَحَ: پیالہ بھرنا الکِتَابَ: کتاب میں نقطے لگانا فِی الشَّیْءِ: نشان لگانا۔

وَکَّتَ تَوْکِیْتًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ البُسْرُ: پختگی کا رنگ ظاہر ہونا۔

الوَکْت. س۔ تھوڑی چیز۔

الوَکْتَة. داغ۔

الوَکَّات. سستی سے چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنے والا۔

الوَکِیْت. چغل خوری۔

المَوْکُوْت. مفع۔ سخت غمگین۔

وَکَحَهٗ یَکَحُهٗ وَکْحًا بِرِجْلِهٖ: سخت روندنا۔

اَوْکَحَ اِیْکَاحًا. تھکنا۔ منع کرنا اور سائل پر سختی کرنا العَطِیَّةَ: کاٹنا عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ باز رہنا فِی الحَفْرِ: کھودنے میں پتھر یا سخت زمین پر پہنچنا۔

اِسْتَوْکَحَت اِسْتِیْکَاحًا الفِرَاخُ: چوزوں کا موٹا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "سَاَلَه فَاسْتَوْکَحَ"، اس نے اس سے مانگا اور وہ دینے سے رک گیا۔

الاَوْکَح. پتھر۔ سخت جگہ۔ مٹی۔

الوُکُح. موٹے چوزے۔ واحد الوَاکِح یا الوَکُوْح.

وَکَدَ یَکِدُ وُکُوْدًا بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا (وَکْدًا) لشَّیْءِ: قصد کرنا اور کہا جاتا ہے "وَکَدَ وَکْدَهٗ وَکَدَ الاَمْرَ:" مشق کرنا (وَوَکَّدَ واَوْکَدَ وَاَکَّدَ واَکَدَ) العَهْدَ او السَّرْجَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا (واؤ سے افصح ہے۔)

تَوَکَّدَ وَتَاَکَّدَ. مضبوط ہونا۔ باندھا جانا۔

الوَکْد. س۔ مراد۔ قصد۔ ارادہ۔

الوُکْد. کوشش۔

الوِکَاد والاِکَاد. رسی یا تسمہ جس کو دوہتے کے وقت گائے کی ٹانگ میں باندھتے ہیں۔ ج وکائد.

الوَکِیْد والاَکِیْد. سخت۔ مضبوط۔ ثابت۔

الاَوْکَد والاَکَد. اسم تفضیل۔

التَّوَاکِیْد والتَّآکِیْد والمَیَاکِیْد. تسمے جن سے زین کے اگلے حصہ کو باندھتے ہیں۔ ظاہر یہی ہے کہ ان الفاظ کے واحد نہیں۔

المُتَوَکِّدُ. کام کے لیے مستعد و آمادہ۔

وَکَرَ یَکِرُ وَکْرًا و وُکُوْرًا الطَّائِرُ: گھونسلے میں داخل ہونا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا (وَکَرَهٗ وَکْرًا) کسی کے ناک پر مکا مارنا (وَکْرًا و وَکَّرَ و اَوْکَرَ) الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔

وَکَّرَ وَاتَّکَرَ الطَّائِرُ: پرندہ کا گھونسلہ بنانا۔

تَوَکَّرَ الصَّبِیُّ: بچے کا شکم سیر ہونا الطَّائِرُ: پرندہ کا بھرے ہوئے پوٹے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰی تَوَکَّرَ"، اس نے پیا یہاں تک کہ آسودہ ہو گیا۔

الوَکْر. ش۔ گھونسلہ ج اَوْکُرٌ و اَوْکَارٌ و وُکُوْرٌ (والوَکْر والوَکَرٰی) دوڑ کی ایک قسم نَاقَةٌ وَکَرٰی. تیز رفتار اونٹنی۔

الوَکْرَة. اسم مرۃ۔ گھونسلہ ج وُکَرٌ (والوَکْرَة والوَکِیْر والوَکِیْرَة) عمارت سے فراغت کی خوشی کی دعوت۔

وَکَزَهٗ یَکِزُهٗ وَکْزًا ہٹانا۔ مکا مارنا۔ وَکَزَه بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَکَزَ الرُّمْحَ فِی الْاَرْضِ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا القِرْبَةَ: مشک بھرنا اَنْفَهٗ: ناک توڑ دینا۔ وَکَزَ فُلَانٌ: دوڑنا۔

تَوَکَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا عَلٰی عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔

الوَکَّاز. وَاکِز کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَکَّازٌ لَکَّازٌ کَاَنَّهٗ حَیَّ قَنْکَازٍ."

نَاقَةٌ وَکْزٰی. پستہ قد اونٹنی۔

سَحَابٌ هَاتِنٌ و هَتُوْنٌ لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ و هُتَّنٌ. عَيْنٌ هَتُوْنُ الدَّمْعِ لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔
التَّهْتَانُ. لگاتار برسنے والی بارش۔
هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا الْبَعِيْرَ: اونٹ کو "هَتْ هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔
الْهَتْهَاتُ. ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔
هَتَاهُ يَهْتُوْهُ هَتْوًا. پیروں سے روند کر توڑنا۔
هَاتَاهُ مُهَاتَاةً. دینا (اس فعل کی گردان عاطی کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وَهَاتِيْ يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "وَمَا اُهَاتِيْكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔
هَثَّ (ن ض) هَثًّا. جھوٹ بولنا۔ صفت هَثَّات یعنی جھوٹا۔
هَثْرَمَ هَثْرَمَةً. بہت بولنا۔
هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا. کوٹ کر باریک کرنا۔
هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الْهَيْثَمُ. ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا۔ اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کاریت کا ٹیلہ۔
هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مختلط ہونا۔ الْوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا الشَّيْءَ: سخت روندنا۔
الْهَثْهَاثُ. جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاثٌ: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هَثْهَاثٌ: جھوٹا مرد۔

الْهَثْهَثَةُ. س۔ لڑائی میں مختلط آوازیں۔
هَثَى يَهْثِيْ هَثْيًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَاثَاهُ مُهَاثَاةً. مذاق اڑانا۔
هَجَّ (ن) هَجًّا و هَجِيْجًا الْبَيْتَ: گھر ڈھانا (هَبِيْجًا) الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔
وَهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔
اِهْتَجَّ فِي الْاَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔
اِسْتَهَجَّ فُلَانٌ: خود رائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ او الْقَافِلَةَ: تیز چلانا۔
عَيْنٌ هَاجَّةٌ. دھنسی ہوئی آنکھ۔
الْهَجَاجِ. تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ هَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خود سر ہوا (اور کبھی هَجَاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وَهٰذَا ذَيْلَكَ" یعنی دور رہو۔
الْهَجَاجَةُ. گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَاجَةٌ"
الْهُجُّ. بیل کی گردن کا جوا۔
الْهُجُجُ. پوکھرے۔
الْهَجِيْجُ. مص۔ گہری وادی۔ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچی جائیں۔ ج هُجَّان.
الْاَهْجِيْجُ. گہری وادی۔
عَيْنٌ مُهَجِّجَةٌ. دھنسی ہوئی آنکھ۔
الْمُهَجَّجُ. فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
الْمُسْتَهْجُّ. ہر حق ناحق میں بولنے والا۔
هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وهُجُوْءًا جُوْعُهُ: بھوک بند ہونا (هَجَأَ) الطَّعَامَ: کھانا بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا هُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا۔
هَجِئَ يَهْجَأُ هَجَأً. بہت بھوکا ہونا۔
اَهْجَأَ اِهْجَاءً جُوْعَهُ: بھوک زائل کرنا۔ فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کچھ کھلانا۔

تَهَجَّأَ الحَرْفَ ہجے کرنا۔
الهَجَأُ ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے۔
الهُجَاة بیوقوف مرد یا عورت۔
هَجَب (ض) هَجْبًا ہانکنا۔ دوڑنا۔ لاٹھی سے مارنا۔
هَجَدَ (ن) هُجُوْدًا رات میں سونا۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُوْد دن میں سونے اور هُجُوْع رات میں سونے کے لئے ہے۔
هَجَّدَ تَهْجِيْدًا الرَّجُلُ بیدار ہونا۔ رات میں سونا۔ رات میں نماز پڑھنا فُلَانًا جگانا۔ سلانا (ضد)
اَهْجَدَ الرَّجُلُ سونا فُلَانًا سلانا۔ سوتا ہوا پانا۔
تَهَجَّدَ الرَّجُلُ رات میں سونا۔ بیدار رہنا۔
الهَاجِد سونے والا۔ رات میں نماز پڑھنے والا ج هُجُوْد و هُجَّد.
الهَجُوْد رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج هُجُوْد و هُجَّد.
التَّهَجُّد مص۔ رات کی نماز۔
المُتَهَجِّد فا۔ رات کی نماز کیلئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں هاجد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔
هَجَرَ (ن) هَجْرًا و هِجْرَانًا قطع تعلق کرنا۔ چھوڑنا۔ هَجَرَ الشَّيْءَ ترک کرنا۔ اعراض کرنا زَوْجَهٗ بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا (هَجْرًا و هِجِّيْرَى و اِهْجِيْرَى) فِيْ نومه او مَرَضِهٖ نیند یا مرض میں بکواس کرنا (هَجْرًا) به فِي النَّوْمِ خواب دیکھنا (هَجْرًا و هُجُوْرًا) البَعِيْرَ پاؤں باندھنے کی رسّی سے باندھنا۔
هَجَّرَ القَوْمُ دوپہر میں چلنا النَّهَارُ سخت گرم ہونا اِلَى الشَّيْءِ سویرے جانا اور سبقت کرنا۔

هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ البَلَدِ و عَنْهُ ہجرت کرنا۔
اَهْجَرَهٗ اِهْجَارًا چھوڑنا۔ اَهْجَرَ القَوْمُ دوپہر میں چلنا۔ اَهْجَرَ فِيْ مَنْطِقِهٖ بکواس کرنا بِفُلَانٍ ٹھٹھا کرنا اور بُری بات کہنا۔
تَهَجَّرَ القَوْمُ دوپہر میں چلنا فُلَانٌ مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
تَهَاجَرُوْا و اهْتَجَرُوْا باہم قطع تعلق کرنا۔
تَهَاجَرُو الماءَ پینا۔
اِهْتَجَرَهٗ چھوڑنا۔
اَلهَاجِر اسم فاعل۔ شَيْءٌ هَاجِرٌ نہایت عمدہ چیز۔
اَلهَاجِرَة۔ الهَاجِر کا مؤنث گرمی کا دوپہر یا زوالِ آفتاب سے عصر تک کا وقت۔ سخت گرمی۔ ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة اُن مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَةٌ و عَافِيَةٌ وغیرہ۔ نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ عمدہ اُونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال فاحشہ سے متہم کیا۔
الهَاجِرِيُّ بہت عمدہ۔ اعلیٰ و فائق۔ معمار۔ شہری۔
هَاجَرَة حضرت اسمٰعیل علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔
الهَجْر مص۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا۔ بہت عمدہ۔ مہار۔ دوپہر۔ سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ عَنْ هَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد غیبوبت کے بعد ملا۔ "وَذَهَبَتِ الشَّجَرَةُ هَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہوا۔
الهِجْر عمدہ اُونٹ یا اُونٹنی۔
الهُجْر قبیح گفتگو۔ فحش گوئی۔ اِهْجَار کا اسم۔
الهَجِر نہایت عمدہ۔ آہستہ چلنے والا۔
الاَهْجَر اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهْجَرُ مِنْ ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا، موٹا اور بڑا ہے۔

الهُجْرَاءُ قبیح گفتگو۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ غِنَاء ذٰلِكَ وَلَا هُجْرَاؤُهٗ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لیے غنا ہے اور نہ کفایت۔
الهَجْرَة۔ هَجَرَ کا اسم مرۃ۔ موٹی عورت۔
الهِجْرَة۔ هَجَرَ کا اسم نوع۔ تَهَاجُر کا اسم۔
الهِجْرَة و الهُجْرَة ترک وطن۔ ایک مُلک سے دوسرے مُلک کو جانا۔
الهَجْرُ دیہات میں منتقل ہونا۔
الهَجِيْر دوپہر۔ سخت گرمی۔ بڑا اور کشادہ حوض۔ بڑا پیالہ۔ جما ہوا دودھ۔ موٹا گورخر۔ پاؤں باندھنے کی رسّی سے بندھا ہوا اُونٹ ج هُجُر۔ الهَجِيْر کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔
الهَجِيْرَة دوپہر۔ سخت گرمی۔
الهِجَار تانت۔ طوق۔ تاج۔ اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔
الهِجِّيْر و الهِجِّيْرَة عادت۔
الهِجِّيْرَى۔ هَجَرَ فِيْ نَوْمِهٖ او مَرَضِهٖ کا مصدر۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا هِجِّيْرَاه" یہ اس کی عادت ہے۔
الهِجْرِيَّاء عادت۔
الهَجُوْرِيُّ دوپہر کے وقت کا کھانا۔
الاُهْجُوْرَة و الاِهْجِيْرَى و الاِهْجِيْرَاءُ عادت۔
المُهْجِر شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھا چڑھا۔ عَدَدٌ مُهْجِر بہت عدد۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِمُهْجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔
المَهَاجِر ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ بِالمَهَاجِر" اس نے فحش گفتگو کی۔
المَهْجُوْر مف۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔
الهِجْرِس لنگور۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج هَجَارِس
الهَجَارِس زمانہ کی سختیاں۔

الهَجرِع والهِجرَع. بیوقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔
هَاجَزَهٗ مُهاجَزَةً چپکے چپکے بات کہنا۔
هَجَسَ (ن ض هَجْسًا) الشَّیُٔ فِیْ صَدْرِهٖ: وسوسہ گزرنا۔ فُلَانًا: کام سے روکنا۔
هَاجَسَهٗ. چپکے چپکے بات کہنا۔
اِنْهَجَسَ عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا۔
الهَاجِس. فا۔ اندیشہ۔ وسوسہ ج هَوَاجِس.
الهَجْس. مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔
الهَجَّاس. آواز کو سننے والا شیر۔
الهَجِيسَة. مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔
خُبْزٌ مُتَهَجِّس. فطیری روٹی' بے خمیر کی روٹی۔
المَهْجُوس. مف۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ مَهْجُوْسٍ مِنَ الْاَمْرِ" وہ گڑبڑی میں پڑگئے۔
هَجَشَ (ن هَجْشًا) الدَّابَّةَ چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا۔ بَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
هَجَشَتْ لَهٗ نَفْسِیْ: بہت خواہش مند ہونا۔
الهَاجِشَة. لوگوں کی جماعت۔ ج هَوَاجِش. کہا جاتا ہے "جَاءَتْ هَاجِشَةٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔
الهَجْشَة. اسم مرۃ۔ اٹھنا۔
هَجَعَ (ف هُجُوْعًا و تَهْجَاعًا. رات میں سونا۔ سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هَجَعَ جُوْعَه هَجْعًا فَهَجَعَ جُوْعُهٗ هُجُوْعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پاگئی (لازم و متعدی) "هَجَعْتُ اِلَیْهِ فَخَدَعَنِیْ" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔
هَجَّعَ تَهْجِيْعًا القَوْمَ: سونا۔
اَهْجَعَ جُوْعَهٗ: بھوک کو تسکین دینا۔
الهَاجِع. فا۔ ج هُجُوْع و هُجَّع.
الهَاجِعَة. رات میں سونے والی ج هُجَّع و هُجُوْع و هَوَاجِع و هَوَاجِعَات.
الهِجْع والهُجَع والهَجِع والهُجَعَة. غافل۔ بیوقوف۔ الهُجَعَة: بہت سونے والا۔
الهَجْعَة. هَجَعَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ فُلَانًا بَعْدَ هَجْعَةٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔
الهِجْعَة. هَجَعَ کا اسم نوع۔ رَجُلٌ هُجَعَة: غافل بیوقوف مرد۔
الهَجِيْع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی هَجِيْعٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
التَّهْجَاع. ہلکی نیند۔
المِهْجَع. غافل، بیوقوف۔ ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار۔
هَجَفَ (س هَجَفًا. بھوکا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔
اِنْهَجَفَ. لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا
الهَجْفَان. پیاسا۔
الهِجَفّ. سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔
الاَهْجَف. دبلا۔ مؤ هَجْفَاء.
هَجَلَ (ن هَجْلًا بالقَصَبَةِ وَغَیْرِهَا: پھینکنا هَجَلَتِ المَرْاَةُ بِعَیْنِهَا: آنکھ مارنا۔
هَجَّلَ عِرْضَهٗ: بے عزتی کرنا۔ بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔
هَاجَلَ مُهَاجَلَةً. پست اور ہموار زمین میں چلنا۔ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
اَهْجَلَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا الشَّیَٔ: کشادہ کرنا۔ المَالَ: مال ضائع کرنا القَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔
اِهْتَجَلَ الشَّیَٔ: ایجاد کرنا۔
الهَاجِل. فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔
الهَجْل. مص۔ پست و ہموار زمین۔ ج اَهْجَال و هِجَال و هُجُوْل.
الهَجْلَة. هَجَلَ کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ ج هَجَلَات.
الهِجُوْل. بدکار عورت۔
الهَجِيْل. پست و ہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔
دُمُوْعٌ هُجُوْلٌ. بہنے والے آنسو۔ مفرد هَاجِل.
هَجَمَ (ن هُجُوْمًا عَلَیْهِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا البَیْتُ: مکان کا گرنا۔ البَرْدُ اوِ الشِّتَاءُ سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا (هَجْمًا) فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ فُلَانًا عَلَی القَوْمِ اچانک لانا۔ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا۔ البَیْتَ: گھر کو ڈھادینا۔ الهَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا۔ فِی الضَّرْعِ تھن سے سارا دودھ لینا (هَجْمًا و هُجُوْمًا) الشَّیُٔ: قرار و سکون پانا المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سست پڑنا فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا هَجَمَتْ عَیْنُهٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔
هَجَّمَهٗ. اچانک لانا۔
هَاجَمَهٗ مُهَاجَمَةً. ایک دوسرے پر اچانک آنا۔
اَهْجَمَهٗ عَلَیْهِمْ: اچانک لانا۔ اَهْجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔ الاِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا۔ اللّٰهُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔
تَهَاجَمَا. ایک دوسرے پر اچانک آنا۔
تَهَجَّمَ عَلَی الشَّیِٔ: کسی چیز پر اچانک آنا۔
اِنْهَجَمَ البَیْتُ: مکان کا شکستہ و ویران ہونا الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا۔
اِنْهَجَمَتِ العَیْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
اِهْتَجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔
اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
الهَجْم. مص۔ بڑا پیالہ۔ پسینہ ج اَهْجَام.
الهَجَم. بڑا پیالہ۔
الهَجْمَة. هَجَمَ کا اسم مرۃ مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی مِنَ الصَّیْفِ: سخت گرمی مِنَ الاِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سوتک

کا گلہ۔ الهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جئْتُهٗ بعْد هَجْمَةٍ مِنَ اللیْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الهَجَّام. قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔ شیر۔

الهَجُوْم. جلد ہجوم کرنے والالِمن الرِّیاحِ تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے "تَحمَّم فانَّ الْحَمَّام هُجُوْمٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لیے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الهَجِمیَة. گاڑھا دودھ۔

الإهْتِجَام. رات کا آخری حصہ۔

المَهْجُوْم. ـ بَیْتٌ مَهْجُوْمٌ: گرا ہوا گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الهَیْجُمَانَة. موتی۔ نر مکڑی۔

هَجَنَ (ن ض) هَجْنًا. ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ هَاجِن)

هَجُنَ (ک) هُجْنَةً و هَجَانَةً و هُجُوْنَةً کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا الکَلَام غلط ہونا۔

هَجَّنَهٗ تَهجِیْنًا. ھجین بنانا (دیکھئے لفظ هَجِین) هَجَّنَ الاَمْر: حقیر کرنا۔ عیب دار بنانا۔

اَهْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اُونٹوں کا مالک ہونا الجَارِیَة: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

اُهْتُجِنَتِ الشَّاةُ: حمل ظاہر ہونا۔

اِسْتَهْجَنَ فِعْلَهٗ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یُسْتَهْجَنُ ذِکْرُهٗ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الهَاجِن. فا۔ چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچّی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج هَوَاجِن.

الهِجَان مِنْ کُلِّ شَيْءٍ: عمدہ و خالص مِنَ الْإِبِلِ: سفید نسل کا شریف اُونٹ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِیر هِجَانٌ ، نَاقَةٌ هِجَانٌ وَابِلٌ هِجَانٌ" اور بسا اوقات هَجَائِن بھی بولتے ہیں رَجُلٌ هِجَانٌ شریف النسل مرد علیٰ هٰذَا الْقِیَاسِ اِمْرأَةٌ هِجَانٌ و نِسْوَةٌ هِجَائِن اَرْضٌ هِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الهِجَانَة. شرافت۔ سفیدی۔

الهُجْنَة. مِن الکَلام: عیب و قباحت فِی العِلْم: علم کی بربادی ج هُجَن.

الهَجِیْن. کمینہ۔ وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ ج هُجُن و هَجْنَاء و هُجْنَان و مَهَاجِن و مهاجِنَة مؤنث هَجِیْنَةٌ ج هُجُنٌ و هِجَانٌ و هَجَائِن کہا جاتا ہے "فَرَسٌ و بِرْذَوْنَةٌ هَجِیْنٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا او الهَجِیْن مِنَ الْخَیْلِ: ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج هُجُن و هَوَاجِن. لَبَنٌ هَجِیْنٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غِلْمَةٌ اُهَیْجِنَةٌ. بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

المَهْجَنَة والمهْجَنی والمَهْجُنی والمَهْجُنَاء. ناکارہ لوگ۔

المُهَجَّنَة مِنَ النُّوْقِ: ہجان کی جانب منسوب اُونٹنی جو اچھی نسل سے ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اُونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ اُونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

المُهْتَجِنَة. کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچّی۔

الهَجَنَّف. لمبا چوڑا۔ ج هَجَانِیف.

هَجْهَجَ الفَحْلُ فِی هَدِیْرِهٖ: زور سے آواز نکالنا۔

الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا الجَمَلَ او بالجَمَلِ "هیج هیج" کہہ کر روکنے کیلئے ڈانٹنا۔

الهَجْهَاج بیوقوف۔ بڑا شریر۔ کم عقل والا۔ بہت بڑبڑانے والا اُونٹ۔ لمبا مرد یا اُونٹ۔ مصیبت۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ یَوْمٌ هَجْهَاجٌ: تیز ہوا کا دن۔

الهَجْهَاجَة. بمعنی هَجْهَاج. بنجر زمین۔ ج هَجَاهِج مَاءٌ هُجَاهِجُ. پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا۔

هَجَاهُ یَهْجُوْهُ هَجْوًا و هِجَاءً و تَهْجَاءً. معائب شمار کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ گالی دینا۔ مذمت کرنا۔ صفت فاعلی ہاج اور صفت مفعولی مَهْجُوٌّ (هَجْوًا و هِجَاءً) الحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا۔

هَجَا یَهْجُوْ هَجَاءً. پڑھنا۔

هَجُوَ (ک) هَجَاوَةً. الیَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

هَجّٰی تَهْجِیَةً الْحُرُوْفَ: حروف کے ہجے کرنا اللفظَةَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا الصَّبِیَّ الْکِتَابَ: بچّے کو کتاب پڑھانا۔

هَاجَیْتُهٗ مُهَاجَاةً. ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

اَهْجٰی اِهْجَاءً الْقَوْلَ: ہجو والا پانا۔

تَهَجّٰی تَهَجِّیًا الْحُرُوْفَ: حروف کی ہجے کرنا۔

تَهَاجَیَا تَهَاجِیًا و اِهْتَجْیَاءً اِهْتِجَاءً ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

الهِجَاء. حروف کا جوڑ حُرُوْفُ الهِجَاءِ: الف سے لے کر یا تک اور ان کا نام حروف التهجیّ والتَّهَجِّیَة بھی ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰی هِجَاءِ هٰذَا" یہ اس کی شکل پر ہے "وَهُوَ عَلٰی هِجَاءِ فُلَان" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے اندازہ پر ہے۔

الهَجَاة. مینڈک۔

الهَجَّاء. بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هجَّاء" بہت ہجو کرنے والا مرد۔

الاُهْجُوَّة والاَهْجِیَّة. ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ اُهْجُوَّةٌ او اُهْجِیَّةٌ یَتَهَاجُوْنَ بِهَا ج اَهَاجِیّ"

هَدَّ (ن) هَدًّا وهُدُوْدًا البنَاءَ: عمارت کو

دھماکے سے گرانا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّتْهُ الْمُصِيبَةُ" مصیبت نے اس کے اعضاء کو ضعیف بنا دیا۔ "وَهَدَّنِي هٰذَا الْاَمْرُ اَوْ هَدَّ رُكْنِي" یعنی اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی۔

هَدَّ (س ض) هَدًّا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَدَّ (ض) هَدًّا الْبَعِيرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (هَدِيدًا) الْحَائِطُ و نَحْوُهُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے۔ بعض لوگ اس قول میں لفظ هدّ کو مصدر قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے۔ اور بعض فعل قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ سب لاتے ہیں۔ کہتے ہیں "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ و بِامْرَاَةٍ هَدَّتْكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ وَبِرَجُلَيْنِ هَدَّاكَ وَبِرِجَالٍ هَدُّوكَ بِامْرَاَتَيْنِ هَدَّتَاكَ و بِنِسَاءٍ هَدَدْنَكَ" الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَهَدَّ الرَّجُلُ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف کی جائے۔ اور مطلقا تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ يُهَدُّ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے۔

هَدَّدَهُ و تَهْدَدَهُ دھمکانا۔ خوف دلانا۔

تَهَادُّوْا تَهَادًّا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِنْهَدَّ الْجَبَلُ او الْبَيْتُ: پہاڑ یا مکان کا ٹوٹ پڑنا۔ گرنا۔

اِسْتَهَدَّ. کمزور سمجھنا۔

الهَادُّ. فا۔ سمندر کا شور۔

الهَادَّةُ الهادّ کا مؤنث گرج۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْنَا الْعَامَ هَادَّةً" ہم نے امسال گرج نہیں سنی۔

الهَدّ. مص۔ فیاض۔ سخت آواز (والهِدّ) کمزور مرد۔ ج هَدُّوْن و هِدُّوْن۔

الهَدَد. سخت آواز۔

الهَدَّة. هَدَّ کا اسم مرۃ۔ دھماکا۔

الهَدَاد. مہربانی۔ نرمی۔ مہلت۔ اور اسی سے ہے "هَدَادَيْكَ" اور یہ "حَنَانَيْكَ" کے قبیل سے ہے۔ گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَهْلًا بَعْدَ مَهْلٍ" یعنی چھوڑ دو۔ دور رہو۔ علیحدہ ہو جاؤ قَوْمٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔

الهَدَادَة. بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدَادَةٌ" بزدل مرد۔

الهَدُوْد. نرم زمین۔ دشوار گزار گھاٹی اَكَمَةٌ هَدُوْدٌ: ٹیلہ جس سے اترنا شوار ہو۔

الهَدِيْد. مص۔ لمبا مرد۔ دھماکا۔ آواز کی گنگناہٹ۔

الهِدَّان. اکھڑ۔ بیوقوف مرد۔

الاَهَدّ. بزدل۔

التَهْدَاد. ڈرانا۔ دھمکانا۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا مُتَهَادِّيْنَ و مُتَسَاتِلِيْنَ" وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض کو توڑ رہے تھے۔

هَدَأَ يَهْدَأُ هَدْأً و هُدُوْءًا. سکون ہونا (حرکت و آواز وغیرہ میں) هَدَأَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوا اِلَى بَلَدِ كَذَا فَهَدَأُ و افِيْهِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور وہاں اقامت کی فُلَانٌ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ وَقَدْ هَدَاَتِ الْعَيْنُ والرِّجْلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی هدا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) هَدَاَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکی دینا۔

هَدِئَ يَهْدَأُ هَدَأً. کبڑا ہونا الْبَعِيْرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے کوہان والا ہونا۔

هَدَّأَهُ تَهْدِئَةً. تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَأَهُ اِهْدَاءً. تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکی دینا الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا الْكِبَرُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا اللّٰهُ مَنْكِبَهُ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب کہتے ہیں "لَا اَهْدَاَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس کے رنج و غم کو دور نہ کرے۔

الهُدْءُ و الهَدْءُ. رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بَعْدَ هَدْءٍ مِنَ اللَّيْلِ" وہ ہمارے پاس ایک حصہ رات گزرنے کے بعد یا لوگوں کے سونے کے بعد آیا الهَدْءُ: سیرت و خصلت۔ (لغت ہے هَدْىٌ بالیاء میں)

الهَدْأَة. هدأ کا اسم مرۃ مِنَ اللَّيْلِ رات کا ابتدائی حصہ۔

الهِدْأَةُ. هَدَأَ کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هِدْأَةُ لَيْلَةٍ" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔

اَلْهَدَأَة. ایک قسم کی دوڑ۔

الهُدَاءَة. دبلا گھوڑا۔ (نر ہی کیلئے خاص ہے)

الهُدُوْء مص مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءً" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔

الهَدْئُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الاَهْدَأ. کبڑا کہا جاتا ہے "مَنْكِبٌ اَهْدَأُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَهْدَأُ وامْرَاَةٌ اَهْدَأُ" کبڑا مرد ؛ کبڑی عورت "وَهُوَ اَهْدَأُ مِمَّا كَانَ" زیادہ مطمئن۔

المَهْدَأُ. مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

المَهْدَأَة. حالت ؛ کہا جاتا ہے تَرَكْتُهُ عَلَى مُهَيْدِئَةٍ میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مَهْدَأَة کی تصغیر ہے۔

هَدَبَ (ض) هَدْبًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوھنا الثَّمَرَةَ: پھل توڑنا۔

هَدِبَت (س) هَدَبًا العَيْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

هَدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھور بنانا هَدَّبَ واهْتَدَبَ الثَّمَرَةَ: میوہ توڑنا۔

اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

تَهَدَّبَتِ الْاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔

الهُدْب والهُدُب. پلک ؛ واحد هُدْبَةٌ

وھُدْبَۃٌ. کپڑے کا جھور ج اَھْدَابٌ. واحد ھُدْبَۃٌ.

الھَدَبُ. ارطی اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں؛ درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں جیسے سرو مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے نہ ہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو۔ ھَدَبُ الشَّجَرَۃِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَھْدَاب۔

الھَدِب. شیرٌ مِنَ الْعُیُوْنِ وَالْاَشْجَارِ لمبی پلکوں والی آنکھ؛ لمبی شاخوں والا درخت۔

الھُدُبُّ. کند خاطر و عاجز۔

الھُدَّاب. کند خاطر و عاجز۔ پتے جو چوڑے نہ ہوں؛ واحد ھُدَّابَۃٌ کہا جاتا ہے "قَطَعَ ھَدَبَ الشَّجَرَۃِ وھُدَّابَھَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "ھُدَّابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں ھُدَّابُ الثَّوْبِ: کپڑے کے جھور۔

الھَیْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ الھَیْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا الھَیْدَب پستان۔

الھَیْدَبیٰ. گھوڑوں کی ایک چال۔

اَلْاَھْدَب. لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث ھَدْبَاءُ ج ھُدْبٌ. شَجَرٌ اَھْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَھْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عَیْنٌ ھَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجَرَۃٌ ھَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ ھَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْیَۃٌ ھَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔

ھَدَجَ (ض) ھَدْجًا وھَدَجَانًا و ھُدَاجًا. بوڑھوں کی چال چلنا الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

ھَدَجَت ھَدْجًا وھَدَجَۃً النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا القِدْرُ: ہانڈی کا زور سے اُبلنا الرِّیْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

ھَدِجَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

تَھَدَّجَ الصَّوْتُ: کپکپی کی وجہ سے آواز منقطع ہونا۔ تَھَدَّجَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بچے سے پیار کرنا۔ تَھَدَّجَ القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَھْدَجَ. کانپتے ہوئے چلنا۔

الھَدَّاج. اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِیْمٌ ھَدَّاجٌ. کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "قَنَافِذُ ھَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُیُوْتِھِمْ" سیہیاں ان کے مکان کے ارد گرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔

قِدْرٌ ھَدُوْجٌ. جلدی ابلنے والی ہانڈی۔

الھَوْدَج. ہودہ؛ ج ھَوَادِج.

المِھْدَاج. بچہ سے پیار کرنے والی اُونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔

المُسْتَھْدِج. فا۔ جلد باز۔

المُسْتَھْدَج. مص۔ جلد بازی۔ (مصدر میمی)

الھَدْجَدَج. بوڑھوں کی چال چلنے والا شتر مرغ۔

ھَدَرَ (ن ض) ھَدْرًا وھَدَرًا. الدَّمُ وَغَیْرُہٗ: خون وغیرہ رائیگاں جانا فُلَانٌ الدَّمَ وَغَیْرَہٗ: باطل کرنا۔

ھَدَرَ (ض) ھَدْرًا وتَھْدَارًا الحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ گنگری کرنا الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ ھَدَرَتْ جَرَّۃُ النَّبِیْذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا الرَّعْدُ: بادل گرجنا النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا (ھَدْرًا و ھَدِیْرًا) البَعِیْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (ھُدُوْرًا و ھَدِیْرًا) العُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔

ھَدَّرَ البَعِیْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

اَھْدَرَ دمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔

تَھَادَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِھْدَوْدَرَ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔

الھَادِر. فا۔ ناکارہ ج ھَدَرَۃ. دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔

الھَادِرَۃ. الھَادِر کا مؤنث اَرْضٌ ھَادِرَۃٌ: بہت گھاس والی زمین ج ھَوَادِر.

الھَدَّار. اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْدٌ ھَدَّارٌ" بہت گرجنے والا بادل۔

الھَدْر والھَدَر مص۔ ناکارہ و رائیگاں کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ ھَدْرًا او ھَدَرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَھَبَ مَالُہٗ او سَعْیُہٗ ھَدْرًا او ھَدَرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الھَدَر. ناکارہ لوگ۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اُنَاسٌ ھَدَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الھِدْر. نکما ناکارہ ج ھِدَرَۃٌ. کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ ھَدَرَۃٌ وھِدَرَۃٌ وھُدَرَۃٌ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے۔ اور ایسا ہی واحد کیلئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "ھو جَبَانٌ ھَدَرَۃٌ"

الاَھْدَر. پھولا ہوا۔ مؤنث "ھَدْرَاءُ ج ھُدْر".

المَھْدَرَۃ. سامنے کے چھوٹے دانت۔

الھَدَارِیس. مصیبتیں۔

ھُدِشَ ھَدْشًا الکَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْھَدَشَ اِنْھِدَاشًا الکَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الھَوْدَع. شتر مرغ۔

ھَدَغَہٗ (ف) ھَدْغًا. توڑنا۔

اِنْھَدَغَ. ٹوٹنا الشَّیْءُ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا الرُّطَبَۃُ: گر کر پھٹنا۔

ھَدَفَ (ن) ھَدْفًا. اِلَیْہِ. داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا۔

ھَدَفَ (ض) ھُدُوْفًا: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔

اَھْدَفَ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا عَلَی التَّلِّ: ٹیلہ پر سے جھانکنا اِلَیْہِ: پناہ لینا لَہُ الشَّیْءُ: پیش آنا مِنْہُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَھْدَفَ لَکَ الصَّیْدُ فَارْمِہٖ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَھْدَفَ لَہُ الشَّیْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّیْءُ: بلند ہونا، نشانہ بننا اور اسی سے مشہور مقولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَھْدَفَ"

جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا۔
اِسْتَهْدَفَ كَفَلُ الْاِنْسَانِ او الحَيْوَانِ: انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔
الهَادِف. فا۔ اجنبی۔
الهَادِفَة. جماعت۔
الهِدْف. بڑے جسم والا۔
الهَدَف. ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ۔ اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی "هَدَف" کہتے ہیں
الهِدَف: بڑے جسم کا مرد۔ بہت سونے والا بھاری بھر کم۔ ناکارہ۔ ناموافق ج اَهْدَاف۔
الهِدْفَة. لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج هِدَف.
هَدَكَ (ض) هَدْكًا الْبِنَاءَ: عمارت کو ڈھانا۔
تَهَدَّكَ تَهَدُّكًا. بیوقوف بننا عَلَيْهِ بِالْكَلَامِ: دھمکانا۔
هَدَلَ (ض) هَدِيْلًا الْحَمَامُ او الْغُلَامُ آواز نکالنا (هَدْلًا) الشَّيءَ: لٹکانا۔
هَدِلَ (س) هَدَلًا ڈھیلا ہونا البَعِيْرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔
تَهَدَّلَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا
اَغْصَانُ الشَّجرةِ او ثَمرَتُهَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔
الهَادِل. فا۔ بَعِيْرٌ هَادِلٌ: لٹکے ہوئے ہونٹ والا اُونٹ۔
الهَدَال. لٹکی ہوئی شاخیں۔
اَلْهَدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں۔ اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتی ہیں۔
الهَدَالة. جماعت۔
جَمَلٌ هَدِلٌ. لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اُونٹ۔
الهَدِيْل. س۔ کبوتر کی کوکو، کبوتر کا بچہ، بہت
بالوں والا مرد۔ اور بقول بعض گتھے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے۔ اور تیل نہ لگائے۔
رَجُلٌ هَدِيْلٌ: سست و بوجھل مرد۔
الاَهْدَل. لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث هَدْلَاءُ. ج هُدْل. مِشْفَرٌ اَهْدَل: ڈھیلا ہونٹ کا اُونٹ۔ شَفَةٌ هدلَاءُ: ٹھوڑی پر لوٹا ہوا ہونٹ اَلاَهْدَلُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔
هَدَمَ (ض) هَدْمًا البِنَاءَ: عمارت ڈھانا الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَهَدَمَهُ" اس نے اُس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔
هُدِمَ الرَّجُلُ فِي الْبَحْرِ: سمندر میں چکر آنا۔
هَدَّمَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کیلئے ہے) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
تَهَدَّمَ البِنَاءُ: عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَدَّمَ عَلَيْهِ غضبًا" اس نے اسے دھمکی دی الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
تَهَادَمُوْا. ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔
اِنْهَدَمَ البِنَاءُ: عمارت کا ویران و شکستہ ہونا۔
الهَادِم. فا. هَادِمُ اللذَاتِ: کنایہ ہے موت سے۔
الهُدَام. چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔
الهَدْم. س۔ مباح کیے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدْمٌ" اس کا خون مباح ہے۔
الهِدْم. بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَهْدَام و هِدَم. کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ ثِيَابٌ هِدمٌ اَوْ اَهْدَا[]مٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔
الهِدْم: پیر فرتوت، کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔ چرمی موزہ۔
الهَدِم. مخنث۔ بیوقوف۔
الهَدَم. خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران و شکستہ ہو گئی ہو۔
کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَكَ اِلَى لَهَدَمٌ وَاِنَّ حَبْلَكَ اِلَى لَاَنْشُوْطَةٌ" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِي دَمُكَ و هَدَمِي هَدَمُكَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ هَدَمٌ مِنَ الْحائِطِ" دیوار منہدم ہو گئی۔ شَهِيْدُ الْهَدَمِ: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔
الهَدْمَة. اسم مرة۔ ہلکی بارش۔
الهِدْمَة. پرانا کپڑا۔ ج هُدُوْم.
الهَدِيْم. پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔
عَجُوْزٌ مُتَهَدِّمَةٌ. بہت بڑھیا۔
المُهْدَم والمهْدُوْم والمَهْدُوْمة گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَهْدُوْمَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
خُفٌّ مُهَدَّم. بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔
هدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔
الهِدْمِل. پرانا کپڑا۔ ویرینہ۔ بہت بالوں والا۔
الهِدْمَل. پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔
الهِدْمِلَة. بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔
هَدَنَ (ض) هُدُوْنًا. آرام پانا۔ بزدل ہونا ڈھیلا ہونا (هَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ الشَّيْءَ: دفن کرنا فُلَانًا: قتل کرنا۔
هُدِنَ عَنْكَ فُلَانٌ: کسی کا تم سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔
هَدَّنَهُ. تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنُوْهُ بِالْقَوْلِ حَتّٰى هَدَنَ" اس کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گیا الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنَتِ الْمَرْاَةُ صَبِيَّهَا بِكَلَامِهَا لِيَنَامَ"

عورت نے اپنے بچے کو سونے کیلئے لوری دی۔

اَهْدَنَ الْخَيْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔

هَادَنَهٗ مُهَادَنَةً. صلح کرنا۔

تَهَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہوا۔ الْقَوْمُ باہم صلح کرنا۔

اِنْهَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِهٖ: سست ہونا۔

الْهِدَان. احمق۔ بیوقوف۔ جنگ میں سست۔ ج هُدُوْن.

الْهِدَانَة. لڑائی کے بعد صلح۔

الْهِدْن. سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔

الْهَدِن. ڈھیلا۔

الْهَدْنَة. هَدَنكا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔

الْهُدْنَة. مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج هُدَن.

الْهُدُوْن. سکون۔ صلح۔

الْمَهْدُوْن. شئ۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لیے جائے۔ کندذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔

الْمَهْدَنَة. سکون۔ آرام۔

الْهَيْدَان. بزدل۔ بخیل۔

هَدْهَدَ هَدْهَدَةً البعيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا الطَّائِرُ: پرندہ کا کٹکری کرنا۔ هَدْهَدَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهٗ: بچے کو سونے کے لیے ہلانا

هَدْهَدَ الشَّئَ مِنْ عُلُوٍ اِلَى اَسْفَل: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "يُهَدْهَد اِلَيَّ كَذَا" مجھے ایسا خیال ہوتا ہے۔

الْهَدْهَد. جنات کی آوازیں (اس کیلئے واحد نہیں)

الْهُدْهُد والْهُدَهِد والْهُدَاهِد هدهد واحد هُدْ هُدَة وهُدَ هُدَة و هُدَاهِدَة ج هَدَا هِد و هَدَاهِيْد "اَبْصَرُ مِنْ هُدْهُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔

الْهُدْهُد. ہر کو کو کرنے والا پرندہ۔ بہت کو کو کرنے والا کبوتر۔ ج هَدَاهد و هَدَاهِيْد.

الْهَدْهَدَة. مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔

الْهَدَاهِد. نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَيْكَ بِالْهَدَاهِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔

هَدَاهُ يَهْدِيْهِ هُدًى و هَدْيًا و هِدْيَةً و هِدَايَةً. رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَاهُ الطَّرِيْقَ و هَدَاهُ اِلَى الطَّرِيْق و لِلطَّرِيْق" اس نے اس سے راستہ بیان کر دیا اور پہنچوا دیا هَدَاهُ اللّٰهُ اِلَى الْاِيْمَان او لِلْاِيْمَانِ: ہدایت کرنا۔ هَدِيَ الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔

هَدَى يَهْدِي هِدَاءً الْعَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ فُلَانًا: آگے ہونا "جَائَتِ الْخَيْلُ يَهْدِيْهَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔

هَدَّى تَهْدِيَةً الشَّئَ: جدا جدا کرنا۔ الْهَدِيَّةَ لِفُلَان و اِلَيْهِ: تحفہ دینا۔ الْعَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

هَادَاهُ مُهَادَاةً وهِدَاءً. ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ هَادَى فُلَانٌ فُلَانًا اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا۔ فُلَانًا: چلانا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَادِي بَيْنَ اِثْنَيْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔

اَهْدَى اِهْدَاءً الْعَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ الْهَدِي اِلَى الْحَرَمِ ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا۔ لِفُلَانٍ و اِلَى فُلَان كَذَا: تعظیم و اجلال کے لیے تحفہ بھیجنا الشَّئَ: جدا جدا کرنا.

تَهَدَّى تَهَدِّيًا. ہدایت پانا۔

تَهَادَى تَهَادِيًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو ہدیہ دینا۔ الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے تنہا چلنا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ يَتَهَادَى بَيْنَ اِثْنَيْنِ" وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔ "وَهٰذَا شَئٌ يَتَهَادَى" یعنی وہ چیز ہے جس کو لوگ آپس میں تحفہ کے طور پر دیتے ہیں۔

اِهْتَدَى اِهْتِدَاءً. ہدایت پانا۔ راہ راست پانا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَدَى اِلَى الطَّرِيْقِ واِهْتَدَى الطَّرِيْقَ اِلَى مَكَانِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں جگہ کا راہ راست پالیا۔ اِهْتَدَى الْعَرُوْسُ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ الْفَرَسُ الْخَيْلَ: گھوڑوں کے گلے کے آگے ہوا۔ اِهْتَدَى الرَّجُلُ: ہدایت طلب کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنا۔

اِسْتَهْدَى اِسْتِهْدَاءً. ہدایت طلب کرنا الشَّئَ: ہدیہ طلب کرنا۔

الْهَادِي. اسم فاعل ج هَادُوْن و هُدَاة.

الْهَادِي: آگے رہنے والا۔ گردن۔ پیکان۔ لاٹھی۔ شیر ج الْهَوَادِي. هَوَادِي اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔ هَوَادِي الْاِبِلِ: اونٹوں میں سے پہلا اونٹ جو نمودار ہو۔

الْهَادِيَة. الْهَادِي کا مؤنث۔ لاٹھی۔ پانی میں اوپر کو نکلی ہوئی چٹان۔ گردن۔ ج هَادِيَات و هَوَادٍ. کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتْ هَادِيَاتُ الْخَيْلِ و هَوَادِيْهَا"

رَجُلٌ هِدَاءٌ. کمزور کندذہن مرد۔

الْهِدَايَة. مص۔ رہنمائی۔

الْهُدٰى. رہنمائی۔ بیان۔ دلالت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الْهُدٰى" وہ ہدایت پر ہے۔ دن۔

الْهَدْي. مص۔ طریقہ۔ سیرت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَهُ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ "وَهَدَى هَدْيَهُ" وہ اس کی سیرت پر چلا۔ الْهَدْيُ: محترم۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ واحد هَدْيَة. اور کہا جاتا ہے "مَالِي هَدْيٌ اِنْ كَانَ كَذَا و كَذَا" یہ مقولہ بطور قسم کے ہے۔ "وَجِئْتُهٗ بَعْدَ هَدْيٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ایک حصہ گزرنے کے بعد آیا۔

الْهَدْيَة والْهِدْيَة. طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَتَهٗ و هِدْيَتَهٗ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ ج هُدًى.

الْهِدْيَة. هَدَى کا اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هِدْيَتِكَ" جس کام میں تم مشغول تھے اسی میں لگے رہو اور اس سے تجاوز مت

کرو۔ "وَصَلَّ هَذِيَتَهُ" یعنی اس طریقہ کو چھوڑدیا جس کو کرنا چاہتا تھا۔
هُذْيَةُ الْأَمْرِ بتثليث الهاء جہت کار۔ کہا جاتا ہے "نظَرَ فُلَانٌ هَدْيَةَ أَمْرِهِ" فلاں نے اپنے طریقہ کار پر غور کیا۔
الهُدُوُّ: رہنما۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدُوٌّ" یعنی راہنما مرد۔
الهَدِيُّ قیدی۔ دلہن۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ مرد محترم۔ الحمامُ الهَدِيُّ ڈاک کے کبوتر جو خطوط لے جائیں اور جواب لائیں۔
الهَدِيَّة. الهَدِيّ کا مؤنث۔ دلہن۔ تحفہ ج هَدَايَا و هَدَاوَى و هَدَاوٍ۔
الهُدَيَّا. مثل۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عِنْدِي هُدَيَّاهَا" تمہارے لیے میرے پاس اس کے مثل ہے۔
المُهَادَاة. صلح کرنا۔
المِهْدَاء وہ جس کی عادت ہدیہ دینے کی ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِهْدَاءٌ و امْرَأَةٌ مِهْدَاءٌ"
المِهْدَى تھالی طبق وغیرہ جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔
المَهْدِيُّ یہ وہ شخص جس کی اللہ تعالیٰ حق کی طرف رہنمائی کریں۔
المُهْدَاة و المَهْدِيَة. دلہن جو شوہر کے پاس بھیجی گئی ہو۔
هَذَّ (ن) هَذًّا و هَذَذًا و هُذَاذٌ جلدی کاٹنا۔ کاٹنا۔ الحَدِيثَ بیان کرنا۔
اِهْتَذَذْتُ الشَّيْءَ جلدی سے کاٹ دینا۔
هَذَا ذَيْكَ یہ کلمہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ کسی کو کسی چیز سے روکنا ہو۔
الهَذُّ بہت کاٹنے والا۔
الهَذَّاذ و الهُذُوذ بہت کاٹنے والا۔ شَفْرَةٌ هُذُوذٌ کاٹنے والی دھار۔ جَمَلٌ هَذَّاذٌ آگے بڑھنے والا اونٹ۔
اِزْمِيلٌ هَذٌّ تیز کاٹنے والی رانپی۔
هَذَأَهُ يَهْذَأُهُ هَذْأً جلدی کاٹنا۔ هَذَأَ العَدُوَّ دشمن کو ہلاک کرنا فُلَانًا بِلِسَانِهِ تکلیف دینا اور تکلیف دہ باتیں سنانا۔ الكَلَامَ: لغو باتیں کرنا۔ هَذَأَتِ الابلُ تھک کر گر پڑنا۔
هَذِئَ يَهْذَأُ هَذْأً مِنَ البَرْدِ سردی سے ہلاک ہونا۔
تَهَذَّأَتِ القَرْحَةُ زخم کا خراب ہونا اور پھٹ جانا
سَيْفٌ هُذَّاء و هَذَّاء تلوار قاطع۔
الهَذَأَة کدال۔ پھاوڑہ۔
هَذَا ایک کلمہ ہے جو مرکب ہے ہائے تنبیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔
هَذَبَ (ض) هَذْبًا الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا النَّخْلَةَ: درخت خرما کی چھال اتارنا الشَّيْءُ: بہنا (هَذْبًا و هَذَابَةً) جلدی کرنا القَوْمُ بہت شور و غل کرنا۔
هَذَّبَ جلدی کرنا الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) الشِّعْرَ درست کرنا۔ اصلاح کرنا الرَّجُلَ پاکیزہ اخلاق والا بنانا۔
هَاذَبَ مُهَاذَبَةً جلدی کرنا۔
اَهْذَبَ جلدی کرنا۔ اَهْذَبَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا جلدی برسانا۔
تَهَذَّبَ پاکیزہ ہونا۔ درست ہونا۔ الرَّجُلُ شائستہ ہونا۔
الهَذَبُ صفائی۔ خلوص۔
فَرَسٌ هَذِبٌ تیز رفتار گھوڑا۔
اِبِلٌ مَهَاذِيبُ تیز رو اونٹ۔ مفرد مِهْذَاب.
المُهَذَّب یہ پاکیزہ اخلاق والا۔ عیوب سے پاک صاف۔ كَلَامٌ مُهَذَّبٌ او شِعْرٌ مُهَذَّبٌ عیوب سے پاک کلام یا شعر۔ فَرَسٌ او طَائِرٌ مُهَذَّبٌ تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔
هَذَرَ (ن ض) هَذْرًا و تَهْذَارًا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهِ بکواس کرنا (هَذْرًا: اليَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔
هَذِرَ (س) هَذَرًا كَلَامُهُ لغو و بیہودہ ہونا۔
اَهْذَرَ فِي مَنْطِقِهِ وَفِي كَلَامِهِ بکواس کرنا۔
يَوْمٌ هَاذِرٌ سخت گرم دن۔
الهَذَرُ: بکواس و بیہودہ گفتگو۔
رَجُلٌ هَذِرٌ و هَذُرٌ و هُذَرَةٌ و هُذُرَّةٌ و هَذَّارٌ و هَيْذَرٌ و هَيْذَارَةٌ و هِذْرِيَانٌ و مِهْذَرٌ و مِهْذَارٌ و مِهْذَارَةٌ بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ و رَجُلٌ هِذْرِيَانٌ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔ اِمْرَأَةٌ هَذِرَةٌ و هَيْذَرَةٌ و مِهْذَارٌ بکواس کرنے والی عورت۔
هَذْرَبَ جلدی جلدی بہت بولنا۔
الهُذْرُبَان جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔
الهُذْنِير بری عادت۔
هَذْرَفَ جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔
الهُذْرُوف تیز رفتار ج هَذَارِيف.
هَذْرَمَ هَذْرَمَةً بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهِ گڑبڑی کرنا۔
الهَذْرَمة یہ۔ تیز رفتاری۔
الهِذْرام. بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِذْرَامٌ" بہت بولنے والا مرد۔
الهُذَارِم والهُذَارِمَة. پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ هَذْرَمَى بہت شور۔ او شرارت والی عورت۔
هَذَفَ (ض) هُذُوفًا تیز چلنا۔
رَجُلٌ هَذَّافٌ و مُهْذِفٌ و هَذِفٌ تیز رفتار مرد۔
هَذَلَ (ض) هَذْلَانًا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "اَهْذَبَ فِي مَشْيِهِ وَاَهْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔
الهَاذِل. رات کا درمیانی حصہ۔
الهُذْلُول. ہلکا پھلکا مرد۔ ہلکا تیر۔ چست بھیڑیا۔ لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔ چھوٹا ٹیلہ، پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش

جو دور سے دکھائی دے۔ ج هَذَالِيل.

هَوْذَلَ هَوْذَلَةً فِيْ مَشْيِهٖ: تیز چلنا: دوڑنے میں لڑکھڑانا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔

الهَوْذَل. بندر کا بچہ۔

الهَذْلَبَة. جلد بازی۔ ہلکاپن۔

الهُذْلُوْغ. موٹے ہونٹ والا۔

الهُذْلُوْغة. بدصورت۔ بیوقوف۔

هَذْلَمَ. چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔

هَذَمَ (ض) هَذْمًا الشَّیْءَ: جلدی سے کاٹنا الرَّجُلُ: جلدی لے کھانا۔ صفت هَاذِم.

الهُذَام. بہادر۔ تلوار قاطع۔ سِنَانٌ هُذَامٌ تیز بھالا۔

سِكِّيْنٌ هَذُوْمٌ. تیز چھری۔

شَفْرَةٌ هُذَمَةٌ و هُذَامَةٌ. تیز دھار۔

المِهْذَم مِنَ السُّيُوْفِ: شمشیر براں۔

هَذْمَلَ. چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔

الهَذَاهِذ ذو الهُذَاهِذ مِنَ السُّيُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار۔ قَرَبٌ هذْهَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔

الهَذَاهِذ. وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔

هَذَاهُ يَهْذُوْهُ هَذْوًا بِالسَّيْفِ: کاٹنا هَذَا فِي الكَلَامِ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔

هَذَى يَهْذِى هَذْيًا و هَذَيَانًا مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔ صفت هَاذٍ اور اسم الهُذَاء.

اَهْذَى اِهْذَاءً اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح گلا کر پکانا۔

هَاذَاهُ مُهَاذَاةً. باہم بکواس کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ يُهَاذِى اَصْحَابَهٗ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔

تَهَاذَى تَهَاذِيًا القَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔

رَجُلٌ هَذَّاء و هَذَّاءَة ۔ بہت بکواس کرنے والا مرد۔

هَرَّ (ن ض) هَرًّا و هَرِيْرًا الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَرَّهُ النَّاسُ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ هَرَّ فِي وَجْهِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔ هَرَّتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا (هَرًّا) الشَّوْكُ: کانٹے کا خشک و پراگندہ ہونا بِسِلْحِهٖ: پاخانہ کرنا الدَّوَاءُ سِلْحَهٗ: پیٹ چلانا۔

هَرَّ (ض) هَرِيْرًا الكَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (نباح سے کم) البَرْدُ الكَلْبَ: بھونکانا هَرَّ الكَلْبُ الضَّيْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔

هُرَّتْ هَرًّا و هُرَارًا الاِبِلُ: ہرار کی بیماری میں مبتلا ہونا سِلْحُهٗ: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مر جانا۔

هَرَّ (س) هَرًّا. بدخلق ہونا۔

هَارَّهٗ مُهَارَّةً. کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔

اَهَرَّ الكَلْبَ: بھونکانا۔ اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَهَرَّ ذَانَابٍ" (بڑے شر نے کتے کو بھونکایا) اَهَرَّ بِالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا۔

الهَارُّ. فا۔ کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔

الهُرَار. اونٹ کے گوشت اور کھال کے درمیان ورم کے مانند ایک مرض۔ اونٹ کا اسہال۔

الهَرَّ. س۔ اونٹ کے ڈانٹ کی ایک قسم۔

الهِرّ. بلاج هِرَرَةٌ. مؤنث هِرَّةٌ ج هِرَر اور بقول بعض هِرّ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں کے لیے ہے۔ اور هِرَّةٌ

هِرَّة کی تصغیر هُرَيْرَة اور اسی سے ہے ابو ھریرۃ۔

الهِرّ. اونٹ کے ہانکنے یا پانی پر بلانے کی آواز۔ کراہت۔ ناپسندیدگی۔ اور امثالِ عرب میں سے ہے "لَا يَعْرِفُ هِرًّا مِنْ بِرٍّ" وہ دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا یا وہ بلی اور چوہے میں تمیز نہیں کرتا۔

الهُرّ. شیر۔ بہت دودھ اور پانی۔

الهَرَّار. اسم مبالغہ۔ دانت نکالنے والا کتا۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ مَنْ لَا هَرَّارَ لَهٗ" ہلاک ہو گیا جس کے پاس ہرار نہیں تھا جس سے دشمن کو بھگاتا۔

الهَرَّارَان. نسر واقع اور قلب عقرب دو ستاروں کے نام۔ ماہ دسمبر و جنوری۔

الهَرُوْر. زمین پر بکھرے ہوئے انگور کے دانے۔

الهَرِيْر. س۔ کتے کی آواز (نباح سے کم) کہا جاتا ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهٗ وَاَقْبَلَ هَرِيْرُهٗ" اس کی خوش خلقی جاتی رہی اور بد خلقی آ گئی۔ اس شخص کے لیے بولا کرتے ہیں جو بوڑھا اور بدخلق ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ فِي وَجْهِهٖ هِرَّةً و هَرِيْرَةً" میں اس کے چہرے میں نفرت کے آثار محسوس کرتا ہوں۔

المَهْرُوْر. مرض ہرار میں مبتلا اونٹ۔

هَرَاَ يَهْرَاُ هَرْءًا فِيْ مَنْطِقِهٖ: بہت فحش گوئی کرنا۔ بہت غلطی کرنا (هَرْءًا و هَرَاءَةً) البَرْدُ فُلَانًا ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا۔ هَرَاَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا سخت سرد ہونا اللَّحْمَ: گوشت کو بہت پکانا۔

هَرِئَ (س) هَرْءًا و هُرْءًا و هُرُوْءًا اللَّحْمُ: گوشت کا بہت پکا ہوا ہونا۔

هُرِئَتِ المَوَاشِي: مویشی کا سردی یا گرمی سے ہلاک ہونا۔ صفت مَهْرُوْءَة.

هَرَّاَ تَهْرِئَةً اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا البَرْدُ المَاشِيَةَ: بدحال کر دینا۔

اَهْرَاَ اِهْرَاءً البَرْدُ: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا فُلَانٌ فُلَانًا: قتل کرنا الكَلَامَ وَ فِي الكَلَامِ: بہت بولنا اور بیہودہ بولنا۔

تَهَرَّاَ اللَّحْمُ: گوشت گلا ہوا پکنا، تَهَرَّاَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا سردی کی وجہ سے بدحال ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرَّاَ البَرْدُ المَاشِيَةَ فَتَهَرَّاَتْ" جانور پر سخت سردی پڑی جس سے

وہ بدحال ہوگیا۔
الهُرَاءُ بیہودہ و غیر مربوط کلام (والهُرَاء)
بہت اور بیہودہ بکنے والا۔ اِمْرَاَۃٌ هُرَائَۃٌ و
مُرَاءَۃٌ بہت اور بیہودہ بکنے والی عورت۔
الهُرَاءُ نخت خرما کا پودا۔
الهَرِیُّ نرمت پکا ہوا گوشت جو ہڈی سے
علیحدہ ہوجائے۔
الهَرِیْنَۃُ و الهَرِیُّ سخت سردی کا
وقت، کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ قُرَّۃٌ لَهَا هَرِیْنَۃٌ"
ایسی ٹھنڈک ہے کہ جس میں لوگوں کو اور
جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے اور مر جاتے ہیں۔
المُهَرَّأُ پکا ہوا گوشت۔
هَرَبَ (ن) هَرَبًا و هُرُوْبًا و مَهْرَبًا و
هَرَبَانًا بھاگنا فِیْ مَشْیِهٖ تیز چلنا فِی
الْاَرْضِ دُور تک جانا فِی الْاَمْرِ مبالغہ
کرنا۔
هَرِبَ (س) هَرَبًا الرَّجُلُ بوڑھا ہونا۔
هَرَّبَ بھگانا۔
اَهْرَبَ الرَّجُلُ گھبرا کر یا بغیر گھبرائے
ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا
فُلَانٌ فُلَانًا بھاگنے پر مجبور کرنا۔
الرِّیْحُ ہوا کا غبار اُڑانا۔
تَهَارَبُوْا باہم مل کر بھاگنا۔
الهَارِبُ بھاگنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ هَارِبٌ
وَلَا قَارِبٌ" اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ
قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔
المَهْرَبُ بھاگنے کی جگہ، کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ لَنَا مَهْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے
جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے
ہیں۔
هَرْبَجَ هَرْبَجَۃً الْاَمْرَ بُرے طریقہ سے
کرنا۔
الهَرَابِذَۃُ ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ
بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت، آتش پرستوں
کی آگ کا خادم۔ واحد هِرْبِذٌ۔
الهَرْبَذَۃُ لکی سے آہستہ چال۔
الهُرْبُعُ چست و چالاک چور، ہلکا پھلکا بھیڑیا
ج هَرَابِعُ۔
هَرَتَ (ض) هَرْتًا بالرُّمْحِ نیزہ مارنا۔
و هَرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا الثَّوْبَ
کپڑا پھاڑنا عِرْضَ فُلَانٍ آبرو ریزی کرنا۔
هَرِتَ (س) هَرَتًا الشِّدْقُ کشادہ ہونا۔ کہا
جاتا ہے "هَرِتَ شِدْقُهٗ" اس نے اپنی باچھیں
کھولیں۔
اَهْرَتَ اللَّحْمَ گوشت گلا کر پکانا۔
الهَرِت والهَرَات والهُرُوْت
الهَرِیْتُ شیر۔
الهَرِیْتُ کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو
نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔
الاَهْرَتُ کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے
"اَسَدٌ اَهْرَتُ وَاُسُوْدٌ هُرْتٌ۔"
المُتَهَارِتُ بہت بکواس کرنے والا۔
المُهَرَّتُ شیر۔ کِلَابٌ مُهَرَّتَۃُ
الْاَشْدَاقِ چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا
ہے "هُوَ مَهْرُوْتُ الْفَمِ" چوڑی باچھوں
والا ہے۔ ج مَهَارِیْتُ۔
اَسَدٌ مُنْهَرِتُ الشِّدْقِ چوڑی باچھوں والا
اَهْرَتُ شیر۔
الهِرْتُ پرانا کپڑا۔
الهَرْثَمُ والهُرَاثِمُ شیر۔
الهَرْثَمَۃُ کتے کے نتھنوں کے درمیان کی
سیاہی۔ شیر۔
هَرَجَ (ض) هَرْجًا النَّاسُ فتنہ و فساد میں
پڑنا البَابَ دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا الفَرَسُ
گھوڑے کا تیز دوڑنا فِی الْحَدِیْثِ بے جوڑ اور
بہت باتیں کرنا۔
هَرِجَ (س) هَرَجًا الرَّجُلُ گرمی یا چلنے
سے سانس چڑھنا۔
هَرَّجَ بِالسَّبُعِ اشنا۔ ڈرانا النَّبِیْذُ فُلَانًا
مست کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "هَرَّجَ فِی
الْحَدِیْثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔
تَهَارَجَ الْقَوْمُ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْهَرَجَ فُلَانٌ مِنَ النَّبِیْذِ مست ہونا۔
اِسْتَهْرَجَ لَهُ الرَّاْیُ رائے کا قوی اور ہمہ گیر
ہونا
الهَرْجُ فتنہ و فساد۔ آشوب۔
الهِرْجُ بیوقوف۔ ہر چیز سے کمزور۔
الهَرْجَۃُ هَرَجَ کا اسم نوع۔ نرم کمان ج
هِرَجٌ۔
الهَرَّاجُ اسم مبالغہ۔ فَرَسٌ هَرَّاجٌ بہت
دوڑنے والا گھوڑا۔
الهَرَّاجَۃُ الهَرَّاجُ کا مؤنث۔ بے جوڑ اور
بہت باتیں کرنے والی جماعت۔
فَرَسٌ مِهْرَجٌ و مِهْرَاجٌ بہت دوڑنے والا
گھوڑا۔
الهِرْجَابُ والهِرْجَبُ لمبا۔ ج
هَرَاجِیْبُ۔
الهِرْجَشُ عمر رسیدہ اونٹنی۔
الهَرْجَلُ لمبا و لنگڑا۔
الهِرْجَفُّ سست و نرم۔
هَرْجَلَ الرَّجُلُ چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور
قدم رکھنا۔
الهَرَاجِیْلُ لمبے لوگ۔ موٹے موٹے
اونٹ۔
الهِرْجَلُ لمبے قدم ڈالنے والا ج هَرَاجِلُ۔
هَرَدَ (ض) هَرْدًا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
پھاڑنا۔ هَرَدَ اللَّحْمَ گوشت کو گلا کر پکانا
الشَّیْءَ قادر ہونا عِرْضَهٗ بے آبروئی کرنا
الشَّیْءَ خراب کرنے کے لیے پھاڑ ڈالنا۔
هَرِدَ (س) هَرَدًا اللَّحْمُ گوشت کا گل کر
پکنا۔
هَرَّدَ زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا اللَّحْمَ گوشت
کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "هَرَادَ الشَّیْءَ
یُهْرِیْدُهٗ هِرَادَۃً" بمعنی اَرَادَ یُرِیْدُ اِرَادَۃً
ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاقَ و
هَرَاقَ۔
الهَرْدُ فتنہ و فساد۔
الهِرْدَشُ شتر مرغ، مردِ بے وقار و بے اعتبار۔
الهُرْدُ زرد کرکم۔ سرخ مٹی، ہلدی۔
الهُرْدِیُّ والهُرْدِیَّۃُ ایک قسم کی گھاس۔
الهُرْدِیُّ ہلدی سے رنگا ہوا۔

رَجُلٌ اَهْرَد الشدق: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَهْرُوْد ہُرد سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَرْدَبَ هَرْدَبَةً سُست دوڑنا۔
الهِرْدَبَّة بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
هَرْدَجَ الرَّجُلُ تیز چلنا۔
الهِرْدِشَة عمر رسیدہ اُونٹنی و بھیڑ، بڑھیا۔
هَرَزَ(ض) هَرْزًا سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
هَرِزَ(س) هَرْزًا و هُرُوْزَ ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَهَرْوَز مِنَ الْجُوْعِ: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَرَسَ(ن) هَرَسًا الشَّئُ سخت کوٹنا۔ الطَّعَام بہت کھانا۔
هَرِسَ(س) هَرَسًا بہت کھانے والا ہونا۔ چھپا کر کھانا۔
الهَرَاس بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَرَاسَةٌ. هَرَاسةُ الْقَوْمِ قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ۔ کہا جاتا ہے "لبنیْ فُلان هَرَاسةٌ" فلاں کی اولاد کے لیے عزت و قہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الهُرَاس بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهِرْس بر۔ بلی۔
الهِرس بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَكَان هَرِسٌ هراس درخت اگانے والی جگہ۔ مؤنث هَرِسَةٌ.
الاَهْرَس سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرَّاس اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر، ہریسہ بنانے والا ہریسہ بیچنے والا۔
الهَرِيس باریک کوٹا ہوا (و الهریسة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ بہت کھانے والا۔

المِهْرَاس. ہاون۔ المِهْرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اُونٹ۔ بھاری جسم کا اُونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَهَارِيْس.
هَرَشَ(ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ(س) هرشا بدخلق ہونا۔
هَرَّشَ بين الكلاب: کتوں کے درمیان بھڑکانا بَيْنَ النَّاسِ لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَارَشَ مُهارشَةً و هِرَاشًا بَعْضَ الكِلَابِ عَلى بَعْضِهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَارَشَ واهْتَرَشَتِ الْكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الغَيْمُ بادل کھل جانا۔
الهِرَاش هارش کا مصدر، جھگڑا۔ مقاتلہ۔
الهَرِش سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُهَارِش. فا۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ مُهَارِش العنان" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الهِرْشَبَّة بہت بڑھیا۔
هَرْشَفت و اهْرَشَفت. الهِرْشَفَّةُ دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الهِرْشَفُّ مِنَ الرِّجَالِ دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الهِرْشَفَّة بہت بڑھیا۔ بوڑھی اُونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
هَرِصَ(س) هَرَصا خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّصَ الرَّجُلُ خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔
الهَرَص بر۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الهَرِيصَة پانی جمع ہونے کی جگہ۔
هَرَضَ(ن) هَرْضا الثَّوْبَ کپڑا پھاڑنا۔
هَرِضَ(س) هرضا خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّضَ الرَّجُلُ خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔

هَرَطَ(ن) هَرْطًا عِرضَ فُلانٍ و فِيْ عِرْضِهٖ آبروریزی کرنا فِي الكَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
هَرِطَ(س) هَرَطًا بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
اَلْهَرْطَقَةُ عیسائیوں کے نزدیک۔ دین میں بدعت اُس کی طرف نسبت۔ هرطوفی۔
تَهَارَطَا ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الهَرْط بر۔ (والهِرْط) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَةٌ هِرْطٌ: عمر رسیدہ اُونٹنی۔ ج اَهْراط و هُرُوْط.
الهِرْطَة. دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج هِرَط.
الهَيْرَط بزم۔ الهِرْطَال: لمبے قد والا۔
الهُرْطُمان ایک قسم کا غلہ۔
هَرَعَ(ف) هَرَعًا اِلَيْهِ: اضطراب کے ساتھ جلدی جانا۔
هَرِعَ(س) هَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
هَرَّعَ الْقَوْمُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
هُرِعَ وهُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَهْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا الْقَوْمُ رِمَاحَهُمْ نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُهْرِعَ الرَّجُلُ خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُهْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّيْخُ يُهْرَعُ" بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَهَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَهَرَّعَ اِلَيْهِ جلدی کرنا۔
اِهْتَرَعَ العُوْدَ لکڑی توڑنا۔
اُسْتُهْرِعَتِ الْاِبِلُ حوض کی طرف دوڑنا۔
الهُرَاع اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔

تیز ہانکنا۔
الْهَرِع. س۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الْهَرِع. جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ هَرِعٌ جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث هَرِعَةٌ.
الْهَرْعَة والْهَرَعَة. جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں، اور بقول بعض بڑی جوں۔
الْهَرِيعَة. باریک ٹہنیوں والا درخت۔
الْمُهْرِع والْمِهْرَاع. شیر۔
الْمَهْرُوْع. پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔
الْمُهْرَع. س۔ لالچی۔
الْهَيْرَع. بزدل، بیوقوف، جلد باز۔ چست عورت رِيْحٌ هَيْرَعٌ و هَيْرَعَةٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الْهَيْرَعَة. چرواہے کی بانسری اور اس کو یراعہ بھی کہتے ہیں۔
هَرَفَ (ض) هَرْفًا بِفُلَانٍ: کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَهْرِف بِمَا لَا تَعْرِف" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ هَرَفَتْهُ الرِّيْحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وهَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
هَرَّفَت تَهْرِيْفًا النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔ هَرَّفَ الْقَوْمُ اِلَى الصَّلٰوةِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَهْرَفَتِ النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَهْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
هَرَقَ (ف) هَرْقًا وَاَهْرَقَ الْمَاءَ: پانی گرانا۔
هَرَّقَ الْمَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (هَرِّقْ عَلٰى جَمْرِكَ" یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو، یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
هَرَاقَ الْمَاءَ يُهَرِيْقُهُ هِرَاقَةً. گرانا۔ اس کی اصل "اَرَاقَهُ يُرِيْقُهُ اِرَاقَةً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے۔ اور هَرَاقَهُ کی اصل هَرِيْقَهُ دَحْرَجَهُ کے وزن پر ہے۔ اور اسی وجہ سے مضارع میں يُهَرِيْقُهُ کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ يُدَحْرِجُهُ میں دال کو، اور امر کا صیغہ هَرِقْ کی اصل هَرِيْقْ ہے دَحْرِجْ کے وزن پر، ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ هَرِيْقَا اور جمع کا هَرِيْقُوْا اور کہا جاتا ہے "هَرِيْقُوا عَلَيْكُمْ اَوَّلَ اللَّيْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَهْرَاقَهُ يُهْرِيْقُهُ اهْرَاقَهُ" سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهْرِيْق اور اسم مفعول مُهْرَاق و مُهَرَاق.
تَهَارَقُوْا. بعض کا بعض پر پانی گرانا۔
اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيْرَاقًا الدَّمْعُ وَالْمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔
الْهِرَق. پرانا کپڑا۔
الْمُهْرَق. اَهْرَق کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مَهَارِق.
الْمُهْرُقَان والمهرَقَان والْمُهْرَقَان. سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اُتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔
مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ. موسلا دھار بارش۔
هَرْكَلَ هَرْكَلَةً. سست اور ناز سے چلنا۔
جَمَلٌ اور جُلٌّ هُرَاكِل موٹا اور بڑے جسم کا اُونٹ یا مرد۔
الْهَرَاكِلَة. بڑی بڑی مچھلیاں، آبی کتے۔ بڑے چوتڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَلٌ.
الْهِرْكَلَةُ والْهِرْكَمَةُ والْهِرْكَلَّةُ والْهِرْكَوْلَةُ والْهِرْكِيْل. خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔
الْهَرْكَلَة. خرام ناز۔
الْهَرَل. پہلے شوہر کا بیٹا۔
هَرِمَ (س) هَرَمًا و مَهْرَمًا و مَهْرَمَةً. کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِمٌ. ج هَرِمُوْنَ و هَرْمٰى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَات و هَرْمٰى.
هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلَانًا تعظیم کرنا اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الْاَمْرَ اَوِ الْخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔
اَهْرَمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔
تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْرَمَهُ. بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔
الْهَرْم. ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرْمَةٌ. کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔
الْهَرِم. بہت بڑھاپا۔ نفس و عقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوْلَعُ هَرِمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ قَدَحٌ هَرِمٌ: ٹوٹا ہوا۔ الْهَرِم: عمدہ رائے۔
الْهَرَم. س۔ انتہائی بڑھاپا۔
الْهَرَم عِنْدَ اَرْبَابِ الْمَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَام و هِرَام. اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْر" ہے جو اس لیے بنائے گئے تھے تاکہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔
الْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ه)
وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو۔ اور مضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنتا ہے۔

مشترک رأس ہرم کا رأس ہے۔
اور مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں۔ اور مضلع ہرم کا قاعدہ ہے۔ اور ہرم ثلاثی، رباعی اور رخماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث، مربع یا خماسی ہو۔
الهِرْمِي. خشک لکڑی۔
الهُرْمَان. عقل۔ عمدہ رائے۔
اِبْنُ هِرْمَة. غیر منصرف۔ بڈھے بڑھیا کی آخری اولاد۔
الهِرْمَة. الهِرم کامؤنث۔ شیرنی۔
الهُرُوْم. بدعادت۔ خبیث عورت۔
المَهْرَمة. س۔ انتہائی بڑھاپا۔
الهَرَامِيت. پرانے کنوئیں۔
هَرْمَزَ هَرْمَزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا اللقمةَ لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔
الهَرْمَسَة. س۔ لوگوں کا شور و چیخ۔
الهَرَامِسَة. ماہرینِ علم نجوم۔
الهِرْمَوْس. مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔
الهُرَامِس. لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔
الهِرْمَاس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔
الهِرْمِيس. سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔
هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔
اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ الْعَيْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔
فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: بتکلف رونا۔
الهَرْمَع. جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت و سبکی۔

هَرْمَلَهُ هَرْمَلَةً. بال اکھیڑنا هَرْمَلَ الشَّعْرَ والوَبَرَ والرِّيْش: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔ هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ الْعَجُوْزُ بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا الوَبَرُ: اونٹ کے بالوں کا گرنا۔
الهِرْمِل. بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔
الهُرْمُوْل. بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيْل.
الهُرْمُوْلَة. کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔
هَرْنَفَ هَرْنَفَةً. آہستہ ہنسنا۔
المُهَرْنِفَة. کمزور آواز والی۔ رونے میں سست آواز والی۔
هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّيْءَ: حرکت دینا الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسنا بِالْغَنَمِ اَوِ الاِبِلِ بکریوں یا اونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا عَلٰى فُلَانٍ: دست درازی کرنا الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا (وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔
الهِرْهِرُ. بوڑھی بکری۔
الهَرْهَرَة. س۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شور و غل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الاَسَدِ شیر کے دہاڑنے کی گونج۔
الهُرْهُرَة. انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔
الهُرَاهِر. بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر.
الهَرْهَار. بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔
الهُرْهُوْر. بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔
الهِرْهِير. ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔
هَرَاهُ يَهْرُوْهُ هَرْوًا وَتَهَرَّاهُ تَهَرِّيًا. لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔
الهِرَاوَة. موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوَى و

هُرِيٌّ و هِرِيٌّ.
الهَرَّاء. ہروی کپڑوں کا بیچنے والا۔
هِرَاة. خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے هِرَوِيٌّ.
هِرْوَلَ. تیز چلنا۔ دوڑنا۔
هَرَاهُ يَهْرِيْهِ هَرْيًا. ڈنڈے سے مارنا۔
هَرَّى تَهْرِيَةً الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔
هَارَاهُ مُهَارَاةً. باہم ٹھٹھا کرنا۔
الهِرَاء. کھجور کا پودہ۔
الهُرْيُ. گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج اَهْرَاء.
هَزَّ (ن) هَزًّا الشَّيْءَ وبالشَّيْءِ: ہلانا مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کیلئے ابھارنا۔ هَزَّبِهِ السَّيْرُ سیر کی وجہ سے جلدی چلنا (هَزِيْزًا) الاِبِلَ: اونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا الكَوْكَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔
هَزَّزَهُ تَهْزِيْزًا. ہلانا۔
اِهْتَزَّ. ہلنا الاِبِلُ: اونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ اِلَيْهِ قَلْبُهُ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے المَاءُ فِيْ جَرْيَانِهِ: پانی کا رواں ہونا الكَوْكَبُ فِيْ اِنْقِضَاضِهِ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا الاَرْضُ اگانا النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔
تَهَزَّزَ. ہلنا۔ جھومنا۔
الهَزَّة. هَزَّ کا اسم مرۃ۔ اِمْرَاَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نِسَاءٌ هَزَّات.
الهِزَّة. هَزَّ کا اسم نوع۔ نشاط و شادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط و بحالی فرحت۔
الهَزِيْز. س۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
الهَزَائِز. سختیاں (اس کیلئے واحد نہیں)
المَهَزّ والمَهَزَّة. حرکت۔
هَزَاَهُ يَهْزَاُهُ هَزْءًا. توڑنا۔ هَزَاَ اِبِلَهُ:

سردی سے مار ڈالنا۔اَحِلَتَهٗ: ہلانا۔هَزَأَ زَيْدٌ: مرنا۔

هَزَأَ وهَزِئَ يَهْزَأُ هَزْأً و هُزْءًا وهُزُءًا وهُزُوْءًا ومَهْزَأَة بِفُلَانٍ و مِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔

هَزِئَ (س)هَزَءًا. مرنا۔

اَهْزَأَ اِهْزَاءً. سخت سردی میں داخل ہونا۔ اِبِلَهٗ: سردی سے مار ڈالنا۔اَهْزَأَت بِهٖ دَابَّتُهٗ: جلدی لے جانا۔

تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا و تَهَازَأَ تَهَازُءًا و اِسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً. ٹھٹھا کرنا۔

الْهَازِئُ. فا۔ کہا جاتا ہے"هٰذِهٖ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بِالرَّكْبِ و هَزَّائَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔و "غِدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔

رَجُلٌ هُزْأَةٌ. جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے"هُوَ هُزْأَةٌ بَيْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔

رَجُلٌ هُزَأَةٌ لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔

الْهَوْزَب. مضبوط و قوی اُونٹ۔ بڑی عمر کا اُونٹ۔گدھ۔

الْهَيْزَب. مضبوط شیر۔

هَزْبَرَهٗ. کاٹنا۔

الْهِزْبَر والهِزَبْر والهُزَابِر. شیر۔

الْهِزَبْر: موٹا۔مضبوط قوی۔ج هَزَابِر.

هَزْبَلَ هَزْبَلَةً. بہت محتاج ہونا۔

الْهَزْ بَلِيْل. بہت تھوڑا سا۔

هَزِجَ (س)هَزَجًا الْمُغَنِّي فِيْ غِنَائِهٖ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحر ھزج کے اشعار پڑھنا۔

هَزَّجَ. سُر سے گانا۔صَوْتَهٗ: پے در پے آواز نکالنا۔

اَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔

تَهَزَّجَ. سُر سے گانا۔الصَّوْتُ: پے در پے ہونا۔تَهَزَّجَتِ الْقَوْسُ: آواز نکالنا۔الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔

الْهَزَجُ. مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو، اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔

الْهَزِج. طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے"مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گوتا۔فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔

الْهَزِيْج مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الْاُهْزُوْجَة. ترنم آمیز گیت ج اَهَازِيج.

هَزَرَهٗ (ض)هَزْرًا بِالْعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔هَزَرَ الشَّيْئَ: سخت چھونا۔فُلَانًا: جلاوطن کرنا۔ صفت مفعول مَهْزُوْرٌ و هَزِيْرٌ بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا۔لِفُلَان: بہت دینا الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لیے جلدی کرنا اَلْبَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھا دینا۔

الْهَزَار. بلبل۔ہزار داستان ج هَزَارَات.

الْهَزِر. نقصان زدہ۔ بیوقوف۔سخت۔

الْهَزْرَة والهَزَرَة. نرم زمین ج هَزَرَات

الْهَزَرَة: کاہل۔ کہا جاتا ہے"رَجُلٌ ذُوْ هَزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ. ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزْرِفَ فِيْ عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔

الْهِزْرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزْرَوْف. تیز رفتار ہلکا پھلکا شتر مرغ۔

الْهُزْرُوْف: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف)هَزْعًا. جلدی کرنا۔الشَّيْئَ: توڑنا۔

هَزَّعَهٗ تَهْزِيْعًا. ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهٗ: اپنے کو ناشناختہ بنانا۔تَهَزَّعَتِ الْمَرْاَةُ فِيْ مِشْيَتِهَا: ڈگمگانا۔الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اُونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّيْئُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَزَعَ. جلدی کرنا۔ جھڑکنا۔السَّيْفُ و نَحْوُهٗ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الْهَزَعُ. اضطراب۔

الْهَزَاع. اکیلا۔ کہا جاتا ہے"مَا فِي الْجَعْبَةِ اِلَّا سَهْمٌ هَزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الْهَزَّاع. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الْهُزَع. شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الْهَزِيْعُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔ج هُزُعٌ. الْهَزِيْع: بیوقوف۔

الْاَهْزَع. ترکش کا آخری تیر عمدہ ہو یا خراب۔ کہا جاتا ہے"مَالَهٗ اَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں"وَمَا فِي الدَّارِ اَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔"وَمَا بَقِيَ فِيْ سَنَامِ بَعِيْرِكَ اَهْزَعُ" تمہارے اُونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الْهَيْزَعَة. خوف۔جنگ میں شور۔

الْمِهْزَعُ. درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ. بہت حرکت کرنے والی تلوار۔فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض)هَزْفًا الرِّيْحُ: ہلکا پانا۔اُڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س)هَزَقًا. چست ہونا۔فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

اَهْزَقَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

الْهَزَق. چستی۔ سبکی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الْهَزِق. سخت گرج۔مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الْهَزِقَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

الْمِهْزَاق. چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن)هَزْلًا (س)هُزِلَ هَزْلًا و هُزْلًا و هُزَالًا. کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔

هَزُلَتْ حَالُ فُلَانٍ: تنگ ہونا۔(هزال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہا جاتا ہے"لَهٗ فَضْلٌ جَزِيْلٌ و حَالٌ هَزِيْلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) **هَزْلًا فِي كَلَامِهِ**: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودگی کرنا **الدَّابَّةَ**: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ **هَزَلَ الْقَوْمُ**: دُبلے مویشی والا ہونا **فُلَانٌ**: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

هَزَّلَهُ. لاغر و دبلا کرنا۔

هَازَلَ مُهَازَلَةً. بیہودگی کرنا **فُلَانًا**: ٹھٹھا کرنا۔

اَهْزَلَ فُلَانًا: کمزور کرنا (**هَزَلَ** میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا **الْقَوْمُ**: دُبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الْهُزَال. س۔ لاغری۔ دبلاپن۔

الْهُزَالَةُ. خوش طبعی۔ کہا جاتا ہے "**وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هُزَالَةٌ**" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الْهَزَّال و الْهَزِيل. بہت دُبلا۔

الْهُزَيْلَى. شعبدہ باز کا فعل

الْهَزْلَى بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الْهَزِيل. دبلا۔ ج **هَزْلَى**.

الْهَزِيلَة. **هُزَال** سے اسم مشتق ہے۔ جیسے **شَتَمَ** ہے **شَتِيمَةٌ**. پھر **هَزِيلَة** کا اطلاق اُونٹوں میں ہونے لگا۔ ج **هَزَائِل و هَزْلَى**.

الْهَيْزَلَة. بڑا جھنڈا۔ کہا جاتا ہے "**سَارُوْا وَ فِيهِمْ هَيْزَلَةٌ**" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

الْمَهْزُوْل. لاغر شدہ ج **مَهَازِيل**. **اَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ**. نرم زمین۔

الْمَهَازِل. خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً. جلدی کرنا۔

الْهِزْلَاج. جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج **هَزَالِج**.

الْهَزْلَجَة. س۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

هَزَمَ (ض) **هَزْمًا الْعَدُوَّ**: دشمن کو شکست دینا **الشَّيْءَ**: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا **فُلَانًا**: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے **الْقَوْسُ**: کمان کا آواز دینا **لَهُ حَقَّهُ**: حق کم کرنا **الْبِئْرَ**: کنواں کھودنا **فُلَانًا**: قتل کرنا (**هُزُوْمًا**) **اللَّيْلُ**: سفیدی صبح کا پھٹنا۔

هُزِمَتْ عَلَيْهِ مہربان بنایا جانا۔

هَزَّمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے)

تَهَزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا **الرَّعْدُ**: گرجنا **السُّحُبُ بِالْمَاءِ**: آواز کے ساتھ برسنا **الْقِرْبَةُ**: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔ **تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ**: عمارت کا گر پڑنا۔ **اِنْهَزَمَ**. شکست کھانا۔ **الْعَصَا**. لاٹھی کا چڑچڑا کر ٹوٹنا۔ **الْجَيْشُ**. شکست کھانا۔ **اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ** آواز کے ساتھ برسنا **الْفَرَسُ**: گھوڑے کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔ **اِهْتَزَمَ الشَّاةَ**: بکری کو ذبح کرنا **الشَّيْءَ**: سبقت کرنا۔ جلدی کانا۔

اِسْتَهْزَمَ الْجُيُوْشَ: شکست دینا۔ شکست چاہنا۔ شکست خوردہ پانا۔

الْهَازِمَةُ. مصیبت ج **هَوَازِم**.

الْهَزْم. س۔ پست زمین۔ بغیر پانی کے پتلا بادل ج **هُزُوْم**.

الْهَزِم مِنَ الْخَيْلِ: مطیع۔ کہا جاتا ہے "**فَرَسٌ هَزِمٌ و فَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ**" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔ **غَيْثٌ هَزِمٌ**: موسلا دھار بارش۔

الْهَزَم. کمان کی آواز۔

الْهَزْمَة: اسم مرۃ۔ سینہ کا گڑھا۔ سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ پست زمین ج **هَزْمٌ و هُزَمٌ و هَزَمَاتٌ**. **هُزُوْمُ الْجَوْفِ** پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔

قِدْرٌ هَزِمَةٌ. بہت اُبلنے والی ہانڈی۔

الْهَزُوْم. آواز دینے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "**قَوْسٌ هَزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَزَم**" بہت آواز نکالنے والی کمان۔

الْهَزِيم. گرج کی آواز۔ گرج۔ سخت آواز والا گھوڑا۔ **غَيْثٌ هَزِيمٌ**: نہ رکنے والی بارش **جَيْشٌ هَزِيمٌ**: شکست خوردہ لشکر۔

الْهَزِيمَة. شکست ج **هَزَائِم**. **الْهَزَائِم**: بہت پانی والے کنوئیں۔ **هَزِيمَةُ الْفَرَسِ**: سخت دوڑ کے وقت پسینہ کا نکلنا۔

الْهَيْزَم. سخت مضبوط۔ شیر۔

الْهِزِّيمَى. شکست۔

الْمُتَهَزِّم. فا۔ گرج۔ **قَصَبٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ** ٹوٹا ہوا یا پھٹا ہوا نرکل۔ **سِقَاءٌ مُتَهَزِّمٌ و مُهَزَّمٌ** باوجود خشک ہونے کے تہ کی ہوئی مشک۔

الْمِهْزَام. کریلنی۔ چھوٹی لاٹھی۔ بیٹھی۔ ج **مَهَازِيم**.

هَزْهَزَهُ هَزْهَزَةً. تابع کرنا۔ **هَزْهَزَ الشَّيْءَ** ہلانا۔

تَهَزْهَزَ الشَّيْءُ: ہلنا **اِلَيْهِ قَلْبِي**: خوشی سے اچھلنا۔

الْهُزَاهِز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ **بَعِيرٌ هُزَاهِزٌ**: تیز آواز والا اُونٹ۔

الْهَزَاهِز. فتنے جو انسان کو جھڑ جھڑا دیں۔ کہا جاتا ہے "**فُلَانٌ شَهِدَ الْهَزَاهِزَ**" فلاں جنگوں اور سختیوں میں حاضر ہوا ہے۔

الْهَزْهَاز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ "**سَيْفٌ هَزْهَازٌ**" بہت چمکنے والی صاف تلوار۔

الْهُزْهُز. بہت جاری ہونے والا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "**مَاءٌ هُزْهُزٌ و هُزَاهِزٌ و هَزَاهِزٌ**" یعنی لہریں لینے والا پانی۔ "**وَبِئْرٌ هُزْهُزٌ**" گہرا کنواں "**وَعَيْنٌ هُزْهُزٌ**" بہت پانی والا کشادہ چشمہ۔

الْهَزْهَزَة. س۔ جنگ و فتنہ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے **شَهِدَ فُلَانٌ الْهَزْهَزَةَ** فلاں جنگ و فتنے میں حاضر ہوا۔

هَسَّ (ن) **هَسًّا الشَّيْءَ**: کوٹنا۔ توڑنا۔

هَسَّ (ض) **هَسًّا**. دل میں بات کرنا۔ **الْكَلَامَ**: چھپانا۔

الْهَسِيس. ریزہ ریزہ کیا ہوا۔ پوشیدہ کلام۔ **هَسِيسُ الْجِنِّ وَ هَسَاسُهَا**. بیابان میں

جنّوں کی آواز۔

هَسْهَسَ هَسْهَسَةً الْمَاءُ: پانی کا لگا تار بہنا اَلدِّرْعُ او الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا الْحَدِيْثَ: بات چھپانا۔

تَهَسْهَسَ الدِّرْعُ او الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا۔

اَلْهَسَاهِس. رات میں چلنا۔ هَسَاهِسُ النَّاسِ: آہستہ گفتگو۔

اَلْهَسْهَاس. تمام رات بکریاں چرانے والا چرواہا۔ کام کے لیے ساری رات بیدار رہنے والا۔ قصائی۔ غیر مفہوم کلام۔ وسوسہ۔

اَلْهَسْهَسَة. س۔ زیور یا زرہ کی جھنکار۔ نرم آواز والی چیز۔

هَشَّ (ن ض) هَشًّا وَرَقَ الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا۔

هَشَّ (ض) هُشُوْشَةً الْخُبْزُ: روٹی کا نرم ہونا الرَّجُلُ: سست و کمزور ہونا۔

هَشَّ (س ض) هَشَاشَةً و هَشَاشًا مسکرانا۔ بھلائی پر خوش ہونا۔ شاداں ہونا۔ نشاط میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَشَشْتُ و هَشِشْتُ بِفُلَانٍ و لِفُلَانٍ و اَهَشُّ وَاَهَشُّ بِهٖ وَلَهٗ" میں فلاں سے خوش ہوا۔

هَشَّ (س) هَشَاشَةً و هُشُوْشًا الشَّيْءُ: نرم اور ڈھیلا ہونا۔ صفت هَشٌّ. لکڑی کا نرم ہونا کہ جلدی ٹوٹ جائے۔

هَشَّشَهٗ. نرم سمجھنا۔ خوش کرنا۔ شاداں بنانا۔

اِهْتَشَّ لِكَذَا: خوش ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اِهْتَشَّ فُلَانٌ بِيْ: فلاں مجھ سے خوش ہوا۔

اِسْتَهَشَّهٗ. ہلکا سمجھنا۔

خُبْزٌ هَشَاشٌ. نرم روٹی۔

اَلْهَشُّ. س۔ نرم ڈھیلا۔ خُبْزَةٌ هَشَّةٌ: نرم روٹی، اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَشُّ الْمَكْسِرِ" فلاں مہربان اور نرم عادت والا ہے "وَفُلَانٌ هَشُّ الْوَجْهِ" فلاں ہنس مکھ ہے، اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَشٌّ" بہت پسینہ والا گھوڑا۔ "وَفَرَسٌ هَشُّ الْعِنَانِ" نرم لگام والا گھوڑا "وَاَنَا بِهٖ هَشٌّ" میں اس سے بہت خوش ہوں۔

قِرْبَةٌ هَشَّاشَةٌ. پانی ٹپکانے والی مشک۔ نَاقَةٌ هَشُوْشٌ اوشَاةٌ هَشُوْشٌ بہت دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔

اَلْهَشِيْش. مانگنے سے خوش ہونے والا۔ نرم ڈھیلا ڈھالا۔ توڑا ہوا۔ چورہ کیا ہوا۔

هَشَرَ (ن) هَشْرًا النَّاقَةَ: اونٹنی کا سارا دودھ دوہ لینا۔

اَلْهَشْر س۔ ہلکاپن۔ پتلاپن۔

اَلْهَشْرَة. اکڑ۔ غرور۔

شَجَرَةٌ هَشِرَةٌ و هَشُوْرٌ. درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔

اَلْهَيْشَرُ مِنَ الرِّجَالِ: نرم کمزور لمبا مرد۔

هَشَّلَتْ تَهْشِيْلًا النَّاقَةَ: تھوڑا دودھ اتارنا۔

اَهْشَلَ الرَّجُلُ: سواری کا جانور بغیر مالک کی اجازت کے دینا۔

اِهْتَشَلَ الْفَرَسَ: گھوڑے پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہونا۔

اَلْهَشِيْلَة. سواری کا جانور جس پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہوں مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا: غصب کیا ہوا اونٹ وغیرہ۔

اَلْهَيْشَلَة. عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔

هَشَمَ (ض) هَشْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَشَمَ الثَّرِيْدَ لِقَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کے لیے روٹی کو توڑ کر شوربے سے تر کر کے ثرید بنایا۔ صفت هَاشِمٌ.

هَشَّمَ الشَّيْءَ: توڑنے میں مبالغہ کرنا فُلَانًا: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔

تَهَشَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا الشَّجَرُ: خشک ہو کر ٹوٹنا الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا فُلَانٌ الشَّيْءَ: توڑنا الرَّجُلَ: اکرام و تعظیم کرنا النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا زَيْدًا: مہربان بنانا۔ رضامند کرنا عَلٰى فُلَانٍ: مہربان ہونا۔

تَهَشَّمَتِ الْاَرْضُ: بارش منقطع ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَشَّمَهٗ لِلْمَعْرُوْفِ" اس نے اس سے بھلائی طلب کی۔

اِنْهَشَمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ اِنْهَشَمَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا سست و کمزور ہونا۔

اِهْتَشَمَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْتَشَمَتْ نَفْسِيْ لَهٗ" میرا نفس اس کے سامنے مطیع و فرمانبردار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

اَلْهَاشِمَة. اَلْهَاشِم کا مؤنث۔ سر کا زخم جو ہڈی کو توڑ دے۔

اَلْهِشَام. سخاوت۔ بخشش۔

اَلْهَشْم. س۔ قحط زدہ زمین۔ پست زمین ج هُشُوم.

اَلْهَشِم. سخی۔ فیاض۔

اَلْهُشَم. نرم پہاڑ۔ دودھ کے ماہر۔ دوہنے والے۔ واحد هَاشِم.

اَلْهَشْمَة. هشم کا اسم مرۃ۔

اَلْهَشَمَة. پہاڑی بکری۔ ج هَشَمَات.

اَلْهَشِيْم. توڑا ہوا۔ ٹوٹی ہوئی خشک گھاس۔ خشک شدہ گھاس یا درخت۔ پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔ کہا جاتا ہے "نَبْتٌ هَشِيْمٌ" جیسا کہا جاتا ہے "نَبْتٌ عَامِيٌّ و حَطِيْمٌ" کمزور بدن والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَشِيْمٌ" کمزور بدن کا مرد۔ اور کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْاَرْضُ هَشِيْمًا" زمین کے درخت اور گھاس خشک ہو گئے اور ٹوٹ گئے۔

اَلْهَشِيْمَة. زمین جس کے درخت خشک ہو گئے ہوں۔ خشک درخت۔

نَاقَةٌ مِهْشَامٌ. جلدی لاغر ہونے والی اونٹنی۔

كَلَأٌ هَيْشُوْمٌ. نازک و نرم گھاس۔

هَشْهَشَ الشَّيْءَ: ہلانا۔

اَلْهَشْهَاش. اچھے اخلاق کا سخی مرد۔

هَاشَاهُ مُهَاشَاةً. ہنسی مذاق کرنا۔

هَصَّ (ن) هَصًّا الشَّيْءَ: روند کر کچلنا۔ باریک کرنا۔ توڑنا۔ انگلیوں سے زور سے دبانا۔ صفت مفعولی هَصِيْص و مَهْصُوْص.

هَصَّصَ الرَّجُلُ: چمکدار آنکھوں والا ہونا

اچھی طرح آنکھیں کھولنا۔ گھورنا۔

اَلْهَاصَة. ہاتھی کی آنکھ۔

الْهَصُّ. س۔ سخت چیز۔

الْهَصِيْص الْمَهْصُوْص. روند کر کچلی ہوئی چیز۔ هَصِيْص النَّارِ: آگ کی چمک۔

هَصَبَ (ض) هَصْبًا. بھاگنا۔

هَصَرَ (ض) هَصْرًا الشَّيْءَ وبالشَّيْءِ: کھینچ کر جھکانا الغُصْنَ و بالغُصْنِ: ٹہنی کو جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ دفع کرنا۔ قریب کرنا قِرْنَهُ: دبانا الْاَسَدُ فَرِيْسَتَهُ: توڑ دینا۔

اِنْهَصَرَ وَاهْتَصَرَ. جھکنا۔ مڑنا۔ کھینچا جانا۔

اِهْتَصَرَ الْغُصْنَ: جھکا کر توڑنا کہ دونوں ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔ اِهْتَصَرَ النَّخْلَةَ: کھجور کے خوشوں کو درست وہموار کرنا۔

تَهَصَّرَتْ اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: لٹکنا۔

الْهَصِر والْهُصَر والْهَصُوْر والْهَصْوَر والْهَاصِر والْهُصَرَة والْهَصْوَرَة والْهَيْصَر والْهَيْصَار والْهَيْصُوْر والْهَصَّار والْمِهْصَر والْمِهْصَار والْمِهْصِيْر والْمُهْتَصِر. شیر۔ رَجُلٌ هُصَرٌ: ہمسر کو بہت دبانے والا مرد۔

الْهَصْرَة والْهَصَرَة. افسوں کے مہرے جن سے عورتیں مردوں کو اپنے قابو میں رکھتی ہیں۔

الْهَوَاصِر والْهَوَاصِيْر. شیر جو شکار کو پھاڑ دیں اور توڑ دیں اور یہ هَصُوْر کی جمع ہیں۔

هَصَمَهُ (ض) هَصْمًا. توڑنا۔

نَابٌ هَيْصَمٌ. ہر چیز کو توڑ دینے والا دانت۔

هَصْهَصَهُ هَصْهَصَةً. ہاتھ سے دبانا۔

الْهُصْهُص والْهُصَاهِص مضبوط آدمی یا شیر۔

الْهَصْهَاص. چمکدار آنکھوں والا۔

الْمُهَصْهِصَة. رات میں چور کی آنکھ۔

هَصَا يَهْصُوْ هَصْوًا الرَّجُلُ: عمر رسیدہ اور بوڑھا ہونا۔

هَاصَاهُ مُهَاصَاةً. پیٹھ توڑ دینا۔

الْاَهْضَاء. مضبوط و توانا لوگ۔

هَضَّ (ن) هَضًّا الشَّيْءَ: توڑنا اور باریک کرنا۔ صفت مفعولی هَضِيْض و مَهْضُوْض

هَضَّتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ هَضَّ فُلَانٌ الْمَشْيَ. عمدہ چال چلنا فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔

هَضْهَضَ. زمین پر زور سے پاؤں مارنا۔

اِنْهَضَّ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔

اِهْتَضَّ الشَّيْءَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَضَّ نَفْسَهُ لِفُلَانٍ" وہ فلاں کے سامنے تابعدار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

الْهَضَّاء. لوگوں کی جماعت۔ گھوڑوں کا گلہ۔

الْهَضَّاض. اسم مبالغہ۔ فَحْلٌ هَضَّاضٌ جوانوں کی گردن توڑ دینے والا۔

الْهَضْض. ٹوٹ۔

هَضَبَتِ (ض) هَضْبًا السَّمَاءُ: برسنا السَّمَاءُ الْقَوْمَ: اچھی طرح سے تر کر دینا۔

هَضَبَ الرَّجُلُ: سست چال چلنا الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِهْضِبُوْا يَا قَوْمِ" یعنی بات چیت کرو۔

اَهْضَبَ الْقَوْمُ. پہاڑ کی چوٹیوں پر اترنا۔

اِهْتَضَبُوْا فِي الْحَدِيْثِ: باتوں میں مشغول ہونا اور آواز بلند کرنا۔

اِسْتَهْضَبَ الْجَبَلُ. پہاڑ کا زمین پر پھیلا ہوا ہونا۔ مستطیل ہونا۔

الْهَضْبَة. زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ۔ اکیلا لمبا پہاڑ۔ بلند زمین۔ بارش کی بوچھاڑ۔ ج هِضَبٌ و هَضْبٌ و هِضَابٌ و هَضَبَات وج اَهَاضِيْب. رَجُلٌ هَضْبَةٌ: بہت بولنے والا مرد۔

الْهِضَبّ. مضبوط و قوی۔ بہت پسینے والا گھوڑا۔

غَنَمٌ هَضِيْبٌ. کم دودھ والی بکری۔

الْاُهْضُوْبَةُ مِنَ الْمَطَرِ: بارش کی بوچھاڑ۔ ج اَهَاضِيْب.

رَوْضَةٌ مَهْضُوْبَةٌ. بارش سے سیراب باغ۔

هَضَّجَ الْمَوَاشِي: اچھی طرح نہ چرانا۔

صِبْيَانٌ هَضِيْجٌ. چھوٹے بچے (اس کیلئے واحد نہیں)

هَضَلَ (ن ض) هَضْلًا بِالشِّعْرِ و بِالْكَلَامِ بہت کہنا۔

اَهْضَلَتِ السَّمَاءُ: برسنا الدَّلْوُ: ڈول کا کنوئیں میں ٹکرا کر پانی سے بھر جانا۔

الْهَضْل. س۔ بہت۔

الْهَضْلَاء. لمبے پستان والی عورت۔

الْهَضَّال. حدی گانے والا۔

الْهَيْضَل. ہتھیار بند جماعت۔ بڑا لشکر جَمَلٌ هَيْضَلٌ: موٹا بڑا لمبا اونٹ۔

الْهَيْضَلَة مِنَ النُّوْقِ: موٹی لمبی اونٹنی۔ عمر رسیدہ۔ زیادہ دودھ دینے والی۔ ادھیڑ عورت۔ ہتیار بند جماعت۔ لوگوں کی آواز۔

هَضَمَ (ن) هَضْمًا الشَّيْءَ: توڑنا فُلَانًا: ظلم کرنا۔ غصب کرنا اور اسم الْهَضِيْمَة. هَضَمَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔ هَضَمَ لَهُ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا رضامندی سے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دینا لَهُ مِنْ مَالِهِ: دینا۔ هَضَمَتِ الْمِعْدَةُ الطَّعَامَ غذا کو جزو بدن ہونے کے قابل بنا دینا۔ هَضَمَ عَلَى الْقَوْمِ: اچانک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَعَرُوْا بِنَا حَتّٰى هَضَمْنَا عَلَيْهِمْ" اُن کو ہماری اطلاع نہیں ہوئی اور ہم اچانک اُن کے پاس پہنچ گئے۔ "وَمَا هَضَمَ عَلَيْهِ" وہ اس سے قریب نہیں ہوا۔

هَضِمَ (س) هَضَمًا. نازک اور پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْضَم مؤنث هَضْمَاء ج هُضْم. کہا جاتا ہے "فِي كَشْحِهِ هَضَمٌ" یعنی وہ بڑے پیٹ والا نہیں ہے یا اس کی کمر پتلی ہے۔ هَضِمَتِ الْخَيْلُ: گھوڑے کا اُٹھی ہوئی پسلیوں اور پچکے ہوئے پیٹ والا ہونا (اور یہ عیب ہے)

تَهَضَّمَهُ. ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ ذلیل کرنا۔ توڑنا۔ تَهَضَّمَ لِلْقَوْمِ: مطیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَضَّمْتُ لَهُ نَفْسِي" یعنی میں اس سے

بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔

اِنْهَضَمَ الطَّعَامُ: غذا کا جزو بدن ہونے کے قابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ سَرِيْعُ الْإِنْهِضَامِ"، یہ کھانا جلدی جزو بدن ہونے کے قابل ہے۔ الشَّئُ: ملنا۔

اِهْتَضَمَهُ. ظلم کرنا۔ چھین لینا۔ حق دبانا۔

الْهَاضِمُ. فا۔ شَئٌ هَاضِمٌ: نرم چیز۔

الْهَاضِمَةُ. الْهَاضِمِ کا مؤنث۔ غذا کو جزو بدن بنانے والی قوت۔

الْهَاضُوْمُ. کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔ اپنے مال کو خرچ کرنے والا۔ شیر۔

الْهَضَّامُ. اسم مبالغہ۔ کھانے کو ہضم کرنے والی دوا۔

الْهَضْمُ. مص۔ غذا کا جزو بدن ہونا۔

الْهَضْمُ والْهِضْمُ. پست زمین۔ بطن وادی ج اَهْضَامٌ و هُضُوْمٌ (والهَضَم و الهَضَمَة) بخور کی ایک قسم۔

الْهَضُوْمُ. غذا کو ہضم کرنے والی چیز۔ يَدٌ هَضُوْمٌ: فیاض ہاتھ۔ ج هُضُمٌ اور کہا جاتا ہے "فِتْيَانٌ هُضُمٌ" خرچ کرنے والے جوان۔ "وَرَجُلٌ هَضُوْمُ الشِّتَاءِ" قحط کے زمانے میں خرچ کرنے والا مرد۔

الْهَضِيْمُ. توڑا ہوا۔ اِمْرَأَةٌ هَضِيْمٌ: پتلی کمر والی عورت۔ بَطْنٌ هَضِيْمٌ: پتلا پیٹ۔ قَصَبَةٌ هَضِيْمٌ: بانسری۔

الْهَضِيْمَةُ. ظلم۔ غصب۔ کھانا جو میت کے بعد کھلایا جائے۔ ج هَضَائِمُ۔

الْاَهْضَمُ. موٹے دانتوں والا۔ مؤنث هَضْمَاءُ ج هُضْمٌ. وَاَهْضَمُ الْكَشْحَيْنِ: پتلے پہلوؤں والا۔

الْيَهْضُوْمَةُ. خشک اور بان سے مرکب ایک خوشبو۔ قَصَبَةٌ مَهْضُوْمَةٌ: بانسری۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُتَهَضِّمًا"، میں نے اس کو غمزدہ دیکھا۔

هَاضَاهُ مُهَاضَاةً. بیوقوف سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

الْهَضَاةُ. گیسو۔ گدھی۔

الْاَهْضَاءُ. لوگوں کی جماعت۔

هَطَرَ (ض) هَطْرًا. الْكَلْبَ: لکڑی سے مار ڈالنا یا مارنا۔

تَهَطَّرَتِ الْبِئْرُ: ویران ہونا۔ گرنا۔ تَهَطَّرَ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔

الْهَطْرَةُ. اسم مرۃ۔ غنی کے سامنے سوال کے وقت فقیر کی ذلت۔

تَهَطْرَسَ الرَّجُلُ: لچک لچک کر چلنا۔

هَطَعَ (ف) هَطْعًا و هُطُوْعًا. ڈرتے ہوئے جلدی پیش قدمی کرنا۔ ایک ہی طرف ٹکٹکی لگانا۔

اَهْطَعَ. گردن اٹھانا اور سر جھکانا فِي السَّيْرِ: ڈر سے جلدی چلنا۔

اِسْتَهْطَعَ الْبَعِيْرُ فِيْ سَيْرِهٖ: اونٹ کا دوڑنا۔

الْهَطِيْعُ. کشادہ راستہ۔

نَاقَةٌ هَطْعٰى. تیز رو اونٹنی۔

الْمُهْطِعُ. فا۔ ذلت اور عاجزی سے ایک ہی طرف نظر جمانے والا۔

هَطَفَ (ض) هَطْفًا الرَّاعِي: دوہنا۔ السَّمَاءُ: برسانا۔

الْهَطِفُ. بہت بارش۔

هَطَلَ (ض) هَطْلًا و هطلانًا و تَهْطَالًا الْمَطَرُ: متفرق طریقہ سے بڑی بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔ صفت مذکر هَاطِلٌ صفت مؤنث هَاطِلَةٌ ج هُطَّلٌ الْجَرْيُ الْفَرَسَ: پسینہ بہانا۔ هَطَلَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا آہستہ چال چلنا۔ هَطَلَ الرَّجُلُ: اپنی ضرورت سے پیدل چل کر جانا۔

هَطَلَتِ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ آنسو بہانا۔

تَهَطَّلَ الْمَطَرُ: بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہونا۔

تَهَاطَلُوْا عَلٰى كَذَا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

الْهَاطِلُ. فا۔ گنجان کھیتی۔

الْهَطَّالُ مِنَ الْمَطَرِ وَالسَّحَابِ: زور سے بڑی بوندوں سے برسنے والی بارش۔

الْهَطْلُ. مص۔ لگاتار آہستہ بارش۔ تھکن۔

الْهِطْلُ. بھیڑیا۔ چور۔ بیوقوف۔

دِيْمَةٌ هُطْلٌ. لگاتار بارش۔

الْهَطِلُ. بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ هَطِلٌ و سَحَابٌ هَطِلٌ. کہا جاتا ہے دِيْمَةٌ هَطْلَاءُ بڑی بوندوں کی متفرق لگاتار بارش۔ اور "سَحَابٌ اَهْطَلُ" نہیں بولا جاتا۔ جس طرح "فَرَسٌ رَدْعَاءُ" تو کہتے ہیں مگر مذکر کے لیے "اَرْوَعُ" نہیں کہتے "اِمْرَأَةٌ حَسْنَاءُ" تو بولتے ہیں مگر مرد کو "اَحْسَنُ" نہیں کہتے۔

نَاقَةٌ هَطْلٰى. آہستہ رو اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "مَشَتِ الظِّبَاءُ هَطْلٰى" یعنی ہرنیاں آہستہ چلیں۔ اِبِلٌ هَطْلٰى و هَطَلٰى بغیر ساربان کے چھوٹے ہوئے اونٹ۔

الْهَيْطَلُ. لومڑی۔ الْهَيْطَلُ: غازیوں کی قلیل جماعت۔ ماوراء النہر کے چند شہروں کا نام۔ ترکوں یا ہندوستانیوں کی ایک قوم ج هَيَاطِلُ و هَيَاطِلَةُ.

الْهَيْطَلَةُ. پیتل یا تانبے کی دیگچی (دخیل)

هَطْلَسَ الشَّئَ: سارا لے لینا۔

تَهَطْلَسَ اللِّصُّ: چور کا حیلہ و فریب کرنا الْمَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهٖ: مریض کا بیماری سے افاقہ پانا۔ صحت یاب ہونا۔

الْهِطْلِسُ والْهَطَلَّسُ. بٹ مار۔ چور۔ بھیڑیا۔ بڑا لشکر۔

هَطْهَطَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا الرَّجُلُ: تیز چلنا فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا۔

الْهَطَاهِطُ. گھوڑا۔

هَطَا يهطو هَطْوًا بكذا: پھینکنا۔

الْهُطٰى. پچھاڑ۔ سخت مار۔

هَعَّ (ن) هَعًّا و هَعَّةً. قے کرنا۔

هَفَتَ (ض) هَفْتًا و هَفِيْفًا الرِّيْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ هَفَّ الرَّجُلُ: تیز چلنا الشَّئُ: سبک اور چمکدار ہونا۔

اِهْتَفَّ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔

اِهْتَفَّ اُذُنُهٗ: کان کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِفُّ. کھیتی جس کے کاٹنے میں تاخیر ہو جائے اور اس کے دانے بکھر جائیں۔ چھوٹی مچھلیاں۔ پانی کے بڑے بڑے کالے کیڑے۔ واحد **هِفَّةٌ**: و**الهِفُّ**: ہلکا پھلکا مرد۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هِفٌّ**" کم شہد یا بے شہد کا چھتہ۔ ہر ہلکی چیز جس کے جوف میں کچھ نہ ہو۔
سَحَابٌ هِفٌّ: پتلا بے پانی کا بادل۔ کہا جاتا ہے "**مَا فِي بَيْتِكَ هُفَّةٌ و لَا سُفَّةٌ**" یعنی تمہارے گھر میں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں۔
کہا جاتا ھے هَفَّتْ هَافَّةٌ مِنَ النَّاسِ: قحط سالی کی وجہ سے لوگوں کی جماعت آ گئی۔
الهَفَّاف. چمکدار **مِنَ الْاَجْنِحَة**: اُڑنے میں ہلکا **مِنَ الْقُمُصِ**: پتلی شفاف قمیص **مِنَ الحُمُرِ**: سبک و چست **مِنَ الظِّلَال**: ٹھنڈا سایہ۔ اور کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هَفَّافُ الْقَمِيص**" ہلکا پھلکا مرد۔
الهَفَّافَة. **الهَفَّاف** کامؤنث۔ **رِيحٌ هَفَّافَةٌ**: خوشگوار یا تیز چلنے والی ہوا۔
الهَفَّان. نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "**جَاءَ عَلٰى هَفَّانِهِ**" وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔
جَارِيَةٌ مُهَفَّفَةٌ. پتلی کمر والی لڑکی۔
هَفَتَ (ض) **هَفْتًا و هَفَاتًا الشَّيْئُ**: خفت کی وجہ سے اڑنا۔ پست ہونا۔ باریک ہونا **الرَّجُلُ**: بلا سوچے سمجھے بہت بولنا۔
تهافتَ عَلَى الشَّيْئُ: لگاتار گرنا (اکثر اس کا استعمال شر میں ہوتا ہے) **اَلْفِرَاشُ عَلَى النَّارِ**: پروانہ کا آگ میں گرنا **النَّاسُ عَلَى الْمَاءِ**: ہجوم کرنا **الْقَوْمُ**: مر کر گرنا **الثَّوْبُ**: کپڑے کا بوسیدہ ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِنْهَفَتِ الشَّيْئُ: پست ہونا۔ ذلیل ہونا۔
الهَفَات. بیوقوف۔
الهَفت. مص۔ پست زمین۔ بہت بیوقوفی۔ کسی چیز کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنا۔ **الهَفتُ مِنَ الْمَطَرِ**: جلدی برسنے والی بارش **مِنَ الْكَلَامِ**: بلا سوچ و سمجھ کے بہت گفتگو۔
الهَفِيتَةُ مِنَ النَّاسِ: بھوک یا سختی کے مارے ہوئے لوگ۔

المَهْفُوت. حیران۔
تَهَفَّكَ. اضطراب کے ساتھ سست چال چلنا۔
المُتَهَفِّك. فا۔ اضطراب کے ساتھ سست چال چلنے والا (و**المُهَفَّك**) بہت غلطی اور گڑبڑی کرنے والا۔
هَفْهَفَ هَفْهَفَةً الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا **الشَّيْئُ**: ہلانا۔
تَهَفْهَفَ الرَّجُلُ: لاغر اندام و نازک ہونا۔
ظِلٌّ هَفْهَفٌ. ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔
الهَفْهَاف. پتلے پیٹ والا۔ پیاسا **مِنَ الْقُمُصِ وَالْاَجْنِحَةِ**: پتلا و شفاف۔ **ظِلٌّ هَفْهَافٌ**: ٹھنڈا سایہ جس میں ہوا چل رہی ہو۔ **غُرْفَةٌ هَفْهَافَةٌ**: سایہ دار ٹھنڈا جھروکہ۔
المُهَفْهَف. پتلے پیٹ باریک کمر والا مؤنث **مُهَفْهَفَةٌ**.
هَفَا يَهْفُو هَفْوًا و هَفْوَةً و هَفَوَانًا تیز دوڑنا **الطَّائِرُ**: پر پھڑپھڑانا اور اُڑنا **الرَّجُلُ**: پھسلنا۔ بھوکا ہونا۔
هَفَتْ تَهْفُو هَفْوًا و هُفُوًّا الرِّيْشَةُ او الصُّوْفَةُ فِي الْهَوَاءِ: پر یا اون کا اِدھر اُدھر اڑنا **الرِّيْحُ بِالصُّوْفَةِ**: ہوا کا اون کو اِدھر اُدھر اڑانا۔ **هَفَا الْفُؤَادُ**: دل دھڑکنا، فریفتہ ہونا **فُلَانٌ**: اوچھا ہونا۔ **هَفَا الظَّلِيْمُ**: شتر مرغ کا دوڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "**هَفَا الْقَلْبُ مِنَ الْحُزْنِ او مِنَ الطَّرَبِ**" دل غم سے پراگندہ ہوا یا خوشی سے قابو میں نہیں رہا۔
هَافَاهُ مُهَافَاةً. خواہش کی طرف مائل کرنا۔
الهَافِي. فا۔ بھوکا۔
الهَافِيَة. **الهَافِي** کامؤنث ج **هَوَافٍ هَوا فِي الْإِبِلِ**: گم شدہ اُونٹ۔
الهَفَا. بارش جو کبھی برسے کبھی رک جائے۔
الهَفَاء. غلطی۔ لغزش۔
الهَفَاة. بارش۔ **رَجُلٌ هَفَاةٌ**: بیوقوف مرد۔
الهَفْوَة. لغزش ج **هَفَوَات**.

الاَهْفَاء. بیوقوف لوگ۔
هَقَّ (ض) **هَقًّا الرَّجُلُ**: بھاگنا۔
هَقَعَ (ف) **هَقْعًا الفَرَسَ**: گھوڑے کو داغ دینا۔
تَهَقَّعَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا: نادانی برتنا۔ تکبر کرنا۔ فعل قبیح کا ارتکاب کرنا۔
تُهُقِّعَ. اوندھا ہونا۔
اِنْهَقَعَ. **الرَّجُلُ**: سخت بھوکا ہونا۔
اَهْتَقَعَهُ. باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "**اِهْتَقَعَ فُلَانًا عِرْقُ سُوْءٍ**" فلاں کو بد اصلی نے عزت و شرافت تک پہنچنے سے روک دیا "**اِهْتَقَعَتِ الْحُمّٰى فُلَانًا**": ایک دن ناغہ دے کر بخار آنا۔ **اِهْتَقَعَ الشَّيْئُ فُلَانًا**: دوبارہ لوٹ کر آنا۔
اُهْتُقِعَ لَوْنُهُ: خوف یا گھبراہٹ سے رنگ بدل جانا۔
الهُقَاع. غم یا بیماری کی وجہ سے غفلت۔
الهَقِع. لالچی۔ مؤنث **هَقِعَةٌ**.
الهَقْعَة. **هَقَعَ** کا اسم مرۃ۔ جوزا کے اوپر تین روشن ستارے جو دیگدان کے پایہ کے مانند ایک دوسرے سے قریب ہیں۔ **الهَقْعَة**: گھوڑے کے سینہ کے وسط میں دائرہ۔
الهُقَعَة. لوگوں کے درمیان بہت ٹیک لگانے والا یا لیٹنے والا۔
الهَيْقَعَة. تلوار کی جھنکار۔ تلوار کی جھنکار کی نقل۔ کہا جاتا ہے "**سَمِعْتُ لِلسُّيُوْفِ هَيْقَعَةً**" میں نے تلواروں کی جھنکار سنی۔ آواز سننے کے لیے خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا۔ یا لوہے کو پتھر سے مارنا۔
المَهْقُوْع. ع **مِنَ الْخَيْلِ**: سینہ کے وسط میں دائرہ رکھنے والا گھوڑا۔
الهَاقِل. چوہا۔
الهِقْل. جوان شتر مرغ۔ لمبا بیوقوف۔ مؤنث **هِقْلَة**.
الهَقِل. بھوکا۔
الهَيْقَل. جوان شتر مرغ۔ گوہ۔
الهَيْقَلَة. ایک قسم کی چال۔ کہا جاتا ہے

"اَخَذَ يَمْشِي الهَيْقَلَة."

هَقِمَ (س) هَقَمًا. بہت بھوکا ہونا۔ صفت هَقِم۔ بہت کھانا اور بدہضمی نہ ہونا۔

تَهَقَّمَهُ. مغلوب کرنا۔ تَهَقَّمَ الطَّعَامَ: پے در پے بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

الهِقَمُّ. سمندر۔ بہت کھانے والا مرد۔

الهَيْقَم. وسیع سمندر۔ سمندر کا شور۔

هَقىٰ يَهْقِي هَقْيًا. بکواس کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَهْقِي بِفُلَان" فلاں فلاں کے ساتھ بک بک کرتا ہے فُلَانًا: گالی دینا فُؤَادَهُ: دِل پراگندہ ہونا۔

اَهْقَاهُ اِهْقَاءً. خراب کرنا۔

هَكَّ (ن) هَكًّا. گوز کرنا الطَّائِرُ پرندہ کا بیٹ کرنا النَّعَامُ: شتر مرغ کا پاخانہ کرنا الشَّيْءَ: پینا۔ صفت مفعولی مَهْكُوك و مَهْكِيك.

هَكَّهُ بِالرُّمْحِ: پیاپے نیزہ مارنا۔ هَكَّهُ بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا هَكَّتِ النَّبِيذُ فُلَانًا: مست کرنا اللَّبَنَ: دودھ نکالنا فُلَانًا: لاغر کرنا النَّجار الخَرْقَ: بڑھئی کا سوراخ کو کشادہ کرنا الجَارِيَةَ: بہت جماع کرنا۔ هَكَّتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گر جانا۔

هُكَّ الشَّيْءُ: گرایا جانا۔

تَهَكَّكَ الرَّجُلُ: مضطرب ہونا۔ الاُنْثىٰ: قریب الولادۃ ہونے کی وجہ سے تھن کا بڑا ہونا۔

اِنْهَكَّ البَعِيرُ: بیٹھنے کے وقت زمین سے چمٹنا الرَّجُلُ: مست ہونا۔ اِنْهَكَّتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْهَكُّ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

الهَكُّ. س۔ فاسد العقل ج هَكَكَة و اَهْكَاك. سخت بارش۔

الهُكُوك. ہنسی مذاق کرنے والا۔ کمزور کمینہ۔

اَحْمَقُ هَاكٌّ. انتہائی بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَكَّاكٌ بِالكَلَامِ:" غلط کلام کو صحیح سمجھ کر بولنے والا۔

الهَكَوَّك. موٹا۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ سخت جگہ۔ اور بقول بعض نرم جگہ۔

الهَكِيك. پساہوا۔ مخنث۔

المَهْكُوك. سخ۔ کلام میں ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرا۔

المُنْهَكَة. دُشواری سے بچہ جننے والی عورت۔

هَكَبَ (ض) هَكْبًا بِهِ: ٹھٹھا کرنا۔

هَكَدَ عَلىٰ غَرِيمِهِ: قرض دار پر سختی کرنا۔

هَكَرَ (ض) وهَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا وهَكَرًا مِنْ كَذَا: سخت متعجب ہونا۔

هَكِرَ (س) هَكْرًا و هَكَرًا. اونگھنا۔

تَهَكَّرَ. تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔

الهَكِر. متعجب (والهَكَر) اونگھنے والا۔ کہا جاتا ہے مَا فِيهِ مَهْكَرًا او مَهْكَرَةٌ: اس میں کوئی تعجب نہیں۔

هَكَعَ (ف) هُكُوعًا. ٹھہرنا۔ مطمئن ہونا۔

هَكَعَتِ البَقَرُ تَحْتَ الشَّجَرِ: سخت گرمی میں درخت کے نیچے سایہ لینا الرَّجُلُ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ فَمَا يُدْرَىٰ اَيْنَ سَكَعَ وَاَيْنَ هَكَعَ" فلاں گیا نہیں معلوم ہے کہ کس طرف گیا اور کہاں اقامت کی۔ هَكَعَ اللَّيْلُ: تاریکی پھیلنا فُلَانٌ بِالقَوْمِ وَ اِلَى القَوْمِ: شام ہونے کے بعد قوم کے پاس واپس آنا الرَّجُلُ: غم یا غصہ سے سر جھکانا اِلَى الاَرْضِ: اوندھا ہونا عَظْمُهُ: درستی کے بعد ٹوٹنا۔

هَكِعَ (س) هَكَعًا واِهْتَكَعَ. مطیع ہونا۔ گھبرانا۔ عاجزی کرنا۔

الهُكَاع. کھانسی۔ تھکن کے بعد کی نیند۔

الهُكُوع. درخت کے نیچے سایہ لینے والی گایوں کا ریوڑ۔

الهُكَعَة. بیوقوف۔

هَكَلَ تَهْكِيلًا. الحِصَانُ او المَرْأَةُ: گھوڑے یا عورت کا اٹھلاتے ہوئے چلنا۔

تَهَاكَلَ القَوْمُ: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔

هَيْكَلَ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا اور لمبا ہونا۔

الهَيْكَل. لمبی اور بڑی نباتات یا درخت واحد هَيْكَلَة. بلند عمارت۔ موٹا (ہر جاندار) گرجا میں قربان گاہ۔ صورت۔ پیکر۔ مجسمہ ج هَيَاكِل. فَرَسٌ هَيْكَلٌ: بلند گھوڑا۔

هَكَمَ تَهْكِيمًا فُلَانًا و لِفُلَان: کسی کیلئے گانا۔

تَهَكَّمَتِ البِئْرُ و نحوها: کنوئیں کا گرنا۔

تَهَكَّمَ فُلَانًا و بِفُلَان: ٹھٹھا کرنا زَيْدًا: پیاپے نیزہ مارنا الرَّجُلُ: جھوٹی مغرورانہ چال چلنا اور ہر چیز میں مقدار سے بڑھ جانا۔ تَهَكَّمَ عَلىٰ فُلَان: سخت غضبناک ہونا عَلَى الاَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا المَطَرُ: ناقابل برداشت بارش ہونا فُلَانٌ: گانا لِفُلَان: کسی کے لئے گانا بِفُلَان: بہت یاد کرنا۔

الهَكِم. لا یعنی امور میں پھنسنے والا۔ شریر۔

الاُهْكُومَة. ٹھٹھا۔ استہزاء۔

المُتَهَكِّم والمُسْتَهْكِم. مغرور۔

تَهَكَّنَ عَلَى الاَمْرِ الفَائِتِ: نادم ہونا۔

(هَكَا). هَاكَاهُ مُهَاكَاةً. اپنی عقل کو عاجز وناکام سمجھنا۔

الاَهْكَاء. حیران لوگ۔

هَلْ. حرف استفہام بمعنے کیا جیسے "هَلْ طَلَعَ النَّهَارُ" کیا دن نکل آیا۔ اور "هَلْ" نسبت ایجابیہ کے لیے مخصوص ہے جیسے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ لَمْ يَقُمْ زَيْدٌ" نہیں کہا جاتا۔ اور اگر نسبت سلبیہ سے استفہام مقصود ہو تو ہمزہ لاتے ہیں اور هل ایسے اسم پر بھی داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو اسی لیے "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" اور هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ" کہنا تو جائز ہے مگر "هَلْ زَيْدٌ قَامَ" کہنا جائز نہیں۔

اور هَلْ جملہ شرطیہ پر بھی داخل نہیں ہوتا اس وجہ سے کہ اس میں ایجاب و نفی دونوں کا احتمال ہے اور اس جملہ پر بھی داخل نہیں ہوتا جس پر اِنَّ حرف تحقیق داخل ہو اس لیے کہ اِنَّ تقریر واقع کے لیے آتا ہے اور هَلْ استفہام کے لیے اور ان دونوں میں منافات ہے۔ اسی وجہ سے "هَلْ اِنْ قَامَ زَيْدٌ تَقُمْ" اور "هَلْ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" کہنا جائز نہیں۔ بخلاف ہمزہ کے کہ یہ استفہام میں اصل ہے اور اس میں

بڑی وسعت ہے۔

اور هَل جب مضارع پر داخل ہو تو استقبال کے لئے خاص کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے هَلْ تَذْهَبُ الْآنَ کہنا جائز نہیں۔

هَلَّ (ن) هَلًّا الْمَطَرُ: زور سے برسنا الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا هَلَّ الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا لِلرَّجُلِ: خوش ہونا۔ چلانا۔

هَلَّلَ تَهْلِيْلًا: تسبیح پڑھنا هَلِّلُوْيَا (عبرانی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں "پروردگار کی تسبیح پڑھو" کہنا (دخیل) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔ اور هَيْلَلَة سے ماخوذ ہے جیسے بَسْمَلَة بسم اللہ پڑھنا اور حَوْقَلَة لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہنا۔ کہا جاتا ہے "سَبَّحَ فُلَانٌ وَهَلَّلَ" فلاں نے تسبیح پڑھی اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا۔ وَهَلَّلَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ بھاگنا عَنْ قِرْنِهٖ: پیچھے ہٹنا عَنْ شَتْمِهٖ: گالی دینے سے رُک جانا۔ ہٹ جانا الْمُكَاتِبُ: لکھنا۔

هَالَّ هِلَالًا وَ مُهَالَّةً الْاَجِيْرَ: در ماہہ اُجرت مقرر کرنا۔ تم کہتے ہو "تَكَارَيْتُهٗ مُهَالَّةً" یعنی ایک چاند سے دوسرے چاند تک جیسا کہ "مُشَاهَرَةً" یعنی ایک مہینہ سے دوسرے مہینہ تک۔

اَهَلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّهْرُ مہینہ شروع ہونا۔ اَهَلَّ الْقَوْمُ الهِلَالَ: چاند دیکھتے وقت آواز بلند کرنا الصَّبِيُّ: بچے کا رونے میں آواز بلند کرنا الرَّجُلُ: نیا چاند دیکھنا السَّيْفُ بِفُلَانٍ: تلوار کا کاٹنا العَطْشَانُ: پیاسے کا تھوک جمع ہونے کے لیے زبان کو تالو سے ملانا اللّٰهُ السَّحَابَ: برسانا الشَّهْرُ: مہینہ کا چاند دیکھنا الْمُلَبِّي: تلبیہ کے وقت آواز بلند کرنا فُلَانٌ بِذِكْرِ اللّٰهِ: کسی نعمت یا کسی عجیب چیز کو دیکھ کر اللہ کے ذکر میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَلَّ بِالتَّسْمِيَةِ عَلَى الذَّبِيْحَةِ" اس نے ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا۔

اُهِلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا الشَّهْرُ مہینہ شروع ہونا۔

تَهَلَّلَ الْوَجْهُ اَوِ السَّحَابُ: چمک اٹھنا۔ فُلَانٌ: خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہونا تَهَلَّلَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا تَهَلَّلَت دُمُوْعُهٗ: آنسو بہنا۔

اِنْهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ بارش ہونا۔ اِنْهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسانا۔

اِهْتَلَّ الْوَجْهُ وَالسَّحَابُ: چمک اٹھنا الرَّجُلُ: ہنسنے میں دانت ظاہر کرنا الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا۔

اِسْتَهَلَّ الْمَطَرُ: زور سے آواز کے ساتھ برسنا السَّمَاءُ: پہلی بارش برسانا الْقَوْمُ الهِلَالَ: نیا چاند دیکھنا الشَّهْرُ: مہینہ شروع ہونا الشَّهْرَ: مہینہ کا نیا چاند دیکھنا الْوَجْهُ: خوشی سے دمک اٹھنا الصَّبِيُّ: پیدائش کے وقت چلانا۔ اور ایسا ہی ہر بولنے والے کے آواز بلند کرنے کو اِسْتِهْلَال کہتے ہیں۔

وَاِسْتَهَلَّتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

اُسْتُهِلَّ الهِلَالُ: نیا چاند نکلنا اُسْتُهِلَّ السَّيْفُ: سونتا جانا۔

اَلهِلَالُ. مصدر هَالَّ کا۔ نیا چاند۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی۔ اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔

وَالهِلَالُ عِنْدَ اَهْلِ الْهَيْئَةِ: پہلی رات کا چاند الهِلَالُ: تھوڑا پانی۔ شکار کو زخمی کرنے کا لوہا۔ سانپ۔ اور بقول بعض نر سانپ۔ سانپ کی کینچلی۔ جوتے کا تسمہ۔ دبلا اونٹ۔ غبار۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔ اُونٹ کا نشان۔ خوبصورت لڑکا۔ چکی وغیرہ کا کنارہ جبکہ ٹوٹ جائے۔ بوچھار۔ پہلی بارش۔ ج اَهِلَّةٌ اور اَهَالِيْلُ (نادر)

الْاَهَالِيْلُ. بارشیں۔ اس کے لیے واحد نہیں یا اس کا واحد اُهْلُول ہے۔

الهَلَالُ. پہلی بارش۔

الهَلُ. مع۔ باریک بال۔ کپڑا۔

الهِلُّ. نمو داری۔ ماہِ نو۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ فِي هَلِّ الشَّهْرِ" میں اس کے پاس نئے چاند طلوع ہونے کے وقت آیا۔

الهَلَل. خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ فُلَانٌ هَلَلًا" فلاں خوف کی وجہ سے ہلاک ہو گیا۔ پہلی بارش۔ مکڑی کا جالا۔ بارشیں۔ واحد هَلَّة۔

هَلَّا. کلمہء تحضیض و تندیم ہے۔ مرکب ہے هَلْ وَلَا سے۔ اگر ماضی پر داخل ہو تو ترک فعل پر ملامت کے لیے جیسے هَلَّا آمَنْتَ یعنی تم ایمان کیوں نہیں لائے۔ اور اگر مضارع پر داخل ہو تو برانگیختہ کرنے کیلئے جیسے "هَلَّا تُؤْمِنُ" تم ایمان کیوں نہیں لاتے ہو۔

الهُلْىٰ. خوشی جو غم کے بعد حاصل ہو۔

الهَلَّة. هَلَّ کا اسم مرۃ۔ هَلَل کا واحد۔ چراغ دان۔ اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ فِي هَلَّةِ الْقَمَرِ" میں اس کے پاس چاند کے طلوع کے وقت آیا (وَ مَا اَصَابَ هَلَّةً) اس نے کچھ نہیں پایا۔

الهِلَل. بارشیں۔ واحد هِلَّةٌ. اور کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا فُلَانٌ فَلَمْ يَاْتِنَا بِهِلَّةٍ وَلَا بِلَّةٍ" فلاں ہمارے پاس آیا اور کچھ نہیں لایا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ بِهِلِّيَانَ وَ بِذِيْ هِلِّيَانَ" وہ گیا اور نہیں معلوم کہاں گیا ہے۔

الهَلِيْلَة. زمین جس پر بارش ہوئی ہو اور ارد گرد بارش نہ ہوئی ہو۔

المُهَلِّل. فا۔ وہ شخص جو اپنے ہمسر پر حملہ کرے پھر بزدلی کی وجہ سے ہٹ جائے۔

اِبِلٌ مُهَلَّلَةٌ: دبلے اور جھکے ہوئے اونٹ۔

المُهَلَّل. جھکا ہوا۔

هَلَبَهٗ (ض) هَلْبًا. کسی کے بال اُکھیڑنا ذَنَبَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی دم کو کاٹنا هَلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔ یا لگاتار برسانا الْفَرَسَ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔ فُلَانٌ الْقَوْمَ بِلِسَانِهٖ: ہجو کرنا۔ گالی دینا۔

هَلِبَ (س) هَلَبًا. بہت بالوں والا ہونا۔

اَهْلَبَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لگاتار دوڑنا۔

اَهْلَبَتِ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: تر کرنا۔

تَهَلَّبَ وَاِنْهَلَبَ الشَّعْرُ: بال اُکھڑا ہوا

ہونا۔
اِهْتَلَبَ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
لَيْلَةٌ هَالِبَةٌ. بارش والی رات۔
الهُلْبُ. بال۔ پلکیں۔ اور بقول بعض موٹی پلکیں۔ اور بقول بعض دم کے بال اور بقول بعض سور کے بال۔ واحد هُلْبَةٌ.
الهَلِبُ. بہت بالوں والا۔
الاَهْلَبُ. بہت بالوں والا۔ بے بال والا۔
ذَنَبٌ اَهْلَبُ: کٹی ہوئی دم۔ عَامٌ اَهْلَبُ بہت بارش والا سال۔ سرسبز سال۔ عَيْشٌ اَهْلَبُ: کشادہ آسودہ زندگی۔
الهَلْبَاءُ. الاَهْلَب کا مؤنث۔ رَقَبَةٌ هَلْبَاءُ بہت بالوں والی گردن۔ کہا جاتا ہے "وَقَعْنَا فِي هَلْبَةٍ هَلْبَاءَ" ہم بڑی سخت مصیبت میں پڑ گئے۔
الهُلْبَةُ. هلب کا واحد۔ پیڑو۔ ایک ستارہ۔
هُلْبَةُ الشَّهْرِ: مہینے کا آخر۔ هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانے کی سختی۔
الهَلَّابُ. اسم مبالغہ۔ بہت ہجو کرنے والا۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔ عَامٌ هَلَّابٌ: بہت بارش والا سال۔ يَوْمٌ هَلَّابٌ: ہوا اور بارش کا دن۔ الهَلَّابُ والهَلِيبُ والمُهَلِّبُ: جنوری کے مہینے میں بہت ٹھنڈے چند دن۔
الهَلاَّبَةُ. بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الاُهْلُوبُ. فن۔ طریقہ۔ اسلوب ج اَهَالِيبُ.
المُهَلَّبِيَّةُ: دودھ، پسے ہوئے چاول اور چینی کا حلوہ۔
هُلْبَةُ الشِّتَاءِ او الزَّمَانِ: جاڑے یا زمانہ کی شدت۔
فَرَسٌ مَهْلُوبٌ. دم کٹا گھوڑا۔
المُهَلَّبُ. ہجو کیا ہوا۔
هَلَتَ (ن) هَلْتًا الشَّيءَ: چھیلنا۔
انهَلَتَ. چھیلا جانا۔ اور کہا جاتا ہے "انهَلَتَ بَعْدُو" وہ دوڑتا ہوا کھسک گیا۔

الهَلاَثُ. ڈھیلاپن۔
الهَلْثَى والهَلْثَاءُ والهِلْثَاءُ و الهَلَثَاءُ والهِلْثَانَةُ والهُلْثَةُ. شور مچانے والی جماعت۔ الهَلْثَانَةُ والهِلْثَانَةُ: ڈھیلاپن۔
هَلَجَ (ض) هَلْجًا. ناقابل یقین خبریں دینا۔
اَهْلَجَ الشَّيءَ: پوشیدہ کرنا۔
الهَالِجُ. خواب ہائے پریشاں دیکھنے والا۔
الهَلْجُ. س۔ ناقابل یقین خبریں۔ ہلکی نیند (والهُلْجُ) خوابہائے پریشاں۔
الهَلَجُ. ایک خاردار درخت۔
تَهَلْزَ الرَّجُلُ: دامن سمیٹنا۔ چوکس ہونا۔ چاق و چوبند ہونا۔
هَلَسَهُ (ض) هَلْسًا المَرَضُ: لاغر کر دینا۔
هُلِسَ. سل کی بیماری لاحق ہو کر عقل زائل ہونا۔ صفت مَهْلُوسٌ.
هَلَسَ الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔
هَالَسَهُ مُهَالَسَةً. چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اَهْلَسَ. آہستہ آہستہ ہنسنا۔ الحديثَ: پوشیدہ کرنا۔ اِلَى فُلاَنٍ: چپکے سے کہنا۔ اَلمَرَضُ فُلاَنًا: گھلا دینا۔
الهَالِسُ. فا۔ دبلے پتلے جسم والا۔ ج هَوَالِسُ.
الهُلاَسُ. سل کی بیماری۔
الهَلْسُ. س۔ خیر کثیر۔ دُبلاپن۔ پتلاپن۔ سل کی بیماری۔
الهُلْسُ. مرض سے لاغر شدہ لوگ۔ کمزور لوگ چاہے مرض سے لاغر نہ ہوں۔
المَهْلُوسُ. مف۔ رَجُلٌ مَهْلُوسُ العَقْلِ و مُهْتَلَسُهُ: مسلوب العقل۔
ظَلاَمٌ مُهْلِسٌ. مدھم اندھیرا۔
هَلِعَ (س) هَلَعًا. بے صبری سے شور۔ صفت هَلِعٌ و هَلُوعٌ. بھوکا ہونا۔
الهُلَعُ. لالچی۔
الهَالِعُ. فا۔ نَعَامٌ هَالِعٌ: تیز رفتار شتر مرغ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامَةٌ هَالِعَةٌ و هَالِعٌ"

ج هَوَالِعُ. شُحٌّ هَالِعٌ: غم انگیز شدت بخل۔
الهَلِعُ. غمگین۔
الهَلَعُ. س (والهُلاَعُ والهَلَعَانُ) مقابلہ کے وقت بزدلی۔
الهَلَعَةُ. جلد گھبرانے والا۔
الهَلُوعُ. گھبرانے والا۔ ڈرپوک۔ لالچی و بخیل۔ مصائب پر صبر نہ کر سکنے والا۔
الهِلْيَاغُ. ایک چھوٹا درندہ جانور۔ یا زیسی۔
الهِلَّوْفُ. بھاری بھرکم سخت بدن والا۔ بڑی داڑھی والا۔ بہت بالوں والا۔ گھنی داڑھی۔ ابر آلود دن جس میں آفتاب نہ نکلے۔ بہت اون والا بوڑھا اونٹ۔ جنگلی سور۔
الهِلَّوْفُ. بہت بوڑھا۔ جھوٹا۔
الهِلَّوْفَةُ. بہت جھوٹا۔ گھنی داڑھی۔ بڑھیا۔
الهُلْفُوفُ. سخت بدن اور بہت بالوں والا۔
هَلَقَ (ض) هَلْقًا و تَهَلَّقَ. جلدی کرنا۔
هَلْقَمَ الشَّيءَ: نگلنا۔
الهِلْقَامُ. لمبا۔ موٹا۔ شیر۔ چوڑی باچھوں کا اونٹ وغیرہ (وَ الهِلْقَمُّ) بڑا فیاض سردار جو لوگوں کی دیت وغیرہ کو اپنے اوپر برداشت کر لیتا ہو۔
الهِلْقَامُ والهِلْقَمُّ والهِلْقَامَةُ والهِلِقَّامَةُ والهُلْقِمُ. بہت کھانے والا۔
الهِلْقِمُ. قوی۔ چوڑی باچھوں والا۔ بڑی عورت۔ اور بڑے سمندر کو "بَحْرٌ هَلْقَمٌ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ہر چیز کو نگل لیتا ہے۔
هَلَكَ (ض ف س) هَلاَكًا و هُلْكًا و هُلُوكًا و تُهْلُوكًا و مَهْلَكًا و تَهْلُكَةً بتثليث اللام فی الاخيرين: فنا ہونا۔ مرنا۔ نیست و نابود ہونا (عموماً اس کا استعمال بری موت کے لیے ہوتا ہے (هَلاَكًا) اِلَيْهِ و عَلَيْهِ: لالچی ہونا۔ بہت خواہش مند ہونا۔
هَلَّكَهُ وَاَهْلَكَهُ. فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ اگر کوئی شخص کسی بڑے کام کو کرے تو اس سے "هَلَّكْتَ وَاَهْلَكْتَ" کہا جاتا ہے اَهْلَكَ

الْمَالَ: بیچنا۔

تَهَلَّكَ فِي مَشْيِهِ: مٹک کر چلنا۔ **فِي الْمَفَاوِزِ**: بیابان میں آوارہ و حیران پھرنا۔

تَهَالَكَ عَلَى الْفِرَاشِ: بستر ے پر گرنا **فِي مَشْيِهِ**: مٹک کر چلنا **عَلَى الشَّيْءِ**: بہت خواہشمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "**اَنَا مُتَهَالِكٌ فِي مُوَدَّتِكَ**" میں تمہاری دوستی کا بہت خواہش مند ہوں **فِي الْاَمْرِ او العَدْوِ**: کوشش کرنا۔

اِنْهَلَكَ وَاهْتَلَكَ. اپنے آپ کو خطرات میں ڈالنا۔ اور کہا جاتا ہے "**مَرَّ يَهْتَلِكُ فِي عَدْوِهِ**" وہ گزرا اس حال میں کہ دوڑنے میں کوشش کر رہا تھا۔

اِسْتَهْلَكَهُ. ہلاک کرنا۔ **اِسْتَهْلَكَ الْمَالَ**: مال خرچ کرنا۔ ختم کرنا **فِي الْاَمْرِ**: جلدی کرتے ہوئے کوشش کرنا۔

الهَالِكُ. فاج **هَلْكَى و هُلَّك و هُلَّاك و هَوَالِك** (اور یہ شاذ ہے جیسے **فَوَارِس و نَوَاكِس**)

الهَالِكَة. **الهَالِك** کامؤنث۔ نفس حریص۔

الهَالِكِيُّ. لوہار (ہالک بن عمرو بن اسد بن خزیمہ کی جانب منسوب کہ لوہاری کا کام اسی نے شروع کیا تھا)

الهُلْك والهَلْك. ہلاکت۔ تم کہتے ہو "**لَاَذْهَبَنَّ فَاِمَّا هَلْكٌ وَاِمَّا مَلْكٌ**" یعنی میں جاؤں گا یا تو تخت نصیب ہو گا یا تختہ۔

الهَالُوك. سنکھیا۔

الهَلَك. قحط سالی کے سال۔ واحد **هَلَكَةٌ**. مردار کی لاش۔ پہاڑ کی چوٹی اور دامن کا درمیانی حصہ۔ دو چیزوں کے درمیان کی فضا۔ گرنے والی چیز۔

الهُلُك. ہلاک ہونے والا نفس۔

الهَلْكَاء. ہلاکت۔ تاکید کے لیے "**هَلَكَةٌ هَلْكَاء**" بولا جاتا ہے۔

الهِلْكَة. **هَلَكَ** کا اسم نوع۔ گرنے والی ج **هِلَكٌ**. کہا جاتا ہے "**فُلَانٌ هِلْكَةٌ مِنَ الهِلَكِ**"

اَلهَلَكَة. ہلاکت۔ الهَلَك کا واحد ج **هَلَكَات**.

الهُلَّاك. فقراء۔ چارہ پانی تلاش کرنے والے لوگ جو راستہ کھو چکے ہوں۔

الهَلَكُوْن والهلكون. قحط زدہ زمین اگرچہ پانی اس میں ہو۔ ایسی زمین جس پر ایک زمانہ دراز سے بارش نہ ہوئی ہو۔

الهَلُوك. بدکار عورت ج **هُلُك**.

التَّهْلُكَة. ہر وہ چیز جس کا انجام ہلاکت ہو۔

التُّهْلُوك. ہلاکت۔

اَهْلَكُ النَّاسِ: لوگوں میں زیادہ ہلاک ہونے والا۔

المُهْتَلِك. وہ شخص جس کی تمنا یہی ہو کہ کسی کا مہمان بنے۔ مفت خورہ۔

المُهْتَلِكُوْن. چارہ پانی تلاش کرنے والے جو راستہ کھو چکے ہوں۔

المَهْلَكَة والمَهْلِكَة والمَهْلُكَة. ہلاکت کی جگہ۔ بیابان ج **مَهَالِك**. **المَهَالِك**: لڑائیاں۔ کہا جاتا ہے "**طَرِيق مُسْتَهْلِك الوِرْد**" دشوار گزار تھکا دینے والا راستہ۔

اَهْلَمَ بِفُلَان: بلانا۔ پکارنا۔

الهِلَّم. ڈھیلا۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ هِلَّمٌ و اِمْرَاَةٌ هِلَمَةٌ.**"

الهَلَم. **هَلُمَّ** کا جواب۔ جب کوئی شخص مطیع ہو جائے تو کہا کرتے ہیں "**جَادَ بِهَلَمِه**"

الهُلُم. پہاڑی ہرنیاں۔

هَلُمَّ. آؤ۔ لازم ہے اور کبھی متعدی مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے "**هَلُمَّ شُهَدَائَكُمْ**" یعنی اپنے گواہوں کو حاضر کرو۔ اور یہ اسمائے افعال میں سے ہے جس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب مساوی ہیں اور اس کی تصریف اس طریقے سے کرتے ہیں کہ اس کو فعل قرار دیتے ہیں اور اس کے آخر میں ضمائر لاحق کرتے ہیں۔ ثنی کے لیے **هَلُمَّا** مؤنث کے لیے **هَلُمِّي**. جمع مذکر کے لیے **هَلُمُّوْا** اور جمع مؤنث کے لیے **هَلْمُمْنَ**. یہی خیال اکثر عرب کا ہے اور پہلا افصح ہے۔ اور کبھی لام لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے **هَلُمَّ لَكَ وَ هَلُمَّ لَكُمَا**. اور کبھی نون ثقیلہ لاحق ہوتا ہے جیسے **هَلُمَّنَّ يَارَجُلُ و هَلُمِّنَّ يَا اِمْرَاَة. و هَلُمَّانِّ يا رَجُلَان و يَا اِمْرَاَتَان وَ هَلُمُّنَّ يَا رِجَالُ و هَلْمُمْنَانِّ يا نِسْوَة.**

الهُلَام. ایک قسم کا کھانا جو بچھڑے کے گوشت مع پوست کے تیار کیا جاتا ہے۔ سکباج کا شوربا جس کو ٹھنڈا کر کے روغن سے صاف کر دیا گیا ہو۔

الهَلِيم. چپکنے والا۔

اَلْهِلْيُوسكُوب: دوربین۔

هِلْيُوكُوبْتَر: ہیلی کاپٹر۔ (یونانی لفظ)

اَلْهِلْيُوم: ایک گیس والا عنصر گاڑھا خفیف وزن والا جس کو آگ نہیں لگتی قدرتی پٹرول کے چشموں سے نکالا جاتا ہے۔

اَلْهِلْيُوْن: واحد **هِلْيُوْنَة**: وہ پودا جس کے تنے زمین اندر ہوتے ہیں ان تنوں کو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ اس کے پھل سرخ اور خوبصورت ہوتے ہیں۔

الهَيْلَمَان والهَيْلُمَان والهِلَّمَان بہت چیز۔ اور بقول بعض خیر کثیر۔ کہا جاتا ہے "**جَاءَ نَا بِالْهَيْلِ وَالْهَيْلَمَانِ**" ہمارے پاس بہت مال لے کر آیا۔

هَلْمَم هَلْمَمَةً بِفُلَانٍ: کسی کو **هَلُمَّ** کہہ کے پکارنا۔

هَلْهَلَ النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: کپڑے کو باریک بننا **الصَّوْتَ**: گلے میں آواز پھرانا **الشِّعْرَ**: شعر عمدہ بنانا۔ بغیر اصلاح و تہذیب کے جیسا کہا ہو ویسا ہی سنا دینا۔ **الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ**: انتظار کرنا۔ دیر کرنا **الطَّحِيْنَ**: آٹے کو باریک چھاننا **عَنِ الشَّيْءِ**: واپس ہونا۔ لوٹنا **فَرَسه**: بلا کہہ کے ڈانٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "**هَلْهَلَ يُدْرِكُهُ**" یعنی **كَادَ يُدْرِكُهُ**.

الهُلَاهِل والهُلْهَال والهَلْهَل عمدہ شعر یا باریک کپڑا۔ **الهُلَاهِل**: بہت اور صاف پانی۔ **والهَلْهَل**: خراب بنا ہوا کپڑا۔

الهُلْهُل. برف۔
هَالَاهُ مُهَالَاةً. جھگڑا کرنا۔
الهَالِي. هَائِل کا مقلوب۔ بمعنے ہولناک۔
هلا. گھوڑوں کے لیے کلمہ زجر۔
حَيَّهلا. دیکھو مادہ ح ی ی۔
الهِلْيَوْن. ایک قسم کی نرم گھاس ہے جو کھائی جاتی ہے جس کو فارسی میں مارچوبہ و مار گیاہ اور ہندی میں ناگدون کہتے ہیں۔ واحد هِلْيَوْنَة.
هَمَّ (ن) همًّا و مَهَمَّةً. اَلْاَمْرُ فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا السُّقْمُ جِسْمَهٗ: بیماری کا جسم کو گھلا دینا فُلَانًا الشَّحْمَ: چربی پگھلانا۔
الشَّمْسُ الثَّلْجَ: آفتاب کا برف کو پگھلانا۔
اللَّبَنَ: دودھ دوہنا (هَمًّا) بِالشَّيءِ ارادہ کرنا۔ چاہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعَتِ السُّوْسَةُ فِي الطَّعَامِ فَهَمَّتْهُ" غلہ میں گھن پڑ گئے اور غلہ کے گودے کو کھا کر کھوکھلا کر دیا۔
هَمَّ (ن) هُمُوْمَةً و هَمَامَةً الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
هَمَّتْ (ض) هَمًّا و هَمِيْمًا خِشَاشُ الاَرْضِ: زمین کے کیڑے مکوڑوں کا رینگنا۔
هَمَّمَتِ الْمَرْاَةُ فِي رَاْسِ الصَّبِيِّ: لوری سے سلانا۔ جوں نکالنا۔
اَهَمَّ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا الْاَمْرُ فُلَانًا: رنجیدہ کرنا۔ غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَهَمَّهُ الْاَمْرُ حَتّٰى هَمَّهٗ" اس کو معاملے نے غمگین کیا یہاں تک کہ گھلا دیا۔
تَهَمَّمَ الشَّيءَ: تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا رَاْسَهٗ: جوئیں نکالنا۔
اِنْهَمَّ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا الشَّحْمُ او الْبَرْدُ: پگھلنا۔ گھلنا العَرَقُ فِي جَبِيْنِهٖ: پسینہ بہنا۔ اِنْهَمَّتِ الْبُقُوْلُ: ہانڈیوں میں پکایا جانا۔
اِهْتَمَّ الرَّجُلُ: غمگین ہونا لَهٗ بِاَمْرِهٖ: اہتمام کرنا۔
اِسْتَهَمَّهٗ بِالْاَمْرِ وَ فِي الْاَمْرِ: متوجہ کرانا۔ مشغول ہونے کی خواہش کرنا۔ اِسْتَهَمَّ فُلَانٌ امورِ قوم میں محنت اٹھانا۔
الهَامَّة. ہر زہر دار کیڑا جیسے سانپ وغیرہ۔ ج هَوَامُّ. اور کبھی هَوَامّ کا اطلاق ان کیڑوں پر بھی ہوتا ہے جو زہر دار نہیں۔ جیسے حدیث میں ہے "اَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَاسِكَ" کہ یہاں پر هَوَامٌّ راس سے مراد جوئیں ہیں۔
الهُمَام. عالی ہمت بادشاہ۔ بہادر سخی سردار (مردوں ہی کے لیے مخصوص ہے) شیر مِنَ الثَّلْجِ او الشَّحْمِ: پگھلی ہوئی برف یا چربی ج هِمَام.
الهَمّ. س. غم ج هُمُوْم. ارادہ۔ جس کا ارادہ کیا جائے یا جس کے کرنے کیلئے فکر کی جائے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَمُّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ شخص تمہارے لیے فلاں شخص سے کافی ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ هَمٌّ" یعنی یہ شخص صاحب ہمت ہے۔
الهِمّ. پیر فرتوت ج اَهْمَام. دبلا پتلا۔ قَدَحٌ هِمٌّ: ٹوٹا ہوا پرانا پیالہ۔
الهَمَّام. کر گزرنے والا آدمی۔ چغل خور۔
الهِمَّة. پیر فرتوت۔ بہت بڑھیا۔ ج هِمَّات و هَمَائِم.
دکت- دَکْتُوْرَةٌ: ڈاکٹر بننا- ڈاکٹری- سب سے بڑی یونیورسٹی کی اعلیٰ سند جو اعلیٰ تعلیم کے دی جاتی ہے- جیسے آداب میں دَکْتُوْرَة.

"اَلدَّکْتُوْرَة الفَخْرِیَةُ:" اعزازی سند ڈاکٹری جو سیاسی علمی اور دیگر امور کی وجہ سے تعظیماً دی جاتی ہے-

دل- اِلاسْتِدلالُ: کسی کام کی طرف رہنمائی لینا- کذا: دلیل پکڑنا- نتیجہ اور خلاصہ نکالنا کہا جاتا ہے یُمْکِنُ الاِسْتِدْلاَلَ مِنْ ذٰلِكَ اَنَّ...... " اس سے فلاں نتیجہ لیا جاسکتا ہے-

فی المنطق "منطق میں" ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف ایسے فعل کے ساتھ منتقل ہونا جو ان دونوں کو ملاتا ہے-

ایک عقلی منظم بحث معلوم حقائق کے ذریعے' نامعلوم حقائق تک پہنچنے کے لئے-

دلت- دِلْتَا یونانی حروف تہجی میں سے چوتھا حرف- علم جغرافیہ میں: نہر کی دو یا زیادہ شاخوں کے درمیان ایک قطعہ- دریائے نیل کا نچلا حصہ- اَلدَّلْتُوْنِیَّة: آنکھ کی مرض جس میں رنگوں کی پہچان خاص کر سرخ اور سبز کی پہچان ختم ہو جاتی ہے- اس کو "عَمی الالوان" کہا جاتا ہے-

دمج- اَلْاِدْمَاج: داخل کرنا- ملانا- و فی الشعر: کلمۃ کو صدر بیت اور اول عجز کے درمیان داخل کرنا- اَلاِنْدِمَاج: داخل ہونا- مستحکم ہونا- مل جانا- متحد ہونا- اِنْدِمَاج مُلاحَظَةٍ فی نصٍّ: شرح کا نص میں داخل ہونا- اِنْدِمَاجِ حُزْنَیْن: دو غموں کا مل جانا- اِنْدِمَاجُ اَقَلِّیَةٍ فِی مَجْمُوْعَةٍ: اقلیت کا سب میں متحد ہو جانا-

ایک اقتصادی کمپنی کا دوسری کمپنی سے متحد ہونا' یا اتحاد کرنا- فی اصطلاح الحُکَمَاءِ: طبع میں متحد اجزاء کا باہم اس قدر قریب ہونا کہ ان سے غیر متعلقہ جسم نکل جائے- جیسے لپیٹی ہوئی روئی دھننے کے بعد-

دمغ- اَلدِّمَاغُ اللاَّکْتُرونِي: العقل الاَلَکْتُرُونی: البکُبران: مشین جس میں آلات ہوتے ہیں- وہ انسانی دماغ کی طرح حسابی اعمال کرتے ہیں-

دور- اُلْمُدِیْرِیَّة: مدیر کا منصب- اس منصب کی مدت- ایک ادارہ جو مدیر کے زیر حکم ہو-

مُدِیْرِیَّةُ الدِّفَاع: دفاعی ادارہ-

مُدِیْرِیَّةُ الهَاتِف: ٹیلی فون کا ادارہ-

بعض ممالک میں: ایک جس کا سربراہ مدیر (گورنر) ہوتا ہے-

اُلْمُسْتَدِیْر: دائرہ کی شکل والا- گول جسم-

مِنْشَارٌ مُسْتَدِیْرٌ: گول آراء- طَاوِلَةٌ مُسْتَدِیْرةٌ: گول میز- مؤتمر المائدة المُسْتَدِیْرةٌ: گول میز کانفرنس-

اَلْمُسْتَدِیْرَةُ: کئی سڑکوں کے درمیان گول چکر-

دول- دَوّلَ: لکھنا- اَلْمَدِیْنَةَ: کسی شہر کو کئی ممالک کے درمیان مشترکہ (آزاد) شہر قرار دینا- وَالْاَرْض: زمین کو قومی ملکیت میں لینا-

القَضِیَّة: فیصلہ کو ملکی سطح پر کرنا-

اَلْمُدَاوَلَةُ: مشورہ کرنا- بات چیت کرنا-

فی القضاء: فیصلہ ہونے سے پہلے معاملہ رائے قائم کرنا- یکے بعد دیگرے فیصلے کرنا-

دوم- الدَّوَامُ: ہیشگی- باقی رہنا- اَلدَّوَامُ الرَّسْمِی: کام کا وقت اور اس کی مدت جو نظام اور قانون کے ساتھ ہو-

دَوَامًا 'علی الدَّوَام: بغیر وقفہ جاری کام-

دوي- اَلدَّایَةُ: خادمہ' بچہ کو پالنے والی-

دیم- اَلدِّیمقراطِیَّةُ: وہ سیاسی نظام جس میں عوام کی حکومت عوام پر ہوتی ہے- اس کو جمہوریت کہا جاتا ہے-

قِوَامُ الدِّیمقَرَاطِیَّةُ الحُرِّیة والْمُسَاوَاة: جمہوریت کو درست رکھنے والی چیزیں- آزادی اور مساوات ہے-

حُرِّیَّة الصَّحَافَةِ وَجْهٌ مِنْ وُجُوه

اَلدِّیمقراطِیّة: آزادی صحافت جمہوریت کا ایک حصہ ہے-
ذبح-اَلذُّبحَة: دل کی بیماریوں میں سے ایک بیماری جس کا سبب سانس کی تنگی یا خون کی نالیوں کی بندش ہے-اس وجہ سے سینہ میں درد اور اختناق ہوتا ہے اَلْمَذْبحَة: انسانوں کا قتل عام جس میں وہ اپنا دفاع نہ کر سکیں-
ذکر-التَّذکار او التِّذکار: کسی شے کو یاد کرنا-کسی چیز کو حفظ کرنا- وظیفہ جیسے هذه السُّبحه تذکارُ الحج: یہ تسبیح حج کا وظیفہ ہے-وہ تحفہ جو یاد دہانی کے لئے پیش کیا جائے- جیسے اِقبل هذه الجوْهَرَة کَتِذکارٍ: یہ گوہر یاد دہانی کے لئے قبول کیجئے-
تَذْکارُ الْموْتی: مردوں کی تعریف جلسے کی صورت میں تَذْکَارُ اللّٰه: اللہ کی مدح و ثنا کرنا-
راء- اَلرَّائِیَةُ: ہر وہ قصیدہ جو راء کے ساتھ روایت کیا گیا ہو- ان میں سے مشہور قصائد رائیة درج ذیل ہیں:
رائیه ابن عبدون: رائیہ ابن بواب الخطاط- رائیہ ابن الحسن التھامی-
رأس-اَلرَّأْسمالُ: تمام ملکیتی مال قطع نظر اس کی پیداوار سے جیسے یُنفِقُ من رَأسِمَالِه: وہ اپنے سرمایہ سے خرچ کرتا ہے-
جیسے قَدَّمَ الرأسمالَ لِمَشْرُوْعٍ: منصوبہ کے لئے سرمایہ لگانا-
قِیمةُ الْمالِ مَوْضُوعُ الدین: مال کی شان قرض کے موضوع میں ہے- یہ الفائدہ کے متضاد ہے-
اَلرَّأسمال والعَمَلُ: پیداوار اور اصحاب مال سے جمع شدہ تمام مال-
مجازًا: رَأْسَمَالُهُ عِلْمُهُ: آدمی کا سرمایہ اس کا علم ہے-
اَلرَّأْسمَالِیَةُ: وہ اقتصادی نظام جس میں وسائل پیداوار جاری مال والوں کے لئے ہوں-سرمایہ دار لوگوں کی جماعت-سرمایہ دار ممالک-

رأي- الرأي: اصْحابُ الرأيِ وَالْقِیَاس: وہ فقہاء جو قرآن و حدیث سے احکام فتویٰ نکالتے ہیں اپنی ذاتی رائے استعمال کرتے ہوئے' قرآن و حدیث سے بڑا قیاس لیتے ہیں اور امور کے واقعات سے چھوڑا قیاس-
ربخ-اَلرَّابُوْخ ج الروابیخ: لکڑی رنگنے کا برچھ-
ربط- اَلرَّبط: ملانا اور جمع کرنا اَلرَّبطُ بَیْنَ الْأَلْوَانِ: رنگوں کو ملانا فی الفلسفه: کسی وجہ سے ذہن مل جانے کی بنا پر دو معلوم چیزوں کے درمیان تعلق جوڑنا-اَلرَّبْطَة: ربط سے مرہ ہے-
رَبْطَة مَعْکُرُوْنَة: گٹھہ- جس کے ساتھ کسی چیز کو بند کیا جائے- جیسے لفافہ اور پگڑی-
رَبْطَة السَّاق: جوراب باندھنے کا تسمہ-
وِسَام ربطَة السَّاق: سب سے پرانا اور بڑا انگریزی تمغہ اچھی گھوڑ سواری پر سب سے پہلے اس تمغہ کے بانی بادشاہ ایڈورڈ (۱۳۴۸ء)
تھے رَبْطَةُ الْعُنُقِ: گردن کے ارد گرد لپٹا ہوا کپڑا جس کا ایک حصہ سینہ پر ڈالا جائے-
اَلترابُط: تعلق اور جوڑ ترابُطٌ بَیْنَ اَقْسَامِ مَوْضُوْعٍ: اقسام موضوع کے درمیان جوڑ-
فی الفلسفة: فلسفہ میں: دو معلوم چیزوں کے درمیان تعلق کا قیام کسی وجہ سے ذہن میں ان کے مل جانے کے سبب ہو فی المنطق: ایک سلسلہ کے افراد کے درمیان جامع تعلق-
ربع- اَلرَّبَّاعُ فی الرِّیاضَة: ورزش میں طاقت کا امتحان دینے کی خاطر ویٹ اٹھانے والا-
اَلرُّبَاعِیَّاتُ: چار چار اشعار کے مقطعات-
جیسے رُبَاعِیَّاتُ الْخیام:
ربو-اَلتَّرْبِیَةُ: غذائیت دینا اور پرورش کرنا- بچوں اور مچھلیوں کو پالنا-
تَرْبِیَةُ الشَّبَاب: نوجوانوں کی تہذیب و اصلاح-
اَلتَّرْبِیَةُ: انسان کے روحانی' عقلی اور بدنی طبعی رجحانات سے نکالنا اور مخصوص حالت و معین معاشرہ کے ساتھ ڈھلنے کی طاقت پہنچانا- جیسے "تَلَقّی تَرْبِیَة حَسَنَةً" اچھی تربیت لینا- "أسالیبُ فی التَّرْبِیْب": وہ علم و فن جو انسان کو مذکور معنی کی تربیت دے اور اصول تعلیم سکھائے-
رتب-اَلْمُرَتَّبُ: ترتیب دیا گیا موضوع- جس کی ترتیب لگ چکی ہو-ماہانہ تنخواہ-
رجأ- اَلْرُجِئَةُ: علم کلام میں گفتگو کرنے والے فرقہ کا نام جو صلح پسند لوگ تھے اور خلافت کے متعلق اختلاف کو اللہ کے سپرد کرتے تھے کہ وہ قیامت والے دن اس کا فیصلہ کرے گا-
رجح- اَلرُّجْحَانِیَّة فی الفَلْسَفَة: ان لوگوں کا نظریہ جو دعویٰ کرتے ہیں کہ حقیقت تک پہنچنا محال ہے- ایک احتمال ہی ہے- اس واسطے ان کو احتمالیہ کہا جاتا ہے-
رجع- اَلرَّجعی: اَلرَّجعِیَة: کی طرف منسوب-
افکارٌ رَجعِیَّةٌ: رجعی افکار کَاتِبٌ رَجْعِیٌّ: رجعی کاتب- پہلے پھل کے ختم ہونے کے بعد درخت اسی سال دوسرا پھل لائے- وہ قانون جو زمانہ ماضی یا سابقہ وقت کی باتوں پر مشتمل ہو-
اَلرَّجْعِیَّةُ: قدامت پسندی: وہ تحریک جو انقلاب کے سیاسی اور معاشرتی اصولوں کی ترقی کی مخالفت کرے- بلکہ روایتی اصول کو پکڑے اور گذشتہ تنظیموں کو زندہ کرنے کی کوشش کرے-
اَلرَّجْعِیَّةُ: اس شخص کا جو زمانہ کے تقاضوں کے نہ چلے اور پرانے بوسیدہ نظریہ پر ثابت قدم رہے-
رخی- الرخواوِ الرَّخو: نرم' ڈھیلا' حروف- اخوۃ درج ذیل ہیں- تاحافادال را س ش ص ظ انطاہیں الفاالسطریں-
رد- اَلْاِسْتِرْدَادُ: کسی چیز کی واپسی کا مطالبہ کرنا-

استرداد المبیع: فروخت کی گئی چیز کا واپس کرنے کا مطالبہ کرنا۔

دَعْوَی الاسْتِرْدَاد فِی قَانُوْن الْمُرافعات: اپیل قانون کے ذریعے چھینا ہوا ملکیتی سامان واپس لینے کا مطالبہ کرنا۔

ردف-اَلْمُرادِفَاتُ: وہ الفاظ جن کے الفاظ مختلف ہوں اور معنی ایک ہو۔

رست-اَلرَّسْتُ: موسیقی کے اصلی ابتدائی سات مقامات۔

رسل-الارسال: چھوڑنا- پیغام بھیجنا- ایک جگہ سے دوسری جگہ کتاب وغیرہ بھیجنا- ریڈیو اور ٹی-وی کے ذریعے کلام اور تصویر دکھانا۔

اَلْاِرْسَالِیَّة: دینی و مذہبی جماعت جو لوگوں کو مذہب کی دعوت دے اور بشارت دے- **فی التجارة:** وہ سامان جو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جائے- **اَلْمُراسِلُ:** خط و کتابت کرنے والا- صحافی جو اخبار یا خبر ایجنسی کو خبریں اور معلومات بھیج دے- **اَلرَّسْمِی:** رسم کی طرف منسوب- بمعنی حکومتی، ملکی- **اَللِّبَاس الوردی:** گورنمنٹ وردی-

رسم-الرسمی عندالعامه: عوام الناس کے نزدیک: سنجیدہ آدمی- اس کی ضد المازح بمعنی مذاق کرنے والا- **اَلرَّسْمِیُّوْنُ:** حکم نافذ کرنے والے-

اَلرَّسْمِیَّاتُ: وہ اصول و قواعد جن کو اصطلاحاً معاشرے میں بولا جاتا ہے-

اَلتَّقَیُّدُ بالرَّسْمِیَّات: قوانین کی پابندی کرنا-

بلارَسْمِیَّة: حکومتی اجازت کے بغیر-

رشد-اَلرَّاشِدُ: سن تمیز و شعور کو پہنچنے والا- جس پر حق قانون نافذ ہو- دین حق پر سخت پابندی کے ساتھ قائم ہونے والا- اسی سے لفظ **الخلفاء الرَّاشِدُوْن-** یعنی وہ صحابہ رسول جنہوں نے حکومت وقت اسلام کے مطابق نافذ کی- **اَلْمُرْشِدُ:** دین حق کی طرف صحیح رہنمائی کرنے والا-

"مُرْشِدٌ ساحِلِیٌ" "مرشد المیناء" بندر گاہ پر جہازوں کی آمد و رفت پر کنٹرول کرنے والا-

فِی التَّصَوُّف: وہ نیک انسان جو عابد کو دین حق میں رہنمائی کرے-

اَلْمُرشِدُ التَّرْبَوِی: جو اساتذہ کو اپنی نگرانی میں تدریس کرائے اور جو پڑھانے کے طرق بتائے-

رصد-اَلرَّصَدُ: انتظار کرنا- گھات لگانا-

مالیًا: کام یا منصوبے کو مکمل کرنے کے لئے معین مال مخصوص کرنا- **اَلرَّصَدُ الجوی ج اَرْصاد:** موسمی حالات کو معلوم کرنے کے لئے فضائی حالات پر نگاہ رکھنا- وہ تمام کام جو اس کی ریسرچ (تحقیق) کے لیے کئے جائیں-

اِرْصاد الحساب: حساب چیک کرانا-

اِرْصَادُ مبلغ مِنَ المَال لِکذا: مال تیار کرنا اور کسی کام کے لئے اس کو خاص کرنا-

رصع-اَلتَّرْصِیْع: ہار پرونا- ہیرے موتی جوڑنا-

رعب-اَرْعَبَ: کسی کو ڈرانا-

رعی-اَلرِّعَایَة: س موشی چرانا جانوروں کی حفاظت کرنا- چرواہے کا پیشہ- عوام پر حکومت کرنا- **رعایة الحقوق:** حقوق کی حفاظت کرنا- بچوں کی نگرانی کرنا- سر براہی کرنا-

جَرَتِ الحَفْلَة بِرِعَایَة فُلَان: فلاں کی سر براہی میں جلسہ منعقد ہوا- کہا جاتا ہے:

معاملة الدُّوَل الاکثر رعایةً: ممالک کا معاملہ زیادہ شان پر منتج ہوتا ہے-

رفع-اَلْمُرَافَعَة: وکیل عوام یا وکیل سرکار کا عدالت میں کیس کرنا یا دفاع کرنا- عدالتوں میں دفاع کا **قانُوْنُ المُرافعات المدنية:** سول عدالتوں کے اصول-

رفق-اَلْمُرَفَّقُ: اپنے علاوہ کے ساتھ جوڑا گیا یا بلایا گیا-

"مُسْتَنَدَاتٌ مُرَفَّقَةٌ بِه" اس کے ساتھ سندیں کف ہیں- یعنی شہادتیں-

اَلرَّفِیْقُ الاَبْیَضُ: سفید جنس غلام-

رقب-اَلرَّقَابَة: چوکیداری اور خبردار کرنا- کہا جاتا ہے: **فُلَان تَحْتَ الرَّقَابَة:** فلاں زیر حراست ہے-

اَلرَّقَابَةُ علی سکوك فلان: فلاں کے کردار پر کڑی نگاہ ہے- **اَلرَّقَابَةُ علی الاَسْعَار:** چیزوں کے نرخ کے متعلق حکومت کے نمائندہ حضرات کو خبردار و آگاہ کرنا اور احتیاطی تدابیر کرنا-

فی الاقتصاد السیاسی: حکومت اور مرکزی بینک (سٹیٹ بنک) کا سکہ کی قیمت پر کنٹرول کرنا- اس کا نام **رَقَابَةُ الصَّرْف** ہے-

اَلرَّقَابَةُ الصُّحُفِیَّة: حکومت کے نمائندوں کا اخبارات و مجلّات کی نگرانی کرنا تقسیم و توزیع سے پہلے-

حَقُّ الرَّقَابَة: نگرانی کا حق

اَلْمُرَاقَبَةُ: حفاظت کرنا اور خبردار کرنا-

مراقبة الحُرَّاسِ: چوکیداروں کی نگرانی میں حفاظت-

مراقبة الاَشْغَال: کاموں کو دیکھنا-

مراقبة العَمَلِیَّات الاِنْتِخَابِیَّة: انتخابی کارروائیوں کی نگرانی کرنا اور انتظامی امور کرنا-

مراقبة المطبوعات: طبع ہونے والی کتب کو چیک کرنا تقسیم سے پہلے- سنسر شپ-

مراقبة الاسعار: چیزوں کے نرخ کنٹرول کرنے کے معلومات حاصل کرنا اور اصلاح کے لئے تدابیر کرنا-

برج فِی المطار: ائیرپورٹ ٹاور- کنٹرول روم-

رقص-اَلرَّاقِصَةُ: پیشہ ور ناچنے والی-

اَلْمَرْقَصُ ج مَرَاقِص: ناچنے کی جگہ-

رقع-اَلتَّرْقِیْع: س: کپڑے کو پیوند لگانا- جوڑ لگانا- (طب) جلے یا کٹے ہوئے مقام پر اپریشن کے ذریعے دوسری جگہ سے کاٹ کر گوشت کا ٹکڑا پیوند کرنا-

رقم-اَلتَّرْقِیْم: حروف پر نقطے لگانا- نمبرنگ کرنا- نمبر لگانا- **الارتکاز:** ٹیک لگانا- حکومت پر قابض ہونا-

نقطة الارتکاز: کرین کا مرکز انتقال - کام کرنے کا قاعدہ- کہا جاتا ہے **نقطة الجیش**

هٰذِه الْمدِيْنة نقطة ارْتكازٍ: لشکر نے اس شہر کو مورچہ بنالیا-
اَلْمرکَزِیَّۃ: وفاقی ادارہ جو تمام حکومتی اداروں پر حکم چلائے اور ان کو متحد کرے جس کا ہیڈ کوائٹر دارالخلافہ ہوتا ہے- فِي الدُّوَلِ الْاِتحادِیَة: وہ سیاسی نظام جس کے تحت وفاقی حکومت اپنی اتحادی ریاستوں کی اصلاحات کے لئے کام کرے-
اَللاَّمرکَزیّة: وہ نظام جس میں کچھ وفاقی اداروں کے لئے اصلاحات کر دی جائیں اور باقی اداروں کے لئے یہ اصلاحات نہ ہوں-
و فِي الدُّوَلِ الْاِتحادِیَة: متحدہ ریاستوں کا مرکزی حکومت سے کچھ اصلاحات اور قوانین عدلیہ میں خود مختار ہونا-
(حی) ایک آلہ کے جز میں گول حرکت کو اسی کے دوسرے جز میں لمبی حرکت میں بدلنا-
رم- اَلتَّرمِیمُ: پرانی عمارت کو درست تعمیر دینا- کسی کام کی اصلاح کرنا-
رمي- اَلرِّمَایَۃُ: تیر اندازی کرنا- نشانہ پر کار توس گولی لگانا- نشانہ بازی کا کھیل- تیر اندازی کا پیشہ- نشانہ بازی کی تربیت دینے کے لئے معین جگہ-
رهب- الارهاب: خوف زدہ کرنا-اَعْمَالُ الْاِرْهاب: دھمکی، قتل اور دھماکہ کر کے خوف زدہ کرنا-
روت- اَلرُّوْتینیة: کسی کام کو بار بار معمول کے مطابق کرنا تاکہ اس کی عادت ہی بن جائے-
فِي عمَلِ الْموَظَفِ رُوْتِیْنِیَّۃٌ قَاتِلَۃٌ: ملازم کے کام میں روٹین اس نوبت تک آجائے کہ اس کو ہلاک کر دے- لاَ یَزالُ علی روتِیْنیة: وہ اپنی روٹین پر ہمیشہ سے ہے-
روح- اَلرُّوْحِیَّۃ: وہ فلسفی مذہب جو روح کے وجود کو بصری سمجھتے ہیں- اس کے مقابلہ میں اَلْمادِّیة ہیں+اَلْاِسْتِراحَۃُ: آرام کی خاطر کام سے رکنا- وقفہ کرنا- تفریح ٹائم- دَخَنَ سِیجارة خلالَ الْاِسْتراحَة: اس نے تفریح ٹائم میں سگریٹ نوشی کی- مسافروں اور سیاحوں کے آرام، کھانے سونے اور خوشحالی کے لئے عمارات-
رود- اَلْاِرَادَۃُ: کسی چیز کے کرنے پر چاہت اور قدرت "فَرَضَ ارادته" ارادہ لازم کرنا- بِاِرَادَةِ اللّٰهِ: اللہ کے حکم کے ساتھ-
قُوَّةُ الاِرَادَةِ: کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے کا عزم- رغبت اور مقصود+اَلاِرادَۃُ الحَسَنَۃُ: کسی اچھے یا برے کام کو کرنے کی صلاحیت-
اَلْمُرِیْدُ فِي التَّصوُّفِ: اپنے ارادہ کو ترک کر کے اپنے شیخ کے حکم کو ماننا اور ریاضت و مجاہدہ میں اس کے تابع ہونا- یا وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ اللہ کی طرف تعلق جوڑے-
روض- اَلْمُرَوِّضُ: جانوروں کو کھیل تماشہ کی ٹریننگ دینے والا-
روق- اَلرِّوَاقِیَۃُ: ایک فلسفی مذہب جس کی بنیاد چوتھی صدی قبل مسیح زیتون رواقی نے رکھی-
یہ مذہب حلولیہ اور مادیہ کی ایک شکل ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وجود مادہ اور مادہ کو چلانے والی قوت سے مرکب ہے- اور اخلاق کی بنیاد عقل پر ہے جو کہ طبعی قوانین سے لیتی ہے نہ کہ خواہشات اور مصالح جو کہ ان کے مخالف ہیں-
روي- اَلرِّوَایَۃُ: کسی حقیقی یا خیالی واقعہ کو بیان کرنا-
"وَصْلُ الشِّعْرِ الجَاهلِی اِلٰی مُدَوِّنِیة عن طَرِیقِ الرِّوَایَۃ" زمانہ جاہلیت کے شعروں کو یاد کر کے آئندہ نسل تک پہنچانا-
"اَبْطَالُ الرِّوَایَۃ" ناول و افسانہ نگار جس میں خیالی تصورات اور اشخاص کو حقیقی تصورات اور اشخاص کی طرح پیش کرتے ہیں اور ان کے درمیان گفتگو، عادات، طبائع، خواہشات اور جذبات کو ذکر کرتے ہیں-
تَمْثِیْلُ رِوَایَۃ: ڈرامائی شاعری-
رِوَایَۃٌ هُزْلِیَّۃٌ: مزاحیہ کلام کا بیان-
هَزَۃُ رِوایَۃ: من گھڑت خبر، خبر گھڑنا- گھڑا ہوا قصہ-
رِوَایۃُ بُولیسیۃٍ: خطرناک کام اور جانبازی کے واقعات بیان کرنا- یا وہ کہانی جس میں جرائم کی تحقیق کا نظریہ ہو-
زبل- الزَّبَّالُ: خاکروب-
زرد- الزَّرْدَۃ: زرہ کا کڑا زنجیر کا کڑا-
زرکش- زَرْکَشَ: منقش کرنا: ملمع کرنا- مزین کرنا-
زل- الزلزال و الزِّلْزال: زلزلہ- سطح پر حرکت آنا جو مخصوص گہرائی اور معین مقام سے شروع ہوتی ہے-
زمل- اَلزَّمَالَۃُ: کام، پڑھائی اور پیشہ میں ہم جماعت ہونا- ساتھی ہونے کی بنا پر اچھے تعلقات-
زهر- الزَّهْرِیَّۃُ: پھولوں کے لئے گلدان- اس کو اَلْمَظْهَرِیة بھی کہا جاتا ہے- زَهْرِیَّات کا واحد- انگوروں کی قسم جس کا پھول ظاہر ہو-
اَلزَّهْرِیَّاتُ: موسم ربیع کی میں قصائد ان میں سے زیادہ مشہور زهریه بدیع الزمان الهمدانی اور زهریه صفی الدین الحلی ہیں-
زوج- اَلْاِزْدِوَاجِیّة: شادی شدہ کی حالت یا صفت- مختلف طبیعتوں کے دو عناصر کا ملنا-
و فِي الحکم: دو حکومتوں کا کسی امر میں غیر قانونی طریقہ پر شریک ہونا جب کہ یہ حکم کے عیوب میں سے ہے-
زید- الزَّیْدِیَّۃُ: شیعوں کے ایک فرقہ کا نام جنہوں نے اپنا امام جناب زید بن علی بن الحسین کو بنایا- ان کی اکثریت ایران اور یمن میں آباد ہے-
سار- اَلسَّارُوْقِیم: فرشتوں کی صفوں میں پہلے آسمان پر روحانیوں کے نام-
سأل- اَلسُّؤَالُ ج اسئلہ: صدقہ طلب کرنا-
حدیث میں ہے: آپ نے زیادہ سوال کرنے سے منع فرمایا- کسی مخاطب سے پوچھنا- علم حاصل کرنا- یا معلومات کے متعلق وضاحت لینا-

اس کاالٹ: جواب ہے- طالب علم سے امتحان لینے کے لئے جواب پوچھنا-

اَلْمَسْؤُولُ ذمہ دار- کسی جماعت میں قیادت کے ذمہ دااَنْتَ مَسْؤُول عن الْمُخَالَفَةِ: تم مخالفت کے متعلق ذمہ دار ہو- حکومت کا نمائندہ:

عَلَیْكَ مُرَاجَعَةَ الْمَسْؤُولِیْن آپ حکومتی نمائندوں سے رابطہ رکھیں-

سبأ-اَلسَّبَئِیَّةُ: غالی شیعہ میں سے ایک جو کہ عبداللہ بن سبا کی طرف تھی-

سبت: سبتمبر: میلادی مہینوں سے نواں ماہ ہے-

اَلسَّبْتِیَّاتُ: رومیوں کی عیدیں جو کہ معبود ساتور توس کی عزت کے لئے منائی جاتی تھیں- ہر مزاحیہ جلسوں کے نام سے مشہور تھیں-

سبح-السَّباحة: تیراکی‌السَّباحَةُ علی الظَّهر: پیٹھ کے بل تیراکی- بدنی ورزش جس میں کس میچ ہوتے ہیں اور فوائد ہوتے ہیں-

مُبارات السَّباحة فی الالعاب الاولمبیة: اولمپکس کھیلوں میں تیراکی میچ-

اَلْمَسْبَحُ ج اَلْمَسَابِحُ: تیراکی کی جگہ- تیراکی کو تحفظ دینے کے لیے تیار کی گئیں عمارات-

سبع-اَلسَّبْعِیْنِیَّةُ: عہد قدیم کا یونانی ترجمہ جو سب سے زیادہ مشہور ہے- اس کام کو یہود نے مصر میں سرانجام دیا تھا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بطلیموس نے تیسری صدی قبل مسیح ستر (۷۰) تراجم کروائے جو کہ ہمیشہ سے یونانی گرجوں اور ان کی برانچوں میں استعمال ہو رہے ہیں-

سبق-اَلْاَسْبَقِیَّةُ: اسبق کی طرف نسبت-

اَسْبَقِیَّةُ حَادِثٍ: کسی واقعہ کا سب سے پہلے ہونا-

وزماناً: سب سے زیادہ قدیم- عزت و آبرو کا ایک لقب رُتْبَةً: سب سے زیادہ حق-

اَلْمُسَابَقَةُ: مقابلہ- اَلْمُسَابَقَةُ فی الحساب: ریاضی کے موضوع میں مقابلہ طلباء- لکھائی ٹرائینگ وغیرہ میں مقابلہ-

اَلْمُسَبِّقُ آگے نکل جانے والا گھوڑا یا انسان- پہلے کیا گیا وعدہ پیشگی رقم-

ست- السِّتُّ: سردار عورت- سردار عورت کی اولاد- باندی کی اولاد-

سجل- التَّسْجِیل: ریکارڈ کرنا- لکھنا- محفوظ کرنا- رجسٹر میں اندراج کرنا- نوٹ کرنا-

اَلْمُسَجَّلُ: تحریر شدہ- رجسٹری شدہ- رجسٹرڈ-

اَلْمُسَجِّلَةُ: ٹیپ ریکارڈ-

سحق- اَلْمَسْحُوْقُ ج اَلْمَسَاحِیْقُ: دلیلِمَسْحُوقُ ارز: چاول کا دلیا- پاؤڈر-

سخن--السَّخانة: ہیٹر-

سد- الْاِنْسِدَادُ: بند ہونا-اِنْسِدَادُ الْاَمْعَاءِ: انتڑیوں کا بند ہونا اِنْسِدَادُ مَجْرِیٰ: مائع چیز پانی وغیرہ کا گذر بند ہونا- شریانوں کا بند ہونا-

سر-اَلسَّرِیْرِی. پوشیدہ امراض کا علم رکھنے والا-

طِبٌّ سَرِیْرِی: پوشیدہ علاج معالجہ-

دُرُوسٌ سرِیْرِیَّةٌ: پوشیدہ اسباق-

اَلسَّرِیْرِیَاتُ: مریض کی موجودگی میں طلباء کو مرض کے علاج پر پریکٹس کرانا- اس کا چند نظریات میں اسباق ہے-

اُسْتَاذُ السَّرِیْرِیَّات: طلباء کو علاج کی پریکٹس کرانے والا پروفیسر-

تَسْرِیْعَةٌ: بالوں کو کنگی کرنا- صاف کرنا اور مخصوص ترتیب کرنا-

سرع-التَّسَارُع: تیزی کرنا- جلدی کرنا-

سرق-السَّرَّاقَةُ: ہاتھ والا آراء-

سري-الْاِسْرَاءُ: رات کو چلنا- حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا مکہ سے بَیْتُ الْمَقْدِس کی طرف رات کو براق پر جانا- قرآنی سورتوں میں سے ایک سورت-

سطر-اَلْمُسْطِرِیْن: آلہ تعمیر-

سعر-اتَّسْعِیْرُ: مص: نرخ مقرر کرنا- کسی ملک کی طرف سے اشیاء کے نرخ مقرر کرنا جس سے زائد قیمت پر فروخت کرنا منع ہوتا ہے-

اَلتَّسْعِیْرَةُ: سامان کی قیمت مقررہ-

تَسْعِیْرَة جُمْرُکِیَّةٌ: سرکاری نرخنامہ-

سعف-اَلْاِسْعَاف مص اَسْعاف المحتاج: ضرورت مند کی مدد کرنا-

اِسْعَافُ المریض: مریض کا علاج اور مالی مدد کرنا-

الاسعاف العام: حکومتی صحت والا ادارہ جو مریضوں اور آفت زدہ افراد کو ایمرجنسی- حالات میں ایمبولنس گاڑیوں کے ذریعے- طبی مراکز پر پہنچانے کا انتظام کرتا ہے-

سکر-اَلسَّکاکر: چینی سے تیار کردہ حلوئ

اَلسَّکاکری: حلوے والا-

کلّ شی سکاکری حُرّم علیه: ہر میٹھی چیز اس پر حرام کر دی گئی ہے حلوی بنانے والا یا فروخت کرنے والا-

اَلسُّکَّرِیٰ: چینی والاَلطَّعْمُ سُکَّرِیٰ: چینی والا کھانا- شوگر مرض والا-

الداء السُّکَّری او الْبَوْل السَّکَّری: شوگر مرض جس میں جسم بے چین ہوتا ہے اور پیشاب میں شوگر کی کثرت ہوتی ہے- اس کا علاج پرہیز اور انسولین دوائی کے ساتھ کیا جاتا ہے-

اَلسُّکَّرِیَّةُ: چینی کا برتن-

سکن- اَلْمُسَکِّنَاتُ: اندرونی بیرونی استعمال کے لئے ادویات جو دردوں کو کم کرتی ہیں اور اعصاب کو سکون دیتی ہیں- ان میں سے ایک مورفین ہے-

مجازاً: جو علت سے ہٹادے- اور اس کو ختم نہ کرے جیسے جھوٹا وعدہ اور عارضی حل-

سلب- اَلسلبی: نفی اور انکار والا-

جَوابٌ سَلْبِیٌّ: نفی والا جواب- اس کا الٹ ایجابی ہے- غیر تعمیری نظریہ جو کسی نتیجہ تک نہ پہنچے-

اَلدِّفَاعُ السَّلْبِی: فضائی حملوں کے خلاف

بچاؤ اور حفاظتی اقدامات-
اسلبیّۃ: منفی کی صفت اور حالت- فلسفی اخلاقی مذہب جو ہر عقیدہ اور ہر ثابت شدیہ حقیقت کا انکار کرتا ہے-
سلح- اَلتَّسْلِیحَۃُ: لوہے کا ڈھانچہ جس پر عمارت قائم ہو یا بنائے ہوئے اوزار ہوں-
تسلیحۃ الاسمنت: سیمنٹ بھرا ہوا لوہا-
سلسل- اَلتَّسَلْسُلُ: زنجیر کی شکل میں پرونا- تشبیہ کے طور پر کہا جاتا ہے-
تَسَلْسَلَ الْمَاءُ: پانی جاری ہونا-
تَسَلْسُلُ الْاَحْدَاثِ: پے در پے حادثات کا ہونا-
تَسَلْسُلُ الْاَفْکَار: نظریات کا باہمی تعلق ہونا-
اَلتَّسَلْسُلُ الاداری: وہ نظام جو محکوم کو حاکم کے ساتھ ملا دے خواہ وہ ملازم ہو یا ادارہ ہو- اس کا اطلاق اس بات پر ہوتا ہے کہ ایک ملازم کا دوسرے کے ساتھ معاملہ ہونا یا ایک ادارہ کا دوسرے ادارہ کے ساتھ معاملہ جاری ہونا-
سلف- اَلتَّسْلِیْفُ: قرض دینا- تَسْلِیفٌ عَلٰی رَھْنٍ: گروی چیز پر قرض دینا- پیشگی دینا- تَسْلِیفٌ عَلٰی وَثِیقَۃِ النَّاسِ: ضمانت کے اعتماد پر قرض دینا- مال مطلوب کا ایک حصہ دینا-
اَلتَّسْلِیفُ عَلٰی بِضَاعَۃٍ: سامان تجارت پر قرض دینا-
بنك التَّسلیف: صنعت، تجارت اور زراعت میں ترقی کے لیے قرض دینا-
سلك- اَلسُّلُوكِ: کسی کام میں تصرف کرنا- تصرف کا طریقہ-
لاَمَہ عَلٰی سُلُوکِہ: کسی کے کردار پر ملامت کرنا-
انسان کی سیرت ولٰکن اِنَّہ حُسْنُ السُّلُوكِ: بیشک وہ نیک سیرت ہے-
فِی عِلْمِ النَّفْسِ: آراء و احوال میں کائنات کے تصرف کا سبق-
فِی التَّصَوُّفِ: معرفت الھیۃ میں ریاضت کا طریقہ-
سلم- اَلْمُسَلَّمَاتُ: بنیادی ابتدائی معلومات جن کو بغیر دلیل قبول کیا جاتا ہے تاکہ ان کے ذریعے دوسرے قضیہ پر دلیل ہو سکے- وہ امور جن کے تسلیم کرنے کے خلاف کوئی رائے نہ ہو- کہا جاتا ہے ھٰذَا مِنَ الْمُسَلَّمَاتِ: یہ تسلیم شدہ چیزوں سے ہے-
سم- اَلْمُسَامُ: چھوٹے سوراخ- حَجَرٌ ذُو مسامّ: سوراخ دار پتھر-
مُسَامُ الجِلْدِ: چمڑے کے اندر سوراخ جن سے پسینہ آتا ہے-
سمح- اَلسَّمَاحَۃُ: جود و کرم- مِنْ اَھْلِ السَّمَاحَۃِ: فلاں سخی لوگوں سے ہے- نرمی کرنا-
سَمَاحَۃ الدِّین: دین کی نرمی- اسلامی القاب میں سے لقب جیسے: سماحۃ المُفْتِی: "سَمَاحَۃ الإمام": محترم مفتی محترم امام-
سمر- اَلْمِسْمَارِیَۃُ: مسماریہ کتابت - یہ کتابت نہرین کے مابین ممالک میں شروع ہوئی-
اس کے ابتدائی آثار قبل المسیح چوتھے ہزار سال میں معلوم ہوئے-
سمع- سَمْعِیٌّ بَصَرِیٌّ: وہ چیز جو سمع و بصر کو جمع کرے لَلطَّرِیقَۃُ السَّمْعِیَّۃُ وَالْبَصَرِیَّۃُ: وہ طریقہ تعلیم جس میں بچوں کے حواس پر زور دیا جاتا ہے اور ان کو بیک وقت سمع و بصر کے استعمال پر مجبور کیا جاتا ہے مثلاً تصویر دکھانا اور اس کے متعلق باتیں سنانا- جیسے ٹی- وی کا استعمال-
سمو- اَلسُّمُو: بلندی و شان- جیسے سُمُوُّ البَصَرِ: آنکھ کی بلندی-
مَجَازاً: اعلیٰ و ارفع ہونا جیسے اعلیٰ اخلاق و ارفع شعور- عزت و احترام کا لقب- جیسے "سُمُوُّ الاَمِیر" محترم امیر-
سنس- سَنْسکریت: اس کا معنی: مہذب زبان- یہ ہندوستان والوں کی قدیم ترین زبان ہے جس میں ان کی قدیم کتب تحریر و تالیف کی گیں-
سھل- اَلتَّسْھِیلُ: نرمی و آسانی کرنا-
تَسْھِیلُ الْاُمُور: امور کو آسان کرنا- و عندالقراء: قراء کے ہاں: ہمزہ کو ہمزہ اور ہاء کے درمیان پڑھنا-
عندالصرفیین: صرفیوں کے ہاں: ہمزہ کو اس کے اور ماقبل کی حرکت کے حرف کے درمیان پڑھنا جیسے اَلْخَطِیئَۃُ کَالْخَطِیَۃ: پڑھنا-
سھم- اَلْمُسَاھِمُ: حصہ دار- ایک یا ایک سے زیادہ حصوں کا مالک کسی کمپنی میں-
دَعْوۃ الْمُسَاھِمِین: اِلَی الْاِجْتِمَاعِ: کسی کام میں شریک کار افراد کو اجتماع میں شرکت کی دعوت-
اَلْمُسَاھَمَۃُ: کسی کام میں شریک کار ہونا-
اَلْمُسَاھَمَۃُ فِی النَّفَقَاتِ: خرچہ جات میں حصہ دار ہونا-
سول- اَلسُّؤْلُ: کسی چیز کو بچپن سے مانگنا- گداگری کرنا-
مَنْعُ السُّؤْلِ فِی احیاء من العَاصِمَۃِ: دارالخلافہ کے محلوں میں گداگری کا منع ہونا- گداگری سے بچانا-
سوي- الإسْتِوَائِی: خط استواء کی طرف نسبت-
اَلْمِنْطَقَۃُ الْاِسْتِوَائِیَۃُ: خط استواء والا علاقہ-
اَلْمُنَاخ الْاِسْتِوَائِی: وہ فضا جس میں بلند حرارت، کثرت بارش ہو اور موسم نہ ہوں-
اَلتَّسْوِیَۃُ: تمہید- ایک چیز کو دوسری کے برابر کرنا- جیسے تَسْوِیَۃ الاَرْضِ: زمین کو برابر کرنا-
علاقائی پنچیت کے ہاتھ پر صلح کرانا- بذریعہ قانون صلح ہونا- وضع کو قوانین کے مطابق ڈھالنا-
اَلْمُسَاوَاۃُ: ہم مثل اور برابر ہونا-
اَلْمُسَاوَاۃُ السِّیَاسِیَّۃُ وَالْاِجْتِمَاعِیَۃ: بنیادی نظریہ جس کے تحت تمام لوگوں کو سیاسی اور معاشرتی حقوق دیئے جائیں-
وَ فِی الْبَلَاغَۃِ: لفظ معنی کی مقدار کے برابر

ہو-

اَلْمُسْتَوِیْ: برابر ہونے والا- بچھایا گیا-

"فُسحَۃ مُستَوِیَۃ" برابر صحن- اسْطَحُ الْمُسْتَوِیْ: برابر سطح جس پر دونوں خط برابر ہوں-

سیج-اَسِّیجَارَۃُ ج سجائر و سجایر: سگریٹ-اس کوالسیکارۃُ بھی کہا جاتا ہے-

اَلتَّسْیِیْرُ: کسی کی طرف حرکت کرنا- حرکت دینا-گھمانا- تَیْسِیْرُ الآلۃ: آلہ گھمانا-

عِنْدَالْمُتَکَلِّمِین وَالْفَلاَسِفَۃ: جبریہ ہیں-

سیل- اَلسِّیُوْلَۃُ: بہنے والا ہونا- سُیُوْلَۃُ المَاءِ: پانی بہنا-

سین- السینمائی: سینما کا ماہر- اَلْفَنُّ السینمائی: سینما کا فن-سینما کے کاموں میں کام کرنے والا اور حصہ دار-

شبع-الاشباع: پیٹ بھر کر کھلانا-"اِشْباعُ الجائع" بھوکے کو کھلانا-اشْباعُ الثَّوبِ: کپڑے کو رنگ کرنا-

راضی کرنا-(ك): جسم کو مرکبات سے کفایت کرنا-

عندالنحاۃ: حرکت کو کھینچنا کہ اس سے حرف پیدا ہونے لگے- جسے دراھم کے کسرہ کو دراھیم پڑھنا-

شبك-اَلشباکۃ: کاغذ میں سوراخ کرنے کا آلہ-

الشَّبْکِیَۃ: مریض کی آنکھ کو پردہ میں رکھنے کے لیے پٹی-

اَلْاِشْتِبَاكُ: ایک دوسرے کے ساتھ مل جانا-

اشتباك اسلاك حَدِیْدِیَّۃ: لوہے کی تاروں کا آپس میں مل جانا-

اشْتِبَاكُ بالاَیْدِی اشتِبَاكٌ مُسلحٌ: ہاتھوں سے اور ہتھیاروں سے لڑائی کرنا-عدم الاشتباك فی القتال: لڑائی مین داخل نہ ہونا-

شبہ- التُّشبیہ: ایک چیز کو دوسری چیز سے مشابہت دینا-

تشبیۃ دور القلب بمضخۃٍ: دل کی دھڑکن کو پمپ کے ساتھ مشابہت دینا-

وَ فِی الْبیانِ: علم بیان میں: ایک چیز کو دوسری کے ساتھ وصف میں ادات کے ذریعے ملانا-

شبي- اَلسَّبِیۃ: سریانی کلمہ ہے جس کا معنیٰ: اَلْاُسْبُوعِیَۃ: یعنی ہفتہ کے دنوں میں نماز کی کتاب- یہ کتاب کروشنیہ روما میں ۱۷۲۷ کو طبع ہوئی- پھر عربی میں اس کی طباعت نئے سرے سے ہوئی-

شحم- اَلتَّشْحِیْمُ: ٹکراؤ کے مقامات میں آلات کے اندر چربی لگانا-

اَلْمَشْحَمَۃُ ج مَشَاحِم: رگڑ کا مقام جہاں گریس لگائی جاتی ہے- مشاحم سیارۃ: گاڑی کے اندر گریس لگانے کے مقامات-

اَلْمِشْحَمَۃ: گریس لگانے کا آلہ-

اَلشَّخْصِی: شخص کے ساتھ خاص-رَأْیٌ شخصی: ذاتی رائے-

اَمْتِعَۃٌ شَخْصِیَّۃ: ذاتی سامان- شَخْصِیًّا: بذات خود-اَلاَحوالُ الشخصیَّۃ: وہ قوانین جو افراد کے احوال اور ان کی اہلیت کے متعلق ہوں- قَانونُ الاحوال الشخصیۃ: وہ قانون سازی جو ایسے مسائل پر مشتمل ہو جو دینی احکام کے متعلق ہوں جیسے شادی اور اولاد کے مسائل-

اَلشَّخْصِیَّۃ: جو ایک شخص کو دوسرے سے نمایاں کر دے- جیسے وَکان قَوِیَّ الشَّخْصِیۃ: وہ طاقتور شخصیت والا ہے-"لا شَخْصِیَّۃ لہ": اس کی کوئی شخصیت نہیں-

شَخْصِیَّۃُ مُعْتدِ: وہ اوصاف جن کے ذریعے کوئی آدمی خود بخود پہچانا جا سکے-

شَخْصِیَّۃ بارِزَۃٌ: وہ مشہور آدمی جو اپنی ملازمت' اثر و رسوخ اور اجتماعی مرکز کی وجہ سے معروف ہو-

حضَرَتْ شَخْصِیَّاتٌ عدیدۃ حفلۃ التدشین: بڑے بڑے لوگ جلسہ افتتاح میں شریک ہوئے-

وَ فی القانون: وہ حق داری جس کا اعتراف کسی جماعت کے حق میں ہو جائے جس کی وجہ سے اس کو ایک قانونی حیثیت اور وجود مل جائے-

اَلتَّشْخِیْصُ: نشانیوں اور علامتوں کی وجہ سے کسی شخص کی پہچان-

تَشْخِیْصُ المَوتِ: کسی شخص کی زندگی کے متعلق تحقیق کرنا-(فی الطب) کسی مریض کی مرض کا تعین کرنا-

اَلتَّشْخِیْصُ الرِّوَائی: ڈرامہ کرنا-

شرح-شَرحُ الجُثَۃ: موت کی وجہ معلوم کرنے کے لئے یا علمی تحقیق کے لئے پوسٹ مارٹم کرنا-

اَلْمَشْرَحَۃُ: پوسٹ مارٹم کا تختہ-پوسٹ مارٹم کا تختہ-

شرع- اَلشَّرْعِیَّۃُ: شرعی ہونا (شرعی کی صفت یا اس کا حال)

شَرْعِیَّۃُ عَقْدٍ: عقد کا جواز-شَرْعِیَّۃُ اجْرَاءٍ: قانونی کارروائی-

اَلتَّشْرِیْعُ: قوانین جاری کرنا- سُلْطۃ التَّشْرِیْعِ: قوانین جاری کرنے کی اتھارٹی-

تشریع العمل:"التشریع المالي" کسی زرعی زمین کے متعلق مجموعہ قوانین-

اَلتَّشْرِیْعی: تشریع کی طرف نسبت-

عَمَلٌ تَشْرِیْعِی: قوانین سازی کا کام-

اِنْتِخَابَاتٌ تَشْرِیْعِیَّۃ: قانون ساز جماعت کے الیکشن-

اَلْمَجْلِس التَّشْرِیْعِی اوالسُّلْطَۃ التَّشْرِیْعِیَّۃُ: وہ کمیٹی جو قوانین کو جاری کرنے کا نظم بناتی ہے-

اَلْمَشْرُوْعِیَّۃُ: قانونی ہونا- جائز ہونا-

مشروعیۃ حق: درست پلاننگ-

شرف- اَلتَّشْرِیْفَاتُ: استقبال اور حکومتی جلسوں میں اصول و قواعد جن کا خاص خیال رکھا جاتا ہے (پروٹوکول) ان کو لمراسم بھی کہا جاتا ہے-سِجِلُّ التَّشْرِیْفَات: زائرین کا رجسٹر جس میں وہ اپنی آراء اپنے ناموں کے ساتھ لکھتے ہیں-(وزیٹنگ رجسٹر)

شرق- الاشراق: اشراق الشمس:

سورج کو طلوع کرنا- سورج کا چمکنا- اشراق الوجہ چہرے کا خوشی سے چمکنا- چہرے کا خوبصورت ہونا- افلاطون کا جدید فلسفی نظریہ کہ یہ عالم اللہ تعالیٰ سے ایسے نکلتا ہے جیسے روشنی سورج سے نکلتی ہے-
الاشراقیُون اس کا واحد: الاِشرَاقی اس فلسفی مذہب کے پیروکار جو کہ مشرقی حکمت کے قائل ہیں- ان کا ہدف یہ ہے کہ یونانی فلسفہ جو افلاطون سے حاصل ہوا ہے اور ایرانی و دیگر فلسفہ جات میں مطابعت پیدا کی جائے-
شرك- الاشتراك: حصہ' شرکت-
الاشتراك فِي الحديث بات چیت میں حصہ- الاشتراك فِي الاِضرابِ جصوں میں شرکت-
الاشتراك فِي الاربَاحِ منافع میں شرکت-
الاشتراك في الجريده: رسالہ میں ممبری-
دفعُ الاشتراك یکمشت یا قسط وار ادائیگی-
اشع- الاشعاع روشنی کی کرنیں پھیلنا-
في المجاز فکری اور تمدنی انتشار ہونا-
الاشعاعُ الذري ذرات کا اڑنا اور فضا میں پھیلنا-
شعب- الشَّعبي عوامی "اِعتقادٌ شعبي" عوامی عقیدہ-
مظاهرةٌ شعبيّةٌ عوامی جلوس- حكُومَةٌ شعبيّةٌ عوامی حکومت-
اجراءٌ شعبيٌّ عوام پسند کارروائی-
حيٌّ شعبيٌّ غریب خاندان-
لُغةٌ شعبيّةٌ عوامی لغت (غیر فصیح لغت)
الرقص الشعبي عوام کے رسوم و عادات کے مطابق ناچ (لوک ناچ) زعيم شعبي: عوام پسند قائد-
الشَّعبيّة عوامی مقبولیت- عوامیت-
تمتع بشعبيّةٍ كبيرةٍ بڑی عوامی مقبولیت سے فائدہ اٹھاؤ- تضاءلَت لشعبيّتهُ شعبيّةُ اُغنيّة عوام میں انتشار-
شعر- الشُّعور حواس کے ساتھ معلوم کرنا-
اَلشُّعُور بِالبَرْدِ ٹھنڈک محسوس کرنا-
اندرونی احساس جیسے خوشی محسوس کرنا-
رَقِيقُ الشُّعُور جذبہ- في علم النفس- بیداری کی حالت میں انسان کی عقلی حالت جو کہ معرفت' وجدان' خوف اور ارادہ پر قائم ہو-
غَابَ عَنِ الشُّعُورِ شعور سے بے خبر ہونا-
الاشعار اطلاع-
الاَشعار بالامر حکم کی اطلاع - وارننگ-
تُلقِّي اِشعَارٌ وارننگ دی گئی- وہ تعلیمات جو خصوصی طور پر تحریراً اور بواسطہ اعلان دی گئی ہوں-
اِشْعَارٌ بِالِاسْتِلَامِ وصولی کارڈ-
اَلاَشعَرِيّة ابوالحسن علی کی طرف منسوب کلامیہ فرقہ جو کہ معتزلہ سے الگ ہوئے- اصحاب نص و اصحاب عقل کے درمیان علم کلام میں مسلک اختیار کیا اور دعویٰ کیا کہ عقل کے ذریعے نص کو سمجھا جائے اس واسطے کہ عقل شریعت کی خادم ہے-
شفو- الشُّغرة خفیہ تحریر- خفیہ تحریر کا قاعدہ-
بَرقِيّةٌ مُرسلَةٌ يَا شُغرةٍ خفیہ قاعدہ کے ساتھ بھیجی تار-
شك- الشَّكاكِين فلاسفہ کا ایک فرقہ جو دعویٰ کرتا ہے کہ عقل دلیل اثبات و نفی قائم کرنے سے عاجز ہے- اسلامی فلسفہ میں ان کو لاادرية کے نام کے ساتھ موسوم کیا جاتا ہے-
شكش- اَلشَّاكوش ج شواكيش: چھوڑا ہتھوڑا-
شكل- التشكيلات: تشكيلَة کی جمع: فوجی دستے-
و في الادار قلاز مین کا تبادلہ کرنا-
شمع- الشمعة: ج الشَّمع وہ ستون جن پر کسی چیز کو کھڑا کیا جاتا ہے- شَمعَةٌ مِن رخامٍ پتھر کے ٹکڑوں کا ستون-
شهق- اَلشُّهَاق و الشَّاهوق بلند آواز- چیخ- کھانسی-
شهو- اَلشهيّة کھانے کی چاہت- قابلیت-
شور- الاستشارة: مشورہ طلب کرنا-
عدالتی قانون میں وکیل سے رائے معلوم کرنا- طبیب سے جسمانی صحت کے متعلق رائے معلوم کرنا- طبیب سے جسمانی صحت کے متعلق رائے معلوم کرنا-
الاستشارات في الدّيمقراطي پارلیمنٹ نظام میں' حاکم ملک اور ارکان پارلیمنٹ میں حکومت بنانے اور وزارتوں کی تقسیم کے بارے میں بحث-
المُستشار جس سے مشورہ طلب کیا جائے- عدلیہ میں ایک عہدہ- وہ علمی شخص جس کی رائے فنی' سائنسی اور دفتری امور میں تسلیم کی جائے-
متحدہ جرمنی کے سربراہ کا لقب-
شوك- الشَّوكي شوک کی طرف نسبت- کاٹنے والا- الحَبلُ الشَّوكِي ریڑھ کی ہڈی-
الشَّوايةُ گوشت بھوننے کا آلہ- کڑاہی- سیخ-
الشائعةُ: غیر یقینی مشہور خبر- راجت الشّائعات بے یقینی خبریں مشہور ہونا-
شيع- الاشاعة مشہور ہونے والی غیر یقینی خبر-
صال- الصّالةُ استقبال روم- بڑا ہال روم جس میں لیکچر سنے جاتے اور نمائش لگائی جاتی اور فلمیں بنائی جاتی ہیں-
صبن- صوبن صابن کے ساتھ دھونا-
صحر- الصّحراوي جنگل والا-
نبتةٌ صحراويّةٌ جنگل کی انگوری-
المناخُ الصّحراويُّ جنگل کی فضا جو دن کو اور موسم گرما میں سخت گرم ہوتی ہے اور رات کو اور موسم سرما میں سخت سرد ہوتی ہے-
صدر- الصّادرات زرعی و صنعتی وغیرہ کی برآمدات-
صدرُ الاسلام: اسلامی تاریخ کا ابتدائی دور جس کی تحریر پرانے مؤرخین نے نہیں کی- کچھ لوگوں نے اس کو نبیؐ حضرت ابو بکر اور

حضرت عمر کے دور تک کیا ہے-
صحیح بات یہ ہے کہ اس کا وقت خلفاء راشدین ابو بکر، عمر، عثمان و علی کے عہد حکومت تک ہے-
اَلْمُصَادَرَةُ: چھاپہ مارنا-ضبط کرنا-
مُصَادَرَةُ كِتَابٍ مَمْنُوْعٍ مِنْ تِلْمِيْذٍ: شاگرد سے منع شدہ کتاب ضبط کرنا-
و فی القانون: قانونی اور عدالتی فیصلہ کے مطابق جائیداد ضبط کرنا- "مُصَادَرَةُ السِّلَاحِ" اسلحہ ضبط کرنا-
مُصَادَرَةُ الاملاك: جائیدادیں ضبط کرنا-
صدق- اَلْمُصَدَّقَةُ: تصدیق شدہ-
اَلْمُصَدَّقَةُ: تصدیق کے لئے سند-
صدم- اَلِاصْطِدَامُ: دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا- اصْطِدَامُ سَيَّارَتَيْنِ: دو گاڑیوں کا ٹکراؤ-(ایکسیڈنٹ)
التَّصْرِيْحُ ج: تَصْرِيْحَات: اظہار، پریس بیان، اجازت نامہ- صاف لفظوں میں کہنا- لائسنس-
صرع- اَلْمُصَارِعُ: پہلوان- کشتی لڑنے والا-
اَلْمُصَارَعَةُ: گرانے کی کوشش کرنا- کشتی لڑنا- بچھاڑنا-
اَلْمُصَارَعَةُ الْحُرَّةُ: المصارعَةُ الرُّوْمَانِيَّةُ: آزاد کشتی، انگریزی کشتی (فری سٹائل)
صرف- اَلْمَصْرِفُ ج مصارف: وہ مالی ادارہ جو قرض کا لین دین کرے، امانات سنبھالنے اور ان پر نفع دے- اس کو بنک کا بھی دیا جاتا ہے-
اَلْمَصْرِفُ المرکزی: مرکزی بنک (سٹیٹ بنک) جو کہ نقدی جاری کرتا ہے اور اس کے تحفظات کا انتظام کرتا ہے-
صعد- التَّصَاعُدِی: بلندی- حَرَكَةٌ تَصَاعُدِيَّةٌ: عظیم ترقی- فَائِدَةٌ تَصَاعُدِيَّةٌ: اعلیٰ فائدہ-
الضَّرِيْبَةُ التَّصَاعُدِيَّةُ: زیادہ مبلغ کی وجہ سے زیادہ ٹیکس-
صغر- اَلتَّصْغِيْرُ: مص فِي الصرف: وہ کلمہ جس کے دوسرے حرف کے بعد یاء ساکنہ لگائی جائے پہلے حرف پر ضمہ اور دوسرے پر فتحہ لگایا جائے تاکہ تقلیل اور تحقیر پر دلالت کرے- اور کبھی تعجب پر بھی دلالت کرتا ہے-
صفو- اَلتَّصْفِيَةُ: کسی چیز کو صاف کرنا- "تصفية شراب" مشروب صاف کرنا- تَصْفِيَةُ مُغْلَى اَعْشَابٍ: چھلنی سے صاف کرنا-
تَصْفِيَةُ الخِلَافِ: اختلاف ختم کرنا- تَصْفِيَةُ الدين: قرض ادا کرنا- سامان کو کم قیمت و کم نرخ پر زیادہ فروخت کرنا (سیل لگانا)-
تَصْفِيَةُ الْحِسَابِ: حساب صاف کرنا-
تَصْفِيَةُ الشركة: کمپنی کا حساب و کتاب مکمل کرنا-
صلب- اَلْمُصَلَّبِيَّةُ: راستوں کو صلیب کی طرز پر بنانا-
صلح- اَلصَّلَاحِيَةُ: کام کرنے کے لیے تیاری کرنا- کام کرنے کی اہلیت-
حکومت کرنے کی وہ مدت جو قانون کسی کو حکومت کرنے کی اجازت دیتا ہے- صَلَاحِيَةُ مُدِيْرِ الشُّرْطَةِ: چیف پولیس کی مدت ملازمت-
عدالتی اتھارٹی اہلیت جو دعویٰ میں غور و فکر کرنے اس کو پڑھنے اور فیصلہ کرنے کی قوت رکھتی ہو- اس کو اختصاص بھی کہا جاتا ہے-
اُعْتُرِضَ عَلَى صَلَاحِيَةِ الْمَحْكَمَةِ: عدالت کی اہلیت پر اعتراض کرنا-
صم- الصَّمَامُ: (گیس فلنگ مشین) گیس اور مائع چیزوں کو ان کے برتنوں میں بھرنے کا آلہ-
صِمَامُ الْاَمَانِ: برتنوں پر ڈاٹ-
صنع- الصَّنَائِعِيُّ: صنعت کار- ہنر مند-
الاصطناعی: مصنوعی چیز (غیر طبعی)- جیسے "حَرِيْرٌ اِصْطِنَاعِيٌّ" مصنوعی ریشم-
زُهُوْر اِصْطِنَاعِيَّةٌ: مصنوعی پھول- مطّاط اِصْطِنَاعِیٌّ: مصنوعی ربڑ-
تَصَنُّعٌ: خلاف حقیقت فعل کرنا- تَصَنُّعُ القتال: بناوٹی لڑائی کرنا یا تکلیف کلام کرنا- بناوٹی لباس پہننا-
فِي النَّقْدِ الادبي: کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا- اور تکلف کر کے طبعی اور سادگی سے نکالنا-
تَصْنِيْعٌ: صنعت کاری- تَصْنِيْعُ مِنْطَقَةٍ و بِلَادٍ: علاقہ و شہروں کو صنعتی بنانا-
اقتصادی وسائل کے ساتھ امت کو صنعت کار بنانا مادہ اور صنعتی سامان کی طرف تبدیل کرنا-
تَصْنِيْعُ النَّفْطِ: پٹرول کی صنعت کاری-
تَصْنِيْعُ الفواكه: پھلوں کی صنعت کاری-
فِي النقد الادبي: کلام کو آراستہ و جعلی بنانا-
صوب- اَلْاِصَابَةُ: جسم کو تکلیف اور زخم لگنا-
اِصَابَةٌ مُمِيْتَةٌ: موت آور زخم یا تکلیف- متعدی امراض لگ جانا- جسے اصابَةٌ لشلیل الاطفال: بچوں کے ہاتھ خرابی کی بیماری لگ جانا-
آفت اور اچانک حادثہ جو مالی یا جسمانی نقصان کرے-
اصابَةُ العمل: کام کا نقصان-
فِي الرياضة: کھیل میں وہ نشان جو کھیل والی ٹیم لگائے-
صور- الصوری: ظاہری، غیر حقیقی-
اِحْتِجَاجٌ صُوْرِيٌّ: دکھاوے کا احتجاج- خلاف حقیقت کام-
مَعْرِكَةٌ صُوْرِيَّةٌ: جعلی مرکہ- التصوُّر: خیال کرنا، وہم کرنا-
"لَيْسَ ذٰلِكَ سِوٰى تَصَوُّرَاتٍ" یہ خیالات کے سوا کچھ نہیں-
و فی الفلسفة: تمام معانی کو سمجھنا اور معلوم کرنا جیسے لفظ درخت سے اس کا مکمل معنی سمجھنا-
اس کا ضد: جو اس کے ساتھ معلوم کرنا-
اَلتَّصَوُّرِيَّةُ: فی الفلسفه: وہ مذہب جن کا

خیال یہ ہے کہ کلیات صرف ذہن میں پائی جاتی ہیں-
اَلْمُصَوَّرَۃُ:کیمرہ-
صوف- اَلصُّوفِیْ: صوف کی طرف منسوب- نَسِیْجٌ صُوْفِی: صوفی لباس- التَّصَوُّفُ:اون پہننا-
وہ راستہ اپنانا جس پر عبادت گذار صوفیاء کرام چلے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سخت زندگی گذارنا- لذات سے دور ہونا' برائیوں سے بچنا فضائل سے مزین ہونا تاکہ نفس کو پاک کریں اور روح کو بلند کریں-
صون- اَلصِّیَانَۃُ:بچاؤ اور حفاظت کرنا-
صِیَانۃُ المحَاصِیْلِ: محصولات کی حفاظت کرنا- تنصیبات "عمارات اور شوارع پر نگرانی رکھنا' ان کی اصلاح کے لئے تیاریاں کرنا اور ان سے اچھی خدمت لینے کے لئے عہد رکھنا-
ضبط- الضابِطَۃ:پولیس- عندالعلماء: کلی حکم جو اپنی جزئیات پر منطبق ہو-
الضَّابِطۃُ الجمرکِیَّۃ:کسٹم ڈیوٹی آفیسر جو غیر قانونی در آمد شدہ یا بر آمد شدہ مال کو ضبط کرے-دفاع کرنے والی جماعت-
فِی الالیات:گاڑی کی ریس-
اَلْمُضبَطۃُ: ج مضَابط:وہ رجسٹر جس میں قومی جلسوں کا ریکارڈ لکھا جائے-
ضخم- اَلتَّضَخُّمُ:بڑا ہونا- بھاری بھر کم ہونا- بڑے سائز کا ہونا- زیادہ ہونا- افراط- "تضخُّمُ الصَّوت" آواز زیادہ ہونا- تضخُّیم عدد المُوظفِیْن:ملازمین کی تعداد بڑھ جانا-
(فی علم الطبّ) عوارض کی وجہ سے دل کا بڑھ جانا- چیزوں کی کمی کی وجہ سے نرخ بڑھ جانا-
تضخُّمُ النَّقد:کرنسی کی افراط-
ضر- الضَّرُوریَات. ضروریات الحیَاۃ زندگی کی حاجات جن کے بغیر زندگی گذارنا ممکن نہیں-

ضرب- اَلْمُضَاربۃ:مزاحمت کرنا-مقابلہ کرنا-
اَلْمضاربۃ التِجَارِیَّۃ:تجارتی شرکت-
ضعف- اَلتَّضْعِیْفُ:ہس. (گنا کرنا) و فی الحساب (حساب میں) ایک عدد اس جیسی میں جمع کرنا- جیسے ۴+۴=۸
فی الصرف:علم صرف میں: ایک حرف پر دوسرے حرف کا اضافہ کر کے دونوں ہم جنس میں سے اصل کو زائد میں ادغام کرنا- جیسے: قَدَّمَ' اِحْمَرَ کا
ضغط- اَلضَّاغِطَۃ:کمپریسر (گیس دبانے کا آلہ) روئی دبانے کا آلہ-
اَلضَّغْطُ:نچوڑنا- دبانا اور سختی کرنا-
اَلضَّغْطُ عَلَی الْیَدِ: ہاتھ دبانا- تحت الضَّغط:پریشر کرنا- مجبور کرنا- عوامی رائے کے دباؤ میں آنا- انسانی جسم کے اجزاء کو جمع کرنے اور اعضاء بدن میں سے کچھ چھوٹا کرنے کا ذریعہ-
ضَغْطُ الدَّمِ:بلڈ پریشر-
ضیف- اَلْاِضَافَۃُ:ملانا- شامل کرنا-زائد کرنا-
اُدْخِل اِضافَاتٌ علٰی نصٍّ:زائد عبارتیں نص پر شامل کرنا-
و فی النحو:ایک اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت پوشیدہ حرف جر کے معنی پر- اول اسم کو مضاف اور دوسرے کو مضاف الیہ کہا جاتا ہے- جیسے کِتابُ المُعلِّمِ: استاد کی کتاب فی المنطق:ارسطو کے مقولات میں سے چوتھا مقولہ-وہ یہ کہ دو چیزوں کی آپس کی نسبت کہ ان میں سے ایک کو تب سمجھا جاتا ہے جب دوسری چیز ہو- جیسے اَلْاُبُوَّۃُ و البُنُوَّۃ: باپ ہونا بیٹا ہونا- اِضَافِیٌّ:زائد چیز-
مَادۃٌ اِضَافِیۃ: زاید پرید- جو دوسرے کے پیچھے لگایا جائے- جو دوسرے کے ساتھ ملحق ہو- جو اصل سے زائد ہو- نَفَقَاتٌ اِضافِیَۃٌ: آمدن سے زائد نفقات-
ساعاتٌ اضافیَۃٌ:مقرر اوقات سے عمل کے زائد اوقات-

ضیق- اَلضَّائِقَۃُ:تنگی اور تنگ حالی ضَائِقَۃُ العَیْشِ:تنگ روزگار- اَلضَّائِقَۃُ المَالِیَۃ:مالی تنگی-
اَلطَّابُورج طوابیر:فوج کی ایک جماعت- ہسپانوی لوگوں کی خانہ جنگی کے بعد سربیوں کی مددگار جماعت-
طبع- الطَّبْعَۃُ:پرنٹ شدہ حروف و کلمات- ایڈیشن- اَلطَّبِیْعَۃُ:معاشرتی تنظیم جو لوگوں کو طبقات پر تقسیم کرے- اَلْمُطابقَۃُ:مماثلت اور ہم شکل ہونا- ایک دوسرے کے موافق ہونا-
المطابقۃ بَیْنَ شَیْئَیْنِ:دو چیزوں کو ایک دوسرے کے مقابل کرنا- و فِی الْبَدِیع المعْنَوِی:دو مخالف کلمات کو ان دونوں کی برابری کا لحاظ کرتے ہوئے وہ اس طرح کہ فعل کے مقابل فعل آئے اور اسم کے مقابل اسم آئے- جیسے یَضْحَکُ وَ یَبْکِی. یوْمٌ عَلَیْنَا و یوْمٌ لَنَا-وہ ہنستا ہے اور روتا ہے-ایک دن ہم پر اور ایک دن ہمارے لئے-
طربش- اَلطَّرْبُوش ج طَرَابِش: گول سرخ ٹوپی-
طرح- الطَّرحُ: پھینکنا- پیش کرنا- طَرْحُ السوال: سوال پیش کرنا- مقالہ پیش کرنا- مسئلہ پیش کرنا-
(علم الحساب): بڑی عدد سے چھوٹی عدد نکالنا-
یعنی نفی کرنا- طرح الجنِین:نامکمل پیٹ کا بچہ ضائع-گرانا-
طرد- اَلطَّرْدُ: واپس کرنا دور کرنا' بطور سزا نکالنا-
طَرْدُ خادِمٍ: نوکر سزا دیکر نکالنا- طَرْدُ تلْمیْذٍ:شاگرد کو سزا کی وجہ سے نکالنا-ترقی کا رجحان مسئلہ کے متعلق تمام لحاظ سے بحث کرنا-
طَرْدٌ ج طُرُوْدٌ:بذریعہ ڈاک بھیجا گیا سامان-
طرق- الطَّوارِقُ:اس کا معنی: ملثمون میں

دیکھو-

طعن-اَلطَّعْنُ: شک کرنا- اَلطَّعْنُ بالرُّمح: نیزہ مارنا- جرح کرنا اور گالی دینا- اَلطَّعْنُ فِی الْعِرْضِ: عزت پر حملہ کرنا- رِسالة طَعْن: حکومت، اداروں دین اور بڑی شخصیات کی طرف سے سختی کا حملہ-

اَلطَّعْنُ ج طُعُون: کسی چیز پر اعتراض-

لُجنَة الطُّعُون النِّيَابِيَّة: انتخابی کاموں پر اعتراض کو دور کرنے والی کمیٹی-

مدعی علیہ جس پر فیصلہ ہو جائے گا اعلیٰ عدلیہ کی طرف اپیل کرنا تاکہ اس کے خلاف فیصلہ ختم کیا جائے-

طفح-اَلطَّفح ج طُفُوح: پھنسی-

طقم-اَلطَّقْمُ ج طُقُوم ، طُقُومَةٌ: جیکٹ' واسکٹ- یونیفام' سوٹ- خاص بیماریوں کی دوائیوں کا کورس-

طَقْمُ والِاسْنَان: مصنوعی دانتوں کی پلیٹ-

طَقْمُ الفَرس: گھوڑے کا سامان-

طلب-اَلطَّلَبُ: ایک یا ایک سے زائد اشخاص کو اپنی چاہت کے متعلق اطلاع دینا- رغبت یا آرزو کے متعلق اظہار کرنا-

طَلَبُ المَعُونة: مدد مانگنا- طَلَبُ الِاسْتِخدام: خدمت گاری کی چاہت کرنا- ڈیمانڈ-درخواست-فرمائش-

بدفع عندالطلب: مطالبہ پر ادائیگی کرنا-

سجل الطَّلَبَات: ضروریات اور شکایات پیش کرنے کے لئے رجسٹر-

اَلْبِضَاعَةُ الْمَطْلُوْبَةُ: طلب کیا گیا سامان-

سَلَّمَ الغلَب: آڈر وصول پانا-

اَلْعَرْضُ والطَّلَبُ: نمائش اور آڈر-

جملہ انشائیہ کی ایک قسم جیسے امر اور تمنی-

طلبُ المحال: ناممکن کی تلاش-

اَلطَّلَبَاتُ فی قَانُون المُرافعات: اپیل کے قانون میں وہ اپیلیں جو مخالف پر حکم نافذ کرنے کے متعلق ہوں-

اَلطَّلَبِيَة: سامان بھیجنے کا حکم دینا-

سَلَّمَ الطَّلَبِيَة: سامان کو کسی کے سپرد کرنا-

طلع-اَلْمُطَالَعة: علم واطلاع کے لئے پڑھنا-

اَلْمطالَعَةُ لَذَّةٌ و فائِدة: پڑھنا لذت بھی اور فائدہ بھی ہوتا ہے- فی اصطلاح الحاكم: (عدلیہ کی اصطلاح میں): قانونی ریسرچ-

طلق-اَلْمُطْلَقِيَة: سیاسی نظام جس میں حاکم تمام اختیارات رکھتا ہو-

طنب- اَلإطْنَابُ: مبالغہ کرنا- غلو کرنا-

اَلإطْنَابُ فِی المدح: تعریف میں مبالغہ کرنا-کلام میں لمبی گفتگو کرنا-

اِطْنَابُ نَاشِر: نثر لکھنے والے کا لمبا کلام-

فِی البیان: (علم بیان میں): زیادہ الفاظ جو تھوڑے معنی پر دلالت کریں-

طهر-اَلتَّطْهِيرِ: صفائی کرنا-تَطْهِيرُ الْمِيَاهِ: پانی صفائی کرنا- نفس کو میل سے پاک کرنا- مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق: ختنے کرنا- (فی الطب): تَطْهِيرُ الجرح: ادویات کے ساتھ جراثیم کو ختم کر کے زخم کو صاف کرنا-

فِی السِّيَاسَةِ والإدَارة: فساد کے اسباب کو ختم کر کے فساد پر قابو پانا-

طوب- اَلطُّوباوِی: کیتھولک گرجا جس شخص یا چیز کے محترم ہونے کا اعتراف تعزیم کے اعلان کے بغیر کرے-

طور- طَوَّرَالنبی: ایک ہیئت سے دوسری ہیئت کی طرف لے جانا- ایک حال سے اچھے حال کی طرف ترقی دینا- طَوَّرَ المجتمع: معاشرہ کو ترقی دینا-

تَطَوَّرَ: ایک ہیئت سے دوسری ہیئت کی طرف بدلنا- ایک حال سے دوسرے کی طرف ترقی پانا-تَطَوَّرَ المرض: مرض میں درستگی آنا-

اَلتَّطَوُّرَ: ایک حال سے دوسرے کی طرف آہستہ آہستہ منتقل ہونا-

تَطَوَّرَ الورم: ورم کا بدلنا-

تَطَوُّرُ الاَحْداثِ: واقعات میں تبدیلی-

اَلتَّطَوُّرُ الِاجتماعِی: معاشرتی- تَطَوُّرُ الجَراحة: فن جراحی کی ترقی- فی عِلْمِ الاحیاء: تاریخی ادوار میں زندہ کائنات میں تبدیلی اور ترقی-

اَلتَّطورِيَة: فلسفی یا علمی نظریہ جس میں ترقی کا ذکر اور تشریح ہے-

طوع-اَلْمُطَاوَعَة: طاقتور کی تاثیر سے لمبائی حجم اور شکل جسم میں تبدیلی اور جب یہ قوی زائل ہو جائیں تو سابقہ حالت میں واپس نہیں آسکتے-

طوف- الطَّائِفی: دینی فرقہ کی طرف منسوب-مذہب دین کا ماہر-

مَدْرَسَةٌ طائِفِيَّةٌ: گروہی مدرسہ-

خِلَاف طَائِفِی: گروہی اختلاف- اپنے گروہ اور دین کے لئے متعصب- اَلطَّائِفِيَّةُ: معاشرتی اور سیاسی نظام بنانا جس کی بنیاد گروہ بندی پر ہو-

نبذالطائفية: گروہ بندی نظام کو ختم کرنا-

طوي-مِطْوَاةٌ: جیبی چاقو-

ظهر-التظاهر: باطن کا الٹ ظاہر کرنا-

اَلتَّظَاهُرُ بِالْفَرَح: ظاہری طور پر خوشی ظاہر کرنا-

اَلتَّظَاهُرُ ج تَظَاهُرات: مظاہرہ' جلوس- اَلْمُظَاهَرَة: کسی انفرادی یا اجتماعی مطالبہ کے لئے جلوس نکالنا-

عبر-اَلِاعْتِبَارُ: معن نصیحت حاصل کرنا اور عبرت لینا- رعایت اور نظر کرنا- صفت اور وصف-

باعتبارهم اَكْبَرهم سِنًّا: ان میں سے بڑی عمر کا خیال کرتے ہوئے- فرض اور انداز بیان-

هَذَا الْاَمْرُ مَبْنِيٌّ عَلَى الِاعْتِبَارِ: یہ امر فرض پر مبنی ہے-

بمعنی: احترام جیسے یَسْتَحِقُّ الِاعْتِبَارِ: وہ احترام کا مستحق ہے-

شہری حقوق بحال کرنے یا سزا ختم کرنے کے ساتھ عزت واپسی-

اَلتَّعْبِيرُ: ما فی الضمير کا اظہار کرنا- کسی بات کو واضح کرنا-اَلتَّعْبِيرُ عَن الفَرَح: خوشی کا اظہار کرنا-اَلتَّعْبِيرُ عَنِ الرَّأی: اپنی رائے کا قدافراط سے دور محض افراط نہ کرنے والا اظہار کرنا-تَعْبِيرُ الاحلام: خوابوں کی وضاحت کرنا-

التَّعْبِيْرُ ج التَّعَابِيْرُ: عبارت' الفاظ' کلام-
تعْبِيْرٌ مُوفَّقٌ: کامیاب کلام- تَعْبِيْرٌ مَجَازِيٌّ:
مجازی کلام-

عتب- اَلْعِتَابَة: جلی شعروں کی قسم- وہ آواز
جس کے ساتھ یہ اشعار بولے جائیں-

عتم- اَلتَّعْتِيْمُ: روشنیاں بند کرنا- دشمن کو
دھوکہ دینے اور صحیح نشانہ لگانے سے بچانے
کے لیے روشنیاں بند کرنا-

عجن- اَلْمَعْجُوْنُ: ج مَعَاجِين: مختلف
چیزوں سے آٹے کی طرح بنایا گیا مرکب-
معجون یہ دوائی خوبصورتی اور صنعت کاری
کے لئے استعمال ہوتی ہے- مَعْجُوْنُ
الْأَسْنَان: دانتوں کی صفائی کے لئے کیمیائی
پوڈر-

عد- اَلْإِعْدَادِي: تیاری والی چیز- پرائمری اور
ثانوی کے درمیان تعلیم کا مرحلہ- اَلتَّعْدَادُ:
گننا اور شمار کرنا-
تَعْدَادُ الْإِصْنَاف: اقسام کو شمار کرنا-
تَعْدَاد اسُكَّان: مردم شماری کرنا-
اَلْمُعَدَّات: آلات' سامان' اسباب
مُعِدَّاتٌ حَرْبِيَّةٌ: جنگی آلات-

عدل- اَلتَّعْدِيْلُ: کسی چیز کی طبعیت اور اس کا
جوہر تبدیل کیے بغیر اس میں تبدیلی کرنا-
تَعْدِيْلُ مشْرُوْعٍ: آئین تبدیل کرنا-
اُدْخِل تَعْدِيْلَاتٌ عَلَى نَصٍّ: نص پر کئی
تبدیلیاں داخل کی گئیں-
تَعْدِيْلُ حُكْمٍ قَضَائي: صحیح فیصلہ کے ساتھ
عدالتی حکم کو تبدیل کرنا-
تعديل القَانُوْن او الدَّسْتُوْر: قانون یا دستور
کو قانون ساز اتھارٹی کے ذریعے تبدیل کرنا-
تَعْدِيْلُ الْوُزَارَة: وزارت کے بعض افراد کو
تبدیل کرنا یا نئے سرے سے وزارت کو مرتب
کرنا- اَلْمُعْتَدِلُ: دو حالوں کے درمیان حال-
کہا جاتا ہے:
قَامَةٌ مُعْتَدِلَةٌ: درمیانہ قد افراط سے دور شخص
افراط نہ کرنے والا سعر معتدل درمیانہ نرخ-
اَلْمُنْطَقَةُ الْمُعْتَدِلَة فِي الْجُغْرَافِيَة: وہ
موسمی فضا والا علاقہ جہاں نہ زیادہ گرمی ہو اور نہ
زیادہ سردی ہو- مجموعی مقداروں سے حاصل
ہونے والا عدد- معروف قیمت سے نسبت
متعیّنہ:

عدم- اَلْإِعْدَام: قتل کرنا- موت-
حُكْم عَلَى الْمُجْرِم بِالْإِعْدَام: مجرم کو
قتل کرنے کا حکم- موت کا حکم نافذ کرنا-
جَرى الْاعدام في ساحة السِّجْن: جیل
کے ہال میں سزائے موت دینا- قاضی کی
طرف سے مجرم کو بطور قصاص قتل کرنے کا
حکم-

عرب- اَلْعِرْبَاوِيَّةُ: عربی زبان میں خاص
تعبیر - عربی ترکیب- اس کی مثالیں "اِبْنُ
السَّبِيْل" مسافر- "دارت عليه الدَّوَائِر"
اس پر مصائب نازل ہوئیں- بِنْتُ الشَّفَة:
یعنی کلمہ-
العُرُوْبة: عرب- دنيا العُرُوْبَة: دنیائے
عرب- عرب لوگوں کی خصوصیات اور
خوبیاں- عربی کی صفت- عربی قومیت اور اس
کا شعور-
كَانَ التَّحَمُّسُ شَدِيْدًا لِفِكْرة العُرُوْبَة:
عربی قومیت کے نظریہ کے لئے پرجوش ہونا-
اَلتَّعْرِيْبُ: تقریب کرنا- عربی بنانا- تَعْرِيْب
الإِدَارَة: ادارہ کو عربی میں بدلنا-
تَعْرِيْبُ التَّعْلِيْم: تعلیم کو عربیا بنانا- اجنبی
زبان کا عربی میں ترجمہ کرنا-
تَعْرِيْبُ نَصّ فرنسي: فرانسیسی عبارت کا
عربی میں ترجمہ کرنا-

عرس- العَرُوْسَة: دلہن-

عرض- العرضي: جوہر کا الٹ' ذات شئ
اور اس کے جوہر میں داخل نہ ہو-
اَللَّوْنُ خَاصِّيَةٌ عرضِيَّةٌ عَرَضِيَّةٌ في
الحَجَر: پتھر میں رنگ کی خاصیت عرضی
ہے-
جو سیپی کی شکل میں ہو- لِقَاءٌ عرضِيٌّ: اتفاقی
ملاقات-
اَلْخطِيْئَةُ العرضية في الدِّيْنِ
الكَاثُوْلِيكي (کیتھولک مسلک میں) عرضی
غلطی وہ ہے جو حالت نعمت ختم نہ کرے اس کی
جسامت نہ ہونے کو دیکھتے ہوئے-
اَلْاعْتِرَاضُ: تاکید کو باطل کرنے کے لئے
مسترد کرنا- پیش کش کو رد کرنا- ممانعت- "لا
اعتراض علىٰ ذلك" اس پر کوئی ممانعت
نہیں- وہ حجت جس کے ساتھ تاکید کی مخالفت
کی جائے- دلائل کامل جانا- احتجاج-
"الاعْتِراض عَلىٰ تدبير": تدبیر پر
احتجاج-
في المُنَاظرة: بحث میں مخالف کی دلیل پر
دلیل پیش کرنا- في القضاء: فیصلہ کو ختم
کرنے یا اس پر عمل کو روکنے کا مطالبہ کرنا- ملزم
کی غیر حاضری پر فیصلہ عدالت کو چیلنج کرنا-
الاعتراض عَلىٰ تناوُل سند: سند کی
حصولی کو چیلنج کرنا-
الاستعراض: فوجی یا میچ میلہ میں حاضری-
استعراضُ الجَيْش فِي العيد الوطني:
عید وطن میں لشکر کی حاضری-
ناچ گانے کی محفل- اسی سے کہا جاتا ہے:
فلم اِسْتِعرَاضِيٌّ: ناچ گانا والی فلم-
اَلْمُعَارَضَة: مخالفت- مُعَارَضَة اقوال
فلان: فلاں کے اقوال کی مخالفت- مقابلہ
کرنا-
لَمْ يَلْق اَدْنىٰ مُعَارَضَة: وہ معمولی مقابلہ نہ کر
سکا-
و في المُنَاظرَة: مخالف کی دلیل کے خلاف
دلیل قائم کرنا-
و في الشِّعْر (اشعار میں) ایک قصیدہ کے
وزن موضوع اور قافیہ کے مطابق دوسرے
قصیدہ کو بنانا- جیسے احمد شوقی کا قصیدہ' قصیدہ بردہ
للبوصیری کے وزن پر- و في القضاء: ملزم
کی غیر حاضری میں فیصلہ کو عدلیہ میں چیلنج کرنا
اور فیصلہ کالعدم کرنے یا درست کرنے کا
مطالبہ-

عرف- اَلْعُرْفِي: عرف کی طرف نسبت-
القانون العُرْفِي: وہ خاص قانون جس کو

عادات نے مقرر کیا ہو-
اَلْعقدُ العُرفی: غیر حکومتی معاہدہ- وہ معاہدہ جو عادل کاتب کے پاس رجسٹر نہ ہو-
اَلْحکم العرفی: وہ حکم جو امن کے تقاضوں کی وجہ سے عام قانون کے قواعد پر جاری نہ ہو-
اَلمحکمۃ العُرفِیَّۃ: وہ فوجی محکمہ جو ایمرجنسی حالات میں فوجی نوجوانوں، رضا کار بھرتی کرے-
التَعریفۃ: محصول یا ٹیکس کا چارٹ- نرخ نامہ-
التَعریفۃ الجمرکیۃ: کسٹم محصول کا چارٹ-
زاد تعریفۃ البرید: ڈاک نرخ زیادہ کرنا-
عرقل- العرقلۃُ: رکاوٹ- اڑنگا- عرقلۃ ممرٌ ٹریفک میں رکاوٹ- الجھانا- پیچیدہ بنانا-
عرقلۃ الامُور: کاموں کا الجھانا-
عرقلۃ المساعی: کوششیں پیچیدہ بنانا-
عرقلۃ السّیارات: گاڑیوں کے روکاوٹ:
العُرقَلَۃُ ج عَراقِیل: نانع گھاٹی-
عزب- العِزبۃُ ج عِزَب: بعض ممالک میں وہ کھیت جس میں مالک کا گھر اور بعض مزارع حضرات کے گھر ہوتے ہیں-
عزل- اَلاِعْتِزَالُ: زندگی کے راستہ سے، عمل سے، اور پیشہ سے الگ الگ ہونا-
اعتزال العالم: جہاں سے الگ ہوتا-
اعتزال الخدمۃ: خدمت سے الگ ہونا-
عزم- التَعزیم: دم کرنا- بڑی ارواح (جنات) کو دور کرنا-
التَعسکُر: چھاؤنی یا میدان ٹریننگ میں فوج کا جمع ہونا-
عصب- اَلعُصابُ: نفسی یا عقلی اضطراب-
العُصابی: عصاب کی طرف منسوب- زود رنج انسان- عقل زدہ انسان-
عصر- العُصارۃُ: دستی یا بجلی والی جوسر-
عطو- المُعطیاتُ: نتائج- حقائق- معلومات-
عقب- التَعاقُبُ: ایک دوسرے کے پیچھے آنا-

تعاقب الفُصُول: موسموں کا ایک دوسرے کے بعد آنا-
تعاقب المُلوك: بادشاہوں کا ایک دوسرے کے بعد حاکم بننا- کسی کا نائب بننا-
اَلیَعاقِبۃ: عیسائیوں کا ایک جو یعقوب البردعی کے تابعدار ہیں- یعقوب البردعی انطاکیہ شہر میں چھٹی صدی عیسوی میں پادری تھا- یہ لوگ ایک طبعیت میں مستقل ہونے کی وجہ سے معروف تھے-
عقل- عقلن: عقل اور منطق کے تابع کرنا-
عقلن معتقدات: معتقدات کو عقل کے تابع کرنا-
العقلانی عقلانی نظریہ- عقلانی نظریہ کے مددگاروں میں سے-
العقلانیۃ: وہ فلسفی مذہب جو عقل کو ہر معرفت کا مصدر خیال کرتے ہیں اور اس میں تجربہ کے انکاری ہیں- وہ مذہب جو عقلی حکومت کے علاوہ ہر حکومت کو مسترد کردے-
الاِعتِقال: کسی شخص کو گرفتار کرنا اور جیل میں ڈالنا- اِعتقال متہم: الزام میں گرفتاری-
مُعسکر الاعتقال: لڑائی کے وقت جمع ہونے کی جگہ- کسی ملک میں غیر قانونی داخل ہونے والے- نظر بند سیاسی لیڈر- المعتقل جیل- حوالات نظر بند ہونے کی جگہ-
عقم- التَعقیم: انسان یا جانور کو بانجھ بنانا- خصی کرنا-
تعقیم الحلیب: دودھ سے بیمار جراثیم ختم کرنا-
اَلمُعقّم: وہ چیز جس کے اندر سے گندے جراثیم ختم کردیئے جائیں- المعاکس مکڑی کی بنائی کیس باریک پلیٹ-
علب- التَعلیب: ڈبے بھر کر پیک کرنا- سبزیاں اور پھل وغیرہ کو ڈبوں میں بھر کر پیک کرنے کی صفت-
اَلمُعلّبات: پکے ہوئے کھانے جو ڈبوں میں محفوظ کیئے گئے ہوں-
علق- التَعلیقُ: کسی چیز کو باندھ کر لٹکانا- جیسے "تَعلِیقُ المِصباح" چراغ لٹکانا- ایک چیز کو دوسری پر رکھنا-
تَعلِیقُ الوِسامِ علی صَدرِ فُلانٍ" تمغہ کو سینہ پر لٹکانا- عارضی طور پر روکنا-
تعلیق الاضراب: ہڑتال موقوف کرنا- عارضی طور پر عمل کرنے سے روکنا- معطل کرنا-
تعلیق الدُّستُور: آئین کو عارضی طور پر معطل کرنا-
کسی چیز کو مؤخر کرنا- تعلیقُ الحکم: حکم مؤخر کرنا- کسی چیز کی تعریف کرنا- اہمیت والی قرار دینا- کسی واقعہ پر نوٹ دینا-
التَعلیقُ: عربی خط کی قسم- التعلیقُ فی النحو: علم نحو میں تعلیق کا مطلب- افعال قلوب کو لفظی عمل سے وجوبا روکنا- جیسے علمتُ ازیدٌ قائم ام عمروٌ-
التَعلیقُ: ج تَعلِیقات: کسی کتاب کی اصل عبارت پر حاشیہ یا نوٹ- کسی معین موضوع پر مقالہ یا مباحثہ- تعلیق علی الانباءِ: خبروں پر تبصرہ-
علم- العَلمانِیَۃُ: سیاسی اور معاشرتی نظریہ جس کا مطالبہ یہ ہے کہ دین کو ملک سے الگ کیا جائے اور اس کی تعلیمات مدارس (درس گاہوں) میں نہ دی جائیں-
التهویۃ: مکان یا رہائش گاہ میں نئی ہوا ڈالنا- بدبو ختم کرنے کے لئے نئی ہوا ڈالنا-

هیر- الهیرو علیفیۃ: یونانی کلمہ جس کا معنی- تصویروں والی مصری کتاب- اس کے اشارات فرانسیسی عالم شملون نے تیار کیا-

وتر- التوتر: تناؤ- دانت کی طرح سخت ہونا-

پٹھوں کا سخت ہونا- ٹینشن- تَوَتُّر الذِّهن: ذہن کا کھچاؤ- ایک چیز یا موضوع کے متعلق سوچ- تَوَتُّر العلاقاتِ: تعلقات کشیدہ ہونا- فِي الميكانيك: دو طرفوں سے باندھے ہوئے جسم کی بدحالی والی تاثیر-

وثن- اَلْوَثَنِيَّةُ: بتوں کی پوجا کرنا-

وجب- اَلْإِيجَابُ: فرض کرنا- لازم کرنا- تاکید اور اثبات-

اَلْإِيجَابِي: لازم کام- تاکیدی کام- اَلْحِيَادُ الْإِيجَابِي: مثبت ناوابستگی-

وجز- اَلْإِيجَازُ: مختصر کلام کرنا- کم الفاظ زیادہ معانی والی کلام بولنا- اس کے مقابلہ میں الاطناب ہے-

وجه- اَلتَّوْجِيهِيَّة: بعض عرب ممالک میں ثانوی تعلیم مکمل کرنے کے بعد سند-

وحد- اَلْوَاحِدِيَّةُ: وہ فلسفی مذہب جو جہاں کی پیدائش کا ذریعہ ایک ہی چیز کو قرار دیتے ہیں- جیسے مادہ یا روح یا عقل-

اَلْمُوَحَّدَةُ: شام میں ثانوی تعلیم کی سند-

ودع- اَلْإِيدَاعُ: رقم جمع کرنا- امانت رکھنا- فِي التِّجَارَة: درآمد شدہ- سامان محکمہ کے سٹور میں جمع کرانا- کسی شخص یا کمپنی کی طرف سے سامان فروخت کرنے کے لئے نمائش لگانا-

في القانون المدني: جب قرض خواہ قرض قبول کرنے سے کسی وجہ سے انکار ہو تو مقروض کی طرف سے محکمہ یا ادارہ کے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانا-

في قانون الايجارات: اجر محکمہ یا ادارہ ڈاک میں رقم مزدور کے واسطے جمع کرا دے جب وہ وصول کرنے سے انکاری ہو-

فِي الْإِدَارَة: افراد کی طرف سے بطور ضمانت ادارہ میں رقم جمع کرانا تاکہ ان کے ذمہ کام جاری کیا جا سکے-

اِيدَاعُ الْمُعَامَلَة دائرة كذا: معاملہ کو فلاں حلقہ میں پہنچانا- اور اس کو رجسٹر کرانا-

اَلْإِسْتِيدَاع: سامان کو عارضی طور پر سٹور میں رکھنا- کسی ادارہ کی طرف سے اپنے ملازم کی ملازمت کو وقت کے اندر کمی کرنا- افسر کی ملازمت کو وقت سے پہلے واپس لینا-

ورد- اَلتَّوَارُدُ: ایک دوسرے کے بعد حاضر ہونا-

تَوَارُدُ الْأَفْكَار وَ تَدَاعِيهَا: افکار و تصورات کا ایک دوسرے سے ملنا اور ایک دوسرے کو دعوت دینا-

ورن- الورنيش: ورنش تیل کی ایک قسم جو چیزوں کو ہوا کی تاثیر سے محفوظ رکھتی ہے-

وزع- اَلتَّوْزِيعُ: تقسیم کرنا- ہر شخص کو اس کا حصہ دینا- مختلف منافع مختلف مقامات پر دینا- پیداوار کنندہ کی طرف سے بالواسطہ صارف کو یا تاجر کو پہنچانا- جیسے فلموں کی تقسیم-

تَوْزِيعُ الْبَرِيد: محکمہ ڈاک کی طرف سے بذریعہ ڈاکیا ڈاک تقسیم کرنا- توزیع الجوائز: مستحق حضرات کو انعامات دینا-

توزيع الْمَنْشُورَات: طبع شدہ کتابیں تقسیم کرنا-

اَلْمُوَزِّعُ: تقسیم کنندہ جیسے اخبار تقسیم کرنے والا- ڈاک تقسیم کرنے والا-

وزن- اَلتَّوَازُنُ: جسم کا سیدھا ستون کی طرح کھڑا ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آ کر کسی جسم کا پر سکون حالت میں ہونا- جیسے کتب کے ڈھیر کا توازن-

مَجَازًا: مخالف فریقوں کا موافق ہو کر ملکی ماحول کو پر امن بنانا- مختلف محکموں اور اداروں میں ان کے حقوق و فرائض مقرر کرنا جن کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کی حدود سے باہر نہ ہوں- جیسے مقننہ' عدلیہ اور انتظامیہ کے درمیان توازن-

تَوَازُن الْمِيزَانِيَة: بجٹ میں توازن - یعنی آمدن و خرچ میں مساوات ہو-

التوازن الْإِقْتِصَادِية: چیزوں کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لئے ان کی کمی بیشی کے اسباب کو درست رکھنا اور ان پر کنٹرول کرنا-

اَلْإِتِّزَانُ: جسم میں توازن ہونا- طاقتور جسم کی تاثیر میں آ کر پر سکون ہونا- مجازاً خرچہ میں درمیانہ چلنا- عقلی ملکات میں موافقت ہونا-

اَلْمُوَازَنَةُ: وزن میں برابری- و في النقد الادبي: دو ادیبوں کے درمیان تنقیدی مقابلہ- جیسے ابی تمام اور البحتری کے درمیان موازنہ-

موازنة سعر الصَّرْفِ في الاقتصاد: بینکوں کا غیر ملکی کرنسی خرید و فروخت کرنا-

اَلْمِيزَانِيَّةُ: سالانہ آمدن و خرچ کا رجسٹر- سالانہ بجٹ-

وسع- اَلْمُوسُوعَة: دائرہ المعارف - (انسائیکلوپیڈیا)

اَلْمُوسُوعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف کو شامل- قَامُوس مَوْسُوعِي: موسوعہ کے متعلق- تمام معارف والی کو شامل لغت-

اَلْمُوسُوعِيُون: موسوعہ کے مؤلف- وہ شخص جس کی معلومات انسائیکلوپیڈیا جیسی ہوں جیسے جاحظ-

وسق- اَلْإِتِّسَاقُ: یکجہتی- یکسانیت- في البلاغة: الفاظ و معانی کا مناسب ہونا-

وصف- اَلْوَصْفُ: کسی شخص یا چیز کی صفات کا ذکر کرنا- کسی چیز کی تصویر و منظر کشی مختصر طور پر تحریری یا تقریری انداز میں بیان کرنا-

اَلْوَصْفُ في الادب: ادبی' شعری اور نثری فن جو طبیعت کو نقل کرے اور اس کی منظر کشی کرے جیسا کہ ادیب اپنے حواس کے اندر آنے والی چیزوں کو اپنی قلم و زبان سے تعبیر کرتا ہے-

الْوَصْفَة: ڈاکٹر یا طبیب کا تجویز کردہ نسخہ - وہ کاغذ جس پر نسخہ جات لکھے جاتے ہیں-

وصل- اَلْإِيصَالُ: وصولی رسید- لَدَيَّ اِيصَالٌ مِنْكَ: میرے پاس تیری طرف سے وصولی رسید ہے-

اَلْمُوَاصَلَاتُ: بری بحری فضائی' بجلی اور ٹیلی فون کے ساتھ ذرائع رابطہ-

اَلْمُوَصِّلُ ج مُوَصِّلَاتٌ: بجلی لہر یا حرارت کو منتقل کرنے والا جسم-

وضع-اَلْوَضعِيَّة اوالمذهب الوَضعِي: وہ مذہب جوداعی کواس بات کی طرف لگاتا ہے کہ معرفت کوواقعیت اور تجربہ علیہ پر قائم کیا جائے نہ کہ اشیاء کے جوہر پر-
اَلْمُوضُوعِيَّة: اصول پسندی
اَلْمُوضُوعِيَّةُ فِي الفَلْسَفَة: وہ مذہب فلسفی جو کہ حقیقت موضوعِيّة کے متعلق بات کرتا ہے-
وطأ-اَلْتَّوْطِئَة فِي الشِّعْرِ: قافیہ کولفظااور معنی دھرانافِی الْاَنْشاءوالتألِيْف: مقالہ یا کتاب لکھنے میں مشغول ہونا-
وطن- الوطنی: وطن والا- اَلنَّشِيدُ الوَطَنِی: وطن کا ترانہ وطن کی محبت کی بات کرنے والا- جو پورے وطن کی بات کرے مخصوص علاقہ کی بات نہ کرے-
اَلتَّرْبِيَّة الوَطَنِيَّةُ: وطن والی تربیت-
اَلْوَطَنِيَّة: وطن کی محبت اور اس کے متعلق جان نثاری-
اَلْمُوَاطِنِيَّة: مواطن کی صفت-
وظف-تَوَظَّفَ: کسی حکومتی یاذاتی ادارے مین ملازمت کرنا-الموظف: کسی ادارے یا کمپنی وغیرہ میں ملازم-
وفق-اَلْاِتِّفَاقُ: افکار ونظریات ورغبات میں یکجہتی کسی امر پرافراد کی مفاہمت ہونا- آراءاور مقاصد تک پہنچنا-
اَلْاِتِفَاقُ عَلٰی برنَامَج اوخُطَّةِ: کسی ایجنڈایا سکیم پراتفاق-اَلْاِتِّفَاقُ: کسی چیز کا اچانک پیش آنا- دو یا دو سے زیادہ ممالک کا کسی مسئلہ پر معاہدہ-
اَلْاِتِّفَاقِيَة: دو یا دو سے زیادہ ملکوں کا بعض کاموں (تجارت ڈاک وغیرہ)
اِتِّفَاقِيَّةُ العمل: ایک دوسرے کے افراد کو کام کرنے کی تربیت کرنا-
التوافق: افکار' رغبات' طبائع اور میلان کا موافق ہونا-و فی الموسيقی: موسیقی کا نغموں کے مطابق ہونا-
فی علم النفس: وہ حالت جو شخص سے تقاضی کرتی ہے کہ وہ اپنی عادات وخیالات کو بدل دے-
وقت- التوقيت: وقت متعین کرنا- اوقات کی تعین کرنا- سورج کے گرد زمین کو گردش کا لحاظ کرتے ہوئے اوقات متعین کرنا جو کہ مختلف علاقوں میں مختلف ہوتے ہیں-
و فی النحو: وہ تابع جو متبوع کے ثبوت کو پختہ کرنے کے لئے لایا جاتا ہے جیسے صَرَفَ المال كُلَّهُ:
ولي-الموالاة: کسی کا ساتھ دینا- مدد کرنا- فِی السياسة: حکومت کی تائید کرنا-
وهم-اَلتَّوَهُّم: کسی کام کا خیال- غلط عقیدہ- بلا دلیل- عجیب وغریب سوچ جس کا خارج میں وجود نہ ہو-
ويس-اَلْوِيْسِكِي: گندم بنائی گئی مشروب-
باق-اَلْبَاقِةَ: قبہ 'خوشہ گچھا-
يبس-اَلْيَابِسَةُ: بر' زمین اس کے مقابلہ میں پانی اور بحر (سمندر) ہیں-
يسر-اليسارى: جانب- بائیں طرف-فِی السِّيَاسَة: بایاں گروپ جولوگ ترقی یافتہ افکار کا پرچار کریں حقیقت حال کا خیال کیے بغیر معاشرہ میں تبدیلی کی دعوت دیتے ہیں-
ينا-يِنايِر: جنوری کانون ثانی کا نام بعض عرب ممالک میں-
يوب-اَلْيُوبِيلُ: ہر پچاس سال بعد یہودیوں کا بڑا مذہبی اجتماع اس وقت میں قرضوں سے بری ہونا ضروری ہے- جیساکہ غلام حضرات کو آزاد کرنا ہوتا تھا-
عندالكاتوليك: پوپ کی طرف سے لوگوں کو معافی وبخشش جو کہ بڑے جلسوں میں ہوتی تھی- کسی واقعہ کا ذکر واقعات میں سے جیسے شادی اور پیشہ کا تجربہ- اس کی کئی اقسام الفضی (چاند والی) (۲۵ سال) الذهبی: سونے والا ۵۰ سال-
اَلْاَلْماسی: (کانسی)
يوس-اليوسفی اليوسف الهندی: مالٹا کی قسم سے ایک پھل دار درخت- یوسف آفندی کے نام سے مشہور ہے-
يول-يوليو: جولائی-

عربی کی ضرب الامثال

- اِبِلِیْ لَمْ اَبِعْ وَ لَمْ اَهَبْ:

میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا نہ تحفہ میں دیا-
نہ حق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے-

- یا اِبِلِیْ عُوْدِی الی مُبَارَكِ:

اے میرے اونٹ اپنے جگہ واپس لوٹ جا-
یہ مثل اس شخص کے لئے ہے جو نفع مند کام چھوڑ کر جانا چاہے-

- اَتی عَلَیْهِمْ ذُوْاَتی:

ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے-
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف آتی رہتی ہیں-

- اَتَاكَ رَیَّانَ بِلَبَنِهٖ:

دودھ سے سیراب ہو کر تیرے پاس لایا-
یعنی بچا کھچا کھانا پینا تحفہ نہیں ہوا کرتا-

- اَتتكَ بِخَائِنِ رِجْلَاهُ:

خائن کے قدموں نے اس کو تیرے پاس حاضر کر دیا-
یعنی انسان کی غلطی اس کو برا انجام دکھادیتی ہے-

- اَتتكُمْ فَالِیَةُ الْاَفَاعِی:

تمہارے پاس سانپوں کا کیڑا آچکا ہے-
یعنی بڑی مصیبت کی انتظار کے لئے چھوٹی مصیب آنا-

- یأتِیْكَ كُلُّ غَدٍ بِمَا فِیْهِ:

کل آئندہ تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی-
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے-

- و یأْتِیْكَ بالاَخْبار مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ:

اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے راہ خرچ نہیں دیا-
یعنی توقع کے بغیر معلومات آجاتی ہیں-

- لا اتِیكَ حَتّٰی یَئُوبَ القَارِضَان:

پتوں کو توڑنے والا دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا-
یہ مثل ہر صورت میں قطع تعلق والوں کے لئے ہے-

- لا اتیكَ سِنَّ الحِسْلِ:

گوہ کے دانت ٹوٹنے تک تیرے پاس نہ آؤں گا-
یعنی میرے آنے کی توقع نہ رکھنا-

- كُلُّ اتٍ قَرِیْبٌ:

ہر آنے والی چیز قریب ہی ہوتی ہے-
یعنی کسی آنے والی چیز کو دور نہ سمجھا جائے-

- ذاكَ اَحَدُ الاَحَدَیْنِ:

یہ دو منفرد میں سے ایک ہے-
یعنی بے نظیر شخص ہے-

- اَخَذَهُ بِرُمَّتِهٖ:

اس کو اس نے رسی سمیت لے لیا-
یعنی اصل کے ساتھ متعلقہ چیزیں بھی مفت مل جانا-

- قَدْ یُؤخَذُ الجَارُ بِذَنْبِ الجَار:

کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے-

- خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَیْهَا:

پتھر پر جو لگا ہے لے لو- یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت سمجھو-

- خُذ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِه:

معاملہ کو اس کی پیش آمدہ چیزوں میں لو-
یعنی کسی چیز کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرو-

- خُذْ مِنَ الدَّهْرِ مَاصَفٰی وَ مِنَ العَیْشِ مَا كَفٰی:

زمانہ سے صاف ستھری چیز لو اور روزی کفایت والی لو-

- خُذْ مَا طَفَّ لَكَ:

قریب والی چیز کو پکڑو-

- لا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْیَوْمِ لِغَدٍ:

آج کے کام کل تک مت لیٹ کرو-

- آخر الدَّاءِ اَلكَیُّ:

مرض کا آخری علاج داغ دینا ہے-
یعنی اگر کسی کو داغ دینے سے فائدہ نہ ہوا تو موت آچکی ہے-

- آخِ الْاَکْفَاءَ وَ دَاهِنِ الْاَعْدَاءَ:
ساتھیوں کا بھائی بنو اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق پیش کرو-

- اَخُوْكَ اَمِ الذِّئْبُ:
وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا-
یعنی تیرا خیر خواہ ہے یا بھوکے بھیڑیئے کی طرح ظلم کرتا ہے-

- اَخوكَ مَنْ صَدَقَكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے-

- اَخُوْكَ مَنْ وَاسكَ بنَشْبٍ لاَمَنْ وَّاسَكَ بنَسَبٍ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے اور قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرے- یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے سود مند نہیں-

- اِنَّ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَكَ:
بیشک لڑائی والا وہ ہے جو تیرے ساتھ مل کر دوڑے-

- اِنَّ اَخاكَ مَنْ اسَاكَ:
تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے-

- لِاَخِيْكَ عَلَيْكَ مثل الذى لَكَ عَلَيْهِ:
تیرے بھائی کا تجھ پر اسی طرح حق ہے جس طرح تیرا اس پر-

- رُبَّ اَخٍ لَمْ تلدہ والدة:
کئی بھائی ایسے جو ماں جنے نہیں-
سچے دوست کے لئے مثل ہے جو حقیقی بھائی سے زیادہ وفادار ہوتا ہے-

- اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبِه:
آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سود مند ہوتا ہے-

- اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ كَمَالٌ:
علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے-

- نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ:
زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا ہے-

- مَاْرَبَةٌ لَاحَفَاوَةٌ:
کام کی وجہ سے عزت ہے نہ کہ پیار کی وجہ سے-

- لِلْاَرْضِ الْوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَهَا وَ مَاءَ غَيْرِهَا:
نرم کی گئی زمین اپنے حصہ کا پانی اور غیر کے حصہ کا پانی جذب کر جاتی ہے-

- بِالْاَرْضِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ:
زمین پر ہی تجھ کو تیری ماں نے جنا ہے-
یہ مثل غرور سے روکنے اور درمیان روی اختیار کرنے کے لئے ہے-

- لِلْاَرْضِ مِنْ كَاسِ الْكِرَامِ نَصِيْبٌ:
سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی

ہے-

- وَ فِي الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيْمِ مَنَادِحٌ:
زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بہت ہیں-

- لَااَصْلَ لَهٗ وَلَا فَصْلَ:
اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام-
اصل کا اطلاق حسب و نسبت پر ہوتا ہے- اور فصل کا قوتِ زبان پر-

- اَلْاَصِيْلُ يَجُوْدُ:
حضرت عبداللہ بن زبیر نے فرمایا: باعزت انسان ہی اپنی جان و مال قربان کرتا ہے-

- اَلْاَصِيْلُ يَعْمَلُ بِاَصْلِه:
شریف النفس انسان اپنی شرافت کے مطابق کام کرتا ہے-

- آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ:
بھول جانا علم پر آفت ہے-

- اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وَ شَرِبَ:
زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے-
یعنی لمبی عمر پا کر عمر رسیدہ نے دنیا میں سب کچھ دیکھ لیا-

- اَكَلْتُمْ تَمْرِي وَعَصَيْتُمْ اَمْرِي:
تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی-
یہ مثل بے قدرے انسان کے لئے ہے-

- آكُلُ لَحْمِي وَلَا اَدَعُه لِاٰكِلٍ:
میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا- یہ مثل اپنا فائدہ سوچنے والے کے لئے ہے-

- يَاْكُلُ التَّمْرَ وَيُرْجَمُ بِالتَّمْرِ:
کھجوریں وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں' یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے-

- يَاْكُلُنِيْ سَبُعٌ وَلَا يَاْكُلُنِيْ كَلْبٌ:
مجھے ایک درندہ کھاتا ہے کتا نہیں کھاتا-

- يَاْكُلُهُمْ بِضِرْسٍ وَ يَطَؤُه بِظِلْفٍ:
ان کو داڑھوں سے کھاتا ہے اور سم سے روندتا ہے-
محسن کے ساتھ برائی سے پیش آنے پر مثل ہے-

- يَاْكُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِى لَمْ يُخْلَقْ:
وہ اس ڈاڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی-
بغیر نیکی تعریف سننے والے پر مثل ہے-

- غَيْرِي يَاْكُلُ الدَّجَاجَ وَ اَنَا اَقَعُ فِي السِّيَاجِ:
دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں جھاڑی میں پڑا رہوں-

- اَكْلٌ وَحَمْدٌ خَيْرٌ مِنْ اَكْلٍ وَصَمْتٍ:
کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے- محسن کی

تعریف پر رغبت دینا مقصود ہے۔

- اَکْلاً وَ ذَمًّا:

کھانا اور مذمت کرنا۔ یہ اس پر مثل ہے جو نفع اٹھائے اور اس کو برا بولے۔

- رُبَّ اُکْلَۃٍ تَمْنَعُ مِنْ اَکْلاتٍ:

کبھی ایک لقمہ کئی لقموں سے روک دیتا ہے۔ یعنی غلط لقمہ سے بیمار ہو کر کھانے سے پرہیز کرنا پڑتا ہے۔

- آکَلُ مِنْ حُوْتٍ:

مچھلی سے زیادہ خوراک والا۔

- آکَلُ مِنَ الرَّحٰی:

چکی سے زیادہ کھانے والا۔

- آکَلُ مِنَ السُّوْسِ:

گھن سے زیادہ کھانے والا۔

- آکَلُ مِنْ ضَرْسٍ:

داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

- آکَلُ مِنَ النَّارِ:

آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

- حَتّٰی یُؤَلَّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ:

یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی اکٹھی ہو جائیں۔

دونوں متضاد الطبع ہیں ایک پانی سے گریز کرے اور دوسری (مچھلی) پانی میں زندہ رہے۔

- آلَفُ مِنْ حَمَامِ مَکَّۃَ:

مکہ کے کبوتر سے زیادہ مانوس۔ مکہ میں پرندوں کا شکار حرام ہونے کی وجہ سے وہ انسانوں کے قریب ہے۔

- آلَفُ من الحُمّٰی:

بخار سے زیادہ مانوس۔

کچھ وقفہ کے بعد بھی بخار لوٹ آتا ہے۔

- آلَفُ مِنْ کَلْبٍ:

کتے سے زیادہ مانوس۔

کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔

- اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ:

ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔

ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں مثل ہے۔

- اُمّ الاخرس تَعرِفُ بِلُغَاتِ الخُرْسَانِ:

گونگے کی ماں گونگے کی رمز جانتی ہے۔

- اُمٌّ سَقَتْكَ الغَیْلَ مِنْ غیرِ حَبَلٍ:

ماں نے تجھے حمل کا دودھ بغیر حمل کے پلایا۔

اس پر مثل ہے جو پہلے کسی کو مقرب بنالے پھر بغیر وجہ کے نکال دے۔

- اِلٰی اُمِّہٖ یَلْھَفُ اللَّھْفَانُ:

مصیبت زدہ اپنی ماں سے التجاء کرتا ہے۔

یعنی تکلیف کے وقت اپنے یاد آتے ہیں۔

- اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَہُ الْاَمْرُ:

ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن جاتا ہے۔

یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے ہیں۔

- اَمْرَ مُبْکِیَاتِكَ لاَ اَمْرَ مُضْحِکَاتِكَ:

رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔

یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس کی سنو اور جو بے خوف کرے اس کی نہ سنو۔

- لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَہٗ:

کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے جو اپنے کام کو پورا کرنے کے لئے حیلہ سوچے۔

- لِاَمْرٍ مَایُسَوَّدُ مَنْ یَسُوْدُ:

جو سردار بنتا ہے تو اپنے حق کی بناء پر بنتا ہے۔

- لَیْسَ لِلامور بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ:

جو شخص انجام پر نگاہ نہ رکھے وہ معاملات کو نہیں سنبھال سکتا۔

- اَلْاَمِیْرُ مَنْ لاَ یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ:

امیر وہ ہے جو دوسرے کو امیر نہ سمجھے۔

- یَاحَبَّذَا الْاِمَارَۃُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَۃِ:

حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔

- تَأَمُّلُ العَیْبِ عَیْبٌ:

عیب تلاش کرنا بھی ایک عیب ہے۔

- مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَہٗ:

جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔

یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔

- آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَکَّۃَ:

مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ بے خوف۔

کبوتر کو مکہ میں نہ شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان کیا جاتا ہے۔

- اٰمَنُ مِنَ الْاَرْضِ:

زمین سے زیادہ امین۔ کیونکہ زمین میں جو بیج ڈالا جاتا ہے وہی اگتا ہے۔

- اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُہٗ فِیْ وَجْھِہٖ وَ حُزْنُہٗ فی قَلْبِہٖ:

مؤمن کی خوشی چہرے پر عیاں ہوتی ہیں اور غم دل میں مخفی ہوتا ہے۔

- اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ:

مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔

- لیس عَلَی الْاِنْسَانِ اِلاَّ مَا مَلَكَ:

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے-

• اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَان:
انسان احسان کا غلام ہے-

• اَلْاِنْسَانُ اِبْنُ یَوْمِه:
انسان وقت کا بندہ ہے-

• اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْکِیْرِ وَ اللّٰهُ بِالتَّدْبِیْر:
انسان سوچ میں مشغول ہوتا ہے اور اللہ فیصلہ کرنے والا ہے-

• کُلُّ اِنْسَان وَهَمَّهٗ:
ہر انسان اپنے غم میں ہے-

• اَنْفٌ فِی الْمَاءِ وَاِسْتٌ فِی السَّمَاءِ:
ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے-
یعنی کم مرتبہ انسان بلند دعوی کرتا ہے-

• اَنْفَكَ مِنْكَ وَ اِنْ کَانَ اَذَنَّ:
تیری تیری ہی ہے اگرچہ وہ پانی بہاتی ہو-
یعنی تیری قوم کے کمزور لوگ تیری مدد کے مستحق ہیں-

• اَنْفَكَ مِنْكَ وَ اِنْ کَانَ اَجْدَع:
تیری تیری ہی ہے اگرچہ کٹی ہوئی ہو-
یعنی تیرا تعلق دار اگرچہ تجھ سے ناراض ہو مگر تجھ سے وابستہ ہے-

• اَلْاَنَامُ فَرَائِسُ الْاَیَّامِ:
مخلوق حوادث کا شکار ہے-
یعنی سب نے فنا ہونا ہے-

• مَنْ تَاَنّٰی اَدْرَكَ مَا تَمَنّٰی:
جس نے تسلی سے کام کیا اس نے اپنی آرزو پالی-

• کُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِیْ فِیهِ یَرْشَحُ:
ہر برتن اپنے اندر کی چیز سے ٹپکتا ہے-

• عَلٰی اَهْلِهَا تَجْنِی الْبَرَاقِشُ:
براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کرواتی ہے-
یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے-

• آفَةُ الْمُرُوْءَةِ خُلْفُ الْوَعْد:
مروءت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے-

• آفَةُ الْجُوْدِ الْاِسْرَافُ:
سخاوت پہ آفت فضول خرچی ہے-

• آفَةُ الْحدیثِ اَلْکِذْب:
بات پر مصیبت جھوٹ بولنا ہے-

• آفةُ العِلْم اَلنِّسْیان:
علم کی آفت بھول جانا ہے-

• اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ و آخرہ نَدَمٌ:
غصہ کی ابتدا جنون اور انتہا پشیمانی ہے-

• اَوَّلُ الغَیْثِ قَطْرٌ:
بارش ایک قطرہ سے شروع ہوتی ہے-

• اَوَّلُ الشَّجَرةِ النَّواة:
درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے-

• لَسْتَ اَوَّلَ مَنْ غَرَّہ السَّراب:
تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب (میدان میں چمکتی ریت پانی دکھائی دے) نے دھوکہ دیا ہے-

• اِیْوَانِ کِسْرٰی:
نوشیروان محل:
یہ مثل عجیب و غریب قیمتی عمارت پر بولی جاتی ہے-
یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا-

ب

• اَلْبِئْرُ اَبْقٰی مِنَ الرِّشَاءِ:
کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے-

• کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِه بِظِلْفِه:
اپنی کھر کے ساتھ اپنی موت کریدنے والے کی طرح- یعنی اپنا نقصان خود کرنے والا-

• کَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْیَة:
چھری کھودنے والے کی طرح-
پنی ہلاکت خود تلاش کرنے والے کی مثال-

• اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ:
شیر سے منہ کی بدبو والا-

• اَبْخَرُ مِنْ صَقْر:
شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا-

• اَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ:
چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا-

• بَخَر الفَم:
منہ سے بدبو کا ہونا-

• اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ:
فلاں مادر سے بھی زیادہ کنجوس ہے-

• هٰذِهٖ بِتِلْكَ وَالْبَادِئُ اَظْلَمُ:
یہ (سزا) اس (عمل) کے بدلے ہے اور برائی کی ابتداء کرنے والا زیادہ ظالم ہے-

• اَبْدَی الصَّرِیْحُ عَنِ الرَّغْوَةِ:
خالص دودھ جھاگ سے الگ ہو گیا-

• کل مَبْذُوْلٍ مَمْلُوْلٌ:
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ ہو جاتی ہے۔

• بالْبِرِّ یُسْتَعْبَدُ الْحُرُّ:
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو غلام بنایا جا سکتا ہے۔

• برِئتْ قَائِبَۃٌ مِنْ قُوْبٍ:
انڈہ چوزہ سے لاتعلق ہو گیا۔
یعنی بات بہت دور چلی گئی۔

• بَرْدُ غَدَاۃٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمأ:
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے متعلق دھوکہ دیا۔

• اَبْرَدُ مِنْ غِبِّ الْمَطَرِ:
بارش کے آئندہ دن سے زیادہ ٹھنڈا دن۔

• اَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ:
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔

• اَبْرَدُ مِنْ فَلْحس:
فلحس سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔

• بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ:
بڑے خزانے سے تھوڑا۔

• اِنَّما هو كَبَرْقِ الخُلَّبِ:
وہ تو دھوکہ دینے والی بجلی کی طرح ہے۔
یعنی بادل آتا ہے مگر برستا نہیں۔

• مَا كُلُّ بَارِقَۃٍ تَجُوْدُ بِمَائِهَا:
ہر چمکتا بادل اپنا پانی نہیں برساتا۔

• عَسَى البَارِقَۃُ لا تُخْلِفُ:
امید ہے کہ چمکتا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔
احسان کی امید پر یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

• اَلَّذِىْ لا يُبْصِرُ مِنَ الغِرْبَالِ يَكُوْنُ اَعْمٰى:
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔

• اَبْصِرْ وَ سَمِّ قَلْعَكَ:
دیکھو اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف توجہ دلانا۔

• اَبْصَرُ مِنْ عِقَابٍ:
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ:
گدھ سے زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ:
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔

• اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ اليَمَامَۃِ:
یمامہ کی زرقاء سے زیادہ تیز نظر۔
زَرْقاء تین یوم کی مسافت سے دیکھ سکتی تھی۔

• لايُبِضُّ حَجَرُہ:
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (اثر) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔

• اَبْطأ مِنْ غُرَابِ نُوْحٍ:
نوح کی کوے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔

• اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَرٍ:
نعمان بن منذر کے لشکر دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔

• بَطْنِي عَطَّرِي و سَائِرِي ذَرِيْ:
میرے پیٹ کو خشبو لگاؤ اور باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو۔
اہم کو کرنے اور غیر اہم چھوڑنے کے لیے یہ ضرب مثل ہے۔

• اَلبِطْنَۃُ تَأْمِنُ القطنه:
زیادہ کھانا سمجھ کو ختم کرتا ہے۔

• مَا اَبْعَدَ مَافَاتَ وَ مَا اَقْرَبَ مَا يَأْتِي:
جو فوت ہو گیا وہ دور گیا اور جو آئے گا بہت قریب ہے۔

• اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ:
ثریا ستارے سے زیادہ دور۔

• اَبْعَدُ من بيضِ الاَنُوْقِ:
عقاب کے انڈوں سے بھی زیادہ دور
یعنی ناحاصل ہونے والی چیز۔

• اَبْعَدُ مِنْ بَنَاطِ الثُّرَيَّا:
ثریا پر لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

• اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الْعَيُوْقِ:
عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دور۔

• اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ:
دوری ایک ظلم ہے۔ دور رہنے سے محبت میں کمی ہوتی ہے۔

• رُبَّ بَعِيْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِيْبٍ:
کئی دفعہ دور والا نزدیک والے سے زیادہ فائدہ میں ہوتا ہے۔

• اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ:
ہمارے علاقہ میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے
یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزیز بن جاتا ہے۔

• اِنْ تَبْغِ عَلَيْكَ قَوْمُكَ لا يَبْغِ عَلَيْكَ القَمَرُ:
اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔
یہ مثل ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنے پروی گئی ہے۔

• مِن اِبْتِغَاءِ الْخَیرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ:
برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے-

• عَلَی البَاغِی تَدُوْرُ الدَّوَائِرُ:
ظالم پر ہی مصائب (آفات) گرتی ہیں-

• کَمُبْتَغِی الصَّیدِ فِی عَرِیْسَۃ الاَسَدِ:
شیر کی رہائش میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح-
غیر محل میں یا محال چیز کو تلاش کرنے والے کے لئے مثل ہے-

• بَقْبَقَۃٌ فِیْ زَقْزَقَۃٍ:
ہنسی میں شور و غل- یعنی لایعنی اور فضول گپ سے بولنا-

• بَقْلُ شَھْرٍ وَ شَوْکُ دَھْرٍ:
ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا-
یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی-

• مَا اَسْتَبْقَاکَ مَنْ عَرَّضَکَ لِلْاَسَدِ:
جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا- اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر ابھارے-

• لاَ یَبْقٰی شَیْیٌ عَلٰی حَالِہ:
کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی-

• بَقِّ نَعْلَیْکَ وَ ابْذُلْ قَدَ مَیْکَ:
اپنے جوتے محفوظ رکھو اور اپنے قدم مصروف رکھو-
یعنی محنت کرو اور مال بچاؤ تاکہ حالات درست ہوں-

• اَبْقٰی مِنْ وَحْیٍ فِی حَجَرٍ:
پتھر پر لکھی ہوئی دانائی سے بھی زیادہ باقی رہنے والا-

• اَبْقٰی من العَصْرین:
صبح و شام سے زیادہ باقی رہنے والا-
یعنی صبح اور شام میں تبدیلی نہیں آتی-

• اَبْقٰی مِنَ النَّسْرَیْن:
نسر طائر اور نسر واقع دو ستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا-

• اَبْقٰی مِنَ الدَّھْرِ:
زمانہ سے زیادہ دیر باقی رہنے والا-

• اَبْقٰی مِنَ الْحَجرِ:
پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا-

• بَاکِرْ تَسْعَدْ:
جلدی صبح اٹھا کر و نیک نصیب ہو جاؤ گے-

• اَبْکَرُ مِنَ الغُرابِ:
کوے سے بھی زیادہ جلدی صبح اٹھنے والا-
کوا سب پرندوں سے پہلے بیدار ہوتا ہے-

• مَا تَبُلُّ اِحْدٰی یَدَیْہِ الْاُخْرٰی:
اس کا ایک ہاتھ دوسرے کو تر نہیں کرتا-
یعنی کنجوس اپنے آپ کو بھی نفع نہیں دیتا-

• بَلَغ مِنْہُ الْمُخَنَّقُ:
وانتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے-
مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے-

• بَلَغَ الحِزَامُ الطِّبْیَین:
تنگ پستان تک پہنچ گیا-
مراد معاملہ انتہاء کو پہنچ چکا-

• بَلَغ اَسَّیْلُ الزُّبٰی:
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا-
مراد: لوگ حد سے گذر چکے-

• بَلَغ السِّکِّیْنُ العَظْم:
چھری ہڈی تک پہنچ گئی-
مراد معاملہ خرابی تک چلا-

• بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَنَ:
خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا-
شر کے پھیل جانے کے لئے مثل ہے-

• لَوْ بَلَغ الرِّزْقُ فَاہُ لو لاّہ قَفَاہ:
اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ تو پھر بھی منہ پھیر لے گا- محروم کے لیے مثل ہے-

• مَا عَسٰی اَنْ یَبْلُغ عَضَ النَّمْلِ:
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا-
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو-

• اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ:
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے- قس دنیا عرب میں سب سے اول اَمَّا بَعْد اور اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِی والیمین علی من انکر بولنے والا ہے-

• اَبْلَہُ مِنَ الحُبارٰی:
حباری سے بھی زیادہ بے سمجھ- یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے-

• اِنَّ البلاء مُوَکَّلٌ بالمَنْطَقِ:
مصیبت بولنے پر لگائی گئی ہے-

• اَلبَلاَیا عَلَی الحَوَایا:
آفات حوایا (اونٹ کی کوہان پر نمدہ) پر بھی آتی ہیں-
یعنی تقدیر کے سامنے کسی کا زور نہیں-

• بَنَانُ کَفٍّ لَیْس فیھا سَاعِدٌ:
ہاتھ پر انگلیاں موجود ہیں اس میں کلائی نہیں- یعنی طاقت موجود مگر ہمت

مفقود-

• اَنَا اِبنُ جَلا:

میں مشہور و معروف ہوں-

• اَنَا اِبنُ جَلا وَطَلاَّع اشّنایا. متی اَضَعُ العَمَامَۃ تعرفونی

میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا- جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لو گے-

• رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیسَ بِابنِ عَمٍّ:

کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے- یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی ہے-

• بِنتُ صَفَا تَقُوْلُ عَنْ سَماعٍ:

بنت صفا (بازگشت) ہر آواز کا جواب دیتی ہے-

ہر دعوت قبول کرنے والے کے لئے مثل ہے-

• یَبْنِی قَصْراً وَ یَھْدِمُ مِصْرًا:

محل بناتا ہے اور شہر گراتا ہے-

یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی-

• اَبْھٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ:

چاند سورج سے زیادہ خوبصورت-

• بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَۃً:

ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروادیا-

اس قوم کے لئے مثال جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں-

• بالَتْ بَیْنَھُم الثَعَالِبُ

ان کے درمان لومڑی نے پیشاب کر دیا-

اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد واختلاف ہو جائے-

• لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَۃِ خَیْرٌ مَا تَرَکَھا الصَیَّادُ:

الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا-

• بَیْتِی یَبْخَلُ لاَ اَنَا

میرا گھر کنجوسی کرتا ہے میں نہیں-

یعنی گھر خالی ہے-

• اَبَادَ اللّٰہ خَضْراءَ ھُم:

اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی برباد کرے-

بددعاء ہے-

• کَانَتْ بَیْضَۃُ الدِّیْك:

وہ مرغ کا انڈہ تھی- یعنی عرب عقیدہ کے مطابق مرغ ایک دفعہ انڈہ دیتا ہے- اب وہ چیز نایاب ہو گی-

• بَیْضَۃُ الیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجَاجَۃِ الغَدِ

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے-

بَیْضَۃُ البَلَدِ: شہر کا بڑا آدمی

• دُوْنَہٗ بَیضُ الْاَنُوق:

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے- نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے-

• ما کل بیضاء شَحْمَۃٌ و لاکُلّ سَوداءَ تَمرَۃٌ:

ہر سفید چیز چربی نہیں ہوتی اور نہ ہر سیاہ چیز کھجور ہوتی ہے-

• مَنْ بَاعَ لِعِرضہ اَنفَقَ:

جو شخص اپنی عزت فروخت کرے گا وہ اس کی قیمت پالے گا یعنی کسی کو برا کہنے سے خود برا سنے گا-

• بِعْتُ جاری وَ لَمْ اَبِعْ دَارِیْ:

میں نے اپنا پڑوسی فروخت کیا ہے گھر نہیں فروخت کیا-

• لا تبعْ نَقْدًا بِدَیْنٍ:

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر-

• قد بَیَّنَ الصُبْحُ لذی عَیْنَیْنِ:

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہو گئی-

• اَبْیَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبحِ او فَرَقِ الصُّبْحِ:

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن-

• اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرا:

بعض بیان جادو اثر والے ہیں-

ت

• اَنَاتَئِقٌ وَ اَنْتَ مَئِقٌ فَکَیْف نَتَّفِقُ:

میں غصے والا ہوں اور تم گھبرانے والے ہو ہم میں کیسے اتفاق ہو گا- دو مختلف عادات لوگوں کے لئے ہے-

• اِتَبِعِ الفَرَسَ لِجَامَھَا وَالنَّاقَۃَ زِمَامَھا

گھوڑے کے ساتھ لگام اور اونٹنی کے ساتھ نکیل بھی دو- یعنی مکمل احسان کے لئے اصل کے ساتھ متعلق اصل بھی دو-

• اِتبعْ الدَّلْوَ بالرِّشَاءِ:

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو-

• اَتبَعُ مِنَ الظِّلِّ:

سایہ سے بھی زیادہ پیچھا کرنے والا-

• لَوَ اتَّجَرْتَ بِالْاَکْفَان مامات اَحَدٌ:

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا-

• لاَ تِجَارَۃَ کَالْعَمَلِ الصَّالِح:

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہو سکتی-

• تَرَكَ ظَبْیٌ ظِلَّہٗ:

ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا-

وہ شخص جو آرام چھوڑ کر تنگی میں چلا جائے-

• تَرکْتُہ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَۃِ:

میں نے اس کو صاف ہتھیلی پر چھوڑا۔
یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا۔

• ترکتُه علی مثل مشغر من الاسدِ:
میں نے اس کو شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا۔

• ترکتهُم فی حیص بیص او حیصٍ بیصٍ:
میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔
کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

• ماترکَ الاوّلُ للاخرِ شیئا:
پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔

• مَن ترکَ الشهواتِ عاش حُرّاً:
جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزادزندگی گذاری۔

• لو ترک القطا لیلاً لنام:
اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔
یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا وہ ظلم کرنے لگے۔

• لا یترُکُ السّاقَ الاّ مُمسکاً ساقاً:
وہ ایک تنا چھوڑدے تو دوسرے کو پکڑ تا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

• لا یترُکُ الظّبیُ ظلّهُ:
ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑ تا۔ مراد: مانوس چیز کو لازم رکھنا چاہئے۔

• اُترُکِ الشّرّ یترُکُکَ:
تم شر (برائی) کو چھوڑدو وہ (برائی) تجھے چھوڑدے گی۔

• ترکُ الجوابِ علی الجاهلِ جوابٌ:
جاھل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

• ترکُ مالایَصلُحُ اَصلَحُ:
جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

• اذا تمَّ العقلُ نقصَ الکلامُ:
جب عقل مکمل ہوجاتی ہے تو کلام کم ہوجاتی ہے۔

• تمامُ الرّبیعِ الصّیفُ:
موسم بہار کے پورے ہونے پر گرم شروع ہوتی ہے۔

• اَتمُّ مِن قمرِ التّمِّ:
پورے چاند (بدر) سے بھی زیادہ پورا۔

• اَلتمره والجمره
(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان

• اَلتّائبُ مِنَ الذّنبِ کمَن لاَ ذنبَ لهٗ:
گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

• تاجُ المُروّةِ التّواضُعُ:
عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

• اَتیهُ مِن قومِ موسیٰ:
قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

• ثاطّةٌ مُدّتْ بماءٍ:
سڑی بدبودار کیچڑ پانی کے ساتھ ملادی گئی۔

• اثبتُ فی الدّارِ مِن الجوارِ:
گھر میں دیوار سے بھی حمار کہنے والا۔

• اثبتُ مِن الوَسمِ:
گوندنے کے نشان سے بھی زیادہ پائیدار

• مالهُ ثاغیةٌ ولاراغیةٌ:
اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

• اثقلُ مِن رَضویٰ:
رضوی (مدینہ کے پہاڑ) سے بھاری۔

• اثقلُ مِن تودٍ:
بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

• ثکلتکَ اُمُّکَ ایَّ جرد ترقعُ:
تیری تجھ کو روئے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگارہا ہے یعنی بے نفع آد

• الثّکلی تُحبُّ الثّکلیٰ:
گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو پسند کرتی ہے۔

• لا یُثمرُ الشّوکُ العنبَ:
کانٹا انگور کو پھل نہیں دیتا۔

• ثمره الجُبن لا رِبحٌ ولا خُسرٌ:
بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

• لکلِّ ثوبٍ لابسٌ:
ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

• ثار حابلهم علی نابلهم:
ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

• الثورُ یَحمِی انفه بروقه:
بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

• اَجبنُ مِن نُعامَةٍ:
شتر مرغ سے زیادہ بزدل۔

• اجبنُ مِن صافرٍ:
صافر سے زیادہ بزدل۔
ساری رات سیٹی بجانے والا بزدل پرندہ۔

• اِنَّ الجَبَانَ حَتفُہٗ مِنْ فَوْقِہٖ:
بزدل کی موت اوپر سے آتی ہے۔
یعنی نامرد انسان بھی موت کا شکار ہوتا ہے۔
• بجبھَۃِ الصِیْرِ یُفْدٰی حَافِرُ الفَرَسِ:
گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔
• اَنحجِشْ لَمَّا فَاتَکَ الاَعْیَارُ:
جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔
• قد جدَّ اشیاعُکم فَجِدُّو
تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو۔
• مَنْ جَدَّ وَجَدَ:
جس نے کوشش کی اس نے پالی۔
• جدَّ لِاِمْرِیٔ یجدُّلَکَ:
تم کسی آدمی کے لئے کوشش کرو وہ تمہارے لیے کوشش کرے گا۔
• جدُّکَ یَرْعٰی نَعْمَکَ:
تیری کوشش تیرے چوپایوں کو چراتی ہے۔
• جدُّکَ لا کَدُّکَ:
تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں۔
• کُلُّ جدَّۃٍ سَتُبْلِیْھَا عِدَّۃٌ:
ہر نئی چیز عن قریب اس کو مرور ایام بوسیدہ کر دیں گے۔
• نِعمَ الجُدُوْدُ وَ لکن بِئسَ مَا خَلَفُوْا:
آباء واجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی۔
• لا جدِید لِمَنْ لاخَلَق لَہٗ:
جس کے پاس پرانہ نہ ہو وہ نیا کہاں سے لائے گا۔
• جُدَیْدَۃٌ فی لُعَیْبَۃٍ:
سنجیدگی والی بات کھیل کے انداز میں۔
• مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجَعَ:
جو قحط زدہ ہو جائے گھاس تلاش کرتا ہے۔
• وَ بعْضُ الجَدْبِ اَمْرأُ لِلْھُزَیْلِ:
بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے۔ یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے۔
• جَدَحَ جُوَیْنُ مِنْ سویق غَیْرِہٖ:
جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے۔
• اَجْدٰی مِنَ الغَیْثِ فِی اَوَانِہٖ:
بروقت بارش سے زیادہ نفع مند۔
• جذْبُ الزِمَامِ یَرِیْضُ الصِّعَابَ:
لگام کھینچنا بے سدھے کو سدھا دیتا ہے۔
• جذَلُ حِکَاکٍ:
خارش کرنے کی لکڑی: اس سے مراد عقلمند آدمی کی درست رائے۔
• اَنَا بُذَیْلُھا المُحَلّکُ و عُذَیقُھا المُرَجَّبُ:
میں ان کی خارش دور کرنے والی لکڑی اور چبوترے والا کھجور کا درخت ہوں۔
• کَلٌّ یَجُرُّ النَّارَ اِلیٰ قُرْصِہٖ:
ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے۔
• اَجْرأُ مِنْ اُسَامَۃَ:
اسامہ (شیر کا نام) سے زیادہ بہادر ہے۔
• اَجْرأُ مِنْ لَیْثٍ بِخفّانَ:
خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر۔
• اَجْرأُ مِنْ ذُبَابٍ:
مکھی سے زیادہ جرأت والا نہ مکھی ہر چھوٹے بڑے کے جسم پر بیٹھتی ہے۔
• اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَۃ:
گنجے کے خالی بال سر سے بھی زیادہ ننگا۔
• اَجْرَدُ صَخْرَۃٍ:
پتھر سے زیادہ صاف۔ اس واسطے کہ اس پر کوئی زراعت نہیں ہوتی۔
• کَجَرادٍ لا یُبْقِی وَلَایَذَرُ:
ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔
• جَزْعٌ وَ اَوْشَالٌ:
سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔
• اَلجرعُ اروی وَالْوَشِیْفُ اَنْقَعُ:
زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے اور لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔
• لاجُرْمَ بَعْدَ النَّدَامَۃِ:
پشیمانی کے بعد کوئی جرم نہیں۔
• اذا جَرَی المُذَکّی حَسَرَتْ عَنْہُ الحُمُرُ:
جب طاقتور گھوڑا چلتا ہے تو گدھے پیچھے رہ جاتے ہیں اصحاب خوبیوں کے لئے مثل ہے۔
• یَجْرِیْ بُلَیْقٌ وَ یُذَمُّ:
بلیق نامی گھوڑا دوڑتا ہے پھر بھی مذمت کیا جاتا ہے۔
• تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَالا تشتَھِی السُّفُنُ:
ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔
• اَجْرِالاُمُوْرِ عَلٰی اذْلَالِھَا:
کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔
• جَرْیُ المُذَکَّیَاتِ غِلَاءٌ:
اچھے گھڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔
• اَلْجزَعُ عندالمُصِیبَۃِ مُصِیبَۃٌ اُخْریٰ:

مصیبت کے وقت گھبراہٹ دوسری مصیبت ہے۔

- جزاہُ جزاءِ سِنمار:

اس کو سنمار جیسی سزا دی، نعمان بن امرأ القیس نے اپنے معمار سنمار اس کے بنائے محل سے گرا دیا تا کہ دوسرا محل نہ بنائے۔

- جَزیتُہٗ کَیلَ الصَّاعِ بالصّاعِ:

میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا۔

- هذا جزاءُ مُجیرِ اُمِّ عامرٍ:

یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

- اَلجزاءُ مِنْ جِنسِ العَمَلِ:

عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

- تَجشّأ لُقمانُ مِن غَیرِ شِبعٍ:

لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

- جَعجَعةً وَلاَ اَرٰی لَهاطِحنًا:

چکی کا شور مگر آٹا نظر نہیں آتا۔

- مَنْ جَعَلَ نَفْسَه عَظْمًا اَكَلَتْهُ الكِلاَبُ:

جو اپنے آپ کو ہڈی بنالے اس کو کتے کھاتے ہیں۔

- لاتَجعَلْها بَیْضَةَ الدِّیْكِ:

اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔
مشہور ہے کہ زندگی میں مرغا ایک دفعہ انڈا دیتا ہے۔

- زُرْتنا مَرَّةً فی الدهر واحدة ثَنِّیْ ولا تجعلیها بَیْضَة الدِّیْكِ:

اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

- جِلْدُ الخنزیرِ لاَ یَنْدَبِغْ:

خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

- اَجْفٰی مِنَ الدَّهْرِ:

زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

- تَحتَ جِلْدِ الضَّأنِ قَلْبُ الاَذْؤبِ:

بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیئے کا دل۔

- جَلِیسُ المَرْأِ مِثْلُه:

آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے۔

- جَلّٰی مُحِمًّا نَظْرُهٗ:

دوست اس کی نظر نے ظاہر کر دیا۔

- لایُجْمَعُ سَیفَانِ فِی غِمْدٍ:

ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

- مَا یَجْمَعُ بین الاَرْوٰی وَالنَّعَامِ:

پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔
یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

- اجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ:

چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

- مَنْ اَجْمَلَ قِیْلاً سمِعَ جَمِیْلاً:

جو اچھی بات کرے گا اچھی سنے گا۔

- اَلْجَملُ مِنْ جَوْفِه یَجْتَرُّ:

اونٹ اپنے منہ سے جگالی کرتا ہے۔ یعنی انسان اپنے کسب سے روزی کھاتا ہے۔

- اَلْجُنونُ فُنُوْنٌ:

جنون کی کئی اقسام ہیں۔

- لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ:

ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

- لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ:

ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ یعنی موت ہے۔

- جَنَتْ عَلٰی اَهْلِها بَراقشُ:

براقش کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

- اِنَّكَ لاَ تَجْنِی مِنَ الشَّوْكِ العِنَبَ:

تم کانٹوں سے انگور نہ چنو گے۔

- اَجْناءُ هَا اَبْنَاؤُها:

جرم کرنے والے اسی کے معمار ہیں۔
بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے پر یہ مثل دی جاتی ہے۔

- هَلْ یَجْهَلُ فَلاَنًا الاَمَنْ یَجهَلُ القَمَرَ:

فلاں سے ناواقف وہی ہوگا جو چاند سے ناواقف ہو۔

- اَلْجَهْلُ مَطِیَّةٌ مَنْ رَكِبَها ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَها ضَلَّ:

جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہوگا ذلیل ہوگا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہوگا۔

- اَلْجَهْلُ شَرُّالاَصْحَابِ:

جہالت بدترین ساتھی ہے۔

- اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ:

بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

- اَجْهَلُ مِنْ فَراشَةٍ:

پروانہ سے زیادہ جاہل وہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیتا ہے۔

- عند جُهَینَةَ الخَبَرُ الیَقِیْنُ:

حصینہ کے پاس یقینی خبر ہے- حصین نامی شخص نے اپنے میزبان کو قتل کرد تو اس کے ساتھی نے اس کو قتل کر دیا تو بیوی نے حصین کے متعلق تو قاتل ساتھی یہ فقرہ بولا- معاملہ کی حقیقت معلوم ہونے پر بولا جاتا ہے-

• اَجْوَدُ مِن حَاتِم:
حاتم سے زیادہ سخی-

• اِنَّ الجَوَادَ قد یَعْثُرُ:
اصیل گھوڑا کبھی غلطی کر لیتا ہے-
یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے-

• اِنَّ الجواد عَیْنُہ فرارُہُ:
اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے-

• لِکُلِّ جَوَادٍ کَبْوَۃٌ:
ہر اصل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے-

• جَاوِرْ مَلِکًا اَوْ بَحْرًا:
بادشاہ کا پڑوسی بن یا سمندر کا-
دولت اہل ثروت سے حاصل ہوتی ہے-

• کَمُجِیْرِ اُمِّ عَامِرٍ:
بجو کو پناہ دینے والے کی طرح-
ایک اعرابی نے بجھو کو پناہ دی اور دودھ پلایا' بجھو نے اعرابی کو قتل کر دیا-

• مَنْ یَصنَعِ المَعْرُوْف مع غیر اَھْلِہِ:
یلاقی الذی لاقی مُجیرُ اُمِّ عامر:
جو نااہل سے حسن سلوک کرتا ہے اس کے ساتھ وہی ہوگا جو بجھو کو پناہ دینے والے کے ساتھ ہوئی-

• الْمستجیر بعمرو عند کُربَتِہ. کَالْمُسْتَجِیْرِ من الرَّمْضاءِ بالنَّار:
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا-

• اَلْجَارَ ثم الدَّارَ:
پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو-

• الرَّفِیقَ قَبْلَ الطریق:
راستہ سے پہلے ساتھی کو دیکھو-

• جَارُکَ الْاَدْنی لایَعْلُکَ الاَقْصٰی:
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا-

• جاوز الحِزَامُ الطِّبْیَیْنِ:
تنگ پستان سے گذر گیا معاملہ بڑھ گیا-

• تَجُوعُ الحُرَّۃُ وَلا تَاْکُلُ بثدیھا:
آزاد عورت بھوک مرتی ہے لیکن اپنے پستان کی کمائی نہیں کھاتی یعنی دایہ نہیں بنتی-

• اَجِعْ کَلْبَکَ یَتْبَعْکَ:
اپنے کتے کو بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا-

• اَجْوَعُ مِنْ ذُوالۃ (الذنب)
بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا-

• اَجْوَعُ مِنْ کَلْبَۃِ حَوْمِلِ:
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا-

• اَجْوَعُ مِنْ قُرادٍ:
چیچڑی سے زیادہ بھوکا-

• مَنْ جَالَ نَالَ:
جو کوشش کرتا ہے پالیتا ہے-

• اَجْول مِنْ قُطْرُب:
قطرب جانور سے زیادہ چکر لگانے والا-

• جَوْلَہ بَاطِلٍ سَاعَۃٌ وَجَوْلَہ الحق الی قیام الساعۃ:
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے-

• جَاءَ بِمُطْفِئَۃِ الرَّضْفِ:
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا لایا-

• جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ:
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا-

• جَاءَ الصِیَانُ فالوی بالاسانید:
مشاہدہ آیا او اسانید کو لے گیا-

• جَاءَ بماصأی وَ صَمَتَ:
وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا-

• جَاءَ بِقَرْنَی حِمَارٍ:
وہ گدھے کے دو سینگ لایا-
یعنی جھوٹ اور ناممکن-

• جاء بذَاتِ الرعَكِ و الصَّلِیْلَ:
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا-

• جَاءَ نَا ثِرًا اُذُنَیْہِ:
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا-

• جَاءَ نافِشًا عِفْرِیْتَہ:
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا-

• جَاءُ وَ عَلی بَکْرَۃِ اَبِیھم:
وہ سارے کے سارے آگئے-

• اذا جَاءَ الحَیْنُ حَارَتِ العُیُون:
جب موت آئی تو آنکھیں حیران ہوں گی-

• اذا جاء القَدَرُ. غَشی البصر:

جب تقدیر آجائے تو آنکھ اندھی ہو جاتی ہے۔

• جَاءُ و اقضًا قَضِیضا:
وہ سارے کے سارے آگئے۔

• جاء القَوْمُ قضهم و قضیضهم:
قوم اور ساری کی ساری آگئی۔

• جیفة لا تعکر بحراً:
ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

ح

• مَنْ احبَّ شیأ اکْثرَ ذِکْره:
جو کسی چیز سے پیار کرے اس کو زیادہ یاد کرتا ہے۔

• لا اُحِبُّ دَمِیْ فِیْ طَسْتِ ذَهَب:
میں اپنا خون سونے کے طشت میں پسند نہیں کرتا۔

• حُبُّكَ الشیء یُعْمِیْ وَ یُصِمُّ:
تمہاری کسی چیز سے محبت اندھا اور بہرہ بنا دیتی ہے۔
اس کا مفہوم درج ذیل شعر میں ہے۔

• وَ عینُ الرِّض عَنْ کُلِّ عَیب کُلیْلَةٌ:
ولکن عَینُ السَّخطِ تُبدي المَسَاوِیَا:
پسند کی نگاہ ہر عیب سے بند ہوتی لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو ظاہر کرتی ہے۔

• اَلْحُبُّ اعْمی:
محبت اندھی ہوتی ہے۔

• لَیس فِی الْحُبِّ مَشْوَرَةٌ:
محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔

• احبُّ شَیٍ اِلَی الْاِنسان ما مُنِعا:
سب سے محبوب چیز انسان کو وہ ہے جس سے روکا جائے۔

• رَئَیتُ النَّفْسَ تَکْرَه مالدیها. وَ تَطْلُبُ کُلَ مُمْتَنِعٍ عَلَیْهَا:
میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز پر راضی نہیں ہوتا اور ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے۔

• مِن الحبَّة تَنْشأ الشَّجرَةُ:
دانہ ہی سے درخت پیدا ہوتا ہے۔

• کُلُّ حبَّةٍ لها کَیَّالٌ:
ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا ہے۔

• حبْلُك علیٰ غاربِك:
تیری رسی تیرے کندھے پر ہے۔
یعنی تو اپنے کام میں آزاد ہے۔

• رُبَّ حَثِیْثٍ مَکِیْثٌ:
بہت سے جلد باز لیٹ ہونے والے ہیں۔

• مافِی الحَجَر مَبْغًی:
پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں۔
قلت خیر کے لئے بولا جاتا ہے۔

• اَلْمُحاجَزةُ قَبْلَ المُناجَزةِ:
لڑائی سے بچاؤ لڑائی سے پہلے ہے۔

• انَّ الحدِیْدَ بالحَدِیْدِ یُفْلَحُ
لوہا لوہے سے کاٹا جاتا ہے۔

• وَ یَحْدثُ مِنْ بَعْض الاُمُور اُمُوْرٌ:
باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔

• حدِّثْ عَنْ معْنٍ ولاَ حَرَجَ:
معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔
وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

• حدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلاَ حَرَج:
سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔

• حدِیْثُ خرَافَةَ: خرافہ کی بات
خرافہ نامی آدمی پر جن ایک دن مسلط رہے۔لوگوں نے اس کی بات تسلیم نہ کی۔ہر نا قابل تسلیم بات کو خرافہ کی بات کہا جاتا ہے۔

• اَلْحدِیْثُ ذُوشُجُو:
بات کی مختلف شاخیں ہیں۔

• اَلْحَادِیْ وَلَیْس لَهُ بَصِیْرٌ:
ہانکنے والا اور اس کے لئے اونٹ نہیں۔
یعنی ناحق کی طرف منسوب کے لئے ہے۔

• اَلْحذَرُ اَشَدُّ مِنَ الوقِیْعَة:
ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔

• انَّ الحذر لاَ یَدْفَعِ الْمَقْدُوْرَ:
احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتا۔

• اَحْذَر مِنْ قِرْلیَ:
قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔
یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا۔

• اَحْذَرُ مِن غُراب:
کوے سے زیادہ محتاط۔

• اَحْذَرُ مِنْ ذِئب:
بھیڑیے سے زیادہ چالاک۔

• کُلُّ الحِذاء یَحْتوی الحافِی الوَقِعُ:
ننگے پاؤں دریاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔

- اَلْحُرُّ حُرٌّ وَ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ:
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔

- حَرَّةٌ تَحْتَ قِرَّةٍ:
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔

- اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْغَضَا:
غضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔

- اَحَرُّ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ گرم۔

- اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ:
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔

- اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَاتِ:
سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔

- اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ:
لڑائی دھوکہ ہے۔

- اَلْحَرْبُ سِجَالٌ:
لڑائی میں رد عمل ہے۔

- اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ:
لڑائی ظالم ہے۔

- اَحْرَزَ امْرَأً اَجَلُهُ:
موت نے آدمی کو ذخیرہ کر لیا۔

- اَحْرَسُ مِنْ كَلْبٍ:
کتے سے زیادہ نگہبان۔

- اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ:
لالچ محرومی کی قائد ہے۔

- اَلْحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ:
لالچی محروم رہتا ہے۔

- اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَةٍ:
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔

- لَيْسَ الْحَرِيْصُ بِزَائِدٍ فِي رِزْقِهِ:
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔

- اِنَّهُ لَيُحَرِّقُ عَلَيَّ الْاُرَّمَ:
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ یعنی غصہ کرتا ہے۔

- حَرِّكْ لَهَا حُوَارَهَا تَحِنَّ:
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے وہ بولے گی۔

- اَلْحَرَكَةُ بَرَكَةٌ:
حرکت میں برکت ہے۔

- اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّيْتَ وَ تَرْكُ مَا كُفِيْتَ:
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔

- اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ:
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔

- اَحْزَمُ مِنَ الْعِرْبَاءِ:
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

- لَا يَحْزُنْكَ دَمٌ هَرَاقَهُ اَهْلُهُ:
تجھے وہ خون غم میں نہ ڈالے جس کو اس کے اہل نے بہایا ہو۔

- يَحْسِبُ الْمَطْوُرُ اَنَّ كُلاً مُطِرَ:
بارش زدہ خیال کرتا ہے کہ ہر ایک پر بارش ہوئی ہے۔

- لَا حَسَبَ كَالتَّوَاضُعِ:
تواضع جیسی شرافت نہیں۔

- حَسْبُكَ مِنْ غِنًى شِبَعٌ وَ رِيٌّ:
سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔
یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔

- حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سِمَاعُهُ:
تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔

- اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَبِ:
حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔

- مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ حَسُنَ عَيْشُهُ:
جس کا گمان اچھا ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی۔

- حَسَنٌ فِي كُلِّ عَيْنٍ مَا تَوَدُّ:
ہر آنکھ میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ پسند کرے۔

- حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ:
اچھا گمان ایک بھنور ہے۔ یعنی حسن ظن کی بناء پر دھوکہ ہوتا ہے۔

- لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ:
ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔

- اَلْحَسَنَةُ بَيْنَ السَّيِّئَتَيْنِ:
نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔
یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔

- اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا الْمُقْبِلَةِ:
آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔

- اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ:
آگ سے زیادہ خوبصورت۔

- اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤُسِ:
مور سے زیادہ خوبصورت۔

- اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِكَةِ:
برمکی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

• اَحسَنُ مِنَ الشَّمسِ وَالْقَمرِ:
سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت۔

• اَلْاِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ:
احسان زبان کو بند کرتا ہے۔

• اَحُشُّكَ وَ تَرُوْثُنِي:
میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے۔

• اَحَشَفًا وَ سُوءَ كِيْلَةٍ:
ایک تو ردی کھجور اور دوسرا کم پیمانہ۔
یعنی دوطرفہ ظلم۔

• اَلْحَصَاةُ مِنَ الْحَبْلِ:
کنکری پہاڑ کا ایک جز ہے۔

• كُلٌّ يَحْتَطِبُ فِي حَبْلِهِ:
ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسی باندھتا ہے۔

• كَحَاطِبِ لَيْلٍ:
رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح۔

• حَظٌّ فِي السَّحَابِ وَ عَقْلٌ فِي التُّرَابِ:
نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں۔

• حَظٌّ جَزِيْلٌ بَيْنَ شِدْقَي ضَيْغَمٍ:
بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان۔
بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔

• اَلْاَحْظِيَّةَ فَلاَ اَلِيَّةَ:
صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔
اس مثل کی پوری عبارت یوں ہے۔

• اِنْ لَمْ تَكُونُوا حَظِيَّةً وَلا تكونِيْ اَلِيَّةً (مُقَصِّرَةً)
اس کا ترجمہ بالا نمبر میں تحریر ہو چکا۔

• مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِيْهَا:
جس نے کسی کے لئے گڑھا کھودے گا اس میں گرے گا۔

• مَنْ حفرَ حَفِيْرًا لِاَخِيْهِ كَانَ حَتْفُه فيه:
جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

• يَحْفَظُ اَخَاكَ اِلاَّ مِنْ نَفْسِه:
اپنے بھائی کی حفاظت کر سکتا ہے مگر اس کی جان سے۔
یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا۔

• حَفِظْتَ شَيْئاً وَ غَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءُ:
ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہوگئیں۔

• حَافِظْ عَلَى الصَّدِيقِ وَ لَو فی الحريق:
دوست کی حفاظت کر اگرچہ آگ میں۔

• اِحْفَظْ ما فی الوِعَاءِ لِشَدِّ الوِكَاءِ:
جو برتن میں ہے اس کی حفاظت کر تسمہ باندھنے سے۔

• اَحْفَظُ مِنَ الارضِ:
زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔

• اَلْحَفِيظُ تُحَلِّلُ الْاَحْقَادَ:
غیرت دشمنی کو ختم کر دیتی ہے۔
یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے۔

• عند الشَّدَائِدِ تَذْهَبُ الاحْقَادُ:
سختیوں کے وقت مصائب ختم ہو جاتے ہیں۔

• حَقٌّ يَضُرُّ خَيْرٌ مِنْ بَاطِلٍ يَسُرُّ:
تکلیف دہ حق خوش کن باطل سے بہتر ہے۔

• اَلْحَقُّ خَيْرٌ مَا يُقَالُ:
حق اچھی چیز ہے جب تک کہا جائے۔

• اَلْحَقُّ اَبْلَجَ وَالْبَاطِلُ اَلْجَلَجُ:
حق روشن ہے اور باطل خراب ہے۔

• هذا حَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرْكٍ:
یہ مقام چھوٹنے کے مقامات میں سے اچھا ہے۔

• اَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ:
اونٹ سے زیادہ کینہ والا۔

• مَنْ حَقَرَ حَزِمَ:
جس نے حقیر سمجھا وہ محروم رہا۔

• اَحْقَرُ مِنَ التُّرَابِ:
مٹی سے زیادہ حقیر۔

• مَا حَكَّ جِلْدَكَ مِثْلُ ظُفْرِكَ:
تیرے جسم کو تیرے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی

• اذا حَكَكْتُ قَرْحَةً ادمَيْتُها:
میں نے جب کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکالا۔
یعنی جب بھی کام شروع کیا اس کو مکمل کیا۔

• تُحَكِّكَتِ العَقْرَبُ بِالاَفْعىٰ:
بچھو سانپ سے ٹکرایا۔
یعنی اپنے سے زیادہ طاقتور سے ٹکرانا۔

• اَحْكَمُ مِنْ لُقْمَانَ:
لقمان سے زیادہ دانا۔

• اَلْحِكْمَةُ ضَالَّةُ المُؤْمِنِ:
دانائی مومن کی گمشدہ چیز ہے۔

• اذا حَلَّتِ المَقَادِيرُ بَطَلَتِ التَّدْبِيرُ:
تقدیریں اتر آئیں تو تدبیر بیکار ہوگئی۔

• اَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الاُمِّ:

ماں کے دودھ سے زیادہ حلال-

• حلب الدّهر اشطُره:
اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے-
یعنی خیر و شر کو آزمایا ہے-

• حلبْتُها بالسّاعد الاَشدّ:
میں نے اس کو طاقتور کلائی سے دوہا-

• احلُب حلْبالك شطْرُة:
اچھی طرح دھولے تیرا بھی حصہ ہے-

• حلوْبةٌ تُثمِل ولا تُصّرِح:
ایسی دودھ دینے والی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے اور خالص نہیں دیتی-

• لستَ من احلاَسها:
تو اس کے ساتھیوں سے نہیں-

• حلقتْ به عنقاءُ مغربٌ
عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کر لیا ہے-
یعنی ناپائیدار نے اس سے واسطہ ڈالا ہے-

• هم كالحلقة المُفرغة لايُدرى اين طرفاها:
وہ ڈھلے ہوئے حلقے کی طرح ہیں معلوم نہیں اس کے دونوں سرے کہاں ہیں-

• حلْمي احمُّ و اذُنى غير صمّاء:
میرا حلم بہرا اور میرے کان بہرے نہیں-

• احلمُ من الاحنفِ:
احنف سے زیادہ حکیم-

• الحكيمُ مطيّةُ الجهُول:
بردبار جاہل کی سواری ہے-

• لاتكنْ حلوًا فتُسترط ولا مرًا فتُعقى:
نہ میٹھا بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اگل دیا جائے-

• احلى من العسل:
شہد سے زیادہ میٹھا-

• احلى من نيلِ المرامِ:
حصول مراد سے زیادہ میٹھا-

• احلى من حياةِ مُعاوَدةٍ
دوبارہ زندگی سے زیادہ میٹھا-

• الحمْدُ مغنَمٌ والمُذمّةُ مغرمٌ:
تعریف حاصل ہونا غنیمت ہے اور مذمت ملنا تاوان ہے-

• كان حمارًا فاستانن:
وہ گدھا تھا گدھی بن گیا-
یعنی طاقتور تھا کمزور ہو گیا-

• احمقُ من دُغة:
دغہ سے زیادہ احمق-

• احمقُ من رِجلةِ:
رجلہ سے زیادہ بیوقوف-

• احمقُ من عجلِ:
عجل سے زیادہ بیوقوف-

• احمقُ من نُعامة:
شتر مرغ سے زیادہ بیوقوف-

• احمقُ من هبنّقةٍ:
ھبنقہ سے بیوقوف- یہ شخص موٹی بکریوں کو خوب کھلاتا اور کمزور کو گھاس سے دور رکھتا-

• احمقُ من ماضح الماء:
پانی چبانے والے سے زیادہ بیوقوف-

• احمقُ من القابضِ على الماء:
پانی پکڑنے والے سے زیادہ احمق-

• احمقُ من ناطحِ الماء:
پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق-

• احمقُ من لاطمِ الارض بخدّته:
اپنے رخساروں کو زمین پر مارنے والے سے زیادہ احمق-

• احمقُ من ناطحِ الصّخرِ:
چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق-

• يَحمِلُ التّمرَ الى البصرَة:
بصرہ کی طرف کھجور لے جاتا ہے-

• لايُحمّلُ اللّه نفسا غيرَطاقتِها:
اللہ تعالیٰ کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا-

• لم يحملْ خاتمي مثلَ خنصري:
میری کن انگلی کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہ کیا-

• انّما يُحملُ الكلُّ على اهلِ الفضلِ:
بوجھ اہل فضل پر ہی ڈالا جاتا ہے-

• ياحاملِ اذكرْ حلاً:
اے بوجھ لادنے والے کھولنے کے وقت کو یاد کر- یعنی کام کا انجام نہ بھولنا چاہئے-

• احملُ من الارضِ:
زمین سے زیادہ بوجھ برداشت کرنے والے-

• حمي فجاش مرجله:
وہ گرم ہوا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی-

• يحمِى جوابيه نفيقُ الضّفدعِ:

مینڈک کی ٹرٹراس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے۔
- رُبَّ حام لانفه و هو جادعهٗ:

کئی اپنی ناک کی حفاظت کرنے کی صورت میں اس کو کاٹتے ہیں۔
- حماكَ احمى لك:

تیرا گھر تیرا محافظ ہے۔
- احمى مِنْ انف الاسد:

شیر کی ناک سے زیادہ محفوظ۔
- احمى من مجير الجراد:

ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ۔
- حانيةٌ مُختضِبَةٌ:

مہربان خضاب لگانے والی عورت۔
- الحاجةُ تفتقُ الحيلَة:

ضرورت حیلہ کو پیدا کرتی ہے۔
- حال الجريضُ دُوْن القريض:

غم شعر کے آگے حائل ہو گیا۔ یعنی خوشی کے دن غمی آ گئی۔
- حالَ الاجلُ دُوْنَ الاملِ:

امید کے سامنے موت آ گئی۔
- ن حالتِ القَوْسُ فسهْمِی صائبٌ

اگر میری کمان ٹیڑھی ہے تو میرا تیر نشانہ پر ہے۔
دولت مند آدمی جس کی دولت ضائع ہو گی مگر کرم باقی ہے۔
- رُبَّ حالٍ افْصَحُ [illegible]

کئی دفعہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے۔
- احْولُ مِن ابي قلمُوْن:

ابو قلموں (کپڑا) سے زیادہ بدلنے والا۔
- احْولُ مِنْ ابي براقِش:

ابی براقش (پرندے) سے زیادہ رنگ بدلنے والا۔
- الحاوِی لا يُنْجو منَ الحيَّاتِ:

سانپوں کے منتر والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا۔
- احير من ضبٍّ:

گوہ سے زیادہ حیران۔
- حِيلة لاحِيلَة لهُ الصَّبر:

جس شخص کے پاس کوئی حیلہ باقی نہ رہے وہ صبر کرے۔
- مَا حِيلَة الرامِی اذا انْقطع الوَتَر:

جب تانت ٹوٹ جائے تو تیر انداز کیا کرے۔
- اذا حَانَ القَضَاءُ ضَاقَ الفَضَاءُ:

جب قضا (موت) آئے تو فضا تنگ ہو جاتی ہے۔
- لاَ تُحْی البيْضَ وَ تَقْتُل الفِراخ:

چوزہ کو قتل کر کے انڈا کو باقی مت رکھ۔
یعنی بڑی چیز کو ضائع نہ کر۔
- حيَّاكَ مَنْ خلافُوْه:

تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے۔
- لاحَیٌّ فَيُرْجي و لا مَيِّتٌ فينسى:

نہ زندہ کہ اس کی امید رکھی جائے اور نہ مردہ کہ اس کو بھولا جائے۔
- احيا من فتاة

نوجوان عورت سے زیادہ باحیا۔
- احيا منْ مُخدَّرة:

پردہ نشین سے زیادہ باحیا۔
- احْيا مِنْ هدىً:

دلہن سے زیادہ باحیا۔
- احيا منْ ضبٍّ:

گوہ سے زیادہ زندگی والا۔
- الْحياءُ من الايمان

حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

خ

- امَّا خبَّتْ و امَّا برَبتْ:

یا تیز دوڑ گئی یا بیٹھ گئی۔ بھلائی اور برائی میں تیز چلنے والا۔
- اخبرته بعجری و بجری:

میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی۔
- تُخْبِرُ عنْ مجهولِهٖ مرآتُهٗ:

اس کا ظاہر منظر اس کے خفیہ کی خبر دے رہا ہے۔
- يُخبِرك ادنى الارضِ عنْ اقصاها

زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصہ کی خبر دے رہا ہے۔
- لَيْس الخبرُ كالمُعاينة

خبر آنکھوں کے دیکھے کی طرح نہیں۔
- على الخبير سَقطْتَ:

جاننے والے کے پاس پہنچے ہو۔
- يخبط خبط عَشْواء:

اندھی اونٹنی کی طرح روند رہا ہے۔
- اخبَطُ مِنْ حاطِب اللّيلِ:

رات کو لکڑیاں جمع کرنے والا سے زیادہ گڑبڑ کرنے والا۔
- اَخْتَلُ مِن الذئب:

بھیڑیے سے زیادہ دھوکے باز۔
- مَنْ خَدَمَ الرِّجالَ خُدِم:

جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی۔

- الخاذلُ اخو القاتل:

رسوا کرنے والا قاتل کا بھائی ہے۔

- تخرجُ المقدحۃ ما فی قعر البُرمۃ:

چمچہ وہ نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہوتا ہے۔

- قد یخرج من الصدف غیر الدر:

کبھی سیپ سے موتی کے سوا کچھ اور بھی نکل آتا ہے۔

- لا تخرُجُ النفسُ منَ الآمالِ حتّی تدخُل فِی الاجل:

نفس امیدوں کے پھندے سے نہیں نکلتا جب تک موت کی حد میں داخل نہ ہو جائے۔

- دُونہ خرطِ القَتادِ:

اس سے آسان تو قتاد کے کانٹوں کو سوختنا ہے۔

- اَلْخُرُوْفُ یَتقلّبُ علی الصّوف:

بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے۔

- اخرقُ من فاکشۃ الغزل

سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔

- خرقاءُ ذاتُ نیقۃ:

پھوہڑ چستر سگھڑ بننے والی (خرفاء وہ عورت جو کام کو اچھی طرح کر نہیں سکتی ہے)

- خرقاءُ عیابۃ:

خود نہیں جانتی مگر دوسرے کے کام میں عیب نکالتی ہے۔

- اخر مِن القَابضِ عَلی الماءِ:

مٹھی سے پانی پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا۔

- من خشِیَ الذّئبَ اَعدَّ کلبًا

جو شخص بھیڑیئے سے ڈرے اس کو کتے تیار کرنا چاہئے۔

- لاتُخاصِمْ من اذا قالَ فعَل:

اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے تو کر گزرے۔

- ایّاکُم و خضراءَ الدّمنِ:

کوڑی پر اگی ہوئی سبزی سے بچو۔

- الخطأ زاد العجول (خطا جلد بازی کی راہ ہے)

زادِ راہ کی طرح غلطیاں ساتھ لے کر چلنا۔

- مع الخواطیء سھمٌ صائبٌ:

خطاء کرنے والا تیروں کے ساتھ نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہونا۔

- من الحسناءِ یُعطی مھرھا:

جو کسی حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے گا اس کا مہر بھی ادا کرے گا۔

- اَخطب مِن سحبان وائلٍ

سحبان قبیلہ باہلہ کا نہایت بلند فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب تھا۔

لکلّ سُؤال جواب

ہر سوال کا جواب ہے۔

- لیس المخاطر و محمودًا و لو سلیما:

خطرہ میں کود پڑنے والا قابل تعریف نہیں ہوتا اگرچہ سلامت ہو۔

- خفت نعامتُھم:

ان کا شتر مرغ اور جلد کوچ کر گیا۔

- خفّفْ طَعامكَ تأمنْ سقامكَ:

ہلکا پھلکا کھاؤ تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہو۔

- اخف حطمًا من عصفورٍ:

چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آجانا۔

- اخفُّ مِنْ یَراعۃِ:

نرسل سے زیادہ ہلکا۔

- اخفُّ مِنْ رِیْشَۃِ:

پر سے زیادہ ہلکا۔

- اخفُّ من النسیم:

بادِ نسیم سے زیادہ ہلکا۔

- اخفُّ منَ الْھباءِ:

غبار سے زیادہ ہلکا۔

- وھلْ یخفی عَلی النّاسِ القَمرُ

کیا لوگو! پر چاند بھی مخفی رہتا ہے۔

- ما عِندہُ خلٌ ولا خمرٌ:

نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب۔

- مَا اَنْتَ بخلٍّ ولاَ خمرٍ:

تیرے پاس نہ تو سرکہ ہے نہ شراب۔

- الخلاءُ تدْعُو اِلی السّلۃ:

فقر چوری کی طرف بلاتا ہے۔

- تصَلّصَتْ قَانبۃٌ مَنْ قُوبٍ:

انڈہ چوزے سے نجات پا چکا ہے یعنی اپنی ذمہ داری سے آدمی نکل چکا ہے۔

- اِخْتلَطَ الھابلُ باالْقابلِ:

جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہو گیا یعنی معاملہ بگڑ گیا۔

- اختلَطَ الْمرْعی بالْحملِ:

چڑیا ہوا اور اونٹ مخلوط ہو گئے۔

- اِخْتلَطَ الخاثِرُ بالزُّبادِ:

گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا۔

- خَالِفْ نَفْسَكَ تَسْترِحْ:

اپنے نفس کی مخالفت کرو تاکہ راحت پاجاؤ۔

- خَالِفْ ھَواكَ ترْشُدْ:

اپنی خواہش کے خلاف کرو تاکہ ہدایت پاؤ۔

- خالِفْ تُذْکَر:

مخالف کرو تاکہ زیادہ ذکر کیا جائے۔

- اخْلفُ مِنْ عرْقوب:

عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔

- اخْلفُ مِنْ نار الحباحِب:

جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

- خلق الله للحرب رجالاً:

اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لیے مرد پیدا کئے ہیں۔

- خلالكِ الجو فبِيْضي واصْفِري:

تیرے لیے میدان خالی ہو گیا ہے اب انڈے دے اور چہچہا۔

- لایَخْلو المرءُ مِنْ وُدُوْدٍ یُمْدَحُ وَعدُوٌ یَقْدحُ:

کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

- خلِّ مَنْ قلّ خیْرهُ لكَ في النّاسِ غیْره:

اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ مل جائیں گے۔

- خلِّ الحساب لِیوْمِ الحساب:

حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دو۔

- خلاءُ وكَ اَقْنی لحیائِكَ:

تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے۔

- مَنْ لا یخاف احدًا لا تَخافهُ احدٌ:

جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا۔

- مَنْ خان هان:

جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

- یاربّما خان النصِیْحُ المُوتمنُ:

کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر جاتا ہے۔

- اخیب من قابض علی الماء:

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام۔

- اخْیب من حُنیْن:

حنین سے زیادہ ناکام۔

- لا خترت:

اگر تجھے اختیار دیا جاتا تو اختیار کر لیتی۔

- خیرُ الأمور اوْساطُها:

معاملات میں میانہ روی بہترین چیز ہے۔

- خیر الامور احمَدها مغبّةً:

بہترین کام وہ ہے جس کے انجام میں تعریف کی جائے۔

- خیرَ اناءٍ یلكَ تکفِئین:

تو نے اپنے بہترین حالت ایسی ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے۔

- کَفاءُ الاناء:

برتن کو اوندھا کرنا۔

- خیْرُ اهلِكَ منْ کفاكَ:

تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لیے کافی ہو جائے۔

- خیْرُ البیْوعِ ناجزٌ بناجز

بہترین خرید و فروخت نقد ہے۔

- خیْرَ حالبیكَ تنْطحینا:

اپنے بہترین دوہنے والے کو سینگ مارتی ہے۔

- خیر الخلال حفْظُ اللّسان:

بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا۔

- خیْرُ سلاحِ المرْءِ ماوقاه

آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے۔

- خیْرُ الاصحاب مَنْ دلّكَ علی الخیر

بہترین ساتھی وہ ہے جو تیری خیر کی طرف رہنمائی کرے۔

- خیر عفْوٍ ماکان عندالقدرة:

بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل کرنے کے وقت دی جائے۔

- خیْرُ العلمِ ما حضركَ

بہتر علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت کام آئے۔

- خیْرُ الغنی القنوع:

بہترین مالداری قناعت ہے۔

- خیْرُ الکلامِ ماقلّ و دلّ:

بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو۔

- خیْر المالِ مانفع

بہترین مال وہ ہے جو نفع دے۔

- خیْر من الخیْر فاعلهُ

اچھوں میں اچھا وہ ہے جو کام کرے۔

- خیْرُ النّاسِ من فرح للناس بالخیْر:

بہترین وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو۔

- حیر الوعظ مادع:

بہترین وعظ وہ جو برائی سے ہٹائے۔

- الخیْرُ ابقی و ان طال الزّمانُ به:

خیر باقی ہوتی ہے اگرچہ اس پر وقت گذر جائے۔

- ان خیْر الفقه ما حضرت به:

بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر حاضر کر سکے۔

- لاخیر فی اَرَبِ الْقاكَ فِی لَهَب :

اس مقصد میں کوئی چیز نہیں جو تجھے شعاعوں میں ڈال دے۔

- لاخیر فی السَّرْف ولا سرَف فی الْخَیر:

اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور بھلائی میں اسراف نہیں۔

- لا خیر فی وُدِّیکونُ بشافع:

ایسی محبت میں کوئی بھلائی نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کا ذریعہ ہو۔

- الْخیلُ تجرِی علی مساویها

گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہے۔یعنی شریف آدمی تنگی کے باوجود سخاوت کرتا ہے۔

- الخیلُ اعْلَمُ بفُرْسانِها

گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں۔

- اخیلُ من غُرَابِ

کوے سے زیادہ اترانے والا۔

- اخیل منْ دِیْكٍ:

مرغ سے زیادہ نازد کھانے والا۔

د

- دأماء لا یقْطَعُ باالإمارت:

سمندر لکڑیوں کے بیڑہ سے طے نہیں۔

- ادبر غرِیْرُهُ وَ اَقْبل لعرِیْرهُ:

اس کی اچھی عبادت نے پیٹھ پھیر لی اور بدخلقی سامنے آگئی۔

- التّدبیر نِصْفُ الْمعِیْشة:

تدبیر آدھی روزی ہے۔

- کدابغةٍ و قدْ حلِم الادِیْمُ:

کھال رنگنے والی کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی۔

- حلم الحلْدُ:

کھال خراب ہو گئی اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہو گئے۔یعنی اصلاح کے وقت اصلاح نہ ہوئی خرابی بسیار کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔

- دخل فُضولی نارفقال حطب رطَبٌ:

فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا۔

- یدخلُ شعْبَانُ فی رمضان:

شعبان کو رمضان میں داخل کر رہا ہے۔یعنی بے سروپا باتیں کرتا ہے۔

- لاتدخلُ بیْن البصلة و قشرِها

پیاز اور اس چھلکے کے درمیان مت گھسو۔

- لاتدخلنّ بیْنَ اللصا ولِحائِها:

ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو۔

- لکُلّ درٍّ حَالِبٌ:

ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔

- ادَّرْها و انْ ابَتْ:

اس کو دولو خواہ وہ انکار کر دے۔یعنی ضرورت کو باصرار حاصل کر۔

- درُّ المفاسدِ اولٰی مِن جلْب النَّعِیْم:

مفاسد کو دفع کرنا نعمت حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

- یدْرُجُ فِی کُلّ وکرٍ:

ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے۔

- اَلدَّراهِمُ مراهِمٌ:

روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔

- اَلدَّراهِمُ ارْوَاحٌ تسِیْلُ:

روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔

- مَنْ لم یدارِ لِمَشْطِ ینْتفِ لحِیْتِهٖ:

جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال اکھاڑے گا۔

- لا یُدْعٰی لِلْحُلی الاّ اخُوها:

بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔

- اُدْعُ الی طَعانك منْ تدعُوهُ الی جفانك:

اپنی تیترہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو۔

- ارْفع الشرّ بعُوْدٍ اوْ عمُودٍ:

شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے۔

- ادقُّ من الهباء:

غبار سے زیادہ باریک۔

- ادقُّ مِن الکُحْلِ:

سرمے سے زیادہ باریک:

- ادق مِن الدَّقِیْقِ:

آٹے سے زیادہ باریک۔

- ادقُّ منْ حدّالسّیْف:

تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔

- دلّ علی عاقلٍ اخْتارُهٗ:

عقل مندی کا انتخاب عقل مندی کو ظاہر کر دیتا۔

- الدَّالُ علی الخیْر کفا عِله:

نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

- دَلِیْلُ عقلِ الْمرءِ فِعْله و دلِیْلُ عِلمه قوله

آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔

- لَیس الدلْوُ الاّ بالرّشاء:

ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں۔

- دمّتْ لِجنبك قَبْلِ النَّوْم مُضْطجعًا:

لیٹ کر سونے سے پہلے اچھے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو یعنی حادثات سے پہلے تیار رہو۔

- دمعة من عوراء غنيمة باردة:
اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی غنیمت ہے۔

- ادنى من الشسع:
تسمے سے زیادہ حقیر۔

- كل دنيٍّ دونه دنيٌّ:
ہر قریب سے درے کوئی قریب موجود ہوتا ہے۔

- ادنى من حبل الوريد:
شہ رگ سے زیادہ قریب۔

- دنياك ما انت فيه:
تیری دنیا وہ ہے جس میں تو موجود ہے۔

- الدهر يومان يوم لك و يوم عليك:
زمانہ کے دو دن ایک دن تیرے نفع کا اور دوسرا دن ضرر۔

- لكل دهر الرجال:
ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں۔

- ماالدهر الا هكذا فاصبر له:
زمانہ ایسا ہی ہے لہٰذا صبر کرو۔

- يدهن من فارورة فارغة:
خالی شیشی سے تیل مل رہا ہے۔ یعنی وعدوں سے ہی خوش کر تا ہے۔

- به داء ظبي:
اس کو ہرن کی بیماری ہے۔ عرب کا خیال تھا کہ ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا۔

- لكل داء دواء:
ہر مرض کی دوا ہوتی ہے۔

- بينهم داء الضرائر:
ان کے درمیان سوکنوں کی بیماری ہے۔

- دواء الدهر الصبر عليه:
زمانہ کی سختیوں کا علاج صبر کرنا۔

- ان دواء الشق ان تحوصه:
پھٹنے کی دوا ٹانکنا ہے۔

- نعم الدواء لشق ان تحف:
بہترین دوا پرہیز ہے۔

- انا دون هذا وفوق ما في نفسك:
میں اس سے تو کم ہوں مگر تیرے دل کی بات سے اوپر ہوں۔

- كما تدين تدان:
جیسا بدلہ دو گے ایسا بدلہ دیا جائے گا۔

- الدين النصيحة:
دین خیر خواہی کا نام ہے۔

- الدين ميسم الكرام:
مکافات وجزا شریفوں کی علامت ہے۔

ذ

- ذئب استنعج:
بھیڑیا بھیڑ بن گیا۔

- الذئب خاليا اسد
بھیڑیا خالی میدان میں شیر ہوتا ہے۔

- من لم يكن ذئبا اكلته الذئاب
جو بھیڑیا نہ بنے گا اس کو بھیڑیئے کھا جائیں گے۔

- ما الذباب و ما مرقته:
کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا۔ یعنی معمولی چیز کی کوئی حیثیت نہیں۔

- الذبان يعرف وجه اللبان:
مکھیاں دودھ والے کے چہرے کو پہچانتی ہے۔

- ذخار الرجال اولى من اذخار المال:
آدمیوں کا ذخیرہ کرنا مال کے ذخیرہ سے بہتر ہے۔

- ذقه تغبط:
چکھ کر دیکھ تو غبطہ کرے گا۔

- ذكرتني الطعن و كنت ناسيا:
تو نے مجھے نیزہ یاد دلایا بلکہ میں بھولا ہوا تھا۔

- اذكر النعمة القديمة عليك و انس النعمة الجديدة لك
اپنے اوپر پرانی نعمت کو یاد رکھو اور اپنے لیے نئی نعمت کو بھول جاؤ یعنی پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائش کی حرص نہ کرو۔

- اذكر مع كل نعمة زوالها:
ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد کرو۔

- اذكر غائبا يقترب:
غائب کا ذکر کرو قریب ہو جائے گا۔

- و كن ذكورا اذا كنت كذوبا:
جھوٹا بنے تو یاد بھی رکھ۔

- ذل من لا سيف له:
جس کے پاس تلوار نہیں وہ ذلیل ہو گیا۔

- لقد ذل من بالت عليه الثعالب
وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں۔ یعنی بت کی پوجا ذلت والی ہے۔

- ذل لو اجد ناصرا:

بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے اس مہم کی مدد جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں-

- اذلّ من بیضة البلد:
شتر مرغ کے چھوڑے انڈے سے زیادہ ذلیل-

- اذلّ من النقد:
حقیر بکری سے زیادہ حقیر-

- اذلّ من وتد:
میخ سے زیادہ ذلیل-

- اذلّ من النّعل:
جوتے سے زیادہ ذلیل-

- اذلُّ من الشّسع:
تسمہ سے زیادہ ذلیل-

- اذلّ من الباسط:
فرش سے زیادہ ذلیل-

- اذلُّ النّاس مُعتذِرُ الی لئیم:
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے-

- انّ الذلیل الّذی لَیست له عضُد
ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو-

- ان الذّلیل من ذلّ فی سُلطانه:
درحقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ میں ذلیل ہو جائے-

- لا ذنب لی قد قُلتُ للقوم استقُوا:
میرا کوئی گناہ نہیں- میں نے قوم سے کہہ دیا کہ پانی لے لو-

- ماذنبی یداك اوکتا وفاك نفخ:
میرا کوئی قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے منہ کے پھینک بھری ہے- مشکیزے میں کم پھونک بھرنے کی وجہ سے دریا میں ڈوبنے والے کے لئے مثال ہے-

- ذهب امس بمافیه:
کل اپنے حالات کے ساتھ گذر چکی-

- ذهب الحمار یَطلُب قرنین فعاد مصلُوم الاُذنین
گدھا سینگ لینے گیا تھا کان کٹوا کے لوٹا-

- ذهب دمُهٗ درج الرّیاح اوادرج الرّیاح:
اس کا خون ہوا کے رستے گیا-

- ذهب بین الصّحوة والسّکرة:
وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا-

- ذهب فی السّمّی:
وہ فضا میں چلا گیا-

- ذهبت حیف لِادیانها:
گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی- یعنی آدمی عادت پر مجبور ہے-

- انْ ذَهبَ عیرٌ فعیرٌ:
ایک گو خر نکل گیا تو ایک تو جال میں موجود ہے-

- ذَهبُو تحت کُلّ کَوکب:
وہ ہر ستارے کے نیچے گئے-

- ذهبوا وتفرقوا یدی سبا اوایادی سبا
وہ اہل سبا کی طرح چلے گئے- یعنی سیلاب کی وجہ سے بکھر گئے-

- لا یذهب العُرف بین اللہ والنّاس:
احسان خدا اور بندے کے درمیان چلتا ہے-

- من یفعل العرف لا یعدم جوازه:
جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا-

- اذهبْ الی حیثُ الْقت رحلَها اُم قشْعم:
وہاں جا جہاں ام قشعم نے اپنا کجاوہ ڈالا تھا-

- وَمَن لم یذُدْ عن حوضه ینهدم:
یعنی جو شخص اپنے تالاب کی مدافعت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے-

- کُلُّ ذات ذیل تختالُ
ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے-

ر

- رأسُ الدّین صِحَّةُ الیقین
اصل دین یقین کا صحیح ہونا-

- کُلّ رأس به صُداعٌ:
ہر سر میں درد ہوتا ہے-

- رُبّ رأس حصیدُ لسان:
بہت سے سر زبان کی وجہ سے کاٹے جاتے ہیں-

- کَانّ علی رُؤسِهم الطَّیر:
گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوتے ہیں-

- رای الکَوکَب ظُهرًا:
اس نے ظہر کے وقت ستارہ دیکھا-

- اذا رأیت الرّیح عاصفَة فتطأمن:
جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ-

- رآ الصادرُ والوارد:
اس کو ہر آنے جانے والے نے دیکھا-

- اُریها السّهی تُرینی القمر:
میں اس کو سہا دکھا رہا ہوں اور وہ مجھے چاندی دیکھا رہی ہے- باریک باتوں کو نہیں سمجھتی-

- یری الشّاهدُ مالا یرَی الغائبُ:

حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا۔

• وما ترانی یا جمیل اراك:
جمیل جیسا تم مجھے جانتے ہو میں بھی تمہیں جانتا ہوں۔

• سوف ترای اذا انجلی الغبار افرسٌ تحتك ام حمار:
جب غبار پھٹ جائے گا تو عنقریب دیکھ لو گے تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔

• ارانیها النمرة ارکها مطرةً:
تو مجھے دیکھا کہ وہ چتکبرا ہے کہ میں تجھے دیکھادوں گا کہ وہ برس رہا ہے۔

• رأی الشیخ خیر من مشهد غلام:
بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے۔

• لا رأی لمن لایُطاعُ:
اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے۔

• انّ السرأی لیس بالتظنّی:
رائے محض گمان ہی سے نہیں ہوتی۔

• ربُّك و صاحبُك لاتکذب علیهما:
اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ لگاؤ۔

• کالربوط والمرعی خصیبٌ:
بندھا ہوا اور چراگاہ سرسبز۔

• انّ الرثیئة تفثاء الغضب:
دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے یعنی ناراض کو تحفہ راضی کرتا ہے۔

• رجع بخفی حُنینٍ:
وہ حنین کے موزے لے کر لوٹا یعنی دھوکہ کھانے والا انسان۔

• حتی یرجع الدّرفی الضّرع:
یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ جائے۔

• حتی یرجع السهم علی فوقه:
یہاں تک کہ تیر اپنے فوق پر لوٹ جائے۔

• الرجال اربعةٌ:
آدمی چار ہی قسم کے ہیں۔

• هل یرتجی مطر من غیر سحاب:
کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی جاتی ہے۔

• لا ترج خیر من لایرجو خیرك:
ایسے شخص پر خیر کی امید نہ رکھو جو تیری خیر کی امید نہیں رکھتا۔

• رحل یعض غاربا مجروحًا:
کجاوہ بھی زخمی کوہان کو کاٹتا ہے۔

• ارحم من دونك یرحمك من فوقك:
اپنے سے نیچے پر رحم کرو تاکہ تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں۔

• ارخص من التّمر بالبصرة:
بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا۔

• ارخص من تراب:
مٹی سے بھی زیادہ سستا۔

• رُدّالحجر من حیث جاء ك:
پتھر جہاں سے آیا وہیں لوٹادو۔

• من یردُ السّیل علی ادراجه:
سیلاب کو اس کے بالائی راستوں کی طرف کون لوٹا سکتا ہے۔

• ادراج السّیل:
بلندی سے آتی ہوئی سیلاب گذرگاہیں۔ ناممکن کے لئے کہا جاتا ہے۔

• بئس الردف لا بعدنعم:
ہاں کے بعد نہیں بہت برا تابع ہے۔

• اذا رزقك الله مغرفة فلا تحرق یدك:
جب اللہ نے تجھے چمچادیا ہے تو تو اپنا ہاتھ مت جلا۔

• رزقُ الله لا کدّك:
اللہ کا دیا رزق ہے تیری محنت نہیں۔

• رزمةٌ ولادرّةٌ:
اونٹنی کی آواز نہیں مگر دودھ نہیں۔

• ارسل حکیمًا ولا توصیه:
عقلمند کو قاصد بناؤ اور اس کو وصیت نہ کرو۔

• لارسول کالدّرهم:
روپیہ جیسا کوئی قاصد نہیں۔

• الرشف انقعُ:
تھوڑا تھوڑا پینا زیادہ سیراب کرتا ہے۔

• رضیت من لغنیمة بالایاب:
میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں۔

• رضیتُ من الوفاء باللّقاء:
میں تھوڑی سی وفاء پر راضی ہوں۔

• من رضی عن نفسه کثر السّاخطین علیه:
جو اپنے نفس پر راضی ہو گیا اس نے اپنے پر ناراض ہونے والے زیادہ کر لیا۔

• اذا ترضّیت اخاك فلا اخالك:
جب تو نے محنت سے اپنے بھائی کو راضی کیا گو اب وہ تیرا بھائی ہی نہیں۔

• رضنا النّاس غایةٌ لاتدرك:
لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے۔ جو کبھی حاصل نہیں ہو سکتا۔

• لا تکن رطبًا فتعصر ولا یابسًا فتکسر:
نہ اتنا تر ہو جائے کہ تجھے نچوڑلیں اور اتنا خشک کہ مجھے توڑدیں۔

• من استرعی الذئب ظلم:

جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا۔

- مَسْرَعی وَلا اَکُولَۃَ:

چراگاہ موجود ہے مگر کھانے والی بکریاں موجود نہیں۔ جو مالدار کی دولت کو کوئی کھانے والا نہ ہو۔

- تحتَ الرَغوۃ الصَرِیحُ

جھاگ کے نیچے خالص دودھ موجود ہے۔

- من الرفشِ الی العرشِ:

بیلچہ کے کام سے تخت کے اوپر۔

- ترفض عند المحفظات الکتائف:

غیرت انگیز موقعوں پر کینے متفرق ہو جاتے ہیں۔

- ارْفَعُ مِن السَماء:

آسمان سے زیادہ بلند۔

- الرفِیقُ قَبْلَ الطَرِیقِ

راستے سے پہلے ساتھی۔

- بالرفاء والْبنین:

موافقت اور بچوں کے ساتھ ۔شادی کرنے والے کے لئے دعاء ہے۔

- ارقُ مِن النَسیم:

باد نسیم سے زیادہ لطیف۔

- اَرقُ منَ الماءِ:

پانی سے زیادہ پتلا:

- ارقُ من رقْراق السَّراب

سراب کی چمک سے زیادہ لطیف۔

- ارقُ من الدَمع الغَمامِ:

ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا۔

- اُرقُب البیْتامن الرَاقبۃ:

گھر کے محافظ اس کے محافظ ہی سے کر۔

- کالراقم علی الماء:

پانی پر لکھنے والے کی طرح بے وفا۔

- ارقَ علی ظَلْعك:

اپنے لنگڑے پن کا خیال رکھ کر چڑھو۔

- رَکِبَ جناحی النَعامۃِ:

وہ شتر مرغ کے بازؤں پر سوار ہو گیا۔

- یرْکبُ الصَعْب منْ لاذلُوْل لہ:

سرکش پر سوار وہ ہو جس کے پاس سدھایا ہوا نہ ہوا۔

- منْ لمْ یرْکبِ الاَھْوال لَمْ ینلِ الآمالَ :

جو ہولناک اشیاء پر سوار نہ ہو گا وہ امیدیں نہ کر سکے گا۔

- کَراکب اِثنَیْنِ:

دو سواروں کا سوار۔

- رَمی الکلام علی عواھنہ:

اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا۔

- رماہُ اللّٰہ بلبْلۃ لا اُخت لھا:

اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن کوئی دوسری رات نہ ہو۔

- رماہُ اللّٰہ من کُلّ اکمۃٍ بعجَرٍ:

اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے۔

- رماہُ باحقاف راسہ:

اس کے سر کی کھوپڑی دے مارا۔

- رماہُ اللّٰہ بثالثۃ الاثافی:

اللہ تعالیٰ اس کو چولہے کے تیسرے پتھر کے ساتھ مارے۔

- رماہُ بدا لّذئب:

اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیئے کی مرض میں مبتلا کرے۔ یعنی بھوک کی بیماری جو کہ بھیڑیئے کی مرض ہے۔

- رماہُ بنبْلۃ الصائب:

اس کو اپنے نشانے پر لگنے والے تیر سے مارا۔

- رمتنی بدائھا وانسلّتْ:

اپنی بیماری میری طرف منسوب کر دی اور کھسک گئی۔

- لاَ تَرْمِ سھمًا یعسرُ علیْك رِدُہٗ:

وہ تیر مت پھینک جس کا لوٹانا تجھ پر مشکل ہو۔

- قبْل الرَمی یُراشُ السھْم:

تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔

- تملاءُ الکنائِن:

تیراندازی سے پہلے ترکش بھر لیے جاتے ہیں۔

- ما کُلّ رامی غَرضٍ یُصیْبُ:

ہر نشانہ باز نشانہ پر مار نہیں سکتا۔

- قبْلَ الرَماء تُملاءُ الکنائنُ:

تیراندازی سے پہلے ترکش بھرا جاتا ہے۔

- رُبَّ رَمْیۃٍ مِنْ غیرِ رامٍ:

کبھی تیراندازی وہ بھی کر لیتا ہے جو تیراندازی نہیں جانتا۔

- عندَ الرھان تُعرفُ السَّوابق:

گھوڑدوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں۔

- اسْتراحَ منْ لاعَقْل لہٗ:

جس کو عقل نہیں اس کے راحت پائی۔

- اَلرائد لاَ یُکْذِبُ اھلہٗ:

پیش رو جاسوس اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں کہتا۔

- ارْوغ من ثعلبۃ:

لومڑی سے زیادہ چال باز۔

- اروغانا یا ثعالب وقد علقت بالحبال:
کیا اب بھی حیلہ بازی کرے گی اے لومڑی جب کہ تو جال میں پھنس چکی ہو۔

- اروی من حیة:
سانپ سے زیادہ سیراب۔

- اروی من ضب:
گو سے زیادہ سیراب۔

- الراویة احد الشاتمین:
نقل کرنے والی دو گالی دینے والی میں سے ایک ہے۔

- رب ریث یعقب فوتا:
بسا اوقات دیر کرنا فوت کا نتیجہ ہے۔

- ان کنت ریحا فقد لاقیت اعصارا:
اگر تو ہوا تھا تو بگولے سے مل گیا۔ اپنے سے زیادہ خطرناک مقابلہ کرنے والا۔

- ان اردت المعاجزة فقبل المناجزة:
اگر آڑ لینا چاہتا ہے لڑائی یا فنا ہونے سے پہلے۔ صلح کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

- ارید حباءہ و یرید قتلی:
میں اس کو عطیہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں اور وہ میرے قتل کا ارادہ (رکھتا ہے) کرتا ہے۔

اذا اراد اللہ ھلاک نملة انبت لھا جناحین:
جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں۔

من لم یردک فلا تردہ:
جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو اس کا ارادہ نہ کر۔

- کم بین مرید و مراد:
ارادہ اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے۔

ز

- جعل الزج قدام السنان:
اس نے زج کرانی کے سامنے لگا لیا حالانکہ اس کی جگہ ان کے پیچھے ہے۔

- ان لم تزاحم لم یقع فی الخرج شیئ:
اگر تو مزاحمت نہ کرتا تو خرجین پر کوئی چیز نہ پڑتی ہے۔

- من یزرع الشوک لا یحصد به العنبا:
جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور نہیں کاٹے گا۔

- کما تزرع تحصد:
جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔

- ھو ازرق العین:
وہ نیلگوں آنکھ والا ہے۔

- لکل زعیم خصم:
ہر گمان کے لئے کوئی مقابل ہے۔

- زقه زق الحمامة فرخها:
اس کو چگا دیا جیسے کبوتری اپنے بچے کو چوگاتی ہے۔

- اذا زل العالم زل بذلته عالم:
جب عالم پھسل جائے تو اس کے پھسلنے کی وجہ سے ایک جہان پھسل جاتا ہے۔

- زلة الرای تنسی زلة القدم:
رائے کا پھسلانا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے۔

- لکل زمان رجال:
ہر زمانے کے لئے کچھ لوگ ہوتے۔

- ھما زندان فی وعاء:
وہ دونوں ایک ہی برتن میں آگ سلگانے والے ہیں۔

- ازھی من وعل:
کوے سے زیادہ متکبر۔

- ازھی من طاؤس:
طاؤس سے زیادہ متکبر۔

- زر غبا تزدد حبا:
ایک دن چھوڑ کر زیارت کر تا کہ محبت زیادہ ہو۔

- زیت فی العجین لا یضیع:
روغن آٹے میں ضائع نہیں ہوتا۔

- زاد فی الطنبور نغمة:
اس نے طنبور میں ایک نغمے کا اضافہ کیا۔

- زین فی عینی والد ولده:
باپ کی نظر میں بیٹا خوبصورت ہوتا ہے۔
اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو اپنے اہل و عیال کو اچھا سمجھے۔

س

- ان سأل الحف و ان سئل سوف:
اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا تو ٹال دیتا ہے۔

- سألنی ام الخیار جملا- یمشی رویدا و یکون اولا
ام خیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی جو آہستہ چلے اور اول ہو۔

- سائل اللہ لا یخیب:

خدا سے مانگنے والا محروم نہیں رہتا۔

- سبّك من بلّغك السبا
اسی نے تمہیں گالی دی جس نے تمہارے پاس گالی پہنچائی۔
- سبّنا واصدق
مجھے گالی دو اگر سچ کہو۔ سچ بولنے پر رغبت کے لئے بولا جاتا ہے۔
- ماله سبد ولا لبد:
نہ اس کے بال ہیں نہ اون۔
- سبق سیله مطره:
اس کا سیلاب اس کی بارش سے بھی پہلے آگیا۔
- سبق السیف العذل
تلوار ملامت سے سبقت لے گئی۔
- سبق درّته غراره
اس کے زیادہ دودھ کم دودھ سے سابق ہو گیا۔
- من سابق الدهر عثر
جو زمانہ سے آگے بڑھے گا وہ پھل جائے گا۔
- ما استتر من قاد الجمل
جو اونٹ کو کھینچ کر لے جائے گا وہ چھپا نہیں رہے گا۔
- سحابة صف عن قلیل تقشع:
گرمی کی بدلی جلد ہی چھٹ جاتی ہے۔ کم ٹھہرنے والے کے لئے مثال ہے۔
- لمّا اشتد ساعده رماني:
جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے مجھے تیر مارا۔
احسان کے بدلے زیادتی کرنے والے کے لئے مثال ہے۔
- السرّ امانة:
راز ایک امانت ہے۔
سرّك من دمك
تیرا راز تیرے خون سے ہے۔
- ماله سارحة ولا رائحة
اس کے پاس نہ چرنے والے جانور ہیں نہ چر کر واپس آنے والے۔
- اسرع من البرق.
بجلی سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من البین:
جدائی سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من الطرف.
نگاہ سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من اللمع:
نظر سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من لمع البصر
آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من رجع الصدی
آواز سے باز گشت سے زیادہ تیز رفتار۔
- اسرع من الید الی الفم
منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار۔
- یسرق الکحل من العین
آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے۔
- اسرای من الخیال
خیال سے زیادہ چلنے والا۔
- السعید من کفی
نیک بخت وہ ہے جس کو استغفار حاصل ہو گیا ہو۔
- بالساعد یبطش الکف
کلائی کے ذریعہ ہاتھ مضبوط پکڑتا ہے۔
- ماله سعنة ولا معنة:
نہ اس کے پاس تھوڑا کھانا ہے نہ زیادہ۔
- من سعی رعی
جو دوڑا وہ چر گیا۔
- رُبّ ساع لقاعد
بعض آدمی بیٹھے ہوئے کے لئے دوڑتے ہیں۔
- یستف التراب ولا یخضع لاحد علی بابه
خاک پھونکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا۔
- سفیة لم یجد مسافها
سبک سر بیوقوف کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑتا۔
- حیثما سقط لقط:
جہاں کسی جا پڑا وہیں سے کچھ اٹھا لیا۔
- لکل ساقطة لاقطة
ہر گرنے والی چیز کو کوئی اٹھانے والی مل جاتی ہے۔
- یسقی من کل ید بکأس
ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے۔
- ساقیة لا تعکر بحرا
چھوٹی ہر سمندر کو گدلا نہیں کرتی۔
- سکت الفا ونطق خلفا
ہزار لحظہ خاموش رہا بولا تو غلط بولا۔
- السکوت اخو الرضا
خاموشی رضامندی کی طرح ہے۔
- رُبّ سکوت ابلغ من کلام:

بہت سی خاموشیاں کلام سے بلیغ ہوتی ہیں۔
- رُبما کان السکوت جوابا:

بسا اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔
- سلع الحباری سلاحہ:

سرخاب کا بیٹ کرنا ہی اس کا ہتھیار ہے۔
- سلاح الضعفاء الشکایۃ:

کمزور دل کا ہتھیار شکایت ہی ہے۔
- اسلح من الحباری:

سرخاب سے زیادہ بیٹ کرنے والا۔
- السلطان ظلّ اللہ فی ارضہ:

بادشاہ خدا کی سرزمین پر خدا کا سایہ ہے۔
- لاسلطان بلا رجال:

بغیر آدمیوں کے کوئی بادشاہ نہیں بنتا۔
- لیس لسلطان العلم زوال:

سلطان علم کو زوال نہیں۔
- من سلک الجد دامن العثار:

جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھسلنے سے محفوظ رہے گا۔
- ان سلمت من الاسد فلا تطمع فی صیدہ:

اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کے شکار کا لالچ نہ کر۔
- من سلمت سریرتہ سلمت علانیتہ:

جس کی باطنی خصلت درست ہوگی اس کا ظاہر بھی سالم ہوگا۔
- ان تسلم الجلۃ فالنیب ھدر:

اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹنیاں رائیگاں ہیں۔
- السلامۃ غنیمۃ:

سلامتی ایک غنیمت ہے۔
- ان السلامۃ منھا ترک ما فیھا:

اس کی سلامتی یہ ہے کہ اس میں جو کچھ ہے اس کو چھوڑ دیا جائے۔
- اسمح من لاقطۃ:

پرندے سے زیادہ سخی جو اپنے پیٹ کا کھانا اپنے بچوں کا چگا دیتا ہے۔
- لقد اسمعت لو نادیت حیا:

اگر تو کسی زندہ کو پکارتا تو اس کو سنا دیتا۔
- اسمع جعجعۃ و لاارٰی طحنا:

چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا دکھائی نہیں دیتا۔
- ان تسمع بالمعیدی خیر من ان تراہ:

تیرا معیدی کو سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے۔ المعیدی ایک بدشکل پہلوان تھا اس کو دیکھنا۔ اچھا نہ لگتا تھا۔
- اذا لم تسمع فالمع:

جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دینا۔
- اسمع ولا تصدق:

سن لے خواہ تصدیق نہ کر۔
- سامعا دعوت:

تو نے سننے والے کو پکارا ہے۔
- بین سمع الارض و بصرھا:

زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان۔
- اسمع من قراد:

چچڑی سے زیادہ سننے والا۔
- قد استسمنت ذاورم:

تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا۔
- سمنکم ھریق فی ادیمکم:

تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے۔
- اسمن من یغر:

یغر سے زیادہ فربہ۔
- من لی بالسانح بعد البارح:

کون میرے لیے مبارک ہوگا منحوس کے بعد۔
- کان سندانا فصار مطرقۃ:

وہ اہرن تھا پھر ہتھوڑا بن گیا۔
- اذا کنت سندانا فاصبر و اذا کنت مطرقۃ فاوجع۔

اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔
- اسھر من النجم:

ستارے سے زیادہ جاگنے والا۔
- اسھر من قطرب:

قطرب مکھی سے زیادہ جاگنے والا۔
- سھم لک و سھم علیک:

ایک حصہ تیرے موافق دوسرا تیرے مخالف۔
- اساء سمعا فاساء اجابۃ:

اس نے غلط سنا اور غلط جواب دیا۔
- اساء کارہ ما عمل:

مجبور شخص نے برا کام کیا۔
- اساء رعیا فسقی:

اس نے بری طرح چرایا پھر پانی بھی پلا دیا۔
- سوء الظن من شدۃ الضن:

بدگمانی انتہائی دوستی کی وجہ سے ہوتی ہے۔
- سید القوم اشقاھم:

قوم کا سردار سب سے بدبخت ہوتا ہے۔

• ما کلّ سوداء تمرة:
ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔

• لو ذات سوار لطمتنی:
کاش کہ کوئی کنگن والی عورت مجھے طمانچہ مارتی۔

• ماساواك بنفسه ماظلمك
جس نے تم کو اپنے نفس کے برابر رکھا اس نے تجھ پر ظلم نہیں کیا۔

• ساواك عبد غیرك.
تیرے غیر کا غلام تیرے برابر ہے۔

• ان استوی فسکین و ان اعوج فمنجل:
وہ اگر سیدھا ہو تو چھری ہے اور ٹیڑھا ہو تو درانتی ہے۔

• ستر و قمرلك چلا جا چاند تیرے واسطے ہے۔

سیرۃ المرء تنبئی عن سریرته:
آدمی کی عادت اس کی باطنی شرافت کی خبر دیتی ہے۔

• سیرین فی خرزۃ:
دو تسمے ایک سوراخ ہیں۔

• سال بهم السیل و جاش بناء البحر:
ان کو سیلاب نے بہا دیا اور ہم پر سمندر چڑھ آیا۔

• سیل به وهو لایدری
اس کو بہا دیا گیا مگر اسے خبر بھی نہیں۔

ش

• اشأم من براقش:
براقش سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من البسوس:
بسوس سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من حفار:
قبر کھودنے والے سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من داحس:
داحس سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من رعیف الحولاء
حولاء کی روئی سے زیادہ منحوس۔

• اشأم طویس:
طویس سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من عطر منشم:
منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔

• اشأم من غراب البین:
جدائی کے کوے سے زیادہ منحوس۔

• من شبّ علی خلق شاب علیه:
جس کی فطرت پر کوئی جوان ہوا اسی پر بوڑھا ہو گا۔

• الشباب مطیة الجهل:
جوانی جاھلت کی سواری ہے۔

• الشبعان یفت للجائع فتا بطیئا:
پیٹ بھرا بھوکے کے لئے آہستہ روٹی توڑتا ہے۔

• ان هذا الشبل من ذالك الاسد:
یہ بچہ بھی اسی شیر کا ہے۔

• من اشبه اباہ فما ظلم:
جو اپنے باپ کی مشابہ ہوا اس نے زیادتی نہیں کی۔

• اشبه من الماء باالماء:
پر اس سے زیادہ مشابہ جیسے پانی سے پانی۔

• انه لا شبه به من التمرة بالتمرة:
وہ یقیناً اس سے زیادہ مشابہ ہے جیسے ایک کھجور دوسری سے۔

• ما اشبها حجل الجبال بالوان صخرها:
پہاڑوں کی چوکور اس کی چٹانوں کے رنگ سے کتنی مشابہ ہوتی ہے۔

• ما اشبه اللیلة بالبارحة:
آج کی رات کل کی گذشتہ رات سے کس طرح مشابہ ہے۔

• الشبهة اخت الحرام:
شبہ حرام کی بہن ہے۔

• یشبع مرۃ و یأسو اخری:
کبھی زخمی کرتا ہے کبھی غم خواری کرتا ہے۔

• اشجع من لیث:
شیر سے زیادہ بہادر۔

• اشجع من اسامه:
شیر سے زیادہ بہادر۔

• الشجاع موتی:
بہادر سے کتراتے ہیں۔

• ان لم یکن شحم فنفش:
اگر چربی نہ ہو تو اون ہی سہی۔

• شخب فی الانا و شخبا فی الارض:
دودھ ایک دھار برتن اور ایک زمین پر۔

• ولما اشتد ساعدہ رمانی
جب اس کی کلائی مضبوط ہو گئی تو اس نے میرے ہی تیر مارا۔

• اشد حزنا من الخنساء علی صخر
صخر پر غم کرنے والی سے خنساء سے بھی زیادہ غمگین۔

• للشدائد تذخر الرجال

سختیوں کے لئے آدمیوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے۔

- عند الشدائد تذهب الاحقاد:

مصیبت کے وقت دشمنان زائل ہو جاتی ہیں۔

- عند الشدائد تعرف الاخوان:

سختیوں کے وقت بھائی پہچانے جاتے ہیں۔

- شر ایام الدیك یوم تغسل رجلاه:

مرغ کے لئے بدترین دن وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

- شر الرای الدبری:

بدترین سختی وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

- شر الشدائد ما یضحك:

بدترین سختی وہ ہے جو ہنسانے والی ہو۔

- شر من الشر فاعلة:

سو برائیوں کی ایک برائی۔ برائی کرنے والا۔

- شر من الموت ما یتمنی معه الموت:

موت سے بری وہ مصیبت ہے جس کے ہوتے ہی موت کی تمنا کی جائے۔

- شر الناس من اتقیه الناس:

بدترین آدمی وہ ہے جس سے لوگ پرہیز کریں۔

- شر الناس من داراه الناس بشرة:

بدترین آدمی وہ ہے جس کی ڈر کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کرتے ہو۔

- شر الناس من لا یبالی ان یراہ الناس مسیئا:

بدترین آدمی وہ ہے جو اس کے پروانہ کرے کہ لوگ اس کو بدی کرتے دیکھیں گے۔

- الشر اخبث ما اوعیت من زاد:

برائی وہ سب سے زیادہ برا توشہ ہے جس کا تم نے ذخیرہ کیا۔

- الشر قلیلہ کثیر:

برائی تھوڑی بھی زیادہ ہے۔

- ان فی الشر خیارا:

شر میں کچھ خیر بھی ہوتی ہے۔

- لکل شر باعث:

ہر شر کا کوئی اٹھانے والا ہے۔

- لا تشرب السم اتکالاً علی التریاق:

تریاق پر بھروسہ کرکے ظاہر نہ پیو۔

- اشرب من الهیم:

پیاسے اونٹ سے بھی زیادہ پینے والا۔

- اشرب من الرمل:

ریت سے زیادہ پینے والا۔

- اشرب من القمع:

قیف سے زیادہ سے پینے والا۔

- الشرط املك علیك ام لك:

شرط زیادہ لازم ہے خواہ تیرے مخالف ہو یا موافق۔

- شرعك ما بلغك المحل:

تیری زاد راہ ہے جو تجھے مقام تک پہنچا دے۔

- ان الشراك قد من ادیمه:

تسمہ اپنی کھال سے ہی کاٹا گیا۔

- من اشتری الحمد لم یغبن:

جس نے تعریف خریدی اس نے خسارہ لے گیا۔

- من یشتری سیفی و هذا اثره:

میری تلوار کون خریدتا ہے اور یہ اس کا اثر ہے۔

- الامن یشتری سهرا بنوم:

کیسا کوئی خریدار ہے جو نیند کے بدلے بیداری کو خریدے۔

- اشتر بنفسك وللسوق:

اپنے اور بازار کے لئے خریدو۔

- الشعیر یوکل ویذم:

جو کھایا جاتا ہے پھر اس کی مذمت بھی کی جاتی ہے۔

- شعاع الشمس لایخفی و نور الحق لایطفی:

آفتاب کی شعاعیں کو چھپایا نہیں جا سکتا اور حق کے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا۔

- ان یکن الشغل جهدة فان الفراغ مفسدة:

شغل اگر مشقت میں ڈالتا ہے تو بیکاری باعث فساد ہے۔

- ان الشفیق بسوء الظن مولع

یقیناً مہربان برے گمانوں کا حریص ہوتا ہے۔

- شفیت نفسی و جدعت نفی

میں نے اپنے نفس کو شفا دی مگر اپنی ناک کاٹ دی۔

- شقا فلان عصا قومه:

فلاں نے اپنی قوم کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا۔

- مایشق غبارة

اس کا غبار چیرا نہیں جا سکتا۔

- شقشقة هدرت ثم قررت:

اونٹ کے منہ کا لر تھڑا ہے کہ پہلے آواز نکالی پھر ساکن ہو گیا۔

- ان الشقی تری له اعلاما:

بدبخت کی تمام علامتیں دیکھ لو گے۔

- ان الشقی وفد الراجم:

بدبخت پر جم کا آنے والا بیشک بدبخت ہے۔

- لا یشکر الله من لا یشکر الناس:

وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر گزار نہیں جو لوگوں کا شکر گزار نہیں۔

- اشکر من برقه:

برقہ سے زیادہ شکر گزار۔

- تشکر الیٰ غیر مصمت:

اس سے شکایت کر رہا ہے جو خاموش نہیں رہتا۔یا خاموش نہیں کرتا۔

- الشماتة لوم:

دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونا کمینہ پن ہے۔

- لکلّ شمس مغرب

ہر سورج کو ڈوبنا ہے۔

- مالی بشمس لاتدبنی:

میرے سورج کو کیا ہوا کہ مجھے گرم نہیں کرتا۔

- هو عندی باالشمال

وہ میرے بائیں ہے۔

- رب شانئة احفی من ام:

بہت سی دشمن عورتیں ماں سے زیادہ مہربان ہوتی ہیں۔

- شنشنة اعرفها من اخزم:

وہ خصلت ہے جو مجھے اخزم سے معلوم ہے۔

- شاهدُ لثعلب ذنبهٔ

لومڑی کا گواہ اس کی دم ہے۔

- شاهدُ البُغض النَظر

بغض گواہ غضب ناک نظر ہے۔

- شهادات الفعال خیرٌ مِن شهادات الرَجال

کاموں کی شہادت لوگوں کی شہادت سے بہتر ہے۔

- اشهر من الشمس

سورج سے زیادہ مشہور۔

- اشهر من قمر

چاند سے زیادہ مشہور۔

- اشهرُ من البدر

کامل چاند سے زیادہ مشہور۔

- اشهرُ من الصُبح

صبح سے زیادہ مشہور۔

- اشهر من فلقِ الصُبح

ظہور صبح سے زیادہ مشہور۔

- اشهَر مِن علَم:

پہاڑ یا جھنڈے سے زیادہ مشہور۔

- اشهَر من نارِ علی علم:

پہاڑ پر آگ سے زیادہ مشہور۔

- اَشهرُ من الابلق:

ابلق سے زیادہ مشہور۔

- اتشتهی و تشتکی:

کیا تو چاہتا ہے اور شکایت بھی کرتا ہے۔

- من شهوةِ التمر بمصَ النوی:

کھجور کی خواہش کے سبب گٹھلی کو چوستا ہے۔

- شب شوبا لك بعضهٔ:

وہ بناؤ جس کا کچھ حصہ تمہارے لئے ہو۔

- شاب یشوب شوبا

بمعنی مرکب کرنا، ملانا۔

- اِن شاورتِ العاقل حارَ عقلهٔ لك

جب تو نے عقلمند سے مشورہ کیا تو اس کی عقل تمہاری ہوگی۔

- تشوفُ النحاس یُظهِر النحاس

تانبے کو صاف کرنا تانبے کو اچھی طرح ظاہر کر دیتا ہے۔

- من الشَوكة تخرجُ الوردةُ:

کانٹے ہی سے گلاب کا پھول نکلتا ہے۔

- الشاة مذبوحة لایولمها السَلخ:

ذبح شدہ بکری کی کھال اتارنے سے اس کو تکلیف نہیں ہوتی۔

- کلّ شاةٍ تناط برجلیها:

ہر بکری کو اس کے پاؤں کے بل لٹکایا جاتا ہے۔

- لایکون ذالك حتی یشیب الغراب

ہر نہیں ہو سکتا جب تک مستفید نہ ہو جائے۔

- کلّ شیء و ثمنه:

ہر چیز کی ایک قیمت ہے۔

- بات یشتوی القراح:

خالص پانی کو ہی بھونتا رہا۔

- شیبك ناعیك

تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کا مخبر ہے۔

ص

- حبابتی تروی و لیست غیلا

میرا تلچھٹ سیراب کر دیتا ہے اتنا نہیں کہ زمین پر بہے۔

- عند الصباح یحمد القوم السری

صبح کے وقت قوم میں رات میں چلنے کی تعریف کرے گی۔

- من صبر ظفر:

جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہوا۔

- الصَبر حیلة من لاحیلة لهٔ:

صبر اس کا حیلہ ہے جس کا کوئی حیلہ نہیں۔
• الصَّبر مفتاح الفَرج:

صبر کشادگی کی کنجی ہے۔
• اصبر من الوتد:

میخ سے زیادہ صابر۔
• اصبر من الارض:

زمین سے زیادہ صابر۔
• الصّبي اعلم بمضغ فِيه:

بچہ اپنے منہ چبانے کو خوب جانتا ہے۔
• و ربما صحت الاجسام باالعِلل:

کبھی جسم بیماریاں کے سبب سے تندرست بھی ہو جاتے ہیں۔
• صاحب الحاجة اعمٰی:

ضرورت مند ہمیشہ اندھا ہوتا۔
• و صاحبُ البيت ادری باالذی فِيه:

مکان والا زیادہ بہتر جانتا ہے جو کچھ مکان میں ہے۔
• صحيفةُ المُتلَمِّس:

متلمس کا خط: خود فریبی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہونے والا۔
• تَصْدا القلوب كما يُصْدا الحَدِيد:

دل بھی اسی طرح زنگ آلودہ ہوتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہوتا ہے۔
• صدرُك اوسعُ لِسِّرك:

تیرا ہی سینہ تیرے راز کے لئے زیادہ ہے۔
• صدورُ الاحرار قبور الاسرار:

شریفوں کے سینے رازیوں کی قبر ہوتے ہیں۔
• صادف درءُ السَّيل دراً يصْدعُهٗ:

سیلاب کی ٹکر ایسی ٹکر ہوتی ہے جو سیلاب کی ٹکر کو توڑ دے گی۔
• من صدَق اللّٰهَ نجا:

جو اللہ کے ساتھ سچا رہا اس نے نجات پائی۔
• الصّدق ينبیءُ عنك لا الوعيد:

عمل کی سچائی تمہاری خبر دے گی نہ دھمکی۔
• اصدق من لَفظ لَحظِ:

بات سے زیادہ سچی نگاہ ہے۔
• اصدق من القطا:

قطا سے زیادہ سچا۔
• صرّح المحض عن الزُّبد:

خالص چیز جھاگ سے الگ ہو گئی۔
• عند التّصريح تريح:

بات کہنے کے وقت تو راحت پائے گا۔
• الصّريحُ تحت الرّغوه

صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے۔
• من صَازع الحق صَرعه:

جو حق سے کشتی کرے گا حق اس کو پچھاڑ دے گا۔
• لِكُل صارم بُنوة لكل جوار كبوة لكل عالم هفوة:

ہر تلوار کبھی اچٹ جاتی ہے ہر گھوڑا کبھی ٹھوکر کھاتا ہے اور ہر عالم سے کبھی لغزش ہوتی ہے۔
• اصعب من ردّ الشّخب فی الفرع:

دودھ کی دھار کو تھن میں لوٹا دینے سے زیادہ مشکل۔
• كصفيحة المسن تشحذو لا تقطعُ:

سان کے پتھر کی طرح دھار کو تیز کرتا ہے اور خود نہیں کاٹتا۔
• صفقة لم يشهدها حاطبٌ:

ایسا سودا جس میں حاطب موجود نہیں تھا۔
• اصفی مِنَ الدَّمعة:

آنسو سے زیادہ صاف۔
• اصفی من عين الدّيك:

مرغ کی آنکھ سے زیادہ صاف۔
• اصفی من جنی النَّحل

شہد سے زیادہ خالص۔
• اصلح غيثٌ ما افسد البرد.

بارش نے درست کر دیا جس کو سردی خراب کر دی۔
• وهل يُصلح العطّار ما افسد الدّهر:

کیا عطار اس کی اصلاح کرے گا جس کو زمانے نے فاسد کر دیا۔
• لا يُصلح رفيقا من لم يبتلع ريقا:

وہ شخص رفیق بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا جو غصے کا تھوک نہ نگلے۔
• ما لا يصلُح نزكهٗ اخلع

جو درست نہ ہو سکے اس کو چھوڑ دے۔
• اصلِح نفسك يصلُح لك النّاس:

اپنے آپ کو درست کرے تمہارے لیے لوگ درست ہو جائیں۔
• رُبَّ صلَفٍ تحت الرّعدة:

گرجنے والے ابر کے نیچے بسا اوقات خالی بادل بھی ہوتے ہیں۔
• اصمّ عما ساء د سميعٌ:

سنتا ہے مگر ان باتوں سے بہرہ ہے جو اس کو بری معلوم ہوتی۔
• صمصامه عمرو بن معديكرب:

عمرو بن معدیکرب کی تلوار۔
• اصنعه صنعة من طبّ لمن حبّ:

اس کو ایسے بنا جیسے ایک تجربہ کار آدمی اپنے محبوب کے لئے بناتا ہے۔

- اصنع من النحل:

شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر۔

- اصنع من ذو دالقز:

ریشم کے کیڑے سے زیادہ کاریگر۔

- اصاب تمرة الغراب:

کوے کو بہترین چیز مل گئی۔

- مصائب قوم عند قوم فوائد:

ایک قوم کے مصائب دوسری کے لئے فوائد ہوتے ہیں۔

- لیس بصیاح الغرب یحی المطر:

کوے کے پکارے بارش نہیں آ سکتی۔

- هذا یصید و هذا یاکل السمك:

یہ شکار کرتا ہے اور مچھلی کھاتا ہے۔

- صیدك لا تحرمه:

اپنا شکار کرے اس سے محروم نہ رہ۔

- یا صیدك ان لم تحرمه:

وہ تیرا شکار ہے اگر تو اس کو محروم نہ کرے۔

- كل الصید فی جوف الفرا:

تمام شکار گور خر کے پیٹ میں ہیں۔

- فی الصیف ضیّت اللّبن:

تو نے دودھ کو گرمیوں ہی میں ضائع کر دیا۔

ض

- الضجر تحلب العلبة:

تنگ آتی ہوئی اونٹنی دودھ کا برتن بھر رہتی ہے۔

- اضطره السیل الی العطش

سیلاب نے اس کو پیاس سے مجبور کر دیا۔

- لا یضرب السحاب نبع الکلاب:

کتوں کا بھونکنا بادل کو ضرر نہیں۔

- الضرورات تبیع المخطورات:

ضرورتیں ممنوع چیزوں کو ضائع کر دیتی ہیں۔

- ضرب اخماسًا لِ سداس:

اس نے پانچویں دن کی باری والے اونٹ کو چھٹے دن والے کی باری بنا دیا۔

- اذا ضربت فاوجع و اذا زجرت فاسمع:

وار کرے تو بھرپور اور جھڑکے تو اچھی طرح سنا دے۔

- انك تضرب فی جدید بارد

تو ٹھنڈا لوہا پیٹ رہا ہے۔

- ایاك ان یضرب لسانك عنقك:

اس بات سے بچو کو تمہاری زبان تمہاری گردن مارے۔

- ضرب [illegible] او جع:

دوست کی مار کا زیادہ دکھ ہوتا ہے۔

- انها لضغث علی ابالة:

وہ گٹھڑی پر ایک اور گٹھڑی ہے۔

- قدضل من كانت العمیان تهدیته:

وہ کھویا گیا جس کی رہنمائی اندھے کرتے ہیں۔

- اضل من ضب:

گوہ سے زیادہ گمراہ۔

- انما یضن بالضنین:

بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

- اضئ لی اقدح لك:

تو میرے لیے روشن کر میں تیرے لیے جفاک سے آگ نکالوں گا۔

- لایضیع حق وراءہ طالب:

وہ حق ضائع نہیں ہوتا جس کے پیچھے طلبگار ہو۔

- لم یضع من مالك ما وعظك:

تیرے مال میں وہ حصہ ضائع نہیں جس نے تیری خیر خواہی کی۔

- اضیع من سراج فی شمس:

دھوپ میں چراغ سے زیادہ ضائع۔

- اضیع من غمد بلانصل:

بغیر تلوار سے میان سے زیادہ بیکار۔

- اضیع من قمر الشتاء:

جاڑوں کی چاندنی سے زیادہ بیکار۔

- اذا ضافك مكروهٌ فاقره صبرًا:

جب مصیبت مہمان ہو تو صبر سے اس کی ضیافت کرو۔

- اضیق من ظل الرمح:

نیزے کے سائے سے زیادہ تنگ۔

ط

- تطأطاء لها تخننك:

مصیبت کے سامنے سر جھکا لو تاکہ تم نشانہ خطا کر کے گذر جائے۔

- طبیب یداوی النّاس و هو مریض:

وہ طبیب ہے جو لوگوں کا علاج کرتا ہے اور خود مریض ہے۔

- یا طبیب طبّ نفسك:

طبیب اپنا علاج کروائیں۔

- الطّبع اغلب:

طبیعت زیادہ غالب ہوتی ہے۔

• طَرْفُ الفتیٰ یُخْبِرُ عن جَنَانِه اَوْ عن خَمِیْرِہٖ:
جوان کی نگاہ اس کے دل کی خبر دیتی ہے یا اس کے ضمیر کی۔

• رُبَّ طَرْفٍ اَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ:
بہت سی نگاہیں زبان سے فصیح ہوتی ہیں۔

• اَلطَّرِیفُ خَفِیْفٌ وَالتَّلِیدُ بَلِیدٌ:
نئی چیز سبک اور لطیف ہوتی اور پرانی چیز ٹھس۔

• اَطْرِقْ کَرَا اِنَّ النَّعَامَةَ فِی القُرَیٰ:
(نظر جھکائے) گاؤں میں شتر مرغ موجود ہے۔ یعنی ذلیل بڑوں کے سامنے بڑی باتیں کرتا ہے۔

• لاَ تُطْعِمِ العَبد الکُرَاعَ فَیَطْمَعَ بالذراع:
غلام کو پاکھر مت کھلاؤ ورنہ وہ دست کی طمع کرے گا۔

• اَطْغٰی مِنَ السَّیل:
سیلاب سے زیادہ سرکش۔

• من طَالَبَ العُلیٰ من غیر کَدٍّ سَیُدْرِکُها اِذا شَابَ الغُرَابُ:
جو بغیر مشقت اعلیٰ درجات حاصل کرتا ہے وہ اس وقت حاصل کرتا ہے جب کوا سفید ہو جائے۔

• مَنْ طَلَبَ اَخًا بلاَ عَیْب بَقِیَ بِلاَ اَخٍ:
جو بے عیب بھائی تلاش کرے گا وہ بغیر بھائی کے ہی رہے گا۔

• مَنْ طَلَبَ عَظِیما خاطَر بعَظِیم:
جو کوئی بڑی مہم تلاش کرے گا وہ بڑے خطرہ کا سامنا کرے گا۔

• مَنْ طَلَبَ شَیْئًا نَالَ کُلَّهٗ اَوْ بَعْضَهٗ:
جو کسی چیز کو طلب کرے گا وہ اس کے کل یا جز کو حاصل کرے گا۔

• تَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ:
تو اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے۔

• لاَ اَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ:
میں اصل کے بعد اثر طلب نہیں کرتا۔

• کُلُّهُم طَالِبُ صَیْدٍ:
سب ایک ہی شکار کے طالب ہیں۔

• رُبَّ طَلَبٍ جَرَّ اِلٰی حَرْبٍ:
بہت سی طلب لڑائی تک پہنچا دیتی ہے۔

• اِذَا طَلَعَ سُهَیلٌ رُفِعَ کَیْلٌ وَوُضِعَ کَیْلٌ:
جب سہیل طلوع ہو گا تو ایک پیمانہ اٹھ جائے گا دوسرا رکھا جائے گا۔

• اِذَا طَلَعَ القَمَرُ طَابَ السَّهَرُ:
جب چاند نکلے گا تو بیداری خوش حالی ہو جائے گی۔

• اَطْمَعُ مِنَ اَشْعَبَ:
أشعب سے زیادہ حریص۔

• اَطْمَعُ مِنْ طُفَیلٍ:
طفیل سے زیادہ حریص بغیر دعوت کے طفیل نامی کوفہ کا باشندہ دعوتوں میں چلا جاتا تھا۔

• مَنْ اَطَاعَ هَوَاهُ بَاعَ دِیْنَهٗ بِدُنْیَاهُ:
جس نے اپنی خواہش کی اطاعت کی اس نے اپنے دین کو دنیا کے بدلے فروخت کیا۔

• مَنْ اَطَاعَ غَضَبَه اَضَاعَ اَدَبَهٗ:
جس نے اپنے غصے کی اطاعت کی اس نے اپنا ادب ضائع کر دیا۔

• بَیْنَ المُطِیعِ وَبَیْنَ المُدبرِ العَاصِی:
فرمان بردار اور اوندھے نافرمان کے درمیان کر دیا۔

• من یَطُلْ ذَیْلُهٗ یَتَنَطَّق به:
جس کا دامن دراز ہوتا ہے وہ اس کا پٹکا باندھتا ہے۔

• اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ:
نیزہ کے سایہ سے زیادہ لمبا۔

• اَطْوَلُ مِنْ شَهْرِ الصَّوم:
روزہ کے مہینے سے زیادہ لمبا۔

• اَطْوَلُ صُحبَةً مِنَ الفَرقَدَیْنِ:
فرقدین سے بھی زیادہ طویل صحبت۔

• مَا عِنْدَهٗ طَائِل وَ لاَ نَائِل:
نا اس کے پاس علم فضل ہے نہ عطیہ۔

• طَوَیْتُهٗ عَلیٰ بِلاَلَتِهٖ اَوْ عَلیٰ بَلاَلِهٖ:
میں نے اس کو اس کی نمی پر ہی لپیٹ دیا۔

• لِکُلِّ طَیٍّ نَشْرٌ:
ہر لپیٹ کھلتا ہے۔

• اَطْیَبُ مِنْ نَفَسِ الرَّبِیع:
موسم بہار کی ہوا سے زیادہ خوشگوار۔

• اَطْیَبُ مِنَ الحَیَاةِ
زندگی سے زیادہ خوشگوار۔

• طَارَت بِهِم العَنقَاءُ
ان کو عنقا اڑائے گا۔

• اَلطَّیرُ بالطَّیرِ یُصَادُ:
ایک پرندہ دوسرے پرندے کے ذریعے شکار کیا جاتا ہے۔

• اِنَّ الطُّیُورَ عَلیٰ اَشْکَالِهَا تقع:
پرندے اپنے ہم شکلوں پر پڑتے ہیں۔

• اَطْیَشُ مِنْ فَرَاشَةٍ:
پروانہ سے زیادہ طیش میں آنے والا۔

• يُطَيِّنُ عَيْنَ الشَّمْسِ:
چشمہ آفتاب پر مٹی ڈالتا ہے۔

ظ

• ظِئْرٌ رَؤُوْم خَيرٌ مِنْ أُمٍّ مَسْئُوْمٍ:
مہربان دایہ طول ماں سے بہتر ہے۔

• مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ الْمُهْدِیٰ بالظَّرْفِ:
تحفہ دینے والے کی طرف سے برتن کی بھی سخاوت دانائی کی بات ہے۔

• اَلظَّفَرُ بالضَّعِيفِ هَزِيمَةٌ:
کمزور پر فتح پانا شکست ہے۔

• ظِلُّ السُّلْطَان سَرِيْعُ الزَّوال:
بادشاہ کا سایہ صریح الزوال ہوتا ہے۔

• ظِلَالُ صَيْفٍ مَالها قَطَارٌ:
گرمی کے بادل میں قطار پیش۔

• ظُلْم مَرْءٍ يَصْرَعَهُ:
آدمی کا ظلم ہی اس کو پچھاڑ دیتا ہے۔

• اَلظُّلْم مَرْتَعه وَ خِيمٌ:
ظلم کی چراگاہ ناقص ہے۔

• اَظْلَمُ مِنْ حَيَّةٍ:
سانپ سے زیادہ ظالم۔

• اَظْلَمُ مِنْ اَفْعيٰ:
سیاہ سانپ سے زیادہ ظالم۔

• اَظْلَم من لَيْلٍ:
رات سے زیادہ سیاہ۔

• اَظْماءُ مِنْ رَمْلٍ:
ریت سے زیادہ پیاسا۔

• يُصبحُ ظَمْآنَ وَ فِي الْبَحرِ فَمُهُ:
صبح ہوتی ہے تو پیاسا ہوتا حالانکہ منہ سمندر میں ہے۔

• ظَنُّ العَاقِلِ خَيْرٌ مِنْ يقِيْنِ الْجاهِلِ:
عقل کا گمان جاہل کی یقین سے بہتر ہے۔

• مَا ظَنَّك بجَارِك قَالَ ظَنِّي بنفسي:
تیرا گمان اپنے پڑوسی کے متعلق کیا ہے کہا وہ گمان جو اپنی ذات کے متعلق ہے۔

• اَكْثَرُ الظُّنُون مُيُوْن
اکثر گمان فریب ہوتے ہیں۔

• عَنْ ظَهْرٍ هَاتَحِلَ وَ قَرا:
اپنی ہی کمر کا بوجھ کھوج رہی ہے۔

• ظَاهِرُ العِتَاب خَيْرٌ مِنْ بَاطِنِ الْحقدِ:
ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے۔

• وَ يبقَى الْوُدُّ مَا بَقِيَ العِتَابُ:
محبت اس وقت تک باقی رہے کی جب تک عتاب باقی ہے۔

ع

• عَبْدٌ و حِلْيٌ فِيْ يَدِيه:
غلام اور اس کے ہاتھوں میں زیور۔

• عَبْدٌ و سُوَّمَ:
غلام اور بے مہد۔

• عَبْدُ غَيرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ:
غیر کا غلام تمہاری آزاد ہے۔

• اَلعَبْد يُقْرَعُ بالعَصَا وَالْحُرُّ تَكْفِيْهِ الإشَارَةُ:
غلام کو ڈنڈے سے کھٹکایا جاتا ہے آزاد کو اشارہ کر دیا جاتا ہے۔

• اَلْعَبْدُ مَنْ لاَعَبْدَلَهُ:
غلام وہ بھی ہے جس کا کوئی غلام نہ ہو۔

• فِي الْاِعْتِبَار غِنيً عَنِ الاِخْتِيَار:
عبرت حاصل کرنے میں امتحان سے بے نیازی ہے۔

• اَلتَّعبيرُ نِصْفُ التِّجَارَةِ:
پرکھنا آدھی تجارت ہے۔

• مَنْ عَتَبَ عَلَي الدَّهرِ طَالَتْ مَعْتَبَتُهُ:
جس نے زمانہ پر عتاب کیا اس کا عتاب طویل ہو گیا۔

• اَلْعِتَاب خَيرٌ مِنْ مَكْتومِ الْحِقْدِ:
عتاب چھپے ہوئے کینہ سے بہتر ہے۔

• اَلْعِتَابُ قَبْلَ العِقَاب:
سنہرا سے پہلے عتاب کرو۔

• لاَ عِتَاب بَعْدَ الْمَوْتِ:
موت کے بعد کوئی عتاب نہیں۔

• مُعَاتَبةُ الإِخْوانِ خَيرٌ مِنْ فَقْدهِم:
بھائیوں کی ناراضگی ان کے نما ہونے سے بہتر ہے۔

• وَ فِي الْعِتَابِ حَيَاةٌ بَيْنَ اَقْوامٍ:
عتاب میں قوموں کی زندگی ہے۔

• رُبَّ عِتْقٍ شَرٌّ مِنْ رِقٍّ:
بعض آزادی غلامی سے بدتر ہے۔

• عَثْرَةُ الْقَدمِ اَسْلَمُ مِنْ عَثْرةِ اللِّسَان:
قدم کی لغزش زبان کی لغزش سے زیادہ محفوظ ہے۔

• مَا كُلَّ عَشْرةٍ تُقَال وَلاَ كُلُّ فُرْصةٍ تُنَالُ:

ہر لغزش واپس نہ لی جائے اور نہ موقع پھر ہاتھ آتا ہے-

• لا یُعجز القَوْم اِذا تَعاوَنُوا:

جب قوم میں باہم تعاون ہو تو وہ عاجز نہیں رہتی-

• العجز ریبة:

عاجزی شک کی بنا پر ہے-

• اَلعجلة فُرصَةِ العجزة:

جلدی عاجزوں کی فرصت ہے-

• لَیس مِنَ العَدل سرعة العزل:

جلدی ملامت کرنا انصاف کی بات نہیں-

• یُعَدُّل لِکلب اَلسُّوْء کَلْبٌ یُعادِلُه:

برے کتوں کی طرح اسی جیسا کتا تیار کرنا پڑا-

• اَعْدَلُ مِنَ اَلْمیزَانِ:

ترازو سے زیادہ منصف-

• لا تعْدمُ الحسنا ذامًّا:

کوئی حسینہ عیب سے خالی نہیں-

• لاَ یُعْدم الحُوارَ مِنْ اُمہٖ حَنَّهٗ:

کوئی اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کی شفقت نہیں کھوتا-

• اَلعَدِیْمُ مَنِ احْتاج اِلی لَئِیْمِ:

مفلس وہ ہے جو کمینے کا محتاج ہو جائے-

• من تعَدَّی الحقَّ صناق مَذْهَبُهٗ:

جس نے حق سے تجاوز کیا کہ اس کا راستہ تنگ ہو گیا-

• اَعْدَی مِنَ السُّلَیْكِ:

سلیک سے زیادہ دوڑنے والا-

• اَعَدُّ مِنَ الشَّنفری:

شنفری سے زیادہ دوڑنے والا-

• اَعْدَی مِنَ العَقْرَب:

بچھو سے زیادہ دشمن-

• اَعدیٰ مِنَ الجَرَب:

کھجلی سے زیادہ متعدی-

• اِیَّاكَ وَمَا یُعتذَرُ منه:

اس چیز سے بچو جس سے معذرت طلب کی جائے-

• والعُذْر عند کَرامِ النَّاسِ مَقْبُولٌ:

معذرت شریف لوگوں کے یہاں مقبول ہوتی-

• لَعَاَلهٗ عذرًا وَ اَنْتَّ تلُوْمُ:

شاید اس کا عذر ہو اور تو اس کو ملامت کر رہا ہو-

• تأفَّ و لا تعجل بلومك صَاحبًا:

اپنے دوست کو ملامت کرنے میں جلدی نہ کرو-

• اَعْذر مَنْ اَنْذَر:

اس نے عذر پیش کیا جس نے ڈرایا تھا-

• المعاذِر مکاذِبُ:

عذر اکثر جھوٹے ہوتے ہیں-

• رِجالة تعْتقِل الرِّمَاح:

پیدل ہے جو نیزوں کو گھوڑے پر نصب کیے ہوئے ہے-

• عَرِّضْ لِلْکریم وَلاَ تباحت:

شریف سے اشارہ کنایہ سے کہو صاف مت کہو-

• اِنَّ فِی المعَاریض لمندُوحةً عَنَ الکذب

کنایوں میں جھوٹ بولنے کی گنجائش ہے-

• عَرفتِ الخَیلُ فُرْسانِها:

گھوڑوں نے اپنے سواروں کو پہچان لیا-

• مَنْ عرف نفْسهٗ عرف ربَّهٗ:

جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اللہ کو پہچان لیا-

• مَنْ عُرِف بشیئی نُسب اِلَیْه:

جو شخص کسی چیز کے ذریعے پہچانا گیا اسی کی طرف منسوب ہو گیا-

• لاَیَعْرفُ الحییَّ من اللّی:

حق کو باطل سے ممتاز نہیں کر سکتا-

• لایعرف العود کالتاجم:

لکڑی کو چبانے والے کی طرح کوئی دوسرا معلوم نہیں کر سکتا یعنی ماہر انسان ہی چیز کو معلوم کر سکتا ہے-

• مَا یعرِفُ قَبِیْلا مِنْ دَبِیر:

آنے والے کو جانے والا ممتاز نہیں کر سکتا-

• لاَ یعْرِفُ الکُوع مِن الْبُوعِ:

وہ ہاتھ کی ہڈی کو پاؤں کی ہڈی سے ممتاز نہیں کر سکتا-

• لاَ یعْرِفُ الکَاع مِن الباع:

وہ کتے کی ہڈی اور پھیلے ہوئے ہاتھوں میں تمیز نہیں کر سکتا-

• لاَ یعرِفُ الهِرّ مِنَ البِرّ:

وہ بلی اور چوہے میں فرق نہیں کرتا-

• اَلاِعْتِراف یهْدِم الاِقْتِراف:

اعتراف کر لینا ارتکاب جرم کو ختم کرنا ہے-

• من عزّیزَ:

جو غالب آیا اس نے چھین لیا-

• ان عزَّ اَخُوكَ فهُنْ:

جب تیرا بھائی عزت پائے تو تو نرم ہو جا-

• عِزّالرجُل استغناؤهٗ عن النَّاس:

